مصباح اللغات

اردو

یعنی

مکمل عربی اردو ڈکشنری

پچاس ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کا جامع و مستند ذخیرہ

مرتبہ

ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی

استاذ ادب ندوۃ العلماء لکھنؤ و سابق استاذ دار العلوم دیوبند

مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی

مِصباح اللُّغات

یعنی

مکمل عربی، اُردو لغت

مُرَتبہ

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی

ناشِر

مکتبہ بُرہان اُردو بازار جامع مسجد دہلی

تہدیہ

مادرِ علمی دارالعلوم دیوبند کی خدمت
میں جس کے فیضِ صحبت سے میں اس
خدمتِ گرامی کے لائق ہوا۔

طبع ششم

ربیع الثانی ۱۳۷۸ھ — مطبوعہ الجمعیۃ پریس دہلی — اکتوبر ۱۹۵۸ء

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

امابعد، تقریباً دس سال ہوئے ہیں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ المنجد کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اردو میں ہو۔ ایک مدت سے ایسی کتاب کی ضرورت میں خود محسوس کرتا تھا لیکن اپنی کم مائگی اور بے بضاعتی کی وجہ سے اس اہم کام کی ہمت اپنے اندر نہیں پاتا تھا اور ہمیشہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کرتا رہا اسی اثنا میں ایک مکتبہ   نے تمنا ظاہر کی، پھر کیا تھا بزرگوں اور عزیزوں کو موقع مل گیا اور انہوں نے پھر اصرار شروع کیا اُن کے اصرار کے سامنے مجبور ہونا پڑا کسی ایک زبان کو دوسری زبان میں منتقل کرنا جتنا دشوار کام ہے اُس سے کچھ وہی حضرات واقف ہیں جن کو اس قسم کے کام سے سابقہ پڑا ہو۔ اس کو وہی شخص کرسکتا ہے جو دونوں زبانوں کا ماہر اور دونوں کے ادب پر پوری طرح حاوی ہو اور اپنی حالت یہ ہے کہ عربی زبان تو بہرحال مادری زبان نہیں ہے، جو مادری زبان ہے اسی سے پوری طرح واقفیت نہیں۔ بہرکیف اسی احساس کے ساتھ کام شروع کیا اور کام کرتے ہوئے تاج العروس، جمہرۃ اللغۃ، اقرب الموارد، قاموس کتاب الافعال لابن قوطیہ، تاج اللغات، مفردات امام راغب، مجمع البحار، نہایہ ابن اثیر، منتہی الارب، المنجد، صراح یہ سب کتابیں پیش نظر رہیں نیز لفظ کے معنی و مراد کی نہایت تحقیق کے ساتھ تعیین کی گئی پھر بھی ناظرین سے التماس ہے کہ اگر کہیں غلطی نظر آئے تو دامن عفو سے چھپائیں اور ہوسکے تو مجھے اطلاع کردیں تاکہ آئندہ اڈیشن میں تصحیح کردی جائے۔ چونکہ یہ کام مدرسہ مصباح العلوم میں شروع ہوا تھا اس لیے اس کتاب کا نام بعض بزرگوں نے مصباح اللغات تجویز کیا ہے۔

سالہاسال کی عرق ریزی کے بعد تالیف سے فارغ ہوا تو طباعت کا دشوار گزار مرحلہ درپیش تھا، وہ مکتبہ جس کے اظہار تمنا کی بنیاد پر میں نے کام شروع کیا تھا اب اس کے انتظام و انصرام سے انکار کرچکا تھا۔ اسی پریشانی میں تھا کہ عین وقت پر ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کے بانی جناب مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مدظلہ نے دستگیری فرمائی اور اسے مکتبہ برہان سے شائع کرنے کا وعدہ کرلیا، ایسے نازک اور انتہائی مشکل وقت میں جناب مفتی صاحب موصوف اس خدمت کا بار اپنے ذمے نہ لیتے تو ظاہری اسباب کے تحت میں اس کی تکمیل و اشاعت سے قاصر رہتا، اس لیے میں موصوف کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے، دہلی کے ۴۷ء کے ہنگاموں میں ندوۃ المصنفین اور مکتبہ برہان کا دفتر جو اُن دنوں قرول باغ میں تھا وحشت و بربریت کے نذر ہو گیا یہاں تک کہ اس عظیم الشان ادارے کی زندگی کا نقشہ ہی بدل گیا، تاہم مفتی صاحب مدظلہ اپنے وعدہ پر قائم رہے اور اتنے بڑے کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

نیز بڑی ناشکری ہوگی اگر صدیق مکرم جناب مولانا مولوی حکیم صدیق احمد صاحب امروہی وارد حال بریلی اور جناب مولانا عبدالقدیم صاحب صدر مدرس مدرسہ مصباح العلوم بریلی اور فاضل جلیل جناب مولانا مولوی جلیل احسن صاحب ندوی کے احسانات سے اپنے آپ کو سبکدوش سمجھوں کہ اول الذکر دو حضرات نے اپنی کتابوں سے موخرالذکر نے اپنے علمی فیوض سے فائدہ پہنچایا خدا تعالیٰ ان حضرات کو ہمیشہ اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

دار العلوم ندوۃ العلماء۔ بادشاہ باغ لکھنؤ
۱۰ شعبان المعظم ۶۹ھ مطابق ۲۸ مئی ۵۰ء

ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی عفرلہ

مصباح اللغات کے رموز و اشارات

فا سے مراد	اسم فاعل	مص سے مراد	مصدر	(س) سے مراد	باب سمع یسمع
مفعو ״ ״	اسم مفعول	(ض) ״ ״	باب ضرب یضرب	(ک) ״ ״	باب کرم یکرم
ج ״ ״	جمع	(ن) ״ ״	باب نصر ینصر	(ح) ״ ״	باب حسب یحسب
جج ״ ״	جمع الجمع	(ف) ״ ״	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف، بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی احکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے تاکہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لیے یہاں لکھ دیے جاتے ہیں۔

مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا۔ یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ ہونا۔

(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔

(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لیجانا۔

(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا

(۵) ابتدا: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔

(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔

(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔

(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتدا اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔

(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔

(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔

(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا

(۱۲) تحول۔ کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔

(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا

(۱۴) تخلیط: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔

(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لیے کرنا۔

(۱۶) تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔

(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔

(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔

(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔

(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) حینونت۔ کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔

(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔

(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔

(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا۔ چاہنا۔

(۲۶) قصر: اختصار کے لیے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔

(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضا کے کام کا

اثر پایا جانا۔

(۲۸) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا

(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اُس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔

(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا، جس سے ظاہر ہو کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کر لیا۔

(۳۱) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔

(۳۲) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔

(۳۳) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔

(۳۴) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا

بابِ اِفعال

(تعریف کے لیے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(۱) ابتدا: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (۵)

(۲) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ = عراق میں پہنچا (۱۰)

(۳) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (۲)

(۴) تعدیہ: جیسے اَخْرَجَ = نکالا۔ (۱)

(۵) تعریض: جیسے اَبْعَتُ الحِمَارَ = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (۳)

(۶) حینونت: جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا۔ (۲۲)

(۷) لیاقت: جیسے اَلَامَ الفرعُ = سردار قابل ملامت ہوا (۲۸)

(۸) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اُس کی شکایت دور کی (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ = گائے دودھ والی ہو گئی (۲۴)

(۱۰) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النَّخْلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (۲۹)

(۱۱) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اُسے کفر سے نسبت دی۔ (۳۲)

(۱۲) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اُسے بخیل پایا (۴)

(۱۳) موافقت: مجرد جیسے اَقَلْتُ البیع بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (۳۱)

باب تفعیل

(۱) ابتداء: جیسے کَلَّمَ = اُس نے کلام کیا (مجرد کلم = زخمی کرنا) (۵)

(۲) الباس ماخذ: جیسے جَلَّلَ الفَرَسَ: اُس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (۹)

(۳) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (۱۰)

(۴) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اُس نے نصرانی بنایا (۱۳)

(۵) تخلیط: جیسے ذَہَّبَ = اُس نے سنہرا بنایا۔ (۱۴)

(۶) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوْسَ = اُس نے کمان کو زہ دار بنایا (۲)

(۷) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِی = اُس نے مجھے خوش کیا (۱)

(۸) سلب: جیسے قَرَّدَ الْاِبِلَ = اُس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (۲۳)

(۹) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہو گیا (۲۴)

(۱۰) قصر: جیسے ہَلَّلَ = اُس نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہا (۲۶)

(۱۱) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما (۲۹)

(۱۲) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِیْ = اُس نے مجھے بدکار کہا (۳۲)

باب مفاعلۃ

(۱) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عَمْرًوا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (۷)

(۲) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ بمعنی سفر
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ } (۳۱)
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ بمعنی ضَعَّفَ

باب تفعل

(۱) ابتدا: جیسے تَکَلَّمَ = اُس نے کلام کیا۔ (۵)

(۲) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اُس نے پتھر کو تکیہ بنایا (۶)

(۳) تجنب: جیسے تَاَثَّمَ = اُس نے گناہ سے پرہیز کیا (۱۱)

(۴) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہو گیا (۱۲)

(۵) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اُس نے انگوٹھی پہنی (۱۹)

(۶) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اُس نے گھونٹ کر کے پیا (۱۷)

(۷) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا (۲۰)

(۸) صیرورت: جیسے تَمَوَّلَ = وہ مالدار ہو گیا (۲۴)

(۹) مطاوعت فَعَّلَ جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ = میں نے اُسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (۳۰)

باب تفاعل

(۱) ابتدا: جیسے تَبَارَکَ اللہُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (۵)

(۲) تشارک: جیسے تَشَاتَمَا = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی (۳۴)

(۳) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اُس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (۱۹)

(۴) مطاوعت فَاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دور ہو گیا (۳۰)

باب اِنْفِعَال

(۱) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا (مجرد طَلَقَ) (۵)

(۲) لزوم وعلاج: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا

(۳) مطاوعت فَعَلَ: جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ = میں نے اُسے توڑا وہ ٹوٹ گیا
مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَغْلَقَ الباب فانغلق = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہوگیا۔ (۳۰)

فائدہ - باب اِنفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لیے آتا ہے جن کا تعلق اعضاء ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا (۶)

(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیرَ = اُس نے اپنے لیے جو ناپے (۱۵)

(۳) تصرف: جیسے اِکتسب الفضل = اس نے کوشش کرکے فضیلت حاصل کی۔ (۱۸)

(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممتہ فاغتم = میں نے اُسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔ (۳۰)

(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فلانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)

(۶) موافقت فَعَلَ: جیسے اجتذب بمعنی جذب
موافقت تفاعل: جیسے اِختصم بمعنی تخاصم (۳۱)

باب اِستفعال

(۱) طلب: جیسے استطعمتہ میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)

(۲) لیاقت: جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔ (۲۸)

(۳) وجدان: جیسے استکرمتہ = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۳۲)

(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہٗ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا (۲۱)

(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی (۱۳)

(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القریٰ = اُس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا (۶)

(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأَ = اُس نے جرأت دکھلائی۔ (۲۰)

(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اُس نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن کہا۔ (۳۶)

(۹) مطاوعت اَفْعَلَ: جیسے اَقَمْتُہٗ فاستقام = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہوگیا (۳۰)

(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ واستقر۔ (۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ واسْتَجَابَ۔ (۳۱)

(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیرناف کے بال کاٹے (۵)

باب اِفْعِلَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہوگئی (۲۹)

فائدہ - اکثر یہ باب الوان وعیوب کے لیے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ۔ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْدَوْدَبَ = بہت کبڑا ہوگیا۔ (۲۹)

(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَی التمر بمعنی حَلَا (۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۱) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا (۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ = بہت سرخ ہوا۔ (۲۹)

یہ باب الوان وعیوب کے لیے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ = میں نے اُسے لڑھکایا وہ لڑھک گیا (۳۰)

علماء صرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کردیا گیا۔

اور ان ابواب مزید فیہ کے لیے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے، بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں۔ مصدر، اسم مرۃ، اسم نوع۔ ظرف مکان وظرف زمان، اسم آلہ، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مبالغہ۔

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جاسکتا ہے کہ عموماً:

(۱) جو پیشے کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَالَۃ ہے جیسے زِرَاعَۃ، تجارت، حیاکۃ۔

(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعَال ہے۔ جیسے اِبَاء، شِرَاد، جِماح۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے غَلَیَان، جَوَلَان، خفقان۔

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فُعَال ہے جیسے صُدَاع زُکام۔ دُوار۔

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعِیْل ہے جیسے رَحِیْل وذمیل۔

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو انکا وزن فُعَال اور فَعِیْل ہے جیسے صُرَاخ، خُوَار، زَئِیْر، نَئِیْم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَة، زُرْقَة، خُضْرَة۔

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً:

(۱) فَعُلَ کا مصدر فُعُوْلَة اور فَعَالَة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُوْلَة، نَبَاهَة، فَصَاحَة۔

(۲) فَعِلَ لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، تَعَبٌ۔

(۳) فَعَلَ لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر جیسے قُعُوْد، خُرُوْجٌ، نُهُوْضٌ۔

(۴) فَعِلَ اور فَعَلَ متعدی کا فَعْل کے وزن پر جیسے فَهْم۔ نَصْر۔

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فَعَّلَ کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تقبیلا اور تَفْعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے مگر کم جیسے وَسَّعَ توسعة، قَدَّمَ تقدمة۔ اگر مہموز اللام ہو تو تفعلة کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنْبِئَة وَطَّأَ تَوْطِئَة۔ هَنَّأَ تَهْنِئَة۔ اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے جیسے حلّی تحلیہ، زکّی تزکیة اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّم تقویما، سوّد تسویدا۔

فَاعَلَ کا مصدر فِعَال و مفاعَلَة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالًا و مُقَاتَلَةً لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مفاعلة کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَةً، یَامَنَ مُیَامَنَةً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَة و یِوَامًا شاذ ہے۔

اَفْعَلَ کا مصدر اِفْعَالٌ ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَامًا۔ اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کرکے الف سے بدل دیتے ہیں، دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کردیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے امات اماتة، اغاث اغاثة، اشار اشارة۔

تَفَعَّلَ کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَلَ کا تَفَاعُلٌ ہی لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَمَانَیٰ تَمَانِیًا، تَقَاضیٰ تَقَاضِیًا۔

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَال، اِنْفَعَلَ کا اِنفعال، اِفْوَعَّلَ کا افعیعال اور اِفْعَلَّ کا اِفْعِلَال ہے جیسے اِشْتَرَکَ اِشْتِرَاکًا۔ اِنْطَلَقَ اِنْطِلَاقًا، اِحْدَوْدَبَ اِحْدِیْدَابًا اور اِسْوَدَّ اِسْوِدَادًا

اِسْتَفْعَلَ کا مصدر اِسْتِفْعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کردیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً۔

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَة اور فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً و دِحْرَاجًا۔ دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وسوسة او وِسْوَاسًا۔

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلَال اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلَّال ہے جیسے تدحرج تَدَحْرُجًا۔ احرنجم اِحْرِنْجَامًا۔ اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا

فعل مجہول کے لیے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں، فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتا ہے جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے ضَرَبَ ضَرْبًا۔

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْظَر، مَضْرَب۔ مَرْمیٰ اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیْ، مَرْجِعٌ، مَسِیْرٌ، مَصِیْرٌ، مَشِیْبٌ، مَرْفِق، مَقِیْلٌ و مَسْتِنْیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفْعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَوْرِدٌ۔ مَوْعِدٌ۔ مَوْضِعٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنْحَدَر۔ مُضْطَرَب۔ مُزْدَحَمٌ۔

اسم مرة و اسم نوع

اسم مرة وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔

ثلاثی مجرد سے اسم مرة کا وزن فَعْلَة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَةً، جَلَسْتُ جَلْسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرة بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اِلْتَفَتُّ اِلْتِفَاتَةً اِنْطَلَقْتُ اِنْطِلَاقَةً

اور اگر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرة لانے

کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربتہ ضربۃ واحدۃ۔ قاتلتہ مقاتلۃ لا غیر وما التفت الیہ الا التفاتۃ واجبتہ اجابۃ فقط۔

اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَۃٌ کے وزن پر جیسے وقف وِقفۃ الاسد ومَشٰی مِشْیَۃَ المُختالِ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقۃ، قبیح المعاشرۃ۔

ظرف مکان وظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرف زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔

ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر۔ مَفْتَح۔ مَسْمَع۔ اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِسْ۔ مَنْزِل۔

اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، ان سب کا وزن مَفْعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے۔ مَسْجِدٌ۔ مَشْرِقٌ۔ مَغْرِبٌ۔ مَطْلِع۔ مَجْزِرٌ۔ مَرْفِقٌ۔ مَفْرِقٌ۔ مَسْکِنٌ۔ مَنْسِکٌ۔ مَنْبِتٌ۔ مَسْقِطٌ۔

مثال سے ظرف زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوْعِد۔ مَوْصِل۔ مَطْوٰی۔ مَرْمٰی۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَجٌ۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَعٌ۔

کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لیے مَفْعَلۃ کا وزن مقرر ہے۔ جیسے مقبرہ = جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاۃ = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعۃ = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسم آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔

مِفْعَل جیسے مِبْرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ۔ مِفْعَلَۃ جیسے مِکْنَسَۃ

اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔

مُنْخُلٌ۔ مُدْہُن۔ مُکْحُلَۃ۔ مُدُقٌ۔ مُسْعُط۔ مَنَارَۃ۔ مُشْط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل سے اشتقاق نہیں۔ اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوم۔ سِکِّین۔ فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ۔ قَاتِلٌ۔ نَاصِرٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ما قبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِب۔ مُسْتَخْرِجٌ۔ مُتَصَرِّفٌ۔

اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے مفعولٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے منصورٌ۔ مضروبٌ۔ مَفْتُوحٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ما قبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقَابَلٌ۔ مُکْرَمٌ۔ مُدَحْرَجٌ۔

تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ۔ اَلْمَحَ سے مَالِحٌ۔ اَیْفَعَ سے یَافِعٌ۔ اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ۔ اَحَبَّہٗ سے مَحْبُوبٌ۔ اَجَنَّہٗ سے مَجْنُونٌ۔ حَمَّہٗ سے مَحْمُومٌ۔ اَزْکَمَہٗ سے مَزْکُومٌ۔ اَسَلَّہٗ سے مَسْلُولٌ۔

(۲) اسم مفعول مصدر میمی ظرف زمان ومکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مشبہ

صفت مشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ۔ کَرِیْمٌ۔ لین۔ سہل۔ صَعْبٌ۔ لقیان۔ غضبان۔ کسول۔ عطشیٰ۔ رؤف۔

اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لیے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ۔ اَعْرَجُ۔ اَبْلَجُ۔ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن۔ مستقیم۔

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مونث کا وزن فعلیٰ کا مقرر ہے۔ اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے۔ اور وہ مادے جو رنگ، عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں بنتا بلکہ انہی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لیے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے اشد سوادًا اشد استخراجًا۔

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "الوم احمد" میں احمد حُمِدَ سے اور "حاتم اعطی من عمرو" میں اعطی سے اور "ہذا السیف اخصر من ذاک" میں اخصر، اختصر سے ماخوذ ہے۔

اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے "ما بالبادیۃ انوأ منہ" میں انوأ، نوءٌ سے ماخوذ ہے جس کے معنی نچھتر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَر اور اَشَرّ تھے کثرت استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے۔ کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوزانِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے اس کے مشہور وزن یہ ہیں۔

فَعَّال جیسے علام بصار۔ فَعَّالۃ جیسے علامۃ و فہامۃ۔ فِعِّیل جیسے صِدِّیق و سِکِّیر۔ مِفْعِیل جیسے مسکین و معطیر۔ مِفْعَال جیسے مِکْسال و مِقْدام۔ فُعَلَۃ جیسے ضُحَکَۃ و ضُجَعَۃ۔ فَعِلٌ جیسے شَرِہٌ و حَذِرٌ۔ فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ و عَظِیْمٌ۔ فَعُوْلٌ جیسے کَذُوْبٌ، وَدُوْدٌ۔ فَاعِلَۃ جیسے رَاوِیَۃ۔ فُعَلٌ جیسے غُفَل۔ فَعُوْلَۃ جیسے فَرُوْقَۃ۔ مِفْعَل جیسے مِحْرَبٌ۔ فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ۔ فُعَّال جیسے کُبَّار۔

مبالغہ کے اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں۔ لیکن دَرَّاک، اَدْرَکَ سے۔ مِعْطَاء اَعْطٰی سے۔ مِهْوَان اَهَان سے۔ مِحْسَان احسن سے۔ مِتْلَاف اَتْلَفَ سے۔ مِطْلَاق اَطْلَقَ سے۔ مِخْلَاف اَخْلَفَ سے اور سَمِیْع اَسْمَعَ سے۔ نذیر انذر سے۔ زَہُوْق اَزْہَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لیے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لیے ہے جیسے علامۃ فہامۃ۔

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائیگا خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے "رجل نصیر" "امرأۃ نصیرۃ"۔ "جاء نصیر و نصیرۃ"

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے "زید قتیل"۔ "واتت المرأۃ جریح" اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائیگا جیسے جاء حبیب و حبیبۃ

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مونث دونوں میں ایک ہی جیسے یحیی البتول۔ مریم البتول۔ اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائیگا۔ جیسے جاء بتول و بتولۃ۔ اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مونث میں فرق کیا جائیگا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "ہذا رسول و تلک رسولۃ۔ و جاء رسول و رسولۃ"

مذکر و مونث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مونث کی تین علامتیں ہیں: تا جیسے طلحۃ، قوۃ، نعمۃ، قدرۃ۔ الف مقصورۃ جیسے عذریٰ، حُبلیٰ، کُبریٰ، عُظمیٰ۔ الف ممدودہ جیسے حمراء، سوداء، بیضاء، زرقاء۔

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مونث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگرچہ اُن کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحہ، نخلہ، ارطیٰ وغیرہ۔

مونث کی دو قسمیں ہیں مونث لفظی، مونث معنوی۔ مونث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مونث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اہل زبان مونث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مونث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقۂ اناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اخت، ام وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام، مصر، قریش وغیرہ۔ یا اعضاء انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مونث معنوی ہیں، لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے۔ اس لیے کہ صدغ، مرفق، حاجب۔ خد۔ مونث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مونث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے[1]۔ یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان۔ اذن۔ ارض۔ ارنب۔ اروی۔ است۔ اصبع۔ افعی۔ افق بئر۔ باع۔ بنصر۔ ثعلب۔ جحیم۔ جہنم۔ حرب۔ خنصر۔ دار۔ دبر۔ ذراع۔ رجل۔ رحم۔ رحی۔ ریح۔ سعیر۔ سقر۔ سن۔ ساق۔ شمس۔ شمال۔ ضبع۔ عروض۔ عصا۔ عقب۔ عین۔ غول۔ فاس۔ فخذ۔ فلک۔ قدم۔ قدوم۔ قوس۔ کاس۔ کتف۔ کرش کف۔ نار۔ نعل۔ ناب۔ ورک۔ ید۔ یمین۔ ینبوع۔

ہوا کے لیے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مونث سماعی ہیں۔ ابن الانباری فرماتے ہیں: الریح مونثة لاعلامة فیها وکذلك سائر اسمائها الا الاعصار فانه مذکر۔

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں۔

ابط، ابہام، ازار، بلد، جداد، حال، حانوت، خمر، درع۔ دلو، روح، زقاق، سبیل، سری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم، سماء، سوق۔ صاع، ضحی، طرس، طریق، عجز۔ عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قمیص کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسی، نفس، وراء،

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنیٰ

مثنیٰ وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنیٰ بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی و جری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان۔ رایت الرجلین و مررت بالرجلین۔

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنی لائیں گے جیسے "عبدا الاحد، عبدا الرحمان"۔

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے۔ اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مونث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہو گئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئیگی جیسے رامٍ رامیان۔ داعٍ داعیان۔

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائیگا۔ جیسے عصا سے عصوان۔ فتی سے فتیان۔

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائیگا جیسے ذکریان۔ قہقران، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقریان خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء، خضراء) میں الف اگر تانیث کے لیے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان۔ بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو۔ اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں جیسے عشواء سے عشواوان۔

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لألاء سے لألاءان۔ قراء سے قراءان۔

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لیے تو دونوں صورتیں جائز ہیں۔ ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان۔

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئیگا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخوان، حموان، غدوان لیکن فم اور ید میں واؤ واپس نہیں آئیگا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائیگا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائیگا۔ مثلاً سنة، ابن، اسم میں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے

[1] مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم مغفور کی کتاب المبتکر فی ما یتعلق بالمونث والمذکر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے۔

کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً: بعض، اجمع، جمعاء، کل، اور، عریب، دیار۔ اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال مِن سے ہو جیسے الیمان افضل من الرجلین۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مونث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالت نصبی وجری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رأیت مسلمین و مررت بمسلمین"۔

اس وزن پر جمع بنانے کے لیے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اسی لیے طلحۃ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واو نون سے جمع نہیں آئیگا۔ اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئیگا بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کرینگے مثلاً ذوو معدیکرب، ذوو بعلبک۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو، ذوی العقول میں سے ہو۔ اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مونث دونوں برابر ہوں۔ جیسے جریح و صبور۔ اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ اُن میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون۔ عالمون۔ علیون۔ اہلون۔ بنون۔ سنون۔ اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واو نون سے آتی ہے جیسے عضون، سبون، مئون۔

جمع مونث سالم

جمع مونث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات۔ شجرۃ سے شجرات امرأۃ، شاۃ، قلۃ، اَمَۃ، اُمّۃ، ملّۃ، شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں

(۲) ہر وہ اسم جو مونث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو جیسے صحراء سے صحراوات، حمّیٰ سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورۃ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا ابقاء کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائینگی جن کا ذکر تثنیہ میں ہو چکا اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے جیسے سماوات، ارضات، سجلات، حمّامات، سُرادقات، شمالات، امہات، سراویلات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل، تناصل، بطارکۃ، کرادلۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْل اور فَعْلۃ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتحہ دینا ضروری ہے جیسے ثمرۃ ثمَرات۔ رَحمۃ رَحَمات۔

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتحہ دینا ساکن رکھنا اور فاء کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرۃ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات۔ حُجْرۃ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہیگا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزۃ سے جَوْزات۔ بِیْعۃ سے بِیْعات۔ اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رَمْیۃ سے رَمَیات اور رُقْوۃ سے رُقَوات، رُقْوات، رُقُوات۔ لیکن اگر فاء کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور مشکل فا بنانا جائز نہیں۔ جِرِوات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہونگی اتباع جائز نہیں

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے ہوئے فک ادغام نہیں ہوگا۔ جیسے ضَنّۃ سے ضَنّات۔ عِزّۃ سے عِزّات۔

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال کبھی حذف سے

جیسے رَسُول سے رُسُل۔ کِتاب سے کُتُب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَخت سے بُخُت

جمع تکسیر کی دو قسمیں ہیں۔ جمع قلت۔ جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے، جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے، اس کے چار وزن ہیں:۔

اَفْعَال جیسے طِفْل سے اَطْفَال۔ اَفْعُل جیسے نَہر سے اَنْہُر۔ اَفْعِلَۃ جیسے رَغِیف سے اَرْغِفَۃ۔ فِعْلَۃ جیسے فَتیٰ سے فِتْیَۃ۔

اَفْعَال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعُل کی اَفَاعِل کے وزن پر جیسے اَکْلُب کی جمع اَکالِب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں۔ اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یا ساکن ہو جیسے مساجد۔ منابر۔ اناعیم۔ قنادیل۔

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراقی داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے اَیُّہَا الشُّیُوخ لَاتکونوا کالفِتْیَۃ۔ اِحْفَظُوا اَنْفُسَکُم

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الیٰ غیر النہایۃ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں۔ صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئیگا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں۔ اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کیے ہوئے، جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَۃ کی جمع جیسے غُلْبَۃ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صُوَر صُرَّۃ کی جمع صُرَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَۃ کی جمع جیسے قِطْعَۃ کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعْلَۃ کی جمع کبھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حِلْیَۃ کی جمع حُلیٰ۔ لِحْیَۃ کی جمع لُحیٰ۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل۔ خندس کی جمع خنادس۔ اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارِج۔ اور خندریس کی جمع خنادِرس۔

(۴) فواعل۔ ہر ثلاثی کی جمع جس کے فا کلمہ کے بعد واو یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتَم کی جمع خواتِم

(۵) فعائل مونث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع جیسے اِصْبَع کی جمع اصابع اُنْمُلَۃ کی جمع اَنَامِل، اَجْدَل کی جمع اَجَادِل۔

(۷) افاعیل افعول اور افعولۃ کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب ارجوزۃ کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مِفْعَل اور مِفْعَلَۃ کی جمع جیسے مبضع کی مَبَاضِع مِکْنَسَۃ کی جمع مکانس۔

(۱۰) مفاعیل مِفْعَال مِفْعِیل مفعول کی جمع جیسے مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین۔ مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع و شبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لیے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل۔ قوم۔ رہط۔ جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تاء کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے، تمر کہ اس کا واحد تمرۃ ہے۔ اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یاء نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرُّومی۔ رومیوں میں کا ایک المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لیے اور دوسرا ذوی العقول کے لیے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام۔ رُفقۃ کی جمع رُفق۔ نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو۔ اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ ۱۔ اسم فاعل۔ ۲۔ اسم مفعول۔ ۳۔ صفت مشبہ۔ ۴۔ اسم تفضیل۔ ۵۔ اوزان مبالغہ

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مونث بنانا ہو تو آخر میں ت لگا دو۔ جیسے صادق، صادقۃ۔ عالم، عالمۃ۔ لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لیے مونث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ۔ سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمآیٰ لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے

ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں۔
الیان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان
مصان، موتان، ندمان، نصران۔
اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تا کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانۃ غضبان سے غضبیٰ اور غضبانۃ۔

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاءُ کے وزن پر جیسے ابیض سے بیضاء۔ اسمر سے سمراء

(۳) اسم تفضیل کے لیے مونث کا صیغہ فُعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کُرمیٰ۔ اصغر سے صغریٰ لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یا سے بدل دیتے ہیں جیسے اعلیٰ سے عُلیا۔ ادنیٰ سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں:۔
(۱) فَعّالَۃٌ جیسے رَجُلٌ فَہّامَۃٌ اِمْرَأَۃٌ فَہّامَۃٌ
(۲) مِفْعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ، اِمْرَأَۃٌ مِفْضَالٌ اور میقانۃ شاذ ہے۔
(۳) مِفْعِیلٌ جیسے رَجُلٌ مِعْطِیرٌ، اِمْرَأَۃٌ مِعْطِیرٌ اور مسکینۃ شاذ ہے۔
(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَۃٌ مِغْشَمٌ
(۵) فُعْلَۃٌ اور فُعَلَۃٌ جیسے رَجُلٌ ضُحْکَۃٌ اِمْرَأَۃٌ ضُحْکَۃٌ۔ اور اگر عین کو فتحہ دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہونگے جیسے ضُحَکَۃ = بہت ہنسنے والا۔ ہُمَزَۃ = بہت عیب لگانے والا۔ ہُزَأَۃ = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔
(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رَجُلٌ صَبُورٌ، غلامٌ قَتِیلٌ۔ اِمْرَأَۃ قتیلٌ۔ لیکن یہ اُس وقت ہے جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تا کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے ہاں عدوۃ شاذ ہے۔

کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مونث کو تا کے ساتھ لاتے ہیں خاتمۃ سعیدۃ، عاقبۃ حمیدۃ اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مونث بغیر تا کے جیسے امراۃ عقیم۔ یُحْیِی الْعِظَامَ وَہِیَ رَمِیْمٌ۔

جو صفات کہ طبقۂ اناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تا نہیں آتی جیسے طالق۔ مرضع۔ حامل۔ اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تا آتی ہے جیسے اَرْضَعَتْ فَہِیَ مُرْضِعَۃ۔

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذوی العقول کے لیے ہو خواہ مذکر خواہ مونث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلیٰ کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فُعْل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حُمْر۔ اَزْرَق کی زُرق، اَعْرَج کی عُرْج اعمیٰ کی عُمْی لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فا کو کسرہ دیتے ہیں غِیْد۔ بِیْض۔ ہِیف۔ اغید ابیض۔ اہیف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلیٰ کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فُعالیٰ یا فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے سکاریٰ و حیاریٰ سکران و حیران کی جمع اور جِیاع و غِضاب جوعان اور غضبان کی جمع

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَۃٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دُعاۃ، رُماۃ، غُزاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَۃٌ رُمَیَۃٌ غُزَوَۃٌ ہے

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت یا درد یا تشتت کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فَعْلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جَرْحیٰ۔ صریع کی جمع صرعیٰ۔ شتیت کی جمع شتّیٰ اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو، اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضیٰ۔ یا فَعِل کے وزن پر ہو جیسے زَمِن کی جمع زمنیٰ۔ یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع ہلکیٰ

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعّال۔ فَعَلَۃ۔ فُعَّل۔ فواعِل۔ فُعَلاء۔ اور افعِلاءُ

(۱) فُعّال اور فَعَلَۃ ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوّار۔ صائم کی جمع صوّام اور کاتب کی جمع کَتَبَۃ ظالم کی جمع ظَلَمَۃ

فَعَلَۃ کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لیے ہے جو اجوف ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقۃ، باعۃ، حاکۃ، صاغۃ کہ اصل میں سَوَقَۃ، بیعۃ، حیکۃ، صَوَغَۃ تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجّد ساجد کی جمع نُوّم نائم کی جمع جُوّع جائع کی جمع۔

(۳) فواعل فاعِلۃ کی جمع جیسے صواحب صاحبۃ کی جمع عواذل عاذلۃ کی جمع۔ اور فواعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے جو طبقۂ اناث کے صفات کے لیے ہو جیسے عواقر عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء، فعیل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلماء علیم کی جمع۔
(۵) افعِلاء، فعیل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء، غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر۔ اکابر۔

مونث اسم تفضیل کی جمع سالم فعلیات کے وزن پر جیسے عظمیات، کرمیات اور جمع مکسر فُعَل کے وزن پر جیسے صُغَر، کُبَر صیغہ منتہی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے ضوارب کی جمع ضواربات۔ افاضل کی جمع افاضلون۔

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل مصریٌّ

اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائیگا۔ مثلاً فخذ میں فخذی اور ملک میں ملکی کہا جائیگا۔ اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہیگا جیسے مشرق میں مشرِقی مغرب میں مغربِی یثرب میں یثرِبی۔

اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرۃ سے قاہری۔

اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورۃ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے عصا سے عَصَوِیّ۔ فتی سے فتوِی۔

اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے۔ جیسا کہ مرمٰی سے مرمَوِی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مرمی

اور اگر اصلی نہ ہو بلکہ زائد ہو خواہ تانیث کے لیے خواہ الحاق کے لیے تو وہاں پر حذف مختار ہے حبلی اور ذِفری کہا جائیگا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی، ذِفرِوی کہا جائیگا۔ لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوی۔ دنیاوِی۔

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مصطفِی اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائیگا مصطفوِی

اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لیے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے صفراء سے صفراوِی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قُراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی، سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی کو عموی

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضی سے قاضی، ماضی سے ماضِی اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتحہ دیا جائیگا۔ کہا جائیگا قاضوِی، ماضوِی

اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلِی۔ معتدی سے معتدِی۔

اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہیگا جیسے حنیف سے حنیفی خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائیگا۔ اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائیگا اور ماقبل کو فتحہ دیدیا جائیگا جیسے غنی سے غنوِی۔ علی سے علوِی

اور اگر فعیلۃ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائیگا اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے مدینہ سے مدنی، فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی، سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہوگا طویلہ کی نسبت میں کہا جائیگا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فُعَیل و فُعَیلۃ میں بھی جاری ہوگا جیسے عُقَیل سے عُقَیلی۔ قُصَی سے قُصَوِی، قُلَیلۃ سے قُلَیلی۔ اُمَیمۃ سے اُمَیمِی۔

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائیگا۔ قلنسوۃ سے قلنسی اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائیگا۔ اور نہیں تو واؤ باقی رہیگا جیسے عدو سے عدوی دلو سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائیگا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حَی تو دوسرے حرف کو فتحہ دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حی سے حیَوِی۔

اور اگر وہ یسری یا، واو سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واو ہو جاوگی جیسے طی سے طَوَوِی۔

اگر کسی کلمہ سے آخر کا حرف حذف ہوگیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائیگا۔ جیسے اب سے ابوی۔ اخ سے اخوی

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تا کے ساتھ ہوتے ہر کہا جاتا ہے اختی وبنتی اور بعض حذف کردیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔

ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائیگا یدوی دموی۔ اور بغیر واو کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدی۔ دمی۔

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کردینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور ابنی و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کردیا جائیگا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائیگا۔ جیسے سنۃ سے سنوی۔ لغۃ سے لغوی۔ اور زنۃ سے وَزَنی۔ اور صِلَۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائیگا۔ جیسے عراقین سے عراقی۔ مسلمین سے مسلمی

یہی حکم ہے اُن کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور ثنوی۔ عشرین سے عشری، اربعین سے اربعی۔

ایسے جمع جن کے لیے مفرد نہیں جیسے ابابیل وعبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر۔ مناجذ۔ نساء۔ نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہینگے جیسے مخاطری، مناجذی نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہیگا جیسے ملائکۃ سے ملائکی۔ ملوک سے ملوکی۔

اور جو جمع مکسر علم ہوگیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائیگا جیسے انبار سے انباری، انصار سے انصاری۔ اہواز سے اہوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کردیا جائیگا۔ اور اول جزء کی طرف نسبت کرینگے جیسے بعلی ومعدی جبکہ بعلبک اور معدیکرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی ومعدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی میں جزء اول کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امرء القیس سے امرئی و دیر القمر سے دیرانی۔ عبد الاشہل سے اشہلی۔ ابوبکر سے بکری۔ عبد مناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ جیسے عین ابل سے عین ابلی وادی آش سے وادی آشی۔ عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزء اول کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کردیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی۔ ذرحبا سے ذری۔

حروف تہجی کے لحاظ سے ان اسماء کی تفصیل جو قواعد نسبت کے خلاف مستعمل ہیں۔

الف کبیر	سے	اُنانی	حروراء	سے	حَرُورِی	رَوحاء	سے	رَوْحانی
اُمَیَّۃ	؍؍	اُمَوِی	حرمین	؍؍	حِرْمی	رے	؍؍	رَازِی
بادیہ	؍؍	بَدَوِی	حضرموت	؍؍	حضرمی	رباب	؍؍	رُبّی
بحرین	؍؍	بَحْرانی	خُزینۃ	؍؍	خُزَینی	سہل	؍؍	سُہلی
بہراء	؍؍	بَہرانی	دَہر	؍؍	دُہری	سلیقۃ	؍؍	سَلِیقی
تہامۃ	؍؍	تِہامی یا تہام	دَیر	؍؍	دیرانی	سلیمۃ الازد	؍؍	سُلیمی
تیم اللات	؍؍	تَیملی	دَارِیا	؍؍	دارانی	سَلیم	؍؍	سُلمی
ثقیف	؍؍	ثَقفی	رب	؍؍	رَبّانی	شام	؍؍	شآمی
جمۃ عظیمۃ	؍؍	جُمّانی	رقبۃ عظیمۃ	؍؍	رَقَبانی	شعر کثیر	؍؍	شعرانی
جذیمۃ	؍؍	جُذَمی	رامہرمز	؍؍	رامی	صدر کبیر	؍؍	صدرانی
جلولاء	؍؍	جَلُولی	ردینۃ	؍؍	رُدَینی	صنعاء	؍؍	صنعانی
بنی الحبلی	؍؍	حُبَلی	روح	؍؍	روحانی	طبیۃ	؍؍	طبیی

طییٔ	سے	طائیؔ	قُقَیم کنانۃ	سے	فُقَمیؔ	مرواشاہجہانی	سے	مَرْوَزِیؔ
عمیرۃ کلب	〃	عُمَیرِیؔ	فُراھید	〃	فرہودیؔ	امرؤالقیس	〃	مَرقَسِیؔ
بنی عبیدہ	〃	عُبَدِیؔ	قُویم	〃	قُوَمِیؔ	ہجر	〃	ہاجریؔ
عبدشمس	〃	عَبْشَمِیؔ	قریش	〃	قُرَشِیؔ	ہذیل	〃	ہُذَلِیؔ
عبدالدار	〃	عَبْدَرِیؔ	کنت	〃	کُنْتِیؔ	انباط	〃	نباطیؔ یا نباطِ
عبدقیس	〃	عَبْقَسِیؔ	لحیۃ عظیمۃ	〃	لِحْیانیؔ	ناصرہ	〃	نصرانی
عبداللہ	〃	عَبْدَلِیؔ	مُلَیح خزاعۃ	〃	مُلَحِیؔ	یمن	〃	یمانِ

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لیے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیْل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلَیب۔ عبد سے عُبَید۔ جبل سے جُبَیل۔ ثلاثی مزید رُباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیْلِل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر۔ سَفَرجَل سے سُفَیرِج۔ اور اگر مدہ ہو تو فُعَیْلِیْل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مِضراب سے مُضَیرِیب۔

اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف، نون سے متصل جو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہیگا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرۃ کی تصغیر ثُمَیرۃ۔ بشری کی بُشَیری سمراء کی سُمَیراء۔ سکران کی سُکَیران۔ غضبان کی غُضَیبان۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اُرَیضۃ۔ شمس سے شُمَیسۃ لیکن شرط یہ ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہوگا ظاہر نہیں کرینگے۔ مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خُمَیس کہینگے خُمَیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائیگا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نُیَیب ہوگی۔ اس لیے کہ باب کا الف واو اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واو سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائیگا۔ جیسے عاج سے عُوَیج کہا جائیگا۔

لفظ عید کی تصغیر عُیَید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عُوَید ہونا چاہیے تھا۔

اور اگر واؤ، یاء بدلے ہوئے نہوں تو اپنی حالت پر رہینگے مثلاً سورے سُوَیر، بیت سے بُیَیت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائیگا۔ جیسے خالد سے خُوَیلد۔ ضارِب سے ضُوَیرِب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائیگا جیسے عصا سے عُصَیّ۔ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیّز۔ کتاب کُتَیِّب۔

اور اگر واو متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدوَل سے جُدَیِّل یا جُدَیوِل، اور اسود سے اُسَیِّد یا اُسَیوِد۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائیگا جیسے نصیر سے نُصَیِّر۔ جمیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واو یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائیگا جیسے عُصفور سے عُصَیفِیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہیگا جیسے ہُوَ اُحَیلٰی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اَبٌ اُبَیّ اُخَیّ دُمَیّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ آخیر کا حرف حذف کرکے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائیگا اور محذوف حرف واپس آ جائیگا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائینگے اور عوض کو حذف نہیں کرینگے جیسے زِنۃ عِدۃ کی تصغیر وُزَینۃ وُعَیدۃ ہوگی۔ اور اُخت اور بنت کی تصغیر اُخَیۃ، بُنَیۃ آئیگی۔

تثنیہ اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح پر آئیگی مومنان کی مُؤَیمِنان، مومنون کی مُؤَیمِنون، مومنات کی مُؤَیمِنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر اَرغِفۃ کی اُرَیغِفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واو نون لگا دیا جائیگا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی

صورت یہ ہوگی کہ غلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واو نون لگا کر غُلَیِّموں کہا جائیگا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شُوَیعروں ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مونث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تا لگائینگے جیسے جاریہ کی جمع جوار کی تصغیر جُوَیْرِیَات درہم کی جمع دراہم کی دُرَیْہِمات

اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جز کی تصغیر نہ کر دوسرے جز کو اپنی حالت پر چھوڑ دینگے مثلاً عبداللہ کی تصغیر عُبَیْدُاللہ ہوگی۔ اور یہی حالت مُرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر مُعَیْدِیکَرِب حضرموت کی تصغیر حُضَیْرمَوت، نفطویہ کی تصغیر نُفَیْطویہ، خمسۃ عشر کی خُمَیْسۃ عشر، بعلبک کی بُعَیْلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابط شرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے

اُبَیْنُون بنون کی۔ اُنَیْسِیان، انسان کی۔ رُوَیْجِل، رجل کی۔ اُصَیْلال اصیل کی۔ عُشَیْشِیَۃ، عَشِیَّۃ کی۔ اُصَیْبِیَۃ، صِبْیَۃ۔ اُغَیْلِمَۃ، غِلْمَۃ کی

اسی طرح قُوَیْس۔ دُرَیْع۔ حُرَیْب۔ نُعَیْل۔ عُرَیْس۔ ذوید کہ ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تا ہونی چاہیے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتدا میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے اسماء، ابناء، اکرام۔ اسی طرح اگر ابتدا میں ہو مگر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے باجل، لانفضل۔ لیکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لیے کثرت استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائیگا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فا، یا واو کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائیگا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فأتی، واذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائیگا۔ جیسے بَأس بُؤس بِئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثنائے کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائیگا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے "یا رجل ائذن" اور "ہذا الذی اؤتمن علیہ"۔

اور ہمزہ متوسطہ متحرکہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لَؤُم رَؤُف، سائل۔

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ و کسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے سُؤال، رِئال، مُؤنث

اور اگر ہمزہ الف اور یا کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یا دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقاءی یا بقائی۔

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یا کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے بقاؤُہ بقائِہ بقاءَہ

ہمزہ اگر کلمے کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے جُزْءٌ، خَبْءٌ، دِفْءٌ۔

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے ہَیُؤَ، لَکَأَ، تَہَیَّئَ۔

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائیگا۔ مثلاً نَشْأَۃ۔ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائیگا جیسے فِئَۃ، لُؤلُؤَۃ۔

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یا کے بعد یا کی صورت میں اور الف اور واو کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائیگا جیسے خطیئۃ بریئۃ قراءۃ، صلاءۃ، مروءۃ، سوءۃ۔

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے۔ کثیر الوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگا، جیسے ضَارَبَ سے ماضی مجہول کا صیغہ ضُورِبَ اور قَاتَلَ سے قُوتِلَ۔

اگر یا ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واو سے بدل جائیگی جیسے اَیْقَنَ سے مُوقِنٌ۔ اَیْسَرَ، مُوسِرٌ۔

اسی طرح اگر واو ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یا سے بدل جائیگا جیسے مِوْزان سے مِیزان۔ مِوْعاد سے مِیعاد۔

واو یا یا متحرک ہوں، اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتی ہیں، جیسے قالَ، باعَ باب، ناب۔

لیکن اس قاعدے کے لیے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واو یا فاکلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائدہ سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو۔ اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واو، یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واو کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے طَیٌّ، مَیِّت، مَرْمِیٌّ کہ اصل میں طَوْیٌ، مَیْوِت، مَرْمُوْیٌ تھے۔

واو یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء، سماء، بناء، ظباء

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعالل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز، قلادۃ سے قلائد، صحیفۃ سے صحائف۔

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واو یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں، جیسے اِتَّقیٰ، اِتَّسَرَ۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں، جیسے ادّان، اِذْدَکَر، اِزْدَان کہ اصل میں اِدْتَان، اِذْتَکَرَ، اِزْتَانَ تھے۔ اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اِدَّکَرَ اور اِذَّکَرَ دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد، ضاد، طاء، ظاء واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں، جیسے اِصْطَبَرَ، اِضْطَرَبَ، اِطَّرَدَ، اِظْطَلَمَ۔ اِظْطَلَمَ جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کرنا دونوں جائز ہے۔ اِطَّلَمَ اور اِظَّلَمَ دونوں کہہ سکتے ہیں

عربی خطوط کے نمونے

خط ثلث

عاتب اخاك بالاحسان اليه واردد شره بالانعام عليه

خط نسخ

زيادة العقل على اللسان نعمة وفضيلة وزيادة اللسان على العقل بلية ورذيلة

خط فارسی

من سلم الايام طابت حياته وقلت احزانه ونعم باله

خط ریحان

استقلال الارادة والاكباب على العلوم والمعارف هما عاملان قويان في تربية النشء يضمنان له النجاح

خط رقعہ

لاشئ انمى من الحرية ولاسعادة اكبر من القيام بالواجب

خط دیوانی جلی

احترم الضعيف اذ يكون تحت رايات العدل والانصاف احذر من القوي اذ يكون تحت رايات الظلم

خط دیوانی

من استبد برأيه ضل ومن استعان بذوي الالباب سلك سبيل الرشاد

خط کوفی


فضل العاقل على الجاهل

كفضل النجم على السها

فضل العاقل علی الجاہل   کفضل النجم علی السہا

(عبدالقیوم الخطاط)

اشکال ہندسیہ



خط منکسر


خط مستقیم



خط منحرف




زاویہ حادہ




خطوط متوازیہ



اضلاعِ مثلث



مثلثات



زاویہ قائمہ



مثلث متساوی الساقین



مثلث متساوی الاضلاع




منصف الزاویہ




زاویہ منفرجہ




مثلث قائم الزاویہ
۲-۳ وتر مثلث




اوپر : ہردو زاویہ قائمہ
نیچے : حادہ اور منفرجہ



زاویۂ (نجار)




۳-۴ = قاعدۂ مثلث
۱-۲ = عمود مستقیم




۱-۷-۵ و ۵-۸-۳ = زاویۂ متناظرہ
۱-۷-۵ و ۴-۸-۶ = زاویۂ خارجۂ متبادلہ
۱-۷-۶ و ۵-۸-۴ = " داخلۂ متبادلہ
۱-۷-۶ و ۳-۸-۵ = " " متجانبہ
۱-۷-۵ و ۳-۸-۶ = " خارجہ متجانبہ

اشکال ہندسیہ



مربع



متوازی الاضلاع


شبہ المنحرف

۱-۲ و ۳-۴ = قاعدے

۱-۵ = بلندی



(مستطیل)



۲-۳ = قطر مستطیل



معیّن



۱- مرکزی نقطہ

۲-۴-۳ = قوس ۲-۳ = وترِ قوس


مخمّس


زاویہ ۲-۱-۳ = مرکزی زاویہ



مسدّس


دائرہ


۱- مرکزِ دائرہ

۲-۳-۵-۴ = محیطِ دائرہ

۳-۴ = قطرِ محیط ، ۱-۲ = نصف قطر


۱-۲ = خط مماس


۳-۴ = قاطع دائرہ


مسبّع

اشکال ہندسیہ



۲-۱-۳ = مرکزی زاویہ
مستوی ۲-۳ قطعہ دائرہ



شکل اہلیلجی
۱-۲ = محور اکبر ۳-۴ = محور اصغر



مخروط




مستوی ۱-۲-۳ = قطاع




دائرۂ اہلیلجی بنانے کا طریقہ



نقشۂ دُنیا
۱= قطب شمالی ۲ قطب جنوبی
۳-۴ = خط اِستواء



شکل ہرمی




شکل و خط حلزونی



شکل بیضوی



کرہ



۱-۲ = خط اُفقی
۳-۴ = خط عمودی




ستون (عمود)


اشکال ہندسیہ




ہلال



منشور



مکعب



قاین (آلہ معمار)



ہدف (وسط میں)

(رسمہ عبدالقیوم الخطاط)

عربی لغت کی چند اہم اور مشہور کتابیں

کتاب العین لغت کی پہلی کتاب جو امام نحو خلیل بن احمد (المتوفی سنہ ۱۷۰ھ) کی تصنیف ہے یا ان کے کسی بڑے شاگرد کی (سیبویہ، اصمعی، نضر بن شمیل، خلیل کے مشہور تلامذہ میں داخل ہیں) اس کتاب میں حروف کی ترتیب ان کے مخرجوں کے لحاظ سے رکھی گئی ہے۔

خلیل کے بعد معجماتِ مخصوصہ کا عام رواج ہوا اور ائمہ لغت نے اس موضوع پر مختلف کتابیں لکھیں مثلاً اصمعی کی کتاب "خلق الانسان" "کتاب الابل" "کتاب السلاح" "کتاب الخیل، کتاب الاضداد وغیرہ، اس کے بعد معجماتِ جامعہ کی طرح پڑی جیسے ابو منصور (المتوفی سنہ ۳۷۰ھ) کی "التہذیب" و "المہذب"

الصحاح ابو نصر اسمٰعیل جوہری (المتوفی سنہ ۳۹۵ھ) کی مشہور و مقبول اور جامع و مستند کتاب جس میں کم و بیش چالیس ہزار کلمات جمع کیے گئے ہیں۔ اس میں الفاظ کی ترتیب حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہے، کتاب کی ترتیب و تنقیح میں جو خلل باقی رہ گیا تھا اُسے ان کے شاگرد ابراہیم بن صالح الوراق نے صاف کر دیا۔

المحکم ابو الحسن علی بن اسمٰعیل ابن سیدہ (المتوفی سنہ ۴۵۸ھ) مادوں کی کثرت، لغوی مثالوں کے تعداد اور باریک بینی کے لحاظ سے یہ کتاب ممتاز ہے۔ ابن سیدہ نے "المحکم" سے پہلے "المخصص" تالیف کی تھی جو سترہ جلدوں میں مصر سے طبع ہو چکی ہے اور دستیاب ہوتی ہے

لسان العرب ابو الفضل ابن منظور جمال الدین (المتوفی سنہ ۷۱۱ھ) کی نہایت مبسوط اور پُر افادہ کتاب۔ ترتیب کی دلنشینی اور ماخذوں کی سہولت کے لحاظ سے اپنے پیش روؤں کی تمام کتابوں سے بہتر سمجھی گئی ہے، آیاتِ قرآنی کی شہادتوں نے اندازِ استدلال کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ مادوں کی ترتیب صحاح جوہری کے طرز پر ہے، بیس جلدوں میں طبع ہو چکی ہے۔ اب سے چند سال قبل مصر سے اس کا جدید ایڈیشن زیادہ اہتمام سے نکلنا شروع ہوا تھا۔ جس کی چند جلدیں ہی شائع ہو کر رہ گئیں

القاموس المحیط والقابوس الوسیط مجد الدین ابن یعقوب فیروز آبادی (المتوفی سنہ ۸۱۷ھ) مصنف ایک بہت ضخیم کتاب لکھنی چاہتے تھے، قاموس اسی طویل و عریض کتاب کا جامع اختصار ہے جو بے حد مقبول و متداول ہے، قدیم اساتذہ عام طور پر اسی سے استفادہ کرتے تھے، قاموس کی نہایت جامع اور مبسوط شرح "تاج العروس" ہے۔ اس کے مولف ابو الفیض محب الدین سید محمد مرتضیٰ زبیدی (المتوفی سنہ ۱۲۰۵ھ) ہیں۔ اس شرح کو دیکھ کر آنکھوں میں نئی چمک پیدا ہو جاتی ہے، لغوی تحقیقات سے بھرپور ہے، مولف نے قاموس کی تمام مبہم اور غامض چیزوں کو کھول کر رکھ دیا ہے اور متن کی تمام کوتاہیوں اور زلتوں کی اصلاح امثلہ و شواہد کی روشنی میں کی ہے، یہ شرح دس ضخیم جلدوں میں مصر سے مدت ہوئی شائع ہوئی تھی، ان دنوں کم یاب ہے۔

اقرب الموارد (للشرتونی) نہایت جامع اور سہل الوصول کتاب۔ تیس سال کے قریب ہوئے کہ تین جلدوں میں بیروت سے شائع ہوئی تھی، حقیقت یہ ہے کہ یہ عجیب کتاب لسان العرب اور تاج العروس جیسی اہم کتابوں سے بھی بڑی حد تک مستغنی کر دیتی ہے، اس کی ترتیب بیحد دلپذیر ہے۔ جدید لغتوں میں مجموعی اعتبار سے اس سے بہتر کوئی لغت موجود نہیں ہے۔

المنجد (معلوف یسوعی) لغت کی جدید کتابوں میں نہایت مشہور اور بیحد مفید کتاب، جس میں ضخیم کتابوں کے بڑے بڑے دریاؤں کو اختصار کے قالب میں سمونے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن سنہ ۱۹۰۸ء میں شائع ہوا تھا، اس کے بعد متواتر نئے نئے ایڈیشن نکلتے رہے اور فاضل مولف ان میں خوب خوب اضافے کرتے گئے۔ آخری ایڈیشن سنہ ۱۹۵۶ء میں نکلا ہے، ہماری زیر نظر کتاب "مصباح اللغات" کی اصل زمین فی الحقیقت یہی کتاب ہے، اس کے علاوہ لسان العرب، تاج العروس، اقرب الموارد، اساس البلاغہ، المخصص، مفردات امام راغب، نہایہ ابن اثیر وغیرہ تمام معتبر کتابوں سے اس کی تالیف میں مدد لی گئی۔

اوپر کی سطور میں لغت کی چند اہم اور مشہور کتابوں کے نام دیے گئے ہیں، ان کے علاوہ بہت سی کتابیں ہیں جن کا تذکرہ اس صفحے میں نہیں آسکتا۔

(م۔ ا۔ ب)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا

الالف - الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ ساکنہ کو حرف لین بھی کہتے ہیں جیسے قال قام باع متحرکہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے: أَقَرَأْتَ؟ أَمَا قَرَأْتَ؟ أَفَلَمْ تَقْرَأْ؟ أَبِي النبهث أُجُوكَ؟

(۲) ندار قریب: جیسے أَزَيْدُ أَقْبِلْ (اے زید آ)

(۳) تسویہ: جیسے لا أُبَالِي أَقُمْتَ أَمْ قَعَدْتَ۔ مجھے تیرے کھڑے ہوتے یا بیٹھنے کی کوئی پروا نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ - حرف ندا ہے بعید کے لئے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب - ماہ اگست (رومی مہینے کا نام)

أَبَّ (ن) أَبًّا وأَبَابًا وأَبَابَةً وإِبَابَةً الیہ: مشتاق ہونا۔

أَبَّ (ض ن) أَبِيبًا وأَبًّا وأَبَابًا وأَبَابَةً آمادہ و تیار ہونا۔ وأَبَّ أَبَّہٗ: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا —— یدہ الی السیف: سونتنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

أَبْتَبَ - چیخنا۔ چلانا۔

تَأَبْتَبَ - بہ: تعجب کرنا اور خوش ہونا۔

أَتْتَبَ - تیار ہونا — مشتاق ہونا۔

الأَبُّ - چراگاہ، تر یا خشک چارہ ج أَوُبّ

الأَبَابُ - پانی، چمکتا ہوا ریت، سراب

الأُبَابُ - بڑا سیلاب، موج دریا

أَبَأَهٗ يَأْبَأُهٗ - بالسہم: تیر سے مارنا۔

أَبَتَ (ن ض) وأَبِتَ (س) أَبْتًا وأُبُوتًا النہارُ: سخت گرم ہونا۔ صفت أَبْتٌ وأَبِتٌ و

آبِتٌ •

تَأَبَّتَ، الجمرُ: بھڑکنا۔

أَبْتَةٌ، الغضب: غصہ کی تیزی

أَبَثَہٗ وابث (ض) أَبْثًا علیہ: بادشاہ کے سامنے برا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

أَبِثَ (س) أَبَثًا - اونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور مدہوش سا ہونا۔

الأَبِثُ - نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا

أَبْجَد - حروف تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں - ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ - حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لئے مستعمل ہیں، ان حرفوں کی ترتیب اکائی، دہائی، سیکڑہ، ہزار پر ہے۔

أَبَدَ (ض ن) أُبُودًا، بالمکان: اقامت کرنا —— الشاعرُ: غریب لغت استعمال کرنا، أَبَدَ (ض ن) أُبُودًا - الحیوانُ: جنگلی ہونا۔

أَبِدَ (س) أَبَدًا - جنگلی ہونا — علیہ: غضب ناک ہونا۔

أَبَّدَہٗ - ہمیشہ رکھنا - ہمیشہ کرنا۔

تَأَبَّدَ - ابدی ہونا - جنگلی ہونا —— المکانُ: مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا

الأَبَدُ - زمانہ جمع آباد و أُبود، ازلی - قدیم - ہمیشہ رہنے والا - کہا جاتا ہے، "لا آتیہ ابد الآبدین و الآبدین و ابد الابد و ابد الاباد و أَبَدَ الدہر الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

ابداً ظرف زمان ہے۔ مستقبل میں نفی و اثبات کی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے "لا افعلہ ابداً" میں اسکو ہرگز نہیں کروں گا۔ "افعلہ ابداً" میں اس کو یقیناً کروں گا

الآبِدَةُ - وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی عجیب و نادر چیز - ج أَبْدٌ اوابد، الاوابد: وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ أَوَابِدُ الشعر: بے مثال شعر۔ اوابد الکلام: نادر کلام۔

الإِبِدُ والأَبِدُ - من أَمَۃ او أَتَانٍ: ہر سال جننے والی باندی یا گدھی

الأَبَدِيّ - جس کی انتہا نہ ہو۔

الأَبَدِيَّةُ - دوام جس کے لئے انتہا نہ ہو یا آخر

أَبَرَ (ن ض) أَبْرًا وإِبَارًا - العقربُ فلانًا: بچھو کا ڈسنا —— ہٗ: غیبت کرنا۔ خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا —— الزرعَ: اصلاح کرنا اور گابھا دینا۔

إِئْتَبَرَ: البئرَ: کنواں کھودنا۔

الإِبْرَةُ - سوئی، ڈنک، چغلی۔ إِبْرَةُ القرن: سینگ کا سر - ج إِبَرٌ وإِبَارٌ - إِبَرَاتٌ۔

المِئْبَرُ والمِئْبَارُ - سوئی دان - امیرٌ: چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

الأَبَّارُ: سوئی بنانے والا، پسو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

الأَبْرِيُّ: سوئی بیچنے والا۔

المَأْبُورُ: متہم۔

المِئْبَرَةُ - چغلی فساد انگیزی۔ ج مآبر۔

المؤتبرُ: کھیت والا۔

الإِبْرِيزُ والإِبْرِيزِيُّ - من الذہب: خالص سونا

الإِبْرِيسَمُ والأَبْرَيْسَمُ - ریشم۔

الاَبْرَشِيَّةُ : بشپ کا مذہبی حلقہ انتظام
الاِبْرِیْقُ - لوٹا - ج اباریق - چھاگل (معرب)
اَبَزَ (ض) اَبْزًا و اُبُوزًا - الظبی : اچھلنا کودنا صفت -
اَبَزَ و اَبَازَ و اَبُوزَ — بصاحبہ اَبْزًا : ظلم کرنا -
الاِبْزِیْمُ و الاِبْزَامُ - بکسوا - ج ابازیم -
اَبَسَہ (ض) اَبْسًا - ملامت کرنا - ڈرانا - بہ : تابعدار بنانا — فلانًا : قید کرنا - بدسلوکی سے پیش آنا - حقیر و ذلیل سمجھنا -
اَبَّسَہ : قید کرنا - بدسلوکی سے پیش آنا - شرم دلانا
الاُبُسُ - قحط - خشک سالی - سخت جگہ - نیچا
الاِبْیَسُ - اصل - بد - سخت جگہ -
امرأۃٌ اُبَاسٌ : بدخو عورت -
اَبَشَہ (ن) اَبْشًا و اَبَّشَہ - جمع کرنا -
تَاَبَّشَ القومُ : اکٹھا ہونا
الاُبَاشَۃ من الناس : مخلوط جماعت
الاَبَّاش کسی کے صحن اور دروازہ کو کھانے پینے کی چیزوں سے سجانے والا -
رجلٌ اَبَّاش - کمانے والا مرد -
اَبِصَ (س) اَبَصًا - خوش ہونا - صفت اَبِص و اَبُوص
اَبَضَ (ن) اَبْضًا - البعیرَ : اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا -
تَاَبَّضَ - البعیرَ : اباض نامی رسّی سے باندھنا (دیکھیے الاباض) — البعیرُ : اباض نامی رسّی سے بندھا ہوا ہونا (دیکھیے الاباض)
الاُبْضُ - ج آباض و المأبض ج مآبض : زانو کا اندرونی حصہ - بندوبست -
الاِبَاض - اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسّی -
تَاَبَّطَ الشیءَ : بغل میں لینا -
استأبط الرجلُ : اوپر سے تنگ اور اندر سے چوڑا گڑھا کھودنا -
الاِبْطُ - بغل (مذکر و مؤنث) ج آباط - ابط الجبل : دامن کوہ -

الاِبَاط - بغل میں لی ہوئی چیز -
اَبِقَ (س) و اَبَقَ (ن ض) اِبَاقًا و اَبْقًا و اُبُقًا - العبدُ : بھاگنا - صفت - آبِقٌ ج اُبَّقٌ و اُبَّاقٌ -
تَاَبَّقَ - چھپنا — الشیءَ : انکار کرنا - اور برا سمجھنا -
الاَبَقُ - بھنگ - بھنگ کا چھلکا - کتان -
اَبِلَ (س) اَبَلًا و اَبَلَ (ن) اَبَالَۃً : اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا - صفت ابِل و آبِل ج اُبَّال
اَبَلَ (ن) اَبَالَۃً - راہب بننا -
اَبَّلَ - بہت اونٹوں کا مالک ہونا - الاِبِلَ : چھانٹ کر جمع کرنا -
تَاَبَّلَ - ابابل : چھانٹ کر جمع کرنا -
الاِبِلُ و الاِبْلُ - اونٹ (مفرد کیلئے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال -
الاُبُلَّۃ - قبیلہ - کہا جاتا ہے "جاء فی اُبُلَّتِہ" وہ اپنے قبیلہ میں آیا -
الاَبِیْلُ : ج ابال و اُبُل و الاَبِیْلی و الاَیْبُلی - راہب -
الاِبَالَۃُ - جماعت - مال کا بہترین انتظام - حسن سیاست — و الاِبَیْلَۃ و الاِبَّالَۃ و الاِبَالَۃ - گھاس یا لکڑی کا گٹھا - کہا جاتا ہے - "ضغثٌ علی اِبَالۃ" یعنی مصیبت بالائے مصیبت
الاَبَابِیْل - فرقے - ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں - طیرٌ ابابیل : غول کے غول پرندے -
المَأبَلَۃ - بہت اونٹوں والی زمین -
اِبْلِیْسُ - شیطان کا علم جنس ج اَبَالِس اَبَالِسَۃ
اَبَنَہ (ن ض) اَبْنًا - بشیءٍ : عیب لگانا - تہمت رکھنا - الدمُ فی الجرح : کالا ہو جانا -
اَبَّنَہ - عیب لگانا - شرم دلانا - مردہ کے اوصاف و محاسن شمار کرنا - و تَاَبَّنَہ - پیچھے پڑنا انتظار کرنا -
اِبَّانُ الشیءِ : کسی چیز کی ابتداء - کسی چیز کا وقت -

الاُبْنَۃ - عیب - کینہ - لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن
اِبَانَۃُ - الرجلِ : سارے ساتھی -
الاِبْنُ - بیٹا -
الاَبْنُ - خشک کھانا -
الاَبنوس و الآبنوس - ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی -
اَبَہَ (ف) اَبْھًا لہ : تاڑ جانا - لایُؤبہ لہ : اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی -
اَبَّھَہُ : خبردار کرنا - سمجھانا -
تَاَبَّہَ - علیہ : تکبر کرنا - بڑا بننا - عن کذا : اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا -
الاُبَّھَۃ - و الاَبْھَۃ : بڑائی - غرور - نخوت
اَبَا (ن) اِبَاوَۃً و اُبُوَّۃً و اُبُوًّا - باپ ہونا - — الیتیمَ : پرورش کرنا - کہا جاتا ہے "اَبَوتُہ واَمَمْتُہ" میں اس کے لئے ماں باپ بن گیا -
اَبَّی - فلانًا : کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں -
تَاَبَّی - فلانًا : باپ بنانا -
الاَبُ - باپ - وہ شخص جو کسی چیز کے لئے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو - اس کا حرف آخر حالت رفعی میں واو سے اور حالت نصبی میں الف سے اور حالت جری میں یاء سے آتا ہے جیسے تم کہتے ہو - جاء ابوک، رایت اباک و مررت بابیک - اور مثنّٰی کی صورت میں ابان اور یا ابیتو - ج آباء و ابُوّن -
اَبُو اَیاس : ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی وغیرہ -
اَبُو اَیُّوب : اونٹ - اَبُو الاَبْرَد : گدھ - اَبُو الاَخْزَر : چیتا - ابو الاصبع : گدھ - ابو الاضیاف : میزبان - ابو بُرَیص : چھپکلی - ابو البشر : کنیت سیدنا آدم - ابو ثقیف : سرکہ - ابو بَث : دسترخوان - ابو جُعَادہ : ٹڈی - ابو جابر : بجو - ابو جِعْران : گبریلا - ابو جمیل : ترکاری - ابو جُنَیب : بھنا ہوا بکری کا بچہ - ابو صَحیح : لقلق - ابو جذر : گرگٹ - ابو الحُصَین : لومڑی - ابو خالد : کتا - ابو خصیب : گوشت - ابو دغفاء : بیوقوف - ابو رزین : ایک قسم کا حلوہ - ابو رعلۃ : بھیڑیا - ابو زاجر : کوا - ابو زہرۃ : گیدڑ - ابو سلیمان : مرغ - ابو السرد : بجو -

اَبُوعُذْرِالمَرْأَة: شوہر ابو عِسْلَة: بھیڑیا۔ ابو اعفا: گدھا۔ اَبُوعُقْبَہ: سور۔ اَبُوالحَکَار: فالودہ۔ ابوعَمْرَة: افلاس، بھوک۔ اَبُوعَوف: ٹرٹدی۔ اَبُوعَوْن: نمک۔ اَبُوغَزْوَان: بلی۔ ابوقترہ: کمیت، ابلیس اَبُوقِرَة: گرگٹ۔ اَبُوکَلَاة: نر بجو۔ اَبُولاحِق: باز ابولبید: شیر۔ اَبُومَالِک: بھوک، بڑھاپا۔ گدھ۔ اَبُومَثْوَی: میزبان۔ اَبُومَذْقَة: بھیڑیا اَبُومُرَّة: شیطان۔ اَبُومَرْیَم: قاضی کا پیادہ۔ ابوالمِنْہال: گدھ۔ اَبُومَشْغُول: نر چیونٹی۔ اَبُومُرْیِنَا: مچھلی۔ اَبُومُعَاوِیَة: چیتا۔ ابوالمُنْذِر: مرغ۔ ابونعیم: روٹی۔ اَبُوالوَثَّاب: عُقاب اور بقول ازری ہرن۔ اَبُوہُبَیْرَة: نر مینڈک۔ ابوالہِنْبِر: نر بجو۔ اَبُویَحْیٰی: ملک الموت۔ اَبُوالیَقْظَان: مرغ۔

کہا جاتا ہے "لاأبَ لکَ ولااُمَّ لکَ ولاأبَا لکَ" یہ جملے خبریہ ہیں، مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور "بابی انت" کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے اوپر فدا ہو۔

اَبٰی (ف، ض) اِبَاءً واِبَاءَةً وتَأبّٰی۔ الشیئَ: ناپسند کرنا۔ انکار کرنا۔ صفت اٰبٍ ج آبُون و اُبَاة و اُبَاء۔

اَبِیَ عَلَیہِ وتَأبّٰی: باز رہنا۔ خوددار ہونا۔

آبَاہ اِیبَاءً الشیئَ: خوددار بنانا۔

الاَبِیّ۔ نفرت کرنے والا، رذائل سے اپنے آپ کو بلند رکھنے والا۔

رجلٌ اَبَّاءٌ۔ خوددار مرد۔

تَأتَّبَ واِئْتَتَبَ: بے آستین والی قمیص پہننا

الاِتْب: بے آستین والی قمیص۔ ج اُتُوب و آتُب واِتَاب و آتَاب۔ واِتْبُ الشعیر: جَو کا چھلکا

آتَابِک۔ امیر، سردار۔ اس لفظ کا اطلاق اولاد سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔

الاِتَاد: دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں میں باندھنے کی رسی۔ ج آتِدَة۔ واُتُد۔

الاُتْرُجّ والاُتْرُنْج۔ لیموں۔ لیموں کا درخت

اَتَلَ (ض) اَتْلًا واَتَلَانًا واَتَلَانًا: غصہ کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔ من الطعام: شکم سیر ہونا۔

اَتَمَ (ض) اَتْمًا۔ دو چیزوں کو جمع کرنا۔ بالمکان: اقامت کرنا۔ تاخیر کرنا۔

المَأتَم: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ عموماً اسکا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے جو اظہار غم کے لئے ہو۔ ج مآتِم۔

الاَتَان: گدھی۔ ج اُتُن واُتْن و آتُن و

اِستَأتَنَ۔ گدھی خریدنا۔ اور "کان حِمارًا فاستأتَنَ" کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب عزت تھا، ذلیل ہو گیا۔

الاَتُّون: حمام کا آتشدان۔ چونا بنانے کی بھٹی۔ ج اُتُن و اَتَاتِین۔

اَتَا (ن) اَتْوًا واِتَاءً۔ الشجرُ: پھل ظاہر ہونا۔ بہت پھلدار ہونا۔ بہ علیہ: چغل خوری کرنا۔

اَتَوتُہ اِتَاوَةً: رشوت دینا۔

اِتَاءُ الارض: زمین کی پیداوار۔

الاِتَاوَة: خراج۔ رشوت۔ ج اَتَاوِی

اَتٰی (ض) اِتْیَانًا واُتِیًّا واِتْیَانَةً واَتَاةً وَاَتْیًا۔ المکان: حاضر ہونا۔ الشیئَ: کرنا۔ علی الشیئ: پورا کرنا، نافذ کرنا۔ الرجل: مرد کے پاس سے گذرنا۔ علیہ الدہرُ: ہلاک کرنا۔

اَتّٰی تَأتِیَةً وتَأتِّیًا۔ الماءَ: پانی بہنے کے لئے راستہ نکال دینا۔

آتَاہُ مُؤَاتَاةً۔ علی الشیئ: موافقت کرنا۔

آتٰی اِیتَاءً۔ فلانًا الشیئَ: دینا۔ الیہ الشیئَ: بھیجنا۔ الرجلَ: بدلہ دینا۔

تَأتّٰی۔ الامرُ: تیار ہونا۔ آسان ہونا۔ للامرِ: نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔ — معروفہ: درپے ہونا۔

اِستَأتٰی۔ الرجلَ: آنے کی درخواست کرنا۔ سست سمجھنا۔

الاَتِیّ والاَتَاوِیّ۔ اجنبی۔ مسافر۔ سیل۔

اَتِیّ واَتَاوِیّ: اچانک آنے والا سیلاب۔

المَأتٰی والمَأتَاة۔ جہت۔ سمت۔ کہا جاتا ہے "اَتٰی الامرَ من مأتاہ ومن مأتاتہ" اس نے معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔

اَثَّ (ض، ن، ض) اَثًّا واُثُوثًا واَثَاثَةً۔ النبات والشعرُ: گنجان ہونا۔ صفت اَثٌّ و اَثِیثٌ ج اِثَاث۔

اَثَّثَ۔ الفراشَ: بچھانا۔

تَأثَّثَ۔ مال پانا۔

الاَثَاث۔ سامان خانہ۔ سال۔

اَثَرَ (ن، ض) اَثْرًا واَثَارَةً واُثْرَةً۔ الحدیثَ: نقل کرنا۔ صفت مفعولی (مأثور)۔ — ہ: اکرام وتعظیم کرنا۔

اَثِرَ (س) اَثَرًا۔ یفعل کذا: کرنے لگا۔ للامرِ: پورے انہماک سے مشغول ہونا۔ — علیہ: پکا ارادہ کرنا۔ — علیہم: اپنے لئے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔

اَثَّرَ۔ فیہ: اثر کرنا۔

آثَرَہ اِیثَارًا: اکرام کرنا۔ چننا۔ فضیلت دینا۔ آثر کذا بکذا: پیچھے لگانا۔

تَأثَّرَ واِئْتَثَرَ۔ فلانًا: نقش قدم کی پیروی کرنا۔ — منہ وبہ: اثر قبول کرنا۔ تم کہتے ہو "ما تأثّرَ الیَّ اَثَرًا" اس نے میرے ساتھ کچھ بھی احسان نہیں کیا۔

اِستَأثَرَ۔ بالشیئ علی الغیر: اپنے لئے مخصوص کرلینا۔ — اللہُ بہ: وفات دینا۔

الاَثَر: نشان۔ حدیث۔ سنت۔ مدت۔ ج آثار واُثُور۔ علم الآثار: پرانی یادگار چیزوں کا علم۔ کہا جاتا ہے "خرج فی (اَثَرِہ) وفی (اِثْرِہ)" وہ اسکے بعد نکلا۔ و"علی الاثر" یعنی فوراً۔

الاَثَرِیّ۔ ماہر آثار قدیمہ۔

الاُثْر والاُثُر۔ زخم کا نشان۔ ج آثار واُثُور

الاِثْر۔ تلوار کا جوہر۔ ج اُثُور۔

الاُثْرَة۔ ج اُثَر والاَثَارَة۔ بقیہ علم۔ خاندانی وموروثی شرافت۔

الاَثَرَة۔ پسندیدگی۔ ترجیح۔ خودغرضی۔

الاَثِیر۔ تلوار کا جوہر۔ معزز۔ ج اُثَرَاء۔ فرسٌ اثیر: کھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا۔

الاَثِیر۔ قدما کے نزدیک یعنی نواں آسمان۔ اور علماء طبیعات کی اصطلاح میں ہیتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے تموج سے گرمی بڑھتی اور آواز دور تک جاتی ہے۔

حدیث مأثور: وہ بات جو قرنًا بعد قرن نقل ہوتی

چلی آئے اور اسی سے ہے "السیف المأثور" خاندانی تلوار۔

المأثَرة، المأثُرة۔ عمدہ فعل۔ خاندانی و موروثی عزت۔ ج مآثر۔

أَثِفَه (ن) أَثْفًا۔ پیچھے جانا۔ طلب کرنا۔

أَثَّفَ تأثیفًا۔ القدر: پائے پر رکھنا۔

تأثَّفَ الرجلُ المکانَ: جم کے رہنا۔۔۔۔

القومُ الامرَ وعلیہ: اکٹھا ہونا۔

الأُثْفِیّة۔ دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔

اثافی۔ ثالثۃ الاثافی: پہاڑ کا ایک حصہ (کہ جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں) کہا جاتا ہے "رماہ اللہ بثالثۃ الاثافی" اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔

أَثَلَ (ن) أُثُولًا وأَثُلَ (ک) أَثَالَۃً۔ جڑ پکڑنا۔ صفت أثیل ومؤثّل۔

أَثَّلَ۔ المال: زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھیرانا۔

—— المرءَ تعظیم کرنا۔ المجد: مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔

تأثَّل۔ جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا۔ —— المالَ: کما کر بڑھانا۔ —— البئرَ: کھودنا۔

الأَثْل: جھاؤ کا درخت۔ واحد أَثْلَۃ۔ ج أَثَلات وأثال وأُثول۔ کہا جاتا ہے "نحت أثلتہ" اس نے اسے عیب لگایا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔

الأَثَلۃ والأُثْلۃ۔ گھریلو سامان۔ اصل سامان۔

الأَثْلۃ والأَثال والأُثال: موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔

أَثِمَ (س) إِثْمًا وأَثَمًا وأَثامًا ومأثمًا: گناہ کرنا۔ صفت۔ أثیم ج ثماء وأَثِم ج أَثَمَۃ۔

أَثَمَ (ن ض) أَثْمًا۔ اللہُ فلانًا کذا: گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔

أَثَّمَہ: گناہ کی طرف منسوب کرنا۔

آثَمَہ: مبتلائے گناہ کرنا۔

تأثَّم: گناہ سے بچنا۔

الإثم: ج آثام والمأثمۃ والمأثم۔ ناجائز فعل گناہ۔ جرم۔

الأَثَام۔ بھیڑیا۔ جوا۔ شراب (آخری معنی کا ابوبکر نے انکار کیا ہے۔)

أَثَا (ن) أَثْوًا وإِثَاوَۃً وأَثَى (ض) أَثْيًا وإِثَايَۃً۔ ب: چغل خوری کرنا۔

تأثّى وتأثّا أثوًا: بادشاہ کے پاس مقدمہ لیجانا

المأثِیَۃ والمأثاۃ: چغل خوری۔

أَجَّ (ن) أَجِیجًا: بھڑکنا۔ صفت أَجّاج و أَجُوج۔ —— أُجُوجًا۔ الماء: کھاری ہونا۔

أَجَّجَ۔ النارَ: بھڑکانا۔ —— علی العدو: دشمن پر حملہ کرنا۔

آجَّ۔ الماءُ: کھاری ہونا۔

تأجَّجَ وتأجَّجَ وائتجَّ: بھڑکنا۔ ائتجّ الحرّ: تیز گرم ہونا۔

الأُجاج: بہت کھاری پانی۔

الأَجّۃ: گرمی کی شدت۔ ج إجاج —— و

الأَجِیج: شور، چلنے کی آہٹ۔

أَجَدَہ وآجَدَہ وأَجَّدَہ: قوی کرنا۔ مضبوط کرنا۔ ناقۃ أُجُد: مضبوط اونٹنی

الإجاد: چھوٹا طوق۔

المؤجَّد: مضبوط کیا ہوا۔ بناءٌ مؤجَّد: مضبوط عمارت، ثوب مؤجد النسیج: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

أجر (ض ن) أجرًا وإجارۃً وآجر إیجارًا۔ الرجلَ علی کذا: بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔

أجر (ن ض) أجرًا وأَجارًا وأُجورًا۔ العظمُ: جڑ جانا —— العظمَ: جوڑنا۔

أَجَّرَ۔ الطینَ: پکانا

آجرَ مؤاجرۃ۔ الرجلَ: مزدور بنانا۔

—— إیجارًا۔ الدار فلانًا ومن فلان: کرایہ پر دینا صفت کا صیغہ مُؤجِر بکسر الجیم ہے مؤاجر نہیں۔

ائتجر: صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔ علیہ بکذا: اجرت پر مزدور ہونا۔

استأجر۔ الدار: کرایہ پر لینا۔ الرجلَ: مزدور رکھنا۔

الأجر: ثواب۔ ج أجور وآجار

الآجُرّۃ: اینٹ۔ ج الآجر۔

الأُجرۃ: ج أُجَر والإجارۃ: کرایہ۔ مزدوری۔

الأَجِیر: مزدور۔ نوکر۔ ج أُجَراء۔

إجّاص: آلو بخارا۔ زرد آلو۔

أَجَلَ (ن) أَجْلًا۔ علیہ شرًّا: کسی کیخلاف شر اٹھانا۔

أَجِلَ (س) أَجَلًا: پیچھے رہنا۔ دیر کرنا۔ گردن میں درد والا ہونا۔ صفت أَجِل و أَجیل۔

أَجَّلَ۔ الشيءَ: مدت مقرر کرنا۔ مہلت دینا۔

—— الرجلَ: درد گردن کا علاج کرنا۔

تأجَّلَ: پیچھے رہنا۔ مدت معین کرانا۔

استأجل: مدت معین کرانا۔

أَجَلْ: ہاں۔

الأَجَل: مدت، وقت، موت۔ ج آجال

الأَجْل: سبب۔ کہا جاتا ہے "من أجلك فعلتُ ہذا" تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا۔

الإِجْل: گردن کا درد، الإجل: نیل گایوں کا گلہ۔ ج آجال۔

الآجل والآجلۃ: دیر سے ہونیوالا آخرت

أَجَمَ (ض) أجمًا وأجیمًا وتأجّم۔ النہار: سخت گرم ہونا۔ تأجّم علیہ۔ غضبناک ہونا۔ تأجّم الاسد: جھاڑی میں داخل ہونا۔

الأَجَمۃ: گنجان درخت۔ جھاڑی، شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج أَجَم وأُجُم وأَجَمات وج ج آجام

الأُجُم: قلعہ۔ ج آجام

أَجَنَ (ن ض) أَجْنًا وأُجُونًا وأَجِنَ (س) أَجَنًا۔ الماءُ: رنگ اور مزہ بدلنا۔ صفت آجن و اجن۔

أَجَنَ (ن) أَجْنًا۔ الثوبَ: کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا۔

الإجّانۃ: کپڑے دھونے کا ٹب۔ ج أَجاجین تھالہ۔

المِیجَنۃ والمِیجَن: دھوبی کی موگری۔ ج مَآجِن

اَحَّ (ن) اَحًّا: کھانسنا۔
الاُحَاحُ: پیاس۔ والاَحِیْحُ والاَحِیْحَۃُ غصہ۔
اَحَّدَ و وَحَّدَ۔ المتعدد: ایک کردینا۔
— العَدَدَ: ایک پُرشادینا۔
اِتَّحَدَ: بہ۔ سُکّھا ہونا۔ متفق ہونا۔ —
واِسْتَحَدَ: اکیلا ہونا۔
اِسْتَاحَدَ: اکیلا ہونا۔
اَلاَحَدُ۔ ایک، اکیلا، یکتا۔ مونث اِحدیٰ کہا جاتا ہے "فلان اَحَدُ الاَحَدِیْنَ" فلاں بے مثل ہے
اِحْدَی الاَحَد: بڑا عجیب معاملہ۔
اُحَادَ۔ ایک ایک۔ کہا جاتا ہے "جاءُوا اُحَادَ اُحَادَ" یعنی وہ لوگ ایک ایک کرکے آئے
الاَحَدُ: اتوار کا دن۔ یکشنبہ۔ ج آحاد۔
اُحُد: مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔
الاَحَدِیَّۃُ: یکتائی۔
اَحِنَ (س) اَحَنًا۔ پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا۔
آحَنَ مُؤَاحَنَۃً الرَّجُلَ: کسی سے دشمنی رکھنا
الاِحْنَۃُ: کینہ ج اِحَن۔
الاَحِیْخَۃُ: دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا۔
الاُخْبُوطُ والاُخْطُبُوطُ۔ مکڑی کی قسم کا ایک کیڑا
اَخَذَ (ن) اَخْذًا و تَأْخَاذًا۔ لینا۔ ہ، بہ: پکڑنا۔ ہ بِذَنْبِہٖ: سزا دینا۔ مواخذہ کرنا۔
— علی یَدِہٖ: کرنے سے روک دینا۔ مِنْ شَارِبِہٖ چھانٹنا، کترنا۔ عَنْہُ: نقل کرنا۔ سیکھنا۔ — علی نفسہ: نگرانی کرنا۔ فِیْہِ الخَمْرُ: اثر کرنا۔ یَفْعَلُ: کرنے لگنا۔ فی کذا: شروع کرنا۔ — اِخْذَہٗ و بِاِخْذِہٖ: طریقہ اختیار کرنا۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا
آخَذَہٗ: جادو کرنا۔
آخَذَہٗ مُؤَاخَذَۃً: ملامت کرنا۔ عتاب کرنا
— ہٗ علی ذَنْبِہٖ و بِذَنْبِہٖ: سزا دینا۔
اِتَّخَذَ: کر دینا۔ بنا دینا۔ عاجز ہونا۔
اِتَّخَذَہٗ وتَخِذَہٗ (س) تَخْذًا۔ صدیقاً: دوست بنا لینا۔

اِسْتَاخَذَ: درد کی وجہ سے سر جھکانا۔
الاُخُذُ: آشوبِ چشم۔
الاُخْذَۃُ: افسوں، منتر۔ درندوں کو شکار کے لئے گڑھا۔
الاَخِذَۃُ۔ بے حسی یا اعضاء کی بیوست۔
الاِخَاذَۃُ پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج اِخاذات و اِخاذ۔ اِخاذ کی جمع اُخُذ و اُخْذ
الاَخِیْذُ، قیدی ج اَخْذیٰ۔
الاَخِیْذَۃُ، لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال غصب کیا ہوا مال۔
المَأْخَذُ: راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے۔ ج مَآخِذ۔ المَآخِذ: پھندے۔ جال۔
اَخَّرَ تَاْخِیْرًا۔ ہ عنہ: پیچھے کرنا۔
تَاَخَّرَ و اِسْتَاْخَرَ۔ پیچھے رہنا۔
الآخَرُ: غیر۔ ج آخَرُوْن۔ مونث اُخریٰ و اُخْراۃ ج اُخَر و اُخْرَیَات بطور کنایہ بولتے ہیں۔ "ابعد اللہ الآخر" یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے۔
الاُخُرُ: پچھلا حصہ، کہا جاتا ہے "شَقَّ ثَوْبَہٗ اُخُرًا ومِنْ اُخُرٍ" اس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا۔
الاَخَرَۃُ: دیری۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ اَخَرَۃً و بِاَخَرَۃٍ" وہ آخر میں آیا۔
الآخِرُ: پچھلا۔ ج آخِرُون۔ مونث آخِرَۃ۔ ج اَواخِر۔ کہا جاتا ہے "لا افعلہ آخرالدہر واُخری اللیالی" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔ آخریا
الجَنِیْنَۃُ: باغ کا آخری حصہ۔
الآخِرَۃُ والاُخْریٰ۔ دار البقا اور نسبت کے لئے اُخْرَوِیّ۔
المُؤْخِرُ والمُؤْخِرَۃُ۔ ج مَآخِر والآخِرَۃُ مِنَ العَیْنِ: کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ۔
مُؤْخِرَۃُ الرَّحْلِ و مُؤَخَّرَتُہٗ وآخِرَتُہٗ، کجاوہ کا پچھلا حصہ۔
المِئْخَارُ مِنَ النَّخْلِ: کھجور کا درخت جس کا پھل جاڑے کے اخیر تک باقی رہے۔ ج مَآخِیر۔

مُؤَخَّرُ الشَّیْءِ: چیز کا پچھلا حصہ۔
اَخَا (ن) اُخُوَّۃً۔ ہٗ: بھائی یا دوست بننا
آخیٰ۔ لِلدَّابَّۃِ: اِخیہ بنانا (دیکھئے لفظ اِخیہ)
آخیٰ اِخَاءً و مُؤَاخَاۃً واِخَاوَۃً۔ ہ: بھائی یا دوست بنانا۔
تَاَخّیٰ۔ ہٗ: بھائی بنانا۔ یا بھائی کہہ کے پکارنا
— تَوَخّیٰ: قصد کرنا۔
تَآخَیَا: باہم بھائی بھائی ہونا۔
الاَخُ والاَخُّ والاَخْوُ والاَخَا: بھائی یا ساتھی دوست۔ تثنیہ اَخَوَان۔ ج اِخْوَۃ و اُخْوَۃ و اِخْوَان و اُخْوَان و اُخُوّ و آخَاء۔ اور بقول بعض الاخوان اس اخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور الاخوۃ اس اخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے۔ اور نسبت کے لئے اَخَوِیّ و اَخِیّ
الاُخْتُ: بہن۔ ج اَخَوات۔
الآخِیَۃُ والآخِیَّۃُ: رسی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں ج اَوَاخِیّ و اَوَاخِیَا و اَوَاخٍ۔ کہا جاتا ہے۔ "شَدَّ اللہُ بَیْنَکُمَا اَوَاخِیَ الاِخَاءِ" اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے
آخِیُّون: ناگ پھنی۔
اَدَّ (ض ن) اَدًّا۔ ہٗ الوَیْلُ: مصیبت کا اچانک آنا۔ — الاَمْرُ بھاری اور دشوار ہونا۔
— الرَّجُلُ فی الاَرْضِ: سفر کرنا۔
تَاَدَّدَ۔ الاَمْرُ: سخت و ہولناک ہونا۔ صفت آدِیْد۔
الآدِیْدُ: شور
الاِدُّ والاِدَّۃُ۔ سخت و دشوار کام مصیبت ج اِدَاد و اِدَد۔
اَدُبَ (ک) اَدَبًا: زیرک و دانشمند ہونا۔ صاحب ادب ہونا۔ صفت ادیب۔ ج اُدَبَاء
اَدَبَ (ض) اَدْبًا و آدَبَ اِیْدَابًا دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ آدَبَہٗ و اَدَبَہٗ دعوت میں بلانا۔ کہا جاتا ہے "ادبہم علی الامر" اس نے

ان سب لوگوں کو کام پر جمع کر دیا۔

أَدَّبَ: مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔ ادب سکھلانا۔ جرم پر سزا دینا۔

تَأَدَّبَ۔ مہذب اور شائستہ بننا۔ ادب سیکھنا — من فلان: کسی کے اخلاق پر اٹھنا — بہ: اقتدا کرنا۔

إِسْتَأْدَبَ۔ ادب سیکھنا۔

الأَدَبُ۔ اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو۔ ظریفی۔ خوش طبعی۔ ج آداب نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم و معارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر۔ کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آداب مجلس۔ آداب درس وغیرہ۔ علم ادب۔ وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے۔

الأُدْبَةُ والمَأْدُبَةُ والمَأْدَبَةُ۔ کھانا جو دعوت کے لئے تیار کیا جائے۔ ج مَآدِب۔

أَدِرَ (س) أَدَرًا۔ الرجلُ: اماس خصیہ والا ہونا۔ صفت آدَر۔

الأُدْرَةُ والأَدَرَةُ۔ آماس خصیہ۔

الأَدَاف۔ آلہ تناسل۔ کان۔

أَدَلَ (ض) أَدْلًا۔ الجرحُ: کھرنڈ اترنا۔ — اللبنَ: بلونا — الباب: بند کرنا۔ (اقرب)

الإِدْل۔ گردن کا درد۔ گاڑھا کھٹا دودھ۔

أَدَمَ (ض) أَدْمًا۔ الخبزَ: سالن لگانا صفت مفعولی مأدوم: أَدِيم۔

— وآدَمَ إِيدَامًا۔ بين متخاصمين: صلح کرانا۔ الفت و اتفاق پیدا کرانا۔

أَدَمَ (ض) أَدْمًا۔ الہ: اپنے لوگوں کیلئے نمونہ بننا۔

أَدِمَ (س) أَدَمًا وأَدُمَ (ك) أُدْمَةً۔ گندم گوں ہونا۔

إِئْتَدَمَ۔ سالن سے روٹی کھانا۔

الإِدَام۔ ہر موافق و مناسب چیز۔ سالن ج آدِم و آدُم۔

الأُدْم۔ ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جائے

الأَدَمَةُ والأَدَم۔ چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ۔ کہا جاتا ہے "فلان إدام قومہ وأدم بني أبيہ وأَدَمَةُ قومہ" فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔

آدم۔ حضرت سیدنا ابو البشر علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اسم گرامی۔ افراد جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج أَوَادِم۔ نسبت کیلئے آدَمِيّ

الآدَم۔ گندم گوں۔ مونث أَدْمَاء۔ ج أُدْم۔

الأَدَّام۔ چمڑے کی تجارت کرنے والا۔

الأَدِيم۔ پکایا ہوا چمڑا۔ ادیم النہار: دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "ظل ادیم النہار صائمًا" وہ پورے دن روزہ سے رہا۔ ادیم الضحیٰ: چاشت کی ابتدا۔ ادیم اللیل: رات کی تاریکی۔ والادیم من السماء والارض: آسمان و زمین کا ظاہری حصہ۔ ج أُدُم وأُدْم وآدِمَة وآدام۔

الأُدْمَة۔ قرابت۔ وسیلہ۔ گندم گونی۔

أَدَا (ن) أُدُوًّا۔ الثمرُ: پکنا۔ اللبنُ: گاڑھا ہونا — أَدْوًا۔ اللبنَ: بلونا۔ برجل: دھوکا و فریب دینا۔

تَأَدَّى وتَآدَى۔ آلہ بنانا۔ تیاری کرنا۔ زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لئے اسباب مہیا کرنا۔

الأَدَاة۔ آلہ۔ ج أَدَوَات۔

الإِدَاوَة۔ چمڑے کا چھوٹا برتن۔ ج أَدَاوَى۔

أَدَى (ض) أَدْيًا وأَدَّى تَأْدِيَةً۔ الشيءَ: پہونچانا۔ ادا کرنا۔

آدَى إِيدَاءً۔ تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ علیہ: مدد کرنا۔

تَأَدَّى۔ لہ من حقہ: ادا کرنا — الیہ الخبرُ: پہنچنا

إِسْتَأْدَى۔ فلانًا المالَ: لینے کی طلب کرنا

الأَدَاء۔ ادائگی۔ پہونچانا۔

إِذْ۔ زمانہ ماضی کے لئے ظرف ہے اور اس کے بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے۔ اور کبھی جملہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں جیسے "حتی جاءکم الموت فحینئذ تعلمون"۔ یہ اصل میں یوں ہے فحین اذ جاءکم تعلمون۔ اور کبھی مفاجاۃ کے لئے آتا ہے جیسے بینما انا جالس اذ جاء زید۔ اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے ضربت ابنی إذ أساء میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

إِذَا۔ زمانہ مستقبل کیلئے ظرف ہے۔ اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اذا اجتہدت نجحت" جب تم کوشش کروگے کامیاب ہوگے۔ اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خرجت فاذا الاسدُ بالباب" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذار وأَذَار۔ ماہ مارچ (رومی مہینے کا نام)

الأَذَرْيُون۔ سورج مکھی۔

إِذْمَا۔ حرف شرط ہو بمعنی إن۔ اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے۔ جیسے إذ ما تقم أقم۔

إِذَنْ و إِذًا۔ حرف جواب و جزا ہے مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "أزورك غدًا" تو اس کے جواب میں تم کہو "إذن أكرمك"

أَذِنَ (س) أَذَنًا۔ الیہ ولہ: کان لگانا۔ سننا کہا جاتا ہے "حدثتہ فأذن لي أحسن الأذن" میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

— إِذْنًا وأَذِينًا۔ لہ في الشيء: اجازت دینا۔ مباح کرنا — إِذْنًا وأَذَنًا وأَذَانًا وأَذَانَةً بالشيء: جاننا۔

أَذَنَہ (ن) أَذْنًا۔ کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

أُذِنَ۔ کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ إِيذَانًا۔ فلانًا الأمرَ وبالأمر: جتلانا۔ آگاہ کرنا — الرجلَ: کان پر مارنا — العشبُ: خشک ہونے لگنا۔

— وأَذَّنَ تَأْذِينًا۔ بالصلاۃ: اذان دینا۔

أَذَّنَ الولدَ: کان گرم کرنا۔

تَأَذَّنَ۔ قسم کھانا — الأمرَ: آگاہ کرنا۔ جتلانا — بالشر: ڈرانا۔ الأمير في الناس: امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

إِسْتَأْذَنَ۔ ہ: اجازت طلب کرنا۔ علیہ: اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

الإِذْن۔ اجازت۔ علم۔ کہا جاتا ہے "فعلہ باذني"

اُس نے اُس کو میری دانستگی میں کیا۔

الاُذُن والاُذْن ۔ کان (مونث) ج آذان۔ تصغیر اُذَیْنَۃ۔ آذانُ الفار و ۔ الجدی و ۔ للاَرنب و ۔ الفیل: مختلف نباتات کے نام اُذن الکوز: ٹونٹی ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ اُذُنٌ مِن الاُذن" فلاں ہر ایک کی بات سُن کر مان لیتا ہے۔ اور یہ لفظ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مونث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے ہی اذنٌ ہما اُذُنٌ ہم اُذُنٌ ۔ اور کہا جاتا ہے "جاءَ ناشرًا اُذُنیہ" وہ لالچ کرتا ہوا آیا۔ "وجاءَ لابسًا اُذُنیہ" وہ غافل ہو کر آیا۔

الاِذْنَۃ: خواہش۔

الاَذَان: خبردار کرنا۔

الآذَنُ والاُذَانِیُّ: بڑے کان والا۔

الاَذِین والمُؤذِّن ۔ اذان دینے والا۔

الاَذِین: سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

المِئذَنَۃ: اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مآذن۔

اَذِیَ (س) اذیً واَذاۃً: تکلیف پانا۔ صفت آذٍ۔

آذیٰ اِیذَاءً ۔ الرجلَ: تکلیف پہونچانا۔

تَاَذّٰی: تکلیف اٹھانا۔

الاَذیٰ والاَذِیَّۃ والاَذَاۃ: تکلیف بخش۔

الاَذِی: تکلیف زدہ۔

الاَذِیّ: سخت تکلیف پہنچانے والا یا سخت تکلیف پانے والا۔

الآذِیّ: موج دریا۔ ج اواذِیّ

اَرِبَ (س) اَرَبًا ۔ ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ اَرِیبٌ ۔ مونث اَرِیبَۃٌ۔ اَرِبَ بالشیءِ: مشتاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا ۔ الیہ: محتاج ہونا۔ الرجلُ: کسی کے اعضا کا گر جانا ۔ علیہ: قوی ہونا

اَرَبَ (ض) اَرْبًا ۔ العقدَ: مضبوط گرہ لگانا ۔ الرجلَ: عضو پر مارنا۔

اَرُبَ (ک) اَرَابَۃً واَرْبًا: عقلمند و دانا ہونا صفت اَرِیبٌ واَرِبٌ۔

اَرَّبَ ۔ الشیءَ: مضبوط کرنا ۔ الشاۃَ: ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

آرَبَہ مُؤَارَبَۃً ۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

آرَبَ اِیرَابًا ۔ علیہم: کامیاب ہونا۔

تَاَرَّبَ: بتکلف زیرک بننا ۔ الامرُ: دشوار ہونا۔

اِسْتَاْرَبَ: مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے عادات کرنا۔ قرض لینا۔

الاَرَب: حاجت، ضرورت۔ انتہا۔ ج آراب

الاِرْب: عضو۔ کہا جاتا ہے "قطعتُ الذبیحۃَ اِرْبًا اِرْبًا" یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا ضرورت۔ ج آراب۔

— والاِرْبَۃ ۔ چالاکی۔ حیلہ۔

الاَرْب ۔ انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

الاُرَب: چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔

الاُرْبَۃ ۔ گرہ کتے کے گلے کا پٹہ۔ ج اُرَب۔

الاُرْبِیَّۃ: ران کی جڑ۔

الاُرْبَیَان ۔ جھینگا مچھلی۔

المَارَب والمَاْرُبَۃ: بتثلیث راء مارِبۃ: حاجت ج مآرب۔

الاُرَنَۃ: گرگٹ کے سر کے بال۔

اِرْث: دیکھئے مادہ ورث۔

اَرَّثَ ۔ بھڑکانا ۔ بینہم: فساد کی آگ بھڑکانا

تَاَرَّثَ: النارُ ۔ بھڑکنا۔

الاُرْثَۃ والاِرَاث: ایندھن۔

الاِرَاث والاَرَاثَۃ والاَرِیث: آگ

اَرِجَ (س) اَرَجًا واَرِیجًا وتَاَرُّجًا، خوشبو دینا مہکنا۔ صفت۔ آرِج۔ اَرِجَ الناسُ: رونے میں آواز بلند کرنا۔

اَرَجَ (ض) اَرْجًا ۔ الحقَّ بالباطلِ: حق میں باطل کی آمیزش کرنا۔

اَرَّجَ ۔ القومَ و بینہم: اکسانا ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت اَرَّاج ۔ النارَ: روشن کرنا۔

الاَرَّاج: بڑا جھوٹا۔

المُؤَرِّج: شیر۔

الاُرْجُوَان: ایک پھولدار درخت کا نام۔ سُرخ رنگ۔ سُرخ رنگ کے کپڑے۔

اَرَّخَ تَارِیخًا و آرَخَ مُؤَارَخَۃً ۔ الکتابَ: تاریخ لگانا۔

التَّارِیخ: وقت کا بیان کرنا۔ تاریخ الشیءِ: کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت۔ ج تَوَارِیخ۔

علم التاریخ: ایسا علم جس میں حوادث و واقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔

الاَرْخ: بیل۔ ج اُرُوخ۔

الاَرْخ: نیل گائے ۔ واحد اَرْخَۃ۔ ج آراخ و اِراخ۔

الاُرْخِیَّۃ ۔ پہاڑی بکری کا بچہ۔

الاِرْدَب ۔ ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس[۲۴] صاع غلہ آتا ہے۔

اَزَّ (ن) اَزًّا ۔ الدابۃَ: جانور کو ہانکنا۔ دھتکارنا ۔ دور کرنا ۔ المرأۃَ: عورت سے جماع کرنا ۔ النارَ: آگ سلگانا ۔ السلحَ: پاخانہ کرنا۔

اَزَّ (ف) اَزِیزًا ۔ المَاجِنُ: جوئے میں غصہ کے وقت ارے ارے کہنا۔

الاِرْزَۃ: آگ۔

اَرَزَ (ن ض ف) اَرْزًا واُرُوزًا: سمٹنا۔ سکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَارِزُ الیٰ وطنِہ" فلاں پھر کر اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے ۔ اللیلُ: ٹھنڈی ہونا۔ صفت اَرِیزٌ و آرِزٌ و اَرُوزٌ۔ اور کہتے ہیں "بِتنا لیلۃً آرِزَۃً یَارِزُ مَن بَہا اَشَدَّہٗ بَرْدًا" ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گذاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑا جا رہا تھا "واَرَزَتْ اَصَابِعُہ من البَرْدِ" اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑ گئیں۔ "وشجرۃٌ آرِزَۃٌ" وہ درخت جو جڑ پکڑ لے۔

اَرِیزُ ۔ القومِ: قوم کا سردار

الاَرْز ۔ صنوبر کا درخت۔

الأُرُزُ والأَرُزُ والأُرْزُ والرُّزُ۔ چاول۔ دھان۔

الأَرُوزُ۔ بخیل۔

أَرَسَ (ض) إِرْسًا وأَرْسًا۔ کاشتکار ہونا

الأَرِيسُ: کاشتکار۔ ج أَرِيسُونَ۔

الإِرِّيسُ: کاشتکار، بڑا کاشتکار۔ ج أَرَارِسَة وأَرَارِيسُ وأَرَارِسُ۔

الإِرْسُ: پاکیزہ نسب۔

أَرَشَ (ن) أَرْشًا۔ ہ: بھڑکانا۔ دیت دینا

أَرَّشَ: بینہم: فساد ڈالنا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف اکسانا ـــــ الحَرْبَ او النَّارَ: بھڑکانا۔

الأَرْشُ: دیت۔ رشوت، ج أُرُوشٌ

أَرَضَ (ن) أَرْضًا وأَرُضَ (ک) أَرَاضَةً المَكَانُ: سرسبز اور خوش منظر ہونا۔ صفت أَرِيضٌ

أَرِضَتْ (س) أَرَضًا وأُرِضَتِ۔ الخَشَبَةُ: دیمک خوردہ ہونا۔

أَرَّضَ: الكلامَ وغیرہ: آراستہ کرنا۔ تیار کرنا۔

تَأَرَّضَ: بالمكان: اقامت کرنا۔ زمین میں جم کے رہنا ـــــ لكذا: درپے ہونا۔

اسْتَأْرَضَ: السَّحَابُ: زمین سے قریب فضا میں پھیل جانا۔

الأَرْضُ۔ زمین۔ ج أَرَضُون وأُرُوض وأَرَاضٍ وآرَاض۔ زکام۔ جوڑی بخار، کہا جاتا ہے "اتانا ابنُ ارضٍ" ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا۔ "ارض النعل" جوتہ کی تلی۔

الأَرَضَةُ: ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے۔ دیمک۔ ج أَرَضٌ۔

المَأْرُوضُ: دیمک کھائی ہوئی لکڑی۔

الأَرْضِيُّ شَوْكِيٌّ۔ زمین پر پھیلنے والا ایک خاردار پودا۔

الأَرْطَى: ایک درخت جس کا پھل عناب کی مانند سرخ ہوتا ہے۔

الأُرْغُنُ والأَرْغَنُونُ: ارگن ایک قسم کا باجہ

أَرَّفَ تأريفًا۔ ہ ریفدی کرنا۔ الحَبْلَ: گرہ لگانا

أُرِّفَ۔ عَلَى الأَرْضِ: محدود کیا جانا۔

الأُرْفَةُ: دو زمینوں کے درمیان حد فاصل علامت، گرہ۔ ج أُرَفٌ۔

الأُرْفِيُّ: زمین کی پیمائش کرنے والا۔ خالص دودھ کہا جاتا ہے "ہو مُؤَارِفِي" یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد سے متصل ہے۔

أَرِقَ (س) أَرَقًا وائْتَرَقَ: رات میں نیند نہ آنا صفت أَرِقٌ وأَرِقٌ وآرِقٌ وأُرُقٌ آخر کا کلمہ اس شخص کے لئے ہے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔

أَرَّقَهُ تأريقًا وآرَقَهُ إِيرَاقًا: بیدار رکھنا۔

اليَرَقَانُ والأُرَقَانُ والإِرْقَانُ والأَرْقَانُ والأُرَاقُ، یرقان بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کھیت کو بھی ہوتا ہے۔

أَرَكَ (ن ض) أُرُوكًا الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانا۔

أَرِكَ (س) أَرَكًا وأُرِكَ۔ الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔ أَرَكَ وأَرِكَ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔

الأَرَاكُ: درخت پیلو۔ واحد أَرَاكَة ج أُرُك وأَرَائِك۔

الأَرِيكَةُ۔ آراستہ مزین تخت، ج أَرَائِكُ أَرِيك۔ کہا جاتا ہے "ہو كَرِيمُ المَأْرُوكِ، وہ کریم الاصل ہے۔ اركة: زخم کا کچا ہونا۔

الأَرْزَلَةُ: وہ چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹتے ہیں

أَرَمَ (ض) أَرْمًا۔ ما علی المائدۃ: سب کچھ چٹ کر جانا ـــــ الارضَ: زمین میں جڑ و شاخ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ صفت مفعول۔ أَرْمَاءُ ومَأْرُومَةٌ ـــــ الشَّيءَ: جڑ سے ختم کر دینا ـــــ الرَّجُلَ: نرم مزاج بنانا ـــــ الحَبْلَ: مضبوط بٹنا۔

الأُرَّمُ۔ داڑھیں، کہا جاتا ہے "يَحْرِقُ عَلَيْهِ الأُرَّمَ" وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیستا ہے، پتھر، انگلیوں کے کنارے، کنکریاں۔

الإِرَمُ والأَرِمُ: میدان میں رہنمائی کیلئے نصب کئے ہوئے پتھر، کہا جاتا ہے "ما بہا أَرِمٌ اور أَرِيمٌ" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام وأُرُوم۔

الأَرُومَةُ والأُرُومَةُ والأَرُومُ: درخت کی جڑ۔ ج أُرُم، اور حسب کے لئے استعارہ استعمال کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "نفس ذات اكرومة من الطيب أرومة" یعنی کریم النفس وکریم الاصل۔

الأُرْمَةُ: نشان راہ۔ ج أُرَمٌ۔

أَرِنَ (س) أَرَنًا وأَرِينًا وإِرَانًا۔ البَعِيرُ: نشاط میں آنا۔ صفت أَرِنٌ وأُرُونٌ۔

أَرَنَهُ (ن) أَرْنًا: دانت سے کاٹنا۔

آرَنَهُ مُوَارَنَةً وإِرَانًا: مفاخرت کرنا۔

الإِرَانُ: تابوت۔ ج أُرُنٌ۔ الإِرَانُ: تلوار۔

الإِرَانُ والمِئْرَانُ: وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ ج مَآرِنُ

شَاةُ إِرَانٍ: جنگلی بیل۔

الأُرْنَةُ: تر پنیر۔ اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لئے ڈالتے ہیں۔

الأُرْنِيُّ والأُرَانِيُّ والأُرْنِيُّ: ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنا دیتا ہے۔

الأَرْوَنِيُّ: زہر۔ اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا

الأُرْوِيَّةُ والإِرْوِيَّةُ: پہاڑی بکرا (مذکر و مونث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ ج أَرَاوِيُّ وأَرَاوَى وأُرْوَى۔

أَرَى (ض) أَرْيًا۔ النَّحْلُ: شہد بنانا۔

أَرِيَ (س) أَرْيًا۔ صَدْرُهُ عَلَيَّ: غضبناک ہونا

آرَى۔ الدابۃَ: جانور کے لئے تھان بنانا۔ ـــــ النارَ: سلگانا۔ بھڑکانا۔

تَأَرَّى۔ بالمكان: اقامت کرنا ـــــ عنہ: پیچھے رہ جانا۔

الأَرْيُ: شہد۔ کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔

الآرِيَّةُ: جانور کا تھان۔

الإزة: کوہان کی چربی۔
أزّت (ن ض) أزًّا و أزازًا و أزيزًا۔ القدرُ: جوش مارنا۔ سنسنانا۔ القدرُ وبہا: جوشش دینے کے لئے آگ جلانا۔ أزّ علی كذا: بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔ الشئَ: جمع کرنا۔
تأزّز۔ المجلس: اہل مجلس کا مضطرب ہونا اسم الأزَّة ہے۔
الأزُّ: پھوڑے وغیرہ کا درد۔
الأزيز: بادل کی گرج، دیگ کی سنسناہٹ سردی۔
أزب (ض ن) أزبًا۔ الماءُ: جاری ہونا۔
الإزب: لئیم۔ پست قد۔ چالاک
الأزب والأزيب: لمبا۔
المئزاب: پرنالہ، بدرو، پانی بہنے کی جگہ نابدان۔ ج مآزيب۔
الأزبة: شدت و قحط۔
أزج (ض) أُزوجًا۔ فی مشيه: تیز چلنا۔
أزج (س) أزجًا۔ العشبُ: گھاس کا طویل ہونا۔
أزج (ن) أزجًا عنی: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔
أزّج: البيتَ: لمبا بنانا۔
الأزج: لمبا مکان۔ ج آزج و آزاج و إزجة
الأزج: نازو انداز سے چلنے والا۔
فرس أزوج: تیز رفتار گھوڑا۔
أزح (ض) أُزوحًا و تأزّح۔ دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔ صفت أزوح۔ أزحت قدمہ: پھسلنا۔
الأزدرخت والآزادرخت: ایک درخت کا نام ہے۔
الآزاد: ایک قسم کی کھجور۔
أزر (ض) أزرًا۔ بالشئ: احاطہ کرنا۔ النباتُ: گنجان ہونا۔
— وأزّر فلانًا: قوی کرنا۔ وأزّره: ڈھانپنا آزره مؤازرةً: مدد دینا۔ غم خواری کرنا۔

تأزّر وائتزر واتّزر: ازار پہننا۔ تہ بند باندھنا۔
الأزر: قوت۔ پیٹھ کہا جاتا ہے "شد به ازره" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی۔ اور اسی سے قرآن میں ہے "اُشدُد بہ أزري" یعنی اس کے ذریعہ مجھے قوت دے۔
الإزر: جڑ۔ تہبند۔
المأزر: تہ بند باندھنے کی جگہ۔
الإزرة: تہ بند باندھنے کی ہیئت، کہا جاتا ہے "لكلّ قوم إزرة يأتزرونہا" یعنی ہر کسے و ہر رسمے۔
الإزار: ہر وہ چیز جو تم کو چھپالے۔ چادر۔ پاکدامنی، تہبند، پشتہ دیوار۔ ج آزرة و أزر
الإزارة: تہبند۔
المئزر والمئزرة۔ تہبند۔ ج مآزر، کہا جاتا ہے "شد للأمر مئزره" جبکہ مستعدی ظاہر کرے۔
نصر مؤزّر۔ پوری مدد۔
أزف (س) أزفًا و أزوفًا۔ قریب ہونا۔
— الرجلُ: جلدی کرنا — الجرحُ: زخم بھر جانا
آزفہ إيزافًا۔ جلدی کرانا۔
تأزّف۔ الرجلُ: پست قد ہونا، بد خلق ہونا۔
تآزف: قریب قریب قدم رکھنا — القومُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
الأزف: تنگی و بدحالی اور اسی سے ہے "فی عيشہ أزف" اس کی زندگی تنگ ہے۔
الآزفة۔ قیامت کا دن۔
الأزفی: تیز قدمی و چستی "یمشی الأزفی" وہ تیز چلتا ہے۔
المأزفة: پاخانہ۔ ج مآزف
المزادة المتآزفة۔ چھوٹا توشہ دان۔
مکان متآزف: تنگ جگہ۔ رجل متآزف: پست قد مرد۔
المتآزف: تنگ دل و بدخو مرد۔
أزق (ن ض) أزقًا و أزق (س) أزقًا و

تأزّق: تنگ ہونا۔
المأزق: تنگ جگہ۔ میدان جنگ، ج مآزق
أزل (ض) أزلًا و تأزّل: تنگی و سختی میں پڑنا صفت أزل۔ أزله: روکنا۔ باز رکھنا۔
الأزل: بلا و مصیبت۔ جھوٹ۔
الأزل: ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کے لئے ابتدا نہ ہو۔
الأزلي۔ قدیم۔ وہ ذات جس کے وجود کی ابتدا نہ ہو۔
المأزل: تنگ جگہ
أزم (ض) أزمًا و أُزومًا۔ دانت سے کاٹنا — الحبلَ: رسی کو مضبوط بٹنا — الدہر علیہ سخت ہونا۔ — بصاحبہ: ہمیشہ ساتھ ساتھ رہنا۔ عن الشئ: رکنا — علیہ: محافظت کرنا — الباب: دروازہ بند کرنا۔
تأزّم۔ القومُ: تنگی اور قحط سالی لاحق ہونا۔ زمانہ کی سختی سے دردمند ہونا۔
الأزم والآزمة والأزوم: کچلی، نوکدار دانت۔ ج أُزّم و أوازم و أُزُم۔ الآزم: پرہیز کرنے والا۔
الأزم: پرہیز۔ کہتے ہیں "أصل كلّ دواء الأزم" ہر دوا کی جڑ پرہیز ہے۔ الأزم: قوت
الأزمة والآزمة۔ سختی و تنگی۔ قحط۔ ج إزم و أزم و أزمات و أوازم۔ الأزمة: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔
المأزم: تنگ جگہ۔ میدان جنگ ج مآزم
الأزومة: سخت قحط کا سال۔
آزى موازاةً۔ الرجلَ: ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا۔
تآزى تآزيًا۔ القومُ: باہم قریب ہونا۔
تأزّى: عنہ: مڑنا۔
إزاء: مقابل۔ سامنے۔ کہا جاتا ہے "جلس إزاءه و بإزائه" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ إزاء الأمر: کام کا منتظم۔ اور کہا جاتا ہے "ہم إزاؤہم" وہ لوگ اُن کے مماثل ہیں۔
أسّ (ن) أسًّا۔ الدارَ: بنیاد رکھنا۔

— بَيْنَ النَّاسِ : فساد پھیلانا۔
أَسَّسَ البَيْتَ : بنیاد رکھنا۔
تَأَسَّسَ : بنیاد پڑ جانا۔
الأُسُّ والإِسُّ والأَسُّ۔ ج إِسَاس والأَسَاس والأَسَس : ج أُسُس و آسَاس : بنیاد۔ کسی چیز کی ابتداء۔ الأُسُّ : چولھے میں تھوڑی راکھ۔
الأَسَّاس۔ چغل خور۔
الإِسْب : زہار کے بال۔ اندام نہانی کے بال۔ دبر کے بال۔ ج آسَاب۔
إِسْبَانَاخ و إِسْفَانَاخ۔ پالک
إِسْپِيدَاج و إِسْفِيدَاج : سفیدہ کاشغری
الإِسْت : جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الأُسْتَاذ : معلم۔ مدبّر۔ عالم۔ ج أَسَاتِذَة و أَسَاتِيذ۔ اور تاجروں کی اصطلاح میں حسابات کا جنرل رجسٹر۔
الإِسْتَار۔ في العدد : چار۔ في الوزن : ساڑھے چار مثقال ج أَسَاتِير۔ (جدید)
الإِسْتَبْرَق : موٹا ریشمی کپڑا۔ ریشم اور سونے کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔
أَسَدَ (ض) أَسْدًا و أَسَدًا و أَسَّدَ إِيسَادًا۔ الكلبَ بالصيدِ : اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔ أَسَّدَ بين القوم : فساد انگیزی کرنا۔
أَسِدَ (س) أَسَدًا۔ شیر کو دیکھ کر دہشت کھانا۔ اخلاق میں شیر کی طرح ہونا — عليه : جرأت کرنا۔
تَأَسَّدَ و اِسْتَأْسَدَ۔ شیر کی مانند ہونا — عليه : جرأت کرنا۔ و اِسْتَأْسَدَ۔ النبتُ : انتہائی لمبا ہونا۔
الأَسَد : شیر۔ نر و مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ هُوَ الأَسَدُ مِن الأُسْدِ۔ ج أُسْد و أُسُود و أُسْد و آسُد و آسَاد۔ اور شیرنی کو لَبُوَة کہتے ہیں۔
دَاءُ الأَسَد : کوڑھ
المَأْسَدَة۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ یا وہ جگہ جہاں شیر بہت ہوں۔ ج مَآسِد۔
الأُسَادَة : تکیہ۔
أَسَرَهُ (ض) أَسْرًا و إِسَارَةً : تسمہ سے باندھنا۔
أَسَرَهُ أَسْرًا و إِسَارًا و اِسْتَأْسَرَهُ : قید کرنا۔ تَأَسَّرَ۔ عليه : دیر لگانا۔
اِسْتَأْسَرَ : قیدی بننے کیلئے اپنے آپ کو حوالہ کرنا۔
الأَسْر۔ مص کہا جاتا ہے " هذا لك بأسره " یہ کل تمہارے لئے ہے۔
الإِسَار : تسمہ۔ بایاں۔
الأُسْر : پیشاب کا رکنا۔
الأُسْرَة : خاندان۔ مضبوط زرہ۔ ج أُسَر۔
الأَسِير : قیدی۔ ج أَسْرَى و أُسَرَاء و أُسَارَى و أَسَارَى۔
الأَسَر۔ شیشہ۔
الأُسْرُب والأُسْرُوب والأُسْرُبّ : سیسہ
الإِسْطَبْل : اصطبل۔ ج إِسْطَبْلَات۔
الأَسْطُرْلَاب : ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں۔
الأَسْطُقِس والإِسْطُقِس۔ اصل و عنصر مادہ۔ ج إِسْطُقُسَّات۔ قدماء فلاسفر کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں۔
الأُسْطُورَة : قصہ۔ کہانی۔ ج أَسَاطِير۔
الأُسْطُول۔ جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ ج أَسَاطِيل
الأُسْطُوَانَة۔ ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج أَسَاطِين۔ کہا جاتا ہے " هم أَسَاطِينُ الزمانِ " وہ لوگ زمانہ کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں۔
أَسِفَ (س) أَسَفًا۔ عليه : غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت آسِف۔
آسَفَهُ إِيسَافًا۔ غضبناک کرنا۔ غمگین کرنا۔
تَأَسَّفَ : افسوس کرنا۔ تَأَسَّفَتْ يدُهُ : پھٹ جانا۔ کہتے ہیں " يا أَسَفَى و يا أَسَفَا على كذا " مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے۔
الأَسُوف : جلدی غمگین ہونے والا۔ نرم دل
الأَسِيف : غمگین۔ وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ج أُسَفَاء۔ مؤنث أَسِيفَة۔ الأَسِيف : قیدی۔ حدیث میں ہے " لا تقتلوا عسيفا ولا أسيفا " مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔
أَرْضٌ أَسِيفَةٌ و أَسَافَةٌ : وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو۔
الأَسَافَة : افسوس۔ زمین کی نرمی۔
الأَسِيفَة : باندی۔
الإِسْفَنْج : اسپنج۔ واحد إِسْفَنْجَة۔
الإِسْفَنْد : سفید رائی۔ اسپند۔
الأَسْقَنْقُور والسَّقَنْقُور : ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور گرگٹ سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔
الإِسْكَلَة : بحر روم کی ہر بندرگاہ۔ ج أَسَاكِل
أَسُلَ (ك) أَسَالَةً و أَسِلَ (س) أَسَلًا۔ نرم ، ہموار ، لمبا و ملائم ہونا۔ صفت أَسِيل۔ مؤنث أَسِيلَة
أَسَّلَ۔ الرمحَ : تیز کرنا۔ اَلِی کی مانند بنانا۔
تَأَسَّلَ۔ هُ : اخلاق و عادات میں مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے " هو على آسالٍ من أبيه " وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسال کا مفرد نہیں آتا۔
الأَسَل۔ پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات۔ واحد أَسَلَة۔ تیزی۔ اور ہر تیز اور پتلی تلوار اور چھری۔
الأَسَلَة : زبان کی نوک۔ ذراع کا باریک حصہ
الإِسْم : دیکھیے مادہ س م و۔
أُسَامَة : شیر کا علم جنس۔
أَسَنَ (ن ض) أَسْنًا و أُسُونًا و أَسِنَ (س) أَسَنًا و تَأَسَّنَ۔ الماءُ : متغیر ہونا۔ بدبودار ہونا۔ صفت آسِن۔ تَأَسَّنَ وُدُّهُ : بدل جانا۔ تَأَسَّنَ أَبَاهُ : باپ کے اخلاق اختیار کرنا۔
أَسِنَ (س) أَسَنًا۔ الرجلُ : سڑے ہوئے پانی والے کنوئیں میں داخل ہونے سے بیہوش ہونا یا سر چکرانا۔ صفت أَسِن۔
الأُسْن : چربی کا بقیہ ج آسَان۔ الآسَان : آثار قدیمہ۔ آسَانُ الثِّيَابِ : کپڑے کے بوسیدہ اور پھٹے ہوئے حصے۔
الإِسْن : رسی کی لڑی۔ ج أُسُون۔

آسَا (ن) آسْوًا و أُسًا الجرحَ: علاج کرنا — الرَّجُلَ: تسلی دینا۔ صفت مفعولی آسِیّ ومَاسُوّ — بَيْنَهُمْ: صلح کرانا — ہ بفلانٍ: کسی کو کسی کے لئے نمونہ قرار دینا۔
آسَّی تاسِيَةً۔ الرَّجُلَ: علاج کرنا۔ تسلی دینا ہمدردی کرنا۔
آسَى مُؤاساةً۔ الرَّجُلَ في مالِہ: مالی ہمدردی کرنا۔ آسَيْتُہ بنفسی: اپنے برابر سمجھنا۔
تأسّٰی: صبر کرنا۔ تسلی پانا — و اِئْتَسٰی بِہ: اقتداء کرنا۔ پیروی کرنا۔
تآسٰی۔ القومُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔
الأُسْوةُ والإِسْوَةُ: اقتدار۔ نمونہ۔ وہ چیز جس سے تسلی حاصل ہو۔ ج أُسًى و إِسًى۔
الإِسَاءُ: دوا۔ ج آسِيَة۔
الأَسْوُ: دوا۔
الآسِي: معالج۔ طبیب۔ ج أُسَاة و إِسَاء مونث آسِيَة۔ ج آسِيَات و أَوَاسٍ
الأَسْوان: غمگین۔
التأساء: تسلی دینا۔
الأُسَا: صبر
أَسَى (ض) أَسْيًا۔ لہ من الشَّيءِ: کسی کے لئے باقی چھوڑنا۔
أَسِيَ (س) أَسًى: غمگین ہونا۔ صفت آسٍ و أَسْيَان ج أَسْيَانُون۔ مونث آسِيَة و أَسْيانَة ج أَسْيانَات و أَسْيَات و أَسَايَا۔
الآسِيَة: ستون۔ ج أَوَاسٍ۔ کہا جاتا ہے "مُلْکٌ ثابِتُ الأَوَاسِي" مضبوط سلطنت۔
الآشُ: سوکھی روٹی۔
أَشِبَ (س) أَشَبًا و تَأَشَّبَ۔ الشجرُ: گنجان ہونا۔ گتھ جانا۔ صفت أَشِب۔
أَشَبَہ (ن ض) أَشْبًا۔ ملامت کرنا۔ عیب گیری کرنا — القومُ: مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا۔
أَشَّبَ۔ الشجرَ: گنجان کرنا — القومَ: اُکسانا۔
تَأَشَّبَ و ائْتَشَبَ۔ القومُ: مل جل جانا۔

الأَشَب: درختوں کا اس طرح گنجان ہونا جس سے گزرنا دشوار ہو۔
الأُشَابَة۔ لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو۔ نَسَبٌ مَأْشُوبٌ و مُؤْتَشِبٌ مخلوط و غیر خالص نسب۔
أَشِحَ (س) أَشَحًا: غضبناک ہونا۔ صفت أَشْحان مونث أَشْحَی (صاحب تاج العروس کا بیان ہے کہ اس کی اصلی جگہ باب الواو ہے اس لئے کہ ہمزہ اس میں اصلی نہیں)
أَشِرَ (س) أَشَرًا: تکبر کرنا۔ اکڑنا۔ صفت أَشِرٌ و أَشُرٌ و أَشْرَان۔ ج أَشِرُون و أُشُرٌ و أَشَارَى و أُشَارَى۔
أَشَرَ (ض) أَشْرًا۔ الخشبةَ: چیرنا — و أَشَّرَ الأسنانَ: کناروں کو تیز کرنا
أُشُر و أُشَر۔ المِنْشار: آرے کے دندانے واحد أُشْرَة۔
الآشِرَة۔ ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ٹڈی کے دُم کے سرے پر کی گرہ۔ ج أَوَاشِر
التَأْشِير۔ ٹڈی کے منہ کا وہ حصہ جس سے وہ کسی چیز کو کاٹتی ہے۔ ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ج تَآشِير۔
المِئْشار: آرہ۔ ج مَآشِير و مَوَاشِير۔
الإِشْفَى: سُتالی۔ ج أَشَافِي و أَشَافٍ
الأَشْقِيل: ایک قسم کی نباتات۔
الأُشْنَة: ایک قسم کی نباتاتی چیز جو درختوں پر پھیلتی ہے۔
الأُشْنَان والإِشْنَان: ایک قسم کی نباتات جس کو ہاتھ دھونے میں استعمال کرتے تھے۔
أَصَّ۔ الشيءَ: توڑنا۔ نرم کرنا۔
أَصَّصَ۔ الشيءَ: مضبوط کرنا۔
تَأَصَّصُوا و ائْتَصُّوا: جمع ہونا اور بھیڑ کرنا۔
الإِصِّيص۔ شکستہ برتن۔ گملہ۔ پیشاب کرنے کا برتن۔ مضبوط عمارت۔ کنگھی۔
الأَصِيصَة: قریب قریب کے گھر۔
أَصَدَ و آصَدَ۔ البابَ: بند کرنا۔ و آصَدَہ: چھوٹی قمیص پہنانا۔

الأُصْدَة: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔ ج أُصُد و إِصَاد۔
الأَصَدَة: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج أَصَد
الأَصِيد: صحن خانہ۔
الأَصِيدَة: باڑہ۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔
الإِصَاد والأَصَدَة: طبق۔ الإِصاد جو گھٹ پہاڑوں کے درمیان گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔
المُؤْصَد: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔
أَصَرَ (ض) أَصْرًا: الشيءَ: توڑنا۔ الخَيْمَةَ: خیمہ کے لئے میخ بنانا — فلانًا عليہ: متوجہ کرانا۔ مہربان بنانا۔
آصَرَہ مُؤَاصَرَةً: پڑوسی ہونا۔
تَآصَرُوا۔ باہم پڑوسی ہونا۔
اِئْتَصَرَ: القومُ: کثیر التعداد ہونا — النبتُ لمبی اور گنجان ہونا۔
الأَصْر والإِصْر والأُصْر: عہد، پیمان۔ بوجھ۔ گناہ۔ ج آصَار۔ کان کا سوراخ۔
الإِصَار۔ ج أُصُر و الأَيْصَر۔ ج أَيَاصِر
الإِصَارَة: خیمہ کی رسیوں کا کھونٹا۔
الآصِرَة: تعلق۔ رشتہ داری۔ ج أَوَاصِر
إِصْطَبْل: اصطبل۔
الإِصْطَفْلِين: گاجر۔ واحد إِصْطَفْلِينَة
الأُصْطُمَّة: راکھ میں پکی ہوئی روٹی۔
الأُصْطُوانَة: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج أَسَاطِين و أَسَاطِنَة۔
الأَصَف۔ ایک قسم کا درخت۔
أَصُلَ (ک) أَصَالَةً: جڑ والا ہونا۔ جڑ پکڑنا۔ شریف الاصل ہونا — رأيُہ: عمدہ ہونا۔ صفت أَصِيل۔
أَصِلَ (س) أَصَلًا۔ الماءُ: کیچڑ کی وجہ سے متغیر ہونا — اللحمُ: بودار ہونا۔
أَصَلَ فلانٌ يفعلُ كَذا: یعنی طفق یعنی فلاں ایسا کرنے لگا۔
أَصَّلَہ: جڑ والا بنانا۔ اصل بیان کرنا۔ شرافت

بیان کرنا۔

آصَلَ ایصالاً: شام کے وقت میں داخل ہونا۔ شام کے وقت آنا۔ اسی سے ہے "آتَیْنَا مُؤْصِلِیْنَ" ہم شام کے وقت آئے۔

تَاَصَّلَ: جڑ والا ہونا۔

اِستَاصَلَ الشَّیَٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔ استاصَلَتِ الشَّجَرَۃُ: جڑ پکڑنا۔

الاَصْل: جڑ۔ وہ چیز جو فرع کے مقابل ہو۔ والد، مصدر و منبع۔ "ما فعلتہ اصلاً" میں نے اس کام کو یقیناً نہیں کیا۔ ج اصول والاُصُول وہ قوانین جن پر کسی علم یا فن کی بنیاد ہوتی ہے۔

الاَصِیْل: عصر و مغرب کے درمیان کا وقت ج اُصَال و اَصَائِل و اُصُل و اُصْلَان۔

والاَصِیْل۔ بغیر وکیل کے خود لین دین کرنیوالا۔

الاَصِیْلَۃ جڑ والی۔ "جاؤا بِاَصِیْلَتِھِم" وہ سب کے سب آئے۔

الاَصَلَۃ: ایک قسم کا چھوٹا یا بڑا سانپ۔ ج اَصَل۔

اَضَّ (ن ض) اَضًّا۔ ہٗ اِلَیْہِ: مجبور کرنا مضطر کرنا۔ — فلاناً: تھکانا۔

اِئْتَضَّ۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مضطر ہونا۔

الاِضّ: جڑ۔ کہا جاتا ہے "فلان کریم الاِضّ" فلاں شریف الاصل ہے۔

الاِضَاض: پناہ لینے کی جگہ۔ جلن۔ سوزش

الاَضَاۃ: تالاب۔ جوہڑ ج اَضًی و اَضَیَات

الاِضَادَۃ: خربوزہ کی فالیز۔ بید کا جنگل۔

اَضِم (س) اَضَمًا۔ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ — بہ: تکلیف پہنچانے لگنا۔

الاَضَم۔ کینہ۔ حسد۔ غصہ۔ ج اَضَمَات۔

اَطَّ۔ مِنْ اَطِیْطًا: آواز نکالنا۔ چرچرانا۔ — الابلُ: بلبلانا۔ کہا جاتا ہے "ھم اَھل اَطِیط و صَھِیل" وہ اونٹ اور گھوڑے والے ہیں۔

اَطَرَہٗ (ض ن) اَطْرًا و اَطَّرَہٗ: موڑنا۔

اِنْاَطَرَ: مڑنا۔

تَاَطَّرَ: دوہرانا۔

الاُطْر: کمان کا خم

الاَطِیْر: گناہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِاَطِیْرِ غَیْرِہٖ" اس نے اس کو دوسرے کے جرم میں پکڑ لیا۔

الاِطَار: چوکھٹا۔ گھیرا۔ ہر احاطہ کرنے والی چیز ج اُطُر۔

الاِطْل والاِطِل۔ ج آطال: الاَیْطَل۔ ج ایاطِل: پہلو۔ کوکھ۔

آطَمَ۔ الآطام: قلعوں کو بلند کرنا۔

تَاَطَّمَ۔ السَّیْلُ: سیلاب کا بلند ہونا۔ — النَّارُ آگ سے لپٹ اٹھنا۔ — علیہ: بڑا بننا غضبناک ہونا۔

الاُطُم: قلعہ ج آطام۔

الاُطُوْم: سمندری کچھوا۔ ایک قسم کی موٹی کھال کی مچھلی، زرافہ۔ گائے۔

الاَطِیْمَۃ: آگ جلانے کی جگہ، چولھا۔ ج اَطَائِم

اَفَّ (ن ض) اَفًّا و تَاَفَّفَ و اَفَّفَ، غم اور بیقراری کی وجہ سے اُف اُف کہنا۔

الاَفَف: بے قراری۔ وقت

الاُفّ: ناخن کا تراشہ۔ کان کا میل۔

اُفٍّ: اسم فعل بمعنی اَتَضَجَّرُ، نکرہ (میں ناپسند کرتا ہوں میں بے قرار ہوں)

الاَفَّاف: بہت اُف اُف کرنے والا۔

الیَافُوْف: تیتر کا بچہ۔ کڑوا کھانا۔ تیز رفتار۔ ج یافیف: الیَافُوْفَۃ: پروانہ۔

اَفَخَہٗ: تالو پر مارنا۔

الیافوخ: تالو۔ بچے کے سر کا وہ نرم حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔ ج یَآفِیْخ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ یَافُوْخَ اللَّیْلِ" رات کے اول حصہ میں چلا "رَکِبَ یَافُوْخَ فُلَان" وہ اس پر غالب اور فائق ہو گیا۔

اَفِدَ (س) اَفَدًا۔ جلدی کرنا۔ صفت آفِد — و اِستَافَدَ: التَّرحُّلُ: کوچ۔ قریب ہونا

الاَفَد: مدت، غایت۔

الاَفِدَۃ دیر۔ تاخیر۔

اَفَرَ (ض) اَفْرًا و اُفُوْرًا: خدمت کرنے میں چستی دکھلانا — القَوْمَ: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔

اَفِرَ (س) اَفَرًا۔ البَعِیْرُ: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔

الاُفُرَّۃ: جماعت۔ بدبختی۔

المِئْفَر: خادم، خدمت میں تیز لڑکا۔

الاَفْرَنْج والاِفْرَنْجَۃ: فرنگی۔ رومیوں اور ترکوں کے علاوہ یورپین۔

اَفَزَ (ض) اَفْزًا۔ کودنا۔ اچھلنا۔

الافسنتین: ایک قسم کی دوا کا نام۔

اَفَقَ (ض) اَفْقًا: آفاق میں جانا — الجلدَ: دباغت دینا۔ صفت مفعولی اَفِیق۔ ج آفِقَۃ و اُفُق۔

اَفِقَ (س) اَفَقًا: کرم اور علم میں انتہا تک پہنچنا۔ صفت اَفِق و آفِق۔

آفِقُ الطَّرِیْق: راستہ کا درمیانی حصہ —

الاُفُق والاُفْق: کنارہ۔ کنارۂ آسمان۔ ہواؤں کے چلنے کی جگہ۔ ج آفاق۔

الاَفِیْقَۃ: دباغت دی ہوئی کھال — سخت مصیبت۔

الاَفَاق۔ کمانے کے لئے آفاق میں پھرنے والا

الاَفَقَۃ: والاَنفقہ۔ پہلو۔ کوکھ۔

الافیق: چمڑے کا بڑا ڈول۔

اَفَکَ (ض) اَفْکًا و اُفُوْکًا و اَفِکَ (س) اَفَکًا و اَفَکًا: جھوٹ بولنا۔ صفت اَفِیْک ج اُفَکَاء و اَفُوْک۔ ج اُفُک و اَفَّاک ج اَفَّاکُوْن

و اَفَکَہٗ اَفْکًا عَنْ رَاْیِہٖ: رائے سے پھیر دینا۔

اُفِکَ۔ المَکَانُ: بے بارش والی ہونا۔ اُفِکَ الرَّجُلُ: ضعیف العقل ہونا۔

اِئْتَفَکَ۔ البَلَدُ بِاَھْلِہٖ: الٹ جانا — الاَرْضُ: خشک سالی سے جل جانا۔

الاِفْک والاِفَکَۃ والاَفِیْکَۃ: جھوٹ۔ گناہ۔ افیکہ کی جمع افائک۔

الاَفِیْک والمَاْفُوْک: خیر سے محروم۔ عاجز رائے والا۔

الاَفِکَۃ۔ مِنَ السِّنِیْن: خشک سال ج اوافک

المُؤْتَفِکَات: ہوائیں جو مختلف سمت سے چلیں۔ وہ بستیاں جن کو اللہ تعالیٰ نے الٹ کر

تباہ کر دیا۔
اَفَلَ (ض ن) وَاَفِلَ (س) اُفُولاً۔ القمر: غائب ہونا۔ غروب ہونا۔ صفت آفِل۔ ج اُفَّل واُفُول۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعْبُہٗ سَافِلٌ وَنَجْمُہٗ آفِلٌ" یعنی وہ بدنصیب اور برگشتہ قسمت ہے۔
افل (ض ن) افولاً وافِل (س) افلاً۔ الرجل: شادماں ہونا۔ المرضعُ: دودھ کا ختم ہو جانا۔
اَفَّلَہٗ: تعظیم کرنا۔
تَاَفَّلَ۔ تکبر کرنا۔
الاَفِیْل: اونٹ کا بچہ ج اِفَال وافائل مونث افیلۃ۔
افن (ضمع) اَفْنًا۔ النَّاقَۃَ: بے وقت دوہنا۔
— اللہُ فلانًا: ضعیف العقل بنا دینا۔
اَفِنَ (س) اَفَنًا واَفْنًا: ضعیف العقل ہونا۔ صفت افین ومافوق۔
تَاَفَّنَ: بتکلف کسی عادت کو اختیار کرنا۔ گھٹنا
— اواخر الامور: انجام کی فکر کرنا۔
الاِفَّان۔ وقت کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی اِفَّانِ ذٰلِکَ" وہ اس کے دوران میں آیا۔
الاَفْیُوْن: افیم۔
الاِقَاقیا۔ دوا کا نام
الاُقَّۃ: نصف رطل کا وزن
الاُقْحُوَان والقُحْوَان۔ بابونہ واحد اُقْحُوَانَۃ وقُحْوَانَۃ۔ ج اقاحی و قاح۔ اَقَاحِی الاَمْرِ: امر کا آغاز۔
الاَقِط والاِقْط والاُقْط والاَقْط والاَقَط والاِقِط۔ پنیر۔
الاقطۃ۔ پنیر کا ٹکڑا۔
الاقنثا والاقَنْثُوس۔ ایک قسم کی خوبصورت پتوں والی گھاس۔
آکَدَ ووَکَّدَ۔ العہدَ والسرجَ: مضبوط کرنا۔ مضبوط باندھنا — الشئَ: ثابت کرنا۔
تَاَکَّدَ وتَوَکَّدَ: مضبوط ہونا۔ ثابت ہونا۔
الاَکِیْد: مضبوط، موثق، ثابت۔

الاَکَائِد والتَّاکِیْد: وہ تسمے جس سے زین کے اگلے حصہ کو باندھیں۔
اَکَرَ (ن) اَکْرًا وتَاَکَّرَ۔ الارض: جوتنا اور کاشت کرنا۔
الاَکَّار: کاشتکار۔ ج اَکَرَۃ واکارون۔
الاُکْرَۃ۔ گیند۔ گڑھا ج اُکَر۔
آکَفَ وآکَفَ اِیکَافًا۔ الحمار: گدھے پر پالان باندھنا۔ الاکاف: پالان بنانا۔
الاِکَاف: پالان۔ ج اُکُف وآکِفَۃ:
الاَکَّاف: پالان بنانے والا۔ پالان بیچنے والا۔
اَکَلَ (ن) اَکْلاً ومَاْکَلاً۔ الطعامَ: کھانا۔
— الشئَ: فنا کرنا۔
اُکِلَہٗ (ن) اِکْلاً واُکَالاً واَکَالاً۔ راسُہٗ: سر کھجلانا۔
اَکِلَ (س) اَکَلاً وتَاَکَّلَ۔ السنُّ او العودُ: دانت یا لکڑی کا کھوکھلا ہو کر گر جانا۔
اَکَلَہٗ وآکَلَہٗ اِیکَالاً۔ الشئَ: کچھ کھلانا۔
آکَلَہٗ مُؤَاکَلَۃً: ساتھ کھانا۔ کھلانا۔
اِئْتَکَلَ۔ بعض کا بعض کو کھانا۔ مِنَ الغَضَبِ: غصہ سے جل اٹھنا۔ غصہ سے تمتما جانا۔
اِئْتَکَلَتِ النَّارُ: آگ کا سخت لپٹ والی ہونا۔
اِسْتَاکَلَہٗ۔ الشئَ: کھانا تیار کرنے کو کہنا۔
فلانٌ یستاکل الضُّعَفَاءَ: فلاں غریبوں کا مال کھا رہا ہے۔
الاُکُل والاُکْل: پھل، خوراک، کشادہ رزق
الاُکْلَۃ: لقمہ، غیبت۔
الاَکْلَۃ: اکل کا اسم مرۃ
الاِکْلَۃ: خارش۔ کھانے کی ہیئت غیبت
الاَکِلَۃ: خارش۔
الاَکِلَۃ: وہ بیماری جو عضو کو سڑا دے۔
الاَکَال: کھانا۔ اسی سے ہے "مَا ذُقْتُ اَکَالاً" میں نے کچھ نہیں چکھا۔
الاُکَال: خارش۔
الاَکَّال والاَکِیْل والاَکُوْل والاُکَلَۃ: بہت کھانے والا۔

الاَکُوْلَۃ: بکری جو کھانے کے لئے موٹی کی جائے
الاُکُوْلَۃ والاَکِیْل: بکری جو بھیڑیئے وغیرہ کے شکار کے لئے کھڑی کی جائے۔
المَاْکَل: خوراک۔ ج مَآکِل۔
المَاْکُلَۃ: خوراک۔ جو چیز کھائی جائے۔
المِئْکَلَۃ۔ چھوٹا پیالہ۔
المِئْکَال: چمچہ۔ ج مَآکِیل۔
المَاْکُوْل: خوراک۔ جو چیز کھائی جائے۔ ج مَآکِیل۔
اِسْتَاکَمَ: الموضعُ: ٹیلہ بن جانا۔
الاَکَمَۃ: ٹیلہ۔ چھوٹی پہاڑی، ج اَکَم واَکَمَات ججج اِکَام واُکُم واِکَام۔
المَاْکَمُ والمَاْکَمَۃ۔ سرین کا گوشت۔
المَاْکُوْم: غمگین
الاُکْنَۃ: آشیانہ۔ گھونسلہ۔
الاِکَاء: مشک وغیرہ کا سربند۔
اَکَی (ض) اَکْیًا: دستاویز لینا۔
ال۔ حرف تعریف ہے کبھی عہدی ہوتا ہے۔ جیسے "اشتریت عبدًا ثم بعت العبد" میں نے غلام کو خریدا اور پھر اسی غلام کو بیچ دیا۔ اور کبھی جنسی جیسے خلق الانسان ضعیفا، انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے، اور کبھی اسم موصول ہوتا ہے۔ جب کہ اسم فاعل واسم مفعول پر داخل ہو جیسے جاء نی الضارب والمضروب۔ اور صفت مشبہ پر جو داخل ہوتا ہے اس میں صحیح مذہب یہ ہے کہ وہ حرف تعریف ہے۔
اَلَّ (ن) اَلًّا۔ ہ: نیزے سے مارنا۔ دھتکارنا۔
— الرجلُ: دوڑنا — اللونُ: رنگ صاف ہونا۔ چمکنا۔
اَلَّ (ض) اَلًّا واَلَلًا واَلِیْلًا۔ المریضُ: کراہنا۔
— الرجلُ فی دعائہٖ: گڑگڑانا۔
اَلِلَت (س) اَلَلًا۔ الاسنانُ: دانتوں کا خراب ہونا
اَلَّلَ۔ الشئَ: کسی چیز کو نوک دار بنانا۔
الاِلّ: عہد، پڑوسی، عمدہ اصل۔ عداوت وکینہ

الأول : پہلا۔
الألّ : نالہ وزاری
الألّة : چھوٹا نیزہ۔ جنگ کا سارا سامان
الإلّة : نالہ وزاری کرنے کی ہیئت۔ قرابت۔ ج إلل
الأُلّة : مویشی جس کی چراگاہ دُور ہو۔ ج اُلل۔
الأبيلكة : مویشی جس کی چراگاہ دُور ہو۔
فرس دمشک۔ تیز رفتار گھوڑا۔
أَلَا۔ ایک لفظ ہے جو کلام کے شروع میں مخاطب کو متوجہ کرنے کے لئے اور مابعد کی چیزوں پر زور دینے کے لئے مستعمل ہے جیسے "الا انہم ہم السفہاء" خبردار ہو یقیناً یہی بیوقوف ہیں۔ حرف تنبیہ جیسے "الا یاصاح قم" خبردار اے ساتھی کھڑا ہو جا۔ حرف عرض جیسے "الا تنزل بنا" یعنی براہ کرم ہمارے پاس آیئے۔ حرف تحضیض جیسے "الا تتوب وترتدع عن غیک" تمہیں توبہ کر لینی چاہئے اور اپنی شرارت سے باز آجانا چاہئے۔
ألَّا۔ حرف تحضیض جیسے "الا تکرم ابویک" تو تم کو اپنے والدین کی عزت کرنی چاہئے۔
إلّا : حرف استثناء جیسے "جاء القوم الا زیداً" زید کے علاوہ سب لوگ آئے۔ اور کبھی صفت کے لئے غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "لی رجال الا رجالک" میرے آدمی تمہارے آدمیوں کے علاوہ ہیں۔ اور کبھی نفی کے بعد حصر کیلئے آتا ہے جیسے "ما ضربت الا زیداً" یعنی زید ہی کو مارا۔
ألَب (ن ض) ألبا و تألب۔ جمع ہونا۔ ألبت لہما
ألَبَ (ن ض) ألبا و ألّب۔ جمع کرنا۔ ألب بینہم فساد انگیزی۔
الإلب۔ کسی شخص کی عداوت پر اکٹھا ہونے والی قوم۔ کہا جاتا ہے "ہم علی إلب واحد" وہ سب میری عداوت پر ایک ہیں۔ انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان کا فاصلہ۔
الألَب : بکری کے بچے کی کھال۔ زہر بخار کی شدت۔ گرمی کی شدت۔ پیاس۔ پھوڑے کے اچھے ہونے کی ابتداء۔
الأُلبة : بھوک۔
الألُوب : سرد ہوا جو خاک کو اڑائے۔ رجل الوبٌ : ڈول کو جلدی نکالنے والا مرد۔

المئلب : تیز رفتار۔
ألَتَ (ض) ألتا و ألَتَ ایلاتا۔ الرجل حقہ : حق میں سے گھٹانا۔ ألت الشیٔ : گھٹنا (لازم و متعدی) ألته یمینا : قسم دلانا — الرجل : کسی کو اس کے ارادے سے باز رکھنا۔
الأُلتة : تھوڑا عطیہ۔ گزرے ہوئے واقعہ پر جھوٹی قسم۔
الّذی : اسم موصول۔ تثنیہ اللذان ج الذین والذون۔ تصغیر اللذیا واللذیان واللذیون مونث التی۔ ج اللواتی واللات واللائی۔ تثنیہ اللتان واللتان۔ تصغیر اللتیا واللتیا
ألزَ ویہ (ض) ألزا : لازم ہونا۔ چمٹ جانا۔
ألِزَ (س) ألزا : بے قرار ہونا۔
ألَسَہ (ض) السا : خیانت کرنا۔ دھوکا دینا
ألِسَ : دیوانہ ہونا۔ صفت مالوس
آلسا : مو السۃ : غدر کرنا۔ خیانت کرنا۔
الألس : دیوانگی۔ خیانت۔
الالاس ، دیوانگی۔
المألوس : دیوانہ۔ خلل دماغ والا۔
الألع : دیوانگی۔
المألوع : دیوانہ۔
ألِفَہ (س) ألفا۔ مانوس ہونا۔ محبت کرنا صفت إلف ج الاف و الیف ج الائف و آلف ج ألّاف اور اسم الألفۃ۔ ألف المکان و آلفہ ایلافا : کسی جگہ سے مانوس ہونا۔
ألَفَہ (ن ض) ألفا۔ ایک ہزار دینار دینا۔
آلفہ إلافا و مؤالفۃ۔ باہم انس و محبت کے ساتھ رہنا۔ ألفہ المکان إیلافا : کسی جگہ سے کسی کو مانوس بنا دینا۔ آلفہم : ہزار بنانا۔ آلفوا : ہزار ہونا
ألّف۔ الکتاب : مسائل کو جمع کرنا — الشیٔ : ایک کو دوسرے سے ملانا — بینہم : محبت ڈالنا۔ محبت واقع کرنا — ألالف : اسے ہزار کرنا۔
تألّف۔ اکٹھا ہونا۔ تألف الشیٔ : اجزاء کا مرتب طور سے اکٹھا ہونا۔
تألّفہ : اوپری دل سے محبت کرنا۔

إئتلفوا و تآلفوا۔ اکٹھا ہونا۔
إستألف : دوست وساتھی ڈھونڈھنا۔
الإلف والأُلفۃ : دوستی۔
الألف : ہزار۔ ج أُلوف و آلاف۔
الألِف : حروف تہجی کا پہلا حرف۔ ہر چیز میں کا ایک مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ بازو کے اندرونی حصہ کی ایک رگ کا نام۔
أوالف الطیر : گھروں میں رہنے والے پرندے۔
الألفیۃ : الف کی طرف نسبت اور اصطلاحاً اُس قصیدہ کو کہتے ہیں جس میں کسی فن کے قواعد بیان کئے گئے ہوں۔ جس کے اشعار کی تعداد ہزار ہو۔ اور ان میں مشہور ترالفیہ ابن مالک ہے۔
الإیلاف : عہد۔ مہر و اتفاق یا ہمداری۔
التألیف : مصدر۔ کتاب۔
الألوف : بہت محبت کرنے والا۔ ج أُلف
المألف : مرغوب و مانوس چیز۔ ج مآلف۔
المؤلّف : مصنف۔ ہزار کا مالک۔
ألَقَ (ض) ألقا و تألّق و إئتلق۔ البرق : بجلی چمکنا۔ کوندنا۔
ألِقَ : الرجل : جھوٹ بولنا۔
أُلِقَ ألقا : دیوانہ ہونا۔ صفت مئلق و مألوق۔
الإلق : بھیڑیا۔ ج إلق۔ بدمعاش۔ الإلقۃ : بندریا
الألق : دیوانگی۔ جنون۔
الأولق : بغیر بارش کے بجلی۔
الألاق : جھوٹا۔
المألوق : دیوانہ۔
المئلق : بے وقوف۔
ألَكَ (ض) ألكا و ألوكۃ و ألوكا و مألكا و مألكۃ الألكۃ : پیغام پہنچانا۔ الفرس اللجام : گھوڑے کا لگام کو چبانا۔
إستألك : الألوكۃ : کسی کا پیغام پہنچانا۔
الملأك والملاك : فرشتہ۔ ج ملائک وملائکۃ۔
الألوك والألوكۃ والمألك والمألكۃ پیغام۔ ج ألائك ومآلك۔
المألوك : دیوانہ۔

اَلِمَ (س) اَلَمًا۔ دُکھی ہونا۔ صفت اَلِم
اَلَّمَہٗ تالیمًا و آلَمَہٗ ایلامًا۔ دُکھ دینا۔
تَاَلَّمَ۔ دُکھی ہونا۔
الاَلَم۔ دُکھ۔ ج آلام۔
الاَلِیم۔ دردناک۔
الاِلمَاس۔ ہیرا۔
اَلَہَ (ف) اُلُوھَۃ والاَھَۃ واُلُوھِیَّۃً۔ پرستش کرنا۔ بندگی کرنا۔
اَلِہَ (س) اَلَھًا۔ متحیر ہونا۔ کہا جاتا ہے اَلِہتُ علیہ" میں نے اس پر بہت زیادہ جزع فزع کیا۔
اَلَّہَہٗ : غلام بنانا۔ خدا کا مرتبہ دینا۔ پرستش کرنا
تَاَلَّہَ۔ معبود بن جانا۔ باخدا ہونا۔
استَاْلَہَ۔ معبود سے مشابہ ہونا۔
الاِلٰہ۔ معبود۔ ج آلِھَۃ۔
اللّٰہ۔ ذات واجب الوجود کا نام۔ اَللّٰھُمَّ : اے اللہ۔
الاُلُوھَۃ والاُلَاھَۃ والاِلٰھِیَّۃ و الاُلُوھِیَّۃ والاُلْھَانیۃ۔ معبودیت۔
الاِلاھَۃ۔ بڑا سانپ یا چاند۔
الاَلِیھَۃ والاَلَاھَۃ۔ آفتاب۔
عِلمُ الالٰھیات۔ وہ علم جس میں خدائے تعالیٰ کی ذات وصفات سے بحث کی جائے۔
اَلَا (ن) اَلْوًا واُلُوًّا واُلِیًّا واَلّٰی تالیۃ واْتَلٰی
اِئتلاءً۔ فی الامر: کوتاہی کرنا۔ سستی دکھلانا۔ کہا جاتا ہے "لم یالُ جہدًا" اُس نے اپنی کوشش میں ذرا بھی کوتاہی نہیں کی۔
آلٰی ایلاءً وتَاَلّٰی واِئتلٰی قسم کھانا۔
الاَلْو۔ عطیہ۔ بکری کی مینگنی۔
الاَلُوَّۃ والاُلُوَّۃ والاُلُوَّۃ والاِلِیَّۃ۔ اگر کی لکڑی ج آلاوِیَۃ۔
الاَلْوَۃ والاُلْوَۃ والاَلِیَّۃ قسم۔ اَلِیَّۃ کی جمع الایا۔
الاَلِیّ۔ بہت قسمیں کھانے والا۔
المِئلاۃ۔ وہ کپڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنیوالی عورت اپنے ہاتھ میں لیکر ہلاتی جاتی ہے۔ ج مَآلِی۔

اَلِیَ (س) اَلْیًا۔ الکبش: مینڈھے کا بڑی چکتی والا ہونا۔ صفت الیان و آلٰی۔ مونث اَلْیاء والیانۃ ج اُلی۔
الاَلْیَۃ۔ دُنبہ کی چکتی۔ مثنی الیان بغیر تا کے۔ ج الایا والیات۔
الاِلَی والاِلْی والاَلٰی۔ نعمت ج آلاء۔
الاَلاء والالٰی۔ ایک قسم کا درخت جو ہمیشہ سبز رہتا ہے اور اس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔ واحد الاَلاءَۃ
الالای۔ فوج کا دستہ ج الایات۔ ترکی کلمہ ہے اس کے لئے عربی "فیلق" ہے۔
اِلٰی۔ حرف جر ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔ انتہاء زمانہ کے لئے جیسے "دین الی المساء" اس نے شام تک پڑھا۔ انتہاء مکان کیلئے جیسے "سار الی البیت" وہ گھر تک چلا۔ بمعنی عند جیسے "کلامُ ہاشمی الی من الرحیق" اس کی گفتگو میرے نزدیک شراب سے زیادہ مرغوب ہے۔ بمعنی لام جیسے "الامر الیک" معاملہ تیرے اختیار میں ہے۔ بمعنی مع جیسے "ضُمّ ہٰذا الی ذاک" اس کو اس کے ساتھ ملا لو۔
الیک۔ اسم فعل بمعنی دُور ہو۔ ہٹو جیسے "الیک عنی" یعنی تو مجھ سے دور ہوجا۔ اور بمعنی خذ جیسے "الیک الکتاب" یعنی کتاب لے لو۔
اُلٰی۔ اُولٰی کی جگہ استعمال ہوتا ہے جیسے العرب الاُلٰی" قدماء عرب۔ اُولٰی اسم اشارہ۔ جمع قریب کے لئے ہے۔
اَمْ۔ حرف عطف ہمزۂ استفہام کے بعد تسویہ اور برابری کے مفہوم کے لئے آتا ہے جیسے اقریبٌ ام بعید ما توعدون۔ اور کبھی بل کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے ہل یستوی الاعمیٰ والبصیر ام ہل تستوی الظلمات والنور۔
اَمَّ (ن) اَمًّا و اَمَمًا وتَاَمَّمَ واْتَمَّہٗ : قصد کرنا ۔ اَمَّہٗ : چندیا پر مارنا۔ دماغ پر ضرب پہونچانا
— اِمَامَۃً واَمَامَۃً اَمامًا۔ القوم وبالقوم: امام بننا۔
اَمَّتْ اُمُوْمَۃً۔ ماں ہونا۔
تَاَمَّمَ۔ المرأۃ: ماں بنانا۔

اِسْتَاَمَّ۔ بہ: اقتدا کرنا۔ واِسْتَاَمَّہٗ : امام بنانا۔ استامّ المرأۃَ : ماں بنانا۔
الاُمّ : کسی چیز کی اصل ج اُمّہات واُمّات۔ اور بقول بعض اُمّہات انسان کیلئے اور اُمّات بہائم کے لئے۔ اُمّ اَربَع واَربعین : کنکھجورا۔ اُمّ اَدراص: سختی۔ جنگلی چوہا۔ اُمّ البَنِین: شترمرغ
اُمّ التنائف: دُور کا جنگل۔ اُمّ تولب: گدھی۔
اُمّ جابر: ہریسہ۔ اُمّ جُندُب: ظلم وبے انصافی۔
اُمّ الجراذ: ڈول۔ ڈھال۔ ام جعار: بجو۔ ام جرذان: گدھ۔ اُمّ الجیش: جھنڈا۔ ام حباب: دنیا۔
ام حُبَیب: گرگٹ۔ ام حرب: جھنڈا۔ ام حفصۃ: مرغی۔ ام حِلس: گدھی۔ ام الخبائث: شراب
اُمّ خنّاف: سختی، اُمّ خَنُّور: بجو۔ اُمّ دَرز: دنیا
ام دَرِین۔ قحط زدہ سرزمین۔ ام دَفْرۃ۔ دنیا۔
ام دَفر واُمّ دَفار: دنیا۔ اُمّ الدماغ: دماغ کی جھلی۔ ام الراس: دماغ یا دماغ کی جھلی۔ اُمّ راشد: چوہا۔ اُمّ الرُّبیق: سختی وبلا۔ اُمّ الرُّمح: جھنڈی۔
ام سخلۃ: بکرا۔ اُمّ سُوَید: دُبر۔ امِّ صبار وام صَبُّور: بلا وسخت لڑائی۔ ام الصبیان: ایک قسم کی بیماری جو بچوں کو لاحق ہوتی ہے اور جس سے بچے بے ہوش ہوجاتے ہیں۔ ام طبق: سختی وبلا۔ سانپ۔ ام الطریق: شارع عام۔ ام الطعام: معدہ گیہوں۔
ام عامر: بجو۔ ام عریط: بچھو۔ ام عزم: دبر۔
ام فروۃ: بھیڑ۔ ام الفرج: ایک قسم کا کھانا جو گوشت چاول شکر سے تیار کرتے ہیں اور بقول بعض ایک قسم کی روٹی جس میں پرندہ اور بکری کا گوشت بھر کر تنور میں پکاتے ہیں۔ اُمّ القریٰ: مکہ معظمہ۔ ام القرآن: سورۂ فاتحہ۔ ام قشعم: سختی۔ جنگ۔ موت بجو۔ مکڑی۔ ام القوم: سردار قوم۔ اُمّ الکتاب: لوح محفوظ۔ سورۂ فاتحہ یا کل قرآن پاک۔ ام کلب: ایک پہاڑی درخت کا نام۔ ام کلبۃ: بخار۔ ام مازن: چیونٹی۔ ام مثوی: بیوی۔ ام مِلدم: بخار۔ ام النجوم: کہکشاں۔ ام الولید: مرغی۔ ام ہبیرۃ: مینڈکی۔
لا اُمّ لک: کلمہ ذم ہے اور کبھی مدح واستحسان کے موقعہ پر بھی بولتے ہیں۔

الاَمَام: آگے۔ وامامک: کلمہ تحذیر ہے بمعنی بچو۔

الاِمَام (مذکر و مونث دونوں کے لئے) پیش امام جس کی اقتدا کی جائے۔ پیشوا۔ ڈوری جس سے معمار عمارت کی سیدھ قائم کرتے ہیں۔ نمونہ واضح راستہ۔ سبق جتنا ہر روز لڑکے پڑھیں، قرآن خلیفہ۔ امیر لشکر۔ مصلح اور منتظم۔

الاِمَامَۃ: خلافت۔ پیشوائی۔

الاُمَّۃ۔ جماعت۔ لوگوں کا گروہ۔ طریقہ۔ وقت۔ قد و قامت۔

الاُمِّی۔ ان پڑھ۔

الاُمِّیَّۃ والاُمُوْمَۃ: ماں ہونا۔ مادریت

الاَمِیْمُ والمَأمُوْم۔ جس کے گدی پر مارا گیا ہو۔

الاُمَیْمَۃ۔ لفظ اُم کی تصغیر۔ ہتھوڑا۔ ج اَمَائِم الاُمَیْمَۃ، پتھر جس سے سر کچلا جائے۔

اَمَا۔ حرف تنبیہ ہے اس کے بعد اکثر قسم آتی ہے جیسے اما واللہ، حرف عرض جیسے اَمَا تَنْزِلُ بِنَا۔

اَمَّا۔ حرف شرط و تاکید جیسے اَمَّا الَّذِیْنَ آمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ الْحَقُّ۔ جو لوگ ایمان لائے وہ اس کے حق ہونے پر یقین رکھتے ہیں، حرف تفصیل جیسے اَمَّا زَیْدٌ فَرَجُلٌ۔ اس کے بعد جواب پر فا کا آنا ضروری ہے۔

اِمَّا۔ حرف تفصیل جیسے۔ اِنَّا ہَدَیْنَاہُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَاِمَّا کَفُوْرًا۔ ہم نے انسان کو راستہ دکھلا دیا اس کے بعد وہ شکر گذار بندہ بنے یا ناشکرا بن کر جیئے۔ اور اس کے مواقع استعمال میں سے موضع شک و ابہام و اباحت و تخییر ہے جیسے جاءَ اِمَّا زَیْدٌ وَاِمَّا عَمْرٌو یعنی یا زید آیا یا عمرو، جبکہ یہ معلوم نہ ہو کہ ان دونوں میں سے کون آیا۔ اور جیسے تَعَلَّمْ اِمَّا الْفِقْہَ وَاِمَّا اللُّغَۃَ۔ یعنی یا فقہ یا لغت سیکھو۔

اَمَتَ (ض) اَمْتًا وَاَمَتًا: اندازہ کرنا۔ قصد کرنا۔

الاَمْتُ: کمزوری: بلند جگہ۔ شک۔ خالی ہونا۔ نشیب و فراز۔ ج اِمَات و اُمُوت۔

اَمِجَ (س) اَمَجًا۔ گرم ہونا۔ پیاسا ہونا۔ (ض) اَمْجًا: تیز چلنا۔

صیفٌ اَمِجٌ: سخت گرمی۔

اَمَحَ (ض) اَمْحَانًا۔ الجرحُ: درد کرنا۔

اَمِدَ (س) اَمَدًا۔ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔

اَمَّدَ۔ مدت بیان کرنا۔ السقاءُ: ایک قطرہ نہ چھوڑنا۔

الاَمَدُ: غایت آخری حد۔ غصہ۔ ج آمَاد۔ کہا جاتا ہے "طَالَ عَلَیْہِمُ الاَمَدُ" ان کے اوپر مدت طویل ہو گئی۔

الاَمِدُ والاَمِدَۃُ۔ بھری ہوئی کشتی۔

اَمَرَہٗ (ن) اَمْرًا وَاٰمِرَۃً وَاِمَارًا۔ حکم دینا۔ صفت آمِر اور صفت مفعولی مَأمُوْرٌ کہا جاتا ہے: اَمَرَہُ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ وَاَمَرَہُ اَنْ یَفْعَلَ وَبِاَنْ یَفْعَلَ، اس نے اس کو کسی کام کے کرنے یا بنانے کا حکم دیا۔

اَمِرَ (س) اَمَرًا وَاَمُرَ (ک) اِمْرَۃً وَاِمَارَۃً: امیر و حاکم ہونا ــ عَلَیْہِ: والی ہونا۔

اَمِرَ (س) اَمَرًا وَاَمَرَۃً۔ الشَّیْءُ: بہت ہونا ــ الرجلُ: بہت مویشی کا مالک ہونا۔ صفت اَمِر

اَمَّرَہٗ: امیر و حاکم بنانا۔

آمَرَہٗ مُؤَامَرَۃً۔ فِی اَمْرٍ: مشورہ کرنا۔

آمَرَہٗ اِیْمَارًا۔ حکم دینا ــ واللہُ: مال یا نسل بڑھانا۔

تَاَمَّرَ وَاِئْتَمَرَ وَاِسْتَاْمَرَ۔ مشورہ کرنا۔ تَاَمَّرَ عَلَیْہِ: مسلط ہونا۔ زبردستی کرنا۔ اِئْتَمَرَ الاَمْرَ وَبِہٖ: فرماں برداری کرنا۔

اِئْتَمَرَ وَاوَتَاٰمَرُوْا۔ باہم مشورہ کرنا۔ اِئْتَمَرُوْا بِفُلَانٍ: کسی کے قتل کی سازش کرنا۔

الاَمْرُ۔ ج اَوَامِر: حکم۔ فرمان ــ ج اُمُوْر: کام واقعہ۔ چیز جیسے "لِاَمْرٍ مَا کَانَ کَذَا" کسی چیز کی وجہ سے ایسا ہوا۔ اُولُوا الاَمْرِ: اسلامی حکومت کے حکام و علماء۔

الاَمْرَۃُ: امر کا اسم مرۃ۔

الاِمْرَۃُ، امر کا اسم نوع۔ حکومت۔ ولایت۔

الاَمَارَۃُ: بیابان میں پتھر کا چھوٹا نشان۔ چھوٹا ٹیلہ ج اَمَرٌ۔

الاَمَارَۃُ۔ علامت، ج اَمَارَات۔

الاِمْرُ: عجیب۔ خلاف شرع و خلاف عقل سلیم بات۔

الاِمَّرُ والاِمَّرَۃُ۔ کمزور رائے والا، کہا جاتا ہے "مَالَہٗ اِمَّرٌ وَلَا اِمَّرَۃٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں

الاَمَّارُ۔ بہت حکم دینے والا۔ برائی پر اکسانے والا۔ مونث اَمَّارَۃ۔

التَّامُوْرُ: برتن، دل۔ بادشاہ کا وزیر۔

التَّامُوْرَۃُ۔ راہب کا صومعہ۔ شیر کا کچھار

التَّامُرِیُّ والتَّامُوْرِیُّ والتُّؤْمُرِیُّ: انسان۔

الاَمِیْرُ، حکم دینے والا۔ والی قوم، شریف آدمی اس کلمہ کا اطلاق ہر اس شخص پر ہوتا ہے جو شریف الاصل ہو اگرچہ صاحب امر نہ ہو، پڑوسی، وہ شخص جس سے مشورہ کیا جائے۔

اَمِیْرُ الْبَحْرِ: بحری کمانڈر۔

اَمِیْرُ الاَلْیِ: فوج کے ایک دستہ کا افسر یا بحری بیڑے کا کپتان۔ ج اُمَرَاء

المَالُ الاَمِیْرِیُّ: شاہی ٹیکس۔

المُؤْتَمَرُ: کانفرنس۔

المُؤْتَمِرُ: فا۔ خودرائے۔ ایام عجوز کا آخری دن۔

المِئْتَمَرُ: مشورہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدٌ مِنَ الْمُئْتَمَرِ قَرِیْبٌ مِنَ الْمُثْبَرِ" وہ مشورہ سے بعید اور خفگی کے قریب ہے،

اَمْسِ: مبنی علی الکسر: کل گزشتہ۔

الاَمْسُ۔ (اعرابی حالت میں) گزشتہ ایام میں سے کوئی دن۔ ج آمُس و اُمُوس و آمَاس۔ نسبت کے لئے اِمْسِیّ خلاف قیاس۔

الاَمِیْضُ والاَمِیْصُ: وہ گوشت جس کو باریک کر کے کچا کھاتے ہیں۔ اور کبھی ذرا آگ دکھلا لیتے ہیں۔

اَمِضَ (س) اَمَضًا۔ الرجلُ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا اور کسی کی ناراضی کو خاطر میں نہ

ملانا۔ مافی الضمیر کے خلاف بے باکانہ بولنا۔
الاِمَّعُ والاِمَّعۃ: ہر ایک کی رائے کی پیروی کرنے والا۔ لوگوں کے ساتھ بغیر بلائے ہوئے دعوت میں شریک ہونے والا۔ ج اِمَّعُون اور اِمَّع کی اصل اِنّی معک، ہ اِمَّعۃ کی تانیث کی نہیں مبالغہ کے لئے ہے۔
تَامَّعَ واسْتَامَّعَ: ہر ایک کی رائے کا تابع بننا۔
اَمَقُ۔ العین: ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ ج آماق۔
اَمَلَہٗ (ن) اَمَلاً و اَمَلاً تامیلاً: امید کرنا
تَامَّلَ۔ الامر وفیہ: غور کرنا۔ دیر تک سوچنا۔
الاَمَلُ والاَمَل۔ اُمید ج آمال۔
الاِملۃ: امید۔
الاَمَلۃ۔ وہ لوگ جن کی مدد کی امید رکھی جائے۔ واحد آمِل۔
المأمَل: امید جس کی اُمید کی جائے۔
المؤمَّل۔ گھوڑ دوڑ میں آٹھویں نمبر کا گھوڑا۔
اَمُنَ (ک) اَمانۃً۔ امین ہونا۔ امانت دار ہونا۔ معتمد علیہ ہونا صفت امین۔ ج اُمناء
اَمَنَ (ض) اَمناً۔ اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ مائل ہونا۔ صفت آمن۔
اَمِنَ (س) اَمناً و اَمَناً و اَماناً و اَمَنۃً مطمئن ہونا۔ صفت اَمِن و اَمِین و آمِن۔
— الاسد ومنہ: محفوظ رہنا۔
اَمَّنَ۔ آمین کہنا — ہ: امن و اطمینان میں کرنا۔
اَمَّنَ و ائتمنَ۔ فلاناً علی کذا: کسی کو کسی چیز کا امین بنانا۔ اِئتمنہٗ: امین سمجھنا۔
آمَنَہٗ ایماناً۔ امن دینا — بہ: تصدیق کرنا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا — لہٗ: تابعدار و مطیع ہونا۔
اِستامَنَہٗ۔ امن طلب کرنا۔ امین سمجھنا — علی کذا۔ امین بنانا۔
الاَمَنۃ۔ اطمینان۔ دل کا سکون۔ امانت۔

ہر ایک پر بھروسہ کرنے والا۔
الاُمَنۃ۔ معتمد علیہ۔
الاُمنِیَّۃ: آرزو ج اَمانی و اَمانِیّ۔
الاَمانۃ: امانت۔ ودیعت۔ ج اَمانات فریضہ خداوندی
الایمان: مان لینا۔ تصدیق کرنا۔
الاَمُون: سواری جس کے ٹھوکر کھانے کا خوف نہ ہو۔ ج اُمُن۔
الاَمِین: امانت دار۔ وہ شخص جو امانت کسی کے پاس رکھے۔ وہ شخص جس کے پاس امانت رکھی جائے ج اُمناء۔
البلدُ الامین: مکہ معظمہ۔
الاُمّان: امانت دار۔ معتمد علیہ۔ کاشتکار وہ شخص جو لکھنا نہ جانتا ہو۔
آمین و آمِین: اسم فعل بمعنی قبول کر۔
المؤمِن: مان لینے والا۔ تصدیق کرنے والا نیز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔
المامُون: معتمد علیہ۔
المأمَن۔ امن وبے خوفی کی جگہ۔
اَمِہَ (س) اَمَہاً و اَمَہاً۔ الشیٔ: بھولنا
اَمَہَ (ن) اَمْہاً۔ الیہ فی الامر: عہد وپیمان کرنا۔
تَامَّہَ۔ المراۃ: ماں بنانا۔
الاَمِیہۃ۔ بکری کی چیچک یا پھنسیاں جو بکری کو ہوتی ہیں۔
اَمَا (ن) و اَمِیَ (س) و اَمِی (ض) اُمُوّۃً
اَمَتِ الجاریۃ: باندی ہونا۔
اَمَتْ (ن) اَموۃً۔ السنّورُ: میاؤں میاؤں کرنا۔
آمّیٰ۔ الجاریۃ: باندی بنانا۔
تَامّیٰ و استَامیٰ۔ الجاریۃ: باندی بنانا۔
الاَمۃ۔ باندی۔ لونڈی۔ ج اِماء و اموات و آم۔ نسبت کے لئے اَمَوِیّ۔ تصغیر اُمَیَّۃ۔
اُمَیَّۃ: قریش کا ایک قبیلہ۔ نسبت کے لئے اُمَوِیّ اور بسا اوقات اَمَوِیّ بھی کہتے ہیں۔

اَنْ۔ (۱) حرف مصدری ہے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے جیسے "ان تصوموا خیرلکم" تمہارا روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر ہے۔
(۲) مخففہ ہے اَنَّ مشددہ سے اور افعال یقین یا ان کے مشابہ کے بعد آتا ہے جیسے "علم ان سیکون منکم مرضیٰ"، اللہ نے جان لیا کہ تم میں سے بیمار ہونگے "حسبوا ان لا تکون فتنۃ" لوگوں نے گمان کیا کہ آزمائش نہیں ہوگی۔
(۳) مفسرہ بمعنی اَیْ جیسے "فاوحینا الیہ ان اصنع الفلک" پس وحی بھیجی ہم نے طرف اس کی یہ کہ بنا کشتی کو۔
(۴) زائدہ تاکید کے لئے جیسے "لما ان جاء البشیر" جب آیا خوشخبری لانے والا۔
اِنْ۔ حرف شرط ہے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "ان تضرب تضرب" اگر تو مارے گا مارا جائے گا
حرف نفی ہے جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے اور بعضوں کے نزدیک لیس کا عمل کرتا ہے جیسے "ان احد خیرا من احد الا بالعافیۃ" یعنی عافیت کے بغیر کوئی کسی سے بہتر نہیں۔
اور کبھی جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "ان ادری اقریب ام بعید ما توعدون" میں نہیں جانتا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا بعید۔
مخففہ ہے اِنَّ مشددہ سے اور اس صورت میں زائدہ ہوتا ہے جیسے "ما ان زید قائم"
اِنَّ۔ حرف تاکید ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسے "انّ زیدا قائم"
حرف جواب ہے جیسے کوئی کہے "لعن اللہ ناقۃ حملتنی الیک" یعنی اللہ اس اونٹنی پر لعنت کرے جو مجھ کو تیرے پاس لائی ہے۔ اس کے جواب میں کہا جائے "انّ وراکبہا" یعنی ہاں اور اسکے سوار پر بھی۔
اَنَّ۔ حرف تاکید ہے جو خبر کو رفع اور اسم کو نصب دیتا ہے اور جملہ کو بتاویل مصدر کر دیتا ہے جیسے "بلغنی ان زیدا قائم" مجھ کو زید کے قیام کی

خبر پہونچی۔
اَنَّ (ض) اَنِيْنًا وَاُنَانًا وَاَنَانًا وَتَأنَانًا: کراہنا آہ آہ کرنا۔
اَنَّنَهٗ وَتَأنَّنَهٗ: ستانا۔
الاَنَّان وَالاُنَان وَالاُنَنَة: بہت کراہنے والا۔
اَلاُنَّة وَالاَنَانَة: کراہنا (مثل مصدر)
اَنَا: میں (واحد متکلم کی ضمیر مرفوع منفصل)
الاَنَانَة: نانا کہنا۔
الاَنَانِيَّة: ڈینگ۔ خودغرضی۔ اِدّعاء۔
اَنَّبَهٗ: جھڑکنا ملامت کرنا۔
الاَنَب: بیگن۔
المُؤتَنِب: وہ شخص جسکو کھانے کی خواہش نہ ہو۔
الاَنَاب: مشک یا ایک قسم کا عطر۔
الاِنْبِيق: عرق کشید کرنے کا آلہ۔ ج اَنَابِيق (جدید)
اَنتَ وَاَنتِ۔ تو (واحد حاضر مذکر و مونث کی ضمیر مرفوع منفصل) ج اَنتُم و اَنتُنَّ۔
اَنَتَ (ض) اَنِيْتًا۔ المَرِيضُ: بیمار کا کراہنا آہ آہ کرنا — فلانًا: حسد کرنا — الشَّيءَ: اندازہ کرنا
اَنُثَ (ک) اَنَاثًا۔ الحَدِيدُ: لوہے کا کچا ہونا۔ نرم ہونا۔ مخنث ہونا۔ صفت (اَنِيث) مَكَانٌ اَنِيثٌ: جس زمین میں گھاس وغیرہ جلدی اُگے۔
سَيفٌ اَنِيثٌ: کند تلوار۔
اَنَّثَهٗ: مونث بنانا۔ مونث سمجھنا۔ مخنث بنانا
اَنَّثَ لَهٗ: نرم ہونا۔ نرمی برتنا۔
آنَثَتْ اِينَاثًا۔ المَرأَةُ: مادہ جننا صفت (مُؤنِث)
تَأَنَّثَ: مادہ ہونا — لَهٗ: نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔
الاُنثَى: مادہ — ج اِنَاث و اَنَاثَى وج اُنُث
المُؤَنَّث: مادہ۔ ہیجڑا۔
المِئنَاث: وہ عورت جس کی عادت لڑکیاں جننے کی ہو۔ مرد کیلئے بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس لئے کہ مِفعَال کا وزن دونوں کیلئے یکساں ہے اور اس کے مقابلہ میں مِذکار ہے یعنی وہ عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو۔
الاَنَاثِي: چھوٹے چھوٹے ستارے۔

الاَنجَر: جہاز کا لنگر۔
الاِنجِيل: وہ آسمانی کتاب جو حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر نازل ہوئی تھی ج اناجیل۔ (کلمہ یونانی ہے جس کے معنی بشارت کے ہیں۔)
اَنَحَ (ض) اَنَحًا وَاَنِيحًا وَاُنُوحًا: کانکھنا
الاَنِح وَالاُنُح وَالاَنُوح: سوال کرنے پر بخل کی وجہ سے کانکھنے والا۔
الاَنِحَة: پست قد عورت۔
اَنِسَ (س) وَاَنُسَ (ک) اَنَسًا وَاَنَسَةً وَاَنَسَ (ض) اُنسًا: مانوس ہونا — بِهٖ وَاِلَيهِ: محبت کرنا۔ سکون قلب پانا۔
آنَسَهٗ: مانوس کرنا۔ آنَسَ الشَّيءَ: دیکھنا اور جاننا۔
آنَسَهٗ يُؤانِسُهٗ مُؤَانَسَةً: لطف و مہربانی کرنا۔ محبت کرنا۔ تسلی دینا۔
آنَسَهٗ يُؤنِسُهٗ اِينَاسًا: مانوس کرنا۔
آنَسَ الصَّوتَ: سننا — الشَّيءَ: دیکھنا۔ اور اسی سے ہے "آنَسَ مِن جَانِبِ الطُّورِ نَارًا" حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور کی جانب آگ کو دیکھا۔
تَأَنَّسَ: انسان ہونا۔ مانوس ہونا — السَّبُعُ: دور سے شکار کی آہٹ معلوم کرلینا — بِهٖ: مانوس ہونا۔
اِستَأنَسَ: وحشت کا دور ہونا — بِهٖ وَاِلَيهِ: مانوس ہونا — لَهٗ: کان لگانا۔ دیکھنا۔
الاَنَس: وہ شخص جس سے تم انس حاصل کرو۔ بڑی جماعت ج آنَاس۔
الاِنس: آدمی: واحد (اِنسِيّ وَاُنسِيّ) ج اُنَاس وَاَنَاسِيّ۔ اِنسُكَ وَابنُ اِنسِكَ: تمہارا دوست اور حلیف۔
الاُنس وَالاُنسَة: انسیت۔
الاَنِسَة: پاکیزہ طبیعت والی لڑکی۔ ج اوانس۔
الاِنسَان: آدمی۔ جنس بشری کے افراد پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ اور مولدین کے اشعار میں انسانة بھی آتا ہے غیر فصیح ہے۔ انسان العین: آنکھ کی پتلی ج اَنَاسِيّ وَاَنَاسِيَة۔ وَاَنَاس پہاڑ کا سایہ۔
الاِنسَانِيَّة: انسان کی خصوصیات۔ اکثر اس کا استعمال اخلاق محمودہ کے لئے ہوتا ہے۔
الاَنُوس: بہت اُنس کرنے والا — مِنَ الكِلَابِ: نہ کاٹنے والا کتا۔ ج اُنُس۔
الاَنِيس: اُنس کرنے والا۔ وہ شخص جس سے انس حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "ما بالدار من انيس" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔ الاَنِيس: ایک آبی پرندہ جس کی آواز گانے کی آواز سے مشابہ ہے۔ مرغ
الاَنِيسَة وَالمَأنُوسَة: آگ۔
المُؤنِس: انس دینے والا۔ پنجشنبہ کے دن کا نام۔ اَبُو مُؤنِس: شمع۔
المُؤنِسَات: ہتھیار۔
الاَنِيسُون۔ انیسون (ایک دوا کا نام)
اَنَضَ (ض) اَنِيضًا۔ اللَّحمُ: خراب ہونا۔ بگڑ جانا
اَنَضَ (ن) اَنِيضًا۔ خوف کی وجہ سے آنتوں کا حرکت کرنا۔
آنَضَ اِينَاضًا۔ اللَّحمَ: نیم بریاں کرنا۔
اَنِفَ (س) اَنَفًا۔ مِنَ العَارِ: خوددار ہونا۔ ناپسند کرنا صفت (اَنُوف) اور اسم (الاَنَفَة) — البَعِيرُ: ناک میں درد ہونا۔ صفت (آنِف)
اَنَفَهٗ (ن ض) اَنفًا: ناک پر مارنا۔
اِئتَنَفَ وَاِستَأنَفَ الشَّيءَ: از سر نو کرنا۔ اور اسی سے ہے "اِستَأنَفَ الدَّعوَى" یعنی اس نے اپیل کی۔
الاَنف: ناک۔ اَنفُ الجَبَلِ: پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔ اَنفُ كُلِّ شَيءٍ: ہر چیز کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "مات حتف انفه" وہ اپنی طبعی موت مرا۔ رغم انفه: وہ ذلیل ہوا۔ حَمِيَ اَنفُهٗ: وہ غالب و زبردست ہوا۔ ج آنَاف وَاُنُوف وَآنُف۔
آنِفًا: ابھی۔ کہا جاتا ہے "ذكرته آنفا" یعنی اس کو ابھی یاد کیا۔ یہ ہمیشہ بربنائے ظرفیت منصوب ہوتا ہے۔

اَنِفَہ : الشَّبَاب : آغازِ جوانی۔ کہا جاتا ہے۔ "مَضَتْ آنِفَۃُ الشَّبَابِ" جوانی کی مستی ختم ہوگئی۔

الاُنُف : من الرِّیَاض : وہ سرسبز و شاداب حصۂ زمین جس کو کسی جانور نے چرا نہ ہو۔ کَاْسٌ اُنُفٌ : وہ پیالہ جس سے کسی نے پیا نہ ہو۔

الاَنِیْف : نرم لوہا۔ تمام زمینوں سے پہلے پیداوار اُگانے والا پہاڑ۔

رَجُلٌ اُنَافِی۔ بڑی ناک والا مرد۔

المُسْتَانَف۔ مِنَ الاَمْرِ : وہ کام جس کو ابھی کسی نے نہ کیا ہو۔

انق (س) اَنَقًا : خوش ہونا۔ الشَّیْءَ : پسند کرنا۔ — بہٖ : پسند کرنا اور ماسوا پر ترجیح دینا — الشَّیْءُ : خوبصورت و تعجب انگیز ہونا۔ صفت اَنِق وانِیق و مونِق۔ کہا جاتا ہے : "رَوْضَۃٌ اَنِیْقٌ وَ اَنِیْقَۃٌ" خوبصورت باغ۔

آنَقَہٗ : تعجب میں ڈالنا۔

اَنَقَہٗ اِیْنَاقًا و نِیقًا : تعجب میں ڈالنا۔ نیقًا مصدر خلافِ قیاس ہے۔

تَاَنَّقَ : نفاست پسند ہونا — فی الکلام او العمل : اچھی طرح کرنا — المکانَ : پسند آنے کی وجہ سے جدا نہ ہونا۔

الاَنَاقَۃ و الاِنَاقَۃ : حسن پسندیدہ۔

الاَنُوق : عقاب "ہو اعزّ من بیض الانوق" وہ عقاب کے انڈے سے زیادہ کمیاب ہے۔ بطور مثل کے اس چیز کے لئے بولتے ہیں جس کا حصول محال ہو۔

اَنُکَ (ن) اَنْکًا۔ الشَّیْءُ : بڑا اور موٹا ہونا۔

الاَنُک : سیسہ۔ ایک ٹکڑے کو "اُنْکَۃ" کہتے ہیں۔

الاَنْکَلِیْس : مارماہی۔

الاَنَام و الاَنَام و الاَنِیْم : مخلوق۔ اَنِیْم کا استعمال صرف اشعار میں ہوتا ہے۔

اَنَی (ض) اَنْیًا و اِنًی و اَنَاءً و اَنًی تانیۃ : قریب ہونا۔ آناً ساالنَّبَاتُ : پک جانا۔

اَنِیَ یَانَی و اَنَیَ (س) اَنْیًا و اِنًی : دیر کرنا۔ پیچھے رہنا۔ سست اَنِیَ۔

آنَی اِیْنَاءً۔ فُلَانًا : دیر کرانا۔ پیچھے ڈالنا۔

تَاَنَّی و استانَی۔ فِی الاَمْرِ و بہٖ : اچھی طرح غور و فکر کرنا — الرجلَ : مہلت دینا۔

الاَنَاۃ : وقار۔ بردباری۔ انتظار و مہلت۔

الاَنَاء و الاَنَی و الاِنَی : وقت کا آپہنچنا۔ پختگی۔

الاَنَی : بردباری۔ نرمی۔ پورا دن یا اس کا ایک جزو۔ ج آنَاء و اُنِیّ۔ کہا جاتا ہے "آنَاءَ اللَّیْلِ وَ اَطْرَافَ النَّہَارِ" یعنی رات اور دن۔

رَجُلٌ آنٍ : بردبار اور سنجیدہ مرد۔

الاِنَاء : برتن۔ ج آنِیَۃ و جج اَوَانٍ۔

اَنّٰی۔ (۱) ظرفِ مکان ہے اور دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے "اَنّٰی تَجْلِسْ اَجْلِسْ" جہاں تو بیٹھے گا میں بیٹھوں گا۔

(۲) بمعنی کہاں سے جیسے "اَنّٰی لَکَ ہٰذَا" یعنی تمہیں یہ کہاں سے حاصل ہوا۔

(۳) ظرفِ زمان بمعنے کب جیسے "اَنّٰی جِئْتَ" تم کب آئے (۴) استفہامیہ بمعنی کیف جیسے "اَنّٰی یُحْیِیْ ہٰذِہِ اللّٰہُ بَعْدَ مَوْتِہَا" اللہ اس بستی کو کیوں کر زندہ کرے گا۔ اور اسی سے ہے "فَاْتُوْا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ"

آہْ و اُہْ و آہِ و آہٍ و آہَ و آہًا۔ آہ آہ

اَہَ (ن) اَہًا و اَہَّۃً و اَہَّۃً و آہَۃً و تَاَہَّہَ : آہ آہ کرنا۔

اَہَّبَ و تَاَہَّبَ۔ لِلاَمْرِ : تیار و آمادہ ہونا

الاُہْبَۃ : سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلسَّفَرِ اُہْبَتَہٗ" اس نے سامانِ سفر کیا۔

الاِہَاب : کھال۔ کچی کھال۔ ج اُہُب و اَہَب و آہِبَۃ۔

الاَہَرَۃ : گھریلو سامان۔ اچھی حالت۔ ہیئت۔ ج اَہَر و اَہَرات۔

اَہَلَ (ن ض) اَہْلًا و اُہُوْلًا۔ الرجلُ : شادی شدہ ہونا — امرأۃً : نکاح کرنا۔ صفت مفعول (ماہولۃ)

اَہِلَ (س) اَہَلًا۔ بہٖ : انس حاصل کرنا۔

اُہِلَ۔ المکانُ و البلدُ : آباد ہونا۔ صفت آہِل و ماہُول۔

آہَلَہٗ اِیْہَالًا۔ شادی کر دینا — و اَہَّلَہٗ للامر : لائق بنانا یا سمجھنا۔ اَہَّلَ بہٖ : کسی سے اہلًا و سہلًا کہنا۔

تَاَہَّلَ و اِتَّہَلَ۔ شادی شدہ ہونا۔

تَاَہَّلَ للامر : لائق ہونا۔

اِسْتَاْہَلَ الشَّیْءَ : کسی چیز کا اہل ہونا۔ — الرجلَ : لائق سمجھنا۔ اِسْتَاہَلَ : پگھلی ہوئی چربی لینا یا کھانا۔

اَہْلًا وَ سَہْلًا : خوش آمدید۔ تقدیر عبارت کی یوں ہے "صادفت اہلا لا غربا و وطئت سہلا لا وعرا" تو نے اپنے لوگوں کو پایا اجنبیوں کو نہیں اور نرم زمین میں آیا سخت میں نہیں۔

الاَہْل : کنبہ۔ رشتہ دار۔ ج اَہْلُون و اَہَالِی و آہَال و اَہَلات و اَہْلَات۔ اہل الرجل : بیوی۔ اَہْلُ الاَمْرِ : حکام۔ اَہْلُ المَذْہَبِ : متبعین مذہب۔ اَہْلُ الوَبَرِ : بدو۔ اہل المدر و الحضر : عرب کے شہری۔

الاَہْلِیَّۃ : قابلیت۔

الاَہْلِیّ و الاَہْلِی۔ پالتو جانور وغیرہ۔

الآہِل : بال بچوں والا۔

الاِہَالَۃ : پگھلی ہوئی چربی۔ ہر وہ روغن جس کو بطور سالن کے استعمال کیا جائے۔

المَاْہُوْل : آباد مکان۔

اَوْ : حرفِ عطف میں سے ہے اور اس کے مواقعِ استعمال حسب ذیل ہیں۔

(۱) شک جیسے "لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ" ہم ایک دن یا دن کے کچھ حصہ میں ٹھہرے۔

(۲) ابہام جیسے "نَحْنُ اَوْ اَنْتُمْ عَلَی الحَقِّ" ہم یا تم حق پر ہیں۔

(۳) اباحت جیسے "جَالِسِ الحَسَنَ اَوِ ابْنَ سِیْرِیْنَ" حسن کے پاس بیٹھو یا ابن سیرین کے پاس۔

(۴) تخییر جیسے "سِرْ رَاکِبًا اَوْ مَاشِیًا" سوار چلو یا پیدل چلو۔

(۵) تقسیم جیسے الکلمۃ اسم او فعل او حرف (کلمہ یا اسم ہے یا فعل یا حرف) کبھی الی کے معنی میں آتا ہے جیسے "لالزمنک او تعطینی حقی" میں تمہارے ساتھ لازم رہوں گا یہاں تک کہ تم میرا حق پورا کر دو۔ اور کبھی الا کے معنی میں آتا ہے جیسے "لاقتلن العدو او یخضع" میں دشمن کو یقیناً قتل کروں گا مگر یہ کہ وہ تابع ہو جائے۔

آب (ن) اَوْبًا و مَآبًا۔ من السفر: لوٹنا۔ واپس ہونا۔ صفت (آئب) ج اُوَّب و اُیَّاب و اُوَّاب ۔۔۔ الماءَ: رات میں کسی چشمہ پر اترنا۔ الشمسُ: آفتاب کا غائب ہونا۔ غروب ہونا ۔۔۔ الی اللہ: توبہ کرنا۔

آبَہٗ (ن) اَوْبًا: قصد کرنا۔ آب الیہ: کسی کے پاس رات کے وقت جانا۔

آوِبَ (س) اَوَبًا: غضبناک ہونا۔

اَوَّبَ و آیَبَ۔ عنہ: لوٹنا۔ اَوَّبَ الادیمَ: بیچ میں سے گول کاٹنا۔

آوَبَ و آوَبَ مُؤَاوَبَۃً۔ القومُ: سارے دن چلنا اور رات میں قیام کرنا۔

تَاَوَّبَ و تَاَیَّبَ و انْتَابَ: لوٹنا ۔۔۔ الماءَ: رات میں کسی چشمہ پر اترنا۔

الاَوْب و الاَوْبَۃ و الاِیَاب: واپسی۔ و الاَوْب: قصد۔ عادت۔ راستہ۔ جہت۔ کہا جاتا ہے "جاءوا من کل اَوْب" وہ لوگ ہر جہت سے آئے۔ "وکنت علی صَوْب فلان و اَوْبِہٖ" میں فلاں کی روش اور طریقہ پر تھا ۔۔۔ الاوبہ: جانور کی ٹانگ۔ ج اَوْبات۔

الاَوَّاب: توبہ کرنے والا۔ ج اَوَّابُون۔

المَآب۔ لوٹنے کی جگہ۔ ج مَآوِب۔ کہا جاتا ہے "بینہما ثلاثۃ مآوب" ان دونوں کے درمیان تین منزل کا فاصلہ ہے۔

الاَوْبِیَۃ: وہ پانی جس کو دو نہریں دیتی ہیں۔

الاَوْج: بلندی۔ فن موسیقی کا ایک سُر۔

الاَوْج: آفتاب کی سفیدی۔

آدَہٗ (ن) اَوْدًا و اُوُوْدًا۔ الامرُ: گرانبار کرنا۔ تھکا دینا ۔۔۔ الحملُ: بوجھل کرنا۔ صفت (آئد) اور صفت مفعولی (مَؤُوْد)۔ (۔۔۔ اَوْدًا) الفیٔ: لوٹنا ۔۔۔ العشیُّ: مائل ہونا۔ (۔۔۔ اَوْدًا و اَوَّدَ) العودَ: جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔

اَوِدَ (س) اَوَدًا و تَاَوَّدَ۔ ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔ صفت (اَوِد) مؤنث (اَوْداء) و تَاَوَّدَہٗ الامرُ: شاق گزرنا۔ گراں ہونا۔

اِیْتَادَ اِیْتِیَادًا: مڑنا۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔

الاَوَد: مشقت۔ ٹیڑھاپن۔

الاَوْدَۃ: بوجھ

المَآوِد: مصیبتیں۔

الاُوار: گرمی۔ پیاس۔ دھواں۔ ج اُوُر

الاَوْرَۃ: چولھا۔ آگ جلانے کی جگہ۔

الاِوَزَّۃ: بط۔ مرغابی۔ ج اِوَزّ۔

المَاْوَزَۃ: وہ جگہ جہاں بطیں زیادہ ہوں۔

آس یَؤُوس اَوْسًا و اِیَاسًا: دینا۔ بدلہ دینا۔

اِسْتَآسَہٗ: عطیہ مانگنا۔ مدد طلب کرنا۔ ساتھ رہنے کو کہنا۔

الاَوْس۔ عطیہ۔ بھیڑیا۔

الآس: ایک درخت کا نام ہے جو ریحان کے نام سے مشہور ہے۔ واحد آسَۃ ہے۔

الآس: چولھے کی بقیہ راکھ۔ شہد۔ چھتہ میں باقی ماندہ شہد۔ قبر۔

اُوَیْس: بھیڑیا۔

آفَہٗ (ن) اَوْفًا۔ نقصان پہنچانا۔ فاسد کرنا (آفت اَوْفًا و آفَۃً و اُؤُوْفًا) البلادُ: آفت زدہ ہونا۔

الآفَۃُ: آفت مصیبت۔ ہر وہ عارضہ جو کسی چیز کو فاسد کر دے۔ ج آفات۔

آقَ (ن) اَوْقًا۔ علیہ: اوپر سے جھانکنا۔ جھکنا مبتلائے مصیبت کرنا۔ نحوست لانا۔

اَوَّقَ: ہ کسی پر مشقت ڈالنا۔ کھانا کم کرنا۔

تَاَوَّقَ: رکنا۔

الاَوْقُ: بوجھ۔ نحوست۔ بدبختی۔ کہا جاتا ہے "القی علیَّ اَوْقَہٗ" اس نے اپنا بوجھ مجھ پر ڈال دیا۔ "ذو اَوْق" وہ منحوس ہے۔

الاَوْقَۃ: جماعت۔ اسی سے ہے۔ جاءَ القوم باَوْقَتِہِم" قوم پوری کی پوری آئی۔

الاُوْقَۃُ: گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔ ج اُوْقات و اُوُق۔

الاُوْقِیَۃ: نصف رطل کا چھٹا حصہ۔ ج اَوَاقِیّ و اَوَاقِی۔ الاَوَاقِی: ڈھرکی۔

المُؤَوَّق۔ منحوس۔ المُؤَوِّق: کھانے میں رکر کرنے والا۔

الاُوْقِیَانُوس: بحر اٹلانٹک۔ بحر محیط۔

الاَوْکَۃ: غصہ۔ بدی۔

الاُوکسیجن: آکسیجن۔

الآلُ: سراب۔ یا وہ سرابی کیفیت جو چمکیلی دھوپ میں زوال سے پہلے محسوس ہوتی ہے۔

آلُ الرجل: اہل و عیال۔ اس کا استعمال صرف اشراف ہی میں ہوتا ہے خواہ شرافت دینی ہو یا دنیوی جیسے آل النبی و آل فرعون اور آل الحجام و آل الاسکاف نہیں کہا جاتا۔

آلُ الجبل: پہاڑ کے اطراف۔

الآلَۃُ: اوزار۔ ج آل و آلات۔ الآلۃ الحدبار: تابوت۔ الآلۃ الخیاطۃ: سینے کی مشین الآلۃ الکاتبۃ: ٹائپ رائٹر۔ الآلۃ: حالت۔ شدت۔ چوب خیمہ۔

الآلاتِی: سازندہ۔ اوزار کے کارخانہ کا منتظم

الاَوَّلُ۔ پہلا۔ ج اَوَائِل و اَوَالِی و اَوَّلُون۔ مؤنث اُولیٰ۔ ج اُوَل و اُولَیَات۔ اَوَّل جب صفت واقع ہوتا ہے تو غیر منصرف ہوتا ہے جیسے "لقیتہ عامًا اَوَّلَ" اور اس کے ماسوا صورتوں میں منصرف ہوتا ہے۔ جیسے "ما رأیتہ اَوَّلًا و لا آخرًا" اور کہا جاتا ہے "لقیتہ اَوَّلَ ذی یدین" یعنی صبح کو سب سے پہلے میں اس سے ملا۔ اور بولتے ہیں "افعل کذا اول ذی یدین" یعنی یہ کام میں سب سے پہلے کروں گا۔

آلَ (ن) اَوْلًا و مَآلًا۔ الیہ: لوٹنا (۔۔۔ اِیَالًا و اِیَالَۃً) الرعیۃَ: انتظام کرنا۔ (۔۔۔ اَوْلًا و اِیَالًا و اِیَالَۃً) علی القوم: حاکم ہونا۔

اَوَّلَہ، اِلَیْہِ: واپس کرانا۔ (۔ وَتَاَوَّلَ) الکلام تفسیر کرنا۔ وَتَاَوَّلَ فِیہ الخیر: خیر وصلاح محسوس کرنا۔ اِئْتَالَ: المالَ: انتظام کرنا۔
المَآل: لوٹنے کی جگہ۔ نتیجہ۔ مآلُ الکلام بمعنٰی
الاِیَالہ۔ حکومت۔ سیاست۔ صوبہ۔ ج اِیالات
اولَآءِ واُولٰی۔ جمع قریب کیلئے اسم اشارہ ہیں مذکر و مونث دونوں کے لئے۔ اور اولاء پر ہا تنبیہ داخل ہوتا ہے اور ھٰؤلاءِ کہا جاتا ہے۔ اور آخر میں ک خطاب بھی لاحق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اولٰئِک۔ اور اولاء واولٰی الذین کے معنی میں بھی مستعمل ہیں
اُولُو۔ ذو کی جمع۔ مونث اُولات۔ اس کی واحد ذات ہے۔ تم کہتے ہو "جَاءَنِی اُولُو العلم و اُولَاتُ الفضلِ"
آمَ (ن) اَوْمًا: سخت پیاسا ہونا۔ (آمَ (ن) اَوْمًا وایامًا واُیامًا) النحلَ وعلیہا: شہد نکالنے کے لئے چھتہ کے نیچے دھواں کرنا۔
اَوَّمَہٗ: پیاسا کرنا۔
الاُوَام: پیاس۔ دوران سر (۔ والایام) دھواں۔ ج اُیُم۔
آنَ (ن) اَوْنًا۔ علی نفسہ: نرمی کرنا۔
اَوَّنَ (ن) وتَاَوَّنَ: الرجلُ: سنجیدہ و پُر وقار ہونا۔
الاَوْنُ: نرمی۔ آرام۔ سکون۔ وقار کے ساتھ چلنا۔
الآن والاَوان۔ وقت۔ ج آوِنَۃ۔
الآن: ابھی۔
الاِیوان: محل۔ ج اِیوانات واَوَاوین۔
الاَوَان: کھمبے (اس کیلئے واحد نہیں)
اٰہ (ن) اَوْھًا واَوَّہَ وتَاَوَّہَ: دردمند ہونا۔ آہ آہ کرنا۔
الاَوَّاہ: بہت آہیں کرنے والا۔
الآھَۃ۔ آہ۔ کراہ۔ کھسرہ۔
اَوَی (ض) اُوِیًّا واِوَاءً۔ البیتَ والی البیت: ٹھکانا لینا۔ پناہ دینا۔ اترنا۔
(واَوَی واَوّی) ہٗ البیتَ والی البیت: ٹھکانا دینا۔ پناہ دینا۔ اُتارنا۔
آوَی (ض) اَوْیَۃً واِیَۃً ومَاوِیَۃً لہٗ: رحم کھانا۔ نرم دل ہونا۔ ترس کھانا۔
تَاَوّٰی وتَآوَی۔ الطیورُ: اکٹھا ہونا۔
اِئْتَوٰی واِتَّوٰی: پناہ لینا۔ لہٗ: ترس کھانا
المَاْوٰی والمَاْوَاۃ: ٹھکانا۔ جائے پناہ۔
اِبْنُ آوٰی: گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابو زہرہ کہتے ہیں۔ ج بنات آوٰی۔
الآیۃ: علامت ۔۔ من الکتاب: آیت۔
الآیۃ: عبرت۔ ج آی وآیات۔
آیۃُ الرجل: وجود۔ کہا جاتا ہے "خرج القوم بآیتہم" قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔
اَیْ: حرف ندا جیسے "اَیْ زیدُ" حرف تفسیر جیسے "رأیتُ غضنفرًا ای اسدًا"
اِیْ: ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے "اِیْ واللہ"
اَیّ۔ اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔
(۱) شرط کے لئے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے جیسے "اَیًّا تَضْرِبْ اَضْرِبْ" جس کو تو مارے گا میں ماروں گا۔
(۲) استفہام کے لئے جیسے "اَیُّکم اَتٰی" "تم میں سے کون آیا۔
(۳) اسم موصول جیسے "سَلِّمْ علی اَیِّہم افضلُ" ان میں سے جو افضل ہو اس کو سلام کر۔
(۴) کمال کے معنی پر دلالت کرنے کے لئے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے "زیدٌ رجلٌ ایُّ رجلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے۔ اور کبھی موصوف باللام منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے لئے آتا ہے۔ جیسے یا ایہا الرجل۔
اِیّا۔ وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "اِیَّاکَ عَنَیْ"
اَیَا۔ بعید کے لئے حرف ندا ہے۔ اور کبھی ہمزہ کو ہ سے بدل کر ہَیَا بولتے ہیں۔
آدَ یَئِیْدُ اَیْدًا وآدًا۔ مضبوط سخت ہونا۔
اَیَّدَہٗ تَاْیِیدًا وآیَدَہٗ مُؤَایَدَۃً۔ قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَیِّد ومُؤَیِّد) صفت مفعولی۔ (مُؤَیَّد ومُؤَیَّد)
(تَاَیَّدَ) قوی ہونا۔
الآدُ والاَیْدُ۔ قوت۔
الاِیَاد: ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لئے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ نقارہ آسمانی۔ مضبوط پہاڑ۔ ایادا لجیش: فوج کا دایاں و بایاں بازو
الاَیِّد: قوی۔
المُؤْیِد: بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مَآوِد و مؤایِد۔
آیَار: ماہ مئی (رومی مہینے کا نام)
اَیِسَ (س) یَاْسًا۔ منہ: ناامید ہونا۔ صفت (آیِس)
آیَسَہٗ وآیَسَہٗ اِیْئَاسًا: ناامید کردینا۔
الآیِسَۃ: پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔
آضَ یَئِیْضُ اَیْضًا: لوٹنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَعَلَہٗ اَیْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔ ایضا پر نصب مصدریت یا حالت کی بنا پر ہے ۔۔ ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "آضَ سَوَادُ شَعْرِہٖ بَیَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔
الاَیْقُوْنَۃ: مجسمہ۔ اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ التصمۃ ہے۔
اَیِکَ (س) اَیَکًا واِسْتَایَکَ۔ الشجرُ: گنجان ہونا۔
الاَیْکُ: گنجان درخت واحد (اَیْکَۃ)
الاَیِّکُ: پھل دار۔
اِیْلَ۔ عبرانی میں اللہ تعالٰی کا نام۔
الاَیِّلُ والاُیَّلُ والاِیَّلُ۔ بارہ سنگھا ج اَیَایِل۔
اَیْلُوْل: ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)

آم یئیم اَیْمَۃً واُیُومًا وآیْمًا۔ الرجلُ من زوجتہ اوالمرأۃ من زوجہا: رانڈ و بیوہ ہونا، صفت مذکر و مونث (آیِّم) ج اَیَامَ واَیَامیٰ و اَیِمّون و اِیمّات۔

آیَمَہ، رانڈ بیوہ کرنا۔

تَاَیّم، وصہ تک بے نکاح کے رہنا۔

الاَیْم: سانپ۔ نماز دہا۔ ج اَیُوم۔ ایم اللہ خدا کی قسم۔

الآمۃ: عیب و نقص۔

کہا جاتا ہے الحربُ (مَاَیْمَۃٌ) مُیتمۃٌ لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے۔

آن یئیِنُ آیْنًا: وقت آنا۔ کہا جاتا ہے۔ "آن لک ان تفعل کذا" تمہارے لئے ایسا کرنے کا وقت آگیا۔

الاَیْن۔ تھکن۔ ماندگی۔

الآن والاوان۔ مادہ اون دیکھو۔

اَیَّانَ: اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے۔ جیسے "ایان تضرب اضرب" جب تم مارو گے ماروں گا۔ اسم استفہام جیسے "ایان ترجع" تو کب واپس ہو گا۔ اور متی کے معنی میں بھی آتا ہے۔ بمعنی کب۔

اَیْنَ: اسم ظرف ہے بمعنی کہاں جیسے "این یوسف" یوسف کہاں ہے۔ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ ما اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے "این او اینما تقف اقف" تو جہاں کھڑا ہو گا میں کھڑا ہوں گا۔

اِیہٖ: کچھ اور کہو، یا کرو، یا سناؤ۔

ایا وایاءُ وأیاۃُ و اِیَاۃٌ۔ الشمس: آفتاب کی روشنی۔ اور ایسا ہی نباتات کے رونق کے معنی میں بھی آتا ہے، والایاۃ: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

ب

ب۔ حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل کے لئے مستعمل ہے۔

(۱) الصاق: جیسے "مَسَکْتُ بِالغُلَامِ" میں نے غلام کو پکڑ لیا۔

(۲) استعانۃ: جیسے "کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ" میں نے قلم سے لکھا۔

(۳) مصاحبت: "اِذْہَبْ بِسَلَامٍ" سلامتی کے ساتھ جاؤ۔

(۴) ظرفیت: جیسے "سار باللیل" وہ رات میں چلا۔

(۵) بدل: جیسے "بَاعَ الْکُفْرَ بِالْاِیْمَانِ" اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا۔

(۶) تعدیہ: جیسے "ذَہَبْتُ بِہٖ اِلَی الْبَیْتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا۔

(۷) قسم: جیسے "باللّٰہ" اللہ کی قسم۔

(۸) سببیت: "لَقِیْتُ بِزَیْدٍ الْاَہْوَالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا۔

(۹) تاکید۔ اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں۔

کانَ منفی کی خبر میں جیسے "وَمَاکَانَ بِمُنکَرٍ" یہ منکر نہیں لیس کی خبر میں جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ بِقَائِمٍ" زید کھڑا نہیں ہے۔ کا مشابہ بلیس کی خبر میں جیسے "مَا اللّٰہُ بِغَافِلٍ" اللہ غافل نہیں۔

اور افعل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اَکْرِمْ بِہٖ اَحْسِنْ بِہٖ" اور نفس و عین کے تاکید لانے میں جیسے "جَاءَ الْوَزِیْرُ بِنَفْسِہٖ" وزیر خود آیا۔

اور کفی کے فاعل پر جیسے "کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا" اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا اَنْ یُحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ" اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے جیسے "بِحَسْبِکَ دِرْہَمٌ" بجائے "حسبک درہم" کے۔

اور اِذَا فجائیہ کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا بِزَیْدٍ فِی الطَّرِیْقِ۔"

اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "مَا رَجَعَتْ بِخَائِبَۃٍ رِکَابٌ۔"

اور کبھی عن و علی و الی کے معنی میں آتا ہے۔

البَابَا: پوپ ج بَابَوات نسبت کے لئے (بابوی)

بَابَأَ۔ ہ و بہ: کسی سے بابی انت وامی کہنا۔

البأبأۃ: بابا کہنا۔

البُؤْبُؤُ: اصل۔ درمیانی حصہ۔ آنکھ کی پتلی عالم۔ خوش طرح سردار۔

بَابِل: فرات کے کنارے کا وہ مشہور شہر جو کلدانیوں کا دار السلطنت تھا۔ جس کو نمرود نے بسایا تھا۔

البَابِلِیّ: جادوگر۔ شراب۔ زہر۔

البَابُونج والبَابُونَش: جوتہ کی ایک قسم ج بوابیج۔

البَابُور: اسٹیمر۔ اس کی عربی باخرہ ہے۔

البَابُونَج والبَابُونِج: بابونہ۔

بَأَجَ (ف) بَأْجًا و بُؤَاجًا: چلانا۔

البَأْج والبَاج: قسم۔ شکل۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ بَاجٌ وَاحِدٌ" لوگ ایک روش و طریقہ پر ہیں۔ والبَاج: ٹیکس جو بھیڑ بکری کے مالک سے لیا جائے۔

البَادِزَہْر: زہر باد (ایک بیماری کا نام)

البَأْدَل: ہنسلی اور گردن کے درمیان کا فاصلہ

البادلۃ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔

البَاذِنجَان والبَادِنجَان۔ بینگن

بَأَرَ (ف) بَأْرًا وابْتَأَرَ: کھودنا۔ ـ الشئ: چھپانا۔ ذخیرہ کرنا ـ الخیر: پوشیدہ طور پر کرنا۔

أبْأَرَ ہ: کسی کے لئے کنواں بنانا۔

البِئْر۔ کنواں۔ ج آبار۔ و آبار و بِئَار و اَبْوُر (کلمۂ مونث ہے)

البَأَّار: کنواں کھودنے والا۔

البُؤْرَۃ۔ گڑھا۔ آتشدان۔ ذخیرہ۔

البَأرُةُ والبَئِيرَةُ : ذخیرہ

البَارَةُ : قرش کا چالیسواں حصہ۔ ج بارات

البَارْنامج والبَرْنامج : بجٹ۔ فہرست۔ حدیث کے راویوں اور اسناد کتب کی فہرست

البَارُود : بارود۔

البَارُودَة : بندوق۔ ج بَوَارِید۔

البَاز۔ ج بِيزَان وبُوُز وأبْوَاز البَازُو

البَازِي : ج أبْوَاز وبُوَاز وبِيزَان وبُزَاة : باز

البَازْدار : باز وغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا ج بَزَادِرَة۔

البَازَار : بازار۔

البَازِرْكَان : سوداگر۔

البَازَهْر : دیکھئے بادزہر۔

بَؤُسَ (ك) بَأسًا : مضبوط وبہادر ہونا۔ صفت (بَئِس وبَئِيس)

بَئِسَ (س) بُؤْسًا وبَئِيسًا وبُؤُوسًا و بُؤْسَى : سخت حاجتمند ہونا صفت (بَائِس) ج بُؤَّس۔

بِئْسَ۔ فعل ماضی جامد ہے۔ مذمت کے لئے مستعمل ہے اور بَئِسَ الرجلُ سے بنا ہے۔

أبْأسَ : مصیبتیں پڑنا ـــــ ہ : مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔

تَبَاءَسَ : بتکلف مفلس بننا۔

إبْتَأسَ۔ ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا اور اسی سے ہے "لا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ" جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔

البَأسُ : بہادری۔ قوت۔ خوف۔ عذاب۔ لا بأسَ بِهِ : اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ لا بَأسَ عليك : تمہارے اوپر کوئی خوف نہیں۔ لا بأس فيه : اس میں کوئی حرج نہیں۔ لا بَأسَ أنْ تَعْرِفوا : تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔

البُؤْسُ : ج أبْؤُس (والبَأسَاء والبُؤْسَى) شدت۔ محتاجی۔ والبَأسَاء : لڑائی بھڑک

بَنَاتُ بِئْسٍ : مصیبتیں۔

بِئْسَ وبَئِيسٌ۔ العَذَاب : سخت عذاب۔

البَاسَلِيق : کہنی کے قریب ایک رگ کا نام

بَاش : رئیس۔ باش کاتب : ہیڈ کلرک۔

البَاشَا۔ پاشا کا معرب۔ جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ ج باشادات وباشات

البَاشَق : ایک شکاری پرندہ۔

تَبَأطَ : لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔ ـــــ عنه : اعراض کرنا۔

بَاقَهُ (ن) بَوْقًا وانْبَاقَ۔ عليه البلاءُ : اچانک آنا۔

البَاقَة : گل دستہ۔

بَؤُلَ (ك) بَآلة وبَآلة۔ کمزور اور ذلیل ہونا صفت (بَئِيل)

البَال : دل۔ مچھلی

البَالَة : عند التجار : کپڑوں کا بنڈل۔ اس کی فصیح إبَالة ہے۔

البَالُو : ناچ گھر۔ اس کی فصیح عربی مرقص ہے (جدید)

البَالُون۔ غبارہ۔ اس کی فصیح عربی منطاد ہے۔ (جدید)

البَامِيَا۔ بھنڈی ترکاری۔ (جدید)

بَأَهَ (ف) بَأْهًا۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَأَهَ للأمر او بالأمر" اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔

بَأَى (ف) بَأْوًا۔ عليهم : فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔

البَبَّ : طریقہ۔

البَبْرُ والبَبَر : شیر ببر۔ ج بُبُور۔

البَبْغَاء والبَبَّغَاء والبَبَغَاء : طوطا۔ ج ببغاوات

بَتَأَ (ف) بُتُوءًا۔ بالمكان : اقامت کرنا۔

بَتَّهُ (ن ض) بَتًّا وأبَتَّهُ إبْتَاتًا۔ کاٹنا ـــــ الأمر : نافذ کرنا ـــــ النية : پختہ ارادہ کرنا ـــــ الرجل : مشقت میں ڈالنا۔

بَتَّتَهُ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ توشہ دینا ـــــ الوعد : پختہ وعدہ کرنا۔

تَبَتَّتَ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ توشہ لینا۔

إنْبَتَّ۔ کٹ جانا۔

البَاتُّ : کاٹنے والا۔ دبلا۔ بيعٌ باتٌّ : لازمی بیع۔

البَتُّ : موٹا کپڑا۔ ج بُتُوت۔

البَتَات : توشہ۔ سامان۔ گھریلو سامان۔ ج أبِتَّة۔ کہا جاتا ہے "هو على بَتَاتِ أمرٍ" وہ کام کے قریب جا لگا۔

البَتَّة : بَتَّ کا اسم مرة۔ البَتَّة وبَتَّةً و بَتَاتًا : یقینًا۔ کہا جاتا ہے "لا أفعله البَتَّة" میں اس کو یقینًا نہیں کروں گا۔

البَتَّات والبَتِّي : موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔

البَتِّيَّة : لکڑی کا بڑا پیپا۔ ج بَتَاتِي۔

البَتِّي۔ اونی رومال۔

بَتَرَهُ (ن) بَتْرًا : کاٹنا۔

بَتِرَ (س) بَتَرًا وانْبَتَرَ۔ کٹ جانا۔

أبْتَرَهُ۔ اللهُ : بے اولاد کر دینا۔

البَاتِرُ والبَتَّارُ والبَتَّار : شمشیر براں۔ ج بَوَاتِر۔

الأبْتَرُ : کٹا ہوا۔ دُم کٹا ـــــ من الحيات : چھوٹا یا زہریلا سانپ۔ لاولد۔ الأبْتَرَان : غلام و جنگلی گدھا۔ مؤنث بَتْرَاء۔ والبَتْرَاءُ من الخُطَب : وہ خطبہ جو حمد الٰہی سے خالی ہو۔

بَتِعَ (س) بَتَعًا : مضبوط گردن یا مضبوط جوڑوں والا ہونا۔ صفت (أبْتَع) مؤنث بَتْعَاء۔ ج بُتْع۔

بَتَعَ (ن) بُتُوعًا۔ منه : پیچھے رہ جانا۔ کہا جاتا ہے "بَتَعَ في الأرض" وہ دور تک چلا گیا۔

بَتَعَ (ض) بَتْعًا۔ النبيذ : شراب بنانا۔

الأبْتَع۔ پرگوشت۔ گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے "جاؤوا أكْتَعُونَ أبْتَعُونَ" وہ سب کے سب آئے۔

البِتْعُ والبِتَعُ : شراب۔ شہد یا عصارہ انگور کی تیز نبیذ۔ البَتِع : مرد دراز قامت۔

بَتَكَهُ (ن ض) بَتْكًا وبَتَّكَهُ : کاٹنا۔

تَبَتَّكَ وانْبَتَكَ : کٹنا۔

البِتْكَة : ٹکڑا۔ ج بِتَك۔

البَاتِكُ والبَتُوكُ: کاٹنے والا۔ تلوار۔
بَتَلَ (ن ض) بتلاً وبتّلَ۔ الشَّیءَ: کاٹ کر جدا کرنا۔
بَتَّلَ وتَبَتَّلَ: دُنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔
اِنبَتَلَ: کٹنا۔
عطاءٌ بَتلٌ: بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔
البَتُولُ: غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی طرف رغبت نہ کرے۔ لقب حضرت مریم و حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔
البُتُولَۃُ والبُتُولِیَّۃُ: تجرد کی حالت۔
البَتِیلُ: دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے حصہ کی نالی۔ خَصرٌ بَتِیلٌ: پتلی کمر۔ ج بُتُل۔
البَتِیلَۃُ: بمعنی بتول (— والبَتلاءُ) کھجور کا چھوٹا پودہ جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ لگایا گیا ہو۔
المُبتِلُ: وہ کھجور جس کی شاخیں کاٹ کر دوسری جگہ لگائی گئی ہوں۔
بَثَّ (ن ض) بَثًّا وبَثَّثَ۔ الخبرَ: خبر پھیلانا — الشَّیءَ: بکھرنا۔ الغبارَ: غبار اڑانا۔
بَثَّ وبَاثَّ وأَبَثَّ۔ فلاناً الخبرَ: آگاہ کرنا بتانا۔
تَبَاثَّ۔ القومُ الأسرارَ: ایک دوسرے کو راز بتانا۔
اِنبَثَّ: پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا اڑنا۔
اِستَبَثَّہٗ: الخبرَ: کسی سے خبر پوچھنا۔
البَثُّ: پراگندگی۔ حال۔ سخت غم۔
بَثبَثَ: الخبرَ: پھیلانا۔ الغبارَ: اڑانا۔
بَثَرَ (ض) وبَثِرَ (س) وبَثُرَ (ک) بَثرًا وبَثَرًا وبُثُورًا وتَبَثَّرَ۔ وَجھُہٗ: چہرے پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت۔ (بَثِرٌ وبَثِیرٌ)
البَاثِرُ: فا۔ بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا پانی حاسد۔
البَثرُ۔ پھنسی واحد (بَثرَۃٌ) ج بُثُورٌ۔
البَثِیرُ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "کَثِیرٌ بَثِیرٌ"

المَبثُورُ۔ بہت مال دار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا جائے۔
بَثِعَت (س) بَثَعًا۔ الشَّفَۃُ خاصۃً: کثرت خون سے سرخ ہونا۔
الأَبثَعُ: وہ شخص جس کے ہونٹ کثرت خون سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بَثعَاءُ ج بُثعٌ
بَثَقَ (ن) بَثقًا وتَبثَاقًا وبَثَّقَ۔ السَّیلُ الموضعَ: سیلاب کا جگہ کو پھاڑ دینا۔ بَثَقَ النَّھرَ: پانی اچھی طرح بہنے کے لئے دریا کے بند کو توڑ دینا
اِنبَثَقَ: الماءُ: بہہ پڑنا — بالکلام: تیزی کرنا
البَثقُ والبِثقُ۔ دریا کے کنارے کی ٹوٹی ہوئی جگہ۔ ج بُثُوقٌ۔
بَجَّہٗ (ن) بَجًّا: پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بَجَّ الکلأُ الناقۃَ: موٹا کرنا۔
اِنبَجَّ۔ پھٹنا۔
الأَبَجُّ۔ کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بَجَّاءُ۔ کہا جاتا ہے "عَینٌ بَجَّاءُ" کشادہ آنکھ۔
البَجَّۃُ: پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے۔
بَجبَجَ: الصَّبیَّ: بچے کو بہلانا۔
تَبَجبَجَ: اللَّحمُ: ڈھیلا ہونا۔
بَجِحَ (س) بَجَحًا: بہٖ: خوش ہونا۔
تَبَجَّحَ۔ فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
البَجَّاحُ۔ بہت فخر کرنے والا۔
بَجَدَ (ن) بُجُودًا وبَجَّدَ۔ بالمکانِ: اقامت کرنا۔
البَجدُ: من النَّاس: جماعت — من الخَیل: سو اور سو سے زائد گھوڑے۔
بَجدَۃُ الأمرِ وبُجدَتُہٗ وبُجُدَتُہٗ۔ حقیقت اصلیت۔ کہا جاتا ہے "عِندَہٗ بُجدَۃُ الأمرِ" وہ حقیقت شناس ہے۔ "ھُوَ ابنُ بَجدَۃِ الأمرِ" وہ معاملہ کی حقیقت کا جاننے والا ہے۔
البِجَادُ: دھاری دار کپڑا۔ ج بُجُدٌ۔
بَجِرَ (س) بَجَرًا۔ الرَّجُلُ: موٹی جڑ والی اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ بھرنا۔

کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَجِرٌ وأَبجَرُ)
تَبَجَّرَ: النَّبِیذَ: پینے میں زیادتی کرنا۔
البَاجِرُ: فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج بُجَّرٌ۔
البُجرَۃُ: ناف۔ چہرہ۔ عیب ج بُجَرٌ۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ عُجَرَہٗ وبُجَرَہٗ" اس نے اس کے عیوب ظاہری و باطنی سب بیان کر دیئے۔
البُجرُ۔ ج أَبَاجِرُ وأَبَاجِیرُ (والبُجرِیُّ) ج بَجَارِیُّ: برائی۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُ منہُ البَجَارِیَّ" اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔
البَجرَاءُ: سخت اور بلند زمین۔ وہ زمین جس میں گھاس نہ اگے۔
البَجَارِمُ۔ مصیبتیں۔
بَجَسَ (ن ض) بَجسًا وبَجَّسَ۔ الماءَ: پانی جاری کرنا — الجرحَ: زخم چیرنا۔ بَجَسَ فلاناً: گالی دینا۔
بَجَسَ وانبَجَسَ وتَبَجَّسَ۔ الماءُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔
البَجسُ والبَجِیسُ: بہنے والا۔ عَینٌ بَجِیسٌ: بہت پانی والا چشمہ۔ ماءٌ بَجِیسٌ: بہتا ہوا پانی
بَجَعَہٗ (ف) بَجعًا: تلوار سے کاٹنا۔
البَجَعُ۔ ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بَجَعَۃٌ۔
بَجَلَ (ن) وبَجِلَ (س) بَجَلًا وبُجُولًا: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (بَاجِلٌ)
بَجُلَ (ک) بَجَالَۃً وبُجُولًا: معزز ہونا۔ صفت (بَجِیلٌ)
أَبجَلَہٗ: الشَّیءُ: کافی ہونا۔
بَجَّلَہٗ: تعظیم کرنا۔
البُجلُ۔ بہتان۔ تعجب۔ دنارت۔ دون ہمتی
بَجَل۔ حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حَسبُ۔ تم کہتے ہو "بَجَلُکَ" یعنی تمہارے لئے کافی ہے۔

البَجَل: بڑا بہتان۔
البَجِيل: وسیع و فراخ۔
الاَبْجَل: ہاتھ یا پاؤں کی ایک موٹی رگ کا نام۔ ج اَبَاجِل۔
بَجَمَ (ض) بَجْمًا و بُجُومًا: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہو جانا۔
بَجَّمَ: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا — منقبض ہونا۔
البَجَم: جھاؤ کا پھل، واحد بَجَمَة۔
البَجْم: بڑی جماعت۔
بَحَّ (س) بَحًّا و بَحَحًا و بُحُوحًا و بَحَاحًا و بُحُوحَة و بَحَاحَة: گلو گرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (اَبَحّ) مونث بَحَّاء۔ ج بُحّ۔
اَبَحَّ، و بَحَّحَ: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا
البُحَّة: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔
بَحْبَحَ و تَبَحْبَحَ: اچھی طرح ٹھہرنا۔ تَبَحْبَحَ الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ تَبَحْبَحَت العرب فی لُغَاتِہا: توسیع کرنا۔
بُحْبُوحَة۔ الدار: وسط۔ درمیان — العیش: فراخی زندگانی۔
البَحْبَحَة: جماعت۔
البَحْبَاحَة: بدصورت۔
بَحُتَ (ک) بُحُوتَة: خالص ہونا۔
بَاحَتَہ۔ الود: خالص دوستی کرنا — فلانًا: بتانا۔
البَحْت: محض خالص۔ شَرَابٌ بَحْتٌ: بادۂ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مسک بحت: خالص مشک۔ عربی بَحْتٌ: خالص النسب والا عربی مونث بَحْتَة۔ بحت کا لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مونث سب کے لئے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مونث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔
البُحْتُر و البُحْتُرِی: پست قد گٹھے بدن والا
بَحَثَ (ف) بَحْثًا۔ فی الارض: کھودنا اور اسی سے مثل ہے " کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِہِ بِظِلْفِہِ "
یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے — عَنْہ: تفتیش کرنا۔
بَاحَثَہ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔
تَبَاحَثُوا: باہم گفتگو کرنا۔
تَبَحَّثَ و اِنْبَحَثَ و اِسْتَبْحَثَ۔ عَنْہ: تفتیش کرنا۔
البَحْث: مٹی کے نیچے کسی چیز کا تلاش کرنا۔ تفتیش۔ تحقیق۔ سونے وغیرہ کی کان۔ ج اَبْحَاث — ج بُحُوث: بڑا سانپ۔
البَحِیث: بھید۔ کہا جاتا ہے "بَدَا بَحِیثُہُم" ان کا بھید ظاہر ہو گیا۔
البَحَّاث: بہت بحث کرنے والا۔
المَبْحَث۔ بمعنی بحث، یا کھود کرید۔ ج مَبَاحِث مباحث البقر: غیر معلوم جگہ بے آب و گیاہ زمین
المُبَاحَثَة: بحث و تدقیق۔
بَحْثَرَ الشیءَ بَحْثَرَةً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔
تَبَحْثَرَ: بکھرنا۔ جدا جدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔
بَحِرَ (س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَحِر)
بَحَرَ (ف) بَحْرًا۔ الارض: شق کرنا۔ الناقة: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بَحِیرَة) ج بَحَائِر و بُحُر
اَبْحَرَ: سمندر میں سفر کرنا — الماءُ: کھاری ہونا — الارضُ: زمین میں متعدد پانی کے گڑھے ہونا۔
تَبَحَّرَ۔ فی العلم: بہت وسیع علم والا ہونا۔
اِسْتَبْحَرَ۔ فی العلم او المال: وسیع العلم یا کثیر المال ہونا۔
البَحْر: سمندر۔ کھاری پانی۔ بڑا دریا۔ تصغیر اُبَیْحِر۔ ج ابحر و بحور و بحار۔ البحر المتوسط او بحر الروم: یورپ ایشیا اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ البحر المحیط: پانچ براعظموں کو گھیرنے والا سمندر۔ بحر الظلمات: بحر اٹلانٹک جو یورپ افریقہ اور امریکہ کے درمیان ہے۔
البَحْرَة: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ پست علاقہ بڑا باغ۔ حوض۔ ج بِحَار و بَحْر۔
البَحْرِی: بحر کی جانب منسوب ہے۔ والبحّار ملاح۔
البُحَیْرَة: جھیل۔
البَاحِر۔ مبہوت۔ بیوقوف۔ فضولی۔
البَاحُور و البَاحُورَاء: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ البَاحُور: چاند۔
البُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراض حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوت مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
البَحْرَیْن: ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لئے (بحرانی) خلاف قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًّا۔ فی النوم: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخٍ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہار خوشنودی کے لئے مستعمل ہے۔ اور تاکید کیلئے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں۔ بخ بخ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ وا۔ آفریں۔ شاباش۔
بَخْبَخَ۔ فی النوم: خراٹے لینا — البعیرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔ — الرجلَ: کسی کو شاباشی دینا۔
بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ۔ الحرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَہ (ن) بَخْتًا: مارنا۔
بَخَّتَہ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
البَخْت: نصیبہ (فارسی کلمہ ہے جس کے لئے فصیح لفظ الحظ ہے)
البَخِیت و المَبْخُوت: نصیبہ ور۔
بَخْتَرَ بَخْتَرَةً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
البَخْتَرِیَّة و البَخْتَرِیَّة: متکبرانہ چال
بَخَرَت (ن) بَخْرًا۔ القِدْرُ: بھاپ نکلنا
بَخِرَ (س) بَخَرًا۔ الفمُ: گندہ دہن ہونا۔ صفت (اَبْخَر)

بَخَّ: بھاپ نکالنا۔ بَخَّرَہُ وبَخَّرَ علیہ: دُھونی دینا۔ دھونی دے کر خوشبودار بنانا۔

تَبَخَّرَ: دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔

البُخَار: بھاپ ج اَبْخِرَہ

الباخِرَۃ: اسٹیمر۔

البَخُور: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے۔ ج اَبْخِرَۃ وبَخُورَات۔

بَخُورُ مَرْیَمَ وبَخُورُ الاَکْرَادِ وبَخُورُ البَرْدِ بَخُورُ السُّودَانِ وبَخُورُ البَرْبَرِ۔ مختلف قسم کے نباتات کے نام۔

المِبْخَرَۃ۔ عود سوز۔

المَبْخَرَۃ: باعث گندہ دہنی۔ اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ "اِیَّاکُمْ وَنَوْمَۃَ الغَدَاۃِ فَاِنَّہَا مَبْخَرَۃٌ مَجْفَرَۃٌ مَجْعَرَۃٌ" صبح کو سونے سے پرہیز کرو اس لئے کہ اس سے گندہ دہنی پیدا ہوتی ہے (مجفرۃ بدن کے فساد کا سبب اور مجعرۃ طبیعت کی خشکی۔

بَخَزَ (ف) بَخْزًا۔ عَیْنَہُ: آنکھ پھوڑنا۔

بَخَسَہُ (ف) بَخْسًا۔ گھٹانا اور اسی سے ہے "لَا تَبْخَسْ اَخَاکَ حَقَّہُ" اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَیْنَہُ: آنکھ پھوڑنا۔

تَبَاخَسَ: القَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہونچانا۔

البَخْس: کم ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے "وَشَرَوْہُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔

البَخْس: وہ زمین جو بغیر سیراب کئے ہوئے پیداوار اگائے۔

البَخْسِیُّ۔ مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔

الاَبَاخِس: انگلیاں۔

البَخْشِیْش: بخشش۔ انعام (اس کے لئے فصیح لفظ الراشن اور الحلوان ہیں۔

بَخَصَ (ف) بَخْصًا۔ عَیْنَہُ: آنکھ نکال لینا۔

بَخِصَ (س) بَخَصًا۔ الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (اَبْخَص) مونث بَخْصَاء (ج) بُخْص

تَبَخَّصَ: تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا الٹ جانا

البَخَص۔ قدم کا گوشت۔ انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔

مَبْخُوصُ۔ القَدَمَیْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔

بَخَعَ (ف) بَخْعًا۔ نَفْسَہُ: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا — الشَّاۃَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا — لِنُصْحِہِ: خالص خیر خواہی کرنا۔ الرَّکِیَّۃَ: کنواں پانی نکلنے تک کھودنا — فُلَانًا خَبَرَہُ: تصدیق کرنا۔

بَخَعَ (س) بُخُوعًا وبَخَاعَۃً۔ بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔

بَخَقَ (ف) بَخْقًا واَبْخَقَ۔ عَیْنَہُ: کانی کرنا پھوڑنا۔

رَجُلٌ (اَبْخَقُ وبَاخِقٌ وبَخِیْقٌ ومَبْخُوقٌ): کانا مرد۔

عَیْنٌ (بَخْقَاءُ وبَاخِقَۃٌ وبَخِیْقَۃٌ و مَبْخُوقَۃٌ) کانی آنکھ۔

البُخَاق: نرھیڑیا۔

بَخِقَتْ (س) بَخَقًا۔ عَیْنُہُ: بری طرح کانی ہونا۔

بَخِلَ (س) بَخَلًا وبُخْلًا (ک) بُخْلًا۔ بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِیلٌ ج بُخَلَاء۔ علیہ عنہ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت (باخل) ج بُخَّل۔

بَخَّلَہُ: بخل کی جانب منسوب کرنا۔

اَبْخَلَہُ: بخیل پانا۔

البَخَّال والبِخَال والمُبَخَّل والبَخَل۔ بہت کنجوس۔

المَبْخَلَۃ: باعث بخل۔ اور اسی سے ہے "الوَلَدُ مَبْخَلَۃٌ مَجْبَنَۃٌ" لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔

البُخْنُق: کنٹوپ، ایک قسم کا زنانہ سر بند۔

بَخَا (ن) بَخْوًا۔ غَضَبُہُ: غصہ تھمنا۔

بَدَّ (ن) بَدًّا۔ رِجْلَیْہِ: ٹانگیں پھیلانا — الرَّجُلُ عَنِ الشَّیْءِ: دور کرنا۔ روکنا۔

بَدَّ (ن) بَدَدًا: زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔

بَدَّدَ۔ الشَّیْءَ۔ متفرق کرنا۔ بکھیرنا — الرَّجُلُ: تھکنا۔

بَادَّ مُبَادَّۃً وبِدَادًا۔ مبادلہ کے طور پر بیچنا — القَوْمُ فِی السَّفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زاد سفر لانا اور پھر ملا کر خرچ کرنا۔

اَبَدَّ۔ الشَّیْءَ بَیْنَہُمْ: ہر ایک کا حصہ دینا — یَدَہُ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔

تَبَدَّدَ: متفرق ہونا — القَوْمُ الشَّیْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِبْتَدَّ۔ الرَّجُلَانِ فُلَانًا بِالضَّرْبِ: دو آدمیوں کا کسی کو دونوں جانب سے مارنا۔

تَبَادَّ۔ القَوْمُ: باہم مقابلہ کے لئے نکلنا اور اپنے اپنے حریف کو پکڑنا۔ دو دو آدمیوں کا فاصلہ سے گذرنا۔

اِسْتَبَدَّ۔ بَدًّا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔ — الاَمْرِ بِفُلَانٍ: کسی معاملہ کے لئے قابو ہو جانا۔

البِدُّ والبَدِیْدُ۔ مثل ونظیر۔

البُدُّ۔ چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "لَا بُدَّ مِنْ ہٰذَا" یہ لازمی ہے۔ بدلہ — والبُدَّۃُ والبُدَادُ: حصہ۔

البَدَاد: مقابلے کے لئے نکلنا۔ ہمسر لوگ۔ کہا جاتا ہے "لَقُوا بَدَادَہُمْ" وہ لوگ اپنے حریفوں سے ملے۔ وبَدَادِ وبَدَادِ بَدَادِ۔ یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ کہنا مقصود ہو کہ ہر شخص اپنے قرین کو پکڑے۔ "وجَاءَتِ الخَیْلُ بَدَادِ" گھوڑے متفرق آئے۔

البَدَادُ والبِدَّۃُ۔ طاقت۔ حاجت۔

الاَبَدُّ۔ وہ شخص جس کے ہاتھ یا رانوں میں فاصلہ ہو۔ بڑے جسم والا۔ مونث بَدَّاءُ۔ کہا

جاءوا ذَہَبُوا أَبَادِيدَ تَبَادِيدَ) یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔ "واحد "اَبَادِيدَ وتَبَادِيدَ" متفرق پرندے۔
المُسْتَبِدُّ : کام شروع کرکے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔
بَدَأَ (ف) بَدْءًا وابْتَدَأَ وتَبَدَّأَ الشیٔ وبہ : شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بَدَأَ بِفُلانٍ : آگے بڑھانا
بَدَأَ الشیٔ : شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَدَأَ وأَبْدَأَ اللہُ الخلقَ : پیدا کرنا۔
صفت (بَادِئٌ ومُبْدِئٌ) أَبْدَأَ الرجلُ : عجیب چیز لانا۔ تعجب انگیز کام کرنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فُلانٌ مَا يُبْدِئُ و مَا يُعِيدُ" یعنی فلاں کچھ بھی نہیں بولتا۔
بَدَّأَہُ : شروع کرانا پہلے کرنا فضیلت دینا
البَدْءُ والبَدْأَةُ والبَدَاءَةُ والبَدِيئَةُ : شروع۔ ابتدا۔ کہا جاتا ہے "فعلہ بدءًا وبدءَ بَدْءٍ وأَوَّلَ بَدْءٍ وبَادِئَ بَدْءٍ وبَدَاءَةَ ذِي بَدْءٍ" یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کرونگا۔
والبَدَاءَةُ : کسی جگہ کے لئے سفر کی ابتدا۔ تم کہتے ہو "اِكْتَرَيْتُ الفرسَ لِلبَدَاءَةِ والرَّجْعَةِ" یعنے گھوڑے کو آمد ورفت کے لئے کرایہ پر لیا۔ بدؤ کی جمع أَبْدَاءٌ وبُدُوءٌ۔
المَبْدَأُ : اصل سبب۔ ج مَبَادِئُ
المُبْتَدَأُ : پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو۔
بَدَحَ (ف) بَدْحًا ہ بالعصا : لاٹھی کر مارنا۔ — بالسر : ظاہر کرنا۔
تَبَادَحُوا : بالشیٔ : باہم مل کر پھینکنا۔
البِدْحُ : ج بُدُوحٌ وبِدَاحٌ و(البَدَاحُ) ج بُدُحٌ و(البَدْحَةُ) وسیع زمین۔
بَدَخَ (فتح) وبَدِخَ (ک) بَدَخًا و بَدَاخَةً : عالی مرتبہ ہونا صفت (بَدِخٌ) ج بُدَخَاءُ۔
تَبَدَّخَ ۔ عَلَيْہِ : بڑا بننا۔
بَدَرَ (ن) بُدُورًا ۔ اِلَی الشیٔ : جلدی کرنا — ہ الی الشیٔ : کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔
بَادَرَ مُبَادَرَةً وبِدَارًا ۔ اِلَی الشیٔ : جلدی کرنا۔ — الشیٔ : وقوع سے پہلے کرنا۔ بَادَرَ فُلانًا الشیٔ و اِلَيْہِ : کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا آگے بڑھ جانا۔
تَبَادَرَ ۔ القومُ : جلدی کرنا۔
تَبَادَرَ وابْتَدَرَ ۔ القومُ امرًا : بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لئے بڑھنا۔
أَبْدَرَ : ماہ کامل طلوع ہونا۔ چودھویں رات میں چلنا۔
البَدْرُ : ماہ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق۔ ج بُدُورٌ۔
البَادِرُ : جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا۔ ج بَوَادِرُ۔
البَدْرِيُّ : جاڑے سے کچھ پہلے کی بارش
البَدَرَى : مسابقت۔ کہا جاتا ہے۔ "اِسْتَبَقْنَا البَدَرَى" ہم نے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کے لئے دوڑ کی۔
البَدْرَةُ ۔ دس ہزار درہم ۔ — مِنَ المالِ : بڑی مالیت۔ دس ہزار درہم کی تھیلی ج بِدَرٌ و بُدُورٌ کہتے ہیں۔ "فلانٌ يَهَبُ البُدُورَ" ۔ فلاں دس ہزار کی تھیلیاں ہبہ کرتا ہے۔
المَبْدَرَةُ : بکری کے بچے کی کھال۔
البَادِرَةُ : تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی۔ ج بَوَادِرُ۔ کہا جاتا ہے "بَدَرَتْ مِنْہُ بَوَادِرُ غَضَبٍ" اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں۔
البَادِرَةُ : تیر کی نوک۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَتْہُ بَادِرَةُ السَّہْمِ" اس کو تیر کی نوک لگی۔ — مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔
بَدَارِ : اسم فعل یعنی اسرع یعنی جلدی کر
البَيْدَرُ ۔ کھلیان۔ ج بَيَادِرُ۔
بَدَعَ ۔ (ف) بَدْعًا ۔ الشیٔ : گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔
بَدُعَ (ک) بَدْعًا وبَدَاعَةً وبُدُوعًا : بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔
بَدِعَ (س) بَدَعًا : موٹا ہونا صفت (بَدِيعٌ)
بَدَّعَہُ : بدعت کی نسبت کرنا۔
أَبْدَعَ : کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا۔ — بہ چھوڑ دینا۔ — وابْتَدَعَ الشیٔ : ایجاد کرنا — الرجلُ : بدعت نکالنا۔
تَبَدَّعَ : بدعتی ہونا۔
اِسْتَبْدَعَ : الشیٔ : عجیب ونادر سمجھنا۔
البِدْعُ : انوکھا۔ ناتجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے۔ "فلانٌ بِدْعٌ فی الامرِ" فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج أَبْدَاعٌ وبُدُوعٌ۔
البِدْعَةُ : بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرون ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَعٌ
البَدِيعُ : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "اللہُ بَدِيعُ السَّمٰوَاتِ والاَرْضِ" اللہ نے آسمان وزمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔ انوکھی چیز۔ انوکھی چیز بنانے والا۔ موٹا۔ نئی مشک۔
علم البَدِيعِ : وہ علم جس سے کلام کے محسنات لفظیہ ومعنویہ معلوم ہوں۔
المُبْتَدِعُونَ : بدعتی لوگ۔
بَدِغَ (س) بَدَغًا : زمین پر گھسٹنا —— بالشر او بالاقذار : آلودہ ہونا۔
بَدَغَ (ف) بَدْغًا ۔ الجوزَ او اللوزَ : اخروٹ یا بادام توڑنا۔
بَدُغَ (ک) بَدَاغَةً : پائجامہ میں پاخانہ کرنا۔ صفت (بَدِغٌ)
بَدَلَ (ن) بَدْلًا وأَبْدَلَ وبَدَّلَ بہ الشیٔ : بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔
بَدِلَ (س) بَدَلًا : ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔
بَدَّلَ وأَبْدَلَ ۔ الشیٔ منہ : بدلہ میں لینا۔ وبَدَّلَ الشیٔ شیئًا آخرَ : بدل دینا۔ کہا جاتا ہے۔ "بَدَّلَ اللہُ الخوفَ اَمْنًا" اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَهٗ۔ بِکَذَا: بدلہ دینا۔
تَبَدَّلَا وتَبَادَلَا۔ کَذَیہِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔
تَبَدَّلَهٗ وَاِسْتَبْدَلَهٗ۔ بِکَذَا: بدلہ میں لینا جیسے "تبدلت الدار بأنسها وحشاً" مکان کی انسیت وحشت سے بدل گئی۔
البِدْلُ والبَدَلُ والبَدِیْلُ: بدلہ۔ جانشین۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے۔ "رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ" ج ابدال وبدلاء۔ البَدَل جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد۔ اور اسی سے ہے، "رُبَّ بَدَلٍ شَرٌّ مِنْ بَدَلٍ" بہت سے عوض ہڈی کے درد سے بری ہیں۔ الاَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی، کہتے ہیں کہ جب اُن میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔
البَدَّال: کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا بنیا۔ عوام بقال کہتے ہیں۔
البَادِلَۃ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔
بَدَنَ (ن) بَدْنًا وبُدْنًا وبُدُونًا و بَدُنَ (ک) بَدَانَۃً وبَدَانًا: موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بَادِن و بَادِنَۃ) ج بُدْن و (بَدِین) ج بُدُن۔
بَدَّنَهٗ: زرہ پہنانا۔ وبَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا۔
البَدَن: جسم۔ ج ابدان۔ چھوٹی زرہ ج بُدْن
البَدَنَۃُ: وہ گائے یا اونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقع پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنات وبُدُن۔
المِبْدَان والمُبَدَّن۔ موٹے جسم والا۔ تناور۔
بَدَهَ (ف) بَدْهًا وبَادَهَ۔ الرجلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بَادِہ) مؤنث (بَادِہَۃ) ج بَوَادِہ۔
تَبَادَهُوا۔ الشعرَ۔ والخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا۔ یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَہَ۔ الخُطْبَۃَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا صفت (مُبْتَدِہ و مِبْدَہ)
البُدَاهَۃ والبَدَاهَۃ: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے۔ "لحقہ فی بداہۃ جریہ" دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا۔ اچانک۔
بَدِیْهًا وعلی البَدِیْهَۃ: فی البدیہہ۔
البَدِیْهَۃُ: اچانک۔ فوری بے غور و فکر کہا جاتا ہے "اَجَابَ عَلَی البدیہۃ" اس نے بے غور و فکر جواب دیا۔ ج بَدَائِہ۔ کہا جاتا ہے "ہذا معلومٌ فی بدایۃ العقول" یہ بدیہی طور پر معلوم ہے۔ "ولفلانٍ بدائہ فی الکلام" یعنی فلاں کی گفتگو بہت عجیب و غریب ہے۔
البَدِیْهِیّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لئے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو۔
المِبْدَہ: فی البدیہہ بولنے والا۔ اچانک آنے والا۔
بَدَا (ن) بُدُوًّا وبَدَاءً وبُدُوًّا وبَدَاءَۃً: ظاہر ہونا صفت (بَادٍ) ج بادون وبُدًی وبُدًّی۔
— لہٗ فی امرٍ: خیال سوجھنا۔
بَدَا (ن) بَدَاوَۃً وبِدَاوَۃً وتَبَدّٰی: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (البَدَوِیّ) وتَبَدّٰی: ظاہر ہونا۔
اَبْدٰی۔ الامرَ: ظاہر کرنا — فی کلامہ: جرأت دکھلانا۔ اسی سے ہے "السلطان ذو عدوان و ذو بدوان" بادشاہ جرأت و دلیری والا ہے۔
بَادٰی: بالعداوۃ: کھلم کھلا دشمنی ظاہر کرنا۔
— ہ: کوئی بات کسی سے صفائی سے کہنا کھلم کھلا مقابلہ کرنا۔
تَبَادٰی: بدوی صفت ہونا۔
البَدْوُ والبَادِیَۃُ والبَدَاوَۃ: صحرا۔ جنگل۔ ج بَادِیَات وبَوَادٍ والبدو: خانہ بدوش عربی قبائل۔ اور بدو کی طرف نسبت کے لئے (بَدْوِیّ و بَدَوِیّ) مؤنث بَدَوِیَّۃ ج بَدَاوِیّ۔
البَدْوَۃ: وادی کا کنارہ۔
البَدَاۃ: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے ج بَدَوات

بَدَاوَۃ۔ الامرِ: آغاز معاملہ۔ والبداوات: مختلف رائیں۔
بَذَّ (س) بَذَاذًا وبَذَاذَۃً و بُذُوذَۃً: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَذٌّ وبَاذٌّ) مؤنث (بَذَّۃ و بَاذَّۃ)
بَذَّہٗ (ن) بَذًّا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
بَاذَّہٗ: سبقت کرنا۔
اِبْتَذَّ۔ منہ حقہ: لینا۔
البَذُّ والبَذِیْذ: مثل اور کہا جاتا ہے۔ "رجلٌ فذٌّ بذٌّ" یگانۂ روزگار مرد۔
بَذَأَ (ف) بَذْأً۔ الشیءَ: ناپسند کرنا — الشخصَ وعلی الشخص: حقارت کرنا۔ مذمت کرنا۔
بَذَأَ (ف) وبَذِیَٔ (س) وبَذُؤَ (ک) بَذَاءَۃً: فحش گو ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (بَذِیّ)
ارضٌ بَذِیْئَۃٌ: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
اَبْذَأَ۔ فحش گوئی کرنا۔
بَاذَأَہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
البَذَج: بکری کا بچہ۔ ج بِذْجان۔
بَذَحَہٗ (ف) بَذْحًا۔ چیرنا — الجلدَ عن العرق: کھال ہٹانا۔
تَبَذَّحَ۔ السحابُ: برسنا۔
البَذْح۔ پھٹن۔ ج بُذُوح۔ کہا جاتا ہے۔ "فی رِجلہ بُذُوحٌ" اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔
البَذَح: رانوں کی خراش۔
بَذِخَ (س) بَذَخًا وبَذْخًا (ف) بَذْخًا وبَذُخَ (ک) بَذَاخَۃً وتَبَذَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخ) ج بَوَاذِخ و (بَذِخ) ج بُذَخَاء۔
بَاذَخَہٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
البَذَّاخ: تکبر کرنے والا — من الابل: بہت بلبلانے والا اونٹ۔
البُذَاخِیّ: بڑا۔
البَیْذَخ: موٹے جسم والی عورت۔
بَذَرَ (ن) بَذْرًا۔ الحبَّ: بونا — المالَ: فضول خرچی میں اڑانا — العلمَ: پھیلانا۔ اشاعت کرنا۔

— الأرضَ : اُگانا۔
(ذَهَبُوا شَذَرَ بَذَرَ و شِذَرَ بِذَرَ) وہ لوگ ہر طرف بکھر گئے۔
بَذَّرَ۔ المالَ : فضول خرچی میں بکھیرنا۔
صفت (بَذِرٌ و تِبذار و تِبذارة)
تَبَذَّرَ و انبَذَرَ : متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ الماءُ : رنگ بدل کر پیلا پڑجانا۔
البَذْرُ : تخم ریزی کے لئے بیج۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "انه بَذْرُ شَرٍّ" وہ بری نسل کا ہے۔ ج بُذُور و بِذار۔
البَذِرُ و البَیذَارُ و البَیذَارَةُ و التِّبذَارُ : بہت بک بک کرنے والا۔ فضول خرچی کرنے والا
البَذُورُ و البَذِیرُ : چغلخور۔ وہ شخص جو اپنے راز کو چھپا نہ سکے۔ ج بُذُرٌ۔
المُبَذِّرُ : فضول خرچی کرنے والا۔
المُبَذِّرِیُّ : باطل۔ بہت فضول خرچ
المَبذُورُ : بہت۔
بَذْرَقَ۔ المالَ : بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
المُبَذْرِقُ : راہبر۔ دیدبان۔ رہنما۔
بَذَعَهُ (ف) بَذْعاً : گھبراہٹ میں ڈالنا ڈرانا۔ بَذَعَ الاناءُ : برتن کا ٹپکنا۔
اَبْذَعَهُ : ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ میں ڈال لینا۔
البَذَعُ : برتن سے ٹپکا ہوا پانی۔
المَبذَعُ : خوف۔ ڈر۔
المَبذُوعُ : خوف زدہ۔
اِبْذَعَرَّ : متفرق ہونا۔ ابذعرّت الخیلُ۔ کسی چیز کی طلب میں دوڑنا۔
الباذِقُ و البَاذَقُ : انگور کا شیرہ تھوڑا سا پکایا ہوا۔
البَیاذِقَةُ : پیادے۔
البَیذَقُ : سفر کا رہنما۔ پیادہ۔ ج بَیاذِقُ۔
المُبَیذِقُ : وہ شخص جس کا قول عمل سے بہتر ہو۔

اِبذَقَرَّ : متفرق ہونا۔ بھاگنا۔ کہا جاتا ہے "ما ابذقرّ الدمُ فی الماءِ" یعنی خون پانی میں نہیں ملا۔
بَذَلَ (ن ض) بَذْلاً۔ الشیءَ : دینا۔ سخاوت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "بَذَلَ نفسه دُونَ عِرضِ فُلانٍ" اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑادی۔ صفت (باذِل و بَذُول) اور صفت مفعولی (مَبذُول)
بَذَلَ جُهدَه : پوری کوشش کرنا۔ (— و ابتَذَلَ) الثوبَ : کام کے وقت پہننا یا روزانہ استعمال کرنا۔ کلامٌ مُبتَذَلٌ : قضیابات۔ کثیرالاستعمال۔ سیف صَدَق المُبتَذَلِ : تیز دھار والی تلوار۔
تَبَذَّلَ و ابتَذَلَ : چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔ اِبتَذَلَ : روزانہ پہننے کے کپڑے استعمال کرنا۔ پرانے بوسیدہ کپڑے پہننا۔
البَذْلُ : عطا۔ بخشش۔ رَجُلٌ بَذْلٌ : فیاض مرد۔
البِذلَة۔ من الثیاب : روزانہ استعمالی کپڑے۔
البَذَّالُ و المِبذالُ : بہت فیاضی کرنے والا۔
المِبذَلُ و المِبذَلَةُ۔ روزانہ استعمالی کپڑے۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج مَباذِلُ۔
بَذلَخَ بَذلَخَةً و بِذلاخاً۔ قول کے مطابق عمل نہ کرنا صفت مُبَذلِخٌ و بِذلاخٌ
بَذُمَ (ک) بَذَامَةً : کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم۔
البُذمُ : دوراندیشی۔ قوت طاقت۔ رائے کی عمدگی۔ مروت۔
المِبذَمُ : مضبوط اونٹنی۔
بَذَا (ن) بَذواً و اَبذَی (اِبذاءً) علیه : فحش بکنا۔
بَذُؤَ (ک) بَذَاءً و بَذَاءَةً فحش گو ہونا۔ صفت (بَذِیٌّ) ج اَبذِیاء مونث (بَذِیّة)
البَذَاءُ۔ بیہودہ کلام۔
بَرَّ (ن ض) بِرّاً و مَبَرَّةً۔ والدَه : اطاعت کرنا۔

حسن سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ صفت (بَرٌّ) ج اَبرار و (بارٌّ) ج بَرَرَة۔
بَرَّ (س ض) بَرّاً و بَرارَةً و بُرُوراً۔ فی قوله : سچ بولنا — خالقَه : اطاعت کرنا۔ بَرَّت الیمینُ : قسم پوری ہونا۔ بَرَّت الصلوٰةُ : نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللهُ الصلوٰةَ : نماز کو قبول کرنا۔
بَرَّرَهُ : نیک چلن قرار دینا۔ وجہ جواز پیدا کرنا۔
بارَّهُ : حسن سلوک کرنا۔ مہربانی کا برتاؤ کرنا۔
اَبَرَّ : خشکی کا سفر کرنا — علیه : غالب ہونا۔ فائق ہونا — اللهُ حَجَّهُ : قبول کرنا — الیمینَ : قسم پوری کردینا۔
تَبَرَّرَ : نیک ہونا۔ نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا
تَبَرَّرَهُ : اطاعت کرنا۔
تَبَارَّ۔ القومُ : ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ نیکی کرنا۔
اِبتَرَّ : ساتھیوں سے کنارہ کش ہونا۔
البَرُّ : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ نیکوکار۔ خشک زمین۔ ج بُرُور۔ کہا جاتا ہے "جَلَستُ بَرّاً" میں گھر سے باہر بیٹھا۔ "خرج بَرّاً" وہ بیابان کی طرف نکلا۔ "وَاُبدِیُ جوّاً و یُرِیدُ بَرّاً" میں پوشیدگی چاہتا ہوں اور وہ علانیہ (یہ قدیم محاورہ نہیں ہے۔
البِرُّ : عطیه۔ طاعت۔ صلاحیت۔ سچائی۔ نیکی دل۔ لومڑی کا بچہ۔ چوہا۔ بڑا چوہا۔
البُرُّ : گیہوں۔ واحد (بُرَّة)
البَرُّ و البارُّ : نیکوکار۔ بھلائی کرنے والا بہت نیکی کرنے والا۔ سچا۔ ج اَبرار و بَرَرَة
البَرِّیُّ : صحرائی — من النبات : جنگلی — من الحیوان : وحشی۔
البَرِّیَّةُ : جنگل بیابان۔ ج بَرارِیّ۔
البَرّانِیُّ : ظاہر کہا جاتا ہے "مَن اَصلَحَ جَوّانِیَّهُ اَصلَحَ اللهُ بَرّانِیَّهُ" جو شخص اپنے باطن کو درست کرلے گا۔ اللہ اس کے ظاہر کو درست کردے گا۔
البَرِّیتُ : جنگل۔ بیابان۔ ج بَرارِیتُ۔
اَبَرُّ : اسم تفضیل۔ عرب کے قول "اَصلَحُ

العرب ابرہم۔ کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔

البُرّی: اچھی بات۔

المَبَرّۃ جو نیکی پر ابھارے۔ عطیہ۔ ج مَبَرّات ومبار۔

المَبْرُور۔ مِنَ الْاَفْعَالِ: شبہ، جھوٹ، خیانت سے خالی۔

البَرِیر: درخت پیلو کا پہلا پھل۔ واحد بَرِیرہ

بَرَأَ کَ (ف) بَرْءًا وبُرُوْءًا: نیست سے ہست کرنا۔

بَرِئَ (س) بُرُوءًا وبَرَاءً وبَرَاءَۃً۔ مِنَ العیب والدَّیْن: خلاصی پانا۔ نجات پانا۔

بَرِئَ (س) وبَرَأَ (ف) وبَرُؤَ (ک) بُرْءًا وبُرُوْءًا۔ مِنَ المَرَض: شفایاب ہونا۔ چنگا ہونا

بَرَّأَہٗ تَبْرِئَۃً۔ بری کرنا۔ پاک کرنا — من التہمۃ: دور کرنا۔

أَبْرَأَ۔ المَرِیْض: شفا دینا — ہ من الدَّیْن: بری کر دینا — الرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔

بَارَأَ۔ شریکَہ: شریک سے جدائی اختیار کر لینا۔

تَبَرَّأَ۔ مِنَ الذَّنْب: گناہ سے بیزار ہونا۔

تَبَارَأَ۔ الزَّوْجَانِ: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برارت طلب کرنا

البَرِیُّ والبَرِئ: خالص۔ خالی۔ گناہ و تہمت سے پاک۔ ج بَرِیئون وبُرَآء وبِرَاء و أَبْرَاء وأَبْرِیاء۔ مونث بَرِیئۃ وبَرِیَّۃ۔ ج بریئات وبَرِیّات وبَرَایا۔

البَرَاء: مہینے کی پہلی رات۔ "ابْنُ البَرَاء" مہینے کی آخری رات۔ کہا جاتا ہے "انا بَرَاءٌ من کذا" میں اس سے بری ہوں۔ (اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لئے مؤنث ہے)

البُرَأَۃ: شکاری کی جھونپڑی۔ ج بُرَأ

البَرَاءَۃ: بَرِئَ کا مصدر۔ فرمان۔ پروانہ ج برارات۔

البَارِئُ: پیدا کرنے والا۔ صحتیاب جس کی لاغری باقی ہو۔

البَرِیَّۃ: مخلوق۔ ج بَرَایا۔

البُرَائِل والبُرَائِلِیّ۔ پرندے کے گردن کے پر۔

البرائلی: مرغ۔

بَرْأَلَ وتَبَرْأَلَ وابْرَأَلَّ۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا لڑنے کے لئے گردن کے پر کھڑے کرنا۔

البَرْبَخ: مٹی کا پرنالہ۔ ج بَرَابِخ۔

بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔ بڑبڑانا صفت (بَرْبَار)

تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔

البَرْبَرِی: قوم بربر کا ایک فرد۔

البَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم۔ اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ ج بَرَابِر وبَرَابِرَۃ

المُبَرْبَر۔ شیر۔

بَرْبَسَہٗ: طلب کرنا۔

تَبَرْبَسَ: کتے کی مانند چلنا۔

البَرْبَاس: گہرا کنواں۔

بَرْبَصَ۔ الأَرْضَ: سینچنا۔

البَرْبَط: بربط (باجہ)

بَرَتَ (ض) بَرْتًا۔ الشَّئَ: کاٹنا۔

بَرِتَ (س) بَرَتًا: حیران ہونا۔

البُرْت والمِبْرَت۔ چینی۔ شکر سفید

البَرْت: کلہاڑا۔

البُرْت والبِرِّیت: ماہر راہبر۔ ج أَبْرات

البُرْتُقَان: نارنگی۔ نارنگی کا درخت واحد (بُرْتُقَانَۃ)

بَرْتَکَ بَرْتَکَۃً۔ الثَّوْبَ: پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الشَّئَ: چونٹی کی مانند کاٹنا

البَرَاتِک۔ چھوٹے ٹیلے (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

بَرِثَ (س) بَرَثًا: خوش حالی میں زندگی بسر کرنا۔

البَرْث: نرم وہموار زمین ج بِرَاث وأَبْرَاث وبُرُوث۔

البُرْثُن۔ مِنَ السِّبَاعِ والطَّیْر: پنجہ چنگل ج بَرَاثِن۔

البُرْشَنَۃ: شوکت وقوت۔

بَرِجَ (س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجَت عینہ: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (أَبْرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجَاء) ج بُرْج۔

بَرَجَ۔ الشَّئُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔

بَرَّجَ وأَبْرَجَ: برج بنانا۔

تَبَرَّجَتِ۔ المَرْأَۃُ: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔

البَرَج: خوبصورت۔ نمایاں روشن۔ ج أَبْرَاج۔

البُرْج: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد ج بُرُوج وأَبْرَاج وأَبْرِجَۃ۔ البُرْج: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ حمل۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد۔ سنبلہ۔ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔

البَارِج: ماہر کشتی بان۔

البَارِجَۃ: بڑی جنگی کشتی۔ ج بَوَارِج — کہتے ہیں "فلانٌ الْبَارِجَۃُ قد جُمِعَ فیہ کلّ الشّر" یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ سَفِینَۃٌ بَارِجَۃٌ: کھلی ہوئی کشتی۔

تَبَارِیجُ النَّبَات: نباتات کے پھول۔

الاِبْرِیج: دودھ بلونے کا آلہ۔

البَرْجَد: موٹا دھاری دار کمبل۔

البِرْجِیس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

البُرْجُمَۃ۔ ج بَرَاجِم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔

البَرَاجِم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔

"إِنَّ الشَّقِيَّ وَافِدُ البَرَاجِمِ" امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سُوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنو تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بُو پا کر وہاں آ موجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پُوری کر لی۔

بَرِحَ (س) بَرَاحًا وَبَرَحًا۔ المَكَانَ وَمِنْهُ: ہٹنا۔ جُدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَرِحَ وَلَا بَرِحَتْ غَنِيًّا" بمعنی مَا زَالَ وَلَا زَلْتُ۔

بَرِحَ الخَفَاءُ: ظاہر ہونا۔

بَرَحَ (ن) بَرْحًا۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔

(— بُرُوحًا) الصَّيْدُ: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بَارِحٌ وَبَرُوحٌ وَبَرِيحٌ)

بَرَّحَ۔ بِهِ الأَمْرُ: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا — اللهُ عَنْكَ: تکلیف دُور کرنا۔

أَبْرَحَهُ: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔

بَارَحَ۔ المَكَانَ: چھاڑ دینا۔

البَرْحُ: ج أَبْرَاحٌ۔ و التَّبْرِيحُ والبُرَحَاءُ سختی۔ تکلیف۔ بُرائی۔

البَرْحُ: دہشت انگیز معاملہ۔

امرٌ بَرِحٌ) تکلیف دہ معاملہ۔

البَرَاحُ: کشادہ زمین جس میں درخت اور عمارت نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "لَا بَرَاحَ" کوئی چارہ کار نہیں۔ "وَجَاءَنَا الأَمْرُ بَرَاحًا" معاملہ نمایاں طور پر سامنے آ گیا۔ "وَجَاءَ بِالكُفْرِ بَرَاحًا" اس نے کھلم کھلا کفر کا اظہار کیا۔

بَرَاحِ: بروزن قطام: آفتاب کے لئے علم ہے۔

البَارِحَةُ والبَارِحَةُ: گزشتہ رات، البَارِحَةُ الأُولَى: گزشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے۔

"هٰذِهِ فَعْلَةٌ بَارِحَةٌ" یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔

بَرْحَى: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مَرْحَى اس کے خلاف ہے۔

البَارِحُ: گرم ہوا۔ ج بَوَارِحُ۔

ابن بُرَيْحٍ۔ کوا۔

التَّبَارِيحُ: مشقتہائے زندگانی۔ کہا جاتا ہے "تَبَارِيحُ الشَّوْقِ" سوزشہائے عشق۔

بَرَدَ (ن) بَرْدًا وَبَرُدَ (ک) بُرُودَةً: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (بَرُودٌ وَبَارِدٌ وَبُرُودٌ وَبُرَادٌ) بُرِدَتِ الأَرْضُ: اولے پڑنا۔ بُرِدَ القَوْمُ: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ بَرَدَ الحَقُّ عَلَيْهِ اولہ: ثابت ہونا۔ بَرَدَ فُلَانٌ: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَدَّ فِي الأَمْرِ ثُمَّ بَرَدَ" اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔

بَرَدَ (ن) بَرْدًا۔ الحَدِيدَ: ریتی سے رگڑنا۔ — الخُبْزَ: روٹی پر پانی ڈالنا — العَيْنَ: ٹھنڈا سُرمہ لگانا۔

بَرَّدَهُ (ن) بَرْدًا وَبَرَّدَهُ۔ ٹھنڈا کرنا۔ الوَجَعَ: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا — الحَقَّ۔ ثابت کرنا۔ واجب کرنا۔ بَرَدْنَا اللَّيْلَ وَبَرَدَ عَلَيْنَا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔

أَبْرَدَ۔ موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا۔ — إِلَيْهِ البَرِيدَ۔ قاصد بھیجنا۔ الشَّيْءَ: ٹھنڈا کرنا۔ أَبْرَدَهُ المَرَضُ: کمزور کر دینا۔

تَبَرَّدَ: ٹھنڈک چاہنا۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ فِي المَاءِ يَتَبَرَّدُ" وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کیلئے پانی میں اترا۔

تَبَارَدَ: کسی کام میں سست ہو جانا۔ ٹھنڈک ظاہر کرنا۔

إِبْتَرَدَ۔ ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔

إِسْتَبْرَدَهُ: ٹھنڈا پانا۔ إِسْتَبْرَدَ عَلَيْهِ لِسَانَهُ: اس لے اس پر زبان درازی کی۔

البَرْدُ: سردی۔ نیند۔

البَرْدَانِ والأَبْرَدَانِ: صبح شام

البَرَدُ: اولہ۔

البَرَدَةُ: ایک اولہ۔ بدہضمی۔

البَرُودُ: سرمہ جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہنچے۔

ثَوْبٌ بَرُودٌ: وہ کپڑا جس کی درز ابھری ہوئی ہو

البَرُودُ: پانی میں تر کی ہوئی روٹی۔

البُرْدُ: دھاری دار کپڑا۔ ج بُرُودٌ وَأَبْرَادٌ وأَبْرُدٌ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ بَيْنَهُمْ قِدَدٌ بُرُودُ يُمْنٍ بَيْنَهُمْ" یمنی چادریں ان کے درمیان پھٹیں یعنی سب آپس میں جھگڑے۔

البُرْدُ: کالا کمبل۔ واحد بُرْدَةٌ ج بُرَدٌ۔

البَرْدِيُّ: ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو قدمائے مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔

البُرْدِيُّ: ایک قسم کی عمدہ کھجور۔

البُرَادَةُ: ریتی کرتے ہوئے لوہے وغیرہ سے جو کچھ گرے۔

البُرَدَاءُ: جاڑا بخار۔

البَرَّادَةُ: پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔

البَرِيدُ: قاصد۔ ج بُرُدٌ۔ تقریباً بارہ میل کی مسافت: ڈاک خانہ

البَارِدُ: فَاعِيشٌ بَارِدٌ: خوشگوار زندگی۔ غَنِيمَةٌ بَارِدَةٌ: بغیر جنگ اور مشقت کے حاصل کی ہوئی غنیمت۔ حُجَّةٌ بَارِدَةٌ: کمزور دلیل۔

المُرْهَفَاتُ البَوَارِدُ: تیز کاٹنے والی تلوار۔

الأَبْرَدُ: چیتا۔ ج أَبَارِدُ۔ مونث الأَبْرَدَةُ۔

المِبْرَدُ: ریتی۔

المَبْرَدَةُ: وہ چیز جو ٹھنڈک پیدا کرنے والی ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مَبْرَدَةٌ لِلْبَدَنِ" یہ بدن کو ٹھنڈک پہنچانے والی ہے۔

البَرْدَعَةُ والبَرْذَعَةُ: پالان کے نیچے ڈالنے کا کمبل۔

البِرْذَوْنُ۔ ٹٹو گھوڑا۔ ترکی گھوڑا۔ ج بَرَاذِينُ۔

بَرْذَنَ الفَرَسُ: ترکی گھوڑے کی طرح چلنا۔ ٹٹو کی طرح چلنا — الرَّجُلَ: مغلوب کرنا۔

بَرَزَ (ن) بُرُوزًا۔ میدان کی طرف نکلنا۔

بَرَزَ (ن) وَبَرِزَ (س) بَرْزًا، گمنامی کے بعد

مشہور ہونا۔ صفت (بارِز)
بُرُوزٌ) بَرَازَةٌ۔ فضل یا شجاعت میں
اپنے ہم سروں سے بڑھ جانا۔ صفت (بَرُوْزٌ)
مونث (بَرْزَةٌ)
اَبْرَزَہ: نکالنا۔۔ الکِتَابَ: شائع کرنا۔
۔۔ الرَّجُلُ: ارادۂ سفر کرنا۔
بَرَّزَ پاخانہ کرنا۔۔ الشَّیْءَ: نکالنا۔
ظاہر کرنا۔۔ الفرسُ: گھوڑ دوڑ کے میدان
میں آگے بڑھ جانا۔۔ الرجلُ فی العلمِ:
ہمسروں سے فائق ہونا۔
بَارَزَ مُبَارَزَةً وبِرَازًا: لڑائی کے لئے
مقابلہ پر نکلنا۔
تَبَرَّزَ: قضائے حاجت کے لئے میدان
میں جانا۔
تَبَارَزَا: مقابلہ پر نکل کر لڑنا۔
اِسْتَبْرَزَہ: نکالنا۔
البَرَازُ: بارز کا مصدر۔ آدمی کا پاخانہ
البَرَازُ۔ درختوں سے خالی کشادہ میدان
(اس کو قضائے حاجت کے لئے بطور کنایہ
کے استعمال کرتے ہیں۔
المَبْرَزُ والمُتَبَرَّزُ۔ قضائے حاجت
کی جگہ۔
ذَهَبٌ (اِبْرِیزٌ) خالص سونا۔
البَرْزَخُ۔ دو چیزوں کے درمیان کی آڑ۔
مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا
زمانہ۔ ج بَرَازِخُ۔ بَرَازِخُ الاِیْمَانِ: ایمان کی
ابتدا اور آخر کے درمیان کی حالت۔ یا شک
ویقین کے درمیان کی حالت۔
البُرْزُغُ والبِرْزَاغُ والبُرْزُوغُ: نشاط
جوانی۔ کڑیل جوان۔
تَبَرْزَقَ۔ القومُ: بغیر گھوڑوں اور اونٹوں
کے جمع ہونا۔
البَرَازِیقُ: لوگوں کی جماعتیں۔ بڑے
راستہ کے ارد گرد چھوٹے راستے۔ واحد بِرْزِیقٌ
بَرِسَ (س) بَرَسًا: مقروض پر سختی کرنا

بَرَّسَ۔ الارضَ: نرم بنانا۔
البُرْسُ والبِرْسُ: روئی۔
البِرْسِیَانُ: ایک قسم کی کھجور۔
بَرْسَمَہ: برسام میں مبتلا کر دینا۔
البرسَامُ: ایک ہذیانی بیماری۔
بُرْسِمَ۔ برسام میں مبتلا ہونا۔ صفت (مُبَرْسَمٌ)
بَرِشَ (س) بَرَشًا و اَبْرَشَ، سفید داغوں
والا ہونا۔ صفت (اَبْرَشُ و مُبْرَشٌ) مکان
اَبْرَشُ: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی
زمین۔ سَنَةٌ بَرْشَاءُ سال جس میں گھاس کی
پیداوار بہت ہو۔
البُرْشَةُ والبَرَشُ: سفید داغ۔
البَرِیْشُ۔ سفید داغوں والا۔
بَرْشَطَ۔ اللحمَ: کاٹنا۔
البِرْشِعُ والبِرْشَاعُ: بدخلق۔
بَرْشَقَ۔ اللحمَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
فلانًا بالسوطِ: کوڑے سے مارنا۔
اِبْرَنْشَقَ: شادماں ہونا۔ صفت (مُبْرَنْشِقٌ)
۔۔ الشجرُ: کلی نکلنا۔۔ النورُ: کھلنا۔
بَرْشَلَ۔ الجزورَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بَرْشَمَ بَرْشَمَةً وبِرْشَامًا۔ الرجلُ: غم
کی وجہ سے خاموش ہونا۔۔ الیہِ: گھورنا۔
تیز نظر سے دیکھنا۔
البُرْشُمُ: برقع۔
البُرَاشِمُ۔ تیز نظر والا۔
بَرْشَنَ۔ الرسالةَ: گوند سے چپکانا۔
البُرْشَانُ: گوند۔ لیئی۔
بَرِصَ (س) بَرَصًا۔ برص کی بیماری والا
ہونا۔ صفت (اَبْرَصُ) مونث بَرْصَاءُ ج بُرْصٌ
اَرْضٌ بَرْصَاءُ: مختلف جگہوں سے چری ہوئی
زمین۔ حَیَّةٌ بَرْصَاءُ: سفید داغوں والا سانپ
اَبْرَصَہ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تَبَرَّصَ۔ الارضَ: چرا کر بالکل صاف کر دینا
البَرَصُ۔ ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے
جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش

پیدا ہوتی ہے۔
سَامُّ اَبْرَصَ۔ چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں
ہذانِ سَامَّا اَبْرَصَ۔ اور جمع کی صورت میں:
ہؤلاء سَوَامُّ اَبْرَصَ واَبَارِصُ بولتے ہیں۔
ابو بُرَیْصٍ: چھپکلی۔
الاَبْرَصُ: چاند۔
البُرْصُوْمُ: کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے شیشی
بوتل وغیرہ کے سر کو باندھیں۔
بَرَضَ (ن) بَرْضًا۔ الماءُ من العینِ: تھوڑا
نکلنا۔
بَرَضَ (ن) بُرُوْضًا۔ النباتُ: اکھوا نکلنا۔
بَرَّضَ واَبْرَضَ۔ المکانُ: بہت اکھوا
والی ہونا۔
تَبَرَّضَ: تھوڑی چیز پر زندگی گذارنا۔
۔۔ الشَّیْءَ: تھوڑا تھوڑا لینا۔۔ الماءَ:
چوسنا۔۔ الارضُ: روئیدگی ظاہر ہونا۔
البَرْضُ۔ تھوڑا۔ ج بِرَاضٌ و بُرُوْضٌ و
اَبْرَاضٌ۔ کہا جاتا ہے "ہذا بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ" یہ
بہت میں سے تھوڑا ہے۔
البُرْضَةُ: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
البَارِضُ: اکھوا۔
عینٌ (بَرُوْضٌ) تھوڑے پانی والا چشمہ۔
البُرَاضُ والبُرَاضَةُ: تھوڑا۔
المُبَرَّضُ: کثرت داد و دہش کی وجہ
سے تنگدست۔
المُبَرْطِسُ والمُبَرْطِشُ: بائع اور
خریدار کے درمیان دلال۔ المُبَرْطِسُ: کرایہ
پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
البُرْطَاشُ۔ پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی
الاُسْکُفَّۃ ہے۔
بَرْطَلَہ بَرْطَلَةً: رشوت دینا۔
تَبَرْطَلَ: رشوت لینا۔
البُرْطُلُ۔ ٹوپی۔
البِرْطِیْلُ: رشوت۔ لمبا پتھر۔ ج بَرَاطِیلُ۔
بَرْطَمَ۔ اللیلُ: تاریک ہونا۔۔ الرجلُ:

غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا ——— وتبرطم: غصہ سے پھولنا۔
البرطام والبراطم: موٹے ہونٹ والا۔
برع (ن) وبرع (س) وبرع (ک) براعۃ وبروعا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت (بارع)
برعہ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔ برع الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔
تبرع: بالعطاء: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
البریع: عقل وجمال میں کامل۔ برق بریع: دور سے چمکنے والی بجلی۔
البرعث: حلقۂ دبر۔
البرعس والبرعیس: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ البریس: سختیوں پر صبر کرنے والا۔
تبرعص الرجل: کسی کے پیچھے ٹہلانا۔ تبرعصت الحیۃ: کنڈلی مارنا۔
البرعل: بجو کا بچہ۔
برعم برعمۃ وتبرعم الشجر: شگوفہ نکلنا۔
البرعم والبرعمۃ: ج براعم و (البرعوم والبرعومۃ) ج براعیم: شگوفہ ناشگفتہ پھل کا غلاف۔
برغ (س) برغا: ناز ونعمت سے زندگی بسر کرنا۔
البرغ: لعاب
برغث۔ المکان: بہت پسوؤں والا ہونا
البرغوث: پسو۔ ج براغیث۔
برغوث البحر: جھینگا۔
البرغز والبرغوز والبرغاز: گائے یا نیل کا بچہ۔ ج براغز و براغیز
البرغش: مچھر۔ واحد (برغشۃ)
البرغی والبرغی: پیچ والی کیل۔ ج براغی فصیح عربی لولب ہے۔
البرفیر: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا

ہوا کپڑا۔
برق (ن) برقا وبروقا وبرقانا وبریقا۔ البرق: ظاہر ہونا ——— الشئ: چمکنا۔ روشن ہونا ——— السماء: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا ——— الرجل: دھمکانا۔
برقت (ن) برقا وبرقت وابرقت۔ المراۃ: آراستہ ہونا۔
برق (س) برقا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
برقہ: آراستہ کرنا۔ برق عینیہ وبعینیہ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا۔
ابرق: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا ——— بسیفہ: چمکانا ——— عن وجہہ: ہٹانا۔ ابرقت السماء: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
البرق: بجلی ج بروق۔ کہا جاتا ہے "برق خلب وبرق خلب وبرق الخلب" بے بارش کی بجلی۔
البارقۃ: بجلی والا بادل۔ تلواریں۔
سحابۃ (براقۃ) بجلی والی بدلی۔
البرقۃ: دہشت۔ خوف
البرق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج ابراق وبرقان۔
البرق: گوہ۔
رجل (بروق) بزدل۔
البرقۃ: ج برق و (الابرق) ج ابارق: سخت زمین جس میں ریت کا راپتھر ہو۔ اس کی تصغیر (ابیرق) ہے۔ الابرق: سیاہ سفید رنگ والا۔
البراق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔
التبارق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔
مبرق۔ الصبح: صبح طلوع ہونے کی جگہ

ج مبارق ومباریق۔
برقح برقحۃ وتبرقح۔ وجہہ: بدصورت ہونا ——— الثوب: آلودہ ہونا۔
برقش برقشۃ: مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا ——— فی الکلام: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔
تبرقش: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔
البرقش: ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ
ابوبرقش: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر کالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔
البرقوش: پرانا جوتا۔
برقط: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا ——— الکلام: بے ترتیب بولنا۔
برقعہا: برقع اوڑھانا۔
تبرقعت: برقع اوڑھنا۔
البرقع: برقع
برقل: جھوٹ بولنا
البرقلۃ: قول جو عمل سے خالی ہو۔
البرقیل: ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔
البرقوق: شفتالو۔
برک (ن) بروکا وتبراکا وبرک و استبرک۔ البعیر: بیٹھنا۔ برک بالمکان: اقامت کرنا۔
برک۔ فیہ: برکت کی دعا کرنا۔
بارک۔ الرجل: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا بارک اللہ لک وفیک وعلیک۔ بارکت: برکت دینا۔ بولتے ہیں بارک علی آل ابراہیم یعنی ان کی عزت وعظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ اور بورک فیک اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔
ابرکہ: اونٹ کو بٹھانا۔
تبرک۔ بہ: برکت حاصل کرنا۔
تبارک۔ بہ: نیک شگون لینا ——— اللہ:

مقدس ہونا۔

اِبْتَرَكَ۔ القومُ: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ اِبْتَرَكَ فی العَدْوِ: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا — فُلَانًا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا — فی عِرْضِهٖ وعَلَيْهِ: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔

اِسْتَبْرَكَ: برکت کی فال لینا۔

اَلْبَرْكُ۔ سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بَارِك) مونث (بَارِكَة) ج بُرُوك۔

اَلْبَرَكَةُ۔ زیادتی۔ بہتات۔ نیکبختی۔ نمو۔

اَلْبِرْكَةُ: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج بِرَک۔ دودھ دینے والی بکری۔ ج بِرَکات۔

اَلْبُرْكَةُ: ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پیسنے والے کی اجرت۔ ج بُرَک و اَبْرَاک و بُرْکَان۔

اَلْبَرِيكُ: اونٹ۔

اَلْبَارُوكُ: بزدل۔ کابوس

اَلْبَرَّاكُ: پسائی لینے والا۔ پیسنے والا۔

اَلْمَبْرَكُ: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے لیس لفلانٍ مبرک جملٍ یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔

اَلْبَرُوكَةُ۔ مادہ سیپی۔

اَلْبِرْكَارُ والْبِيكَارُ۔ پرکار۔ (جدید)

اَلْبُرْكَانُ: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید)

بَرْكَعَهٗ: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَرْكَعَ الفرسُ: چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔

بَرْكَعَ و تَبَرْكَعَ۔ الرجلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔

اَلْبُرْكُعُ۔ پست قد مرد۔

جُوْعٌ بُرْكُوعٌ: سخت بھوک۔

بَرَمَ (ن) بَرْمًا و بَرَّمَ۔ الحبلَ: دو لڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مَبْرُوم و بَرِيم) — الامرَ: مضبوط کرنا۔

بَرِمَ (س) بَرَمًا۔ تنگدل ہونا۔ زچ ہونا۔ — بحُجَّتِهٖ: دلیل کا نہ ملنا۔

اَبْرَمَ۔ الحبلَ بمعنی بَرَمَ الحبلَ — ہٗ: زچ کرنا — علیہ فی الجدالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کیے جانا۔

تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔

اِنْبَرَمَ۔ الحبلُ: رسی کا بٹ جانا۔

اَلْبَرَمُ۔ درخت عضاہ کا پھل (دیکھیے عضاہ) بخیل لئیم۔ وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج اَبْرَام۔

اَلْبُرْمَةُ: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم و بِرَام۔

اَلْبُرَمُ: بد اخلاق لوگ۔

اَلْبِرَامُ: چچڑی۔ ج اَبْرِمَة۔

اَلْبَرَّامُ۔ رسی بٹنے والا۔

اَلْبَرِيمُ والْبِرَامُ: دھاگا۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسی۔ البریم: لشکر۔

اَلْبَرِيمَةُ: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔

اَلْمِبْرَمُ۔ تکلہ۔ ج مَبَارِم

اَلْمُبْرَمُ بمعنی۔ قضاء مُبْرَم: اٹل فیصلہ۔

اَلْبِرْمِيلُ۔ پیپہ۔ ج بَرَامِيل۔ (جدید)

اَلْبَرْنَامَجُ۔ میزانیہ۔ بجٹ (جدید)

بَرْنَسَهٗ: برنس پہنانا۔

تَبَرْنَسَ۔ برنس پہننا۔

اَلْبُرْنُسُ: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔

اَلْبُرْنَيْطَةُ: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (جدید)

اَلْبُرْنِيَّةُ: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِي۔

بَرِهَ (س) بَرَهًا۔ بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (اَبْرَه) مونث (بَرْهَاء) ج بُرْه۔

اَبْرَهَ۔ دلیل لانا۔

اَلْبُرْهَةُ والْبَرْهَةُ: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ ج بُرَه و بُرُهَات۔

اَلْبَرَاهِمَةُ: ہندوؤں کی ایک ذات۔ مفرد (بَرَهْمَن)

بَرْهَنَ۔ الشیءَ و علیہ و عنہ: دلیل قائم کرنا

تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا

اَلْبُرْهَانُ: دلیل۔ ج بَرَاهِين۔

اَلْبَرْوَازُ: چوکھٹا (جدید) اس کے لیے صحیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔

اَلْبَرْوَاقُ والْبَرْوَقُ: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَشْكَرُ مِنْ بَرْوَقَةٍ" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔

بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرَى اِبْرَاءً۔ الناقةَ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔

اَلْبُرَةُ: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب) ج بُرًى و بُرَات و بُرِين و بِرِين۔ کہا جاتا ہے: "اَعْطَتْهُ الدُّنْيَا بُرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آگئی ہے۔

بَرَى (ض) بَرْيًا و ابْتَرَى۔ السهمَ او القلمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِيّ و مَبْرِيّ) — الشخصَ: دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔

بَارَى۔ الرجلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا — امرأتَه: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔

اَبْرَى۔ مٹی لگنا۔

تَبَارَيَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَبَرَّى۔ لمعروفِه: بھلائی کے درپے ہونا۔

اِنْبَرَى: تراشا جانا — لہٗ: پیش آنا۔

اَلْبَرَى: مٹی۔

اَلْبَارِی۔ فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ القَوْسَ بَارِيَهَا" کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام کو اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔

اَلْبُرَايَةُ والْبُرَاءُ: تراشہ۔ چھیلن۔

اَلْبَرِيَّةُ: مخلوق۔ ج بَرَايَا۔

الإِبْرِيَةُ والتِبْرِيَةُ: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔

اَلْبَرَاءَةُ والْمِبْرَاءُ والْمِبْرَاةُ: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔

بَزَّهٗ (ن) بَزًّا و بِزِّيزَى: چھیننا۔ غالب ہونا — الشیءَ منه: زبردستی لے لینا۔

اِبْتَزَّ۔ منه الشیءَ: زبردستی چھین لینا۔

البَزّ: کتان یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوز۔
البِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
البَزّاز۔ پارچہ فروش
البِزَازَة: پارچہ فروشی۔
البَزَابُورط: پاسپورٹ (جدید) پروانۂ راہداری۔ اس کے لیے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَز: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
البَزْبَاز: بھٹی کے سرے پر لوہے کی جوف دار سلاخ
بَزَجَ (ن) بَزْجًا۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ــــ علی فلانًا: بھڑکانا۔ اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَہٗ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَہٗ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخَاء) ج بُزْخ۔
بَزَخَ (ف) بَزْخًا۔ ظَهْرَہٗ بالعصا: لاٹھی سے پشت پر مارنا ــــ فلانًا: رسوا کرنا۔
تَبَازَخَ عن الامر: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔ تَبَازَخَتِ المرأة: بڑے سرین والی ہونا
بَزَخَ لَهٗ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا۔ الحُبُوبَ: بونا۔ بیج چھینٹنا۔ (ــــ وبَزَّرَ) القِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الاناءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں "فلانٌ بَزَرَ کلامَہٗ وتوبلہٗ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملایا۔
البِزْر۔ بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَة) ج بُزُور۔ مسالہ۔ ج اَبْزَار۔ جمع اَبَازِیر۔ کہتے ہیں "مثلی لا یُخفی علیہ الابازیر" یعنی مجھ جیسے پر تمہاری کمیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البَزْر: رینٹھے۔
المرأة (البَزْرَاء) بہت اولاد والی عورت۔
البَزّار: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔

المِبْزَر: سِل کا بٹہ۔ دھوبی کا تختہ (ــــ و المِبزرة) دھوبی کی موگری۔
البَيْزار: باز پالنے والا۔ کاشتکار ج بیازرة (معرب)
بَزُعَ (ک) بَزَاعَةً۔ الغلامُ: خوش طبع ذکی اور چست ہونا۔ صفت (بَزِیع) مؤنث (بَزِیعَة)
تَبَزَّعَ۔ الغلامُ: چست و پھرتیلا ہونا۔
ــــ الشرُّ: شر و فتنہ کا بھڑکنا۔
البُزَاع: بغیر جھجک کے گفتگو کرنے والا لڑکا (ــــ والبَزِیعُ) من الغلمانِ: تیز خاطر۔ چرب زبان لڑکا۔ البَزِیعُ: شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوغًا۔ الشمسُ: طلوع ہونا۔ بَزَغَ الحاجمُ: نشتر لگانا ــــ دَمَہٗ: خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ۔ الربیعُ: فصل بہار کا شروع ہونا۔ نجوم (بَوَازِغ) طلوع ہونے والے تارے
المِبْزَغ: نشتر۔
بَزَقَ (ن) بَزْقًا: تھوکنا ــــ الارضَ: بونا۔
البُزَاق: تھوک۔
البَزَّاق: ایک قسم کا گھونگا۔ واحد۔ بَزَّاقَة
بَزَلَ (ن) بَزْلًا و بَزَّلَ۔ الشیءَ: سوراخ کرنا ــــ الشراب: صاف کرنا۔ بزل الامرَ: کسی کام کو کر گزرنا ــــ رأیہ: کوئی نئی رائے پیش کرنا۔ کسی رائے پر جم جانا۔
بَزَلَ (ن) بُزُولًا۔ البعیرُ: اونٹ کا جوان ہونا ــــ نابُ البعیرِ: کچلی کا نکلنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بازِل) ج بَوَازِل و بُزَّل و بُزُل۔
تَبَزَّلَ و اِنْبَزَلَ: سوراخ ہونا۔
تَبَزَّلَ و اِبْتَزَلَ۔ الخمرَ: شراب کے برتن میں سوراخ کرنا ــــ الجسدُ: جسم سے خون ٹپکنا ــــ السقاءُ: مشک کا ٹپکنا۔
اِسْتَبْزَلَ۔ الشیءَ: کھولنا ــــ الخمرَ: صاف کرنا۔
البَزْل۔ سختی۔

البُزَل: ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔
البِزَال: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار
البُزَال: شراب کے مٹکے کا سوراخ۔
البَازِل: اونٹ کی کچلیوں کا دانت۔ تجربہ کار مرد۔ کہتے ہیں "رُمی باشهب بازِلٍ" وہ دشوار معاملہ میں پھنس گیا۔
البَزْلَاءُ: بڑی مصیبت۔ عمدہ رائے۔ کہا جاتا ہے "امرأة بَزْلَاءُ الرأیِ" عمدہ رائے والی عورت۔ "وخطة بَزْلَاءُ" صاف واضح طریق کار۔
المِبْزَل: شراب صاف کرنے کا آلہ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔
رجل (تِبْزَلَة و تِبْزِلَیَة) مرد کوتاہ قامت
بَزَمَ (ن ض) بَزْمًا۔ علیہ: اگلے دانتوں سے کاٹنا ــــ بالشیءِ: اٹھانا ــــ فلانًا ثوبَہٗ: چھین لینا ــــ الناقةَ: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا ــــ وترَ القوسِ: کمان کے تانت کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر تیر چلانا۔
البَزِیمَة: ساگ ترکاری وغیرہ کا گٹھا باندھنے کے لیے پتے یا چھلکا۔
المِبْزَم: دانت۔
بزمخ بزمخہ۔ تکبر کرنا۔
بَزَا (ن) بُزُوًّا۔ علیہ: دراز دستی کرنا (بَزَاہٗ و اَبْزَاہٗ و اَبْزَی بہٖ) غالب آنا (بَزَا و بَزِیَ یَبْزَی بَزًا و اَبْزَی اِبْزَاءً) نکلے ہوئے سینے اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَی) مؤنث بَزْوَاء۔
تَبَازَی: باز کے مشابہ ہونا۔ سرین اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔
البَزْو: مثل و نظیر
البَزِیّ: دودھ پیتا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ہو بَزِیّی" وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔
البَزَّاء۔ ڈینگ
البَازِ والبَازِی: باز
بَسَّ (ن) بَسًّا و اَبَسَّ۔ الابلَ: آہستہ آہستہ

ہانکنا اور بس بس کہنا۔ بَسَّ المَالَ فِی البِلَادِ: ملک میں مال کا پھیلا دینا۔ بَسَّ السَّوِیقَ: گھی یا زیتون کے تیل میں ستو ملانا ـــ القومَ عنہ: دھتکارنا

وَاَبَسَّ بِالنَاقَۃِ: دوہنے کے لیے چمکانا۔

اِنْبَسَّ۔ زمین پر پانی کا بہنا۔ الگ ہٹنا۔

البَسّ والبِسّ۔ بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس

البَسِیس: تھوڑا کھانا۔

البَسِیسَۃ: گھی یا زیتون کے تیل میں ملا ہوا ستو یا آٹا۔

البَسُوس: اونٹنی جو بغیر بس بس کیے ہوئے دودھ نہ دے۔ ج بُسُس۔

بِسْ بِسْ وبُسْ بُسْ: بکریوں، اونٹوں، بلیوں کے بلانے یا ڈانٹنے کے لیے کلمہ۔

تَبَسْبَسَ: بِالغَنَمِ او الابِلِ: بس بس کہہ کے بلانا ـــ بہ کسی سے بس کہنا۔

البَسْبَس: بیابان بے گھاس پانی والی زمین۔ ج بَسَابِس۔ تُرَّہاتُ البَسَابِس والتُّرَّہات

البَسَابِس: جھوٹی اور باطل باتیں۔

البُسْتَان: باغ۔ ج بَسَاتِین (جدید)

البُسْتَانِی: باغ والا۔ باغبان۔ البُسْتَانِی مِنَ النَّبَاتِ: لگائے ہوئے پودے۔

بست (ن) بَسْتاً۔ چلنا۔ کشادہ قدم رکھنا دوڑنے میں سبقت کرنا۔

البَسْتَق۔ خادم

البَسْتُوقَۃ: مٹی کا مرتبان۔

بَسَرَہ (ن) بَسْراً۔ جلدی کرانا۔ مغلوب کرنا۔ (ـــ وَاَبْسَرَ) القَرْحَۃَ: نچوڑ کر باندھنا ـــ الحاجۃَ: بے وقت طلب کرنا ـــ النَّخْلَۃَ: درخت خرما میں قبل از وقت پیوند لگانا ـــ النَّبَاتَ: ترگھاس چرانا۔ وَاَبْسَرَ النخلُ: گدر کھجور والا ہونا۔

بَسَرَ (ن) بَسْراً وبُسُوراً: ترش رو ہونا۔ صفت (بَاسِر) اور اسی وجہ سے شیر کو (البَسُور) کہا جاتا ہے۔

تَبَسَّرَ وابْتَسَرَ الحاجۃَ بے وقت طلب کرنا۔

اِبْتَسَرَ بِالاَمْرِ: شروع کرنا ـــ الشیءَ: تازہ لینا۔

اُبْتُسِرَ لونُہ: بدل جانا۔

البَسْر: ٹھنڈا پانی کہا جاتا ہے "وجہ بَسْر" تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْر: تازہ چیز۔ گدر کھجور۔ واحد بُسْرَۃ۔ ج بِسَار۔ البُسْرَۃ: طلوع کے وقت کا آفتاب

البَاسُور۔ ج بواسیر: بواسیر کی بیماری۔

المَبْسُور: بواسیر کی بیماری والا۔

المُبَشِّرَات: ہوائیں جن کا چلنا بارش کی علامت ہو۔

بَسَطَ (ن) بَسْطاً۔ الثوبَ: پھیلانا ـــ الرجلَ: کسی کا دل بڑھانا ـــ الیدَ: ہاتھ کشادہ کرنا ـــ العُذْرَ: عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا ـــ المکانُ القومَ: وسیع ہونا ـــ فلاناً علیہ: فضیلت دینا ـــ السیفَ: تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ک) بَسَاطَۃً: بسیط ہونا۔ پر مذاق ہونا۔

بَسَّطَ۔ الثوبَ: پھیلانا۔

بَاسَطَہ: کسی سے کھل کر باتیں کرنا۔

تَبَسَّطَ وانْبَسَطَ: پھیلنا۔ دراز ہونا۔ بے تکلف ہو جانا۔ سیر و تفریح کرنا۔

البَاسِط: نا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاسِطَۃ: دور کی مسافت۔

ید (بُسْط وبُسُط) کھلا ہوا ہاتھ

البَسْطَۃ: وسعت۔ دسترس۔ کمال۔

بَسْطَۃُ العَیْش: فراخی زندگانی۔

البِسَاط: بچھونا۔ فرش۔ ج بُسُط

البَسَاط: کشادہ زمین

البَسِیط۔ مفرد۔ کشادہ زمین۔ پر مذاق بَسِیطُ الوَجْہِ: کشادہ رو، ہنس مکھ بَسِیطُ الیَدَیْنِ: فیاض، سخی۔ ج بُسَطَاء

البَسِیطَۃ۔ زمین۔ زمین کا ہموار حصہ۔

بَسَقَ (ن) بَسْقاً۔ تھوکنا

بَسَقَ (ن) بُسُوقاً۔ النخلُ: لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت (بَاسِق) ـــ اصحابَہ وعلیٰ اصحابِہ: فضیلت میں بڑھ جانا ـــ فی علمہ: ماہر ہونا۔

بَسَّقَہ: لمبا کرنا۔

تَبَسَّقَ۔ لمبا ہونا۔

البَاسِقَۃُ۔ مونث۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت۔ ج بَوَاسِق۔ وبَوَاسِقُ السَّحَابِ: ابتدائی بادل۔

بَسُلَ (ک) بَسَالۃً وبَسَالَۃً: بہادر ہونا۔ صفت (بَسُول وبَاسِل)۔ ج بُسْل وبُسَلَاء وبُسْل۔

بَسَلَ (ن) بُسُولاً۔ الرجلُ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔ صفت (بَاسِل وبَسِیل) ـــ النبیذُ: نبیذ کا تیز ہونا ـــ اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔

بَسَلَہ (ن) بَسْلاً۔ ملامت کرنا۔ حلال کرنا۔ جائز کرنا ـــ عن حاجتہ: منع کرنا۔ روکنا۔

اَبْسَلَہ: ہلاکت کے لیے چھوڑ دینا۔ رہن رکھنا ـــ اللہُ الشیءَ: حرام کرنا ـــ ہ لکذا: پیش کرنا۔ اَبْسَلَ نفسَہ للموتِ: مرنے کے لیے تیار ہو جانا۔

بَسَّلَہ: ناپسندیدہ بنا دینا (بَسَّلَ و اِبْتَسَلَ نفسَہ للموت: اپنے آپ کو موت کے لیے پیش کر دینا۔

بَاسَلَہ: لڑائی میں حملہ کرنا۔

تَبَسَّلَ: غصہ یا بہادری سے تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبْسَلَ: مرنے یا مارنے کے لیے جنگ میں کود پڑنا۔

البَسْل: سختی۔ حلال۔ حرام (واحد جمع مذکر و مونث مساوی ہیں۔ کہا جاتا ہے "ہذا بسلٌ علیک" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ اور کہا جاتا ہے "بسلاً لہ" اس کے لیے خرابی ہو۔

البَاسِل۔ شیر۔ ج بَوَاسِل۔ اور کہا جاتا ہے "یومٌ باسلٌ" سخت دن۔ وغضبٌ باسلٌ

تیز نظر۔
البَسُول : شیر
البَسَالَۃ : دلیری۔ بہادری۔ کراہت
البِسِیّ : ایک قسم کی نباتات۔
البَسِیْلُ : حرام۔ مکروہ چہرہ والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔
البَسِیْلَۃ : تلخی۔ کسی چیز کا بقیہ
البُسْلَۃ : افسوں کرنے والے کی اُجرت
بَسَمَ (ض) بَسْمًا و تَبَسَّمَ و ابْتَسَمَ : مسکرانا۔ صفت (بَاسِم و مُبْتَسِم)
المَبْسِمُ : دانت۔ ج مَبَاسِم۔
البَسَّام والمِبْسَام : بہت مسکرانے والا
بَسْمَلَ : بسم اللہ کہنا۔
اَبْسَنَ : خوش رنگ و خوش وضع ہونا
البَاسِنَۃ : کاریگروں کے آلات۔ ہل کا پھار۔ ج بَاسِن۔
بَشَّ (س) بَشًّا و بَشَاشَۃً : ہنس مکھ ہونا۔ کشادہ رو ہونا ــــ لِلشَّیْءِ : کسی چیز کو دیکھ کر بشاشت ظاہر کرنا ــــ بِالصَّدِیْقِ : دوست کو دیکھ کر خوش ہونا۔ صفت (بَشٌّ و بَاشٌّ و بَشُوشٌ و بَشَاشٌ)
اَبَشَّتِ۔ الارضُ : نباتات کا آپس میں گتھ جانا۔
بَشْبَشَ۔ الرَّجُلُ : بشاشت ظاہر کرنا۔
تَبَشْبَشَ۔ بہ : کسی سے کشادہ روئی سے پیش آنا۔
البَشْتَخْتَۃ۔ چھوٹا صندوق۔
بَشَرَ (ن) بَشْرًا۔ الجِلْدَ : چمڑا چھیل دینا۔ ــــ الشَّارِبَ : مونچھ مونڈ کر کھال ظاہر کر دینا ــــ الجَرَادُ الارضَ : ٹڈی کا سب کچھ کھا جانا۔
بَشَرَ (ض) و بَشِرَ (س) و اَبْشَرَ و اِسْتَبْشَرَ بہ : خوش ہونا۔ اَبْشَرَتِ الارضُ : اکھوا نکالنا۔ کہا جاتا ہے "بَشَرَنِی بِوَجْہٍ حَسَنٍ" وہ مجھ سے کشادہ روئی سے ملا۔
بَشَّرَہٗ : خوش کرنا۔ خوشخبری دینا۔
اَبْشَرَ۔ فُلَانًا : خوشخبری دینا۔ خوش ہونا۔ قرآن میں ہے "وَاَبْشِرُوا بِالْجَنَّۃِ الَّتِی کُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ"
ــــ الامرُ وَجْہَہٗ : حسین و پُر رونق بنا دینا۔
ــــ الشَّیْءَ : چھیلنا۔
بَاشَرَ۔ الامرَ : کسی کام کو خود کرنا۔ بَاشَرَہُ النَّعِیْمُ : نعمتوں میں ملنا ــــ المَرْاَۃَ : جماع کرنا۔
تَبَاشَرُوا۔ بِالامرِ : ایک دوسرے کو خوشخبری دینا۔
البِشْرُ : چہرہ کی رونق۔ کشادہ روئی۔
البَشِیْرُ : خوشخبری دینے والا۔ ج بُشَرَاء۔
البَشَارَۃ : حسن و جمال۔
البُشَارَۃ : کھال کا تراشہ۔ ہدیہ جو خوشخبری دینے والے کو دیا جائے۔
البِشَارَۃ : خوشخبری۔ ج بِشَارَات و بَشَائِر۔
بَشَائِرُ الوَجْہِ : چہرہ کی خوبیاں۔ بَشَائِرُ الصُّبْحِ : آغازِ صبح۔
البُشَّار : کمینہ آدمی۔
البَشَرُ : انسان (مذکر، مؤنث، واحد، جمع) اَبُو البَشَرِ : حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت۔
البَشَرَۃ : کھال کا اوپر کا حصہ۔ ساگ، گھاس۔ ج بَشَر۔
التَّبَاشِیْرُ : خوشخبری۔ ہر چیز کی ابتداء۔
البُشْرٰی : خوشخبری۔
المُبَشِّرَات : بارش کی اُمید دلانے والی ہوائیں۔
بَشِعَ (س) بَشَعًا و بَشَاعَۃً۔ الشَّیْءُ : بدمزہ ہونا ــــ المرءُ : زشت رو ہونا ــــ فُلَانٌ بِالامرِ : ضیق میں ہونا۔
تَبَشَّعَ : بے مزہ ہونا۔ بدصورت ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر کرنا۔
اِسْتَبْشَعَہٗ۔ بے مزہ سمجھنا۔
بَشَقَہٗ (ض) و بَشِقَہٗ (س) بَشْقًا۔ بِالعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔
البَاشَق : ایک شکاری پرندہ ج بَوَاشِق
بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا : جلدی کرنا ــــ الخَبَرَ : گھڑنا ــــ الثَّوْبَ : دور دور سینا۔
ــــ فِی عَمَلِہٖ : بُرے طریقہ سے کرنا۔
اِبْتَشَكَ : جھوٹ بولنا ــــ الکلامَ : گھڑ لینا۔
البَشَّاك : بڑا جھوٹا۔
بَشِمَ (س) بَشَمًا مِنَ الطَّعَامِ : بدہضمی ہونا۔ ــــ مِنَ الشَّیْءِ : اکتا جانا۔ صفت (بَشِم)
البَشَام : ایک خوشبودار درخت کا نام جس کی لکڑی سے خلال بناتے ہیں۔ واحد اس کا بَشَامَۃ ہے اور دوا فروش اس کے بیج کو حَبُّ البَلَسَان کہتے ہیں۔
بَصَّ (ض) بَصِیْصًا و بَصًّا : چمکنا۔ روشن ہونا ــــ المَاءُ : رسنا۔ کہا جاتا ہے "بَصَّ لِی بِیَسِیْرٍ" اس نے مجھے تھوڑا دیا۔
بَصَّصَ۔ الجِرْوُ : پلے کا آنکھیں کھولنا۔ ــــ الارضُ : اکھوا نکلنا ــــ الشَّجَرَۃُ : کونپل نکلنا
البَصَّاصَۃ : آنکھ۔
البَصِیْص : چمک۔ کپکپی۔ اور اسی سے ہے "اَفْلَتَ وَلَہٗ بَصِیْصٌ"
بَصْبَصَ بَصْبَصَۃً۔ بمعنی تَبَصْبَصَ۔ (ــــ و تَبَصْبَصَ) الکَلْبُ : دُم ہلانا ــــ فُلَانٌ : چاپلوسی کرنا۔
بَصُرَ (ک) و بَصِرَ (س) بَصَرًا و بَصَارَۃً۔ و بہ : جاننا۔ دیکھنا۔
بَصَرَ (ن) بَصْرًا۔ الشَّیْءَ : کاٹنا۔
بَصَّرَ۔ و الامرَ : پہچنوانا۔ معلوم کرانا۔ و تَبَصَّرَ : بصرہ میں آنا ــــ الجِرْوُ : پلے کا آنکھیں کھولنا
بَاصَرَ۔ الشَّیْءَ : دور سے جھانک کر دیکھنا۔ دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔
اَبْصَرَہٗ : دیکھنا۔ بینا بنانا ــــ الرَّجُلُ : بصرہ میں آنا۔ اَبْصَرَ الطَّرِیْقُ : واضح و نمایاں ہونا۔
تَبَصَّرَ۔ الشَّیْءَ : غور سے دیکھنا ــــ فِی الشَّیْءِ : سوچنا۔ غور کرنا۔
تَبَاصَرُوا : کسی چیز کو پہلے دیکھ لینے میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَبْصَرَ الأَمْرُ: ظاہر ہونا — الأمرَ: ظاہر کرنا۔ اچھی طرح دیکھنا — فِيهِ: سوچنا۔ غور کرنا۔

البَصَرُ: دیکھنے کی قوت۔ آنکھ۔ علم۔ ج اَبْصَارٌ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ بَيْنَ سَمْعِ الأَرْضِ وَبَصَرِهَا" میں اس کے پاس اُس وقت پہنچا جبکہ کوئی نہیں تھا، صرف زمین ہی دیکھنے والی سننے والی تھی

البَصْرَةُ: ایک شہر کا نام جو باہم ملے جُلے دریائے دجلہ و فرات کے مغربی کنارہ پر واقع ہے۔ البَصْرَتَانِ: بصرہ و کوفہ۔ والبَصْرَةُ: سخت زمین۔ بیسدار مٹی جس میں کنکریاں بھی ہوں ج بِصَارٌ

البَصِيرُ۔ دانا۔ بینا۔ ج بُصَرَاءُ۔

البَصِيرَةُ۔ عقل۔ زیرکی۔ دانائی۔ عبرت شاہد۔ حجت۔ کہا جاتا ہے "جَوَارِحُهُ بَصِيرَةٌ عَلَيْهِ" اس کے اعضاء اس کے اوپر گواہ ہیں۔ و "فِرَاسَةٌ ذَاتُ بَصِيرَةٍ" سچی فراست۔

البَاصِرَةُ: آنکھ۔ ج بَوَاصِر۔ کہتے ہیں "خَيْرُ الْعَشَاءِ بَوَاصِرُهُ" بہترین کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھا لیا جائے۔

البَاصَرُ: چھوٹا گول پالان۔ ج بَوَاصِر۔

البُصْرُ: کنارہ۔ روئی۔ چھال۔ بُصْرُ كُلِّ شَيْءٍ: موٹائی۔ حدیث میں ہے "بَصْرُ كُلِّ سَمَاءٍ مَسِيرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ" ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کی برابر ہے۔

البِصْرُ۔ نرم سفید پتھر۔

المَبْصَرُ والمَبْصَرَةُ: واضح روشن دلیل

المُبْصِرُ: نگہبان۔ کہا جاتا ہے "رَتَبْتُ عَلَى بُسْتَانِي مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لیے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَهُ (ف) بَصْعًا۔ جمع کرنا — الماءُ: پانی بہنا یا رسنا۔

البُصْعُ: رات کا کچھ حصہ

البُصْعُ۔ بے وقوف۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

البَصِيعُ: پسینہ جو جسم سے ٹپک رہا ہو۔

ج بُصْعٌ۔

الأَبْصَعُ: بیوقوف۔ اس کو تاکید کے موقعہ پر بھی استعمال کرتے ہیں کہتے ہیں "أَخَذْتُ حَقِّي أَجْمَعَ أَبْصَعَ" مونث (بَصْعَاءُ) ج أَبْصَعُونَ بُصَعُ۔ اور اس کو اجمع پر مقدم نہیں کرتے۔

بَصَقَ (ن) بَصْقًا۔ تھوکنا — الشَّاةُ: حاملہ بکری کو دوہنا۔

البُصَاقُ: تھوک۔ اور جب تک منہ میں ہو اس کو رِیق کہتے ہیں۔

البَصْقَةُ۔ بلند سنگلاخ زمین۔ ج بِصَاقٌ۔

بَصَّلَهُ وتَبَصَّلَهُ۔ مِنْ ثِيَابِهِ: ننگا کرنا۔

تَبَصَّلَ۔ القِشْرُ: چھلکے کا موٹا ہونا۔

البَصَلُ: پیاز۔ واحد بَصَلَةٌ۔ البصلة: لوہے کا خود، اور اسی سے ہے "خَرَجُوا كَأَنَّهُمُ الأَصَلُ وَعَلَى رُؤُوسِهِمُ البَصَلُ" وہ لوگ نکلے گویا کہ ڈسنے والے سانپ ہیں اور ان کے سروں پر خود ہیں۔ اس قول میں اصل جمع أَصَلَةٌ کی ہے جو ایک قسم کا زہریلا سانپ ہے۔

بَصَلُ الفَارِ: جنگلی پیاز۔ عوام اس کو بِصَيْلَة کہتے ہیں۔

بَصَمَ (ن) بَصْمًا۔ القُمَاشَ: سامان پر علامت لگانا۔

البُصْمُ۔ خنصر اور بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ ثَوْبٌ ذُو بُصْمٍ: موٹا عف کپڑا۔ رَجُلٌ ذُو بُصْمٍ: موٹا مرد۔

البَصْمَةُ: علامت۔

الحَذِیق۔ کٹا ہوا
الاَحْذاق۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے حبل اَحذاق
کٹی ہوئی رسی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے
ثوب اخلاق میں)
الحِذاق۔ بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت
الحُذاقَۃ۔ تھوڑا کھانا۔
الحُذاقی۔ فصیح زبان والا۔ تیز چھری۔
گدھے کا بچہ۔
حَذِلَتْ (س) حَذَلًا۔ العینُ: گری ہوئی
پلکوں والی ہونا۔ صفت (حَذْلاء)
اَحْذَلَ۔ العینَ: پلک گرادینا۔
تَحَذَّلَ۔ علیہ: مہربان ہونا۔
الحُذْل۔ میلان (— والحِذْل والحُذُل
کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحَذَالَۃ۔ ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول
وغیرہ کی بھوسی۔ کپڑے کے دامن کی گولائی
حَذْلَقَ و تَحَذْلَقَ۔ حذاقت ظاہر کرنا
یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے۔
"انہ یتحذلق فی کلامہ" وہ اپنی گفتگو میں ظریف
اور ہوشیار بنتا ہے۔
مُحَذْلَق۔ الشیء: تیز کیا جانا۔
رجل (حِذْلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنیوالا
گپی
حَذْلَمَ۔ جلدی کرنا — العودَ: چھیل کر
تیز کرنا — السقاءَ: بھرنا۔
تَحَذْلَمَ۔ جلدی کرنا۔ باادب ہونا۔
الحُذْلُوم۔ ہلکا پھلکا جلدباز۔
حَذَمَہٗ (ض) حَذْمًا۔ کاٹنا۔ (— حَذَمًا
فی مشیہ: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحُذَم والحِذْیَم والمِحْذَم من السیوف:
شمشیر براں۔

الحُذَام۔ بازوکٹے ہوئے پرندہ کی اڑان۔
حَذَامِ۔ ایک عورت کا نام جس کا نام
زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل
تھی۔
الحُذَام۔ سست کاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری
عبدا حذام المشی" اس نے سست رفتار غلام خریدا
حَذَا (ن) حَذْوًا و حِذَاءً۔ النعلَ: نمونہ
پر کاٹنا۔ حذا النعلَ بالنعل: ایک برابر قطع کرنا
حَذَاہ و حَذَا حَذْوَہ: پیروی کرنا۔ نقل کرنا (حَذَاہ
و حَذَا لہ و احذاہ) نعلاً: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا
جوتہ بنانا۔ حذا الشرابُ لسانَہ: زبان کو چھیل
دینا — التراب فی وجوہہم: خاک ڈالنا۔
— زیدا شیئا: کسی کو کچھ دینا۔
حَذَاءَہ و حاذاہ محاذاۃ و حِذاءً: مقابل
میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تَحاذَیا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا
کہا جاتا ہے "بنو فلاں یتحاذون الماء" فلاں
کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
اِحْتَذَی۔ جوتہ پہننا — مثال فلان
علی مثالہ: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
اِسْتَحْذَاہ۔ جوتہ طلب کرنا۔
الحِذَاء والحِذْوَۃ والحَذْوَۃ والحُذْوَۃ و
الحِذْوَۃ۔ مقابل و برابر۔ کہا جاتا ہے "داری
حذاء دارہ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے
وجلس حذاءہ و بحذائہ" وہ اس کے مقابل بیٹھا
الحِذْوَۃ والحُذْوَۃ۔ عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا
الحُذْوَۃ۔ ہیئت۔
الحِذَاء۔ جوتہ۔ اونٹ یا گھوڑے کا سم
جس پر چلے۔ ج اَحْذِیَۃ۔
الحَذّاء۔ جوتہ بنانے والا۔ ج حَذّاؤون۔
کہا جاتا ہے۔ ہو (حُذاءک) وہ تمہارے مقابل ہے
حَذَی (ض) حَذْیًا۔ الخلُّ لسانَہ:
زبان کو چھیل دینا — یدہ: کاٹنا — و بلسانہ
گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
اَحْذَاہ اِحْذَاءً۔ مال غنیمت کا حصہ دینا۔

أحذاه طعنة: نیزہ مارنا۔
الحُذُیَا و الحُذَیَّا و الحُذَایۃ و الحُذَیَّۃ
مالِ غنیمت کا حصہ۔ و الحُذَیَّا: ہدیہ جو بشارت
دینے والے کو دیا جائے۔
الحِذْیَۃ۔ ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے
المِحْذَاء۔ لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
حَرَّ (س) حَرَارًا۔ العبدُ: آزاد ہونا (۔۔۔
حُرِّیَّۃً) شریف الاصل ہونا (۔۔۔ حَرَّۃً) پیاسا
ہونا۔
حَرَّ (س ن ض) حَرًّا و حَرَّۃً و حُرُورًا و
حَرَارَۃً۔ گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا۔ الماءَ: گرم کرنا۔۔۔ الارضَ:
ہموار کرنا۔
حَرَّرَ۔ العبدَ: آزاد کرنا۔۔۔ الولدَ او الشیءَ:
خدا تعالیٰ کی عبادت کے لیے وقف کرنا۔۔۔
الکتابَ: خوبصورت و درست لکھنا۔۔۔
الوزنَ: غور کر کے ضبط کرنا۔۔۔ المعنی: حشو و
زوائد سے پاک کرنا۔
أَحَرَّ۔ النہارُ: گرم ہونا۔۔۔ أَحَرَّ صَدْرَہ:
پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ۔ العبدُ: آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ۔ القتالُ: سخت جنگ ہونا
الحَرُّ۔ گرمی۔ ج حُرُورٌ و أَحَارِرُ (خلاف قیاس)
الحَرُورُ۔ گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ
کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرَارَۃ۔ گرمی۔
الحُرِّیَّۃ و الحُرُورَۃ و الحُرُورِیَّۃ۔ مصدر
الحار فیہما: آزادی۔
الحُرِّیَّۃ: خالص ہونا۔ حُرِّیَّۃُ القومِ: قوم
کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "ہو من حُرِّیَّۃِ قومہ"
وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِیرُ۔ ریشم۔ ریشم کا بنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا۔
(۔۔۔ و المَحْرُورُ) غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِیرَۃ۔ ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو
آٹا دودھ و روغن ملا کر طیار کیا جاتا ہے جو غصہ

کی وجہ سے گرمی والا
الحُرُّ۔ آزاد۔ شریف۔۔۔ من کل شیءٍ:
عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فرس حُرٌّ" اصیل
گھوڑا۔ و طینٌ حُرٌّ۔ بغیر ریت کی خالص مٹی۔
حُرُّ الدارِ: گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارضِ: زمین
کا اچھا حصہ۔ حُرُّ الوجہِ: رخسارہ۔ کہا جاتا ہے
لطمہ علی حُرِّ وجہہ" اس نے اس کے رخسارہ
پر طمانچہ مارا۔ ج أَحْرَار و حِرَار۔ و الاحرار البقول:
وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرُّ: کبوتر
کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ ساقُ حُرٍّ: نر قمری۔ عینُ حُرٍّ:
ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّۃ۔ حر کا مونث۔ آزاد عورت۔ شریف
عورت۔ ج حَرَائِر و حُرَّات۔ أرضٌ حُرَّۃٌ: بغیر
ریت والی زمین۔ رملۃٌ حُرَّۃٌ: ریت جس میں گارا
ہو۔ لیلۃٌ حُرَّۃٌ او لیلۃ حُرَّۃ: ہر مہینے کی پہلی رات
الحَرَّۃ۔ سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات
و حِرَار و أَحَرُّون و حَرُّون۔
الحَرَّۃ: پھنسی۔ دردناک عذاب۔ بہت
تاریکی۔
الحِرُ: اندام نہانی۔ فرج۔
الحِرَّۃ: پیاس۔ کہتے ہیں "رماہ اللہ بالحِرَّۃ
تحت القِرَّۃ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ
میں پیاس میں مبتلا کر دے۔
الحَارُّ: گرم۔۔۔ من الاعمال: دشوار کام
الحَرَّان: بہت پیاسا۔ مونث حَرَّی۔ ج
حِرَار و حَرَارَی۔
الحَرِیرِیّ۔ ریشم بنانے والا۔ ریشم بیچنے والا
مقامات مشہورہ کے مصنف کا لقب
المَحْرُورُ: وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہو گئی
ہو۔
حَرَبَ (ن) حَرْبًا۔ الرجلَ: سب کچھ چھین
لینا۔ صفت مفعولی (حَرِیب) ج حَرْبَی و حُرَبَاء
و (مَحْرُوب)
حُرِبَ۔ الرجلُ مالَہ: چھینا جانا
حَرِبَ (س) حَرَبًا۔ کتے کے کاٹنے کی

دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضبناک ہونا۔ صفت
(حَرِب) یعنی سخت غضبناک۔ ج حَرْبَی و حَرِب
الرجلُ: ویل و ہلاکت کو پکارنا اور واحرباہ کہنا۔
حَرَّبَہ: غضبناک بنانا۔ حَرَّبَ السنانَ: تیز
کرنا۔
حَارَبَہ حِرَابًا و مُحَارَبَۃً۔ لڑائی کرنا۔
أَحْرَبَ۔ الحربَ: جنگ بھڑکانا۔۔۔ فلانًا:
دشمن کے مال کے لوٹنے کے لیے رہنمائی کرنا
۔۔۔ النخلُ: شگوفہ نکلنا۔
تَحَارَبَ و اِحْتَرَبَ۔ القومُ: جنگ کی آگ
بھڑکانا۔
اِحْرَنْبَی اِحْرِنْبَاءً۔ آمادہ غضب ہونا۔ آمادہ
شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف ٹانگیں
اٹھانا۔۔۔ المکانُ: کشادہ ہونا۔
الحَرْبُ: لڑائی۔ ہم کہتے ہیں "وقعت بینہم
حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی۔
کلمہ مونث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں۔
اس کی تصغیر حُرَیْب۔ ج حُرُوب۔ رجل حَرْبٌ:
بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "انا حَرْبٌ لمن حاربنی"
میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے۔
دارُ الحَرْبِ: مشرکین کا ملک اور وہاں کے رہنے
والوں کو الحربیون کہتے ہیں۔
الحَرْبَۃ: چھوٹا نیزہ۔ ج حِرَاب۔ الحَرْبَۃ: نیزہ
مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن۔
ج حَرَبَات و حَرْبَات۔
الحَرَّاب: چھوٹے نیزے کو اٹھانے والا۔ چھوٹا
نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَۃ۔ ہیئت جنگ۔
الحُرْبَۃ: گون یا بورے کی مانند ایک برتن۔
چمڑے کا تھیلا۔
الحِرْبَاء و الحِرْبَاءَۃ۔ گرگٹ۔ اس کو تلون
مزاج کے لیے بطور مثال کے بولا جاتا ہے۔ ج حَرَابِی
الحِرْبَاء: زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت
الحَرَب: مصدر۔ ہلاکت۔ ویل۔
وَاحَرَبَا: کلمہ جو مصیبت پڑنے کے موقع پر بولا جاتا

ہے اور افسوس کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

المحروب والمحراب ۔ جنگجو بہادر۔
المحراب: گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اچھی جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ محل۔ محراب المسجد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج محاریب۔ کہا جاتا ہے "انہ یکرہ المحاریب" وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔

المحترب والمتحرب ۔ شیر۔

الحُرْبُث ۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج حَرابِث

الحِرْبِش والحِرْبِیش ۔ بڑا سانپ۔ اژدہا۔

حَرْبَصَ ۔ الارضَ: پانی دینا یا ہل چلا کر پانی دینا۔

حَرْبَطَ حَرْباطًا ۔ القوسَ: سخت چلہ کھینچا

حَرُتَ (ن) حَرْتًا ۔ الشیءُ: سخت ملنا۔

حَرِتَ (س) حَرَتًا ۔ الرجلُ: بدخلق ہونا۔

الحَرْحَت ۔ مص ۔ جانوروں کے چارہ کھانے کی آواز۔

الحَرْبیت ۔ ایک قسم کی مچھلی۔

الحَرْتَة ۔ رائی کی چرپراہٹ جس کا اثر ناک میں محسوس ہو۔

الحَرْتَة ۔ بہت کھانے والا۔

الحَرّات ۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔

الحَرْتَك ۔ موٹے جسم والا۔

حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا ۔ الارضَ: ہل چلانا۔ کھیتی کرنا۔ صفت (حارث) ج حُرّاث۔ حَرَثَ المالَ: کمائی کرنا۔ جمع کرنا ۔۔ النارَ: کریدنا ۔۔ الشیءَ: اچھی طرح مطالعہ کرنا ۔۔ الامرَ: یاد کر کے بھڑک اٹھنا ۔۔ الخبزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا (واحرث واحترث) الدابۃَ: تھکانا۔ دبلا کرنا۔ صفت مفعولی (حریثۃ) و حَرائث۔

اِحْتَرَثَ ۔ الارضَ: کھیتی کرنا ۔۔ للمالَ: کمائی کرنا۔

الحَرْث ۔ مص ۔ کھیتی۔

الحارث ۔ فا ۔ ج حُرّاث ۔ الحارث وابو الحارث: شیر کی کنیت۔

الحَرِیثَة ۔ کمائی ۔ ج حَرائث۔

الحِرَاثَة ۔ کھیتی ۔ کاشتکاری۔

المِحْرَث ۔ ج محارث والمِحْراث ج محاریث: ہل بکریلی۔

حَرِجَ (س) حَرَجًا ۔ الشیءُ: تنگ ہونا ۔۔ الرجلُ: گنہگار ہونا ۔۔ العینُ: اندر دھنس جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا ۔۔ علیہ الشیءُ: حرام ہونا ۔۔ الیہ: پناہ لینا۔ ۔۔ الغبارُ: تنگ جگہ میں گھٹنا۔

حَرَجَ (ن) حَرْجًا ۔ انیابَہ: غصہ سے دانت پیسنا۔

حَرَّجَ ۔ تنگ کرنا ۔ حَرَّجَ علیہ: کسی سے یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔

اَحْرَجَہ ۔ گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا ۔ تنگ جگہ کے لیے مجبور کرنا ۔۔ فلانًا الیہ: مضطر کرنا ۔ اَحْرَجَ علیہ الغرَ: حرام کرنا۔

تَحَرَّجَ ۔ گناہ سے بچنا۔

الحَرَج ۔ گناہ ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ ۔ مردہ لیجانے کا تختہ ۔ حرمت ۔ کہا جاتا ہے "لا حرج علیک" تمہارا کوئی قصور نہیں۔ یا تمہارے اوپر کوئی اعتراض نہیں ۔ "حدث عن البحر ولا حرج" سمندر کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اوپر مبالغہ وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔

الحَرَج ۔ گن ۔ کوڑی ۔ شکار میں سے کتے کا حصہ ۔ درندوں کے شکار کے لیے پھندا ۔ بکریوں کا ریوڑ ۔ ج اَحْراج و حِراج۔

الحَرِج ۔ تنگ ۔ وہ شخص جو لڑائی سے منہ نہ پھیرے ۔ بہت درختوں والی تنگ جگہ ۔ وہ شخص جو کسی معاملہ میں پیشقدمی کرنے سے خوف کھائے۔

الحَرَجَة ۔ درختوں کا جھنڈ ۔ بکریوں یا اونٹوں کا گلہ ۔ ج حَرَج و حَرَجات۔

الحَرْجَة ۔ ڈوبکی۔

الحَرِجُ ۔ تنگ۔

المِحْراج ۔ من اللیالی: بہت سرد رات۔

المُحَرِّج ۔ تنگ کرنے والا کہا جاتا ہے۔ "حَلَفَ بالمُحَرِّجات" اس نے تنگی میں مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔

الحَرْجَف ۔ ٹھنڈی ہوا جو تیز چلے ۔ ج حَراجِف۔

حَرْجَلَ حَرْجَلَۃً ۔ لمبا ہونا ۔ دائیں بائیں دوڑنا

الحَرْجَلَة ۔ مص ۔ لنگڑا پن ۔ (۔۔ والحَرْجَل) گھوڑوں کا گلہ ۔ کہا جاتا ہے "جاءوا حراجلۃ" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔

الحَرْجَل والحُراجِل ۔ لمبا۔

حَرْجَمَ ۔ الابلَ: اونٹوں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔

اِحْرَنْجَمَ ۔ القومُ والابلُ: اکٹھا ہونا ۔۔ عن الامرِ: ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔

الحُرْجُ ۔ اندام نہانی

حَرِدَ (س) حَرَدًا و حَرْدًا ۔ علیہ: غضبناک ہونا ۔ صفت (حارد و حَرِد و حَرْدان) ۔۔ الوتَرُ: کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے لمبا ہونا ۔ صفت (اَحْرَد)

حَرَدَہ (ض) حَرْدًا ۔ منع کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔۔ الخشبَ: سوراخ کرنا ۔ (۔۔ حُرُودًا) قوم سے علیحدہ و اکیلا ہونا ۔ صفت (حُرُد و حَرِید) ج حِراد و (حَرِید) ج حُرَداء۔

حَرَّدَ ۔ جھونپڑی میں پناہ لینا ۔۔ الشعرَ: ایک بال کا تنہا اگنا ۔۔ ہ: روکنا ۔ حَرَّدَ الحبلَ: بٹنے سے گول ہو جانا ۔۔ الشیءَ: ٹیڑھا کر دینا۔

اَحْرَدَہ ۔ الگ کر دینا یا اکیلا کر دینا ۔ اَحْرَدَ فی المشی: تیز چلنا۔

تَحَرَّدَ ۔ الادیمُ: بالوں سے پاک صاف ہونا۔

حارَدَت ۔ الناقۃُ: کم دودھ والی ہونا۔

صفت (حَرُوْد و مَحَارِد) ـــ السَّنَۃُ: کم بارش والا ہونا۔ حَارَدَ الرجلُ: دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا۔
اِنْحَرَدَ۔ اکیلا ہونا ـــ النجمُ: ٹوٹنا۔
الحَرَد۔ مص۔ اونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔
الحَرُوْد۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
الحَرِيْد۔ دور۔ خشک کی ہوئی مچھلی بہت میں سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَد۔ اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا۔ بخیل کنجوس۔ زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ ج حُرْد
المِحْراد۔ بے بارش کا سال جمع۔ مَحَارِد۔
الحَرْدَبَۃ۔ سُبکی بے عقلی۔
الحِرْذَوْن۔ گوہ یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔
حَرَزَ (ن) حَرْزًا۔ المالَ: حفاظت کرنا اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ (س) حَرَزًا۔ پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ (ک) حَرَازَۃً و حَرَازًا۔ المکانُ: مضبوط ہونا۔
حَارَزَ۔ الشیَ: حفاظت میں مقابلہ کرنا۔
(ـــ و اَحْرَزَ) للمکان الرجلَ: جائے پناہ ہونا
اَحْرَزَ الشیَٔ: جمع کرنا۔ حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا
تَحَرَّزَ و اِحْتَرَزَ۔ منہ: بچنا۔
اِسْتَحْرَزَ۔ محفوظ جگہ میں کہنا۔
الحِرْز۔ مضبوط جگہ۔ کہا جاتا ہے "حِرْزٌ حَرِيْزٌ و حَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَہٗ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ ہر وہ چیز جو ضائع اور تلف ہونے سے بچائے ـــ فی اصطلاح المعوذین: تعویذ ج اَحْرَاز۔
الحَرَز۔ مص۔ بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ ج اَحْرَاز۔

الحَرِيْز۔ جمع کی ہوئی چیز کہا جاتا ہے "لَا حَرِيْزَ مِن بَيْعٍ" یعنی اگر اس نے خواہش کے مطابق قیمت دیدی تو میں بیچ دونگا۔
الحَرِيْزَۃ۔ من الابل: اونٹ جن کو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ ج حَرَائِز
حَرْزَمَہ۔ اللّٰہُ: لعنت کرنا ـــ الاناءَ: بھرنا
حَرَسَہٗ (ن ض) حَرْسًا۔ حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس) ج حُرَّاس و حَرَسَۃ و حَرَس و اَحْرَاس۔ حَارِس السماء و حَارِس السماک: دو ستاروں کے نام۔
حَرَسَ (ض) حَرْسًا و اِحْتَرَسَ۔ الشیءَ: رات میں چوری کرنا۔
حَرِسَ (س) حَرَسًا۔ زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔
اَحْرَسَ۔ بالمکان: حفاظت کے لیے قیام کرنا۔
تَحَرَّسَ و اِحْتَرَسَ۔ منہ: محفوظ رہنا۔ بچ کر رہنا۔
الحَرْس۔ مص۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلَيْهِ حَرْسٌ" اس پر ایک زمانہ گذر گیا۔ ج اَحْرَاس۔
الحَرَس۔ حفاظت کرنے والے۔ و حَرَسُ الملکِ شاہی محافظ۔ فوج۔ واحد (حَرَسِیّ)
الحَرَسَان۔ رات دن۔
الحِرَاسَۃ۔ حفاظت
الحَرِيْسَۃ۔ بکریوں کا باڑہ۔ رات میں چوری کی ہوئی بکری۔ چوری۔ ج حَرَائِس۔
الاَحْرَس۔ پرانا جس پر ایک زمانہ گذر گیا ہو۔
الحُرْسَان۔ ٹڈی کی ایک قسم۔
الحَرْسَم۔ گوشہ۔
الحَرْسِيم۔ زہر و موت۔
الحَرَاسِين۔ ایک قسم کی مچھلی۔
الحَرَاسِيْن۔ دبلے اونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔
حَرَشَ (ض) حَرْشًا و تَحْرَاشًا۔ الضبَّ: شکار کرنا ـــ البعیرَ: تیز چلنے کے لیے رسی سے پیٹھ کو رگڑنا ـــ الرجلَ: خراش لگانا۔
حَرِشَ (س) حَرَشًا۔ سخت ہونا صفت (اَحْرَش) ـــ الرجلُ: دھوکا دینا۔
حَرَّشَ بین القوم و بین الکلاب و السباع: ایک کو دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔
تَحَرَّشَ۔ بہ: درپے ہونا۔ تَحَرَّشَ الضبَّ و بالضبِّ: شکار کرنا۔
اِحْتَرَشَ۔ الشیءَ: جمع کرنا ـــ القومُ: اکٹھا ہونا ـــ الرجلَ: دھوکا دینا ـــ لعیالہ: کمائی کرنا ـــ الضبَّ: شکار کرنا۔
الحَرْش۔ مص۔ اثر۔ دھوکا۔ فریب جماعت ج حِرَاش۔
الحَرِش۔ کھردرا۔ وہ شخص جس کو نیند نہ آئے
الحَرْشَۃ و الحَرَش۔ کھردرا پن۔
الحَرِيْش۔ کنسلائی۔ ج حُرُوش۔ کنکھجورا
الحَرِيْش: ایک دریائی جانور گینڈا۔ ایک قسم کا چتی دار سانپ۔
الحَرِيْشَۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔ کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ لَہٗ حَرِيْشَتِیْ" میں نے اس کے لیے اپنا سب کچھ جو میرے قبضہ میں تھا نکال دیا۔
الحُرَاش۔ من الحیات: پرانا سیاہ سانپ۔
الاَحْرَش۔ کھردری گوہ۔ دینار اَحْرَش: نئے ہونے کی وجہ سے کھردرا دینار۔ ج حُرْش۔
الحَرْشَف۔ مچھلی کا سفنا۔ چھوٹے پرندے ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔ کمزور بوڑھے۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ ثَمَّ غَيْرُ حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور و بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں پیادوں کی جماعت۔ سمندر کے کنارے کے پتھر۔ ج حَرَاشِف۔
الحُرْشُف۔ سخت زمین۔
حَرَصَ (ن) حَرْصًا۔ الجلدَ: چھیلنا ـــ القصّارُ الثوبَ: دھوتے یا کوٹتے میں پھاڑنا۔
حَرَصَ (ض) و حَرِصَ (س) حِرْصًا و اِحْتَرَصَ۔ علی الشیٔ: لالچ کرنا۔ صفت (حَرِيْص)

ج حُرُضٌ و حِرَاضٌ و حُرَّاضٌ مونث حَرِيْضَة۔ ج
حَرَائِضُ و حَرَائِصُ۔
حَرِضَ۔ المرعیٰ: چر کے بالکل صاف کیا
جانا۔
حَرَصَهٗ علی الشیءِ: لالچ دلانا۔
تَحَرَّصَ۔ بتکلف لالچ کرنا۔ وقت کا انتظار
کرنا۔ اور اسی سے ہے" ہو یتحرص غداءهم و عشاءهم"
وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت
کا انتظار کرتا ہے۔
الحِرْصُ۔ مص۔ لالچ۔
الحَرِيْصَة و الحَارِصَة و الحَرْبَصَة۔
زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔ الحارصۃ و
الحَرِيْصَة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے
حَرَضَ (ن ض) حَرُوضًا و حَرَضًا (س)
حَرَضًا و حَرُضَ (ک) حَرَاضَةً۔ مرض
فاسد میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا۔ صفت (حَرِضٌ
و حَرَضٌ و حَارِضٌ و حَارِضَة) کہا جاتا ہے" ناقۃ
حَرِضٌ" دبلی اونٹنی
حَرَضَ (ن) حَرْضًا۔ نفسہ: خراب کرنا۔
بگاڑنا۔
حَرَّضَهٗ علی الامر: برانگیختہ کرنا۔ فلانًا:
کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دور کرنا۔
۔۔۔ الشیءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
اَحْرَضَهٗ۔ گرانا۔۔۔ ہ الحزن او المرض:
بدن کو گھلا دینا۔۔۔ ہ علی الشیءِ: برانگیختہ کرنا
۔۔۔ الرجلُ: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔
حَارَضَ۔ علی العمل: مداومت کرنا۔۔۔
فلانًا: تیر کی جگہ سے ایک دوسرے کو مارنا۔
تَحَارَضُوْا۔ علی العمل: ایک دوسرے کو
برانگیختہ کرنا۔
الحَرَضُ۔ مص۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی
حَرَضُ الثوبِ: کپڑے کا کنارہ۔ الحرض:
قریب بہلاکت۔ بے فیض آدمی۔ وہ شخص جس
کو غم یا عشق گھلا دے۔ گرا ہوا جو اٹھنے کی طاقت
نہ رکھتا ہو۔ بری گفتگو۔ ج اَحْرَاضٌ و حُرْضَانٌ و

حِرَضَة۔
الحُرُضُ و الحُرْضُ۔ اشنان جس سے کھانے
کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔
الحُرُضَة۔ جوئے بازوں کا امین۔ وہ شخص
جو گوشت نہ خریدے دکھائے مگر اس صورت
میں کہ مفت مل جائے۔
الحُرْضَة۔ گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ
نہ لگائے۔ ج حُرَضٌ۔
المِحْرَضُ۔ اشنان کا برتن۔
الحَرَّاضُ۔ گچ یا چونہ بنانے کے لیے پتھر
کو آگ میں جلانے والا۔
الحُرَاضَة۔ اشنان کا بازار
المُحْرَضُ۔ وہ شخص جس کو غم گھلا دے
(۔۔۔ و الحَرِيْضُ) گرا ہوا شخص جو اٹھنے کی طاقت
نہ رکھتا ہو۔
حَرَفَ (ض) حَرْفًا۔ الشیءَ عن وجهہ: پھیرنا
جھکانا۔۔۔ عن الشیءِ: مائل ہونا۔۔۔ لعیالہ:
ادھر ادھر سے کمائی کرنا۔
حُرِفَ۔ فی مالہ حَرْفَةً: کچھ ضائع ہو جانا۔
حَرَّفَ۔ القولَ: قول کو اس کے موقع
سے پھیر دینا۔۔۔ القلمَ: ٹیڑھا قط لگانا۔
۔۔۔ الشیءَ: کنارہ بنانا۔ جھکانا۔
حَارَفَهٗ۔ معاملہ کرنا اور اسی سے ہے" لقد
علموا فی الغزو کیف نحارف" انہوں نے
یقینًا جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ
کیسا معاملہ کرتے ہیں۔۔۔ الرجلَ: شر یا خیر
کا بدلہ دینا۔۔۔ الجرحَ: سلائی سے اندازہ
کرنا۔
اَحْرَفَ۔ فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و
عیال کے لیے مشقت برداشت کرنا۔۔۔
الناقۃَ: لاغر کرنا۔۔۔ الرجلَ: خیر و شر کا بدلہ
دینا۔
تَحَرَّفَ عنہ و انْحَرَفَ و احْرَوْرَفَ۔
ایک جانب کو جھکنا۔ تحرف لعیالہ: ہر پیشہ
سے کمائی کرنا۔

اِحْتَرَفَ۔ پیشہ اختیار کرنا۔ تلاش کرنا۔ حیلہ
کرنا۔۔۔ لاہلہ: کمائی کرنا۔
الحَرْفُ۔ ج حِرَفٌ: کنارہ۔ دھار۔ جانب
"حرف الجبل" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے
"فلان علی حرفٍ من امرہ" فلاں شخص معاملہ
کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو
ہٹ جائے۔
الحَرْفُ: پانی بہنے کی جگہ۔ حرف السفینۃ
او النہر: کشتی یا دریا کا کنارہ۔ الحرف ج حروف
و اَحْرُف: حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا
نام" حرف المبنی" ہے۔۔۔ فی النحو: وہ کلمہ جو بغیر
دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا
نام" حرف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قرآن
میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔
الحُرْفُ۔ واحد (حُرْفَة) رائی۔
الحُرْفُ: محرومی۔ بدبختی۔
الحِرْفَة۔ پیشہ۔
حَرِيْفُ۔ الرجل: ہم پیشہ۔ ج حُرَفَاءُ
الحُرْفَة۔ محرومی۔ کم نصیبی۔ بدبختی۔
الحَرَافَة۔ چرپراہٹ۔
الحِرِّيْفُ۔ چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا
ہے" ہذا بصل حریف" یہ تیز پیاز ہے۔
المُحْتَرِفُ۔ پیشہ ور۔
المِحْرَفُ و المِحْرَافُ۔ زخم کی گہرائی معلوم
کرنے کی سلائی۔
المُحْتَرَفُ۔ وہ شخص جس کا مال ضائع ہو گیا ہو
المُحَارَفُ۔ محروم۔ کم نصیب۔
الحَرَافِلُ۔ بہت سے اصیل اونٹ۔
الحَرْفَلَة۔ اصیل لاغر اونٹنی۔
اِحْرَنْفَزَ۔ اکٹھا ہونا۔ کہا جاتا ہے" احرنفزوا
للرواح" جانے کے لیے اکٹھا ہوئے" ابیات
محرنفزات" عمدہ اشعار۔
اِحْرَنْفَشَ۔ سوجنا۔ غصہ سے پھیلنا۔
آمادۂ شرارت ہونا۔
الحِرْنِفْشُ و الحُرَافِشُ۔ اژدہا۔

تحرفص ۔ سکڑنا، سمٹنا۔
الحرفصة ۔ اصیل اونٹنی۔ ابل حرافص: بہت سے دُبلے اونٹ۔ اس کا واحد نہیں۔
حَرَقَہ (ن) حَرْقًا ۔ بالنار: جلانا ۔۔۔ بالمبرد: ریتی سے رگڑنا ۔۔۔ الشیَٔ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔
حَرَقَ (ن ض) حَرْقًا وحَرِیقًا وحُرُوقًا ۔ نابہ علیہ: دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یحرق ویحرق علی الارم" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے۔ شدت غضب کے لیے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔
حَرِقَ (س) حَرَقًا ۔ شعرہ: کٹ جانا یا گرنا صفت (حَرِقٌ) الشعر۔
حَرِقَ وحُرِقَ ۔ پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔
حَرَّقَہ واَحْرَقَہ ۔ بالنار: جلانا۔ حَرَّقَ المرعی الابلَ: پیاس لگانا۔
تحرّق واحترق ۔ جلنا
حارق محارقة ۔ المراۃ: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔
الحَرَق والحَرْق ۔ مص ۔ جلن ۔ الحَرَق: دھوبی کے پٹکنے سے کپڑے کا پھٹنا۔ الحَرق: کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔
الحُرَق ۔ سخت چمکنے والا بادل ۔ بال جو دراز نہ ہوں۔
الحُرقة والحَرقة ۔ گرمی ۔ کہا جاتا ہے "فی جوفہ حرقة" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔
الحُرَقة والحارقة والحُرّاقة ۔ شمشیر براں۔
الحُرَاق والحِرَاق ۔ ہر چیز کو بگاڑنے والا الحُراق: بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
الحَرِیق ۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ ۔ جلا ہوا ۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرقی۔

الحُرَاق ۔ بہت کھاری پانی۔
الحَرَّاقة ۔ کشتی جس سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے۔ ج حرّاقات ۔ عوام کے نزدیک حرّاقة اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھا جائے تو آبلہ اُٹھ آئے۔
الحُرُوق والحَرُوق ۔ چقماق کا سوختہ۔
الحَرِیقة ۔ گرمی (۔۔۔ والحُرُوقة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں
المحرق ۔ ریتی۔
المحرقة ۔ ذبیحہ جس کو اظہار عبودیت کے لیے جلا دیا کرتے تھے۔ ج محرقات
الحارق ۔ درندہ کا دانت۔
الحارقة ۔ پیر کی رگ یا پٹھا۔
الحُرقان ۔ ملنے میں رانوں کی رگڑ۔
عمامة (حُرقانیة) خاکستری رنگ کا عمامہ۔
الحُرقوة ۔ حلق کے کوے کا اعلیٰ حصہ سُرین کے سرے کی ہڈی۔
الحُرقد ۔ زبان کی جڑ۔ ج حراقد
الحرقدة ۔ نرخرہ کی گرہ۔
حَرْقَص ۔ فی المشی: قریب قریب قدم رکھنا ۔۔۔ الکلام: جلدی جلدی بولنا
الحُرقوص ۔ پسو کی مانند ایک کیڑا۔ چابک کا سرا۔ ج حراقیص۔
الحرقفة ۔ سُرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حراقف وحراقیف۔
الحُرقوف ۔ دُبلا جانور۔
الحرقلة ۔ ایک قسم کی چال۔
الحراقد ۔ سُرخ جھڑا ایک قسم کا سُرخ رنگ جس سے چمڑے کو رنگتے ہیں۔
حَرَکَ (ن) حَرْکًا ۔ حق ادا کرنے سے باز رہنا۔ حَرَکَہ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔ حرک حارکہ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ۔۔۔ بالسیف: تلوار سے مارنا۔

حَرِکَ (س) حَرَکًا ۔ کمر یا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِک) ہونث حَرِکة۔
حَرُکَ (ک) حَرَکًا وحَرَکة ۔ ہلنا۔
حَرَّکَہ ۔ ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حرّکنی الامر" مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحارک ۔ غارب دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔
الحَرَاک ۔ حرکت۔
الحَرِک ۔ سبک و تیز خاطر۔ کہا جاتا ہے "غلام حَرِک" سبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحراک ۔ حرکت دینے کا آلہ۔ کرچھی۔
المحرک ۔ گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حُرکُنت حرکنة ۔ الریح الاشجار: ہلانا
الحَرکَکة ۔ سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حراکیک۔
الحُرکوک ۔ کندھوں کے درمیان کا حصہ
حَرکَلَ ۔ الصائد: شکار سے محروم واپس آنا
الحَرکلة ۔ ایک قسم کی رفتار پیادے۔
حَرَمَہ (ض) وحَرِمَہ (س) حِرْمًا وحَرِمًا وحِرْمانًا وحُرْمًا وحِرْمة وحَرِیمة ۔ الشیَٔ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)
حَرُمَ (ک) حُرْمًا وحَرامًا وحَرُمَ (س) حُرُمًا وحُرْمًا وحُرْمة وحُرُمة وحَرامًا ۔ علیہ الامر: حرام ہونا۔
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرامًا ۔ فی القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ ۔ الشیَٔ: حرام کرنا۔ حرّم الصلوة: نماز کا تحریمہ باندھنا۔ (۔۔۔ واَحرَم) ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حرمہ واحرمہ فی القمار: غالب ہونا۔ واحرم: حرم میں داخل ہونا۔ احرم الشیَٔ: حرام کرنا۔ احرم عن الشیَٔ: رکنا باز رہنا۔
تحرّم ۔ منہ بحرمة: کسی کے ذمہ میں آکر

ممنوع ہونا۔ تَحَرَّمَ بہ: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "تحرّمتُ بطعامک ومجالسک" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لیے جائز تھا وہ ممنوع ہو گیا۔
اِحْتَرَمَہٗ۔ ڈرنا۔ حرمت و عزت کی رعایت کرنا۔ اِحْتَرَمَ الشیءَ: محروم ہونا۔ "لا تحترم فتحترم" میں دونوں معنے جمع ہو گئے ہیں یعنی عزت کر ورنہ خیر سے محروم رہو گے۔
اِسْتَحْرَمَ۔ الشيءَ: حرام سمجھنا۔
الحِرْم۔ مع۔ حرام۔ ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم۔ احرام کا زمانہ۔
الحُرْم۔ مع۔ حج کا اِحرام۔
الحَرَم۔ مع۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس۔ ج اَحْرام۔ الحرم الاقصیٰ: بیت المقدس۔
الحَرَمان۔ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ۔
الحِرْمان۔ محرومی۔
الحُرْمة والحُرُمة والحُرَمة۔ ذمہ۔ ہیبت۔ ہر وہ چیز جس کی ادائگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حرمة الرجل: بیوی ج حُرَم وحُرُمات وحُرْمات۔
الحَرَمة۔ حفاظت۔
الحَرِيم۔ مع۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ مُحْرِم کا کپڑا۔ حریم الرجل جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم واَحْرِم واَحْرِمَہ
الحُرُم۔ ایک شخص کی بیویاں۔ الاشهر الحرم اربعة: ذوالقعدہ و ذوالحجہ و محرم و رجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل و قتال کو حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِيمة۔ مع۔ ہر مطلوب چیز سے جو فوت ہو جائے

الحَرام۔ مع۔ ضد حلال۔ ج حُرُم۔ کہا جاتا ہے "حرام اللہ لا افعل ہذا" قسم کے لیے جیسے "یمین اللہ لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجل حرام وقوم حرام" احرام باندھنے والا مرد احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔ الشهر الحرام: ماہ محرم۔ البلد الحرام: مکہ معظمہ۔ المسجد الحرام: مسجد کعبہ۔
الحَرامِيّ۔ حرام کا کرنے والا۔
المُحَرَّم۔ قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المحرم جس کے لیے ذمہ ہو۔ جلد محرّم: بے کمائی ہوئی کھال۔ سوط محرّم: کوڑا جو نرم نہ کیا گیا ہو۔ اعرابی محرّم: اجڈ دیہاتی۔
المَحْرَم۔ حرم۔ ج مَحَارِم۔ محارم اللیل: رات کے خطرات۔
المُحْرِم۔ احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انه محرم عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔
المَحْرُوم۔ خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کر سکتا ہو۔
المَحْرَمة والمَحْرُمة۔ ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج محارم۔
الحَرْمة۔ چھوٹا ٹیلا جس پر کچھ نہ اگے۔
الحَيْرَم۔ گائے۔ واحد حَيْرَمَة
الحَوْرَم۔ بہت مال
حَرْمَلَ۔ فی الامر: اصرار کرنا۔
الحِرْمِل۔ الحِرْمَل۔ رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔
حَرْمَزَہٗ۔ لعنت کرنا۔
تَحَرْمَزَ: ذکی ہونا۔
الحِرْماس۔ چکنا۔ کہا جاتا ہے "بلد حرماس و ارض حرماس" یعنی سخت۔ "سنون حرامس" سخت قحط کے سال اس کا واحد حرمس ہے۔

الحَرْمَل۔ کالا دانہ۔
حَرَنَ و حَرُنَ (ن ک) حُرُونًا و حِرانًا و حِرانًا۔ البغلُ: اَڑ جانا۔ صفت مذکر و مؤنث (حَرُون) ج حُرُن۔ وحَرَنَ فی البیع: ٹھیک قیمت پر بیچنا۔ (حَرُنَ (ک) حُرُونة) بالمکان: جگہ سے نہ ہٹنا۔ العسل فی الخلیة: شہد کا چھتہ میں چپکنے کی وجہ سے نکلنے میں دشواری ہونا۔ وحَرَنَ القطن: دھنا۔
المِحْرَن۔ دھننے کی کمان۔
المَحْران۔ شہد۔ ج مَحَارِین۔
المَحارِين۔ بنولے۔
الحَرا۔ گھر کا صحن۔ کہا جاتا ہے "نزلتُ بحراہ" میں اس کے صحن میں اترا۔ آواز۔ گرد۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحْراء۔ الحرا: لائق۔ کہا جاتا ہے "بالحرا ان یکون ذلک"
الحَراوة۔ رائی وغیرہ کی تیزی۔
الحَرْوة۔ گلے یا سینے میں یا سر میں غصہ یا درد کی وجہ سے جلن سب ہوکے ساتھ چرپراہٹ
حَرِیَ (س) حَرًی۔ الشيء: گھٹنا۔ کم ہونا
اَحْرَیٰ۔ الشيءَ: گھٹانا۔ کم کرنا۔
تَحَرَّیٰ۔ قابل استعمال کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے اولیٰ کو طلب کرنا۔ الامر: قصد کرنا اور فضیلت دینا۔ بالمکان: ٹھہرنا۔
المَحْرَی والمَحْراة۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ہذا الامر محری او محراة لذلک او بذلک" یعنی یہ کام اس کے لائق ہے۔
الحَرِیّ۔ ج حَرِیُّون واَحْرِیاء۔ مؤنث حَرِیَّة ج حَرِیّات وحَرایا۔ و(الحَرَی) ج اَحْراء و(الحَرِی) لائق۔ سزاوار۔ مناسب۔ کہا جاتا ہے "انہ لحری او حرا او حری کذا وان یفعل کذا" یعنی وہ فلاں چیز کے لائق ہے اور فلاں کام کرنے کے لائق ہے (اخیر کلمہ کے تثنیہ و جمع نہیں آتے)
الحَارِیَة۔ بہت زہریلا سانپ جو پرانے ہونے کی وجہ سے چھوٹا ہو گیا ہو۔

الاحزی۔ زیادہ لائق زیادہ مناسب۔ زیادہ بہتر۔
حَزَّهٗ (ن) حَزًّا و احتزّهٗ۔ کاٹنا۔
حزّ العودَ: شگاف ڈالنا۔
تحزّز۔ شگاف پڑنا۔
حزّ و احتزّ۔ علی کرم فلان: بڑھ جانا۔
حزّز۔ اسنانہٗ: کناروں کو تیز کرنا۔
حازّہٗ محازّۃً و حِزازًا۔ پوری کوشش کرنا۔ اچھی طرح سے تلاش و جستجو کرنا۔
الحزّ۔ مع۔ وقت۔ سخت گفتگو والا۔ لکڑی وغیرہ میں شگاف۔ واحد (حزّۃ)
الحزّۃ۔ درد دل۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "اتی حزّۃ اتیتنی فقضیتُ حاجتک" میں نے اس وقت تیری حاجت پوری کی جب تم میرے پاس آئے۔ دشوار حالت۔
الحزاز و الحزازۃ۔ سر کی بھوسی۔ عوام حزاز کو داد کے معنے میں استعمال کرتے ہیں مگر فصیح لفظ اس کے لیے قوبا ہے
الحزازۃ: غصہ وغیرہ کی وجہ سے دل کا درد گفتگو میں بے راہ روی۔ ج حزازات۔
الحزاز و الحُزاز۔ ہر وہ چیز جو دل یا سینہ میں باعث تکلیف ہو۔
حوازّ القلب: دل کو الم پہنچانے والے امور۔ واحد (حازّۃ)
الحزیز۔ سخت عمل کرنے والا۔ ج حُزّز و حزّان و حِزّان و احزّۃ۔
الحزازیّ۔ سخت عمل کرنے والا تیز ہانکنے والا
المحزّ۔ کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "قطع فاصاب المحزّ" اس نے قطع کیا اور درست قطع کیا۔
المحزّ۔ کاٹنے کا آلہ۔ ج محازّ۔ سخت گفتگو والا
الحزز۔ سختی۔
الحُزّۃ۔ نیفہ۔
حزأ (ف) حزءًا۔ الابلَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ — السرابُ الشخصَ: نمایاں کرنا — للمرأۃ:
جماع کرنا۔
احزوزأ۔ الطائرُ: پروں کو سمیٹ کر انڈوں سے علیحدہ ہونا۔ — الابلُ: اکٹھا ہونا۔
حَزَبَہٗ (ن) حَزْبًا۔ الویلُ و الغمّ: پہنچنا لاحق ہونا۔ سخت ہونا۔ حزب القرآن: ایک حصہ مقرر کرکے پڑھنا۔
حزّب۔ القوم: پارٹی پارٹی کرکے جمع کرنا
حازبہٗ۔ کسی کی پارٹی میں داخل ہونا۔ مدد کرنا۔ قوت پہنچانا۔
تحزّب۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔ پارٹی پارٹی ہونا۔
الحازب۔ ج حوازب و (الحزیب) ج حُزُب و حُزُبٌ: امر شدید۔ تم کہتے ہو "نزلت بہ حوازب الخطوب" اس پر سخت حادثے واقع ہوئے۔ "ہذا امر حزیب" یہ دشوار امر ہے
الحِزْب۔ لوگوں کی جماعت۔ ہتھیار۔ پارٹی حصہ۔ ورد۔ وظیفہ۔ ج احزاب۔ ہر وہ قوم جس کے خیالات و افکار ایک ہوں اگرچہ آپس میں ملاقات نہ ہو۔
الحزابی و الحزابیۃ۔ من الرجال: گٹھے بدن والا پست قد۔
الحیزبون و الحیزبور۔ کھوسٹ بڑھیا
حزَرَ (ن ض) حَزْرًا و محزرۃً۔ الشیءَ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حزر قدومہ یوم کذا" اس نے اپنے آنے کا فلاں دن اندازہ کیا۔ (— و حزر (ک) حَزَرًا و حُزورًا) النبیذُ و اللبنُ: کھٹا ہونا۔ صفت (حازر)
الحزرۃ۔ ج حزرات و (الحزیرۃ) من کل شیء: عمدہ حصہ
الحازر۔ جو کا آٹا جس میں بو پیدا ہوگئی ہو
الحازرۃ۔ حازر کا مونث۔ مضبوط قوی ذہنی
الحزوَر و الحزوّر۔ طاقتور لڑکا۔ ج حزاورۃ کمزور مرد۔ طاقتور مرد۔
الحُزُّورۃ۔ معمہ چیستاں پہیلی (عوام کا لغت ہے۔ فصیح لفظ "الاحجیۃ" ہے)
المحزور۔ غضبناک۔
الحزوَرۃ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج حزاور و حزاورۃ۔
الحزوّارۃ۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج حزاویر۔
حزیران۔ ماہ جون۔ شمسی سال کا چھٹا مہینہ
حزّق۔ القومُ للقوم: جنگ کے لیے آمادہ ہونا۔ حزّق الاناءَ: بھرنا — المتاعَ: باندھنا
الحزقۃ۔ پتھریلی ہموار زمین۔
حزَقَ (ض) حزقًا۔ الوترَ و الرباطَ: خوب کھینچ کر باندھنا — الشیءَ: دبا کر نچوڑنا — الحمارُ: گوز کرنا — بالحبل: رسی سے باندھنا
احزوقہٗ۔ منع کرنا۔ روکنا۔
تحزّق۔ سکڑنا۔
الحِزْق و الحِزْقۃ و الحازقۃ و الحزاقۃ و الحزیقۃ۔ آدمی وغیرہ کی جماعت۔ حزیقہ کی جمع حزائق و حزیق و حزق۔ الحزقۃ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
الحازوقۃ۔ ہچکی۔ (لغت عوام ہے۔ فصیح لفظ الفواق ہے)
الحُزُقّ و الحُزُقُ و الحُزُقّۃ و الحُزُقۃ و الاحزقۃ۔ پست قد۔ جو چھوٹے چھوٹے قدم سے چلے۔ (— و المتحزّق) بدخلق بخیل۔
المحزوق۔ من ابریق و نحوہ: تنگ گردن والا لوٹا وغیرہ۔
حزکہٗ (ض) حزکًا۔ لپیٹنا اور دبانا۔ — بالحبل: گٹھا بنانا اور باندھنا۔
احتزک۔ بالثوب: کپڑے سے کمر کسنا۔
احزألّ۔ الشیءُ: اکٹھا ہونا — القلبُ: خوف کی وجہ سے دل کا سکڑ جانا — الجبلُ: پہاڑ کا سراب سے بلند ہونا — البعیرُ فی السیر: چلنے میں بلند ہونا۔
الحزوکل و الحزوکلۃ۔ پست قد۔
حزمہٗ (ض) حزمًا و حزمۃً۔ باندھنا
حزِمَ (س) حزمًا۔ سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حزُم (ک) حزمًا و حزامۃً۔ ہشیاری اور

دوراندیشی سے کام لینا۔ صفت (حَازِم) ج حَزَمَة و حُزَّم و اَحْزَام و (حَزِیم) ج حُزَمَاء۔
(اَحْزَمَ) الفرسَ: تنگ بنانا۔
تَحَزَّمَ و اِحْتَزَمَ۔ رسی وغیرہ سے کمر کسنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَزَّمَ فی الامر" یعنی اس نے معاملہ میں دانائی اور ہشیاری سے کام لیا۔
اِحْزَوْزَمَ اِحْزِیزَامًا الشیءُ: اکٹھا ہونا
ــــ المکانُ: سخت و بلند ہونا۔
الحِزَام۔ ج حُزُم و (الحِزَامَة) ج حَزَائِم و (المِحْزَم و المِحْزَمَة) جانور کا تنگ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِزَامَ الطریقِ" وہ وسط راستہ پر چلا۔
الحَزْم۔ سخت و بلند زمین۔ ج حُزُوم۔
الحَزَم۔ کھانے کا دشواری سے ہضم ہونا۔ سینہ میں پھند الگنا۔
الحُزْمَة۔ لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحُزُمَّة۔ پست قد۔
الحَزِیم۔ جانور کے تنگ باندھنے کی جگہ کہا جاتا ہے "شَدَدْتُ لِهٰذَا الاَمْرِ حَزِیمِی" میں نے اس معاملہ کے لیے کمر کو کسا یعنی پوری طرح پر آمادگی ظاہر کی۔ سینہ کا وسط۔ ج حُزُوم و اَحْزِمَة
الاَحْزَم۔ چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاِحْزَام۔ پارٹیاں۔
الحَیْزُوم۔ سینہ کا وسط۔ سخت و بلند زمین۔ ج حَیَازِم و حَیَازِیم۔ "شَدَّ الحَیَازِمَ" کنایہ ہے صبر کرنے سے۔
المَحْزِم۔ من الدابّۃ: تنگ باندھنے کی جگہ
حَزَنَہٗ (ن) حُزْنًا۔ غمگین کرنا۔
حَزِنَ (س) حَزَنًا۔ لہٗ و علیہ: غمگین ہونا صفت (حَزِنٌ) ج حِزَانٌ و حِزَانٌ و حَزَانَی و (حَزِینٌ و حَزْنٌ و مَحْزُونٌ و مُحْزَنٌ و مِحْزَان و حُزَّان)
حَزُنَ (ک) حُزُونَةً۔ المکانُ: سخت ہونا
اَحْزَنَ۔ سخت زمین میں چلنا ــــ و حَزَّنَ الرجلَ: غمگین بنانا۔ حَزَّنَ القارِئُ
باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ و تَحَازَنَ و اِحْتَزَنَ۔ غمگین ہونا۔ تَحَزَّنَ علیہ و لامرہ: دردمند ہونا۔
الحُزْن و الحَزَن۔ غم۔ ج اَحْزَان۔
الحَزْن۔ سخت و بلند زمین ج حُزُن و حُزُون۔
الحَزْنَة۔ من الارض: سخت زمین۔
الحُزْنَة۔ سخت پہاڑ۔ ج حُزَن۔ الحُزَن: سختیاں۔
الحُزَانَة۔ اہل و عیال جن کی وجہ سے آدمی فکر مند رہتا ہے۔
الحُزُونَة۔ زمین کی سختی۔
الحَزَنْبَل۔ بیوقوف عورت۔ گٹھے بدن کی پست قد عورت۔ کھوسٹ بڑھیا۔ کڑوے مزہ کی ایک قسم کی نباتات۔
حَزَا (ن) حَزْوًا و حَزَی (ض) حَزْیًا و تَحَزَّی) الشیءَ: اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا۔
ــــ الطیرَ: شگون معلوم کرنے کے لیے اڑانا
حَزَا (ن) و حَزَی۔ السرابُ الشیءَ: نمایاں کر دینا۔
اَحْزَی اِحْزَاءً۔ الشیءُ: بلند و نمایاں ہونا
ــــ بالشیء: جاننا۔
الحَازِی۔ فا۔ وہ شخص جو ہتھیلی وغیرہ دیکھ کر پیشین گوئی کرے اور اسی سے ہے "عَلَی الحَازِی هَبَطْتُ" یعنی میں دانا اور واقفکار کے پاس پہنچا۔
الحَزْی و الحَزَاءُ۔ ایک قسم کی نباتات واحد حَزَاة و حَزَاءَة
الحَزَّاءُ۔ نجومی و ستارہ شناس
حَسَّہٗ (ن) حَسًّا۔ قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا
حَسَّ الدابّۃَ: کھریرا کرنا ــــ البردُ الزرعَ: جلانا
ــــ اللحمَ: چنگاری پر ڈالنا ــــ النارَ: پختہ ہونے کے لیے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ن) حَسًّا و اَحَسَّ۔ الشیءَ و بالشیء: معلوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "حَسَّ و اَحَسَّ منہ خبرًا" اس نے اس سے خبر معلوم کی۔
حَسَّ (س من) حَسًّا و حِسًّا۔ بالخبر یقین کرنا ــــ لفلان: نرم دل ہونا۔
حَسَّسَہٗ۔ معلوم کرانا
تَحَسَّسَ۔ سننا۔ دیکھنا ــــ الخبرَ: معلوم کرنے کی کوشش کرنا ــــ الشیءَ: حواس سے پہچاننا۔ تَحَسَّسَ منہ: حقیقت حال معلوم کرنا۔
اِنْحَسَّتْ۔ اَسْنَانُہٗ: اکھڑ جانا۔ ٹوٹ جانا
اِحْتَسَّ۔ الشیءَ: چھوٹا بڑا سا کھیڑنا۔
الحَسّ۔ مص۔ حرکت۔ آہستہ آواز۔ کہا جاتا ہے "مَا سَمِعْتُ لہٗ حِسًّا" میں نے اس کی آہستہ آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کا درد حَسُّ الحُمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحَسَّ۔ مص۔ حیلہ۔ شور۔
الحَسَّة و الحِسَّة۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "ہو فی حِسَّۃِ سُوءٍ" وہ بری حالت میں ہے۔
الحَاسَّة۔ الحاسّ کا مونث۔ معلوم کرنے کی قوت۔ ج حَوَاسّ۔ الحَوَاسُّ الخَمْس: معلوم کرنے کی پانچ قوتیں (سننا۔ دیکھنا۔ سونگھنا۔ چکھنا۔ چھونا) "حَوَاسُّ الارضِ خَمْس" زمین کے لیے پانچ آفتیں۔ سردی۔ اولے۔ ہوا۔ ٹڈی مویشی۔ کہا جاتا ہے "مَرَّتْ بِالقومِ حَوَاسُّ" لوگوں پر سخت سال گزرے۔
الحَسِیس۔ آہستہ آواز۔ حرکت۔ مقتول۔
حِسَاس۔ الحمّٰی: بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحِسِّی۔ وہ چیز جس کا ادراک قوت حاسّہ سے ہو۔ اور اس کی ضد عقلی ہے۔
الحُسَاس۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد (حُسَاسَة) بدبختی۔ بدخلقی۔
الحَسُوس۔ سخت قحط کا سال۔
حَسَاسَاتُ۔ الحیا: کنایہ ہے شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباض کے احساس سے۔

المَحْسُوس - حسِ ظاہری سے معلوم کیا ہوا سبد بخت - اَرضٌ مَحْسُوسَۃٌ ٹڈی یا اولے سے تباہ شدہ زمین۔

المَحَسَّۃ - کھریرا۔

الحَاسُوس - جاسوس۔

حَسَبَہٗ (ن) حَسْبًا وحِسَابًا وحِسْبَانًا و حُسْبَانًا وحِسْبَۃً وحِسَابَۃً شمار کرنا۔

حَسِبَہٗ (س ح) حِسْبَانًا ومَحْسَبَۃً و مَحْسِبَۃً - گمان کرنا۔

حَسُبَ (ک) حَسَبًا وحَسَابَۃً شریف الاصل ہونا۔ صفت (حَسِیبٌ) ج حُسَبَاء۔

حَسَّبَ - تکیہ دینا۔ ــ المیتَ: کفنا کر دفن کرنا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ (ــ وأَحْسَبَ) کسی کو اتنا کھلانا یا دینا کہ وہ بول اٹھے کہ بس۔ کہا جاتا ہے "أَعْطٰی فَأَحْسَبَ" یعنی اس نے دیا اور بہت دیا۔

حَاسَبَہٗ مُحَاسَبَۃً وحِسَابًا - حسابات کی جانچ کرنا۔

تَحَسَّبَ - قناعت کرنا، تکیہ لگانا۔ ــ الخَبَرَ: دریافت کرنا ــ ، پہچاننا، قصد کرنا۔

تَحَاسَبَا - ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا۔

اِحْتَسَبَ ــ الامرَ: گمان کرنا، شمار کرنا۔ ــ ما عند فلانٍ: آزمائش کرنا۔ اِحْتَسَبَ علیہ الامرَ: امرِ منکر سے منع کرنا ــ بہٖ: قناعت کرنا ــ عنہ: رک جانا، باز رہنا۔ اِحْتَسَبَ وَلَدًا لہٗ: بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا (اور اگر چھوٹا بچہ مر جائے تو اس کے لیے افترط آتا ہے) ــ عند اللّٰہ خیرًا: ثواب کی امید رکھنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لا یُحْتَسَبُ بہٖ" یعنی فلاں اس کے مقابلہ میں کسی شمار میں نہیں "وفُلَانٌ استعطانی فَأَحْتَسَبْتُہٗ" فلاں نے مجھ سے عطیہ مانگا اور میں نے اس کو کافی دیا۔

الحَاسِب - فا، حساب داں ج حَسَبَۃ۔

الحَسْبُ - مص - کافی ہونا۔ کہا جاتا ہے "حسبک درہمٌ" اور باء کی زیادتی سے "بحسبک درہمٌ" بھی کہا جاتا ہے۔ یعنی تمہارے لیے ایک درہم کافی ہے۔ "وہٰذا رجلٌ حسبک من رجلٍ" یہ مرد تمہارے لیے اس مرد سے کافی ہے۔ "وزیدٌ صدیقی فحسبی او فحسبُ" زید میرا دوست ہے اور میرے لیے کافی ہے۔

الحَسَبُ - حَسَبَ کا مصدر، عدد، اندازہ۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا بِحَسَبِ ذاک" یہ اس کے موافق ہے۔ "واِعْمَلْ علٰی حَسَبِ ما امرتُک" یعنی کر اس کے موافق جیسا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔ و "حَسَبَما ذُکِرَ" موافق اس کے جو ذکر کیا گیا۔ خاندانی شرافت، آبا و اجداد کے مفاخر۔

الحَسَبُ: شمار کیا ہوا۔

الحِسَاب - مص - شمار، کافی۔ کہا جاتا ہے "أَعْطَاہُ عَطَاءً حِسَابًا" اس نے اس کو کافی دیا۔ لوگوں کی بڑی جماعت کہا جاتا ہے "أَتَانِی حِسَابٌ مِنَ النَّاسِ" جیسا کہ کہا جاتا ہے "جاءنی عددٌ منہم" "ویَرْزُقُ اللّٰہُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ" اللہ جس کو چاہتا ہے بغیر کسی تنگی کے رزق دیتا ہے۔ حِسَابُ الجُمَّل: حروف ابجد کا حساب۔ یَوْمُ الحِسَاب: قیامت کا دن۔

الحِسَابِیّ - حساب داں۔

الحِسْبَۃ - مص - میت کو پتھروں میں یا کفنا کر دفن کرنا۔ ثواب، جزا۔ ج حِسَب۔

الحَسِیب - خاندانی شرف والا، حساب جانچ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "کَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا"۔

الحُسْبَان - حساب، چھوٹے تیر۔ واحد (حُسْبَانَۃ)۔

الحُسْبَانَۃ - کڑک، بادل، اولے، چیونٹی (ــ والمِحْسَبَۃ) چھوٹا تکیہ۔

المُحْتَسِبُ - البلدِ: شہر میں حاکم کی طرف سے اوزان وغیرہ کی دیکھ بھال کے لیے جو مقرر ہو۔

حَسْبَلَ - حسبی اللہ کہنا۔

حَسْحَسَ - لہٗ: دردمند ہونا ــ اللحمَ: گوشت کو انگاروں پر ڈال کر الٹنا پلٹنا۔

تَحَسْحَسَ - لِلْقِیَامِ: حرکت کرنا ــ او بارُ الابلِ: متفرق و پراگندہ ہونا، گر جانا۔

حَسَدَہٗ (ن ض) حَسَدًا وحَسَادَۃً وحُسُودًا - فلانًا نعمتَہٗ وعلٰی نعمتہٖ: زوال نعمت کی تمنا کرنا یا دوسرے سے نعمت کے زوال اور اپنے لیے حصول کی تمنا کرنا۔ صفت (حَاسِدٌ) ج حُسَّادٌ و حَسَدَۃٌ و حُسَّدٌ۔

أَحْسَدَ - حاسد پانا۔

تَحَاسَدَا - ایک دوسرے کے زوال نعمت کی تمنا کرنا۔

الحَسُوْد - وہ شخص جو طبعًا حاسد ہو (مذکر و مؤنث) ج حُسُد۔

الحَسَّاد - بہت حسد کرنے والا۔

المَحْسَدَۃ - باعثِ حسد۔

الحَسْدَل - چیچڑی۔

حَسَرَ (ن ض) حُسُوْرًا - البصرُ: نگاہ کا تھک جانا ــ الشیءُ: کھل جانا ــ الماءُ: نیچے اتر جانا (ــ حَسْرًا) الرجلُ او الدابۃُ: تھکنا۔

حَسَرَ (ن ض) حَسْرًا - الشیءَ: کھولنا، کہا جاتا ہے "حَسَرَ کُمَّہٗ عن ذِرَاعِہٖ" یعنی اس نے آستین چڑھائی۔ "وحَسَرَتِ الجَارِیَۃُ خِمَارَہَا عن وَجْہِہَا" یعنی لڑکی نے اپنی اوڑھنی اپنے چہرے سے ہٹا دی۔ صفت مؤنث (حَاسِرٌ) ج حُسَّرٌ و حَوَاسِرُ۔

الحَاسِر: میدانِ جنگ کے پیادے جن کے سر اور چہرے کھلے ہوئے ہوں۔ یا جن کے جسم پر زرہ اور سر پر خود نہ ہوں ــ الغصنَ: چھیلنا ــ البیتَ: جھاڑو دینا ــ الدابۃَ: چلا کر تھکانا۔

حَسِرَ (س) حَسَرًا - تھکنا (ــ حَسْرًا وحَسْرَۃً) افسوس کرنا۔

حَسَّرَ - الطیرُ: پروں کا گرنا۔ حَسَّرَہٗ: افسوس کرانا، افسوس کرنے پر برانگیختہ کرنا، تکلیف دینا، حقارت کرنا۔

أَحْسَرَ - الدابۃَ: چلا کر تھکانا۔

تَحَسَّرَ - علیہ: افسوس کرنا ــ الشعرُ: اڑ جانا۔

گرنا۔ جھڑنا۔ تَحَسَّرَ الطائرُ: پروں کا گرنا۔ تَحَسَّرَتِ المرأۃُ: برہنہ ہو کر بیٹھنا۔

اِنحَسَرَ۔ الشیُٔ: کھلنا ۔۔۔ الطیرُ: پرانے پر گر کر نئے نکلنا۔

اِستَحسَرَ: تھکنا

الحَاسِر۔ ف۔ بغیر عمامہ یا بغیر زرہ یا بغیر خود والا۔ عورت جس نے اپنے چہرہ سے اوڑھنی کو ہٹا دیا ہو۔

الحَسِر: تھکانے والا۔ افسوس کرنے والا۔

الحَسِیر۔ تھکا ہوا۔ کمزور۔ افسوس کرنیوالا تھکانے والا۔ ج حَسرٰی

الحَسرَان۔ فوت شدہ چیز پر زیادہ افسوس وحسرت کرنے والا۔

التَّحَاسِیر: مصیبتیں۔ بلائیں۔ واحد (تحسیر)

المَحسِر والمَحسَر۔ چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَلِیحُ المَنظَرِ وَکَرِیمُ المَحسَرِ" فلاں دیکھنے میں خوبصورت اور باطن کے لحاظ سے کریم الطبیعت ہے۔ ج مَحَاسِر۔ کہا جاتا ہے "ارضٌ عَارِیَۃُ المَحَاسِرِ" بغیر نباتات والی زمین۔

المِحسَرَۃ۔ جھاڑو۔

المَحسُورُ۔ البصر: تھکی ہوئی نگاہ والا

حَسَفَ (ض) حَسفًا وحَسِیفًا۔ الحیۃُ: پھنکارنا (حَسَفَ (ن) حَسفًا) السحابُ: چلنا ۔۔۔ الغنمَ: ہانکنا ۔۔۔ التمرَ: صاف کرنا ۔۔۔ القرحۃُ: چھلنا۔

(۔۔۔ حَسفًا وحُسَافًا) الزرعَ: کاٹنا۔

حَسِفَ (س) حَسَفًا۔ لہ: کینہ رکھنا غضبناک ہونا۔

اَحسَفَ۔ التمرَ: عمدہ کھجوروں میں ردی کھجوریں ملا دینا

حَسَّفَ۔ التمرَ: ردی کھجوروں سے صاف کرنا

تَحَسَّفَ۔ الجلدُ: چھلنا ۔۔۔ اوبارُ الابلِ: اونٹ کے بالوں کا جھڑ جانا۔

اِنحَسَفَ۔ الشیُٔ فی یدی: ریزہ ریزہ ہونا۔

الحُسَاف۔ کھائی ہوئی چیز کا تھوڑا بقیہ۔

الحُسَافَۃ۔ ردی کھجوریں یا کھجور کے چھلکے کہا جاتا ہے۔ "فلانٌ لا یعطی من البُرِّ الا نُسَافَۃً ومن التمر الا حُسَافَۃً" فلاں گیہوں کی صرف پھٹکن اور کھجوروں میں سے صرف ردی کھجوریں دیتا ہے۔ تھوڑا پانی۔ حُسَافَۃُ النَّاس: رذیل لوگ۔ (الحُسَافَۃ والحَسِیفَۃ) دشمنی۔ غصہ کہتے ہیں "رَجَعَ بِحَسِیفَۃِ نفسہ" بغیر اپنی حاجت پوری کیے ہوئے واپس ہوا۔

الحَسْفَۃ۔ پتلا بادل۔

الحِسْفِل والحَسْفِل۔ ردی۔ چھوٹے لڑکے۔

الحِسْفِل۔ کشادہ پیٹ والا۔

الحِسْقِل۔ چھوٹے بچے۔

حَسِکَ (س) حَسَکًا۔ علیہ: غضبناک ہونا۔ صفت (حَسِکٌ) ۔۔۔ الدابۃُ: چارہ کھانا۔ دانہ چبانا۔

اَحسَکَ۔ الدابۃَ: چارہ دینا ۔۔۔ النباتُ: کانٹے دار ہونا۔

الحَسَکُ۔ مع۔ کانٹے دار پودہ۔ باریک ہڈی۔ واحد (حَسَکَۃ)

الحَسِیکَۃ۔ جانور کا دانہ۔ سیہی۔ (۔۔۔ والحَسَکَۃ والحُسَاکَۃ) دشمنی۔ کینہ

الحَسِیک۔ پست قد۔

حَسکَلَ حَسکَلَۃً۔ چھوٹے دنبوں کو ذبح کرنا۔

الحَسکَص۔ ردی۔

الحِسکِل۔ چھوٹا بچہ۔ ج حِسکِلَۃ وحَسَاکِل چنگاری۔ جو گرم لوہا کوٹتے وقت اڑے۔

حَسَلَ (ن) حَسلًا۔ الشیَٔ: ذلیل کرنا ۔۔۔ الدابۃَ: تیز ہانکنا۔

حُسِلَ۔ بہ: ذلیل کیا جانا

حَسَّلَ۔ نفسہ: اپنے آپ کو ذلیل کرنا دنائت اختیار کرنا۔

تَحَسَّلَ واِحتَسَلَ۔ گوہ کے بچہ کا شکار کرنا۔

الحِسْل۔ گوہ کا بچہ۔ ج حِسَلَۃ واَحسَال وحُسُول وحِسلَان۔ کہا جاتا ہے "لا آتیک سِنَّ الحِسلِ" یعنی میں تمہارے پاس کبھی نہیں آؤنگا چونکہ گوہ کے دانت موت تک نہیں گرتے اس لیے دوام سے کنایہ کیا گیا۔ اور لفظ سِن منصوب بنزع الخافض ہے اس وجہ سے کہ تقدیر مدۃ بقاء سن الحسل ہے۔ ابو حِسل وابو حُسَیل: گوہ۔

الحُسَالَۃ۔ چاندی۔ چاندی کے ذرات جو وغیرہ کی بھوسی۔ (۔۔۔ والحَسِیلَۃ) قوم کے ادنی درجہ کے لوگ۔

الحَسِیل۔ گائے کے بچے۔ واحد (حَسِیلَۃ) گھٹیا چیز۔ ج حُسُل۔

المَحسُول گھٹیا۔ ردی۔

حَسَمَہٗ (ض) حَسمًا۔ جڑ سے کاٹنا۔ حَسَمَ العرقَ: رگ کاٹ کر خون روکنے کے لیے داغ دینا ۔۔۔ الداءَ: مرض کو دوا سے دور کرنا۔

حَسَمَہٗ الشیَٔ: روکنا۔ منع کرنا۔

اِنحَسَمَ۔ جڑ سے کٹنا۔

الاَحسَم۔ باخبر فیصلہ کن مرد۔

الحُسُوم۔ نامبارک۔ منحوس۔ کہا جاتا ہے "اَیَّامٌ حُسُومٌ" (علی الوصف) "اَیَّامُ حُسُومٍ" (علی الاضافۃ) یعنی نامبارک ومنحوس دن۔

الحُسَام۔ شمشیر بران۔ حُسَامُ السیف: تلوار کی دھار۔

المَحسَمَۃ۔ کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "ہذا مَحسَمَۃٌ للداءِ" یہ مرض کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔

المَحسُوم۔ دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔ وہ بچہ جس کو بری خوراک دی گئی ہو۔

الحَسمَان۔ گندمی رنگ کا موٹا مرد۔

حَسُنَ وحَسَنَ (ک، ن) حُسنًا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (حَسَنٌ) ج حِسَان (و حُسَان) ج حُسَّانُون و(حَاسِنٌ وحَسِینٌ) مونث حَسَنَۃٌ وحَسنَاءُ ج حِسَان وحَسَنَات اور مبالغہ کے لیے (حُسَّان)

مؤنث حُسّانَة۔

حَسَّنَہٗ۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

حَاسَنَہٗ مُحَاسَنَۃً۔ خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ نرمی برتنا۔ نیک سلوک کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی لَاُحَاسِنُ بِکَ النَّاسَ" میں تمہاری خوبیوں کی وجہ سے لوگوں پر فخر کرتا ہوں۔

اَحْسَنَ۔ نیکی کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا۔ — الشَّیْءَ: اچھی طرح بنانا۔ اچھی طرح جاننا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یُحْسِنُ القِرَاءَۃَ" فلاں اچھی طرح پڑھتا ہے — الیہ و بہ: نیک سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔

تَحَسَّنَ۔ خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔ — بکذا: آراستہ ہونا۔ سنورنا۔ کہا جاتا ہے۔ "دَخَلَ الحَمَّامَ فَتَحَسَّنَ" وہ حمام میں داخل ہوا اور حجامت بنائی۔

اِسْتَحْسَنَہٗ۔ اچھا جاننا۔

الحُسْنُ۔ جمال و خوبصورتی۔ ج مَحَاسِن (خلاف قیاس) المَحَاسِن: بدن کے خوبصورت مواقع۔ حُسْنُ سَاعَۃٍ: ایک قسم کی نباتات ہے جو طلوع آفتاب* رِسْتُ الحُسْنِ: ایک قسم کی نباتات جو درختوں پر لپٹی ہوئی ہوتی ہے اس کا پھول عمدہ خوبصورت ہوتا ہے۔ الحُسْنُ: کہنی کے پاس ایک ہڈی کا نام۔

الحُسْنُ۔ مع۔ کہنی کے پاس کی ہڈی۔ بلند ٹیلہ۔ الحَسَنَانِ: سیدنا حضرت حسن و سیدنا حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

الحَسَنَۃُ۔ نیکی۔ بھلائی۔ ج حَسَنَات۔

الاَحْسَنُ۔ حسن کا اسم تفضیل۔ ج اَحَاسِن مؤنث حُسْنٰی اور کبھی شاذ طریقہ سے اس کی تصغیر اُحَیْسِن لاتے ہیں اور کہتے ہیں "مَا اُحَیْسِنَ زَیْدًا" اَحَاسِنُ القَوْمِ: قوم کے خوبصورت لوگ۔

الحُسْنٰی۔ اچھا کام۔ اچھا انجام۔ اللہ تعالیٰ کو دیکھنا۔ کامیابی۔ شہادت۔ ج حُسْنَیَات و حُسَن۔ الاسماء الحُسْنٰی: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔

الحُسْنَیَانِ۔ فتحمندی و شہادت۔ کہا جاتا ہے "حُسْنَاہُ و مُحْسِنَاہُ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کے لیے انتہا یہ ہے اور جن کاموں کے کرنے کی طاقت رکھتا ہے ان میں بہتر یہ ہے کہ ایسا کرے۔

الحَسُّونُ۔ ایک خوبصورت خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔

المِحْسَانُ۔ بہت بھلائی کرنے والا۔

التَّحَاسِیْنُ۔ اچھی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْدَعَ تَحَاسِیْنَ الطَّاوُوْسِ وَ تَزَایِیْنَہٗ" مور کی خوبی اور زینت کس قدر نادر اور عجیب ہے۔

المَحْسَنَۃُ۔ سبب حسن۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا الطَّعَامُ مَحْسَنَۃٌ لِلْجِسْمِ" یہ خوراک جسم کے لیے باعث حسن ہے۔

الحِسْنَۃُ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔

حَسَا (ن) حَسْوًا و تَحَسّٰی و اِحْتَسٰی المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پینا — الطَّائِرُ المَاءَ: چونچ سے پانی پینا۔

حَسّٰی و اَحْسٰی و حَاسٰی الرَّجُلَ المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پلانا۔

تَحَاسَیَا۔ ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔

الحَسْوُ و الحَسَا و الحَسَاءُ و الحَسُوُّ ہر رقیق چیز جو پی جاسکے اور اسی سے ہے "یَوْم کَحَسْوِ الطَّیْرِ" یعنی بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا اور پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

الحَسُوُّ: بہت گھونٹ گھونٹ پینے والا

الحَسْوَۃُ۔ حسا کا اسم مرّۃ۔ گھونٹ۔ ج حَسَوَات۔

الحُسْوَۃُ۔ ایک مرتبہ گھونٹ لگانے کا اندازہ کہا جاتا ہے "فِی الاِنَاءِ حُسْوَۃٌ" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج اَحْسِیَۃ و الحُسْوَۃُ و ج اَحَاسٍ۔

الحَسِیَّۃُ۔ وہ چیز جو پی جاسکے۔

حَسِیَ (س) حَسْیًا و اِحْتَسٰی۔ نرم و دلدلی زمین۔

المِحْسَاۃُ۔ پانی کھینچنے کا بیل۔

حَشَّ (ن) حَشًّا العُشْبَ: کاٹنا — النَّارَ: سلگانا اور کریدنا — الحَرْبَ: بھڑکانا — الفَرَسَ: گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اَحُشُّکَ وَ تَرُوْثُنِیْ" میں تیرے لیے گھاس ڈالتا ہوں اور تو میرے اوپر لید ڈالتا ہے یعنی میں تیرے ساتھ نیکی کرتا ہوں اور تو میرے ساتھ برائی سے پیش آتا ہے — المَالَ: بڑھانا۔ زیادہ کرنا — الصَّیْدَ: دونوں جانب سے گھیرنا۔ حَشَّتِ الیَدُ: شل ہونا — الوَلَدُ فِی بَطْنِ النَّاقَۃِ: پیٹ میں خشک ہونا۔ — الفَرَسُ: تیز دوڑنا۔

اَحَشَّ۔ الکَلَاُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا — الاَرْضُ: گھاس والی یا بہت گھاس والی ہونا۔ اَحَشَّہٗ: گھاس کاٹنے میں مدد دینا اَحَشَّتِ النَّاقَۃُ او المَرْاَۃُ: پیٹ میں بچہ خشک ہونا صفت (مُحِشٌّ) اَحَشَّہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ جلدی کرانا۔

اِحْتَشَّ و تَحَشَّشَ: گھاس جمع کرنے کی کوشش کرنا۔

اِسْتَحَشَّ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا — الغُصْنُ: لمبی ہونا — الیَدُ: شل ہونا۔ — العَظْمُ: باریک ہونا۔

الحَشِیْشُ۔ خشک گھاس۔ واحد (حَشِیْشَۃ) الحَشِیْشَۃُ: بھنگ۔

الحُشَاشَۃُ و الحُشَاشُ۔ مریض یا زخمی کی بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَاکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الحَشُّ و الحُشُّ و الحِشُّ۔ باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔ پاخانہ۔ ج حُشُوْش و حِشَّان۔ الحُشُّ بالضم: ماں کے پیٹ میں مردہ بچہ۔ الحِشُّ بالکسر: کچھ۔ الحَشُّ بالفتح: چھوٹا مرجھایا ہوا کھجور کا پودہ۔ ج حِشَّان۔

الحُشَّۃُ۔ بڑا قبہ۔

الحِشَاشُ۔ گھاس کی گون۔ ہر چیز کا کنارہ ج اَحِشَّۃ۔

* [illegible]

الحَشَّاش۔ گھاس کا جمع کرنیوالا یا بیچنے والا۔ بھنگ پینے والا۔ ج حَشَّاشُون و حَشَّاشَۃ۔
الاُحشُوش و المحشُوش۔ ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔
المَحَش و المَحَشَّۃ بہت گھاس والی جگہ۔ ج مَحَاش۔ المَحَشَّۃ: دبر۔
المِحَش۔ گھاس کاٹنے کی درانتی۔
(۔۔۔ والمِحَشَّۃ) آگ ہلانے کی لوہے کی کریلی
المِحَش: دلاور
حَشَأَ (ف) حَشْأً۔ النارَ: روشن کرنا۔۔۔ ہ بسھمٍ: کسی کے جوف میں تیر مارنا۔۔۔ ہ بسوطٍ: پیٹ یا پہلو پر کوڑا مارنا۔۔۔ المرأۃَ: جماع کرنا۔
المِحشَأ۔ موٹا کمبل۔ ج مَحَاشیٔ۔
اَحشَبَ۔ غضبناک کرنا۔
اِحتَشَبُوا۔ اکٹھا ہونا۔
الحَوشَبَۃ۔ لوگوں کی جماعت۔
الحَوشَب۔ خرگوش۔ بچھڑا۔ نر لومڑی۔ سڈول پھولے ہوئے پہلوؤں والا (ضد)
حَشحَشُوا و تَحَشحَشُوا۔ اٹھنے کے لیے حرکت کرنا۔ حَشحَشَ النارَ: جلانا۔ تَحَشحَشَ القومُ: متفرق ہونا۔
حَشَدَ (ن ض) حَشدًا۔ الشیٔ: جمع کرنا۔
(۔۔۔ حُشُودًا) الزرعُ: پوری طرح اُگنا۔۔۔ الناقۃُ: تھن میں دودھ جمع کرنا۔۔۔ القومُ: پکار کا جلدی جواب دینا۔
حَشَّدَ۔ الشیٔ: جمع کرنا۔
اَحشَدَ و تَحَشَّدَ و تَحَاشَدَ و اِحتَشَدَ۔ القومُ: ایک مقصد کے لیے جمع ہونا کہا جاتا ہے "اِحتَشَدَ فی الضِیَافَۃِ" اس نے مہمانی میں دریادلی سے کام لیا۔ "لِحتَشَدَ لِفُلانٍ فی کذا" اس نے فلاں کے لیے تیار کیا۔
الحَشَد مص (۔۔۔ والحَشْد) جماعت۔ کہا جاتا ہے "عِندی حَشَدٌ مِنَ النَّاسِ" میرے پاس لوگوں کی جماعت ہے۔ ج حُشُود۔
الحَاشِد۔ فا۔ بغیر کوتاہی کے اونٹنی کا دودھ دوہنے والا۔ بہت دانوں والا کھجور کا گچھا۔ مستعد و تیار۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَافِدٌ حَاشِدٌ" فلاں خدمت میں پوری کوشش کرنیوالا ہے
الحَشِد۔ وہ شخص جو مدد کرنے اور مال خرچ کرنے اور کوشش کرنے میں دریغ نہ کرے۔ ج حُشُد۔ عینٌ حَشُودٌ: چشمہ جس کا پانی خشک نہ ہو۔
الحَشُود۔ تھن میں جلدی دودھ جمع کرنے والی اونٹنی۔
المَحشُود۔ وہ شخص جس کی خدمت کرنے میں لوگ چست ہوں۔
المَحَاشِد۔ محفلیں مجلسیں۔
حَشَرَ (ن ض) حَشرًا۔ الناسَ: جمع کرنا ۔۔۔ ہ عن وطنہ: جلاوطن کرنا۔ حَشَرَ الجمعَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا۔۔۔ العُودَ: چھیلنا اور باریک کرنا۔۔۔ السنۃُ الشدیدۃُ المالَ: ای یعنی اونٹوں کو لاغر کر دینا اور ہلاک کر دینا۔
حُشِرَ و اُحتُشِرَ۔ فی راسہ: بڑے سر والا ہونا۔ علی ہذا القیاس۔ حُشِرَ فی بطنہ: بڑے پیٹ والا ہونا اور جسم کے ہر حصہ کے ساتھ مستعمل ہے۔ حُشِرَت الوُحُوشُ: مرنا ہلاک ہونا۔
الحَشر مص ۔۔۔ من الآذان: باریک کان کہا جاتا ہے۔ اُذُنٌ حَشرٌ و اُذُنانِ حَشرٌ و آذانٌ حَشرٌ۔ ساری صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ مصدر ہے۔ الحَشرُ من الاَسِنَّۃِ: باریک نیزہ۔ ج حُشُر۔ یومُ الحَشرِ: قیامت کا دن۔
الحُشَارَۃ۔ معمولی درجہ کے لوگ۔ بعض کے نزدیک "الحُشَارَۃ" کی تصغیر ہے)
الحَاشِر۔ فا۔ ج حَاشِرُون و حُشَّار۔
الحُشَرَۃ چھلکا جو دانہ سے ملا ہوا ہو۔ ج حُشَر
الحَشَرَۃ۔ ج حَشَرَات: کیڑا مکوڑا یا چھوٹے چھوٹے جانور
الحُشَر۔ بھوسی۔
الحَشوَر۔ بڑے پیٹ والا پھولے ہوئے پہلوؤں والا۔ لطیف قد و قامت والا۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ حَشوَرٌ" اچھے ڈیل ڈول کا گھوڑا
المَحشَر و المَحشِر۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ
حَشرَجَ حَشرَجَۃً۔ جان کندنی کے وقت گھنگرو کا بولنا۔
الحَشرَج۔ آبخورہ جس میں پانی ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی صاف ہو
حَشَطَ (ض) حَشطًا۔ الاِزارَ: ڈھیلا کھولنا۔۔۔ الجُلَّ عن الفَرَسِ: جھول اتارنا۔۔۔ الجِلدَ: کھال اتارنا۔
حَشِفَ (س) حَشَفًا۔ الضرعُ: دودھ خشک ہو جانا۔
اَحشَفَت۔ النخلۃُ: ردی کھجور والا ہونا۔۔۔ ضرعُ الناقۃِ: سکڑنا۔ سمٹنا۔
حَشَّفَ۔ عینہ: آنکھیں بھینچ کر دیکھنا۔
تَحَشَّفَ۔ پرانا کپڑا پہننا۔
اِستَحشَفَ۔ اُذُنُ الانسانِ: خشک ہو کر سمٹنا۔۔۔ ضرعُ الاُنثی: سکڑنا سمٹنا۔
الحَشَف۔ ردی کھجور۔ "اَحَشَفًا و سُوءَ کِیلَۃٍ" (ردی کھجور اور پھر کم ناپ) اس شخص کے حق میں بطور ضرب المثل کے بولتے ہیں جس کے اندر دو بری عادتیں جمع ہوں۔ جیسے اردو میں "کریلا اور نیم چڑھا"۔ خشک پستان۔
الحَشَفَۃ۔ کونپل جو کھیت کٹنے کے بعد باقی رہ جائے۔ خشک خمیر۔ گول چھوٹا جزیرہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج حِشَاف۔
الحَشَفَۃ: عضو تناسل کی سپاری۔ بہت بڑا یا عورت۔
الحُشَافَۃ۔ بھوڑا پانی۔
الحَشِیف۔ پرانا کپڑا۔
حَشَکَ (ن) حَشکًا و حُشُوکًا۔ الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا۔۔۔ السحابُ: بہت پانی والا ہونا۔۔۔ النخلۃُ: بہت پھلدار ہونا۔ صفت (حَاشِکَۃ)۔۔۔ الوادی: پانی کو باہر پھینک دینا۔

۔ القوم: جمع ہونا ۔۔۔ الریح: مختلف جہات سے چلنا ۔۔۔ الناقۃ لبنہا: تھن میں دودھ جمع کرنا۔ صفت (حشوک) ۔۔۔ الناقۃ: دودھ جمع ہونے کے لیے تھن میں چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (محشوکۃ)

حَشِکَتْ (س) حَشَکًا۔ الدابۃ: جو وغیرہ چبانا۔ حَشِکَ اللبنُ فی الضرع: جلدی سے تھن میں دودھ جمع ہونا۔

اَحْشَکَ۔ الدابۃ: جو وغیرہ کھلانا۔

تَحَشَّکَ۔ الضرعُ: دودھ سے پُر ہونا۔

الحَشْکۃ۔ بارش کی بوچھار

الحَشَکۃ۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "جاءُوا بحَشَکَتِہِم۔ لوگ اپنی جماعت کے ساتھ آئے

الحَشِیکۃ۔ جانوروں کے کھانے کے لیے جو وغیرہ۔ (الریاح الحواشک) مختلف جہات سے چلنے والی ہوائیں۔ واحد (حاشکۃ)

الحُشاکۃ والحُشاک۔ لکڑی جو جانور کے بچے کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پی سکے

حَشَلَ (ن) حَشْلًا۔ الشیءَ: حقیر و ذلیل کرنا

الحُشْل۔ حقیر و ذلیل چیز۔

حَشَمَہٗ (ن س) حَشْمًا۔ ناپسند بات سنا کر غضبناک کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ شرمندہ کرنا۔ ۔۔۔ الشیءَ: طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما حَشَمَ الصیدَ" اس نے شکار کو نہیں پایا۔ "وما حَشَمَ من طعامنا" اس نے ہمارے کھانے سے نہیں کھایا۔

حَشَمَ (ن) حُشُومًا۔ تھکنا۔ لاغری کے بعد فربہ ہونا ۔۔۔ منہ: منقبض ہونا۔

حَشِمَ (س) حَشَمًا۔ غضبناک ہونا ۔۔۔ [illegible]: غضبناک کرنا۔

حَشَّمَہٗ و اَحْشَمَہٗ: غضبناک کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ و [illegible]: تکلیف پہنچانا

حَاشَمَہٗ: غضبناکی پر برانگیختہ کرنا۔

تَحَشَّمَ منہ و من فلان: شرم کرنا۔ مذمت سے بچنا۔

اِحْتَشَمَ۔ منہ و عنہ: غضبناک ہونا۔ منقبض ہونا۔ شرم کرنا۔

حَشَمُ۔ الرجلِ: نوکر چاکر کسی شخص کے وہ قرابت دار یا غلام یا ہمسائے وغیرہ جو اس کے لیے دوسروں پر غضبناک ہوں۔ یا جن کی وجہ سے وہ غضبناک ہو۔ اہل و عیال قرابت۔ ج اَحْشَام۔

الحَشْمَۃ۔ غضب۔

الحِشْمَۃ۔ شرم و حیا۔ انقباض۔ غصہ و غضب۔

الحُشْمَۃ۔ عورت۔ قرابت۔ ذمہ داری

الحَشِیم۔ کامل حیادار۔ پڑوسی۔ مہمان ج حُشَمَاء۔

حَشِنَ (س) حَشَنًا۔ السقاءُ: دیر تک دودھ رہنے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔

اَحْشَنَ۔ السقاءَ: بدبودار کرنا۔

حَاشَنَہٗ۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔

تَحَشَّنَ۔ میلا ہونا۔ کمائی کرنا۔

الحَشَن۔ مص۔ دودھ کی چکناہٹ کی وجہ سے میل کچیل

الحِشْنَۃ۔ کینہ۔

حَشَا (ن) حَشْوًا۔ الوِسادۃَ بالقطن: تکیہ میں روئی بھرنا ۔۔۔ الرجلَ: کسی کے حشا پر مارنا۔ (دیکھیے لفظ الحشا)

حَاشَاہ۔ تھوڑی چیز دینا۔

اِحْتَشٰی اِحْتِشَاءً۔ بھر جانا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَشَتِ الرُّمَّانۃُ بالحَبِّ" انار دانوں سے بھر گیا۔ "واحتشی من الطعام" وہ کھانے سے آسودہ ہو گیا۔ "اِحْتَشَتِ المرأۃُ الحَشِیَّۃَ و بہا" عورت نے حَشِیَّۃ کا استعمال کیا۔ (دیکھیے لفظ الحشیۃ)

الحَاشِیَۃ۔ من الناس والابل: چھوٹے چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔

الحَشَا۔ پسلیوں کے اندر کی چیزیں۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ ج اَحْشَاء۔ کہا جاتا ہے "آنا فی حَشَا فلانٍ" میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ "و فلان خیرہم حشا" فلاں ان میں سے حفاظت کے لحاظ سے بہتر ہے۔

الحَشْو۔ مص۔ چھوٹے چھوٹے آدمی یا اونٹ۔ کلام کی زیادتی۔ رذیل لوگ۔ وہ چیز جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج المَحَاشِی (خلاف قیاس)

الحِشوۃ والحُشوۃ۔ من البطن: آنتیں۔ ردی چیز۔ کہا جاتا ہے "ہو من حُشوۃ بنی فلان" وہ بنو فلان کے رذیل لوگوں میں سے ہے۔

الحَشِیَّۃ۔ توشک۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لیے باندھتی ہیں۔ ج حَشَایَا۔

الحَشَوِی۔ بک بک کرنے والا۔

المَحْشَی۔ پیٹ میں کھانے کی جگہ۔

المِحْشٰی۔ گدی جس کو عورتیں بدن کے کسی حصہ کو نمایاں ہونے کے لیے باندھتی ہیں ج مَحَاشِی۔

المَحْشَاۃ۔ من البطن: پیٹ کا وہ نچلا حصہ جس میں کھانا رہتا ہے اور جو مخرج تک پہنچتا ہے۔

حَشِیَ (س) حَشًی۔ الرجلُ: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔۔۔ السقاءُ: مشک کے اندرونی حصہ میں دودھ کی تہ جم جانا۔

حَشّٰی۔ الثوبَ: گوٹ لگانا۔ الکتابَ: حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعلی (مُحَشِّی) اور مفعولی (مُحَشّٰی)

حَاشَا مُحَاشَاۃً۔ زیدًا من القوم: استثنا کرنا۔

تَحَشّٰی۔ فلانًا: استثنا کرنا۔ تَحَشّٰی من الشیءِ: و (تحاشی) عن الشیءِ: بچنا۔ دور رہنا۔ و تَحَشّٰی فلانٌ: مذمت سے بچنا۔

الحَشٰی۔ ضیق النفس کی بیماری۔ پیٹ کے

اندر کی چیزیں جیسے کلیجہ۔ تلی۔ اوجھڑی وغیرہ۔ ج اَحْشَاء۔

حَاشَا۔ کلمۂ استثنا جس کے ذریعہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم سے تنزیہًا خارج کیا جاتا ہے جیسے ضربت القوم حاشا زیدًا یہی وجہ ہے کہ صلی الناس حاشا زید کہنا صحیح نہیں، اس لیے کہ تنزیہ کے معنی نہیں بنتے۔ اگر "حاشا" فعل ہو تو نصب ہوگا اور اگر حرف جر ہو تو ما بعد حاشا پر جر آئیگا۔

الحَاشِيَة۔ گوٹ۔ کنارہ۔ اہل و عیال اور خاص اپنے لوگ۔ کتاب کا حاشیہ۔ ج حَوَاشٍ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ رقیقُ الحواشی" اچھی صحبت کا مرد۔ "کلامٌ رقیقُ الحواشی" نرم گفتگو۔

الحَشِي۔ مونث حَشِيَة و (حَشْيَان) مونث حَشْيَا: ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونے والا۔

حَصَّ (ن) حَصًّا۔ الشعرَ: مونڈنا۔ — الجلیدُ النبتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ حَصَّنِي من المالِ کذا: مال میں سے حصہ مقرر کرنا — الشیءَ: گھٹانا۔ کاٹ لینا۔

حَصَّ (س) حَصَصًا۔ گرے ہوئے سر کے بال۔ یا کم بال والا ہونا۔ صفت (اَحَصّ)

حَصْحَصَ۔ الامرُ: ظاہر ہونا۔

اَحَصَّهٗ۔ حصہ دینا۔ اَحَصَّ للمکانَ: جگہ میں [illegible]

حَاصَّ مُحَاصَّةً۔ الغرماءُ: حصے تقسیم کرنا

تَحَاصَّ۔ القومُ الشیءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔

اِنْحَصَّ۔ الشعرُ: جھڑنا۔ گرنا — اللحیةُ: ٹوٹے ہوئے بالوں والی ہونا — الذنبُ: کٹ جانا۔

الحَصَص۔ سر کے بالوں کی کمی سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔

الحِصَّة۔ حصہ۔ ج حِصَص

الحُصّ۔ زعفران۔ موتی۔ ج حُصُوص و اَحْصَاص۔

الحُصَاص۔ دوڑنے کی تیزی سفارش۔ گوز۔

الحُصَاصَة۔ انگور کاٹنے کے بعد شاخ میں جو باقی رہ جائے۔

الحُصَاصَاء۔ خاک۔

الحَاصَّة۔ ایک بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں۔

الاَحَصّ۔ سر میں کم بالوں والا۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں — من الطیور: پرندے جس کے بازو سے پر گر گئے ہوں۔ مونث حَصَّاء۔ یومٌ اَحَصّ: بغیر بدلی کے سخت سردی کا دن۔ سیفٌ اَحَصّ: بغیر جوہر کے تلوار۔ سنةٌ حَصَّاء: خشک سال جس میں پیداوار نہ ہو۔ ریحٌ حَصَّاء: بغیر غبار کے صاف ہوا۔

الحَصْبَص۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "حصبصهم کذا" ان کی تعداد اتنی ہے۔ گدھے اونٹ کے گرے ہوئے بال۔

الحَصِيصَة۔ مونڈ کر یا اکھیڑ کر جمع کیے ہوئے بال۔ کان کے بال۔

حَصَأَ و حَصِيَ (س) حَصْأً۔ الرضیعُ: شکم سیر ہو کر دودھ پینا — من الماء: سیراب ہونا۔

اَحْصَأَهٗ۔ سیراب کرنا۔

حَصَبَ (ن ض) حَصْبًا۔ کنکری سے مارنا (— و حَصَّبَ) المکانَ: کنکر بچھانا۔ حصب فی الارض: جانا — عنہ: تیز بھاگنا۔ حَصَبَه عن کذا: دور کرنا۔

حَصِبَ (س) حَصَبًا و حُصْبًا۔ خسرہ کی بیماری میں مبتلا ہونا صفت (مَحْصُوب) حَصِبَ الوترُ: تانت کا کمان سے ہٹ جانا

اَحْصَبَ۔ الفرسُ فی عدوہ: کنکری اڑانا — عنہ: اعراض و روگردانی کرنا — عن کذا: دور کرنا۔

تَحَصَّبَ۔ الحمامُ: دانہ کی تلاش میں جنگل کی طرف اڑنا۔

تَحَاصَبُوا۔ ایک دوسرے پر کنکری پھینکنا

الحَصَب۔ پتھر۔ سنگریزہ۔ ایندھن۔

الحَصِب۔ دودھ جس کا مکھن سردی کی وجہ سے نہ نکلا ہو۔

الحَصْبَة و الحَصَبَة و الحَصِبَة۔ خسرہ۔ (ایک بیماری کا نام) الحَصِبَة: کنکری کو اڑانے والی تیز ہوا۔ ارضٌ حَصِبَة: بہت کنکری والی زمین۔ لیلةُ الحَصْبَة۔ ایام تشریق کے بعد والی رات۔

الحَصْبَاء۔ سنگریزہ کنکری۔ واحد حَصَبَة

الحَاصِب۔ مذ۔ کنکری کو اڑانے والی تیز ہوا۔ اولہ۔ اولہ برسانے والا بادل۔ ج حَوَاصِب

المَحْصَبَة۔ بہت کنکریوں والی زمین۔

حَصْحَصَ حَصْحَصًا و حَصْحَصَةً۔ الحقُّ: پوشیدگی کے بعد ظاہر ہونا — الرجلُ: بیر میں بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا — الشیءَ فی الشیءِ: مضبوط و مستحکم کرنے کے لیے حرکت دینا — التراب وغیرہ: دائیں بائیں ہلانا۔

تَحَصْحَصَ۔ زمین سے چمٹنا اور دبے رہنا — الوبرُ والزئبرُ: اون یا روئیں کا چھوٹا ہونا۔

الحَصْحَاص و الحِصْحِص۔ مٹی۔

الحِصْحِص۔ پتھر۔ رجل (حُصْحُص و حُصْحُوص) معاملات کے پیچھے پڑ کر تہ تک پہنچنے والا۔

حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا و حِصَادًا و حَصَادًا و اِحْتَصَدَ۔ الزرعَ: درانتی سے کاٹنا۔ اسی سے ہے "من زرع الشر حصد الندامة" جو برائی بوئیگا پشیمانی کاٹیگا۔ صفت (حَاصِد) ج حَصَدَة و حُصَّاد — القومَ بالسیف: قتل کرنا

حَصِدَ (س) حَصَدًا۔ الحبلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا — الدرعُ: مضبوط بناوٹ کا ہونا۔

أَحْصَدَ الزرعُ: کاٹنے کا وقت قریب ہونا ۔۔ الحبلُ: بٹنا۔
اِسْتَحْصَدَ القومُ: جتھا بنانا ۔۔ الزرعُ: کاٹنے کا وقت قریب آنا ۔۔ الحبلُ: مضبوط بٹی ہوئی ہونا ۔۔ الرجلُ: غضبناک ہونا۔
الحَصَّاد۔ کھیت کاٹنے والا۔
الحِصَاد والحَصَاد۔ مص۔ کھیت کاٹنے کا وقت۔ الحصاد: کٹی ہوئی کھیتی۔ حصادُ الشجرۃ: درخت کا پھل۔ کہا جاتا ہے "اخذوا حصادَ الشجر" انہوں نے درخت کا پھل لیا۔ حصائدُ البقولِ البریّۃ: دانے جو حرکت کرنے کی وجہ سے گر جائیں۔
الحَصَدُ والحَصِیدُ والحَصِیدَۃُ کھیت کا کٹا ہوا حصہ۔ الحَصِیدۃ: کھیتی کا وہ نچلا حصہ جو درانتی سے کٹنے کے بعد رہ جائے۔ کھیتی۔ ج حَصَائِد۔ وحصائدُ الألسنۃِ: جو باتیں دوسروں کے حق میں کہی جائیں۔
الأحْصَد۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ درخت جو خشک ہو گیا ہو مگر کھڑا ہو۔ مونث حَصْداءُ۔ دِرْعٌ حَصْداءُ: تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ۔ شجرۃٌ حصداءُ: بہت پتوں والا درخت۔
المِحْصَد۔ درانتی
حَصَرَهٗ (ن، ض) حَصْرًا۔ تنگی ڈالنا۔ گھیرنا ۔۔ الشیئَ: پورا لے لینا ۔۔ القومُ بفلانٍ: تنگی ڈالنا ۔۔ البعیرَ: اونٹ کی پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔
حُصِرَ۔ قبض ہونا۔
حَصِرَ (س) حَصَرًا۔ بخل کرنا۔ گفتگو کرنے میں عاجز ہونا ۔۔ بالسرّ: چھپانا ۔۔ الرجلُ: تنگدل ہونا ۔۔ عن الشیئ: شرم کرکے چھوڑ دینا صفت (حَصِرٌ وحَصُورٌ وحَصِیرٌ)
حَاصَرَہٗ حِصَارًا ومُحَاصَرَۃً العدوّ: محاصرہ کرنا۔ گھیر ڈال کر امداد کو روک دینا۔
أحْصَرَہٗ عن السفر: روکنا ۔۔ المرضُ و البولُ: مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا
اُحْصِرَ۔ قبض ہو جانا۔
اِنْحَصَرَ۔ تنگ ہونا۔
اِحْتَصَرَ البعیرَ: گدیلا باندھنا۔
الحِصَار۔ گدیلا جو اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ محاصرہ کی جگہ۔
الحُصْرُ والحُصُرُ۔ قبض
الحَصِیر۔ بوریا۔ چٹائی۔ آدمیوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے "دابۃٌ عریضُ الحصیرِ" چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ مونڈھے سے کمر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید۔ قید خانہ۔ قیدی راستہ۔ لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل بادشاہ۔ اور اسی سے ہے "أثّر حصیرُ الحصیرِ فی حصیرِ الحصیرِ" یعنی قیدخانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج حُصُر واَحْصِرَۃ۔
الحَصِیرَۃ۔ بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تک کا گوشت۔ ج حَصَائِرُ۔
المِحْصَرَۃ۔ للجمل: گدیلا۔
المُحْتَصَر۔ شیر۔
الحَصْرِیّ۔ چٹائی بیچنے والا۔
الحَصُور۔ تنگدل۔ بخیل۔ خوفزدہ کسی کام سے رکنے والا۔ راز کا پوشیدہ رکھنے والا باوجود طاقت کے عورتوں کی رغبت نہ رکھنے والا۔
الحَصْرَبۃ۔ تنگی۔ بخل۔
حَصْرَمَ۔ القوسَ: مضبوطی سے تانت کسنا ۔۔ الحبلَ: مضبوط بٹنا ۔۔ القربۃَ: بھرنا۔ ۔۔ القلمَ: تراشنا۔
تَحَصْرَمَ۔ بخیل و تنگدل ہونا
الحِصْرِم۔ کچا سبز انگور۔ کچا پھل واحد (الحِصْرِمَۃ) سخت بخیل۔ پست قد ہر چیز کا گھٹیا۔ الحِصْرِم: کنوئیں سے ڈول نکالنے کا کانٹا۔
حَصُفَ (ک) حَصَافَۃً۔ عمدہ رائے اور پختہ عقل والا ہونا صفت (حَصِیفٌ و حَصِفٌ)
حَصِفَ (س) حَصَفًا۔ خشک خارش والا ہونا۔
حَصَفَہٗ (ن) حَصْفًا۔ دور کرنا۔
اَحْصَفَ۔ تیز دوڑنا۔ صفت (مُحْصِف ومُحْصَف ومِحْصَاف) اَحْصَفَہٗ: دور کرنا۔ ۔۔ الامرَ: مضبوطی سے کرنا ۔۔ النسجَ: گف بننا ۔۔ الحبلَ: مضبوط بٹنا ۔۔ الحرُّ فلانًا: خشک خارش میں مبتلا کر دینا۔
اِسْتَحْصَفَ۔ الشیئُ: مضبوط ہونا۔ ۔۔ القومُ: اکٹھا ہونا ۔۔ الدہرُ علیہ: سخت ہونا ۔۔ الحبلُ: مضبوط بٹنا۔
الحَصِیف۔ ہر بے عیب مضبوط چیز۔
الحَصَف۔ خشک خارش۔
حَصَلَ (ن) حُصُولًا ومَحْصُولًا۔ الشیئُ: حاصل ہونا۔ ثابت ہونا۔ باقی رہنا۔ کہا جاتا ہے "حَصَلَ علیہ من حقی کذا" اس کے اوپر میرے حق میں سے اتنا باقی رہا ۔۔ لہ کذا: واقع ہو ۔۔ عندہ کذا: پایا جانا ۔۔ علی الشیئ: جمع کرنا اور مالک ہونا ۔۔ لی علیک کذا: ثابت ہونا۔ واجب ہونا۔
حَصِلَتْ (س) حَصَلًا۔ الدابۃُ: جانور کا مٹی یا کنکری کھانے کی وجہ سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
حَصَّلَ۔ الشیئَ او الیہم: حاصل کرنا۔ ۔۔ الکلامَ: خیر اور مقصد کی جانب پھیر دینا ۔۔ الدینَ: جمع کرنا۔
تَحَصَّلَ۔ الشیئُ: اکٹھا ہونا ثابت ہونا ۔۔ من المسئلۃ کذا: کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔
الحاصِل۔ فا۔ کان سے نکالی ہوئی خالص چاندی ۔۔ من کل شیئ: بقیہ۔ ۔۔ عند المحاسبین: حاصل ضرب۔ مخزن (مولدہ) اور اسی سے ہے "حاصلُ مخزنِ الماءِ" پانی کی منکی۔ ج حواصل۔
الحَصَلُ والحَصَالَۃ۔ کھلیان میں

غلہ اُٹھانے کے بعد جو کوڑا کرکٹ باقی رہ جائے
الحَصِیل۔ حاصل کیا ہوا مال۔ ایک قسم کی نباتات۔
الحَصِیلَۃ۔ تحصیل کا اسم۔ حاصل کردہ بقیہ۔ ج حَصَائِل۔ کہا جاتا ہے "ما حَصِیلَتُکَ وما حَصَائِلُکَ" تمہارا حاصل کردہ کیا ہے
المَحصُول۔ حاصل۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا مَحصُولُ کَلَامِہٖ" یہ اس کے کلام کا نتیجہ ہے۔ "ما لِفُلَانٍ مَحصُولٌ ولا مَعقُولٌ" یعنی فلاں کے پاس رائے وتمیز نہیں ہے۔
المُحَصِّل۔ چھلنی۔
الحَیصَل۔ بیگن۔
الحِصلِبُ والحِصلِمُ۔ مٹی
حَصَمَ (ض) حَصمًا۔ گوز کرنا (بقول بعض گھوڑوں کے لیے مخصوص ہے)۔
انحَصَمَ۔ العُودُ: ٹوٹنا۔
الحَصِیمُ۔ چھوٹی کنکریاں۔
الحُصَامُ۔ گوز۔
الحَصَّامُ والحَصُومُ۔ گوز کرنے والا۔
الحَصمَاءُ۔ گوز کرنے والی گدھی۔
المِحصَمَۃ۔ لوہے کا ہتھوڑا۔
حَصُنَ (ک) حَصَانَۃً۔ مضبوط واستوار ہونا۔ صفت (حَصِین)
حَصُنَت حُصنًا وحِصنًا وحَصَانَۃً المرأۃُ: پاکدامن ہونا۔ صفت (حَصَان) ج حُصُن وحَصَانَات و (حَاصِن وحَاصِنَۃ) ج حَوَاصِن وحَاصِنَات۔ و (حَصنَاء)
حَصَنَہٗ (ن، ض) حَصنًا۔ مضبوط جگہ میں محفوظ کرنا۔
حَصَّنَ واَحصَنَ۔ المکانَ: مضبوط بنانا۔
اَحصَنَ۔ المرأۃ: شادی کرنا۔ اَحصَنَتِ المرأۃُ: شادی شدہ ہونا۔ پاکدامن ہونا۔ صفت (مُحصَنَۃ) بفتح الصاد۔ اَحصَنَ الرجلُ: شادی شدہ ہونا۔ صفت (مُحصَن)

تَحَصَّنَ۔ اپنے لیے قلعہ بنانا۔ تَحَصَّنَتِ المرأۃُ: عفیفہ وپاکدامن ہونا۔ الفرسُ: اصیل ہونا۔
الحِصن۔ محفوظ وبلند جگہ۔ قلعہ۔ ہتھیار ج حُصُون۔ واَحصَان وحِصَنَۃ۔
الحَاصِن والحَاصِنَۃ۔ پاکدامن یا شادی شدہ عورتیں۔ ج حَوَاصِن وحَاصِنَات
الحَوَاصِن: حاملہ عورتیں۔
الحَصَان۔ موتی
الحِصَان۔ اصیل گھوڑا۔ ہر نر گھوڑا۔ ج اَحصِنَۃ وحُصُن۔
الحَصِین۔ من الاماکن: مضبوط کہا جاتا ہے "دِرعٌ حَصِینٌ" مضبوط زرہ۔ "حِصنٌ حَصِینٌ" مضبوط قلعہ۔
ابو الحُصَین۔ مُصغرًا: لومڑی۔
المِحصَن۔ زنبیل۔ تالا۔ محمل
حَصَا (ن) حَصوًا۔ ہ: روکنا۔ منع کرنا
الحَصو۔ پیٹ کا درد۔
حَصَی (ض) حَصیًا۔ الرجلَ: کنکری سے مارنا۔
حُصِیَ۔ مثانہ میں پتھری کی بیماری والا ہونا۔ صفت (مَحصِیّ)
حَصِیَت (س) حَصًا۔ الارضُ: بہت کنکری والی ہونا۔ صفت (مَحصَاۃ)
حَصَّاہُ تَحصِیَۃً۔ بچانا۔
اَحصَی۔ الشیءَ: شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے ہٰذا امرٌ لا اُحصِیہِ" یہ ایسا امر ہے جس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔
تَحَصَّی۔ بچنا۔
الحَصَی۔ کنکری۔ واحد (حَصَاۃ) ج حَصَیَات وحُصِیّ وحِصِیّ وطَرقُ الحَصَی: کہانت اور جادو کے اعمال میں سے ایک عمل۔ والحَصَاۃ: عدد۔ عقل ورائے۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ثابتُ الحَصَاۃِ" فلاں عاقل ہے۔
الحَصِیّ۔ بڑا عقلمند۔
اَرضٌ (حَصِیَّۃٌ) بہت کنکریوں والی زمین۔

نہر (حَصُوِیّ) بہت کنکری والی ندی۔
حَضَّہٗ (ن)، حَضًّا وحَضِّیضَی۔ علی الامر: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تَحَاضَّ۔ القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔
اِحتَضَّ۔ نَفسَہٗ: اپنے آپ سے زیادتی کا طالب ہونا۔
الحَضَضُ۔ چیز (اس کا استعمال ہمیشہ نفی کے تحت میں ہوتا ہے) جیسے کہا جاتا ہے "ما عندہٗ حَضَضٌ ولا بَضَضٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔
الحَضُّ والحِضِّیضَی والحُضِّیضَی حض کا اسم مصدر۔
الحُضَیّ۔ دامن کوہ کا پتھر۔
الحَضِیض۔ دامن کوہ۔ ج اَحِضَّۃ وحُضُض۔ پست زمین۔ اور علم ہیئت کی اصطلاح میں اُس نقطہ کو کہتے ہیں جو اوج کے مقابل ہے۔
الحُضَضُ الحُضُضُ۔ رسوت۔
الحُضَیضَۃ۔ شے مملوکہ۔ تم کہتے ہو "اَخرَجتُ الیہِ حُضَیضَتِی وبُضَیضَتِی" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے کر دی
الحَضُوضَی۔ دوری۔ آگ۔
اَحمَرُ حَضِّیّ۔ بہت گہرا سرخ۔
حَضَا (ن) حَضوًا۔ النارَ: جلانا۔
حَضَأَت النارُ: جلنا۔
اِحتَضَأَت۔ النارُ: جلنا۔
المِحضَأ۔ آگ ہلانے کی کرچھی۔
اَبیَضُ (حَضِیٌّ) بہت سفید
حَضَبَ (ض) حَضبًا واَحضَبَ۔ النارَ: ایندھن ڈالنا۔
حَضَّبَ۔ دشوار گذار قریب کا راستہ اختیار کرنا۔
الحَضبُ والحِضبُ۔ سانپ۔
الحِضبُ والحَضبُ کمان کی آواز۔

دامن کوہ۔ ج احضاب۔
الحضب و الحضب۔ لکڑی۔ ایندھن
المحضب۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔ گوشت بھوننے کی کڑھائی۔
حضج (ن) حضجاً۔ النارَ: ہلانا۔
ـــ الشیَٔ فی الماءِ: ڈبانا ـــ بفلانٍ: پچھاڑنا
ـــ بہ الارضَ: پٹک دینا۔
حضّج۔ الکلامَ: کوتاہی کرنا۔
انحضج۔ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا
الحُضاجۃ۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھکی ہوئی اور پیٹ نکلا ہوا ہو۔
الحِضاج۔ بھری ہوئی بڑی مشک جس کو ٹیک لگا دی گئی ہو۔
المِحضج و المِحضاج۔ آگ ہلانے کی کریلنی۔ المِحضاج: کپڑا دھونے کی موگری
امرأۃ مِحضاج۔ کشادہ پیٹ والی عورت
الحِضج۔ اونٹوں کے حوض میں باقی ماندہ گدلا پانی۔
الحِضجَر۔ لاغر سرین اور بڑے شکم والا بڑی مشک۔ ج حضاجر۔ حضاجر بجو کا علم جنس ہے۔
حضَر (ن) حُضوراً، حَضارۃً۔ موجود ہونا (ـــ حضارۃً) شہر میں مقیم ہونا۔
حضِر (س) و حضَر (ن) حُضوراً المجلسَ: حاضر ہونا ـــ عن المکان: منتقل ہونا۔ حضرہ الامرُ: دل میں گذرنا ـــ ہ الموتُ: موت کا وقت آنا ـــ الیہ: آنا کہا جاتا ہے "حضرتُ اللہَ بخیرٍ" یعنی میں نے درست رائے کا خیال کیا۔ و "حضرتِ الصلاۃُ": نماز کا وقت آگیا
حُضِر۔ موت واقع ہونا صفت محضور
حضّرہ، حاضرہٗ، احضرہٗ۔ حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے "احضرہٗ الشیَٔ" اس کے پاس چیز کو لایا۔ احضرَ الفرسُ: تیز دوڑنا۔
حاضرہٗ محاضرۃً و حِضاراً۔ ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ جو جواب سمجھ میں آئے دینا

حاضرَ الجوابَ: حاضر جواب ہونا۔
تحضّر و احتضر۔ حاضر ہونا۔ تحضّر و احتضرَ الرجلَ: حاضر کرنا۔ احتضرَ الفرسُ: دوڑنا۔ تحضّرَ البدویُّ: شہری جیسا بننا۔ تحضّرہُ الہمُّ: غم لاحق ہونا۔
اُحتُضِر۔ قریب المرگ ہونا۔
استحضرَ الشیَٔ: حاضر کرنا۔ حاضر ہونے کو کہنا ـــ الفرسَ: دوڑانا۔
الحَضَر و الحَضارۃ و الحاضِرۃ۔ شہر اور مقامات مسکونہ۔ یہ البدو و البداوۃ و البادیۃ کے خلاف ہے۔ کہا جاتا ہے "ہذا من کلامِ الحَضَرۃ و لم أرَ البوادی لفظوا بہ ولا عرفوہ" یہ شہر کے رہنے والوں کی گفتگو ہے دیہات کے رہنے والوں کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس کا تلفظ کیا ہو اور نہ وہ اسے جانتے ہیں۔
الحَضارۃ و الحِضارۃ۔ شہر کی اقامت
الحَضَر و الحَضرۃ۔ موجودگی۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔
حضرت کا اطلاق ہر ایسے بڑے آدمی پر ہوتا ہے جس کے پاس لوگ حاضر ہوتے ہوں جیسے الحضرۃ العالیۃ تامر بکذا۔ جناب عالی فلاں کام کا حکم دیتے ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "کلمتہ بحضرۃِ فلانٍ" میں نے فلاں کی موجودگی میں اس سے گفتگو کی۔
الحُضُر۔ تیز دوڑ سا حضر الفرسُ کا اسم ہے
الحَضِر و الحَضُر۔ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کر کے حاضر ہونے والا۔
الحَضُر: حاضر جواب۔ الحَضِر: وہ شخص جو سفر کا ارادہ نہ کرے یا سفر کی صلاحیت نہ رکھتا ہو
الحُضرۃ و الحِضرۃ و الحَضرۃ۔ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَسَنُ الحِضرۃ" جبکہ بھلائی کے ساتھ حاضر ہو۔ و "جَمَعَ الحِضرۃَ" یعنی وہ عمارت بنانا چاہتا ہے اینٹ چونہ گچ وغیرہ جمع کر لیا ہے
الحَضار۔ سفید۔

الحَضَری۔ شہری۔
الحاضِر۔ فا۔ شہر کا رہنے والا۔ ج حُضَّر و حُضّار و حُضور و حَضَرۃ۔ الحاضر: بڑا قبیلہ (یہ جمع ہے جیسے "حاج" حاجیوں کے لیے کہا جاتا ہے)
الحاضِرۃ۔ حاضر کا مونث۔ ہاتھی کا کان ج حواضر
الحَضیرۃ۔ لوگوں کی جماعت فوج کا ہراول۔ زخم کا مواد۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ج حضائر و حَضیر۔
المَحضَر۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ دستاویز ج محاضر۔ المَحضَر: حاضر ہونے والے لوگ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حسنُ المحضَر" جبکہ غائب آدمی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ و "کان ذلک بمحضرٍ من فلانٍ" فلاں کی موجودگی میں یہ ہوا۔
المَحضور۔ مفع۔ لبنٌ محضورٌ: بہت آفت والا دودھ۔
المِحضار و المِحضیر۔ من الخیل وغیرہا: تیز دوڑنے والا۔ ج محاضیر۔
المُتحضِّر۔ شہری۔ شہر میں آنے والا۔
المُحتَضَر۔ قریب المرگ۔ کہتے ہیں "اللبن محتضرٌ فغطِّ اناءک" دودھ کے لیے بہت آفت ہے اس لیے اپنے برتن کو چھپالو۔
حضرب۔ الحبلَ او الوترَ: باندھنا یا مضبوط تننا۔
المُحضرَب۔ بھرا ہوا۔
حضرم۔ فی الکلام: اعرابی غلطی کرنا۔
ـــ الشیَٔ: ملانا ـــ لحاءَ الشجرِ: چھال اتارنا۔
ـــ القوسَ: کمان کو مضبوط کسنا۔
الحَضرمیّۃ۔ گفتگو میں لکنت حضرموت کی جانب منسوب۔
المُحضرَم بمعنی المخضرم (دیکھیے لفظ المخضرم)
الحِضّف۔ سانپ
حَضِلَت (س) حَضَلاً۔ النخلۃُ:

درخت خرما کے ڈنٹھل کے جڑ کا خراب ہونا
حَضَنَ (ن) حَضْنًا وحِضَانَةً و
اِحْتَضَنَ۔ الصبیَّ: گود میں لینا۔ پرورش
کرنا۔ سینہ سے لگانا۔ حَضَنَہٗ عن کذا: علیحدہ
کرنا۔ دور کرنا۔
حَضَنَ (ن) حَضْنًا وحِضَانَۃ و
حِضَانًا وحُضُونًا واِحْتَضَنَ۔ الطیرُ
بَیْضَہٗ وعلی بَیْضِہٖ: انڈے سینا۔
حَضِنَتْ (ک) حَضَانًا۔ المرأۃُ او
الشاۃُ او الناقۃُ: ایک چھوٹے اور ایک
بڑے پستان یا تھن والی ہونا۔ صفت
(حَضُون)
اَحْضَنَ بالرجل وبالرجل: حقارت
کرنا۔ اَحْضَنَ بحُجّتہٖ: حق مار لینا۔
الحِضْن۔ گود۔ اتنی مقدار جو گود میں سکے
کہا جاتا ہے "اعطاہ حِضْنًا من التمر" اس نے
اسے گود بھر کھجوریں دیں۔ کسی چیز کا کنارہ
پہاڑ کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "عشش الطیر فی
حِضن الجبل" پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں
گھونسلا بنایا۔ ج حِضَان و حُضُون۔ الحِضْن
والحُضْن: بچو کا بھٹ۔
الحَضْنَۃ۔ حضن الطائر کا اسم مصدر۔
الحَاضِنَۃ۔ بچہ کو پرورش کرنے والی دایہ
ج حواضِن۔ کہا جاتا ہے "حَمَامَۃ حاضن و
حَمَائم حواضن"
الحِضَانَۃ۔ دایہ گری۔ پرورش۔
الحِضَان۔ وہ شخص جس کا ایک خصیہ
دوسرے سے بڑا ہو۔
المِحْضَنَۃ۔ پیالہ کی مانند مٹی کا ایک برتن
المُحْتَضَن۔ گود۔
حَضَا (ن) حَضْوًا۔ النارَ: کرمنی سے
ہلانا۔
المِحْضَاءُ والمِحْضَاءُ۔ آگ ہلانے کی کرمنی۔
المِحْضَی۔ مٹی کی بنی ہوئی انگیٹھی۔
حَطّ (ن) حَطًّا۔ اترنا۔ نازل ہونا۔

(۔۔۔ حَطًّا وحُطُوطًا) السعرُ: سستا ہونا۔
حَطّ (ن) حَطَاطًا البعیر: یک جنب نکیل کو دبانا
(۔۔۔) واَحَطّ الوجہُ: مہاسے نکلنا (حَطّ (ن)
حَطًّا واِنحَطّ اِنحِطَاطًا۔ الشیءَ: چھوڑنا۔
رکھنا ۔۔۔ الحِمْلَ: جانور کی پیٹھ سے اتارنا
کہا جاتا ہے "حَطَّ رحلَہ" اس نے اقامت کی
۔۔۔ الجلدَ: پالش کرنا۔ لہٹ سے چمڑے پر
نقش کرنا۔
اِنْحَطّ۔ اترنا ۔۔۔ الناقۃُ فی سیرہا: تیز
دوڑنا ۔۔۔ السعرُ: سستا ہونا۔ کہا جاتا ہے
"الاسعار حَطٌّ ومُنحطۃ" بھاؤ سستا ہے۔
اِستَحَطّ۔ نیچے اترنے کو کہنا۔ کہا جاتا ہے
"استَحَطَّ فلانًا وِزْرَہٗ" اس نے فلاں سے اپنا
بوجھ گھٹا دینے کو کہا ۔۔۔ من الثمن شیئًا: کچھ
گھٹا لینے کو کہنا۔
الحِطّۃ والحِطِّیطَی۔ استحط وزرہ کا اسم ہے
الحَطِیط۔ چھوٹا۔
الحَطِیطَۃ۔ قیمت کی کمی
الحُطَیْطَۃ۔ کمی
الحُطَاط۔ ج ۔۔۔ دودھ کے جھاگ۔
واحد (حُطَاطَۃ)
الحُطَاط۔ بدبو۔
الحُطَط۔ نرم و نازک اجسام۔
الحَطَّان۔ بکرا۔
الحَطُوط۔ اصیل تیز رفتار اونٹنی۔
الاَحَطّ۔ نرم و چکنی پیٹھ والا۔
المَحَطّ والمَحَطّۃ۔ اترنے کی جگہ۔
ٹھہرنے کی جگہ ج محاطّ ومحطات۔ المحطۃ:
ریلوے اسٹیشن۔ (جدید)
المِحَطّ والمِحَطَّۃ۔ لکڑی یا لوہا جو چمڑے پر
نقش کرنے کے لیے بنایا گیا ہو۔
المَحطُوط۔ مفعول ہے۔ ادیم محطوط: پالش کیا
ہوا چمڑہ۔ سیف محطوط: تیز کی ہوئی تلوار۔
حَطَأَ (ف) حَطْأً۔ الارضَ بہ: پچھاڑنا۔
۔۔۔ بہ عن کذا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ جھٹکنا۔

۔۔۔ بالشیءِ: پھینکنا۔
الحُطَیئَۃ۔ بدصورت پست قد مرد۔
الحِطْءُ۔ برتن کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے
"حطاۃ من تمر" پیٹھ پر اٹھانے کے لائق کھجوریں۔
الحَطِیءُ من الناس: ذلیل آدمی۔ کہا جاتا
ہے "ہو حَطِیءٌ بَطِیءٌ" وہ ذلیل ہے۔ بطیء کا لفظ تابع
ہے۔
حَطَبَ (ض) حَطْبًا واَحْطَبَ واِحْتَطَبَ
لکڑی چننا۔ صفت (حَاطِب) کہا جاتا ہے
"ہو حاطِبُ لیلٍ" وہ گفتگو میں رطب و یابس
ملانے والا ہے۔
حَطَبَہٗ: لکڑی لانا۔
حَطِبَ واَحْطَبَ۔ المکانُ: بہت
لکڑیوں والی جگہ ہونا۔ صفت (حَطِیب)
مونث (حَطِیبَۃ)
حَطَبَ۔ بہ وعلیہ: چغلی کھانا۔ تہمت
لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَطَبَ فی حبلہ" اس
نے اس کی مدد و اعانت کی۔ "حطب علیہ
بخیر" یعنی وہ اس کے پاس بھلائی کو لایا۔
اَحْطَبَ واسْتَحْطَبَ۔ الکرمُ: انگور
کی بیل سے شاخیں تراشنے کا وقت آیا۔
الحَطَب۔ ایندھن۔ ج احطاب۔ ایک ٹکڑے
کو حَطَبَۃ کہتے ہیں۔
الحَطِب۔ مونث حَطِبَۃ و (الاَحْطَب)
مونث حَطْبَاء۔ ج حُطْب: بہت دبلا۔
الحَطَّاب۔ لکڑی چننے والا۔ لکڑہارا۔
الحُطُوبَۃ۔ لکڑی کا گٹھا۔
الحَطَّابَۃ۔ الحطاب کا مونث۔ لکڑی
چننے والے۔
المِحْطَب۔ ہنسیا۔
حَطْحَطَ۔ الشیءُ: اترنا ۔۔۔ الرجلُ: جلدی
کرنا۔
حَطَرَ (ن) حَطْرًا۔ الجاریۃَ: جماع کرنا۔
۔۔۔ القوسَ: تانت چڑھانا۔
حُطِرَ۔ بہ: زمین پر گر پڑنا۔

سیف (حَاطُورَةٌ) شمشیر براں۔
الحُطَل۔ بھیڑیا۔ ج اَحْطَال۔
حَطَمَہٗ (ض) حَطْمًا و حَطَّمَہٗ توڑنا
حَطِمَ (س) حَطَمًا۔ بڑی عمر والا ہونا
تَحَطَّمَ و اِنْحَطَمَ۔ ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَطَّمَ الرجلُ غیظًا" وہ غصہ سے چور ہو گیا "اِنْحَطَمَ الناسُ علیہ" لوگوں نے اس پر بھیڑ کی
الحُطَمُ بے رحم چرواہا (— و الحُطَمُ) بہت کھانے۔ سب کچھ چٹ کر جانے والا۔
الحِطْمَةُ و الحُطَامَةُ و الحُطَامُ۔ سوکھی چیز کے ٹکڑے۔ حُطَامُ الدُّنیا: دنیاوی سازوسامان۔ حُطَامُ البَیضِ: انڈے کا چھلکا۔
الحَطَّامُ و الحَطُومُ و المِحْطَمُ۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "ریحٌ حَطُومٌ" بہت تیز ہوا۔
الحَاطُومُ ہضم کرنے والی دوا (— و الحُطَمَةُ و الحُطَمَّةُ) سخت سال۔
الحُطَمَةُ۔ تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت اونٹ بکریاں۔
الحَطِیمُ۔ کعبہ کے کنارے کی دیوار وہ جگہ جو رکن اور زمزم اور مقام ابراہیم کے درمیان ہے
الحُطَمِیَّات۔ زرہیں جو ایک شخص حُطَمَہ نامی کی جانب منسوب ہیں اور بقول بعض تلواروں کو توڑ دینے والی زرہیں۔ اور بعضوں کے نزدیک ایسی زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں۔
حَظَّ (س) حَظًّا و حُظًّا و اَحَظَّ۔ نصیب والا ہونا۔ صفت (حَظِیٌّ و حَظِیظٌ و مَحْظُوظٌ)
الحَظُّ۔ حصہ۔ بہرہ۔ نصیب۔ حصہ خیر و فضل کبھی حصہ شر کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔ دولتمندی و نیک بختی۔ ج حُظُوظ و حِظَاظ و اَحُظّ۔
حَظَبَ (ن) حُظُوبًا و حَظِبَ (س) حَظَبًا۔ الرجلُ: موٹا ہونا۔ پست قد اور بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حُظُبّ)

مونث حُظُبَّة۔
الحُظُبّ۔ بڑے پیٹ والا پست قد۔ سخت اُجڈ۔ بخیل۔ تنگ خو۔
حَظَرَہٗ (ن) حَظْرًا۔ الشیءَ و حَظَرَ علیہ الشیءَ: منع کرنا۔ روکنا — الشیءَ: محفوظ کرنا۔ اس وجہ سے کہ گویا غیر سے روک دیا — المواشیَ: باڑہ میں بند کرنا ہے — و اِحْتَظَرَ اپنے لیے باڑہ بنانا۔ اِحْتَظَرَ بہ: بچنا۔
اَحْظَرَ۔ دوسرے کے لیے باڑہ بنانا۔
حَظَّرَ بمعنی حَظَرَ۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے
الحَظِر۔ درخت کی شاخ کہ جس سے باڑہ بنائیں۔ تر کا نٹا۔ کہا جاتا ہے "وقع فی الحَظِرِ الرَّطبِ" یعنی وہ ایسی چیز میں پھنس گیا جس کی اسے طاقت نہیں۔ "اَوقَدَ فی الحَظِرِ الرَّطبِ" اس نے چغلخوری کی۔ "جاء بالحَظِرِ الرَّطبِ" وہ بہت مال لایا۔ یا بہت جھوٹ بولا۔
الحَظِیرَة۔ ج حَظَائِر و (الحِظَار و الحَظَار) ہر وہ چیز جو تمہارے اور دوسرے کے درمیان میں حائل ہو۔ باڑہ۔ "وانہ لنکد الحَظِیرَة" وہ بخیل و بے فیض ہے۔ حَظِیرَةُ القُدُسِ: جنت۔
المَحْظُور۔ روکا ہوا۔ حرام۔ ناجائز۔ کہا جاتا ہے "الضرورات تبیح المحظورات"
حَظْرَبَ۔ القوسَ: سختی سے تانت چڑھانا — الحبلَ: مضبوط بٹنا — السقاءَ: بھرنا۔
تَحَظْرَبَ۔ بھر جانا۔
حَظَلَ (ن ض) حَظْلًا و حَظَلَانًا و حِظْلَانًا علیہ: حرکت اور تصرف سے روکنا (— حَظَلَانًا) المشیَ: ٹھہر ٹھہر کر چلنا۔ اور کہا جاتا ہے "ہو یحظل حَظَلَانًا" وہ غضبناک کی چال چلتا ہے۔
حَظِلَ (س) حَظَلًا۔ البعیرُ: بہت اندرائن کھانا۔ صفت حَظِل۔ جمع حَظَالَی۔
اَحْظَلَ۔ المکانُ: بہت اندرائن والی جگہ ہونا۔

الحَظِل و الحَظَّال و الحَظُول۔ بخل کی وجہ سے اپنے اہل و عیال پر تنگی کرنیوالا۔
حَظَا (ن) حَظْوًا۔ آہستہ چلنا۔
حَظِیَ (س) حُظْوَةً و حِظْوَةً و حِظَةً بالرزق: حصہ پانا۔ (— و اِحْتَظَی) رتبہ والا ہونا۔ نصیب والا ہونا۔
اَحْظَاہُ۔ صاحب رتبہ بنانا۔ اَحْظَاہُ بالمالِ: مال کا حصہ دینا۔ اَحْظَاہُ علی فلان: فضیلت دینا۔
الحَظْو۔ مع۔ حصہ۔
الحَظِیّ۔ صاحب رتبہ۔
الحَظْوَة۔ چھوٹا تیر۔ درخت کی جڑ کی شاخ جو ابھی سخت نہ ہوئی ہو۔ ج حِظَاء و حَظَوَات
الحِظَة۔ حصہ۔ مرتبہ۔ ج حِظًا و حِظَاء
الحُظْوَة و الحِظْوَة۔ مع۔ مرتبہ۔
الحَظِیّ۔ وہ شخص جس سے لوگ محبت کریں اور اس کے مرتبہ کو بلند کریں۔
الحَظِیَّة۔ الحَظِیّ کا مونث۔ امیر یا بادشاہ کی پیاری لونڈی۔ ج حَظَایَا۔
الحُظَیَّا۔ آہستہ چال۔ کہا جاتا ہے "مَشَی الحُظَیَّا" وہ آہستہ چال چلا۔
الحُظَیَّة۔ بے پھل کا چھوٹا تیر۔
الحَظَی۔ جل۔ واحد (حَظَاة)
الحِظْی۔ حصہ۔ ج اَحْظ و جج اَحَاظ
حَفَّ (ن) حَفًّا و حِفَافًا۔ الشیءَ: چھلکا اتارنا — اللحیةَ: مونڈنا یا کترنا — الوجہَ: بال دور کرنا۔
حَفَّ (ن ض) حَفًّا۔ القومُ الرجلَ و بہ و حولہ: گھیرنا۔ حَفَّہٗ بکذا: احاطہ کر لینا۔ حَفَّتہُ الحاجةُ: ضرورت لاحق ہونا۔
حَفَّتَ (ض) حَفِیفًا۔ الشجرةُ او الحیّةُ: سرسراہٹ ہونا۔ حَفَّتِ الارضُ حُفُوفًا: خشک ہونا — سمعہ: بہرا ہونا — اللحیةُ: پراگندہ ہونا۔ حَفَّ الرجلُ: تیز نظر بدلگانیوالا ہونا۔

أَحَفَّ إِحْفَافًا۔ راسہ: مدت تک تیل
نہ لگانا۔۔۔ الرجلَ: بُرائی سے یاد کرنا۔
حَفَّفَ۔ القومُ حولَہٗ وحَفَّفُوہُ: احاطہ کرنا
گھیرنا۔۔۔ الرجلُ: مبتلائے مصیبت و کم
مال والا ہونا۔۔۔ ہٗ بکذا: احاطہ کرنا۔
احْتَفَّ۔ القومُ بہٖ: احاطہ کرنا۔۔۔
النبتَ: کاٹنا۔۔۔ الشیءَ: چھلکا اتارنا۔
کہا جاتا ہے "احتَفَّ جمیعَ ما فی القِدرِ" اس نے
ہانڈی میں کا سب کچھ کھا لیا۔
اِسْتَحَفَّ۔ المالَ: سارا لے لینا۔
الحافّ۔ فا۔ تیز نظر بد لگانے والا۔ سویق
حافّ: خشک ستو۔ خبز حافّ: سوکھی یعنی
بغیر سالن کے روٹی۔ کہا جاتا ہے "ما لہٗ حافّ
ولا رافّ" اس کے لیے کوئی نہیں جو اس کے
امور کی دیکھ بھال کرے اور اس کی خدمت
کرے۔
الحِفَافُ۔ مص۔ جانب۔ نشان قدم۔ کہا
جاتا ہے "جاءَ علی حِفافہٖ" وہ اس کے نشان قدم
پہ آیا۔ گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال۔ ج اَحِفّۃ۔
کہا جاتا ہے "کان الطعامُ حِفافَ ما اکلوا"
کھانا اتنا ہی تھا جتنا انہوں نے کھایا۔
الحَفَفُ۔ مص۔ (۔۔۔ والحِفَف) گوشہ۔ نشان
قدم۔ کہا جاتا ہے "جاءَ علی حَفَفِہٖ او علی حَفَفِہٖ"
وہ اس کے نشان قدم پر آیا۔ "فلانٌ حَفَفٌ
علی نفسہٖ"
الحَفَفُ: مال کی کمی۔ کہا جاتا ہے "طعامٌ حَفَفٌ"
تھوڑا کھانا۔ و "معیشۃٌ حَفَفٌ" تنگ زندگی۔
الحَفَتُ: راکھ سوکھی۔
الحُفافۃ۔ گرے ہوئے بال وغیرہ۔ بھوسہ
کا تنکا۔
الحَفّان۔ شتر مرغ کے چوزے۔ واحد
(حَفّانۃ) نوکر چاکر۔ بھرا ہوا برتن۔ کہا جاتا
ہے "اناءٌ حفّان" بھرا ہوا برتن۔ "حفّان
النعام": شتر مرغ کے بچے۔
الحَفّۃ۔ پوری بنائی سے بنتے وقت کپڑا
لپیٹنے کی لکڑی۔ اونٹ کی مقدار خوراک۔
الحَفَّۃ: گڑھے کے کنارے کی زمین (مولد)
المِحَفّۃ۔ عورتوں کی پالکی۔ تخت رواں۔
اسٹریچر۔
المَحْفوف: مفو۔ محتاج۔
الحَفِیف۔ سانپ کے چلنے کی سرسراہٹ
حَفَأَ (ف) حَفْأً۔ پچھاڑنا۔
الحَفَأ۔ ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کو
قدماء مصر کتابت کے لیے استعمال کرتے تھے
واحد حَفَأۃ۔
حَفَتَ (ن) حَفْتًا۔ ہلاک کرنا۔ گردن توڑ
دینا۔ حَفَتَ الشیءَ: کوٹنا۔
الحَفَّث والحَفِث۔ ج احفاث و (الحِفاث)
ج حفافیث: ایک قسم کا بڑا سانپ جس
میں زہر نہیں ہوتا (الحفث الحفثۃ)
آنت کا ایک حصہ جس میں بہت خانے ہوتے ہیں
حَفْحَفَ۔ الرجلُ: تنگ روزی والا ہونا۔۔۔
الشیءُ: پرندے کے اڑنے یا تیر کے پھینکنے یا آگ
کی بھڑک میں آواز ہونا۔
حَفَدَ (ض) حَفْدًا و حُفودًا و حَفَدانًا
واحتفد۔ فی العمل: جلدی کرنا۔ وحَفَدَہٗ:
خدمت کرنا۔
اَحْفَدَ۔ الظلیمَ: تیز دوڑنا۔ دوڑنے پر
برانگیختہ کرنا۔
الحَفِید۔ پوتا۔ ج حُفَداء
الحافِد۔ خادم۔ تابع۔ مددگار۔ پوتا۔
ج حَفَد و حَفَدۃ۔ المَحفِدۃ: نقش و نگار
کرنے والا۔
المَحْفِد۔ اصل۔ کوہان کی جڑ۔ کپڑے
کا نقش و نگار۔ ج محافد۔۔۔ والمِحفد)
جانوروں کو بھوسہ کھلانے کا برتن۔ المِحفَدۃ
پیمانہ کرنے کا پیالہ۔ کپڑے کا کنارہ۔
المَحفود۔ مخدوم۔
المُحتَفِد۔ من السیوف: جلدی کاٹنے
والی تلوار۔
حَفَرَ (ض) حَفْرًا و احْتَفَرَ۔ گڑھا کھودنا
حَفَرَ الطریقَ: چل کر نشان ڈالنا۔ حَفَرَ الشیءَ:
تہ تک معلوم کرنا۔۔۔ العنزَ: دبلی کرنا۔
حَفَرَ (ض) حَفْرًا و حَفِرَ (س) حَفَرًا و
حُفِرَ۔ زردی کی وجہ سے دانتوں کی جڑ
کا خراب ہونا۔
اَحْفَرَ۔ الصبیُّ: دودھ کے دانت گرانا
۔۔۔ بئرًا: کھودنے میں مدد دینا۔
حافَرَ۔ الیربوعُ: جنگلی چوہے کا اپنے ڈھونڈھنے
والوں پر سوراخ کو ملتبس کر دینا۔ اور اسی سے
مثل ہے "فلانٌ اروغُ من یربوعٍ محافرٍ"
تحفَّرَ۔ السیلُ: گڑھے ڈالنا۔
استحفرَ۔ النہرُ: کھودنے کا وقت قریب
پہنچنا۔
الحَفْر والحَفَر۔ کشادہ کنواں۔ دانتوں
کی زردی۔ الحَفَر: مٹی جو کھودی ہوئی جگہ
سے نکالی جائے۔ ج اَحفار جج اَحافیر۔
الحُفْرۃ۔ ج حُفَر و (الحَفیرۃ) ج حفائر و
(الحَفیر) گڑھا۔ قبر۔
الحافِر۔ فا۔ جانور کا کھر۔ ج حوافر۔ اور
"النقدُ عند الحافرِ" کا مطلب یہ ہے کہ جب تم
کسی جانور کو خریدو تو بغیر دام ادا کیے ہوئے
وہاں سے جدا مت ہو۔
الحافِرۃ۔ الحافر کا مونث۔ کھودی ہوئی
زمین۔ ابتدائی حالت۔ کہا جاتا ہے "الآن
قد تعسّف وقد کان یجیئ فی الحافرۃ" اب
راہ راست سے ہٹ گیا ہے ابتدا میں شریف
تھا۔ کسی چیز کی طرف لوٹنا۔ اور اسی سے ہے
"رَجَعَ علی حافرتہٖ او فی حافرتہٖ" یعنی وہ اسی
راستہ سے لوٹا جدھر سے آیا تھا۔ یا ایک کام
میں تھا پھر اس سے علیحدہ ہو گیا اور پھر دوبارہ
اسی میں مبتلا ہو گیا۔ "رَجَعَ فی حافرتہٖ" یعنی
بوڑھا ہو گیا۔ "التَقَی القومُ فاقتتلوا عند
الحافرۃ" یعنی قوم نے مڈبھیڑ ہوتے ہی جنگ
کی۔

الحِفْرِی۔ ایک قسم کی ریگستانی نباتات جو ہمیشہ سبز رہتی ہے۔

الحَفّار۔ کھودنے والا۔ عموماً گورکن کے لیے مستعمل ہے۔

المِحْفَر والمِحْفَرة والمِحْفار۔ کدال۔

المَحْفُور۔ معۃ۔ زرد دانتوں والا۔

حَفَزَہٗ (ض) حَفْزاً۔ پیچھے سے دھکا دینا کہا جاتا ہے "حَفَزَ اللیلُ النہارَ" یعنی رات نے دن کو ہٹایا۔ "حَفَزوا علینا الخیلَ والرِّکابَ" انہوں نے ہمارے اوپر گھوڑوں اور سواروں کو جمع کر دیا ۔۔ ہٗ: بالرمح: نیزہ مارنا ۔۔ ہٗ عن کذا: دور کرانا اور جلدی کرانا ۔۔ المرأة: جماع کرنا۔

حَافَزَہٗ۔ زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا

تَحَفَّزَ و اِحْتَفَزَ۔ زانو پر یا سرین کے بل بیٹھنا۔ کودنے کے لیے آمادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَفَزَ فی مَشْیِہٖ" اس نے چلنے میں کوشش کی۔

الحَفَز۔ مدت۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ بینی وبینَکَ حَفَزاً" میں نے اپنے اور تمہارے درمیان مدت مقرر کی۔

الحَفُوز من القِسِیّ: تیر کو بہت تیزی سے پھینکنے والی کمان۔

حَفَسَ (ض) حَفْساً۔ کھانا۔

تَحَیْفَسَ۔ بستر پر تلملانا۔

الحِیَفْس والحَیْفَس۔ موٹا جس سے کسی خیر کی امید نہ ہو۔ بے وجہ غصہ اور راضی ہونے والا۔ الحَیْفَس: غضبناک۔

حَفَشَہٗ (ض) حَفْشاً۔ چھلکا اتارنا۔

حَفَشَ السیلُ الوادی: بھر دینا۔ المطرُ الارضَ: روئیدگی ظاہر کرنا ۔۔ فلاناً: دھکا دینا۔ ۔۔ السیلُ: ایک جگہ میں سیلاب کا پانی جمع ہونا ۔۔ القومُ علیہ: اکٹھا ہونا۔ حَفَشَ فی الامر: کوشش کرنا ۔۔ الفرسُ: بار بار دوڑنا اور ہر مرتبہ اچھی طرح سے دوڑنا۔

حَفِشَ (س) حَفَشاً۔ السحابۃُ: یکبارگی زور کی بوچھاڑ برسا کر رک جانا۔

حَفَّشَ و تَحَفَّشَ۔ الرجلُ: جھونپڑے میں رہنا۔

الحَافِشَة۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج حَافِشَات وحَوَافِش۔

الحِفْش۔ ٹوکری۔ جھونپڑا۔ بالوں کا بنا ہوا خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ چیز۔ ج اَحْفَاش وحِفَاش۔ اَحْفَاشُ البَیْتِ: گھر کی معمولی چیزیں۔ اَحْفَاشُ الارضِ: سیہی، جنگلی چوہا، گوہ وغیرہ۔ الحِفْش: اندام نہانی۔

حَفَصَ (ض) حَفْصاً۔ الشیءَ: جمع کرنا ۔۔ الشیءُ من یدہ: ڈال دینا۔ گرا دینا۔

الحُفَاصَة۔ جمع کی ہوئی چیز۔

الحَفْص۔ مع۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج اَحْفَاص وحُفُوص۔

الحِفْص۔ بیر وغیرہ کی گٹھلی

المِحْفَصَة۔ چمڑے کا تھیلا

الحَفْصَة۔ بجو۔ (الحفصۃ وام حفصۃ) ایک قسم کا گدھ۔ (ام حفصۃ) مرغی۔

حَفَضَ (ض) حَفْضاً۔ العودَ: موڑنا (۔۔ وحَفَّضَ) الشیءَ: ہاتھ سے گرانا ۔۔ الارضَ: خشک کرنا ۔۔ القومَ: اپنے پیچھے چھوڑ دینا ۔۔ اللہُ عنہ: تخفیف کرنا۔

الحَفَض۔ گھر کا سامان جو بار کرنے کے لیے طیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان اٹھانے والا اونٹ۔ بورا جس میں قوم کا سامان ہو۔ خیمہ کا ستون۔ بالوں کا خیمہ۔ کمزور اونٹ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ حَفَضُ عِلْمٍ" وہ کم علم ہے اس قول میں علم کو حفض سے قلت کی بنا پر تشبیہ دی گئی ہے اور کہا جاتا ہے "نِعْمَ حَفَضُ العِلمِ ہذا" یہ علم کا جاننے والا اچھا ہے ج اَحْفَاض وحِفَاض۔

حَفِظَ (س) حِفْظاً۔ الشیءَ: ضائع ہونے سے بچانا۔ خراب و خستہ ہونے سے بچانا۔ ۔۔ الکتابَ: زبانی یاد کرنا ۔۔ السرَّ: چھپانا ۔۔ المالَ: حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔

حَفَّظَہٗ الکتابَ: یاد کرانا۔

حَافَظَ حِفَاظاً و مُحَافَظَةً۔ علی الامر: مداومت کرنا۔ نگہبانی کرنا ۔۔ عنہ: مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "انہ لذو حفاظ وذو محافظۃ" اس شخص کے حق میں جس کے اندر خودداری ہو۔

اَحْفَظَہٗ۔ غصہ دلانا۔

اِحْتَفَظَ۔ غضبناک ہونا ۔۔ بہٖ: یاد کرنا ۔۔ الشیءَ وبہ لنفسہ: اپنے لیے خاص کرنا۔

تَحَفَّظَ۔ عنہ ومنہ: بچنا ۔۔ بہٖ: ۔۔ الکتابَ: تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔

اِسْتَحْفَظَہٗ۔ مالاً او سراً: محفوظ رکھنے کو کہنا۔

الحِفْظ۔ مص۔ یاد۔ ہوشیاری۔

الحَفِیظَة۔ نگہبانی۔ تعویذ جس کو بچے کے گلے وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ ج حَفَائِظ۔ اہل الحفائظ: محارم کی نگہبانی کرنے والے۔

الحَفِیظَة والحِفْظَة۔ قابل حفاظت چیز کے لیے غضب و حمیت۔

الحَافِظ۔ فا۔ کسی چیز پر مقرر۔ الطریق الحافظ: واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حافظُ العینِ" مرد بیدار چشم جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج حُفَّاظ وحَفَظَة و حَافِظُون۔

الحَافِظ والحَفِیظ۔ من الملائکۃ: نیکی بدی لکھنے والا فرشتہ۔ الحَفِیظ: محفوظ، نیز اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الحَافِظَة۔ الحافظ کا مونث۔ یاد داشت کی قوت۔

المُحْفِظَة۔ غصہ دلانے والا معاملہ۔ ج مُحْفِظَات۔ المحفظات: مصیبتیں۔

حَفَلَ (ض) حَفْلاً و حُفُولاً و حَفِیلاً۔ الماءُ: کثرت سے جمع ہونا ۔۔ القومُ: اکٹھا

ہونا۔ الدمعُ: بہت ہونا۔ الوادی
بالسیل: لبالب بھرنا۔ السماءُ: بہت
برسانا۔ الشیَٔ: صیقل کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"ما حفَلَہٗ وما حفَلَ بہٖ" اس نے اس کی پروا
نہیں کی۔
حَفَّلَہٗ۔ اچھی طرح جمع کرنا۔ زینت دینا
۔ الشیَٔ: صیقل کرنا۔ النّاقۃَ: تھن
میں دودھ جمع ہونے کے لیے چھوڑ دینا۔
تَحَفَّلَ۔ اللبنُ: اکٹھا ہونا۔ فلانٌ:
آراستہ ہونا۔ المجلسُ: مجلس کا بھر جانا۔
اِحْتَفَلَ۔ القومُ: جمع ہونا۔ المجلسُ
بالناس: بھرنا۔ الوادی بالسَّیل: لبالب
بھرنا۔ الطریقُ: واضح ہونا۔ الشیَٔ:
روشن ہونا۔ بالامر: اچھی طرح انتظام کرنا
۔ فی الامر: مبالغہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما احتفل
بہٖ" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
الحافِلُ۔ فا۔ ضَرعٌ حافِلٌ: بھرا ہوا تھن
وادٍ حافِلٌ: سیلاب سے بھری ہوئی وادی
جمعٌ حافِلٌ: بڑی جماعت۔ ناقۃٌ او شاۃٌ
حافِلٌ: بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔
ج حُفَّلٌ و حَوافِلُ۔
الحافِلَۃ۔ الحافِل کا مونث۔ دارٌ حافِلۃٌ
ہرا بھرا گھر۔ سوقٌ حافِلۃٌ: بھرا ہوا بازار۔
الحَفْلُ۔ مص۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "عندہٗ
حفلٌ من الناس" اس کے پاس لوگوں کی
جماعت ہے۔ جمع حُفُول: بڑی جماعت۔
الحَفِیلُ۔ بہت۔ جیسے "جمعٌ حَفِیلٌ"
بہت جماعت "مکانٌ حَفِیلٌ" بھری ہوئی
جگہ "رجلٌ حَفِیلٌ" ہر چیز میں مبالغہ کرنیوالا۔
الحُفُولُ۔ خوبصورت عورت۔ ج حفائِل
الحُفَالُ۔ بڑی جماعت۔ جمع شدہ بہت
دودھ۔ ردی کھجور۔
الحُفَالَۃُ: ہر گھٹیا چیز۔ فرومایہ لوگ۔
حُفالۃ الطعام۔ کھانے میں سے جو نکلے اور
پھینک دیا جائے۔ حُفالۃ اللبن: جھاگ۔

الحَفْلَۃ۔ اسم مرۃ۔ اور کہا جاتا ہے "اخذ للامر
حَفْلَتَہٗ" اس نے معاملہ میں کوشش کی۔
وجاؤا بحَفْلَتِہم و بِحَفِیلَتِہم وہ سب کے سب آئے
الحَفَلیٰ۔ عام دعوت۔
المَحْفِل۔ مجلس۔ ج محافِل (ـ والمحفل
جمع ہونے کی جگہ۔ مُحْتَفَلُ الامر: معاملہ کا بڑا
حصہ۔
حَفْلَجَ حَفْلَجَۃً: چلنے میں بدن ہلانا
الحُفالِج۔ وہ شخص جو چلنے میں پاؤں
کے اگلے حصے کو قریب اور ایڑیوں کو دور
رکھے۔
الحَفَلَّج۔ چھوٹا اونٹ۔ جمع حَفالِج۔
الحَفَلَّج: بمعنے حُفالِج۔
الحَفَنْبَج۔ پست قد۔
الحَفَلَّق۔ کمزور۔ بیوقوف۔
حَفَنَ (ض) حَفْنًا۔ الشیَٔ: لپ بھر لینا۔
۔ لہٗ: لپ بھر دینا۔
اِحْتَفَنَ۔ الشجرۃ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الشیَٔ لنفسہٖ: لینا۔ من الشیَٔ: بہت
لینا۔ الرجلَ: دونوں ہاتھ زانو کے
نیچے ڈال کر اٹھانا۔
الحَفْنَۃ۔ والحُفْنَۃ۔ لپ بھر۔ و
الحُفْنَۃ: گڑھا۔ ج حُفَن۔
الحَفَنْجَج۔ پست قد۔
الحَفَنْدَد۔ مالک مال جو مال کا بہتر
منتظم ہو۔
الحَفَنَّس۔ بیحیا بدزبان عورت۔
حَفَا (ن) حَفْوًا۔ فلانًا: دینا۔ حفاہ من
الشیَٔ: روکنا منع کرنا۔ حفاہ التحیۃ: عزت
دینا۔ حفا البرقُ: آہستہ آہستہ بادل کے
اطراف میں چمکنا۔ شارِبَہٗ: خوب اچھی
طرح مونڈنا۔
حَفِیَ (س) حَفًا۔ زیادہ چلنے سے پاؤں
گھسنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ صفت حَفٍ و
حافٍ۔ ج حُفَاۃ۔ الفرسُ: گھسے ہوئے

کھر والا ہونا (ـ حِفاوۃ و حَفاوۃ و حِفایۃ
و تَحَفّایۃ و احتفی) بہٖ: عزت و اکرام کرنے میں
مبالغہ کرنا۔ کسی کے ساتھ خوشی ظاہر کرنے
میں مبالغہ کرنا۔ حفی عنہ: حالت بہت پوچھنا۔
حَافَاہٗ مُحَافَاۃً۔ گفتگو کرنے میں جھگڑا کرنا۔
اَحْفٰی اِحْفَاءً۔ گھسے ہوئے کھر والے
جانور کا مالک ہونا۔ السوالَ: بار بار
دہرانا۔ ہٗ: اصرار کرنا۔ خبر کی تفتیش پر
برانگیختہ کرنا۔ الیہ فی الوصیۃ: مبالغہ کرنا
۔ بہٖ: عیب لگانا۔ شارِبَہٗ: کترنے
میں مبالغہ کرنا۔
تَحَفّٰی۔ فی الشیَٔ: کوشش کرنا۔ ـہٗ:
بہت اکرام کرنا۔
تَحَافَیا۔ الی السُّلطان: فیصلہ کے لیے
جانا۔
اِحْتَفٰی۔ ننگے پاؤں چلنا۔ جوتہ اتارنا۔
۔ البقلَ: چھوٹی ہونے کی وجہ سے انگلیوں
سے اکھیڑنا۔ القوم للرعیٰ: چراگاہ میں
کچھ نہ چھوڑنا۔
اِسْتَحْفٰی۔ ہٗ عن کذا: کسی شخص سے کسی
چیز کے متعلق مبالغہ سے دریافت کرنا
الحَفَاء۔ کھر یا پاؤں کی گھسائی
الحَفَایۃ۔ والحُفُوۃ والحِفْیۃ۔ بمعنی الحَفاء
الحَفِیُّ۔ کسی چیز کے متعلق پوری طرح علم
رکھنے والا۔ عزت و اکرام و اظہار خوشی میں
مبالغہ کرنے والا۔ کسی شخص کے حالات کے
متعلق بہت سوال کرنے والا۔ سوال کرنے
میں بہت اصرار کرنے والا۔ ج حُفَواء
حَقَّ (ن) حَقًّا۔ حق میں غالب ہونا۔ حق
الامرُ: ثابت کرنا۔ الخبرَ: حقیقت پر مطلع
ہونا۔ العقدۃ: باندھنا۔ الرجلَ: وسط
سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا۔ الطریقَ:
وسط راستہ چلنا۔
حَقَّ (ض) حَقًّا۔ علیہ ان یفعل کذا: واجب
ہونا۔ کہا جاتا ہے "حق لک ان تفعل کذا" و

حَقِقتَ اَنْ تَفعَلَ کَذَا" یعنی اس کا کرنا تمہارے
لائق ہے اور تم اس کے کرنے کے لائق ہو۔
حَقَّ (ن ض) حَقًّا و حَقَّۃً۔ الامرُ: ثابت
و واجب ہونا ۔۔۔ الحاجۃُ: سخت پیش آنا۔
حَقَّ (س) حَقَقًا۔ الفرسُ: دوڑنے میں
اگلی ٹانگوں کی جگہ پچھلے پاؤں رکھنا صفت
(اَحَقّ)
حَقَّقَہٗ۔ تاکید کرنا۔ واجب کرنا حقق القول
او الظن: تصدیق کرنا
حَاقَّہٗ مُحَاقَّۃً و حِقَاقًا۔ فی الامر: جھگڑا
کرنا۔ اپنے حقدار ہونے کا دعویٰ کرنا۔ کہا جاتا
ہے "ان لہ کذا و کذا لا یحاقہ فیہ احد" یعنی اس
کے لیے ایسا اور ایسا ہے کوئی اس بارہ میں
اس سے جھگڑا نہیں کر سکتا۔
اَحَقَّ۔ حق کہنا ۔ احقہ: حق میں غالب آنا۔
اَحَقَّ الامرَ: ضروری و واجب ٹھہرانا۔ کہا
جاتا ہے "اَحَقَّ عَلَیہِ القضاءَ" یعنی قضا کو اس
کے ذمہ واجب کیا۔ احق الرمیۃَ: تیر اندازی
کے وقت ہی مار ڈالنا۔
تَحَقَّقَ۔ الخبرُ: ثابت ہونا ۔۔۔ الرجلُ
الامرَ: یقین کرنا۔
تَحَاقَّا۔ باہم جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے
جانا۔
اِنْحَقَّ۔ الرباطُ: بندھ جانا۔
اِحْتَقَّ۔ الفرسُ: دُبلا ہونا۔ اُحْتُقَّتِ
الطعنۃُ بہ: فوراً مار ڈالنا۔ اِحْتَقَّ القومُ:
ہر ایک کا یہ کہنا کہ حق میرے پاس ہے۔
۔۔۔ الناقۃُ: موٹی ہونا۔ کہا جاتا ہے
"اِحْتَقَّہٗ اِلٰی کذا" یعنی اُسے موخر کیا اور
اس پر تنگی ڈالی۔
اِسْتَحَقَّہٗ۔ ضروری و واجب ٹھہرانا ۔۔۔
الدینُ: ادائگی کا وقت قریب آنا ۔۔۔
الناقۃُ: موٹی ہونا ۔۔۔ الرجلُ: مستحق
سزا ہونا۔
اَلْحَقُّ۔ مص۔ سچائی۔ راستی یقین۔ الصادق
ثابت شدہ حصہ۔ مال اور ملک ہوشیاری
فیصل شدہ معاملہ۔ موت۔ ج حقوق۔ اور
کہا جاتا ہے "ہو حق بکذا" وہ اس کے لائق
ہے۔ و "حَقٌّ لا آتیک" بغیر تنوین کے یعنی قسم
ہے حق اللہ کی میں تیرے پاس نہیں آؤں گا
و "حقا لا آتیک" تنوین کے ساتھ بغیر لام کے
حقوق الدار: گھر کے منافع۔
اَلحِقَّۃُ۔ مص۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص
ہے اس وجہ سے کہ حصۂ معینہ پر دلالت
کرتا ہے۔ تم کہتے ہو "ہٰذہ حِقَّتِی" یہ میرا خاص
حصہ ہے۔ حقیقت امر۔ تم کہتے ہو "وَقَفتُ
عَلٰی حِقَّۃِ ذٰلِکَ الامرِ" یعنی اس امر کی
حقیقت پر مطلع ہو گیا۔ مصیبت۔
اَلحُقُّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔
سُرین کا سرا۔ بازو کا سرا۔ گول زمین۔ یا
پست زمین۔ مکڑی کا جالا۔ حُقُّ الطیب:
خوشبو کی ڈبیہ۔ ج حِقَاق
اَلحُقَّۃُ۔ چھوٹا برتن۔ مصیبت۔ عورت
ج حُقّ و حُقَق و حِقَاق۔
الحِقُّ۔ من الابل: چوتھے سال والا
اونٹ نر ہو یا مادہ۔ اور یہ اس لیے کہ اب وہ
بار برداری کے قابل ہو گیا۔ اُمتی جس کے دانت
بڑھاپے کی وجہ سے گر گئے ہوں۔
الحِقَّۃُ۔ حق و واجب۔
الحَقِیقُ۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے۔ ہو
حَقِیقٌ اَن یَفعَلَ کَذَا" وہ فلاں کام کرنے
کے لائق ہے۔ "ہو حقیق بکذا" وہ اس کے
لائق ہے۔ و الحقیق علی الشیء: حریص۔ لالچی
ج اَحِقَّاء
الحَقِیقَۃُ۔ وہ چیز جس کی حمایت واجب ہے
کہا جاتا ہے "ہو حامی الحقیقۃ" وہ من حماۃ
الحقائق" یعنی وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے
جس کا دفاع اس کے ذمہ لازم ہے۔
حق۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع لہ میں مستعمل ہو
حقیقۃ الشیء: چیز کا منتہی اور اصل۔ ج حقائق
الحَاقُّ۔ فا۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "سقط علی
حاق رأسہ" اس کے وسط سر پر گرا "و جئتہ
فی حاق الشتاء" میں اس کے پاس جاڑے
کے وسط میں آیا۔ "و رکب حاق الطریق" وہ
وسط راستہ پر چلا۔ کسی چیز میں کامل۔ کہا جاتا
ہے "رجل شجاع حاق الشجاع" وہ شجاعت
و بہادری میں کامل ہے "و اخذنی حاق الجوع"
مجھے خالص بھوک لگی۔
الحَاقَّۃُ۔ الحاق کا مونث۔ مصیبت۔ قیامت
کہا جاتا ہے "ہو رجل حاقۃ الرجل" وہ مردانگی
میں کامل ہے۔ "و ہو شجاع حاقۃ الشجاع"
وہ بہادری میں کامل ہے۔
الاَحَقُّ۔ اسم تفضیل "ہو احق من فلان"
کا مطلب یہ ہے کہ وہ فلاں سے زیادہ حقدار
ہے۔ اور کبھی بغیر شرکت کے صرف خصوصیت
کے معنی کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے "زید احق
بمالہ" زید اپنے مال کا حقدار ہے کسی دوسرے
کا اس میں حق نہیں۔
المُحَقَّقُ۔ مف۔ کلام مُحَقَّق: منظم کلام۔
ثوب محقق: مضبوط بنا ہوا کپڑا۔
المَحقُوقُ۔ مف۔ لائق۔ سزاوار۔ کہا جاتا
ہے "ہو محقوق بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ ہو
محقوق ان یفعل کذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔
الحَقَّانی۔ حق کی جانب منسوب۔ جیسے
ربانی رب کی جانب منسوب
حَقِبَ (س) حَقَبًا و اَحقَبَ۔ المطرُ:
رکنا ۔۔۔ العامُ: بارش نہ ہونے سے خشک
سالی ہونا ۔۔۔ المعدنُ: ختم ہونا ۔۔۔ نائل
فلان: کم اور منقطع ہونا ۔۔۔ الامرُ: خراب ہونا
اَحقَبَہٗ: پیچھے سوار کرنا۔
اِحتَقَبَ۔ الاثمَ: مرتکب گناہ ہونا ۔۔۔
زیدًا علی ناقتہ۔ پیچھے سوار کرنا ۔۔۔ و استحقب
الشیءَ: ذخیرہ کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا
الحُقُبُ۔ ج حِقَاب و (اَحقُب) ج اَحقاب
و اَحقُب: اسی سال یا اس سے زائد کا عرصہ

زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے سال۔
الحَقَب۔ اونٹ کا تنگ۔ وہ چیز جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے اور اس میں زیور کو لٹکاتی ہے۔
الحِقبَۃ۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب و حُقُوب۔
الحُقُبَۃ۔ ہوا۔
الحِقَاب۔ عورت کے لیے کمر پر باندھ کر زیور لٹکانے کی چیز۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ج حُقُب۔
الحَقِیبَۃ۔ وہ چیز جس کو سوار گھوڑے پر اپنے پیچھے رکھے۔ مسافر کے لیے خوراک وغیرہ کا بیگ یا تھیلا۔ ج حَقَائِب۔
الحَاقِب۔ وہ شخص جو پاخانہ روکے ہوئے ہو۔
الاَحقَب۔ گورخر۔ مونث حقباء۔
المُحقَب۔ لومڑی۔
حَقَدَ (ض) حِقدًا و حُقدًا و حَقِیدَۃً و حَقِدَ (س) حَقَدًا و تَحقَّدَ۔ علیہ: کینہ رکھنا۔ صفت (حَاقِد) ج حَقَدَۃ۔ حَقَدَ المطرُ: رکنا ــــ المعدِنُ: کان کا ختم ہونا اور کچھ نہ ملنا ــــ النَاقۃُ: چربی سے بھر جانا۔
اَحقَدَہٗ۔ کینہ ور بنانا ــــ القومُ: کان میں تلاش کرنا اور کچھ نہ پانا۔
تَحَاقَدَ۔ القومُ: ایک دوسرے سے کینہ رکھنا۔
اِحتَقَدَ۔ المطرُ: رکنا ــــ علی فلانٍ: کینہ رکھنا۔
الحِقد۔ ج اَحقَاد و حُقُود و (الحَقِیدَۃ) ج حَقَائِد: کینہ۔
الحَقُود۔ بہت کینہ ور۔
حَقَرَ (ض) حَقرًا و حَقرِیَۃً۔ ہ: چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔ حَقَرَ الشیُٔ والرجلُ: ذلیل ہونا بے قدر ہونا۔
حَقُرَ (س) حَقرًا و حُقُورًا، حَقَارَۃً ذلیل ہونا۔ صفت (حَقِیر و حُقَیر و حِقِّیر)
حَقَّرَہٗ۔ ذلیل کرنا۔
اَحقَرَہٗ و اِحتَقَرَہٗ و اِستَحقَرَہٗ۔ چھوٹا و ذلیل سمجھنا۔
تَحَاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَاقَرَت اِلَیہِ نَفسُہٗ" یعنی ذلیل ہو گیا۔
الحَقَارَۃ و الحِقَارَۃ و الحُقَارَۃ و المَحقَرَۃ۔ ذلت و بے قدری۔ کہا جاتا ہے "ہذا الامر مَحقَرَۃ لک" یہ امر تمہارے لیے باعث ذلت ہے۔
المُحَقَّرَات۔ چھوٹے چھوٹے۔
الحَقُطَۃ۔ پست قد یا سبک جسم والی عورت۔
الحَیقُط و الحَیقُطَان۔ تیتر یا در بقول بعض نر تیتر۔ مونث الحَیقُطَانَۃ۔
حَقَفَ (ن) حُقُوفًا۔ الظبیُ: ہرن کا ریگ کے تودہ میں بیٹھنا یا سونے کی حالت میں مڑ کر ریگ کے تودہ کے مانند ہونا ــــ الشیُٔ: ٹیڑھا ہونا۔ صفت (حَاقِف)
اِحقَوقَفَ۔ لمبا و ٹیڑھا ہونا۔
الحِقف۔ دراز و پیچیدہ تودہ ریت۔ ج اَحقَاف و حُقُوف و حِقَاف و حِقَفَۃ و جج حَقَائِف۔
المُحقَوقِف۔ وہ شخص جو نہ کھائے نہ پیے
حَقِلَ (س) حَقَلًا و حَقلَۃً۔ البعیرُ او الفرسُ: مٹی کھانے سے درد شکم میں مبتلا ہونا۔
حَاقَلَ مُحَاقَلَۃً۔ کھیتی کو خوشہ ہی میں بیچنا
اَحقَلَت۔ الارضُ: قابل زراعت ہونا۔ اَحقَلَ الزرعُ: پتے پھوٹنا ــــ الرجلُ فی الرکوبِ: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا۔
الحَقل۔ عمدہ قابل کاشت زمین۔ کھیتی جب تک سبز رہے۔ ج حُقُول واحد حَقلَۃ۔
الحِقل۔ ہودج۔ (ـــ و الحُقَال) گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی کھانے کی وجہ سے درد۔
الحُقلَۃ۔ مثلثۃ الحاء: دودھ یا پانی کا بقیہ۔ ردی کھجور۔ کھجور کا بچا کھچا۔ الحَقلَۃ: بالفتح۔ حوض کا باقیماندہ صاف پانی۔ الحِقلَۃ: بالکسر: پیالہ بھر سے کم
الحَاقِل۔ فا۔ کاشتکار
المَحقَلَۃ۔ کھیتی۔ ج مَحَاقِل۔
الحَقِیلَۃ و الحُقَّال۔ ردی کھجور
الحَاقُول۔ ایک قسم کی سبز رنگ کی لمبی مچھلی۔
الحَیقَل۔ بے خبر آدمی۔
الحَقَلَّد۔ بدخو۔
الحَقَم۔ کبوتر یا کبوتر کی مانند ایک پرند
الحِقمَان۔ کنپٹی کی طرف کے دونوں گوشۂ چشم
حَقَنَ (ن ض) حَقنًا۔ روک لینا اور اسی سے ہے "حَقَنَ بولَہٗ" اس نے پیشاب کو روک لیا۔
ـــ دمَہٗ: گرانے سے بچانا ــــ ماءَ وجہہٖ: آبرو کی حفاظت کرنا ــــ اللبنَ: مکھن نکالنے کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا ــــ المریضَ: حقنہ سے علاج کرنا۔
اَحقَنَ۔ مزیدار ہونے کے لیے مختلف قسم کے دودھ جمع کرنا۔
اِحتَقَنَ۔ المریضُ: پیشاب رکنا۔ حقنہ استعمال کرنا ــــ الدمُ: بدن کے اندرونی حصہ میں نیزہ مارنے سے خون جمع ہونا۔
الحُقنَۃ۔ ہر دوا جو مریض کی مقعد سے پیٹ صاف کرنے کے لیے چڑھائی جائے ج حُقَن۔
الحَقنَۃ۔ پیٹ کا درد۔ ج اَحقَان۔
الحَاقِن۔ فا۔ پیشاب روکنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے "لا رای لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب روکنے والے کی رائے کا اعتبار نہیں۔ اس لیے کہ وہ اس وقت اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔ یہ مثل

مفسط کے لیے بولتے ہیں
الحَاقِنَة۔ الحَاقِن کا مونث۔ معدہ (اس معنی میں صفت غالب ہے اس وجہ سے کہ وہ کھانے کو روکتا ہے) ہنسلی کی دونوں ہڈیوں کے درمیان کا حصہ۔ اور اسی سے مثل ہے "لَاَلحَقَنَّ حَوَاقِنَکَ بِذَوَاقِنِکَ" اس مثل کو تہدید کے موقع پر بولتے ہیں۔
الحَقِین۔ روکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "سَقَاہُ اللَّبَنَ الحَقِینَ" اس نے اس کو مشکیزہ میں جمع کیا ہوا دودھ پلایا۔ ج حُقُنٌ۔
المِحْقَن والمِحْقَنَة۔ حقنہ کی پچکاری المِحْقَن: وہ مشکیزہ جس میں دودھ جمع کیا جائے۔
المُحْقَان۔ پیشاب روکنے والا۔ عوام المِحْقَن اور المحقان کو پانی کی ٹنکی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاہُ (ن) حَقْوًا۔ کوکھ پر مارنا۔
حَقِیَ۔ درد کمر والا ہونا۔ گوشت کھانے سے درد شکم والا ہونا۔ صفت (مَحْقُوٌّ و مَحْقِیٌّ)
تَحَقَّی۔ درد کمر والا ہونا۔
الحَقْو۔ کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج حِقَاءٌ و اَحْقٍ و اَحْقَاءٌ و حُقِیٌّ۔ کہا جاتا ہے۔ "لَاذَ بِحَقْوَیْہِ" اس نے اس سے فریاد رسی کی۔
الحِقَاء و الحَقْوَة۔ ازار یا ازار بند بندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے سے پیٹ کا درد۔
حَکَّ (ن) حَکًّا۔ الشَّیءَ بالشَّیءِ او علیہ: رگڑنا۔ گھسنا۔ ـــ الشَّیءَ: چھلکا اتارنا۔ (ـــ و اَحَکَّ و احْتَکَّ) الکلام فی صدرہ: دل میں اثر کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا حَکَّ فی صدری کذا" میرے دل میں یہ بات نہیں اتری۔
حَکَّہُ، اَحَکَّہُ، حَاکَّہُ و احْتَکَّہُ و اِسْتَحَکَّہُ، راسہ: کھجلانا۔ و احْتَکَّ بالشَّیءِ کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا۔

حَاکَّہُ مُحَاکَّةً و حِکَاکًا۔ (ص): برابری کرنا مقابلہ کرنا۔
تَحَکَّکَ۔ بہ: در پے برائی ہونا۔ امثلہ عرب میں سے ہے "تَحَکَّکَتِ العقربُ بالحَیَّةِ" اس کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے قوی سے جھگڑا کرے۔
تَحَاکَّا۔ ایک دوسرے کو کھجلانا۔ باہم مقابلہ کرنا۔
الحِکّ۔ شک۔ (ـــ والحِکَاک) خارشتی اونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "فلان حِکٌّ او حِکَاکُ شَرٍّ" فلاں شر کے اوپر غالب ہے وہ بہت اس سے مقابلہ کرتا ہے۔
الحُکُّ۔ جہاز رانوں کا قطب نما (مولد)
الحَکَائِکَات۔ وسوسے۔ واحد (حَکَاکَة)
اُحَکَائِکُ۔ رخام کی مانند سفید پتھر جو مٹکتے ہوئے چلنے والی عورت کی مانند (تنا)
الحَکْکَة۔ نرم پتھروں والی زمین۔
الحُکُک۔ برائی والے۔ حاجات کے طلب کرنے میں اصرار کرنے والے۔ واحد (حَاکّ)
الحِکَّة۔ حک کا اسم۔ خارش۔ کھجلی۔ حکۃ الانف: ایک قسم سوزش جو ناک میں ٹھنڈی ہوا کے پہنچنے سے ہوتی ہے اور اس کا اثر دماغ تک ہوتا ہے۔ اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ شک۔
الحَاکَّة۔ دانت۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فی فَمِہٖ حَاکَّةٌ" اس کے منہ میں دانت نہیں۔
الحُکَاک۔ سوڑا۔ ایک قسم کا مرض جس میں کھجلی ہوتی ہے۔
الحُکَاکَة۔ وہ جو کسی چیز کے رگڑنے سے گرے۔
الحُکَیکَة: پہیلی۔ ج حُکَیکَات۔
الاَحْکَائِک۔ ہم کفو لوگ۔ کہا جاتا ہے۔ "لَسْتَ مِنْ اَحْکَائِکِہٖ" یعنی تو اس کے مردوں میں سے نہیں۔
الاَحَکّ۔ دانتوں سے خالی منہ والا۔

ترشا ہوا کھر۔
الحَکَّاک۔ بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا۔
المِحَکّ۔ کسوٹی۔
المُحَکَّک۔ مفعو۔ الجِذْلُ المُحَکَّک: خارشتی اونٹ کے کھجلانے کے لیے درخت کا تنہ۔ کہا جاتا ہے "انا جُذَیلُھَا المُحَکَّکُ و عُذَیقُھَا المُرَجَّبُ" یعنی میری رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے جیسے اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔
حَکَأَ (ف) حَکْأً و اَحْکَأَ و احْتَکَأَ۔ العقدةَ: باندھنا۔ اِحْتَکَأَتِ العقدةُ: سخت ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِحْتَکَأَ الشَّیءُ فی صدری" میرے دل میں جاگزیں ہو گیا۔ پس مجھ شک نہیں۔
الحُکَأَة والحُکَاة۔ بڑا گرگٹ۔
حَکَدَ (ض) حَکْدًا۔ الی اصلہ: رجوع کرنا۔
اَحْکَدَ حَاکَدَ۔ الیہ: واپس ہونا اور بھروسہ کرنا۔
حَکَرَہُ (ض) حَکْرًا۔ گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت اختیار کرنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔
حَکِرَ (س) حَکَرًا۔ اصرار کرنا۔ صفت (حَکِر) ـــ بالامر: خود سر ہونا۔
حَاکَرَہُ مُحَاکَرَةً۔ جھگڑا کرنا۔
تَحَکَّرَ و احْتَکَرَ۔ الشَّیءَ: مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا۔ تَحَکَّرَ علیہ: افسوس کرنا۔
الحَکَر۔ مص۔ (ـــ والحُکْر) تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔
الحُکْرَة والحُکْر۔ گراں بیچنے کے لیے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ
الحُکْرَة۔ غلہ کی بندش۔
الحَاکُورَة۔ پائیں باغ۔ (عامیہ)
حَکَشَ (ض) حَکْشًا۔ الرجلُ: بیٹھنا۔

— الشیَ: جمع کرنا — ہ: ظلم کرنا۔
الحَکِیص۔ وہ شخص جس سے لوگ بدگمان ہوں
حَکَفَ (ض) حُکُوفًا۔ الرجلُ: کام میں سست ہونا۔
حَکِلَ (ن) حَکَلًا و اَحکَلَ و اِحتَکَلَ۔ الامرُ علیہ: دشوار و مشتبہ ہونا۔
تَحَکَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔
الاُحکَل۔ وہ جس کی آواز سنائی نہ دے کہا جاتا ہے "کَلَّمَ کلامَ الاُحکَلِ" اُس نے غیر مفہوم گفتگو کی۔
الحَکَل۔ فی الفرس: گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلا پن۔
الحُکلَۃ۔ کلام میں لکنت۔ کہا جاتا ہے "فی لِسانِہٖ حُکلَۃٌ" اُس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔
حَکَمَ (ن) حَکمًا۔ لوٹنا واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحکمَ فحکم" اس نے اس کو واپس کیا اور وہ واپس ہو گیا — الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھیے لفظ حکمہ) — ہ عن کذا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔
حَکُمَ (ک) حِکمَۃً۔ دانا ہونا۔
حَکَّمَہٗ۔ حاکم بنانا۔ حکمہ فی الامر: فیصلہ کرنے کے لیے سپرد کرنا — عن کذا: لوٹانا اور منع کرنا۔
حاکَمَہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ حاکمہ الی الحاکم: جھگڑے کو حاکم کے سامنے لیجانا
اَحکَمَ۔ الشیَ: مضبوطی سے کرنا۔ احکمتہ التجاربُ: دانا و عقلمند بنا دینا۔ اَحکَمَ السفیہَ: کسی بُرے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا بُرے انجام کو جتا دینا — ہ عن الامر: رد کرنا منع کرنا — الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا (دیکھیے الحکمہ)
تَحَکَّمَ۔ فی الامر: بغیر وجہ ظاہر ہوئے اپنی رائے سے فیصلہ کرنا۔ حکم جاری کرنا۔ خواہش کے مطابق تصرف کرنا۔

اِحتَکَمَ۔ فی الامر: حکم منظور کرنا — الناسُ الی الحاکم: مقدمہ لیجانا — علی فلان: ارادہ کے موافق طلب کرنا — فی الشیَ: خواہش کے مطابق تصرف کرنا — الامرُ: مضبوط ہونا۔
تَحاکَمُوا۔ الی الحاکم: مقدمہ لیجانا۔
اِستَحکَمَ۔ الامرُ: مضبوط ہونا — علیہ الکلامُ: مشتبہ ہونا۔
الحُکم۔ مص۔ فیصلہ۔ اَحکام۔
الحَکَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم فیصلہ کرنے والا۔ سر پنچ (مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے) رَجُلٌ حَکَمٌ: عمر رسیدہ مرد۔
الحِکمَۃ۔ انصاف۔ علم۔ بردباری۔ فلسفہ۔ حق کے موافق گفتگو۔ کام کی درستی ج حِکَم۔
الحَکَمَۃ۔ لگام کا وہ حصّہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی جانب ہو — من الانسان: چہرے کا سامنے کا حصّہ۔ قدر و منزلت۔
الحُکُومَۃ۔ مص۔ گورنمنٹ۔
الحاکِم۔ قاضی۔ حکم نافذ کرنے والا۔ ج حُکّام و حاکِمُون۔
الحَکِیم۔ دانا۔ عالم۔ ج حُکَمَاء، مونث حَکِیمَۃ۔ قصیدہ حکیمۃ: دانائی آمیز قصیدہ۔ الحَکِیم: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔
الاُحکُومَۃ۔ تحکم فی الامر کا اسم۔
المَحکَمَۃ۔ کچہری۔ ج مَحاکِم
المُحَکَّم۔ مفعو۔ آزمودہ (— والمُحکِّم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنیوالا۔
حَکَی (ض) حِکَایَۃً۔ عنہ الکلامَ: نقل کرنا — الخبرَ: بیان کرنا — فلانًا: مشابہ ہونا — الشیَ: مشابہ بنانا۔ حکی علیہ: چغلخوری کرنا — العقیدۃَ: باندھنا۔
اَحکَی اِحکاءً۔ العقدۃَ: باندھنا۔
حاکَی مُحاکاۃً۔ ہ: مشابہ ہونا۔

اِحتَکَی اِحتِکاءً۔ الامرُ: مضبوط ہونا۔
الحَکَیّ۔ چغلخور (مذکر و مونث)
حَلَّ (ن) حَلًّا۔ العقدۃَ: کھولنا۔
اِنحَلَّتِ۔ العقدۃُ: کھل جانا
حَلَّ (ن ض) حُلُولًا۔ علیہ الامرُ: لازم و واجب ہونا۔
حَلَّ (ن ض) حَلًّا و حَلَلًا و حُلُولًا۔ المکانَ و بالمکان: نازل ہونا — بہ فی المکان: اُتارنا۔
حَلَّ (ض) حِلًّا۔ الشیَ: حلال ہونا — الدینُ: ادائگی کا وقت پہنچنا — الیمینُ: قسم پوری ہونا — الرجلُ: احرام سے نکلنا۔
حَلَّ۔ الجامدُ: پگھلایا جانا — المکانُ: آباد ہونا۔
حَلَّ (س) حَلَلًا۔ پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت اَحَلّ ج حُلّ۔
حَلَّلَ تَحلِیلًا و تَحِلَّۃً و تَحِلًّا۔ الشیَ: حلال ٹھہرانا — الیمینَ: کفارہ ادا کرنا — حَلَّلَہٗ بالمکان: اُتارنا۔
اَحَلَّ اِحلالًا۔ عہد و میثاق سے آزاد ہونا — المُحرِمُ: احرام سے نکل جانا۔ اشہر حرم کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا — بنفسہ: مستحق سزا ہونا۔ اَحَلَّہٗ بالمکان او المکانَ: اُتارنا — الشیَ: حلال کرنا — علیہ الامرَ: واجب کرنا — الناقۃُ علی ولدہا: دودھ جاری ہونا۔
اِنحَلَّ۔ کھل جانا۔
تَحَلَّلَ۔ فی یمینہ: شرطیہ قسم کھانا۔ جیسے واللہ لافعلن ذلک ان شاء اللہ۔ یا الا ان یکون کذا — من یمینہ: کفارہ ادا کر کے آزاد ہو جانا۔ تحلّلہ: حلال کر دینے کو چاہنا۔
اِحتَلَّ۔ المکانَ و بالمکان: اترنا۔ اور ایسا ہی کہا جاتا ہے۔ اِحتَلَّ القومَ و بالقومِ۔ وہ قوم کے پاس اترا۔
اِستَحَلَّ۔ الشیَ: حلال سمجھنا۔ یا حلال

کرلینا۔ اِستَحَلَّ الشَیءَ: حلال ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔

الحَالّ۔ ف۔ ج حُلَّل وحُلُول وحُلّال۔

و(الحَلّال) حَالّ کا اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ حَلّالٌ لِلمُعقَدِ کاشِفٌ لِلمُبہَمات" فلاں گرہوں کا بڑا کھولنے والا اور مشکلات کے لیے کافی ہے۔

الحَلّ۔ تل کا تیل۔

الحِلّ۔ مصر۔ حلال۔ مکہ معظمہ کے اردگرد حرم محترم کے علاوہ جگہ۔ کسی جگہ میں اترنے والا۔ جیسے "ما زلتُ حِلاً بِهٰذا البَلَدِ" میں ہمیشہ اس شہر میں اترنے والا ہوں۔

والاَشہرُ الحِلّ: اشہر حرم کے علاوہ مہینے۔

الحِلّ: نشانہ جس پر تیر اندازی کی جائے قسم سے بریت۔

الحِلّ والحَلّ۔ احرام سے نکلنے کا وقت کہا جاتا ہے "فعلہٗ فی حِلِّہٖ وحُرمِہٖ" اس نے اس کو احرام میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔

الحَلَّۃ۔ حلول کا اسم مرۃ۔ نرکل کا بنا ہوا بڑا ٹوکرا۔ ــــ والحِلَّۃ اترنے کی جگہ مجلس جمع ہونے کی جگہ ــــ من الشیءِ: جہت و جانب۔ ج حِلَل وحِلال۔ اور کہا جاتا ہے "فیہ حَلَّۃ او حِلَّۃ" اس میں کمزوری ہے۔

الحِلَّۃ: اترنے کی ہیئت۔ نازل ہونے والی قوم جو بہت زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے "حَیٌّ حِلال" اترنے والا قبیلہ جن کے اندر بہت کثرت ہے۔

الحُلَّۃ۔ نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا۔ ہتھیار۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المُحارِبُ حُلَّتَہٗ وبَزَّتَہٗ" جنگ کرنے والے نے اپنا لباس اور ہتھیار استعمال کیا۔ ج حُلَل وحِلال۔

الحَلّالَۃ۔ چرخہ (مولدۃ)

الحَلال۔ ضد حرام۔ احرام سے نکلنے والا والسِحرُ الحَلال: تعجب انگیز امور جن سے عقل حیران ہو جائے۔ الحُلوُ الحَلال: کلام جس میں شک نہ ہو۔

الحِلال۔ ضد حرام۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔

الحَلِیل۔ حلال۔ شوہر (ــــ والحَلِیلَۃ) بیوی۔ الحَلِیل: گھر میں ایک ساتھ رہنے والا۔ ج اَحِلّاء مونث حَلِیل وحَلِیلَۃ ج حَلائِل

الاَحَلّ۔ ٹانگوں میں کمزوری والا۔ مونث حَلّاء ج حُلّ۔

الاِحلال۔ افعال حج سے فراغت۔

الاِحلِیل۔ پیشاب نکلنے کا سوراخ پستان میں دودھ نکلنے کا سوراخ۔ ج اَحالِیل

التَحِلَّۃ۔ قسم کا کفارہ۔ یا قسم میں استثناء۔

التَحلِیل۔ بمعنی الاحلیل۔

المَحَلّ۔ اترنا۔ اترنے کی جگہ۔ ج مَحالّ

مَحِلّ۔ الدَین: ادائگی قرض کا وقت

المُحِلّ۔ فا۔ رجل مُحِلّ: حرم کی پردہ دری کرنیوالا۔

المَحَلَّۃ۔ اترنے کی جگہ (المَحَلَّتان): ہانڈی چکی (المَحَلّات) ہانڈی چکی ڈول مشک پیالہ چھری کلہاڑی۔ اس لیے کہ جس کے پاس یہ سب چیزیں ہونگی وہ ہر جگہ اتر سکتا ہے۔

المُحَلَّل مفع۔ ماء مُحَلَّل: اونٹوں کے اترنے سے گدلا پانی۔ مکان مُحَلَّل: وہ جگہ جہاں کثرت سے لوگ اتریں روضۃ او مکان محلال: باغ یا مکان جہاں کثرت سے لوگ اتریں

حَلَأَہٗ (ف) حَلْأً۔ بالسیف: تلوار سے مارنا ــــ ہ بالسوط: کوڑے سے مارنا ــــ بہ الارضَ: پچھاڑ دینا۔ حَلَأَہٗ الشیءَ: دینا۔ حَلَأَ الجِلدَ: کھال اتارنا۔ حَلَأَہٗ واَحلَأَہٗ کسی کو سرمہ یا انجن لگانا۔ حَلَأَ لَہٗ حَلُوءًا کسی کے لیے سرمہ یا انجن رگڑنا۔

حَلِیَٔ (س) حَلَأً۔ الادیمُ: کھال اتارتے ہوئے چھری لگ کر خراب ہونا۔ حَلِئَتِ الشَفَۃُ: ہونٹ پر چھالہ پڑ جانا۔

حَلَّأَہٗ تَحلِیئًا وتَحلِئَۃً عن الماءِ: دھتکارنا۔ پانی پر اترنے سے روکنا ــــ ہ الشیءَ: دینا۔

الحُلُوءُ والحُلاءَۃ۔ سرمہ۔ چمڑے پر کی جھلی جس کو دباغ اتارتا ہے۔ ہر وہ چیز جس کو رگڑ کر آنکھ میں لگایا جائے۔

الحَلَأُ والتِحلِیءُ والتِحلِئَۃ۔ چمڑے پر کے بال۔ یا چمڑے کا میل و سیاہی۔ التِحلِیءُ: چھری لگا ہوا چمڑہ۔ الحَلَأ: بخار کے بعد ہونٹوں پر کا چھالہ۔

الحالِئَۃ۔ بہت زہریلا سانپ۔

التِحلِئَۃ۔ مص۔ بوجھل۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ تِحلِئَۃ" بوجھل مرد۔

المِحلَأُ والمِحلَأَۃ۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حَلْبًا وحَلَبًا وحِلابًا۔ الشاۃَ: دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدہرَ اَشطُرَہٗ" اس نے زمانے کے امور خیر و شر کو آزمایا (اَشطُر اونٹنی کے تھن کے بالکھ کو کہتے ہیں) "حَلَبتَ بالساعدِ الاَشَدّ" جبکہ تم ایسے آدمی سے مدد لو جو تمہارے کام کو اچھی طرح انجام دے۔ "ما لَہٗ حَلَبٌ ولا حَلَبٌ" اس کے لیے نہ اونٹنیاں ہیں نہ اونٹ۔ حَلَبَ الرجلُ: زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَبتُ واَحلَبتُ۔ الرجلَ: دوسرے کے لیے دوہنا۔ حَلَبتُہٗ واَحلَبتُہٗ ناقتی: دوہنے کے لیے دینا۔ حَلَبَ القومُ حَلَبًا وحُلُوبًا و اَحلَبُوا: ہر طرف سے مدد کے لیے جمع ہونا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا۔ الشعرُ: کالا ہونا۔

حَالَبَہٗ۔ ساتھ مل کر دوہنا (ــــ واَحلَبَہٗ) مدد کرنا۔

تَحَلَّبَ وانحَلَبَ۔ العرقُ او الدمعُ: بہنا ــــ عینُہٗ: آنسو بہانا ــــ فمُہٗ: تھوک ٹپکانا۔

اِحتَلَبَ واستَحلَبَ۔ دودھ نکالنا۔ اِحتَلَبَ الناقۃَ: دوہنا۔ اِستَحلَبَ القومُ: مدد کے لیے جمع ہونا۔

الحَلَب۔ مص (ــــ والحَلِیب) دوہا ہوا دودھ کہا جاتا ہے "شربتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔

کھجور کی شراب۔ حَلَبُ الکَرْمِ وحَلَبُ العَصِیر: شراب۔ کہا جاتا ہے "ذاقوا حَلَبَ امرِہم" یعنی اُنہوں نے اپنے کام کے وبال کا مزہ چکھا۔

"دَمٌ حَلِیبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے "ناقۃٌ (حَلْبَی) رَکْبَی او (حَلْبَانَۃٌ) رَکْبَانَۃٌ" دودھ دینے والی اور سواری کے قابل اونٹنی۔

الحَلْبَۃ۔ ایک بار دوہنا۔ ایک دفعہ کی گھوڑوں کی دوڑ۔ کہا جاتا ہے "یجری کل فی حَلْبَۃٍ من حَلَبَاتِ المجد" وہ مجد و بزرگی کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے۔ الحَلْبَۃ: گھوڑے جو دوڑ کے لیے جمع کیے جائیں۔ ج حَلَبَات وحَلَائِب

الحَلْبَتَان۔ صبح شام۔ (چونکہ یہ دونوں اوقات دودھ دوہنے کے ہیں)۔

الحُلْبَۃ۔ میتھی۔ زیرہ کی خوراک۔

الحُلْبَۃ۔ زیرہ کی خوراک۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے علیحدہ ہو جائے۔

الحَالِب۔ خا۔ ج حَلَبَۃ

الحَالِبَۃ۔ تھن کے اردگرد کی رگیں۔ ج حَوَالِب

حَوَالِبُ البِئْرِ: کنوئیں کا سوت۔ حَوَالِبُ العَیْنِ: آنکھ کی وہ رگیں جن سے آنسو نکلتا ہے۔

الحَالِبَان۔ دو رگوں کا نام جن سے پیشاب گردے سے مثانہ کی طرف آتا ہے۔

الحِلَاب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلَّاب۔ بہت دوہنے والا۔ یَوْمٌ حَلَّابٌ نمناک دن۔

الحَلُوب والحَلُوبَۃ۔ من الابل او الغنم: دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری۔ دوہی ہوئی۔ ج حُلُب وحَلَائِب۔

الحَلَائِب۔ جماعتیں۔ کسی شخص کے مددگار لوگ جو چچا کی اولاد سے ہوں۔

الحُلْبُوب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسودُ حُلْبُوبٌ" بہت کالا

الحِلِبْلَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلَّب والحُلْبَان والحِلِبْلَاب و الحُلْبُوب۔ مختلف نباتات کے نام۔

شاۃ (مِحْلَابَۃٌ ومُحْلِبَۃٌ ومِحْلِبَۃٌ ومُحَلِّبَۃٌ ومُحْلَبَۃٌ)۔ حاملہ ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحْلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج مَحَالِب

المَحْلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ۔ ج مَحَالِب ایک قسم کا درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحْلِب۔ ف۔ کہا جاتا ہے "فلان مُحْلِبٌ مُحْلِبٌ" یعنی فلاں شخص کے اونٹ بچے ہوئے جن میں سے وہ مادہ سے دودھ دوہتا ہے اور نر کو بیچنے کے لیے لیجاتا ہے۔ الحَلِیب: مددگار اور بقول بعض مددگار جو اپنی قوم کا نہ ہو۔

الحَلْبَد۔ چھوٹا اونٹ۔ مونث حلبدۃ۔

الحَلَنْبَس۔ بہادر۔

الحَبَلْبَس۔ بہادر۔ کسی شے کو لازم ہو کر رہنے والا۔ شیر۔

الحِلْبِیس۔ شیر۔

حَلَتَ (ن، ض) حَلْتًا۔ الرأسَ: مونڈنا ——— الصوفَ: نمک لگائے ہوئے چمڑے سے بال اکھیڑنا ——— الدَّیْنَ: ادا کرنا۔ ——— ظَہْرَ الخَیْلِ: جمٹ کے رہنا ——— بِسَلْحِہٖ: پاخانہ کرنا۔

الحُلَاتَۃ۔ اون کا اکھیڑتے وقت گرہوا۔

الاَحْلَت۔ وہ جس کا بال یا اون اکھیڑ دیا گیا ہو۔

الحَلِیت۔ یخ۔ اولہ۔ پالا۔

الحِلْتِیت والحِلِتِّیت۔ ہینگ۔

الحِلْتِیث۔ ہینگ۔

حَلَجَ (ن، ض) حَلْجًا۔ الخُبْزَۃَ: بیلن سے بڑھانا اور گول کرنا ——— فی المشی: آہستہ آہستہ چلنا۔ ——— دوڑنے میں قدم کشادہ رکھنا ——— القومُ لیلتَہم: چلنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ القومُ یَحْلِجُونَ لیلتَہم" قوم ساری رات چلتی رہی۔ حَلَجَ القُطْنَ: دھن کر بنولے نکالنا۔ صفت (حَلَّاج) اور صفت مفعولی (حَلِیج ومَحْلُوج) ——— الحَبْلَ: بٹنا ——— الرجلَ بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔

تَحَلَّجَ الخَزْرَجُ: بادل کا چمکنا ——— فی صدرہ: کھٹکنا۔

اِحْتَلَجَ۔ حقہ: لینا۔

الحُلْجَۃ والحَلَجَۃ۔ مسافت۔

الحِلَاجَۃ۔ دھنے کا پیشہ۔

الحَلُوج۔ چمکنے والا بادل

الحُلُج۔ بہت کھانے والے۔

الحَلِیجَۃ۔ دودھ جس میں کھجور تر کی گئی ہو۔ ج حُلُج۔

المِحْلَج والمِحْلَاج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج مَحَالِج ومَحَالِیج۔ المِحْلَج: لکڑی جس پر چرخی گھومتی ہے۔

المَحْلَج والمَحْلَجَۃ: وہ جگہ جس پر روئی دھنی جائے۔

حَلْحَلَ الشیءَ: حرکت دینا۔ ہٹانا ——— القومَ: قوم کو ان کی جگہ سے علیحدہ کر دینا۔

تَحَلْحَلَ۔ عن مکانہ: حرکت کرنا۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔

الحُلَاحِل۔ سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج حَلَاحِل اِنہی معانی میں مُحَلْحَل و مُتَحَلْحِل بھی ہیں۔

حَلَزَ (ن) حَلْزًا۔ الجلدَ او العودَ: چھیلنا

تَحَلَّزَ الشیءُ: باقی رہنا ——— القلبُ: دردمند ہونا ——— للامر: تیار ہونا ——— بالمکان: اقامت کرنا۔

اِحْتَلَزَ۔ منہ حقہ: لینا۔

الحِلَّزِیل۔ بدخلق پست قد۔ ماش۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد (حِلَّزَۃ)

الحَلَزُون۔ ایک قسم کا آبی جانور جو سیپی میں ہوتا ہے۔ سنکھ۔

الحَلَزُونَۃ۔ فی عرف الحدادین والنجارین: لوہاروں اور بڑھیوں کے عرف میں پیچدار کیل کو کہتے ہیں۔ شکل، وخط حَلَزُونی: گھونگھے کی ہیئت کی شکل۔

حَلَسَ (ض) حَلْسًا۔ البعیرَ: ٹاٹ سے

ڈھانپنا ـــ الرجلُ بالشئِ: بہت حریص ہونا ـــ السماءُ: لگاتار نرم برسنا۔

حَلِسَ (س) حَلَسًا و مَحْلَسًا ـ بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا ـــ لِلْامرِ: کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "ما تَحَلَّسَ منہ بشیءٍ وما تَحَلَّسَ شیئًا" اس نے اُس میں سے کچھ نہیں پایا۔

أَحْلَسَ ـ الرجلُ: مفلس ہونا ـــ فلانًا فی البیع نقصان پہنچانا ـــ ہ: عہد و میثاق کرنا۔ أَحْلَسَتِ السماءُ: لگاتار ہلکی بارش ہونا ـــ الارضُ: سرسبز ہونا۔ أَحْلَسَہ الخوفَ: خوف لازم کرنا۔

حَالَسَہ ـ لازم ہونا۔ حَالَسَ البعیرَ: ٹاٹ سے ڈھانپنا۔

اِحْلَسَّ ـ سُرخ مائل بسیاہی ہونا۔ صفت (أَحْلَس) مونث (حَلْسَاء)

اِسْتَحْلَسَت ـ الارضُ: سرسبز ہونا۔ ـــ النبتُ: زمین کو ڈھانپ لینا ـــ اللیلُ: سخت تاریک ہونا ـــ الخوفُ فلانًا: خوف کا لازم رہنا۔

الحِلْس والحَلَس ـ ٹاٹ ـ زین یا کجاوہ کے نیچے بچھانے کا کپڑا قیمتی فرش کے نیچے بچھانے کا کپڑا۔ ج أَحْلاس و حُلُوس و حِلَسَۃ۔ أَحْلاسُ الخیلِ: گھوڑوں پر ہی سوار ہونے والے۔ اور کہا جاتا ہے "فلاں حِلْسُ بیتِہ" فلاں ہمیشہ اپنے گھر ہی میں رہتا ہے۔ اور یہ عربوں کے نزدیک قابل مذمت ہے۔ "ہو حِلْسٌ من أَحْلاسِ البلادِ" یعنی وہ صاحب عزت و قوت ہے اور یہ قابل مدح ہے) "کونوا أَحْلاسَ بیوتِکم" تم ہمیشہ خانہ نشین رہو "ہذا لیس من أحلاس فلانٍ" یہ فلاں کا کفو نہیں ہے۔ "نَقَضْتُ کذا ونقضتُ أحلاسَہ" یعنی میں نے اُسے چھوڑ دیا۔ الحِلْس: عہد و پیمان جوئے کا چوتھا تیر سردار۔ بہادر رسام حِلْس: گدھی

الحَلْس ـ مصدر ـ عہد و پیمان

الحَلِس ـ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے جُدا نہ ہو۔ سُرخ سیاہی مائل۔

الحَلُوس ـ حریص۔ لالچی۔

ارض (مُحْلِسَۃ) وہ زمین جس میں گھاس بہت اُگی ہوئی ہو۔

الحِلَّسْم ـ لالچی۔ حریص۔

حَلَطَ (ن) حَلْطًا۔ قسم کھانا ـــ فی الامر اصرار کرنا اور جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔

حَلِطَ (س) حَلَطًا و اِحْتَلَطَ ـ علیہ: غضبناک ہونا ـــ منہ: زچ ہونا۔

أَحْلَطَ ـ بمعنی حَلَطَ ـــ ہ: غضبناک کرنا ـــ بالمکان: اقامت ـــ فی الیمین: کوشش کرنا۔

حَلَفَ (ض) حَلْفًا و حِلْفًا و حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَۃً و مَحْلُوفَاء ـ باللہ: قسم کھانا۔

أَحْلَفَہ و حَلَّفَہ و اِسْتَحْلَفَہ ـ قسم کھلانا۔

حَالَفَہ مُحَالَفَۃً ـ معاہدہ کرنا۔ حالف فلانًا حزنُہ: غم کا لازم ہونا۔

تَحَالَفُوا ـ باہم عہد و پیمان کرنا۔

الحَلْف والحَلِف والأُحْلُوفَۃ ـ قسم۔

الحِلْف ـ مصدر ـ عہد و پیمان۔ دوستی۔ دوست جو بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔ ج أَحْلاف کہا جاتا ہے "فلاں حِلْفُ کذا" یعنی فلاں اس سے جُدا نہیں ہوتا۔

الحَلْفَاء ـ ایک بوٹی نوکیلی جیسے کھجور کی شاخ پانی بہنے کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد حَلَفَۃ و حَلْفَاء۔

الحَلْفَاء ـ بہت چیخنے والی لونڈی۔ ج حُلْف و حُلُف۔

ارض (حَلِفَۃ و مُحْلِفَۃ) حلفاء گھاس والی زمین

الحُلَافِی ـ وہ جگہ جس میں حلفا گھاس بہت اُگے۔

الحَلَّاف والحَلَّافَۃ ـ بہت قسمیں کھانیوالا

الحَلِیف ـ عہد و پیمان کرنے والا۔ لازم۔ ساتھی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ حَلِیفُ الجُودِ" فلاں جود و بخشش کا حلیف ہے یعنی بڑا فیاض ہے "فلان حَلِیفُ اللسانِ" فلاں چرب زبان فصیح ہے۔ ج حُلَفَاء۔

المُحْلِف ـ شک کی چیز جس کے ثابت کرنے کے لیے قسم کی ضرورت ہو کہا جاتا ہے "ہذا غلامٌ مُحْلِفٌ" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے احتلام میں شک ہے۔

الحِلْفِس ـ بہت گوشت والی بکری۔

الحُلْفُق ـ جنگلہ۔

حَلَقَ (ض) حَلْقًا و تِحْلاقًا ـ الراسَ: مونڈنا۔

حَلَقَ (ن) حَلْقًا ـ الرجلَ: حلق پر مارنا ـــ الحوضَ: بھرنا ـــ الشیءَ: چھیلنا ـــ السنۃُ القومَ: مصیبت میں ڈالنا۔ صفت (حَلُوق) ـــ القومُ بعضُہم بعضًا: ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

حَلِقَ (س) حَلَقًا ـ حلق کے درد والا ہونا

حَلَّقَ ـ الراسَ: مونڈنا (تشدید کثرت کے لیے ہے) ـــ الطائرُ: اُڑنے میں چکر لگانا ـــ القمرُ: ہالہ پڑنا ـــ الشیءَ: حلقہ کی مانند بنانا ـــ الاناءُ من الشراب: بھرنا ـــ الحوضُ: خشک ہونا ـــ عینُ الحیوان: دھنس جانا ـــ النجمُ: بلند ہونا ـــ ضرعُ الناقۃ: دودھ کا خشک ہوجانا۔

أَحْلَقَ ـ الاناءُ والحوضُ: بھرنا۔

تَحَلَّقَ ـ القومُ: حلقہ بنا کر بیٹھنا ـــ القمرُ: ہالہ پڑنا۔

اِحْتَلَقَ ـ الراسَ: مونڈنا۔

الحَلْق ـ مصدر۔ گلا۔ ج أَحْلاق و حُلُوق و حُلُق۔ حُلُوق ـ الارض: نالیاں۔ وادیاں۔ کہا جاتا ہے "أَخَذُوا فی حُلُوقِ الطریقِ" انہوں نے تنگ راستے اختیار کیے۔ الحَلْق ـ بدبختی۔

الحَلْقَۃ ـ ہر گول چیز مثلہ رسّی۔ ج حَلَق و حَلَقَات ـ وحلقۃ القوم: قوم کا دائرہ۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَہ فی حَلْقَتِہ" اُس نے اُس سے مانگا

جبکہ وہ مانگنے والوں کے حلقہ میں تھا۔
حلقۃ الحوض: حوض کا بھرنا۔
حَلِقَۃ۔ الباب اوالقوم: دروازہ کا حلقہ یاقوم کا دائرہ۔
الحِلَق۔ بادشاہ کی انگوٹھی۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی بہت مویشی۔
الحَلِق۔ بے بال کا۔ راسٌ حَلِقٌ: بے بال کا سر۔
الحَلاقِ وحَلاقِ۔ بروزن قطامِ مبنی علی الکسر معدول از حَالِقَۃ: موت۔
الحِلاَق۔ گلا۔
الحُلاقِ والحُوْلَق۔ گلے کا درد
الحَلاَّق۔ نائی۔ حجام۔
الحُلاَقَۃ۔ مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاَقَۃ۔ نائی کا پیشہ۔
الحَالِق فا۔ ج حَلَقَۃ ــــ من الجبال: بلند پہاڑ جس میں پیداوار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "جاء من حَالِق" وہ بلند جگہ سے آیا۔ "ہَوَی مِن حَالِق" وہ اونچی جگہ سے گرا یعنی ہلاک ہوگیا۔ ضرع حالق: بھرا ہوا تھن۔ پیٹ سے سمٹا ہوا تھن (ضد)۔ ج حُلَّق و حَوَالِق۔
الحَالِقَۃ۔ الحالِق کا مونث۔ موت۔ بُرا قول۔ سخت سال۔ ج حَوَالِق۔
الحَالُوق۔ موت۔
الحَالُوقَۃ۔ من السیوف اوالرجال: تیز
الحَوْلَق والحَیْلَق۔ بلا و مصیبت
الحَوْلَقَۃ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہنا
الحَلِیق۔ مونڈا ہوا۔ کہا جاتا ہے "شعرٌ حَلِیق ولحیۃٌ حَلِیق" مونڈا ہوا بال مونڈی ہوئی داڑھی۔ ج حَلْقی
المِحْلَق۔ استرہ۔ سخت کمبل۔
الحِلْقِد۔ بدخو۔
حَلْقَمَہ۔ گلا کاٹنا۔
الحُلْقُوم۔ گلا۔ ج حَلاقِیم
حَلِکَ (س) حُلُوکۃً و حَلَکاً و حُلُوکاً و

اِحْلَوْلَکَ واِسْتَحْلَکَ۔ سخت سیاہ ہونا۔ صفت (حَالِک وحَلِک)
الحَلَک والحُلْکَۃ۔ سخت سیاہی۔
الحَلَکَۃُ والحَلَکَاءُ والحُلُکَاءُ والحَلْکَاءُ والحَلَکَاءُ والحُلُکَّی۔
الحُلْکُوک والحُلَکِلِک۔ سخت سیاہ
الحَلَکَم۔ سیاہ۔
الحَلَکَمَۃ۔ سیاہی۔
حَلَمَ (ن) حُلْماً وحُلُماً۔ فی نومہ: خواب دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَمَہُ وحَلَمَ بِہِ" اس نے اس کو خواب میں دیکھا۔ حلم الصبیّ و (احتلم) بالغ ہونا (ــــ حَلَماً) الجلد: کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلْماً۔ درگزر کرنا۔ بردبار ہونا صفت (حلیم) ج حُلَمَاء و اَحْلاَم۔ مونث حَلِیمَۃ۔
حَلِمَ (س) حَلَماً۔ الجلدُ: خراب ہونا اور کیڑے پڑنا۔ صفت (حَلِم وحَلِیم)
اَحْلَمَت۔ المرأۃُ: حلیم و بردبار بچے جننا
حَلَّمَہ تَحْلِیماً وحِلاَّماً۔ بردبار بنانا۔
حَلَّمَ الجِلْدَ: کیڑے نکالنا ــــ القِربۃَ: بھرنا۔
تَحَلَّمَ۔ بردبار بننا ــــ الحِلْمَ: بردباری سے کام لینا ــــ الرجلُ: موٹا ہونا۔ تحلّمت القربۃ: پانی سے بھر جانا۔
تَحَالَمَ۔ تکلف سے بردباری ظاہر کرنا۔
اِحْتَلَمَ واِحْتَلَمَ۔ فی نومہ: خواب دیکھنا
الحِلْم۔ صبر و آہستگی۔ بردباری۔ اور کبھی جہل و بیوقوفی کے مقابلہ میں آتا ہے جیسے "وَاِنَّ سَفَاہَ الشَّیخِ لاحِلْمَ بَعدَہ" عقل۔ ج۔ اَحْلام و حُلُوم کہا جاتا ہے "تامرہم احلامہم بہذا" ان کی عقلیں اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلُم۔ مص۔ خواب۔ ج اَحْلام۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذہ اَحْلامُ نائم" یہ جھوٹی آرزوئیں ہیں۔
الحَلَمَۃ۔ سرپستان۔ ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے میں لگ جاتا ہے اور اس کو خراب کر دیتا ہے۔ ج حَلَم۔

الحَلِیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ موٹاپے کی چربی۔
الحُلاَّم۔ بکری کا بچہ۔
الحَالُوم۔ ایک قسم کا پنیر۔ یا گاڑھا دودھ جو تازہ پنیر کے مشابہ ہو جائے۔
الحَیْلَم۔ چھوٹے جانور۔
المَحْلَمَۃ۔ بہت کیڑے والا۔ ج مَحَالِم
الاَحْلاَم۔ اجسام (جمع ہے بغیر مفرد کے)
حَلاَ (ن) وحَلُوَ (ک) وحَلِیَ (س) حَلاوۃً وحُلْوَاناً۔ میٹھا ہونا ــــ الفاکہۃُ: پختہ ہونا حَلاَ کذا الشئُ: لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْو) اور کہا جاتا ہے۔ حَلِیَ فی عینی وبعینی" وہ میری آنکھوں میں بھلا معلوم ہوا۔ حَلاَ منہ بخیر: خیر و منفعت حاصل کرنا۔
حَلاَہُ (ن) حَلْواً وحُلْوَاناً۔ تھوڑا یا پورا مہر وصول کرنے کی شرط پر لڑکی یا بہن کی شادی کرنا وحلاہ کذا او بکذا: دینا کہا جاتا ہے "حلاہ حلوانہ" اس نے اسے بدلہ دیا (ــــ وحَلِیَ) الشئَ (تحلیۃ) میٹھا بنانا (حَالاَہُ محالاۃً) الرجلَ: خوش طبعی کرنا۔
اَحْلاَہُ اِحْلاءً۔ میٹھا پانا یا میٹھا بنانا۔ کہا جاتا ہے "مایُمِرُّ ولا یُحْلی" یعنی نہ وہ کڑوی باتیں کرتا ہے نہ میٹھی یا نہ اچھا کام کرتا ہے نہ برا
تَحَلَّت۔ المرأۃُ: زیور پہننا۔ کہا جاتا ہے۔ "تحلّی فلانٌ بمالیس فیہ" فلاں نے اپنے آپ کو ایسی چیزوں سے آراستہ کیا جو اس کے اندر نہیں ہیں۔
تَحَلّٰی واِحْلَوْلٰی واسْتَحْلٰی۔ الشئَ: میٹھا پانا۔ واحلولی الشئُ: میٹھا ہونا۔
تَحَالٰی۔ حلاوت ظاہر کرنا۔
الحُلْو۔ میٹھا۔ لذیذ خوشگوار۔ خوبصورت
الحُلْوَان۔ دلال و کاہن کی اجرت۔ مہر۔ بدلہ۔
الحَلاَءَۃ والحَلاوَۃ والحَلاوَاء و الحُلاوَی من القفاء: گدی کا درمیانی حصہ

ج- حَلَاوٰی
الحَلْوَاء والحَلْوٰی - حلوا - میٹھا میوہ - ج حَلَاوٰی -
الحَلْوَانِی - حلوا فروش - حلوا بنانے والا -
الحُلْوُ - من الرجال: دیکھنے میں اچھا معلوم ہونے والا -
الحلی - لذیذ اور میٹھا - ناقة حلیة:
حَلَیٰ (ض) حَلْیًا - المرأةَ: عورت کے لیے زیور بنانا - آراستہ کرنا -
حَلِیَتْ (س) حَلْیًا - المرأةُ: زیور پہننا - صفت حَالٍ و حَالِیَة ج حَوَالٍ - کہا جاتا ہے "شجرة حالیة" پتے والا پھل دار درخت - حلی منہ بخیر: خیر و نعمت پہنچنا -
حَلّٰی تَحْلِیَةً - المرأةَ: زیور پہنانا یا زیور بنانا - و حلّی الشیءَ: آراستہ کرنا -
تَحَلّٰی - آراستہ ہونا یا زیور پہننا
الحَلی - پھنسیاں جو بچوں کے منہ میں نکلتی ہیں
الحَلْیُ - ج حُلِیّ و حِلِیّ و (الحِلْیَة) ج حِلًی و حُلًی (خلاف قیاس) زیور - حِلْیَة الانسان: انسان سے جو رنگ اور ہیئت دکھلائی دے -
الحَلِیّ - خشک -
حَمَّ (ن) حَمًّا - التَّنُّورَ: گرم کرنا - الشحمَ: پگھلانا - الماءَ: گرم کرنا - الارتحالَ: جلدی کرنا - حَمَّ اللّٰهُ لَہُ کذا: مقدر کرنا - الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا - کہا جاتا ہے "حَمَّ حَمَّہُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا -
حُمَّ - الامرُ: فیصلہ کیا جانا - الشیءُ: قریب ہونا - الرجلُ: بخار زدہ ہونا - لہ کذا: مقدر کیا جانا -
حَمَّ (س) حَمَمًا - کالا ہونا - الماءُ: گرم ہونا -
حَمَّمَ الغلامُ: سبزہ آغاز ہونا - الرأسُ: مونڈنے کے بعد بال نکلنا - المکانُ: روئیدگی ظاہر ہونا - الشیءَ: کالا کرنا - الماءَ: گرم کرنا - الرجلَ: کوئلے سے منہ کالا کرنا -
— المرأةَ: طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا
أَحَمَّہُ - اللّٰہُ: بخار میں مبتلا کرنا - أَحَمَّ الشیءُ: قریب ہونا - المکانُ: بہت بخار والی جگہ ہونا - الماءَ: گرم کرنا - اللّٰہ لہ کذا: مقدر کرنا - الشیءَ: کالا کرنا - الامرُ فلانًا: غم میں ڈالنا -
تَحَمَّمَ - کالا ہونا -
إِحْتَمَّ - غمگین ہونا - غم کی وجہ سے نہ سونا - العینُ: بغیر درد کے بیدار رہنا -
إِسْتَحَمَّ - پانی سے غسل کرنا - حمام میں داخل ہونا - پسینہ والا -
الحَمّ - مص - حَمُّ الظهیرة: دوپہر کی سخت گرمی - کہا جاتا ہے "ما لہ حَمٌّ عن ذلک او منہ" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں - حَمُّ الشیء و (حُمُّہُ) چیز کا بڑا حصہ -
الحُمّٰی - بخار - ج حُمَّیات
الحَمَّة - گرم پانی کا چشمہ -
الحُمَّة - سیاہی - سبزی اور سیاہی کے درمیان رنگ - بخار - ہر مقدر و فیصل شدہ چیز - اور اسی سے ہے "حُمَّة الفراق" کہا جاتا ہے "عجلت بنا دیکم حُمَّة الفراق" مقدر شدہ فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی - ج حُمَم و حِمام -
الحُمَم - حُمَّة کی جمع - کوئلہ - راکھ - ہر وہ چیز جو آگ میں جل جائے - واحد (حُمَمَة)
الحِمَّة - موت - پسینہ -
الحَمَام - کبوتر - واحد (حَمَامَة) اور کہا گیا ہے کہ حمامة کا اطلاق نر و مادہ دونوں پر ہوتا ہے - اس لیے کہ اس میں "ۃ" تانیث کے لیے نہیں بلکہ تائے وحدت ہے اور بسا اوقات حمام مفرد کے لیے بھی بولتے ہیں - ج حَمَائِم و حَمَامَات - حَمَام الزاجل او الزَّجّال: پیغام و خطوط لیجانے والے کبوتر -
ساق الحمام و رِجل الحمام: دو قسم کی گھاس کے نام - بیض الحمام: انگور کی ایک قسم جس کے دانے بڑے ہوتے ہیں - عنق الحمام: ایک قسم کا رنگ جو سرخ اور نیلے کے درمیان ہوتا ہے -
الحِمَام - موت -
الحُمَام - جانوروں خصوصًا گھوڑوں کا بخار - سردار شریف -
الحُمَامِی - ایک قسم کی گھاس - کھال کی سرخی
الحَمَّام - غسل کرنے کی جگہ - یہ بکثرت تانیث مستعمل ہوتا ہے اور کبھی مذکر بھی - ج حَمَّامات -
الحَمَّامِی - حمام والا - حمام کا نگہبان -
الحَامَّة - اپنے خاص لوگ - عمدہ اونٹ -
الحَمِیْم - قریبی رشتہ دار - دوست - ج أَحِمَّاء - گرم پانی - ٹھنڈا پانی - چنگاری جس سے دھونی دی جائے - ج حَمَائِم - الحَمِیْم: گرمی پسینہ سخت گرمی کے بعد بارش - کہا جاتا ہے "ہو حَمِیْمٌ بالحاجة" وہ حاجت پر فریفتہ -
الحَمِیْمَة - حمیم کا مونث - گرم پانی - گرم کیا ہوا دودھ - عمدہ نسل کا اونٹ - ج حَمَائِم -
الأَحَمّ - بہت خاص و بہت قریبی - کالا - سفید (ضد) بے پھل کا تیر - ج حُمّ -
المِحَمّ - پانی گرم کرنے کا برتن -
المُحِمّ - قریب -
المَحَام - ثابت
المَحْمُوم - بخار والا - مقدر - کہا جاتا ہے "نزل بہ القضاء المحموم" اس پر قضاء مقدر کا نزول ہوا
المُسْتَحَمّ - غسل کرنے کی جگہ -
الیَحْمُوم - کالا - دھواں -
حَمَأَ (ف) حَمْأً - البئرَ: کنویں سے کیچڑ نکالنا -
حَمِیَ (س) حَمَأً و حَمْأً - الماءُ: پانی میں کیچڑ ملی ہوئی ہونا - صفت حَمِیٌّ
أَحْمَأَ - البئرَ: کنویں میں کیچڑ ڈالنا -
الحَمْءُ و الحَمَأ - و الحمو و الحما بلا ہمزہ: عورت کا خسر - شوہر کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے دیور - جیٹھ - خسر
الحَمَأ و الحَمْأَة - کیچڑ
حَمَتَہُ (ض) حَمْتًا - اللّٰہُ علیہ:
حَمِتَ (س) حَمْتًا - الجوزُ وغیرہ: اخروٹ وغیرہ

کا خراب ہونا۔
حَمُتَ (ک) حُمُوتَۃً ۔ الیومُ : دن کا سخت گرم ہونا۔
حَمُتَ ۔ اللونُ او الطعمُ : رنگ یا مزہ صاف اور خالص ہونا۔
الحَمْتُ ۔ مـ ۔ یومٌ حَمْتٌ : سخت گرم دن تمرٌ (حَمْتٌ وحامِتٌ) بہت میٹھی کھجور۔
الحَمِیتُ ۔ من اللون او الطعم : خالص صاف رنگ یا مزہ۔ کہا جاتا ہے "تمرٌ حمیت وعَسَلٌ حَمِیتٌ" اچھے رنگ والی کھجور۔ خالص شہد۔ غضبٌ حَمِیتٌ : سخت غصہ۔ الحمیت : بال دار مشک جس میں گھی شہد یا زیتون کا تیل رکھتے ہیں۔ بعضوں نے کہا کہ حمیت وہ مشک ہے جس میں بال نہ ہوں
حَمَّجَتْ ۔ العینُ : آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔ حَمَّجَ الوجہُ : چہرہ کا غصہ وغیرہ سے بدلنا حَمَّجَ الیہ : تیز نظر سے دیکھنا ۔۔۔ عینہ : گھور کر دیکھنا۔
الحَمُّوجُ ۔ ہرن وغیرہ کا چھوٹا بچہ۔
حَمْحَمَ وتَحَمْحَمَ ۔ البرذونُ او الفرسُ : ہنہنانا ۔ تَحَمْحَمَ : کالا ہونا۔
الحَمَاحِمُ ۔ چوڑے پتے کا پودینہ ۔ واحد (حَمَاحِمَۃ)
الحِمْحِمُ والحُمْحُمُ ۔ ایک قسم کا پرندہ گاؤزبان ۔ واحد (حِمْحِمَۃ وحُمْحُمَۃ)
حَمِدَہُ (س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و مَحْمِدًا و مَحْمَدَۃً ومَحْمِدَۃً ۔ فضیلت کی بنا پر تعریف کرنا ۔۔۔ ہ علی امر : بدلہ دینا ۔۔۔ الشیئَ : قابل تعریف پانا اور کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ الیکَ اللہَ" یعنی تیرے ساتھ اللہ کی تعریف کرتا ہوں ۔ یا تیرا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس کے ساتھ اللہ کی نعمتوں کا بھی
حَمَّدَ ۔ اللہَ : بار بار تعریف کرنا اور الحمد للہ کہنا۔
اَحْمَدَ ۔ قابل تعریف کام کرنا ۔۔۔ الشیئُ : قابل تعریف ہونا ۔۔۔ الشیئَ : قابل تعریف پانا ۔۔۔ ہ : فعل پر راضی ہونا ۔ تعریف کا قصداً ظاہر ہونا۔
تَحَمَّدَ ۔ بالشیئِ علی فلان : احسان جتانا اور کہا جاتا ہے "یَتَحَمَّدُ النَّاسَ بِفَضْلِہِ" یعنی ان کے سامنے ظاہر کرتا ہے کہ وہ محمود ہے۔
اِسْتَحْمَدَ ۔ اللہُ الی خلقہ : مخلوق کو انعام و احسان کرکے
الحَمْدُ ۔ مـ ۔ تعریف ۔ تعریف کیا ہوا ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حَمْدٌ وامرأۃٌ حَمْدۃٌ" تعریف کیا ہوا مرد، تعریف کی ہوئی عورت۔
حَمَادِ ۔ لہ : بمعنی حمداً لہ۔
الحُمَادُ ۔ غایت ۔ انتہائی کوشش ۔ کہا جاتا ہے "حُمَادُکَ او حُمَادَاکَ ان تفعلَ کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَمَّادُ والحَمَّادَۃُ ۔ بہت تعریف کرنیوالا۔
المَحْمَدَۃُ ۔ قابل تعریف کام ۔ ج مَحَامِد
المُحَمَّدُ ۔ بہت عمدہ خصلتوں والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔
الحَمِیدُ والمَحْمُودُ ۔ تعریف کرنے والا۔ تعریف کیا ہوا مونث حَمِیدَۃ۔
الحُمَدَۃُ ۔ بہت تعریف کرنے والا۔
حَمَدَۃُ ۔ النار : آگ کے شعلہ کی آواز
حَمْدَلَ ۔ الحمد للہ کہنا۔
الحُمَاذِیُّ ۔ گرمی کی سختی۔
حَمِرَ (س) حَمَرًا ۔ الفرسُ : بدہضمی والا ہونا۔ یا بدبودار منہ والا ہونا ۔ صفت (حَمِرٌ) ۔۔۔ الرجلُ : غصے سے بھڑک اٹھنا۔
حَمَرَ ۔ الجلدَ : بری دباغت دینا ۔۔۔ الشیئَ : سرخ رنگنا ۔۔۔ ہ : کسی کو اے گدھے کہنا۔
اَحْمَرَ ۔ سرخ بچہ والا ہونا ۔۔۔ الدابۃَ : چارہ دینا یہاں تک کہ منہ بدبودار ہوجائے۔
اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا ۔ سرخ ہونا۔
اِحْمَارَّ اِحْمِیرَارًا ۔ بتدریج بہت سرخ ہونا
اِنْحَمَرَ ۔ ما علی الجلد : کھرچ جانا۔
الحُمَرُ ۔ ایک قسم کی رال جس کو عوام الحُمَر کہتے ہیں ۔۔۔ والحُمَرُ ۔ ایک سرخ رنگ کا پرندہ واحد (حُمَرۃ وحُمَّرۃ)
الحُمْرَۃُ ۔ سرخ رنگ ۔ ایک قسم کی وبائی بیماری جس کی وجہ سے بخار آتا ہے اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے پڑ جاتے ہیں ۔ حَشِیشَۃُ الحُمْرَۃِ : ایک قسم کا زہریلا پودہ
الحِمَارُ ۔ گدھا ۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ اہلی اور جنگلی ۔ اسی وجہ سے جنگلی کو حمار وحش وحمار الوحش والحمار الوحشی کہتے ہیں ۔ ج حَمِیرٌ و حُمُرٌ و حُمُورٌ و حُمُرَاتٌ ۔ مونث حِمَارَۃ ج حَمَائِر ۔ حِمَارَۃُ القَدَمِ : پشت قدم ۔ اُذُنُ الحِمَار و قِثَّاءُ الحِمَار : دو پودوں کے نام حِمَارُ الزَّرَدِ : ایک قسم کا جنگلی سفید گدھا جس پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں۔
الحِمَّارَۃُ ۔ گرمی کی شدت ۔ ۔۔۔ حمارۃ
الحَمَّارَۃُ ۔ گدھے والے ۔ واحد حَمَّار ۔ جیسے جَمَّال و بَغَّال ۔ دوغلا گھوڑا۔
الاَحْمَرُ ۔ جس کا رنگ سرخ ہو ۔ جو آدمی سرخ رنگ سے رنگا ہوا ۔ ج حُمْرٌ و حُمْرَانٌ ۔ سونا ۔ زعفران ۔ گوشت ۔ شراب کہتے ہیں ۔ "نحن مِن اہلِ الاسودینِ لا من اہلِ الاحمرینِ" ہم کھجور اور پانی والے ہیں ۔ گوشت اور شراب والے نہیں ۔ الموت الاحمر : قتل ۔ کنایہ ہے خون بہنے یا سخت موت سے
الحَمْرَاءُ ۔ الاحمر کا مونث ۔ سخت سال ۔ گرمی کی شدت ۔ الحمراء او القلعۃ الحمراء : غرناطہ کا ایک مشہور قلعہ جو مسلمانوں کے دور حکومت کی یادگار ہے اور جس کے اندر ایک عجیب نادرۂ روزگار محل ہے ۔ الحُمَّارُ : تین لکڑیاں جن کو آپس میں باندھ کر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھ دیتے ہیں اور اس کو الحمار بھی کہتے ہیں۔
الاُحْمُرِیُّ ۔ سخت سرخ ۔
الحِمِرُّ ۔ گرمی کی سخت شدت ۔ برا آدمی ۔ حِمِرٌّ : تیز روش ۔
الحُمَرَۃُ ۔ ایک قسم کا پرندہ۔
المِحْمَرُ ۔ کھال صاف کرنے کا آلہ ۔ کنجوس ۔ ج مَحَامِر ۔ المُحْمَرُ : دوغلا گھوڑا۔
الیَحْمُورُ ۔ سرخ ۔ ایک قسم کا پرندہ اور بقول

بعض گورخر۔
الحَمْرَدَة۔ حوض کی تہ کی کیچڑ۔
الحَمَارِس۔ سخت۔ شیر۔ دلاور
الحِمْرِفَة۔ دن
حَمَزَ (ض) حَمْزًا۔ الخردلُ اللسانَ: چرپراہٹ ڈالنا ــــ الشفرةَ: تیز کرنا۔
حَمُزَ (ک) حَمَازَةً۔ سخت ہونا ــــ الشرابُ: چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحَامِز۔ فا۔ حامز الفواد: تیز فہم عقلمند۔
الحَمِيز۔ سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔
الحَمْزَة۔ شیر
حَمَسَہ (ض، ن) حَمْسًا۔ غضبناک کرنا۔ ــــ اللحمَ: بھوننا۔
حَمِسَ (س) حَمَسًا۔ دین یا جنگ میں سخت ہونا دلیر ہونا صفت حَمِسٌ۔ حَمِسَ الوغیٰ: گھمسان کی جنگ ہونا ــــ الامرُ: سخت ہونا۔
حَمُسَ (ن) حَمَاسَةً و حَمِسَ (ض) حَمْسًا۔ دلیر ہونا
حَمَّسَہ۔ اَحْمَسَہ۔ جوش دلانا غضبناک کرنا ــــ الدواءَ و نحوہ: نیم گرم کرنا۔
تَحَمَّسَ۔ جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ سخت ہونا۔ ۔ ۔ ۔
اِحْتَمَسَ۔ جوش میں آنا۔ اِحْتَمَسَ القرنانِ: باہم جنگ کرنا۔
تَحَامَسَ۔ القومُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا اور جنگ کرنا۔
الحَمَاس۔ سختی۔ منع۔ جنگ کرنا۔
الحَمَاسَة۔ معاملہ میں سختی۔ دلیری۔
الاَحْمَس۔ دین یا جنگ میں سخت دلیر۔ سخت کمسا۔ ج حُمْس و اَحَامِس۔ سَنَةٌ حُمْسٌ بہت سخت سال۔ الاحمس: سخت جگہ
الحَمِيس۔ دلیر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمِيسَة۔ بھونا ہوا۔
الحَمْس۔ آواز۔ کجاوہ کا گھنٹہ۔
الحُمْسَة۔ عزت۔

الحَمْسَة۔ ایک قسم کا دریائی جانور کچھوا ج حَمَس۔
حَمَشَہ (ن) حَمْشًا۔ غضبناک کرنا جوش دلانا۔ حَمَشَ الشیءَ: جمع کرنا ــــ القومَ: غصہ سے چلانا۔
حَمُشَتْ (ض، و حَمُشَتْ (ک) حُمُوشَةً۔ الساقُ: باریک ہونا۔
حَمِشَ (س) حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ و احْتَمَشَ و اِسْتَحْمَشَ غضبناک ہونا
حَمِشَ (س) حَمَشًا و حُمُشًا۔ الرجلُ: باریک پنڈلیوں والا ہونا صفت (حَمْشٌ و حَمِشٌ و اَحْمَشُ) ج حِمَاش و حُمْش۔ کہا جاتا ہے "رِجَالٌ حِمَاشُ السوق" باریک پنڈلیوں والے مرد۔ "و سُوقٌ حِمَاشٌ" باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَہ۔ غضبناک کرنا۔ جوش دلانا۔ حَمَّشَ الشیءَ: جمع کرنا ــــ الشحمَ: پگھلاتے ہوئے جلانے کے قریب کرنا۔
اَحْمَشَہ۔ غضبناک کرنا۔ اَحْمَشَ النارَ: ایندھن ڈال کر بھڑکانا ــــ القدرَ: ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا ــــ الحربَ: تیز کرنا۔
الحَمِيش۔ پگھلائی ہوئی چربی۔
حَمَصَ (ن) حَمْصًا و حُمُوصًا۔ الجرحُ: زخم سے سوجن ختم ہونا صفت (حَمِيص) ــــ الورمُ: ورم کا ختم ہونا ــــ الارجوحةُ: جھولے کا ٹھہر جانا ــــ الدابۃُ: پسینہ خشک ہو جانا۔
حَمَّصَ۔ الحبَّ: بھوننا۔
تَحَمَّصَ۔ الرجلُ: سمٹنا ــــ اللحمُ: خشک ہونا۔
اِنْحَمَصَ۔ الورمُ: کم ہونا ــــ منہ: سکڑنا لاغر ہونا۔
الحِمَّص والحِمِّص۔ چنا۔ واحد (حِمَّصَة و حِمِّصَة)
الحَمِيص۔ بھونا ہوا
الحَمِيصَة والمَحْمُوصَة۔ چوری کی ہوئی بکری۔ حَمِيصَة کی جمع حَمَائِص۔

المِحْمَصَة۔ غلہ بھوننے کا آلہ۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ن) حَمْضًا و حَمِضَ (س) حَمَضًا و حَمُضَ (ک) حُمُوضَةً۔ کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا۔ عنہ: ناپسند کرنا ــــ بہ: خواہش کرنا۔ (ــــ و اَحْمَضَ و حَمَّضَ) الجملُ: نمکین و کڑوے پودے چرنا۔ حَمَّضَ و اَحْمَضَ الابلَ: نمکین و کڑوے پودے چرانا اور کہا جاتا ہے "حَمَّضَ لنا فی القِرىٰ" اس نے ہماری مہمانی میں کمی کی۔
حَمَّضَ و اَحْمَضَ الشیءُ: کھٹا کرنا ــــ الشیءَ عنہ: پھیر دینا۔ اَحْمَضَ المکانُ: بہت نمکین و کڑوے پودے والی جگہ ہونا صفت (مُحْمِض)
تَحَمَّضَ۔ الرجلُ: ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔
الحَامِض۔ فا۔ کہا جاتا ہے "ہو حامض الفواد" وہ بگڑے دل کا ہے۔ "و حامض الرئتین" کڑوے سانس والا۔
الحَامِضَة۔ الحامض کا مونث کسی چیز کی خواہش کسی چیز کا معدہ میں فساد کی جانب منتقل ہونا۔
الحَمْض۔ کڑوا نمکین پودہ۔ واحد (حَمْضَة) ج حُمُوض۔
الحَمْضَة۔ کھانے کی خواہش کہا جاتا ہے "فؤاد حمض للنفس حمضة" کسی چیز کو سننے ہی بھڑکنے والا نفس۔
الحُمَّاض۔ ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کاسنی کے پتے کے مانند ہوتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ ترش اور کڑوی اور اس کو چُکَنْدَر بھی کہتے ہیں۔ واحد (حُمَّاضَة) ترنج۔ حُمَّاض الکبَاد: ترنج کا اندرونی حصہ۔
الاِحْمَاض۔ مص۔ دلچسپ گفتگو میں مشغول ہونا۔ سنجیدگی سے ہزل کی طرف منتقل ہونا۔
الحَمِيضَة۔ ج حُمُض و (الحَمْض و الحُمْض) کثرت سے نمکین اور کڑوے پودوں والی زمین۔
المُسْتَحْمِض۔ من اللبن: دیر میں جمنے والا دودھ۔

حَمَطَہٗ (ن) حَمْطًا چھلکا اُتارنا۔
حَمَّطَ۔الکرمَ: انگور پر درخت کا سایہ کرنا۔
۔۔۔ الشیءَ: چھوٹا کرنا ۔۔۔ الرجلَ: ہلکا مارنا۔
اور اسی سے مثل ہے "اذا ضربتَ فاحمِطْ" جب
مارو تو ہلکا مت مارو۔
الحَمَاطَۃ۔گلے کی سوزش۔انجیر کے مشابہ ایک
درخت۔اور بقول بعض گولر۔دل کا نقطہ دل
کا خون۔ج حَمَاطٌ و حَمَائِطُ۔
حَمْظَرَ۔القِربۃَ: بھرنا ۔۔۔ القوسَ: چلّہ
کھینچنا۔
حَمَظَہٗ (ن) حَمْظًا۔نچوڑنا۔
حَمْظَلَ۔اندرائن چننا۔
الحَمْظَلَ۔اندرائن
حَمِقَ (س) و حَمُقَ (ک) حُمْقًا و حُمُقًا و
حَمَاقَۃً۔بے وقوف ہونا۔صفت (اَحْمَقُ)
مونث حَمْقَاءُ۔ج حُمُقٌ و حُمْقٌ و حَمْقَی و حَمَاقٰی و
حُمَاقٰی و حَمَاقَی (ک حماقۃ) السوقُ: مندا پڑنا۔
حَمَّقَہٗ: بیوقوف کہنا۔
اَحْمَقَہٗ۔بیوقوف پانا۔اَحْمَقَتِ المرأۃُ:
بے وقوف بچے جننا۔صفت (مُحْمِقٌ و مُحْمِقَۃٌ)۔
حَامَقَہٗ۔بیوقوفی میں مدد دینا۔
تَحَامَقَ و تَحَمَّقَ۔تکلف بیوقوف بننا
اِنْحَمَقَ۔بیوقوف ہونا ۔۔۔ السوقُ: مندا
پڑنا ۔۔۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَحْمَقَ۔بیوقوف ہونا ۔۔۔ ہ: بیوقوف
سمجھنا۔
الحُمُق۔مع۔کم عقلی۔بے وقوفی۔شراب
نومۃ الحُمَقِ۔ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِیق۔بیوقوف۔کم داڑھی والا۔
الحُمَاقُ و الحُمَاقُ و الحُمَیْقُ و الحُمَیْقٰی
و الحُمَیْقَاءُ۔ایک بیماری جو چیچک کے مشابہ
ہوتی ہے۔
البَقْلَۃُ الحَمْقَاءُ و بَقْلَۃُ الحَمْقَاءِ۔خرفہ
کا ساگ۔
الحَمُوقَۃُ و الحُمَیْقَۃُ و الاُحْمُوقَۃُ۔
بہت بے وقوفی والا۔
المَحْمِقَات۔وہ راتیں جن میں اول سے
آخر تک چاندنی رہے
المِحْمَاق۔وہ عورت جس کو بیوقوف بچے
جننے کی عادت ہو۔
المَحْمُوق۔حماق بیماری والا۔
تَحَمْقَسَ۔خبیث و پلید ہونا۔
الحَمَاقِیس۔سختیاں۔بلائیں۔
حَمِكَ (س) حَمَكًا۔فی الدلالۃ: رہنمائی
میں چیتے رہنا۔
الحَمَك۔چھوٹی ور دی چیزیں۔معمولی لوگ
بچے۔واحد (حَمَكَۃٌ)
حَمَلَ (ض) حَمْلًا و حُمْلَانًا۔الشیءَ علی ظہرہ:
اُٹھانا ۔۔۔ الغضبَ: غصہ ظاہر کرنا ۔۔۔ علی نفسہ
فی السیر: چلنے میں مشقت اٹھانا۔حَمَلَہٗ علی الامر:
اُکسانا۔برانگیختہ کرنا۔حمل عنہ: بردبار ہونا۔
۔۔۔ الشیءَ علی الآخر: ایک کا حکم دوسرے پر
لگانا ۔۔۔ المرأۃُ: حاملہ ہونا ۔۔۔ الشجرۃُ: پھلدار
ہونا ۔۔۔ القرآنَ: یاد کرنا ۔۔۔ العلمَ: روایت
کرنا نقل کرنا۔ (۔۔۔ حملۃً) فی الحرب علیہم: حملہ
کرنا (۔۔۔ حَمَالَۃً) بہ: ضامن ہونا۔
حَمَّلَہٗ و اَحْمَلَہٗ الحِمْلَ: بوجھ اُٹھانے میں مدد
کرنا۔
حَمَّلَ تَحْمِیْلًا و حِمَّالًا۔الشیءَ: اٹھوانا۔
تَحَمَّلَ تَحَمُّلًا و تِحِمَّالًا۔اُٹھانا ۔۔۔
الامرَ: برداشت کرنا ۔۔۔ القومُ: کوچ کرنا۔
۔۔۔ الرجلُ: بہادر بننا۔
تَحَامَلَ۔فی الامر و بالامر: باوجود مشقت کے
اپنے ذمہ لینا ۔۔۔ علی فلان: ظلم کرنا۔طاقت سے
زیادہ کام کو کہنا ۔۔۔ عنہ: اعراض کرنا ۔۔۔
الیہ: متوجہ ہونا ۔۔۔ الشیخ فی مشیہ: چلنے میں
گرانبار رہنا ۔۔۔ علی نفسہ: باوجود مشقت کے
برداشت کرنا۔
اِنْحَمَلَ۔علیہ: اُکسایا جانا
اِحْتَمَلَ۔الشیءَ: اُٹھانا ۔۔۔ الامرَ: کسی امر
کی طاقت رکھنا اور اس پر صبر کرنا ۔۔۔ ما کان
منہ: چشم پوشی کرنا معاف کرنا ۔۔۔ الصنیعۃَ:
شکر ادا کرنا۔
اُحْتُمِلَ۔غضبناک ہونا ۔۔۔ لونُہٗ: رنگ بدلنا
اِسْتَحْمَلَ۔اُٹھانے کی طاقت رکھنا۔
۔۔۔ فلانًا: اُٹھانے کو کہنا
الحَمْل۔مع۔پیٹ کا بچہ۔پھل۔ج حِمَال و اَحْمَال
و حُمُول۔
الحِمْل۔بوجھ۔ج اَحْمَال و حُمُولَۃ۔الحِمْلُ: ہودج
یا ہودہ والے اونٹ۔ج حُمُول۔
الحَمَل۔بکری کا بچہ۔ج حُمْلَان و اَحْمَال بہت
پانی والا بادل۔آسمان کے برجوں میں سے ایک
برج۔لسان الحمل: بارتنگ (ایک دوا کا نام)
الحَمْلَۃ۔مع۔ایک مرتبہ کا بوجھ۔لڑائی کا حملہ
الحُمْلَۃ و الحِمْلَۃ۔ایک جگہ سے دوسری جگہ
منتقل ہونا۔
الحَامِل۔فا۔ج حَمَلَۃ۔حَمَلَۃُ القرآن: قرآن کے
یاد کرنے والے۔قرآن کی روایت کرنے والے۔
مونث حَامِلَۃ: اِمرأۃٌ حَامِلٌ و حَامِلَۃٌ: پیٹ والی
عورت۔ج حَوَامِل۔الحَامِلَۃ: انگور وغیرہ اٹھانے
کی ٹوکری۔الحَوَامِل: قدم۔ہاتھ اور قدم کے پٹھے
الحَمَال۔دیت۔تاوان۔ج حُمُل۔
الحَمَالَۃ۔ضمانت۔دیت۔تاوان۔
الحِمَالَۃ و الحَمِیلَۃ۔ج حَمَائِل و (الحُمُل) ج
حَمَائِل: تلوار کا پرتلہ کہا جاتا ہے "ہو حَمِیلَۃٌ علینا"
وہ ہمارے ذمہ بار ہے۔الحِمَالَۃ: مزدور کا پیشہ
الحَمَّال۔قلی مزدور۔بوجھ اٹھانے والا عوام
اس کو عتال کہتے ہیں۔الحَمَّال: مزدوران۔
فصیح لفظ الحمّال ہے۔
الحَمُول۔صابر۔بردبار۔حَمُولُ البحرِ: دریائی
نباتات۔
الحَمُولَۃ۔باربرداری کا جانور۔ج حَمُولات
الحُمْلَان۔باربرداری کا جانور جو کسی کو
ہبہ کیا جائے۔مزدور کی اُجرت۔
الحَمِیل۔اُٹھایا ہوا۔اجنبی۔ضامن۔پیٹ کا

بچہ تسمہ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ اُٹھایا ہوا بچہ جس کی کوئی پرورش کرے۔ مُنہ بولا بیٹا۔
الحَمُولَۃ۔ تیز بارش کے وقت نالے میں اچھلنے والا پانی (مولد) ج حَوَامِیل۔
المَحْمِل۔ وہ چیز جس میں کوئی چیز اُٹھائی جائے۔ ہودہ۔ ج مَحَامِل۔
المَحْمُول۔ مفعو۔ المحمول والموضوع عند المنطقیین: اصطلاحِ علمِ منطق میں قضیہ حملیہ کے دونوں اجزا جو نحویوں کے نزدیک بمنزلہ مسند ومسند الیہ کے ہیں۔ جیسے زید کریم میں زید موضوع ہے اور کریم محمول۔
حَمْلَجَ۔ الحبلَ: مضبوط بٹنا۔
الحِمْلَاجُ والحُمْلُوجُ۔ سناروں کی دھونکنی کا سینگ۔ ج حَمَالِیج۔
حَمْلَقَ: آنکھیں پھاڑ کر تیز نظر سے دیکھنا۔
حُمْلَاقُ العَینِ وحِمْلَاقُهَا وحُمْلُوقُهَا۔ پپوٹوں کا اندرونی حصہ۔ ج حَمَالِیق۔
الحَمْنَنُ والحَمْنَانُ۔ چھوٹی چیچڑیں۔ واحد حَمْنَنَۃ وحَمْنَانَۃ۔ اصمعی نے کہا کہ چیچڑی جب بہت ہی چھوٹی ہو تو اُس کو قمقام کہتے ہیں پھر حمنان پھر قُرّاد پھر حَلَمَۃ پھر عَلّ وطلح۔
ارض مَحْمَنَۃ ومَحْمِنَۃ: کثرت سے چھوٹی چیچڑیوں والی زمین۔
الحَمْوُ والحَمَاءُ والحَمُو والحَمْءُ۔ خسر۔ خاوند کی جانب سے عورت کا قریبی رشتہ دار یہ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ہے اس کا اعراب حالت رفعی میں واو اور حالت نصبی میں الف اور حالت جری میں یا سے آتا ہے اور یہ ہمیشہ مضاف مستعمل ہوتا ہے۔ تثنیہ حموان وحمان ج احماء۔
حَمَاۃ۔ الرجل: خوش دامن۔ حماۃ للمرأۃ: ساس۔ ج حَمَوات۔ الحماۃ: پنڈلی کا عضلہ
حَمْوُ۔ الشمس: آفتاب کی گرمی۔
حُمُوَّۃ۔ الالم: درد کی شدت وتیزی۔
(حَمَی) (ض) حَمْیًا وحِمْیَۃ وحِمَایَۃ ومَحْمِیَۃ الشیءَ من الناس: روکنا۔ بچانا۔ (سے حِمْیَۃ) المریضَ ما یَضُرّہ وعما یَضُرّہ: پرہیز کرانا۔
حَمِیَ (س) حَمِیَّۃ ومَحْمِیَۃ۔ من الشیءِ: کسی کام کے کرنے سے ناک چڑھانا۔
حَمِیَ (س) حَمْیًا وحُمِیًّا وحُمُوًّا۔ النارُ: تیز گرم ہونا۔ ۔۔۔ علیہ: غضبناک ہونا۔
حَامَی مُحَامَاۃ وحِمَاءً۔ عنہ: حمایت کرنا مدافعت کرنا ۔۔۔ علی الضیف: اچھی طرح میزبانی کرنا۔
اَحْمَی اِحْمَاءً۔ المکانَ: حمی بنانا ۔۔۔ الحدیدۃَ: بہت گرم کرنا
تَحَمَّی واِحْتَمَی۔ المریضُ: رکنا، پرہیز کرنا
احتمی منہ: بچنا
تَحَامَی۔ ہ: بچنا۔ پرہیز کرنا۔
اِحْمَوْمَی اِحْمِیمَاءً۔ کالا ہونا۔
الحِمَی چراگاہ کہ جس میں دوسروں کے جانور کو چرانے کی ممانعت ہو۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے
حَمْیُ۔ الشمس: آفتاب کی گرمی۔
الحِمَاءُ۔ بچائی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "ہو حماءٌ لک" وہ تمہاری طرف سے فدیہ ہے۔
الحِمْیَۃ۔ بچائی ہوئی چیز۔ پرہیز۔ کہا جاتا ہے "المعدۃ بیت الداءِ والحمیۃ راس الدواءِ" معدہ بیماریوں کا گھر ہے اور پرہیز دوا کی اصل ہے۔
الحَمِیَّۃ۔ نفرت۔ مروت۔ نخوت۔
الحُمَّی۔ بخار۔ ج حُمَّیَات۔
الحُمَیَّا۔ غصہ کا ابتدائی جوش۔ کہا جاتا ہے "لا تکلمہ فی حُمَیَّا غضبہ" اُس سے غصہ کے ابتدائی جوش کی حالت میں گفتگو مت کرو۔ شراب کی تیزی۔ شراب ۔۔۔ من کل شیٍ: شدت وتیزی۔ کہا جاتا ہے "ہو شدید الحمیا" وہ بہت خود دار ہے۔
الحُمَۃ۔ زہر۔ ڈنک۔ ج حُمَات وحُمًی۔
حُمَۃ۔ البرد: سردی کی شدت
الحَامِی۔ فا۔ فیر کنا۔ ج حُمَاۃ وحَامِیَۃ۔ نر اونٹ کہ جس کے بہت سے بچے ہو گئے ہوں تو اُس کو آزاد چھوڑ دیتے تھے کہ جہاں چاہے چرے اور اُس کے اوپر سوار نہیں ہوتے تھے اور نہ اُس کے بال کترتے تھے۔
الحَمِیّ۔ وہ شخص جو ظلم برداشت نہ کر سکے ہر محفوظ کی ہوئی چیز۔ مریض جو مضر چیزوں سے روک دیا گیا ہو۔
الحَامِیَۃ۔ الحامی کا مونث۔ حمایت کرنے والا (اس صورت میں تا مبالغہ کے لیے ہے) جماعت جو حمایت کرنے والی ہو۔ ج الحَوَامِی۔
الحَامِیَۃ: پایۂ دیگدان۔ پتھر جس سے کنوئیں کا من بنایا جائے۔
حَنَّ (ض) حَنِینًا۔ خوشی یا غم سے آواز نکالنا ۔۔۔ القوسُ: کمان سے آواز نکلنا ۔۔۔ الیہ: مشتاق ہونا ۔۔۔ حَنَّۃ وحَنَانًا علیہ: مہربان ہونا۔ صفت (حَنُون)
حَنَّہ (ن) حَنًّا۔ پھیرنا۔ باز رکھنا۔ تم کہتے ہو "حُنَّ عنی شرک" مجھ سے اپنے شر کو روک لو۔
حَنَّنَ۔ الشجرُ: شگوفہ دار ہونا۔
اَحَنَّ۔ القوسَ: کمان سے آواز نکالنا ۔۔۔ الرجلُ: غلطی کرنا۔
تَحَنَّنَ۔ علیہ: رحم کرنا۔
تَحَانَّ واِسْتَحَنَّ۔ الیہ: مشتاق ہونا
اِسْتَحَنَّ الشوقُ فلانًا: طرب کو بڑھا دینا۔
الحَانُّ فا۔ بہت خوش ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "ما لہ حانۃ ولا آنۃ" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
التَّحْنَان۔ رحمت ومہربانی۔
الحِنُّ۔ جنوں کا ایک گروہ۔
الحَنَان۔ روزی۔ برکت۔ دل کی نرمی کہا جاتا ہے "حنانیک وحنانک یا رب" یعنی اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں ۔۔۔ حَنَانَ اللّٰہ: اللہ کی پناہ۔
الحَنَّان۔ مہربان۔ رحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنی میں سے ایک۔ کسی چیز کا مشتاق۔ سہم حنان: آواز نکالنے والی کمان۔ طریق حنان:

واضح راستہ۔
الحِنّان۔ مہندی۔
حَنَأَ (ف) حَنْأً۔ المکانُ: سرسبز ہونا۔
صفت (حَانِئٌ) ، اور حانی کا کلمہ اخضر کے لیے
بطور تاکید کے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ اخضر
حانی۔ جیسے اسود حالک۔ اصفر فاقع۔
ابیض ناصع۔ احمر قانی۔
حَنَّاهُ تَحْنِيئًا و تَحْنِئَةً۔ مہندی کو رنگنا
تَحَنَّأَ۔ بالحناء: مہندی سے رنگا جانا۔
الحِنّاء۔ مہندی۔ واحد حِنّاءَة ج حُنّان
ابو الحِنّاء۔ ایک سرخ سینہ والا چھوٹا پرندہ
حَنِبَ (س) حَنَبًا و حَنَّبَ و تَحَنَّبَ۔ الشیخ:
کبڑا ہونا۔ حَنَبَ ابَهُ: جھکانا۔ تَحَنَّبَ عَلَيْهِ: مہربان
ہونا۔
حَنْبَرَ حَنْبَرَةً۔ البردُ: سخت ہونا۔
الحَنْبَر۔ پست قد۔
حَنْبَلَ۔ لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا
تَحَنْبَلَ۔ سر جھکانا۔
الحُنْبُل۔ لوبیا۔
الحُنابِل۔ من الاوتار: مضبوط اور موٹی تانت
الحَنْبَل۔ موزہ یا پرانی پوستین۔ بڑے پیٹ
والا پست قد۔
الحِنْبَال۔ فربہ پرگوشت۔ بہت بولنے والا
الحِنْبَالَة۔ سمندر۔ بہت بولنے والا۔
الحانُوت۔ دکان۔ شراب بیچنے والے کی
دوکان۔ (مذکر و مونث) ج حَوَانِیت۔ نسبت
کے لیے (حَانِیٌّ و حَانُوتِیّ)
الحَنْتَم۔ سبز رنگ کی ٹھلیا کہ جس میں نبیذ
بنایا کرتے تھے۔
حَنِثَ (س) حِنْثًا۔ باطل کی طرف مائل
ہونا ۔۔۔ فی یمینہ: قسم توڑنا۔
اَحْنَثَهُ۔ قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ۔ گناہ سے نفرت کرنا۔ عبادت
کرنا۔ بتوں سے علیحدہ ہونا اور ان کی پرستش
چھوڑنا ۔۔۔ من کذا: توبہ کرنا۔

الحِنْث مص۔ گناہ۔ ج اَحْنَاث کہا جاتا ہے
بَلَغَ الغُلامُ الحِنْثَ لڑکا بالغ ہو گیا۔
المَحَانِث۔ گناہ کے مواقع۔
حَنَجَهُ (ض) حَنْجًا جھکانا ۔۔۔ الحبلَ:
مضبوط بٹنا۔ حَنَجَتْ حاجةٌ: پیش آنا۔
اَحْنَجَ۔ الشیءَ: جھکانا ۔۔۔ الخبرَ: پوشیدہ
کرنا ۔۔۔ الکلامَ: رخ پھیر دینا ۔۔۔ الشیءُ:
جھکنا ۔۔۔ الرجلُ: تیز چلتے ہوئے پیچھے کی
طرف نظر ڈالنا
اِحْتَنَجَ۔ الشیءُ: جھکنا۔
حَنْجَرَتِ۔ العینُ: اندر کو دھنسنا۔ حَنْجَرَهُ:
ذبح کرنا۔
الحَنْجَرَة و الحُنْجُور۔ نرخرہ۔
حَنْحَنَ۔ علیہ: خوف کھانا۔ عوام بولتے ہیں
حنحن البندق او الجوز و نحوہما: جبکہ گری خراب
ہو جائے۔ فصیح لفظ حمت ہے۔
حَنْدَسَ و تَحَنْدَسَ۔ اللیلُ: تاریک ہونا
الحِنْدِس۔ سخت تاریک رات۔ تاریکی۔
ج حَنَادِس۔ الحَنَادِس: مہینے کی بائیسویں،
تیئیسویں، چوبیسویں راتیں۔
الحِنْدَقُوق و الحَنْدَقُوق و الحَنْدَقُوقَى
و الحِنْدَقُوقَى۔ ایک قسم کی نباتات کا نام۔
لمبا ترنگا مرد جو دیوانہ کے مشابہ ہو۔
الحَنْدَل۔ پست قد۔
حَنَذَ (ض) حَنْذًا و تَحْنَاذًا۔ اللحمَ:
بھوننا۔ صفت مفعولی (حَنِيذ)
(۔۔۔ حَنْذًا و حِنَاذًا) الفرسَ: پسینہ لانے کے
لیے دوڑانا۔ صفت مفعولی (محنوذ و حنیذ)
حَنَذَتِهِ الشمسُ: جھلس دینا۔
اَحْنَذَ۔ شراب میں زیادہ پانی ملانا یا کم
ملانا ۔۔۔ اللحمَ: پکانا۔
اِسْتَحْنَذَ۔ دھوپ میں لیٹ کر پسینہ
لانا۔
الحُنْذَة۔ سخت گرمی۔
حَنَاذِ۔ بروزن قطام: آفتاب۔

الحَنِيذ۔ بھونا ہوا گوشت۔ گرم پانی۔ سرد
دھونے کی خوشبودار چیز۔
الحِنْذِيذ۔ بہت پسینہ والا۔
المُحَنْذِی۔ بہت گالی دینے والا۔
حَنَرَ (ن) حَنْرًا۔ الحَنِيرَة: محراب بنانا
طاق میں خمدار جگہ بنانا۔
الحَنِيرَة۔ طاق میں خمدار جگہ۔ کمان۔ دھنے
کی کمان۔ ہر وہ چیز جو خمدار ہو۔ ج حَنِير و حَنَائِر
حَنِسَ (س) حَنَسًا۔ دلیری سے وسط
معرکہ میں ڈٹے رہنا۔
الحُنُس۔ پرہیزگار لوگ
حَنَشَهُ (ض) حَنْشًا۔ ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔
غضبناک کرنا ۔۔۔ الصیدَ: شکار کرنا۔
حَنَشَتِ الحیةُ فلانًا: ڈسنا۔
اَحْتَنَشَهُ۔ شکار کرنا ۔۔۔ عن الامر: جلدی کرانا
الحَنَش۔ سانپ کی ایک قسم۔ ہر وہ جانور
جس کا سر سانپ کی مانند ہو جیسے گرگٹ۔
چھپکلی وغیرہ ج اَحْنَاش و حُنْشَان
حَنَصَ (ن) حَنْصًا۔ الرجلُ: کمزور ہونا۔
الحِنْصَاء۔ باریک ہڈیوں اور بڑے پیٹ
والا۔
الحِنْصَال و الحِنْصَالَة۔ بڑے پیٹ والا۔
الحِنْضِج۔ سست آدمی کہ جس سے کسی
کو فائدہ نہ پہنچے
الحُنْضُل۔ چھوٹا تالاب۔
الحُنْضُلَة۔ بڑی چٹان میں جمع شدہ پانی
بڑی چٹان میں گڑھا۔
حَنَطَ (ن) حُنُوطًا و اَحْنَطَ۔ الزرعُ:
کٹائی کے قابل ہونا ۔۔۔ الشجرُ: پھل پکنا۔
حَنَطَ (ض) حَنْطًا۔ الجلدُ: سرخ ہونا۔
صفت (حَانِط)
حَنَّطَ و اَحْنَطَ۔ المیتَ: مردہ پر حنوط ملنا
تَحَنَّطَ۔ حنوط استعمال کرنا۔
اِسْتَحْنَطَ۔ جان دینے کے لیے دلیری کرنا
الحَنَّاط۔ ن۔ بہت گیہوں والا۔ گیہوں والا

بتّے بہت پھلوں والا درخت اخمر حانِطٌ: بہت سُرخ۔
الحِنطۃ۔ گیہوں۔ ج حِنَط۔
الحِنطِیّ۔ بہت گیہوں کھانے والا پھولا ہوا۔
الاَحنَط۔ بڑی اور گھنی داڑھی والا۔
الحِناطۃ۔ گندم فروشی۔ مُردوں پر حنوط لگانے کا پیشہ۔
الحَنّاط۔ مُردوں پر حنوط لگانے والا۔
(۔۔۔ والحَناطِیّ) گیہوں بیچنے والا۔
الحِناط والحَنوط۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو جو مُردوں کے جسم اور کفن پر لگاتے تھے۔
الحِنطِیءُ۔ وہ شخص جس کی خوراک گیہوں ہو
الحِنطیءُ۔ پست قد۔
الحِنطَأُ والحِنطَأوۃ۔ بڑے پیٹ والا۔ پست قد۔
الحِنظِیرۃ۔ بادل۔
الحُنظُباء والحُنظَباء۔ نرٹڈی۔ نرگبریلا۔
الحُنظوب۔ بڑے ڈیل ڈول کی ناکارہ عورت۔
الحُنظاب۔ پست قد بدخو۔
الحَنظَل۔ اندرائن۔ جو کڑوا ہونے میں ضرب المثل ہے۔
حَنظَلَتِ۔ الشجرۃُ: کڑوے پھل والا ہونا
حَنَفَ (ض) حَنفًا۔ جھکنا ۔۔۔ رجلہ: پاؤں ٹیڑھا کر دینا۔
حَنِفَ (س) حَنفًا وحَنُفَ (ک) حَنافۃً ٹیڑھے پاؤں والا ہونا۔ صفت (اَحنف)۔
حَنَّفَہٗ۔ ٹیڑھے پاؤں والا کر دینا۔
تَحَنَّفَ۔ حنیفی ہونا۔ حنفی ہونا۔ کہا جاتا ہے شافعی تَحَنَّفَ" شافعی حنفی ہوگیا ۔۔۔ الیہ: مائل ہونا۔
الحَنفاء۔ ٹیڑھا پاؤں۔ کمان۔ سُسترا۔ گرگٹ کچھوا۔
الحَنیف۔ سیدھا۔ اسلام کے احکام پر چلنے والا۔ سیدنا ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے دین کا متبع۔ موحد۔ کلیات میں ہے کہ قرآن پاک میں جہاں کہیں لفظ حنیف کے ساتھ مسلم ہے وہاں حاجی مراد ہے جیسے ولکن کان حنیفا مسلما اور جہاں بغیر لفظ مسلم کے تنہا حنیف ہے وہاں مسلم مراد ہے جیسے حُنَفَاءَ للّٰہ ج حُنَفاء۔ ادیان باطلہ کو چھوڑ کر دین حق کو اختیار کرنے والا۔
الحَنیفِی۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کا تابع۔ ج اَحناف وحَنَفِیّۃ۔
الحَنیفیۃ۔ فی الاسلام اوالدین: اسلام کی طرف میلان اور دین کے ساتھ تمسک۔
الحِنفِس۔ بے حیا بدزبان عورت۔
الحُنَفِش والحِنفِیش۔ ایک قسم کا زہریلا سانپ جس کا سر بڑا اور گردن باریک ہوتی ہے اور جب غضبناک ہوتا ہے تو اس کی گردن کی رگیں پھول جاتی ہیں۔ ج حَنافِش وحَنافِیش۔
الحِنفِص۔ دبلا پتلا۔
حَنِقَ (س) حَنَقًا۔ منہ وعلیہ: سخت غضبناک ہونا۔ صفت (حَنِق وحَنیق) ج حُنُق ابل حُنُق ومَحانِیق: موٹے اونٹ۔
اَحنَقَہٗ۔ غضبناک بنانا۔ اَحنَقَ الدابّۃَ: دبلا کرنا۔ اَحنَقَ الرجلُ: سخت کینہ رکھنا۔
اِحتَنَقَ۔ موٹا ہونا۔
الحَنَق والحَنِق۔ سخت غصہ
الحَنقَط۔ ایک قسم کا پرند یا تیتر۔
حَنَکَ (ن ض) حَنکًا۔ الشیءَ: سمجھنا۔
(۔۔۔ واِحتَنَکَ)۔ الفرسَ: گھوڑے کے منہ میں رسی لگانا۔
حَنَکَ وحَنَّکَ۔ چبا کر نرم بنانا۔
حَنَکَ (ن ض) حَنکًا وحَنَّکَ واَحنَکَ واِحتَنَکَ۔ الدھرُ الرجلَ: تجربہ کار بنا دینا۔ صفت (مُحنَّک) ج حُنُک۔ حَنَّکَ الصبیَّ: مہذب بنانا۔
تَحَنَّکَ۔ پگڑی کو ٹھوڑی کے نیچے سے لا کر باندھنا۔
اِحتَنَکَ۔ الجرادُ الارضَ: کھا کر صاف کر دینا۔
اُحتُنِکَ: غالب ہونا۔
اِستَحنَکَ۔ کم خوراک کے بعد زیادہ خوراک والا ہونا۔
الحانِک۔ فا۔ اسوَدُ حانِک: سخت سیاہ۔
الحُنک والحِنک والحُنکۃ۔ تجربہ۔
الحَنَک۔ تالو۔ ٹھوڑی۔ حَنَکُ الغراب: کوے کی چونچ یا اس کی سیاہی۔ کہا جاتا ہے "اسودُ مِن حَنَکِ الغرابِ" کوے کی چونچ سے کالا۔ ج اَحناک۔ الحَنَک: وہ لوگ جو کسی دوسری جگہ چارہ کی تلاش میں جائیں چھوٹے ٹیلے جہاں کے پتھر سفید اور نرم ہوں۔ واحد (حَنَکۃ)۔
الحُنک۔ عقلمند تجربہ کار مرد۔ مونث حُنکۃ
الحَناک۔ ج حُنک و (المحنّک)
المُحتَنِک۔ تجربہ کار۔
حَنکَلَ۔ فی المشی: گرانباری سے چلنا۔ آہستہ چلنا۔
الحَنکَلیس۔ ایک قسم کی مچھلی۔ فصیح عربی الجِرّیّ ہے۔
حَنا (ن) حَنوًا وحُنُوًّا (ض) حِنایۃ۔ الشیءَ: موڑنا۔ حَنَی الحَنِیّۃَ ای القوسَ: کمان بنانا۔
حَنا (ن) حُنُوًّا واَحنی۔ علیہ: مائل ہونا۔
حَنّی تحنیۃً۔ الشیءَ: موڑنا۔
تَحَنّی۔ ٹیڑھا ہونا ۔۔۔ علیہ: مہربانی کرنا
اِنحَنی۔ ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔
الحانِیۃ۔ ج الحَوانی و(الحاناۃ والحانوت) دوکان، مالک دوکان۔ الحانیۃ: بکری جس کی گردن بغیر کسی علت کے مڑی ہوئی ہو۔
الحانُوِی والحانِی۔ سب سے لمبی پسلی۔
الحانیۃ۔ شراب۔ الحانی کا مونث۔ شراب بیچنے والے۔
الحِنو والحَنو۔ بدن کا ہر وہ حصہ جس میں کجی ہو جیسے پسلی۔ ہر ٹیڑھی لکڑی۔ حِنوُ الشیءِ: جیز

کا پہلو۔ وحِنوالسرج: زین کا اگلا اور پچھلا حصہ ج احناء وحُنِیّ وحِنِیّ واحناء الامور: متشابہات امور

الحَنِیَّۃ۔ کمان ـــ من البناء: کمان کی مانند خمدار۔ ج حَنَایا وحُنِیّ۔

الاَحنیٰ۔ کبڑا۔ مونث حَنْوَاء کہا جاتا ہے۔ فلان احنی الناس ضلوعًا علیک" فلاں تمہارے اوپر لوگوں میں بہت مہربان ہے۔

المَحنِیَۃ والمَحنُوَۃ والمَحنَاۃ۔ ج محانٍ: وادی کا موڑ۔

المنحنیٰ۔ وادی کا موڑ۔

حَابَ (ن) حُوْبًا وحَوْبًا وحُوبَۃ وحَابًا وحِیَابَۃ۔ بکذا: گنہگار ہونا۔

اَحْوَبَ اِحْوَابًا۔ گناہ کی طرف مائل ہونا۔

تَحَوَّبَ۔ گناہ سے بچنا ـــ منہ: دردمند ہونا ـــ فی دعائہ۔ گڑگڑا کر دعا کرنا۔

اِستَحْوَبَ۔ دردمند ہونا۔

الحَوْب والحُوْب۔ غم وحشت۔ (الحَوب والحُوب والحَوبۃ والحاب والحابۃ) گناہ۔

الحَوبَۃ: ماں باپ۔ بہن بیٹی۔

الحَوبَۃ والحِیبَۃ والحُوبَۃ: ماں کی جانب سے قرابت۔ کہا جاتا ہے "لی فیہم حَوبَۃ" میری ان سے ننھیالی رشتہ داری ہے۔ حاجت۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "بات بحَوبَۃ سُوء" اس نے بُری حالت میں رات گذاری۔ الحَوبَۃ: ماں کی ممتا۔ بیوی۔ باندی۔

الحُوبَۃ۔ کمزور مرد۔ کہا جاتا ہے "انما فلان حُوبَۃ" فلاں شخص کمزور ہے نہ اس سے خیر کی اُمید ہے نہ شر کا خوف۔ "وانّ لی حُوبَۃ اعُولہا" میرے عیال ہیں جن کی میں کفالت کرتا ہوں۔

الاَحْوَب۔ گنہگار۔ مونث حَوبَاء۔

الحَوبَاء۔ نفس۔ ج حَوبَاوات۔

المُتَحوِّب والمُحوِّب۔ وہ شخص جس کا مال ضائع ہو جائے پھر مل جائے۔

حَاتَ (ن) حَوتًا وحَوَتَانًا۔ الطیر والوحش علی الشیٔ: منڈلانا۔

حَاوَتَہ۔ مکر وفریب سے کام لینا۔ دھوکا دینا ـــ ہ عن کذا: مدافعت کرنا۔

الحُوت۔ مچھلی۔ عمومًا بڑی مچھلی پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج حِیتَان واَحوات وحِوَتَۃ۔ آسمان کے ایک برج کا نام۔

الحَوتَاء۔ موٹی کمر والی عورت

اَحَاثَ اِحَاثَۃ۔ الارض: زمین کھود کر اُلٹا پلٹنا ـــ الشیٔ: نکالنا۔ کہا جاتا ہے "ترکہم حَوثَ بَوثَ او حَیثَ بَیثَ او حَاثِ بَاثِ او حَوثًا بَوثًا" یعنی اس نے ان کو متفرق چھوڑا۔

الحَوثَاء۔ جگر اور اس کے آس پاس کے حصے۔ موٹی عورت۔

الحُوث۔ جگر کی رگ۔

حَاجَ (ن) حَوجًا۔ محتاج ہونا۔

حَوَّجَ۔ ہ عن الشیٔ: کسی چیز کی وجہ سے کسی سے ہٹ جانا۔

اَحوَجَ۔ الیہ: محتاج ہونا ـــ ہ: محتاج بنانا۔

تَحَوَّجَ۔ حاجت طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فلان یتحوّج" فلاں حاجت طلب کرنے کے لیے نکلا۔

اِحتَاجَ۔ الیہ: محتاج ہونا۔

الحَاج۔ ایک قسم کا کانٹا۔ ایک قسم کا ترش پودہ۔

الحَوج۔ مص۔ سلامتی۔ کہا جاتا ہے "حَوجًا لک" یعنی تمہارے لیے سلامتی ہو۔

الحُوج۔ فقر وفاقہ۔

الحَوجَاء۔ حاجت ضرورت۔ اور اسی سے ہے۔ ماکان فی نفسہ حَوجَاء ولا لَوجَاء اور بالتصغیر حُوَیجَاء ولا لُوَیجَاء یعنی اُسے کوئی حاجت نہیں۔ وکلمتہ فما ردّ حَوجَاء ولا لَوجَاء میں نے اُس سے گفتگو کی اُس نے اچھا یا بُرا کوئی جواب نہیں دیا۔

الحَاجَۃ۔ ضرورت۔ سوال۔ ج حَاج وحِوَج وحَاجَات وحَوَائج۔ اخیری جمع حائجۃ کی تقدیر پر ہے۔ مبالغہ کی غرض سے حاجۃ حائجۃ کہا جاتا ہے۔

المَحَاوِیج۔ محتاج لوگ۔

حَادَ (ن) حَودًا۔ عنہ: ہٹ جانا۔

حَاوَدَتہ۔ الحمّیٰ: بخار کا بار بار آنا۔ کہا جاتا ہے "ہو یحاودنا بالزیارۃ" وہ ہم لوگوں کے پاس ملاقات کے لیے بار بار آتا ہے۔

حَاذَہ (ن) حَوذًا۔ حفاظت کرنا ـــ علی الشیٔ: نگہبانی کرنا۔ ـــ واَحوَذَ الدابۃ: تیز ہانکنا۔ اَحوَذَ ثوبہ: کپڑے سمیٹنا۔ اَحوَذَ السیر: تیز چلنا۔ اَحوَذَ الشاعر قصیدۃ: عمدہ قصیدہ کہنا۔

اِستَحوَذَ۔ علیہ: غالب ہونا۔

الحَاذ۔ ایک قسم کا درخت۔ واحد (الحاذۃ) ج آحاذ۔ پیٹھ کہا جاتا ہے "ہو خفیف الحاذ" وہ تھوڑے مال والا ہے۔

الحِوَاذ۔ دوری۔ جدائی۔

الحَوذَان۔ ایک خوش مزہ نباتات کا نام جس کا پھول سُرخ رنگ کا اور اس کی جڑ میں زردی ہوتی ہے۔

الاَحوَذِیّ۔ ماہر۔ ہر کام میں چست و پھرتیلا

الحَوذِیّ۔ کوچوان گاڑیبان۔ عوام العرب کہتے ہیں۔

حَارَ (ن) حَورًا وحُؤُورًا ومَحَارًا ومَحَارَۃ۔ لوٹنا۔ متحیر ہونا (ـــ حَورًا) الثوب دھونا۔ سفید کرنا۔ حَارَ الشیٔ: مندا پڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَارَ بعد ماکار" زیادہ ہونے کے بعد گھٹ گیا۔ "نعوذ باللہ من الحور بعد الکور" ہم زیادتی کے بعد نقصان سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔

حَوِرَت (س) حَوَرًا۔ العینُ: سفیدی اور سیاہی کا بہت سفید و سیاہ ہونا۔ صفت (حَوراء)

حَوَّرَ۔ القرص: بیلن سے بیلنا ـــ الثوب: سفید کرنا ـــ ہ اللہ: محروم کرنا۔

حَاوَرَہٗ مُحَاوَرَۃً وحواراً وحِواراً گفتگو کرنا جواب
أحَارَ إحَارَۃً ۔ الجَوَاب

جواب دینا۔ اور اسی سے ہے "لم یحر جواباً" اس نے جواب نہیں دیا۔ اور کہا جاتا ہے "طحنت الطاحنۃ فما أحارت شیئاً" چکی پیسنے والی نے چکی پیسا اور آٹا کچھ بھی نہیں دیا۔ أحارت الناقۃ: بچہ والی ہونا۔ أحار البعیرَ: ذبح کرنا۔

تَحَاوَرَ القومُ: ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔ ایک دوسرے کو جواب دینا۔

إِحْوَرَّ إحْوِرَاراً سفید ہونا۔ إحورّت العینُ: بہت سیاہی اور سفیدی والی ہونا۔

إسْتَحَارَہٗ گفتگو کرانا۔

الحُوْر۔ ہلاکت۔ کمی۔ کہا جاتا ہے "انہ فی حور وبور" یعنی وہ نہ تو کسی صنعت میں ہے اور نہ کسی قسم کی آمدنی میں۔

الحَوْر۔ گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بعید الحور" یعنی عقلمند۔ "ما اصبت حوراً" میں نے کچھ نہیں پایا

الحَوَر۔ مص۔ سفید پتلے چمڑے۔ سرخ رنگا ہوا چمڑہ۔ گائے۔ ایک مشہور درخت جس کے گوند سے کہربا رطیار ہوتا ہے۔ ج أحْوَار۔

الحُوار والحِوار۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔ ج أحْوِرَۃ وحِیْرَان۔

الحَارَۃ۔ گول چوک۔ محلہ۔ کہا جاتا ہے "نزلنا فی حارۃ بنی فلان" ہم لوگ بنو فلاں کے محلہ میں اترے۔

الحَائِر۔ ن۔ لاغر۔ دبلا پتلا۔

الحَائِرَۃ۔ الحائر کا مونث۔ کہا جاتا ہے "ما ہو الا حائرۃ من الحوائر" یعنی اس کے اندر کوئی خیر و برکت نہیں۔

الأحْوَرِی۔ سپید۔ نازک۔

الحُوَّارِی۔ میدہ۔ کھریا مٹی۔ ہر وہ چیز جس سے سفیدی کی جائے۔

الحَوَارِی۔ نصیحت کرنے والا۔ خیرخواہ، دھوبی۔ رشتہ دار۔ مددگار۔ اور بقول بعض انبیاء کے مددگار۔ اور اسی سے ہے (الحواریون) حضرت سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے انصار و اعوان۔

الحَوَارِیَّۃ۔ الحواری کا مونث۔ شہری عورت ج حَوَارِیَّات۔

المِحْوَر۔ وہ لکڑی یا لوہا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ المحور فی الہندسۃ: علم ہندسہ کی اصطلاح میں وہ سیدھا خط جو کرہ کے دونوں قطبین کے درمیان ہوتا ہے۔

المِحْوَر۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز گھومے۔ ج مَحَاوِر۔ کہا جاتا ہے۔ "قلقت محاورہ" یعنی اس کا معاملہ بگڑ گیا۔

المَحَارَۃ۔ واپسی۔ کمی۔ لوٹنے کی جگہ۔ اونٹ کا کھر۔ تالو۔ ہر وہ ہڈی جو سیپی کی مانند ہو۔ محارۃ الاذن: کان کا گڑھا۔

المَحْوَرَۃ والمَحُوْرَۃ۔ جواب۔

خُفٌّ (مُحَوَّر) موزہ جس کا استر سرخ چمڑے کا ہو

حَازَ (ن) حَوْزاً وحِیَازَۃً واحْتَازَ إحْتِیَازاً۔ الشیءَ: اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ـــ الابلَ: نرمی سے ہانکنا (حاذ حوذا) الرجلُ: نرم چلنا۔

حَوَّزَ تَحْوِیْزاً۔ الابلَ: پانی کی طرف لیلۃ الحوز میں اونٹوں کو ہانکنا (دیکھیے لیلۃ الحوز)

حَاوَزَہٗ مُحَاوَزَۃً۔ باہم زندگی بسر کرنا۔ میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ایک دوسرے کو دھتکارنا۔

تَحَوَّزَ۔ علیحدہ ہونا ـــ الحیۃُ: کنڈلی مارنا کہا جاتا ہے "دخل علیہ فما تحوّز لہ" وہ اس کے پاس آیا اور اس کے لیے علیحدہ نہیں ہوا۔

تَحَاوَزَ۔ الفریقانِ: ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا۔

إنْحَازَ إنْحِیَازاً۔ عنہ: ہٹ جانا ـــ الیہ: مائل ہونا ـــ القومُ: مرکز کو چھوڑ دینا شکست کھانا۔

الحَوْزَۃ۔ گوشہ۔ کنارہ۔ طبیعت۔ حوزۃ المملکۃ: ایک مملکت کی سرحدوں کا درمیانی حصہ۔

الحَوْز۔ وہ جگہ جس کے اردگرد دیوار وغیرہ کھڑی ہو۔ حوزُ الدار: مکان کے منافع جو اس کے ساتھ وابستہ ہوں۔ لیلۃ الحوز: پانی کی طرف اونٹوں کے جانے کی پہلی رات۔

الحَوْزِی۔ اونٹ کا ہانکنے والا۔ قوم سے علیحدہ ہو کر تنہا اترنے والا۔ کالا۔

الحَیِّز والحَیْز۔ جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہذا فی حیز التواتر" یعنی یہ چیز تواتر سے ثابت ہے۔

الحَوْزَاء۔ لڑائی۔

الحُوَیْزَاء۔ ساتھیوں سے پوشیدہ رکھا ہوا ذخیرہ۔

الأحْوَذِی۔ ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا۔ بہتر کارگزار۔

الحَوَّاز۔ الحائز کا مبالغہ۔ اور اسی سے ہے "الاثم حواز القلوب" گناہ دلوں پر غالب آنے والا ہے یہاں تک کہ آدمی غیر پسندیدہ کام کر بیٹھتا ہے

الحُوَّاز۔ بڑے بڑے گبریلے۔

حَاسَ (ن) حَوْساً۔ القومَ: میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔ ذلیل کرنا ـــ الذئبُ الغنمَ: درمیان میں آکر پراگندہ کرنا۔ حاست المرأۃُ ذیلہا: دامن کھینچتے ہوئے چلنا ـــ الجزارُ الاہابَ: قصائی کا کھال کو تاننا۔

حَوِسَ (س) حَوَساً۔ دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (أحْوَس)

تَحَوَّسَ۔ دلیری دکھلانا ـــ فی الکلام: گفتگو کے لیے تیار ہونا ـــ للشیءِ: دردمند ہونا

إسْتَحْوَسَ إسْتِحْوَاساً۔ رکنا۔ دیر کرنا۔

الأحْوَس۔ دلیر و بہادر۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے جدا نہ ہو جب تک کہ اپنی حاجت پوری نہ کرے۔ بھیڑیا۔ ج حُوْس۔

الحَوُوْس۔ لوگوں کو بہت قتل کرنے والا بہادر۔

الحُوَاسَۃ۔ غنیمت۔ حاجت۔ (ـــ و الحُوَیْسَاء) قرابت۔ رشتہ داری۔

حَاشَ (ن) حَوْشًا۔ الابلَ: جمع کرکے ہانکنا (وَاَحَاشَ اِحَاشَۃً وَاَحْوَشَ اِحْوَاشًا وَاِسْتَحْوَشَ اِسْتِحْوَاشًا) الصیدَ: گھیر کر پھندے کی طرف لانا۔ حَاشَ وَاَحْوَشَ وَاَحَاشَ علیہ الصَّیدَ وَاَحْوَشَہٗ اِیَّاہُ: شکار کرنے میں مدد کرنا۔

حَوَّشَہٗ۔ بہت جمع کرنا۔ حَوَّشَ الرجلُ: دلیری دکھانا۔ طیاری کرنا۔

حَاوَشَہٗ۔ علی الامر: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

تَحَوَّشَ۔ عنہ: علیحدہ ہونا۔۔۔ منہ: شرم کرنا۔۔۔ المرأۃُ من زوجہا: بیوہ ہونا۔

اِنْحَاشَ۔ اکٹھا ہونا۔۔۔ عنہ: بھاگنا۔ بدکنا۔۔۔ لِلصَّیدُ: شکار کا خود آنا۔

تَحَاوَشُوا۔ علیہ: اپنے درمیان میں کرلینا

اِحْتَوَشَ۔ القومُ الصیدَ: قوم کا شکار کو ایک دوسرے کی طرف بدکانا۔ اِحْتَوَشَ القومُ الرجلَ وعلیہ: گھیرلینا اور اپنے درمیان میں کرلینا۔

الحَوْشُ۔ باڑہ کے مشابہ گھر کے اردگرد۔

الحُوَاشَۃُ۔ باعث شرم۔ رشتہ داری۔ ایسا کام جس میں گناہ وقطع رحمی ہو

الحَائِشُ۔ فا۔ حَائِشُ الشجرِ: درخت کا گنجان حصہ۔ رجل (حُوشُ) الفؤاد: ذکی وتیز فہم مرد۔

الحُوشِیُّ۔ من الکلام: نادر وغریب کلام۔ رجل حُوشِیٌّ: لوگوں سے نہ ملنے والا۔ لیلٌ حُوشِیٌّ: تاریک رات

حَاصَ (ن) حَوْصًا وحِیَاصَۃً۔ الثوبَ: دور دور سینا۔۔۔ حَولَہٗ: منڈلانا۔۔۔ عینہا: تنگ کرنا۔

حَوِصَ (س) حَوَصًا۔ تنگ گوشہ چشم والا ہونا صفت (اَحْوَصُ) مونث حَوْصَاءُ ج حُوْصٌ و اَحَاوِصُ۔

حَاوَصَہٗ۔ چپکے سے گوشہ چشم سے دیکھنا۔

اِحْتَاصَ اِحْتِیَاصًا۔ فی امرہ: احتیاط کرنا۔

الحُوَّصُ ۔ ج۔ پیٹ کا مروڑ۔ کہا جاتا ہے۔ "لَاَطْعَنَنَّ فِی حَوْصِکَ" جو تم نے سیا ہے اس کو میں اُدھیڑ دونگا اور جس کو تم نے درست کیا ہے اس کو بگاڑ دونگا۔ "مَا طَعَنْتَ فِی حَوْصِہٖ" تو اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوا۔ "وَدَخَلَ فِی حَوْصِ النَّاسِ" وہ لوگوں کے باطنی امور میں داخل ہوا۔

الحِیَاصَۃُ۔ جانور کا تنگ

الحِوَاصُ۔ لکڑی کی سوئی۔

الحَوَصُ۔ چھوٹی آنکھیں۔

حَوْصَلَ۔ الطائرُ: پوٹا بھرنا۔۔۔ الحِنْطَۃَ: اکٹھا کرنا۔

الحَوْصَلُ والحَوْصَلَۃُ والحَوْصَلَّۃُ و الحَوْصَلَاءُ۔ پرندہ کا پوٹا۔

حَاضَ (ن) حَوْضًا۔ حوض بنانا۔۔۔ الماءَ: جمع کرنا۔

حَوَّضَ۔ حوض بنانا۔۔۔ حولَ الامر: گھومنا چکر لگانا۔

اِحْتَاضَ وَتَحَوَّضَ۔ حوض بنانا۔

اِسْتَحْوَضَ۔ الماءُ: حوض کے مشابہ گڑھے میں جمع ہونا۔

الحَوْضُ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ ج اَحْوَاضٌ و حِیَاضٌ و حِیضَانٌ۔ حَوْضُ الاُذُنِ: کان کا گڑھا۔

المُحَوَّضُ۔ درخت کے اردگرد پانی کا گڑھا۔ تھالا۔

حَاطَہٗ (ن) حَوْطًا وحِیطَۃً وحِیَاطَۃً حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔۔۔ بہ: گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔

حَوَّطَ۔ حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔۔۔ السَّاحَۃَ: گرداگرد دیوار بنانا۔۔۔ حَائِطًا: دیوار بنانا۔۔۔ حولَ الامر: گھومنا چکر لگانا۔

حَاوَطَہٗ۔ کسی سے کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے کہ جس کے دینے سے وہ انکار کررہا ہو پیچھے پڑنا اور اس کے گرد چکر لگانا۔

اَحَاطَ وَاِحْتَاطَ۔ بہ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَحَاطَ بِہٖ عِلْمًا" اس نے پورے طریقے سے علم حاصل کیا۔ اِحْتَاطَ الرجلُ: ہوش وحواس سے کام کرنا۔ اِحْتَاطَ علی الشیءِ: محافظت کرنا۔ اِحْتَاطَ لِنَفْسِہٖ: بھروسہ کے ساتھ لینا

تَحَوَّطَہٗ۔ حفاظت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یَتَحَوَّطُ اَخَاہُ حِیطَۃً حَسَنَۃً" فلاں اپنے بھائی کی بہت اچھے طریقے سے حفاظت کرتا ہے۔

اِسْتَحَاطَ۔ فی امرہٖ او تجارتہٖ: احتیاط کرنے میں مبالغہ کرنا۔

الحَوْطَۃُ والحِیطَۃُ والحَیْطَۃُ۔ احتاط کا اسم۔ الحِیطَۃُ: پاکدامن شریف عورت۔

الحَوْطُ۔ مع۔ چاندی وغیرہ کا بنا ہوا چاند ہلالی شکل کا۔ سیاہ وسفید دو رنگوں کا دھاگا کہ جس میں مہرے یا کوڑی وغیرہ پرو کر نظر بد سے بچنے کے لیے عورتیں کمر پر باندھتی ہیں۔

المِحْوَطُ۔ وہ چیز جس سے دراہم کے نقصان کو پورا کریں۔

الاَحْوَطُ۔ بہت احتیاط کرنے والا۔ قابل اعتماد۔ (اور یہ شاذ ہے اس لیے کہ احتاط سے ماخوذ ہے)

الحَائِطُ۔ ف۔ دیوار۔ باغ۔ ج حِیطَانٌ و حِیَاطٌ۔

الحَوَّاطُ۔ حائط اسم فاعل کا مبالغہ۔

حُوَّاطُ۔ الامر: کسی کام کا مدار۔

الحُوَاطَۃُ۔ غلہ کی حفاظت کے لیے بنی ہوئی جگہ۔

المَحَاطُ۔ جگہ جو قوم کے یا جانوروں کے پیچھے ہو اور جہاں ان کی حفاظت ہو۔

المُحِیطُ۔ فا۔ وہ خط جو دائرہ کا احاطہ کیے ہوئے ہو۔ البحرُ المحیطُ: بحر اوقیانوس جو ہر طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے۔

حَافَ (ن) حَوْفًا وحَوَّفَ۔ الشیءَ: کنارہ پر کرنا۔ حَوَّفَ المکانَ:

تَحَوَّفَ۔ الشیءَ: کناروں سے کم کرنا۔

کنارہ کو پکڑنا۔

الحُوف ۔مع۔ زار کی مانند چمڑے کی ایک چیز جس کو بچے پہنتے ہیں۔ جانب ۔کنارہ ۔گوشہ۔

الحافَانِ ۔ زبان کے نیچے سبز رنگ کی دو رگیں۔

الحافَة ۔ جانب ۔کنارہ ۔شدت ۔حاجت ج حافات وحِيَف ۔ حافتا الوادی ونحوہ: وادی کے دونوں کنارے۔

حَاقَ (ن) حَوْقًا ۔البیتَ: جھاڑو دینا ۔۔ الشیءَ: رگڑ کر چکنا کرنا ۔۔ بہ: احاطہ کرنا۔

حَوَّقَ ۔علیہ: گڑبڑ گفتگو کرنا۔

الحَوَق والحَوَقة ۔ بڑی جماعت

الحُوق ۔گھیرا ۔چوکھٹا۔

الحُوَاقة ۔کوڑا کرکٹ ۔سامان۔

المِحْوَقة ۔جھاڑو ۔ج مَحَاوِق

حَوْقَلَ حَوْقَلَةً وحِيقَالًا ۔ چلنے سے تھکنا ۔کمزور بڈھا ہونا ۔۔ الشیخُ: چلنے میں کمر پر ٹیک لگانا ۔لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم کہنا۔

الحَوْقَل ۔عمر رسیدہ بڈھا۔

الحَوْقَلة ۔مع ۔لمبی گردن کی شیشی۔

حَاكَ (ن) حَوْكًا وحِيَاكًا وحِيَاكَةً ۔ الثوبَ: بننا ۔صفت (حائک) ج حاكة و حَوَكَة ۔مونث حائكة وحائک ۔ج حائكات وحوائک ۔کہا جاتا ہے "حاک الشاعر القصیدۃ" شاعر نے قصیدۃ بنایا۔ "وحاک الشیءُ فی صدری" فلاں چیز میرے دل میں جم گئی۔

ما (أحاكَ) سیفُه: نہ کاٹنا ۔کہا جاتا ہے "ضربه فما أحاك فيه سيفه" اس نے اسے مارا تلوار نے کوئی اثر نہیں کیا ۔(یہ ہمیشہ نفی ہی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔

الحَوْك ۔جنگلی تلسی ۔کہا جاتا ہے "ہذا علی حوک ہذا" یہ ہیئت وشکل وعمر میں اس کی مانند ہے

المحاكة ۔کارگہ ۔کھڈی۔

المحوكة ۔لڑائی ۔جنگ۔

حَالَ (ن) حَوْلًا وحُؤُولًا ۔الشیءُ: ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا ۔۔ الحولُ: گزرنا اور پورا ہونا ۔کہا جاتا ہے "حالت الدار وحیل بہا" گھر پر بہت سے سال گزرے ۔۔ علیہ الحولُ: پورا سال گزرنا ۔۔ القوسُ: کج ہونا ۔۔ العہدُ: پلٹ جانا ۔۔ الی مکان آخر: منتقل ہونا ۔۔ فی ظہر الدابۃ: جانور کی پیٹھ پر کود کر چڑھنا ۔۔ الشخصُ: متحرک ہونا ۔(۔۔ حِیلةً وحِيَالًا) حیلہ کرنا۔

(۔۔ حُؤُولًا وحِيَالًا) الانثیٰ: حاملہ نہ ہونا۔ ۔۔ النخلةُ: ناغہ سے پھلدار ہونا ۔(۔۔ حَوْلًا وحُؤُولًا وحَيْلُولَةً) درمیان میں حائل ہونا۔

حَوِلَتْ (س) حَوَلًا عینُه: بھینگی ہونا۔

حَوَّلَهُ تَحْوِيلًا ۔ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ۔زائل کرنا ۔حَوَّلَ الیہ: پلٹ دینا ۔حَوَّلَ الرجلُ: منتقل ہونا ۔حَوَّلَ الارضَ ایک سال کے ناغہ سے کاشت کرنا ۔۔ الشیءَ: محال بنانا ۔(۔۔ وأحَالَ) العینَ: بھینگا کر دینا۔

حَاوَلَهُ مُحَاوَلَةً وحِوَالًا) حیلہ سے طلب کرنا ۔۔ لہ البصرَ: تیز کرنا ۔۔ الشیءَ: ارادہ کرنا اور حیلہ سے طلب کرنا۔

أحَالَ ۔اللہُ الحولَ: پورا کرنا ۔۔ بالمکان: ایک سال قیام کرنا ۔۔ الرجلُ: محال بات کہنا ۔۔ الشیءُ: چند سال گزرنا ۔أحَالَ الغریمَ بدینہ علی آخر: قرض کو دوسرے کے حوالہ کرنا ۔صفت فاعلی (مُحِیل) صفت مفعولی (مُحَال) اور دوسرے غریم کو (مُحَال علیہ) مال کو (محال بہ) اور اس فعل کو (الحوالة) کہتے ہیں ۔أحَالَ عینَہ: بھینگی کر دینا ۔أحَالَ علیہ الماءَ من الدلو: انڈیلنا ۔کہا جاتا ہے "أحَالَ علیہ بالسوط یضربہ" وہ اس کو کوڑے سے مارنے پر متوجہ ہوا ۔أحال فی ظہر الدابۃ: کود کر سوار ہونا۔

أحَالَ الامرَ علی فلانٍ: کسی پر کسی کام کو منحصر کر دینا۔

أحْوَلَ ۔الصبیُّ: یکسالہ ہونا ۔اور کہا جاتا ہے "ما أحْوَلَهُ وما أحْيَلَهُ" وہ کتنا بڑا حیلہ ساز ہے ۔"ہو أحْوَلُ منک وأحْيَلُ منک" وہ تم سے زیادہ حیلہ گر ہے۔

تَحَوَّلَ ۔عنہ: پھر جانا ۔۔ الرجلُ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ۔۔ فی الامر: حیلہ ومکر سے کام کرنا۔

اِحْتَالَ اِحْتِيَالًا ۔حیلہ کرنا ۔۔ الشیءُ: ایک سال کا ہونا ۔۔ علیہ بالدَّین: دوسرے کے ذمہ ڈالنا۔

اِحْتَوَلَهُ ۔القومُ: گھیر لینا۔

اِحْوَلَّتْ ۔عینُہ: بھینگی ہونا۔

اِحْوَالَّتِ ۔الارضُ: سرسبز ہونا اور گھاس اُگنا۔

اِسْتَحَالَ اِسْتِحَالَةً ۔ایک حال سے دوسری حالت کی طرف بدلنا ۔محال ہونا ۔۔ القوسُ: درستی کے بعد کج ہونا ۔۔ فلانٌ الشیءَ: کسی چیز کی طرف دیکھنا کہ آیا اس میں حرکت ہے یا نہیں۔

الحَال ۔کیفیت ۔ہیئت ۔صفت (مذکر ومونث) گرم راکھ ۔کالی مٹی ۔حال متن الفرس: گھوڑے کے پشت کا درمیان ۔ج أحوال أحْوِلَة

حالَة ۔الشیءِ: کیفیت ۔حالت ج حالات

حالاتُ الدہر: زمانہ کی گردشیں۔

الحَوْل ۔مع ۔قدرت ۔کہا جاتا ہے "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" یعنی نہ تو حرکت ہے نہ قوت ہے مگر اللہ تعالیٰ کی مشیئت سے ۔ہوشیاری ۔دوربینی ۔سال ۔ج حُؤُول وأحوال۔

الحَوْلِيّ ۔یکسالہ بچہ ۔ج حَوْلِیّات ۔سالانہ سے ہے "حولیات زہیر" یعنی زہیر کے وہ قصائد جن کی نظم وترتیب وتہذیب اور لوگوں کے سامنے پیش کرنے میں ایک سال کی مدت لگتی تھی۔

الحِوَل ۔ہوشیاری ۔دوربینی ۔قدرت تصرف

زوال ۔ انتقال ۔ کہا جاتا ہے "لا حِوَلَ عنہ"
الحَوَل ۔ بھینگا پن ۔
حَوْلُ وحَوْلَی وحَوَالُ وحوالَی الشئ اوالشخص : گرداگرد ۔ کہا جاتا ہے "قعد حَوْلَہ وحَوْلَیہ وحَوَالَہ وحَوَالیہ"
الحَوَال والحَوَلان والحُوَلان ۔ تغیر و انقلاب ۔
الحَوَالِی والحُوَّل والحُوَّلِی ۔ حیلہ ساز ۔ بہت سخت حیلہ گر
الحِوَال ۔ ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو ۔
حِیَالُ ۔ الشئ : مقابل ۔ سامنے ۔ اور کہا جاتا ہے "قعد کلٌّ علی حِیَالِہ" ہر ایک علٰحدہ علٰحدہ بیٹھا ۔
الحِیْلَة والحَوْلَة ۔ ہوشیاری ۔ دوربینی ۔ تصرف کی قوت ۔ ج حِیَل وحِوَل ۔
الحُوَلَة ۔ تعجب ۔ امر منکر ۔ مصیبت ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُوَلَة" یعنی بہت حیلہ گر مرد ۔ وہذا من حُوَلة الدہر" یہ عجائبات زمانہ سے ہے ۔
الحِوَل ۔ بھینگا ۔ بہت حیلہ گر ۔
الحَوِیْل ۔ گواہ ۔ ضامن
الاَحْوَل ۔ بھینگا ۔ مونث حَوْلَاء ۔ ج حُوْل ۔
الحَائِل ۔ فا ۔ رنگ بدلا ہوا ۔ یکسالہ ۔ ہر وہ مادہ جو حاملہ نہ ہوتی ہو ۔ کہا جاتا ہے "امرأة حائل ونخلة حائل" ج حُوْل وحُوَّل وحِیَال وحَوَائِل ۔
الحَائِلَة ۔ الحائل کا مونث ۔ حیلہ ۔ کہا جاتا ہے "مافیہ حائلة" اس میں کوئی حیلہ نہیں ۔
المُحَال ۔ مشکل ۔ باطل ۔ ٹیڑھا ۔ غیر ممکن ۔
المُحْوِل ۔ یکسالہ بچہ ۔
المُحِیْل ۔ من النساء : لڑکی کے بعد لڑکا یا لڑکے بعد لڑکی جننے والی عورت ۔
المَحَالَة ۔ ہوشیاری ۔ تصرف کی قدرت رہٹ ۔ پیٹھ کا درمیان ۔ ج مَحَال ومَحَاوِل ۔ کہا جاتا ہے "لا مَحَالَة من الامر" ضروری ۔ اس میں کوئی شک نہیں ۔ المَحَالَة : رہٹ ۔ بڑی چرخی ۔
المِحْوَال ۔ بہت محال باتیں کہنے والا ۔
المُسْتَحِیْل ۔ بے ہودہ ولغویات ۔ بھرا ہوا ۔ المُسْتَحِیْلَة والمُسْتَحِیْلَة من القِسِیّ : ٹیڑھی کمان ۔ ـــ من الارض : ایک سال یا چند سال چھوڑی ہوئی زمین ۔
حَامَ (ن) حَوْمًا وحَوَمَانًا علی الشئ وحولہ : منڈلانا ـــ الرجلُ : پیاسا ہونا ۔ صفت (حَائِم) ج حُوَّم ۔ مونث حَائِمَة ۔ ج حَوَائِم وحُوَّم (ـــ حَوْمًا وحِیَامًا وحُؤُوْمًا) حولَ غرضِہ وعلیہ : طلب کرنا ۔
حَوَّمَ ۔ فی الامر : کام میں لگا رہا
الحَوْم ۔ اونٹوں کا بڑا گلہ ۔
الحُوَّم ۔ شراب جو سر کو چکرا دے ۔
حَوْمَة ۔ القتال او البحر او الرمل وغیر ذلک : بڑا حصہ ۔ حَوْمَةُ الموت : موت کا ہجوم ۔
الحُوْمَة ۔ بھنور ۔
حَوْمَلَ حَوْمَلَةً ۔ پانی اٹھانا ۔
الحَوْمَل ۔ صاف سیلاب ۔ کالا بادل ۔
تَحَوَّنَ ۔ الرجلُ : ذلیل ہونا ۔ ہلاک ہونا
حَوِیَ (س) حَوًّی واحْوَوٰی اِحْوِوَاءً واحْوَاوَی اِحْوِیْوَاءً ۔ سبزی مائل یا سرخی مائل سیاہ ہونا ۔ صفت (اَحْوٰی) مونث حَوَّاء ج حُوّ ۔
حَوٰی (ض) حَوَایَةً وحَیًّا ۔ الشئ : جمع کرنا
حَوَّاہُ تَحْوِیَةً ۔ قبضہ کرنا ۔
تَحَوّٰی ۔ سمٹنا ۔ گول ہونا ـــ الحیةُ : کنڈلی مارنا ـــ الشئَ : قبضہ کرنا ۔
اِحْتَوٰی اِحْتِوَاءً ۔ الشئ وعلیہ : جمع کرنا ۔
الحَاوِی ۔ فا ۔ سانپ کا منتر کرنے والا ۔ مونث حَاوِیَة ج حَاوِیَات وحَوَاوٍ ۔
الحَاوِیَاء ۔ سمٹی ہوئی آنتیں ۔ ج حَاوِیَات وحَوَاوٍ
الحُوَّاء والحَوَاة ۔ آواز
الحَوِیُّ ۔ استحقاق کے بعد مالک ہونیوالا چھوٹا حوض ۔
الحِوَاء ۔ قریب قریب گھروں کا مجموعہ ۔ ج اَحْوِیَة
الحَوِیَّة ۔ الحوی کا مونث ۔ سمٹی ہوئی آنتیں ۔ چھوٹا حوض ۔ کمبل کہ جس میں گھاس بھوسہ وغیرہ بھر کر اونٹوں کے کوہان کے ارد گرد رکھتے ہیں ج حَوَایَا ۔ اور اسی سے مثل ہے "المنایا علی الحوایا" اس شخص کے لیے جو موت کو خود ہی تلاش کرے ۔
الحَوَّاء ۔ سانپوں کا جمع کرنے والا ۔
حَیْثُ ۔ ظرف مکان ۔ مبنی بر ضمہ ۔ اور کہا جاتا ہے ۔ من ہذہ (الحیثیة) یعنی اس اعتبار سے ۔ اور کبھی حیثُ زمان کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ۔
حَاجَ (ض) حَیْجًا ۔ محتاج ہونا ۔
اَحَاجَ واَحْیَجَ ۔ المکانُ : کانٹے اگانا ۔
الحَاج ۔ کانٹا ۔ ایک قسم کا ترش پودہ ۔ ج
حَادَ (ض) حَیْدًا وحَیَدَانًا ومَحِیْدًا وحَیْدَةً وحُیُوْدًا وحَیْدُوْدَةً ۔ عن الطریق : الگ ہونا ۔ ہٹ جانا ۔
حَیَّدَہٗ ۔ گرہ پر کر دینا ۔ حَیَّدَ السَّیْرَ : تسمہ میں گرہ لگانا ۔
حَایَدَ مُحَایَدَةً وحِیَادًا ۔ علٰحدہ ہونا ۔
الحَیْد ۔ چیز کا ابھرا ہوا حصہ ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ ۔ ج حُیُوْد وحِیَدَة واَحْیَاد (ـــ والحِیْد) مثل ونظیر ۔
الحَیَدَة ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ
الحَیَدٰی ۔ متکبر کی چال ۔
الحَیَدَان ۔ کنکری جو جانور کے چلنے سے اڑے
المَحِیْد ۔ حاد کا اسم ظرف
حَارَ (س) حَیْرًا وحَیْرَةً وحَیَرَانًا وحَیَرًا ۔ الماءُ : پانی کا اس طرح آنا جانا کہ یہ نہ معلوم ہو کہ کیسے جاری ہے ـــ الرجلُ : چکا چوند ہونا ۔ راستہ گم کرنا ۔ فی امرہ : حیران ہونا ۔ صفت (حَیْرَان) مونث حَیْرٰی ۔ ج حَیَارٰی وحُیَارٰی
حَیَّرَہٗ ۔ حیرانی میں ڈالنا ۔
تَحَیَّرَ ۔ الماءُ : بمعنی حَارَ الماءُ ـــ المکانُ بالماء : بھر جانا ـــ (واستحار) حیرانی میں پڑنا ۔ اِسْتَحَارَ المکان وبالمکان :

چند دن کے لیے اترنا ــــ السحابُ: کسی جانب میں متوجہ نہ ہونا۔
الحَیْرُ: حمی۔ باغ۔
الحَیْرُ والحِیَرُ۔ بہت اہل ومال۔ کہا جاتا ہے "لا آتیہ حَیْرَ دَہْرٍ" میں اُس کے پاس کبھی نہیں آؤنگا۔
الحَارَۃ۔ محلہ۔
الحَائِرُ۔ فا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ بلند کناروں والی نشیبی جگہ۔ ج حُوْرَان وحِیْرَان۔
المَحَارَۃ۔ سیپی۔ ج مَحَارٌ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ المَحَارَتَان: سرین کے دونوں گول سرے جن سے ران کے سرے ملے ہوئے ہیں
المِحْیَار۔ بہت حیران۔
المُتَحَیِّرَات۔ کواکب سیارہ۔ واحد (متحیرہ)
المُسْتَحِیْر۔ فا۔ وہ راستہ جو جنگل کے عرض میں ہو۔ اور یہ معلوم نہ ہو کہ کہاں نکلا ہے۔ بھاری بادل جس کے لیے ہوا نہ ہو جو کہیں لیجائے۔
حَازَ (ض) حَیْزًا۔ الابلَ: ہانکنا۔
تَحَیَّزَ۔ الشیُٔ: کسی ایک ہی جگہ میں منحصر ہونا ــــ الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔
الحَیِّزُ۔ دیکھیے مادہ ح و ز۔
حَاسَ (ض) حَیْسًا۔ الشیَٔ: ملانا ــــ الحَبْلَ: بٹنا۔ (ــــ وحَیَّسَ) الحَیْسَ: حیس بنانا۔ کہا جاتا ہے "عِیْسَ حَیْسُہم" ان کی ہلاکت قریب ہوئی
الحَیْس۔ مص۔ ایک قسم کا کھانا جو کھجور گھی اور ستو سے تیار کیا جاتا ہے۔ کچا کام۔ ردی کام۔
المُحَیَّوْس۔ وہ جس کے ماں باپ دونوں غلام ہوں۔
حَاشَہ (ض) حَیْشًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
حَاشَ منہُ: گھبرانا ــــ الرجلُ: جلدی کرنا ــــ الوادي: دراز ہونا۔
تَحَیَّشَ۔ گھبرانا۔
الحَیْشَان۔ بہت گھبرانے والا۔
حَاصَ (ض) حَیْصًا وحَیْصَۃً وحُیُوصًا

مَحِیْصًا وحَیَصَانًا والحَاصَ وتَحَایَصَ۔ عن کذا: الگ ہونا۔ ہٹ جانا کہتے ہیں۔ "مَنْ حَاصَ عَنِ الشَّرِّ سَلِمَ" جو برائی سے الگ رہا محفوظ رہا۔ "وقع فی حَیْصَ بَیْصَ او فی حِیْصَ بِیْصَ" وہ ایسی گڑبڑی میں پڑگیا جس سے نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔
حَاَیَصَہٗ۔ فریب دینا اور غلبہ کرنا۔
الاَحْیَص۔ وہ شخص جس کی ایک آنکھ دوسری سے چھوٹی ہو۔
دابۃ (حَیُوص) بدکنے والا جانور
المَحِیْص۔ علیحدہ ہونے کی جگہ۔ بھاگنے کی جگہ۔
الحَیْصَاء والمِحْیَاص۔ وہ عورت جس کی اندام نہانی تنگ ہو
حَاضَتْ (ض) حَیْضًا ومَحِیْضًا ومَحَاضًا وتَحَیَّضَتْ۔ المرأۃُ: ماہواری خون جاری ہونا صفت (حَائِضٌ وحَائِضَۃٌ) ج حُیَّضٌ وحَوَائِضُ۔
حَیَّضَ۔ الماءَ: پانی بہانا۔
الحِیَاض۔ حیض کا خون۔
الحِیْضَۃ والمَحِیْضَۃ۔ حیض کا چیتھڑا۔
حَیْعَلَ۔ المؤذنُ: حَیَّ علی الصلوٰۃ، حَیَّ علی الفلاح کہنا۔
حَافَ (ض) حَیْفًا۔ علیہ: ظلم کرنا صفت (حَائِفٌ) ج حُیَّفٌ حُیُفٌ وحَافَۃٌ
تَحَیَّفَ۔ الشیَٔ: کم کرنا۔ اطراف سے گھٹانا۔
الحَائِف۔ فا۔ حَائِفُ الجبلِ: پہاڑ کا کنارہ
الحِیْفَۃ۔ گوشہ۔ کپڑے کا ٹکڑا جو قمیص کے دامن میں پیوند لگایا جائے۔ شکاری کے واسطے ہنکایا ہوا جانور۔ ج حِیَف
الاَحْیَف۔ من الامکنۃ: وہ جگہ جہاں بارش نہ ہو۔ مونث حَیْفَاء۔
حَاقَ (ض) حَیْقًا وحُیُوْقًا وحَیَقَانًا و اَحَاقَ اِحَاقَۃً۔ بہ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔
حَاقَ بہم الامرُ: لازم ہونا واجب ہونا۔

ــــ بہم العذابُ: نازل ہونا ــــ فیہ السیفُ: اثر کرنا۔ نشان ڈالنا۔ اَحَاقَ الشیَٔ بکذا: گھیرلینا۔
حَایَقَہٗ مُحَایَقَۃً۔ حسد کرنا۔ دشمنی کرنا۔ بغض رکھنا۔
اِحْتَاقَ۔ علی الشیِٔ: احتیاط کرنا۔
الحَیْق۔ برے فعل کی وجہ سے جو کچھ انسان کو لازم ہو۔
الحَیْقَل۔ بے فیض آدمی۔
حَاکَ (ض) حَیْکًا وحَیَکَانًا متکبرانہ چال چلنا۔ صفت (حَائِکٌ وحَیَّاکٌ) مونث حَیَّاکَۃ وحَیْکَانَۃ وحَیْکَی۔ (ــــ واَحَاکَ) السیفُ: کاٹنا ــــ السیفُ او الکلام فیہ: اثر کرنا۔
اِحْتَاکَ اِحْتِیَاکًا۔ بثوبہ: لپیٹنا۔
مِشْیَۃٌ (حِیَکَی) متکبرانہ چال۔
حَالَ (ض) حُیُولًا۔ الشیُٔ: بدلنا ــــ الماءُ: وادی میں جمع ہونا۔
الحَیْل۔ قوۃ۔ وادی میں جمع شدہ پانی۔ ج اَحْیَال وحُیُول۔
الاَحْیَل والاَحْوَل۔ بہت حیلہ کرنیوالا
الحِیْلَۃ۔ ہوشیاری۔ دوربینی۔ تصرف کی قوت۔ ج حِیَل۔
الحَیْلَۃ۔ بکریوں یا بھیڑوں کا ریوڑ۔ حیلہ گری۔
الحِیْلَان۔ غلہ گاہنے کا اوزار۔
حَانَ (ض) حَیْنًا وحَیْنُوْنَۃً۔ الشیُٔ: وقت قریب ہونا ــــ فلان: ہلاک ہونا۔ رنج وتکلیف میں پڑنا۔ توفیق سے محروم ہونا
حَانَ لَہٗ اَنْ یَفْعَلَ کذا: وقت قریب آنا ــــ السنبلُ: خشک ہوکر کٹائی کا وقت قریب آنا۔
حَیَّنَہٗ۔ وقت ومیعاد مقرر کرنا ــــ اللہُ فلانًا: ہدایت کے لیے توفیق نہ دینا۔
حَایَنَہٗ۔ وقت معین کے لیے معاملہ کرنا۔
اَحْیَنَ اِحْیَانًا۔ الرجلُ او الشیُٔ: وقت آنا ــــ بالمکان: کچھ وقت کے لیے قیام کرنا
اَحَانَہٗ۔ اللہ: ہلاک کرنا۔

تَحَیَّنَ ۔ مِنہ غَفلَتہٗ: انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہو یَتحیَّن لِطعامِ الناس" وہ لوگوں کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔ توفیق وہدایت سے محروم رہنا۔

اِسْتَحْیَنَ ۔ وقت مناسب کی آرزو رکھنا

الحَانُ والحَانَۃ ۔ شراب فروشی کی دوکان

الحَیْنُ ۔ ہلاکت ۔ رنج ومحنت

الحِیْنُ ۔ وقت ۔ ج اَحْیان جج اَحَایِیْن ۔

الحِیْنَۃ والحِیَان ۔ وقت ۔

الحَائِن ۔ فاسے وقوف ۔

الحَائِنَۃ ۔ مصیبت ۔ ج حوائِن

حَیِیَ (س) حَیَاۃً ۔ زندہ رہنا ۔ اس میں ایک لغت ادغام سے بھی ہے ۔ کہا جاتا ہے حَیَّ یَحَیّ (۔۔۔ حَیَاءً) منہ: منقبض ہونا ۔۔۔ الطَرِیْقُ: ظاہر ہونا۔

حَیَّاہُ تَحِیَّۃً ۔ حیاک اللہ کہنا ۔ (یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے) سلام کرنا ۔ حَیَّاہُ اللہُ: باقی رکھنا ۔ کہا جاتا ہے "حَیَّا الخَمسِیْنَ مِن عُمرِہٖ" وہ اپنی عمر کے پچاسویں سال کے قریب پہنچا۔

حَاْبَ ۔۔۔ الشیٔ: ۔۔۔

رِدًا: شرم دلانا ۔۔۔ النارَ: بھڑکانا۔ آگ

اَحْیَاہُ ۔ زندہ کرنا ۔۔۔ النارَ: آگ سلگانا ۔۔۔ الارضَ: سرسبز بنانا ۔۔۔

الرائدُ الارضَ: گھاس پانی طلب کرنے والے کا زمین کو سرسبز پانا ۔۔۔ اللیلَ: بیدار رہنا۔

(حَیَاہ واِستَحْیَاہ) زندہ چھوڑنا۔

اِسْتَحْیَا واسْتَحَی ۔ منہ: شرم کرنا۔

اِسْتَحْیَاہُ واسْتَحیَا منہ: منقبض ہونا ۔ باز رہنا

حَیَّ وحَیَّ ھَلا وحَیَّھَلْ ۔ اسم فعل بمعنی اَقْبِلْ وعَجِّلْ ۔ کہا جاتا ہے "حَیَّ علی الصلوٰۃ" یعنی نماز کے لیے آؤ ۔ حَیَّ ہَلْ بفلان: فلاں کو بلاؤ۔

الحَیَا والحَیَاء ۔ بارش ۔ تروتازگی ۔ نباتات

الحَیَاءُ ۔ شرم ۔ حیا ۔ کسی چیز سے منقبض ہونا اور ملامت کے خوف سے چھوڑنا ۔ بارش و تروتازگی ۔ توبہ ۔

الحَیَاۃ ۔ زندگی ۔

الحَیُّ ۔ زندہ ۔ نسبت کے لیے حَیَوِیّ، مؤنث حَیَّۃ ۔ اَرضٌ حَیَّۃٌ: سرسبز زمین ۔ کہا جاتا ہے "لایَعرِفُ الحَیَّ مِنَ اللَّیِّ" یعنی وہ بے وقوف ہے ۔ الحَیُّ: محلہ ۔ عرب کے قبیلوں میں سے چھوٹا قبیلہ ۔ ج اَحْیَاء

الحَیَّۃ ۔ سانپ (مذکر، مؤنث) ج حَیَّات وحَیَوَات ۔

الحَیُّوت ۔ نر سانپ ۔

الحَیِیُّ والحَیِیّ ۔ شرم والا ۔

الحَیَوَان ۔ جاندار ۔ ج حَیَوَانات ۔

المُسْتَحْیِیَۃ ۔ چھوئی موئی ۔

المَحْیَا ۔ وہ موقع جہاں شرم کی جائے ج مَحَایِی ۔ زندگی ۔

المُحَیَّا ۔ چہرہ

ارض (مَحْیَاۃ) بہت سانپوں والی زمین ۔

خ

خَبَّ (ن) خَبًّا ۔ النباتُ: بلند ہونا ۔ بڑھنا ۔۔۔ الرجلُ: اپنی چیز کو روکنا ۔ بخل کی وجہ سے بے نشان ہونے کے لیے پست زمین میں اترنا (۔۔۔ خَبًّا وخَبَبًا وخِبَبًا واِخْتَبَّ) الفرسُ فی عَدْوِہٖ: گھوڑے کا دوڑنے میں کبھی اگلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا اور کبھی پچھلی پر ۔ (۔۔۔ خِبَّا وخَبَابًا) البحرُ: جوش مارنا۔

خَبَّ (س) خَبًّا وخِبًّا ۔ مکار ہونا ۔

خَبَّبَہٗ ۔ دھوکا دینا ۔ خراب کرنا ۔ کہا جاتا ہے "خَبَّبَ علٰی فلانٍ صَدِیقَہٗ" اس نے فلاں کے دوست کو بگاڑ دیا ۔ خَبَّبَ لَحمُہٗ: گوشت کے جاتے رہنے سے جھریاں پڑنا۔

اَخَبَّ ۔ الفرسَ: گھوڑے کو خبب چال چلانا (دیکھیے مصدر خَبَب)

الخَبُّ ۔ مع ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔ فساد ۔ ریت کی دھاری ۔ نرم زمین جو دو سخت زمینوں کے درمیان ہو ۔ ج خُبُوب ۔ کہتے ہیں "اَصَابَہُم الخَبُّ" یعنی ہوائیں ان پر پیچیدہ ہوگئیں اور موجوں میں اضطراب ہوگیا۔

الخَبْتُ ۔ پست زمین ۔ درخت کی چھال ج خُبُوب واَخْبَاب ۔

الخُبَّۃ ۔ مثلثۃ الخاء: ریت یا بدلی کی دھاری ۔ پٹی کی طرح دھجی ۔ الخُبَّۃ: پانی کے جمع ہونے کی جگہ ۔ وادی کا درمیانی حصہ گوشت کا پارچہ۔

ثوبٌ (خِبَبٌ وخَبَائِبُ واَخْبَابٌ) پھٹے پرانے کپڑے (تعدد اجزاء کی وجہ سے صفت میں جمع لانا جائز ہے)

الخَبِیْبُ ۔ زمین میں لمبا شگاف ۔

الخَبِیْبَۃ ۔ ریت یا بدلی کی دھاری ۔ گوشت کا پارچہ ۔ وادی کا درمیانی حصہ ج خَبَائِب ۔

المُخَبَّبَۃ ۔ وادی کا درمیانی حصہ ۔

خَبَأَ (ف) خَبْأً وخَبَّأَ ۔ الشیَٔ: چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا

خَابَأَہٗ ۔ کسی سے چیستان و پہیلی کہنا ۔

اِخْتَبَأَ ۔ منہ: چھپنا ۔۔۔ الشیَٔ: چھپانا ۔ کہا جاتا ہے "اِخْتَبَأْتُ لَہٗ خَبِیْئًا" اس نے اس سے ایک چیز پوشیدہ کی اور پھر اس کو دریافت کیا ۔

الخَبْءُ والخَبِیْءُ ۔ پوشیدہ ۔ خَبْءُ الارضِ: نباتات ۔ خَبْءُ السماءِ: بارش ۔ کہتے ہیں ۔

"اخرج خبث السماء خبث الارض" بارش نے
نباتات کو اگایا۔
الخِبَاء۔ اون یا بالوں کا خیمہ ج اخبیۃ
الخبیئۃ۔ پوشیدہ رکھی ہوئی چیز ج خبایا
الخابئۃ والخابیۃ۔ مٹکا ج الخوابی
والخوابئ۔ بنت الخابیۃ: شراب۔
الخُبَأۃ۔ بہت پوشیدہ رہنے والی عورت
المخبأ۔ چھپنے کی جگہ۔ ج مخابئ۔
خَبَتَ ص خبتاً۔ ذکرہ: پوشیدہ ہونا
مخفی ہونا۔
اَخبَتَ۔ القومُ: کشادہ وپست زمین میں آنا۔
۔۔۔ الی اللہ: عاجزی وفروتنی کرنا۔
الخَبْتُ۔ کشادہ وپست زمین۔ ج اخبات
وخُبوت۔
الخَبْتۃ والخِبْتۃ۔ تواضع، عاجزی، فروتنی
الخَبِیتُ۔ حقیر وفرومایہ وخبیث۔ کہا جاتا
ہے "ہو خبیتُ النفس" وہ شکستہ دل ہے۔
خَبُثَ (ک) خُبثاً وخَباثۃً وخباثۃً: ناپاک
پلید وناپاک ہونا۔ صفت (خبیث) ج خبثاء
وخُبثاء واخباث وخبثۃ۔ خَبُثَتْ نفسُہٗ: جی
متلانا۔ ۔۔۔ بالمرأۃ: زنا کرنا۔
خَبَثَ (ک) خُبْثاً۔ ردی ہونا۔ مکار ہونا
۔۔۔ واَخبَثَ: بُرے لوگوں کے ساتھ رہنا
واخبثہ: بُرائی سکھلانا۔ خراب کرنا۔ بُرائی
کی طرف منسوب کرنا۔
خَبَّثَہٗ۔ خبیث بنانا ۔۔۔ الطعامَ:
کھانے کو ناگوار کردینا۔
تخابَثَ۔ بُرائی ظاہر کرنا، اور اس پر
عمل کرنا۔
تَخَبَّثَ۔ بتکلف شرارت کرنا۔
اِستخبَثَ۔ بُرائی کرنا۔ شرارت کرنا۔
۔۔۔ ہ: بُرا پانا۔
الخَبَثُ۔ من الحدید ونحوہ: لوہے کا میل
سونے یا لوہے کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز
خَباثِ۔ بروزن قطامِ۔ خبیثۃ سے
معدول ہے۔ اور صرف ندا کی صورت میں عورت
کو گالی دینے کے لیے آتا ہے۔ جیسے "یا خَباثِ" اے
بدکار عورت۔
خُبَثُ۔ خبیث سے معدول ہے۔ اور یہ
بھی صرف ندا ہی کے موقع پر مرد کو گالی دینے
کے لیے آتا ہے۔ جیسے "یا خُبَثُ" یعنی اے
بدکار مرد۔
الخَبِیثُ۔ ناپاک۔ گھٹیا۔ ناپسندیدہ
چیز۔ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج خُبُث
خُبثاء واخباث وخبثۃ۔ مونث خبیثۃ۔ ج
خبیثات وخبائث۔
الخَبائث۔ بُرے افعال۔ وہ چیزیں
جن کو عرب گندی سمجھتے تھے اور کھاتے
نہیں تھے۔ جیسے سانپ وگبریلا وغیرہ
الاخبثان۔ پیشاب پاخانہ۔
الخِبِّیثُ۔ بڑا بدکار۔ بڑا شریر۔
الخَبِیثی۔ بُرائی۔ پلیدی۔
المَخبَثۃ۔ سبب فساد۔ کہا جاتا ہے
"الکفر مخبثۃ لنفس المنعم" ناشکری منعم کی
طبیعت کے لیے باعث فساد ہے۔
خَبَجَہٗ (ن) خَبْجاً۔ بالعصا: لاٹھی
سے مارنا ۔۔۔ الرجلُ: گوز کرنا
الخَبَج والخُباجاء۔ بیوقوف۔
الخَبَج والخُباج۔ گوز۔
خَبْخَبَ۔ الرجلُ: ڈھیلے پیٹ والا ہونا
۔۔۔ ہ: بیوفائی کرنا۔
تَخَبْخَبَ۔ الشئُ المضطربُ: ڈھیلا ہونا
۔۔۔ بدنہٗ: موٹاپے کے بعد دُبلا ہونا ۔۔۔
الحرُّ: گرمی کی تیزی کا کم ہونا۔
الخُبْدُعُ۔ مینڈک۔
خَبَرَ (ن) خُبراً وخِبرۃً۔ الشئَ: آزمانا
تجربہ سے جاننا۔
خَبَرَ (ن) خَبْراً۔ الارضَ: کھیتی کے لیے
جوتنا ۔۔۔ الطعامَ: مرغن کرنا۔
خَبُرَ (ک) وخبر۔ خُبْراً وخِبْراً و
خُبْرۃً وخِبرۃً ومَخْبُرۃً ومَخْبَرۃً۔ الشئَ
وبہ: حقیقت حال سے واقف ہونا۔
خَبَّرہٗ واَخبَرَہٗ۔ الشئَ وبالشئِ:
آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اخبرتہ
خُبُورہٗ" یعنی اس نے اطلاع دی ہر اس
چیز کی جو اس کے پاس تھی۔
خابَرَہٗ۔ بٹائی پر کھیت جوتنا۔ بروا کرنا۔
بعضوں نے گفتگو کرنے اور بحث کرنے کے
معنی میں استعمال کیا ہے۔
تَخابَرَ۔ ایک دوسرے کو خبر دینا۔
تَخَبَّرَ۔ الامرَ: حقیقت حال سے واقف
ہونا۔
تَخَبَّرہٗ واستخبرہٗ۔ خبر دریافت کرنا۔
تَخَبَّرَ۔ القومُ: بکری کو خرید کر ذبح کرنا اور اس
کے گوشت کو آپس میں تقسیم کرنا۔
اِختَبَرَ۔ الشئَ: آزمانا۔ حقیقت حال
سے واقف ہونا ۔۔۔ لاہلہٖ: اپنے گھر والوں کے
لیے کھانا لینا۔
الخَبْرُ۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ والی
اونٹنی کھیتی۔ پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ
بیری یا اراک کا درخت اور اس کے اردگرد
کی گھاس۔ واحد (خبرۃ) ج خُبُور۔
الخِبْرُ۔ مع۔ بڑا توشہ دان۔ زیادہ دودھ
والی اونٹنی۔
الخُبْرُ۔ مع۔ علم۔ تجربہ۔ آزمائش۔ کہا جاتا
ہے "صدق الخبرَ الخُبْرُ" آزمائش نے خبر کی
تصدیق کردی۔ رجل خَبِرٌ وخبیرٌ: خبر کا جاننے والا
الخَبَرُ۔ خبر۔ ج اخبار واخابیر۔
الاَخباری۔ تاریخ کی تدوین کرنے والا
مورخ
الخَبْراء۔ بڑا توشہ دان۔ بیری کے درختوں
کو اُگانے والی زمین۔ ج خَباری وخَبارٰی وخبراوات
الخُبْرۃ۔ مع۔ بکری جس کو لوگ مختلف قیمت
دے کر خریدیں اور پھر آپس میں تقسیم کرلیں اور
ہر ایک کو اس کی قیمت کے لحاظ سے ملے۔

زیادہ ثرید۔ خوراک وغیرہ جو اہل وعیال کے لیے
خریدی جائے۔ کہا جاتا ہے "اِجْتَمَعُوْا علیٰ خُبْرَتِہٖ"
وہ لوگ اس کے کھانے پر جمع ہو گئے۔ سالن۔
اَلْخَبَارُ۔ نرم زمین۔ جوہیں۔ واحد (خَبَارَۃ)
اَلْخَبِیْرُ۔ واقف۔ آگاہ۔ دانا۔ کسان۔ ج
خُبَرَاءُ۔ کھیتی۔ اونٹ کے بال۔ گرے ہوئے
بال۔ واحد (خَبِیْرَۃ) ج خَبَائِر۔ الخبیر: اونٹ
کے منہ کے جھاگ۔
اَلْخَبُوْرُ۔ شیر۔
اَلْخَابُوْرُ۔ ایک درخت کا نام۔ راس العین
اور فرات کے درمیان ایک ندی کا نام۔
اَلْمَخْبَرُ والمَخْبَرَۃ والمَخْبُرَۃ۔ آگاہی
جو خبر یا آزمائش سے حاصل ہو۔
اَلْخَیْبَرِیُّ۔ کالا سانپ
اَلْخَیْبَرْجَلُ۔ کلنگ
خَبَزَ (ض) خَبْزًا۔ الخُبْزَ: روٹی پکانا ۔۔۔
القَومَ: روٹی کھلانا۔ کہا جاتا ہے "خَبَزْتُہُمْ و
تَمَرْتُہُمْ" میں نے ان کو روٹی کھجور کھلائی۔
خَبَزَہٗ وتَخَبَّزَہٗ۔ مارنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَطَنِیْ
بِرِجْلِہٖ وخَبَزَنِیْ" اس نے مجھ کو اپنے پیر سے مارا۔
اِنْخَبَزَ المکانُ: پست ہونا۔
اِخْتَبَزَ الخُبْزَ: روٹی پکانا۔
اَلْخُبْزُ۔ روٹی۔ خُبْزُ الغُرَابِ: ایک قسم کی
نباتات جس میں روٹی کی مانند گول گول ٹکیہ
نکلتی ہیں۔
اَلْخَبَزُ۔ پست جگہ۔
اَلْخَابِزُ۔ فا۔ روٹی والا۔
اَلْخَبِیْزُ۔ پکی ہوئی روٹی۔ ثرید۔
اَلْخِبَازَۃُ۔ نانبائی کا پیشہ
اَلْخَبَّازُ۔ نانبائی
اَلْخُبَّازَی والخُبَّازُ والخُبَیْزَۃ والخُبَّازَۃ
خُبَازِی (ایک دوا کا نام)
خَبَسَ (ض) خَبْسًا واخْتَبَسَ و
تَخَبَّسَ۔ الشیءَ: لے لینا۔ غنیمت حاصل
کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَسَ فلانًا حَقَّہٗ" فلاں نے
اس کے حق کو مار لیا۔ اِخْتَبَسَ مالَہٗ: جا مارہنا
الخَابِسُ والخَبَّاسُ والمُخْتَبِسُ۔ شیر۔
الخَبُوْسُ۔ شیر۔ ظلم کرنے والا۔
الخُبَاسَۃُ۔ وہ چیز جو ظلماً لی جائے۔
(۔۔ والخُبَاسَاتُ) غنیمت
خَبَشَ (ن) خَبْشًا وتَخَبَّشَ۔ الاشیاءَ
من ہہنا وہہنا: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔
الخَبَّاشُ۔ کمائی کرنے والا
خُبَاشَاتُ۔ العَیْشِ: زندگی بسر کرنے کی
چیزیں جیسے کھانا کپڑا وغیرہ۔ خُبَاشَاتٌ من النَّاسِ
مختلف قوموں کی جماعت۔
خَبَصَ (ض) خَبْصًا۔ الشیءَ بالشیءِ: ملانا۔
(۔۔ خَبَّصَ وتَخَبَّصَ واخْتَبَصَ) کھجور گھی کا حلوا
بنانا۔ اِخْتَبَصَ الرجلُ: اپنے لیے کھجور گھی کا حلوا بنانا۔
کھجور گھی کا حلوا کھانا۔
الخَبِیْصُ والخَبِیْصَۃُ۔ کھجور گھی کا حلوا۔
المِخْبَصَۃُ۔ کڑھائی میں حلوے کو الٹنے پلٹنے کا چمچہ
خَبَطَہٗ (ض) خَبْطًا۔ زور سے مارنا ۔۔۔
الشیءَ: سخت روندنا ۔۔۔ اللیلَ: ٹیڑھا ٹیڑھا
چلنا۔ کہا جاتا ہے "إِنَّہٗ یَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءَ" وہ
رتوندی والی اونٹنی کی طرح ٹیڑھا ٹیڑھا چلتا
ہے یعنی امور میں بغیر بصیرت کے تصرف کرتا ہے
"ما اَدْرِیْ اَیُّ خَابِطِ لَیْلٍ ہُوَ" میں نہیں جانتا
کہ گمنام رات میں آنے والا کون ہے۔
۔۔ الشیطانُ زیدًا: دیوانہ کر دینا ۔۔۔ ہ بخیر
بغیر جان پہچان کے دینا۔ البعیرَ: منہ کی چوڑائی
میں لمبا داغ لگانا ۔۔۔ الشجرۃَ: پتے جھاڑنا۔
خُبِطَ۔ زکام ہونا۔ صفت (مَخْبُوْط)
تَخَبَّطَہٗ۔ زور سے مارنا ۔۔۔ الشیطانُ زیدًا
دیوانہ کر دینا ۔۔۔ البلادَ: فتنہ وفساد لوٹ مار
واقع ہونا۔ تَخَبَّطَ الشیءَ: روندنا۔
اِخْتَبَطَہٗ۔ زور سے مارنا ۔۔۔ زیدًا: بغیر
کسی وسیلے کے مانگنا۔ اِخْتَبَطَتِ البلادُ: فتنہ
فساد واقع ہونا
الخَبَطُ۔ درخت کے پتے جو ڈنڈے سے مار کر
گرائے جائیں۔
الخَبْطَۃُ۔ زکام۔ تالاب یا برتن کا بقیہ
پانی، مشک میں بقیہ دودھ۔ حقیر چیز ۔
دیوانگی۔ ج خِبَطٌ وخَبْطٌ۔ کہا جاتا ہے "علیہ
خَبْطَۃٌ من الجَمَالِ" اس کے اوپر جمال وخوبصورتی
کا کچھ اثر ہے
الخِبْطَۃُ۔ ہر چیز کا کچھ حصہ۔ کہا جاتا ہے
"کانَ ذلکَ بعدَ خِبْطَۃٍ من اللیلِ" یہ رات
کے کچھ حصہ کے بعد ہوا۔ الخِبْطَۃُ من الماءِ:
پانی کا گھونٹ۔ ج خِبَطٌ۔
الخَبَاطُ۔ غبار۔
الخِبَاطُ۔ چہرے کی چوڑائی میں لمبا داغ
ج خُبُطٌ۔
الخُبَاطُ۔ دیوانگی۔
الخَبُوْطُ والخَبِیْطُ والأخْبَطُ۔ من
الخیلِ: زمین پر پاؤں مارنے والا گھوڑا۔
الخَبِیْطُ۔ حوض جس کو اونٹوں نے پاؤں
مار مار کر گرا دیا ہو۔ وہی جس میں تازہ دودھ
ڈال کر ملا جلا دیا گیا۔
المِخْبَطُ والمِخْبَطَۃُ والمِخْبَاطُ۔ پتے جھاڑنے
کا ڈنڈا۔ دھوبی کی موگری۔
خَبَعَ (ف) خَبْعًا۔ فی المکانِ: داخل ہو
۔۔ الشیءَ: چھپانا۔ کہا جاتا ہے "جاریۃٌ خُبَعَۃٌ
طُلَعَۃٌ" کبھی اپنے آپ کو چھپانے والی اور
کبھی ظاہر کرنے والی لڑکی ۔ (۔۔ خُبُوْعًا)
الصبیُّ: روتے روتے سانس رکنا۔
خَبَقَ (ض) خَبْقًا۔ کود کرنا ۔۔۔ ہ۔ اپنے
سے حقیر جاننا۔
تَخَبَّقَ۔ الشیءُ: بلند ہونا۔
الخِبِقُّ۔ بہت کودنے والا مرد تیز رفتار
گھوڑا۔
خَبَلَہٗ (ن) خَبْلًا وخَبَّلَہٗ۔ خراب کرنا
بگاڑنا ۔۔۔ الحُزْنُ: عقل کو تباہ کرنا۔ کہا
جاتا ہے "خَبَلَ الحُبُّ قَلْبَہٗ" محبت نے اس کے
دل کو تباہ کر دیا ۔۔۔ یدَہٗ: [illegible] ۔

—— عن کذا: روکنا منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَلَ عن نَعْلِ أَبِیْہِ" اُس نے اپنے باپ کے روپے سے کوتاہی کی۔
خَبِلَ (س) خَبَلًا وخَبَالًا۔ جنون رحق ہونا صفت خَبِلٌ و اَخْبَلُ، خَبِلَتِ الیدُ: لنجا ہونا۔
اَخْبَلَہٗ ناقۃً: عاریت پر دینا
اِخْتَبَلَہٗ: عقل کو خراب کرنا۔ اِخْتَبَلَتِ الدَّابَّۃُ: جانور کا اپنی جگہ میں نہ ٹھہرنا۔
تَخَبَّلَتِ الیدُ: لنجا ہونا۔
اِسْتَخْبَلَہٗ الابلَ: عاریت پر مانگنا۔
اَلْخَبْلُ ج۔ قرض مانگنی۔ فتنہ (—— و الخَبَلُ) ہاتھ پاؤں کی تباہی۔ ج خُبُوْل۔
اَلْخَبَلُ۔ ایک پرندہ جس کی آواز اُلو کی آواز کے مشابہ ہے۔ دَہْرٌ خَبِلٌ: بگڑا ہوا زمانہ
اَلْخَبَالُ۔ فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر قاتل۔ کہا جاتا ہے "ہو خَبَالٌ علی اَہْلِہٖ" وہ اپنے لوگوں کے لیے بوجھ ہے۔
اَلْخَابِلُ۔ فسادی۔ شیطان۔ جن۔ کہا جاتا ہے "مَسَّہُ الخَابِلُ" اس کو جن نے دیوانہ بنا دیا۔ الخابلان: رات دن۔
اَلْمُخَبَّلُ۔ نا۔ مُخَبِّلٌ بغیر الف لام کے زمانہ کے ناموں میں سے ہے۔
اَلْمُخَبَّلُ۔ دیوانہ۔ لنگڑا لولا۔ وہ شخص جو درد کی وجہ سے اچھی طرح چل نہ سکتا ہو۔
خَبَنَ (ض) خَبْنًا وخِبَانًا۔ الثوبَ: موڑ کر سینا —— الشاعرُ شعرہٗ: میں خَبْن واقع کرنا (دیکھیے الخَبْن) (—— و اِخْتَبَنَ) الطعامَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
اِخْتَبَنَ۔ الشیءَ: کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
اَلْخُبْنَۃُ: کپڑے کی وہ جگہ جو دامن کی تہ میں بچی رہے۔ نیفہ
اَلْخَبْنُ۔ فی العروض: علم عروض کی اصطلاح میں سبب خفیف سے ساکن کو حذف کر دینا جیسے فاعلن سے فعلن۔
رجلٌ مَخْبُوْنٌ (خَبِنٌ) مرد کہ جس کے اعضاء سمٹے ہوئے ہوں۔

خَبَا (ن) خَبْوًا وخُبُوًّا۔ خَبَتِ النارُ او الحَرْبُ: بجھنا۔ دھیما پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَہَبُہٗ" اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا۔
اَخْبَی۔ النارَ: آگ بجھانا۔
خَبَّی۔ الشیءَ: چھپانا۔
اَخْبَی وخَبَّی وتَخَبَّی واِسْتَخْبَی۔ الخِبَاءَ: خیمہ لگانا۔ اِسْتَخْبَی الخِبَاءَ: خیمہ میں داخل ہونا۔
اَلْخِبَاءُ۔ اون یا اونٹ کے بالوں کا خیمہ۔ بالی میں جو یا گیہوں کا چھلکا۔ کلی کا غلاف ج اَخْبِیَۃٌ۔
خَتَّ (ن) خَتًّا۔ السِّنَانَ الیہ: پیاپے نیزہ مارنا۔
اَخَتَّہٗ۔ حصہ کم کرنا۔ اَخَتَّ الرجلُ: باپ کے ذکر پر شرمندہ ہونا۔
اَلْخَتَتُ۔ بدن کی سُستی۔
اَلْخَتِیْتُ: گھٹیا۔ ناقص۔
خَتَأَ (ف) خَتْأً۔ عن کذا: روکنا۔ منع کرنا۔
اِخْتَتَأَ۔ خوف وغیرہ سے رنگ بدل جانا —— من فلانٍ: شرم ڈر یا ذلت کی وجہ سے چھپنا —— لہٗ: فریب دینا —— الشیءَ: اُچک لینا۔
مفازۃ مُخْتَتَأَۃٌ۔ بیابان جس میں راستہ نہ ملتا ہو۔
خَتَرَہٗ (ض ن) خَتْرًا۔ بری طرح سے بیوفائی کرنا۔ صفت (ذ ہ) خَتَّارٌ وخَتِیْرٌ وخَتُوْرٌ وخِتِّیْرٌ (—— (ن ض) خَتْرًا وخُتُوْرًا) نفسُہٗ: جی گھبرانا۔
خَتِرَ (س) خَتَرًا۔ زہر یا دوا وغیرہ پینے کی وجہ سے بے حس ہونا۔
تَخَتَّرَ۔ سُست و ڈھیلا ہونا مرض وغیرہ کی وجہ سے سُست ہو۔
خَتَّرَہٗ۔ الشرابُ: بے حس کر دینا۔
خَتْرَبَہٗ: کاٹنا اور ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

خَتْرَشَۃُ۔ الجرادِ: ٹڈیوں کے کھانے کی آواز۔
خَتْرَفَہٗ۔ خَتْرَفَۃً: مارنا اور کاٹنا۔
خَتْرَمَ خَتْرَمَۃً۔ عاجزی یا گھبراہٹ کی وجہ سے چُپ رہنا۔
خَتَعَ (ف) خَتْعًا وخُتُوْعًا۔ الدلیلُ بالقومِ: اندھیرے میں راہبری کرنا۔ —— علی القومِ: اچانک آ جانا۔ (—— واِخْتَتَعَ) فی الارضِ: دور تک نکل جانا۔
اَلْخُوْتَعُ والخَیْتَعُ والخُتَعُ۔ ماہر راہبر۔ الخُوْتَعُ: خرگوش کا بچہ۔ الخُتَعُ: بجو۔ الخُتَعَۃُ: مادہ چیتا۔
اَلْخَیْتَاعُ۔ چمڑے کا دستانہ جو باز پالنے والے باز کے پنجوں کے خوف سے ہاتھ میں پہنتے ہیں
خَتْعَرَ خَتْعَرَۃً۔ نیست و نابود ہونا۔
اَلْخَیْتَعُوْرُ۔ بدخو عورت۔ تیتا ہوا ریت ہر وہ چیز جو ایک حالت پر قائم نہ رہے اور نیست و نابود ہو جائے۔ ترمرے (یعنی وہ جو سخت گرمی کے زمانے میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اُڑتا ہوا معلوم ہوتا ہے) بیوفا۔ دنیا۔ بھیڑیا۔ بھوت۔ سختی شیطان شیر مصیبت۔ دور کی مسافت۔ ایک قسم کا کیڑا جو پانی پر ہر وقت اِدھر اُدھر پھرتا رہتا ہے۔
خَتَلَہٗ (ن ض) خَتْلًا وخَتَلَانًا وخَاتَلَہٗ مُخَاتَلَۃً۔ فریب دینا۔ کہا جاتا ہے "خَاتَلَ الصیادُ" یعنی آہستہ آہستہ چلا تاکہ شکار کو احساس نہ ہو صفت (خَاتِلٌ وخَتُوْلٌ)
تَخَاتَلُوْا۔ باہم ایک دوسرے کو فریب دینا۔
اِخْتَتَلَ۔ لِاَسْرَارِ القومِ: چوری سے سننا اِخْتَتَلَ الرجلَ: فریب دینا۔
اَلْمَخْتَلُ چھپنے کی جگہ۔ خرگوش کا سوراخ
اَلْخَوْتَلُ۔ خوش طبع و دانا مرد۔
اَلْخَتَّالُ۔ بڑا فریبی۔ مونث خَتَّالَۃٌ۔
خَتْلَعَ۔ الرجلُ خَتْلَعَۃً: دیہات کی طرف

نکلنا۔
خَتَلَمَ الشَّیءَ: خفیہ طریقہ سے لینا۔
خَتَمَ (ض) خَتْمًا وخِتَامًا۔ الشیءَ وعلیہ: مہر لگانا ۔۔۔ العملَ: ختم کرنا ۔۔۔ الکتابَ: پوری پڑھ لینا ۔۔۔ الاناءَ: مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَتَمَ عَلَیْكَ بَابَہٗ" یعنی اس نے تم سے اعراض کیا ۔۔۔ اللہُ لَہٗ بِخَیْرٍ: اچھا انجام کرنا ۔۔۔ علی قلبہ: بے سمجھ کر دینا۔ ۔۔۔ الزرعَ وعلیہ: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔
خَتَّمَ: اچھی طرح ختم کرنا۔ خَتَّمَہٗ: انگوٹھی پہنانا۔
اَخْتَمَ: خاتمہ پر پہنچنا۔
تَخَتَّمَ بِالخَاتَمِ: انگوٹھی پہننا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِالعَقِیْقِ" اس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی ۔۔۔ بامرہٖ: چھپانا ۔۔۔ عن: غفلت برتنا اور چپ رہنا۔ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے "تَخَتَّمَ بِعِمَامَتِہٖ" اس نے اپنا عمامہ باندھا۔
اِخْتَتَمَہٗ: پورا کرنا۔
الخَتْمُ: مہر۔ شہد۔
الخَاتَامُ: انگوٹھی۔ مہر۔ ج خَوَاتِیْمُ۔
الخَاتَمُ والخَاتِمُ۔ ج خَوَاتِمُ وخُتُمٌ: انگوٹھی۔ مہر۔ انجام۔ گدی کا گڑھا۔ ٹانگوں کی تھوڑی سی سفیدی۔
الخَاتِمَۃُ: الخاتم کا مونث۔ انجام۔ نتیجہ۔ ج خَوَاتِمُ وخَاتِمَاتٌ۔
الخُتْمُ: انگوٹھی۔
الخِتَامُ: مہر لگانے کی مٹی یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے۔ ج خُتُمٌ۔
المُخَتَّمُ من الخیلِ: گھوڑا جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی سفیدی ہو۔
خَتَنَ (ن ض) خَتْنًا۔ الشیءَ: کاٹنا۔ ۔۔۔ الصبیَّ: ختنہ کرنا۔ صفت مفعولی (خَتِیْنٌ ومَخْتُوْنٌ) عامٌ مَخْتُوْنٌ: خشک سال۔ وخَتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔
خَتَنَ (ن) خُتُوْنًا وخُتُوْنَۃً وخَاتَنَہٗ: داماد بننا۔ خَاتَنَ الرجلَ: فریب دینا۔
اِخْتَتَنَ۔ الصبیُّ: ختنہ شدہ ہونا۔
الخِتَانُ والخِتَانَۃُ: ختنہ۔ الخِتَانَۃُ: ختنہ کرنے کا پیشہ۔
الخَتَنُ: عورت کی طرف سے رشتہ جیسے سسر، سالا، داماد۔ ج اَخْتَانٌ۔
الخَتَنَۃُ: الختن کا مونث۔ ساس۔
الخَیْتُوْنُ: بیگم۔ معزز عورت کا لقب ج خَوَاتِیْنُ (کلمہ عجمی ہے)
خَتَا یَخْتُوْ خَتْوًا: غم یا بیماری سے شکستہ دل ہونا۔ خَتَاہُ: روکنا۔
اَخْتَی۔ المتاعَ: ایک ایک کر کے بیچنا۔
اِخْتَتَی اِخْتِتَاءً: مرض یا غم کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
خَتَّتَ۔ الشیءَ: جمع کرنا اور درست کرنا۔
اِخْتَتَّ: شرم کرنا۔
الخُتُّ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔ یا خشک شدہ کائی۔
الخَتَّۃُ والخُتَّۃُ: آگ سلگانے کے لیے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا گٹھا۔
خَثَرَ (ن) خَثْرًا وخُثُوْرًا وخَثَرَانًا و خَثِرَ (س) خَثَرًا وخَثُرَ (ک) وتَخَثَّرَ اللبنُ: گاڑھا ہونا۔ دہی بننا۔ صفت (خَاثِرٌ)
خَثَرَتْ (ض) خَثْرًا۔ نفسُ الرجلِ: جی متلانا۔ مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَیْقَظَ فلانٌ خَاثِرَ النَّفْسِ" فلاں شخص بیدار ہوا اس حال میں کہ وہ سست تھا
خَثِرَ (س) خَثَرًا: شرم کرنا۔
خَثَّرَ واَخْثَرَ اللبنَ: گاڑھا کرنا۔ اَخْثَرَ الزُّبْدَ: مکھن کو بغیر پگھلائے ہوئے چھوڑ دینا اور امثال عرب میں سے ہے "مَا یَدْرِیْ أیُخْثِرُ أمْ یُذِیْبُ" اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو متردد و متحیر ہو۔
الخَاثِرَۃُ: جماعت۔
الخُثَارُ: دسترخوان کا باقیماندہ۔
الخُثَارَۃُ: چیز کا باقیماندہ حصہ۔ دودھ کا گاڑھا گاڑھا حصہ جو باقی رہ جائے کہا جاتا ہے "ذَهَبَ صَفْوُہٗ وبَقِیَتْ خُثَارَتُہٗ" اس کا خالص حصہ ختم ہو گیا اور تلچھٹ باقی رہ گیا۔
خَثْعَمَ: خون سے آلودہ ہونا۔
الخَثْعَمُ والمُخَثْعَمُ: شیر۔
الخَثْعَمَۃُ: جانور کو ذبح کرنا اور کھٹنے ہو کر کھانا پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو ملا کر ہاتھ ڈال کر آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کا معاہدہ کرنا۔
الخَثْلَۃُ والخُثْلَۃُ من البطنِ: پیڑو۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَہٗ فِیْ خَثْلَۃِ بَطْنِہٖ" اس نے اس کے پیڑو پر نیزہ مارا۔ ج خَثَلاتٌ وخُثُلاتٌ۔ الخَثْلَاءُ: موٹی عورت۔
خَثِمَ (س) خَثَمًا: موٹی یا چوڑی ناک والا ہونا۔ صفت (اَخْثَمُ وخَثْمَاءُ) خَثِمَتْ اَخْلافُ النَّاقَۃِ: اونٹنی کے تھن کا بند ہونا۔
خَثَمَ (ن) خَثْمًا۔ الاَنفَ: کچل دینا۔
خَثَّمَ الشیءَ: چوڑا کرنا۔
الخُثْمَۃُ: ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔
خَثَی (ض) خَثْیًا۔ البقرُ: گوبر کرنا۔
الخِثْیُ: گوبر۔
خَجَّہٗ (ن) خَجًّا: ہٹانا۔ دفع کرنا ۔۔۔ الخُطُبَ: پھاڑنا۔ چیرنا ۔۔۔ برجلہ: پاؤں سے خاک اڑانا ۔۔۔ بسلحہ: پاخانہ کرنا ۔۔۔ ساعدہ: گھٹا ہوا ہونا ۔۔۔ المرأۃَ: جماع کرنا۔
اِخْتَجَّ۔ الجبلُ: پیچ کھاتے ہوئے تیز دوڑنا ریح (خَجُوْجٌ) تیز ہوا۔
خَجَأَ (ف) خَجْأً۔ الرجلُ: چھپ کر گھر میں داخل ہونا ۔۔۔ اللیلُ: ۔۔۔ ہٗ: مارنا ۔۔۔ المرأۃَ: جماع کرنا۔
خَجِیَ (س) خَجًا: شرم کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
اَخْجَأَہٗ: سوال میں اصرار کرنا۔
تَخَاجَأَ: دیر لگانا۔
الخُجَأَۃُ: موٹا، سست، بیوقوف۔
الخَجَرُ: کھانسی کی بدبو۔

الخجز ۔ بہت کھانے والا ۔ بزدل۔
الخاجر ۔ دامنِ پہاڑ میں پانی بہنے کی آواز۔
الخجنف والخجیف ۔ اوچھا پن۔
خجل (س) خجلاً ۔ شرم سے سرگشتہ و بےخود ہونا صفت (خجل و خجلان) ــــ الثوبُ: کپڑے کے نیچے کا حصہ پھٹنا اور کشادہ ہونا ــــ النبات: بہت اور گنجان ہونا۔ صفت (خجل) ــــ البعیرُ بالحمل: بوجھل ہونا ــــ بامرہ: مشتبہ ہونا ــــ من کذا: زچ ہونا ــــ فی طلب الرزق: سست ہونا۔
خجلہ و خجّلہ ۔ شرمندہ کرنا ۔ و اخجل النبات: لمبا و گنجان ہونا۔
الخجل مع ۔ شرم
خجی (ض) خجیاً ۔ التراب برجلہ: پاؤں سے خاک اڑانا۔
خجی (س) خجاً ۔ شرم کرنا۔
خدّ (ن) خدّاً ۔ فیہ الضربُ: بدھی پڑنا ــــ الارضَ: کھودنا۔
خدّد و تخدّد تخدیداً ۔ لحمہ: دبلا ہو کر جھری پڑنا ــــ لحمہ: دبلا کرنا۔
خادّہ مخادّۃ ۔ کام میں مزاحم ہونا۔
تخادّاً ۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
تخدّد ۔ لحمہ: لاغری سے جھری دار ہونا ــــ القومُ: فرقے فرقے ہونا۔
الخدّ ۔ چھوٹی ندی ۔ طریقہ ۔ لمبا گڑھا ۔ لوگوں کی جماعت ۔ ج اخدّۃ و خداد و خدّان۔
الخدّ من الوجہ: رخسارہ ۔ ج خدود
الخدّۃ ۔ لمبا گڑھا ۔ ج خدد۔
الاخدود ۔ لمبا گڑھا ۔ ج اخادید۔
الاخادید: کوڑے کے مارنے کے نشانات اور اسی سے ہے اخادید الارشیۃ فی البئر: کنوئیں میں رسی کھینچنے کے نشانات
المخدّۃ ۔ چھوٹا تکیہ جس پر سوتے ہوئے رخسارہ رکھتے ہیں ۔ سرہانہ ۔ ہل کا پھار۔

المخدّان ۔ دونوں کچلیاں۔
خدب (ن) خدباً ۔ جھوٹ بولنا۔
ــــ ہ بالسیف: تلوار سے مارنا۔
ــــ ہ الحیۃُ: ڈسنا۔
تخدّب ۔ درمیانی چال چلنا۔
الخدب ۔ لمبائی ۔ کہا جاتا ہے "فی لسانہ خدب" اس کی زبان میں اوچھا پن اور حماقت ہے۔
الخدب والاخدب ۔ بیوقوف ۔ لمبا ۔ جلد باز ۔ سیفٌ خدبٌ: تلوار قاطع ۔ طعنۃٌ او ضربۃٌ خدبۃٌ و خدبائُ: سخت یا کشادہ زخم والی نیزہ کی مار۔
الخدبّۃ ۔ لمبائی۔
الخدّاب ۔ بڑا جھوٹا ۔ درعٌ (خدباء) کشادہ زرہ ۔ الخدباء: ہر وہ جانور جو کٹکھنا ہو
خدجت (ن ض) خدجاً و اخدجت الدابۃُ: ناتمام بچہ گرا دینا صفت (خادج و مخدج) و صفت مفعولی (خدیج و خدوج و مخدَج) اور خدوج کی جمع خدُج و خداج و خدائج ۔ اخدج الشئَ: گھٹنا ــــ صلاتہ: نماز میں کچھ کمی کر دینا۔
خدّجت الناقۃُ: ناتمام بچہ گرانا۔
الخداج ۔ نقصان۔
خدر (س) خدراً ۔ العضوُ: سن ہونا ــــ العینُ: خارش یا تنکہ پڑ جانے کی وجہ سے آنکھ کا بھاری ہونا ــــ الحرُّ او البردُ: سخت ہونا ــــ النہارُ: ہوا بند اور تیز گرمی ہونا۔
خدر (ن) خدراً ۔ متحیر ہونا ــــ الظبیُ: ریوڑ سے پیچھے رہ جانا ــــ الاسدُ فی عرینہ: ماند میں رہنا ــــ بالمکان: اقامت کرنا۔
(ــــ و خدّر و اخدر) البنتَ: پردہ میں رکھنا
خدّر و اخدر العضوَ: سن و بےحس کر دینا ۔ اخدر بالمکان: اقامت کرنا ــــ مع اہلہ: اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا ــــ الاسدُ: جھاڑی میں رہنا ــــ الاسدُ عرینہ: کچھار کا شیر کو چھپا لینا
تخدّر و اختدر ۔ چھپنا۔
الخادر ۔ سست کاہل ۔ حیران۔
الخدر ۔ پردہ جو لڑکی کے لیے مکان کے گوشہ میں لگا دیا جائے ۔ لڑکی کے لیے مکان کا مخصوص حصہ ۔ شیر کی جھاڑی ۔ رات کی تاریکی ۔ ج اخدار و خدور ۔ جج اخادیر۔
الخدر ۔ عضو کی بےحسی ۔ کاہلی سستی ۔ تاریکی ۔ اندھیری جگہ۔
الخدِر ۔ بےحس عضو والا ۔ لیلٌ خدرٌ: تاریک رات ۔ مکانٌ خدرٌ: پوشیدہ اندھیری جگہ ۔ نہارٌ خدرٌ: نمناک دن۔
الخدار ۔ شیر کی جھاڑی۔
الخدرۃ ۔ سخت تاریکی۔
الاخدر و الخدارئ ۔ تاریک رات۔
الخداری: کالا بادل۔
الخداریۃ ۔ عقاب
الاخدر و الخدری و الاخدری ۔ ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
ہودج (مخدور) پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخدرنی ۔ مکڑی۔
الخدرنق ۔ نر مکڑی ۔ اور بقول بعض بڑی مکڑی ۔ ج خدارن۔
خدشہ (ض) خدشاً و خدّشہ خراش لگانا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ عیب لگانا۔
الخدش مع ۔ خراش ج خدوش و خداش و اخداش۔
الخدوش ۔ بہت خراش لگانے والا ۔ پسو و مکھی۔
المخادش و المخدّش ۔ بلی۔
المخدش ۔ انسان کی گردن میں کٹنے کی جگہ۔
خدعہ (ف) خدعاً و خدعاً ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ــــ الضبُّ فی جحرہ: داخل ہونا ــــ المطرُ: کم ہونا ــــ الرجلُ:

کمال والا ہونا ۔ داد و دہش سے رکنا ۔۔۔ السوقُ بازار کا ماند پڑنا ۔ رائج ہونا ۔ (ضد)
۔۔۔ الامورُ: مختلف ہو جانا ۔۔۔ الشمسُ: غائب ہونا ۔۔۔ الطریقُ: غیر معلوم ہونا ۔
۔۔۔ الشیءُ: خراب ہونا ۔۔۔ الثوبُ: موڑنا
۔۔۔ الرجلَ: اخدع رگ کاٹ دینا ۔
اَخْدَعَہ ۔ دغابازی پر اکسانا ۔۔۔ الشیءَ: چھپانا پوشیدہ کرنا ۔
خَادَعَہ مُخَادَعَۃً و خِدَاعًا و اِخْتَدَعَہ و تَخَدَّعَہ ۔ دھوکا دینا ۔ خَادَعَ العینَ: دیکھی ہوئی چیز میں شک ڈالنا ۔ تَخَدَّعَ لہ: بتکلف مدد کرنا ۔
تَخَادَعَ ۔ فریب خوردہ ظاہر کرنا ۔۔۔ القومُ: ایک دوسرے کو فریب دینا ۔
اِنْخَدَعَ ۔ فریب خوردہ ہونا ۔ دھوکے پر راضی ہونا ۔۔۔ بہ دھوکا کھا جانا ۔۔۔ السوقُ: بازار کا ماند پڑنا ۔
الخِدْعَۃ ج خِدَعٌ و (الخُدْعَۃ و الخِدَاع) فریب ۔ دھوکا ۔ مکر و حیلہ ۔
الخُدَعَۃ ۔ لوگوں کو دھوکا دینے والا ۔
الخُدَعَۃ و الخَدَّاعُ و الخَیْدَعُ ۔ بہت دھوکا دینے والا ۔ سنۃ خَدَّاعۃ: کم پیداوار کا سال ۔
الخَادِعُ ۔ طریقٌ خَادِعٌ ۔ راستہ جو کبھی ظاہر ہو اور کبھی پوشیدہ ہو جائے ۔ دینار خَادِعٌ: کھوٹا دینار ۔
الخَادِعَۃ ۔ مونث ۔ بڑے دروازہ میں چھوٹا دروازہ ۔ مکان کے اندر کوٹھری ۔
الاَخْدَعُ ۔ اسم تفضیل ۔ الاَخْدَعَان: گردن کی دونوں پہلوؤں پر دو پوشیدہ رگوں کا نام اور کہا جاتا ہے "لاُقیمَنَّ اَخْدَعَیک" میں تمہارے تکبر کو دور کردوں گا ۔ "فلانٌ شدیدُ الاَخْدَع" فلاں بڑا گردن کش ہے ۔ ج اَخَادِع
الخَیْدَعُ ۔ وہ شخص جس کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا جائے ۔ راستہ جو مقصد کے مخالف ہو

چمکتا ہوا ریت ۔ فریب دینے والا بھیڑیا ۔
الخَدُوعُ ۔ بہت فریب دینے والا ۔ طریقٌ خَدُوعٌ: راستہ جو کبھی ظاہر اور کبھی پوشیدہ ہو جائے ۔ ج خُدُعٌ
المِخْدَعُ و المُخْدَعُ و المَخْدَعُ ۔ کوٹھری جو بڑے کمرے کے اندر ہو ۔ ج مَخَادِعُ ۔
المُخَدَّعُ ۔ تجربہ کار جو بار بار دھوکا کھا چکا ہو ۔
الخَدْعُونَۃ ۔ کدو کا ٹکڑا ۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا ۔ تیز چلنا ۔ خَدَفَت السماءُ بالثلج: برف گرانا (۔۔۔ و اِخْتَدَفَ) الشیءَ: اچک لینا
الخَدْفُ ۔ کشتی کا پتوار ۔
الخَدَافِرُ ۔ پرانے کپڑے ۔
خَدْفَلَ: پرانا کرتا پہننا ۔
الخَدَافِل ۔ پرانے کپڑے (اس کا واحد نہیں)
خَدِلَتْ (س) خَدَلًا و خَدَالَۃً و خُدُولَۃً ۔ الساقُ: پر گوشت ہونا ۔
ساقٌ خَدْلَۃ ۔ پر گوشت پنڈلی ۔
خَدَمَہ (ض ن) خِدْمَۃً و خَدْمَۃً خدمت کرنا ۔ صفت (خَادِم) ج خُدَّام و خَدَم ۔ مونث خَادِم و خَادِمَۃ ۔
اَخْدَمَہ ۔ خادم دینا ۔
خَدَّمَ ۔ الرجلُ امرأتہ: پازیب پہنانا ۔
تَخَدَّمَہ ۔ خدمت لینا ۔ خادم بنانا ۔
اِخْتَدَمَ ۔ اپنی خدمت کرنا ۔۔۔ ہ: خادم مانگنا ۔ خادم بنانا ۔
اِسْتَخْدَمَہ ۔ خادم بنانا ۔۔۔ الرجلَ: خادم مانگنا ۔
الخُدْمَۃ ۔ وقت خواہ دن کا ہو یا رات کا ۔
الخَدَمَۃ ۔ پازیب ۔ پنڈلی ۔ لوگوں کا حلقہ ۔ کہا جاتا ہے "فضَّ اللہُ خدمتَہم" اللہ ان کی جماعت کو متفرق کردے ۔

(۔۔۔ و الخِدَمَۃ) حلقہ کی مانند مضبوط چمڑے کا موٹا تسمہ جس کو اونٹ کے گٹے پر باندھا جاتا ہے ۔ ج خَدَم و خِدَام و خَدَمَات ۔
الخَادِمِیَّۃ ۔ نوکری ۔
المَخْدُومِیَّۃ ۔ آقائی ۔
الخَدَّام ۔ نوکر ۔
الخَدِیْم ۔ نوکر ۔ غلام
الاَخْدَمُ ۔ گھوڑا جس کے پیر کی سفیدی کم ہو کر کھر کے کچھ اوپر گول سا ہو ۔ مونث خَدْمَاء ۔ الخَدْمَاء: بکری جس کی ایک ٹانگ سفید اور باقی سیاہ ہوں ۔
المَخْدُوم ۔ مفعو ۔ آقا ۔ مولی ۔ کتابٌ مُخَدَّم وہ کتاب جس کی بکثرت شروح و حواشی ہوں
المُخَدَّم و المُخَدَّمَۃ ۔ پازیب پہننے کی جگہ ۔ تسمہ ۔ عورت کے پائجامہ میں نیچے باندھنے کا دھاگا ۔ قوم مُخَدَّمُون: بہت نوکر چاکر والے لوگ ۔
خَادَنَہ مُخَادَنَۃً ۔ دوستی کرنا ۔ ساتھی بننا
الخِدْن ۔ دوست ، یار ، ساتھی (مذکر و مونث) ج اَخْدَان ۔
الخَدِیْن ۔ دوست ، یار ، ساتھی ۔
الخُدَنَۃ ۔ لوگوں سے بہت دوستی کرنے والا ۔
خَدَی (ض) خَدْیًا و خَدَیَانًا ۔ الفرسُ ام البعیرُ: تیز دوڑنا ۔
اَخْدَی اِخْدَاءً ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔
الخَدَا ۔ کیڑا جو گوبر میں سے نکلتا ہے ۔ واحد (خَدَاۃ)
الخُدَیْوِی ۔ عزیز مصر کا لقب ۔ فارسی لفظ ہے بمعنی بادشاہ ۔ وزیر ۔ سردار ۔
خَدَأ و خَدِیَ (س) خَدْأً و خُدُوءًا و خَدَاءً و اِسْتَخْدَأ لہ: فروتنی کرنا ۔ تابعدار رہنا ۔
اَخْدَاہ ۔ ذلیل کرنا ۔ تابع بنانا ۔
الخَدَأ ۔ نفس کی کمزوری ۔

خَذَّ (ن) خَذِیْذًا۔ الجرحُ: پیپ بہنا
الخُذْہرۃ۔ پھرکی۔
خَذْرَفَ۔ جلدی چلنا ـــ ہ بالسیف: جسم کے اطراف کاٹنا ـــ الاناءَ: بھرنا۔
تَخَذْرَفَتْہُ۔ النویٰ: پھینک دینا۔
تَخَذْرَفَ الثوبُ: پھٹنا۔
الخُذْرُوف۔ تیز چلنے والا پھرکی یا اس کو خرارہ بھی کہتے ہیں۔ اونٹوں کا گلہ یا اونٹ جو گلہ سے علیحدہ ہو گیا ہو۔ "ترکتہ السیوفُ راسہ خذاریفَ" تلواروں نے اُس کے سر کو ٹکڑے کر دیا۔ رجلٌ (مُتَخَذْرِف) اچھے اخلاق والا مرد۔
خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ۔ اللحمَ او القرعَ: بغیر جدا کیے ہوئے قاشیں تراشنا۔
تَخَذَّعَ۔ کٹنا۔ کہا جاتا ہے "ذہبوا خِذَعَ مِذَعَ" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔
الخَذِعَۃ۔ زمین وغیرہ کا ٹکڑا
الخَذِیعَۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو قیمہ سے طیار کیا جاتا ہے۔
المِخْذَعَۃ۔ چھری۔
الخَیْذَع۔ عیب۔
خَذْعَبَ وخَذْعَلَ۔ البطیخَ ونحوہ: پھانکیں کرنا۔
الخُذْعُوبۃ والخُذْعُولۃ۔ پھانک۔ قاش۔
خَذَفَ (ض) خَذْفًا۔ بالحصاۃِ ونحوِہا: انگلیوں سے پھینکنا۔ گوپھن سے پھینکنا۔
تَخَاذَفَتْ۔ عیناہ بالدموع: جلدی آنسو بہانا۔
الخَذَّافَۃ۔ دبر۔
المِخْذَفَۃ۔ گوپھن۔ غلیل۔
الخَذُوف۔ من الدواب: تیز رفتار جانور جو دوڑنے میں کنکری اڑائے۔ جو چلنے میں پیروں کو پیٹ تک اٹھائے۔ ج خُذُف
الخَذَفان۔ تیز رفتاری۔

خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا۔ الدابۃَ: تیز چلنے کے لیے چبھونا ـــ البازی: بیٹ کرنا۔
الخُذَاق۔ گوبر۔ لید۔
خَذَلَ (ن) خَذْلًا وخِذْلانًا و خُذْلانًا۔ فلانًا وعنہ: مدد چھوڑنا۔ صفت (خاذِل) ج خُذَّال۔ صفت مفعولی (مَخْذُول) ج مَخَاذِیل۔ خَذَلَتِ الظبیۃُ: ریوڑ سے علیحدہ ہو جانا۔ صفت (خاذِل وخَذُول)
(خُذِّلَ عنہ اصحابُہ: مدد چھوڑنے پر اکسانا۔
ـــ ہ: پسپائی اور ترک جنگ پر آمادہ کرنا۔
خَاذَلَہ مُخَاذَلَۃً۔ مدد چھوڑنا۔
تَخَاذَلَ۔ القومُ: باہم مدد چھوڑنا ـــ رِجلاہ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔
الخَذَّال۔ زیادہ مدد چھوڑنے والا
الخُذَلَۃ۔ وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑ دی جائے۔
الخَذُوْل۔ بہت مدد چھوڑنے والا۔ رجلٌ خَذُولُ الرِجل: وہ مرد جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کی وجہ سے جواب دیدیا ہو۔
خَذَمَ (ض) خَذْمًا وخَذَّمَ۔ الشیءَ: جلدی سے کاٹنا۔
خَذِمَ (س) خَذَمًا۔ نشہ میں ہونا۔ صفت (خَذِیم) کٹنا۔
خَذِمَ (س) خَذَمًا۔ تیز چلنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
اَخْذَمَ۔ ذلت کا اقرار کرنا ـــ ہ الشرابُ: مست کر دینا۔
تَخَذَّمَ۔ الشیءُ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا ـــ الشیءَ: بتکلف سے کاٹنا۔
اِخْتَذَمَ۔ قاطع ہونا ـــ الشیءَ: کاٹنا۔
الخَذُوم ج خُذُم و (الخَذِم والمِخْذَم والمُخَذَّم) من السیوف: کاٹنے والی تلوار۔
الخُذَامَۃ۔ چیز کا ٹکڑا۔
المِخْذَم۔ کاٹنے کا اوزار

خَذَا (ن) خَذْوًا وخَذِیَ (س) خَذًی: ڈھیلا ہونا ـــ لحمہ: گٹھا ہونا ـــ الاذنُ: لٹکا ہوا ہونا۔
اِسْتَخْذَیٰ۔ تابعدار ہونا۔ فرمانبردار ہونا۔
الاَخْذَیٰ۔ ڈھیلے کان والا۔ اذنٌ (خَذْواء) لٹکے ہوئے کان۔
خَرَّ (ن ض) خَرِیْرًا۔ الماءُ والریحُ: پانی کے بہنے اور ہوا کے چلنے میں آواز ہونا۔ صفت (خَرَّار) ـــ النائمُ: خراٹے لینا۔
خَرَّ (ن ض) خَرًّا وخُرُورًا۔ اوپر سے نیچے گرنا۔ خَرَّ للہِ ساجدًا۔ سجدہ میں گر پڑنا ـــ لوجہہٖ گرنا ـــ الرجلُ: مرنا ـــ علیہ: غیر معلوم جگہ سے اچانک آ پڑنا۔
اَخَرَّہ اِخْرَارًا۔ گرانا۔ کہا جاتا ہے "ضربہ بالسیفِ فاخرّہ" اس نے اُسے تلوار سے مار کر گرا دیا۔
اِنْخَرَّ۔ ڈھیلا ہونا۔
الخُرّ۔ کان کی جڑ۔ زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِرَرۃ
(ـــ والخُرِّیّ) چکی کا سوراخ
الخَرُور۔ بلی کی آواز۔ جگہ جس میں پانی اور گڑھے ہوں
الخَرِیر۔ مص۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست جگہ۔ ج اَخِرَّۃ۔
الخَرَّار۔ بہت خراٹے لینے والا۔ مونث خَرَّارۃ۔ الخَرَّارَۃ: پھرکی۔
خَرِئَ (س) خَرْءًا وخِرَاءۃً وخَرَاءۃً و خُرُوءًا۔ پاخانہ کرنا۔ بیٹ کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خَرِئَتْ بینہم الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہو گئی
الخُرْءُ۔ ج خُرُوء و (الخِرَاء) پلیدی پاخانہ بیٹ۔
المَخْرَاۃ والمَخْرَأۃ والمَخْرُؤۃ۔ پاخانہ کی جگہ۔ ج مَخَارِی۔
خَرِبَ (س) خَرَبًا وخَرَابًا۔ البیتُ:

اُجاڑ ہونا ـ صفت (خَرِبٌ ـ مونث خَرِبَۃٌ ـ

(ـــ ـ خَرَبًا) الرجلُ: پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا ـ صفت (اَخْرَبُ) مونث خَرْبَاءُ ـ ج خُرْبٌ ـ

خَرَبَہٗ (ض) خَرْبًا ـ ڈھانا ـ ہلاک کرنا ـ پھاڑنا ـ سوراخ کرنا ـ

خَرِبَ (ض) خِرَابَۃً و خَرَابَۃً و خَرَبًا و خُرُوبًا ـ چور ہونا ـ صفت (خَارِبٌ) ج خُرَّابٌ

خَرَّبَ ـ البیتَ: ویران کرنا ـ ڈھانا ـ ـــ المزادۃَ: سوراخ کرنا ـ

اَخْرَبَ ـ البیتَ: غیر آباد کرنا ـــ للمکانُ: خالی ہونا ـ

تَخَوَّبَ ـ الدُّوْدَۃُ الشجرۃَ: سوراخ کرنا ـ

اِسْتَخْرَبَ ـ الرجلُ: مصیبت سے شکستہ دل ہونا ـــ الیہ: مشتاق ہونا ـــ السقاءُ: سوراخ دار ہونا ـ

الخَرِبُ ـ ویران جگہ ـ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ ـ بزدل ـ کہا جاتا ہے "ہو خَرِبُ الذِّمَمِ" یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں ہے ـ و "ہو خَرِبُ الجَوْفِ" یعنی وہ خالی پیٹ بھوکا ہے و "ہو خَرِبُ الاَمَانَۃِ" یعنی وہ امانت دار نہیں ہے ـ

رجلٌ (ج خِرْبَانٌ) بزدل مرد ـ

الخُرْبُ و الخُرَابَۃُ و الخُرْبَۃُ ـ سرین کا گڑھا ـ سوئی کا ناکا اور بقول بعض ہر گول سوراخ جیسے کان کا سوراخ ـ ج خُرَبٌ و اَخْرَابٌ و خُرُوبٌ ـ

الخُرْبُ و الخُرْبَۃُ و الخُرْبَۃُ ـ چرواہے کا تھیلا ـ دین کی خرابی ـ

الخَرْبَۃُ ـ چغلی ـ عیب ـ لغزش ـ باعث شرم چیز ـ دینی خرابی ـ کہا جاتا ہے "ہو صاحبُ خَرْبَۃٍ" یعنی اس کے دین میں خرابی ہے ـ اور اسی سے ہے "لحی اللّٰہ ادنانا الی کل خَرْبَۃٍ" اللہ تعالیٰ لعنت کرے کہ اس نے ہم کو ہر کی ہر خرابی سے قریب کر دیا ـ و "ما رَأَیْنَا مِنْ فُلَانٍ خَرْبَۃً فی دِیْنِہٖ" ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی ـ ج خَرَبَاتٌ ـ

الخِرْبَۃُ و الخَرِبَۃُ ـ ویران جگہ ـ ج خِرَبٌ و خَرِبٌ و خَرَائِبُ ـ الخَرِبَۃُ: بنجر زمین ـ

الخَرَابُ ـ ویران ـ ج اَخْرِبَۃٌ و خِرَابٌ ـ

خَرَابَۃٌ و خُرَابَۃٌ ـ الابرۃِ: سوئی کا ناکہ ـ

الخَرُّوْبُ و الخَرْنُوْبُ ـ ایک درخت کا نام واحد خَرُّوْبَۃٌ و خَرْنُوْبَۃٌ

التَّخَارِیْبُ ـ بھڑوں کے چھتے کے سوراخ ـ شہد کے چھتے کے سوراخ جن میں مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں ـ اس کا مفرد تخروب ہے (صحیح تخاریب بالنون ہے)

الخَرْبَسِیْلُ ـ کٹ جما ہوا دودھ ـ

الخِرْبِزُ ـ خربوزہ ـ

ارضٌ (خَرْبَشِیْسٌ) سخت زمین ـ کہا جاتا ہے "ہو ما یَمْلِکُ خَرْبَشِیْسًا" وہ کسی چیز کا مالک نہیں ـ

خَرْبَشَ خَرْبَشَۃً ـ الکتابَ او العملَ: بگاڑنا

خَرَابِیْشُ ـ الخطِّ: تحریر جو بگاڑ دی گئی ہو

خَرْبَصَ ـ الاشیاءَ: الگ الگ کرنا ـ ـــ المالَ: لے کر چمپت ہو جانا ـ

الخَرْبَصَۃُ ـ جوان و پُر گوشت عورت ـ

خَرْبَقَ ـ چلنے میں جلدی کرنا ـــ الشیَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ العملَ: بگاڑنا ـــ الثوبَ: پھاڑنا ـــ النبتُ: ایک دوسرے سے متصل ہونا ـ

الخَرْبَقُ ـ ایک قسم کی گھاس جسکی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہیں ـ اور دو قسم کی ہوتی ہے سیاہ و سفید ـ

اِخْرَنْبَقَ ـ سر جھکانا ـ زمین سے چمٹنا

خَرَتَ (ن) خَرْتًا ـ الاُذُنَ: سوراخ کرنا ـــ الارضَ: راستوں سے واقف ہونا ـ

خَرِتَ (س) خَرَتًا ـ ہوشیار راہبر ہونا ـ

الخَرْتُ و الخُرْتُ ـ سوئی وغیرہ کا سوراخ ـ کہا جاتا ہے "اَضْیَقُ مِنْ خَرْتِ الاِبْرَۃِ" و "اُدْخِلَ العُوْدُ فی خُرْتِ الفَاْسِ" سینہ کے نزدیک ایک چھوٹی ہڈی ـ ج اَخْرَاتٌ و خُرُوْتٌ

ذِئْبٌ خُرُتٌ: تیز بھیڑیا ـ

الخِرِّیْتُ ـ ماہر راہبر جو جنگل و بیابان کے مخفی راستوں سے بھی واقف ہو ـ ج خَرَارِیْتُ و خَرَارِتُ ـ

المَخْرَتُ ـ واضح راستہ

المَخْرُوْتُ ـ مفعو ـ پھٹے ہوئے کان یا ناک یا ہونٹ والا ـ

الخَرْثَاءُ ـ بڑی کوکھ والی اور ڈھیلے گوشت والی عورت

الخُرْدَاءُ ـ سرخ چیونٹی

الخُرْثِیُّ ـ ردی و گھٹیا سامان ـ خُرْثِیُّ الکلام: بے فائدہ گفتگو ـ

الخَرْثَمَۃُ ـ جوتے کی نوک ـ

خَرَجَ (ن) خُرُوْجًا و مَخْرَجًا ـ من موضعہ: نکلنا ـــ فی العلمِ: فائق ہونا ـــ بہ: نکالنا ـــ علیہ: جنگ کیلئے نکلنا ـــ الرَّعِیَّۃُ علی الملکِ: سرکشی و بغاوت کرنا ـــ الی فلانٍ من دَیْنِہٖ: ادا کر دینا ـ

خَرَّجَہٗ ـ من المکان: نکالنا ـــ الارضَ: خراج مقرر کرنا ـــ المسئلۃَ: مسئلہ کی توجیہ کرنا ـــ الولدَ فی الادبِ: مہذب و تجربہ کار بنانا ـــ العملَ: ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا ـــ العلامۃُ اللوحَ: کچھ لکھنا اور کچھ چھوڑ دینا ـــ الراعیۃُ المرتعَ: کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا ـ

اَخْرَجَ ـ الشیَٔ: نکالنا ـــ الرجلَ: خراج ادا کرنا ـــ الراعیۃُ المرتعَ: کچھ چرنا کچھ چھوڑ دینا ـ

خَارَجَ ـ السیدُ عبدَہٗ: ہر مہینہ رقم معین کی ادائگی کا معاملہ کرنا ـ

تَخَارَجَ ـ الشرکاءُ: آپس میں تقسیم کرنا ـ

تَخَرَّجَ ـ الولدُ فی الادبِ: تربیت یافتہ ہونا ـ صفت مُتَخَرِّجٌ ـ

اِسْتَخْرَجَ ـ الشیَٔ: نکالنا ـ استنباط کرنا ـ


ایجاد کرنا — فلانا: نکلنے کو کہنا۔
اِخْرَجَّ واِخْرَاجَّ۔ الجوادُ: سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخْرَجُ) مونث خَرْجَاءُ۔
اِسْتَخْرَجَ۔ الشیئَ: استنباط کرنا — ہ: نکلوانا — المسئلۃَ: حل کرنا —
اُسْتُخْرِجَتِ الارضُ: کھیتی کے قابل ہونا۔
الخَرْجُ۔ خراج۔ بعضوں کے نزدیک 'خرج' اور 'خراج' میں فرق ہے۔ خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو اور خراج عام ہو۔ خروج۔ اول اول گھرتے وقت کا بادل۔ ج اَخْراج۔
الخَرْجَۃُ۔ خروج کا اسم مرۃ۔ جھروکا۔
الخُرْجُ۔ خرجی۔ ج خِرَجَۃ۔
الخَراجُ۔ مثلثۃ الخاء: زمین کا محصول۔ جزیہ۔ ج اَخْراج واَخْرِجَۃ و جج اَخاریج۔
الخُراجُ۔ پھوڑا پھنسی۔ واحد (خُراجَۃ) ج خُراجات
خَرّاجٌ ولّاجٌ و خُرَجَۃٌ وُلَجَۃٌ: بہت نکلنے والا۔ بہت داخل ہونے والا۔ بڑا ہوشیار۔ حیلہ گر۔
الخارِجُ۔ ہر چیز کا ظاہر۔ نکلنے والا۔
الخارِجَۃُ۔ الخارج کا مونث۔ ج خارِجات و خَوارِجُ۔ الخوارجُ: باغی لوگ جماعت سے نکلے ہوئے لوگ۔
الخارِجِیُّ۔ بیرونی۔ وہ شخص جو بذات خود سرداری حاصل کرے بغیر اس کے کہ پہلے سے اس کے خاندان میں سرداری ہو یا ایسا شخص جو دلیر اور باپ اس کا بزدل ہو اور اسی طرح اس گھوڑے کو بھی کہا جاتا ہے جو سابق ہو جائے اور اس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں۔ بادشاہ کا باغی۔ جماعت کا مخالف مذہب خوارج کا معتقد۔
الخارِجِیَّۃُ۔ الخارجی کا مونث۔ وہ منصب جس کے تعلقات دوسری حکومتوں سے ہوں

المُخَرَّجُ والخِرِّيجُ والمُتَخَرِّجُ۔ تربیت یافتہ۔
الخُرُوجُ۔ مص۔ یوم الخروج۔ عید کا دن۔ قیامت کا دن۔
المَخْرَجُ۔ مص۔ نکلنے کی جگہ۔ پاخانہ کا مقام ج مَخارِجُ۔ والمخرج عند القراء والصرفیین: منہ سے حروف نکلنے کی جگہ۔
المُخْرَجُ۔ مفعو۔ نکلنے کی جگہ۔
خَرْخَرَ۔ النائمُ: خراٹے لینا — النمرُ والسِّنَّوْرُ: آواز کرنا۔
تَخَرْخَرَ۔ بطنُہ: بڑے ہونے کی وجہ سے پیٹ کا ہلنا۔
الخَرْخَرُ۔ پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز
الخَرْخارُ۔ کثرت سے بہتا ہوا پانی۔ ہ
خَرِدَتْ (س) خَرَدًا و تَخَرَّدَتِ الجاریۃُ: باکرہ ہونا۔ دوشیزہ ہونا۔
خَرِدَ و اَخْرَدَ۔ الرجلُ: زیادہ خاموش رہنے والا ہونا۔ کم گفتگو ہونا۔ ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔ اَخْرَدَ اِلَی اللَّہْوِ: مائل ہونا۔
الخَرُودُ و الخَرِیدَۃُ و الخَرُودُ۔ باکرہ دوشیزہ۔ شرمیلی۔ زیادہ خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج خَرائِدُ وخُرُدٌ۔ خُرَّدٌ۔ صوتٌ خَرِیْدٌ: نرم آواز جس میں شرم و حیا کی آمیزش ہو۔ لؤلؤۃٌ خَرِیْدَۃٌ: ناسفتہ موتی۔
الخَرِیْدَۃُ۔ ناسفتہ موتی۔ ج خَرائِدُ وخُرُدٌ و خُرَّدٌ۔
الخُرْدَۃُ معمولی اسباب تجارت
الخُرْدِیُّ۔ خردہ بیچنے والا معمولی تاجر۔ بساطی۔
الخَرْداذِیُّ۔ شراب۔
خَرْدَقَ۔ العملَ: بگاڑنا۔ کلمہ عامیہ ہے فصیح خَرْبَقَ ہے۔
الخُرْدُقُ۔ چرہ ج خَرادِقُ (دخیل)
خَرْدَلَ۔ الطعامَ: اچھا حصہ کھانا۔ — اللحمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا۔

الخَرادِلُ۔ گوشت کے ٹکڑے۔
لحمٌ (خَرادِیلُ) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔
الخَرْدَلُ۔ رائی۔ واحد (خردلۃ)
خَرَزَ (ن ض) خَرْزًا۔ الجلدَ: ستالی سے سینا۔
خَرِزَ (س) خَرَزًا۔ کمزوری کے بعد مضبوط کرنا۔
الخَرَزُ۔ پوت جس کو لڑی میں پرو لیا جائے شیشہ کے چھدے ہوئے ڈلے۔ پتھر کے نگ۔ واحد (خَرَزَۃ) خرزۃ الظہر: ریڑھ کی ہڈی کے منکے۔ خرزات الملک: شاہی تاج کے جواہر
الخُرْزَۃُ۔ سوراخ اور اس کا دھاگا۔ ج خُرَز۔
الخِرازَۃُ۔ موچی کا پیشہ۔
الخَرّازُ۔ موچی۔
طائرٌ (مُخَرَّزٌ) پرندہ جس کے بازوں پر نقطے ہوں۔
المِخْرَزُ۔ ستالی۔ ج مَخارِزُ۔
خَرِسَ (س) خَرَسًا۔ گونگا ہونا — خَرَسًا: مٹکے سے پینا۔
اَخْرَسَہُ اللّٰہُ: گونگا کرنا۔ اَخْرَسَتِ الارضُ و اسْتَخْرَسَتْ: ناقابل زراعت ہونا۔
خَرَّسَ۔ علی النفساء: زچہ کو اس کی خوراک کھلانا۔
تَخارَسَ۔ گونگا بننا
تَخَرَّسَتْ۔ النفساءُ: زچہ کو اپنے لیے کھانا تیار کرنا۔ اور اسی سے مثل ہے "تَخَرَّسِیْ یا نفسُ لا مُخَرِّسَۃَ لکِ" یعنی تو اپنا کام خود ہی کر کوئی اور کرنے والا نہیں۔
الخُرْسُ والخُراسُ۔ بچہ کی پیدائش کا کھانا
الخُرْسَۃُ والتَّخْرِسَۃُ۔ زچہ کا کھانا چھوانی
الخُرْسُ والخِرْسُ۔ مٹکا۔ ج خُروس۔
الخَرِسُ: ناقابل زراعت زمین۔
الخَرّاسُ۔ مٹکا بنانے والا یا بیچنے والا
الخُرُوسُ۔ زچہ کہ جس کے لیے اچھوانی تیار کی جائے۔

الاَخْرَس ۔گونگا ۔ج خُرْس و خُرْسَان و اَخارِس
مونث خَرْسَاء ۔لبن اَخْرَس : جما ہوا دودھ ۔کہا
جاتا ہے "وَلّانی عرضًا اخرس امرس" یعنی اس نے
مجھ سے پھیر لیا اور گفتگو نہیں کی ۔
الخَرْسَاء ۔مصیبت ۔بغیر گرج و چمک کے
بادل ۔رجل (خَرِس) رات کو نہ سونے والا
مرد
خَرَشَہٗ (ض) خَرْشًا و خَرَشَہٗ و خادَشَہٗ
مخادشۃ و خِراشًا و اِخْتَرَشَہٗ ۔خراش
لگانا ۔۔۔ الذبابُ : کاٹنا ۔خَرَّشَ و تَخَرَّشَ
الغصنَ : ٹہنی کو ڈنڈے سے کھینچنا ۔
خارَشَ الکلبَ : برانگیختہ کرنا ۔خَرَشَ و اِخْتَرَشَ
لعیالہٖ : بال بچوں کے لیے کمائی کرنا ۔
اِخْتَرَشَتِ الجِرَاءُ : ایک دوسرے پر حملہ کرنا ۔
خَارَشَہ الشیءَ و اِخْتَرَشَ منہ الشیءَ : زبردستی
چھین لینا ۔
تَخادَشَت ۔الکلابُ : ایک دوسرے پر
حملہ کرنا اور نوچنا ۔
الخَرْشُ ۔کھجلی ۔واحد (خرشۃ) گھر کا ردی
سامان ۔ج خُرُوش ۔
الخُراشۃ ۔برادہ ۔
الخِرْشَاء ۔سانپ کی کینچلی ۔انڈے کا
چھلکا ۔غبار ۔خرشاء العسل : موم ۔شہد کہ
جس میں مردہ مکھیاں پڑی ہوں ۔ج خَراشیّ
المِخْرَش و المِخْرَاش ۔مڑے ہوئے سر
کا ڈنڈا ۔عوام اس کو کھنگورہ کہتے ہیں ۔
خَرْشَبَ ۔العملَ : کام کو اچھی طرح نہ کرنا
الخُرْشُعَۃ ۔پہاڑ کی چھوٹی چوٹی ۔ج خَرَاشِع
و خَراشیع ۔
الخرشفۃ ۔گفتگو کی گڑبڑی ۔حرکت ۔
(۔۔۔ و الخرشاف) سخت زمین کہ جس میں
چلنا دشوار ہو ۔
الخُرْشُوف ۔ایک قسم کی نباتات ۔
الخُرْشُوم ۔وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی
پہاڑ کی نوک ۔بڑا پہاڑ ۔ج خَرَاشیم ۔

خَرَصَ (ن ض) خَرْصًا ۔جھوٹ بولنا ۔۔۔
فی الامر : اٹکل سے کہنا ۔قیاس کرنا ۔اندازہ
کرنا ۔کہا جاتا ہے "خَرَصَ النخلَ" اس نے درخت
خرما کے پھلوں کا اٹکل سے اندازہ کیا ۔
خَرُصَ (ک) خَرَاصَۃ ۔الشیءُ : درست کرنا
خَرِصَ (س) خَرَصًا ۔بھوک و سردی لاحق
ہونا ۔صفت (خَرِص و خارِص)
تَخَرَّصَ و اِخْتَرَصَ ۔تہمت لگانا ۔
جھوٹ بولنا ۔توشہ دان میں رکھنا ۔
الخَرْص ۔اندازہ ۔تم کہتے ہو "کم خرص
ارضک" تمہاری زمین کا کیا اندازہ ہے ۔
توشہ دان ۔چھوٹا نیزہ ۔بھالا ۔مٹکا ۔ٹوکری
الخِرْص و الخُرْص ۔ج خِرصان و خُرصان
سونے چاندی وغیرہ کا حلقہ ۔۔۔ ج خِراص و
اخراص : درخت خرما کی شاخ ۔
الخُرُص و الخُرْصُ و الخُرُّص ۔شہد
نکالنے کی لکڑی ۔ج اخراص ۔
الخُرْصَۃ ۔حصہ ۔زچہ کا کھانا ۔
الخَرِیص ۔ٹھنڈا پانی ۔درختوں کی
جڑوں میں جمع شدہ پانی ۔نہر کی ایک جانب
الخَرّاص ۔جھوٹا ۔
المِخْرَص ۔نیزہ ۔ج مَخارِص ۔
خَرَطَ (ن ض) خَرْطًا ۔الورقَ : ہاتھ
سے مار کر پتے جھاڑنا ۔۔۔ العنقودَ : انگور کے
گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانے کے نکالنا ۔۔۔
الشجرۃَ : کھینچ کر پتے جھاڑنا ۔۔۔ العودَ : خراد
سے ہموار کرنا ۔۔۔ الحدیدَ : عمود کی مانند
انخفس۔ الماءُ: پانی کا متغیر ہونا۔

تخفّس۔ الرجلُ: لیٹنا۔

شرابٌ مُخفِس۔ جلد مست کرنے والی شراب

خفش (ن) خفشاً۔ پھینکنا ۔۔۔ البناءَ: ڈھانا۔

خفِش (س) خفشاً۔ کمزور ہونا۔ پیدائشی کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ رتوندا والا ہونا۔ صفت (خفِش واخفش)

خفّش۔ البدنُ: بدن کا کمزور رہنا ۔۔۔ البناءَ: عمارت ڈھانا ۔۔۔ الرجلُ: پچھاڑ کر کچل دینا ۔۔۔ بالارض: زمین سے چمٹنا۔

الخُفّاش۔ چمگادڑ۔ ج خفافیش۔

خفضہ (ض) خفضاً۔ پست کرنا ۔۔۔ الصوتَ: آہستہ کہنا۔ الکلمۃَ: زیر دینا۔

خفض الصوتُ: آہستہ ہونا ۔۔۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔۔۔ الرجلُ: مرنا ۔۔۔ الابلُ: آہستہ چلنا ۔۔۔ الجاریۃَ: ختنہ کرنا۔

خفُض (ک) خفضاً۔ العیشُ: آسودہ وخوشحال ہونا۔ صفت (خفیض وخفض وخافض ومخفوض ع)

خفّض۔ الشیٔ: آسان کرنا۔ نرم کرنا اور اسی سے ہے "خفّض عنک" یعنی اپنے اوپر نرمی کرو۔

تخفّض۔ الامرُ: آسان ہونا۔

انخفض۔ بلندی کے بعد پست ہونا ۔۔۔ الصوتُ: پست ہونا۔

اختفض۔ السترَ: پھاڑ کرنا۔

الخافض۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ہو خافض الطیر وخافض الجناح" وہ باوقار اور متحمل المزاج ہے۔ مونث خافضۃ۔ الخافضۃ: لڑکی کی ختنہ کرنے والی

الخفض مص۔ (۔۔۔ والخفیضۃ) آسودگی فراخی کی زندگی۔ کہا جاتا ہے "ہو فی خفضٍ من العیش" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔

خفعَ (ف) خفعاً۔ بھوک وغیرہ سے چکرا کر گرنا۔ خفعہ بالسیف: تلوار سے مارنا (خفعاً وخفعاناً) الستر: ہلنا۔

أخفعہ۔ الجوعُ: چکرا کر گرا دینا۔

انخفع۔ بیہوشی کے قریب ہونا۔

المخفوع۔ دیوانہ۔

خفقہ (ض ن) خفقاً۔ بالسیف: آہستہ تلوار سے مارنا ۔۔۔ النعلُ: جوتے سے آواز نکلنا (۔۔۔ خفقاً وخفوقاً وخفقاناً) الفؤادُ:

دھڑکنا ـــ الرايةُ : پھڑ پھڑانا ـــ البرقُ :
کوندنا ـــ خُفُوقًا) النجمُ : غروب ہونا ـــ
الليلُ : اکثر حصہ گزر جانا ـــ الطائرُ : اُڑنا
ـــ الرجلُ فی البلاد : سفر کرنا ـــ المكانُ :
خالی ہونا۔

أَخْفَقَ ۔ مضطرب ہونا۔ حاجت میں ناکام رہنا۔ محروم ہونا ـــ القومُ : قوم کے توشہ کا ختم ہو جانا ـــ برأسه : اونگھ سے سر ہلانا ـــ بثوبه : کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا ـــ النجمُ : غروب ہونا ـــ الطائرُ : بازو پھڑ پھڑانا ـــ ہ : پچھاڑنا۔

إِخْتَفَقَ ۔ العَلَمُ او السرابُ : جھنڈے کا یا سراب کا ہلنا۔

الخَفْقَةُ ۔ خَفَقَ کا اسم مرۃ ۔

الخُفْقَةُ ۔ کوئی چیز جس سے مارا جائے۔ جیسے تسمہ وغیرہ

الخَفِقُ والخَفِقَةُ والخُفَقُ والخُفَقَةُ پتلی کمر کا گھوڑا (خَفِقَة اور خُفَقَة میں تا تانیث کی نہیں مبالغہ کی ہے) ج خِفاق وخَفِقات و خُفَقات ۔

الخافِقُ ۔ فا ۔ مكانٌ خافقٌ : انیس سے خالی جگہ ۔ رجلٌ خافقُ العينِ : دھنسی ہوئی آنکھ والا ۔

الخَفَّاقُ ۔ اسم مبالغہ ۔ خَفَّاقُ القدمِ : وہ شخص جس کے قدم کا اگلا حصہ چوڑا ہو ۔

الخَفَاقَةُ ۔ دبر ۔ امرأۃٌ خَفَاقَةُ الحَشَا : پتلی کمر والی عورت ۔

الخافِقَانِ ۔ پورب پچھم ۔

الخوافِقُ والخافِقَاتُ ۔ خافقۃ کی جمع جھنڈے ۔ خوافقُ السماءِ : ہوا چلنے کی چاروں سمتیں ۔

الخَيْفَقُ ۔ مصیبت ۔ بہت تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی ۔ وسیع بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا معلوم ہو ۔

المَخْفَقُ ۔ ہموار زمین جس میں سراب حرکت کرتا ہو

المِخْفَقُ : چوڑی تلوار

المِخْفَقَةُ : کوڑا جس سے مارا جائے اور بقول بعض لکڑی کا کوڑا ۔

مَخافِقُ ۔ النجمِ : ستاروں کے غروب ہونے کی جگہیں ۔

المَخْفُوقُ ۔ مفع ۔ پاگل ۔ دیوانہ ۔

الخافِلُ : بھاگنے والا ۔

الخَفَنُ : پیٹ کا ڈھیلا ہونا

الخَيْفَانُ : ٹڈی ۔ واحد (خَيْفَانَة)

الخَفَّانُ : شتر مرغ کے چوزے ۔

الخُفَّانُ ۔ ایک قسم کا نرم پتھر ۔ یہ استعمال عوام سے ہے فصیح لفظ الخُفَّةُ ہے ۔

خَفَا (ن) خَفْوًا وخُفُوًّا ۔ البرقُ : چمکنا ۔ ـــ الشیءُ : ظاہر ہونا ۔

خَفَى (ض) خَفْيًا وخُفِيًّا ۔ الشیءَ : ظاہر کرنا ۔ کہا جاتا ہے "خَفَى المطرُ الفارَ" بارش نے چوہے کو بل سے نکال دیا ۔ چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا ۔ (ضد)

خَفِيَ (س) خَفَاءً وخُفْيَةً وخِفْيَةً پوشیدہ ہونا ۔ صفت (خافٍ وخَفِيٌّ)

خَفَّى وأَخْفَى ۔ الشیءَ : پوشیدہ کرنا ۔ چھپانا کہا جاتا ہے "أَخْفِ عنّا" ہمارے متعلق جو تم سے دریافت کرے اس سے ہماری حالت چھپاؤ ۔ وأَخْفَى الرجلُ : چھپنا ۔ پوشیدہ ہونا ۔ أَخْفَى الشیءَ : سرپوش ہٹانا ۔

تَخَفَّى واسْتَخْفَى : چھپنا ۔ پوشیدہ ہونا

إِخْتَفَى ۔ الشیءَ : ظاہر کرنا ۔ نکالنا ـــ من فلان : چھپنا ـــ البئرَ : کھودنا ۔

الخَفَاءُ ۔ مص ۔ پوشیدگی کہا جاتا ہے "برح الخفاءُ" یعنی معاملہ واضح ہوگیا ۔ پردہ ۔ چادر جو لباس کو چھپائے ۔ پوشیدہ چیز ۔ ج أَخْفِيَة ۔ أَخْفِيَةُ الكَرَى : آنکھیں ۔ أَخْفِيَةُ الزهرةِ : کلی کے غلاف ۔

الخَفِيُّ ۔ لوگوں سے علیٰحدہ ۔ خفی جگہ میں رہنے والا کہا جاتا ہے "رجلٌ خفيُّ البطنِ" پچکے ہوئے پیٹ کا مرد ۔

الخافِي والخافِيَاءُ ۔ جن ۔

الخافِيَةُ ۔ الخافی کا مونث ۔ پوشیدہ چیز ۔ پوشیدگی ۔ جن ۔ ج خَوَافٍ ۔ اور کہا جاتا ہے "ارضٌ خافيةٌ" جنوں کی سرزمین ۔

الخَوافِي : پرندے کے بازوؤں کے نیچے چھپے ہوئے پر ۔ اور امثال عرب سے ہے "ليس القوادمُ كالخوافي" سیخ پر چھوٹے پروں کی مانند نہیں ۔

الخَفِيَّةُ ۔ الخفی کا مونث ۔ گنجان جھاڑی کنواں جس میں پانی ہو ۔ ج خَفَايا و خَفِيَّات کہا جاتا ہے "بہ خَفِيَّةٌ" اس پر کچھ جنون یا دیوانگی کا اثر ہے ۔

المُخْتَفِي ۔ فا ۔ کفن چور ۔

خَقَّ (ض) خَقًّا وخَقِيقًا وخَقَقًا ۔ القِدْرُ : جوش سے سنسانا ۔ "خَقَّ السيلُ في الارضِ" : گہرا گڑھا کر دینا ـــ وأَخَقَّتِ البكرةُ : چرخی کے سوراخ کا چوڑا ہونا ۔

الخَقُّ ۔ ج أَخْقَاقٌ وخُقُوقٌ والأُخْقُوقُ والأُخْقِيقُ ۔ زمین کا شگاف ۔ تالاب جبکہ خشک ہو جائے ۔

خَاقَانُ ۔ ترکوں کے بادشاہ کا لقب ۔ ج خَوَاقِين ۔ کہا جاتا ہے (خَقْنَه) القومُ علی أنفسهم : لوگوں نے اس کو اپنا بادشاہ بنا لیا ۔

خَلَّ (ن ض) خَلًّا وخُلُولًا ۔ لحمُه : دبلا ہونا کم گوشت ہونا (ن خَلًّا) الشیءَ : سوراخ کرنا ۔ ـــ الفصيلَ : زبان کو چیر کر دودھ سے روکنے کے لیے لکڑی ڈالنا ـــ فی دعائه : خاص کرنا ۔

خَلَّ ۔ اليه : محتاج و فقیر ہونا ۔

خَلَّلَ ۔ العصيرَ : کھٹا ہونا ۔ سرکہ بننا ـــ العصيرَ : سرکہ بنانا ـــ الاسنانَ : خلال کرنا ۔ ـــ فی دعائه : خاص کرنا ۔

خالَّهُ مُخالَّةً وخِلالًا وخُلالًا : دوستی کرنا ۔ بھائی بندی کرنا ۔

أَخَلَّ ۔ محتاج ہونا ـــ بالشیءِ : کوتاہی کرنا ۔

چھوڑ دینا ۔۔۔ الوالی بالثغور: لشکر کم کر دینا۔
۔۔۔ بمرکزہ: مرکز کو چھوڑ دینا ۔۔۔ بقومہ: غائب
ہو جانا ۔۔۔ بالرجل: پورا حق نہ دینا ۔۔۔ بالامر
بُرے طریقہ سے انجام دینا۔ بگاڑ دینا۔ اَخَلَّہٗ
اللّٰہ: محتاج کر دینا۔ اُخِلَّ بالرجل: محتاج ہونا۔
تَخَلَّلَ ۔ القومَ: قوم میں مل جانا ۔۔۔ ہ
بالرمح: پیاپے نیزے مارنا ۔۔۔ الشیُٔ فیہ:
نفوذ کرنا ۔۔۔ المطرُ: مخصوص جگہ میں برسنا
۔۔۔ الرجلُ: خلال کرنا۔
اِخْتَلَّ ۔ الامرُ: کمزور و فاسد ہونا ۔۔۔
عقلُہٗ: خراب ہونا ۔۔۔ الیہ: محتاج ہونا۔
۔۔۔ العصیرُ: سرکہ بننا ۔۔۔ العصیرَ: سرکہ
بنانا ۔۔۔ لحمُہٗ: لاغری کی وجہ سے کم ہونا۔
۔۔۔ الرجلُ: اپنے لیے سرکہ بنانا۔
تَخَالَّوا تَخَالًّا ۔ باہم دوستی کرنا۔
الخَلُّ ۔ مص ۔ سرکہ ۔ ریگستانی راستہ ۔ دُبلا
جسم والا ۔ لاغر ۔ موٹا ۔ بوسیدہ کپڑا ۔ کپڑے
کی پھٹن ۔ ج اَخُلٌّ و خِلَالٌ ۔ کہا جاتا ہے "مالہ
خلٌّ ولا خمرٌ" اس کے پاس نہ جید ہے نہ
ردی ۔ "لستُ من ہذا الامر فی خلٍّ ولا خمرٍ"
مجھ کو اس معاملہ کے نہ خیر سے مطلب نہ شر سے
کام ۔ اُمُّ الخَلِّ: شراب۔
الخِلُّ و الخُلُّ ۔ دوست ۔ مونث خِلّ
و خِلَّۃ ۔ ج اَخلال ۔
الخَلَلُ ۔ سستی ۔ فساد ۔ رائے میں انتشار
و پراگندگی ۔ شگاف ۔ دراڑ ۔ ج خِلَال ۔
الخِلَلُ ۔ دانتوں کے درمیان خوراک کا
بقیہ ۔ واحد (خِلَّۃ) کہا جاتا ہے "ہو خِلَلُ القوم"
وہ قوم کے درمیان ہے۔
الخَلَّۃُ ۔ عادت ۔ سوراخ ۔ تھوڑا سرکہ
تھوڑی سی کھٹی شراب ۔ حاجت ۔ محتاجی۔
ج خِلَال و خَلَل ۔ الخلّۃ: ہلکی پھلکی عورت۔
الخُلَّۃُ ۔ گھاس جس میں مٹھاس ہو ۔ ج
خُلَل ۔ دوستی ۔ عادت ۔ بیوی ۔ محبوبہ ۔
دوست (واحد تثنیہ جمع مذکر مونث سب کے
لیے) تم کہتے ہو "ہو ذہی و ہی خُلَّتِی"
الخِلَّۃ ۔ دوستی ۔ بھائی بندی ۔ تلوار
کی میان جس پر چمڑا منڈھا ہوا ہو ۔ چمڑا جو
منقش ہو ۔ ج خِلَل و خِلَال ۔
الخِلَالُ ۔ سوراخ کرنے کا آلہ ۔ لکڑی جو اونٹ
کے بچے کی زبان میں لگا دی جاتی ہے تا کہ دودھ
نہ پی سکے ۔ ج اَخِلَّۃ ۔ (۔۔۔ والخِلَالَۃ) دانت
صاف کرنے کا تنکا۔
الخِلَالُ والخُلَالَۃُ ۔ دانتوں کے درمیان
خوراک کا بقیہ ۔ وخِلَالُ الدیارِ: شہروں کا
ارد گرد گھروں کے درمیان ۔ کہا جاتا ہے
"ہو خلالہم" وہ اُن کے درمیان ہے۔
الخَلَالَۃُ والخِلَالَۃُ والخُلَالَۃُ ۔ سچی
دوستی ۔
الخَلِیْلُ ۔ خالص دوست ۔ ج اَخِلَّاء
و خُلَّان ۔ لاغر بدن ۔ فقیر ۔ مونث خَلِیْلَۃ ۔ ج
خلیلات و خلائل ۔ شیءٌ خلیلٌ: چھدی ہوئی
چیز ۔
الخَلَّالُ ۔ سرکہ بیچنے والا ۔ سرکہ بنانے والا
الاَخَلُّ ۔ محتاج ۔ دوسرے سے زیادہ
محتاج ۔ رجلٌ (مُخَلٌّ) محتاج مرد۔
خَلَأَ (ن) خُلُوْءًا ۔ جگہ سے نہ ہلنا۔
خَلَأَتِ النَّاقَۃُ: اَڑ جانا۔
خَالَأَ مُخَالَأَۃً ۔ القومَ: ایک چیز کو چھوڑ
کر دوسری میں مشغول ہو جانا۔
خَلَبَہٗ (ن ض) خَلْبًا ۔ بظفرہ: خراش لگانا
زخمی کرنا ۔۔۔ السبعُ الفریسۃَ: چنگل سے
پکڑنا ۔۔۔ الفتی: جوان کے دل کو چھین لینا
اور فتنہ میں مبتلا کرنا۔
خَلَبَہٗ (ن) خَلْبًا و خِلَابًا و خِلَابَۃً
و خَالَبَہٗ مُخَالَبَۃً و خَلَّبَہٗ و اخْتَلَبَہٗ ۔ نرم
کلامی سے فریفتہ کرنا ۔ صفت (خَالِبٌ و خَلُوْبٌ
و خَلَّابٌ و خَلَبُوْتٌ) مونث خالبۃ و خَلِبَۃ و
خَلُوْبٌ و خَلَّابَۃ و خَلَبُوْت ۔
خَلِبَتْ (س) خَلَبًا ۔ المرأۃُ: بیوقوف ہونا
صفت خَلْبَاء
اَخْلَبَ ۔ الماءُ: کیچڑ والا ہونا ۔ صفت
(مُخْلِب)
اِسْتَخْلَبَہٗ ۔ بظفرہ: خراش لگانا۔
الخِلْبُ ۔ جگر کے اوپر کی جھلی ۔ انگور کے
پتے ۔ ج اَخْلَاب ۔ ط ۔۔۔ والمِخْلَبُ چنگل
ج مَخَالِب ۔ المِخْلَب: درانتی۔
الخُلْبُ والخُلُبُ ۔ کیچڑ ۔ کھجور کے
درخت کا گودا ۔ کھجور کے درخت کی چھال ۔
اور اس کی بٹی ہوئی رسی ۔
الخُلَّبُ ۔ بے بارش کا بادل ۔ والبرقُ
الخُلَّب و برقُ الخُلَّب: بے بارش کے بادل
کی بجلی ۔ "اِنما انتَ کبرقٍ خُلَّبٍ" اس شخص کے
حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا
نہ کرے
الخِلِّیبی ۔ فریب ۔
المُخَلَّبُ ۔ من الثیاب: بہت نقش و
نگار والا کپڑا ۔
الخَلَبُوْب ۔ فریبی ۔
خَلْبَسَہٗ او خَلْبَسَ قلبَہٗ: فریفتہ کرنا۔
الخَلَابِس ۔ نرم بات
الخُلَابِسُ والخَلَابِسُ والخَلَابِیْسُ
باطل و جھوٹی باتیں ۔ الخلابیس: کمینے و فرومایہ
لوگ ۔
الخَلَنْبُوْس ۔ چقماق ۔
خَلْبَصَ ۔ بھاگنا ۔
الخَلَنْبُوص ۔ چڑیا کا ہم رنگ اس سے چھوٹا
ایک پرندہ ۔
خَلَجَہٗ (ن ض) خَلْجًا ۔ کھینچنا ۔ کھینچ کر
نکالنا ۔۔۔ ہ بعینہ: آنکھ سے اشارہ کرنا۔
۔۔۔ الشیُٔ: حرکت دینا ۔۔۔ ہ بالسیف:
تلوار سے مارنا ۔۔۔ الولدَ: دودھ چھڑانا ۔
۔۔۔ ہ الامرُ: مشغول کرنا ۔ کہا جاتا ہے
"خلجتہ اُمُور الدنیا" اس کو دنیا کے دھندوں
نے پھنسا لیا ۔

خَلَجَت (ن ض) خَلجاً و خُلوجاً و خَلَجاناً العینُ: پھڑکنا۔
خَلِجَ (س) خَلَجاً۔ چلنے یا تھکنے کی وجہ سے ہڈیوں کا درد کرنا۔۔۔ الشیءُ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔
خالَجَ۔ قلبَہ امرٌ: کسی معاملہ کا دل کو سوچ بچار میں ڈال دینا۔
اَخلَجَ۔ حاجبیہ: مٹکانا۔
تَخَلَّجَ۔ لڑکھڑانا۔ ہلنا۔ جھکنا۔۔۔ الشیءَ: کھینچنا۔
تَخالَجَتہ۔ الھمومُ: کشمکش میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "تَخالَجَ فی صدرِی شیءٌ" یعنی میرے دل میں کچھ خلجان ہوا۔
اِختَلَجَ۔ بھڑ جانا۔۔۔ العینُ: پپوٹوں کا غیر ارادی طور پر پھڑکنا۔۔۔ الشیءُ فی صدرہٖ: خلجان ہونا۔۔۔ الشیءَ: کھینچ کر نکالنا۔۔۔ الولدَ: دودھ چھڑانا۔
اُختُلِجَ۔ من بینھم: مرنا۔
الخالِجُ۔ فا۔ موت۔
الخُلُجُ۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔ مشکوک نسب کے لوگ۔
الاَخلَجُ۔ رسی۔
الخَلیجُ۔ من البحر: کھاڑی۔ ندی چھوٹی کشتی۔ رسی۔ ج خُلجان و خُلُجٌ۔ خلیجا النہر: دریا کے دونوں جانب۔
الخِلاجُ۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر۔
الخَلوجُ۔ اونٹنی جس کا دودھ بچہ جدا کرنے کی وجہ سے کم ہو گیا ہو۔ تیز رو اونٹنی۔ پراگندہ بادل۔ بہت پانی والا بادل۔
الاِخلیجُ۔ ایک قسم کی گھاس۔۔۔ من الخیل: تیز رفتار گھوڑا۔
خَلخَلَ۔ العظمَ: گوشت چھڑا کر صاف کرنا۔۔۔ المرأۃَ: پازیب پہنانا۔
تَخَلخَلَ۔ الشیءُ: کسی چیز کے اجزاء کا ملا ہوا نہ ہونا۔ بیچ بیچ میں خالی ہونا۔۔۔ من مکانٍ: جگہ سے ہلنا۔۔۔ المرأۃُ: پازیب پہننا۔۔۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔
الخَلخال۔ ج خَلاخیل و (الخَلخَل و الخُلخُل) ج خَلاخِل۔ پازیب۔ ثوب (خَلخال و خَلخَل) باریک کپڑا۔
المُخَلخَل۔ پنڈلی پازیب پہننے کی جگہ عسکر (مُتَخلخِل) بکھری ہوئی فوج۔
خَلَدَ (ن) خُلوداً۔ ہمیشہ رہنا۔ (۔۔۔ خَلَداً و خُلوداً) باوجود زیادتی عمر کے کمزوری و بڑھاپا نہ آنا۔ صفت (خالِد و مُخَلَّد و مُخلِد) خَلَدَ۔۔۔ الی المکان و بالمکان: اقامت کرنا۔۔۔ الی الارضِ: چمٹنا۔
خَلَّدَ و اَخلَدَ۔ الی المکان و بالمکان: اقامت کرنا۔۔۔ ہ: ہمیشہ کے لیے رکھنا۔ اَخلَدَ بصاحبہ: ہمیشہ ساتھ رہنا۔ اَخلَدَ الیہ: مائل ہونا۔ جھکنا۔
الخُلد۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ الخُلدُ: چھچھوندر ج مَناجِذ۔ الخُلد: کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدۃ۔
الخَلَد۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلَدۃ۔ بالی۔ کنگن۔
الخالِد۔ فا۔ ابو خالد: کتا۔
الجزائر الخالِدات۔ جزائر کناری۔
الخَوالِد۔ دیگدان کے پائے۔ پہاڑ۔ پتھر۔
الخُلَّر۔ ایک قسم کی نباتات۔ بقول بعض لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ (ض) خَلساً و خِلّیسی۔ الشیءَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔
اَخلَسَ۔ النبتُ: سبز اور خشک ملا جلا ہونا۔۔۔ الرأسُ۔ بالوں کا کھچڑی ہونا۔ صفت (خَلِسٌ و خَلیسٌ و مُخلِسٌ) اَخلَسَتِ الارضُ: کچھ ہریالی ہونا۔
خالَسَہ مُخالَسۃً۔ جلدی کرنا۔
تَخالَسَ۔ القومُ الشیءَ: ایک دوسرے سے چھینا۔ کہا جاتا ہے "ہما یتخالسان نفسھما" وہ دونوں ایک دوسرے کو قتل کا ارادہ کرتے ہیں۔
اِختَلَسَ۔ الشیءَ: فریب سے جھپٹا مار لینا۔۔۔ القاریُٔ الحرکۃَ: پُر نہ پڑھنا۔ اس کے مقابلہ میں اشباع ہے جس کے معنی پُر پڑھنے کے ہیں کہ جس سے بجائے حرکت کے حرف علت پیدا ہو جائے۔
الخُلسۃ۔ جھپٹ جھپٹی ہوئی چیز۔ مناسب فرصت اور اسی سے ہے کہ "الخُلسۃُ سریعۃُ الفوت بطیئۃُ العَود" فرصت جلد ختم ہو جانے والی اور دیر میں آنے والی ہے۔
الخَلیس و الخِلّاس۔ چوکنا بہادر۔
الخَلیسۃ۔ درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے۔
الخِلاسیّ۔ وہ بچہ کہ جس کے ماں باپ میں سے ایک گورا ایک کالا ہو۔
خَلَصَ (ن) خُلوصاً و خَلاصاً۔ خالص ہونا۔۔۔ من الھلاک: نجات پانا۔ محفوظ رہنا۔۔۔ الماءُ من الکدرِ: صاف ہونا۔۔۔ الی المکان و بالمکان: پہنچنا۔۔۔ من القوم: جدا ہونا۔
خَلِصَ (س) خَلَصاً۔ العظمُ: گوشت میں ہڈی کا چورا ہونا۔
خَلَّصَہ۔ من کذا: نجات دینا۔ خَلَّصَ الشیءَ: صاف کرنا۔ خالص کرنا۔ خلاصہ لینا۔ خَلَّصَ الرجلَ مثلَ شیءٍ: دینا۔
خالَصَہ مُخالَصۃً۔ فی العشرۃ او المودۃ: خلوص برتنا۔ خالَصَہ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا۔
تَخالَصا۔ باہم خالص دوستی کرنا۔
اَخلَصَ۔ الشیءَ: خلاصہ لینا۔ چن لینا۔۔۔ ہ اللہُ: عیوب سے خالی کرنا۔۔۔ الطاعۃَ و فی الطاعۃ: بے نام نمود کے کرنا۔۔۔ الحبَّ او القولَ: کھوٹ سے خالی کرنا۔
تَخَلَّصَ۔ منہ: نجات پانا۔ جدا ہونا۔۔۔ من کذا الی کذا: منتقل ہونا۔
اِستَخلَصَہ۔ چن لینا۔۔۔ الشیءَ منہ: اپنے لیے حاصل کرنا۔
الخُلاص بھ (۔۔۔ و الخِلاص) کھوٹ سے

خالی کیا ہوا (سونا چاندی وغیرہ)

الخَلاصَۃ والخِلاصَۃ۔ خالص گھی پھر اس کا عام طریقہ سے استعمال ہر اس چیز پر ہونے لگا جو دوسرے سے خالص کر لیا گیا ہو۔ اور اسی سے ہے "خلاصۃ الکلام"

الإخلاص والإخلاصۃ۔ مکھن جو تلچھٹ سے جدا کر لیا جائے "کلمۃ الإخلاص" لا الٰہ الا اللہ

الخَلْص۔ ہر سفید چیز۔

الخِلْص۔ ج أخلاص و (الخِلصان) یار یا خالص دوست۔ خِلصان مفرد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "ہو خِلصانی و ہم خُلصانی"

الخالِص۔ فا۔ بےکھوٹ۔ صاف رنگ کہا جاتا ہے "ہذا ثوبٌ خالِصٌ" یہ صاف رنگ کا کپڑا ہے۔ ج خُلَّص۔

الخالِصۃ۔ خالص کا مونث۔ کہا جاتا ہے "ہو خالِصتی" وہ میرا دوست ہے۔ "وہذا الشیٔ خالِصۃٌ لک" یہ چیز تمہارے لیے مخصوص ہے۔

الخُلُوص۔ رُب جو کھجور سے تیار کی جائے تلچھٹ جو خالص گھی کی تہ میں بیٹھ جائے۔ بالائی۔

المُخَلِّص۔ فا۔ نجات دہندہ۔

خَلَطَ (ض) خَلْطًا و خَلَّطَ۔ الشیٔ بالشیٔ: ملانا۔ کہا جاتا ہے "خَلَطَ المریضُ" بیمار نے مضر چیزیں کھائیں۔ "و خَلَطَ فی الکلام" اس نے بکواس کی۔ خَلَّطَ فی الشیٔ: خراب و فاسد کرنا۔

أخْلَطَ بالفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا

خالَطَ مُخالَطۃً و خِلاطًا۔ ملنا۔ میل ملاپ کرنا۔ ساتھ رہنا ـــ الداءُ فلانًا: بیماری لاحق ہونا۔

خُولِطَ۔ فی عقلہ: مخبوط الحواس ہونا۔

اِخْتَلَطَ۔ ملنا ـــ الظلامُ: تاریکی کا چھا جانا ـــ الرجلُ: خراب عقل والا ہونا۔

ـــ الفرسُ: دوڑنے میں کوتاہی کرنا۔

تَخالَطُوا۔ باہم ایک دوسرے کے ساتھ گتھ جانا۔

الخَلْط۔ مص۔ لوگوں سے ملنے والا اور چاپلوسی کرنے والا۔

الخِلْط۔ ٹیڑھا تیر۔ ٹیڑھی کمان بیوقوف کہا جاتا ہے "ہو خِلْطٌ بَیِّن الخَلاطۃ" وہ بیوقوف ہے جس کی بیوقوفی ظاہر ہے۔ ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے۔ ج أخلاط۔ حرامی اور کہا جاتا ہے "رجل خِلْطٌ مِلْطٌ" مخلوط نسب کا مرد۔

الأخلاط۔ ملی جلی قسمیں۔ اخلاط الجسد فی عرف الاقدمین۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔ صفرا۔ وأخلاطُ القوم: قوم کے معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الخَلِط۔ بیوقوف۔

الخُلْطۃ۔ شرکت۔

الخِلاط۔ آدمیوں اور جانوروں کا ملا جلا ہونا۔

الخَلاطۃ۔ عقل کی خرابی۔ بیوقوفی۔

الخَلِیط۔ ج خُلُط و خُلَطاء: خلط ملط رکھنے والا۔ شریک۔ وہ لوگ جن کا معاملہ ایک ہو۔ شوہر۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ بھوسہ ملی ہوئی منی۔ خَلِیطُ الرجل: میل جول رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "خَلِیطٌ من الناس" معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ

الخُلَّیْطی والخُلُّیْطی۔ معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی خُلَّیْطی" وہ لوگ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

المِخْلاط والمِخْلَط۔ بہت میل جول رکھنے والا۔ جمل (مُخْتَلِطٌ) موٹا اونٹ کہ جس کی چربی گوشت کے ساتھ مل گئی ہو۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا۔ الشیٔ: اتارنا ـــ کتفہ او وَرِکَہ: عضو کو جگہ سے ہٹا دینا ـــ القائدَ: معزول کر دینا ـــ الدابۃَ: بندش سے آزاد کر دینا ـــ العذارَ: اپنے مرتبہ کو گرا دینا (کنایۃ بےحیائی سے) ـــ علیہ ثوبًا: خلعت دینا۔ خَلَعَ الشجرُ: پتے جھڑنا۔ نئے پتے نکلنا۔

خَلَعَ (ف) خَلْعًا و خُلْعًا۔ ابنَہ: عاق کرنا۔ صفت مفعولی (خَلِیع) (زمانہ جاہلیت میں ایسا کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ نہیں ہوتا تھا) ـــ امرأتَہ: مال کے عوض میں طلاق دینا صفت مفعولی (خالِع) اسم (الخُلعۃ)

خُلِعَ۔ المیتُ: کفن جدا کیا جانا۔

خَلُعَ (ک) خَلاعۃً۔ خواہشات نفسانی کا تابع ہونا۔ بےحیا ہونا۔

خالَعَ مُخالَعۃً۔ الرجلُ زوجتہ او المرأۃُ زوجَہا: مال کے شرط پر جدائی اختیار کرنا۔ خالَعَ الرجلَ: جوا کھیلنا۔

خَلَّعَہ۔ جدا جدا کرنا۔ خالص کرنا۔

أخْلَعَ۔ السُّنبلُ: خوشہ میں دانے بیٹھنا ـــ الشجرُ: نئے پتے نکلنا۔

تَخَلَّعَ۔ فی المشیِ: چلنے میں پیروں کو علیحدہ علیحدہ رکھنا ـــ فی الشراب: منہمک ہونا ـــ القومُ: چپکے سے کھسک کر چلا جانا

تَخالَعَ۔ الزوجُ والزوجۃُ: مال پر جدائی اختیار کرنا ـــ القومُ: باہم عہد توڑنا۔

اِنْخَلَعَ۔ ہٹ جانا۔ اکھڑ جانا۔ زائل ہو جانا

اِخْتَلَعَ۔ الشیٔ: نکال لینا۔ کھینچ لینا۔ اِخْتَلَعُوا الرجلَ: مال لے لینا۔ اِخْتَلَعَتِ المرأۃُ من زوجہا: مال دے کر جدائی اختیار کرنا۔ اسم (الخُلْع)

الخِلْعۃ۔ کپڑے جو عزت کے طور پر ملیں اتارا ہوا کپڑا۔ عمدہ مال۔

الخُلُعۃ۔ عمدہ مال۔ کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فیہ خُلُعۃٌ" اس میں کمزوری ہے۔

الخُلاع۔ ایک قسم کی دیوانگی جو انسان کو لاحق ہوتی ہے۔

الخَلِیع۔ بیحیائی کا کام کرکے اپنے مرتبہ کو گرادینے والا۔ معزول شدہ۔ خبیث۔ جوئے باز۔ ج خُلَعَاء۔ بھیڑیا۔ بھوت۔ ثَوبٌ خَلِیعٌ: بوسیدہ کپڑا۔

الخَلِیعَۃ: بے حیائی۔ الخَلِیع کا مونث۔ من مانی عورت۔

الخَولَع۔ بیوقوف۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے طیار کیا جاتا ہے۔ سرکہ میں جوش دیا ہوا گوشت۔ بھیڑیا (۔۔۔ و الخَیتَع) خوف جو دل پر طاری ہو۔ الخَیلَع: بے آستینوں کی قمیص۔ رجل خَیلَع: کمزور مرد۔

المُخَلَّع۔ مفع ۔۔۔ من الرجال: کمزور سست۔ اکھڑے ہوئے جوڑوں والا۔ وہ شخص جس کا سر یا بدن یا کچھ بدن بجس ہو۔

الخَلَعَاء والخَلَعلَع: بجو۔

خَلَفَ (ن) خِلَافَۃً و خِلِّیفَی۔ جانشین ہونا ۔۔۔ رَبَّہٗ فی قومہٖ: جانشین بنانا ۔۔۔ الرجلَ: قائم مقام ہونا (۔۔۔ خَلَفًا و خِلفَۃً) الفاکہۃ بعضہا بعضًا: ایک دوسرے کے قائم مقام ہونا (۔۔۔ خِلَافَۃً و خُلُوفًا) الغلامُ بیوقوف ہونا۔ صفت (خَالِف خَالِفَۃ) ۔۔۔ عن خُلُقِ ابیہ: باپ کے عادات و اخلاق سے بدل جانا (۔۔۔ خُلُوفًا و خُلُوفَۃً) فم الصائم: منہ کی بو کا متغیر ہونا (خَلَفَ (ن) خَلفًا) الرجلُ لاہلہ: اپنے گھر والوں کے لیے پانی لانا ۔۔۔ البیتَ: پچھلے حصہ میں ستون لگانا ۔۔۔ اباہ: باپ کے قائم مقام ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَلَفَ اللّٰہُ لَکَ وعَلَیکَ" خدا تعالیٰ تم کو بدلہ دیں ۔۔۔ الثوبَ: مرمت کرنا ۔۔۔ عن اصحابہ: پیچھے رہ جانا ۔۔۔ فلانًا: پیچھے سے پکڑنا۔ جانشین ہونا۔ طور کہا جاتا ہے "خَلَفَہٗ بالسَّیفِ" اس کے پیچھے سے آکر اس نے اسے تلوار ماری۔ "خَلَفَ لَہٗ بِخَیرٍ اَو شَرٍّ" اس کی غیر موجودگی میں اس نے اس کا بھلا یا برا ذکر کیا۔

خَلِفَ (س) خَلَفًا۔ بائیں ہتھا ہونا۔ بھینگا ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ خَلِفَتِ النَّاقَۃُ: حاملہ ہونا۔ صفت (خَلِفَۃ)

خَلَّفَ۔ الشیءَ: پیچھے چھوڑنا۔ موخر کرنا ۔۔۔ ہ: جانشین بنانا۔

خَالَفَہٗ خِلَافًا و مُخَالَفَۃً۔ ناموافقت کرنا۔ خالف عن کذا: پیچھے رہنا ۔۔۔ بین رِجلَیہ: آگے پیچھے کرنا۔ اور تم کہتے ہو "خَالَفَنِی عن کذا" جبکہ وہ اعراض کررہا ہو اور تم قصد کررہے ہو اور "خَالَفَنِی اِلیٰ کذا" جبکہ وہ قصد کررہا ہو اور تم اعراض کرتے ہو۔

اَخلَفَ۔ بو کا بدلنا یا خراب ہونا ۔۔۔ الثوبَ: مرمت کرنا ۔۔۔ لاہلہ: اپنے لوگوں کے لیے پانی کھینچنا ۔۔۔ وَعدَہٗ و بِوَعدِہٖ: پورا نہ کرنا ۔۔۔ ہ: وعدہ خلاف پانا ۔۔۔ الغَیثُ: امید کے بعد نہ برسنا۔ الشجرۃُ: کٹی ہوئی شاخ کے بدلے دوسری شاخ نکلنا ۔۔۔ الطائرُ: پہلے پروں کے بعد دوسرے پر نکلنا ۔۔۔ الغلامُ: قریب البلوغ ہونا۔ ۔۔۔ لنفسہ: ایک چیز ضائع ہونے کے بعد دوسری کو اس کے قائم مقام کرنا ۔۔۔ ہ: پیچھے ڈالنا ۔۔۔ الدواءُ فلانًا: کمزور کرنا ۔۔۔ اللّٰہ علیہ: ضائع شدہ کا بدلہ دینا۔

تَخَلَّفَ۔ عنہم: پیچھے رہنا ۔۔۔ القومَ: پیچھے چھوڑ کر آگے بڑھ جانا

تَخَالَفُوا و اِختَلَفُوا۔ اختلاف کرنا۔ ناموافق ہونا۔ اِختَلَفَہٗ: جانشین ہونا۔ پیچھے کرنا۔ پیچھے سے پکڑنا۔ اِختَلَفَ اِلی المکان: بار بار جانا۔

اِستَخلَفَ۔ اپنا جانشین بنانا ۔۔۔ فلانًا من فلان: قائم مقام کرنا۔ اِستَخلَفَتِ الارضُ: گرمی کی گھاس کو اگانا۔ اِستَخلَفَ الرجلُ لاہلہ: اپنے لوگوں کے لیے پانی یا میٹھا پانی لانا۔ پانی پلانا۔

الخَلفُ۔ مصدر۔ ایک گروہ جو ایک گروہ کے بعد ہو۔ اور اسی سے ہے "ہٰؤلاء خَلفُ سوءٍ" ان لوگوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو اپنے سے زیادہ کے ساتھ لاحق ہوں۔ ردی قول۔ اور امثال عرب میں ہے "سَکَتَ اَلفًا و نَطَقَ خَلفًا" وہ ہزاروں باتوں سے خاموش رہا اور بولا تو ردی بات۔ کلہاڑی کی دھار۔ بڑا کلہاڑا۔ بے نفع شخص۔ پہلو کی سب سے چھوٹی پسلی۔ ج خُلُوف۔ اور خَلف قُدّام کی نقیض ہے یعنی پیچھے و بعد ازاں۔

الخُلفُ۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔ خلاف مفروض خَلِیف کی جمع۔ قِیَاسُ الخُلفِ: منطقیوں کی اصطلاح میں ایک نقیض کے امتناع سے دوسرے کے ثبوت پر استدلال کرنا۔

الخِلفُ۔ مختلف۔ اونٹنی کے تھن کا سرا موسم بہار کی گھاس۔ ج اَخلاف و خِلفَۃ۔ الخِلفَان: دو مختلف صفات والے۔ کہا جاتا ہے "لہٗ وَلَدَانِ خِلفَانِ" اس کے دو بچے ہیں جن میں سے ایک زیرک دوسرا بیوقوف یا ایک لمبا دوسرا پست قد ہے۔ اور کہا جاتا ہے "وَلَدَتِ النَّاقَۃُ خِلفَینِ" اونٹنی نے ایک سال نر اور دوسرے سال مادہ بچے دیے۔ ذَاتُ الخِلفَینِ: کلہاڑا جس کے دونوں جانب سر ہوں۔ ج ذوات الخِلفَین

الخَلَفُ۔ ولد۔ یا ولد صالح۔ بدلہ۔ کہا جاتا ہے "فی ہؤلاء القوم خَلَفٌ مِمَّن مَضیٰ" یعنی اس قوم میں گزشتہ لوگوں کے جانشین ہیں۔ وہ چیز جو کسی کے بعد حاصل ہو۔ کہا جاتا ہے "اَعطَاکَ اللّٰہُ خَلَفًا مِن تَلَفٍ" اللہ تعالیٰ تم کو تلف شدہ چیز کا بدلہ دیں۔ نسل۔ اولاد۔ کہا جاتا ہے "ہُم کِرَامٌ خَلَفًا عن سَلَفٍ" یعنی وہ لوگ اپنے باپ دادا سے کریم ہیں۔ وہو خَلَفُ صِدقٍ عن ابیہ" یعنی وہ اپنے باپ کا عادات و اخلاق میں سچا جانشین ہے

الخَالِفُ۔ خا۔ بیوقوف۔ وہ شخص جو تمہارے جانے کے بعد بیٹھا رہے۔ نَبِیذٌ خَالِفٌ: بگڑی

ہوئی خراب۔ الخالف: گوشت جس میں کچھ بو پیدا ہوگئی ہو اور کھانے کے قابل ہو۔

الخالِفۃ۔ الخالف کا مونث۔ گذری ہوئی جماعت کے بعد باقی ماندہ جماعت۔ مکان کے پچھلے حصہ کا ستون۔ رجلٌ خالفۃٌ: بیوقوف۔ جھگڑالو۔ بہت اختلاف کرنیوالا۔ کہا جاتا ہے "ما ادری ایُّ خالفۃٍ ھو": ای ای الخالف ھو" میں نہیں جانتا وہ کون شخص ہے۔

الخَوالِف۔ عورتیں۔ وہ زمینیں جن کی پیداوار بعد میں اُگے۔

الخِلاف۔ ناموافقت۔ بید کی ایک قسم۔ آستین۔ المسائل الخلافیۃ: مختلف فیہ مسائل

الخِلافۃ۔ امارت۔ قائم مقامی۔ امامت

الخُلفۃ۔ مرض کی وجہ سے بھوک کا زائل ہونا۔ ج خُلَف۔

الخِلفۃ۔ آنا جانا۔ مخالفۃ مختلف۔ کثرت کا پیوند گھاس جو گرمی کے زمانہ میں اُگے۔ وہ چیز جو سوار کے پیچھے لٹکائی جائے۔ باقی ماندہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بین یدیہ خِلفۃ" وہ سب تک پیچھے آ جا رہی ہیں۔ "جعل اللیل والنہار خِلفۃ" اس نے دن رات کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے جانے والا بنایا۔ "قوم خِلفۃ" یعنی اختلاف کرنے والے لوگ۔ "وفی البئر خِلفۃ من الماء" کنوئیں میں بقیہ پانی ہے۔

الخُلفۃ۔ مخالفت۔ بیوقوفی۔ عیب۔ کھانے کا آخری مزہ۔

الخَلیف۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ یا پہاڑی راستہ۔ وعدہ سے پیچھے رہنے والا۔ وعدہ خلاف کرنیوالا۔ ج خُلُف و خُلف و خُلَف۔ الخَلیفۃ: وہ عورت جو بالوں کو پیچھے لٹکائے۔

الخَلیفۃ۔ جانشین۔ قائم مقام۔ بڑا بادشاہ کہ اس سے اوپر کوئی بادشاہ نہ ہو۔ یہ مذکر ہی کہا جاتا ہے "ہذا خلیفۃ آخر" اور کبھی لفظ کی رعایت سے مونث استعمال کرتے ہیں اور کہتے ہیں "خلیفۃ اخریٰ" ج خُلَفاء و خَلائف۔ پہلے کے لحاظ سے عدد مذکر لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ثلٰثۃ خلفاء" اور دوسرے کے لحاظ سے مذکر و مونث دونوں لانا جائز ہے۔ تم کہو گے "ثلاثۃ او ثلاث خَلائف"

الاَخلَف۔ بائیں ہتھا۔ بھینگا۔ کم عقل۔ سیلاب۔ نر سانپ۔

المِخلاف۔ بہت وعدہ خلاف۔ ج مَخالیف۔ المِخلاف: پروا۔ اور اسی کی "مخالیف الیمن" ہے۔

المَخلَفۃ۔ بید اُگنے کی جگہ۔ راستہ۔ مرحلہ۔ منزل۔

خَلَقَہ (ن) خَلقاً و خِلقۃً۔ پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا ــــ الکذبَ: جھوٹ گھڑنا ــــ الادیمَ: کاٹنے سے پہلے اندازہ لینا ــــ الشیءَ: ہموار کرنا۔ چکنا کرنا۔ ملائم کرنا

خَلِقَ (س) خَلَقاً و خَلُقَ (ک) خُلوقاً و خُلوقۃً و خَلاقۃً۔ چکنا و نرم ہونا۔

خَلَقَ (ن) و خَلِقَ (س) و خَلُقَ (ک) خُلوقۃً و خَلَقاً۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا۔ خَلُقَ الشیءُ لہ: لائق ہونا۔ سزاوار ہونا۔ خَلُقَ الغلامُ: اچھے اخلاق والا ہونا۔

خَلَّقَہ۔ خلوق (ایک قسم کی خوشبو) لگانا۔ ــــ العودَ: ہموار کرنا ــــ القدحَ: نرم کرنا

خالَقَہم مُخالَقۃً۔ خوشخوئی کے ساتھ معاشرت کرنا۔

اَخلَقَ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ــــ الشبابُ: جوانی کا ختم ہونا ــــ الثوبَ: بوسیدہ کرنا ــــ ہ الثوبَ: بوسیدہ کپڑا پہنانا۔ کہا جاتا ہے "اَخلَقتُ لہ دیباجتی" میں نے اُس کو اپنے ایسے راز پر مطلع کر دیا جس کے ظاہر ہونے سے عار ہو۔

تَخَلَّقَ۔ خلوق سے خوشبودار ہونا۔ ــــ بغیرِ خُلقہ: بناوٹ سے اخلاق ظاہر کرنا اور اسی سے ہے "لیس التخلق بالاخلاق کالخُلُق" بناوٹی اخلاق طبعی عادات جیسے نہیں۔

ــــ (و اختلق) الکذبَ: جھوٹ گھڑنا۔ افترا کرنا

اِخلَولَقَ۔ الثوبُ: بوسیدہ ہونا ــــ الرسمُ: زمین کے برابر ہو جانا ــــ متنُ الفرسِ: چکنی ہونا ــــ الدار: ویران ہونا۔ اور عسیٰ کے معنی میں اُمید کے لیے بھی مستعمل ہے کہا جاتا ہے۔ "اِخلَولَقَتِ السماءُ اَن تُمطِرَ" اُمید ہے کہ بارش ہو۔

الخَلق۔ مص۔ فطرت۔ لوگ۔ ہر چکنی چیز۔

الخِلقۃ۔ فطرت۔ ہیئت۔ ج خِلَق۔

الخُلُق والخُلْق۔ طبعی خصلت۔ طبیعت مروت۔ عادت۔ ج اَخلاق۔ علم الاخلاق: حکمت عملیہ کی ایک قسم جس کا نام حکمت خلقیہ ہے۔

الخَلَق۔ مص۔ بوسیدہ (مذکر و مونث) کہا جاتا ہے "ثوبٌ خَلَقٌ و جُبّۃٌ خَلَقٌ" ج اَخلاق و خُلقان۔ اور کہا جاتا ہے "ثوبٌ اَخلاقٌ و ثیابٌ اَخلاقٌ"

الخَلِق۔ بادل جس میں بارش کا اثر ہو۔

الخَلاق۔ بھلائی کا وافر حصہ۔

الخُلّاق۔ چکنا۔

الخِلاق و الخَلوق۔ ایک قسم کی خوشبو جس کا جزو اعظم زعفران ہے۔

الخَلیق۔ لائق مناسب۔ کہا جاتا ہے "ہو خلیقٌ بہ" وہ اس کے لائق ہے۔ کامل و معتدل اخلاق والا۔ ج خُلُق و خُلَقاء

الخَلیقۃ۔ طبیعت۔ مخلوق۔ کنواں جو کھودا جا رہا ہو۔ ج خَلائق۔

الاَخلَق۔ زیادہ لائق۔ چکنا۔ فقیر۔ مونث خَلقاء

المُختلِق۔ کامل و معتدل اخلاق والا

المُختلَق۔ اخلاق کو ہموار رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہو مَخلَقۃ بذلک و لذلک" وہ اس کے لائق ہے۔

الخِلقین۔ بڑا دیگ۔ ج خَلاقین۔

خَلَّمَہٗ تَخْلِیْمًا وَاِخْتَلَمَہٗ۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔
خَالَمَہٗ مُخَالَمَۃً۔ دوستی کرنا۔ صفت (مُخَالِمٌ)
اَلْخِلْمُ۔ دوست۔ ساتھی۔ ہرن کے چھپنے کی جگہ۔ ہڈی۔ بکری کی آنت کی چربی۔ ج اَخْلَام وَخُلَمَاء۔
اَلْخَالِمُ۔ ہموار۔
اِبِلٌ خَلِمَۃٌ۔ چرنے والے اونٹ۔
خَلَا (ن) خُلُوًّا وَخَلَاءً۔ الاناءُ: خالی ہونا ــــ المکانُ: رہنے والوں سے خالی ہونا ــــ الرجلُ: مکان میں اکیلا ہونا ــــ علی الشیءِ: اقتصار کرنا۔ بس کرنا ــــ علیٰ فلانٍ: اعتماد کرنا ــــ بہ: فریب کرنا ــــ الشیءُ: گذرنا کہا جاتا ہے "خَلَتْ خَمْسٌ خَلَوْنَ مِنَ الشَّہْرِ" مہینے اس کو پانچویں تاریخ کو کیا ــــ عن الامر ومنہ: بیزار ہونا ــــ عن الشیءِ: بھیجنا ــــ بالشیءِ: منفرد ہونا۔
خَلَا (ن) خُلُوَّۃً وَخَلْوًا وَخَلَاءً۔ بہ ومعہ والیہ: تنہائی میں ملنا۔ کہا جاتا ہے "خلا الرجلُ بنفسہٖ" منفرد ہونا ــــ للامر: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ــــ بالمکان: لازم رہنا ــــ بالہٖ: مطمئن ہونا ــــ الحزن: غم سے جدا ہونا صفت (خالی) ج خُلُوّ۔ اور کہا جاتا ہے "افعل کذا وخلاک ذمٌّ" یعنی تمہیں اس کام کے کرنے پر مذمت نہیں۔
خَلّٰی تَخْلِیَۃً۔ الامر وعنہ: چھوڑنا ــــ مکانہٗ: مرنا ــــ سبیلہٗ: چھوڑنا آزاد کرنا ــــ بین المشتری والمبیع: سپرد کرنا ــــ بینہما: دونوں کو اکٹھا ہونے کی حالت میں چھوڑنا
خَالَاہٗ مُخَالَاۃً۔ چھوڑ دینا۔
اَخْلٰی اِخْلَاءً۔ المکان: خالی کرنا یا پانا ــــ المکانُ: خالی ہونا ــــ ہ وبہ ومعہ: تنہائی میں ملنا ــــ فلانًا معہ: کسی کو کسی کے ساتھ تنہائی میں ملنے دینا ــــ عنہ: چھوڑنا۔
تَخَلّٰی۔ تنہائی میں رہنا ــــ منہ وعنہ: چھوڑنا ــــ ل: کسی کام کے لیے فارغ ہونا ــــ خَلِیَّۃً: اپنے لیے شہد کا چھتہ تیار کرنا۔
اِخْتَلٰی: تنہائی میں رہنا۔
اِسْتَخْلٰی۔ ہ: تنہائی میں ملاقات چاہنا ــــ بالملک: تنہائی میں ملنا ــــ المکانُ: خالی ہونا
اَلْخَلَاءُ۔ مص۔ خالی مکان۔ پاخانہ۔ مکانٌ خَلَاءٌ: خالی جگہ جہاں کوئی نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "باتَ فی البلدِ الخلاءِ" اس نے تنہا شہر میں شب باشی کی "خلاؤک اقنٰی لحیائک" یعنی تمہارا مکان میں تنہا ہونا تمہاری حیا کا نگہبان ہے "وانا منہ خلاءٌ" میں اس سے بری ہوں۔ مفرد تثنیہ جمع مذکر ومونث سب کے لیے مستعمل ہے۔
اَلْخِلْوُ۔ خالی (مذکر ومونث) ج اَخْلَاء اور کبھی مونث کے لیے خلوۃ استعمال کرتے ہیں۔
خَلَا وماخَلَا۔ اِلّا کے معنی میں کلمۂ استثناء ہے۔ اگر فعلیت کا اعتبار ہو تو مستثنیٰ منصوب ہوگا جیسے "جاء اتباع الامیر خلا وما خلا زیدًا" اور حرف جر ہونے کی صورت میں مجرور ہوگا۔ جیسے "خلا زیدٍ" اور خلا سے پہلے اگر ما مصدریہ ہو تو اس کا فعل ہونا متعین ہے۔
اَلْخَلْوَۃُ۔ تنہائی کی جگہ۔ ج خَلَوات۔
اَلْخَلِیَّۃُ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔ بڑی کشتی۔ شیر کی جھاڑی۔ ج خَلَایَا۔
اَلْخَلِیُّ۔ فارغ۔ غم سے خالی۔ وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "انا خَلِیٌّ منہ" میں اس سے بری ہوں۔ ج اَخْلِیَاء وخَلِیُّون۔ الخلیّ: شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔
اَلْخَالِیُ۔ ذ کنوارا۔ کنواری۔ ج اَخْلَاء۔
خَلٰی (ض) خَلْیًا۔ النباتَ: کاٹنا ــــ الماشیۃَ: جانوروں کے لیے گھاس کاٹنا ــــ الفرسَ: منہ میں لگام دینا ــــ اللجامَ من الفرس: اتارنا ــــ الشعیرَ فی المخلاۃ: توبرا میں جو ڈالنا ــــ القِدرَ: ہنڈی کے نیچے ایندھن لگانا ــــ ہنڈی میں گوشت ڈالنا۔
خَالٰی مُخَالَاۃً۔ ہ: پچھاڑنا۔ فریب دینا۔
اَخْلٰی۔ المکانُ: زیادہ گھاس والی جگہ ہونا ــــ الدابۃَ: گھاس کا چارہ دینا۔
اِخْتَلٰی۔ العشبَ: کاٹنا۔
اِنْخَلٰی۔ الخلیٰ: کٹنا۔
اِخْلَوْلٰی اِخْلِیْلَاءً۔ الرجلُ: دودھ پینے پر مداومت کرنا۔
اَلْخَلٰی۔ تر گھاس۔ ج اَخْلَاء واحد (خلاۃ)
اَلْمِخْلٰی۔ گھاس کاٹنے کا اوزار۔ کھرپا۔
اَلْمِخْلَاۃُ۔ توبرہ۔ ج مَخَالٍ۔
اَلْمُخْتَلِی۔ شیر۔
خَمَّ (ن ض) خَمًّا۔ البیتَ: جھاڑو دینا ــــ البئرَ: کنواں صاف کرنا ــــ الناقۃَ: دوہنا ــــ فلانًا: تعریف کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ہو یَخُمُّ ثیابَ فلانٍ" یعنی وہ فلاں کی تعریف کرتا ہے ــــ (ــــ) خَمًّا وخُمُومًا وَاَخَمَّ اللحمُ: بدبودار ہونا۔ صفت (خَامٌّ وخَمٌّ ومُخِمٌّ) ــــ اللبنُ: بگڑنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یَخُمُّ" فلاں اپنے افعال کریمانہ سے جدا نہیں ہوتا۔
خُمَّ۔ الدجاجُ: دڑبہ میں بند کیا جانا۔
تَخَمَّمَ۔ ما علی الخوان: دسترخوان کا باقیماندہ کھانا کھانا۔
اِخْتَمَّ۔ البیتَ: جھاڑو دینا ــــ الشیءَ: کاٹنا۔
اَلْخُمَامَۃُ۔ کوڑا کرکٹ۔ کنوئیں کی صفائی میں جو نکلے۔ کھانے کا چورا جو بکھر جائے۔
اَلْخُمُّ۔ دڑبہ۔ ج خِمَمَۃ۔
اَلْخَمُّ۔ خالی باغ۔
اَلْخُمَّانُ۔ مثلثۃ الخاء: ادنی درجہ کے لوگ۔ گھٹیا سامان۔ ناکارہ درخت۔
اَلْمِخَمَّۃُ۔ جھاڑو۔
اَلْخَمِیْمُ۔ تازہ دودھ۔ تعریف کیا ہوا۔ شست قلبٌ مَخْمُومٌ: حسد وکینہ سے پاک صاف دل
اَلْخَمِیْتُ۔ موٹا۔
خَمِجَ (س) خَمَجًا۔ بیماری یا تھکن کی وجہ

سے سُست ہونا۔ —اللحمُ: بدبودار ہونا۔ — دیرًا و خُلُقُہٗ: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔ — فلانًا: برائی سے ذکر کرنا۔

خَمْخَمَ۔ گنگنانا۔

الخُمْخُم۔ ایک سمندری چھوٹا جانور۔

الخِمْخِم۔ ایک قسم کی کانٹے دار گھاس۔

خَمَدَتْ (ن) و خَمِدَتْ (س) خَمْدًا و خُمُودًا۔ النارُ: آگ باقی رہتے ہوئے لپٹ کا ختم ہو جانا۔ — الحُمّٰی: بخار کی تیزی کا کم ہونا — المریضُ: بیہوشی طاری ہونا۔ مرنا۔

أَخْمَدَ۔ الرجلُ: بے حرکت ہونا۔ خاموش ہونا — الفاسدَ: مار ڈالنا یا ذلیل کرنا — النارَ — لپٹ کو بجھانا۔

المَخْمُود۔ آگ بجھنے کے لیے دبانے کی جگہ۔

خَمَرَہٗ (ن ض) خَمْرًا۔ چھپانا — الشہادةَ: پوشیدہ کرنا — الرجلَ: شراب پلانا — العجینَ: خمیر ڈالنا — فلانًا: شرم کرنا۔

خَمِرَ (س) خَمَرًا۔ عنہ: پوشیدہ ہونا چھپنا۔ — عنہ الخبرُ: پوشیدہ رہنا — الشیءُ: سابقہ حالات سے بدل جانا۔

خَمَّرَ۔ العجینَ: خمیر ڈالنا — وجہَہٗ: ڈھانپ لینا — بیتَہٗ: گھر میں چھپے رہنا۔

خَامَرَ مُخَامَرَةً۔ بیع میں دھوکا دینا۔ — القلبَ: داخل ہونا — الشیءُ الآخرَ: باہم ملنا — ہ الداءُ: بیماری کا اندر تک اثر کرنا — بیتَہٗ: گھر میں چھپے رہنا — بہ: چھپنا

أَخْمَرَ۔ چھپنا — لہٗ: کینہ رکھنا — الشیءَ: چھپانا۔ غافل کرنا — العجینَ: خمیر ڈالنا — الامرَ: پوشیدہ کرنا — الارضُ: زمین میں گھنی جھاڑی بہت ہونا — ہ الشیءَ: تحفہ دینا۔

تَخَمَّرَتْ و اِخْتَمَرَتْ۔ المرأةُ: اوڑھنی ڈالنا و اختمر العجینُ: خمیر ہو جانا یا اختمر العصیرُ: شراب بن جانا۔

الخَمْرُ و الخَمْرَةُ۔ انگوری شراب ہر نشیلی چیز

الخِمْرُ۔ کینہ۔

الخَمَرُ۔ لوگوں کی جماعت و بھیڑ گھنی جھاڑی تم کہتے ہو "تَوَارَی الصیدُ عنی فی خَمَرِ الوادی" شکار مجھ سے وادی کی گھنی جھاڑی میں چھپ گیا۔

الخَمِرُ۔ وہ جگہ جہاں گھنی جھاڑی زیادہ ہو۔

رجلٌ خَمِرٌ: وہ شخص جس کو نشہ کا خمار لاحق ہو۔

الخُمَار۔ شراب کی وجہ سے درد سر — والخُمَار و الخُمْرَةُ: لوگوں کی کثرت و بھیڑ۔

الخِمَار۔ اوڑھنی۔ دوپٹہ۔ پردہ۔ ج أَخْمِرَةٌ و خُمُرٌ و خُمْرٌ۔ کہا جاتا ہے "ما شَمِلَکَ خِمَرُکَ؟" یعنی کیا چیز تجھ کو لاحق ہوئی جس نے تجھ کو تیری حالت سے بدل دیا۔

الخَمِیرُ و الخَمِیرَةُ۔ خمیر۔ الخمیرُ: خمیری روٹی

الخُمْرَةُ۔ خمیر کرنے کا برتن۔ شراب کی تلچھٹ شراب کی تکلیف و دوران سر۔ کھجور کی چھوٹی چٹائی۔ خُمْرَةُ اللبنِ: وہ چیز جس کو دودھ میں ڈالنے سے جلدی جم جائے۔ ج الخُمَرُ — و الخَمَرَةُ و الخَمْرَةُ: بو جو تمہیں پہنچے۔

الخَمْرِیُّ۔ من الالوان: سیاہ جو سرخی مائل ہو

الخَمَّار۔ شراب فروش و الخَمَّارَةُ: شراب بیچنے کی جگہ۔

الخِمِّیرُ و المُسْتَخْمِرُ۔ بہت شراب پینے والا

المَخْمُور۔ شراب کی وجہ سے مست

الیَخْمُور۔ سمندری گھونگا۔

خَمَسَ (ن ض) خَمْسًا۔ القومَ: پانچواں ہونا۔ قوم کے مال کا پانچواں حصہ لینا — للمالَ: پانچواں حصہ لینا — الحبلَ: پانچ لڑیوں سے بٹنا۔

خَمَّسَ۔ الشیءَ: پانچ رکن والا بنانا اور اسی سے شعراء کے نزدیک تخمیس ہے جس کے معنی کسی شعر میں تین مصرعے بڑھا کر پانچ مصرعوں کا کر دینا ہے۔

أَخْمَسَ۔ القومُ: پانچ ہونا۔

الخُمُسُ و الخُمْسُ۔ پانچواں حصہ ج أَخْمَاس۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ" یعنی اس نے مکر و فریب میں کوشش کی۔

خُمَاس و مَخْمَس۔ پانچ پانچ (یہ خمسہ خمسہ سے معدول ہیں) کہا جاتا ہے "جاءوا خُمَاسَ و مَخْمَسَ" وہ پانچ پانچ آئے۔ یہ مذکر و مونث دونوں کے لیے مستعمل ہیں اور غیر منصرف ہیں۔

الخُمَاسِیّ۔ پانچ حرفوں والا کہا جاتا ہے "جاریةٌ خُمَاسِیَّةٌ" پنجسالہ لڑکی۔

الخَمْسَة۔ پانچ۔ مونث کے لیے خمس۔

خَمْسُون۔ پچاس۔

الخَمِیس۔ و یومُ الخمیس: جمعرات۔ ج أَخْمِسَة و أَخْمِسَاء۔ الخمیسُ: لشکر، اس لیے کہ اس میں پانچ جماعتیں میمنہ۔ میسرہ۔ قلب۔ ساقہ۔ مقدمۃ الجیش ہوتی ہیں۔ رمحٌ خَمِیسٌ و مَخْمُوسٌ: پانچ گز کا نیزہ۔

المُخَمَّس۔ پانچ ارکان والا۔ بھاری بوجھ اُٹھانے کے لیے لوہے کا ایک آلہ۔

خَمَشَ (ن ض) خَمْشًا و خُمُوشًا۔ الوجہَ: خراش لگانا۔ تھپڑ مارنا۔

خَمَّشَہٗ۔ زیادہ خراش لگانا

الخَمْش۔ مص۔ خراش ج خُمُوش۔

الخَامِشَة۔ چھوٹی نالی۔ ج خَوَامِش۔

الخُمَاشَة۔ خفیف زخم۔ ایسا زخم جس پر بدلہ مقرر نہ ہو ج خُمَاشَات۔ یا وہ زخم جو پوری دیت واجب ہونے سے کم درجہ کا ہو جیسے ہاتھ، کان، ناک وغیرہ کاٹنا۔

الخُمُوش۔ مچھر۔

خَمَصَ (ن) خَمْصًا و خُمُوصًا و اِنْخَمَصَ۔ الجرحُ: ورم کا جاتا رہنا۔

خَمَّصَہٗ تَخْمِیصًا و خُمُوصًا و تَخْمِصَةً الجوعُ: دُبلے پیٹ والا کر دینا — و خَمِصَ (س) خَمَصًا، خَمُصَ (ک) خَمَاصَةً و خُمُوصًا و مَخْمَصَةً: البطنُ: پیٹ کا خالی ہونا۔ دُبلا ہونا۔

تَخَامَصَ۔ اللیلُ: صبح کے قریب رات کی تاریکی کا کم ہونا — عنہ: یکسو ہونا۔

المَخْمَصَة۔ بھوک۔

خَمَطَ (ن) خَمْطًا وخُمُوطًا وخَمِطَ (س)
خَمَطًا۔ الحَمْلُ واللحمُ: اچھی بو کا ہونا۔ بو میں
تغیر پیدا ہو جانا۔ صفت (خَامِط وخَمِط)
خَمِطَ الرجلُ: تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا۔ (خَمَطَ
(ض) خَمْطًا) اللحمَ: بھوننا۔ صفت مفعولی خَمِيط)
خَمَطَ (ن ض) خَمْطًا۔ اللبنَ: دودھ کو
برتن میں ڈالنا
تَخَمَّطَ۔ تکبر کرنا۔ غضبناک ہونا ۔۔۔
البحرُ: موج مارنا ۔۔۔ الفحلُ: بڑبڑانا۔
الخَمْط ۔۔۔ ہر کھٹی یا کڑوی چیز۔ ہر درخت
کا تھوڑا پھل۔ بیر بے کانٹے والا درخت۔ پیلو
کا پھل۔ ایک قسم کی سانپ کی چھتری۔
الخَمَطَة والخَمْطَة من اللبن:
دودھ کی بو۔
الخَمِيط۔ بکری کا بچہ کھال اتار کر بھونا
ہوا۔ اور اگر بال اتار کر بھونیں تو اس کو
سمیط کہتے ہیں۔
الخَمَّاط۔ بھوننے والا۔
خَمَعَ (ن) خَمْعًا وخُمُوعًا وخُمَعَانًا۔
الضبعُ: لنگڑاتے ہوئے چلنا۔
الخَامِعَة۔ بجو۔ ج خَوَامِع۔
الخُمَاع۔ لنگڑاہٹ۔
الخِمْع۔ بھیڑیا۔ چور۔ ج أخْمَاع۔
الخَيْمَع والخَمُوع۔ بدکار عورت۔
خَمَلَ (ن) خُمُولًا۔ ذكرهُ وصوتهُ: پوشیدہ
وکمزور ہونا (خَمَلَ (ن) خَمْلًا) البُسْرَ: نرم ہونے
کے لیے گھڑے وغیرہ میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے
"خَمَلَهُ اللہ" اللہ اس کو ہلاکت میں ڈال
دے
خَمِلَ۔ جوڑوں کی بیماری والا ہونا
أخْمَلَهُ۔ گمنام و بے قدر کرنا۔ أخْمَلَتِ
الأرضُ: بہت گھنے درختوں والی ہونا۔
أخْمَلَ القطيفةَ: روئیں دار بنانا۔
إخْتَمَلَتِ الماشيةُ: جانوروں کا
اچھی گھاس والی زمین میں چرنا۔

الخَامِلُ۔ فا ۔۔۔ من الرجال: گمنام و بے
قدر۔ ج خَمَل۔
الخَمْل۔ کپڑے کا رواں (۔۔۔ والخَمَالَة و
الخَمِيلَة) شترمرغ کے پر
الخَمْلَة۔ چادر۔ روئیں دار کپڑا۔
الخُمْلَة۔ راز۔ اندرونی کیفیتیں ج خُمَلات
الخُمَال۔ جوڑوں کا درد (۔۔۔ والخَمَالُ
والخِمْل والخُمْل) خالص دوست
الخَمِيل۔ روئیں دار کپڑے۔ نرم خوراک
گہرا بادل۔ واحد خَمِيلَة
الخَمِيلَة۔ چادر۔ بہت گھنا درخت۔
بہت درختوں والی پست زمین۔ ج خَمَائِل
المُخْمَل۔ روئیں دار کپڑا
خَمَنَ (ن ض) خَمْنًا وخَمَّنَ۔ الشيءَ:
تخمینہ کرنا۔ قیمت لگانا۔ اندازہ کرنا۔
الخَامِنُ۔ گمنام و بے قدر۔
الخَمَن۔ بدبو۔
الخَمَّان۔ کمزور نیزہ۔ گھٹیا درجہ کا آدمی
کہا جاتا ہے "هم خَمَّان الناس" وہ گھٹیا درجہ
کے لوگ ہیں۔
الخَمَّانَة۔ کمزور نیزہ کا چھڑ۔
خَنَّ (ض) خَنِينًا۔ ناک میں رونا یا بولنا یا
ہنسنا۔ صفت (أخَنّ)
خَنَّ (ن) خَنًّا۔ المالَ: لینا ۔۔۔
القومَ: قوم کے حریم میں داخل ہونا۔
أخَنَّه۔ عقل چھین لینا۔ صفت (مَخْنُون)
قیاس کے مطابق (مُخَنّ) ہونا چاہیے۔
اسْتَخَنَّ۔ البئرُ: بدبودار ہونا۔
الخِنّ۔ خالی کشتی۔
الخَنَّة۔ گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔
الخَنَان۔ آسودگی۔ آرام۔
الخُنَان والخِنَان۔ اونٹوں کا زکام۔
ناک کی ایک بیماری۔ پرندوں کے گلے کی
ایک بیماری۔
المِخَنّ۔ لمبا مرد

المَخَنَّة۔ گنگناہٹ۔ ناک کی آواز۔ ناک
گھر کا درمیانی صحن۔ واضح راستہ۔ راستہ
میں داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کی تنگ
جگہ۔ کہا جاتا ہے "فلان مَخَنَّة لفلان"
فلاں چیز فلاں کے کھانے کی ہے۔
خَنَأَ (ف) خَنْأً۔ الجذعَ: کاٹنا۔
خَنِبَ (س) خَنَبًا۔ زکام والا ہونا۔
لنگڑا ہونا۔ ہلاک ہونا۔ کمزور ہونا۔
أخْنَبَ۔ إخْتَنَبَ۔ ہلاک ہونا۔ أخْنَبَهُ
ہلاک کرنا۔ کمزور کرنا۔
تَخَنَّبَ۔ تکبر کرنا اور ناک کے دونوں نتھنے
بلند کرنا۔
الخَنَب۔ ایک قسم کی بیماری جو ناک میں
ہوتی ہے۔
الخِنْب۔ زانو کا باطنی حصہ۔ پسلیوں یا
انگلیوں کے درمیان کی کشادگی۔ ج أخْنَاب۔
الخَنَاب۔ لمبا۔ بے وقوف
الخَنَابَة۔ پرانشان۔ برائی۔
الخَنَابَة والخِنَابَة۔ تکبر۔ غرور
الخِنَابَتَان والخُنَابَتَان۔ ناک کے نتھنے
خَنِثَ (س) خَنَثًا۔ الرجلُ: ہیجڑا ہونا۔
صفت (خَنِث)
خَنَثَ (ض) خَنْثًا۔ ٹھٹھا کرنا ۔۔۔ السقاءَ:
مشکیزہ کے سرے کو پھاڑ کر باہر کی طرف موڑ دینا
خَنَّثَهُ۔ موڑنا۔ نرم کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔
أخْنَثَ۔ دوہرا ہونا۔ لچکنا۔
تَخَنَّثَ وانْخَنَثَ۔ ہیجڑا ہونا۔
خَنَاثِ۔ مونث کے لیے وصف ہے اور
صرف ندا ہی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے
کہا جاتا ہے "یا خَنَاثِ" یعنی اے لچکنے والی۔
خِنَاثُ۔ الثوب وأخْنَاثُه: کپڑے کی تہیں
کہا جاتا ہے "أُطْوِ الثوبَ على خِنَاثِه" کپڑے کو
اس کی تہ پر لپیٹو۔ واحد (خِنْث)
الخُنْث۔ لچک۔
الخُنْثَى۔ ہیجڑا۔ ج خَنَاثَى وخِنَاث۔

المخناث ۔ وہ شخص جس میں بہت زیادہ
لچک ہو کہا جاتا ہے ۔ رجلٌ مخناث وامرأۃ
مخناث ۔ ج مخانیث ۔
المخنث ۔ ہجڑا ۔ وہ شخص جس میں لچک ہو
الخنجر والخنجر ۔ بڑی چھری ۔ ج خناجر
خنخن خنخنۃ ۔ ناک میں بولنا ۔۔۔
فی کلامہ : گنگنانا ۔
الخندب ۔ بدخلق
الخندریس ۔ پرانی شراب ۔
الخندع ۔ خسیس ۔ لئیم ۔
الخندق ۔ کھائی ۔ ج خنادق و خندق
خندقۃ کھائی کھودنا ۔
تخندذ ۔ بے شرم دلیر ہونا ۔
الخنذید ۔ لمبا سخت ۔ پہاڑ کی بلند چوٹی
بلیغ شاعر ۔ بہادر سخی ۔ بگولہ ۔ بدزبان خصی
گھوڑا ۔ ج خناذید ۔
الخنذیان ۔ بدزبان ۔
الخنذع ۔ خسیس لئیم ۔
خنز (س) خنزًا و خنوزًا ۔ اللحم : بدبودار
ہونا ۔ صفت (خنز و خنز)
الخنزوان والخنزوانۃ ۔ تکبر غرور ۔
الخنزوان ۔ بندر ۔ نرسور ۔
الخنزیر ۔ سور ۔ ج خنازیر ۔ الخنازیر : گنٹھ
مالا ۔ خنزیر البحر : مچھلی کی ایک قسم ۔ خنزیر الہند
خرگوش کی مانند اس سے چھوٹا ایک جانور
جس کی کھال پر مختلف رنگ کے داغ ہوتے
ہیں ۔ خنزیرۃ البئر : کنوئیں کی چرخی جس پر
پانی نکالتے ہوئے رسی لپیٹتے ہیں ۔
الخنزرۃ ۔ موٹائی ۔ پتھروں کے توڑنے کی بڑی
کدال ۔
خنس (ن ض) خنسًا و خنوسًا و خناسًا
عنہ : پیچھے ہونا ۔ علیحدہ ہونا ۔ سکڑنا ۔ کہتے ہیں ۔
خنس الطریق عنا یعنی ہم راستہ سے گذر گئے
اور اس کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا ۔۔۔ بین أصحابہ :
چھپنا ۔

خنسہ (ن ض) خنسًا ۔ پیچھے کرنا ۔۔۔
ابہامہ : سمیٹنا ۔ کہا جاتا ہے "أشار بأربع و
خنس ابہامہ" اس نے چار انگلیوں سے اشارہ
کیا اور انگوٹھے کو سمیٹ لیا ۔۔۔ القول :
بری بات کہنا ۔۔۔ الشیٔ عنہ : چھپانا ۔۔۔
فلانًا بہ : غائب کر دینا چھپا دینا ۔ صفت
خانس ۔ ج خنس ۔
خنس (س) خنسًا ۔ ناک کا چپٹا ہونا
اور اس کے سرے کا اٹھا ہوا ہونا ۔ صفت
(أخنس) مونث خنساء ج خنس اسم الخنس
أخنسہ ۔ عنہ : روکنا ۔ پیچھے کرنا ۔ کہا جاتا
ہے " أخنست عنہ بعض حقہ " میں نے اس
کے کچھ حصہ کو روک لیا ۔۔۔ أو عار الطریق :
دشوار راستوں سے آگے بڑھ جانا ۔
تخنس ۔ بہ : غائب کر دینا ۔
انخنس ۔ عنہ : پیچھے ہونا ۔ سکڑنا ۔
الخنس ۔ ہرنیوں کے رہنے کی جگہ ہرنیاں
جنگلی گائے ۔
الخنس ۔ ستارے یا صرف سیارے ۔ یا ان میں سے
بعض چند سیارے جن کے نام یہ ہیں ۔ زحل
مشتری ۔ مریخ ۔ زہرہ ۔ عطارد ۔
الخنساء ۔ نیل گائے ۔ ایک مشہور شاعرہ
کا لقب ۔
الأخنس والخنوس ۔ شیر ۔ الأخنس : چچڑا
الخناس ۔ شیطان ۔
الخنیس ۔ ذہین حیلہ گر ۔
الخنسر ۔ لئیم ۔ کمینہ ۔
الخنسر والخنسری ۔ وہ شخص جو نقصان
کے موقع میں ہو ج خناسرۃ
الخناسیر ۔ مصیبتیں ۔
الخنشار ۔ ایک قسم کی نباتات
الخنوص ۔ مونث الخنوصۃ : سور کا بچہ ۔
ج خنانیص ۔
الخنصر والخنصر ۔ چھنگلیا ۔ ج خناصر کہا
جاتا ہے ۔ ہذا أمر تعقد علیہ الخناصر یعنی یہ ایسا معاملہ

ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے ۔
خنط (ض) خنطًا ۔ رنج و غم پہنچانا
خنطش ۔ تکبر و غرور کے ساتھ چلنا ۔
الخنطیر ۔ بہت بڑھیا جس کی پلکیں
لٹک آئی ہوں ۔
الخنطل ۔ بڑی مصیبت ۔ قطار ۔ ٹڈی دل
خنع (ن) خنوعًا ۔ لہ والیہ : انکساری و فروتنی
کرنا ۔۔۔ الی اللہ : بغیر عمل کے گڑگڑانا ۔۔۔
بفلان : بیوفائی کرنا ۔۔۔ الی الامر الدنی : مائل ہو
خنعہ ۔ کلہاڑی سے کاٹنا ۔
أخنعہ ۔ الحاجۃ لہ والیہ : ذلیل و پست کر دینا
الخنع ۔ ذلت
الخنعۃ ۔ عار ۔ تہمت ۔
الخانع والخنوع ۔ متہم ۔ بدکار ۔ بدگمانی
میں ڈالنے والا ۔ ج خنعۃ و خنع ۔
الخنعابۃ ۔ کمینہ
شعر (خنعب) لمبا بال ۔
الخنعبۃ ۔ چھوٹا گڑھا ۔ مونچھوں کے درمیان
کا گڑھا ۔
الخنعس ۔ بجو ۔
خنف (ض) خنافًا ۔ البعیر : دوڑنے میں
سر کو سوار کی طرف پھیرنا ۔ صفت (مذکر و مونث)
(خنوف) ج خنف ۔ (۔۔۔ خنوفًا) غضبناک
ہونا ۔۔۔ الرجل بانفہ : تکبر کرنا ۔ صفت (خانف)
۔۔۔ المرأۃ : سینہ پر دوہتڑ مارنا ۔
خنف (س) خنفًا ۔ صدرہ او ظہرہ : ایک
جانب دوسری کے مخالف پیٹھ یا سینہ والا ہونا
صفت (أخنف) ج خنف ۔
الخنف ۔ نشانات ۔
خنفس ۔ عن القوم : نفرت کرنا ۔ علیحدہ ہو جانا ۔
الخنفس والخنفس والخنفس و
الخنفساء والخنفساءۃ ۔ گبریلا ج خنافس
الخنافس ۔ شیر ۔
خنقہ (ن) خنقًا و خنقًا و خنقہ
تخنیقًا ۔ گلا گھونٹنا ۔ کہا جاتا ہے "خنقتہ العبرۃ :

یعنی اُسے روتے روتے پھندا لگ گیا۔ خَنَقَ
الانائَ: بھرنا۔ خَنَقَ اَسرابُ الجبلِ۔ پہاڑ کی
چوٹی کو قریب قریب چھپا لینا۔ خَنَقَ زیدٌ
الاربعینَ: قریب قریب ہونا۔

اِخْتَنَقَ۔ گلا گھٹنا۔

اِنْخَنَقَ۔ اپنا گلا گھونٹنا۔

اَلْخَنِق و الْخَنِیق۔ گلا گھونٹا ہوا۔

اَلْخُنَاق۔ ایک بیماری کا نام جس میں
سانس لینا مشکل ہوتا ہے۔

اَلْخُنَاقِیَّة۔ پرندوں اور گھوڑوں کے
حلق کی بیماری کا نام

اَلْخِنَاق۔ رسی وغیرہ جو گلا گھونٹنے کے کام
میں آئے۔ گردن۔ کہا جاتا ہے "اخذہ بخناقہ"
اس نے اس کی گردن پکڑ لی۔

اَلْخَانِق۔ فا۔ تنگ راستہ۔ گلی۔ خانِقُ
الذئبِ و خانِقُ النمرِ و خانِقُ الکلبِ: گھاسوں
کے نام۔

اَلْخَنَّاق۔ جس کی عادت گلا گھونٹنے کی ہو

اَلْمِخْنَقَة۔ گلوبند (ایک زیور) وہ چیز
جس سے گلا گھونٹا جائے۔ ج مَخَانِق و مَخَانِیق۔

اَلْمُخَنَّق مفع۔ گلا گھونٹنے میں رسی کی جگہ
گردن۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ مُخَنَّقُ الخصرِ" پتلی کمر
کا لڑکا۔

اَلْمُخْتَنَق۔ تنگ جگہ۔

اَلْمُخْتَنِق۔ گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی
رخساروں تک ہو

خَنَا (ن) خَنْوًا و خَنِیَ (س) خَنًی و اَخْنٰی
علیہ فی الکلام: بدزبانی کرنا ـــ اخنی الجرادُ:
بہت انڈے دینا ـــ المرعی: بہت گھاس
والی ہونا۔ اَخْنٰی علیہِ الدہرُ: طویل ہونا۔
ہلاک کرنا۔ ظلم کرنا۔ بیوفائی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے
اخنی بہ" اس نے اُسے چھوڑ دیا اور اس کے
ساتھ بدعہدی کی۔

اَلْخَنٰی۔ بدزبانی۔ خَنَی الدہر: مصیبتیں۔
واحد (خَنَاة)

خَابَ (ن) خَوْبًا۔ محتاج ہونا

اَلْخَوْبَة۔ بھوک۔ بغیر چارہ والی زمین۔
یا وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔

خَاتَ (ن) خَوْتًا و خَوَتَانًا۔ الرجلُ
عمر رسیدہ ہونا۔ عہد توڑنا۔ خلاف وعدگی کرنا
ـــ المالَ: کم کرنا (ـــ و اِنْخَاتَ و اِخْتَاتَ)
البازی علی الصیدِ: ٹوٹ پڑنا۔

خَاتَ (ن) خَوَاتًا۔ العقابُ: عقاب کے بازوؤں
میں سرسراہٹ ہونا۔

تَخَوَّتَ و اِخْتَاتَ۔ المالَ کم کرنا ـــ
الشیئَ: اچک لینا ـــ حدیثَ القومِ: سن کر
یاد رکھنا ـــ الشاةَ: فریب دے کر چرانا۔ کہا
جاتا ہے "ہم یختاتون اللیلَ" وہ رات میں ہرنی
کرتے ہیں۔

اَلْخَوَّات۔ دلیر مرد۔

خَوِثَ (س) خَوَثًا۔ البطنُ: ڈھیلا ہونا۔
کھانے سے بھرا ہوا ہونا۔ صفت (اَخْوَث)
مؤنث (خَوْثَاء)

اَخَاخَ اِخَاخَةً۔ العشبُ: پوشیدہ
ہونا۔ کم ہونا۔

اَلْخَوْخ۔ شفتالو۔ واحد (خَوْخَة)

اَلْخَوْخَة۔ روشندان۔ پھاٹک میں چھوٹا
دروازہ۔

اَلْخَوْخَاء و الْخَوْخَاة و الْخَوْخَاءَة
بیوقوف۔

خَوَّدَ۔ الرجلُ: تیز چلنا ـــ من الطعام
شیئًا: کچھ حاصل کرنا۔

تَخَوَّدَ۔ الغصنُ: جھکنا۔

اَلْخَوْد۔ نازک بدن۔ جوان عورت ج
خَوْدَات و خُوْد۔

خَاوَذَہٗ مُخَاوَذَةً۔ الی الشیئِ: ایک کا دوسرے
کے بعد آنا۔ کہا جاتا ہے " خاوذونا الی المنازِ"
یعنی ہم واپس آ رہے تھے اور وہ لوگ جا رہے
تھے۔ خاوذہٗ: بار بار زیارت کے لیے آنا۔
خاوذتہ الحمّی: غیر متعین وقت پر آنا۔ خاوذعنہٗ:
علیحدہ ہونا۔

تَخَاوَذَ۔ القومُ: باہم عہد و پیمان کرنا۔

تَخَوَّذَ۔ نگہبانی کرنا۔ تم کہتے ہو "تخوّذنا
بالزیارة" اس نے ہم سے بار بار ملاقات کی

اَلْخُوذَة۔ خود۔ ج خُوَذ۔

خُوذَانُ۔ الناس: لوگوں کے خادم

خِوَاذُ۔ الحمّی: غیر معین وقت میں بخار آنا

خَارَ (ن) خُوَارًا۔ البقرةُ: آواز کرنا۔
(ـــ خُؤُورًا و خَوِرَ (س) خَوَرًا) سست و
کمزور ہونا۔ ٹوٹنا ـــ قوّةُ المریض: کم ہونا۔

خَوَّرَ۔ کمزور ہونا۔ ڈھیلا ہونا ـــ الارضُ:
کثرت بارش کی وجہ سے نرم ہو جانا ـــ الرجلَ:
کمزوری کی طرف نسبت کرنا۔

اَخَارَہٗ۔ مائل کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا۔ تم کہتے ہو
"اَخَرْنَا الابلَ الی موضع کذا" ہم نے اونٹوں کو
فلاں مقام کی طرف پھیر دیا۔

تَخَاوَرَتْ۔ الثیرانُ: بیلوں کا باہم آواز
نکالنا۔

اِسْتِخَارَة۔ مہربانی چاہنا ـــ المنزلَ: صاف
کرنا۔

اَلْخَوْر مص۔ دو بلندیوں کے درمیان پست
زمین۔

اَلْخُوَار مص۔ گائے کی آواز۔ بکریوں ہرنوں
اور تیر کی آواز کے لیے بھی مستعمل ہے۔

اَلْخَوَّار۔ بزدل کمزور سست۔ فرسٌ خوّارُ
العِنَانِ: تابعدار تیز رفتار گھوڑا۔ الخوّار من
الزنادِ: چقماق۔

اَلْخُورِیّ۔ کاہن۔ ج خَوَارِنَة (دخیل)

اَلْخُورُس گرجا میں خادموں کے قیام
کی جگہ (جدید)

خَازَہٗ (ن) خَوْزًا۔ دشمنی کرنا۔

خَاسَتْ (ن) خَوْسًا۔ الجیفةُ: بدبودار ہونا
ـــ البضاعةُ: مندا ہونا ـــ خاسَ العہدَ و
بالعہدِ: بدعہدی کرنا ـــ بالوعد: خلاف وعدہ
کرنا ـــ بفلان: بیوفائی کرنا۔

خَوَّصَ۔ الشیَٔ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ ـــ الابلَ: ایک ایک کرکے پانی پر بھیجنا۔

خَاشَہٗ (ن) خَوْشًا۔ بالرمحِ: نیزہ مارنا۔ ـــ الشیَٔ: لینا ـــ الرجلُ: ہجوم میں داخل ہونا۔

خَوَّشَ وتَخَوَّشَ۔ الشیٔ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ وتَخَوَّشَ الرجل: موٹاپے کے بعد لاغر ہونا۔

الخَوْشُ۔ پہلو۔

الخَوْشَان۔ ایک قسم کی گھاس جس میں ترشی ہوتی ہے۔ واحد (خَوْشَانَۃ)

المُتَخَوِّشُ والمُتَخَاوِشُ۔ جھریدار دبلے پیٹ والا۔

خَوِصَ یَخْوَصُ خَوَصًا: دھنسی ہوئی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْوَصُ) مونث خَوْصَاءُ ج خُوصٌ ـــ الشاۃُ: تمام جسم میں سفیدی کے ساتھ ایک سفید اور ایک سیاہ آنکھ والی ہونا۔

خَوَّصَ۔ پہلے شرفا کا پھر کمینوں کا اکرام کرنا۔ ـــ التاجَ: سونے کے پتروں سے مزین کرنا۔ ـــ الشیبُ: بڑھاپا شروع ہونا۔ کہا جاتا ہے "خَوِّصْ مَا اَعْطَاکَ" یعنی جو کچھ وہ دے اس کو لیلو اگرچہ تھوڑا ہو۔

خَاوَصَ وتَخَاوَصَ۔ آنکھوں کو بھینچ کر تیز دیکھنا ـــ النجومُ: مائل بغروب ہونا۔ خاوصہ مخاوصۃ وخاوصہ البیعَ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَخْوَصَ۔ النخلُ: پتے والا ہونا۔

تَخَوَّصَ۔ الشیَٔ: تھوڑے ہونے کے باوجود لے لینا ـــ العطیۃَ: تھوڑا تھوڑا کرکے لینا۔

الخَوَّاصُ۔ کھجور کے پتوں کا بیچنے والا اور اس کے عمل کو (الخِیَاصۃ) کہتے ہیں۔

الخُوصُ۔ کھجور کے پتے۔ واحد (خُوصَۃ)

الخَوْصَاءُ۔ گرم ہوا جو آنکھوں کو چندھا کردے کہا جاتا ہے "خَرَجُوا فِی الظَّہِیرَۃِ الخَوْصَاءِ" وہ دوپہر کی سخت گرمی میں نکلے۔

خَاضَ (ن) خَوْضًا وخِیَاضًا۔ الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا ـــ الشرابَ: ملانا ـــ الغمراتِ: سختیوں میں کود پڑنا ـــ فی الحدیثِ: مشغول ہونا ـــ الجُودُ فی المَیدانِ: کلیلیں کرنا ـــ بالفرسِ: پانی پر لیجانا ـــ بالسیفِ: زخم میں تلوار ہلانا۔ کہا جاتا ہے "ہو یخوض الملایا" وہ اپنے آپ کو ہلاکتوں میں ڈالتا ہے۔ "وہو یخوض اللیلَ" وہ رات کو ہولناکیوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے گھس پڑتا ہے۔

خَوَّضَ۔ الماءَ: داخل ہونا۔ گھسنا۔

خَاوَضَ مُخَاوَضَۃً واَخَاضَ اِخَاضَۃً الفرسَ: پانی میں داخل کرنا۔ اَخَاضُوا الماءَ: جانوروں کو پانی میں ڈال دینا۔

تَخَوَّضَ۔ بتکلف گھسنا۔

اِخْتَاضَ۔ الماءَ: داخل ہونا گھسنا۔

تَخَاوَضَ القومُ فی الحدیثِ۔ باہم مشغول ہونا۔

الخَوْضَۃُ۔ خاض کا اسم مرۃ۔ موتی۔

الخَوَّاضُ۔ بہت گھسنے والا۔

المَخَاضَۃُ۔ پانی میں گھسنے کی جگہ ج مَخَاوِضُ ومَخَاضٌ ومَخَاضَات۔

تَخَوَّطَہٗ۔ وقتاً فوقتاً آنا۔

الخُوطُ۔ نرم ٹہنی یا ہر شاخ۔ ج خِیطَان۔

خَوَّعَ تَخْوِیعًا۔ منہ: کم کرنا۔ گھٹانا ـــ فلانًا بالضربِ: توڑ دینا۔ کمزور کردینا ـــ السیلُ الوادیَ: وادی کے دونوں پہلوؤں کو ڈھادینا ـــ دینَہ: ادا کرنا۔

تَخَوَّعَ۔ الشیَٔ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا ـــ کھکھا کر تھوکنا

الخُوعُ۔ وادی کا موڑ۔ ج اَخْوَاع۔

خَافَ (س) خَوْفًا وخِیفًا ومَخَافَۃً وخِیفَۃً وتَخَوَّفَ۔ گھبرانا۔ احتیاط کرنا۔ ڈرنا۔ کہا جاتا ہے۔ خافہٗ وخاف منہٗ وخاف علیہ۔ صفت (خَائِفٌ) ج خُوَّفٌ وخُیَّفٌ وخِیفٌ وخَائِفُونَ۔ وتَخَوَّفَ الحقَّ: حق کو مار لینا۔ وتَخَوَّفَ الشیَٔ: تھوڑا تھوڑا کم کرنا۔ تَخَوَّفَ علیہ شیئًا: خوف کھانا

خَوَّفَہٗ۔ ڈرانا ـــ الطریقَ: ایسا کردینا کہ لوگ ڈرنے لگیں۔

اَخَافَہٗ اِخَافَۃً۔ ڈرانا۔ اَخَافَ الطریقُ: گھبراہٹ میں ڈالنا

خَاوَفَہٗ۔ ڈرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے خاوفتہٗ فخفتہٗ اخوفہ "میں نے اس سے ڈرنے میں مقابلہ کیا تو میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ ڈرنے والا نکلا۔

الخَوَاف۔ شور۔

الخَافُ۔ بہت ڈرنے والا۔

الخَافَۃُ۔ چمڑے کا جبہ جس کو شہد نکالنے والا پہنتا ہے۔ جس کے ذریعہ سے پھلوں کو چنا جائے۔

الخِیفَۃُ۔ ڈرنے والے کی حالت ج خِیَف

المَخُوف۔ خوفناک۔ کہا جاتا ہے "طریقٌ مَخُوفٌ" خوفناک راستہ۔

خَوِقَ (س) خَوَقًا وانْخَاقَ وتَخَوَّقَ۔ کشادہ ہونا۔ صفت (اَخْوَق)۔ مونث خَوْقَاء ج خُوق۔

اَخَاقَ اِخَاقَۃً۔ مٹ میں جانا۔

خَوَّقَہٗ۔ کشادہ کرنا۔

تَخَوَّقَ۔ عنہ: دور ہونا۔

الخُوقُ۔ بالی کا حلقہ۔

الخَوَقُ۔ کشادگی۔ خارش۔

الاَخْوَقُ۔ خارش والا۔ کانا۔

مکان (مُنْخَاق) کشادہ جگہ۔

خَالَ یَخُولُ خَوْلًا وخِیَالَۃً المواشیَ: نگہبانی کرنا ـــ فلانٌ علی اہلہ: تدبیر امور کرنا انتظام کے لیے کافی ہونا۔

خَالَ یَخَالُ خَوَلًا۔ تنہائی کے بعد غلاموں والا ہونا۔

خَوَّلَہٗ۔ الشیَٔ: عطا کرنا بخشش کرنا۔ یا مالک بنانا۔

اَخْوَلَ واَخْوِلَ۔ ماموں والا ہونا۔

اَخَالَ۔ فیہ خالًا من الخیرِ واخالہٗ: فراست سے بھلائی معلوم کرنا۔

تَخَوَّلَ فیہ خالًا من الخیرِ وتَخَیَّلَ

تَخَوَّلَ و تَخَیَّلَ: بھلائی معلوم کرنا۔ تَخَوَّلَ فلاناً: ماموں بنانا ــــ فلاناً: نگہبانی کرنا۔
اِسْتَخْوَلَهُم۔ خادم بنانا۔ اِسْتَخْوَلَ اِسْتَخَالَ فیہم: ماموں بنانا۔
الخَوَل۔ خولی کی جمع۔ غلام۔ لونڈیاں۔ لفظ واحد ہی جمع کے لیے مستعمل ہے۔ اور کبھی واحد کے لیے (خائل) بولتے ہیں
الخال۔ ماموں۔ ج اَخْوَال و اَخْوِلَة و خُؤُول و خُوَل۔ و خُؤُولَة۔
الخالَة۔ ماں کی بہن۔ موسی۔ ج خالات۔ تم کہتے ہو "ہما ابنا خالة" یہ دونوں ایک دوسرے کے خالہ کے بیٹے ہیں۔ الخال: خیر کا نشان۔ فوج کا جھنڈا۔ چیز کا مالک۔ تم کہتے ہو "انا خال ہذا الفرس" میں اس گھوڑے کا مالک ہوں۔
الخَوَلِیّ۔ مال کا بہتر منتظم۔ ج خَوَل۔
الخائِل۔ فا۔ الخَوَل کا واحد۔ کہا جاتا ہے "ہو خائلُ مالٍ" وہ مال کا منتظم و نگہبان ہے اور کبھی بحذف ہمزہ سے "خال مالٍ" کہتے ہیں۔
الخَوْلَة۔ ہرنی۔
الاَخْوَل۔ وہ شخص جس کے بہت سے ماموں ہوں۔ رجلٌ (مُخْوَلٌ و مُخْوِلٌ و مُخَال) شریف ماموں والا۔
خَامَتْ (ن) خَوْماً۔ الارضُ: ناموافق آب وہوا والی ہونا۔
اَخَامَ اِخَامَةً۔ الفرسُ: تینوں ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔
الخام: روئی کا کپڑا۔ ج اَخْوَام
اَرضٌ (خَامَة) ناموافق آب وہوا والی زمین۔
خَانَ (ن) خَوْناً و خِیَانَةً و مَخَانَةً و خَانَةً۔ فی کذا: امانت میں خیانت کرنا۔ خانہ سیفُہ: اُچٹ جانا۔ خانہ الدہرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔ خانہ رِجلاہ: چلنے پر قادر نہ ہونا۔ خان الدلوَ الرشاءُ: ٹوٹ جانا ــــ العہدَ: توڑ دینا۔ کہا جاتا ہے۔
"خانَ العہدَ والامانةَ" یعنی اُس نے عہد یا امانت میں خیانت کی۔ صفت (خائن) ج خُوّان و خَانَة و خَوَنَة (ــــ خَوْناً) جسم میں کمزوری اور نظر میں ضعف ہونا۔
خَوَّنَهُ۔ خیانت کی نسبت کرنا۔
خَوَّنَهُ و خَوَّنَ مِنْهُ و تَخَوَّنَهُ۔ تھوڑا تھوڑا کرکے کم کرنا۔ تَخَوَّنَهُ و تَخَوَّنَهُ: نگہبانی کرنا۔ اور اسی سے ہے "کانت الحُمّیٰ تَتَخَوَّنُهُ" اس کو وقت پر بخار آتا ہے۔ تَخَوَّنَهُ الدہرُ: آسودگی کو سختی سے بدل دینا۔
اِخْتَانَهُ۔ خیانت کرنا ــــ المالَ: چُرانا
اِسْتَخَانَهُ۔ خیانت کرنے کا ارادہ کرنا۔
الخان۔ دوکان۔ سرائے۔ ج خانات۔ (دخیل) اور خان ترکوں کے بادشاہ کا لقب ہے۔
الخائِنَة۔ الخائن کا مونث۔ الخائنة: بہت خیانت کرنے والا۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔ جیسے 'راویة' بہت روایت کرنیوالا۔
الخِوَان و الخُوَان۔ دسترخوان عوام اس کو سفرہ کہتے ہیں۔ ج اَخْوِنَة و خُوُن۔
الخَؤُون و الخَوَّان۔ بہت خیانت کرنیوالا
الخَوَّانَة۔ بہت خیانت کرنیوالا۔ تا مبالغہ کے لیے ہے۔ دیر۔
خَوَتِ الدارُ (ن) خَوْتاً۔ گرجانا ــــ النجومُ: بغیر بارش ہوئے غروب ہونا۔
الخَوُّ۔ بھوک۔ کشادہ وادی (ــــ والخَوُّ) شہد۔
الخَوَّة۔ کشادہ زمین۔
خَوَیٰ (ض) خَوَاءً۔ البیتُ: گرنا۔ خالی ہونا ــــ رأسُہ: بکثرت نکسیر سے خون سے خالی ہونا (ــــ خَوًی و خَوَاءً) بھوکا ہونا ــــ الزندُ: آگ نہ دینا (ــــ خَیّاً) النجومُ: بے بارش کے ہونا مائل بغروب ہونا (ــــ خَوًی و خَوَایَةً) الشیءَ: اچک لینا۔
خَوِیَ (س) خَیّاً و خُوِیّاً و خَوَایَةً۔ المکانُ: خالی ہونا۔
خَوَّیٰ تَخْوِیَةً۔ البعیرُ: بیٹھنے میں پیٹ کو زمین سے اونچا رکھنا ــــ الطائرُ: اڑنے میں بازو لٹکانا۔
اَخْوَیٰ اِخْوَاءً۔ الزندُ: آگ نہ دینا ــــ النجومُ: بے بارش کے ہونا ــــ الرجلُ: بھوکا ہونا ــــ ما عند فلان: سب کچھ لے لینا ــــ و خَوَّتْنا الماشیةُ: بہت موٹا ہونا۔
اِخْتَوَیٰ اِخْتِوَاءً۔ بے عقل ہونا ــــ البلدَ: عبور کرنا ــــ ما عند فلان: سب کچھ لے لینا ــــ الفرسَ: اگلی پچھلی ٹانگوں کے درمیان نیزہ مارنا۔
الاَخْوَیٰ عقل و ہوش رفتہ۔ مونث خَیّاء و خَوْیَاء۔
الخَوَیٰ و الخَوَاء کھانے سے پیٹ کا خالی ہونا۔ دو چیزوں کے درمیان کا خلاء۔ خواء الفرس: گھوڑے کے اگلے پچھلے پیروں کے درمیان کا فاصلہ
الخَوِیّ۔ خالی پیٹ والا۔
الخَوِیّ۔ نرم و پست زمین۔
خَابَ (ض) خَیْبَةً و تَخَیُّباً۔ محروم ہونا ناامید ہونا۔ کہا جاتا ہے "خاب سعیُہ" یعنی وہ ناکامیاب ہوا۔
خَیَّبَهُ و اَخَابَهُ محروم کرنا۔
قدح (خَیَّاب) آگ نہ دینے والا چقماق۔
المَخْیَبَة۔ باعث محرومی۔
خَاتَ (ض) خَیْتاً و خُیُوتاً۔ آواز کرنا۔
خَارَ (ض) خَیْراً۔ صاحب خیر ہونا۔ اللہ لک فی الامر: بہتری کرنا۔
خَارَ (ض) خِیَرَةً و خِیْرَةً و خِیَراً و خَیْراً۔ الشیءَ علی غیرہ: فضیلت دینا۔ خارہ: انتخاب کرنا۔ اور اسی سے ہے "اللہم خِرْ لی" اے اللہ میرے لیے دو امر میں سے بہتر کا انتخاب کر۔
خَیَّرَهُ و خَایَرَهُ۔ فی الامر و بین الامرین: پسند کرنے کے لیے اختیار دینا۔ و خایرہ فی العلم مخایرة: علم میں سابقت کرنا اور غالب رہنا۔

تَخَیَّرَہٗ واِخْتَارَہٗ۔ چن لینا۔ انتخاب کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

اِسْتَخَارَ اِسْتِخَارَۃً۔ طلب خیر کرنا۔ ــــ اللہَ: طلب خیر کی دعا کرنا۔

الخَیْرُ۔ ج خُیُوْر: بھلائی نیکی کسی چیز کا اپنے کمال کو پہنچنا۔ مال ــــ ج اَخْیَار و خِیَار: بہت نیکی والا۔ اور خیر اسم تفضیل کا صیغہ اخیر کا مخفف ہے۔ اور اس کی مونث خیرۃ ہے۔ کہا جاتا ہے "فلانۃ خیرۃ الناس وخیرہم"

الخِیْرُ۔ شرف۔ بزرگی۔ کرم۔ اصل ہیئت

الخَیِّرَۃ۔ بہت خیر والی ہر چیز سے بہتر۔ ج خیرات۔

الخِیَرَۃ والخِیْرَۃ۔ من الشی او القوم: افضل۔

الخِیَار۔ پسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "انت بالخیار" یعنی جو چاہو پسند کرو۔ خِیَارُ الشئ: چیزوں میں کا افضل۔ الخیار: ککڑی۔ واحد خیارۃ۔ خیار شنبر۔ املتاس۔

الخَیْرِیّ۔ ایک قسم کی پھولوں والی نبات

الخَیْرِیَّۃ۔ عمدگی۔ فضل۔ عثمانی سلطنت کا ایک پرانا سکہ۔

الخَیِّر۔ فیاض۔ مونث خَیِّرَۃ۔

الاَخْیَر۔ زیادہ اچھا۔ مونث خیری و خوری ج اخایر۔

الخِیْرَی والخُوْرَی والخِیْرَی۔ بہت زیادہ اچھا۔ کہا جاتا ہے "رجل خیری" یعنی بہت خیر والا۔

المُخْتَار۔ مفعو کہا جاتا ہے "انت بالمختار" یعنی تم جو چاہو پسند کرو۔

خَاسَ (ض) خَیْسًا۔ اللحم: بدبودار ہونا۔ ــــ البیع: سرد بازاری ہونا۔ مندا ہونا ــــ الرجل: جھوٹ بولنا۔ ذلیل ہونا ــــ الرجل او الدابۃ: مطیع کرنا۔

خَاسَ (ض) خَیْسًا و خَیَسَانًا۔ بالعھد: بدعہدی کرنا ــــ بالوعد: خلاف وعدگی کرنا۔

خَیَّسَہٗ۔ سدھانا۔ ذلیل کرنا کہا جاتا ہے "خیّس الجمل" یعنی اس نے اونٹ کو سوار ہو کر سدھایا۔ روکنا۔

الخَیْس۔ غم۔ گمراہی جھوٹ۔ خیر۔

الخِیْس۔ گنجان درخت۔ شیر کی جھاڑی ج اخیاس۔ دودھ۔

الخَیْسَۃ۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ ج خِیَس

المُخَیَّس والمُخَیِّس۔ جانور کو سدھانے کی جگہ۔ قید خانہ

خَاشَ (ض) خَیْشًا۔ مالی اوعار: نکالنا

الخَیْش۔ کتان کا کھردرا کپڑا ج خُیُوش واخیاش۔ واحد (خیشۃ) کمینہ آدمی۔

الخَیَّاش۔ کتان کا کھردرا کپڑا بیچنے والا

خَاصَ (ض) خَیْصًا۔ کم ہونا صفت (خائص)

خَیِصَ (س) خَیَصًا۔ ایک بڑی ایک چھوٹی آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَص) مونث (خَیْصَاء)

الخَیْص۔ تھوڑی چیز کہا جاتا ہے "نلت منہ خیصًا خائصًا" میں نے اس کو تھوڑی چیز حاصل کی۔

الخُیَیْصِیّ۔ تھوڑی چیز کہا جاتا ہے "فی المرعی خیصی من العشب" چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس ہے۔

الخَیْصَان۔ تھوڑا مال۔

خَاطَ (ض) خَیْطًا۔ الثوب: سینا صفت فاعلی (خائط وخاط وخیاط) اور صفت مفعولی (مخیط ومخیوط) ــــ الحیۃ: زمین پر رینگنا اور اسی سے ہے "ہذا مخیط الحیۃ" یہ سانپ کے رینگنے کی جگہ ہے۔ خاط الیہ خیطۃ: ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گذر جانا۔

خَیَّطَ۔ الشیب فی راسہ: بڑھاپا شروع ہونا

تَخَیَّطَ۔ راسہ بالشیب: بڑھاپا شروع ہونا

اِخْتَاطَ واِخْتَطَّ الیہ: ایک ہی دفعہ یا جلدی سے گذر جانا۔

الخَیْط۔ مع۔ دھاگا۔ ج خُیُوط و خُیُوطَۃ و اَخْیَاط ــــ من النعام: شتر مرغ کا ریوڑ ــــ من الجراد: ٹڈیوں کا دل۔ ج خیطان۔ الخیط الابیض: صبح کی سفیدی۔ الخیط الاسود: رات کی سیاہی۔ الخیط من الرقبۃ: حرام مغز کہا جاتا ہے "جاحش عن خیط رقبتہ" اس نے اپنے خون سے مدافعت کی۔ خیط باطل: ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا میں اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

الخَیْط والخَیْطٰی من النعام او الجراد: شتر مرغ کا ریوڑ۔ ٹڈیوں کا دل۔

الخِیَاطَۃ۔ درزی کا پیشہ۔

الخَیَّاط۔ درزی۔

الخِیَاط والمِخْیَط۔ سوئی۔

خَیِفَ (س) خَیَفًا۔ ایک نیلگوں اور ایک سرمگیں آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْیَف) مونث خیفاء ج خِیْف۔

خَیَّفَ۔ عن القتال: روگردانی کرنا۔ ــــ القوم: کسی جگہ میں اترنا۔ خیّفت المرأۃ باولادہا: اخیافی بھائیوں کی ماں ہونا

تَخَیَّفَ۔ الوانا: مختلف رنگوں والا ہونا

الخَیْف۔ دامن کوہ میں ہر بلند و پست زمین۔ پانی بہنے کی جگہ سے بلند جگہ۔ تھن کی کھال۔

الخِیْفَۃ۔ چھری۔ شیر کی جھاڑی۔

الخَیْفَاء۔ کشادہ کھنوں والی ج خیفاوات و خیف۔

الاَخْیَاف۔ مختلف لوگ۔ کہا جاتا ہے "ہم اخوۃ اخیاف او بنو اخیاف" یعنی ان کی ماں ایک ہے اور باپ مختلف ہیں۔

الخَیْفَان۔ لوگوں کی کثرت۔ مختلف رنگوں والی ٹڈی۔ ایک قسم کی پہاڑی گھاس۔ واحد (خیفانۃ)

خَالَ یَخَالُ خَیلاً وخِیلاً وخَالاً وخَیلَۃً وخِیلَۃً وخَیلاناً وخَیلُولَۃً ومَخِیلَۃً ومَخَالَۃً۔ الشَّیءَ: خیال کرنا۔ گمان کرنا۔ اور واحد متکلم مضارع کا صیغہ اِخَالُ وأخَالُ۔ اور بکسر ہمزہ زیادہ فصیح ہے۔

خَیَّلَ تَخیِیلاً وتَخیِیلاً علیہ: تہمت لگانا۔ (خَیَّلَ تَخیِیلاً) السحابُ: گرجنا چمکنا اور برسنے کے لیے تیار ہونا ـــ فیہ الخیرَ: معلوم کرنا ـــ عن القوم: کمزور و بزدل ہونا۔

خُیِّلَ۔ الیہ ولہ انہ کذا: توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے۔

خَایَلَہٗ۔ فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ خایَلَتِ السماءُ: بارش کی اُمید دلانا۔

اَخْیَلَتِ۔ السماءُ: برسنے کے لیے تیار ہونا ـــ الناقۃُ: تھنوں میں دودھ والی ہونا۔ (ـــ واَخَالَ) القومُ: ایسے بادل کو دیکھنا جس کے متعلق خیال ہو کہ برسیگا۔ (اَخْیَلَ و اِخْتَالَ) المکانُ بالنباتِ: ہرا بھرا ہونا۔ اَخَالَ علیہ الشیءُ: دشوار و مشتبہ ہونا۔

تَخَیَّلَتِ۔ السحابۃُ: بارش کی علامتیں معلوم ہونا ـــ الرجلُ: تکبر کرنا ـــ لہ انہ کذا: توہم ہونا کہ وہ ایسا ہے ـــ فیہ الخیرَ: معلوم کرنا ـــ ہ: فراست سے معلوم کرنا ـــ علیہ: پسند کرنا اور فراست سے خیر معلوم کرنا۔

تَخَایَلَ تَخَایُلاً واِخْتَالَ اِخْتِیَالاً۔ تکبر کرنا اور اکڑ کر چلنا۔

اِسْتَخَالَ۔ السَّحَابَۃَ: برستا ہوا خیال کرنا

اَلخَالُ۔ مـ۔ بادل جس سے بارش ضروری ہو۔ بے بارش کا بادل۔ بجلی۔ غرور۔ بڑا پہاڑ جھنڈا۔ نرم کپڑا۔ سخی و فیاض آدمی۔ مغرور۔ گمان و توہم۔ بے بیوی والا۔ کمزور دل یا کمزور جسم والا۔ چھوٹا ٹیلہ۔ گھوڑے کی لگام۔ کفن بدن کا تل۔ ج خِیلَان۔

اَلخَالَۃُ۔ مغرور عورت۔

اَلخَیلُ۔ مـ۔ گھوڑوں کا گروہ۔ ج خُیُول و اَخْیَال۔ اور مجازاً خیل کا اطلاق سواروں پر بھی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اتی بِخَیلِہٖ ورَجِلِہٖ" وہ اپنے سوار اور پیادوں کے ساتھ آیا۔

اَلحِلتِیتُ۔ ہینگ۔

اَلخَیلَانُ۔ ایک دریائی جانور ہے جس کا نصف حصہ انسان جیسا اور نصف حصہ مچھلی کا سا ہوتا ہے۔

اَلخَیَالُ۔ گمان و وہم۔ ج اَخْیِلَۃ (ـــ و الخَیَالَۃ) وہ صورت جو خواب میں نظر آئے انسانی شکل۔ ڈراوا۔ یعنی وہ چیز جس کو کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں، چوپائے اور پرندے اس کو انسان خیال کرتے ہیں۔

اَلخَائِلُ۔ مغرور۔ ج خَالَۃ۔

اَلمُخَیِّلَۃُ والخَیَالِیَّۃُ۔ قوت خیالیہ۔

الاَخْیَلُ۔ مونث خَیلَاءُ۔ ج خِیل واَخَایِل و(المَخِیل والمَخیُول) بدن میں تل والا۔ الاَخْیَلُ: ایک منحوس پرندہ کا نام۔

الاُخَایِلُ۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اُخَایِلٌ"

اَلخَیَّالُ۔ شہسوار۔ گھوڑے والا۔ ج خَیَّالَۃ

اَلخُیَلَاءُ والخِیَلَاءُ والخَیلَۃُ۔ تکبر غرور السحابۃ (المَخِیلَۃ والمَخِیلَۃ والمُخَیِّلُ والمُخَیِّلَۃ) بادل جس کے برسنے کی اُمید ہو۔ المُخَیِّلُ: تیر سے ڈرانے والا۔ کلامٌ مُخَیِّلٌ: دشوار کلام۔

المَخَایِلُ۔ من السحب: بارش سے ڈرانے والے بادل۔ اور اسی سے ہے "ظَہَرَتْ فیہ مَخَایِلُ النَّجَابَۃِ" اس کے اندر شرافت کی علامتیں ظاہر ہوئیں۔

ارض (مُتَخَیِّلَۃ و مُتَخَایِلَۃ)

خَامَ یَخِیمُ خَیماً وخَیَمَاناً وخُیُوماً وخُیُومَۃً وخِیَاماً وخَیمُومَۃً۔ اقامت کرنا ـــ عنہ: بزدل ہونا۔ روگردانی کرنا ـــ القومُ فی القتال: جنگ میں کامیاب نہ ہونا ـــ رِجلَہٗ: پاؤں اٹھانا۔

خَیَّمَ۔ خیمہ لگانا۔ خیمہ میں اقامت کرنا ـــ بالمکان: اقامت کرنا۔ خَیَّمَتِ الکرمۃُ: خیمہ کی مانند ہونا۔ خَیَّمَتِ البقرُ: اپنے تھان پکڑے رہنا ـــ الریحَ فی الثوب: کپڑے میں خوشبو کو بسانا۔

اَخَامَ اِخَامَۃً واَخْیَمَ اِخْیَاماً۔ الخیمۃَ: نصب کرنا ـــ الفرسُ: تین ٹانگوں پکھڑا ہونا۔

تَخَیَّمَ۔ المکانَ وبالمکان وفیہ: جگہ میں اپنا خیمہ نصب کرنا۔ تَخَیَّمَتِ الریحُ الطیبۃُ بالثوب وفیہ: بھڑک اٹھنا۔

اَلخِیمُ۔ طبیعت۔ خصلت۔ تلوار کا جوہر۔

اَلخَامُ۔ ہر وہ چیز جس میں ابھی ہاتھ نہ لگا ہو۔ جیسے ہیرا جو ابھی صاف نہ کیا گیا ہو پتھر جو تراشا نہ گیا ہو۔ چمڑا جس کی دباغت نہ ہوئی ہو کپڑا جو ابھی دھویا نہ گیا ہو۔ دعوئی کا بنایا ہوا۔ ج اَخوَام۔ الخَام: مولی۔

اَلخَامَۃُ۔ تروتازہ گھاس۔ ج خَام و خَامَات۔

اَلخَیمَۃُ۔ ڈیرہ۔ ہر وہ مکان جو اینٹ پتھر مٹی وغیرہ سے نہ بنا ہو۔ ج خِیَم وخِیَام وخَیمَات وخِیَم۔ الخِیَام: ہودے۔

اَلخَیَّامُ۔ خیمہ میں رہنے والا (ـــ الخَیمِیّ) خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

اَلمُخَیَّمُ۔ وہ جگہ جہاں خیمے نصب ہوں۔

د

دَأَبَ (ف) دَأْبًا و دَأَبًا و دُؤُوبًا فی العمل: لگاتار جانفشانی سے کرنا۔ صفت (دَائِبٌ و دَؤُوبٌ)۔ (دَأْبًا و دَأَبًا) الدابۃَ: تیز ہانکنا۔
—— ہ: دھتکارنا۔
أَدْأَبَ إِدْآبًا۔ تھکانا۔ لگاتار کوشش کرنے کا حاجتمند بنانا۔
الدَّأْبُ والدَّأَبُ ج۔ عادت۔ حالت
الدَّائِبَانِ۔ رات دن۔
الدَّئِبُ۔ تھکا ماندہ۔
دَأَثَ (ف) دَأْثًا۔ بوجھل ہونا ——
الثوبُ: میلا ہونا —— الثوبَ: میلا کرنا۔
—— الطعامَ: کھانا۔
الدِّئْثُ۔ سخت کمینہ۔
الدَّأْثَاءُ۔ باندی لونڈی۔ ج دِآث
اِبْنُ دَأْثَاءَ: بیوقوف
دَأْدَأَ دَأْدَأَةً و دِئْدَاءً۔ تیز دوڑنا۔
—— فی اثرہ: کھوج لگانے کے لیے پیچھے جانا
—— الشیءَ: ڈھانپنا۔ حرکت دینا۔ ٹھہرانا۔
—— القومُ: باہم ہجوم کرنا
تَدَأْدَأَ۔ ہلنا۔ ٹھہرنا —— فی مَشْیِہٖ: لڑکھڑانا
—— عن فرسہ: گرنا۔
الدَّأْدَأُ والدَّأْدَاءُ والدَّأْدَأَۃُ و الدَّأْدَاءَۃُ من اللیالی: سخت تاریک رات ج الدَّآدِئ۔
الدُّؤْدُؤُ۔ مہینے کا آخر۔ بقول بعض پچیسویں، چھبیسویں ستائیسویں رات اور بقول اٹھائیسویں انتیسویں رات۔ ج دَآدِئ
الدارصینی۔ دارچینی۔
دَئِصَ (س) دَأْصًا۔ اترانا۔ —— البعیرُ: موٹا و پرگوشت ہونا
الدَّأْصُ۔ موٹاپا۔
دَأَظَ (ف) دَأْظًا۔ الاناءَ: بھرنا —— الرجلَ: باوجود شکم سیری کے کھانے پر مجبور کرنا۔ غصہ دلانا گلا گھونٹنا —— القِرْبَۃَ: دبا کر نچوڑنا۔
دَأَظَ (ف) دَأْظًا۔ موٹا ہونا۔
دَأَلَ (ف) دَأْلًا و دَأَلَانًا و دَأَلَی۔ سست چلنا۔ (—— لہ دَأْلًا و دَأَلَانًا) فریب دینا۔
دَاءَلَہٗ مُدَاءَلَۃً۔ دھوکا دینا۔ تیز چلنے میں مقابلہ کرنا۔
دُؤَالَۃُ۔ لومڑی کے لیے علم جنس ہے۔
الدَّأْلُ والدَّئِلُ والدُّؤَلُ والدَّأَلَانُ گیدڑ۔ بھیڑیا۔ نیولے کی مانند ایک جانور۔
الدُّؤْلُولُ۔ مصیبت۔ ج دَآلِیل۔ کہا جاتا ہے۔ وقع القومُ فی دُؤْلُول" لوگ مصیبت میں پڑ گئے۔
دَأَمَ (ف) دَأْمًا۔ الحائطَ: سہارا دینا۔
—— الرجلَ: کود کر سوار ہونا۔
تَدَاءَمَہٗ۔ الماءُ: ڈھانپ لینا۔ تَدَاءَمَتِ السماءُ: لگاتار برسنا۔
تَدَاءَمَتْ۔ علیہ الهمومُ او الامورُ: ہجوم کرنا۔
الدَّأْمُ ج۔ ہر وہ چیز جو تمہیں چھپا لے۔
الدَّأْمَاءُ۔ سمندر۔
دَأَی یَدْأَیُ أَوْ دَیَلُ أَیْ دَأْوًا و دَأْیًا۔
الذئبُ للصید: دھوکے سے شکار کرنا۔
الدَّأْیُ سینے کی پسلیوں کے ملنے کی جگہ۔ ج دَأَیَات۔
(اِبْنُ دَایَۃَ) کوا۔
الدَّایَۃُ۔ دائی جنائی۔ ج دَایَات۔
دَبَّ (ض) دَبًّا و دَبِیبًا۔ رینگنا۔ ہاتھوں یا پیروں کے بل چلنا۔ کہتے ہیں" ہو اکذبُ من دَبَّ و دَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے —— السُّقْمُ فی الجسمِ او البِلی فی الثوبِ: بیماری کا جسم میں او کہنگی کا کپڑے میں سرایت کرنا اثر کرنا —— الجدولُ: نہر کا جاری ہونا۔ اور کہا جاتا ہے" دَبَّتْ عقاربُہٗ" اس نے تفرقہ اندازی کے لیے چغلخوری کی۔ دَبَّ الشیخُ: آہستہ چلنا
أَدَبَّ۔ الصبیَّ: ہاتھ پیروں پر چلانا ——
الی ارضہ جَدْوَلًا: نہر جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَدَبَّ البلادَ" اس نے ملک کو عدل و انصاف سے بھر دیا۔ "ہو یُدِبُّ علینا عقاربَہٗ و یحرش علینا اَکَارِبَہٗ" یعنی وہ ہم سے دشمنی کرتا ہے اور تکلیف پہنچاتا ہے۔
الدُّبُّ۔ ریچھ۔ ج اَدْبَاب و دِبَبَۃ۔ مونث دُبَّۃ۔ الدُّبُّ الاکبر و الدُّبُّ الاصغر: بنات النعش کے ستاروں کا مجموعہ۔ کہا جاتا ہے۔ "رکب دُبَّ فلانٍ او دُبَّۃَ فلانٍ" اس نے فلاں کا طریقہ اختیار کر لیا۔
الدَّبَّۃُ۔ تیل وغیرہ کا برتن۔ بطخ کی شکل کا شیشہ کا برتن۔ بہت ریتلی جگہ۔ ج دِبَاب۔
منہ کا رواں۔ ج دَبّ۔ کہا جاتا ہے "لیس فی الدار دُبِّیٌّ او دِبِّیٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں اس کا استعمال صرف نفی کی صورت میں ہوتا ہے،
الدَّبَبُ۔ رواں۔ بال کی کثرت۔ گائے کا نومولود بچھڑا۔
الدَّبَّابُ۔ تیز رینگنے والا۔ ناتوانی کو آہستہ چلنے والا۔ مونث دَبَّابَۃ۔
الدَّبَّابَۃُ۔ ایک آلہ کا نام جس کو محاصرہ میں استعمال کیا کرتے تھے اور اس کے جوف میں داخل ہو کر قلعہ کی دیوار کی جڑ میں پہنچ جاتے تھے اور جوف میں رہتے ہوئے نقب لگاتے تھے ج دَبَّابَات۔ الدَّبَّابَۃ: ٹینک یعنی مسلح جنگی موٹر۔
الدَّبِیبُ ج۔ رینگنے والا۔ چھوٹا کیڑا جو پانی میں کھیلتا رہتا ہے۔
الدَّبُوبُ والدَّیْبُوبُ۔ موذی چغلخور۔ گھرا غار۔ ہر موٹی تازی چیز۔

الدَّابَّۃ۔ الداب کا مونث۔ ہر رینگنے والا جانور سواری کا جانور۔ بوجھ لادنے کا جانور۔ مذکر و مونث دونوں کے لیے مستعمل ہے اور اس میں تا وحدت کی ہے۔ ج دواب۔ تصغیر (الدُّوَیْبَّۃ)

الدُّبَّاء۔ کدو۔ واحد (دُبَّاءَۃ)

الدَّبَب۔ رُواں۔ بالوں کی کثرت۔

الاَدَبّ۔ بہت بالوں والا۔ بہت رُوئیں والا مونث دَبَّاء۔ بہت بالوں والا اونٹ۔

المَدَبّ۔ جاری ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَدَبُّ السیل" سیلاب بہنے کی جگہ۔ "مَدَبُّ النمل" چیونٹیوں کے چلنے کی قطار۔

ارض (مَدَبَّۃ) بہت ریچھوں والی زمین۔

دَبَأَ (ف) دَبْأً۔ لاٹھی سے مارنا ۔۔۔ الشَّیْءَ: ساکن ہونا۔

دَبَّأَہ۔ و دَبَّأَ علیہ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

دَبَجَہ (ن) دَبْجًا و دَبَّجَہ۔ نقش کرنا مزین کرنا۔ خوبصورت بنانا ۔۔۔ الطَّیْلَسَانَ: ریشمی کپڑا لگا کر مزین کرنا۔

الدِّیْبَاج۔ ریشمی کپڑا۔ ج دَبَابِیج و دَیَابِیج۔ واحد (دِیْبَاجَۃ) و (الدِّیْبَاجَۃ) چہرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَصُوْنُ دِیْبَاجَتَہٗ" فلاں اپنی آبرو کی حفاظت کرتا ہے۔ "فلان یَبْذُلُ دِیْبَاجَتَہٗ" فلاں اپنی آبرو ریزی کرتا ہے۔ دِیْبَاجَۃُ الکِتَابِ: کتاب کا دیباچہ۔ الدِّیْبَاجَتَانِ۔ دونوں رخسار دِیْبَاجَۃُ الوَجْہِ: چہرہ کی رونق۔ الدِّیْبَاجُ: جوان دوشیزہ۔

الدَّبَّاج۔ ریشمی کپڑے کا بیچنے والا۔

المُدَبَّج۔ ریشمی کپڑے سے مزین کیا ہوا۔ بدشکل۔ ایک بدشکل آبی پرندہ۔ الو۔

دَبَّحَ۔ سر جھکانا اور پیٹھ جھکانا۔ ذلیل ہونا ۔۔۔ فی بیتہ: گھر میں بیٹھے رہنا۔

دَبَّخَ۔ بمعنی دَبَّحَ۔

دَبْدَبَ دَبْدَبَۃً۔ الحافر علی الارض: ٹاپ سے آواز نکلنا۔

الدَّبْدَاب۔ ڈھول طبل۔ ج دَبَادِیب

دَبَرَ (ن) دَبْرًا و دُبُوْرًا۔ النهار او الصیفُ: گزر جانا۔ ختم ہونا ۔۔۔ الرجلُ: مرنا۔ پشت پھیرنا۔ بوڑھا ہونا ۔۔۔ الریحُ: پچھوائی رُخ پر ہو جانا۔ (۔۔۔ دَبْرًا) السہمُ الہدفَ: نشانہ سے ہٹ جانا ۔۔۔ الکتابَ: نقل کرنا ۔۔۔ بالشیءِ: لے جانا ۔۔۔ ہ: پیچھے آنا ۔۔۔ الحدیثَ عن فلانٍ: کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا۔

دُبِرَ۔ پچھوائی ہوا لگنا۔

دَبِرَ (س) دَبَرًا۔ البعیرُ: کجاوہ وغیرہ سے زخمی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (دَبِر)

دَبَّرَ۔ الامرَ: غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ انتظام کرنا ۔۔۔ الحدیثَ: دوسرے سے روایت کرنا ۔۔۔ علی ہلاکہ: کسی کی ہلاکت کے لیے حیلہ اور کوشش کرنا۔

دَابَرَ مُدَابَرَۃً و دِبَارًا۔ مرنا ۔۔۔ ہ: دشمنی کرنا۔

اَدْبَرَ۔ البعیرُ: زخمی پیٹھ والا ہونا۔ اَدْبَرَہُ القتبُ: پیٹھ زخمی کرنا ۔۔۔ فلانٌ: مرنا۔ پچھوائی ہوا میں داخل ہونا ۔۔۔ عنہ: پیٹھ پھیرنا ۔۔۔ ہ: پیچھے کرنا۔ اَدْبَرَتِ الدنیا: اقبال کا ختم ہونا ۔۔۔ الامرُ: ختم ہونا ۔۔۔ الرجلُ: بدھ کے دن سفر کرنا

تَدَبَّرَ۔ الامرَ: انجام سوچنا۔

تَدَابَرَ۔ القومُ: باہم دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا اور قطع تعلقات کرنا۔

اِسْتَدْبَرَہ۔ پشت دینا۔ اختیار کرنا اور جستجو کرنا ۔۔۔ الامرَ: غیر متوقع طور پر نتیجہ کا سامنے آنا۔

الدَّبْر۔ مص۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا جھنڈ۔ واحد (دَبْرَۃ) ج اَدْبُر و دُبُور۔ بہت مال۔ موت۔ پہاڑ۔ سمندر میں جزیرہ کی مانند زمین کا ٹکڑا جس پر پانی چڑھتا ہو۔ کسی چیز کے پیچھے تم کہتے ہو "جعل کلامی دَبْرَ اُذُنِہٖ" اس نے میری بات سے غفلت کی اور متوجہ نہیں ہوا۔

الدِّبْر۔ بمعنی الدَّبْر۔ بہت مال۔ واحد ہی مفرد اور جمع دونوں کے لیے ہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ دِبْرٌ و اموالٌ دِبْرٌ"۔

الدُّبْر و الدُّبُر۔ من کل شیءٍ: پچھلا حصہ۔ ج اَدْبَار۔ دُبُرُ الصلاۃ: نماز کا آخر۔ کہا جاتا ہے "جاء دُبُرَ الشہرِ و فی دُبُرِہٖ و علی دُبُرِہٖ و اَدْبَارَ الشہرِ و فی اَدْبَارِہٖ" وہ مہینے کے آخر میں آیا۔ دُبُرُ البیتِ: گھر کا گوشہ۔

الدَّبْرَۃ۔ انجام۔ لڑائی میں شکست۔ قابل کاشت زمین۔ ج دِبَار۔

الدَّابِر۔ زخمی پیٹھ والا جانور۔

الدِّبْرَۃ۔ جہت پشت۔ کہا جاتا ہے "لیس لہذا الامرِ قِبْلَۃٌ ولا دِبْرَۃٌ" یعنی اس معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔

الدَّبَرَۃ۔ جانور کی پیٹھ کا زخم جو کجاوہ وغیرہ سے ہو جائے۔ ج دَبَر و اَدْبَار۔

الدَّبَار۔ ہلاکت۔

الدِّبَار۔ کھیتوں کی نالیاں۔ لڑائیاں۔ شکستیں۔

الدَّبُور۔ پچھوائی ہوا۔

الدَّبِیْر۔ من الرجل: پیچھے۔ کہا جاتا ہے "ہو لا یعرف قَبِیْلَہٗ من دَبِیْرِہٖ" وہ اپنے آگے پیچھے کو نہیں پہچانتا۔ زیادتی جہالت کے لیے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔ گناہ۔ کہا جاتا ہے "عرف قبیلہ من دبیرہ" اس نے طاعت معصیت میں تمیز کر لی۔

الدَّبُّوْر۔ شکل صورت۔ ج دَبَابِیر۔

الدَّبُّوْرَۃ۔ پتھروں کو ہموار کرنے کا اوزار فصیح لفظ الصاقور ہے۔

الدَّبَرَان۔ چاند کی ایک منزل کا نام جو برج ثور کے پانچ ستاروں پر مشتمل ہے۔

الدَّابِر۔ تابع۔ ہر چیز کا آخر۔ اصل۔ گزرا ہوا جیسے "امس الدابر" گزشتہ کل اور یہ تاکید کے لیے ہے جیسے راتہ لیلۃ بولتے ہیں۔ نشانہ پر نہ لگنے والا تیر۔ جوئے کے تیروں میں ناکامیاب تیر۔ کہا جاتا ہے۔ "ما بقی فی الکنانۃ غیر الدابر" ترکش میں سوائے دابر کے کچھ باقی نہیں رہا۔ اور کہتے ہیں "قطع اللہ دابرہم" اللہ ان کی جڑ

کو کاٹ دے۔
الدَّابِرَۃ۔ الدابر کا مونث۔ شکست۔ بد فالی۔ نحوست۔ انسان کی ایڑی کا پچھا۔ دابرۃُ الطیرِ: پرندے کے پاؤں کا خار۔ ج دَوابِر۔
الدَّبَرِیّ نماز جو آخر وقت میں ادا کی جائے
الدَّابِرِیّ۔ وقت ختم ہو جانے کے بعد آنے والا۔ "شر الرای الدَّبَرِیّ" یعنی وہ رائے بری ہے جو وقت گزر جانے کے بعد سمجھ میں آئے۔
"جاء دَبَرِیّاً" وہ آخر میں آیا۔
المُدَابِر۔ ناکام باب تیر والا۔
المُقَابَل والمُدَابَر۔ نجیب الطرفین۔ شریف ماں باپ والا۔
المَدْبُور۔ زخمی۔ بہت مال والا۔
دَبَسَ۔ الشیَ: چھپانا ــــ الشیُ: چھپنا ــــ العنبُ: میٹھا ہونا ــــ العصیرُ المغلی: گاڑھا ہو جانا ــــ الرجلُ العصیرَ: پکا کر گاڑھا کر دینا۔
اَدْبَسَت۔ الارضُ: اکھوا نکلنا۔
اِدْبَسَّ اِدْبِسَاساً۔ الفرسُ: سرخ سیاہ ہونا۔ صفت (اَدْبَس)
الدَّبْس۔ ہر کالی چیز۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "مال دَبْسٌ" بہت مال۔
الدِّبْس۔ پکایا ہوا گاڑھا شیرہ۔
الدَّبَّاس۔ شیرہ بنانے والا یا بیچنے والا
الدِّابِس۔ شہد کھجور کا شیرہ۔
الدُّبْسَۃ۔ سیاہی ملی ہوئی سرخی۔
الدَّبُّوس والدُّبُّوس۔ آہنی گرز۔ ج۔ دَبابیس۔
دَبَشَ (ن) دَبْشاً۔ الشیَ: چھلکا اتارنا ــــ الطعامَ: کھانا
الدَّبَش۔ گھر کا سامان۔ ردی سامان۔ مکان (مَدْبُوش) وہ جگہ جہاں کی پیداوار کو ٹڈیوں نے کھا لیا ہو۔
سَیل (دُباش)۔ ہر چیز کو بہا لیجانے والا سیلاب۔

دَبَغَ (ن ن ض) دَبْغاً و دِبَاغاً و دِبَاغَۃً۔ الجلدَ: کھال کو پکانا۔
اِنْدَبَغَ۔ کھال کا نرم ہونا اور اس سے رطوبت اور بدبو کا زائل ہونا۔
الدِّبْغ والدِّبْغَۃ والدِّبَاغ و الدِّبَاغَۃ۔ چمڑا پکانے کا مسالہ۔
جلدٌ (دَبِیغ) پکائی ہوئی کھال۔
الدِّبَاغَۃ۔ چمڑے کی پکائی کا پیشہ
الدَّبَّاغ۔ چمڑے کو پکانے والا۔
المَدْبَغَۃ و المَدْبُغَۃ۔ چمڑا پکانے کی جگہ۔ چمڑے جو پکانے کے لیے مسالہ میں ڈالے گئے ہوں۔
دَبَقَ (ض) دَبْقاً۔ الصائدُ الطیرَ: لاسہ سے شکار کرنا۔
دَبِقَ (س) دَبَقاً۔ بہ: چمٹنا۔
دَبَّقَہ۔ لاسہ سے شکار کرنا۔
اَدْبَقَہ۔ چپکانا۔
تَدَبَّقَ۔ الطیرُ: لاسہ سے شکار ہو جانا۔ ــــ الشیُ: لیسدار ہونا۔
الدِّبْق والدَّابُوق والدَّبُوقَاء۔ پرندوں کے شکار کرنے کا لاسہ۔
دَبَلَ (ن) دَبْلاً و دُبُولاً۔ الارضَ: کھاد ڈالنا ــــ الشیَ: درست کرنا۔
دَبَلَہ (ن ض) دَبْلاً۔ بالعصا: لگاتار لاٹھی سے مارنا۔ کہا جاتا ہے "دَبَلَتْہُ الدَّبُول" اس پر مصائب پڑے یا اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔
(ــــ و دَبَّلَ) اللقمہ: بڑا لقمہ لینا ــــ الشیَ: انگلیوں سے جمع کرنا۔
دَبِلَ (س) دَبَلاً۔ موٹا ہونا۔
الدَّبْل۔ مص۔ بلیک مصیبت۔ اولاد کی موت۔ نالا۔ ج دُبُول
الدُّبْلَۃ۔ بڑا لقمہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا کلہاڑی کا سوراخ۔ ج دُبَل و دُبَل۔
الدَّبْلَۃ والدُّبَیْلَۃ۔ مصیبت پیٹ کی ایک بیماری۔ پیٹ کا پھوڑا۔
الدُّبَال۔ کھاد۔
الدَّبُول۔ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔ ہلاکت و مصیبت۔
الدَّوْبَل۔ نر سور۔ چھوٹے قد کا گدھا۔
دُبِیَتْ۔ الارضُ: چھوٹی ٹڈیوں کا کھیتی کو کھا جانا۔ صفت (مَدْبِیَّۃ و مَدْبُوَّۃ)
اَدْبَت۔ الارضُ: بکثرت چھوٹی ٹڈیوں والی ہونا۔
الدَّبَیٰ۔ چھوٹی ٹڈی۔ چیونٹی۔ واحد (دَبَاۃ)
دَثَّ (ن) دَثّاً۔ الضَّبَّ بہ: کسی چیز سے شکار کرنا۔ دَثَّہ۔ تکلیف دہ مار مارنا۔ ہٹا دینا۔ پتھراؤ کرنا۔
دَثَّتْ (ن) دَثّاً۔ السماءُ: ہلکی بارش ہونا۔
الدَّثّ والدَّثَّۃ والدِّثَاث۔ ہلکی بارش۔
الدُّثَّۃ۔ معمولی زکام۔
الدَّثُوث۔ ہٹ جانے والا
الدُّثَّاث۔ گوپھن سے پرندوں کا شکار کرنے والے۔ واحد (دَاثّ)
دَثَرَ (ن) دُثُوراً۔ الرسمُ: مٹنے لگنا۔ صفت (داثِر) ج دواثِر ــــ السیفُ: زنگ آلود ہونا ــــ الشجرُ: پتے نکلنا ــــ الثوبُ: میلا ہونا ــــ الرجلُ: بڑھاپے کے آثار نمایاں ہونا۔
دَثَّرَہ: ہلاک کرنا۔ چادر سے ڈھانپنا۔ ــــ الطائرُ: گھونسلا بنانا۔
تَدَثَّرَ و اِدَّثَّرَ۔ بالثوب: اوڑھنا۔ صفت (مُتَدَثِّر و مُدَّثِّر) اس کی اصل مُتَدَثِّر ہے۔ تا کو دال میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ و تَدَثَّرَ فرسَہ: کود کر سوار ہونا۔
اِنْدَثَرَ۔ مٹنا۔ ناپید ہونا۔
اِدَّثَرَ۔ بہت مال جمع کرنا۔
تَدَاثَرَ۔ الرسمُ: مٹنے لگنا۔
الدَّاثِرَۃ۔ ہلاک ہونے والا۔
الدَّثْر۔ بہت۔ مالٌ دَثْرٌ: بہت مال۔ کہا

جاتا ہے "مالٌ دَثْرٌ و مالانِ دَثْرٌ و اموالٌ دَثْرٌ" اور کبھی
دُثُور جمع بولتے ہیں۔ رجل دَثْر: غافل مرد۔
ہو (دِثْرُ) مال: وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔
الدَّثْر۔ میل کچیل۔ اور کہا جاتا ہے "عَسْکَرٌ
دَثْرٌ" بہت فوج۔
الدِّثَار۔ بدن سے ملے ہوئے کپڑے کے
اوپر کا گرم کپڑا۔ سونے والا جس کپڑے کو اوڑھ
کر لیٹے۔
الدَّثُور والدِّثَارِیّ۔ کاہل سست گم
نام۔ بہت سونے والا۔
الأَدْثَر۔ غافل۔
دَثَطَ (ن)، دَثْطًا۔ القرحۃَ: نشتر لگا کر
مواد بہانا۔
دَثَعَ (ف)، دَثْعًا۔ سخت روندنا۔
الدَّثْع۔ نرم زمین۔
دَثَقَ (ن)، دَثْقًا۔ الماءَ: گرانا۔
الدَّثِیمَۃ۔ چوہا۔
دَثَّنَ تَدْثِینًا۔ الطائرُ: درخت میں
گھونسلا بنانا۔ پھدکنا۔
الدَّثِینَۃ۔ دفینہ۔
الدَّثِنَۃ۔ تھوڑا پانی۔
دَجَّ (ض)، دَجِیجًا و دَجَجَانًا۔ القومُ:
آہستہ چلنا۔ ——— البیتُ: چھت ٹپکنا۔ ———
(دجًّا) السترَ: لٹکانا۔
دَجَّجَہٗ۔ ہتھیار بند کرنا۔ دَجَّجَتِ السماءُ:
ابر آلود ہونا۔
تَدَجَّجَ۔ ہتھیار بند ہونا۔ اور کہا جاتا ہے
"تَدَجَّجَ فی شِکَّتِہٖ" وہ پوری طرح ہتھیار بند ہو گیا
الدَّاجّ۔ رفا (مثل لفظ الحاجّ کے مفرد و
جمع ہے) خادم اور بوجھ اٹھانے والوں کے لیے
استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے کہ وہ آہستہ چلتے
ہیں۔ ج داجُّون و داجّۃ۔
الدُّجَّۃ۔ سخت تاریکی۔
الدَّجاج (بتثلیث الدال والفتح اعلیٰ)
مرغی مرغ۔ (پالتو و جنگلی) الدجاجُ الہندی:

ایک بڑا پرندہ ہے جس کو ملک شام میں دجاج
حبش اور مصر میں دجاج رومی کہتے ہیں۔
واحد (دَجَاجَۃ) ج دُجُج۔ الدجاجۃ: دھاگے
کی انٹی۔ عیال۔
الدُّجُجُ۔ سخت تاریکی۔ سیاہ پہاڑ
الدَّجُوجِیّ والدَّیْجُوج۔ تاریک رات۔
ج دَیَاجِیج
الدَّجَاجِیّ۔ مرغیوں کا بیچنے والا۔ اسود
دُجَاجِیّ: سخت سیاہ۔
المُدَجَّج والمُدَجِّج۔ پوری طرح سے
ہتھیار بند۔ "دَجَّجَتِ السماءُ" سے ماخوذ ہے۔
اور تشبیہًا سیہی پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے۔
الدَّجَجَان۔ ماں کے پیچھے پیچھے پھرنے والا
شیر خوار بچہ۔ مونث دَجَجَانَۃ۔
الدَّجُوب۔ غلہ کی بوری جس کو عورتیں سفر
میں ساتھ رکھتی ہیں۔
دَجْدَجَ و تَدَجْدَجَ۔ اللیلُ: تاریک ہونا
دَجِرَ (س)، دَجَرًا۔ حیران ہونا۔ مدہوش
ہونا۔ صفت (دَجِرٌ و دَجْرَان) ج دَجْرَی، دَجَارَی
دَاجَرَ مُدَاجَرَۃً۔ بھاگنا۔
الدِّجْرَان۔ تھونی۔ وہ لکڑی جو بیل چڑھانے
کے لیے لگائی جائے۔ واحد (دِجْرَانَۃ)
الدُّجْر۔ ایک وہ چیز جس پر دھاردار لوہا
لگا ہوا ہوتا ہے اور اس میں سے بونے کے وقت
غلہ گراتے ہیں۔
الدُّجْر۔ بتثلیث الدال والکسر افصح والدُّجْر
لوبیا۔
الدَّیْجُور۔ تاریکی۔ خاکستری رنگ کی سیاہی
مائل مٹی۔ ج دَیَاجِیر و دَیَاجِر۔
دَجَلَ (ن)، دَجْلًا۔ جھوٹ بولنا ——— و
دَجَّلَ البعیرَ: اونٹ پر قطران ملنا ——— بالمکان:
ٹھہرنا، مقیم ہونا۔ و (دَجَّلَ) الشیءَ: ڈھانپنا۔
——— الاناءَ: سونے کے پانی سے ملمع کرنا۔ ———
الارضَ: گوبر ڈالنا۔
الدَّجَّال۔ گوبر۔

الدَّجَّال۔ بڑا جھوٹا۔ نام ایک شخص کا جو آخر
زمانہ میں ظاہر ہوگا۔ ج دَجَّالُون و دَجَاجِلَۃ
الدَّجَّال: سونے کا پانی۔
الدَّجَّالَۃ۔ ساتھیوں کا بڑا گروہ جو زمین پر
چھا جائے۔
الدُّجَیْل والدُّجَالَۃ۔ قطران (دیکھیے
لفظ القطران)
دِجْلَۃ۔ عراق کا مشہور دریا۔ لفظ کے لحاظ
سے مونث ہے اور نہر کی تاویل سے مذکر اور کبھی
اس پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے کہا جاتا ہے
"الدِّجلۃ"
دَجَمَ (ن)، دَجْمًا۔ اللیلُ: تاریک ہونا۔
دَجِمَ (س)، و دَجِمَ دَجَمًا۔ غمگین ہونا۔
الدَّجْم من الشیء: قسم
الدُّجْمَۃ۔ عشق کی بے تابیاں۔ کہا جاتا ہے
"اَخَذَتْہُ دُجَمُ العشق" اس کو عشق کی بے تابیوں
نے گھیر لیا۔
الدُّجْمَۃ۔ تاریکی ج دُجَم۔
الدُّجْمَۃ۔ کلمہ۔ کہا جاتا ہے "ماسمعت لہ
دُجْمَۃً" میں نے اس سے ایک کلمہ نہیں سنا۔
الدِّجْمَۃ۔ یار دوست ج دِجَم۔
غدیر (دَجْمٌ) لہریں مارنے والا تالاب
دَجَنَ (ن)، دَجْنًا و دُجُونًا۔ الیومُ: بادل
و بارش والا ہونا ——— اللیلُ سیاہ ہونا۔ صفت
(اَدْجَن) مونث (دَجْنَاء) ج دُجْن۔
دَجَنَ (ن)، دُجُونًا۔ بالمکان: اقامت کرنا۔
——— الحمامُ وغیرہ: پالتو ہونا۔ صفت (دَاجِن) مونث
(داجن و داجنۃ) ج دَوَاجِن۔ کہا جاتا ہے "دَجَنُوا
فی لُؤْمِہِم" کمینہ پن ان کی گھٹی میں پڑ گیا۔
اَدْجَنَ۔ القومُ: بارش میں داخل ہونا۔
——— السماءُ: لگاتار برسنا ——— المطرُ اوالحُمّٰی:
ہمیشہ رہنا ——— اللیلُ: تاریک ہونا۔
دَاجَنَہٗ مُدَاجَنَۃً۔ نمائشی رواداری برتنا
اِدْجَوْجَنَ۔ الیومُ: بارش والا ہونا
الدَّجْن۔ مص۔ بہت بارش۔ گھٹا ٹوپ بادل۔

ج دُجن ودِجان ودُجون واَدْجان ۔کہا جاتا ہے
"یومُ دَجْنٍ ویومٌ دَجْنٌ" بہت بارش کا دن ۔
علیٰ ہذا القیاس ۔لیلۃُ دجنٍ ولیلۃٌ دجنٌ ۔
الدُّجنۃ ۔تاریکی ج دُجَن ودُجُنات ۔و
الدُّجنۃ فی الوان الابل ۔بدترین سیاہی ۔
الدُّجُنَّۃ والدِّجِنَّۃ والدِّجَنَّۃ
تاریکی ۔بہت بارش والا گھٹاٹوپ بادل ۔ج
دُجُنّات ۔کہا جاتا ہے "یومٌ دُجُنّۃٌ ویومُ دُجُنّۃٍ"
بہت بارش کا دن وعلیٰ ہذا القیاس "لیلۃٌ
دُجُنّۃٌ ولیلۃُ دُجُنّۃٍ" تاریک رات ۔
الاَدْجن ۔تاریک
لیلۃ (ج دُجان) تاریک رات ۔
الدّاجنۃ والمُدْجِنۃ ۔من السحاب :
بہت بارش والا بادل ۔
دَجا (ن) دَجْوًا ودُجُوًّا ۔اللیلُ : تاریک
ہونا ۔صفت (داجٍ) ۔مونث داجیۃ ۔ ۔۔۔
الثوبُ : کشادہ ہونا ۔
داجیٰ مُداجاۃً ۔ہ : نمائشی رواداری برتنا
اَدْجیٰ اِدْجاءً وتَدَجّیٰ تَدَجِّیًا و
اِدْجَوْجیٰ اِدْجیجاءً ۔اللیلُ : تاریک
ہونا ۔اَدْجی البیتَ : پردہ لٹکانا ۔
الدُّجۃ ۔قمیص کا بٹن ، تین انگلیاں مع
لقمہ کے ۔ج دُجات ودُجیً ۔
الدُّجیۃ ۔تاریکی یا بادل کی تاریکی ۔
شکاری کے گھات کی جگہ ج دُجیً ۔
الدّاجی ۔فا ۔۔۔ من العیش : آسودگی ۔
آسودگی ۔نعمۃٌ داجیۃٌ : کامل نعمت ۔
لیلٌ اَدْجیٰ : تاریک رات ۔
الدَّیاجی ۔تاریکیاں ۔
دَحّ (ن) دَحًّا ۔الشیءَ فی الارض : چھپانا
۔۔۔ الطعامُ بطنَہ : شکم سیری سے تنگ آنا ۔
۔۔۔ الرجلَ : جلدی پکڑ کر دھکیلنا ۔۔۔ البیتَ
فی الثری : کشادہ کرنا ۔
اِنْدَحّ اِنْدِحاحًا ۔بطنُہ : کشادہ ہونا ۔
الدَّحْدَح والدَّحْدَحۃ والدَّحْداح
والدَّحْداحۃ والدُّحادِح و
الدُّحَیْدِحۃ ۔پستہ قد ۔
دَحَبَ (ف) دَحْبًا ۔دفع کرنا ۔۔۔
دَحْبًا ودُحابًا ۔الجاریۃَ : جماع کرنا ۔
الدُّحْبۃ ۔بکریوں کا گلہ
دَحَجَہ (ف) دَحْجًا ۔زمین پر گھسیٹنا ۔
دَحَجَ الجاریۃَ : جماع کرنا
دَحَرَہ (ف) دَحْرًا ودُحُورًا و
مَدْحَرۃً ۔دھتکارنا ۔دور کرنا ۔دفع کرنا
صفت فاعلی (داحر و دُحُور) وصفت مفعول
(مَدْحُور)
دَحْرَجہ لڑھکانا ۔
تَدَحْرَجَ ۔لڑھکنا ۔
الدُّحْرُوجۃ ۔گبریلا کی گولی جس کو لڑھکا
کر لیجاتا ہے ۔ج دَحارِیج ۔
الدَّحز ۔سخت ومضبوط ۔
دَحَسَ (ف) دَحْسًا ۔بین القوم :
فساد ڈالنا ۔۔۔ الشیءَ : بھرنا ۔۔۔ برجلہ :
کریدنا ۔۔۔ الجزارُ : کھال اتارنے کے لیے کھال
میں ہاتھ داخل کرنا ۔۔۔ الثوبَ فی الوعاء :
کپڑے کو برتن میں داخل کرنا ۔۔۔ بالشر : خفیہ
طریقہ سے شرانگیزی کرنا ۔
(۔۔۔ واَدْحَسَ) السنبلُ : دانوں سے بھرا
ہونا ۔
دَحِسَت (س) دَحَسًا ۔الاصبعُ : انگلی
کا سوجنا ۔صفت (مدحوس) اور انگلی کو مدحوس
کہتے ہیں ۔
الدِّحاس ۔من البیوت : آدمیوں سے بھرا
ہوا گھر ۔
الدَّحّاس والدُّحّاس ۔ایک زرد
رنگ کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے ۔ج
دَحّاسات ودَحاحِیس ۔
الدّاحِس والدّاحُوس ۔انگلی کا کنارے پر ورم
الدَّحِیس ۔ہر چیز کی کثیر مقدار
دَحَصَ (ف) دَحْصًا ۔المذبوحُ برجلہ :
ایڑیاں رگڑنا ۔۔۔ الرجلُ : جلدی کرنا ۔
دَحَضَ (ف) دَحْضًا ودُحُوضًا ۔
الحجۃَ : باطل کرنا ۔دَحَضَتِ الحجۃُ : باطل ہونا
۔۔۔ الشمسُ : ڈھلنا ۔
دَحَضَ (ف) دَحَضًا ۔مذبوح کی طرح
پاؤں پٹکنا ۔۔۔ رجلُہ : پھسلنا ۔۔۔ المطرُ
التلاعَ : پھسلن کی جگہ بنا دینا ۔۔۔ عن
الامر : تفتیش کرنا ۔
اَدْحَضَ ۔الرجلَ : پھسلانا ۔۔۔ الحجۃَ :
باطل کرنا ۔
اِنْدَحَضَ ۔البرہانُ : باطل ہونا ۔
الدَّحْضُ والدَّحَضُ ۔من الامکنۃ :
پھسلن کی جگہ ج دِحاض ۔
المَدْحَضۃ ۔پھسلانے والی جگہ ۔
دَحَقَہ (ف) دَحْقًا واَدْحَقَہ ۔دور
کرنا ۔دھتکارنا ۔
اِنْدَحَقَ ۔اپنی جگہ سے نکل پڑنا ۔
الدّاحِق ۔فا ۔بیوقوف ۔غضبناک ۔
الدَّحِیق ۔دور ۔دور رہنے کی جگہ
دَحِیقُ القومِ : قوم کا دھتکارا ہوا ۔
مُنْدَحِق ۔البطنِ : کشادہ پیٹ والا ۔
دَحْقَبہ ۔پیچھے سے تیز ہانکنا ۔
دَحَلَ (ف) دَحْلًا ۔بھاگ کر چھپنا ۔
دور ہونا ۔۔۔ البئرَ : کنوئیں کے ایک جانب
میں کھودنا ۔(۔۔۔ واَدْحَلَ) فی الدحل ۔کھوہ
میں داخل ہونا ۔
دَحِلَ (س) دَحَلًا ۔ڈھیلے پیٹ والا
ہونا ۔صفت (دَحِل)
داحَلَہ مُداحَلۃً ۔دھوکا دینا ۔
فریب کرنا ۔
الدَّحْل والدُّحْل ۔کھوہ ۔گڑھا جو اوپر
سے تنگ اور نیچے سے کشادہ ہو ۔ج دِحال
واَدْحال واَدْحُل ودُحول ودُحلان ۔
الدَّحْلۃ ۔کنواں
الدَّحِل ۔فریبی ۔دغاباز ۔موٹا پست قد

ڈھیلے پیٹ والا۔

الدِحَال۔ امتناع

البئرُ (الدحُول والدحلاء) اوپر سے تنگ نیچے سے چوڑا کنواں۔

الدَاحُول۔ وہ لکڑی جو ہرن کے شکار کرنے کے لیے کھڑی کی جائے۔ ج دَواحِیل۔ اور اس طریقہ سے شکار کرنے والے کو (الدحال) کہتے ہیں

دَحْنَطَ۔ اول فول بکنا۔

دَحْلَمَہٗ دَحْلَمَۃً۔ پہاڑ سے گرا دینا یا کنوئیں میں دھکیل دینا۔

دَحَمَہٗ (ف) دَحْمًا۔ زور سے دھکا دینا۔ دَحَمَ المَرأۃَ: جماع کرنا۔

الدِحْم۔ جڑ۔

الدَاحُوم۔ لومڑی کا جال۔

دَحْمَرَ۔ القربۃَ: مشک بھرنا۔

دَحْمَسَ۔ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا

الدَحْمَس والدُحْمُس۔ سیاہ۔ بہت سخت تاریک۔ کہا جاتا ہے "لیل دحمس" بہت تاریک رات۔ ج دَحامِس۔

الدُحَامِس۔ بہت زیادہ گندم گوں موٹا آدمی۔ بہادر۔

الدُحْمُوق۔ بڑے ڈیل ڈول کا بڑے پیٹ والا۔

دَحْمَلَ۔ بہ: زمین پر لڑھکانا۔

دَحِنَ (س) دَحَنًا۔ پست قد موٹا بڑے پیٹ والا ہونا۔

الدِحْنَۃ۔ بلند زمین۔

دَحَا یَدْحُو دَحْوًا۔ البطنُ: بڑا ہونا اور نیچے کو لٹکنا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "دحا المطر الحصیٰ عن وجہ الارض" بارش کنکریوں کو بہالے گئی۔

اِدْحَوَی اِدْحِوَاءً۔ پھیلنا۔

دَحَی یَدْحَی دَحْیًا۔ الشیءَ: پھیلانا۔

تَدَحَّی تَدَحِّیًا۔ الشیءُ: پھیلنا۔

اِنْدَحَی۔ البطنُ: کشادہ ہونا۔

الدِحْیَۃ۔ بندریا۔

الدِحْیَۃ۔ فوج کا سردار ج دِحَاء۔

الاُدْحِی والاِدْحِی والاُدْحُوۃ و الاُدْحِیَّۃ۔ ریت میں شترمرغ کے انڈے دینے کی جگہ۔

الدَخُّ والدُخُّ۔ دھواں۔

دَخْدَخَ۔ الرجلُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا۔ — عنہ الشیءَ: روکنا

تَدَخْدَخَ۔ الرجلُ: تکبر ہونا۔

دَخْدَرَ۔ القرطَ: سونے کا ملمع کرنا۔

دَخَرَ (ف) و دَخِرَ (س) دَخْرًا دُخُورًا ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔

اَدْخَرَہٗ۔ ذلیل کرنا۔

الدِخْرِص۔ دانا عقلمند۔ ماہر۔

الدِخْرِیص۔ کرتے کی کلی۔

دَخَسَ (ف) دَخْسًا۔ الشیءَ فی الرماد: چھپا دینا۔ دخس فیہ: داخل ہونا۔

دَخِسَ (س) دَخَسًا۔ الحافرُ: ورم والا ہونا صفت (دَخِس)

الدَخْس۔ جوان ریچھ۔ موٹا گٹھے بدن والا۔

الدَخَس۔ جانور کے کھر کا ورم۔

الدُخَس۔ ایک بحری جانور کا نام جس کو سوس کہتے ہیں۔

عَدَدٌ (دِخَاس) بہت۔ درعٌ دِخَاس: قریب قریب حلقوں والی زرہ۔

الدَخِیس۔ آپس میں الجھی ہوئی گھاس۔ بہت تعداد۔ کہا جاتا ہے "ہو دخیس اللحم" وہ پرگوشت ہے۔

کلأ (دَخِیسٌ) بہت اور الجھی ہوئی گھاس۔

الدَوَاخِس والدُخَس۔ دیگدان کے پائے

دَخِشَ (س) دَخْشًا۔ پرگوشت ہونا۔

دَخَصَت (ن) دُخُوصًا۔ الجاریۃُ: چربی والی ہونا۔ صفت (دُخُوص)

دَخَصَ (ف) دَخْصًا۔ الصبی او السبع: پاخانہ کرنا

دَخَلَ (ن) دُخُولًا ومَدْخَلًا۔ الدارَ: اندر آنا۔ داخل ہونا ــ بہ: اندر لانا۔ داخل کرنا۔ ــ علیہ: زیارت کرنا۔ ملاقات کرنا۔

دُخِلَ۔ فی عقلہ او جسدہ و (دَخِلَ (س) دَخَلًا) عقل یا جسم میں خرابی لاحق ہونا صفت (مدخول) علیہ ــ امر فلان: باطنی طور پر فاسد ہونا۔ (دخّلہ) داخل کرنا۔

دَاخَلَہٗ مُدَاخَلَۃً۔ العجبُ: خودپسندی آنا۔ داخلہ فی امورہ: دراندازی کرنا۔ دخل دینا۔

اَدْخَلَہٗ اِدْخَالًا و مُدْخَلًا۔ داخل کرنا

تَدَخَّلَ۔ داخل ہونا ــ الشیءُ: آہستہ آہستہ داخل ہونا

تَدَاخَلَہٗ۔ گھل مل جانا۔ الشیءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تداخلت الامور: مشتبہ و ملتبس ہونا

اِدَّخَلَ واِنْدَخَلَ۔ داخل ہونا۔

الدَخَل۔ م۔ آدمی۔ مرض۔ عیب۔ تہمت۔ دخل الرجل: نیت۔ مذہب۔ راز۔

الدَخَل۔ عقلی یا جسمانی خرابی۔ مکر۔ خاندانی عیب۔ وہ لوگ جو اپنے آپ کو کسی کی جانب منسوب کرتے ہوں اور فی الحقیقۃ ان میں سے نہ ہوں

دَخْلَۃُ الرجل و دِخْلَتُہ و دُخْلَتُہ۔ نیت۔ مذہب۔ راز۔ کہا جاتا ہے "ہو عفیف الدخلۃ" وہ پاک نیت ہے۔ الدِخلۃ: راز۔ اسی سے ہے "عرفتُ دِخلۃ امری" میں نے اس کے سامنے اپنا راز ظاہر کر دیا۔ الدِخلۃ: مختلف رنگوں کو ملا کر ایک رنگ بنانا۔

الدُخَّل۔ بڑے ڈیل اور گٹھے بدن والا۔ درخت کے جڑ کی گھاس۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج دَخَاخِیل (دُخَّل الرجل و دُخَیلاؤہ و دُخَیلاہ) نیت۔ راز۔

الدَاخِل۔ فا۔ اندر آنے والا۔ اندرونی۔

الدَاخِلَۃ۔ مونث۔ داخلۃ الارض: زمین کا نشیبی حصہ ــ الازار: ازار (تہ بند) کی اندرونی سطح ــ الانسان: نیت۔ مذہب۔ راز۔ ج دَوَاخِل۔

الدِّخَال - گھوڑے کا ایال - جوڑوں کا آپس میں داخل ہونا۔

الدَّخِیْل - غیر قوم میں داخل ہونے والا - ج دُخَلَاء - نیز وہ کلمہ جو عربی زبان میں داخل ہو گیا ہو کہا جاتا ہے "داءٌ دخیلٌ" اندرونی بیماری "ہو دَخِیْلُ فلانٍ" وہ فلاں کے ہر کام میں راز دار ہے دَخِیْلُ الرجلِ: نیت - مذہب - راز۔

الدَّخِیْلَۃ - مِنَ الشیءِ: چیز کا اندرونی حصہ - دَخِیْلَۃُ المرءِ: نیت - اندرونی خیال۔

المَدْخَل - داخل ہونا - داخل ہونے کی جگہ کہا جاتا ہے "ہو حَسَنُ المَدْخَلِ فِی اُمُوْرِہٖ" وہ اپنے امور کا بہترین منتظم ہے۔

المُدْخَل - بکم - لئیم کمینہ - غیر قوم میں داخل ہونے والا۔

المَدْخُوْل - وہ شخص جس کی عقل میں فتور ہو - لاغر - عیب دار - نَخْلَۃٌ مَدْخُوْلَۃٌ: درخت خرما جس کے اندر کا حصہ کھوکھلا ہو گیا ہو۔

رجل (مُتَدَاخِل) موٹا گٹھے ہوئے بدن کا مرد۔

الدُّخْلُل والدِّخْلِل راز دار۔

دُخْلُلُ الرجلِ: نیت - راز - امور میں مداخلت کرنے والا۔

الدِّخْلِل - چربی جو گوشت میں پیوست ہو

دَخَمَہٗ (ف) دَخْمًا - سختی سے ہٹانا - دخم الجاریۃَ: جماع کرنا

دَخْمَسَہٗ دَخْمَسَۃً - دھوکا دینا۔

دَخِنَ (س) دَخَنًا - الطعامُ واللحمُ وغیرہما: دھوئیں کی بو دینا - صفت (دَخِنٌ) — النارُ: دھواں اٹھنا — خلقہ: بداخلاق ہونا (— و دَخَنَ (ک) دُخْنَۃً) دھوئیں کے رنگ کا ہونا۔ صفت (اَدْخَن) مونث دَخْنَاء

دَخَنَتْ (ن ف) دَخْنًا و دُخُوْنًا و دَخَّنَتْ و اَدْخَنَتْ و ادَّخَنَتْ - النارُ: دھواں اٹھنا

اِدَّخَنَ النردُ: دانوں کا سخت ہونا۔

دَخَّنَ - الشیءَ: دھونی دینا۔

تَدَخَّنَ - دھوئیں کی بو دینا۔

الدُّخْن - کنگنی - چینا - باجرا۔

الدَّخَن - مص - دھواں - کینہ - فساد عقل - فتور دین کی کمزوری - حسب کا عیب - کہا جاتا ہے "لستُ اُصَالِحُہٗ عَلٰی دَخَنٍ" میں اس سے مکر و فساد کی صورت میں صلح نہیں کروں گا۔

الدُّخْنَۃ - دھندلا - خوشبو جس سے مکانوں کو دھونی دیتے ہیں - اَبُوْ دُخْنَۃَ: ایک قسم کا پرندہ

الدُّخَان والدُّخَّان - دھواں ج اَدْخِنَۃ و دَوَاخِن و دَوَاخِیْن - مولدین تمباکو و سگریٹ کو کہتے ہیں۔

الدَّاخِنَۃ - روشندان جس سے دھواں نکلے ج دَوَاخِن۔

الدَّخْنَان - وہ چیز جس پر دھواں چھا جائے مونث دَخْنَانَۃ۔

المَدْخَن - دھوئیں کی جگہ

المِدْخَنَۃ - عود سوز - انگیٹھی ج مَدَاخِن

المَدْخَنَۃ - دھواں نکلنے کی چمنی۔

الدَّخِیُّ - تاریکی۔

لَیْلَۃٌ (دَخْیَاءُ) تاریک رات۔

الدَّد - کھیل کود - اس کا لام کلمہ مثل "غد" کے واو محذوف ہے اور کبھی واو کو الف سے بدل کر (الددا) کہا جاتا ہے - کہا جاتا ہے "ما اَنَا من ددٍ ولا الددُ منی" نہ تو میں کھیل کود میں ہوں اور نہ یہ میرا کام ہے - الدَّد: وقت - کہا جاتا ہے "مضی ددٌ من الدہر" زمانہ کا ایک حصہ گزر گیا۔

الدَّدَن - کھیل کود۔

الدَّدَان - بے نفع آدمی - کند تلوار - بہت کاٹنے والی تلوار (ضد، الدَّیْدَن و الدَّیْدَان) عادت۔

الدَّیْدَب والدَّیْدَبَان - نگہبان - ہراول - راصد - جنگلی گدھا۔

الدَّیْدَبُوْن - کھیل کود۔

دَرَّ (ن ض) دَرًّا - الحلیبُ: دودھ زیادہ ہونا — الدنیا علی اہلہا: پیداوار زیادہ ہونا — الناقۃُ بلبنہا: بہت دودھ دینا کہا جاتا ہے "دَرَّتْ حَلُوْبَتُہٗ" وہ خوشحال ہو گیا — النباتُ: گتھ جانا (— دَرًّا و دُرُوْرًا) العرقُ: بہنا — السماءُ بالمطرِ: برسنا — السراجُ: روشن ہونا — السوقُ: بازار کا چل پڑنا۔ — العروقُ: خون سے بھرنا۔

دَرَّ (س ض) دَرًّا - وجہہٗ: بیماری کے بعد نکھر آنا۔

دَرَّ (ض) دَرِیْرًا - الفرسُ: تیز دوڑنا۔

اَدَرَّ - المغزلَ: مضبوط بٹنا — الشیءَ: حرکت دینا — علیہ الضربَ: لگاتار مارنا۔ — الریحُ السحابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا - کہا جاتا ہے "اَدَرَّ اللّٰہُ لک خلافَ الرزقِ" اللہ تعالیٰ تمہارے لیے رزق زیادہ کریں — الناقۃُ: بہت دودھ والی ہونا۔

اِسْتَدَرَّ - اللبنُ: زیادہ ہونا - استدرّہ: بہانا — الریحُ السحابَ: تھپیڑے مار کر برسنے کے قابل بنا دینا۔

الدَّرُّ - مص - دودھ - دودھ کی زیادتی خیر اور کہا جاتا ہے "لِلّٰہِ دَرُّہٗ" اس کی خوبی اللہ ہی کے لیے ہے - "لَا دَرَّ دَرُّہٗ" خدا کرے کہ وہ خوشحال نہ ہو۔

الدُّرّ - بڑے موتی - واحد (دُرَّۃ) ج دُرَر و دُرَّات۔

الدَّارّ - فا - دودھاری اونٹنی - ج دُرَّر و دُرُوْر و دَرَارّ -

الدِّرَّۃ - دودھ - دودھ کی زیادتی - دودھ کا بہنا - خون - کوڑا ج دِرَر - کہا جاتا ہے "مَرَّ عَلٰی دِرَّتِہٖ" وہ اپنے ارادہ پر چلتا رہا کوئی چیز اس کے لیے مانع نہیں۔

دَرَرُ - الطریقِ: راستہ کا درمیان - دَرَرُ الریحِ: ہوا چلنے کی سمت - کہا جاتا ہے "ہما علٰی دَرَرٍ واحدٍ" ان دونوں کا قصد ایک ہے۔

الدَّرَّارَۃ - تکلہ۔

الکوکبُ (الدُّرِّیُّ) بتثلیث الدال: روشن ستارہ - فرسٌ دِرِّیٌّ: تیز رفتار گھوڑا - دِرِّیُّ السیفِ:

دِرِّیُّ السَّیفِ: تلوار کی چمک۔

الدَّرُوْرُ۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

حربٌ دَرُوْرٌ: خونریز جنگ۔

الدِّرِّیْرُ۔ مع۔ روشن چراغ تیز رفتار جانور

التَّدِرَّۃُ۔ دودھ کی کثرت۔

المِدْرَارُ۔ بہت بہنے والا۔ کہا جاتا ہے "سماءٌ مدرارٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔ "عینٌ مدرارٌ" بہت آنسو بہانے والی آنکھ۔

دَرَأَہٗ (ف) دَرْأً و دَرْأَۃً۔ زور سے دھکا دینا ــــ الشیءَ: بچھانا ــــ السیلُ علیہ: تیزی کے ساتھ آنا۔ کہا جاتا ہے "دَرَأَ الرجلُ علینا" وہ ہمارے اوپر اچانک آگیا (ــــ دُرُوْءًا) البدرُ: چمکنا ــــ النارُ: روشن ہونا۔

دَارَأَہٗ مُدَارَأَۃً: ایک دوسرے کو دفع کرنا نرمی برتنا، مہربانی کرنا، فریب دینا۔

تَدَرَّأَ تَدَرُّءًا۔ الصیدَ: فریب دینے کے لیے چھپنا۔ و تَدَرَّأَ علیہ: دراز دستی کرنا۔

اِدَّرَأَ۔ الصیدَ وبالصیدِ: گھات لگانے کی جگہ بنانا۔

تَدَارَأَ تَدَارُءًا۔ القومُ: جھگڑے میں بات کو ایک دوسرے پر ڈالنا۔

اِنْدَرَأَ۔ السیلُ: تیزی کے ساتھ آنا ــــ الطریقُ: پھیل جانا ــــ فلانٌ علینا: اچانک آجانا۔

الدَّرْءُ۔ مص۔ نیزے کی چھڑ وغیرہ کی کجی۔ مخالفت۔ کہا جاتا ہے "قَوَّمْتُ دَرْءَہٗ" میں نے اس کی کجی کو درست کر دیا۔ "جاءَ السیلُ دَرْءًا" یعنی سیلاب تیزی سے اچانک طور پر آگیا۔

الدُّرِّیُّ والدِّرِّیُّ۔ روشن ستارہ

الدَّرَارِی۔ مجہول الاسم بڑے ستارے۔

الدَّرِیْئَۃُ۔ نشانہ ٹھیک کرنے کا گول دائرہ شکار کو دھوکا دینے کے لیے گھات لگانے کی جگہ۔

التَّدْرَأَۃُ والتَّدْرَأُ۔ ایسا شخص جو صاحب قوت و شوکت ہو اور دشمن کو ہٹانے والا ہو۔

المِدْرَأُ۔ ہٹانے کا ذریعہ۔

دَرِبَ (س) دَرَبًا و دُرْبَۃً۔ ماہر کاریگر ہونا ــــ بالشیءِ: عادی ہونا۔ شوقین ہونا صفت (دَرِبٌ و دَارِبٌ) مونث دَرِبَۃٌ و دَارِبَۃٌ۔

دَرَّبَہٗ۔ بالشیءِ وفیہ وعلیہ: عادی بنانا۔

تَدَرَّبَ۔ عادی بنا۔ دَرَّبَ الجُنْدِیُّ: شکست کے وقت مستقل رہنا۔

أَدْرَبَ بگل بجانا ــــ القومُ: دشمن کے ملک میں داخل ہونا۔

الدَّرْبُ۔ گلی کا کشادہ دروازہ۔ پھاٹک راستہ۔ ج دُرُوْب و دِرَاب۔

الدُّرْبَۃُ۔ مص۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری۔ کہا جاتا ہے "فی العفو دُرْبَۃٌ" معاف کرنا بہت بڑا کام ہے۔

الدَّرُوْبُ والدَّرَبُوْتُ۔ من الجمال والنوق: سدھایا ہوا۔

الدُّرَّابَۃُ۔ لڑائی اور ہر کام میں جرأت و دلیری

المُدَرَّبُ۔ مف۔ تجربہ کار۔ سرد و گرم چشیدہ ــــ من الابل: سدھایا ہوا گلیوں میں چلنے کا عادی اونٹ۔ المُدَرَّبُ: شیر۔

تَدَرْبَأَ الشیءُ: لڑھکنا۔

دَرْبَجَ دَرْبَجَۃً۔ سختی کے بعد نرم ہونا۔

الدُّرَابِجُ۔ ناز سے چلنے والا۔

دَرْبَحَ۔ خوف سے بھاگنا۔ پیٹھ جھکانا۔

تَدَرْبَسَ تَدَرْبُسًا۔ آگے بڑھنا۔

الدِّرْبَاسُ۔ شیر۔ پاگل کتا۔

دَرْبَصَ دَرْبَصَۃً۔ خوف سے خاموش رہنا۔

دَرْبَلَ دَرْبَلَۃً۔ ڈھول بجانا۔

الدِّرْبَانُ والدَّرْبَانُ۔ دروازہ کا محافظ ج دَرَابِنَۃ۔ فارسی کلمہ ہے۔

الدُّرْبُزِیْنُ والدَّرَابَزِیْنُ والدَّرَابَزُوْنُ۔ جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ۔

دَرَجَ (ن ض) دُرُوْجًا و دَرَجَانًا۔ الشیخُ او الصبیُّ: چلنا ــــ الرجلُ: سیڑھی پر چڑھنا ــــ القومُ: ختم ہو جانا مرجانا۔ کہتے ہیں "ہُوَ أَکْذَبُ مَنْ دَبَّ ودَرَجَ" وہ زندوں اور مردوں سے زیادہ جھوٹا ہے ــــ الرجلُ: بے اولاد مرنا ــــ البناءَ: اوپر تلے منزلیں بنانا (ــــ دَرْجًا و دَرَّجَ و أَدْرَجَ) الثوبَ او الکتابَ: لپیٹنا۔ تہ کرنا۔ دَرَّجَ البناءَ: سیڑھی بنانا۔ دَرَّجَہٗ الٰی کذا: آہستہ آہستہ قریب کرنا۔ دَرَّجَ الامرُ: تنگ دل کرنا۔ أَدْرَجَ الشیءَ فی الشیءِ: داخل کرنا

دَرِجَ (س) دَرَجًا۔ اپنے راستہ پر چلنا۔ مراتب میں ترقی کرنا۔ کلام یا دین میں راہ راست پر قائم رہنا۔

تَدَرَّجَ۔ الٰی کذا: آہستہ آہستہ آگے بڑھنا

اِنْدَرَجَ۔ القومُ: ختم ہو جانا ــــ فی کذا: داخل ہونا۔

اِسْتَدْرَجَہٗ: الٰی کذا: قریب کرنا۔ ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینا زمین پر چلانا۔ فریب دینا۔

الدَّرْجُ۔ مص۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے کہا جاتا ہے "أَنْفَذْتُہٗ فی دَرْجِ الکتابِ" میں نے اس کو اپنے خط کے ساتھ بھیج دیا ــــ فی القراءۃ: روانی۔ کہا جاتا ہے "ہو وہم درج یدک" وہ تمہاری مٹھی میں ہیں۔

الدُّرْجُ۔ چھوٹا تھیلا یا کنڈیا جس میں عورتیں خوشبو اور اپنا سامان رکھتی ہیں۔ ج أَدْرَاج و دِرَجَۃ۔

الدَّرَجُ۔ وہ کاغذ جس پر لکھا جائے۔ راستہ دو آدمیوں کے درمیان صلح کا سفیر۔ ج أَدْرَاج و دِرَاج۔ کہا جاتا ہے "رَجَعْتُ أَدْرَاجِی" میں اسی راستہ لوٹ گیا جس سے آیا تھا۔ "ذَہَبَ دَمُہٗ دَرَجًا او أَدْرَاجَ الریاحِ" اس کا خون رائگاں گیا اور قصاص نہیں لیا گیا۔ "خَلِّہٖ دَرَجَ الضَّبِّ" اس کو اس کے حال پر چھوڑ دو۔

الدَّرَجَۃُ ج دَرَج: سیڑھی۔ دَرَجُ السُّلَّمِ: سیڑھی کا پایہ ــــ ج درجات: مرتبہ۔ بڑے یا چھوٹے دائرہ کے ۳۶۰ اجزا میں سے ایک جز

الدَّارِج ۔ ف ۔ تُرابٌ دارِج : ہر جگہ پھیلنے والا غبار ۔ کہا جاتا ہے "صَبِیٌّ دَرِج" پاؤں پاؤں چلنے لگنے والا بچہ "قَبِیلَۃٌ دارِجَۃٌ" تباہ و برباد ہونے والا قبیلہ ۔

الدَّارِجَۃ ۔ جانور کی ٹانگ ج دَوَارِج

الدَّرُوج ۔ من الرِّیاح : تیز چلنے والی ہوا

الدُّرَّج ۔ بڑے بڑے دشوار عاجز کرنے والے امور ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِی الدُّرَّجِ" وہ بہت دشوار معاملہ میں پھنس گیا ۔

الدَّرَّاج ۔ بہت پھرنے والا چغلخور ۔ سیہی ۔

الدَّرَّاجَۃ ۔ سائیکل ۔

الدَّرَّاجَۃ ۔ محاصرہ کرنے کا ایک آلہ بمعنی دَبَّابَۃ (دیکھیے الدبابۃ)

الدُّرَّاج ۔ تیتر ۔ مونث مذکر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے ۔ ج دَرَارِیج ۔ واحد دُرَّاجَۃ ہے اس میں تاء وحدت کی ہے تانیث کی نہیں نر کو حیقطان بھی کہتے ہیں ۔

المَدْرَج ۔ راستہ ۔ مسلک ۔ اور اسی سے ہے "اِمْشِ فِی مَدْرَجِ الحَقِّ" حق کے راستہ پر چلو مَدْرَجُ النَّمْلِ : چیونٹیوں کے چلنے کی جگہ ۔ کہا جاتا ہے "ہو اخفی من مدرج النمل" وہ چیونٹیوں کے راستہ سے زیادہ پوشیدہ ہے المَدْرَج : لپٹی ہوئی کتاب یا خط ج مَدَارِج ۔

المُدْرَج والمُدْرَجَۃ ۔ لپٹی ہوئی کتاب یا خط ۔ ج مَدَارِج ۔

المَدْرَجَۃ ۔ ج مَدَارِج : افضل یا اعلیٰ تک پہنچنے کا ذریعہ ۔ کہا جاتا ہے "ہذا الامر مَدْرَجَۃ لہذا" یہ اس امر کے لیے ذریعہ ہے ۔ راستہ ۔ راستہ کا بڑا حصہ ۔ کاغذ جس میں کوئی تحریر لکھی جائے یا لپیٹی جائے ۔ مدارج الاکمۃ : ٹیلہ کے درمیان کے راستے ۔ ارض مدرجۃ : بہت تیز دالی زمین

الدُّرْجُع ۔ غلہ کی ایک قسم جو بیلوں کو کھلاتے ہیں ۔

دَرْجَلَ دَرْجَلَۃً ۔ القوسَ : کمان پر چمڑے کا تسمہ لگانا ۔

الدَّرْجَلَۃ ۔ چمڑے کا تسمہ ۔

دَرَحَ (ن) دَرْحاً ۔ دفع کرنا ۔ ہٹانا ۔

دَرِحَ (س) دَرَحاً ۔ بڑھا ہونا ۔ صفت مذکر و مونث (دَرِح)

الدِّرْحَابَۃ ۔ پست قد ۔

دَرِدَ (س) دَرَداً ۔ غضبناک ہونا ۔ صفت (دَرِد) بے دانتوں کا ہونا ۔ صفت (اَدْرَد) مونث دَرْدَاء ج دُرْدٌ ۔

اَدْرَدَہٗ ۔ دانتوں کا گرانا ۔

الدُّرْدِیّ ۔ تلچھٹ

دَرْدَبَ ۔ الرجلُ : خوفزدہ آدمی کی مانند پیچھے دیکھتے ہوئے بھاگنا ۔

اِمْرَأۃ (دَرْدَبٌ) رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت ۔

الدَّرْدَبِیس مصیبت ۔ بڈھا ۔ بہت بڑھیا ۔ محبت کا منتر ۔

الدِّرْدِح ۔ حریص ۔ بہت بڈھا ج دَرَادِح الدِّرْدِحَۃ : وہ عورت جس کا طول عرض برابر ہو

دَرْدَرَ ۔ الشیخ اور الصبیُّ البُسْرَۃَ : منہ میں چھلانا ۔

الدَّرْدَار ۔ ڈھول کی آواز ۔ ایک بڑا درخت جس کے پھول زرد اور پتے خاردار ہوتے ہیں

الدُّرْدُر بچے کے دانت نکلنے کی جگہ ۔ ج دَرَادِر ۔

الدُّرْدُور ۔ بھنور ۔

الدَّرْدَق ۔ بچہ ۔ شراب کا پیمانہ ج دَرَادِق

الدَّرْدَاق ۔ چھوٹی دوکان ۔ کوئی ہوئی ہموار زمین ۔

الدِّرْدِم ۔ رات میں آمد و رفت رکھنے والی عورت ۔

دَرِزَ (س) دَرَزاً ۔ دنیا کی نعمتوں اور لذتوں پر قادر ہونا ۔

دَرَزَ (ن) دَرْزاً ۔ الثوب : کپڑا باریک سینا ۔ الخیاط الدُّرُوزَ : درزی کا سیون کو باریک سینا ۔

الدَّرْز ۔ مع ۔ دنیا کی نعمتیں اور لذتیں ۔ دو کپڑوں کے درمیان کا سیون ۔ ج دُرُوز ۔ بَنَاتُ الدُّرُوز : جوں اور اس کے انڈے ۔

الدَّرْزِیّ ۔ سلائی کا پیشہ کرنے والا ابو محمد عبد اللہ الدرزی جن کی جانب ایک قوم منسوب ہے جو لبنان اور حوران میں پائی جاتی ہے ج دَرَزَۃ اور دُرُوز بھی کہتے ہیں واحد دُرْزِیّ اور عوام ضمہ دال سے دُرزی کہتے ہیں ۔ (اولاد دَرْزَۃ) جولاہے ۔ درزی : نیچے درجہ کے لوگ ۔ اُمّ دَرْزَۃ : دنیا کی کنیت ۔

دَرَسَ (ن) دُرُوساً ۔ الرسمُ : مٹنا ۔ صفت (دَارِس) ج دَوَارِس ۔ الشیئُ : نشان مٹانا ۔ دَرْساً الرسمَ : نقش مٹانا ۔ الثوبُ : کپڑا بوسیدہ ہونا ۔ الثوبَ : بوسیدہ کرنا ۔ الناقۃَ سدھانا (دَرْساً و دِرَاسَۃً) الکتاب او العلم : پڑھنا ۔ متوجہ ہوکے یاد کرنا ۔ دَرَسَ الحِنْطَۃَ ۔ جھاڑ کرنا ۔ (دَرْساً و دِرَاسَۃً) الحِنْطَۃَ : گیہوں کو گاہنا (دَرَسَتِ المَرْأۃُ دَرْساً و دُرُوساً) حائضہ ہونا ۔

دَرَّسَہٗ و اَدْرَسَہٗ ۔ الکتاب : پڑھانا ۔ دَرَّسَ البعیرَ : سدھانا ۔

دَارَسَہٗ ۔ مُدَارَسَۃً و دِرَاساً ۔ باہم پڑھنا ۔ الذنوبَ : ارتکاب کرنا ۔

تَدَارَسَ ۔ الطلبۃُ الکتابَ : باہم پڑھنا اور کہا جاتا ہے "تدارس الکتاب و دَارَسْتَہٗ" اس نے کتاب پڑھی ۔

اِنْدَرَسَ ۔ الرسمُ : مٹنا ۔ الخبرُ : ناپید ہونا

الدَّرْس ۔ جمع سبق ۔ مخفی راستہ ج دُرُوس ۔

الدِّرْس والدَّرِیس والدَّرِیس ۔ پرانا کپڑا ۔ اونٹ کی دم ۔ ج اَدْرَاس و دِرْسَان ۔ ابو دراس : کنیت فرج ۔ ابو ادریس : کنیت ذکر ۔

الدُّرْسَۃ ۔ ریاضت ۔ ورزش ۔

الدَّارِس ۔ حائضہ عورت ۔

الدَّرَّاس ۔ بہت پڑھنے والا ۔

المَدْرَسَة ۔ طلبہ کے تعلیم حاصل کرنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "ہٰذہ مَدْرَسَۃُ النَّعَمِ" یہ چوپائے کا راستہ ہے۔

المِدْرَسُ ۔ پڑھنے کی کتاب پڑھنے کی جگہ۔

المِدْرَاس ۔ توراۃ پڑھنے کی جگہ

المَدْرُوس ۔ معنو ۔ پُرانا کپڑا ۔ طریقٌ مَدْرُوسٌ: چلتا ہوا راستہ ۔ فِرَاشٌ مَدْرُوسٌ: بچھا ہوا بچھونا مجنون ۔ پاگل ۔

الدِّرْبَاس والدِّرْوَاس ۔ شیر ۔ الدِّرْوَاسُ بڑے سر کا کتا ۔ دلیر مرد ۔

دَرِصَت (س) دَرَصًا ۔ الناقۃ: بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹے ہوئے دانت والی ہونا ۔ صفت (دَرْصَاء)

الدَّرْص والدِّرْص ۔ چوہا، بلی، خرگوش، سیہی وغیرہ کا بچہ ۔ ج اَدْرَاص و دِرَصَۃ و دِرْصَان و دُرُوص و اَدْرُص ۔

الدَّرِص والدَّرُوص ۔ تیز رفتار اونٹنی ۔

اُمُّ اَدْرَاص ۔ جنگلی چوہا ۔ بلا ۔ مصیبت ۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوا فِی اُمِّ اَدْرَاص" وہ لوگ ہلاکت میں پڑ گئے ۔

اَبُو اَدْرَاص ۔ بیوقوف

دَرِعَ (س) دَرَعًا ۔ الفرسُ وغیرہ: سیاہ سر اور سفید جسم والا ہونا ۔ صفت (اَدْرَع) مؤنث دَرْعَاء ج دُرْع ۔

دَرَعَ (ف) دَرْعًا ۔ الشاۃَ: بکری کے سر کی جانب سے کھال اتارنا ۔۔۔ الرقبۃَ او الیدَ: گردن یا ہاتھ کا جوڑ اکھاڑنا ۔

دُرِعَ ۔ الزرعُ: کھیت کا کچھ حصہ کھایا جانا ۔۔۔ المائُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا ۔

دَرَّعَہ ۔ زرہ پہنانا ۔۔۔ المرأۃَ: قمیص پہنانا ۔۔۔ ہ: گلا گھونٹنا ۔۔۔ الشیَٔ: ظاہر کرنا ۔۔۔ الرجلُ: چلنے میں آگے بڑھنا ۔

اِدَّرَعَ الشہرُ: آدھے سے زیادہ گزرنا ۔۔۔ تَدَرَّعَ و اِدَّرَعَ ۔ زرہ پہننا ۔ اِدْرَنْدَعَ و اِدَّرَعَ اللیلَ: رات کی تاریکی میں داخل ہونا ۔ اَدْرَعَ: کسی چیز میں کسی چیز کو داخل کرنا ۔ اَدْرَعَ المائُ: پانی کے قریب کی سب چیز کھائی جانا ۔

اِنْدَرَعَ ۔ فی السیر: آگے بڑھنا ۔ اِنْدَرَعَ یفعل کذا: وہ ایسا کرنے لگا ۔۔۔ العظمُ: ہڈی کا گوشت سے جدا ہونا ۔۔۔ البطنُ: پیٹ بھرنا ۔۔۔ القمرُ من السحاب: چاند کا بادل سے نکلنا ۔

الدِّرْع ۔ زرہ ۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال کرتے ہیں ۔ ج دُرُوع ۔ و اَدْرُع و اَدْرَاع ۔ تصغیر دُرَیْع ۔ دِرْعُ المرأۃ: عورت کی قمیص یا وہ قمیص جس کو وہ گھر میں پہنتی ہے (مذکر) ج اَدْرَاع ۔ اور درع اُس چھوٹے سے کپڑے کو بھی کہتے ہیں جس کو چھوٹی لڑکی گھر میں پہنتی ہے ۔

الدَّارِع ۔ من العشب: تازہ گھاس

الدُّرْع والدُّرَع ۔ قمری مہینے کی سولہویں سترہویں اٹھارہویں راتیں ۔ اس لیے کہ ان راتوں کی ابتدا میں تاریکی اور بقیہ میں چاندنی رہتی ہے ۔

الدَّارِع ۔ فا ۔ زرہ پہننے والا

الدُّرْعَۃ ۔ درخت خرما کی چھال کی مانند ایک چیز جس کو درخت خرما کے اردگرد لگا دیا جاتا ہے ۔ ج دُرَع ۔

الدَّرْعَاء ۔ مؤنث اَدْرَع ۔۔۔ من اللیالی: وہ رات جس میں صبح کے وقت چاند نکلتا ہے ۔ ج دُرْع ۔

الدِّرْعِیَّۃ ۔ زرہ کو چھیدنے والا نیزہ ج دَرَاعِیّ ۔

الدُّرَّاعَۃ ۔ ج دَرَارِیع و (المِدْرَعَۃ) ج مَدَارِع: جبہ ۔ کوٹ ۔ والمِدْرَعَۃ عند الیہود: احبار یہود کے پہننے کا کتان کا ایک کپڑا ۔

ماءٌ (مُدْرِع و مُدَرَّع) پانی جس کے قریب قریب کی چراگاہ چرلی گئی ہو ۔ روضۃٌ مُدْرِعَۃ: باغ جس کے اردگرد کو کھا لیا گیا ہو ۔

المُدَرَّع ۔ معنو ۔ ایک قسم کا جانور ۔

المُدَرَّعَۃ ۔ فولاد سے ڈھکا ہوا جنگی جہاز ۔

الدِّرْعَوْس ۔ اچھی عادت والا ۔

اِدْرَعَشَّ ۔ الرجل من مرضہ: چنگا ہونا ۔

اِدْرَعَفَّ ۔ الرجل فی القتال: صف سے نکل کر آگے بڑھنا ۔

الدِّرْعِم ۔ نالائق بدزبان ۔

الدَّرَف ۔ پناہ ۔ سایہ ۔ جانب ۔

الدَّرْفَۃ ۔ عند العامۃ: دروازہ کا پٹ ۔ فصیح لفظ الصفق ہے ۔

الدِّرَفْس ۔ بڑے جسم کا اونٹ ۔ موٹا مرد بڑا نشان ۔ ریشمی کپڑا ۔

دَرْفَقَ واِدْرَنْفَقَ ۔ فی سیرہ: تیز چلنا ۔

دَرَقَ (ن) دَرْقًا ۔ فی المشیِٔ: تیز چلنا ۔

دَرَّقَہ ۔ نرم کرنا ۔

الدَّرْق ۔ معنو ۔ سخت خواہ کوئی چیز ہو ۔

الدَّرْقَاء ۔ بادل ۔

الدَّرَقَۃ ۔ چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال جس میں لکڑی اور پٹھا نہ ہو ۔ ج دَرَق

الدَّرَّاق ۔ ایک میوہ دار درخت ۔ ایک قسم کا میوہ ۔ واحد دَرَّاقَۃ ۔ شراب ۔ (الدَّرَّاق والدِّرْیَاق والدِّرْیَاقَۃ) تریاق ۔

الدُّرَّاقِن ۔ زرد آلو ۔ شفتالو ۔

الدَّوْرَق ۔ بغیر ٹونٹی کا دو دستوں والا لوٹا ج دَوَارِق (معرب) الدَّوْرَقِی: عابد زاہد لوگوں کی ایک قسم کی ٹوپی ۔ اور اسی کی نسبت سے پہننے والے "الدَّوْرَقِیُّون" کہلاتے ہیں ۔

دَرْقَعَ ۔ سختی سے تیز بھاگنا ۔

الدُّرْقُع ۔ پانی لانے والا اونٹ ۔

الدُّرْقُوع ۔ بزدل ۔

المُدَرْقِع والمُدْرَنْقِع ۔ لوگوں سے کھانا چاہنے والا اور اُن کو گالی دینے والا ۔

دَرْقَلَ دَرْقَلَۃً ۔ الرجلُ: تیز گزرنا ناچنا ۔ ناز سے چلنا

الدِّرَقْل ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا

الدَّرْقَم ۔ بیکار ۔ دجال کا نام ۔

دَرَّکَ ۔ المطرُ: پے درپے برسنا ۔

أَدْرَكَ - الشيءُ: اپنے وقت پر پہنچنا ــــ الثمرُ: پھل کا پکنا ــــ الولدُ: لڑکے کا بالغ ہونا ــــ الشيءَ: لاحق ہونا ــــ المسألةَ: سیکھنا ــــ بثاره: خون کا بدلہ لینا ــــ الشيءَ ببصره: دیکھنا۔

دَارَكَهُ مُدَارَكَةً و دِرَاكًا۔ لاحق ہونا۔ ــــ الشيءَ: ایک کو دوسرے کے پیچھے کرنا۔ ــــ الطعنَ: پیاپے نیزہ مارنا۔

تَدَارَكَ - القومُ: آخر کا اول سے آملنا۔ اور اس میں اِدَّارَكَ بولا جاتا ہے ــــ الخطأَ بالصوابِ: غلطی کی اصلاح کرنا۔ غلطی کے بعد درست کرنا ــــ مافاتَ: تلافی کرنا۔ درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَدَارَكَهُ اللهُ برحمتهِ" یعنی اللہ کی رحمت اس کو لاحق ہو۔ "تَدَارَكَ القومَ" اُس نے قوم کی تلافی کی۔

اِدَّرَكَهُ - ملنا۔ لاحق ہونا۔

اِسْتَدْرَكَ - الشيءَ بالشيءِ: کسی چیز سے کسی چیز کو حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَدْرَكَ النجاةَ بالفرارِ" اُس نے بھاگ کر نجات حاصل کرنے کا ارادہ کیا ــــ مافات: تلافی کرنا ــــ الخطأَ بالصواب: غلطی کی اصلاح کرنا ــــ عليهِ القولَ: غلطی نکالنا۔

الدَّرَكُ والدَّرْكُ - لاحق ہونا۔ حصول حاجت۔ کسی چیز کی انتہائی گہرائی۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ الغوّاصُ دَرَكَ البحرِ" غوطہ خور سمندر کی انتہائی گہرائی میں پہنچ گیا۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ دَرَكُ الطريدةِ" بھگائے ہوئے جانور کو پالینے والا گھوڑا۔ تاوان۔ اور اسی سے ہے "ما يَلحقكَ مِن دَرَكٍ فعَليَّ خلاصُهُ" جو تاوان تمہارے اوپر ہوگا اس کی ادائگی میرے ذمہ ہے۔

الدَّرَكَةُ - درجہ۔ لیکن درکہ اور درجہ میں فرق ہے۔ درکہ اُترنے کی حالت میں اور درجہ چڑھنے کی حالت میں۔ ج درکات۔ کہا جاتا ہے۔ "الجنّةُ دَرَجَاتٌ والنارُ دَرَكَاتٌ"

الإِدْرَاكُ - مص۔ قوت مدرکہ۔

دَرَاكِ - اسم فعل بمعنی أَدْرِكْ۔

الدِّرَاكُ - متصل۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ دِرَاكٌ" متصل سیر۔

الدَّرَّاكُ - مرغوب چیز کو پالینے والا۔

الدَّرِيكَةُ - بھگائی ہوئی۔

الإِسْتِدْرَاكُ - مص۔ کلام سابق سے جو وہم پیدا ہو اُس کو دور کرنا۔

رَجُلٌ مُدْرِكَةٌ - تیز ادراک کرنے والا۔ تاء مبالغہ کے لیے ہے۔

مَدَارِكُ - الشرعِ: وہ نصوص جن سے ثبوت احکام ہو۔

المُدْرِكَاتُ والمَدَارِكُ - حواس۔

المُتَدَارِكُ - علم عروض کی اصطلاح میں ایک بحر کا نام۔

الدَّرْبَكَةُ - اختلاط۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

الدَّرَابُكَةُ - ایک قسم کا باجہ۔ (مولدہ)

دَرِمَ (س) دَرَمًا - العضوُ: گوشت سے ہڈی کا پوشیدہ ہونا۔ صفت (دَرِمٌ و دَارِمٌ و دَرِمٌ و أَدْرَمُ) ــــ الساقُ: ہموار ہونا ــــ الأسنانُ: گرنا۔ گرنے کے قریب ہونا ــــ البعيرُ: بے دانتوں والا ہونا۔

دَرَمَ (ض) دَرْمًا و دَرَمًا و دَرَمَانًا و دَرَامَةً - القنفذُ والأرنبُ ونحوهما: چھوٹے چھوٹے قدموں سے جلدی چلنا۔ اور ایسا ہی "دَرَمَ الشيخُ والصبيُّ" بھی بولا جاتا ہے۔

دَرَّمَ - الأظفارَ: ناخن کاٹنے کے بعد ہموار کرنا

أَدْرَمَ - الصبيُّ: دودھ کے دانت ہلنا۔ صفت (أَدْرَمُ) مونث دَرْمَاءُ۔ الدَّرْمَاءُ: خرگوش۔ سرخ پتیوں والی ایک گھاس۔

دَارَمَ مُدَارَمَةً - گرانی کے ساتھ ساتھ جلدی چلنا۔

الدِّرْمَةُ - دَرِمٌ کا مونث۔ خرگوش۔ دِرْعٌ دَرِمَةٌ: چمکدار یا نرم زرہ۔

الدَّرَّامُ والدَّرَّامَةُ - سیہی۔ خرگوش۔ الدرّام: پست قد۔ بد رفتار۔ مونث دَرَّامَةٌ

الدَّرَامِيُّ - پُرگوشت۔ نازک اندام خوبصورت لڑکا۔

درعٌ (مُدَرَّمَةٌ) چمکدار نرم زرہ۔

المِدْرَامُ - میل کچیل میں لتھڑا ہوا۔ ج مدارِم

دَرْمَسَ - خاموش رہنا ــــ الشيءَ چھپانا

دَرْمَصَ دَرْمَصَةً - خاکساری کرنا۔ فروتنی کرنا۔

الدَّرْمَقُ والدَّرْمَكُ - سفید آٹا۔ میدہ۔

دَرْمَكَ - دوڑنا ــــ البناءَ: ہموار چمکدار بنانا۔

الدَّرْمَكُ - نرم مٹی۔

الدُّرْمُوكُ - غالیچہ۔

دَرِنَ (س) دَرَنًا - الثوبُ: میلا ہونا۔ صفت (دَرِنٌ و بِدْرَان) مونث دَرِنَةٌ و بِدْرَان

أَدْرَنَ - الثوبَ: میلا کرنا ــــ الثوبُ: میلا ہونا۔ أَدْرَنَتِ الماشيةُ: پرانی خشک گھاس چرنا۔

الدَّرَنُ - میل کچیل۔ ج أَدْرَان۔ أُمُّ دَرَنٍ: دنیا۔

الدَّرْسَانُ - لومڑی۔

الدَّرِينُ - پرانی خشک گھاس جس کو جانور نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔ أُمُّ دَرِينٍ: قحط زدہ زمین

الدِّرْنَاسُ - شیر۔

الدَّرْنُوفُ - بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

الدُّرْنُوكُ والدِّرْنِيكُ - غالیچہ۔ قالین ج دَرَانِيك۔

دَرَهَ (ف) دَرْهًا - عليهم: ناگاہ آنا ــــ لهم وعنهم: مدافعت کرنا۔ دَرَهَ على كذا: زیادہ کرنا۔

دَارِهَاتُ - الدهرِ: زمانے کے حوادث۔

المِدْرَهُ - دفع۔ مدافعت۔ کہا جاتا ہے "هو ذو مِدْرَهٍ" وہ دشمنوں پر اچانک ٹوٹ پڑنے والا ہے

المِدْرَهُ - سردار۔ قوم کا نمائندہ۔ لیڈر۔ ج مَدَارِه۔

دَرْهَمَتِ - الخبازي: درہم کی مانند گول

پتیوں والی ہونا۔

اِدْرَھَمَّ۔ بڑی عمر والا ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانتوں کا گرنا۔ صفت (مُدْرَھِمّ) ــــ البصرُ: نگاہ کا مدھم ہونا۔

الدِّرْھَم والدِّرْھِم والدِّرْھَام۔ چاندی کا سکہ۔ ج دَرَاھِم (یونانی کلمہ ہے) مولدین کے نزدیک دراہم کا اطلاق مطلقاً نقود پر ہوتا ہے۔

المُدَرْھَم۔ بہت دراہم والا۔

الدَّرْوِیْش۔ راہب۔ عابد۔ زاہد۔ لفظ فارسی ہے جس کے معنی فقیر کے ہیں۔

دَرَیٰ (ض) دَرْیًا و دِرْیًا و دَرْیَةً و دِرْیَةً و دَرَیَانًا و دِرْیَانًا و دُرِیًّا و دِرَایَةً۔ الشیءَ وبالشیءِ: حیلہ سے جاننا۔ جاننا (آخری مصدر زیادہ مستعمل ہے)

دَرَیٰ (ض) دَرْیًا و تَدَرَّیٰ و اِدَّرَیٰ۔ الصیدَ: دھوکا دینا۔ دَرَّی الرأسَ: مِدریٰ سے سر کو کھجلانا (دیکھیے مِدریٰ)

دَارَیٰ مُدَارَاۃً۔ ہ: باہم نرمی کرنا۔ فریب دینا

اَدْرَیٰ۔ الرجلَ بکذا: جتلانا۔ آگاہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما ادراک وما یُدریک" یعنی تم نہیں جانتے

المِدْرَیٰ والمِدْرَاۃ والمِدْرِیَة۔ کنگھی۔ باریک سینگ جس سے عورتیں بالوں کو درست کرتی ہیں۔ ج مَدَارٍ و مَدَارَیٰ۔

دَذَّرَہ (ن) دَذْرًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا

ذُلِّل ۔ الکرمُ : گچھے لٹکایا جانا یا برابر کیا جانا
۔۔۔ النخلُ : درخت خرما کے خوشوں کو لکڑی
پر رکھنا
تذلّل ۔ لہ : خاکساری و فروتنی کرنا۔
الذِلّ ۔ مص ۔ مہربانی و نرمی ۔ ذِلُّ الطریق :
راستہ کا روندا ہوا حصہ ۔ ج اذلال ۔ کہا جاتا ہے
"دعہ علی اذلالہ" اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دو
"جاء علی اذلالہ" وہ اپنے طور طریقہ پر آیا ۔ و
"امور اللہ جاریةٌ اذلالَھا وعلی اذلالِھا" اللہ

کے امور حسب مواقع جاری ہیں ۔ واذلال الناس :
سب سے آخری لوگ۔
الذُلّ ۔ مص ۔ تابعداری ۔ سہولت ۔ نرمی
تواضع ۔ کہا جاتا ہے "ذُلٌّ ذلیلٌ" ذلیل
کرنے والا یا بڑی ذلت۔
الذَلولی ۔ نرم اور اچھے اخلاق والا۔
طریقٌ مُذلّلٌ ۔ چلتا ہوا راستہ۔
شجرةٌ مُذلّلةٌ ۔ درخت جس کو ہر شخص پالے
ذلَجَ (ن) ذَلْجًا ۔ الماءَ : گھونٹ
گھونٹ پینا۔
الذُلاح ۔ پانی ملا ہوا دودھ
ذلِع (ف) ذلَعًا ۔ پھٹے ہوئے ہونٹ
والا ہونا ۔ صفت (اذلع) ۔۔۔ الطعامَ :
کھانا ۔۔۔ الجاریةَ : جماع کرنا۔
ذلِغت (س) ذلَغًا ۔ شفتُہ : ہونٹ کا
الٹنا ۔ صفت (اذلغ)
تذلذل ۔ الشیءُ : ڈھیلا ہونا ۔ مضطرب
ہونا۔
الذُلذُل والذِلذِل ۔ کپڑے کا دامن
ج ۔ ذلاذل ۔ کہا جاتا ہے "شمِّر ذلاذلک لہذا
الامر" اس کام کے لیے اپنے دامن کو سمیٹ
لو یعنی مستعد ہو جاؤ ۔ ذلاذلُ الناس و
ذُلَیذلاتھم : سب سے آخری لوگ۔
ذلِف (س) ذلَفًا ۔ الانفُ : ناک چھوٹی
اور ہموار ہونا۔
الاذلف ۔ چھوٹی اور ہموار ناک والا۔
مونث ذلفاء ج ذُلف۔
ذلَق (ن) ذلْقًا واذلَق ۔ الطائرُ : بیٹ
کرنا ۔ ذلُق اللسانُ : تیز و فصیح ہونا (۔۔۔ و
اذلق و ذلّق) السکینَ : چھری تیز کرنا ۔ ذلقہ
واذلقہ و ذلّقہ : کمزور و لاغر کرنا ۔ ذلق الضبَّ :
گوہ کو باہر نکالنے کے لیے سوراخ میں پانی ڈالنا
ذلِق (س) ذلَقًا ۔ السیفُ او اللسانُ :
تلوار یا زبان کا تیز ہونا ۔۔۔ السراجُ : چراغ
روشن ہونا ۔۔۔ الرجلُ : رنجیدہ ہونا۔

—— من العطش: پیاس سے قریب الموت ہونا

ذَلِقَ (ک) ذَلَاقَةً - اللسانُ: فصیح ہونا۔

اِنْذَلَقَ - تیز زبان ہونا۔

الذَّلق - مص - ذَلْقُ الشیٔ وذَلقتہ: کسی چیز کی تیزی۔ ذَلقُ اللسان: زبان کا کنارہ۔ ذَلْقُ السہم: تیر کا باریک حصہ

الذَّلق والذَّلِق والذُّلُق والذَّلِيق والذَّلِق والذَّلِيق - من الالسنة والاسنۃ: تیز زبان یا بھالا۔ کہا جاتا ہے "لسانٌ ذَلِقٌ طَلِقٌ و ذَلِيقٌ طَلِيقٌ و ذُلُقٌ طُلُقٌ" تیز زبان فصیح وبلیغ۔

الاَذْلَق - من الاَلْسِنَة او الاَسِنّة: تیز زبان یا بھالا - ج ذُلق۔

الذَّوْلَق - من کل شئ: ہر چیز کی تیزی ذَوْلَقُ اللسان: زبان کا کنارہ - اور اسی سے ہے "الاحرف الذَّوْلَقِيَّة" یعنی وہ حروف جن کا مخرج کنارہ زبان ہے۔

المُذَلَّق - تیز کنارہ والا - پانی ملا ہوا دودھ

ذَلَی يَذْلِي ذَلْيًا - الرطب: تر کھجور چننا

اِنْذَلَی - الرطبُ: تر کھجور چنا جانا۔

تَذَلَّی - تواضع - فروتنی کرنا۔

اِذْلَوْلَی - ذلیل ہونا۔ مطیع ہونا۔ چھپ کر چپکے سے جلدی نکل جانا۔

ذَمَّہ (ن) ذَمًّا ومَذَمَّةً - برائی بیان کرنا —— الانفُ: رینٹ بہنا۔

ذَمَّمَہ - برائی بیان کرنے میں مبالغہ کرنا

ذَامَّ عیشَہ: قناعت کرتے ہوئے گذارہ کرنا۔

اَذَمَّ - قابل مذمت پانا - پناہ دینا اور اپنی حفاظت میں لے لینا —— الرجلُ: قابل مذمت فعل کرنا —— علیہ ولہ: کسی کے لیے پناہ لینا —— المکانُ: خشک و بے برکت ہونا۔ اَذَمَّ بہم: حقارت کرنا اور بقول بعض مذموم حالت میں چھوڑنا۔

تَذَامَّ - القومُ: ایک دوسرے کی برائی بیان کرنا۔

تَذَمَّمَ - منہ: ننگ و عار سمجھنا اور شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنِّی اَتَذَمَّمُ مِنَ القَوْمِ" میں قوم سے دوسروں کی طرف منتقل ہو جاؤنگا۔

اِسْتَذَمَّ - قابل مذمت فعل کرنا —— بہ: پناہ طلب کرنا —— الی فلان: کسی کے ساتھ ایسا فعل کرنا جس پر وہ اس کی مذمت کرے

الذَّمّ - مص - برائی - مذمت - ج ذُمُوم۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْ کَذَا وَخَلَاکَ ذَمٌّ" ایسا کرو تجھ پر اس پر ملامت نہ ہوگی۔ الذَّمّ بمعنے مذموم۔ مصدر بمعنے مفعول۔

بئر (ذَمَّة) کم پانی والا کنواں - زیادہ پانی والا کنواں۔

الذِّمّ - کفالت - بہت زیادہ لاغر۔ ہلاک ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ ذِمٌّ" ہلاک ہونے والا مرد۔

الذِّمَام - حق - عزت - حرمت - ج اَذِمَّة

الذَّمَامَة والذِّمَامَة - کفالت۔

الذُّمَامَة - بقیہ۔

الذِّمَّة - امان - عہد - ذمہ داری - کہا جاتا ہے "فِی ذِمَّتِی کَذَا" یعنی میری ذمہ داری میں - ج ذِمَم - اَہْلُ الذِّمَّة: دار الاسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے کفار - ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنے والی قوم - کہا جاتا ہے "اَنْتَ فِی ذِمَّةِ اللّٰہ" تو اللہ کی پناہ میں ہے

الذِّمّی - جزیہ دے کر دار الاسلام میں رہنے والا۔

الذَّمِيم - برا - منہ پر کی پھنسی - شبنم - رینٹ بدمزہ پانی - بئر ذَمِيم: کم یا زیادہ پانی والا کنواں (ضد) ج ذِمَام

المُذَمّ - فا - بے حرکت سامُذِمٌّ: عیب دار۔

المَذَمَّة - مص - برائی - حق و حرمت - اور اسی سے ہے "ہُوَ یَحْفَظُ مَذَمَّتَہ" وہ اپنے حق کی حفاظت کرتا ہے - اور کہا جاتا ہے "قَضَی مَذَمَّتَہ و مَذِمَّتَہ" اس نے مذمت و برائی کے خوف سے اس کے ساتھ احسان کیا۔ واَذْہِبْ مَذَمَّتَہ بشئ" اس کو کچھ دو کہ اس کا حق ہے۔

المُذَمَّم - مذموم

ذَمَا (ن) ذَمًّا - الامرُ علیہ: دشوار ہونا۔

ذَمَتَ (ض) ذَمْتًا - لاغر ہونا۔ متغیر ہونا

ذَمْحَلَ ذَمْحَلَةً - لڑھکانا۔

ذَمْذَمَ - الرجلُ: تھوڑا عطیہ دینا۔

ذَمَرَہ (ن) ذَمْرًا - دھمکی دینا - ذَمَرَہ علی الاَمْر: ملامت کے ساتھ کسی کام پر برانگیختہ کرنا —— الاسدُ: گونجنا - دھاڑنا۔

ذَمَّرَ - الشیَٔ: اندازہ کرنا —— الرجلَ: کسی کے مونڈھے کو چھونا۔

تَذَمَّرَ - فوت شدہ چیز پر اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "کان یَتَذَمَّرُ علی ربّہ" وہ اپنے رب پر بگڑتا تھا۔

—— علی فلان: بگڑنا اور دھمکی دینا ——

تَذَامَرَ القومُ - ایک دوسرے کو جنگ پر برانگیختہ کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

الذَّمِر والذِّمْر والذِّمِرّ والذِّمِير - بہادر ج اَذْمَار

الذِّمَار - ہر وہ چیز جس کی حمایت و حفاظت ضروری ہو - حرم - اپنے لوگ - کہا جاتا ہے "ہُوَ اَمْنَعُ ذِمَارًا مِنْکَ" وہ تم سے زیادہ حفاظت کرنے والا "ہُوَ حَامِی الذِّمَار" وہ قابل نگہداشت چیز کی حمایت وحفاظت کرنے والا ہے۔

ذَمَارِ - جنگ پر برانگیختہ کرنے کے لیے اسم فعل ہے۔

الذِّمَارَة - شجاعت - بہادری

الذِّمِرِّی - تیز طبیعت۔

المُذَمَّر - مغز - کندھا - گردن اور اس کا اردگرد - کہا جاتا ہے "بلغ الامرُ المُذَمَّرَ" معاملہ شدت کو پہنچ گیا۔

ذَمَطَ (ض) ذَمْطًا ۔ ذبح کرنا۔

طَعَامٌ (ذَمِطٌ) زود ہضم خوراک۔

ذَمَلَ (ن ض) ذَمْلًا و ذُمُولًا و ذَمِيلًا و ذَمَلَانًا ۔ البعيرُ: اونٹ کا آہستہ چلنا۔

ذَمَّلَ ۔ البعيرَ: اونٹ کو آہستہ چلانا۔

ناقة (ذَمُولٌ) آہستہ چلنے والی اونٹنی۔ ج ذُمُل

الاَذْمَل ۔ برص والا

ذَمْلَقَ ذِمْلَقَةً ۔ چاپلوسی کرنا۔

الذَّمَلَّق ۔ چاپلوس ۔ تیز زبان ۔ تیز تلوار

ذَمِهَ (س) ذَمَهًا ۔ الحرُّ: گرمی سخت ہونا ۔۔۔ الرجلَ بالحرِّ: سخت گرمی لگنا۔

ذَمِيَ (س) ذَمًا و ذَمَاءً ۔ ہلنا۔

ذَمَى (ض) ذَمَاءً ۔ لمبی بیماری والا ہونا قریب الموت ہونا ۔ بدبو نکلنا (۔۔۔ ذَمْيًا) جلدی کرنا (ذَمَتْهُ الريحُ تذميه ذَمْيًا) تکلیف دینا۔

اَذْمَى اِذْمَاءً ۔ فلانًا: مار کر مرنے کے قریب کر دینا۔

اِسْتَذْمَى ۔ ما عِنْدَه: جو کچھ کسی کے پاس ہو ڈھونڈھ کر سب کچھ لے لینا۔

الذَّمَى ۔ بدبو۔

الذَّمَاءُ ۔ بقیہ روح ۔ کہا جاتا ہے "اَطْوَلُ ذَمَاءً مِنَ الضَّبِّ" وہ بجو سے زیادہ سخت جان ہے۔ اس وجہ سے کہ بجو کی روح بڑی دیر میں نکلتی ہے۔

ذَنَّ (ض) ذَنِينًا و ذَنَنًا ۔ المخاطُ: رینٹ بہنا ۔ کہا جاتا ہے "انه لَيَذِنُّ" یعنی وہ بڑھاپے یا مرض کی وجہ سے ضعیف ہے ۔ "ومازال يَذِنُّ فى تلك الحاجة حتى اَنْجَحَهَا" وہ ہمیشہ اس حاجت میں لگا رہا یہاں تک کہ اس کو کامیاب کر لیا۔

ذَنَّ (س) ذَنًّا و ذَنَنًا ۔ رینٹ بہنے والا ہونا

ذَنَّ (ض) ذَنِينًا ۔ البردُ: سخت سردی ہونا

الذَّنَن ۔ گندگی۔

الاَذَنّ ۔ وہ شخص جس کے دونوں نتھنوں سے رینٹ بہہ رہی ہو ۔ مونث ذَنَّاء ج ذُنّ اور "اَنْفُ مِنْكَ وَاِنْ كانَ اَذَنَّ" مثل ہے اُس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو اپنے ضعفائے قوم سے بیزار ہو۔

الذُّنَان والذَّنِين ۔ بہنے والی رینٹ

الذُّنَانَة ۔ حاجت ۔ کمزور چیز کا بقیہ

ذَنَبَ (ض ن) ذَنْبًا ۔ پیچھے لگے رہنا۔

ذَنَّبَ ۔ العمامةَ: شملہ لٹکانا ۔۔۔ الكتابَ تتمہ لگانا ۔۔۔ الضبَّ: بجو کی دم پکڑ لینا ۔۔۔ الجرادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین میں دم چبھونا ۔۔۔ العقربُ: بجو کا سوراخ سے صرف دم باہر نکالنا۔

اَذْنَبَ ۔ الرجلُ: گنہگار ہونا۔

تَذَنَّبَ ۔ عليه: زیادتی کرنا ۔۔۔ الرجلُ: شملہ لٹکانا ۔۔۔ الطريقَ: راستہ اختیار کرنا۔

تَذَانَبَ ۔ السحابُ: بادلوں کا ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَذْنَبَ ۔ پیچھے جانا ۔ گنہگار پانا یا سمجھنا ۔۔۔ الامرُ: کامل ہونا۔

الذَّنْب ۔ گناہ ۔ ج ذُنُوب ج ج ذُنُوبَات

الذَّنَب ۔ من الحيوان: دم ۔ ج اَذْنَاب اَذْنَابُ النَّاسِ: معمولی لوگ ۔ ذَنَبُ العقربِ بچھو کا ڈنک ۔ ذَنَبُ السَّوْطِ: کوڑے کا کنارہ ۔ ذَنَبُ الثعلبِ و ذَنَبُ الفرسِ و ذَنَبُ الخيلِ: مختلف نباتات کے نام ۔ اور کہا جاتا ہے "ضَرَبَ بِذَنَبِه" اس نے اقامت کر لی ۔ "وَرَكِبَ ذَنَبَ البعيرِ" وہ ناقص حصہ پر راضی ہو گیا ۔ "وَرَكِبَ ذَنَبَ الريحِ" وہ آگے بڑھ گیا اور کوئی اس کو نہ پا سکا ۔ "بَيْنِي وبينه ذَنَبُ الضَّبِّ" میرے اور اس کے درمیان دشمنی ہے۔

الذِّنَاب ۔ اونٹ کی دم باندھنے کی رسی ذِنَابُ الشَّيْءِ: چیز کا پچھلا حصہ ۔ ج ذَنَائِب

الذِّنَابَة ۔ قرابت ۔ (۔۔۔ والذُّنَابَة والذِّنَبَة) من الوادي ۔ وادی کے بہنے کی انتہائی جگہ۔ الذِّنَبَة: دم ۔ ذِنَابَاتُ النَّاسِ وَذَنَابَاتُهم: لوگوں میں معمولی اور گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الذُّنَانَى ۔ پرندہ کی دم۔

الذَّنُوب ۔ من الخيل: لمبی اور زیادہ بالوں کی دم والا گھوڑا ۔ ج ذَنَائِب و ذِنَاب و اَذْنِبَة ۔ الذَّنُوبُ: قبر ۔ دُنبہ کی چکتی کا گوشت ضَبٌّ (اَذْنَبُ) لمبی دُم والی گوہ۔

الذِّنَبِيّ والذُّنْبُجَى ۔ دُم

المِذْنَب ۔ لمبی دم ۔ چلا نالہ ۔ کہا جاتا ہے "سَالَتِ المَذَانِبُ" نالے بہہ پڑے (۔۔۔ والمِذْنَبَة) چمچہ۔

المُذَنَّب ۔ دُم دار ۔ اور اسی سے ہے "نجم مذنّب" دمدار تارہ۔

المُذَانِب ۔ من الابل والخيل: سب سے آخر میں چلنے والا اونٹ یا گھوڑا۔

ذِهْ و ذِهِ ۔ اسم اشارہ مونث ہے قریب کے لیے اور اس پر ہاء تنبیہ داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں هٰذِهْ و هٰذِهِ۔

ذَهَبَ (ف) ذَهَابًا و ذُهُوبًا و مَذْهَبًا ۔ جانا ۔ گزرنا ۔ مرنا ۔۔۔ الامرُ: ختم ہونا ۔۔۔ على الشيءِ: بھول جانا ۔۔۔ به: لے جانا ۔ ساتھ جانا ۔ جگہ سے ہٹانا ۔ اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ به الخيلاءُ" اس کو تکبر لے گیا یعنی اس کو اس کے مرتبہ سے گرا دیا ۔۔۔ فى المسئلة الى كذا: فلاں رائے اختیار کرنا۔

ذَهِبَ (س) ذَهَبًا ۔ سونے کی کان میں بہت سا سونا پا کر حیران ہونا۔

اَذْهَبَ و ذَهَّبَ ۔ سونے کی قلعی کرنا صفت مفعولی (ذَهِيبٌ و مُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ) اَذْهَبَه و اَذْهَبَ به: لے جانا ۔ جگہ سے ہٹانا

الذَّهَب ۔ مع ۔ سونا (کبھی مونث بھی بولتے ہیں) ج اَذْهَاب و ذُهُوب و ذُهْبَان ۔ ایک

ٹکڑے کو ذَہَبَۃ کہتے ہیں۔ الذہب۔ انڈے کی زردی۔ ج ذِہاب واَذہاب وجج اَذَاہِیب
الذِہبۃ۔ ہلکی یا بہت بارش۔ ج ذِہاب واَذْہَاب وجج اَذَاہِیب۔
الذَہُوب۔ جانے والا۔
المَذْہَبُ۔ مع۔ روش۔ طریقہ۔ اعتقاد اصل۔ ج مَذَاہِب "تَمَذْہَب بالمذہب" اسی سے فعل بنا ہے یعنی اس نے مذہب اختیار کیا۔ اسلام کے مشہور مذاہب چار ہیں حنفی۔ شافعی۔ حنبلی۔ مالکی۔
المُذَہَّبَات۔ زمانہ جاہلیت کے طبقہ ثانیہ کے ۸ معلقات کے ضروہ سات قصائد۔
ذَہِرَ (س) ذَہَرًا۔ فوہ: کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَذْہَر) مونث ذَہْرَاء ج ذُہْر۔
ذَہَلَ (ف) ذَہْلاً و ذُہُولاً۔ الشیٔ و عنہ: بھول جانا۔ غافل ہو جانا
ذَہِلَ (س) ذُہُولاً۔ ہکا بکا ہونا۔ ہوش میں نہ رہنا
اَذْہَلَ۔ غافل کر دینا۔
الذُہْل والذَہَل۔ من اللیل: رات کا ایک حصہ۔
المَذْہَل۔ ہکا بکا ہونے کی جگہ۔
الذُہْلُول۔ من الخیل او الرجال: عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَہَالِیل۔
ذَہَنَ (ف) ذَہْنًا۔ الامرَ: سمجھنا تیزی خاطر میں غالب آنا (۔۔۔ واَذْہَنَ واسْتَذْہَنَ) الرجلَ عن الامر: فراموش کرا دینا۔
ذَہِنَ (س) ذَہَنًا۔ الشیَٔ: سمجھنا
ذَہُنَ (ک) ذَہَانَۃً۔ اچھے حافظہ والا ہونا
ذُہِنَ۔ ذہن کا زائل ہونا۔
ذَاہَنَہ۔ زیرکی و تیزی خاطر میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنّہ یُذَاہِنُ النّاسَ ویُفَاطِنُہم" وہ لوگوں سے ذہانت اور فطانت میں مقابلہ کرتا ہے۔ اقرب الموارد میں شرح اشارات کے حوالہ سے ہے کہ علوم حاصل کرنے کے لیے نفس کی استعداد کا نام ذہن ہے اور اس استعداد کی جودت کا نام فطانت۔
الذِہن۔ سمجھ۔ عقلی قوت۔ حافظہ۔ زیرکی تیزی خاطر۔ چربی۔ قوت۔ اور اسی سے ہے "مَا بِرِجْلِی ذِہْنٌ" میرے پیر میں چلنے کی قوت نہیں۔ ج اَذْہَان۔
الذَہَن۔ سمجھ۔ زیرکی۔ ج اذہان۔ کہا جاتا ہے "ہو من اہل الاذہان" وہ سمجھ دار لوگوں میں سے ہے۔
رجل (ذَہِن و ذِہْنٌ)۔ ذکی اور سمجھ دار مرد۔
ذَہَا (ن) ذَہْوًا۔ تکبر کرنا۔
ذُو۔ صاحب۔ مالک۔ تثنیہ ذَوَان۔ ج ذَوُوْنَ (اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب ہے) کہا جاتا ہے "وَجَدْتُہ ذَا صَبَاحٍ" میں نے اُس کو صبح کے وقت پایا۔ "جاء من ذی نفسہ" وہ فرمانبرداری کی حالت میں آیا اور فقہاء کے قول "ذو الید احق" کا مطلب یہ ہے کہ قبضہ کرنیوالا زیادہ حقدار ہے "وکان ذلک من ذی قبل" یعنی یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ذَوُو الاَرْحَام: رشتہ دار۔ اقرباء۔
الذوون والاذواء: یمن کے بادشاہ جن کے نام لفظ ذو سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے ذویزن۔ ذونواس۔ ذوریاش۔ وغیرہ
ذات۔ ذو کا مونث۔ تثنیہ ذَوَاتَان۔ ج ذَوَات (اس کا اور اس کے تثنیہ اور جمع کا اعراب انہی جیسے مشابہ کلمات کا اعراب جیسا ہوتا ہے)۔ کہا جاتا ہے "لقیتہ ذاتَ یوم او ذاتَ لیلۃٍ او ذاتَ مرۃٍ" میں نے اُس سے کسی دن یا کسی رات یا کسی دفعہ ملاقات کی۔ "وکان ذلک ذاتَ العُوَیم" یہ گزشتہ سال تھا۔ "جلس ذاتَ الیمین" وہ داہنی جانب بیٹھا۔ "ولقیتہ اوّلَ ذاتِ یَدَیْن" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ ذاتُ الصدر: فکر یا بھید
ذَاتُ الیَمِین: داہنی جانب۔ ذَاتُ البَیْن: حال۔ کہا جاتا ہے "اَصْلِحُوا ذَاتَ بَیْنِکُم" تم لوگ اپنی اس حالت کو درست کرو جس پر اتفاق کر سکتے ہو۔ ذَاتُ شَفَۃٍ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "کلّمتُہ فما رَدَّ علیّ ذاتَ شَفَۃٍ" میں نے اس سے گفتگو کی اس نے جواب میں ایک کلمہ بھی نہیں کہا۔ ذَاتُ الید: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "قَلّتْ ذَاتُ یدہ" اس کی ملکیت کم ہو گئی۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَتِ الدَجَاجۃُ ذَاتَ بَطْنِہَا" یعنی مرغی نے انڈا دیا یا بیٹ کی۔ ذَاتُ الجنب عند الاطباء: نمونیا۔ ذَاتُ الرئۃ وذَاتُ الصدر وذَاتُ الکبد: بیماریوں کے نام
الذات وہ چیز جو جاننے یا خبر دینے کے قابل ہو۔ ذات الشیٔ نفس شیٔ عین شیٔ۔ جوہر شیٔ
اسم الشیٔ عند النحاۃ: نحویوں کے نزدیک اسم ذات وہ ہے جو کسی ذات سے تعلق رکھتا ہو جیسے مرد۔ شیر وغیرہ اور اس کے مقابلہ اسم معنی ہے جیسے علم، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔
الذَوَات عند المولدین: قوم کے بڑے بڑے لوگ۔
الذَاتِی۔ ذات کی جانب منسوب۔
ذَابَ (ن) ذَوَبَانًا و ذَوْبًا۔ الثلجُ او السمنُ: برف یا گھی پگھلنا ۔۔۔ دمعُہ: آنسو بہنا ۔۔۔ الشمسُ: آفتاب کا گرم و تیز ہونا۔ ۔۔۔ الرجلُ: عقلمندی کے بعد بیوقوف ہونا شہد کھانے پر مداومت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "ذَابَ لِی علیہ حقٌّ" میرا حق اس پر ثابت ہوا "ما ذَابَ فی یدی منہ خیرٌ" مجھ کو اس سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ "ذَابَ جسمُ الرجلِ" لاغر ہو گیا۔
ذَوَّبَ۔ السمنَ: گھی پگھلانا ۔۔۔ الغلامَ: لڑکے کے گیسو بنانا۔
اَذَابَ اِذَابَۃً۔ السمنَ: گھی پگھلانا۔ ۔۔۔ حاجتَہ: حاجت پوری کرنا ۔۔۔ القومُ اَمْرَہم: درست کرنا ۔۔۔ علی العدوّ: دشمن پر

لوٹ ڈالنا۔
اِستَذابَہ۔ پگھلانے کو کہنا۔ شہد مانگنا ۔۔۔ الشیَٔ: باقی رکھنا ۔۔۔ حاجتہ: پوری کرنا۔
الذَاب۔ عیب۔
الذَّوب۔ مص۔ خالص شہد۔ ذَوبُ الذَّہَب: سونے کا پانی یا پگھلا ہوا سونا۔ اور کہا جاتا ہے "ہٰذا الکلام ذَوبُ الروح" یہ کلام روح کو پگھلانے والا ہے۔
الذَّوبَۃ۔ ذابَ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "ظہرت منہ ذَوبَۃ" اس سے حماقت ظاہر ہوئی۔ مال کا بقیہ جس کو انسان باقی رکھے ناقۃ (ذَوُوبٌ) موٹی اونٹنی
الاِذوَاب والاِذوَابَۃ۔ مکھن جو ہانڈی میں گھی حاصل کرنے کے لیے پگھلایا جائے کہا جاتا ہے "ہو احلیٰ من الذوب بالاِذوابۃ" وہ خالص شہد جو خالص مکھن کے ساتھ ملا ہوا ہو اس سے زیادہ میٹھا ہے۔
المِذوَب۔ سونا وغیرہ پگھلانے کی کٹھالی
المِذوَبَۃ۔ چمچہ۔
ذَاجَ (ن) ذَوجًا۔ جلدی کرنا ۔۔۔ الماءَ: پانی پینا۔
ذَاحَ (ن) ذَوحًا۔ سخت چال چلنا۔
(۔۔۔ وذَوَّحَ) الابلَ: اونٹوں کو متفرق و پراگندہ کرنا۔
ذَادَہ (ن) ذَودًا وذِیادًا۔ دفع کرنا ہٹانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "ذَادَ الابلَ عن الماءِ" اس نے اونٹوں کو پانی سے ہٹا دیا۔ (۔۔۔ وذَوَّدَ) عن حسبہ: بچانا۔ حمایت کرنا۔ صفت (ذائِد) ج ذُوَّد وذُوَّاد وذادۃ
اَذادَ اِذادۃً واَذوَدَہ اِذوادًا) ہٹانے میں مدد دینا۔
الذَّوَّاد۔ بہت دفع کرنے والا۔
المَذاد۔ چراگاہ۔
المِذوَد۔ مویشیوں کا تھان جس پر کسی چیز کو ہٹایا جائے۔ بیل کا سینگ۔ زبان۔ رجال (مَذاوِد ومَذاوِید) قابل نگہداشت چیزوں کی حمایت کرنے والے لوگ۔
الذَّور۔ مٹی۔
الذَّورۃ۔ پرندے کے پوٹے کا اگلا حصہ جس میں پانی رہتا ہے۔
الذَّوذَر۔ تھوڑا۔ کہا جاتا ہے "ما اعطاہ ذَوذَرًا" اس نے اسے تھوڑا سا بھی نہیں دیا
ذَاطَہ (ن) ذَوطًا۔ سخت گلا گھونٹنا۔ ۔۔۔ الاناءَ: بھرنا۔
ذَوِطَ (س) ذَوَطًا۔ چھوٹی ٹھوڑی والا ہونا۔ صفت (اَذوَط)
الذَّوَطۃ۔ زرد پیٹھ والی مکڑی ج اَذواط
الذَّوَط۔ ادنیٰ درجہ کے لوگ۔
ذَاعَ (ن) ذَوعًا۔ مالَہ: سب کچھ پراگندہ کر دینا۔
اَذاعَ اِذاعۃً۔ القومُ ما فی الحوض: قوم کا سارا پانی پینا ۔۔۔ الرجلُ بمالہ: لیجانا۔
ذَافَ (ن) ذَوفًا۔ کشادہ قدم رکھتے ہوئے چلنا۔
الذُّوفان۔ زہر۔
ذَاقَ (ن) ذَوقًا وذَواقًا ومَذاقًا۔ الشیَٔ: چکھنا ۔۔۔ العذابَ۔ عذاب برداشت کرنا ۔۔۔ الرجلَ وما عند الرجل: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما ذاقَ ذَواقًا" اس نے کچھ نہیں چکھا۔
تَذَوَّقَ۔ الشیَٔ: تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
تَذَاوَقَ۔ القومُ الشیَٔ: چکھنا۔ کہا جاتا ہے "تذاوقوا الرِّماحَ" انھوں نے نیزوں کو سنبھالا
اِستَذاقَہ۔ آزمائش کرنا۔ تجربہ کرنا ۔۔۔ لہ الامرُ: آسانی سے حاصل ہونا اسی سے ہے "لا یستذیقُ لی الشعرُ الّا فی فلان" میرے لیے شعر کی آمد نہیں ہوتی مگر فلاں کے حق میں۔
الذَّوق والذّائقۃ۔ چکھنے کی قوت
الذَّوق والذَّواق۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "ہو حَسَنُ لہ ذوقِ الشعرِ" اس کی طبیعت شعر کے لیے زیادہ موزوں ہے۔ الذَّواق: مزہ۔ کہا جاتا ہے "ذَواقہ طیّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔
المَذاق۔ مزہ۔ کہا جاتا ہے "مَذاقہ طیّبٌ" اس کا مزہ اچھا ہے۔ و"ہو مُرُّ المَذاق" وہ کڑوے مزہ کا ہے
الذَّوِیل۔ خشک گھاس وغیرہ۔
الذَّان۔ عیب۔
التَّذَوُّن۔ توانگری و نعمت۔
ذَوَیٰ (ض) وذَوِیَ (س) ذُوِیًّا۔ النباتُ: نباتات کا پژمردہ ہونا۔
اَذوَیٰ اِذواءً۔ ہ پژمردہ کرنا
الذِّوِیٰ۔ بکری کے چھوٹے بچے۔
الذَّوَاۃ۔ خربوزہ یا انگور وغیرہ کا چھلکا۔
ذی وہٰذی۔ اسم اشارہ مونث ہے قریب کے لیے۔
ذَیتَ ذَیتَ او ذَیتَ وذَیتَ۔ بات چیت یا فعل کے لیے کنایہ ہے جیسے "قلت لہ ذَیتَ ذَیتَ" میں نے اس سے ایسا ایسا کہا۔ و"فعلتُ ذَیتَ ذَیتَ" میں نے ایسا ایسا کیا۔ اور اسی کے مانند (ذَیّا ذَیّا وذَیۃ ذَیۃ) ہیں۔
ذَاجَ (ض) ذَیجًا۔ الماءَ: پانی پینا۔
ذَایَجَہ مُذایَجۃً۔ کسی کے ساتھ ہو کر پینا۔
ذَیَّخَت۔ النخلۃُ: گابھا لگنا۔
اَذاخَ اِذاخۃً۔ بالمکان: گرد اگرد گھومنا ۔۔۔ بنی فلان: ذلیل کرنا۔
الذِّیخ۔ دلیر کبیر یا۔ زیادہ بالوں والا نر بجو۔ مونث ذِیخۃ۔ عمدہ گھوڑا۔ تکبر۔ ایک سرخ رنگ کا ستارہ۔ ج اَذیاخ وذُیوخ وذِیَخۃ۔
ذَارَہ یَذارُہ ذَیرًا۔ ناپسند کرنا۔
الذَّیرۃ۔ مٹی ملا ہوا گوبر۔
ذَاعَ (ض) ذَیعًا وذُیوعًا وذَیعوعۃً

وَذَیَعَانًا۔ الخبر: پھیلنا ۔اور کہا جاتا ہے "ذَاعَ فی جلدِہ الجربُ" اس کے جسم میں کھجلی پھیل گئی۔
أَذَاعَ إِذَاعَةً۔ الخبرَ وبالخبر: پھیلانا —— السرَّ وبالسرِّ: ظاہر کرنا —— القومُ ما فی الحوضِ او بما فیہ: سارا پی لینا —— بالشیٔ: لے جانا
اِنْذَاعَ۔ الخبرُ: پھیلنا۔
المِذْیَاعُ۔ راز کی حفاظت نہ کرنیوالا ج مَذَایِیعُ۔ تم کہتے ہو "فلانٌ لِلْاَسْرَارِ مِذْیَاعٌ ولِلْاَسْبَابِ مِضْیَاعٌ" فلاں بھیدوں کو بہت ظاہر کرنے والا اور اسباب کو بہت ضائع کرنے والا ہے۔
الذِّیفَانُ والذَّیفَانُ۔ مہلک زہر
ذَالَ (ض) ذَیْلًا۔ الثوبُ: کپڑے کا لمبا ہونا۔ دامن دار ہونا —— الطائرُ: پرندہ کا دم کو کھینچنا یا پھیلانا —— الناقۃُ بذنبہا: اونٹنی کا دانوں پر ادھر ادھر مارنا —— الجاریۃُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا —— الشیٔ: ادنی ہونا —— حالہُ: پست و فروتر ہونا —— فلان الی فلان: گستاخی کرنا

ذَیَّلَ۔ الثوبَ۔ کپڑے کا لمبا کرنا —— الکتابَ: کتاب کے آخر میں کچھ بڑھانا۔
أَذَالَ إِذَالَةً وأَذْیَلَ إِذْیَالًا۔ الثوبُ: دامن والا ہونا —— الرجلُ ثوبہ: کپڑے کا دامن بنانا۔ دامن لمبا کرنا —— مالَہ: خرچ کرنا —— ہٗ: اہانت کرنا —— فرسَہ وغلامَہ: لاپروائی کی وجہ سے دبلا کرنا —— المرأۃُ قناعہا: عورت کا برقع کو لٹکانا —— الدمعَ: آنسو بہانا
تَذَیَّلَ۔ فی الکلام: گستاخی کرنا —— الجاریۃُ: لڑکی کا دامن کھینچتے ہوئے ناز سے چلنا —— الفرسُ فی استنانہ: گھوڑے کا دوڑنے میں خوشی سے دم ہلانا۔
تَذَایَلَ۔ حالُہ: پست و فروتر ہونا۔
الذَّیْلُ۔ چیز کا آخری حصہ۔ ذیل الثوب: دامن۔ ذَیْلُ الرِّیحِ: ریت پر ہوا کے نشانات ذَیْلُ الفرسِ: دم یا دم کا لٹکا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "ہو فی ذَیْلٍ ذائلٍ" وہ بڑی سخت ذلت میں ہے۔ ج اَذْیال وذُیُول واَذْیُل۔

اَذْیَالُ النَّاسِ وذُیُولُہم: آخر کے لوگ۔
الذَّائِلُ۔ فا۔ دامن دار۔ دِرْعٌ ذَائِلٌ او ذَائِلَۃٌ: لمبے دامن والی زرہ۔ کہا جاتا ہے "طَالَ ذَیْلُہٗ" یعنی اس کا حال اچھا ہو گیا۔ او مال بڑھ گیا۔ ثَوْبٌ مُذَالٌ او مُذَیَّلٌ: لمبے دامن کا کپڑا
المُذَالَۃُ۔ باندی۔ لونڈی ۔ اور مثل ہے "اَخْیَلُ مِنْ مُذَالَۃٍ" باندی سے زیادہ متکبر۔ اس لیے کہ اس کی اہانت کی جاتی ہے اور وہ اپنی حماقت سے ناز و انداز سے چلتی ہے۔
دِرْعٌ مُذَالَۃٌ: لمبی زرہ
اَرْضٌ مُسْتَذِیلَۃٌ: زمین جس پر ہلکی سی بارش
المِذْیَالُ۔ لمبے دامن والا۔ (مذکر مونث)
ذَامَہٗ (ض) ذَیْمًا وذَامًا۔ عیب لگانا۔ مذمت کرنا۔ صفت (مَذِیم ومَذْیُوم)
الذَّامُ والذَّیْمُ۔ عیب۔ مذمت۔
الذِّیْنُ۔ عیب۔

ر (۳۰۰)

رَأَبَ (ن) رَأْبًا۔ الصدعَ: پھٹن درست کرنا۔ مرمت کرنا —— الشیٔ: جمع کرکے نرم باندھنا —— بینہم: صلح کرانا۔
رَأَبَتِ الارضُ: سبزی کاٹ لینے کے بعد سرسبز ہونا۔
اَرْاَبَ اِرْاَبًا۔ الصدعَ: پھٹن درست کرنا۔ پیوند کرنا۔
الرَّأْبُ۔ مص پھٹن۔ شگاف۔ سردار ج رِئَاب۔ کہا جاتا ہے "کَفیٰ بفلانٍ رَأْبًا لِاَمْرِکُمْ" فلاں تمہارے امر کو درست کرنے والا کافی ہے۔ (اس جملہ میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہے)
الرُّؤْبَۃُ۔ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس سے کسی چیز کو درست کیا جائے۔ سوراخ بند کرنے کی چیز۔ گاڑھا دودھ۔ رات کا گزرا ہوا وقت۔ حاجت۔ ج رِئَاب ورُؤُبَات۔ کہا جاتا ہے "ہو رِئَابُ بنی فلان" وہ بنو فلاں کے امور کا درست کرنے والا ہے۔
الرَّأَّابُ والمِرْأَبُ۔ درست کرنیوالا۔
رَأْبَلَ رَأْبَلَۃً۔ ایک جانب کو جھکتے ہوئے چلنا گویا کہ ننگے پیر چلنے کی وجہ سے تکلیف ہے۔
تَرَأْبَلَ۔ القومُ: چور بننا —— علیہ: لوٹ ڈالنا۔
الرِّئْبَالُ والرِّیبَالُ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ ج رَآبِل ورَآبِیل ورَآبِلَۃ ورَیَابِیل۔
الرِّئْبَالُ۔ اکلوتا لڑکا۔

الرَّاتِیْنَجُ۔ صنوبر کا گوند۔
رَؤُدَ (ک) رُؤُودَۃً۔ الغصنُ: ٹہنی کا تر اور بہت نازک ہونا۔ صفت (رَأْد)
تَرَأَّدَتِ الریحُ: ہوا کا ادھر ادھر چلنا
تَرَأَّدَ الرجلُ: اٹھنے میں کانپنا (—— وارْتَادَ) الغلامُ: خوش عیشی کی وجہ سے لڑکے کے بدن کا ہلکنا —— الغصنُ: جھکنا —— العنقُ: گردن کا پیچیدہ ہونا (تَرَأَّدَ وتَرَاءَدَ) الضحیٰ: روشنی پھیلنا۔ دن چڑھنا۔
الرَّأْدُ والرَّائِدُ۔ الضحیٰ: آفتاب چڑھنے اور روشنی پھیلنے کا وقت۔ والرَّأْدُ: کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی جڑ۔
الرِّئْدُ۔ ہمعمر۔ کہا جاتا ہے "ہذا رِئْدِی"

یہ میرا عمر ہے۔ درخت کا پودہ۔ ج آرآد
الرَّأْد والرَّأْدَة والرُّود والرُّؤْدَة
خوبصورت نوجوان عورت۔ الرُّؤْد: نرمی
سہولت۔ کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری
ہوئی جڑ۔
رَأْرَأَ۔ پتلی پھرانا۔ تیز دیکھنا۔ رَأْرَأَ بِعَيْنَيْهِ:
آنکھیں پھرانا۔ صفت مذکر (رَأْرَأ) صفت
مونث رَأْرَأ و رَأْرَأَة و رَأْرَاء و رَأْرَاءَة
ـــ الظِّبَاءُ: ہرنوں کا دُم ہلانا ـــ
السَّحَابُ او السَّرَابُ: بادل یا سراب کا چمکنا
ـــ الرجلُ: پڑھنے یا بولنے میں حرف را
زیادہ بولنا۔
رَؤُسَ يَرْؤُسُ رِئَاسَةً۔ رئیس ہونا
رَأَسَ (ف) رِئَاسَةً۔ القومَ: سردار
قوم ہونا (رَأْسَهُ (ف رَأْسًا) سر پر زخم پہنچانا
ـــ السيلُ الغُثاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ
جمع کرنا۔
رُئِسَ۔ درد سر والا ہونا۔
رَأَّسَهُ۔ سردار بنانا۔
تَرَأَّسَ وارْتَأَسَ۔ سردار ہونا۔
اِرْتَأَسَهُ: گردن پکڑ کر زمین میں جھکا دینا۔
اِرْتَأَسَ الشيءَ: کسی چیز کے سرے پر سوار ہونا۔
الرَّأْس۔ سر۔ ج أَرْؤُس و رُؤُوس و
رُؤُس و آرَاس۔ اس کا اطلاق ہر ذی
روح کے لیے ہوتا ہے اور اکثر جانوروں
کے لیے جیسے اربعون راسا من الغنم۔ الراس:
چیز کی چوٹی سردار قوم۔ راس الشهر والعام:
مہینے یا سال کا پہلا دن۔ اور کہا جاتا ہے
"فعله راسا" اس نے اس کام کو ابتداءً
کیا۔ و"ولدت ثلاثة راسا على راس" اس
عورت نے یکے بعد دیگرے تین بچے جنے۔
و"رُمِيتُ مِنْكَ في الراس" تیری طرف سے
میرے حق میں ایسی بری ہوئی کہ تو میری
طرف دیکھتا بھی نہیں۔ و"هذا قسم براسه"
یہ مستقل ایک قسم ہے۔ و"أنت على راس

أمرك" تو اپنے کام کے سرے پر ہے۔
رِئَاس۔ السيف: تلوار کا قبضہ۔
کہا جاتا ہے "انت على رِئَاسِ امرك" تو اپنے
کام کے سرے پر ہے۔
الرَّائِس۔ فا۔ حاکم۔ ج رُؤَّاس۔
الرَّئِيس والرَّيِّس۔ سردار قوم۔
چودھری۔ ج رُؤَسَاء
الرِّئِّيس۔ مستحکم سرداری والا۔
الرَّوَائِس۔ وادیوں کی بلندیاں۔
اگلے بادل۔ واحد رَئِيسَة۔
الرَّأّاس۔ سری بیچنے والا۔
الأَرْأَس۔ بڑے سر والا۔ مونث
رَأْسَاء۔
الرُّؤَاسِيّ۔ بڑے سر والا۔
المُرْآس۔ من الخيل: وہ گھوڑا جو گھڑ
دوڑ میں دوسرے گھوڑوں کے سر کو کاٹ۔
گھڑ دوڑ میں آگے بڑھنے والا۔
المُرَائِس۔ جنگ سے جی چرانے والا
المَرْؤُوس۔ رعیت محکوم۔ بڑے سر
والا۔ (ـــ والرَّئِيس) وہ شخص جس کے سر
میں زخم لگا ہو۔
المُتَرَئِّس۔ شیر
رَأَفَ (ف) رَأْفَةً ورُؤُوفًا (ک) رَآفَةً
ورَئِفَ (س) رَأْفًا وتَرَأُّفًا) بہ: بہت
مہربانی کرنا۔ صفت (رَؤُوف ورَؤُف و
رَأْف ورَئِف ورَائِف)
تَرَاءَفُوا۔ آپس میں مہربانی کرنا۔
رَأَّفَهُ واسْتَرْأَفَهُ۔ مہربان بنانا مہربانی
کرنے پر برانگیختہ کرنا
الرَّأْف۔ شراب۔
اِسْتَرْأَلَ۔ الرَّأْلُ: شترمرغ کے بچہ کا قوی
ومضبوط ہونا ـــ النباتُ: لمبی ہونا۔
الرَّأْل۔ شترمرغ کا بچہ۔ مونث رَأْلَة۔
ج رِئَال وأَرْؤُل ورِئْلَان ورِئَالَة۔ کہا جاتا
ہے "خَوَّدَ رَأْلُهُ" یعنی وہ گھبرا گیا۔

الرُّؤَال۔ گھوڑے کے منہ کے جھاگ۔
الرَّائِل والرَّاؤُول۔ دانتوں کے نیچے
زائد نکلا ہوا دانت۔ لَغَامَة (مُرْئِلَة) بچے
والی مادہ شترمرغ۔
المُرَائِل۔ جلدی کرنے والا۔
رَأَمَ (ف) رَأْمًا۔ الحبلَ: مضبوط بٹنا
ـــ القدحَ: درست کرنا۔ مرمت کرنا۔
رَئِمَ (س) رَأْمًا ورِئْمَانًا۔ الجرحُ:
زخم کا انگور بندھنا ـــ الشيءَ: محبت کرنا۔
الفت کرنا ـــ الناقةُ ولدَها: مہربان ہونا۔
صفت (رَائِم ورَائِمَة ورَؤُوم) ج رَوَائِم
کہتے ہیں "هو رَؤُومٌ لِلضَّيْمِ" وہ ذلیل ہو ذلت
پر راضی ہو جانے والا ہے۔
أَرْأَمَ إِرْآمًا۔ الجرحَ: زخم کو علاج
کر کے اچھا کرنا ـــ الحبلَ: رسی کو مضبوط
بٹنا ـــ وعلى الامر: مجبور کرنا ـــ الناقةَ:
اونٹنی کو دوسرے کے بچہ پر مہربان بنانا۔
تَرَأَّمَهُ وتَرَأَّمَ عليه: مہربان ہونا۔
الرِّئْم۔ سفید ہرن۔ ج آرْآم وآرام۔
مونث رِئْمَة۔
الرُّؤَام۔ لعاب۔
الرَّوَائِم۔ دیگدان کے پائے۔
الرَّأْم۔ اونٹ کا بچہ۔ اونٹ کے بچہ
کا چمڑا جس میں بھوسہ بھر دیا گیا ہو۔
الرُّئِم۔ دبر کا حلقہ۔
رَأَى يَرَى رَأْيًا ورُؤْيَةً ورَاءَةً
ورِئْيَانًا۔ بصارت یا بصیرت سے دیکھنا
یری کی اصل یرأی ہے اور اصل کا استعمال
نادر ہی ہوتا ہے۔ اور امر کا صیغہ رَ ہے۔
کہا جاتا ہے "یا تُرَی دیا هل تُرَی" یعنی اے
شخص کیا تو گمان کرتا ہے؟ اور مضارع کا
صیغہ گمان کے معنی میں مجہول ہی سنا گیا ہے۔
رَآءَ۔ الشيءَ: دیکھنا۔
رَأَى (ف) رَأْيًا۔ الرجلَ: پھیپھڑے پر
مارنا ـــ الزندَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

— الزندُ: آگ نکلنا — الرایۃَ: جھنڈا گاڑنا
رَاْیَتُہ تَرْئِیَۃً۔ خلاف حقیقت دکھانا
رَاءَیتُہ مُرَاءَاۃً وَرِئَاءً۔ خلافِ حقیقت دکھانا۔ ورائیتہ مُرَاءَاۃً: باہم مشورہ کرنا
اَرْاَیٰ اِرْءَاءً۔ عقل و رائے والا ہونا۔ چہرے میں حماقت ظاہر ہونا۔ آئینہ میں دکھنا دکھاوے کے لیے کام کرنا۔ پھیپھڑے کے درد والا ہونا۔ بہت خوش منظر ہونا۔ دیکھنے کے وقت پلکوں کو ہلانا — الرایۃَ: جھنڈا گاڑنا — الحامِلُ من غیر ذوات الحافر والسبع: تھن سے حاملہ معلوم ہونا۔ صفت (مُرْءٍ و مُرْئِیَۃٌ)
اَرَاہُ یُرِیْہِ اِرَاءَۃً وَ اِرَاءً الشیَ: دکھنا۔ صفت مذکر (مُرٍ) صفت مونث مُرِیَۃٌ کہا جاتا ہے "اَرِنی۔ اٰیکَ" مجھے مشورہ دو "اَرَی اللہ بفلانٍ" خدا تعالیٰ فلاں کو عذاب دیں اور اس کے دشمن کو وہ دکھلائیں جس پر وہ خوش ہو۔
تَرَاْیٰ وتَرَاءیٰ۔ فی المرأۃ: آئینہ میں دیکھنا۔ تَرَاْیٰ وتَرَاءیٰ لہٗ: دیکھنے کے درپے ہونا۔ وتراءی الناسُ: ایک دوسرے کو دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تراءینا فی الامر" ہم نے معاملہ میں غور کیا۔ "و تَرَاْیٰ برأیِ فلانٍ" وہ فلاں کا ہم خیال ہوگیا "تراءیٰ لی اَنّ الامرَ کَیْتَ کَیْتَ" میرے لیے یہ ظاہر ہوگیا کہ معاملہ ایسا ہے۔ "و تَرَاءَیْنَا الہلالَ" ہم نے چاند دیکھنے کی کوشش کی۔
اِرْتَاْیٰ۔ الامرَ: غور کرنا۔ شک کرنا۔ سوچنا۔
اِسْتَرْاٰی۔ ہ: دیدار چاہنا۔ رائے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْاَیْتُہٗ واِسْتَرْئَیْتُہٗ" مستراٰی بالمرأۃ: آئینہ سے دیکھنا۔
الرّاْیُ۔ رائے۔ اعتقاد۔ تم کہتے ہو "رأیی کذا" میرا اعتقاد ایسا ہے۔ تدبیر کی رسائی۔ ج آراء و آرْآءٌ۔

الرِّیُّ والرُّئیُ والرُّوَاءُ والرِّئیُ: منظر اور حسن منظر۔
الرُّؤیَا۔ خواب ج رُؤًی۔ کہا جاتا ہے "جاءَ حین جَنَّ رُؤْیًا اَو رَئْیًا" وہ اس وقت آیا جبکہ تاریکی خوب ہوگئی۔
الرُّؤیۃُ۔ آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًی
الرِّئۃُ۔ دیکھنا۔
الرِّئَاءُ۔ مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِکَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لیے کیا۔ اور کہا جاتا ہے "ہم رِئَاءُ الفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریباً ہزار ہیں۔ "قومٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم "دُوْرُنَا رِئَاءٌ" ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔
التَّرْئِیَۃُ۔ منظر یا حسن منظر۔
الرّءّاءُ۔ بہت دیکھنے والا۔
الرِّئَۃُ۔ پھیپھڑا۔ ج رِئَاتٌ و رِئُوْنَ اور نسبت کے لیے (رِئَوِیٌّ)
رَئِیُّ۔ القومِ: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرَّئیُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ ہو (اَرْاٰی) بکذا: وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْآۃُ۔ آئینہ ج مَرَاءٍ و مَرَایا۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے تَمَرْاٰی یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے۔ (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْاٰی والمَرْآۃُ۔ منظر۔ کہا جاتا ہے "ہو مَرْآۃٌ بکذا" وہ اس کے لائق ہے۔ "وتُخْبِرُ عن مجہولہ مَرْآتُہ" اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے "ہو منّی مَرْاًی ومَسْمَعٌ او بمَرْاًی ومَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ (ن) رَبًّا۔ القومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا — النعمۃَ: زیادہ کرنا — الشیَ: جمع کرنا مالک ہونا — الامرَ: کسی کام کو درست کرنا۔

— الدہنَ: تیل کو عمدہ و خوشبودار بنانا۔
— بالمکانِ: اقامت کرنا (— ربًّا و ربّ)
الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(— رَبًّا و رَبَّبَ تربیبًا وتَرِبَّۃً وارْتَبَّ ارتبابًا) الولدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔ ورَبَّبَ الدہنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
اَرَبَّ۔ بالمکان: اقامت کرنا — منہ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَۃُ" جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ۔ القومُ: اکٹھا ہونا — الصبیَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے ہو "رَاَیْتُہٗ یَتَرَبَّبُ اَرْضَکُم" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
اُرْتُبَّ۔ العنبُ: انگور کا پکنے سے رُب طیار ہونا۔
الرَّبُّ۔ مص۔ مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنی میں سے ہے۔ اور اس کی طرف نسبت کے لیے (رَبِّیٌّ و رَبَّانِیٌّ و رَبُوبِیٌّ)
الرَّبَّانی۔ عارف باللہ۔ عالم۔
الرَّبَّۃُ۔ رَبّ کا مونث۔ دیوی۔ مالکہ گھر۔
الرِّبَّۃُ۔ بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت ج اَرِبَّۃٌ و رِبَابٌ۔
الرُّبُّ۔ پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَابٌ و رُبُوبٌ۔
رُبَّ و رُبَّۃَ و رُبَّمَا و رُبَّتَمَا۔ حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے۔ اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لیے شرط ہے کہ موصوف ہو۔ اور جب اس کے آخر میں "ما"

لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "ربما الخلیل مقبل وربما اقبل الخلیل" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "ربما ضربة بسیف صقیل"

الرّابّ ۔ سوتیلا باپ ۔

الرّابّة ۔ سوتیلی ماں ۔

الرّبّ ۔ بہت پانی ۔ میٹھا پانی ۔

الرّباب ۔ سارنگی کی مانند ایک باجہ سفید بادل واحد (ربابة)

الرِّباب ۔ عہد ۔ دوست ۔ دس دس آدمیوں کی جماعتیں ۔

الرِّبابة ۔ الرب کا اسم ۔ مملکت ۔ عہد و پیمان ۔ جیسے "کنت امرأ افضت الیک ربابتی"

الرُّبّی ۔ بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو ۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو ۔ مضبوط گرہ ۔ حاجت ۔ نعمت ۔ احسان ۔

الرّبوبة والرّبوبیّة ۔ الرب کا اسم ۔

الرّبّاب ۔ جماعت

الرُّبّان ۔ ملاحوں کا سردار ۔

الرّبیب والرّبوب ۔ سوتیلا لڑکا ۔ سوتیلا باپ ۔ ج أربّة ۔ الربیب : مشک کو بنانے والا اور درست کرنے والا ۔

الرّبیبة ۔ دایہ ۔ سوتیلی لڑکی ۔ سوتیلی ماں ۔ ج ربائب ۔

المربوب ۔ پرورش کیا ہوا ۔ غلام بندہ

المَرَبّ ۔ جائے اقامت یا جائے اجتماع تم کہتے ہو "ھذا مربّ القوم" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے ۔ لوگوں کا جمع کرنے والا آدمی (۔۔۔ المرباب) بہت پیداوار والی زمین

المُربَّب ۔ جس کے اوپر انعام کیا جائے ۔

المربّة ۔ مملکت ۔

المربّبات ۔ رُب کی تیار کی ہوئی چیزیں

رَبَأَ (ف) رَبْأً ۔ چڑھنا ۔ بلند ہونا ۔۔۔ علی جبل : پہاڑ پر سے جھانکنا ۔۔۔ فی الامر : غور و فکر کرنا ۔۔۔ القومَ وللقوم : دیدبان بننا ۔۔۔ الشیٔ : بلند کرنا ۔۔۔ المالَ : حفاظت کرنا ۔ انتظام کرنا ۔ لے جانا ۔ اور کہا جاتا ہے "انی ارباُ بک عن ذلک" یعنی میں اس کو تمہارے لیے پسند نہیں کرتا ۔ "ما ربأتُ ربأہ" نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پروا کی ۔ "واربأ بہ" یعنی اس کی حفاظت کرو

رَبَّأَہٗ تربئةً ۔ لے جانا ۔

رَابَأَہٗ مُرابأةً ۔ چوکنا رہنا ۔ بچنا ۔ نگہبانی کرنا ۔ حفاظت کرنا ۔

اِرْتَبَأَ اِرْتباءً ۔ بہم : دیدبان بننا ۔۔۔ المرباۃ : دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا ۔۔۔ علی الجبل : پہاڑ پر سے جھانکنا ۔ کہا جاتا ہے "ارتبأ الشمس متی تغرب" یہ دیکھتے رہو کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے

الرّبیءُ والرّبیئة ۔ فوج کا دیدبان ۔ ج رَبایا ۔ کہا جاتا ہے ۔ "بثوا ربایاہم" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا ۔

المَرْبأ والمَرْبَأ والمرباۃ والمرتبأ ۔ دیدبانی کی جگہ ۔ المرباۃ : سیڑھی ۔

رَبَتَ (ن) رَبْتًا ورَبَّتَ تربیتًا ۔ پرورش کرنا ۔ ربّت الصبیَّ : بچے کو سلانے کے لیے تھپکنا ۔

رَبِتَ (س) رَبَتًا ۔ الشیٔ : بند ہونا ۔

رَبَثَہٗ (ن) رَبْثًا ورَبَثَہٗ عن کذا : منع کرنا ۔ روکنا ۔ بوجھل کرنا ۔

تَرَبَّثَ ۔ ٹھہرنا ۔ دیر کرنا ۔

اِرْتَبَثَ وارْبَثَ ۔ القومُ : پراگندہ ہونا ۔ متفرق ہونا ۔۔۔ امرُہم : کمزور ہونا ۔ بکھر جانا ۔

الرِّبّیثی ۔ مانع ۔ روک ۔

الرّبیثة ۔ مکر ۔ مانع ۔ ج رَبائث ۔

الرّبیث والمربوث ۔ رکا ہوا ۔

رَبَجَ (ک)، ورَبِجَ (س) رَباجةً ۔ کودن ہونا ۔ بلید ہونا ۔

تَرَبَّجَ ۔ متحیر ہونا ۔ کودن ہونا ۔

الاربجان ۔ ایک قسم کی نباتات ۔

رَبِحَ (س) رِبحًا ورَبَحًا ورَباحًا ۔ فی تجارتہ : نفع اٹھانا

رَبَّحَہٗ ۔ نفع کرانا ۔

رابحہ مرابحةً وارْبَحَہٗ علی سلعتہ : نفع دینا ۔ ارْبَحَ الناقةَ : صبح اور دوپہر میں دوہنا ۔

تَرَبَّحَ واسْتَرْبَحَ ۔ نفع طلب کرنا

الرّابِح ۔ ن ۔ مالٌ رابحٌ : نفع دینے والا مال ۔

الرِّبح ۔ ج ارباح (الرَّبَح والرّباح) نفع ۔ الرَّبَح : اونٹ جو بیچنے کے لیے لائے جائیں اونٹ کے چھوٹے بچے ۔

الرّباح ۔ شراب ۔

الرّباحی ۔ کافور کی ایک قسم

الرُّبّاح والرُّبَاح ۔ زبندر ۔ بکری کا بچہ اونٹ کا بچہ ۔ ج ربابیح ۔

مَتْجَرٌ (رَبیح) فائدہ مند تجارت ۔

الرِّبَحْل ۔ بڑے ڈیل ڈول والا ۔ مونث ربحلة ۔

رَبَخَ (س) رَبْخًا ۔ البعیرُ : اونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (۔۔۔ ربوخًا و رباخًا) المرأة : جماع کے وقت شدت شہوت سے عورت کا بیہوش ہوجانا ۔

ارْبَخَ ۔ الرجلُ : تہ بتہ ہونا ۔۔۔ الرجلُ بعیرہ میں مبتلا ہونا ۔

تَرَبَّخَ ۔ الرجلُ : سست و ڈھیلا ہونا

الرّبیخ ۔ بڑا پالان ۔

الرّبوخ ۔ جماع کے وقت شدت شہوت سے بیہوش ہوجانے والی عورت ۔

رَبَدَ (ن) رُبُودًا ۔ بالمکان : اقامت کرنا

رَبَدَہٗ (ن) رَبْدًا ۔ روکنا ۔ منع کرنا ۔

تبالابل : اونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَدَت۔ الشاۃُ : بکری میں سیاہ سفید
داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضرعُ : تھن کا سیاہ
سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ السماءُ : آسمان کا ابر آلود ہونا۔
— الرجلُ : تیوری چڑھانا — اللونُ : رنگ
بدل جانا
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا و اِرْبَادَّ اِرْبِيدَادًا۔
خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرُّبَدُ۔ مف۔ ایک قسم کی نباتات۔ (الرُّبَد)
تلوار کا جوہر۔
الرابِدُ۔ مف۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَدُ۔ خاکستری رنگ والا۔ عامٌ اَرْبَدُ :
قحط والا سال۔ مونث رَبْدَاءُ۔ الرَّبْدَاءُ : سخت و
شدید۔ کہا جاتا ہے۔ داھیۃٌ رَبْداءُ : بلائے بد۔
ج رُبْد۔ الاَرْبَدُ : ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر
لِلمِرْبَد۔ اونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں
کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک
کرنے کی جگہ۔
الرَّبِيْدُ۔ کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو
الرَّبِيْدَۃُ۔ دستاویز اور چیک وغیرہ
رکھنے کا صندوق
المُتَرَبِّدُ۔ شیر
رَبِذَ (س) رَبَذًا۔ چلنے یا کام کرنے
میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا
ہے "ہو رَبِذُ اللسان" وہ تنہا بھاگنے والا،
مونث رَبِذَۃ۔ فرس رَبِذَۃ : کم گوشت والا
مسوڑھا۔
اَرْبَذَ۔ الثوبَ او الحبلَ : کپڑے یا رسّی
کو کاٹنا۔
الرِّبْذَۃُ والرَّبَذَۃُ۔ چیتھڑا جس سے
سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ گوڑے
کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو
اونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں۔
اُون جس سے اونٹ کی مالش کی جاتی ہے

شیشی کا سربند۔ ج رِبَذ و رِبَاذ و رُبَذ۔
الرِّبْذَۃُ۔ بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرِّبْذِيُّ۔ کمان کا چلّہ۔ کوڑا۔
الرِّبَاذِيَّۃُ۔ بدی۔
الرِّبْذَانِيُّ والمِرْبَاذ۔ بہت بیہودہ بکنے
والا۔
الرَّبْرَب۔ نیل گایوں کا گلہ۔
الرَّبْرَق۔ کموے۔
رَبُزَ، رَبَازَۃً۔ زیرک و دانا ہونا۔
— الکبشُ : مینڈھے کا فربہ ہونا
رَبَزَ۔ القِرْبَۃَ : مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ۔ الشیءُ : پورا و کامل ہونا۔
الرَّبِيْزُ۔ زیرک و دانا۔
رَبَسَہٗ (ن) رَبْسًا۔ بیدہ : دھتکارنا
(— و رَبَّسَ) القِرْبَۃَ : مشک بھرنا۔
اَرْبَسَہٗ اِرْبَاسًا۔ غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ۔ العُنْقُودُ : گچھے کا ایک دوسرے
میں گتھنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ اِرْبِسَاسًا۔ الرجلُ : ملک میں
جانا۔ فی امرہ : تصرف کرنا — امرھم : کام
کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق
ہو جانا۔
الرَّبِيْسُ۔ مف۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا
ہے "جاءَ بمالٍ ربیس" وہ بہت مال لایا۔
الرَّبِيْسَاءُ۔ سخت مصیبت۔ ج رُبُس
"جاءَ بأمورٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرِّبْيَسُ۔ بہادر۔ مصیبت۔ دھتکارا
ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (امّ الرّبیس)
بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَّبْسَۃُ۔ میلی کچیلی بدہیئت عورت۔
الرِّيْبَاس۔ چقندر کی مانند ایک سبزی
جس کا مزہ ترشی مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَشَ۔ الشجرُ : پتے دار ہونا اور بقول
بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَشُ۔ مختلف رنگوں والا۔ مونث

رَبْشَاء۔ اَرْضٌ رَبْشَاء : مختلف رنگوں کی بہت
گھاس والی زمین۔
الرُّبْشَۃُ۔ رنگوں کا اختلاف
الرَّبَش۔ نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی
رَبَصَ (ن) رَبْصًا۔ بہ : کسی کے لیے
خیر یا شر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کے لیے
موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ۔ انتظار کرنا — عن الامر : رک
جانا — فی المکان : ٹھہرنا — بفلان :
بمعنی ربص — بسلعتہٖ : گرانی کا انتظار کرنا
الرُّبْصَۃُ۔ انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَت (ض) رَبْضًا و رُبُوضًا و
رِبْضَۃً۔ الدابۃُ : جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا
رَبَضَ الاسدُ علی فریستہٖ او القِرْنُ علی قِرْنِہٖ :
دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا و رُبُوضًا۔ فلانًا او
المکانَ : پناہ لینا۔
رَبَّضَہٗ۔ بالمکان : ٹھہرانا — الدوابَّ :
جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل
کرکے بٹھا دینا — الشمسُ : آفتاب کا سخت
گرم ہونا یہاں تک جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرے
رہنا۔
الرَّابِضُ۔ فا۔ (— الرَّبَّاض) شیر۔
الرَّابِضَۃُ۔ رابض کا مونث۔ بڑے
بڑے کاموں سے عاجز۔ نکما۔ چپٹے کے لیے
کہا جاتا ہے "ارنبۃ رابضۃ علی وجہٖ"
الرُّبْض والرِّبْض والرُّبُض و الرَّبَض)
بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ رُبُضٌ
عن الاسفار او عن الحاجات" یعنی سفر میں یا
ضرورت کے لیے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض۔ عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ
حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔
الرِّبْض۔ من البقر۔ بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ
الرَّبَض۔ بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے

کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسّی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لیجائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض۔

اَلرُّبْضَة والرُّبُضَة۔ ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا مرد۔

اَلرِّبْضَة۔ لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔

اَلرَّبُوض۔ من القریٰ: آباد گاؤں ـــ من الدرع۔ کشادہ زرہ ـــ من الشجرۃ: بڑا درخت۔ ج رُبُض۔ قِربَۃٌ رَبُوضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جاسکے۔

اَلرَّبِیض۔ باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں مع اپنے چرواہوں کے۔ پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔

اَلمَرْبِض۔ جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ ج مَرَابِض۔ (ـــ والمرتبض) پیٹ میں آنتوں کی جگہ

اَلتَّرَبَّاض۔ عصفر۔

رَبَطَہٗ (ن ض) رَبْطًا۔ باندھنا۔ مضبوط کرنا ـــ اللہ علی قلبہ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (ـــ رَبَاطَۃً) مضبوط دل ہونا۔

رَابَطَ رِبَاطًا و مُرَابَطَۃً۔ الامر: مداومت کرنا ـــ الجیشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔

تَرَابَطَ۔ الماءُ فی المکان: پانی کا جمع ہو کر ٹھہرا رہنا اور گدلا ہونا۔

اِرْتَبَطَ۔ فرسًا: حفاظت سرحد کے لیے تیار کرنا ـــ فی الحبل: بندھنا اور لٹکنا۔

اَلرِّبَاط۔ مہ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لیے قیام کرے۔ ج رُبُط۔ الرِّبَاط: فقراء کے لیے مکان موقوفہ ج رِبَاطَات۔ کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَہٗ"

یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔

اَلرَّابِط۔ فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَأشِ: قوی دل غیر ما کھٹ

اَلرَّابِطَۃ۔ رابط کا مونث۔ تعلق۔ علاقہ۔

اَلرَّبِیط۔ بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد فلسفی۔ رَبِیطُ الجَأشِ: بہادر۔

اَلرَّبِیطَۃ۔ باندھے ہوئے جانور۔ خلاف قیاس دَابَّۃٌ رَبِیطَۃٌ اور دَوَابُّ رَبِیطَۃٌ کہا جاتا ہے۔ اور دابۃ ربیط بھی کہا جاتا ہے

اَلرَّبَّاط۔ تانت کو باندھنے والا

اَلرُّبُط۔ بندھے ہوئے اور چارہ دیے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِیط)

اَلمَرْبَط والمَرْبِط۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط۔

اَلمُرَابِطَۃ۔ آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرَابِطَات۔

رَبَعَ (ف) رَبْعًا۔ توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ علیک او علی نفسک او علی ظَلْعِک" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو ـــ بالمکان: اقامت کرنا ـــ عنہ: رکنا۔ ـــ علیہ: مہربانی کرنا ـــ الرجلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کے لیے پتھر اٹھانا ـــ بعیشہ: راضی رہنا ـــ الابلُ: چوتھے دن پانی پینے آنا۔ رَبَعَت علیہ الحمّیٰ: چوتھے دن بخار آنا۔ (ـــ رُبُوعًا) الربیعُ: موسم بہار آنا۔

رَبَعَ (ف ن ض) رَبْعًا۔ الحبلَ: چار بل کی رسی بٹنا ـــ القومَ۔ اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا

رُبِعَ۔ القومُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لیے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوعَۃ) ـــ الرجلُ: چوتھے دن بخار آنا

رَبَّعَ۔ البیت او الحوضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا

رَابَعُوا۔ الحِملَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رابعتہ" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ۔ چوتھے سال میں داخل ہونا۔ ـــ القوم: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا ـــ الابلَ: پانی پر جانے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ اربع الرجلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ۔ الرجلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَرَبَّعَ۔ فی جلوسہ: چارزانو ہو کر بیٹھنا۔ (ـــ وارْتَبَعَ) الجملُ: اونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا ـــ بالمکان: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحجرَ: پتھر اٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ۔ الرملُ: ریت کا تہ بتہ ہونا ـــ الشیئَ: طاقت رکھنا۔

اَلرَّبْع مہ۔ گھر۔ گھر کا ارد گرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم بہار گذارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع و رُبُوع و اَرْبُع و اَرْبَاع۔ (ـــ والرَّبَع) میانہ قد مرد

اَلرُّبْع والرُّبُع۔ چوتھائی ج اَرْبَاع و رُبُوع۔

اَلرُّبَع۔ اونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہو اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو ہُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مالہم رُبَع ولا ہُبَع" ج رِبَاع و اَرْبَاع مونث رُبَعَۃ۔ ج رُبَعَات و رِبَاع۔

اَلرِّبْع۔ تین دن اونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حمّی الرِّبْع: چوتھیا بخار

اَلرَّابِع۔ فا۔ چوتھا۔ رَبِیعٌ رَابِعٌ: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبِلٌ رَوَابِع: چوتھے دن پانی پینے والے اونٹ۔

رُبَاعَ۔ چار چار۔ کہا جاتا ہے "اتوا رُبَاع"

وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَة۔ میانہ قد (مذکر و مونث) ج رَبْعَات ورَبَعَات۔ عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتَحَ العطّارُ رَبْعَتَہ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَّبَاع۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "ہُم علی رَبَاعِہِم" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعة والرِّبَاعة۔ اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لیس فیہم من یضبط رَبَاعَتَہ، الا فلانٌ" ان لوگوں میں فلان کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری کہا جاتا ہے "لا یقیم رَبَاعَة القوم الا فلانٌ" قوم کی سرداری کو فلان ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ "وَہُوَ رَبَاعَة قومِہ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ ملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِيَة۔ سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِیات

الرَّبَاعِي۔ وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع ورُبُع ورِبْعان ورِبَاع ورُبَع وأرْبَاع۔ مونث رَبَاعِیة ج رَبَاعِیات

الرُّبَاعِيّ۔ چار سے مرکب۔

الرَّبِيع۔ ج أرْبِعَة ورِبَاع وأرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِيعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ـــ ج أرْبِعاء ورُبْعان: زمین کے لیے پانی کا حصہ ـــ ج رُبُع چوتھائی

الرِّبْعِيّ۔ من المساکن: موسم بہار کی اقامتگاہ

الرَّبِيعَة۔ پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لیے اٹھایا جائے۔ بارغ لوہے کا خود۔ توشہ دان خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرَّوْبَع۔ کمزور۔ کمینہ۔

الرُّوبَعَة۔ پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اونٹ کے بچوں کی ایک بیماری

أرْبَعَة۔ چار۔ مونث أرْبَع۔ الرِّیاح الاربع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الأرْبَع: چارپائے۔

أُمُّ أرْبَع وأرْبَعِین۔ ایک قسم کا کیڑا۔

الأرْبَعَاء۔ ثلثۃ الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اربعاوان۔ ج أرْبَعَاوَات وأرْبَعَاوَات۔

قعد (الأُرْبُعَاء والأُرْبُعَاوَی) وہ چار زانو بیٹھا

الأُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

أرْبَعُون۔ چالیس

المَرْبَع۔ موسم بہار کی بارش ـ(ـــ والمُرْتَبَع) موسم بہار کی اقامتگاہ۔

المِرْبَع والمِرْبَعَة۔ لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لیے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع۔ موسم بہار میں بچہ جننے والی اونٹنی

المُرْبَع۔ چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع۔ چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴۲ = ۴ × ۴ = ۱۶

المِرْبَاع۔ وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائے موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اونٹنی۔

(ـــ والمُرْتَبِع والمُرْبُوع) درمیانہ قد۔

المَرَابِيع۔ ابتدائے موسم بہار کی بارشیں

اليَرْبُوع۔ ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ ج يَرَابِيع

رَبَعَ (ف) رُبُوعًا۔ القومُ فی النعیم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِغَ (س) رَبَغًا۔ عیشُہ: فراخ و آسودہ ہونا ـــ الرجلُ۔ بدکار و شوخ چشم ہونا۔ صفت (رَبِغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَة۔ بہت ہونا۔

الأرْبَغ۔ کثیر و کشادہ۔

رَبَقَہ (ن ض) رَبْقًا ورَبَّقَہ۔ پھندے سے باندھنا ـــ ہ فی الامر: کام میں ڈالنا ورَبَّقَ الکلامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرجلُ أشاءَہ حَبْلًا او أرْبَاقَہ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کے لیے رسی کا پھندا بنایا۔

تَرَبَّقَہ۔ لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشیءَ فی عنقی" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔

اِرْتَبَقَ۔ فی الحبالۃ: لٹکنا ـــ فی الامر: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "ارْتَبَقْتُ فی حَبَائِلِہ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔

الرِّبْق۔ پھندوں والی رسی۔

الرَّبْقَة والرِّبْقَة۔ رسی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق وأرْبَاق۔ کہا جاتا ہے "حلَّ رِبْقَتَہ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کردیا۔ "نَقَضُوا الحِبَالَ واکلوا الرِّبَاقَ" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیے۔

الرَّبِيق۔ پھندے سے باندھا ہوا۔ یا پھندے میں پھنسا ہوا۔

المُرَبَّقَة۔ چربی سے ترکی ہوئی روٹی

التِّرْبِيق۔ بکری باندھنے کی رسی۔

أُمُّ الرُّبَيْق۔ بلا۔

رَبَكَ (ن) رَبْكًا۔ الشیءَ: ملانا ـــ الرَّبِيكَة: گارا بنانا ـــ ہ: کیچڑ میں گرانا۔

رَبِكَ (س) رَبَكًا۔ پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ ورَبِيكٌ)

اِرْتَبَكَ۔ فی الوحل: کیچڑ میں گرنا ـــ فی الامر: پھنس کے رہ جانا ـــ فی کلامہ: رک رک کے گفتگو کرنا ـــ الصیدُ فی الحبالۃ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑپھڑانا ـــ الامرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔

اِرْبَاكَّ اِرْبِيكَاكًا۔ رایُہ: رائے کا گڑبڑ ہو جانا ـــ الرجلُ عن الامر: کام سے رک جانا۔

الرَّبِيكَة۔ گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رماہ بربیکۃ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا (ـــ والرَّبِيك والرُّبُوك) ایک قسم کا کھانا جو پنیر کھجور گھی ملا کر

طیار کرتے ہیں۔ اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔

الاَرْبَاث۔ من الابل: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلاً۔ القومُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المراعی: بہت گھاس والی ہونا۔

رَبَّلَ واَرْبَلَ۔ المکانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔

رَابَلَ۔ بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔

تَرَابَلَ۔ لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔

تَرَبَّلَ۔ موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا۔ جسمہٗ: پھولنا ۔۔۔ الارضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القومُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔

اِرْتَبَلَ۔ مالہٗ: بہت ہونا۔

الرَّبْل۔ موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُول۔

الرَّبَل۔ بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔

رَجُلٌ (رَبِلٌ) موٹا مرد۔

الرَّبَلَۃ والرَّبْلَۃ۔ ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت ج رَبَلات۔

الرَّبِیل۔ تنہا لوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔

الرَّبَالَۃ والرِّبِیلَۃ۔ گوشت کی زیادتی کہا جاتا ہے "ضمر بعد رَبَالَۃ" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرَّبِیلَۃ: تری۔ نعمت۔ فراخی زندگی۔

الرِّبِّیَال۔ لمبی پیچیدہ نباتات۔ بشیر ج رَبَابِیل۔

المِرْبَال۔ بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔

الرِّبْیَل۔ ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت

موٹی اونٹنی۔

الرُّبْجَۃ۔ باہم ملی ہوئی گھاس۔

اَرْبَتَہٗ۔ بہانہ دینا۔

تَرَبَّنَ۔ جہاز کا کپتان ہونا ۔۔۔ السفینۃَ: کشتی چلانا۔

الرَّبُون والاُرْبُون والاُرْبَان: بیعانہ۔

الرُّبَّان والرُّبَّانی۔ جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَۃ ورَبَابِین۔ رُبَّانُ کل شئ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اخذہٗ بِرُبَّانِہٖ او بِرُبَّانِہٖ" اس نے سارا لے لیا۔

رَبَا یَرْبُو رِبَاءً ورُبُوًّا۔ المالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا ۔۔۔ الرابیۃَ: ٹیلہ پر چڑھنا (۔۔۔ ربوًا) الفرسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (۔۔۔ ربوًا ورُبُوًّا) الولدُ: لڑکے کا بڑھنا۔ اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَیْتُ ورَبِیْتُ رَبَاءً ورُبِیًّا" میں نے نشوونما پائی۔

رَبَّی تَرْبِیَۃً وتَرَبِّی۔ الولدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّی التفاحَ بالسکرِ: مربہ ڈالنا۔

رَابَی مُرَابَاۃً۔ سود پر مال دینا ۔۔۔ الرجلَ: بہتر سلوک کرنا۔

اَرْبَی اِرْبَاءً۔ سود لینا ۔۔۔ الشئَ: بڑھانا ۔۔۔ ہ: اُمید دلانا (۔۔۔ علیہ فی کذا وارْتَبَی اِرْتِبَاءً) زیادہ کرنا۔

الرِّبَا۔ زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لیے۔ ربوی۔

الرَّبَاء۔ زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لفلان علیّ رَبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔

الرَّابِیَۃ۔ ج رَوَابٍ و (الرُّبْوَۃ والرَّبْوَۃ والرِّبْوَۃ) ج رُبًی ورُبِیٌّ: ٹیلہ۔

الرَّبْوَۃ۔ عند الحساب: دس لاکھ۔

الرِّبْوَۃ۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رِبًی

الرُّبَیْبَۃ۔ حشرات الارض کی ایک قسم بلی

الرَّبَاۃ والرَّبَاوَۃ۔ بالتثلیث: ٹیلہ۔

الرَّبْو۔ ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت ج اَرْبَاء۔ الرَّبْو والرَّبْوَۃ عند الاطباء: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔

الاُرْبِیَّۃ۔ اہل خاندان۔ چچازاد بھائی کہا جاتا ہے "جاءنی اُرْبِیَّۃُ قومہٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

الاِرْبِیَان۔ جھینگا۔

رَتَّ (ض) رَتَتًا۔ ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتّ) و صفت مؤنث (رَتَّاء) ج رُتّ

اَرَتَّہٗ اِرْتَاتًا۔ اللہُ: ہکلا کر دینا۔

الرُّتّ۔ سخت۔ نر سور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَۃ۔ الرُّتّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوت۔ کہا جاتا ہے "ہو من رُتوتِ الناس" وہ لوگوں کا سردار ہے۔

الرُّتَّۃ۔ ہکلاپن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی

رَتَأَ (ف) رَتْأً ورُتُوءًا۔ گلا گھونٹنا ۔۔۔ العقدۃَ: گرہ مضبوط کرنا ۔۔۔ فی المکان: اقامت کرنا ۔۔۔ الرجلُ: چلا جانا۔

اَرْتَأَ۔ رک رک کر ہنسنا۔

رَتَبَ (ن) رَتْبًا ورُتُوبًا۔ الشئُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فی الصلوٰۃ" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔

رَتَّبَہٗ۔ ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔

اَرْتَبَ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا ۔۔۔ الغلامُ الکعبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔

تَرَتَّبَ۔ ترتیب دار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا

الرَّتَب ۔ سختی وتنگی ۔ بلند زمین ۔ قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں ۔ (۔۔۔ والرَّتَب) خنصر وبنصر کے درمیان کا فاصلہ ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ

الرَّتَبَة ۔ انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ

الرُّتْبَة ۔ مرتبہ ۔ ج رُتَب ۔

الرُّتُوبُ والتُّرتَب ۔ قائم وثابت چیز ۔ ہمیشگی ۔ مٹی ۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں ۔ کہا جاتا ہے ۔ "جاءوا تُرتَبًا" وہ سارے آئے ۔

التُّرتُبَّة ۔ راستے کے مانند جس پر آدمی چلے ۔

الرَّاتِب ۔ فا ۔ عَیشٌ رَاتِبٌ : عیش دائم والراتب عند المحدثین : تنخواہ ۔ وظیفہ ۔ ج رَوَاتِب ۔ الرَّوَاتِب : سنن موکدہ ۔

المَرْتَبَة ۔ درجہ ۔ اعلیٰ درجہ ۔ ج مَرَاتِب

رَتَجَ (ن) رَتْجًا ۔ البابَ : دروازہ بند کرنا ۔ (۔۔۔ رَتَجَانًا) الصبیُّ : بچے کا چلنے لگنا ۔

رَتِجَ (س) رَتَجًا الخطیبُ : خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا ۔

أَرْتَجَ ۔ البابَ : دروازہ مضبوط بند کرنا ۔۔۔ الثلجُ : برف کا لگاتار گرنا ۔
۔۔۔ الخِصبُ : ساری زمین کو عام ہونا ۔
۔۔۔ الدَّجَاجَةُ : مرغی کا انڈوں سے بھر جانا
۔۔۔ البحرُ : سمندر کا جوش مارنا ۔

أُرْتِجَ وَارْتَتَجَ واستُرتِجَ ۔ الخطیبُ : خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا

الرَّتَج والرِّتَاج ۔ پھاٹک ۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو ۔

سَنَةُ (رَتَج) بندگی ۔ سال رَتَج : مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو ۔

الرِّتَاجَة ۔ چٹان ۔ ج رَتَائِج ۔

(۔۔۔ والمَرْتَج) تنگ راستہ ۔ ج مَرَاتِج ۔

المَرَاتِج ۔ تنگ راستہ ۔ کنجی ۔

مکان (مُرْتَج) بہت نباتات والی جگہ

رَتَخَ (ف) رُتُوخًا العجینُ : گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا ۔۔۔ بالمکان : اقامت کرنا ۔۔۔ عن الخیر : پیچھے رہنا ۔

الرَّتْخَة ۔ سخت کیچڑ ۔

جِلْد (أرْتَخ) خشک کھال ۔

رَتَّتَ ۔ حرف تا یا را کے بولنے میں ہکلانا ۔

رَتَعَ (ف) رَتْعًا ورُتُوعًا ورِتَاعًا ۔ آسودہ زندگی بسر کرنا ۔۔۔ فی المکان : اقامت کرنا اور فراغی کے ساتھ کھانا پینا ۔ صفت (رَاتِع) ج رُتَّع ورُتَّع ورِتَاع ورُتُوع ورَاتِعون ۔ رَتَعَ فی مال فلان : دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا ۔۔۔ فی لحم فلان : غیبت کرنا

أَرْتَعَ ۔ القومُ : سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا ۔۔۔ الارضُ : چرنے والے کو آسودہ کرنا ۔۔۔ الغیثُ : بارش کا چارہ کو اگانا ۔۔۔ الدوابَّ : جانوروں کو چرانا ۔

الرَّتَعَة ۔ سرسبزی کی کثرت ۔ اور اسی سے ہے "أسمَنَنِي القَیدُ والرَّتَعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا ۔

الرَّتِع ۔ آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو ۔ کلأٌ رَتِع : چرنے والے کے لیے کافی گھاس ۔

الأَرْتَاع ۔ من الناس : بہت لوگ ۔ کہا جاتا ہے "رأیت أرتاعًا من الناس" میں نے بہت لوگوں کو دیکھا ۔

الرَّتَّاع ۔ سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا

المُرْتِع ۔ آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو ۔

المَرْتَع ۔ چراگاہ ۔

رَتَقَ (ن) رَتْقًا ۔ الثوبَ : جوڑنا ۔۔۔ الفتقَ : درست کرنا ۔ کہا جاتا ہے "ہو الراتق الفاتق" وہ اصلاح کرنے والا ہے ۔ "رَتَقَ فتقَهم" اس نے اُن کے درمیان صلح کرا دی ۔۔۔ الشیءَ : بند کرنا ۔

اِرْتَتَقَ ۔ الشیءُ : جڑ جانا ۔

الرِّتَاق ۔ دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیے گئے ہوں ۔

الرَّتَقَة ۔ انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ ۔ ج رَتَق ۔

الرُّتُوق ۔ عزت وشرف

رَتَكَ (ض ن) رَتْكًا ورَتَكًا ورَتَكَانًا البعیرُ : اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا ۔

أَرْتَكَ ۔ البعیرَ : اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا ۔ أرتک الضحکَ : آہستہ ہنسنا ۔

المَرْتَك ۔ مردا سنگ

رَتِلَ (س) رَتَلًا ۔ الشیءُ : عمدہ نظم وترتیب سے ہونا ۔ صفت (رَتِل)

رَتَّلَ ۔ الکلامَ : اچھی طرح ترتیب دینا ۔۔۔ القرآنَ : قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا ۔

تَرَتَّلَ ۔ فی القول : ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا ۔

الرَّتَل ۔ مص ۔ عمدہ گفتگو ۔ کہا جاتا ہے "کلام رَتَل" خوبی آراستگی ۔ ہر چیز کی خوبی ثغر رَتَل : خوبصورت ہموار دانت ۔

التَّرتِیل ۔ پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا ۔ آواز کو عمدہ بنانا ۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح نہ نا کہ سارے حروف اچھی طرح ادا ہوں

الأَرْتَل ۔ اچھی ترتیب والا ۔ تتلانے والا

الرُّتَیلاء ۔ زہریلے کیڑے کوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ ۔ ج رُتَیلاوات ۔ ایک قسم کی

نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔

رَتَمَہ (ض) رَتْمًا۔ توڑنا یا کوٹنا۔ — فی بنی فلان: پرورش پانا۔ اور کہا جاتا ہے "ما رتم بکلمۃ" وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (— رَتِمًا) رتم کے دانے کھانے سے بیہوش ہونا۔ سست پڑنا۔

أَرْتَمَ و تَرَتَّمَ و ارْتَتَمَ۔ یاد رکھنے کے لیے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ اَرْتَمْتُ زیدًا: یاد کرنے کے لیے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھ دیا۔

الرَّتَم۔ ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں۔ واحد (رَتَمَۃ)۔ الرَّتَم: بھرا ہوا ترشہ دان۔ کامل حیا۔ آہستہ گفتگو۔

الرُّتَام۔ بوسیدہ۔

الرَّتِیمَۃ۔ ج رَتَم و رِتَام و (الرَّتْمَۃ) ج رَتَائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لیے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔

الرَّتِیم۔ آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بیہوشی طاری ہوتی ہے۔ ج رُتَامَی۔

شرٌّ (رَتِمٌ و مُرْتَتِمٌ) دائمی فساد۔

رَتَنَ (ن) رَتْنًا۔ الشحم بالعجین: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔

رَتَاہ یرتوہ رَتْوًا۔ ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ — القلبَ: دل کو قوی کرنا۔ — ہ بالبر: ملانا۔ — الدلوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (— رَتْوًا و رُتُوًّا) برأسہ: سر سے اشارہ کرنا۔ — الرجلُ: قدم رکھنا۔

رُتِیَ۔ فی ذرعہ: سست بازو ہونا۔

الرَّتْوَۃ۔ قدم۔ بلند زمین۔ تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بیننا وبینہم رتوۃ" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔

الرَّاتِی۔ دوسروں سے زائد علم والا۔

رَثَّ (ض) رَثَاثَۃً و رُثُوثَۃً۔ الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث

أَرَثَّ إِرْثَاثًا۔ الثوبَ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔

أُرْتُثَّ۔ زخمی کو میدان جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثّ)

الرَّثّ۔ مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث۔ کہا جاتا ہے "کلامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔

الأَرَثّ۔ بوسیدہ پرانا۔

الرَّثِیث۔ بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مردہ۔

الرِّثَّۃ۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَث و رِثَاث۔ کمزور لوگ۔

الرَّثَاثَۃ۔ مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔

رَثَأَ (ف) رَثْأً۔ اللبنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا۔ — الشیءَ بالشیءِ: ملانا۔ — غضبَہ: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔

أَرْثَأَ و ارْتَثَأَ۔ اللبنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ ارْتَثَأَ فی رأیہ: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ ارتثأ علیہم الأمرُ: گڑبڑ ہونا۔ ارْتَثَأَ۔ الرَّثِیئَۃ: دہی بنا۔

الرَّثْءُ والرَّثْأَۃ۔ بیوقوفی کم سمجھی۔ کمزور دلی۔

الرَّثِیئَۃ۔ رَثَأَ اللبنَ کا اسم۔ دہی۔ بیوقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔

رجلٌ (مَرْثُوءٌ) کمزور دل۔ کم سمجھ۔

رَثَدَ (ن) رَثْدًا و ارْتَثَدَ۔ المتاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِید و مَرْثُود)

رَثِدَ (س) رَثَدًا و أَرْثَدَ۔ الماءُ: پانی کا گدلا ہونا اور کہا جاتا ہے "احتفر حتی أرثد" اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ ارْتَثَدَ القومُ: جماعت ہونا۔

الرِّثْد و الرِّثْدَۃ۔ لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔

المَرْثَد۔ ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔ رَثَدُ البیتِ: گھر کا ردی سامان

المَرْثَد و المُرْثِد۔ فیاض سخی مرد۔ المَرْثَد: شیر۔

رَثَطَ (ن) رُثُوطًا و أَرْثَطَ و تَرَثَّطَ۔ فی قعودہ: نشست میں جھکے رہنا۔

رَثِعَ (س) رَثَعًا۔ بہت حریص و لالچی ہونا۔ صفت (رَثِع) ج رَثِعُون۔

ارْثَعَنَّ ارْثِعْنَانًا۔ المطرُ: لگاتار برسنا۔ — فلانٌ: کمزور اور شکستہ ہونا۔ — الشعرُ: بال کا لٹکنا۔

رَثَمَ (ض) رَثْمًا۔ الأنفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِیم و مَرْثُوم)

رَثِمَ (س) رَثَمًا و ارْثَمَّ۔ الفرسُ: ناک کے کنارہ پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثِمٌ و أَرْثَمُ) صفت مونث (رَثِمَۃ و رَثْمَاء) ج رُثْم

الرَّثَم و الرُّثْمَۃ۔ گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔

الرَّثْمَۃ۔ ہلکی بارش۔ ج رِثَام

المِرْثَم و المِرْثَمَۃ۔ ناک۔ ج مَرَاثِم۔

رَثَّنَ تَرْثِینًا۔ اچھی طرح سے بارش ہونا۔

الرَّثَان۔ لگاتار بارش۔

ارض (مَرْثُونَۃ و مُرَثَّنَۃ) بارش شدہ زمین

رَثَا یرثو رَثْوًا و رَثَی یرثی رَثْیًا و رِثَاءً و رِثَایَۃً و مَرْثَاۃً و مَرْثِیَۃً۔ المیتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔ — رَثَی لہ: رحم کرنا۔

رَثَی یرثی رِثَایَۃً۔ عنہ حدیثًا: یاد کرنا۔

رَثِیَ یرثی رَثًی و رَثْیًا۔ جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَّی و تَرَثَّی۔ المیتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَّاءَۃ و الرَّثَّایَۃ۔ نوحہ کرنے والی عورت

الرَّثْیَۃ۔ جوڑوں کا درد (— و الرَّثِیئَۃ) کمزوری۔ سستی۔ بیوقوفی۔

المَرْثَاۃ و المَرْثِیَۃ۔ وہ اشعار وغیرہ

جس میں میت کے محاسن بیان کیے جائیں۔ ج مراثٍ و "المراثی السبع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رجل (مرتوم) کمزور عقل والا مرد۔

الرثو۔ دہی۔

رَجَّهٗ (ن) رَجًّا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّ (ن) و رُجَّ رَجًّا۔ ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ۔ البحر: موج مارنا ـــ الکلامُ: ملتبس ہونا۔

الرَّجَّۃ۔ حرکت۔ رَجَّۃُ القوم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجَاجٌ۔ الغنم او الناس: کمزور دلاغر کہا جاتا ہے "نعجۃ رَجَاجَۃ" لاغر بھیڑ۔

ناقۃ (رَجَّاء) بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجَأَ۔ الامرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَأَتِ الحامل: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا ـــ الصائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجَبَ (ن) رَجْبًا۔ منہ: شرم کرنا۔ رَجَبَہ بکلامٍ سیّئٍ: تہمت لگانا ـــ رجبًا و رجوبًا (و اَرْجَبَ) ڈرنا تعظیم کرنا۔

رَجِبَ (س) رَجَبًا۔ منہ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَہ: ڈرنا تعظیم کرنا۔

رَجَّبَہ۔ ڈرنا تعظیم کرنا ـــ النخلۃ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا یا ارد گرد کانٹے لگا دینا اور اسی سے ہے "انا جُذَیْلُھا المحکک و عُذَیْقُھا المرجّب" اس قول میں جُذَیل جذل کی اور عُذَیق عذق کی تصغیر ہے جذل کے معنی تنا اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشتی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مُرَجَّب جس میں پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔ رَجَّبَ الرجلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَرَجَّبَ۔ خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا ـــ الرجلَ: ڈرنا تعظیم کرنا۔

رَجَب۔ قمری سال کا ساتواں مہینہ ج اَرْجَاب و رُجُوب و رِجَاب۔ کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُکَ اِلٰی سَبْعَۃِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔ رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الرُّجْبَۃ۔ سہارا جو کھجور کے درخت کے لیے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب۔

الرَّاجِبَۃ۔ انگلی کے جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب

الاَرْجَاب۔ آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرْجِب۔ مفع۔ خوفناک معظم۔

رَجَحَ (ف ن ض) رُجْحَانًا و رُجُوحًا۔ المیزانُ: جھکنا ـــ الرامی: غالب ہونا ـــ ہٗ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔

- دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ـــ ہ بیدہ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (ـــ رَجَاحَۃً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَہٗ و اَرْجَحَہٗ۔ جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔ رَجَّحَ و اَرْجَحَ لہ: جھکتا ہوا دینا۔

رَاجَحَہٗ۔ جھکنے میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّحَ۔ الرأیُ عندہ: غالب و برتر ہونا ـــ فی القول: مائل ہونا ـــ الشیءُ: ہلنا ـــ الاُرْجُوحَۃ بہ: جھکنا۔

اِرْتَجَحَ۔ فی الاُرْجُوحَۃ: جھولے میں جھکنا ـــ الابلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُّجُح۔ من الجفان: بھرے ہوئے بڑے پیالے ـــ من الکتائب: لشکر گراں

الاُرْجُوحَۃ۔ ج اَرَاجِیح (الرُّجَاحَۃ و الرَّجَّاحَۃ والمَرْجُوحَۃ) جھولا۔

الاَرَاجِیح۔ بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے میں اونٹوں کی جنبش۔

امرأۃ (رَجَاح) بڑے سرین والی عورت

رَجَدَ (ن) رَجْدًا۔ خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

رُجِدَ رَجْدًا و رُجِدَ و اُرْجِدَ کانپنا

رَجْرَجَ۔ بے قرار ہونا اور تھکنا۔ رَجْرَجَہٗ: حرکت دینا ـــ الماءَ: کھود کر پانی نکالنا۔

تَرَجْرَجَ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ کانپنا۔ ـــ الشیءُ فی محلہ: آنا جانا۔

المُرَجْرَج۔ ہلنے والا۔ کانپنے والا۔

الرِّجْرِج۔ ہر مضطرب ہونے والی چیز۔ لعاب۔

الرُّجْرُج۔ ایک قسم کی گھاس

الرَّجْرَاج۔ ایک دوا۔ رِدْفٌ رَجْرَاجٌ: چلنے میں ہلنے والا سرین۔ ناسٌ رَجْرَاجٌ: کمزور عقل والے۔

الرِّجْرِجَۃ۔ حوض کا بقیہ مٹی سے ملا ہوا پانی۔ لڑائی میں بہت بڑی جماعت۔ تھوک۔ بے عقل۔

رَجَزَ (ن) رَجْزًا۔ رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِزٌ و رَجَّازٌ و رَجَّازَۃ) رَجَزَ بہ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَہٗ۔ کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ۔ صاحبہ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَرَجَّزَ۔ رجز پڑھنا ـــ الرعدُ: لگاتار گڑگڑانا ـــ السحابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَجَزَ۔ رجز پڑھنا ـــ الرعدُ: لگاتار گڑگڑانا۔ بفلانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا ـــ الرجزَ فی القتال: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَرَاجَزَ۔ القومُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُّجْز و الرِّجْز۔ گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجْز: گناہ۔

الرَّجَز۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام

الرِّجَازَۃ۔ عورتوں کے لیے اونٹ پر کی

ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الْأُرْجُوزَةُ۔ بحر رجز کا قصیدہ۔ ج آراجیز۔

الْأَرْجَزُ۔ رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ (ن،ض)، رَجْسًا۔ البعیرُ: اونٹ کا آواز کرنا ـــــ السماءُ: آسمان کا گڑگڑانا ـــــ فلانًا عن الامر: روکنا ـــــ (وارْتَجَسَ) پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ (س) و رَجُسَ (ک)، رَجَاسَةً برا کام کرنا۔ صفت (رَجِسٌ)

اِرْتَجَسَتْ۔ السماءُ: گڑگڑانا ـــــ البناءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔

الرِّجْسُ والرَّجَسُ والرِّجِسُ۔ گندی پلیدی۔ الرّجس: برا عمل۔ برے عمل کی سزا شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔

الرَّجَّاسُ۔ سمندر۔ کہا جاتا ہے۔ بعیرٌ و سحابٌ رَجَّاسٌ" بہت تیز آواز والا بادل یا اونٹ۔

بعیرٌ رَجْسٌ و مِرْجَسٌ: تیز آواز نکالنے والا اونٹ۔

الْمِرْجَاسُ۔ پانی کی گہرائی ناپنے کا آلہ۔

الْمَرْجُوسَةُ۔ فساد و گڑبڑاہٹ۔

رَجَعَ (ض) رُجُوعًا و مَرْجِعًا و مَرْجَعَةً و رُجْعَى و رُجْعَانًا۔ واپس آنا۔ لوٹنا ـــــ رَجْعًا و مرجعًا الکلامُ فیہ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "ما یرجع الیک فیہ رجع" یہ صرف سجع ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں ـــــ العلفُ فی الدابۃ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عودہ علی بَدْئِہ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا ـــــ الشئ عنہ و الیہ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا ـــــ رجوعًا و رجعانًا الطیرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔

رَجَّعَ۔ فی صوتہ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (ـــــ و تَرَجَّعَ) فی المصیبۃ: انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا۔ رَجَّعَتِ الدابۃ: قدم رکھنا ـــــ تَرَجَّعَ الناقۃَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔

رَاجَعَہُ۔ فی الامر: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا ـــــ ہ الکلام: دوبارہ گفتگو کرنا ـــــ الرجلُ: اپنی پہلی بھلی یا بری عادت کی طرف لوٹ جانا۔

أَرْجَعَہُ۔ رد کرنا۔ پھیرنا ـــــ الدابۃُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ الناقۃُ: اونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا ـــــ الرجلُ فی المصیبۃ: انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا ـــــ اللہ بَیْعَتَہُ: نفع کرانا۔

اِرْتَجَعَ۔ الناقۃَ: ایک اونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ الی الشئ واپس کرنا۔ ارتجعہُ: واپس کرنا ـــــ المرأۃُ جلبابَہا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا ـــــ ارتجع علی الغریم: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "باعَ خیلہ فارتجعَ منہا رجعۃً صالحۃً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔

تَرَاجَعَ۔ القومُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا ـــــ القومُ الکلامَ بینہم: قوم کا آپس میں گفتگو میں الٹ پھیر کرنا۔

اِسْتَرْجَعَ۔ منہ الشئ: واپس لینا ـــــ فی المصیبۃ: انا للہ و انا الیہ راجعون کہنا ـــــ الحمامُ فی غنائہ: کبوتری کا گٹکری کرنا۔

الرَّجْعُ۔ م۔ خط کا جواب۔ بارش کے اوپر بارش۔ رجع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجاع و رُجعان و رِجعان۔ الرَّجْعُ: لید ـــــ من الارض: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو۔ ـــــ من الکتف: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "کواہ عند رجع کتفہ" اس کے مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصدی: آواز بازگشت۔

الرَّجِيعُ۔ من الکلام: واپس کی ہوئی گفتگو لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بعیر رجیع: سفر سے تھکا ہوا اونٹ ج رُجُع۔ دابۃ رجیع أسفار: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ کر جانے والا چوپایہ۔

الرَّاجِعُ۔ ف۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہوگئی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رواجع۔

الرُّجْعَۃُ۔ رجع کا اسم نوع۔ رجعت۔ اونٹ چھوٹے چھوٹے معمولی جن کی قیمت سے دوسرے اونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔

الرَّجْعَۃُ۔ واپسی۔

والرُّجْعَۃ والرُّجْعَی والرجعان و الرجوعۃ۔ خط کا جواب۔

المَرْجِعُ۔ لوٹنے کی جگہ۔ مونڈھے کا نچلا حصہ۔

المَرْجُوعُ والمَرْجُوعَۃُ۔ خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ کئے گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لیس لہذا البیع مرجوع" اس بیع کی واپسی نہیں۔

المُرَاجِعُ۔ من النساء: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہوگیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آگئی ہو۔

الرِّجَاعُ۔ مہار کا وہ حصہ جو اونٹ کی ناک پر ہو۔ ج اَرْجِعَۃ و رُجُعٌ۔

رَجَفَ۔ (ن) رَجْفًا و رَجَفَانًا و رَجِيفًا ہلانا۔ ہلنا۔ (لازمی و متعدی) ـــــ الرجلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا ـــــ الارضُ: زمین میں بھونچال ہونا ـــــ القومُ۔ لڑائی کے لئے تیار ہونا ـــــ الرعدُ: گڑگڑانا ـــــ الاسنانُ۔ دانتوں کا گرنا۔

أَرْجَفَ۔ لوگوں کو ہلانے کے لئے بری خبر کو پھیلانا ـــــ القومُ: بالشئ و فیہ: گھسنا۔ ـــــ الریحُ الشجرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔ اُرْجِفَتْ و ارْتَجَفَتِ الارضُ۔ زمین میں بھونچال ہونا زلزلہ ہونا۔

تَرَجَّفَتْ و ارْتَجَفَ۔ بہت زیادہ کانپنا۔

اِسْتَرْجَفَ. راسہ: حرکت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "خرجوا یَسْتَرْجِفُوْنَ الْاَرْضَ نَجْدَۃً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔

الرَّجْفَۃ۔ اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔

الرَّاجِف۔ فا۔ جوڑی والا بخار۔

الرَّاجِفَۃ۔ قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

الرَّجَّاف۔ بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔

الْاَرَاجِیْف۔ گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ الْمَخَاوِیْفُ کَثُرَتِ الْاَرَاجِیْفُ" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔

التَّرَجَّاف۔ اضطراب۔ بے قراری۔

رَجَلَ (ن) رَجْلاً۔ الفصیلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لیے آزاد چھوڑ دینا۔ — الشَّاۃَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔ رَجَلَہٗ: ٹانگ پر مارنا۔

رَجِلَ (س) رَجَلاً۔ پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا — الدابَّۃُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا — الشعرُ: بال کچھ گھنگریالے ہونا — الفصیلُ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لیے آزاد چھوٹنا۔

رَجَّلَہٗ۔ قوی کرنا — الشعرَ: کنگھی کرنا۔

اَرْجَلَہٗ۔ مہلت دینا۔ پیدل چلانا — الفصیلَ: اونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لیے آزاد چھوڑنا۔

تَرَجَّلَ۔ سواری سے اتر کر پیدل چلنا۔ — المرأۃُ: مرد جیسی ہونا — الشمسُ: آفتاب کا بلند ہونا — البئرَ و فی البئرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اترنا — الزندَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔

اِرْتَجَلَ۔ دیگچی میں پکانا — الشاۃَ: پیر باندھنا — و: پاؤں سے پکڑنا — الزندَ: پاؤں کے نیچے رکھنا — الکلامَ: فی البدیہہ کہنا — برایہ: منفرد ہونا — الرجلُ: پیدل چلنا — النھارُ: دن کو چڑھنا — الفرسُ: درمیان دوڑ رفتار و کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رَجْلَکَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔

الرَّجِل۔ مذ۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شعر رَجِلٌ: کچھ گھنگریالے بال۔

الرِّجْل۔ ج اَرْجُل: پاؤں — ج ارجال: کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہی کہا جاتا ہے "جاءت رِجْلٌ دَفَّاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "کان ذٰلک فی رِجْلِ فلانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرِّجْلُ: پائجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پائخانہ۔ بہت سونے والا مرد۔ خوف۔ تم کہتے ہو "انا من امری علی رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ جنبش قدمی۔ رِجْلُ البحر۔ کھاڑی۔ خلیج۔ رِجْلَا السہمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغراب و رِجْلُ الجراد: دو نباتات کے نام۔ رِجْلُ الجبَّار و رِجْلُ الجوزاء و رِجْلُ قنطورس: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "ھو یُقَدِّمُ رِجْلاً و یُؤَخِّرُ اُخْرٰی" یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔

الرَّجُل۔ مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجالٌ و رَجْلَۃٌ و رَجَلَۃٌ و اَرَاجِل و رِجالات۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ رَجُلٌ فی الرِّجال" فلاں کامل مرد ہے۔

الرَّجَل۔ مذ — من الشعر: کم گھنگریالے بال۔ ج اَرْجال و رَجالیٰ۔

الرَّاجِل۔ پیدل چلنے والا۔ الرَّجِل من الشعر: کم گھنگریالے بال۔

الرَّاجِل۔ فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل و رَجَّالَۃ و رُجّال و رِجال و رُجالیٰ و رَجالیٰ و رُجْلان۔ کہا جاتا ہے "جاءتِ الخیالۃُ و الرَّجالۃُ" سوار و پیادے سب آئے۔ "و اَغار علیہم بخیلہٖ و رَجِلِہٖ" اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا مرد۔

الرِّجْلَۃ: خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اگنے کی جگہ۔ ج رِجَل۔

الرُّجْلَۃ۔ چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَۃ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجُلَۃ۔ عورت۔

الرَّجِیْل۔ ج اَرْجِلَۃ و اَرَاجِل و اَرَاجِیْل: پیدل چلنے والا — ج رَجْلیٰ و رُجالیٰ و رَجالیٰ: بہت چلنے پر قادر۔ کلامٌ رَجِیْلٌ: فی البدیہہ کلام۔ رَجُلٌ رَجِیْلٌ: قوی مضبوط مرد۔ مکانٌ رَجِیْلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فرسٌ رَجِیْلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔

الْاَرَاجِل۔ شکاری لوگ۔

الرُّجُوْلَۃ و الرُّجُوْلِیَّۃ و الرَّجُوْلِیَّۃ و الرُّجْلِیَّۃ۔ مردی۔ مردانگی۔

الرَّجْلَان۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجالیٰ و رُجالیٰ و رَجْلیٰ۔ مونث رَجْلیٰ۔ ج رَجالیٰ رُجالیٰ۔

الْاَرْجَل۔ من الدواب: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُلٌ اَرْجَلُ۔ بڑے پاؤں والا مرد۔ مونث رَجْلاءُ۔ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "ھو اَرْجَلُھُمْ" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔

التَّرْجِیْل۔ مذ۔ جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔

التَّرَاجِیْل۔ کرفس۔ (ایک دوا کا نام)

المِرْجَل۔ دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل۔

المُرَجَّل۔ من النسیج ونحوہ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔

المُمَرْجَل۔ من الثیاب: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔

امرأۃ مُرْجِل: لڑکے ہی جننے والی عورت۔

رَجَمَہٗ (ن) رَجْماً۔ سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔ — القبرَ: نشان کے لیے پتھر لگانا — الرجلُ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے

"جاء رَجْمًا" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔
رَجَمَ۔ اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَمَ بالغیب" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں ۔۔۔ القبرَ: نشان کے لیے پتھر لگانا۔
رَاجَمَهٗ مُرَاجَمَةً۔ ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عن قومه: مدافعت کرنا ۔۔۔ و فی الحرب اوالکلام اوالعَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔
تَرَاجَمُوْا۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا ۔۔۔ بالکلام: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اِرْتَجَمَ۔ الشیئُ: تہ بتہ ہونا۔
الرَّجْمُ۔ مص۔ دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم۔ الرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بالغیب" اٹکل پچو۔ و صَارَ فُلانٌ رَجْمًا" فلاں حقیقت حال کو واقف نہیں۔
الرَّجَمُ۔ کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج۔ رِجَام۔
الرُّجُمُ۔ ستارے کی مانند جو آسمان سے گرتے ہوئے معلوم ہوں کوئی علامت یا پتھر جو قبر پر لگایا جائے۔ واحد (رَجْم)
الرُّجْمَةُ الرَّجْمَةُ۔ قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان کے لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم و رِجَام۔
الرَّجِیْمُ۔ سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔
الرِّجَامُ۔ کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَة)
الرِّجَامَانِ۔ کنوئیں کی من پر کی دو لکڑیاں جن میں چرخی لگائی جاتی ہے۔
المِرْجَمُ۔ من الرجال: مضبوط قوی مرد۔ فرس مِرْجَم: بہت روندنے والا گھوڑا۔ حدیث مُرَجَّم ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔
المِرْجَامُ۔ پتھروں کے پھینکنے کا آلہ ۔۔۔ من الابل: مضبوط اونٹ۔
المُرَاجِمُ۔ قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تراموا بالمَرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔
رَجَنَ (ن)، و رَجِنَ (س)، رُجُنَ (ک)، رُجُوْنًا۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔۔۔ الحیوانُ: مانوس ہونا۔
رَجَنَ (ن) رَجْنًا و رَجَّنَ و اَرْجَنَ۔ الدابةَ: چارہ کھانے کے لیے گھر پر روکنا۔ رَجَنَ فلانًا: شرم کرنا۔ و ارْجَنَتِ الناقةُ: گھر پر ٹھہرنا
اِرْتَجَنَ۔ بالمکان: اقامت کرنا ۔۔۔ الزبدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا ۔۔۔ علی القوم امرُهم۔ گڑبڑ و فاسد ہونا
الرَّاجِنُ۔ مہلک زہر۔
الرَّجِیْنَةُ۔ جماعت۔
المَرْجُوْنَةُ۔ ٹوکرا۔ خشک کہ و اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "ہم فی مرجونة" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔
رَجَهَ (ض) رَجْهًا۔ ہلنا ۔۔۔ بالشیئ: دانتوں سے پکڑنا۔
اَرْجَهَ۔ الامرَ: وقت سے پیچھے ہٹانا۔
رَجَا (ن)، رَجَاءً و رُجُوًّا و رَجَاةً و مَرْجَاةً و رَجَاوَةً و رَجَاءَةً: پر امید ہونا ۔۔۔ الشیئَ: امید کرنا۔ خوف کرنا ۔۔۔ الرجلَ: کسی کے متعلق کچھ امید لگانا۔
رَجِیَ (س) رَجًا۔ کلام سے رک جانا۔
رُجِیَ۔ علیه: کلام منقطع ہونا
رَجَّی و تَرَجَّی و اِرْتَجَی۔ الشیئَ: امید کرنا رَجَّی و ارْجَی فلانًا: امید لگانا۔ و ارْتَجَی الشیئَ: خوف کرنا۔
اَرْجَی۔ الامرَ: مؤخر کرنا ۔۔۔ الصیدَ: نہ پانا۔
اَرْجَی البئرَ کنواں کا من بنانا۔ ارجت الناقةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔
الرَّجَا و الرَّجَاءُ۔ کنارا۔ رَجَوا البئرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الرَّجَاءُ: جھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔
الرَّجِیَّةُ۔ امید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لیس لی فی فلانٍ رَجِیَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی امید نہیں۔
الاُرْجِیَّةُ۔ جو چیز موخر و ملتوی کی جائے
الرَّحَّةُ۔ سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو
الرَّحَحُ۔ کھر کی چوڑائی۔
الرُّحُحُ۔ چوڑے پیالے
الاَرَحُّ۔ بھرے تلوے والا ہونٹ رَحَّاء، ج رُحٌّ۔
رَحِبَ (س) رَحَبًا و رَحُبَ (ک) رُحْبًا و رَحَابَةً۔ المکان: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت رَحْبٌ و رَحِیْبٌ و رُحَابٌ؛ اور کہا جاتا ہے "رَحُبَ حکم الامرُ" یعنی معاملہ تمہارے لیے وسیع ہے (اور یہ کشادہ ہے)
رَحَّبَ۔ المکانَ: کشادہ کرنا ۔۔۔ بہ مرحبًا) بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔
اَرْحَبَ۔ المکانُ: کشادہ ہونا ۔۔۔ المکانَ: کشادہ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ یا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔
تَرَاحَبَ۔ کشادہ ہونا۔
الرَّحْبُ۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مکان رَحْبٌ وارض رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ و رَحْبُ الصدر: کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و رَحْبُ الذِّرَاعِ بالامر: طاقتور و "رَحْبُ الباعِ اوالذراعِ" فیاض۔ سخی۔
الرُّحْبَی۔ سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَیَانِ: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں
الرَّحْبَةُ والرُّحْبَةُ۔ کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو۔ اور بہت لوگ آتے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ ۔۔۔ من الدار: مکان کا صحن ۔۔۔ من الوادی وادی کی دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَاب و رَحَب و رَحَبَات و رَحْب و رَحْبَات
الرَّحِیْبُ۔ بہت کھانے والا۔
التَّرْحَابُ۔ خوش آمدید۔
رَحَائِبُ۔ النجوم: کشادہ اطراف۔ واحد

رَحُبَۃ ۔

المَرْحَبُ ۔ کشادگی ۔ اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَرْحَبًا بِکَ" یعنی تم نے کشادگی پائی "و مرحبک اللہ و سہلک" اللہ تعالیٰ تم کو کشادہ اور نرم زمین میں اتارے "اہلاً و مرحبا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ وحشت مت کرو۔ اور بد دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لا مرحبًا بک"

رَحْرَحَ ۔ مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ۔۔۔ الشیٔ عن فلان ؛ چھپانا ۔۔۔ بالکلام ؛ واضح کلام نہ کرنا ۔

تَرَحْرَحَ ۔ الفرس ۔ گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا

الرَّحْرَحُ و الرَّحْرَاحُ و الرَّحْرَحَانُ ۔ پھیلا ہوا کشادہ ۔ اتھلا ۔ تھوڑی گہرائی والا ۔ اور کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَحْرَحٌ و رَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی ۔

رَحَضَ (ف) رَحْضًا و اَرْحَضَ ۔ الثوب ؛ کپڑا دھونا ۔

رُحِضَ ۔ المحموم ؛ پسینہ آنا ۔

اِرْتَحَضَ ۔ الرجلُ ؛ رسوا ہونا ۔

ثوب رَحِیضٌ ؛ کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے ۔ الرحض ؛ مشک پرانا توشہ دان ۔

الرُّحَاضُ ۔ پسینہ کی آمد ۔

الرُّحَاضَۃ ۔ وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے ۔ دھوون ۔

الرُّحَضَاءُ ۔ بخار اترتے وقت کا پسینہ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے ۔

الرَّحِیضُ ۔ دھویا ہوا ۔

المِرْحَاضُ ۔ غسلخانہ ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مختاط کہتے ہیں) پاخانہ ج ۔ مَرَاحِیضُ ۔

المِرْحَضَۃ و المِرْحَاضَۃ ۔ کوئی چیز جس میں دھویا جائے ۔

اَرْحَفَ اِرْحَافًا ۔ السکین ؛ چھری تیز کرنا ۔

الرُّحَاقُ و الرَّحِیقُ ۔ شراب ۔ الرحیق ؛ ایک قسم کی خوشبو ۔ حَسَبٌ رَحِیقٌ ؛ بے داغ حسب مِسْکٌ رَحِیقٌ ؛ خالص مشک ۔

رَحَلَ (ف) رَحْلًا و رَحِیلًا و تَرْحَالًا عن المکان ؛ ترک وطن کرنا ۔۔۔ الی المکان ؛ منتقل ہونا ۔۔۔ البعیر ؛ کجاوہ کسنا ۔ سوار ہونا ۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ نَفْسِی" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ۔۔۔ ہ بالسیف ؛ کسی پر تلوار اٹھانا ۔۔۔ البلاد ؛ پھرنا ۔ گھومنا ۔

رَحَّلَہٗ ۔ کوچ کرانا ۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ۔۔۔ الثوب ؛ نقش و نگار کرنا ۔

رَاحَلَہٗ ۔ کوچ کرنے میں مدد دینا ۔

اَرْحَلَ ۔ سواری کے بہت جانور والا ہونا ۔ ۔۔۔ الدابۃ ؛ چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا ۔۔۔ ہ ؛ سواری دینا ۔ ۔۔۔ الابل او الناقۃ ؛ اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا ۔

تَرَحَّلَ ۔ القوم عن المکان ؛ منتقل ہونا ۔۔۔ فلانًا ؛ کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا ۔

اِرْتَحَلَ ۔ عن المکان ؛ منتقل ہونا ۔ کوچ کرنا ۔ ۔۔۔ البعیر ؛ اونٹ پر کجاوہ کسنا ۔ سوار ہونا ۔۔۔ الامر ؛ کسی معاملہ پر غالب ہونا ۔

اِسْتَرْحَلَہٗ ۔ سواری طلب کرنا ۔ سواری پر کجاوہ کسنے کہنے کہنا ۔۔۔ الناس نفسہ ؛ اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا ۔

الرَّحْلُ ۔ مع ۔ کجاوہ ۔ منزل ۔ قیامگاہ ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ اِلٰی رَحْلِہٖ" مسافر اپنے قیامگاہ پر واپس آیا ۔ سامان سفر ۔ کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَہٗ وَ اَلْقٰی رَحْلَہٗ" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا ۔ یعنی اس نے اقامت کر لی ۔ ج ۔ رِحَال و اَرْحُل ۔ الرحال ؛ مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے ۔

الرِّحْلَۃ ۔ کوچ ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے ۔ سفرنامہ ۔

الرُّحْلَۃ ۔ جہت سفر ۔ تم کہتے ہو "دمشق رُحْلَتُنَا" ہماری جہت سفر دمشق ہے ۔ سفر ۔ "عَالِمُ رُحْلَۃٍ" ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کر کے آئیں ۔ بعیر ذو رحلۃ و رِحْلَۃ ؛ مضبوط و قوی اونٹ ۔

الرَّحِیلُ ۔ مص ۔ کوچ ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے ۔ جمل رَحِیلٌ و ناقۃ رَحِیلَۃ ؛ چلنے میں قوی اونٹ ۔

الرَّاحِلُ ۔ فا ۔ ج راحلون ۔ و رُحَّل و رُحَّال ۔

الرَّاحِلَۃ ۔ من الابل ؛ سواری کے لائق اونٹ ۔ سفر و بار برداری کے لئے مضبوط اونٹ و اونٹنی (ۃ مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل ۔

الرِّحَالَۃ ۔ بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین ۔ ج رَحَائِل ۔

الاَرْحَلُ ۔ من الخیل و الشاء ؛ سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری ۔

الرَّحَّالُ ۔ کجاوے بنانے والا ۔ بہت سفر کرنے والا ۔ ج رَحَّالَۃ ۔

الرَّحَّالَۃ ۔ بہت سفر کرنے والا ۔

الرَّحُولُ ۔ بہت منتقل ہونے والا

الرَّاحُولُ ۔ کجاوہ

المَرْحَلَۃ ۔ مسافر کے ایک دن کا سفر ۔ ج ۔ مراحل ۔

المُرْحِلُ ۔ بہت سواری کے جانور والا ۔ ۔۔۔ و المُرَحَّلُ ۔ من الجمال ؛ مضبوط و قوی ۔

المُرْتَحَلُ ۔ من الابل ؛ کجاوہ کسا ہوا اونٹ ۔۔۔ من الثیاب ۔ کجاوہ کے مانند نقش و نگار والا کپڑا ۔

مُرْتَحَل ۔ البعیر ؛ اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ

رَحِمَہٗ (س) رَحْمَۃً و مَرْحَمَۃً و رُحْمًا و رُحُمًا ۔ نرم دل ہونا ۔ مہربان ہونا شفقت کرنا ۔ بخشدینا ۔

رَحِمَتْ (س) و رَحُمَتْ (ک) رَحْمًا و

رَحمًا و رَحامَۃً و رُحِمَت۔ المرأۃ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت رَحُوم (رحمۃ و رُحماء)۔

رَحَّمَہ و ترحَّمَ علیہ: کسی کے متعلق رَحِمَہُ اللّٰہ کہنا۔

تراحَمَ القومُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔

اِستَرحَمَہٗ۔ مہربانی طلب کرنا۔

الرَّحِم و الرِّحم۔ (مونث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذوالرحم" یعنی رشتہ دار۔ ج اَرحام۔

الرحام۔ بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔

الرَّحمَۃ و الرُّحمٰی و الرُّحم۔ نرم دل و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت و احسان ہے۔

الرَّحَمُوت۔ بڑی مہربانی۔

الرَّاحِم و الرَّحُوم۔ مہربانی کرنیوالا۔

الرَّحِیم۔ مہربانی کرنیوالا جس پر مہربانی کی جائے ج رُحَماء۔ الرحیم۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

الرَّحمان۔ مہربانی کرنیوالا (یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور باری تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے)۔

المَرحَمَۃ۔ مہربانی۔ ج مَراحِم۔

المُرحُوم۔ جس پر مہربانی کیجائے (۔۔۔ و المرحوم) مولدین کے نزدیک متوفی سے کنایہ ہے۔

الرحامس۔ دلاور مرد۔

رحا یرحو رَحوًا و رَحٰی یرحی رحیًا و تَرَحّٰی۔ الحیۃ: کنڈلی مارنا۔ رحا الرحٰی: چکی چلانا۔

الرحٰی (مونث) چکی۔ تثنیہ رحوان و رحیان ج ارحاء و ارحیۃ (اَرحٍ و رُحِیّ و رِحِیّ و اُرحِیّ)۔ الرحٰی: سینہ۔ گھمسان کی جنگ۔ سردار قوم۔ کہا جاتا ہے "ہو رحی قومہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ داڑھ۔ کہا جاتا ہے "طحنہ بارحاہ" اس نے اسکو اپنی داڑھ سے پیس دیا۔ بادل۔ وہ قبیلہ جو نہ تو اپنی جگہ سے ٹلے اور نہ گھاس پانی کی طلب میں جائے ج اَرحاء۔

المُرحِی۔ چکی ساز۔

المُرتَحٰی۔ گھمسان کا رن۔

رَخَّہٗ (ن) رَخًّا۔ پاؤں سے روند کر ڈھیلا کرنا ۔۔۔ الشراب: پانی ملانا۔

رَخَّ (ض) رَخًّا۔ العجینُ: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔

اَرَخَّ۔ فی الامر: مبالغہ کرنا ۔۔۔ العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔

اِرتَخَّ۔ الرجلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔ متردد ہونا۔

الرَّخَخ۔ نرمی۔ سہولت۔

الرُّخّ۔ ایک خیالی بڑے جانور کا نام۔ ۔۔۔ رُخّۃ۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام ج رِخاخ و رِخَخَۃ۔

الرخاخ۔ نرمی۔ عیشٌ رَخاخ: آسودہ زندگی۔ رخاخ العیش: زندگی کی فراخی و آسودگی۔ ارض رَخاخ۔ نرم زمین۔ اَرضٌ رَخاء: نرم زمین ج رخاخ۔

الرَّخت۔ زین ج رُخُوت۔ (۔۔۔)

الرَّخرَخ و الرَّخراخ۔ پتلا گارا۔

ترخش و ارتخش۔ ہلنا۔ مضطرب ہونا۔

الرَّخشَۃ۔ اضطراب۔ حرکت۔

رَخُصَ (ک) رُخصًا۔ الشیئ: سستا ہونا۔ صفت (رَخِیص) ۔۔۔ رَخاصَۃً و رُخُوصَۃً) نرم و نازک ہونا۔ صفت (رَخص و رَخِیص) مؤنث رَخصَۃ ج رِخاص۔

رَخَّصَ۔ السعر: بھاؤ سستا کرنا ۔۔۔ لہ فی کذا: ممانعت کے بعد اجازت دینا۔

اَرخَصَہٗ: سستا کرنا۔ سستا پانا یا خریدنا۔

تَرَخَّصَ۔ فی الامر: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا ۔۔۔ فی کذا: اجازت دیا جانا۔ فی حقہٖ: اپنے حق میں سے جو ممکن ہو وہ لے لینا اور پورا نہ لینا۔

اِرتَخَصَہٗ۔ سستا سمجھنا یا سستا خریدنا۔

اِستَرخَصَ۔ الشیئ: سستا سمجھنا۔

الرُّخصَۃ و الرُّخُصَۃ۔ تخفیف۔ آسانی۔ کہا جاتا ہے "لک فی ہذا الامر رخصۃ" تم کو اس میں آسانی ہے یعنی کی باری۔

موتٌ رَخِیص: جلدی آنے والی موت۔

رَخَفَ (ن) رَخفًا و رَخِفَ (س) رَخَفًا و رَخُفَ (ک) رَخافَۃً و رُخُوفَۃً العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا ہونا۔ صفت (رَخِف و رَاخِف)۔

اَرخَفَ۔ العجین: گندھے ہوئے آٹے کا گیلا کرنا۔ پانی بڑھانا۔

الرَّخف و الرَّخفَۃ۔ پتلا مکھن۔ گیلا ۔۔۔ رِخاف۔

الرخفۃ و الرَّخِف۔ نرم و پتلا ۔۔۔

الرِّخل و الرَّخِل و الرِّخِل۔ بھیڑ کا بچہ ج اَرخُل و رِخال و رُخال و رِخلان و ۔۔۔

المُترخِل۔ بہت بھیڑ کے مادہ بچوں والا۔

رَخُمَ (ن) رَخمًا و رَخُمَ (ک) رَخامَۃً الصوت او الکلام: آواز یا گفتگو کا نرم ہونا۔ صفت (رَخِیم) ۔۔۔ الجاریۃ: نرم گفتگو والی ہونا۔ صفت (رَخِیمۃ و رَخِیم)

رَخَمَت (ن) رَخمًا و رَخَمَۃً و رَخَمانًا الدجاجۃ البیضَ و علی البیض و اَرخَمَت: مرغی کا انڈے سینا۔ صفت (راخم و مُرخِم و مُرخِمۃ)۔

رَخِمَت (ن ن) رَخمًا و رَخَمَۃً و رَخَمَۃً المرأۃُ ولدہا: کھیل کود کرنا۔ لاڈ پیار کرنا و رحمۃ: مہربانی کرنا۔

رَخِمَ۔ رحم میں ایک لغت ہے

رَخَّمَ ترخیمًا۔ الشیئ: دم کاٹ دینا۔ اسی سے نحویوں کے نزدیک ترخیم منادی ہے۔ نرم آواز کر دینا ۔۔۔ الدجاجۃ: مرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔

الرَّخَم۔ ۔۔۔ گدھ۔ واحد رَخَمَۃ ہے۔ رَخَم: نرمی و محبت۔ گاڑھا دودھ۔

الرُّخام۔ سنگ مرمر۔ ایک گھاس کو رُخامی کہتے ہیں۔

الرُّخَامَی۔ نرم ہوا۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْخَم۔ مِنَ الخیل: گھوڑا جس کا سر سفید اور تمام بدن سیاہ ہو۔ مونث رَخْمَاء ج رُخْم۔
التُّرْخُوم والیُرْخُم والیُرْخُوم۔ نرگلہ
رَخُیَ۔ ﴿ک﴾ رَخَاءً و رِخْوَۃً و رَخْوًا ﴿ک﴾ رَخَاوَۃً نرم ہونا۔ آسان ہونا۔ آسودہ زندگی والا ہونا۔ صفت (رَخْو و رُخْو و رِخْو)
رَخَا ﴿ن﴾ و رَخِیَ ﴿ن﴾ و رَخِیَ ﴿س﴾ و رَخُوَ ﴿ک﴾ رَخَاءً العیشُ: زندگی کا آسودہ ہونا۔ صفت (راخ و رَخِیّ)
رَاخَاہُ مُرَاخَاۃً۔ دور کرنا جیسے کہتے ہیں "ظَلِلْتُ الفِرَارَ یُرَاخِی الاَجَلَ" میرا خیال تھا کہ گریز موت کو دور کردیگی ــــ الشیءَ: نرم کرنا ــــ العُقْدَۃَ: گرہ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "رَاخِی خِنَاقَہ او رِبَاقَہ" یعنی اس نے اُسے مہلت دی۔ رَاخَتِ المرأۃُ: بچہ جننے کے قریب ہونا۔
اَرْخیٰ اِرْخَاءً۔ الشیءَ: نرم کرنا ــــ الفرسَ وللفرسِ: گھوڑے کی رسی ڈھیلی کرنا کہا جاتا ہے "اَرْخِ لہ الحبلَ" اس کی رسی ڈھیلی کردو یعنی اس کو کام کرنے کا موقع دو ــــ السترَ: پردہ لٹکانا اور کہا جاتا ہے "ارخی عِمَامَتہ" یعنی وہ مطمئن و مامون ہوا ــــ دابّتہ: جانور کو آزادانہ چلنے دینا ــــ زِمَامَ الناقۃِ: اونٹنی کی لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔
رَخَّیٰ۔ الشیءَ بالشیءِ: ملانا۔
تَرَاخیٰ تَرَاخِیًا۔ عنہ: دور رہنا۔ پیچھے ہٹنا۔ دیر کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَاخَتِ السماءُ" یعنی بارش میں دیر ہوئی۔ تَرَاخَی الفرسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "ان فی الامر تراخیا" معاملہ میں وسعت و گنجائش ہے۔
اِرْتَخیٰ و اِسْتَرْخیٰ۔ نرم ہونا۔ استرخت بہ حالہ: تنگی اور سختی کے بعد اس کی حالت اچھی ہوگئی۔
الرَّخَاءُ۔ مص۔ فراخی زندگی۔
الرُّخَاءُ۔ نرم ہونا۔
الاُرْخِیَّۃ۔ ہر وہ چیز جو لٹکائی جائے ج اَرَاخِیّ۔
المِرْخَاءُ۔ تیز دوڑنے والا جانور، ج مَرَاخِیّ (مذکر و مونث دونوں کے لیے ہی) کہا جاتا ہے۔ "فرسٌ مِرْخَاءٌ و اَتَانٌ مِرْخَاءٌ"
رَدَّہُ ﴿ن﴾ رَدًّا و مَرَدًّا و مَرْدُودًا و رِدِّیدیٰ۔ عن کذا: پھیرنا۔ واپس کرنا لوٹانا رَدَّ فلانًا: خطا کار ٹھہرانا ــــ الباب: بھیڑ دینا ــــ علیہ الشیءَ: پھیر دینا۔ قبول نہ کرنا۔ ــــ الیہ جوابًا: جواب بھیجنا ــــ ہ الی بیتہ: لوٹا دینا اور کہا جاتا ہے "ما یَرُدُّ ہذا عَلَیکَ شیئًا" یہ تم کو کچھ نفع نہیں دیگا ــــ الشیءَ: ایک حالت سے دوسری حالت پر کردینا جیسے "فَرَدَّ شُعُورَہُنَّ السُّوْدَ بِیْضًا" ان کے کالے بالوں کو سفید کردیا۔ رَدَّ القولَ تَرْدَادًا: بار بار دہرانا۔
رَدَّدَ۔ القولَ: بمعنی رَدَّ القول۔ (تشدید کثرت کے لیے ہے)
رَادَّہُ۔ الشیءَ: واپس کردینا ــــ ہ فی الکلام: بحث کرنا۔
اَرَدَّ۔ البحرُ: جوش میں آنا ــــ الرجلُ: غصّہ سے پھول جانا ــــ الشاۃُ: تھن والی ہونا۔ صفت (مُرِدّ)
تَرَدَّدَ۔ رد ہونا ــــ فی الامر: شک و شبہ میں پڑجانا ــــ الیہ: بار بار آنا ــــ و تَرَدَّدَ فی الجواب: زبان کا لڑکھڑانا۔
تَرَادَّا۔ البیعَ: بیع فسخ کرنے پر رضامند ہونا۔ تَرَادَّ الماءُ: روک کی وجہ سے پیچھے ہٹنا۔
اِرْتَدَّ۔ الشیءَ: واپس کرنا۔ واپس کرنے کو کہنا ــــ علی اثرہ او عن طریقہ: لوٹنا ــــ عن دینہ: دین کو چھوڑنا۔ دین سے پھر جانا۔ عن ہبتہ: ہبہ کو لوٹا لینا ــــ الی الصواب: صواب کی جانب لوٹ جانا۔
اِسْتَرَدَّ۔ الشیءَ: واپس کرنے کو کہنا۔ ــــ ہ الشیءَ: واپسی چاہنا ــــ الہبۃَ: ہبہ کو لوٹا لینا۔
الرَّدَّۃ۔ مص۔ زبان کی لڑکھڑاہٹ۔ نباتات کی کثرت۔ کہا جاتا ہے "مَنْبِتَۃٌ کثیرۃُ الرَّدَّۃ" بہت نباتات والی جائداد۔ شیءٌ رَدٌّ: ردی چیز۔ عملٌ رَدٌّ: مخالف سنت کام۔ درہمٌ رَدٌّ: کھوٹا درہم۔ کہا جاتا ہے "لا تعطنی من رُدُودِ الدراہم" مجھے کھوٹے درہم مت دو۔
الرِّدْءُ۔ چیز کا سہارا۔
الرَّدِیّ۔ طلاق دی ہوئی عورت
الرَّدَّۃ۔ رد کا اسم مرۃ۔ کچھ جمال کے ساتھ زشت روئی۔ کہا جاتا ہے "فی وجہہ رَدَّۃ" اس کے چہرہ میں کچھ جمال کے ساتھ بدصورتی ہے۔
الرِّدَّۃ۔ ارتداد کا اسم۔ تھوڑی کا جھکنا۔ پہاڑ کی گونج۔ بچہ جننے سے پہلے تھن کا بھرنا۔ کہا جاتا ہے "شَرِبَتِ الابلُ رِدَّۃً" اونٹ نے دوسری بار پانی پیا۔
الرَّدَاد والرِّدَاد۔ واپسی۔
الرَّدِیدُ۔ بادل جو برس چکا ہو۔
التَّرْدَاد۔ رد۔ تکرار۔
الاَرَدّ۔ نافع تر۔
الرَّادَّۃ والمَرَدَّۃ۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "لا رَادَّۃَ ولا مَرَدَّۃَ فیہ" اس میں کوئی فائدہ نہیں۔
الشَّارِد۔ فا۔ مدت تک سفر میں رہنے والا۔ یا زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ غضبناک۔ سوجے ہوئے تھنوں والی اونٹنی۔ اونٹ جس نے پانی بہت پیا ہو۔ ج مَرَادّ۔
المِرَدّ۔ من الرجال: بہت رد کرنے والا۔ بہت حملہ کرنے والا۔
المَرْدُود۔ مفع مص۔ زمانہ دراز تک بغیر بیوی کے رہنے والا۔ یا مدت تک سفر میں رہنے والا۔
المَرْدُودَۃ۔ مردود کا مونث۔ استرا۔
المُتَرَدِّد۔ حیران و سرگشتہ۔

رَدَأَ (ف) رَدْءًا الحائطَ: دیوار کو ٹیک لگانا۔
— الرجلَ: مدد کرنا۔ رَدَأَہٗ بحجر: پتھر مارنا۔
رَدُؤَ (ک) رَدَاءَۃً۔ ردی ہونا۔ صفت رَدِیْءٌ
ج أَرْدِیَاء و أَرْدِئَاء۔
أَرْدَأَ۔ بُرا کام کرنا یا بُری چیز پر پہنچنا — ہ:
خراب کرنا۔ بگاڑنا — الستر: لٹکانا — الحائطَ:
دیوار کو تھم لگانا — فلانا: تسکین دینا۔ برقرار
رکھنا — ہ علی مائۃ: زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔
تَرَادَأَ القومُ: باہم مدد کرنا۔
الرِّدْءُ۔ مددگار۔ مدد۔ ایک جانب کا بھاری
بوجھ جو جانور پر لادیں۔ ج أَرْدَاء۔
تَرَدَّبَہٗ۔ نرمی سے پیش آنا۔
الرَّدْبُ۔ راستہ جس کا آخری سرا بند ہو۔
الإِرْدَبُ۔ چوبیس صاع کا ایک بڑا پیمانہ
سطح زمین پر بہنے والی نالی۔ ج أَرَادِب۔
الإِرْدَبَّۃ۔ چوکہ۔ بڑی اینٹ۔
رَدَجَ (ن) رَدْجًا۔ چلنا۔ گذرنا۔
الرَّدَجُ۔ نوبیدہ بچے کی مینگنی۔ نوبیدہ بچھیرے
کی لید۔
الأَرْدَاجُ۔ سیاہ چمڑا۔
رَدَحَ (ف) رَدْحًا۔ ثابت قدم رہنا —
الشیءَ: زمین پر پھیلا کر برابر کرنا — والنعمۃ
البیتَ: کاڑھا کاڑھا لیپنا۔
رَدَّحَ۔ الشیءَ: زمین پر پھیلا کر ہموار کرنا۔
الرَّدْحُ ج ہ۔ ہلکا درد۔
الرَّدَحُ۔ لمبی مدت۔ کہا جاتا ہے "اقام
رَدَحًا من الدہر" اس نے زمانہ دراز تک اقامت
کی۔
الرَّدَاحُ۔ بہت بڑا لشکر ستاریکی بڑا درخت
بڑا پیالہ — من الکباش: بڑی چکتی والا دنبہ
ج رُدُحٌ۔
الرُّدْحَۃ۔ خیمے کے پچھلے حصہ کا پردہ۔ کشادگی
رُدْحَۃُ الصائد: پتھر جن کو شکاری اپنے گھر کے
ارد گرد کھڑا کرلے۔
الرَّدَاحَۃ والرِّدَاحَۃ۔ بجو کے شکار کے لیے
مکان۔
المُرْتَدَح۔ گنجائش۔ کشادگی۔
الرُّدْحِیُّ۔ دیہات کا سبزی فروش۔
رَدَخَ (ف) رَدْخًا۔ رأسہ: سر توڑنا۔
رَدَسَ (ن ض) رَدْسًا القومَ: پتھر مارنا۔
— الحائطَ: گرانا ڈھانا — الرجلَ: ذلیل کرنا
— الأرضَ: ہموار کرنا — بالشیءِ: لیجانا۔
— الحجرَ بالحجرِ: پتھر سے پتھر توڑنا۔
رَادَسَہٗ۔ ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔
تَرَدَّسَ۔ من مکانہ: گرنا۔
المِرْدَس والمِرْدَاس۔ پتھر توڑنے کا آلہ
سر۔ پتھر جو کنوئیں میں پانی معلوم کرنے کے لیے
ڈالا جائے۔
رَجُلٌ (رَدُوس: رِدِّیس) بہت دفع کرنیوالا
رَدَعَہٗ (ف) رَدْعًا۔ عن کذا: روکنا ہٹانا
— ہ بالشیءِ: لتھیڑنا۔ کہا جاتا ہے "أخذہٗ فردع
بہ الأرض" اس نے لے کر زمین پر ٹپک دیا۔
— السہمَ: تیر کے پھل کو بیٹھ جانے کے لیے زمین
پہ مارنا — المرأۃَ: جماع کرنا۔
رُدِعَ۔ رُدُوعًا: خاموش ہونا اور چہرے کا
رنگ زرد پڑ جانا۔ رُدِعَ بہ: پچھاڑا جانا۔
رَدَّعَہٗ۔ بالزعفران: زعفران میں لت
پت کرنا۔
تَرَدَّعَ۔ لت پت ہونا
تَرَادَعَ۔ القومُ: ایک دوسرے کو باز رکھنا
اِرْتَدَعَ۔ باز رہنا — بالطیب: خوشبو
سے لت پت ہونا — السہمُ: تیر کا نشانہ پر
لگ کر لوٹنا۔
الرَّدْعُ ج ہ۔ گردن۔ زعفران۔ جسم میں خوشبو
کا اثر۔ کہا جاتا ہے "رکب فلان رَدْعَہٗ" جبکہ
روکا جائے اور وہ نہ رکے۔ و رکب البعیر رَدْعَہٗ"
جبکہ وہ گر جائے اور اس کی گردن اس کے جوف
میں داخل ہو جائے۔
قَمِیصٌ (رَادِع) قمیص جس میں خوشبو کا اثر
ہو۔
الرِّدَاعُ۔ کیچڑ و پانی۔
الرُّدَاعُ۔ جسم میں خوشبو کا اثر۔ مرض کی واپسی
الرَّدِیعُ۔ پچھاڑا ہوا۔ ثوبٌ رَدِیعٌ: زعفران
سے رنگا ہوا کپڑا۔ سہمٌ (رَدِیع و مِرْدَع) تیر جس
کا پھل گر گیا ہو۔
المِرْدَعُ۔ محروم واپس آنے والا۔ کاہل۔
پستہ قد۔ خوشبو کے اثر والا۔
الرَّدَعْل۔ چھوٹے بچے۔
رَدَغَتْ (ف) رَدْغًا۔ السماءُ: تھوڑی
بارش برسانا۔ رَدَغَ بہ الأرضَ: پٹک دینا۔
أَرْدَغَ۔ المکانُ: بہت کیچڑ والی ہونا۔
صفت (رَدِغ)
اِرْتَدَغَ۔ کیچڑ میں پڑنا۔
الرَّدْغُ و الرِّدَاغُ۔ کیچڑ۔ گارا۔
الرَّدَغَۃ والرَّدْغَۃ۔ سخت کیچڑ۔ ج رَدْغ
و رَدَغ و رِدَاغ و رَدَغَات۔ ماءٌ رَدْغَۃٌ: کیچڑ
ملا ہوا پانی۔
الرَّدِیغُ۔ پچھاڑا ہوا۔ بیوقوف۔
المَرْدَغَۃ۔ گلے اور ہنسلی کی ہڈی کے درمیان
کا حصہ۔ عمدہ پر رونق۔ باغ۔ ج مَرَادِغ۔
رَدَفَہٗ (ن) و رَدِفَ لہٗ (س) رَدْفًا۔
پیچھے ہونا۔ رَدِفَہٗ و رَدِفَ لہٗ: پیچھے سوار ہونا۔ ردیف
بننا۔ رَدِفَ الأمرُ القومَ: پیش آنا۔
رَادَفَہٗ۔ ردیف بننا کہا جاتا ہے "دابۃ لا ترادف"
جانور جو ردیف نہیں سوار کراتا۔
أَرْدَفَ۔ پے در پے ہونا — ہ: اپنے پیچھے
سوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "دابۃ لا تُرْدِفُ" جانور جو
ردیف کو نہیں سوار کراتا۔ أَرْدَفَ الشیءَ بالشیءِ و
علیہ: کسی چیز کے پیچھے کسی چیز کو کرنا۔ تم کہتے ہو۔
"أردفتُ خیلًا علی خیلٍ لی" میں نے اپنے گھوڑے کے
پیچھے ایک گھوڑے کو کر لیا۔ أَرْدَفَ لہٗ: پیچھے آنا۔
— الأمرُ القومَ: پیش آنا۔
تَرَادَفَا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ ایک دوسرے
کے پیچھے ہونا۔ ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار
ہونا۔ تَرَادَفَتِ الکلماتُ: کلمات کا ہم معنی ہونا۔

اِرْتَدَفَهٗ۔ پیچھے ہونا۔ ارتدف العدوّ دشمن کو پیچھے سے پکڑنا ــــ ہ: اپنے پیچھے سوار کرانا۔
تَرَدَّفَهٗ۔ پیچھے سوار ہونا۔
اِسْتَرْدَفَهٗ۔ پیچھے سوار کرنیکی درخواست کرنا۔

اَلرِّدْفُ۔ پیچھے سوار ہونیوالا پیروی کرنیوالا کام کا نتیجہ۔ ہر چیز کا آخر ــــ فی الجاہلیۃ: زمانۂ جاہلیت میں بادشاہ کا ہمنشین جو بادشاہ کی داہنی جانب بیٹھتا تھا اور تمام کاموں میں بادشاہ کا ثانی سمجھا جاتا تھا اور اگر بادشاہ جنگ میں چلا جایا کرتا تھا تو وہ بادشاہ کی قائم مقامی کرتا تھا اور جب فوج واپس آتی تھی تو مال غنیمت کی چوتھائی وصول کیا کرتا تھا ج اَرْدَاف۔ الردف: نسر واقع ستارہ کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ الردفان: رات دن۔
الرِّدف والرِّداف۔ من الدابۃ: جانور کا پُٹھا۔
الرَّدِیْف۔ سوار کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ج رُدَافٰی ورُدَفاء: نسر واقع کے قریب ایک ستارہ کا نام۔ والردیف فی اصطلاح الجندیۃ: وہ فوجی جو آزاد کردیا جائے اور ضرورت کے وقت بلالیا جائے۔
الرَّادِفَۃ والرَّادُوْف۔ رَوادف کا واحد ہے اور رَوادف درخت خرما کے اس پودے کو کہتے ہیں جو درخت خرما ہی پر لگ جائے اور اس کی جڑ زمین میں نہ ہو۔ کوہان کے پیچھے حصہ میں تہ بتہ چربی۔ اگر اگلے حصہ میں ہو تو اسکو رواکب کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ جُزُوْرَہُمْ لَذَاتُ رَوَاکِبَ وَرَوَادِفَ"۔
اَلرَّوَادِف۔ سرین پیچھے رہنے والی قوم۔
الرِّدَافَۃ۔ بادشاہ کی قائم مقامی۔
الرُّدَافٰی۔ مددگار لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا رُدَافٰی" وہ لوگ آگے پیچھے آئے۔
الرَّدَق جانور کے نوزائیدہ بچہ کا پاخانہ جو کچھ کھانے سے پہلے کرے۔
رَدْکَلَہٗ۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔

الرَّوْدَک۔ خوش شکل لڑکا۔ مؤنث رَوْدَکَۃ
رَدَمَ (ض)، رَدْمًا۔ الثلمۃ او الباب: رخنہ یا دروازہ بند کرنا ــــ القوس: کمان کو کھینچ کر آواز نکالنا ــــ البعیر: چھونا۔
رَدِمَ (ن)، رَدَمًا۔ الشیٔ: بہنا
السحاب: ہمیشہ گھرا رہنا ــــ الحمّی: ہمیشہ بخار رہنا ــــ الشجرۃ: خشک ہونے کے بعد سبز ہونا۔ ردم الشیٔ: کسی چیز کے ایک حصہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑا جانا۔
اَرْدَمَ۔ السحاب: ہمیشہ گھرا رہنا ــــ الحمّی علیہ: ہمیشہ بخار رہنا۔
رَدَّمَ۔ الثوب: پیوند لگانا ــــ الناقۃ علی ولدھا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا۔
تَرَدَّمَ۔ ثوبہ: کپڑے میں پیوند لگانا ــــ الثوب: کپڑے کا بوسیدہ و پرانا ہونا ــــ الخصومۃ: جھگڑے کا طویل ہونا ــــ ہ: دیکھ کر حقیقت معلوم کرنا ــــ الناقۃ علی ولدھا: اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان ہونا ــــ القوم الارض: زمین کی پیداوار کو بار بار کھانا۔
الرَّدْم۔ مص۔ دیوار کا ملبہ۔ کمان کی آواز۔ (ــ والرُّدام والمِرْدام) ہر وہ چیز جو بے نفع ہو۔
الرَّدَم۔ رخنہ کی بندش۔ ج رُدُوْم۔
الرَّدِیْم۔ من الثیاب: پرانا کپڑا۔ ج رُدُم۔
الاَرْدَم۔ ماہر ملاح۔ ج الاردمون۔
ثوب (مُرَدَّم ومُرْتَدَم) پرانا کپڑا پیوند لگا ہوا۔
المُتَرَدَّم۔ پیوند لگائی ہوئی جگہ۔ زمانۂ جاہلیت کے شاعر عنترہ کے قول "ہَلْ غَادَرَ الشُّعَرَاءُ مِنْ مُتَرَدَّمٍ" کا مطلب یہ ہے کہ پہلے شعراء نے کیا کوئی جگہ پیوند لگانے کی باقی چھوڑی ہے یعنی سب کچھ کہہ گئے ہیں اب کسی شاعر کے لئے کوئی چیز باقی نہیں رہی کہ اس پر کچھ کہہ سکے۔
رَدَنَ (ن)، رَدْنًا۔ الاشیاء: تہ بتہ رکھنا ــــ سلّاۃ: تکلے پر کاتنا ــــ النار: آگ سلگانا
رَدِنَ (س)، رَدَنًا۔ الجلدُ: سُکڑنا۔
رَدَّنَ اَرْدَنَ۔ القمیص: آستین لگانا۔

اَرْدَنَتِ الحمّی: بخار کا مدت تک رہنا۔
اِرْدَنْدَنَت۔ المرأۃُ: تکلا بنانا۔
الرُّدْن۔ آستین کی جڑ۔ آستین کا کشادہ کنارہ۔ عرب اسی میں دراہم ودنانیر رکھا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے محاورہ ہوگیا "ثقل ردنہ" یعنی وہ مالدار ہوگیا۔ ج اَرْدَان۔
الرَّدْن۔ مص۔ ہتھیار کی جھنکار۔
الرَّدَن۔ سوت۔ ریشم۔ ج اَرْدَان۔
الرَّادِن۔ فا۔ زعفران۔
احمر (رادِنی) سرخ جس میں زردی ملی ہو۔
الاَرْدَن۔ ایک قسم کا سرخ رنگ کا ریشم۔
الرُّدَیْنِی۔ نیزہ۔ رُدَیْنَہ نامی عورت کی جانب منسوب جو عمدہ نیزے بنانے میں مشہور تھی۔
المِرْدَن۔ تکلا۔
المُرْدِن۔ تاریک۔ اندھیرے والا۔ عرق مردن: بدبودار پسینہ۔
خیطٌ (مَرْدُوْنٌ) ملایا ہوا دھاگا۔
رَدَہَ (ف)، رَدْھًا۔ فلانا بحجر: سنگسار کرنا ــــ البیت: بڑا مکان بنانا۔
رَدَّہَ۔ الرجل: شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے سردار قوم بننا۔
الرَّدْھَۃ۔ پہاڑ یا چٹان کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے۔ سب سے بڑا گھر۔ گھر کی سب سے کشادہ جگہ۔ ج رَدْہٌ ورِدَاہٌ ورُدَہٌ۔
رَدٰی (ض)، رَدْیًا ورَدَیَانًا۔ الشیَٔ: توڑنا ــــ ہ: دھکا دینا ــــ ہ بحجر: پتھر مارنا ــــ الفرس: گھوڑے کا اچھلتے ہوئے دوڑنا ــــ الجاریۃ: لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں سے اچکتے ہوئے چلنا ــــ فلانٌ: جیسا تم کہتے ہو: "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ رَدٰی" میں نہیں جانتا کہاں گیا ــــ فی البئر: کنوئیں میں گرنا ــــ فلان: بلند پہاڑ سے گرنا ــــ علی الخمسین من عمرہ: زائد ہونا۔
رَدِیَ (س)، رَدًی۔ ہلاک ہونا۔ گرنا۔

رَدَیٰ ۔ الرجلَ: ہلاک کرنا ۔ چادر اوڑھانا ۔
۔۔۔ ہ فی البئرِ: کنوئیں میں گرنا ۔۔۔ مالہ: زیادہ
ہونا ۔۔۔ علی الخمسین: زائد ہونا ۔۔۔ الفرسُ:
کدانا ۔
رَادَیٰ مُرَادَاۃً ۔ الرجلَ: بہلانا، نرمی
برتنا ۔۔۔ عن القوم: کسی قوم کی جانب سے
دوسروں پر پتھراؤ کرنا ۔
تَرَدّیٰ ۔ چادر اوڑھانا ۔ تردیٰ فی البئر: کنوئیں
میں گرنا ۔
اِرْتَدیٰ ۔ چادر اوڑھنا ۔ گلے میں تلوار لٹکانا ۔
ارتدت الجاریۃُ: لڑکی کا ایک پاؤں اٹھا کر
دوسرے پاؤں سے اُچکتے ہوئے چلنا ۔
الرِّدَاءُ ۔ چادر ۔ عبا یا جبہ کی مانند اوپر کی
پوشش ۔ جمیل ۔ تلوار ۔ کمان ۔ عقل ۔ نادانی
باعث زینت ۔ باعث عیب ۔ رِدَاءُ الشَّبَابِ
جوانی کی رونق ۔ رِدَاءُ الشمس: آفتاب کی روشنی
کہا جاتا ہے "ہو غمرُ الرداءِ" وہ فیاض اور بھلائی کرنے
والا ہے ۔ "خفیف الرداء" وہ کم مقروض اور کم عیال
والا ہے ۔ ج اَرْدِیَۃ ۔
الرِّدَاءَۃ ۔ بڑی چادر ۔
الرَّدَاۃ ۔ چٹان ۔ ج ردی ۔
الرَّدِی ۔ ہلاک ہونے والا ۔
الرَّادِی ۔ گونجنے والا شیر ۔
المِرْدَاۃ ۔ رڑائی کا چکر ۔ اور اسی سے ہے ۔
"محنۃ مرداۃ لحونٌ" رڑائی کے چکرنے اسے پیس کر
رکھدیا (۔۔۔ والمردی) بڑی چادر ۔ ازار ۔ بہتر نو نیکالیم
ج مَرَادی ۔ المرادی: گھوڑے یا اونٹ کی ٹانگیں
زمین پر پاؤں کو ٹیکنے والا گھوڑا ۔ المرادی: ہاتھی ۔
المُرْدِیُّ ۔ ملاح کا چپو ۔ ج مَرَادِی ۔
رَذَتْ (ن)، رَذَاذًا و اَرَذَّت ۔ السماءُ:
پھوار برسانا ۔ و اَرَذَّتِ القِرْبَۃُ: بہہ پڑنا ۔
الرَّذَاذُ ۔ پھوار ۔
الرُّوذَق ۔ اتری ہوئی کھال ۔ بھوننے
کے لئے بالوں سے صاف کیا ہوا بکری کا بچہ ۔
مسالہ ملا کر پکا ہوا گوشت ۔ ج رواذق ۔

الرَّوْذَکَۃ ۔ بکری کے چھوٹے بچے ۔ ج رواذک
رَذَلَ (ک)، رَذِلَ (س) رَذَالَۃً ۔ قابل حقارت
ہونا ۔ قبیح ہونا ۔ صفت (رَذْلٌ) ج اَرذال و رُذَال
و رُذُول ۔ رذیلٌ (رذیل) ج رُذَلاء و رُذَال ۔
رَذَلَہٗ (ن)، رَذْلاً و اَرْذَلَہٗ ۔ حقیر کرنا ۔ نا
پسند کرنا ۔ حقیر سمجھنا ۔
اَرْذَلَ ۔ برا کام کرنا ۔ کمینوں کا ساتھی ہونا
۔۔۔ ہ: حقیر کرنا ۔ ناپسند کرنا ۔ حقیر سمجھنا ۔۔۔
الدراہم: کھوٹے کر کے واپس کرنا ۔
اِسْتَرْذَلَہٗ ۔ حقیر سمجھنا ۔
الرُّذَال ۔ حقیر و کمینہ (۔۔۔ و الرذالۃ) چیز کا
ردی حصہ ۔ رذالۃ کل شیءٍ: ہر چیز کا گھٹیا ۔
الرَّذِیلَۃ ۔ نالائقی ۔ بری عادت ج رذائل ۔
الاَرْذَل ۔ اسم تفضیل ۔ گھٹیا ۔ ردی ۔ ج اراذل
و ارذلون ۔
المُرْذِل ۔ رذیل ساتھیوں والا یا حقیر
جانور والا ۔
رَذَمَ (ن ض) رَذْمًا و رَذَمَانًا و رَذِمَ (س)
رَذَمًا و اَرْذَمَ ۔ الاناءُ: لبالب ہو کر بہنا ۔
صفت (رذم) و ارذم علی الخمسین من عمرہ: زائد
ہونا ۔
الرَّذَمُ و الرَّذَمَانُ من الناس: متفرق
جماعت ۔ کہا جاتا ہے "رایت رَذَمًا من الناس"
میں نے لوگوں کی متفرق جماعت دیکھی ۔ "وکان
فی رذمان من الناس" وہ ایسی جماعت میں
تھا جس کے افراد بہت نہیں تھے ۔
الرُّذَامُ و الرُّذُمُ ۔ کمزور ۔ بہت مروت بہر
الرَّذُوم ۔ بہنے والا ۔ لبالب پیالہ جس میں
سے گرے ج رُذُم و رُذَم ۔
رَذِیَ (س) رَذَاوَۃً و رَذًی ۔ بیماری سے
نڈھال ہونا ۔ صفت (رذی) ج رذاۃ ۔ مونث
رذیۃ ۔
اَرْذَاہ ۔ نڈھال کر دینا ۔ پھینک دینا ۔ صفت
مفعول (مرذی) ۔
الرَّذِیُّ ۔ بیماری سے نڈھال ۔ کمزور ۔ لاغر ۔

رَزَّتْ (ن ض)، رَزًّا ۔ الجرادۃُ: ٹڈی کا انڈے
دینے کے لئے دُم کو زمین میں چبھونا ۔۔۔ السماءُ:
گرجنا ۔۔۔ ہ: تیر مارنا ۔۔۔ الباب: دروازہ میں
کنڈی لگانا ۔۔۔ السہمَ فی الحائط: تیر کو دیوار
میں گاڑنا ۔
اَرَزَّتْ ۔ الجرادۃُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لئے
دم کو زمین میں چبھونا ۔
رَزَّزَ ۔ الورق: کاغذ کو چکنا کرنا ۔۔۔ الامرَ:
کسی معاملہ کو درست کرنا ۔
اِرْتَزَّ ۔ السہمُ فی الحائط: تیر کا دیوار میں گڑ
جانا ۔۔۔ البخیلُ عند المسئلۃ: بخیل کا سوال کے
وقت بخل کرنا ۔
الرُّزُّ ۔ چاول (اَرُزّ میں ایک لغت ہے)
الرِّزُّ و الرِّزِیزیٰ ۔ دور کی آواز ۔ پیٹ کی
گڑگڑاہٹ ۔ بادل کی گرج ۔ آواز ۔
الرَّزَّۃ ۔ زنجیر کا حلقہ جس میں تالا لگایا جاتا
ہے ۔ کنڈا جس کو دیوار یا زمین میں گھوڑا وغیرہ
باندھنے کے لئے ٹھونکتے ہیں ج رزاز و رزات
و رُزَز ۔
الرُّزَّۃ ۔ پیٹ میں ایک قسم کا درد ۔
الرُّزَازُ ۔ سیسہ ۔
الرَّزَّاز ۔ چاول کا سوداگر
الارْزِیز ۔ کپکپی ۔ نیزہ کا گھسنا ۔ چھونے والے
لمبی آواز ۔
الرِّزِّیز ۔ ایک قسم کی نباتات جو رنگنے کے کام
میں آتی ہے ۔ رزیز الرعد: گرج کی آواز ۔
المُرَزَّز ۔ من الطعام: چاول سے تیار
کیا ہوا کھانا ۔
المَرَزَّۃ ۔ چاول لگنے کی جگہ ۔ یا وہ جگہ جہاں
چاول جمع کیا جائے ۔ یا جہاں چاول بہت ہو ۔
رَزَأَ (ف)، رَزْءًا و مَرْزِئَۃً ۔ الرجلَ
مالہ: کچھ حاصل کرنا ۔ کم کرنا ۔ کہا جاتا ہے "ہو یُرزأ"
یعنی وہ سخی ہے لوگ اس کے فضل کو حاصل کرتے
ہیں ۔ (۔۔۔ و رزِئَ (س)، رزأ و ارتزأ الرجلَ:
بھلائی حاصل کرنا ۔ ارتزأ الشیءَ: کم کرنا ۔

اَرْزَأَ الشَّیْءُ: کم ہونا۔
الرُّزْءُ۔ ج اَرْزَاء و (الرَّزِیْئَۃُ والرَّزِیَّۃُ) ج رَزَایَا: بڑی مصیبت۔
المُرَزَّأ۔ فیاض سخی۔ ج مُرَزَّؤُوْن۔ والمُرَزَّؤُوْن: قوم جس کے منتخب لوگ مر گئے ہوں۔
المُرْزِئَۃ۔ بڑی مصیبت
رَزَبَہٗ (ن) رَزْبًا۔ چمٹے رہنا۔
الإرْزَبّ۔ چھوٹا۔ بڑے ڈیل ڈول والا
المِرْزَبَّۃُ والإرْزَبَّۃ۔ لوہے کی سلاخ لوہار کا ہتھوڑا۔ ج مَرَازِب۔
المِرْزَاب۔ پرنالہ۔ بڑی یا لمبی کشتی۔ ج مَرَازِیْب۔
المَرْزُبَان۔ فارسیوں کا رئیس۔ ج مَرَازِبَۃ و (المَرْزَبَۃ) فارسیوں کی سرداری۔
رَزَحَ (ن) رَزْحًا و رُزُوْحًا و رَزَاحًا۔ الجملُ: لاغری یا تھکن کی وجہ سے گر جانا۔ صفت (رَازِح) ج رُزَّح ـــ الرجلُ: کمزوری کی وجہ سے ہاتھ کی چیز چھوٹ جانا ـــ الرجلَ بالرُّمح: نیزہ مارنا۔ (ـــ وأرْزَحَ) العِنَبُ: گرے ہوئے انگور اٹھانا۔ رَزَحَتْ و تَرَازَحَتْ حالُہٗ: برا حال ہونا۔
رَزَّحَ۔ النّاقۃَ: اونٹنی کو لاغر کرنا۔
إبلٌ (رَزَاحَی و رَزْحَی و رُزَّح و رَوَازِح) لاغر و کمزور اونٹ۔
المَرْزَح۔ ہموار زمین۔
المِرْزَح و المِرْزَحَۃ۔ انگور کی بیل کو زمین سے اٹھانے کے لیے لکڑی۔ ج مَرَازِح۔ المِرْزَح: آواز۔
المِرْزَام۔ من الإبل: بہت ہی لاغر اونٹ جو چلنے کی بھی طاقت نہ رکھتا ہو۔ ج مَرَازِیْح۔
رَزَخَہٗ (ف) رَزْخًا۔ بالرمح: نیزہ چبھونا۔
الرَّزْدَق۔ لوگوں کی صف۔ درخت خرما کی قطار۔ (جدید)
الرُّزْدَاق۔ دیہات اور اس کے ارد گرد کی زمینیں۔ ج رَزَادِیْق و رَزَادِق۔

اَرْزَغَ۔ الماءُ: پانی کم ہونا ـــ المکانُ: بہت کیچڑ والی جگہ ہونا ـــ المُحْتَفِرُ: کھودنے والے کا نمناک مٹی تک پہنچنا ـــ المطرُ الأرضَ: بارش کا زمین کو تر کر دینا ـــ الرجلَ: عیب سے آلودہ کرنا ـــ فی فلان: بہت تکلیف پہنچانا حقارت کرنا۔ عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
رَازَغَہٗ۔ کشتی کرنا اور فریب دینا۔
إسْتَرْزَغَہٗ۔ کمزور سمجھنا۔
الرَّزَغَۃ۔ پتلا گارا۔ کیچڑ۔ ج رَزَغ و رِزَاغ۔ الرَّزَغ: تری۔
الرَّزِغ والرَّازِغ۔ کیچڑ میں پھنسا ہوا۔
رَزَفَ (ض) رَزِیْفًا و رَزَفَ و أرْزَفَ۔ الیہ: آگے بڑھنا ـــ الجملُ: اونٹ کا بلبلا کر دوڑنا۔ رَزَفَ الامرُ: قریب ہونا۔ أرْزَفَ النّاقۃَ: دلکی چلانا۔ أُرْزِفَ القومُ: جلدی سے شکست وغیرہ میں پھنسانا۔
ناقۃٌ (رَزُوْف) کشادہ قدم تیز رفتار اونٹنی۔
رَزَافَاتُ۔ البلدِ: شہر کے قریب کی جگہیں
رَزَقَہٗ (ن) رَزْقًا۔ روزی پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "رَزَقَہُ اللّٰہُ الغِنٰی" اللہ اسے تونگری دے۔
رُزِقَ۔ روزی پانا۔ خوش نصیب ہونا۔
إرْتَزَقَہٗ۔ روزی مانگنا ـــ الجندُ: روزی لینا۔
إسْتَرْزَقَہٗ۔ روزی مانگنا۔
الرِّزْق۔ روزی۔ ج أرْزَاق۔ بارش۔
الرِّزْقُ الحَسَنُ: بغیر محنت و مشقت کے حاصل ہونے والی روزی۔ (ـــ والرِّزْقَۃ) ج رِزَقَات سپاہیوں کی رسد۔ کہا جاتا ہے "أخَذْتُ رِزْقَۃَ ہٰذَا الشَّہْرِ او ہٰذَا العَامِ" میں نے اس مہینے یا اس سال کی رسد لے لی۔
الرَّازِقِیّ۔ کمزور۔ ایک قسم کا لمبا سفید انگور۔ شراب۔
الرَّازِقِیَّۃ ملتان کے سفید کپڑے۔ شراب
الرَّزَّاق۔ روزی دینے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ (صرف باری تعالیٰ پر اطلاق ہوتا ہے)

المُرْتَزَق۔ مفعو۔ جس سے فائدہ اٹھایا جائے
المُرْتَزِقَۃ۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنی رسد حاصل کر لی ہو۔
المَرْزُوْق مفعو۔ خوش نصیب۔
رَزَمَ (ن) رَزْمًا۔ الشَّیْءَ: جمع کر کے باندھنا ـــ بالشَّیْءِ: پکڑنا ـــ علی عَدُوِّہٖ: دشمن پر غالب ہونا اور چڑھ بیٹھنا ـــ الرجلُ: مرنا ـــ لأمٍّ بہٖ: جننا۔
رَزَمَ (ض ن) رُزُوْمًا و رُزَامًا۔ البعیرُ: اونٹ کا لاغری کی وجہ سے اٹھ نہ سکنا۔ صفت (رَازِم) ج رُزَّام (ـــ رَزَمَتْ) الشّاۃُ: سرد ہونا۔
رَزَّمَ۔ الثیابَ: کپڑوں کی گٹھری باندھنا ـــ القومُ: کسی جگہ میں چمٹ کر رہنا۔
رَازَمَ۔ بینہما: جمع کرنا ـــ فی المطاعم: جل بدل کر کھانا کھانا ـــ الدارَ: دیر تک رہنا
أرْزَمَ۔ الرعدُ: سخت گرجنا۔ أرْزَمَتِ النّاقۃُ: بچہ کے لیے آواز نکالنا۔ کہا جاتا ہے۔ "لا أفْعَلُہٗ ما أرْزَمَتْ أُمُّ حائِلٍ" میں اس کام کو جب تک اونٹنی آواز نکالتی رہے گی نہیں کروں گا
إرْزَأمَّ إرْزِئْمَامًا۔ غضبناک ہونا۔
الرَّزْمَۃ۔ دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
الرِّزْمَۃ۔ من الثیاب وغیرہا: گٹھری ج رِزَم
الرَّزَمَۃ۔ بچے کی آواز۔ تیز آواز۔ بچہ پر مہربان ہونے کے وقت بغیر منہ کھولے ہوئے صرف حلق سے نکلنے والی اونٹنی کی آواز۔ اور اسی کی مثال ہے "لا خَیْرَ فی رَزَمَۃٍ لا دِرَّۃَ فیہا" اس اونٹنی کی آواز سے کوئی فائدہ نہیں جس سے دودھ حاصل نہ ہو۔ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو وعدہ کرے اور پورا نہ کرے یا اس کے حق میں جو چاپلوسی کرے اور کوئی فائدہ نہ پہنچائے۔
غَیْثٌ (رَزِمٌ) وہ بارش جس میں بادل کی گرج ختم نہ ہو۔
الرِّزَام۔ سخت مرد۔ ج رُزَّم

اسدٌ (رَزَامۃ و رَزَام) اپنے شکار پر چڑھ بیٹھنے والا شیر۔
الرَّزِیمہ۔ شیر کی گونج۔
الرَّزَّام والمُرْزِم۔ اپنے شکار پر چکر لگانے والا اور غرانے والا فقیر کہا جاتا ہے۔ ترکت بالمرزم
المِرْزَم۔ گٹھری باندھنے کی چیز جیسے رسّی
اُمُّ المِرْزَم: بادشمالی یا مطلقاً ہوا۔
المِرْزَمان۔ دو ستارے جو دونوں شِعری کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اور ان دونوں کو منحوس سمجھا کرتے تھے اور کہا کرتے تھے "لاخیر فی الزمان اطلع المرزمان" یعنی اس زمانہ میں خیر نہیں جب مرزمان طلوع ہوں
رَزَنَ (ن) رَزْنًا۔ الشیءَ: ہاتھ سے اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ـــ بالمکان: اقامت کرنا
رَزُنَ (ک) رَزَانۃً۔ سنجیدہ ہونا۔ باوقار ہونا۔ بھاری بھرکم ہونا۔ بوجھل ہونا صفت مذکر (رَزِین) صفت مونث (رَزَان) رزینہ نہیں بولا جاتا۔
رَازَنَ۔ الرجلَ: دوست ہونا۔ ساتھ اترنا۔
تَوَازَنَا۔ ایک دوسرے کے مقابل ہونا
تَرَزَّنَ۔ فی الامراو فی مجلسہ: سنجیدہ و صاف رائے ہونا۔
الرَّزْن والرِّزْن۔ بلند جگہ جس میں پانی رک جائے۔ ج رُزُون ورِزَان وارزان۔
الرزن: کنارہ۔
الرِّزْنَۃ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ ج رِزَان
الأَرْزَن۔ سخت لکڑی کا ایک درخت جس کی لکڑی سے لاٹھی بناتے ہیں
الرَّزِین۔ ساکن۔ پختہ رائے والا۔ کہا جاتا ہے "ہو رَزِینُ الرَّاْیِ"
الرَّوْزَنۃ۔ روشندان۔ ج رَوَازِن۔
رَزَیٰ (ض) رَزْیًا۔ فلانًا: احسان قبول کرنا
أَرْزَیٰ إِرْزَاءً۔ الیہ وارزی الیہ ظہرہ:

سہارا لینا۔ پناہ لینا۔
رَسَّ (ن) رَسًّا۔ البئرَ: کنواں کھودنا ـــ الشیءَ: دفن کرنا ـــ الخبرَ: بیان کرنا ـــ المیتَ: میت کو دفن کرنا ـــ خبرہم: معلوم کرنے کی کوشش کرنا ـــ بینہم: صلح کرانا۔ فساد ڈالنا (ضد)
(ـــ رَسًّا و رَسِیْسًا وارَسَّ) السقمُ فی جسمہ: بیماری کا لازم ہو کر ٹھہر جانا۔
رَاسَّہٗ مُرَاسَّۃً۔ بالامر: کسی کام کی کسی کے ساتھ ابتدا کرنا۔
تَرَاسَّ القومُ الخبرَ: رازدارانہ کہنا۔
اِرْتَسَّ۔ الخبرُ فی الناس: پھیلنا۔ ظاہر ہونا
الرَّسّ۔ مع پرانا کنواں۔ علامت۔ معدن۔ ہر چیز کی ابتدا۔ بخار کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بہ رَسُّ حمّی" اسے بخار کی ابتدا ہے۔
رَسُّ الحب: آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت کہا جاتا ہے "بلغنی رَسٌّ من الخبرِ" مجھے خبر کا کچھ حصہ پہنچا۔
الرَّسَّۃ۔ مضبوط ستون
الرُّسَّۃ والمُرْسُوسَۃ: ٹوپی۔
الرَّسِیس۔ مع۔ ثابت۔ عاقل۔ غیر صحیح خبر۔ رَسٌّ رسیسٌ: نرم ہوا۔ رسیس الحمّی: بخار کی ابتدار۔ رسیس الحُبِّ: آغاز محبت۔ بقیہ محبت۔ اثر محبت۔
الرَّسِیّ۔ ٹیلہ۔ بڑی بوند کی بارش
رَسَبَ و رَسُبَ (ن و ک) رُسُوبًا و رَسْبًا۔ الشیءُ فی الماء: تہ نشین ہونا ـــ العینُ: آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔
اَرْسَبَہٗ: نیچے اتارنا۔
الراسِب والرَّسُوب مِنَ الرِّجال: حلیم۔ بردبار۔ ثابت قدم۔
الرَّسْب والرَّسَب والرَّسُوب و المِرْسَب۔ من السیوف: اندر کو گھس جانے والی تلوار
الرَّوْسَب۔ بلا مصیبت
الرُّسْتَاق۔ دیہات ج رَسَاتِیق۔

رَسِحَ (س) رَسَحًا۔ دبلے چوتڑ اور دبلی ران والا ہونا۔ صفت مذکر (اَرْسَح) صفت مونث (رَسْحَاء) ج رُسْح۔ اِمْرَاَۃٌ رَسْحَاءُ: بدصورت عورت۔
اَرْسَحَہٗ۔ لاغر کرنا۔
رَسَخَ (ن) رُسُوخًا۔ گڑ جانا۔ کہا جاتا ہے "رَسَخَ الحبرُ فی الصحیفۃ" روشنائی کتاب میں جم گئی۔ "و رَسَخَ العلمُ فی القلب" علم دل میں جاگزیں ہو گیا۔ "وفلانٌ راسخٌ فی العلم" فلاں مضبوط علم والا ہے ـــ الغدیرُ: تالاب کا پانی نیچے اتر گیا
اَرْسَخَہٗ۔ گاڑ دینا ثابت کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تَرَسَّخَ فی التقی: پرہیزگاری میں راسخ ہونا۔
الرَّسْدَق والرُّسْدَاق بمعنی الرَّزْدَق والرُّزْدَاق۔
رَسَعَ (ف) رَسْعًا۔ العضوُ: خراب اور ڈھیلا ہونا ـــ عینُہٗ: چھٹے ہوئے پوٹے والی ہونا ـــ الصبیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لیے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
رَسِعَ (س) رَسَعًا۔ خراب پپوٹوں والا ہونا۔ صفت (اَرْسَع) ـــ عینُہٗ: خراب پپوٹوں والی ہونا۔ صفت (رَسْعَاء) ـــ بہ الشیءُ: چمٹنا۔
رَسَّعَ۔ خراب گوشہ چشم والا ہونا۔ کسی مقام پر جم کے رہنا ـــ الشیءَ: چپکانا ـــ السیرَ: ایک تسمہ کو پھاڑ کر اس میں دوسرے تسمہ کو داخل کرنا ـــ الصبیَّ: بچہ کو نظر بد سے بچانے کے لیے ہاتھ یا پیر میں مہرہ باندھنا۔
الرِّسَاعَۃ۔ ج رَسَائِع: تلوار کے پرتلے کے نچلے حصہ میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرُّسُوع۔ کمان کے وسط میں گندھے ہوئے تسمے۔
الرَّسِیع۔ چپکایا ہوا۔ ایک تسمہ میں داخل کیا ہوا دوسرا تسمہ۔
رَسَغَ (ن) رَسْغًا: البعیرَ: اگلی ٹانگوں

کے گٹے میں رسی باندھنا۔

رَسَغَ۔ للطر: ٹخنے تک برسنا ۔۔۔ العیش: وسیع کرنا ۔۔۔ الکلام: دو قسم کی باتوں کو ایک میں ملانا۔

رَاسَغَہٗ۔ گٹا پکڑ کے پچھاڑ دینا۔

اِرْتَسَغَ۔ علی عیالہ: نفقہ میں وسعت کرنا۔

اَلرُّسْغ وَالرُّسُغ۔ گٹا۔ پہنچا۔ ج اَرْسَاغ وَاَرْسُغ۔

اَلرَّسِیْغ۔ من العیش: کشادہ زندگی۔ ۔۔۔ من الطعام: بہت خوراک۔

اَلرِّسَاغ۔ وہ رسّی جسکو جانور کی اگلی ٹانگ کے گٹے میں باندھ کر کھونٹے وغیرہ میں باندھ دیتے ہیں۔

اَلْمُرْتَسَغ۔ من الآراء: کمزور وناورست رائے۔

رَسَفَ (ن ض) رَسْفًا و رَسِیْفًا و رَسَفَانًا۔ پاؤں بندھے ہوئے کی طرح چلنا۔

اَرْسَفَ۔ الدابۃ: بندھے ہوئے پاؤں والے جانور کو ہانکنا۔

اِرْتَسَفَ۔ الشیءُ: بلند ہونا۔

رَسِلَ (س) رَسَلًا و رَسَالَۃً۔ الشعرُ: بالوں کا سیاہ لٹکا ہوا ہونا ۔۔۔ البعیرُ: اونٹ کا نرم چال والا ہونا

رَسَّلَ۔ فی القراءۃ: [illegible] آہستہ آہستہ درستی کے ساتھ پڑھنا ۔۔۔ الفصال: اونٹ کے بچوں کو دودھ پلانا۔

رَاسَلَہٗ۔ فی العمل وبالامر: خط وکتابت کرنا

رَاسَلَہٗ الغناءَ: گانے میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَلَہٗ۔ بھیجنا۔ چھوڑنا۔ اَرْسَلَ القولَ: بلا قید بولنا ۔۔۔ فلانًا علیہ: مسلط کرنا۔ اَرْسَلَ بہ الیہ: پیغام کے ساتھ بھیجنا ۔۔۔ قولہٗ مَثَلًا: اپنے قول کو ضرب المثل بنانا۔

تَرَسَّلَ۔ نرمی کرنا۔ آہستگی کرنا۔ رسول ہونے کا دعویٰ کرنا ۔۔۔ فی الرکوب: اپنی ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر جانور کی پیٹھ پر پھیلانا ۔۔۔ فی القعود: اردگرد اور ٹانگوں پر کپڑے ڈال کر چار زانو بیٹھنا۔

تَرَاسَلَ۔ القوم: باہم خط وکتابت کرنا۔

اِسْتَرْسَلَ۔ الشعرُ: بالوں کا سیدھا ہونا لٹکنا ۔۔۔ الشیءُ: نرم ہونا ۔۔۔ الیہ: بے تکلفی برتنا ۔۔۔ فی الکلام: گفتگو میں وسعت کرنا۔

اَلرَّسْل۔ من السیر: نرم چال ۔۔۔ من الشعر: لٹکے ہوئے بال ۔۔۔ من الابل: نرم چال والا اونٹ۔

اَلرِّسْل۔ نرمی۔ آسودگی۔ دودھ۔ گھوڑے کے بازو کا کنارہ۔ ج اَرْسَال۔ الرسال: اونٹ کی ٹانگیں (الرسل والرسلۃ) آہستگی، نرمی کہا جاتا ہے "علی رِسْلِکَ یا رَجُلُ" یعنی اے شخص آہستہ وباوقار رہ۔ الرسلۃ: جماعت کہا جاتا ہے "جاؤا ارسالًا" یعنی وہ گروہ گروہ آئے۔

اَلرَّسَل۔ مم۔ جماعت۔ گروہ۔ ریوڑ۔ ج اَرْسَال۔

الرسلۃ۔ کاہل اور اسی سے ہے "رَجُلٌ فیہ رُسْلَۃٌ" ناقۃ رَسْلَۃ: نرم چال والی اونٹنی۔ کہا جاتا ہے "ہم فی رسلۃ من العیش" وہ لوگ نرمی و آسودگی میں ہیں۔ الرَّسْلَاء: وہ عورت جس کی پنڈلیوں پر بہت لمبے لمبے بال ہوں۔

اَلرِّسَالَۃ وَالرَّسَالَۃ۔ پیغام۔ پیغامبری۔ خط۔ ج رَسَائِل و رِسَالات۔

اَلرَّسُوْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغامبر۔ پیغامبری تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ ج رُسُل و رُسْل و اَرْسُل و رُسَلَاء۔ الرُّسُل: چھوٹی بچی جو ابھی اوڑھنی نہ ڈالتی ہو۔

اَلرَّسِیْل۔ بھیجا ہوا۔ پیغامبر۔ پیغامبری۔ پیغام بھیجنے والا۔ تیر اندازی وغیرہ میں جو تمہارا موافق ہو۔ گھوڑ دوڑ میں دوڑنے والا گھوڑا۔ کشادہ سانڈ میٹھا پانی ج اَرْسُل و رُسُل و رُسَلَاء۔

اَلرُّسَیْلَۃ۔ الرسلۃ کی تصغیر۔ کہا جاتا ہے "القی الکلام علی رُسَیْلَتِہٖ" یعنی اس نے بے اتفاقی کی۔

اَلمُرْسَلَۃ۔ لمبا ہار جو سینہ تک واقع ہو۔ ج مُرْسَلات۔ المرسلات: ہوائیں یا فرشتے یا گھوڑے۔

اَلمِرْسَال۔ چھوٹا تیر۔ پیغامبر۔ ناقۃ مِرْسَال: نرم رفتار اونٹنی۔ ج مَرَاسِیل۔

رَسَمَ (ن) رَسْمًا۔ المطر الدیار: ساکر زمین سے ملا ہوا نشان باقی رکھنا ۔۔۔ لہ کذا: حکم دینا ۔۔۔ علی کذا: لکھنا ۔۔۔ الکتاب: لکھنا ۔۔۔ نحوہ: دوڑتے ہوئے جانا ۔۔۔ الاسقف: گرجا کا کوئی عہدہ دینا۔ اسم: الرسامۃ ہے۔

رَسَمَ (ض) رَسِیْمًا۔ البعیرُ: پاؤں کا نشان چھوڑنا۔ تیز چلنا۔ صفت (رسوم)

رَسَّمَ۔ الثوب: دھاری دار بنانا و ۔۔۔ (وارسم) الناقۃ: چلا کر پاؤں کے نشان ڈلوانا

تَرَسَّمَ۔ الدار: گھر کے نشانات وغیرہ غور سے دیکھنا ۔۔۔ الشیءَ: یاد کرنا ۔۔۔ البانی والحافر: عمارت بنانے یا کھودنے کے لئے زمین دیکھنا۔

اِرْتَسَمَ۔ الامرَ: فرمانبرداری کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَسَمَ لہ کذا فارتسمہ" اس نے اس کو فلاں حکم دیا اور وہ بجا لایا ۔۔۔ باللہ تعالیٰ: اللہ کو پکارنا اور دعا کرنا ۔۔۔ الرجل: گرجا کے کسی عہدہ پر پہنچنا۔

اَلرَّسْم۔ مم۔ گھر کے مٹے ہوئے نشانات مٹی میں دبا ہوا کنواں۔ کسی چیز کا خاکہ۔ علامت غیر واقعی جیسے شاعر کے قول میں "اَرَی وُدَّکُمْ رَسْمًا وَوُدِّی حَقِیْقَۃً" میں تمہاری دوستی کو غیر واقعی اور اپنی دوستی کو واقعی سمجھتا ہوں۔ ج رُسُوْم وَاَرْسُم۔ معاملہ ۔۔۔ عند اہل الجبایۃ: ٹیکس۔

اَلرَّاسِم۔ نا۔ بہتا ہوا پانی۔

اَلرَّسْم۔ رفتار کی خوبی۔

الرَّاسُوم. ج رَوَاسِیمُ و الرَّوسَم، ج رَوَاسِم: مہر۔ ٹھپے وغیرہ پر مہر کرنے کی چیز۔ کھدی ہوئی لکڑی جس سے غلہ کے ڈھیر پر ٹھپہ لگایا جاتا ہے۔ الرَّوسَم: علامت نشان۔ مصیبت۔ الرَّوَاسِم: زمین پر پاؤں کے نشان ڈال کر چلنے والے اونٹ۔ واحد (رَاسِم و رَاسِمَة)

المَرْسُوم۔ مفع۔ لکھا ہوا۔ سرکلر ج مَرَاسِم۔ و مَرَاسِیم۔

الرَّسَّام۔ نقش کرنے والا۔ نقشہ بنانے والا

الرَّسِیمَان و الرَّسِیم۔ زمین پر نشان ڈالتے ہوئے اونٹ کی چال۔

رَسَنَ (ن، ض) رَسْنًا و اَرْسَنَ۔ الدَّابَّة: جانور کے سر پر رسی ڈالنا۔ رَسَنَ و اَرْسَنَ الدَّابَّة: جانور کو چرنے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ اور اسی سے ہے "رَمَی بِرَسَنِهِ عَلَى غَارِبِهِ" اس نے اسکے کندھے پر اس کی رسی ڈال دی یعنی اسے بالکل آزاد چھوڑ دیا۔ اَرْسَنَ المُهْر: بچھیرے کا تابع ہونا گردن میں رسی ڈالنے کے لئے سر دے دینا

الرَّسَن۔ جانور کے گلے میں ڈالنے کی رسی ج اَرْسَان و اَرْسُن۔

المَرْسِن و المَرْسَن۔ من الدابة: رسی ڈالنے کی جگہ۔ ... ناک

رَسَا یَرْسُو رَسْوًا و رُسُوًّا ... ثابت ہونا۔ استوار ہونا۔ صفت مذکر (راس) مؤنث (راسیة) ج رواسی و راسیات۔ رَسَت السَّفِینَة: لنگر انداز ہونا۔ رَسَا بَیْنَ القَوم: صلح کرانا ــــ عنه حدیثًا: کسی سے روایت کرنا۔ والحدیث کسی کے سامنے کچھ حصہ بیان کرنا ــــ الصَّوم: روزے کی نیت کرنا۔

رَاسَی۔ ہ: تیراکی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْسَی اِرْسَاءً۔ الشیءُ: ٹھہرنا۔ ثابت ہونا استوار ہونا ــــ السَّفِینَة: کشتی کو لنگر انداز کرنا ــــ الوتد فی الارض۔ کھونٹے کو زمین میں گاڑنا

الرَّسْو۔ خبر کا ایک حصہ۔

الرَّاسِی۔ فا۔ قِدْرٌ رَاسِیَةٌ: ایک جگہ پر ٹکی والی بڑی دیگ

الرَّوَاسِی۔ مضبوط پہاڑ۔

الرَّسِیّ۔ ثابت خیمہ کے درمیان کا تھم۔

المَرْسَی۔ بندرگاہ ... اب

المُرْسَی۔ مفع۔ باری تعالیٰ کے قول۔ یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ مُرْسٰهَا۔ کے معنی یہ ہیں کہ لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ قیامت کب واقع ہوگی۔

المِرْسَاة۔ کشتی کا لنگر۔ ج مَرَاس۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَی مَرَاسِیَهُ" یعنی اس نے اقامت کی۔ و "اَلْقَت السَّحَابُ مَرَاسِیَهَا" بادل جم کر برسا۔

رَشَّ (ن) رَشًّا و تَرْشَاشًا۔ الماءَ: پانی چھڑکنا ــــ السماءُ: آسمان کا پھوار برسانا ــــ الشیءَ: دھونا۔

اَرَشَّت۔ السماءُ: آسمان کا پھوار برسانا ــــ الطعنة: کشادہ زخم ہونے سے خون پھیل کر نکلنا ــــ الشواءُ: بھونے ہوئے گوشت سے چربی ٹپکنا ــــ الفرسَ: گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ لانا۔

تَرَشَّشَ۔ علیه الماءُ: خون چھینٹے پڑنا بہنا۔

الرَّشّ۔ یم پھوار ج رِشَاش تکلیف دہ مار

الرَّشَاش۔ پانی خون وغیرہ کا چھینٹا۔

المِرَشَّة۔ پانی وغیرہ چھڑکنے کا آلہ۔

رَشَأ (ت) رَشْأً۔ الظبیُ: ہرن کا قوی ہو کر ماں کے ساتھ چلنا ــــ الظبیةُ: ہرن کا جننا۔

الرَّشَأ۔ ہرن کا بچہ۔ یا وہ جو چلنے لگے ج اَرْشَاء

الرُّشْبة۔ منہ سے مٹی مار کر برتن سے پانی نکالیں

المَرَاشِب۔ مٹی جس سے مشکوں کا منہ بند کریں۔

رَشَحَ (ت) رَشْحًا و رَشَحَانًا و اَرْشَحَ و اِرْتَشَحَ۔ الاناءُ: برتن کا ٹپکنا۔ رسنا ــــ الجسدُ: بدن کا پسینہ والا ہونا و "رَشَحَ الظبیُ": ہرن کا اچھلنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "لم یرشح له بشیءٍ" اس نے اس کو کچھ نہیں دیا

رَشَّحَت النَّاقَةُ وَلَدَهَا رَشْحًا و تَرْشِیحًا و رَشَّحَتْه۔ اونٹنی کا اپنے بچہ کی دم کی جڑ کو اپنے سینے سے رگڑنا اور آگے بڑھانا اور خود ٹھہر ٹھہر جانا تاکہ بچہ اس سے لاحق ہو جائے۔ صفت (راشح مُرَشِّح و مُرْشِح)

رَشِحَ۔ پسینہ سے تر ہونا۔

رَشَّحَ۔ المالَ: بہتر انتظام کرنا ــــ الولدَ: پرورش کرنا اور کام کے لائق بنانا اور اسی سے ہے "هو یُرَشَّحُ لولایة العهد" وہ ولیعہدی کے لئے تیار کیا جا رہا ہے ــــ الظبیةُ ولدَها: جننے کے وقت آلائش چاٹنا ــــ الناقة ولدها: بمعنی رَشَّحَتْه ــــ الغیثُ النباتَ: بارش کا نباتات کو بڑھانا۔

تَرَشَّحَ۔ ولد الناقة: ماں کے ساتھ چلنے کے لائق ہونا ــــ الظبیةُ: جننے کے وقت آلائش چاٹنا۔ الماءُ: پتھروں سے ٹپکنا ــــ الرجل لامر: لائق ہونا۔ اہل ہونا۔

اِسْتَرْشَحَ۔ النباتُ۔ بلند ہونا۔ بڑھنا ــــ النبات: چرانے کے لئے بڑھنے کا انتظار کرنا۔

الرَّشْح۔ مص۔ پسینہ۔

الرَّاشِح۔ فا۔ پتھروں سے ٹپکنے والا پانی ــــ من الفصلان: چلنے میں قوی۔ پہاڑ جس کا نچلا حصہ تر ہو۔ زمین پر رینگنے والا کیڑا ج رواشح۔

الرَّشِیح۔ پسینہ۔ ایک قسم کی نباتات

المِرْشَح و المِرْشَحَة۔ زین کے نیچے کا خوگیر

الابن شَیْح۔ بہت ذہین۔ ذکی۔ کہا جاتا ہے "هو اَرْشَحُ فؤادًا" وہ تیز خاطر ہے۔

رَشَدَ (ن) رُشْدًا و رَشَادًا و رَشِدَ (س) رَشَدًا۔ ہدایت پانا۔ راہ راست پر چلنا ــــ امره: ہدایت یافتہ ہونا۔

رَشَّدَهُ و اَرْشَدَهُ۔ الی کذا و علیه ولہ: ہدایت کرنا۔ رَشَّدَهُ القاضی: سیدھے راستہ پر چلانا۔

اِسْتَرْشَدَ۔ لامره۔ راہ راست پانا۔

—— ہ: ہدایت طلب کرنا۔

الرُّشْد۔ مصدر۔ ہدایت۔ راہ راست پر ہونا۔

الرَّشْدَة والرِّشْدَة: حلال زادہ۔

الرُّشْدٰی۔ ہدایت۔

الرَّشِید۔ سیدھے راستہ پر چلنے والا۔ ہدایت یافتہ۔ ہدایت کرنے والا۔

الرَّشَاد والرُّشَاد۔ ایک قسم کی نباتات

الرَّشَادَة۔ چٹان۔ مٹھی بھر کا پتھر ج رَشاد

المَرَاشِد۔ سیدھے و متوسط راستے (جمع ہے واحد نہیں)

اُمّ رَاشِد۔ چوہیا۔

رَشْرَشَ رَشْرَشَةً۔ الشّیءَ: ڈھیلا ہونا۔ —— البعیرُ: اونٹ کا اچھی طرح بیٹھنے کے لیے سینہ سے زمین رگڑنا۔

تَرَشْرَشَ۔ الماءُ: بہنا۔

خُبْزٌ و عَظْمٌ رَشْرَشٌ و رُشَارِشٌ: نرم روٹی یا ہڈی

رَشَفَ (ض ن) رَشْفًا و رَشِیفًا و تَرْشَافًا و رَشِفَ (س) رَشَفًا و رَشَفَانًا۔ الماءَ و نحوہ: چوسنا —— الاناءَ: پی کر خالی کرنا۔

رَشَّفَ و اَرْشَفَ و تَرَشَّفَ و ارْتَشَفَ الماءَ: خوب چوسنا۔

الرَّشْف والرَّشَف۔ حوض کا بقیہ تھوڑا پانی۔ کہا جاتا ہے "حوضٌ رَشَفٌ" بے پانی کا حوض

الرَّشَّاف۔ بہت چوسنے والا۔

المِرْشَف۔ پانی چوسنے کا آلہ۔ ج مَرَاشِف

المَرَاشِف: ہونٹ۔

رَشَقَ (ن) رَشْقًا۔ بالسہم: تیر مارنا —— ببصرہ: گھور کے دیکھنا —— و بلسانہ: طعن و تشنیع کرنا۔ اور اسی سے ہے "ایاک و رشقات اللسان" زبان کی طعنہ زنی سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

رَشُقَ (ک) رَشَاقَةً۔ الغلامُ: خوبصورت قد والا ہونا۔ چابکدست ہونا۔ پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَشِیق) ج رِشَاق۔

رَاشَقَہٗ مُرَاشَقَةً۔ ہمراہ چلنا۔ ایک دوسرے کو تیر مارنا۔

تَرَاشَقَ القومُ: باہم تیر اندازی کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تراشقوا بالسنتہم و تراشقوا باعینہم" اُنھوں نے اپنی زبانوں سے طعن تشنیع کی اور اپنی آنکھوں سے گھور گھور کر دیکھا۔

تَرَشَّقَ۔ فی الامر: تیز ہونا۔

اَرْشَقَ۔ النظرَ الیہ: تیز نظر سے دیکھنا —— القومُ ببصرہ: نگاہ ڈالنا —— الظبیةُ: ہرنی کا گردن پھیلا کر تیز نظر سے دیکھنا —— الرامی: سیدھا تیر پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "ارشقنی مقصدی" اس نے میرے مقصد کی طرف چلنے میں میرا مقابلہ کیا "ما اَرْشَقَ ہٰذِہِ القوس" یہ کمان کس قدر تیز تیر پھینکنے والی ہے۔

الرُّشُق۔ تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ رَشِیق کی جمع۔

الرَّشْق والرِّشْق۔ قلم کی چرچراہٹ۔ تم کہتے ہو "سمعت رشق قلمہ" میں نے اس کے قلم کے چلنے کی آواز سنی۔ الرِّشْق: تیر اندازی ج اَرْشَاق۔

الاَرْشَق۔ سیدھا کھڑا۔ کہا جاتا ہے "جِیدٌ اَرْشَقُ" کھڑی گردن۔

الرَّشِیق۔ نازک اندام خوبصورت —— من اللفظ و الخط: پاکیزہ و نفیس لفظ یا خط

الرِّشْك۔ گھنی داڑھی۔ گھنی داڑھی والا بچھو۔

رَشَمَ (ن) رَشْمًا۔ بَیْدَرَ الحِنْطَةِ: گیہوں کے کھلیان پر مہر کرنا۔ (—— و رَشَّمَ) لکھنا۔

رَشِمَ (س) رَشَمًا۔ کھانے کی بو سونگھنا اور خواہش کرنا۔ صفت (اَرْشَم)

اَرْشَمَ۔ الشجرُ: درخت کا پتے والا ہونا —— الارضُ: سبزی نکلنا شروع ہونا —— البرقُ: بجلی چمکنا —— الماشیةُ: ابتدائی سبزی چرنا۔

(—— و ارْتَشَمَ) الاناءَ: برتن پر مہر کرنا۔

الرَّشْم۔ ابتدائی سبزی۔ بجو کے منہ کی سیاہی (—— و الرَّشَم) زمین پر بارش کا اثر۔ ہر چیز کا ...

الاَرْشَم۔ داغدار کتا۔ چونکہ اس کے تھنوں کے درمیان سیاہی ہوتی ہے —— من الغیث: تھوڑی بارش۔ عامٌ اَرْشَمُ: سال کہ جس میں ارزانی و فراخی اچھی طرح نہ ہو۔

الرَّوْشَم والرَّاشُوم۔ غلہ کے انبار پر مہر کرنے کی منقوش تختی۔

الرُّشْمَة۔ بجو کے منہ کی سیاہی۔

رَشَنَ (ن) رَشْنًا و رُشُونًا۔ بن بلائے مہمان بننا —— الکلبُ فی الاناء: کتے کا برتن میں سر ڈالنا۔

الرَّشْن والرَّوْشَن۔ پانی نکلنے کا دہانہ

الرَّاشِن۔ فا۔ بن بلائے مہمان۔ کسی رہبر کے شاگرد کا وظیفہ جس کو عوام کے نزدیک "لہ تخلوان" بھی کہا جاتا ہے۔

الرَّوْشَن۔ روشندان۔ ج رَوَاشِن۔

رَشَاہٗ (ن) رَشْوًا۔ رشوت دینا۔

رَاشٰی مُرَاشَاةً۔ فلانًا: رشوت دینا سدھ کرنا۔

اَرْشٰی۔ الدلوَ: ڈول میں رسی لگانا —— الشجرةُ: درخت کا لمبی ٹہنیوں کا ہونا —— القومُ فی دمٍ: کسی کے خون میں شریک ہونا۔ ارشوا البسلاحہم فیہ: کسی کے مقابلہ کے لیے اپنے ہتھیاروں کو درست کرنا۔

تَرَشّٰی۔ الرجلُ: باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَشٰی۔ رشوت لینا —— منہ رشوةً: رشوت لینا۔

اِسْتَرْشٰی۔ فی حکمہ: رشوت مانگنا —— الفصیلُ: اونٹ کے بچہ کا دودھ پینے کی خواہش کرنا —— مافی الضرع: تھن سے دودھ نکالنا۔

الرُّشْوَة والرَّشْوَة والرِّشْوَة۔ رشوت۔ ج رُشًی و رِشًی۔

الرِّشَاء۔ رسی۔ ڈول کی رسی۔ ج اَرْشِیَة کہا جاتا ہے "اَتْبِعِ الدَّلْوَ رِشَاءَہَا" ڈول کے پیچھے رسی بھی کر دو۔ اُس موقعہ پر مثال کے طور پر بولتے ہیں جب ایک کو دوسرے کے ساتھ کرنا ہو

وارشیۃ للنبات: نباتات کی بیلیں۔
الرَشَاۃ۔ ایک قسم کی نباتات ج رَشا۔
الرشیّ۔ اونٹ کا بچہ
الرِّشَاء۔ ڈول کی رسّی۔
رَصَّ (ن) رَصًّا۔ الشیَٔ: ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا ـــ الدجاجۃ بیضھا: مرغی کا انڈوں کو بیٹھنے کے لیے چونچ سے درست کرنا
رَصْرَصَہٗ۔ ایک کو دوسرے سے چمٹانا۔ جوڑنا۔ مضبوط کرنا۔ سیسہ کی قلعی کرنا ـــ الرجل: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَصَّصَ و اِرْتَصَّ۔ باہم چمٹنا۔ جڑنا
الرَصَاص۔ سیسہ۔ قلعی۔ واحد رصاصۃ
الرَصَاصِیّ۔ سیسے رنگ کا۔
الرَصَص۔ دانتوں کی پیوستگی۔
الرَصِیْص۔ ایک دوسرے کے ساتھ جڑا ہوا۔ مونث رصیصۃ۔ ج رصائص۔ کہا جاتا ہے "رُصِّصَتْ علی القبرِ الرصائصُ" قبر پر پتھر تہ بتہ لگائے گئے۔ الرصیص: انڈوں کا ڈھیر۔ عورت کے منہ کا نقاب۔
الاَرَصّ۔ قریب قریب دانتوں والا۔ مونث رَصَّاء۔ ج رُصّ۔ فخذ رَصَّاء: ایک دوسری سے ملی ہوئی ران۔
الاُرْصُوْصَۃ۔ خربزہ کی مانند لمبی ٹوپی
الرَصَّاصَۃ۔ بخیل۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔ بُنیانٌ (مَرْصُوْصٌ) مضبوط عمارت۔
الرَصَب۔ انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی کی جڑ کا فاصلہ۔
رَصِحَ (س) رَصَحًا۔ قریب قریب سرین صفت (اَرْصَح) مونث رَصْحَاء۔
رَصَخَ۔ فی الامر: بمعنی رَسَخَ
رَصَدَہٗ (ن) رَصْدًا اور رَصَدًا۔ انتظار کرنا۔ گھات میں بیٹھنا۔
رُصِدَ۔ المکانُ: بوچھاڑ پڑنا۔ صفت (مَرْصُوْد)
رَاصَدَہٗ۔ نگہبانی کرنا۔
اَرْصَدَ۔ الرقیبَ: گھات میں راستہ پر کھڑا کرنا ـــ لہ شیئًا: طیار کرنا۔ مہیا کرنا ـــ لہ خیرًا او شرًا: بدلہ دینا ـــ الحساب: پیش کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شمار کرنا۔
اِرْتَصَدَہٗ و تَرَصَّدَہٗ۔ امید لگانا۔ تَرَصَّدَ لہٗ: گھات میں بیٹھنا۔
تَرَاصَدَ۔ الرجلان: ایک دوسرے کے گھات میں بیٹھنا۔
الرَاصِد۔ ج۔ نگہبان۔ شیر۔ گھات میں بیٹھنے والا۔ ج رُصَّد و رَصَد۔
الرَصَد۔ راستہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی گھاس۔ ج اَرْصَاد۔ گھات میں بیٹھنے والے لوگ۔ (واحد جمع مذکر مونث سب کے لیے) اور کبھی جمع کے لیے ارصاد بولتے ہیں۔
الرَصْدَۃ۔ بوچھار ج رِصَاد۔
الرُصْدَۃ۔ تلوار کے پرتلہ کا حلقہ۔ شیر وغیرہ کے شکار کا گڑھا۔
الرَصُوْد۔ پانی پینے کے لیے انتظار کرنے والی اونٹنی۔
الرَصِیْد۔ گھات میں رہنے والا۔
المِرْصَاد۔ راستہ (ـــ والمَرْصَد) گھات ج مَرَاصِیْد و مَرَاصِد۔ مَرَاصِدُ الحیّات: سانپوں کے چھپنے کی جگہیں۔ اَرْضٌ (مُرْصِدَۃ) تھوڑی سی گھاس والی زمین۔
رَصْرَصَ۔ البناءَ: عمارت مضبوط بنانا۔ ـــ فی المکان: ٹھہرنا۔ رہنا۔
الرَصْرَاصَۃ۔ سخت زمین۔ جاری چشمہ کے اردگرد کے پتھر۔
رَصَعَہٗ (ف) رَصْعًا۔ بیدہ: تھپڑ مارنا ـــ بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔ رَصَعَ السنانَ فی المطعون: زور سے بھالا مار کر گھسا دینا ـــ الحبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا (ـــ رُصُوْعًا) اقامت کرنا۔
رَصِعَ (س) رَصَعًا۔ بالشیٔ: چپکنا ـــ بالطیب: مہک اٹھنا ـــ المرأۃ رِصَاعًا: جماع کرنا۔
رَصَّعَ۔ الشیَٔ: اندازہ کرنا اور بننا۔ کہا جاتا ہے "رَصَّعَ الطائرُ عُشَّہٗ بالقضبانِ" پرندے نے اپنے گھونسلے کو اندازہ کر کے تیلیوں سے بُنا ـــ الذہبَ بالجواہر: سونے میں جواہر بٹھانا۔ کہا جاتا ہے "تاجٌ مُرَصَّعٌ بالجواہر" جواہر کا جڑا ہوا تاج ـــ العقدَ بالجواہر: ہار میں جواہر پرونا
اَرْصَعَہٗ۔ بالرمح: سخت نیزہ مارنا۔
اِرْتَصَعَ۔ الحبَّ: دانہ کو دو پتھروں کے درمیان کوٹنا ـــ بہ: چپکنا ـــ اسنانہٗ: دانتوں کا پیوستہ و قریب قریب ہونا۔
تَرَصَّعَ۔ جڑاؤ ہونا۔ شادماں ہونا۔ کام وغیرہ میں چست ہونا۔
تَرَاصَعَتِ۔ العصافیرُ: جفتی کرنا۔
الرَصِیْعَۃ۔ کوٹے ہوئے دانے۔ لگام کی گرہ۔ تلوار یا زین وغیرہ کا حلقہ یا گول زیور ج رَصَائِع۔
الاَرْصَع۔ لاغر سرین والا۔ طعنٌ اَرْصَعُ: پورا گھسا ہوا نیزہ۔
الرَصَّاع۔ بہت جماع کرنے والا۔
المِرْصَاع۔ لٹو۔ ہر وہ لکڑی جس سے کسی چیز کو چوڑا کریں۔
الرُصْغ۔ بند دست۔ گٹا۔
الرِصَاغ۔ بمعنی الرِّسَاغ۔
رَصَفَ (ن) رَصْفًا۔ الحجارۃَ: پتھروں کو ترتیب سے جوڑنا ـــ للمصلی قدمیہ او بین قدمیہ: نمازی کا قدموں کو قریب قریب کرنا یا ایک کو دوسرے سے ملانا۔ اور کہا جاتا ہے "ہذا الامر لا یَرْصُفُ بِکَ" یہ کام تمہارے لائق نہیں۔
رَصُفَ (ک) رَصَافَۃً۔ العملُ: مضبوط ہونا
رَصِفَتْ (س) رَصَفًا و رُصِفَتْ رَصْفًا۔ اسنانہٗ: دانتوں کا ترتیب وار و ہموار ہونا۔
اَرْصَفَ۔ شراب وغیرہ میں پہاڑی چشمہ کا پانی ملانا۔
تَرَصَّفَتْ و تَرَاصَفَتْ و اِرْتَصَفَتْ۔ الحجارۃُ: پتھروں کا ترتیب وار ملنا۔

— القَوْمُ فی الصَّفِّ: ترتیب سے ایک دوسرے سے مل کر کھڑے ہونا — اسنانُہٗ: دانتوں کا ترتیب دار ہونا۔

الرَّصَفُ۔ پانی بہنے کی جگہ میں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے پتھر۔ واحد (رَصَفَۃٌ) الرصفتان۔ گھٹنوں کی ہڈیوں کے پٹھے گٹھے الرصف: پانی کا بند۔ ماء الرَّصَف: پہاڑی کا صاف پانی جو چٹان پر گرے۔

الرِّصَافُ۔ پٹھا جو جڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے۔ گھوڑے کا پٹھا۔ پہلو کی ہڈیاں۔ ج۔ رصف و رُصُف۔

الرَّصِیْفُ۔ نظیر۔ دوست۔ عَمَلٌ رصیف: مضبوط کام اور مولدین کے نزدیک "رصیف" کا اطلاق پتھروں کے فرش کئے ہوئے راستے پر ہوتا ہے۔

الرُّصَافَۃُ۔ پٹی جو جڑ میں تیر کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے اطراف شہر کا سبزہ زار۔ اور عموماً اس کا اطلاق بغداد کے ایک مقام پر ہوتا ہے۔

الرُّصُوْفَۃُ۔ ثابت قدمی۔

المِرْصَافَۃُ۔ ہتھوڑا۔

المُرْتَصِفُ۔ شیر۔ رَجُلٌ مرتصف الاسنان: قریب قریب دانتوں والا مرد۔

اِرْتَصَفَ اِرْتِصَافاً۔ چپک کر مضبوط ہونا

رَصِمَ (س) رَصَماً۔ پہاڑ کی تنگ گھاٹی میں داخل ہونا۔

رَصَنَ (ن) رَصْناً۔ الامر: پورا کرنا مضبوط کرنا — الدابۃ: داغ لگانا — بلسانہٖ: گالی دینا۔

رَصُنَ (ک) رَصَانَۃً۔ العقل وغیرہ: پختہ ہونا۔ مضبوط ہونا۔ ثابت قدم ہونا۔ صفت (رصین)۔

رَصَنَ۔ الشیَٔ معرفۃً: خوب اچھی طرح سمجھنا اور کہا جاتا ہے۔ "رَصِّن لی ہذا الخبر" میرے لئے اس خبر کی تحقیق کرو۔

اَرْصَنَہٗ۔ مضبوط کرنا مکمل کرنا

الرَّصَنُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

الرَّصِیْنُ۔ اپنے ساتھی کی ضرورت کے لئے اصرار کرنے والا۔ دردمند۔ دردناک

المِرْصَنُ۔ جانوروں کو داغ لگانے کا لوہا۔

رَصَا (ن) رَصْواً۔ الشیَٔ: مضبوط کرنا۔ استوار کرنا۔

اَرْصٰی۔ بالمکان: جمے رہنا۔

رَضَّہٗ۔ (ن) رَضّاً کوٹنا۔ دلنا۔

رَضْرَضَ۔ الشیَٔ: اچھی طرح کوٹنا۔ دلنا۔

تَرَضْرَضَ۔ کوٹا جانا۔ دلا جانا۔

اَرَضَّ۔ سست و بوجھل ہونا۔ تیز دوڑنا۔ — فی الارض: جانا — التعبُ العرقَ: پسینہ بہانا۔

اِرْتَضَّ۔ الشیُٔ: ٹوٹنا۔

الاَرَضُّ۔ جم کر بیٹھنے والا۔

الرَّضِیْضُ و المَرْضُوْضُ۔ کوٹا ہوا۔

الرُّضَاضُ۔ ریزے۔ چورہ۔

المُرِضَّۃُ والمِرَضَّۃُ و الرَّضِیْضَۃُ۔ گٹھلی نکال کر دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجوریں المرضۃ: کوٹنے یا دلنے کا آلہ۔

رَضَبَ۔ (ن) رَضْباً و اَرْضَبَ۔ المطرُ: زور سے بارش ہونا — السماءُ: آسمان کا برسنا (رضب و ترضّب) الریقَ: تھوک چوسنا۔

الرَّاضِبُ۔ فا — من المطر: زور سے برسنے والی بارش۔

الرُّضَابُ۔ چوسا ہوا تھوک۔ شہد کا لعاب اور جھاگ۔ مشک کے ریزے۔ برف اور شکر وغیرہ کے ٹکڑے اولے۔ ماء رضب: میٹھا پانی۔

المَرَاضِبُ المَرَاضِیْبُ۔ خوش مزہ تھوک

رَضَحَ (ف) رَضْحاً۔ النوٰی او الحصٰی: گٹھلی یا کنکری توڑنا — راسہٗ بالحجر: کچلنا۔

تَرَضَّحَ۔ الحصی: کنکری کا ٹوٹنا — الخبزَ: روٹی کا چورا کرنا۔

تَرَاضَحُوْا۔ بالنشاب: ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا۔

اِرْتَضَحَ۔ من الامر۔ عذر کرنا۔

الرَّضْحُ۔ مص۔ تھوڑا عطیہ۔ کہا جاتا ہے۔ "بلغنا رضحٌ من الخبر" ہم کو تھوڑی خبر ملی۔

الرُّضْحُ۔ شکستگی۔

الرَّضِیْحُ۔ ٹوٹی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضْحَۃُ۔ گٹھلی جو توڑتے وقت پتھر کے نیچے سے چھٹک جائے۔ کہا جاتا ہے "وقعت رضحۃ من المطر" یعنی تھوڑی سی بارش ہوئی۔ ج۔ رضاح۔

المِرْضَاحُ۔ گٹھلیوں کے توڑنے کا پتھر۔

رَضَخَ۔ (ض ف) رَضْخاً۔ النوی او الحصی: گٹھلی یا کنکری توڑنا اور کہا جاتا ہے "رضخ لہٗ من مالہٖ رضخاً" یعنی اس نے اس کو بہت میں سے تھوڑا سا دیا — التیوسُ: باہم سینگ مارنا اور عوام کہتے ہیں۔ "رضخ لہٗ" یعنی اس نے اس کے لئے فروتنی کی۔ و "رضخ للحق" اس نے حق تسلیم کیا۔

رَاضَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو پتھر مارنا — بالشیٔ: بادل ناخواستہ دینا — منہ شیئاً: پانا۔ حاصل کرنا۔

اَرْضَخَ۔ للرجل: بہت میں سے تھوڑا دینا۔

تَرَاضَخَ۔ القومُ بالحجارۃ: باہم پتھراؤ کرنا۔

تَرَضَّخَ۔ الحصی: کنکری کا ٹوٹنا — الخبزَ: توڑ کر کھانا — الخبرَ: سن کر یقین نہ کرنا۔

الرَّضْخُ۔ مص۔ تھوڑا عطیہ۔ سنی ہوئی غیر یقینی خبر۔

الرَّضِیْخَۃُ۔ توڑی ہوئی گٹھلی۔

الرَّضِیْخَۃُ و الرُّضَاخَۃُ۔ تھوڑا عطیہ

المِرْضَاخُ۔ ج مَرَاضِیْخُ (المرضخۃ) پتھر جس سے یا جس پر توڑا جائے۔

رَضَدَ (ن) رَضْداً۔ المتاع: سامان کو ترتیب سے رکھنا۔

اِرْتَضَدَ۔ المتاعُ: سامان ترتیب سے رکھا جانا

رَضْرَضَہٗ۔ توڑنا۔ چورہ کرنا۔

تَرَضْرَضَ ۔ الحجرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔

الرَّضْرَاضُ ۔ چھوٹی اور باریک کنکریاں۔ بہت گوشت والا مرد ۔ مونث رَضْرَاضَة۔

رَضِعَ (س) و رَضَعَ (ن ض) رَضْعاً و رَضَعاً و رَضِعاً و رَضَاعاً و رِضَاعاً و رَضَاعَةً و رِضَاعَةً و ارْتَضَعَ ۔ الولدُ اُمَّه: ماں کا دودھ پینا ۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع ۔

رَضُعَ (ک) رَضَاعَةً ۔ لئیم ہونا ۔ کمینہ ہونا۔ صفت (رَاضِع) ج رُضَّع

رَاضَعَهُ رِضَاعاً و مُرَاضَعَةً ۔ رضاعی بھائی کے ساتھ دودھ پینا ۔۔۔ ابنَہ: دائی ۔ پلائی کو دینا ۔۔۔ الطفلُ: بچے کا اپنی حاملہ ماں کا دودھ پینا۔

اَرْضَعَهُ ۔ دودھ پلانا ۔ اَرْضَعَتِ المرأةُ: دودھ پیتے بچہ والی ہونا۔ صفت (مُرْضِع) اس کلمہ میں تا علامت تانیث لاحق نہیں ہوتی اس وجہ سے کہ یہ طبقہ اناث ہی کے لیے مخصوص ہے اور جب بچہ پستان کو منہ میں لے لے تو اس وقت صفت (مُرْضِعَة) ہوگی ۔ ج مُرْضِعَات و مَرَاضِع۔

اِسْتَرْضَعَ ۔ دائی پلائی طلب کرنا ۔ یا دودھ پلانے کو کہنا ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَرْضَعْتُ المرأةَ وَلَدِي" عورت سے میں نے اپنے بچہ کو دودھ پلانے کو کہا۔

الرَّضَع ۔ کمینگی ۔ کھجور کے چھوٹے چھوٹے پودے ۔ واحد (رَضَعَة)

الرَّاضِع ۔ فا ۔ دودھ والی ۔ کمینہ بخیل ۔ لوگوں سے سوال کرنے والا۔

الرَّاضِعَة ۔ رَاضِع کا مونث ۔ الرَّاضِعَتَانِ بچہ کے اگلے دو دانت ۔ ج رواضع ۔

الرَّضِيع ۔ ج رُضَعَاء و الرَّضِع ج رُضَّع: دودھ پیتا بچہ ۔ کمینہ ۔ رَضِيعُك: تمہارا رضاعی بھائی ۔ اور وہ تمہارا رضاعی بھائی ہو گا اس لیے مُرَاضِع کے معنی میں ہے۔

الرَّضَاعَة ۔ مص ۔ بچھوائی اور دکھنی ہواؤں کے درمیان کی ہوا ۔۔۔ والرِّضَاعَة ارضاع کا اسم۔

الرَّضُوعَة ۔ اپنے بچہ کو دودھ پلانے والی عورت

الرَّضَّاع ۔ بہت دودھ پلانے والا ۔ کمینہ۔

المَرَاضِيع ۔ کمینے۔

رَضَفَهُ (ض) رَضْفاً ۔ داغ لگانا ۔ رَضَفَ اللبنَ: دودھ کو گرم پتھر پر گرم کرنا ۔۔۔ اللحمَ: گوشت کو گرم پتھر پر بھوننا۔

رَضَّفَهُ ۔ سخت غضبناک کر دینا۔

الرَّضْف ۔ گرم پتھر ۔ واحد (رَضْفَة) کہا جاتا ہے "هو على الرَّضْف" یعنی وہ رنجیدہ ہے ۔ الرَّضْف: ملی ہوئی انگلیوں کی مانند گھٹنے کی ہڈیاں ۔ اور امثال میں سے ہے "خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا" یعنی بخیل آدمی سے جو کچھ تھوڑا سا ملے وہی لو۔

الرَّضْفَة ۔ گرم پتھر ۔ گرم پتھر سے کیا ہوا داغ ۔ ج رَضْف و رَضَفَات۔

الرَّضِيف ۔ گرم پتھر ۔۔۔ والرَّضِيفَة گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ ۔ اور اسی سے ہے "شَرِبْتُ الرَّضِيفَةَ" میں نے گرم پتھر ڈال کر گرم کیا ہوا دودھ پیا۔

الرَّضِيف والمَرْضُوف ۔ گرم پتھر پر بھنا ہوا گوشت۔

الرَّضِيفَة والمَرْضُوفَة ۔ اوجھ جس کو دھو کر سفر میں اپنے ساتھ رکھتے تھے اور جب ہانڈی نہیں ہوتی تھی تو گوشت کے ٹکڑے کاٹ کر اسی اوجھ میں بھر دیتے تھے اور پھر پتھر گرم کر کے اس کو بھی اسی اوجھ میں ڈال دیتے تھے تاکہ اس کی گرمی سے گوشت پک جائے۔

المِرْضَافَة ۔ داغ کرنے کا آلہ۔

مُطْفِئَةُ الرَّضْف ۔ ایسی سخت مصیبت جو پچھلی مصیبتوں کو بھلا دے ۔ چربی جو پگھل کر پتھر کی گرمی بجھا دے ۔ بہت زہریلا سانپ جس کے زہر سے پتھر کی گرمی کم ہو جائے جبکہ وہ اس پر سے گزرے۔

اَرْضَكَ ۔ عَيْنَيْهِ: آنکھوں کو بند کرنا اور کھولنا

رَضَمَ (ض) رَضْماً ۔ الارضَ: زمین کو جوتنا۔ ۔۔۔ البيتَ: گھر کو بڑے بڑے پتھروں سے بنانا صفت مفعولی (رَضِيم و مَرْضُوم) ۔۔۔ المتاعَ: سامان کو تہ بتہ رکھنا ۔۔۔ الشيءَ: توڑنا ۔۔۔ عليه الصخرَ: ڈالنا ۔ (۔۔۔ رَضْماً و رَضَمَاناً) في المشي: سست چلنا ۔ قریب قریب قدم رکھ کر دوڑنا ۔۔۔ بالمكان: اقامت کرنا۔

اِرْتَضَمَ ۔ المتاعُ: سامان تہ بتہ ہونا۔

الرَّضْم والرَّضَم والرِّضَام ۔ بڑے بڑے پتھر جو عمارت میں اوپر تلے رکھے جائیں ۔ رَضَم کا واحد (رَضَمَة)

الرُّضَام ۔ ایک قسم کی گھاس ۔ ہر چیز کا قلیل حصہ۔

رَضَاهُ يَرْضُوهُ رَضْواً ۔ پسندیگی میں غالب ہونا ۔ کہا جاتا ہے "رَاضَانِي فَرَضَوْتُهُ" اس نے مجھ سے پسندیدگی میں مقابلہ کیا اور میں غالب آ

رَضِيَ (س) رُضًى و رِضًى و رِضْوَاناً و رُضْوَاناً و مَرْضَاةً ۔ عنه و عليه: خوش ہونا ۔ راضی ہونا ۔ صفت (رَاضٍ) ج رَاضُونَ و رُضَاة و (رَضِيّ) ج رَضِيُّونَ و (رَضِيّ) ج اَرْضِيَاء و رُضَاة۔

رَضِيَ ۔ الشيءَ و رَضِيَ به و فيه: پسند کرنا ۔ قناعت کرنا ۔ صفت مفعولی (مَرْضِيّ و مَرْضُوّ) کہا جاتا ہے "رَضِيَ اللهُ عَنْ فُلَانٍ و رَضِيَ عَنْه" یعنی اللہ اس کے اعمال کو قبول کرے اور اس سے خوش رہے "رَضِيَتْ مَعِيشَتُهُ" اس کی زندگی پسندیدہ ہے

رَاضَى رِضَاءً و مُرَاضَاةً ۔ الرجلَ: رضامندی طلب کرنا ۔ پسندیگی میں مقابلہ کرنا۔

اَرْضَى و رَضَّى ۔ الرجلَ: رضامند کرنا ۔ خوش کرنے کے لائق دینا۔

تَرَضَّى ۔ الرجلَ: رضامندی طلب کرنا۔

تَرَاضَى ۔ القومُ الشيءَ: قوم میں سے ہر ایک کا کسی چیز کو پسند کرنا۔

اِرْتَضَاهُ ۔ لِخِدْمَتِهِ او لِصُحْبَتِهِ: پسند کرنا۔

اِسْتَرْضَاهُ ۔ رضامندی طلب کرنا ۔ و اِسْتَرْضَيْتُهُ: کسی سے یہ کہنا کہ مجھے رضامند کرو

رجلٌ وامرأۃ (رِضًی) پسندیدہ مرد یا عورت (چونکہ یہ مصدر بمعنی مفعول ہے اس لیے مفرد تثنیہ جمع مذکر مونث سب کے لیے یہی ہے) عِیشۃ (رَاضِیۃ) پسندیدہ واچھی زندگی (اس میں اسناد مجازی ہے)۔
رَضوی۔ مدینہ طیبہ اور ینبع کے درمیان ایک پہاڑ کا نام۔ اور نسبت کے لیے رَضَوِیّ
الرِضَاء۔ خوشنودی۔
الرِضوۃ۔ خوشنودی کہا جاتا ہے "مَا فَعَلْتُ ذٰلِکَ اِلَّا عَنْ رِضْوَتِہٖ" میں نے اس کو اس کی رضامندی سے کیا۔
الرَضِیّ۔ عاشق۔ دُبلا۔ چھریرا۔
اَرَطَّ اِرْطَاطًا۔ بیوقوف ہونا۔ چلانا۔ شور مچانا۔ فی مَقْعَدِہٖ: جم کے بیٹھنا۔
اِسْتَرَطَّہٗ۔ بے وقوف سمجھنا۔
الرَطِیط۔ شور۔ چیخ۔ بیوقوفی۔ بیوقوف ج رِطَاط۔
الرَطَائِط۔ بیوقوف (جمع ہی ہے اس کے لیے واحد نہیں)۔
رَطَأ (ن) رَطْأً۔ القومَ: قوم کو ناپسندیدہ امر میں پھنسا دینا ـــ بسلحہ: پاخانہ کرنا ـــ المرأۃَ: جماع کرنا۔
اِسْتَرْطَأ۔ الرجلُ: بیوقوف ہونا ـــ الرجلَ: بیوقوف سمجھنا۔
الرَطْأ۔ بیوقوفی۔
الرَطِیءُ۔ بے وقوف۔ ج رِطَاء مونث رَطِئَۃٌ و رَطْآء۔
رَطُبَ (ن) رَطَابَۃً۔ البسرُ: پختہ ہونا بسر کھجور کا رطب ہونا
رَطَبَ (ن) رَطْبًا و رُطُوبًا۔ الدابۃَ: جانور کو تازہ چارہ کھلانا۔
رَطِبَ (س) و رَطُبَ (ک) رُطُوبَۃً و رَطَابَۃً۔ تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ نازک ہونا۔ رَطِبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ الثوبَ ونحوہ: تر کرنا۔
رَطَّبَ و اَرْطَبَ البُسْرُ: پختہ ہونا۔ رَطَّبَ القومَ: پختہ کھجور کھلانا۔ و اَرْطَبَتِ الارضُ: زمین کا بہت پختہ کھجور والی ہونا۔ اَرْطَبَ النخلُ: کھجور کے پکنے کا وقت آنا۔ اَرْطَبَ القومُ: پختہ کھجوروں کے درخت خرما کا مالک ہونا۔
تَرَطَّبَ۔ تر ہونا۔ اور اسی سے ہے "تَرَطَّبَ لسانی بذکرک" تمہاری یاد سے میری زبان تر ہے۔
الرَطْبُ و الرَطِیب۔ تر۔ نرم و نازک ٹہنی یا پر وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "عَیْشٌ رَطِیبٌ" خوشحال زندگی۔
الرُطْبُ و الرُطُب۔ سبز چارہ۔
الرُطَب۔ پختہ تازہ کھجور۔ واحد رُطَبَۃ ج رِطَاب و اَرْطَاب۔
المَرْطَبَۃ۔ کھاری کنوؤں کے درمیان میٹھا کنواں۔
الرَطَاب۔ بروزن نَظَام: عورتوں کے لیے ایک گالی۔
الرَطْز۔ کمزور بال وغیرہ۔
الرُطَازات۔ خرافات۔
رَطَسَ (ن من) رَطْسًا۔ تھپڑ مارنا۔
اِرْطَسَّت۔ علیہ الحجارۃُ: پتھروں کا تہ بتہ ہونا۔
رَطَعَ (ف) رَطْعًا۔ الجاریۃَ: جماع کرنا۔
الرَطْع۔ زکام۔
رَطَلَ (ن) رَطْلًا۔ الشیءَ: ہاتھ میں اٹھا کر وزن معلوم کرنا ـــ الرجلُ: دوڑنا۔
رَطَّلَ۔ الشعرَ: تیل لگا کر نرم کرنا اور کنگھی کرنا ـــ الشیءَ: رطل پیمانہ سے وزن کرنا (ـــ و اَرْطَلَ) الرجلُ: ڈھیلے لٹکے ہوئے کانوں والا ہونا۔
رَاطَلَ۔ رطل سے بیچنا۔
الرَطْل و الرِطْل۔ بارہ اوقیہ کا ایک وزن۔ ۔۔ ۳۴ تولہ۔ ج اَرْطَال۔ الرَطْلُ من الرجال: بیوقوف بُسست۔ کمزور بڈھا۔ لاغر اندام قریب البلوغ لڑکا۔ سُبک رفتار گھوڑا۔
الرِطْلَۃ۔ سبک رفتار گھوڑی۔
الرُطَیْلَاء۔ رُتیلاء کی تصحیف ہے۔
المُرَطِّل۔ من الرجال: نرم۔ لمبا۔
رَطَمَہٗ (ن) رَطْمًا۔ کیچڑ میں گرانا۔ پیچیدہ اور مشکل کام میں پھنسانا
رَطَمَ و اَرْطَمَ۔ فی قعودہ: جم کے بیٹھنا۔ واَرْطَمَ الرجلُ: خاموش رہنا۔
رُطِمَ۔ البعیرُ: اونٹ کو قبض کی بیماری ہونا
تَرَطَّمَ۔ المسلحَ: پاخانہ روکنا۔
اِرْتَطَمَ۔ کیچڑ میں گرنا۔ یا پیچیدہ و مشکل کام میں پھنسنا ـــ فی الامرِ: کسی معاملہ میں پھنس جانا ـــ علیہ الامرُ: مشتبہ ہونا ـــ الشیءُ: ڈھیر لگنا۔
الرُطْمَۃ۔ پیچیدہ و مشکل کام جس سے خلاصی دشوار ہو۔
الرُطَام: قبض۔
الرُطُوم۔ بیوقوف مرد۔
الرَاطِم۔ کسی چیز کو چمٹے رہنے والا۔ امرأۃ (مُرَطَّمَۃ) بدی کے ساتھ متہم عورت
رَطَنَ لَہٗ (ن) رِطَانَۃً و رَطَانَۃً و رَاطَنَہٗ مُرَاطَنَۃً۔ عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
تَرَاطَنَ۔ القومُ و تَرَاطَنُوا فیما بینہم: باہم عجمی زبان میں گفتگو کرنا۔
الرُطَیْنٰی۔ کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔ کہا جاتا ہے "مَا رُطَیْنَاکَ ہٰذِہٖ" تمہاری یہ کیا بکواس ہے۔
رَطَا (ن) رَطْوًا۔ الجاریۃَ: جماع کرنا۔
رَعَّت (ن) رَعًّا۔ الریحُ: ہوا کا ٹھہر جانا۔
الرَعَاع۔ کمینے و رذیل لوگ۔
الرَعَاعَۃ۔ شتر مرغ۔ بے عقل اور بغیر دل کا آدمی۔
رَعَبَ (ف) رَعْبًا و رُعْبًا۔ خوف کرنا ـــ الرجلَ: خوف دلانا (ـــ رعبًا) الاناءَ او الحوضَ: برتن یا حوض کا بھرنا ـــ السنامَ ونحوہ: کوہان وغیرہ کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا۔ رَعَبَتِ الحمامۃُ:

کبوتر کا غٹرغوں کرنا۔
رَعَّبَ تَرْعِيبًا وتِرْعَابًا۔ الرجلَ: خوف دلانا ــــ الإناءَ: برتن بھرنا ــــ السنامَ: کوہان کے لمبے لمبے ٹکڑے کاٹنا ــــ فلانًا: کسی کے لیے تیر میں پیکان کو بٹھانا۔
إِرْتَعَبَ۔ ڈرنا۔
الرَّعْب۔ جادو کا منتر۔ مقفّیٰ نثر۔ برا وعد
الرُّعْب والرُّعُب۔ گھبراہٹ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج رِعَبَة۔
الرَّعِيب۔ خوفزدہ۔ کہا جاتا ہے "رجل رعيب العين ومرعوبُ العينِ" بزدل جو ہر چیز کو دیکھ کر خائف ہو جائے۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
الرَّعَّاب۔ جادو کرنے والا۔ مقفّیٰ نثر بولنے والا
الرَّعَّابَة۔ لوگوں کو بہت ڈرانے والا
الرُّعْبُوب۔ بزدل۔ ج رَعَابِيب (ــــ الرُّعْبُوبَة والرِّعْبِيب) من الجواري: نازک اندام لڑکی۔
المُرْعِب۔ موٹا جس سے چربی ٹپکے۔
التَّرْعِيبَة۔ کوہان کا ٹکڑا۔ ج تَرَاعِيب
المُرْعِبَة۔ ڈرانے والی اچھل کود کہ کوئی شخص تمہاری غفلت کی حالت میں کود کر تمہارے پاس بیٹھ جائے اور تم ڈر جاؤ۔
رَعْبَلَ: اللحمَ: گوشت کے پارچے کاٹنا ــــ الثوبَ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ــــ الرجلُ: بیوقوف سست عورت سے نکاح کرنا۔
تَرَعْبَلَ۔ اللحمُ: گوشت کا پارچے پارچے ہونا ــــ الثوبُ: کپڑے کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا
الرَّعْبَل۔ من النساء: بیوقوف عورت پرانے کپڑے پہننے والی عورت۔ جَمَلٌ رَعْبَلٌ: موٹا اونٹ۔
الرِّعْبِلَة والرُّعْبُولَة۔ پرانا و بوسیدہ کپڑا۔ ج رَعَابِل ورَعَابِيل۔ اور کہا جاتا ہے "ثوبٌ رعابيل" یعنی پرانا کپڑا۔

الرَّعْبَلَة والرَّعْبَلِيل۔ من الرياح: ایک رخ پر نہ چلنے والی ہوا۔
الرُّعْبُولَة۔ پھٹا ہوا چیتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا
رَعِثَتْ (ف) رُعْثًا ورَعِثَتْ (س) رَعَثًا۔ العنزُ: کانوں کے سفید کناروں والی ہونا۔
تَرَعَّثَتْ وارْتَعَثَتْ۔ المرأةُ: عورت کا بالی پہننا۔ آویزہ پہننا۔
الرَّعْث والتَّرْعَث۔ رنگین اون جس کو ہودج کے اوپر لٹکاتے ہیں۔ رَعْثُ الرُّمان: انار کی کلی۔
الرَّعْثَة والرَّعَثَة۔ بالی۔ مرغ کی کلغی مرغ کی داڑھی۔ ج رِعَاث وجج رُعُث
الرَّعْثَاء۔ بکری جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے لٹک رہے ہوں۔ لمبے دانہ والا انگور
الرَّاعُوثَة۔ پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔ یا وہ پتھر جس کو کنواں کھودتے وقت کنوئیں میں ڈال دیں تاکہ آئندہ اسی پر بیٹھ کر کنوئیں کو صاف کریں۔
رَعَجَهُ (ف) رَعْجًا ورَعَجًا وأَرْعَجَهُ۔ غنی کرنا۔ قلق میں ڈالنا۔ رَعَجَ البرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا ــــ أَرْعَجَ الرجلُ: بہت مال و مویشی والا ہونا۔
رَعِجَ (س) رَعَجًا۔ المالُ او العددُ: بہت ہونا ــــ الوادي: وادی کا بھر جانا۔
إِرْتَعَجَ۔ الرجلُ: کانپنا۔ کہا جاتا ہے۔ "خرجوا ولهم ارتعاج" لوگ نکلے اس حال میں کہ ان کے لیے اضطراب تھا ــــ البرقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا ــــ الوادی بھر جانا ــــ المالُ بہت ہونا۔
الرَّعْج۔ بہت مویشی۔
رَعَدَ (ف ن) رَعْدًا ورُعُودًا۔ السحابُ: بادل کا گڑگڑانا۔ گرجنا۔ کہا جاتا ہے "رَعَدَ لي فلانٌ وبَرَقَ" یعنی مجھ کو فلاں نے دھمکی دی "رَعَدَتِ المرأةُ وبَرَقَتْ" یعنی وہ عورت بناؤ سنگار کر کے سامنے آئی۔
أَرْعَدَ۔ الرجلُ: کسی شخص پر گڑگڑاہٹ ہونا گڑگڑاہٹ سننا ــــ زیدًا: دھمکی دینا ــــ ہ الخوفُ: مبتلائے اضطراب کرنا۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
أُرْعِدَ۔ کپکپی ہونا۔
تَرَعَّدَ۔ حرکت کرنا۔ کانپنا۔
إِرْتَعَدَ۔ اضطراب کرنا۔ کانپنا۔
الرَّعْد۔ مص۔ بادل کی گرج۔ "کہا جاتا ہے" جاء بِذَاتِ الرَّعْدِ والصَّلِيل" یعنی وہ لڑائی لایا۔
الرَّعْدَة والرِّعْدَة۔ کپکپی۔
الرَّعَّاد۔ بہت بولنے والا۔ بہت گرجنے والا بادل۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے چھونے سے کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ اور اس کو "سمكة الرعد" بھی کہتے ہیں۔
الرَّعَّادَة۔ بہت بولنے والا۔
الرَّاعِدَة۔ گرجنے والا بادل۔ "صلفٌ تحت الراعدة" اس شخص کے لیے بطور مثال کے کہتے ہیں جو بہت بک بک کرے اور ڈینگ مارے اور اس سے کچھ خیر حاصل نہ ہو۔ ج رَوَاعِد۔ ذاتُ الرَّوَاعِد: مصیبت۔
الرُّعَيْدَاء۔ گیہوں کا بھوسی
رَعْدَدَ۔ سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
تَرَعْدَدَ۔ کپکپی ہونا۔
الرِّعْدِيد والرِّعْدِيدَة۔ بزدل۔ بہت کانپنے والا۔ نباتٌ رَعْدِيد: نرم و نازک نباتات ج رَعَادِيد۔
رَعْرَعَ۔ الماءَ: پانی کا سطح زمین پر لہریں مارنا ــــ الفرسَ: گھوڑے پر سدھانے کے لیے سوار ہونا ــــ واللہُ: اگانا۔
تَرَعْرَعَ۔ الصبيُّ: بچہ کا بڑھنا و جوان ہونا۔ ــــ الماءُ او السرابُ: پانی یا سراب کا متلاطم ہونا ــــ السنّ: دانت کا ہلنا۔
الرَّعْرَع والرُّعْرُع والرَّعْرَاع۔ اچھے قد

اور اچھی جوانی والا۔ ج رَعَارِعُ و رَعَارِيعُ۔
الرُّعْرَاعُ: بزدل۔ لمبا نرکل
رَعَزَ (ف) رَعْزًا۔ الجارِيَةَ: جماع کرنا۔
رَاعَزَ مُرَاعَزَةً۔ سکرنا۔
المِرْعِزُّ والمِرْعِزَّى والمِرْعِزَاءُ۔ بھیڑ کے بالوں کے نیچے کے چھوٹے چھوٹے روئیں۔
ثوب مُمَرْعَزٌ چھوٹے چھوٹے روئیں سے بنا ہوا کپڑا۔
مُرَاعِزٌ: غضبناک۔
رَعَسَ (ف) رَعْسًا۔ کانپنا تھکن وغیرہ سے آہستہ چلنا۔ ـــ رَعْسًا و رَعَسَانًا۔
رأسَہ: بڑھاپے کی وجہ سے ہلانا۔
أَرْعَسَہ۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا۔
تَرَعَّسَ وارْتَعَسَ۔ کانپنا۔
نَاقَةٌ رَاعِسَةٌ۔ اونٹنی جو نشاط میں ہو۔
الرَّعُوسُ: خوشی یا نیند کی وجہ سے سر ہلانے والا۔
الرَّعِيسُ: چلنے میں لڑکھڑانے والا۔
الرَّعَّاسُ: نرم نیزہ جس میں لچک ہو۔
المُرْعَسُ۔ خسیس آدمی جو کوڑے کرکٹ میں سے دانوں کو چنے۔
رَعِشَ (س) رَعَشًا وارْتَعَشَ۔ کانپنا صفت (رَعِشٌ و رَعِيشٌ)
أَرْعَشَہ و رَعَّشَہ۔ کپکپا دینا۔ لرزا دینا عاجز کرنا۔
الرَّعِشُ والرِّعْشِيشُ۔ بزدل جلد باز
الرَّعْشَةُ۔ جلد بازی۔
الرُّعَاشُ۔ مرض کی وجہ سے کپکپی۔
نَاقَةٌ رَعُوشٌ۔ بڑھاپے کی وجہ سے سر ہلانے والی اونٹنی۔
الرَّعْشَاءُ۔ من النعام: تیز رفتار شتر مرغ ـــ من النُّوقِ: تیز رفتاری کی وجہ سے جھومنے والی اونٹنی۔
المُرَعَّشُ والمُرْعَشُ۔ ایک قسم کا سفید کبوتر جو فضائے آسمانی میں چکر لگاتا ہے۔

الرَّعْشَنُ۔ کانپنے والا بزدل۔ جلدی کرنے والا
رَعَصَ (ف) رَعْصًا وأَرْعَصَ۔ الشيءَ: حرکت دینا۔ ہلانا کھینچنا ـــ علیہ جلدُہ: کھال کا پھڑکنا
تَرَعَّصَ وارْتَعَصَ۔ علیہ جلدُہ: کھال کا پھڑکنا ـــ الجَدْيُ: بکری کے بچہ کا خوشی میں آکر اچھلنا۔
رَعَظَ (ف) رَعْظًا۔ السهمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا۔ پیکان کی جگہ توڑ دینا۔
رَعَّظَہ۔ عن كذا: سست کر دینا۔ جلدی کرانا ـــ الوَتِدَ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔
أَرْعَظَ۔ السهمَ: پیکان لگانے کی جگہ بنانا ـــ فلانًا: سست کر دینا۔
الرُّعْظُ۔ تیر میں پیکان لگانے کی جگہ۔ ج أَرْعَاظٌ۔ کہا جاتا ہے "كَسَرَ عليه أَرْعَاظَ النَّبْلِ" یعنی وہ اس پر بہت غضبناک ہوا اس لیے کہ شدتِ غضب میں آدمی تیر کو زمین میں گھساتا ہے یہاں تک کہ پیکان ٹوٹ جاتا ہے۔
رَعَفَ (ف ن) رَعْفًا۔ الفرسُ الخيلَ: آگے بڑھ جانا۔
رَعِفَ (س) رَعَفًا۔ الدمُ: نکسیر پھوٹنا (ـــ و رَعَفَ (ف ن) رُعْفًا و رُعَافًا) الرجلُ: نکسیر والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَعَفَ بِہِ البابُ" یعنی وہ اچانک داخل ہوا۔
أَرْعَفَہ۔ جلدی کرانا ـــ القِرْبَةَ: مشک کو لبالب بھرنا ـــ القلمَ: قلم میں زیادہ روشنائی لگانا۔
اِرْتَعَفَ واسْتَرْعَفَ۔ آگے بڑھنا۔
واسْتَرْعَفَتِ الحَصَى رِجْلَہ: کنکریوں کا پیر کو خون آلود کر دینا۔
الرَّعْفُ۔ مص۔ نیزہ مارنے کی پھرتی۔
الرُّعَافُ۔ نکسیر۔ بہت بارش۔
الرَّعَّافُ۔ بہت نکسیر والا۔ بہت آگے بڑھنے والا۔

الرُّعَافِيُّ۔ بہت دینے والا۔ (رُعَاف بمعنی کثیر بارش سے ماخوذ ہے)
الرَّاعِفُ۔ فا۔ نتھنے کا کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی گھوڑوں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج رَوَاعِفُ
الرَّوَاعِفُ۔ نیزے۔
الرَّعُوفُ والرَّاعُوفُ والرَّاعُوفَةُ والأُرْعُوفَةُ۔ من البئرِ: کنوئیں کا پتھر جس پر کھڑے ہو کر پانی کھینچیں۔
الرُّعُوفُ۔ ہلکی بارشیں۔
المَرَاعِفُ۔ ناک اور اس کا اردگرد کہا جاتا ہے "فَعَلْتُہ على الرَّغْمِ من مَرَاعِفِہ" یعنی میں نے اس کو اس کے مزاج کے خلاف کیا۔
المُسْتَرْعِفُ۔ من الخيل: آگے رہنے والا گھوڑا
رَعَقَ (ف) رُعَاقًا و رَعِيقًا۔ بطنُ الدابةِ: جانور کے پیٹ سے دوڑنے میں آواز نکلنا۔
رَعَلَ (ف) رَعْلًا۔ الشيءَ: کشادہ پھاڑنا۔ ـــ فلانًا: سخت نیزہ مارنا۔
رَعِلَ (س) رَعَلًا۔ بیوقوف ہونا ـــ النباتُ: لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخوں والی ہونا۔ صفت (أَرْعَلُ)
رَعَّلَ۔ الكرمُ: انگور کی کونپلیں پھوٹنا
أَرْعَلَہ۔ سخت نیزہ مارنا۔
اِسْتَرْعَلَت۔ الغنمُ: بکریوں کا آگے پیچھے قطار میں چلنا۔ اِسْتَرْعَلَ الرجلُ: جنگ میں آگے آگے چلنا۔
الأَرْعَلُ۔ بیوقوف۔ مونث رَعْلَاءُ ج رُعْلٌ لمبی اور لٹکتی ہوئی شاخ والی نباتات۔ ضَرْبَةٌ أَرْعَلُ: گوشت کو کاٹ کر لٹکا دینے والی تلوار کی ضرب۔
الرَّعْلُ۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ رُعْلُ الرجلِ: کپڑے۔
الرَّعْلُ۔ شہد کی نر مکھی۔
الرُّعَالُ۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔
الرَّعَالَةُ۔ بیوقوفی۔
الرَّعْلَةُ۔ شتر مرغ۔ بکری یا اونٹنی کے کان کے پچھلے حصہ کا کاٹ کر لٹکایا ہوا ٹکڑا۔ عیال۔

تھوڑے گھوڑوں کا یا گایوں کا گلہ۔ ج رِعَال و أَرْعَال و أَرَاعِيل۔ کہا جاتا ہے "اقبلت الخيلُ رِعالاً و اراعيل"
أَرَاعِيلُ الرياحِ او السحاب: ابتدائی ہوائیں یا بادل۔
الرُّعْلَة۔ انگور وغیرہ کی کونپل۔ ج رُعَل۔ ریحان و آس وغیرہ کا بنا ہوا تاج۔
ابو رِعْلَة۔ بھیڑیا۔
الرَّعِيل۔ آگے آگے رہنے والی جماعت۔ (گھوڑوں یا آدمیوں یا پرندوں کی) ج رِعَال
المِرْعَل۔ شمشیر براں۔
المُرَعَّل۔ عمدہ مال۔
المُسْتَرْعِل۔ گلہ سے نکلا ہوا جانور۔ گلہ بان۔ اونٹ والا۔

رَعَمَ (ن) رَعْمًا۔ الشیءَ: نگہبانی کرنا۔ ــــ الشمسَ: آفتاب کے غروب کا انتظار کرنا
رَعَمَتْ (ن) و رَعُمَتْ (ک) رُعَامَةً و أَرْعَمَتْ۔ الشاةُ: بہت دبلی ہونا اور ناک سے رطوبت بہنا۔ صفت (رَعُوم)
رَعَّمَ۔ الشاةَ: بکری کی ناک کی رطوبت صاف کرنا۔
الرَّعَام۔ نگاہ کی تیزی۔
الرُّعَام۔ رینٹ۔ ناک کی رطوبت۔ ج أَرْعِمَة۔
الرُّعَامَة و الرُّعَامَى۔ ایک قسم کا درخت
الرُّعَامَى: جگر کی زیادتی۔
الرِّعْمِ۔ چربی۔ اُم رِعْم: بجو
الرَّعُوم۔ نفس۔
الرُّعْعُوم۔ نازک بدن عورت۔
رَعَنَ (ن) رَعْنًا و رَعِنَ (س) رَعَنًا و رَعُنَ (ک) رُعُونَةً۔ بیوقوف ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ گفتگو میں طیش والا ہونا۔ صفت (أَرْعَن)
رَعَنَتْهُ (ن) رَعْنًا۔ الشمسُ: دھوپ لگنے سے بیہوشی طاری ہونا۔
الرَّعْن۔ مع۔ پہاڑ کی چوٹی۔ اونچا پہاڑ۔ ج رِعَان و رُعُون

الأَرْعَن۔ چوٹی والا پہاڑ۔ اونچی چوٹی والا۔
الرَّعُون۔ تیز یا بہت حرکت کرنے والا۔ رات کی تاریکی۔
رَعَا يَرْعُو رَعْوًا و رَعْوَةً و رَعُوَةً و رُعْوَةً۔ غلطی سے رجوع کرنا۔ اسم (الرَّعْوَى و الرُّعْيَا)
إِرْعَوَى إِرْعِوَاءً۔ عن الجهل: رُکنا۔ باز رہنا۔ صفت (مُرْعَوٍ) رجوع کرنا
رَعَى يَرْعَى رَعْيًا و رِعَايَةً و مَرْعًى۔ الماشيةُ الكلأَ: جانور کا گھاس چرنا ــــ الماشيةَ: جانور کو گھاس چرانا ــــ النجومَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ــــ الاميرُ رَعِيَّتَهُ رِعَايَةً: امیر کا انتظام مملکت کرنا علیہ حرمتَہ: پاس عزت کرنا ــــ الامرَ: حفاظت کرنا۔
رَاعَى مُرَاعَاةً۔ النجومَ: ستاروں کے غروب کا انتظار کرنا ــــ الامرَ: حفاظت کرنا۔ انجام پر غور کرنا ــــ الرجلَ: کسی کے حق کو نگاہ رکھنا
رَاعَتِ الارضُ: بہت چراگاہ والی ہونا۔
راعيتہ سمعي: توجہ کرنا۔ کان لگانا۔ کہا جاتا ہے "ھو لا يُرَاعِي الی قولِ احدٍ" وہ کسی بات کی طرف توجہ نہیں کرتا ــــ الحمارُ الحُمُرَ: گدھے کا گدھوں کے ساتھ چرنا۔
أَرْعَى۔ الماشيةَ: جانور کو چرانا ــــ المكانَ: چراگاہ بنانا ــــ علیہ: شفقت مہربانی کرنا۔
ارعيتہ سمعي: بات سننا۔ ارعتِ الارضُ: بہت چراگاہ والی ہونا ــــ اللهُ الماشيةَ: چری اگانا۔
رَعَّاه تَرْعِيَةً۔ کسی سے "رعاه الله" کہنا
إِرْتَعَتْ و تَرَعَّتْ۔ الماشيةُ: جانور کا چرنا۔
إِسْتَرْعَى إِسْتِرْعَاءً۔ الماشيةَ: چرانے کے لیے کہنا ــــ ہ ماشيتہ: رکھوالی کے لیے کہنا اور اسی سے مثال ہے "من استرعى الذئبَ فقد ظَلَم" جس نے بھیڑیے سے رکھوالی کے لیے کہا

اُس نے ظلم کیا۔ اُس شخص کے لیے بولتے ہیں جو خائن کو کسی چیز کا امین بنائے ــــ ہ السمعَ: توجہ کرنے کو کہنا ــــ ہ الشیءَ: کسی چیز کی حفاظت کرنے کے لیے کہنا۔
الرِّعْبَة۔ چرائی۔
الرُّعْيَا و الرُّعْوَى و الرَّعْيَا و الرَّعْوَى۔ حفاظت۔
الرَّعْيُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "رَعْيًا لك" یعنی تمہاری حفاظت ہو۔
الرِّعْيُ گھاس۔ ج ارعاء۔ رِعْيُ الحَمَامِ و ....: دو گھاسوں کے نام۔
الرَّعِيَّة۔ چرنے والے جانور۔ جانور جو چرائے جائیں۔ قوم کسی حاکم کے ماتحت عام لوگ۔ ج رَعَايَا۔ رَعِيَّةُ الملكِ و رَعَايَاہ: تابع فرمان لوگ۔
الرَّعَاوَى و الرُّعَاوَى۔ لوگوں کے ارد گرد چرنے والے مویشی۔
الرَّعَاوِيَّة۔ عوام کے مویشی۔
الأَرْعَاوِيَّة۔ شاہی مویشی۔
الرَّاعِي۔ فا۔ بہت الفت کرنے والا۔ حاکم قوم رَاعِي الماشية: چرواہا۔ مویشی کا نگہبان۔ ج رُعَاة و رُعْيَان و رُعَاء و رِعَاء۔ مونث رَاعِيَة۔ ج رَوَاعٍ۔ رَاعِيَةُ الشَّيبِ و رَوَاعِيہ: بڑھاپے کی ابتدا۔ رَاعِي الجَوزاء و رَاعِي النَّجْم: دو ستاروں کے نام۔ رَاعِي البُسْتَانِ و رَاعِيَةُ الاَتْنِ: ٹڈیوں کی ایک قسم۔ رَاعِيَةُ الرَّاسِ: جوں۔
المَرْعَى۔ مص۔ گھاس۔ ج مَرَاعٍ ــــ و المرعاة: چراگاہ۔
المَرْعِيّ۔ جو چرایا جائے جس کی حفاظت کی جائے۔

رَغِبَ (س) رَغْبًا و رُغْبًا و رَغْبَةً۔ فیہ: چاہنا۔ خواہش کرنا ــــ عنہ: اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ بے التفاتی کرنا۔ چھوڑ دینا ــــ بہ عن غیرہ: دوسرے پر فضیلت دینا۔
رَغِبَ: س رَغَبًا و رَغْبَى و رُغْبَى و

رُغْبَۃً ورَغْبَۃً ورَغَبُوتًا ورَغَبَانًا ورَغَبًا۔ الیہ: خواری وعاجزی ظاہر کرنا۔ خواری ذلت سے مانگنا۔

رَغُبَ (ک) رُغْبًا ورُغُبًا ورَغَابَۃً: بہت کھاؤ ہونا ۔۔ الوادی: فراخ وکشادہ ہونا۔

رَغَّبَہٗ وأرْغَبَہٗ۔ فی الشَّیْءِ: رغبت دلانا رَغَّبَہٗ: مرغوب چیز دینا۔ کہا جاتا ہے "أرْغَبَ اللّٰہُ قَدْرَکَ" اللہ تعالیٰ تمہارے مرتبہ کو بلند کرے

اِرْتَغَبَ۔ فیہ: خواہش کرنا چاہنا۔

تَرَاغَبَ۔ الوادی: کشادہ ہونا ۔۔ الناس فی الخیر: خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔

الرَّغَبُ۔ مرغوب۔

الرُّغْبُ والرَّغَابُ۔ من الارض: بارش کو بہت جذب کرنے والی زمین۔

طریقٌ (رَغِیبٌ) کشادہ راستہ۔ ج رُغُبٌ۔

الرَّغِیبُ۔ بہت کھاؤ۔ کہا جاتا ہے "حَوْضٌ رَغِیبٌ وسِقَاءٌ رَغِیبٌ" کشادہ حوض ومشک۔ حِمْلٌ رَغِیبٌ: بھاری بوجھ۔ اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ رَغِیبُ الخَطْوَۃِ" کشادہ قدم والا گھوڑا۔ ج رِغَاب۔

الرَّغُوبُ۔ خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔

الرَّغِیبَۃُ۔ رَغِیبٌ کا مونث۔ امر مرغوب بہت عطیہ۔ ج رَغَائِب۔

المَرَاغِبُ۔ خواہشیں۔ وہ عورتیں جو معاش کے لیے مضطرب ہوں۔

الرُّغَابَی۔ جگر کی زیادتی۔

رَغَثَ (ف) رَغْثًا۔ الوَلَدُ أُمَّہٗ: ماں کا دودھ پینا ۔۔ ہٗ: لگاتار نیزے مارنا ۔۔ القومُ فلانًا: سوال کرکے سارا مال ختم کردینا۔

رُغِثَ۔ کسی سے بہت سوال کیا جانا۔ اس کی وجہ سے سارا مال ختم ہونا۔ پستان کی رگوں میں درد ہونا۔

أرْغَثَتْ۔ المرأۃُ: دائی پلائی ہونا ۔۔ ولدَہا: دودھ پلانا۔ صفت رَغُوثٌ ورَغُوثَۃٌ ومُرْغِثٌ: ارغثہٗ: پستان کی رگوں میں نیزہ مارنا۔ باربار نیزہ مارنا۔

اِرْتَغَثَ۔ الوَلَدُ أُمَّہٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

الرُّغَثَاءُ۔ پستان کی وہ رگیں جن سے دودھ نکلتا ہے۔

المُرْتَغَثُ۔ انگلی میں انگوٹھی کی جگہ۔

رَغِدَ (س) رَغَدًا ورَغُدَ (ک) رَغَادَۃً عیشُہٗ: آسودہ وخوش حال ہونا عیش کی صفت (رَغْدٌ ورَغَدٌ ورَغِیدٌ)

أرْغَدَ۔ القومُ: آسودہ زندگی والی ہونا ۔۔ مواشیہم: جانوروں کو چرنے کے لیے آزاد چھوڑنا ۔۔ اللّٰہُ عیشَہٗ: آسودہ بنانا۔

اِرْغَادَّ۔ رائے میں متردد ہونا ۔۔ اللبنُ: دودھ کا کچھ کچھ گاڑھا ہونا۔

اِسْتَرْغَدَ۔ العیشَ: آسودہ زندگی پانا۔

قومٌ (رَغَدٌ) ونساءٌ رَغَدٌ: آسودہ زندگی والی قوم۔ اور یہ رَاغِدٌ کی جمع ہے جیسے خَادِمٌ کی جمع خَدَمٌ۔

الرُّغْدَاءُ۔ گیہوں کا چھوڑن۔

الرَّغِیدَۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جو جوش دیے ہوئے دودھ میں آٹا ڈال کر تیار کیا جاتا ہے

المَرْغَدَۃُ۔ باغ۔

رَغْرَغَ۔ آسودگی کی زندگی ہونا۔ آسودگی میں ڈوب جانا۔ رَغْرَغَتِ الإبلُ: اونٹوں کا ہر روز جب جی چاہے گھاٹ پر آنا ۔۔ الامرَ: چھپانا۔

رَغَسَہٗ (ف) رَغْسًا وأرْغَسَہٗ۔ اللّٰہُ مالًا وولدًا: بہت دینا۔

اِسْتَرْغَسَہٗ۔ نرم سمجھنا۔

الرَّغْسُ۔ نعمت برکت۔ نمو۔ ج أرْغَاس

المُرْغِسُ۔ مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔

المَرْغُوسُ۔ مبارک۔

المَرْغُوسَۃُ۔ المرغوس کا مونث۔ کثرت سے بچے جننے والی عورت۔

رَغَشَ (ن) رَغْشًا۔ علیہ: شور مچانا۔

رَغَفَ (ن) رَغْفًا۔ العجینَ: گندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ بنانا ۔۔ البعیرَ: اونٹ کے منہ میں کسی چیز کا ڈالنا۔

أرْغَفَ۔ چلنے میں جلدی کرنا ۔۔ الیہ: تیز نظر سے دیکھنا۔

الرَّغِیفُ۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ چپاتی روٹی۔ ج أرْغِفَۃ ورُغُف ورُغْف ورُغْفَان وتَرَاغِیف۔

وجہٌ (مُرَغَّفٌ)۔ سخت چہرہ۔

رَغَلَ (ف) رَغْلًا۔ الوَلَدُ أُمَّہٗ: بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

أرْغَلَ۔ الرجلُ: غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا ۔۔ الیہ: مائل ہونا ۔۔ الزرعُ: کھیتی کے خوشوں میں اچھا دانہ بیٹھنا ۔۔ الشیءَ: بے موقع رکھنا ۔۔ الجدیُ أمَّہٗ: بکری کے بچہ کا اپنی ماں کا دودھ پینا ۔۔ المکانُ: رُغْل نامی گھاس اگانا ۔۔ المرءَ: بہت گرانا۔

الرُّغْلُ۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔ ج أرْغَال۔

الرَّغُولُ۔ اپنی ماں کا دودھ پینے والا بکری کا بچہ۔ کہا جاتا ہے "ہو رَتَمٌ رَغُولٌ" وہ ہر چیز کو غنیمت سمجھتا ہے اور چٹ کر جاتا ہے۔

الأرْغَلُ۔ مِنَ العَیْشِ: فراخ زندگی۔

الرَّغْلَۃُ۔ بکری بھیڑ کا بچہ۔

رَغَمَہٗ (ف) رَغْمًا۔ مغلوب ومجبور کرنا رَغِمَ الشیءَ: ناپسند کرنا۔

رَغِمَ (س) ورَغَمَ (ن) رَغْمًا ورُغْمًا۔ أنفُہٗ: ذلیل ہونا۔ فروتنی کرنا۔ صفت (رَاغِمٌ) الأنفِ۔ ج رُغَّمُ الأنُوفِ۔ ورَغِمَہٗ: ناپسند کرنا۔

رَغَّمَہٗ۔ ذلیل کرنا اور رِغمًا رَغمًا کہنا ۔۔ أنفَہٗ: خاک آلود کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَغَّمَ اللّٰہُ أنفَہٗ" یعنی اللہ اس کو ذلیل کرے ۔۔ فلانٌ أنفَہٗ: فروتنی کرنا۔

أَرْغَمَهُ۔ ذلیل کرنا۔ ناراض کرنا۔ ناپسندیدہ کام پر اکسانا ـــــ ہ الذُلَّ: خاک آلود کرنا۔ أَرْغَمَ أَهْلَهُ: اپنے اہل کو ناپسندیدگی سے چھوڑنا ـــــ اللُّقْمَةَ مِنْ فِيهِ: لقمہ کو منہ سے مٹی میں ڈالنا ـــــ اللّٰہُ أَنْفَهُ: ذلیل کرنا۔ أَرْغَمَتِ الغَنَمُ او الظِّبَاءُ: بکری بھیڑ یا ہرن کی ناک سے پانی بہنا۔

رَاغَمَهُ۔ باہم غضبناک ہونا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا۔ دشمنی کرنا۔ غصہ سے علیحدہ ہونا۔

تَرَغَّمَ۔ عليه: غضبناک ہونا۔ تَرَغَّمَتِ الرجلَ: کسی کے مزاج کے خلاف کام کرنا۔

الرَّغْمُ والرُّغْمُ والرِّغْمُ۔ ناپسندیدگی۔ مجبوری۔ ذلت۔ مٹی۔ کہا جاتا ہے "اتی علی رَغْمِهِ" وہ باوجود اس کی ناپسندیدگی کے آیا۔

الرَّاغِمُ۔ فا۔ رَاغِمُ الأَنْفِ: ذلیل۔ ج رُغَّمُ الأُنُوفَ۔

الرَّغَامُ۔ مٹی۔ یا مٹی ملی ہوئی ریت۔

الرُّغَامُ۔ رینٹ۔ ج أَرْغِمَة۔

الرَّغَامَةُ۔ حاجت۔ مطلوب۔ کہا جاتا ہے "لی عند فلانٍ رَغَامَةٌ" مجھے فلاں کے پاس ضرورت ہے۔

الرَّغْمَاءُ۔ من الشاء: ناک کے کنارے پر سفیدی والی یا جسم کے رنگ کے مخالف رنگ والی بکری۔

المَرْغِمُ والمَرْغَمُ۔ ج مَرَاغِمُ (الرُّغَامَى) ناک

الرُّغَامَى: جگر کی زیادتی پھیپھڑے کی رگیں۔

المُرَاغَمُ۔ مذ۔ بھاگنے کی جگہ۔ جانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "إِذْ لي عن دَارِ الهوان مُرَاغَمٌ" میرے لیے ذلت کے مکان سے بھاگنے کی جگہ ہے۔ قلعہ۔

المَرْغَمَةُ۔ ناپسندیدگی۔ کہا جاتا ہے "فعلتُ ذلك على مَرْغَمَتِه" میں نے اس کو باوجود اس کی ناپسندیدگی کے کیا۔

المُرْغَامُ غضب میں ڈالنے والا۔ مونث مُرْغَامَة۔

رَغَنَ (ن) رَغْنًا۔ فيه: لالچ کرنا ـــــ اليه: کان لگانا۔

أَرْغَنَهُ۔ طمع دلانا۔ أَرْغَنَ الامرَ: آسان کرنا ـــــ اليه: کان لگانا۔ أَرْغَنَ لِفلانٍ: اطاعت و فرمانبرداری کرنا۔

الأَرْغُنُ والأُرْغُنُونُ۔ ارگن (ایک باجہ کا نام)

رَغَا (ن) رُغَاءً۔ البعيرُ او النعامُ او الضبعُ: بلبلانا۔ چیخنا ـــــ الصبيُّ: بہت رونا۔ ـــــ الرعدُ: زور سے گرجنا۔

رَغَا (ن) رَغْوًا و رَغَّى تَرْغِيَةً و أَرْغَى إِرْغَاءً۔ اللبنُ و نحوه: دودھ پر جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "أَرْغَى الرجلُ و أَزْبَدَ" مرد غضب کی وجہ سے چیخا اور اس نے دھمکی دی۔ "أَتَيْتُهُ فما أَثْغَى ولا أَرْغَى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ تو بکری دی نہ اونٹنی ـــــ ہ: ذلیل کرنا۔ مغلوب کرنا و رغّی فلانًا: غضبناک کرنا۔

إِرْتَغَى۔ اللبنَ: دودھ سے جھاگ اتار لینا ـــــ الرُّغْوَةَ: جھاگ پینا۔

الرَّغْوَةُ والرُّغْوَةُ والرِّغْوَةُ۔ ج رُغًى و رِغًى و (الرُّغَايَة والرِّغَايَة والرِّغَاوَة والرُّغَاوَى والرِّغَاوَى) من اللبن: دودھ کا جھاگ۔

الرَّاغِيَةُ۔ اونٹنی۔ کہتے ہیں "ما له ثاغية و لا راغية" نہ تو اس کے پاس بکری ہے نہ اونٹنی

المِرْغَاةُ۔ کفگیر۔

المُرْغِيُّ۔ من الكلام: مبہم گفتگو۔

رَفَّ (ن من) رَفًّا۔ بہت کھانا ـــــ ہ: خدمت کرنا۔ بھلائی و احسان کرنا۔ ہر قسم کی خدمت کرنے میں کوشش کرنا ـــــ الماشية: گھیر لینا ـــــ بہ: اکرام و تعظیم کرنا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مَنْ كَانَ يَحُفُّهُ و يَرُفُّهُ" وہ شخص چلا گیا۔ جو اس پر نوازش و مہربانی کرتا تھا ـــــ البيتَ: گھر میں الگنی بنانا ـــــ الى كذا: خوش ہونا۔ رَفَّتْ عينُهُ: پھڑکنا ـــــ البرقُ: بجلی کا چمکنا ـــــ شفتيه: ہونٹ کا چوسنا۔

ـــــ اللبنَ: ہر روز دودھ پینا ـــــ ثوبَه: دوسرا کپڑا لگا کر نیچے سے کشادہ کرنا ـــــ الدابةَ: بھوسہ کھلانا۔

رَفَّ (ض) رَفًّا و رَفِيفًا و إِرْتَفَّ۔ النباتُ: لہلہانا۔ رَفَّتِ العينُ: پھڑکنا۔ رَفَّ البرقُ: بجلی چمکنا۔ رَفَّ لونُهُ: چمک اٹھنا

أَرَفَّ إِرْفَافًا۔ الطائرُ: پرندہ کا دونوں بازو پھیلانا۔

الرَّفُّ۔ مع۔ الگنی لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان رکھ دیں۔ ریت کی باریک نوک۔ مویشی کا گلہ یا پرندوں کی ڈار۔ بکریوں کا باڑہ۔ ملائم کپڑا ج رُفُوف و رِفَاف۔

الرِّفُّ مونٹوں کا گلہ۔ ہر دن کا پینا۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتْهُ الحُمّى رِفًّا" اس کو روزانہ بخار آیا۔

الرُّفُّ والرُّفَّة۔ بھوسہ و بھوسہ کا چورہ

الرُّفَافُ۔ بھوسہ کا چورا۔

الرَّفِيفُ۔ مع۔ چھت۔ فراخ سالی۔ فتی رَفِيفُ الأَخْلَاقِ: اچھے اخلاق والا جوان

الرَّفَّافُ۔ اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "ثغر رَفَّافٌ" سفید و شفاف دانت۔

رَفَأَ (ن) رَفْأً۔ الثوبَ: کپڑے کو رفو کرنا مرمت کرنا ـــــ ہ: خوف سے تسکین دینا۔ مدد دینا ـــــ بینهم: صلح کرانا ـــــ السفينةَ: کشتی کو کنارہ پر لانا۔

رَفَّأَهُ تَرْفِئَةً و تَرْفِيئًا۔ مبارکباد دینا اور "بالرفاء والبنين" کہنا۔ (بالرفاء والبنين شادی کرنے والے کے لیے دعا ہے کہ تم دونوں میں اتفاق و اتحاد رہے اور تمہارے بیٹے پیدا ہوں۔

أَرْفَأَ۔ اليه: قریب ہونا اور پناہ لینا ـــــ الشيءَ اليه: قریب کرنا ـــــ الرجلُ: کنگھی کرنا ـــــ السفينةَ: کشتی کا کنارہ سے قریب ہونا

أَرْفَأَهُ و رَافَأَهُ۔ مدارات کرنا۔ مدد کرنا۔

الرِفاء۔ اتفاق
الرَقاء۔ رفوگر۔
المَرفأ والمَرفَأ۔ من البحر: بندرگاہ۔ ج مَرافِئ۔
رَفَتَ (ن ض) رَفتاً۔ الشيءَ: توڑنا کوٹنا۔ چورہ کرنا۔ (۔۔۔ وارفَتّ وترفّت۔ ٹوٹنا۔ چورہ ہونا۔۔۔ العظمُ: ریزہ ریزہ ہونا۔۔۔ الحبلُ: رسّی کا کٹ جانا۔
الرُفت۔ بھوسہ۔ ہر چیز کو توڑنے والا۔
الرُفات۔ چورہ۔ ریزہ۔ ہر وہ چیز جو ٹوٹ جائے اور بوسیدہ ہو جائے۔
رَفَثَ (ن ض) رَفثاً ورَفِثَ (س) رَفَثاً وأَرفَثَ۔ في كلامه: فحش گوئی کرنا۔
الرَفَث۔ مص۔ گندی گفتگو۔ جماع۔
رَفَّحَهُ۔ نئی شادی والے کو مبارکباد دینا
رفخ۔ عيش رَافِخ: ناز و نعمت کی آسودہ زندگی۔
الرُفوخ۔ مصیبتیں۔
رَفَدَهُ (ض) رَفداً وأَرفَدَهُ۔ دینا۔ مدد دینا۔ رَفَدَ الحائطَ: سہارا دینا۔ رَفَدَ للدابةِ وعليها وأرفَدَ لها: چوپایہ کے لیے پالان بنانا۔
رَافَدَهُ۔ مدد دینا۔
رَفَّدَهُ۔ تعظیم کرنا۔ سردار بنانا۔
تَرافَدَ۔ القومُ: باہم مدد کرنا۔
إرتَفَدَ۔ المالَ: کمائی کرنا۔ حاصل کرنا۔
إستَرفَدَهُ۔ عطیہ طلب کرنا۔ مدد طلب کرنا۔
الرَفد۔ مص۔ حصہ۔ بڑا پیالہ۔ کہا جاتا ہے "أُرِيقَ رَفدُهُ" اس کا انتقال ہو گیا۔
الرِفد۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کے ساتھ بڑھا دی جائے تاکہ اس کے لیے سہارا ہو جائے۔ عطیہ۔ مدد۔ بڑا پیالہ۔ ج ارفاد و رُفود۔
الرِفدَة۔ لوگوں کی جماعت۔ ج رِفَد
الرافِد۔ فا۔ بادشاہ کی غیبوبت میں اس کا قائم مقام۔ ج رُفّد۔
الرافِدان۔ دریائے دجلہ و فرات۔

الرافِدَة۔ پل کے اوپر چھت کی لکڑی۔ عوام اسے "وصلة" کہتے ہیں۔ ج رَوافِد۔
الرِفادَة۔ زخم کی پٹی۔ زین۔ زین یا کجاوہ کے سہارے کی چیز۔
ناقة (رَفود) ایک دفعہ کے دوہنے میں پیالہ بھرنے والی اونٹنی۔ ج رُفُد۔
المَرفَد والمِرفَد۔ مدد۔ ج مَرافِد
المِرفَد۔ بڑا پیالہ۔ ج مَرافِد۔
المَرافِيد۔ بکریاں جن کا دودھ جاڑے گرمی میں کبھی ختم نہ ہو۔
المُرفِد۔ بازیگر۔
رَفرَفَ۔ الطائرُ: پرندہ کا پھڑپھڑانا۔۔۔ الشيءُ: آواز کرنا۔
الرَفرَف۔ لکڑی وغیرہ جس کے دونوں کنارے دیوار میں لگا کر گھر کا سامان اس پر رکھ دیں۔ خیمہ کا دامن۔ زرہ کے کنارے زرہ کا لٹکتا ہوا حصہ۔ درخت وغیرہ کی لٹکتی ہوئی شاخیں۔ ہر چیز جو زائد ہونے سے موڑ دی جائے۔ فرش۔ بچھونا۔ تکیہ۔ باریک ریشمی کپڑا۔ کپڑے کی ایک چٹ جس کو پردہ یا خیمہ کے نچلے حصہ میں سیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ضربت الريحُ رَفرَفَ الفُسطاطِ" ہوا نے خیمہ کے دامن کو ادھر ادھر کر دیا۔ رفرف الدرع: زرہ کا وہ حصہ جس کو خود سے باندھ کر پیٹھ پر ڈال لیتے ہیں۔ ج رَفارِف۔
الرَفراف۔ ایک پرندہ جس کو "خاطف ظلہ" بھی کہتے ہیں۔ نر شتر مرغ۔
رَفَزَهُ (ض) رَفزاً۔ مارنا۔
الرافِز۔ حرکت کرنے والی رگ۔
رَفَسَهُ (ن ض) رَفساً ورِفاساً۔ سینہ پر مارنا۔۔۔ البعيرَ: اونٹ کے پاؤں باندھنا۔۔۔ اللحمَ ونحوه: گوشت کا قیمہ کرنا۔
الرِفاس۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسّی۔
الرَفسَة۔ سینہ پر لات مارنا۔

ناقة رَفوس۔ دولتی مارنے والی اونٹنی۔
رَفَشَ (ن) رَفشاً۔ کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا۔ خوب کھانا پینا۔۔۔ القمحَ: گیہوں کو بیلچے سے اکٹھا کر لینا۔۔۔ الشيءَ: کوٹنا۔ (۔۔۔ رُفوشاً) في الأمر: کشادہ ہونا۔
رَفِشَ (س) رَفَشاً۔ چوڑے کانوں والا ہونا۔ صفت (أرفَش) مونث رَفشاء۔ ج رُفش۔
رَفَّشَ۔ لحيتَه: داڑھی میں کنگھا کرنا۔
الرَفّاش۔ گیہوں کو بیلچے سے اٹھا اٹھا کر ناپنے والے کے پاس ڈالنے والا۔
الرَفش۔ مص۔ بیلچہ۔ کشتی کا چپو۔
المِرفَشَة۔ بیلچہ۔
رفص۔ ترافصوا الماءَ: باری باری پانی پر آنا۔ ہر ایک آنے والے کو "رفيص" کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "هو رفيصك" وہ تمہارا پانی پینے میں ساتھی ہے۔
إرتَفَصَ۔ السعرُ: بھاؤ گراں ہونا۔
الرُفصَة۔ پانی پینے کی باری۔
رَفَضَ (ن ض) رَفضاً ورَفَضاناً۔ الشيءَ: پھینکنا۔ چھوڑنا۔ صفت (رافِض) ج رافِضون ورَفَضَة و رُفّاض (۔۔۔ وأرفَضَ) الإبلَ: چراگاہ میں متفرق کر دینا۔ رفض وأرفَضَ الوادي: کشادہ ہونا۔
رَفَضَت (ن) رُفوضاً۔ الإبلُ: چرواہے کی نگاہ کے سامنے تنہا تنہا چرنا۔
تَرَفَّضَ۔ بکھرنا۔ متفرق ہونا۔ ٹوٹنا۔۔۔ الدمعُ: آنسو بہنا اور بکھرنا۔
إرفَضَّ۔ الدمعُ: آنسو بہنا۔ ٹپکنا۔۔۔ الجرحُ: زخم سے پیپ بہنا۔۔۔ الشيءُ: متفرق ہو کر جانا۔ اور اسی سے ہے "إرفَضَّ الناسُ عنه" لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔۔۔ الوجعُ: درد کا زائل ہونا۔
إستَرفَضَ۔ الوادي: کشادہ ہونا۔
الرَفض۔ مص۔۔۔ بر فاعل و (الرَفَض) ج أرفاض۔ ساربانوں یا ہرنیوں کا متفرق گلہ

کہا جاتا ہے "نعامٌ رَفضٌ" تھوڑے متفرق شتر مُرغ۔ چیز کا بکھرا ہوا حصّہ۔ تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "فی القربۃ رَفضٌ من ماءٍ" مشک میں تھوڑا سا پانی ہے۔

(ـــ و اَرْنی)۔ عن فلانا: تعجب میں ڈالنا اور دیکھنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَرْنَاہ الی الطاعۃ: کسی کو طاعت پر متوجہ کرنا اور اس کا طاعت پر مداومت کرنا۔

دَانَاہ۔ سلوک کرنا۔ مقابلہ کرنا جیسے "لہ شرف یرانی الکواکب" یعنی اُسے ایسی شرافت حاصل ہے جو لوگوں کی نظر کو اپنی طرف متوجہ کرنے میں ستاروں سے مقابلہ کرتی ہے۔

تَرَنّی۔ محبوب کی طرف لگاتار دیکھنا۔

المَرْنَا۔ مع۔ وہ چیز جس کی طرف خوبصورت ہونے کی وجہ سے دیر تک دیکھیں۔

الرَّنَاءُ۔ خوبصورتی۔

الرُّنَاءُ۔ اچھی آواز۔ طرب۔

الرَّنَاءُ والرَّنُوُّ۔ دلپسند و خوبصورت چیز کی طرف دیر تک دیکھنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہو رَنُوُّ الاَمَانی" وہ بہت سی آرزوؤں کی توقع کرتا ہے۔

رَهِبَ (س) رَهْبَةً و رُهْبًا و رَهَبًا و رَهَبًا و رُهْبَانًا و رَهَبَانًا۔ خوف کرنا۔ کہا جاتا ہے "لم اَرْهَب بک"

رَهَّبَ۔ الجملُ: اُٹھنے لگن پھر کمزوری کی وجہ سے بیٹھ جانا۔ رَهِبَت النَاقۃُ: سفر کی وجہ سے تھکنا۔ صفت مذکر و مونث (رَهْب) ج رِهاب

اَرْهَبَ۔ تھکے ہوئے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْهب عنہ الناس باسہ و نجدتہ" یعنی اس کے دبدبہ اور دلیری نے لوگوں کو ڈرنے پر برانگیختہ کیا۔

تَرَهَّبَ۔ راہب بننا ـــ ہ: دھمکی دینا

اِستَرْهَبَہ۔ خوف دلانا

الرَّهْب۔ تیر کا باریک پھل ـــ من الابل: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ یا اونٹنی۔ ج رِهاب۔

الرُّهْب۔ آستین۔

الرَّهْبَۃ والرَّهْبی والرُّهْبی والرَّهْبَاء ڈر۔ خوف

الرَّهْبَانِيَّۃ والرُّهْبَانِيَّۃ۔ دنیا اور لذائذ دنیا سے بے تعلقی۔

الرَّاهِب۔ فا۔ شیر۔ گرجاؤں کا گوشہ نشین ج رُهْبَان۔ مونث رَاهِبَۃ ج رَاهِبَات و رَوَاهِب

الرَّاهِبَۃ: ڈراؤنی حالت۔

الرَّهَّابُ۔ بہت زیادہ خوف کرنے والا۔ ج رَهَابِين و رَهَابِنَۃ و رُهْبَانُون۔ مونث رُهْبَانۃ ج رُهْبَانَات

الرُّهْبَان۔ راہب۔ ج رَهَابِين مونث رُهْبَانَۃ۔ ج رُهْبَانَات۔

الرَّهَبُوت والرَّهَبُوتی۔ بہت ڈر۔ شدید خوف۔

الرَّهْبَنَۃ۔ راہبوں کا طریقہ اختیار کرنا۔

المَرَاهِب۔ خوفناکیاں۔

الرَّهِيب والمَرْهُوب۔ خوفناک۔ شیر۔

رَهْبَل۔ غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَرَهْبَلَ۔ تیز چال چلنا۔

الرَّهْبَل۔ مبہم کلام۔ غیر مفہوم کلام۔

الرَّهْبَلَۃ۔ تیز چال۔

اَرْهَجَ۔ غبار اُڑانا ـــ بین القوم: بعض کو بعض پر بھڑکانا ـــ السماءُ: آسمان کا برسنے لگنا۔

الرَّهْج والرَّهَج۔ اُڑایا ہوا غبار۔

والرَّهَج: فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ بغیر پانی کے بادل واحد (رَهْجَۃ)

الرَّهْوَجَۃ۔ ایک قسم کی چال

رَهْدَهُ (ف) رَهْدًا۔ باریک پیسنا۔

رَهَّد۔ سخت نادانی و حماقت کرنا۔

رَهَادَۃُ العَيْشِ: زندگی کی آسودگی۔

الرَّهُودِيَّۃ۔ مہربانی و نرمی۔

الرَّهِيد۔ نرم و نازک۔ ارزاں

الرَّهِيدَۃ۔ نرم و نازک عورت۔ الرَّهِيدۃ: ایک قسم کا کھانا جو کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے طیار ہوتا ہے

امر (مَرْهُود) غیر محکم کام۔ اور کہا جاتا ہے "ترکتہم مرهودین" یعنی میں نے اُن کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ کسی امر کا عزم نہیں رکھتے تھے۔

الرَّهْدَل۔ بیوقوف۔ کمزور۔

الرَّهْدَن والرُّهْدُن والرَّهْدَن۔ بزدل بیوقوف۔ چڑیا کی مانند ایک پرند کا نام۔ ج رَهَادِن و رَهَادِنَۃ۔

الرُّهْدُون۔ جھوٹا۔

رَهْرَهَ رَهْرَهَۃً۔ مائدتہ: جود و سخاوت سے دسترخوان پھیلانا۔

تَرَهْرَہ۔ السرابُ: سراب کا متواتر چمکنا۔ ـــ جسمُہ: جسم کا آسودگی کی وجہ سے سفید و نرم و نازک ہونا۔

الرَّهْرَهَۃ۔ مع۔ چہرہ کی بشاشت۔ بشرہ کی چمک دمک۔

جسم (رَهْرَہٌ و رَهْرَاہٌ و رُهْرُوہٌ) سُرخ سفید نازک بدن۔ طست رَهْرَہٌ و رَهْرَاہٌ: تھوڑی گہرائی کا طست۔ ماء رَهْرَاہ و رُهْرُوہٌ: صاف پانی۔

رَهَزَ (ف) رَهْزًا و رَهَزَانًا المُبَاضِعُ: جماع کرنے والے کا حرکت کرنا۔

اِرْتَهَزَ للامر: خوشی سے جھومنا۔

رَهَسَ (ف) رَهْسًا۔ الشیءَ: سخت روندنا۔ بہت پامال کرنا۔

تَرَهَّسَ۔ الشیءُ: ہلنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔

اِرْهَسَّ۔ القومُ: بھیڑ کرنا۔ اِرْتَهَسَت رِجلا الدابۃ: رگڑ کھانا ـــ الوادی: بھر جانا ـــ الجرادُ: تہ بتہ ہونا۔

اِرْتَهَشَ۔ الرجلُ: کانپنا ـــ القومُ: قوم کے درمیان لڑائی واقع ہونا ـــ القوسُ: نرم و سست ہونا ـــ الفرسُ: گھوڑے کا ٹکرانا۔

تَرَهَّشَ۔ الرجلُ: کریم و سخی ہونا ـــ الناقۃُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔

الرَّهَش۔ جانوروں کی اگلی ٹانگوں کا

آپس میں رگڑ کھانا۔

الرَّهِيش۔ من التراب: گرتی ہوئی مٹی جو نہ رُکے۔ کمزور۔ باریک۔ کم گوشت والا۔ باریک پیکان۔ پتلا تیر۔ ناقۃ رَهِيشَة: بہت دودھ والی اونٹنی۔

الراهِشَان۔ بازوؤں کے باطن کی دو رگیں۔

الرُّهْشَة۔ کرم۔ حیا۔

الرَّوَاهِش۔ ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ واحد (رَاهِش و رَاهِشَة)

رَهَصَ (ف) رَهْصًا۔ الشیءَ: سخت نچوڑنا ــــ الصیدَ: شکار کو سُست کر دینا ــــ ہ: ملامت کرنا۔ جلدی کرانا ــــ الحائطَ: دیوار کا پہلا ردّہ رکھنا ــــ الفرسَ: کھر کو زخمی کرنا۔

رَهِصَ (س) و رُهِصَ رَهَصًا۔ الفرسُ: گھوڑے کا زخمی کھر والا ہونا

أَرْهَصَ۔ الحائطَ: دیوار کا پہلا ردّہ رکھنا ــــ الشیءَ: بنیاد رکھنا۔ ثابت کرنا ــــ ہ: بھلائی کا منبع بنانا ــــ الفرسَ: گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔

رَاهَصَ۔ غریمہ: قرضدار کی نگرانی کرنا۔

تَرَاهَصَتْ۔ الصخورُ: چٹانوں کا آپس میں جمنا۔

الرِّهْص۔ من الحائطِ: دیوار کا پہلا ردہ مٹی جس سے دیوار بنائی جائے

الرَّهَّاص۔ مٹی گارہ بنانے والا۔

الرَّهْصَة۔ گھوڑے کے سم کا زخم۔

الرَّهِيص۔ من الخیل: سم کے زخم والا۔ خُفٌّ رَهِيصٌ: اونٹ کا کھر جس کو پتھر لگ گیا ہو۔ اَسَدٌ رَهِيصٌ: شیر جو اپنی جگہ سے ہٹتا نہ ہو

الرَّوَاهِص۔ من الحجارۃ: سم کو زخمی کرنے والے پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی چٹانیں واحد (رَاهِصَة)

المَرْهَصَة۔ مرتبہ۔ درجہ۔ ج مَرَاهِص۔

رَهَطَ (ف)، رَهْطًا۔ اللقمۃَ: بڑا لقمہ لینا۔ کہا جاتا ہے "هو يَرْهَطُ" وہ بہت کھاتا ہے۔

رَهِطَ۔ بہت کھانا ــــ اللقمۃَ: بڑا لقمہ لینا ــــ الرجلُ: سواری کی پیٹھ پر جم کے بیٹھنا گھر سے نہ نکلنا۔

اِرْهَطَّ۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔

الرَّهْط والرَّهَط۔ آدمی کی قوم اور قبیلہ۔ تین سے دس تک کا گروہ جس میں کوئی عورت نہ ہو اور اس لفظ کا واحد نہیں۔ ج أَرْهُط و أَرْهَاط و ج ج أَرَاهِيط و أَرَاهِط۔ اور جب رہط کی جانب عدد کی اضافت ہوتی ہے تو اس سے مراد اشخاص و افراد ہوتے ہیں جیسے "عشرون رهطًا" یعنی بیس شخص۔ اور کہا جاتا ہے "نحن ذو رهط" ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّهْط: دشمن۔

الرِّهَاط۔ گھر کا سامان

الرُّهَطَة والرُّهَطَاء والرَّاهِطَاء۔ من جحرۃ اليربوع: جنگلی چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی باہر نکالتا ہے۔ ج رَوَاطِي۔

الرُّهُوط۔ بہت کھانے والا۔

رَهَفَ (ف) رَهْفًا۔ السیفَ: تلوار کو باریک کرنا۔

رَهُفَ (ک) رَهَافَةً و رَهَفًا۔ باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَهِيف)

أَرْهَفَ۔ السیفَ: تلوار کی دھار پتلی کرنا۔ أَرْهَفَ بالکلام: فی البدیہہ کہنا۔

الرَّهِيف۔ پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار والی چیز

المُرْهَف۔ مفعو۔ سیفٌ مُرْهَفٌ: تیز پتلی دھار کی ہوئی تلوار۔ فرسٌ مُرْهَفٌ: دُبلے پیٹ اور قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔ خَصْرٌ مُرْهَفٌ: پتلی کمر ــــ مُرْهَفُ الجسم: دبلا پتلا۔ رجلٌ (مُرْهُوفُ) البدنِ: پتلے جسم والا مرد

رَهِقَ (س)، رَهَقًا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (رَهِق) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا۔ برائیوں کا مرتکب ہونا جھوٹ بولنا۔ جلدی کرنا ــــ السفرُ: قریب ہونا وقت آنا۔ کہا جاتا ہے "رَهِقَتِ الكلابُ الصيدَ" یعنی کتے شکار پر جا پہنچے۔ رَهْقَةً: برائی کی تہمت لگانا۔

رَاهَقَ۔ الغلامُ: جوانی کے قریب پہنچنا صفت (مُرَاهِق) کہا جاتا ہے "صَلّى الصلاةَ مُرَاهِقًا" اس نے وقت ختم ہونے کے قریب نماز پڑھی۔

أَرْهَقَ۔ ظُلمًا: مبتلائے ظلم کرنا ــــ ہ إثمًا: گناہ پر برانگیختہ کرنا ــــ ہ عُسْرًا: تکلیف دینا ــــ ہ: پا لینا۔ فوق الطاقۃ کام پر اکسانا۔ ــــ الصلاۃَ: آخر وقت تک موخر کرنا ــــ زیدًا أن یصلّی: نماز پڑھنے کی جلدی کرانا۔ کہا جاتا ہے "لا تُرْهِقْنِي لا أَرْهَقَكَ اللهُ" تو میرے اوپر سختی نہ ڈال اللہ تیرے اوپر سختی نہیں ڈالیگا

الرَّهَق۔ مص۔ گناہ و تہمت۔ ہلکی عقل۔ جہالت۔ فوق الطاقۃ کام پر برانگیختہ کرنا۔

الرَّهَقِي۔ ایک قسم کی ڈور۔ کہا جاتا ہے "هو يَعْدُو الرَّهَقَى"

الرِّهَاق والرُّهَاق۔ مقدار۔ تقریبًا۔ کہا جاتا ہے "كانوا رُهَاقَ مائة" وہ لوگ سو کے قریب تھے۔

الرَّهِيق۔ شراب۔

الرَّيْهُقَان۔ زعفران

المُرْهَق۔ قتل کرنے کے لیے گرفتار کیا ہوا۔ ڈالا ہوا۔

المُرَهَّق۔ مفعو۔ خفیف العقل و جاہل۔ بدی و شرارت سے متہم۔ فیاض

رَهَكَ (ف)، رَهْكًا۔ الشیءَ۔ باریک پیسنا۔ صفت مفعول (رَهِيك و مَرْهُوك) ــــ بالمكان: اقامت کرنا۔

اِرْتَهَكَ۔ چلنے میں سست ہونا۔

الرَّهْك۔ مص۔ نیک کام

الرَّهْكَة۔ کمزوری۔

الرَّهْكَة والرُّهَكَة۔ من الرجالِ أو الإبلِ: کمزور و ناتوان۔

رَهِلَ (س)، رَهَلًا۔ ڈھیلے ڈھالے اور پھولے ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت (رَهِل) کہا جاتا ہے

"فُلَانٌ فِيہِ رَہَلٌ" فلاں میں آماس کے ساتھ ڈھیلا پن ہے۔

رَہَّلَہٗ وَاَرْہَلَہٗ۔ النومُ: نیند کا سست و ڈھیلا کرنا۔

تَرَہَّلَ۔ ڈھیلا ہونا۔

الرِہَل۔ شبنم کے مشابہ پتلا پتلا بادل۔

المُتَرَہِّل۔ عِندَالاَطِبَّاءِ: ڈھیلے بدن والا

اَرْہَمَتِ۔ السماءُ: نرم بارش برسانا۔

الرِہْمَۃ۔ نرم لگاتار بارش۔ ج رِہَم وَرِہَام۔

الرَہَام والرَہُوم۔ دبلی بکری۔

الرُہَام۔ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔

الاَرْہَم۔ زیادہ فراخی وارزانی والا۔

المَرْہَم۔ مرہم۔ ج مَرَاہِم۔

مکانٌ (مَرْہُوم) وہ جگہ جہاں ہلکی بارش ہوئی ہو

الرَہْمَج۔ کشادہ۔

رَہْمَسَ رَہْمَسَۃً۔ باہم راز کی باتیں کرنا یا برائی کی تعریض کرنا۔

رَہَنَ (ف) رَہْنًا۔ الشیءَ فُلَانًا وَعِندَ فُلَانٍ: گرو رکھنا ــــ الشیءُ: ہمیشہ رہنا اور اسی سے ہے "نعمۃُ اللہِ رَاہِنَۃٌ" اللہ کی نعمت ہمیشہ رہنے والی ہے ــــ الشیءَ: ہمیشہ رکھنا ــــ بالمکان: اقامت کرنا (ــــ رُہُونًا) دُبلا ہونا۔ صفت (رَاہِن)

رَاہَنَہٗ رِہَانًا وَمُرَاہَنَۃً۔ علی الخیل: دوڑ کے لیے شرط لگانا ــــ علی کذا: شرط ٹھہرانا

اَرْہَنَہٗ۔ الشیءَ: کسی کے پاس گرو رکھنا۔ اَرْہَنَ فلانًا: کمزور کرنا۔ تنگی دینا ــــ فی السلعۃِ: گران کرنا ــــ لِضَیفِہِ الطعامَ والشرابَ: مہمان کے لیے ہمیشہ کھانا پانی طیار رکھنا۔ اَرْہَنَ المیتَ القبرَ: میت کو قبر میں رکھنا۔

تَرَاہَنَ۔ القومُ: آپس میں شرط لگانا۔

اِرْتَہَنَ۔ الشیءَ منہ: گروی لینا ــــ بالامرِ: کسی معاملہ میں مقید ہونا۔

اِسْتَرْہَنَہٗ۔ الشیءَ: گروی طلب کرنا۔

الرَاہِن۔ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ محکم و مضبوط۔ کہا جاتا ہے۔ "ہٰذِہٖ حُجَّۃٌ رَاہِنَۃٌ" یہ مضبوط دلیل ہے۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک وغیرہ ملاغر۔ دبلا

الرَاہِنَۃ۔ گھوڑے کی ناف اور اس کا ارد گرد

الرَہْن۔ مص۔ گروی کسی چیز کا روکنا۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج رِہَان وَرُہُون وَرُہْن وَرُہُن۔ کہا جاتا ہے "اِنِّیْ لَکَ رَہْنٌ بِکَذَا" میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔

ہٰذَا (رَہْنٌ) بِمالٍ: یہ مال کے برابر ہے۔ شئے مرہونہ کے لیے بولتے ہیں کہ وہ مال جو لیا جارہا ہے اس کے برابر ہے۔

الرِہَان۔ مص۔ خَیلُ الرِہَانِ: شرط لگانے کے گھوڑے اور "ہُمَا کَفَرَسَیْ رِہَانٍ" دو ہم رتبہ چیز کے بارے میں بطور مثال کے بولتے ہیں۔

الرَہِیْن۔ گروی رکھا ہوا کسی چیز کے بدلے میں روکی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَہِیْنٌ بِاَعْمَالِیْ" میں اپنے کاموں میں پھنسا ہوا ہوں۔

الرَہِیْنَۃ۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ کہا جاتا ہے "اَنَا رَہِیْنَۃٌ بِکَذَا" میں اس میں پھنسا ہوا ہوں یا میں اس کا ضامن ہوں۔ "وکُلُّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ رَہِیْنَۃٌ" ہر ایک نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔ "وَالْخَلْقُ رَہَائِنُ الموتِ" مخلوق موت کے ساتھ محبوس ہے۔

المُرْتَہَن۔ مفع۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے بدلے میں روکی جائے۔ المُرْتَہِنُ بالامرِ: کام میں پھنسا ہوا۔ کہا جاتا ہے "کُلُّ امْرِءٍ بِالْمَوْتِ مُرْتَہِنٌ" یعنی ہر انسان موت کے ساتھ مقید ہے۔

الامور (مَرْہُوْنَۃٌ) بِاَوْقَاتِہَا: کام اپنے وقت پر واقع ہوتے ہیں۔

الرَہْنَامَج والرَاہْنَامَج۔ ملاحوں کے لیے بحری راستہ کا نقشہ (راہ نامہ کا معرب)

رَہَا (ن) رَہْوًا۔ نرمی کرنا۔ نرم چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الْخَیْلُ رَہْوًا" گھوڑے نرم چال سے آئے۔ "اُرْہُ عَلٰی نَفْسِکَ" اپنے اوپر نرمی کرو۔ ــــ البحرُ: دریا کا ساکن ہونا ــــ بین رجلیہ: کھولنا ــــ الطائرُ: پرندہ کا بازو پھیلانا۔

رَاہٰی مُرَاہَاۃً۔ الرجلَ: قریب ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ باہم حماقت کرنا

اَرْہٰی اِرْہَاءً۔ کشادہ جگہ پانا۔ مع پرندہ کے کھانے پر مداومت کرنا ــــ لہم الطعامَ: ہمیشہ طیار رکھنا ــــ علی نفسہ: نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرْہِ عَلٰی نَفْسِکَ" اپنے اوپر نرمی کر۔ "اَرْہٰی لَکَ الشیءُ" تمہارے لیے یہ چیز ممکن ہے۔ "وَاَرْہَیْتُہٗ لَکَ" میں نے تم کو اس پر قدرت دی۔

تَرَاہٰی۔ القومُ: باہم نرمی برتنا۔

اِرْتَہٰی۔ القومُ: باہم مختلط ہونا۔ رہیہ طیار کرنا۔ (دیکھیے لفظ رہیۃ)

الرَہْو۔ سارس یا اس کے مشابہ ایک پرندہ ج رِہَاء (ــــ والرَہْوَۃ) لوگوں کی جماعت۔ بلند یا پست جگہ۔ بئرٌ رَہْوٌ: چوڑے منہ کا کنواں۔ ثوبٌ رَہْوٌ: باریک کپڑا۔ غَارَۃٌ رَہْوٌ: لگاتار لوٹ اور کہا جاتا ہے "الناسُ رَہْوٌ مَا بَیْنَ المَدِیْنَۃِ وَالْجَبَلِ" لوگ شہر اور پہاڑ کے درمیان لگاتار آ رہے ہیں

الرَہَاءُ مِنَ الاَمَاکِنِ: کشادہ جگہ ــــ مِن کلِّ شیءٍ: ہر چیز کا ہموار حصہ۔

الرَاہِی۔ مِنَ العیشِ: آسودہ زندگی

الرَاہِیَۃ۔ الراہی کا مونث۔ شہد کی مکھی۔

الرَہِیَّۃ۔ ایک قسم کا کھانا جو خوشہ کو ہاتھوں سے مل کر کوٹا جاتا ہے اور دودھ ڈال کر طیار کیا جاتا ہے

الرَہْوَان۔ پست زمین۔ ترکی گھوڑے کو بھی رہوان کہتے ہیں جبکہ چلنے میں نرم پیٹھ کا ہو (معرب)

الاَرْہَاء۔ اطراف و جوانب

المُرْہِی۔ مِنَ الخیلِ: تیز رفتار گھوڑا جو دیکھنے میں تیز نہ ہو۔ اور مقابلہ کے وقت ہاتھ نہ لگے۔ ج المَرَاہِی۔

رَہْوَکَ۔ الرجلُ: چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا ــــ القومُ: مضطرب ہونا۔

الرَہْوَک۔ موٹا بکری کا بچہ یا ہرن (شاب رَہْوَکٌ: نازک بدن جوان۔

رَہِیَ۔ کمزور اور سست ہونا۔ فاسد الرائے ہونا۔ محنت یا بڑھاپے کی وجہ سے کسی کی آنکھوں

کا اندر کو گھس جانا — السحابُ: برسنے کے لیے تیار ہونا۔
تَرَهْيَأَ۔ مضطرب ہو کر حرکت کرنا — فی امرہٖ: کام میں کاہلی کرنا کبھی ارادہ کرنا کبھی چھوڑنا — السحابُ: برسنے کے لیے تیار ہونا۔
رَوَّأَ تَرْوِيئًا وتَرْوِئَةً۔ فی الامر: کام کے انجام میں غور و فکر کرنا۔
الرَّوِيئَةُ والرَّوِيَّةُ۔ غور و فکر
الارْتِيَاءُ۔ سوچ بچار غور و فکر کرنا۔
الراءُ۔ حروف تہجی کا ایک حرف۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (رَاءَةٌ)
رَابَ (ن) رَوْبًا ورُؤُوبًا۔ اللبنُ: جمنا صفت (رَائِبٌ) کہا جاتا ہے "رَابَ دَمُهُ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آگیا — الرجلُ: متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں فتور ہونا۔ سُست ہونا۔ نیند یا بھوک یا اونگھ کی وجہ سے متوالا جیسا ہونا
رَوَّبَتِ۔ الدابةُ: جانور کا تھکنا۔
رَوَّبَ وأَرَابَ۔ اللبنَ: دہی جمانا۔
الرَّائِبُ۔ خا۔ جما ہوا دودھ۔ دہی۔
الرَّائِبُ مِنَ الأُمُورِ: صاف معاملات جن میں کوئی شبہ نہ ہو۔ نیز مشتبہ امور (ضد)
الراب۔ اندازہ کہا جاتا ہے "ہذا رابُ کذا" یہ اس کے مقدار کا ہے۔
الرَّوْبُ۔ جما ہوا دودھ۔ مکھن نکلا ہوا دودھ دہی۔ کہا جاتا ہے "مَا عِنْدَهُ شَوْبٌ وَلَا رَوْبٌ" اس کے پاس نہ تو شہد ہے نہ جما ہوا دودھ اور حدیث میں ہے "لَا شَوْبَ وَلَا رَوْبَ فِي الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ" خرید و فروخت میں دھوکا فریب اور گڑبڑی نہیں ہونی چاہیے
الرُّوْبَةُ والرَّوْبَةُ۔ جاون (یعنی چھاچھ جو دہی جمانے کے لیے دودھ میں ڈالا جائے۔ دودھ کا بقیہ۔
الرُّوْبَةُ۔ حاجت۔ اور اسی سے ہے "فلان لَا يَقُومُ بِرُوْبَةِ أَهْلِهِ" فلاں اپنے لوگوں کی حاجت کے لیے مستعد نہیں۔ مدار زندگانی۔ محتاجی۔ حیرانی۔ زیادہ پینے سے کسلمندی۔ الرُّوْبَةُ من اللحم: گوشت کا ٹکڑا — من اللیل: رات کا ایک حصہ — للرجل: مرد کی عقل تم کہتے ہو "تُحَدِّثُنِي وَأنَا إِذْ ذَاكَ غُلَامٌ لَيْسَتْ لَهُ رُوْبَةٌ" وہ مجھ سے بات کر رہا تھا اور میں اسوقت ایسا لڑکا تھا جس کے لیے عقل نہ ہو۔
الأَرْوَبُ۔ حیران۔ سست۔ اونگھ یا شکم سیری کی وجہ سے کسلمند۔
الرَّوْبَى۔ وہ لوگ جو چلنے کی وجہ سے سُست ہو گئے ہوں۔ قوم رَوْبَى: سست طبیعت کے لوگ۔ وہ لوگ جنہوں نے دہی پیا ہو اور سست ہو گئے ہوں۔ واحد (رَائِبٌ ورَوْبَانُ)
المِرْوَبُ۔ دودھ جمانے کا برتن۔
سِقَاءٌ (مُرَوَّبٌ) مشکیزہ جس میں دودھ جمایا گیا ہو۔
رَاثَ (ن) رَوْثًا۔ الفرسُ: لید کرنا۔
الرَّوْثُ۔ لید۔ ج أَرْوَاثٌ۔
الرَّوْثَةُ۔ روث کا واحد۔ ناک کے سرے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِهِ رَوْثَةَ أَنْفِهِ" فلاں اپنی ناک کے کنارے تک زبان کو لیجاتا ہے۔ کنایہ ہے زبان دراز ہونے سے۔ چونچ۔
المَرَاثُ والمَرْوَثُ۔ لید کا مخرج۔
رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا۔ الامرُ: جلدی ہونا — السلعةَ: رائج ہونا — الدراهمُ: رواج پکڑنا — الطعامُ: کھانا تیار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَحْضِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ میسر ہو اس کو ہمارے لیے حاضر کرو۔ رَاجَتِ الريحُ: ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔
رَوَّجَ۔ الشيءَ وبه: جلدی کرنا — السلعةَ والدراهمَ: رائج کرنا — فلانٌ کلامَہ: مزین و مبہم کرنا۔
تَرَوَّجَ۔ حوض کے گرداگرد گھومنا صفت (رَوَّاجٌ)
الرَّوْجَةُ۔ جلدی
رَاحَ (ن) رَوَاحًا۔ شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا۔ اور بغیر وقت کی تخصیص کے مطلقاً جانے کے معنی میں مستعمل ہے۔
(— رَوَاحًا ورُوحًا) القومَ والیہم وعندہم: شام کے وقت کسی کے پاس جانا (مطلقاً جانا)
(— روحًا) الیومُ: تیز ہوا والا ہونا۔
رَاحَ يَرِيحُ رِيحًا۔ الشيءَ: بو محسوس کرنا
رَاحَ يَرَاحُ رِيحًا۔ الیومُ: تیز ہوا والا ہونا — البیتُ: ہوادار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَحِ الْبَابَ حَتَّى يَرَاحَ الْبَيْتُ" دروازہ کھولو تاکہ گھر ہوادار رہے — الریحُ الشيءَ: ہوا لگنا — القومُ الریحَ: ہوا میں داخل ہونا۔
رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً۔ للمعروفِ: بھلائی کو خوشی سے کرنے کے لیے جلدی کرنا — یدہ للامر: سُبک ہونا — الشجرُ: نئے پتے نکالنا — الشيءَ: بو محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَاحَ مِنْكَ مَعْرُوفًا" اس نے تم سے بھلائی حاصل کی۔
رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا ورَاحًا ورَاحَةً و رِيَاحَةً ورُوُوحًا وأَرْيَحِيَّةً۔ للامر: کسی کام کے لیے خوشی کے ساتھ متوجہ ہونا۔
رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَةً۔ الابلُ: اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔ رِيحَ: ہوا لگنا
رَوِحَ يَرْوَحُ رَوَاحًا۔ کشادہ ہونا۔
رَوَّحَ۔ القومَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا — الرجلَ: آرام دینا — الابلَ: شام کے وقت باڑہ میں اونٹوں کو واپس لانا — بالجماعة: تراویح کی نماز پڑھانا — قلبَہ: کسی کے دل کو بیدار کر دینا۔ — الدہنَ: تیل کو خوشبودار بنانا — علیہ بالمروحة: پنکھا جھلنا۔
أَرَاحَ إِرَاحَةً۔ القومُ: ہوا میں داخل ہونا — ہ: آرام پہنچانا — علی فلانٍ حقَّہ: واپس کرنا — الابلَ: باڑہ کی طرف اونٹوں

کو واپس لانا ـــ المعروفَ: بھلائی حاصل کرنا پانا ـــ الشیءَ: بو محسوس کرنا ـــ الماءُ او اللحمُ: پانی یا گوشت کا بدبودار ہونا ـــ الرجلُ: سانس لینا۔ شام کے وقت میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہا جاتا ہے "اَرَاحَ فَارَاحَ" اُس نے مرکر آرام پہنچایا۔

اَرْوَحَ۔ الماءُ: پانی کا بدبودار ہونا ـــ الشیءَ: بو محسوس کرنا ـــ علیہ حَقَّہ: واپس کرنا

رَاوَحَ۔ بین العملین: باری باری مشغول ہونا ـــ بَیْنَ رِجْلَیْہِ: باری باری ایک ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا۔

تَرَوَّحَ۔ شام کے وقت چلنا یا عمل کرنا ـــ القومَ: قوم کے پاس شام کے وقت جانا ـــ الشجرُ: نئے پتے نکالنا ـــ النبتُ: نباتات کا طویل ہونا ـــ الماءُ: پانی کا بودار ہونا ـــ بالمِرْوَحَۃ: پنکھا ہلانا ـــ الشیءُ: بھڑک دار خوشبو والی ہونا۔

تَرَاوَحَ۔ الرجلان الامرَ: باری باری کرنا۔ اور اسی سے یہ قول ہے۔ "ان یدیہ تتراوحان بالمعروف" اس کے دونوں ہاتھ باری باری بھلائی کو کرتے ہیں۔

اِرْتَاحَ۔ خوش ہونا ـــ اللہُ لَہٗ برحمتِہٖ: مصیبت سے چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "ہما یَرْتَوِحانِ عملاً" وہ دونوں نوبت بنوبت کرتے ہیں۔

اِسْتَرَاحَ اِسْتِرَاحَۃً۔ آرام پانا ـــ الیہ: سکون پانا۔

اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحاً۔ آرام پانا ـــ الشیءَ: سونگھنا ـــ الغصنُ: ٹہنی کا ہوا سے ہلنا ـــ الصیدُ: شکار کا انسان کی بو محسوس کرنا ـــ الشجرُ: سرسبز کرنا۔

الرَّاحُ۔ مع۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔ یومٌ راحٌ: سخت ہوا کا دن۔

الرَّاحَۃُ۔ مع۔ آرام۔ الراح کا واحد۔ یعنی ہتھیلی۔ صحن۔ کف دست۔ کہا جاتا ہے "ترکتہ علی انتی من الراحۃ" میں نے اس کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ اُس کے پاس کچھ نہیں تھا۔ کپڑے کی تہ۔ کہا جاتا ہے "اِطْوِ الثوبَ علٰی راحتِہٖ" کپڑے کو اس کی تہ پر لپیٹو۔ ج راحات۔ لَیْلَۃٌ راحَۃٌ: تیز ہوا والی رات۔

الرَّوْحُ۔ آرام۔ نرم ہوا۔ انصاف جو شکایت کرنے والے کو آرام پہنچائے۔ مدد۔ خوشی۔ رحمت و مہربانی۔ یَوْمٌ رَوْحٌ: عمدہ و خوشگوار دن سہانا دن۔

الرَّوْحَۃُ۔ راح کا اسم مرۃ۔ ج رَوَحات۔ لَیْلَۃٌ رَوْحَۃٌ: سہانی رات۔

الرُّوْحُ۔ جان (مذکر و مونث) نفس۔ کہا جاتا ہے "ہو خفیفُ الروح" یعنی وہ لطیف و پاکیزہ ہے۔ وحی۔ حکم خداوندی۔ امر الٰہی۔ قرآن۔ پیغام خداوندی۔ جبرائیل۔ الروح الاعظم: اللہ تعالیٰ۔ رُوحُ القُدُس: عیسائیوں کے نزدیک اقانیم ثلاثہ کا تیسرا اقنوم۔ الروح الامین: حضرت جبریل علیہ السلام۔ نسبت کے لیے (رُوْحانی) ج اَرْوَاح۔ اور متقدمین حکماء کے نزدیک معدنیات کی ایک قسم۔ جیسے پارہ پر اطلاق ہوتا ہے۔ نیز دواؤں کے ست و جوہر پر بولا جاتا ہے۔ الارواح الخبیثۃ: شیاطین۔

الرَّوَحُ۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کشادگی وسعت۔

الرَّوَاحُ۔ مع۔ شام یا زوال آفتاب سے رات تک۔ اس کے مقابلہ میں صباح ہے۔ کہا جاتا ہے "خرجوا برواح من العشی" وہ شام کی ابتدا میں نکلے۔ "وَاَفْعَلُ ذٰلِکَ فِی سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" میں صبح شام اس کو کرتا ہوں۔ (ـــ والرَّوِیحۃ والرواحۃ والراحۃ) خوشی جو یقین حاصل ہونے سے پیدا ہو۔

الرِّیْحُ۔ ہوا۔ (مونث) ج اَرْیَاح و اَرْوَاح و رِیَاح و رِیَح و جج اَرَاوِیح و اَرَایِیح۔ بو۔ اچھی چیز۔ رحمت۔ مدد۔ غلبہ و قوت۔ اور ہوائیں چار ہیں۔ الجنوب: دکھنی۔ الشمال: اُتری۔ الصبا: پُروائی۔ الدبور: پچھوائی۔

الرِّیْحَۃُ۔ ہوا۔ بو۔

الرَّیْحَانُ۔ ہر ایک خوشبودار پودہ۔ معیشت و روزی۔ فرزند۔ ج رَیَاحِیْن۔

الرَّیْحَانَۃُ۔ گلدستہ۔

الرَّیِّحُ۔ من الایام: تیز یا اچھی ہوا والا دن

الرَّائِحَۃُ۔ رائح کا مونث۔ بو۔ ج رائحات و روائح۔ الروائح: شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہا جاتا ہے "مالہ سارحۃ ولا رائحۃ" یعنی اس کے پاس مویشی میں سے کچھ نہیں۔

الاَرْوَحُ۔ ٹانگوں کے درمیان کشادگی والا۔ مونث رَوْحاء۔ ج رُوح (ـــ والاَرْیَحُ) کشادہ

الاَرْیَحِیُّ۔ کشادہ اخلاق والا

الاَرْیَحِیَّۃُ۔ وہ خصلت جو انسان کو فعل حمیدہ اور فیاضی کرنے سے مسرور کرتی ہو۔

التَّرَاوِیحُ۔ ترویحہ کی جمع جس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر اس بیٹھنے پر اطلاق ہونے لگا جو رمضان کی راتوں میں چار رکعت پڑھ لینے کے بعد آرام حاصل کرنے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ پھر ہر چار رکعت ہی کو ترویحہ کہنے لگے۔ اور تراویح کا اطلاق پوری بیس رکعت نماز پر بھی ہوتا ہے جن کو رمضان میں پڑھتے ہیں۔

المَرَاحُ۔ روانہ ہونے یا واپس آنے کی جگہ۔

المُرَاحُ۔ اونٹ یا گائے یا بکری کا باڑہ

المَرْوَحُ والمَرِیحُ۔ ہر وہ چیز جس کو ہوا لگے۔ یومٌ مَرُوحٌ: اچھی ہوا والا دن۔

المِرْوَحُ والمِرْوَحَۃُ۔ پنکھا۔ ج مَرَاوِح

المَرْوَحَۃُ۔ بیابان۔ ج مَرَاوِح۔

المُرَوَّحُ۔ مفع۔ دہن مُرَوَّح: خوشبودار تیل۔

المُسْتَرَاحُ۔ پائخانہ

تَرَدَّخَ۔ فی الطین: کیچڑ میں پڑنا۔

رَادَ یَرُوْدُ رَوْداً و رِیَاداً۔ الشیءَ:

طلب کرنا ــــ الارضَ: قیام کے لیے چراگاہ وپانی وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا ــــ قومَہ مرعیً او منزلاً: قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنے کی کوشش کرنا۔

رَادَ یَرُوْدُ رَوْدًا ورُوَدَانًا ورِیَادًا: کسی چیز کی تلاش میں ڈھونڈنا اور آنا جانا۔ رَادَتِ الاِبِلُ: اونٹوں کا چراگاہ میں آگے پیچھے آنا جانا۔

رَادَتْ رَوْدًا ورَوَدَانًا۔ المرأۃُ: پڑوسنوں کے ہاں اکثر آنا جانا ــــ الریحُ: ہوا کا نرم چلنا ــــ الماشیۃ: مویشیوں کا چرنا۔

رَاوَدَہٗ مُرَاوَدَۃً ورِوَادًا۔ چاہنا۔ رَاوَدَہٗ عن وعلی نفسِہٖ: فریب دینا۔ برائی کی ترغیب دینا، پھسلانا ــــ علی کذا: ارادہ کرنا۔

رَوَّدَہٗ۔ طلب وجستجو پر اکسانا۔

أَرَادَ إِرَادَۃً۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔ راغب ہونا ــــ ہٗ علی الامر: برانگیختہ کرنا۔

أَرْوَدَ إِرْوَادًا ومُرْوَدًا ومُرْوَدًا ورُوَیْدًا ورُوَیْدَاءَ ورُوَیْدِیَۃً۔ فی السیر: آہستگی سے چلنا۔ نرم چلنا۔

إِرْتَادَ إِرْتِیَادًا۔ الشیَٔ: طلب کرنا۔

إِسْتَرَادَ۔ فرمانبردار ہونا۔ لِاَمْرِ اللّٰہِ: حکم اللہ کی جانب لوٹ آنا اور جھک جانا ــــ الدابۃُ: جانور کا چرنا ــــ الرجلُ: چل پھر کر روزی طلب کرنا۔

الرَّائِدُ۔ فا۔ رَادَۃ ورُوَّاد ورَائِدُون۔ جاسوس۔ وہ شخص جس کو لوگوں نے چارہ پانی کی تلاش میں بھیجا ہو۔ چکی کا دستہ۔ ورَائِدُ العین: آنکھ کا تنکا۔ کہا جاتا ہے "ہو رَائِدُ الوِسَادِ" وہ غم کے لاحق ہونے کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔

الرَّادُ۔ بمعنی الرائد۔

الرِّیْدُ۔ طلب۔ تلاش۔

الرَّادَۃُ والرَّائِدَۃُ والرُّوَادَۃُ۔ پڑوسنوں کے گھروں میں بہت پھرنے والی عورت۔

الرُّوْدُ۔ مص۔ ریح (رَوْدٌ و رَائِدَۃٌ) نرم چلنے والی ہوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلَی الرُّوْدِ" یعنی آہستہ چلو۔

رُوَیْدٌ۔ اَرْوَدَ کا مصدر مصغر ہے۔ کہا جاتا ہے "رُوَیْدًا" یعنی آہستہ۔ وَ"رُوَیْدَکَ زَیْدًا" و"رُوَیْدَ زَیْدٍ" یعنی زید کو مہلت دی۔ و"سَارُوا سَیْرًا رُوَیْدًا" و"سَارُوا رُوَیْدًا" یعنی وہ لوگ نرمی وآہستگی سے چلے۔

الاَرْوَدُ۔ کام میں آہستگی کرنے والا اور کہتے ہیں۔ "الدہرُ اَرْوَدُ ذُوْ غِیَرٍ" یعنی زمانہ اپنا کام سکون کے ساتھ کرتا ہے جس کی خبر بھی نہیں ہوتی۔ "والدہرُ اَرْوَدُ مُسْتَبِدٌّ" یعنی زمانہ معاملات میں نرم ہے اور غالب ہے۔

المِرْوَدُ۔ سرمہ کی سلائی۔ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ چرخی کا ڈنڈا جس پر چرخی گھومتی ہے۔ کھونٹی ج مَرَاوِدُ

المَرَادُ والمُسْتَرَادُ۔ چراگاہ میں اونٹوں کے آجانے کی جگہ۔ مُسْتَرَادُ الرَّجُلِ: آمد ورفت کی جگہ۔

المَرَاوِدِیُّ۔ جانوروں کے باندھنے کی جگہ میں آنے جانے والی۔

الرَّاوَنْدُ والرِّوَنْدُ والرَّاوَنْدُ۔ ریوند چینی ایک دوا کا نام۔

رَاذَ (ن) رَوْذَۃً۔ آنا جانا

رَازَ (ن) رَوْزًا۔ الحجرَ: پتھر اٹھا کر وزن کا اندازہ کرنا ــــ الرجلَ: آزمانا ــــ الدینارَ: دینار کا وزن معلوم کرنے کے لیے تولنا ــــ الاراضیَ: زمین کے پاس قیام کرنا اور اُسے قابل کاشت بنانا ــــ ما عندہٗ: طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت (رَائِزٌ) ج رَازَۃٌ۔

رَوَّزَ۔ الکلامَ او الرأیَ: آہستہ آہستہ غور کرنا

رَازَاہٗ۔ آزمایش کرنا۔

الرَّازِیُّ۔ منسوب بہ شہر رے۔

الرُّوَیْزِیُّ۔ بڑی چادر۔

الرَّازُ۔ معماروں کا سردار۔ ج رَازَۃٌ اور اس کی اصل رائز ہے مثل شاک وشائک کے۔

الرِّیَازَۃُ۔ معماری۔

المِرْآزُ والمِرْآزَۃُ۔ وزن۔ مقدار۔

المِرْآزَانِ۔ دونوں پستان

الرُّوزْنامَہ۔ روزنامچہ۔ کیلنڈر جنتری (کلمہ فارسی ہے روز اور نامہ سے مرکب ہے)

رَاسَ یَرُوْسُ رَوْسًا۔ متکبرانہ چلنا۔ بہت کھانا ــــ السیلُ الغثاءَ: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لیجانا۔

إِسْتَرَاسَ۔ کھانا طلب کرنا۔

الرُّوْسُ۔ مص۔ مرد۔ کہا جاتا ہے "انہ رَوْسُ سُوْءٍ" وہ برا آدمی ہے۔ عیب۔ بہت کھانا۔

رَوَائِسُ۔ الاودیۃ: وادیوں کے بلند حصے۔ رَوَائِسُ السحاب: اگلے بادل

رَاشَ یَرُوْشُ رَوْشًا۔ بہت کھانا ــــ ہٗ المرضُ: کمزور کرنا۔

الرَّاشُ مِنَ الجِمَالِ او الرِّمَاحِ: کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رائش کا مخفف ہے۔ مؤنث راشۃ۔

الرَّوْشُ۔ ہلکی عقل۔

الاَرْوَشُ۔ ہلکی عقل والا مؤنث رَوْشَاء

رَاضَ (ن) رُوُوْضًا۔ بے وقوفی کے بعد عقلمند ہونا۔

رَاضَ یَرُوْضُ رَوْضًا ورِیَاضَۃً ورِیَاضًا۔ المہرَ: بچھیرے کو سدھانا۔ صفت (رَائِضٌ) ج رَاضَۃٌ ورُوَّاضٌ ورُوَّضٌ ورَائِضُون۔ اور صفت مفعولی (مَرُوْضٌ) مؤنث مروضۃ۔

رَوَّضَ۔ المہرَ: بچھیرے کو خوب سدھانا ــــ الرجلُ: باغوں میں رہنا ــــ المطرُ الارضَ: باغ کی مانند بنا دینا۔

رَاوَضَہٗ۔ علی الامر: کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگا دینا۔

أَرَاضَ إِرَاضَۃً۔ سیراب ہونا ــــ

القومَ: سیراب کرنا — المکانُ: بکثرت باغات ہونا — اللہ الارضَ: مرغزار بنانا۔ باغات بنانا — الحوضُ: حوض کی تہ کا پانی سے ڈھکنا۔

أَرْوَضَ۔ المکانُ: بکثرت سرسبزی و باغات والی ہونا — الارضُ من المطرِ: زمین کا بارش سے تر ہونا۔

تَرَاوَضَ۔ القومُ فی الامرِ: کسی معاملہ میں باہم مناظرہ کرنا — فی البیعِ والشراءِ: آپس میں خرید و فروخت میں جھگڑنا۔

اِرْتَاضَ۔ المُہرُ: بچھیرے کا سدھ جانا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَاضَتِ القوافِی الصَّعْبَۃُ لِلشَّاعِرِ" یعنی شاعر کو مشکل قوافی کی آمد ہوئی۔

اِسْتَرَاضَ اِسْتِرَاضَۃً۔ المکانُ: جگہ کی سطح کا پانی سے ڈھکنا۔ کشادہ ہونا — النفسُ: خوش ہونا — المکانُ: بکثرت باغات والی ہونا۔

الرَّوْضُ۔ مع۔ باغ۔ وہ زمین جو مختلف قسم کے نباتات سے سرسبز ہو۔

الرَّوْضَۃُ۔ باغ۔ ج رَوْض و رِیَاض و رَوْضَات و رِیْضَان۔ رَوْضَاتُ الجنّاتِ: باغوں کے بہترین ٹکڑے۔ الرَّوْضَۃُ: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فی الحوضِ رَوْضَۃٌ مِنَ الماءِ" حوض میں تھوڑا پانی ہے جس نے زمین کو چھپا لیا ہے۔

الرِّیْضَۃُ۔ الروضۃ میں ایک لغت۔

الرِّیَاضَۃُ۔ مع جسمانی ورزش۔ بری حالت کو اچھی حالت سے بدلنا۔ اخلاق نفسانی کی تہذیب۔ عبادت اور حقائق ربانی میں غور و فکر کرنا۔

العلم الرِّیَاضِی وعلم الرِّیَاضِیَّات۔ علم حساب۔ الجبرا جیومیٹری وغیرہ علوم۔

الرَّیِّضُ۔ وہ جانور جس کو سدھایا جانا شروع کیا گیا ہو۔ مذکر و مونث اس میں برابر ہیں۔ اَمْرٌ رَیِّضٌ: غیر محکم کام۔

الرَّیِّضَۃُ۔ باغ۔

المَرَاضُ۔ نرم نشیبی زمین میں سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج مَرَایِض و مَرَاضَات۔ اَرْضٌ مُسْتَرْوِضَۃٌ: عمدہ نباتات اگانے والی زمین۔ نَبَاتٌ مُسْتَرْوِضٌ: نباتات جو بڑھنے اور لمبے ہونے میں انتہا کو پہنچ گئی ہو۔

رَاطَ یَرُوْطُ و یَرِیْطُ رَوْطًا و رَیْطًا۔ بالمکان: پناہ ڈھونڈھنے والے کی مانند ہونا۔

رَاعَ یَرُوْعُ رَوْعًا و رُوُوْعًا۔ منہ: گھبرانا۔ صفت (رَائِع و رَوِع) — فی یدی کذا: فائدہ دینا۔ رَاعَہُ الامرُ: گھبرا دینا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَاعَ یَرُوْعُ و یَرِیْعُ رَوَاعًا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔

رِیْعَ۔ فُلَانٌ: گھبرانا۔ ڈرنا۔

اَرَاعَہُ و رَوَّعَہُ: گھبرا دینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ (س) رَوَعًا۔ اَرْوَع ہونا (دیکھیے لفظ اَرْوَع)

(اَرْدَعَ) اِرْوَاعًا۔ الراعی الغنمَ: چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا۔

اِرْتَاعَ و تَرَوَّعَ۔ منہ ولہ: ڈرنا۔ ارتاع للخبرِ: خبر کی وجہ سے خوش ہونا۔

الرَّوْعُ۔ مع۔ خوف۔ ڈر۔ لڑائی۔

الرَّوْعَۃُ۔ ڈر۔ حسن و جمال کا حصہ۔

الرُّوْعُ۔ دل کا سیاہ نقطہ۔ اور بقول بعض دل میں ڈر کی جگہ۔ ذہن۔ عقل۔ کہا جاتا ہے اَفْرِخْ رُوْعَکَ "اپنے دل کو مطمئن رکھو۔"

الرَّوَعُ۔ اَرْوَع کا اسم (دیکھیے لفظ اَرْوَع)

الاَرْوَعُ۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔ ج۔ رُوْع و اَرَاوِع۔ مونث رَوْعَاء۔ قلبٌ اَرْوَعُ: جلدی گھبرا جانے والا دل۔

فُلَانٌ (رُوَاعُ) القلبِ: ہوشیار۔ ذکی۔

الرَّائِعُ۔ فا۔ حسن یا بہادری وغیرہ سے تعجب میں ڈالنے والا۔ ج رَائِعُوْن و رُوَّع۔ مونث رَائِعَۃ۔ ج رَوَائِع۔ و رُوَّع۔ کلامٌ رَائِعٌ: خوشگوار کلام

رَائِعَۃُ۔ الشَّیْبِ: بڑھاپے کی ابتداء۔ و رَائِعَۃُ النَّہَارِ والضُّحٰی: دن یا چاشت کے وقت کا بڑا حصہ۔

المُرَوَّعُ۔ خوفزدہ۔ درست الہام پانے والا۔

رَاغَ (ن) رَوْغًا و رَوَغَانًا۔ الصیدُ: شکار کا ادھر ادھر جانا — الرجلُ عن الطریقِ: مکر و فریب سے راستہ سے کترا کترا کر چلنا — الی کذا: چپکے سے کسی جانب مائل ہو جانا۔ — علیہ بالضربِ: مارنے کے لیے ٹوٹ پڑنا۔

رَوَّغَ۔ اللقمۃَ فی الدسمِ: لقمہ کو اچھی طرح چکنائی میں الٹ پلٹ کر تر کرنا۔

رَاوَغَہُ مُرَاوَغَۃً: کشتی لڑنا۔ فریب دینا۔ رَاوَغَہُ علی الامرِ: پھسلانا۔ ورغلانا۔ رَاوَغَ القومُ: مکر و فریب سے ایک دوسرے کو طلب کرنا۔

اَرَاغَ اِرَاغَۃً و اِرْتَاغَہُ اِرْتِیَاغًا۔ مکر و فریب سے طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "مازلت اُرِیْغُ حاجۃً لی" میں ہمیشہ اپنی حاجت کو طلب کرتا رہا۔ اور کہا جاتا ہے "اِرْتَاغَ العقابُ الصیدَ" عقاب شکار کے پیچھا کرنے میں ادھر ادھر جاتا رہا۔ اراغہ علی امر وعن امرٍ: پھسلا بہلا کر طلب کرنا۔ اراغ الرجلَ: دھوکا دینا۔

تَرَوَّغَ۔ الحمارُ: گدھے کا خاک میں لوٹنا۔

تَرَاوَغَا۔ ایک دوسرے کو فریب دینا۔ باہم کشتی لڑنا۔

الرَّائِغُ۔ فا۔ طَرِیْقٌ رَائِغٌ: کج راستہ۔

الرَّوَاغُ والرَّوَاغَۃُ: مکر و حیلہ۔

الرَّوَّاغُ۔ بہت فریب و مکر کرنے والا۔ لومڑی۔ کہا جاتا ہے "ہو ثعلبٌ رَوَّاغٌ" وہم ثَعَالِبُ رَوَّاغَۃٌ" وہ یا وہ لوگ فریب دینے والی لومڑی کی مانند ہیں۔

الرِّیَاغُ۔ سرسبزی۔

الرِّوَاغَۃُ والرِّوَاغَۃ۔ کشتی کا اکھاڑہ۔
رَافَ یَرُوفُ۔ رَافَ یَرَافُ میں ایک لغت ہے۔
الرَّوْفُ۔ سکون۔ اطمینان۔
الرَّوْفَۃ۔ رحمت۔
رَاقَ یَرُوْقُ رَوْقًا۔ الشرابُ: صاف ہونا۔ ـــ علیہ: فضیلت و خوبی میں بڑھ جانا۔
رَاقَہ رَوْقًا و رُوُوْقًا۔ الشیءُ: تعجب میں ڈالنا۔ پسند آنا۔ خوش کرنا۔
رَوِقَ یَرْوَقُ رَوَقًا۔ اوپر کے دو لمبے دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَرْوَق)، مونث رَوْقَاء ج رُوْق۔
رَوَّقَ۔ الشرابَ: صاف کرنا۔ رَوَّقَ بِضَاعَتَہ: سامان بیچ کر عمدہ سامان خریدنا (رَوَّقَ و اَرْوَقَ اِرْوَاقًا) اللیلُ: تاریکی پھیلانا۔
رُوِّقَ۔ البیتُ: سائبان بنایا جانا۔
رَاوَقَہ مُرَاوَقَۃً۔ کسی کے برآمدہ کے مقابل برآمدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "ہو مُرَاوِقِی" اس کا برآمدہ میرے برآمدہ کے مقابل ہے۔
اَرَاقَ اِرَاقَۃً۔ الماءَ: بہانا ـــ دمَہ: خون گرانا کنایہ ہے قتل کرنے سے۔
الرَّائِق۔ صاف۔ ج رَوْق و رُوْقَۃ
الرَّوْق۔ مع۔ سینگ ـــ من البیتِ: سائبان برآمدہ ـــ من الشبابِ: جوانی کی رونق و ابتدار ـــ من الخیلِ: خوبصورت گھوڑا ـــ من اللیلِ: رات کا ایک حصہ من الماءِ ونحوہ: صاف۔ رَوْقُ الفرسِ: نیزہ جو گھوڑے کے کانوں کے درمیان میں کھڑا ہوا ہو۔ اس صورت میں گھوڑے کو اَرْوَق کہتے ہیں۔ الرَّوْق: خالص محبت۔ چیز کی زیادتی بارش۔ عمر۔ پردہ۔ بڑا خیمہ۔ جماعت کہا جاتا ہے "داہیۃٌ ذاتُ رَوْقَین" یعنی بڑی مصیبت۔ "رمی بِاَرْوَاقِہ علی الدابۃِ" یعنی وہ سوار ہوا۔ "والقی بِاَرْوَاقِہ عن الدابۃ" یعنی وہ دابہ سے اتر پڑا۔ والقی اَرْوَاقَہ" یعنی وہ تیز دوڑا۔ نیز بمعنی اطمینان کے ساتھ اقامت کی۔ "ضَرَبَ رَوْقَہ بمنزل کذا" وہ فلاں منزل پر اترا اور اس نے خیمہ لگایا۔ "والقی علیک اَرْوَاقَہ و شراشرہ" اس موقع پر بولتے ہیں جب یہ کہنا ہو کہ تم فلاں سے بہت زیادہ محبت کرتے ہو۔ "والقت السحابۃُ اَرْوَاقَہا" بادل نے اپنا دہانہ کھول دیا۔
الرُّوَاق والرِّوَاق۔ برآمدہ۔ سائبان چھت سے لے کر نیچے تک کا پردہ۔ ج اَرْوِقَۃ و رِوَاقَات و رُوْق۔ رِوَاقُ العینِ: ابرو۔ رِوَاقُ اللیلِ: رات کا ابتدائی حصہ۔
الرَّاوُوْق۔ چھننا۔ برتن جس میں شراب صاف کی جائے۔ پیالہ۔
رَیِّقُ۔ الشبابِ: جوانی کی رونق و ابتدار اور کہا جاتا ہے "کنت فی رَیِّقِ زمانی" میں اپنے زمانہ کی ابتدا میں تھا۔ ـــ و رَیِّقُ کل شیء: ہر چیز کا افضل حصہ۔
الرَّوَق۔ اوپر کے دو دانتوں کا لمبا ہونا۔ (اور یہ عیب ہے)
الرُّوْقَۃ۔ بہترین حسن و جمال۔
الرُّوْقَۃ۔ رائق کی جمع۔ بہتر لوگ۔ کہا جاتا ہے "غلمانٌ رُوْقَۃ" خوبصورت لڑکے۔ اور یہی مذکر مونث واحد جمع کے لیے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ غلام رُوْقَۃ۔ جاریۃ رُوْقَۃ" و جوارٍ رُوْقَۃ"۔
الاَرْوَق۔ سینگ والا۔ اوپر کے دو بڑھے ہوئے دانتوں والا
المُرَوَّق۔ صاف کیا ہوا۔ نتھارا ہوا۔ بیتٌ مُرَوَّق۔ سامنے پردہ لٹکا ہوا مکان۔
الرُّوْکَۃ والرَّوْکَاء۔ نرالی آواز۔
رَوَّلَ۔ الفرسُ: گھوڑے کی رال بہنا۔ رَوَّلَ الخبزَ: گھی سے روٹی کو اچھی طرح تر کرنا
الرُّوَال۔ گھوڑے کی رال۔ ج رَوَاوِیل
المُرَوِّل۔ بہت رال والا۔
رَامَ (ن)، رَوْمًا و مَرَامًا۔ الشیءَ: ارادہ کرنا۔ صفت (رائم)۔ ج رُوَّم و رُوَّام۔
رَوَّمَ۔ ٹھہرنا ـــ فلانًا و بہ: خواہش دلانا ـــ رایہ: ایک چیز کے بعد ایک چیز کا ارادہ کرنا۔
تَرَوَّمَ۔ بہ۔ ٹھٹھا کرنا۔
الرَّام۔ ایک درخت کا نام۔
الرَّامَۃ۔ جوہڑ۔ ایک دیہاتی موضع کا نام۔ اشعار میں اکثر اس کا استعمال تثنیہ سے ہوتا ہے۔
الرُّوْم والرُّوْم۔ کان کی لو۔
الرُّوْم والاَرْوَام۔ بحر متوسط کے شمال کے رہنے والے لوگ۔ واحد (رُوْمِی) نصرانیوں کا ایک گروہ۔ بحر الروم: بحر متوسط جس کو بحر ابیض بھی کہتے ہیں۔
رُوْمَۃ و رُوْمِیَۃ۔ قدیم اور مشہور شہر کا نام جو اٹلی کا دار السلطنت ہے۔ نسبت کے لیے رُوْمَانی۔
الرُّوْمِی۔ خالی کشتی کا بادبان۔
الرُّوْمَۃ۔ سریش جس سے تیر کا پر جوڑا جاتا ہے۔
المَرَام۔ مقصد۔ مطلب۔ ج مَرَامَات۔
رَانَ یَرُوْنُ رَوْنًا۔ الامرُ: سخت ہونا۔ رَانَتِ اللیلۃُ: سخت خوفناک ہونا۔
الرَّوْن۔ سختی۔ ج رُوُوْن۔
رُوْنَۃ۔ الشیءِ: چیز کا بڑا حصہ۔ چیز کی سختی۔ کہا جاتا ہے "کشف اللہ عنک رُوْنَۃَ ہٰذا الامرِ" اللہ تعالیٰ تم سے اس معاملہ کی سختی کو دور کریں۔
الاَرْوَنَان۔ سخت۔ دشوار۔ (الاَرْوَنَان و الاَرْوَنَانِیّ) ہر چیز کی سختی (مثلاً سردی گرمی۔ خوشی غمی شور وغیرہ کی) مونث اَرْوَنَانَۃ و اَرْوَنَانِیّۃ۔
مَرُوْنٌ۔ بہ: مغلوب۔
رَاہَ (ن)، رَوْہًا و رُوَاہًا۔ الماءُ: پانی کا

سطح زمین پر لہر مارنا۔

رَوَی (ض) رِوَایَۃً۔ الحدیثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا۔ صفت راوٍ۔ ج رُوَاۃ و رَاوُوْنَ ـــ الحبلَ: رسّی بٹنا ـــ الرحلَ: اونٹ پر رسی سے کجاوہ باندھنا ـــ القومَ: قوم کے لیے پانی لانا۔

رَوِیَ (س) رِیًّا و رَیًّا و رِوًی من الماءِ: سیراب ہونا۔ صفت (رَیّان) مونث رَیّا۔ ج رِوَاء ـــ الشجرُ: سرسبز ہونا۔

رَوَّی تَرْوِیَۃً۔ سفر میں پانی ساتھ لیجانا ـــ ہ الشعرَ: شعر کی روایت کرنے پر آمادہ کرنا ـــ النباتَ: نباتات کو پانی دینا رَوّی فی الامر: غور و فکر کرنا

تَرَوَّی تَرَوِّیًا۔ سیراب ہونا۔ غور و فکر کرنا ـــ الحدیثَ: نقل کرنا۔ بیان کرنا ـــ القومُ: سفر میں پانی ساتھ لیجانا۔ تَرَوَّتْ مَفَاصِلُہٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

اِرْتَوَی اِرْتِوَاءً۔ من الماءِ: سیراب ہونا ـــ الحبلُ: رسّی کا بٹ جانا ـــ مفاصلُہٗ: جوڑوں کا معتدل و مضبوط ہونا۔

الرِّیّ۔ سیرابی۔ ایک درخت کا نام۔ خوشحالی و دنیاوی نعمت۔

الرِّوَی۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرَّوّ۔ سرسبزی (اس کی اصل رَوْیٌ ہے یا کو واو سے بدل دیا گیا ہے)

الرَّیّا۔ عمدہ خوشبو۔

عین (رَیَّۃ) بہت پانی والا چشمہ۔ اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَیْنَ رَیَّتُکُم" کہاں سے تم پانی لاتے ہو

الرِّیَّۃ۔ رَوِی کا اسم نوع۔ بھیڑ۔ ا ریۃ البحر: سمندر کے حیوانات میں سے ایک قسم ہے۔

الرَّوِیّ۔ من الشرب: پوری سیرابی۔ کہا جاتا ہے "شَرِبْتُ شُرْبًا رَوِیًّا" میں نے خوب سیراب ہو کر پیا۔ ماء رَوِیّ: بہت اور سیراب کرنے والا پانی اسی طرح ایسا ہی کہا جاتا ہے "کاسٌ رَوِیَّۃٌ" الرَّوِیّ: سخت بارش والا بادل۔ تندرست و صحیح العقل۔ پلانے والا۔ قافیہ کا حرف۔

الرَّوِیَّۃ۔ الرَّوِیّ کا مونث۔ امور میں غور و فکر۔ حاجت۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔

الرَّیّان۔ سیراب۔ سرسبز ٹہنی وغیرہ مونث رَیّا۔ ج رِوَاء۔ وجہ رَیّان: پُر گوشت چہرہ۔ اور کہا جاتا ہے "فلانٌ رَیّانٌ من العلم وہم رِوَاءٌ منہ" فلاں یا وہ لوگ بہت علم والے ہیں۔

الرِّوَاء۔ ج اَرْوِیَۃ (المِرْوَی) ج مَرَاوٍ و مَرَاوَی: جانور پر بوجھ باندھنے کی رسّی۔

الرَّوَاء۔ خوشگوار پانی۔ سیراب کرنے والا بہت پانی۔

الرُّوَاء۔ خوشنمائی۔ چہرہ کی رونق۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ لہٗ رُوَاءٌ۔ مرد کہ اس کے چہرہ پر رونق ہے۔

الرَّاوِیَۃ۔ حدیث یا اشعار کو نقل کرنے والا تا مبالغہ کے لیے ہے ـــ ج رَوَایَا: جانور جس پر پانی لاد کر لایا جائے۔ پانی کی پکھال

الاُرْوِیَّۃ و الاِرْوِیَّۃ۔ پہاڑی بکری۔ مذکر و مونث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ج اَرَاوِی و اَرَاوٍ و اَرْوَی۔

یَوْمُ (التَّرْوِیَۃ) ماہ ذی الحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس وجہ سے کہ اس تاریخ میں عرفات میں جانے کے لیے اونٹوں کو پانی پلایا کرتے تھے۔ یا یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس تاریخ میں اپنے خواب کے معاملہ میں غور و فکر کیا تھا۔

رَابَہٗ یَرِیْبُہٗ رَیْبًا۔ شک یا تہمت میں ڈالنا۔ کسی سے کوئی ناپسند بات دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یَرِیْبُہٗ احدٌ بشیءٍ" فلاں کو کوئی کسی چیز سے قلق میں نہیں ڈال سکتا۔

اَرَابَہٗ اِرَابَۃً۔ شک میں ڈالنا۔ تہمت لگانا۔ بیقرار کرنا ـــ الرجلُ اَوِ الامرُ: ذو شک ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَابَنِیْ اَمْرُہٗ" یعنی اس نے اس کے ساتھ بدگمانی کی اور تہمت کا یقین نہیں کیا۔

تَرَیَّبَ تَرَیُّبًا۔ منہ: خوف کرنا۔ ڈرنا ـــ بہ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

اِرْتَابَ اِرْتِیَابًا۔ من الشیءِ: شک کرنا۔ بفلانٍ: تہمت لگانا۔

اِسْتَرَابَ اِسْتِرَابَۃً۔ شک میں پڑنا ـــ بہ: کسی سے کوئی شک کی چیز دیکھنا۔

الرَّیْبُ۔ تہمت۔ شک۔ حاجت۔ رَیْبُ المَنُوْن: گردش زمانہ

الرِّیْبَۃ۔ شک و تہمت۔ بے قراری۔ بے کلی۔ ج رِیَب۔

امرٌ (رَیَّاب) ڈرانے والا معاملہ۔

رَاثَ یَرِیْثُ رَیْثًا و تَرْیَاثًا۔ تاخیر کرنا۔ دیر کرنا۔

رَیَّثَ۔ تھکنا۔ کہا جاتا ہے "رَیَّثَ عمّا کان علیہ" یعنی جس معاملہ میں وہ تھا اس میں کوتاہی کی ـــ الشیءَ: نرم کرنا۔

اَرَاثَہٗ اِرَاثَۃً۔ دیر کرانا۔

اِسْتَرَاثَہٗ اِسْتِرَاثَۃً۔ دیر کرنے والا پانا۔ دیر کرنے والا سمجھنا۔

الرَّیْثُ۔ مقدار مہلت۔ کہا جاتا ہے۔ "وَقَفَ (رَیْثَمَا) صَلَّیْنَا" جب تک ہم نے نماز پڑھی وہ ٹھہرا رہا۔ "وما قَعَدْتُ عندہٗ اِلّا رَیْثَ اَعْقِدُ شِسْعِیْ" میں اس کے پاس تسمہ باندھنے کی مقدار بیٹھا۔ یہاں لفظ ریث بغیر ملکے اور فعل مضارع بغیر ان کے مستعمل ہے جیسے کہ یرید یفعل بجائے یرید ان یفعل کے ہیں۔

الرَّیِّثُ۔ سست۔ دیر کرنے والا۔

رَجُلٌ (مُرَیَّثُ) العینین: کمزور نظر والا۔

رَاخَ یَرِیْخُ رَیْخًا و رَیَخَانًا و رُیُوْخًا۔ ذلیل ہونا۔ ڈھیلا ہونا

رَیَّخَہٗ۔ کمزور کرنا۔

المَرِیْخ۔ سینگ کے اندر کی نرم چھوٹی ہڈی۔ ج اَمْرِخَۃ

الرَّیْدُ۔ پہاڑ کا باہر کو نکلا ہوا کنارہ ج رُیُوْد

رَیَعَ (رَیْعًا و رَاعَةً و رَیْعَانَةً) نرم ہوا۔
رِیْثَ۔ القومُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔
رَیَّثَ۔ القومُ: موٹا یا غالب ہونا۔ رَیَّثَتِ البلادُ: ارزانی و فراخ سالی والے ہونا۔ رُیِّثَ القومُ: ارزانی و فراخ سالی میں پہنچنا۔
الرَّیْرُ۔ رال جو بچہ کے منہ سے نکلے (الرِّیرُ والرَّیرُ والرَّارُ) ہڈی کا مغز جو لاغری کی وجہ سے پگھل چکا ہو۔
الرَّائِرَۃُ۔ دبلی کی ہڈی کا مغز۔
رَاسَ یَرِیْسُ رَیْسًا و رَیَسَانًا۔ متکبرانہ چال چلنا۔ ــ الشیءَ: کسی چیز کی پوری حفاظت کرنا۔ ــ القومَ: برتر ہونا غالب ہونا۔
الرَّئِیْسُ۔ سردار قوم۔
رَاشَ یَرِیْشُ رَیْشًا۔ مال و متاع جمع کرنا۔ ــ ہ: کھلانا۔ پہنانا۔ مدد کرنا۔ غنی بنانا ــ ہ مالًا: دینا ــ من حالہ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یَرِیْشُ ولا یَبْرِیْ" فلاں نہ نقصان پہنچاتا ہے نہ فائدہ۔ "ولا تَرِشْ علیَّ" میری گفتگو میں دخل مت دو۔ (ــ و) رَاشَ رَیَّشَ السہمَ: پر لگانا۔ رَیَّشَ السقمُ فلانًا: کمزور کرنا۔
اِرْتَاشَ۔ السہمَ: تیر میں پر لگانا ــ (و تَرَیَّشَ) خوشحال ہونا۔
الرِّیْشُ۔ پرندے کے پر۔ واحد (رِیْشَۃٌ) ج رِیَاشٌ و اَرْیَاشٌ۔ الرِّیشُ: لباس فاخرہ۔ متاع خانہ۔ مال۔ سرسبزی۔ معاش۔
الرَّاشُ۔ پرندے کے پر۔ ج اَرْیَاش جَمَلٌ رَاشٌ: کمزور اونٹ۔ رَجُلٌ رَاشٌ: مالدار مرد۔ رُمْحٌ رَاشٌ: کمزور نیزہ۔ طَیْرٌ رَاشٌ: پرند جس کے پر نکل آئے ہوں۔ مونث رَاشَۃٌ۔
کلأٌ (رَیِّشٌ و رَیْشٌ) بہت پتیوں والی گھاس۔
الرَّیِّشُ۔ کان یا چہرہ پر بکثرت بال۔
الرَّیَّاشُ۔ من النوق: کانوں پر بکثرت بال والی اونٹنی۔
الرِّیَاشُ۔ عمدہ لباس و سامان۔ سرسبزی معاش۔ مال۔

الرَّیَّاشُ۔ تیروں پر پر لگانے والا۔
الرَّائِشُ۔ فا۔ رشوت لینے والے اور رشوت دینے والے کا بچولیا۔ پردار تیر۔
الأرْیَشُ۔ کانوں یا چہرہ پر بہت بال والا۔ مونث رَیْشَاءُ۔ ج رِیْشٌ رَجُلٌ أرْیَشُ: مال و لباس والا مرد۔
المَرِیْشُ والمُرَیَّشُ۔ من السہام: پر لگایا ہوا تیر۔ والبُرْدُ المُرَیَّشُ: پروں کے نقش والی چادر۔ المُرَیَّشُ۔ بہت بالوں والا۔ کم گوشت والا۔ کمزور پیٹھ والا۔
المُرَیَّشُ من الرجال: سر میں شاہی اعزاز کا پر لگانے والا۔
الرَّیْطَۃُ۔ ایک پاٹ کی چادر۔ ہر کپڑا جو چادر کی مانند ہو۔ کفن۔ رِیْطٌ و رِیَاطٌ۔
الرَّائِطَۃُ۔ ایک پاٹ کی چادر۔
رَاعَ یَرِیْعُ رَیْعًا و رُیُوْعًا و رِیَاعًا و رَیَعَانًا۔ الشیءُ: نشوونما پانا۔ زائد ہونا۔ ــ الزرعُ: کھیتی کا بڑھنا (ــ رَیْعًا) السرابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ــ عنہ: ڈرنا ــ عنہ والیہ: واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "ہَرَبَتِ الابلُ فصاح بِہا الراعی فَرَاعَتْ الیہ" اونٹ بھاگ پڑے اور چرواہے نے آواز دی تو سب اس کے پاس واپس آ گئے۔ "فلانٌ لا یَرِیْعُ لِکلامِک" فلاں تیری بات نہیں مانتا۔
رَیَّعَ۔ القومُ: جمع ہونا ــ الطعامُ: بڑھنا اور زیادہ ہونا ــ الطعامَ: بڑھانا اور زیادہ کرنا۔
أرَاعَ اِرَاعَۃً۔ الزرعُ: کھیتی کا بڑھنا ــ اللہُ الزرعَ: کھیتی کو بڑھانا ــ القومُ: بڑھی ہوئی کھیتی والے ہونا ــ الابلُ: اونٹوں کا بہت بچوں والے ہونا۔
تَرَیَّعَ۔ ٹھہرنا بے قرار ہونا۔ حیران ہونا۔ ــ الماءُ: بہنا۔ السرابُ: سراب کا کبھی ظاہر ہونا کبھی ناپید ہونا ــ القومُ: اکٹھا ہونا۔

ــ یَدَاہُ بالجود: فیاضی کرنا۔
اِسْتَرَاعَ اِسْتِرَاعَۃً۔ حیران ہونا ــ یَدَاہُ بالجود: فیاضی کرنا۔
الرَّیْعُ۔ مص۔ سراب کی اضطرابی کیفیت۔ خوف ــ من کل شیءٍ: ہر چیز کا اعلیٰ و افضل۔ ــ من الضحیٰ: چاشت کے وقت کی روشنی و چمک ــ من الدرع: دامن و آستین کی زیادتی۔ الرَّیْعُ: ہر چیز کی زیادتی۔ اور کہا جاتا ہے "لیس لہ ریع" اس کے لیے پیداوار نہیں۔
الرِّیْعُ۔ بلند ٹیلہ۔ بلند جگہ۔ پہاڑ کا کشادہ راستہ۔ وادی کی بلندی سے پانی بہنے کی جگہ عیسائیوں کا گرجا۔ کبوتروں کا برج۔ ج رِیَاعٌ و رُیُوْعٌ و اَرْیَاعٌ۔
الرِّیْعَۃُ۔ بلند زمین۔ اکٹھی جماعت۔
الرَّیْعَانُ۔ من کل شیءٍ: ہر چیز کا اول و افضل
اَرْضٌ (مَرِیْعَۃٌ) سرسبزی والی زمین۔
مطرٌ (مَرِیْعٌ) سرسبزی لانے والی بارش
نَاقَۃٌ (رَیِّعَانَۃٌ و مِرْیَاعٌ) جلدی اور بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
رَاغَ یَرِیْغُ رَیْغًا۔ بھاگنا۔
رَیَّغَ تَرْیِیْغًا۔ الثریدَۃَ: گھی میں تر کرنا۔
تَرَیَّغَتِ۔ الثریدۃُ: گھی میں تر ہونا۔
الرَّیْغُ۔ گرد و غبار۔ مٹی۔
المُرَیَّغُ۔ خاک آلود۔
رَافَ یَرِیْفُ رَیْفًا و اَرْیَفَ اِرْیَافًا و تَرَیَّفَ۔ سبزہ زار میں آنا۔ رافتِ الماشیۃُ: سبزہ چرنا۔
رَایَفَ مُرَایَفَۃً۔ للنِقْمَۃِ: تہمت کے قریب ہونا
اَرَافَ اِرَافَۃً و اَرْیَفَ اِرْیَافًا۔ المکانُ: سبزہ زار ہونا۔
الرَّافُ۔ شراب۔
الرِّیْفُ۔ سبزہ زار۔ پانی کے قریب کی زمین ج اَرْیَافٌ و رُیُوْفٌ۔ الرِّیفُ: کھانے پینے میں وسعت۔ مکان (رَیِّفٌ) سرسبز جگہ۔ مونث رَیِّفَۃٌ۔

رَاقَ یَرِیْقُ رَیْقًا۔ الماءُ علی وجہ الارض: سطحِ زمین پر پانی کا بہنا۔ ـــ الشئ: چمکنا۔ ـــ السرابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔ (ـــ رَیْقًا و رُیُوْقًا) بنفسہ: جان دینا۔

رَیَّقَہٗ۔ الشراب: نہار منہ پلانا۔

اَرَاقَ اِرَاقَۃً۔ الماءَ: گرانا۔

تَرَیَّقَ۔ السرابُ: سراب کا چمکنا اور نمایاں ہونا۔

الرَّیْقُ۔ مص۔ باطل۔ پانی۔ خُبْزٌ رَیْقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی (ـــ والرَّیِّقُ والرَّیُوْقُ) من کل شئ: ہر چیز کا اول و افضل۔

الرِّیْقُ۔ ج اَرْیَاق و رِیَاق و الرِّیْقَۃُ: تھوک کہا جاتا ہے "اتی علی الریق" میں نہار منہ آیا "شربت علی الرِّیق و علی رِیقِ النفس اور رِیقَۃِ النفس" میں نے نہار منہ پیا۔ الرِّیق: قوت بقیہ جان۔

الرَّائِقُ۔ ق۔ خالص۔ نہار منہ والا۔ مفلس۔ خُبْزٌ رَائِقٌ: بغیر سالن کے خشک روٹی۔ الماءُ الرَّائِقُ: وہ پانی جو نہار منہ پیا جائے۔

الرَّیِّقُ۔ نہار منہ والا۔

رَالَ یَرِیْلُ رَیْلًا۔ الصبیُّ: بچے کے منہ سے لعاب بہنا۔ رال بہنا۔

الرِّیَالُ۔ رال۔ منہ کا لعاب۔ چاندی کا ایک بڑا سکہ (اس معنی کے لحاظ سے دخیل ہے)

رَامَ یَرِیْمُ رَیْمًا۔ حمل البعیر: بوجھ کا جھک پڑنا۔ ـــ المکانَ ومنہ: دور ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ ـــ بالمکان: اقامت کرنا۔ ـــ عنہ: ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مارام یفعل کذا" وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔ اور یہ کان جیسا عمل کرتا ہے جیسے "اذا رُمْتَ ممن لا یریم مُتَیَّمًا" بمعنی لا یزال متیما۔ (ـــ رَیْمًا و رَیَمَانًا) الجرحُ: زخم کا انگور بندھنا۔

رِیْمَ۔ بہ: چھوڑ دیا جانا۔

رَیَّمَ تَرْیِیْمًا۔ بالمکان: اقامت کرنا۔ ـــ علی کذا: بڑھنا۔ ـــ السحابۃُ: بادل کا ہمیشہ گھرا رہنا۔

الرَّیْمُ۔ مص۔ زیادتی۔ تم کہتے ہو۔ "فی ہذا العِدْل رَیْمٌ علی الآخر" اس گٹھری میں دوسری سے زیادتی ہے۔ چھوٹی پہاڑی۔ قبر۔ قبر کا درمیان۔ تاریکی پھیلنے تک دن کا آخری حصہ۔ وقت کا لمبا عرصہ۔ سیڑھی۔ ذبح شدہ جانور کی ہڈی جو تقسیم کے بعد بچ جائے اور قصائی کو دیدی جائے۔ (ـــ والرِّیمُ) خالص سفید ذمی۔

رَانَ یَرِیْنُ رَیْنًا و رُیُوْنًا۔ الشئُ فلانًا وعلیہ وبہ: غالب ہونا۔ تم کہتے ہو۔ "ران ہواہ علی قلبہ" اس کی خواہشات اس کے دل پر غالب آگئیں۔ رَانَتْ نفسُہٗ: جی متلانا۔ رَانَ الموتُ علیہ وبہ: موت کا آجانا۔

رِیْنَ۔ بہ: لا ینحل مشکل میں پڑنا۔ مرنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔

اَرَانَ اِرَانَۃً۔ القومُ: ہلاک شدہ مویشی والی ہونا۔ صفت (مُرِیْنُوْنَ)

الرَّانُ۔ موزہ کی طرح جوتا

الرَّیْنُ۔ میل کچیل۔

الرَّیْنَۃُ۔ شراب۔ ج رَیْنَات۔

رجل (مَرِیْنٌ) علیہ: شخص جس کے مال مویشی ہلاک

رَاہَ یَرِیْہُ رَیْہًا۔ الرجلُ: آنا جانا۔ آمد و رفت کرنا۔

رَیَّہٗ تَرْیِیْہًا۔ آمد و رفت کرانا۔

تَرَیَّہَ۔ السرابُ: سراب کا کبھی نمایاں کبھی ناپید ہونا۔

اَرْیٰی اِرْیَاءً۔ الرایۃَ: جھنڈا گاڑنا۔ جھنڈا نصب کرنا۔

رَیَّی۔ الرایۃَ: جھنڈا بنانا

الرَّایَۃُ۔ علامت جو پہچان کے لیے لگائی جائے۔ جھنڈا۔ اور اس کی کنیت "ام الحرب" ہے۔ اور یہ لوئے بڑا ہوتا ہے۔ ج رایات و رایٌ۔

الرَّیُّ۔ مملکت ایران میں ایک شہر کا نام۔ نسبت کے لیے (الرازی)

الرِّیُّ۔ خوش منظر کہا جاتا ہے "لفلان رِیٌّ حسن" فلاں خوش منظر ہے۔ عین (رَیَّۃ) بہت پانی

ز

(ز)

زَأَبَ (ن) زَأْبًا۔ ڈگڈگا کے پینا ۔۔۔ الدہرُ بہ: زمانہ کا اُلٹنا ۔۔۔ الماشیۃ: مویشی ہانکنا ۔۔۔ بحملہ: بوجھ کھینچنا (س ع و) ازْدَأَبَ اِزْدِئَابًا، القربۃ: مشک اُٹھا کر تیز دوڑنا۔

زَأْبَرَ۔ الثوبُ: کپڑے کا رُواں والا ہونا ۔۔۔ الثوبَ: کپڑے کے رُواں نکالنا۔

الزِّئْبِرُ والزُّؤْبُرُ والزُّوْبَرُ۔ کپڑے کا رُواں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتِ الایامُ بِنَضَارَتِهِ وَنَفَضَتْ زِئْبِرَهُ" زمانہ اس کی رونق کو لے گیا اور اس کے رُوئیں کو جھاڑ دیا یعنی اس کا زمانہ پرانا ہوگیا۔

زَأْبَقَ۔ الشیءَ: پارہ کی قلعی کرنا۔

الزِّئْبَقُ والزِّئْبِقُ۔ پارہ

زَأَجَ (ن) زَأْجًا بینہم۔ بھڑکانا۔ ایک کو دوسرے پر مسلط کرنا۔

زَأَدَهُ (ن) زَأْدًا و زَأَدًا و زُؤُدًا و زُؤُودًا۔ گھبرا دینا۔

الزُّؤْدُ والزُّؤُدُ۔ گھبراہٹ۔

لَیْلَۃٌ مَزْؤُودَۃٌ خوف و گھبراہٹ کی رات

زَأَرَ (ن ض) و زَئِرَ (س) زَئِیرًا و زَأْرًا و تَزْآرًا و زُؤَارًا و اِزْدَأَرَ اِزْدِئَارًا و تَزَأَّرَ۔ الاسدُ: شیر کا چنگھاڑنا۔ صفت (زَئِرٌ و زَائِرٌ و مِزْأَرٌ) ۔۔۔ الفحلُ: آواز کو گڑگڑانا۔

الزَّأْرَۃُ۔ زَأَرَ کا اسم مرۃ۔ جنگل۔ جھاڑی۔ باغ ۔۔۔ من الابل والغنم: اونٹوں بکریوں کا گنجان ریوڑ

زَأْزَأَ۔ سر اور دُم اُٹھا کر تیز چلنا ۔۔۔ ہ: خوف دلانا ۔۔۔ الشیءَ: ہلانا، حرکت دینا۔

تَزَأْزَأَ۔ ڈر کر چھپنا۔ اپنے دونوں پہلوؤں کو ہلاتے ہوئے چلنا ۔۔۔ منہ: ڈر کر خاکساری کرنا ۔۔۔ الشیءُ: ہلنا۔

زَأَطَ (ف) زَأْطًا۔ بہت شور مچانا۔

زَأَفَہُ (ن) زَأْفًا۔ جلدی کرانا۔

اَزْأَفَ اِزْآفًا۔ علیہ: دوسرے کو مار ڈالنا ۔ اَزْأَفَ بِعَنْہُ: بوجھل کرنا کہ چل نہ سکے۔

الزُّؤَافُ۔ جلدی کرانا۔ موت زُؤَافٌ: جلدی کی موت۔

زَأَكَ (ن) زَأْكَانًا۔ ناز سے چلنا۔

تَزَاءَكَ تَزَاؤُكًا۔ منہ: شرم کرنا۔

زَأَمَ (ن) زَأْمًا و زُؤَامًا۔ جلدی مرنا خوب ڈٹ کے کھانا ۔۔۔ ہ: گھبرا دینا ۔۔۔ ہ البردُ: کپکپا دینا ۔۔۔ لی کلمۃً: ایسی بات کہنا جس کا حق یا باطل ہونا معلوم نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "مَا زَأَمَ بِحَرْفٍ" یعنی اس نے کچھ نہیں کہا۔

زُئِمَ زَأْمًا و زَئِمَ (س) زَأَمًا و زُؤَامًا۔ بہت گھبرانا زَئِمَ بفلانٍ: چلانا اور ڈرانا۔

زَأَّمَہُ تَزْئِیمًا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔

اَزْأَمَہُ۔ علی الامر: کسی کام پر مجبور کرنا ۔۔۔ الجرحَ: زخم کا اچھے ہونے تک علاج کرنا

الموتُ الزُّؤَامُ: مکروہ موت۔ جلدی کی موت۔

الزَّأْمُ۔ آنکھ۔ حسب۔ کہا جاتا ہے "طَعَنُوا فِی زَأْمِہِ" لوگوں نے اس کے حسب کے متعلق طعن و تشنیع کی۔

الزَّئِمُ۔ بہت خوف زدہ۔

الزَّأْمَۃُ۔ حاجت۔ بہت کھانا پینا۔ ہوا۔ سخت آواز۔ کلمۃ۔ کہا جاتا ہے "مَا یَعْصِیہِ زَأْمَۃً" وہ اس کے ایک کلمہ کی بھی مخالفت نہیں کرتا۔ الزَّأْمَۃُ مِنَ الطَّعَامِ: کھانے کا ذخیرہ جو کافی ہو

الزُّؤَانُ۔ ایک قسم کا دانہ جو عموماً گیہوں کے کھیت میں اُگتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔ واحد زُؤَانَۃٌ

زَأَى (ف) زَأْیًا۔ تکبر کرنا۔

اَزْأَى۔ فلانًا بطنُہُ: پیٹ بھر جانے کی وجہ سے حرکت پر قادر نہ ہونا۔

زَبَّ (ض) زَبًّا۔ چہرے اور کانوں پر بہت بال ہونا ۔۔۔ الشمسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔

زَبَّ (ن) زَبًّا۔ القربۃَ: مشک بھرنا ۔۔۔ الحِملَ: بوجھ اُٹھانا۔

زَبَّبَتِ۔ الشمسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ۔۔۔ العنبَ: انگور خشک کرنا ۔۔۔ الرجلُ: زیادہ بولنے سے جھاگ آنا۔ کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فُلَانٌ حَتَّی زَبَّبَ فَمُہُ" فلاں نے گفتگو کی یہاں تک کہ اس کے منہ سے جھاگ آ گیا۔

اَزَبَّ اِزْبَابًا۔ العنبُ: انگور خشک کرنا ۔۔۔ الشمسُ: ڈوبنے کے قریب ہونا۔

تَزَبَّبَ۔ العنبُ: انگور خشک ہونا ۔۔۔ الرجلُ: غصہ سے بھر جانا ۔۔۔ فی الکلامِ: زیادہ بولنے سے جھاگ نکلنا

اِزْدَبَّتْ اِزْدِبَابًا۔ القربۃُ: مشک کا بھر جانا۔

الزَّبَبُ۔ مص۔ بالوں کی زیادتی و لمبائی۔

الزَّبَابَۃُ۔ ایک قسم کا بڑا چوہا جو بہرا ہوتا ہے اور چوری میں اس کی مثال دیا کرتے ہیں اور کہتے ہیں "اَسْرَقُ مِنْ زَبَابَۃٍ"

الزَّبِیبُ۔ خشک انگور یا انجیر۔ بیچنے والے کو زَبَّابٌ کہتے ہیں۔ سانپ کے منہ کا زہر۔

الزَّبِیبَۃُ۔ زبیب کا واحد۔ ایک قسم کا زخم جو ہاتھ میں ہوتا ہے۔ منہ کے جھاگ۔ الزَّبِیبَتَانِ: سانپ یا کتے کی آنکھ کے اوپر کے دو سیاہ نقطے۔

اور اسی وجہ سے سانپ کو "ذات الزبیبتین" کہتے ہیں۔

الازبّ۔ چہرے اور کانوں پر بہت بال والا۔ مونث زبّاء۔ عامٌ ازبّ: سرسبز اور زیادہ پیداوار والا سال۔ امثال عرب میں ہے "کلُّ ازبَّ نفورٌ" یعنی چہرے پر بالوں والا اونٹ بدکنے والا ہوتا ہے۔ اس وجہ سے کہ بالوں کی زیادتی کے سبب سے اپنی دیکھی ہوئی چیز کو کچھ اور خیال کرتا ہے اور بدکتا ہے۔

داھیۃٌ زبّاء: بڑی مصیبت۔

الزبیبی۔ کشمش بیچنے والا۔ بھگوئے ہوئے خشک انگور۔ خشک انگور کی شراب۔

المزبّ والمزبّب۔ فا۔ بہت مال والا۔

الزبنبل۔ پستہ قد۔

زبَدَ (ن) زبدًا۔ مکھن کھلانا ــــ السقاءَ مشک میں مکھن نکلنے کے لیے بلونا۔

زبَدَ (ض) زبدًا۔ السویقَ: ستو میں مکھن ملانا ــــ لہ: مکھن دینا۔

زبّدَ۔ اللبنُ: دودھ کے اوپر مکھن آنا ــــ شدقہ: جبڑے سے جھاگ نکلنا ــــ القطنَ: روئی دھننا۔

ازبدَ۔ البحرُ او القدرُ او الفمُ: سمندر یا ہانڈی یا منہ سے جھاگ نکلنا۔ کہا جاتا ہے "ازبدَ الرجلُ وارعدَ" یعنی اس کا غیظ و غضب جوش میں آگیا اور اس نے دھمکی دی ــــ الشیءُ: بہت سفید ہونا ــــ السدرُ ونحوہ: شگوفہ نکلنا۔

تزبّدَ۔ اشدقُ: جبڑے سے جھاگ نکلنا ــــ الرجلُ: غضبناک ہونا اور دھمکی دینا ــــ الزبدۃَ: مکھن لینا ــــ الشیءَ: خلاصہ لینا۔ خلاصہ نکالنا۔ نکلنا ــــ الیمینَ: قسم کھانے میں جلدی کرنا۔

الزُبدۃ والزُبد۔ مکھن۔ ج زُبَد وزُبدۃ الشیءِ: چیز کا عمدہ وافضل حصہ۔ اور "اختلط زبدُہ بخاثرہ" ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے معاملہ میں متحیر ہو جائے۔

الزَبْد۔ داد و دہش۔

الزَبَد۔ ج ازباد و (الزبدۃ) ج زبد: جھاگ میل۔ اور اسی سے مثل ہے "صرّح المحضُ عن الزبد" خالص جھاگ سے علیحدہ ہو گیا۔ اس موقع پر بولتے ہیں جبکہ خبر مظنونہ کے بعد سچی بات معلوم ہو۔

الزبّاد۔ ایک قسم کی خوشبو جو ایک جانور سے حاصل کیا جاتا ہے اور یہ جانور بلی کی مانند اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس جانور کو بھی الزباد و سِنّور الزباد اور قِطّ الزباد کہا جاتا ہے۔

الزُبّاد۔ ایک قسم کی نباتات۔ زُبّادُ اللبن: غیر مفید چیز۔ اور اسی سے مثل ہے "اختلط الخاثر بالزُبّاد" یعنی عمدہ ردی سے مل گیا۔

الزِبْدِیّۃ۔ مٹی کا پیالہ۔ ج زبادی۔

المِزْبَد۔ مکھن نکالنے کا آلہ۔ ج مزابد۔

المُزبِد۔ فا۔ جھاگ پھینکنے والا۔ بحرٌ مزبدٌ: جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

المُزدبِد۔ مکھن والا۔

زبَرَہ (ن ض) زبرًا عن الامر: کام سے منع کرنا۔ روکنا ــــ السائلَ: جھڑکنا ــــ الرجلَ: پتھر مارنا ــــ البناءَ: عمارت کو ایک کے اوپر ایک بنانا ــــ علیہ: صبر کرنا ــــ وزبرَ و (ازدبرَ) الکتابَ: لکھنا۔

زبُرَ (ک) زبارۃً۔ بڑے جسم کا ہونا۔ صفت زبیر۔

ازبرَ۔ الرجلُ: دلیر ہونا۔ بڑے جسم کا ہونا۔

تزبّرَ: موٹا کرنا۔

ازبأرَّ ازبئرارًا۔ الکلبُ: کتے کے بال کھڑے کرنا ــــ الشعرُ: بال کھڑے ہونا ــــ الرجلُ: آمادہ شرارت ہونا ــــ النباتُ والوبرُ: نباتات یا اونٹ کے بالوں کا اگنا۔

الزَبْر۔ مص۔ عقل۔ قوی۔ مضبوط پتھر۔ تحریر۔ کلام۔

الزِبْر۔ کتاب۔ ج زُبور۔ عقل۔ کہا جاتا ہے "ما لہ زبرٌ" اس کو عقل نہیں۔

اخذہ بِزَبِرہ او بِزَأبرہ یعنی اس نے اس کو پورا لے لیا۔

الزَبِر۔ بہت قوی۔

الزُبْرۃ۔ لوہے کا بڑا ٹکڑا۔ کاندھا اور پیٹھ۔ ایال (شیر وغیرہ کی) نہالی۔ ج زُبَر و زُبْر۔

الزَبُور۔ فرشتہ۔ گروہ۔ کتاب۔ ج زُبُر۔ حضرت داؤد علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب۔

الزَبِیر۔ لکھی ہوئی چیز۔ قوی مرد۔ مصیبت۔ ظریف۔ ہوشیار مرد۔ کیچڑ۔

الازْبَر۔ بڑے کندھے والا۔ ایذا رساں۔ مونث زبراء۔ ج زُبر۔

الزُبْرۃ۔ زَبَرَ کا مصدر۔ تحریر۔ کتابت۔

المِزْبَر۔ قلم۔

المُزْبِر۔ بڑے کندھے والا۔

ارض (مزبرۃ) بہت پتھروں والی زمین۔

اسدٌ (مزبرانی) بہت ایال والا شیر۔

بئر (مزبورۃ) پتھروں سے بنایا ہوا کنواں۔

زبرجَ۔ الشیءَ: خوبصورت بنانا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

الزِبرِج۔ نقش و نگار کی زینت۔ ہر خوبصورت چیز۔ سونا۔ سرخ پتلا بادل۔ ج زبارج۔

الزَبَرجَد۔ زمرد کے مشابہ ایک قیمتی پتھر۔ ج زبارج۔

زبرقَ۔ الثوبَ: سرخ یا زرد رنگنا۔

الزِبرِقان۔ پوری رات کا چاند۔ سبک داڑھی والا مرد۔

زبزبَ۔ غضبناک ہونا۔ شکست کھانا۔

الزَبزَب۔ بلی کی مانند ایک جانور۔ ایک قسم کی کشتی۔ ج زبازب۔

زبطَ (ض) زبطًا و زبیطًا۔ البطُّ: کڑکڑانا۔

الزَباطۃ والزبّاطۃ۔ بط۔

تزبّعَ۔ بدخلق ہونا۔ غضبناک ہونا۔ جھگڑالو ہونا۔

الزَبَنّع۔ غصہ ور۔ جھگڑالو۔

الزَوبَع۔ حقیر۔ پستہ قد۔

الزَّوبَعَة - بگولہ۔ اس کو اُمّ زَوبَعَة اور ابو
زوبعة بھی کہا جاتا ہے۔ ج زَوَابِع۔ الزَّوَابِع:
مصیبتیں۔
الزَّنبَاعَة - چرمی موزے یا جوتے کی نوک
الزَّبَعبَق والزَّبَعبَاق - بدخلق۔
الزَّبَعبَك والزَّبَعبَكی - شوخ چشم وبیباک
مرد۔
زلعبہ۔ الزِّبَعرَی: بدخلق۔ سخت۔ چہرے
اور ابرو پر زیادہ بالوں والا۔ مادہ گرگچھ۔
اور بقول بعض ایک جانور ہے جو اپنے سینگوں
پر ہاتھی کو اُٹھا لیتا ہے۔
الزِّبَعری - لمبے پر والا تیر۔
زَبَقَ (ض) زَبقًا - شعرہ: بال اکھیڑنا ــــ
ہ فی السجن: قید کرنا۔ تنگی ڈالنا ــــ ہ فی الشیء:
داخل کرنا ــــ الشیءَ بالشیءِ: مخلوط کرنا۔ ملانا
ــــ القفل: تالا کھولنا ــــ المرأۃُ بولدہا:
پھینک دینا۔
اِنزَبَقَ - فی البیت: گھر میں داخل ہونا۔
ــــ فی الحبالۃ: جال میں پھنسنا۔ چھپنا
الزَّابُوقَة - من البیت: مکان کا گوشہ۔
الأَزبَق - بیوقوف جو اپنی حماقت کی وجہ
سے اپنی داڑھی کے بال نوچے۔
المَزبُوقَة والزَّبیقَة - من اللحی: نوچی ہوئی
داڑھی۔
زَبَلَ (ض) زَبلًا وزَبَّلَ - الأرضَ:
زمین میں کھاد ڈالنا۔ (ــــ وازدبل) الشیءَ:
اٹھانا۔
السَّكِنَةُ ۔سر اور گردن کے اتصال کی جگہ ج سَكِنَات ۔اور کہا جاتا ہے "تركتهم على سكناتهم" میں نے ان کو ان کی حالت سابقہ پر چھوڑ دیا
السَّكِينَةُ ۔وقار ۔اطمینان ۔ہیبت۔
السُّكَيْنُ ۔ہلکا پھلکا تیز رفتار گدھا۔
السُّكَيْنَةُ ۔گدھی۔
السُّكُونُ ۔عدم حرکت ۔آرام ۔جزم۔
السُّكَّانُ ۔من السفینۃ : پتوار ج سُكَّانَات
السِّكِّينُ ۔چھری ۔ج سَكَاكِين سو (السَّكَّان) چھری بنانے والا۔
السِّكِّينَةُ ۔چھری ۔اطمینان ۔وقار۔
المَسْكِنُ و المَسْكَنُ ۔گھر ۔مکان ۔منزل ج مَسَاكِن۔
المَسْكَنَةُ ۔فقیری ۔ذلت ۔کمزوری
المِسْكِينُ ۔وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو یا وہ شخص جس کے پاس اتنا نہ ہو جو اس کے عیال کے لیے کافی ہو ۔ذلیل و مغلوب ۔ج مِسْكِينُون و مَسَاكِين مونث مِسْكِين و مِسْكِينَة
سَلَّ (ن) سَلًّا و اِسْتَلَّ ۔الشیءَ من الشیء : کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالنا ـــــ السیفَ : تلوار سونتنا ۔کہا جاتا ہے۔

"اِسْتَلَّ فلانٌ بکذا" فلاں شخص فلاں چیز کو چپکے سے لے گیا۔
سَلَّ (ض) سَلَلًا ۔گرے ہوئے دانتوں والا ہونا ۔صفت مذکر (اَسَلّ) و صفت مونث (سَلَّاء)
سُلَّ ۔سل کی بیماری میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا صفت (مَسْلُول)
أَسَلَّ إِسْلَالًا ۔اللہ فلانًا : سل کی بیماری میں مبتلا کرنا ـــــ الشیءَ : چپکے سے چرانا
تَسَلَّلَ و اِنْسَلَّ ۔من الزحام : بھیڑ میں چپکے سے کھسک جانا ۔کہا جاتا ہے "اِنْسَلَّ قید الفرس من یدہ" اس کے ہاتھ سے گھوڑے کی رسی نکل گئی۔
السَّلُّ ۔مع ۔عطر فروشوں کا ڈبہ ۔ج سِلَال
السِّلُّ و السُّلُّ و السُّلَالُ ۔لاغری ۔سل کی بیماری۔
السَّلَّةُ ۔پوشیدہ چوری ۔سل کی بیماری حوض کا نقص ۔ٹوکری ۔عطر فروشوں کا ڈبہ ۔ج سِلَال ۔کہا جاتا ہے " اتیناہم عند السَّلَّة و عند السِّلَّة " یعنی ان کے پاس ہم تلوار کھینچنے کے وقت پہنچے (سَلَّة بالفتح اسم مرۃ اور سِلَّة بکسر اسم نوع ہے) و فَرَسٌ سَرِيعُ السَّلَّة " تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
السَّلِيلُ ۔کھینچا ہوا ۔سونتا ہوا ۔ولد ۔کہا جاتا ہے "ہو سلیل الاکارم" وہ بزرگوں کی اولاد ہے ۔خالص شراب ۔حرام مغز کو ہا وادی میں پانی بہنے کی جگہ ۔گھوڑے کا مغز بچھیرا ۔ج سُلَّان۔
السَّلِيلَةُ ۔پتلی پیٹھ کے گوشت کا لمبا ٹکڑا ۔ایک قسم کی لمبی مچھلی۔
السُّلَالَةُ ۔کسی چیز سے نکالا ہوا ۔خلاصہ نسل و ولد ۔کہا جاتا ہے "ہو سُلَالَةُ طیبۃ و من سُلَالَةٍ طیبۃ"
السَّالُّ ۔فا ۔چور ۔وادی میں پانی بہنے کی تنگ جگہ ۔ج سُلَّان و سوالّ۔

السَّلَّالُ ۔ٹوکری بنانے والا ۔چور
الاَسَلُّ ۔چور۔
المِسَلَّةُ ۔سوجا ۔ج مِسَلَّات و مَسَالّ مِسَلَّة فرعون : لمبا مربع ستون جو فراعنہ مصر کی یادگار ہیں۔
سَلَأَ (ت) سَلْأً و اِسْتَلَأَ ۔السمنَ : گھی صاف کرنا ۔سَلَأَ السمسم : تل سے تیل نکالنا ۔کہا جاتا ہے "سَلَأَهُ مائة سوط" اس نے اس کو سو کوڑے مارے ۔سَلَأَ الجذعَ : تنہ سے کانٹے دور کرنا۔
السِّلَاءُ ۔سَلَأَ کا اسم ۔صاف کیا ہوا گھی ۔ج أَسْلِئَة۔
السُّلَّاءُ ۔کھجور کے درخت کا کانٹا ۔واحد (سُلَّاءَة) درخت خرما کے کانٹے کی مانند تیر کا پھل ۔ایک قسم کا پرندہ۔
سَلَبَ (ن) سَلْبًا و سَلَبًا ۔الشیءَ : زبردستی چھیننا ـــــ القصبۃَ او الشجرۃَ : چھیلنا ـــــ السیفَ : تلوار ننگی کرنا ۔صفت (سالب) ج سُلَّاب و سالبون مونث سالبۃ ۔ج سالبات و سوالب ۔(ـــ و اِسْتَلَبَہ) ۔ثوبہ : کپڑے کو چھین لینا۔
سَلِبَ (س) سَلَبًا ۔ماتم کے کپڑے پہننا
أَسْلَبَتِ ۔الشجرۃُ : پتے یا پھل گر جانا۔
(ـــ و سَلَبَت) الناقۃُ او المرأۃُ : مرے ہوئے بچے والی ہونا یا ناتمام بچہ گرانا ۔صفت (سالب و سلوب) ج سُلُب و سلائب و (سالب و سُلُب و مُسْلِب و مُسْلِبۃ)
اِنْسَلَبَ ۔بہت تیز چلنا (اس کو عموماً ناقہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
السَّلْبُ ۔مص ۔ہلکی تیز چال ۔فرسٌ سَلْبُ القوائم : پتلی ٹانگوں والا گھوڑا۔
السَّلَبُ ۔چھینی ہوئی چیز ۔تم کہتے ہو "اخذ سَلَبَ القتیل" اس نے مقتول کے سامان کو لیا ۔ج أَسْلَاب ۔لمبا درخت ـــــ الذبیحۃ : ذبح شدہ جانور کا چمڑا یا پایہ اور پیٹ۔

—— من القصبة: نرکل کا چھلکا۔ السَّلَب: درخت کا ریشہ یا چھلکا جس سے رسیاں بنائی جاتی ہیں۔

السَّلِب۔ لمبا۔ ہلکا۔

السُّلْبَة۔ برہنگی۔

السَّلّاب۔ بہت چھیننے والا۔ رسیوں کے لیے درخت سے ریشے نکالنے والا۔

السَّلّابَة والسَّلَبُوت۔ بہت چھیننے کا عادی (یہ مذکر مونث دونوں کے لیے ہیں)

السِّلَاب۔ ماتمی سیاہ لباس۔ کہتے ہو "لَبِسَتِ الثَّكْلَى السِّلَابَ" گم کردہ فرزند عورت نے ماتمی لباس پہنا۔ ج سُلُبٌ

السَّلِب۔ ہل کا ہتھا۔

السَّلِيب۔ عقل یا مال کھویا ہوا شجرةٌ سَلِيبٌ: درخت جس کی شاخیں اور پتے دور کردیے گئے ہوں۔ ج سُلُبٌ۔

الأُسْلُوب۔ طریقہ۔ راستہ۔ روش۔ ج أَسَالِيب۔ الأُسْلُوب: ناک کی بلندی اور اسی سے ہے "أَنْفُهُ فِي أُسْلُوبٍ" اس کی ناک دائیں بائیں نہیں ہوتی۔ متکبر مغرور کے لیے کہا جاتا ہے۔

سَلَتَ (ض ن) سَلْتًا۔ المِعى: آنتوں کو ہاتھ سے نکالنا —— الشعرَ او الرأسَ: بال یا سر مونڈنا —— المرأةُ الخضابَ عن يدها: چھڑا دینا۔ اتار دینا —— الشيءَ: کاٹنا۔ —— ہ کوڑے مارنا جیسے "سَلَتَهُ مائةَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے —— بسلحه: بیٹ کرنا۔ (—— واسْتَلَتَ) القَصْعَةَ: پیالہ کو انگلی سے چاٹنا۔

اِنْسَلَتَ۔ چپکے سے بےخبری میں نکل جانا

السُّلْت۔ جو یا بغیر چھلکے کا جو۔

السُّلَاتَة۔ وہ چیز جو دور کی جائے یا نکالی جائے۔ پیالہ کو صاف کرنے کے لیے انگلی سے جو چاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ مِنِّي فُلْتَةً و(سَلْتَةً) وہ مجھ سے آگے بڑھ گیا۔

الأَسْلَت۔ وہ شخص جس کی پوری ناک کٹ گئی ہو۔ مونث سَلْتَاء ج سُلْتٌ۔ امرأةٌ سَلْتَاءُ: مہندی نہ لگانے والی عورت۔

المَسْلُوت۔ مفعو۔ سر مونڈا ہوا جس سے گوشت علیحدہ کردیا گیا ہو۔

السِّلْتِم۔ بلا۔ سختی۔ بھوت۔ سخت قحط سالی۔ بہت بوڑھا اونٹ۔ تھوڑی اور حقیر چیز۔ کہا جاتا ہے "ما أَصَابَ مِنْهُ سِلْتِمًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

السِّلْتِين۔ کھجور کا درخت کہ جس کے ارد گرد گڑھا کھود دیا گیا ہو تاکہ اس میں پانی ٹھہر جائے۔

سَلِجَ (س) سَلْجًا وسَلَجَانًا۔ اللقمةَ: لقمہ نگلنا۔ (—— وسَلَجَتْ (ن) سُلُوجًا) الإبلُ: سُلَّج گھاس کے چرنے سے پیٹ چلنا۔ سَلَجَ الفصيلُ الناقةَ: دودھ پینا۔

تَسَلَّجَ۔ الطعامَ: آسانی سے نگلنا۔ (—— واسْتَلَجَ) الشرابَ: ڈگڈگ کے پینا۔

السَّلَج۔ مص۔ عطیہ۔

السُّلَجَة۔ سمندر کی سیپی۔ ج سُلَج۔

السُّلَّج۔ ایک قسم کی گھاس جس کو اونٹ چرتا ہے ج سَلَالِيج۔

السِّلِجَان۔ حلق۔

السَّلِيج۔ من الأكل: لذیذ کھانا جو آسانی سے نگلا جائے۔

السَّلَجْلَج والسُّلَجْلَج۔ من الطعام: خوش مزہ خوراک۔

السَّلْجَم۔ شلغم۔ گھنی داڑھی۔ لمبے جبڑوں والا سر۔ بہت پانی والا بڑا کنواں (—— والسُّلَاجِم) لمبا گھوڑا یا تیر کا لمبا پھل یا لمبا آدمی۔ بوڑھا اونٹ۔ ج سَلَاجِم۔

سَلَحَ (ف) سَلْحًا۔ بیٹ کرنا۔ پاخانہ کرنا (یہ پرندہ اور چوپائے کے لیے خاص ہے انسان کے لیے اس کا استعمال مجازا ہے)۔

سَلَّحَهُ۔ ہتھیار پہنانا —— ہ السيفَ وبالسيف: کسی کو تلوار باندھنا —— و أَسْلَحَهُ ہتھیار بند بنانا۔

تَسَلَّحَ۔ ہتھیار بند ہونا۔

السَّلْح۔ مص۔ پتلا پاخانہ۔ ج سُلُوح و سُلْحَان۔

السُّلَح۔ ایک قسم کا شیرہ جس کو گھی کی مشک پر ملتے ہیں۔

السَّلَح۔ تالابوں میں بارش کا پانی۔

السُّلَح۔ ج سِلْحَان و(السُّلَحَة) چکور کا بچہ۔

السِّلَح والسُّلْحَان۔ ہتھیار۔

السَّالِح۔ فا۔ ہتھیار بند (فاعل ذیکذا ہے مثل تامر ولابن کے)

السِّلَاح۔ ہتھیار (مذکر و مونث) ج أَسْلِحَة و سُلُح و سُلْحَان۔

السِّلَاحدار۔ ہتھیار بند۔ ج سِلَاحدارية (کلمہ فارسی ہے سلاح اور دار سے مرکب ہے)

السُّلَاح۔ پاخانہ۔ اسہال۔

السَّلِيح۔ قاصد۔ پیغمبر (سریانیہ)

المَسْلَحَة۔ سرحد۔ دیدبانی کی جگہ۔ ج مَسَالِح۔ ہتھیار بند لوگ۔

سَلْحَبَ۔ اسْلَحَبَّ الطريقُ: راستہ کا سیدھا واضح دراز ہونا۔ صفت (مُسْلَحِبّ)

السَّلْحُوت۔ بیباک عورت۔

السُّلَحْفَاة والسُّلَحْفَاة والسُّلَحْفَاء والسُّلَحْفَى والسُّلَحْفِيَة۔ کچھوا ج سَلَاحِف (نر کو غَيْلَم کہا جاتا ہے)

سَلَخَ (ن ض) سَلْخًا۔ الخروفَ: بکری کے بچے کی کھال اتارنا —— المرأةُ دِرْعَهَا: عورت کا قمیص اتارنا —— الحيّةُ: سانپ کا کینچلی سے نکلنا۔ —— اللهُ النهارَ من الليل: دن کو رات سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا —— الشهرُ: مہینہ ختم ہونا —— الرجلُ الشهرَ: آخر تک گذارنا۔

سَلَّخَ۔ الحرُّ جلدَه: گرمی کا کھال کو اتار دینا

اِنْسَلَخَ۔ من ثيابه: ننگا ہونا —— الشهرُ

مِنْ سَنَۃٍ : گذرنا ـــ النھارَ مِنَ اللیل : علیحدہ ہونا ـــ الحیّۃُ من قشرِھا : سانپ کا کینچلی سے نکل جانا۔
تَسَلَّخَ۔ جلدُہٗ : کھال کا اُتر جانا۔
اِسْلَخَّ اِسْلِخَاخًا۔ الرجلُ : پہلو پر لیٹنا۔
سَلَخَ۔ الشھرَ (مَسْلَخُہٗ) مہینے کا آخری دن۔ سَلَخَ الحیّۃ (سِلْخُھَا و سُلْخَتُھَا) سانپ کی کینچلی۔ السِّلْخُ : جانور کی اُتری ہوئی کھال
السَّلَخُ۔ دھاکا جو تکلے کے اوپر ہو۔
السَّلِیْخُ۔ جس کی کھال اُتار لی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ سَلِیْخٌ مَلِیْخٌ" بے مزہ چیز۔
السَّلَاخَۃُ۔ فی الشیءِ : بے مزہ ہونا۔
السَّلِیْخَۃُ۔ فرزند۔ بان کے پھل کا تیل گاڑھا ہونے سے پہلے ـــ من شجر الرمث ونحوہ : خشک لکڑی جس پر پتے وغیرہ کچھ نہ ہوں۔
السَّالِخُ۔ فا۔ اونٹوں کی کھجلی۔ سالخ کالے سانپ کے لیے صفت ہے اس لیے کہ وہ ہر سال کینچلی چھوڑ دیتا ہے۔ مادہ سانپ کو (اسودہ) کہتے ہیں اس کی صفت سالخۃ نہیں آتی اور صفت کے موقع پر سالخ کا تثنیہ بھی نہیں آتا۔ بلکہ کہا جاتا ہے "اَسْوَدُ سَالِخٌ و اَسْوَدَانِ سَالِخٌ" اور جمع کے لیے اَسَاوِدُ سَالِخَۃٌ و سَوَالِخُ و سُلَّخٌ و سُلْخَۃٌ۔
الاَسْلَخُ۔ پیشانی پر گنجا۔ گہرا سُرخ۔
السَّلَّاخُ۔ بہت کھال اُتارنے والا۔
المَسْلَخُ۔ کھال اُتارنے کی جگہ۔
المِسْلَاخُ۔ کینچلی۔ کھال ـــ من النخل : جس سے کچی کھجوریں گر جائیں
السِّلَخْدُ و السَّلَخْدَاۃُ۔ مضبوط اونٹنی ج سَلَاخِدُ۔
السَّلَخْفُ۔ لاغر ادر مضطرب ڈھلنے والا
المُسْلَخِمُّ۔ متکبر گردن کش۔
السَّلَدْ انیون۔ ایک درخت کا نام جو بید کے مشابہ ہوتا ہے۔

السِّلَّوْرُ۔ سمندر کی ایک مچھلی۔
سَلِسَتْ (س) سَلَسًا۔ النخلۃُ : درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ صفت (سَلِسٌ) اور اگر یہ بار بار ہوتا ہو تو ایسے درخت کو (مِسْلَاس) کہتے ہیں ـــ الخشبۃُ : لکڑی کا بوسیدہ ہونا۔
سَلِسَ (س) سَلَسًا و سَلَاسَۃً و سُلُوْسًا۔ آسانی سے تابع ہونا صفت (سَلِسٌ و سَالِسٌ۔)
کہا جاتا ہے "سَلِسَ بِحَقِّی" اس نے آسانی سے میرے حق کو دیدیا۔
سُلِسَ سُلَاسًا و سَلْسًا و سَلَسًا کسی کی عقل کا زائل ہونا صفت (مَسْلُوْسٌ)
سَلَّسَ۔ الحلیَ : زیور کو جوہر سے مزین و آراستہ کرنا۔
اَسْلَسَتْ۔ النخلۃُ : درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ اَسْلَسَ قِیَادَہٗ : نرم اور آسان بنانا۔
تَسَلَّسَ۔ الشیءُ : لٹکنا۔
السَّلْسُ۔ مص۔ خرمہرہ وغیرہ پرونے کا دھاگا۔ کان کی بالی۔ ج سُلُوْس۔ السُّلُوْس : ڈِھنیاں۔
السَّلَسُ۔ مص۔ نرمی۔ تابعداری۔ پیشاب کا نہ رُکنا۔
السَّلِسُ۔ آسان۔ نرم۔ تابعدار۔ مِسْمَارٌ سَلِسٌ : ہلنے والی میخ۔ شراب سَلِسٌ : آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ سَلِسُ البولِ" اسے پیشاب کے روکنے کی طاقت نہیں۔
السَّلْسَبِیْلُ۔ نرم۔ ج سَلَاسِبُ و سَلَاسِیْبُ۔ مونث سَلْسَبِیْلَۃٌ۔ ج سَلْسَبِیْلَات۔ شراب۔ خوشگوار آسانی سے حلق سے اُترنے والا پانی جنت کے ایک چشمہ کا نام۔
تَسَلْسَلَ سَلْسَلَۃً۔ الشیءَ بالشیءِ : ایک کو دوسرے سے جوڑنا اور اسی سے ہے

"سَلْسَلَ فلانًا اِلٰی فلانٍ" اُس نے فلاں کی نسبت فلاں کی جانب کی ـــ الماءَ : پانی کو پست زمین میں بہانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا سَلْسَلَ طعامًا" اس نے کھانا نہیں کھایا
تَسَلْسَلَ۔ الماءُ : پانی کا پست زمین میں بہنا ـــ الثوبُ : کپڑے کا پہننے سے پتلا پڑنا ـــ فِرِنْدُ السیفِ : تلوار کے جوہر کا چمکنا۔
السَّلْسَلُ و السُّلْسَالُ و السُّلَاسِلُ۔ خوشگوار پانی۔ آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی عمدہ شراب۔
السَّلْسَلَۃُ۔ مص۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔
السِّلْسِلَۃُ۔ زنجیر۔ کوہان کا لمبا ٹکڑا۔ ج سَلَاسِلُ۔ سَلَاسِلُ البرقِ : چوڑائی میں کوندنے والی بجلی۔ سَلَاسِلُ الکتابِ : کتاب کی سطریں۔
المُسَلْسَلُ۔ من الثیابِ : دھاریدار کپڑا۔ شَعْرٌ مُسَلْسَلٌ : گھنگھریلے بال۔ سیف مُسَلْسَلٌ : چمکدار تلوار ـــ و المُتَسَلْسِلُ من الثیابِ : خراب بنا ہوا کپڑا یا بوسیدہ کپڑا۔
سَلِطَ (س) و سَلُطَ (ک) سَلَاطَۃً و سُلُوْطَۃً۔ زبان دراز ہونا۔
سَلَّطَہٗ۔ علیہ : کسی پر غالب بنانا۔ قدرت دینا۔ قابض بنانا۔
تَسَلَّطَ۔ علیہ : کسی پر غالب ہونا۔ قادر ہونا۔ قابض ہونا۔
السَّلِطُ۔ سخت۔ زبان دراز۔ لمبی زبان
السَّلِطُ۔ تیر کا پھل جس کے بیچ میں اُبھار نہ ہو۔ ج سِلَاط۔
السُّلُطُ۔ لمبی ٹانگیں۔
السُّلْطَۃُ۔ طاقت۔ قدرت۔
السَّلِیْطَۃُ۔ باریک لمبا تیر۔ گھاس بھوسہ باندھنے کا کپڑا۔ ج سُلُطٌ و سِلَاط۔
السَّلِیْطُ۔ سخت۔ ہر چیز میں سے تیز۔ عمدہ زیتون کا تیل ہر قسم کے دانہ کا تیل۔

لِسانٌ سَلِيطٌ: لمبی زبان۔ رَجُلٌ سَلِيطٌ: زبان دراز مرد۔ السَّلِيطُ: فصیح زبان آور (یہ صفت مرد کے لیے باعث مدح اور عورت کے لیے باعث مذمت ہے) امرأة سَلِيطة: زباندراز و بدزبان عورت۔

امرأة (سَلَطَانِيَّةُ اللسان و سِلِطانَة) تیز زبان و زباندراز عورت۔

السُّلْطَان۔ حجت۔ تم کہتے ہو "لَہٗ سُلْطَانٌ مُبِينٌ" اس کے لیے روشن حجت ہے۔ قبضہ۔ قدرت۔ بادشاہ ج سَلَاطِين۔

سَلْطَنَةٌ سَلْطَنَةً۔ بادشاہ بنانا۔

تَسَلْطَنَ۔ بادشاہ بننا۔

المِسْلَاط۔ کنگھی کا دندانہ ج مَسَالِيط۔

رجل مَسْلُوطُ اللحية: سبک خسارہ۔

اِسْلَنْطَحَ۔ الوادی: وادی کا وسیع ہونا ــــ الرجلُ: منہ کے بل گرنا یا چت گرنا ــــ الشیءُ: لمبی چوڑی ہونا۔

السُّلَاطِح۔ چوڑا۔

السُّلْطُح۔ چکنا پہاڑ

السَّلَنْطَح والمُسْلَنْطِح۔ کشادہ فضا

اِسْلَنْطَعَ۔ الرجلُ: چت لیٹنا۔

السُّلْطُوع۔ چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَع۔ پاگل کی طرح گفتگو میں جہالت کرنے والا۔ (ــــ والسِّلِنْطَاع) لمبا مرد۔

سَلَعَ (ف) سَلْعاً۔ الرأس: سر کھاڑنا ــــ جلدہ بالنار: کھال کو جلا کر داغدار کرنا

سَلِعَ (س) سَلَعاً۔ الرجلُ: برص والا ہونا ــــ قدمُہ: قدم کا پھٹنا۔

أَسْلَعَ۔ پھٹے ہوئے سر والا ہونا۔ جسم میں زخم والا ہونا۔

سَلَّعَہٗ۔ پھاڑنا۔

تَسَلَّعَ۔ عقبُہ: ایڑی کا پھٹنا۔

اِنْسَلَعَ۔ پھٹنا۔

السَّلْع۔ مم۔ پیر کی بوائی ج سُلُوع۔

واحد (سَلْعَة) (ــــ والسِّلْع) مثل۔ ہمسر۔ کہا جاتا ہے "ہذا سِلْعُ ذاک" یہ اس کے مثل ہے "غلامان سِلْعَانِ" دو ہمسر لڑکے۔ اور ایسا ہی غلمان أسلاعٌ ــــ فی الجبل: دراڑ۔ ج أَسْلَاعٌ و سُلُوعٌ۔

السَّلَع۔ مم۔ ایک کڑوا درخت۔ ایک بدمزہ سبزی۔ ایک قسم کا ایلوا۔ جلد میں جلنے کا داغ۔

السَّلْعَة والسَّلَعَة۔ زخم جو جلد کو پھاڑ دے۔ ج سَلْعَات و سِلَاع۔

السِّلْعَة۔ سامان و سامان تجارت۔ ج سِلَع (ــــ والسَّلْعة والسَّلَعة والسِّلَعة) بدن کا پھوڑا یا گوشت اور کھال کے درمیان غدود جیسی زیادتی۔ جونک۔

الأَسْلَع۔ برص کی بیماری والا۔ کبڑا۔ پھٹے ہوئے پیر والا۔ کھال میں جلنے کا داغ مونث سَلْعَاء ج سُلْع۔

السَّوْلَع۔ کڑوا ایلوا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ أَمَرُّ مِنَ السَّوْلَعِ" وہ ایلوے سے زیادہ کڑوا ہے۔

السَّلِيعَة۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "إنہ لکریم السَّلِيعَة" وہ شریف طبیعت ہے۔

المِسْلَع۔ رہبر و رہنما۔

المَسْلُوع۔ جسم پر پھوڑے والا یا غدود جیسی زیادتی والا

المَسْلُوعَة۔ واضح راستہ۔

سَمٌّ مُسَلَّعٌ۔ بہت تیز زہر۔

السِّلْعَاف۔ نکیلی لکڑیاں جن کو درخت کے ارد گرد لگا دیتے ہیں اور جن سے درندوں کا شکار کرتے ہیں۔

المُسْلَعِف۔ سخت۔

السِّلْعَام۔ کشادہ حلق والا۔ بڑے پیٹ والا۔ لمبی ناک والا۔ بھیڑیا۔ ابو سِلْعَامَة: بھیڑیے کی کنیت ہے۔

سَلْعَنَ۔ فی عدوہ: تیز دوڑنا۔

سَلَغَ (ف) سَلْغاً۔ رأسہ: کسی کے سر کو کچل دینا۔

سَلَغَت (ف) سُلُوغاً۔ البقرةُ و الشاةُ: گائے یا بکری کے کچلی کے دانت نکلنا صفت (سالغ)

الأَسْلَغ۔ گہرا سرخ۔ مرض برص والا۔ لئیم ــــ من اللحم: کچا گوشت۔

السِّلْغَد۔ بیوقوف۔ سست۔ غضبناک بھیڑیا۔ بہت کھانے پینے والا مرد۔ اشقر گھوڑا مونث سِلْغَدَة۔

سَلْغَزَ سَلْغَزَةً۔ تیز دوڑنا۔

سَلْغَفَ۔ نگلنا۔

السِّلْغَاف۔ بمعنی سِلْعَاف۔

سَلَفَ (ن) سَلْفاً۔ الارضَ: زمین کو زراعت کے لیے سینگے سے ہموار کرنا ــــ المزادةَ: توشہ دان پر تیل ملنا۔

سَلَفَ (ن) سَلَفاً و سُلُوفاً۔ گذرنا۔ آگے ہونا۔ تم کہتے ہو "سَلَفَ لہٗ عملٌ صالحٌ" اس سے عمل صالح کا صدور پہلے ہوا۔ "سَلَفَ القومَ" وہ قوم سے آگے ہو گیا۔

سَلَّفَہٗ۔ مالاً: قرض دینا ــــ الشیءَ: پیشگی دینا ــــ الضیفَ: مہمان کے سامنے ناشتہ پیش کرنا ــــ الرجلُ: سُلفہ کھانا۔ (دیکھیے سلفہ)

أَسْلَفَ۔ الارضَ: زمین کو زراعت کے لیے سینگے سے ہموار کرنا ــــ ہ مالاً: قرض دینا۔ ــــ فی الشیءِ:

أَسْلَفَتِ المرأةُ: پینتالیس سال کی ہونا۔ صفت (مُسْلِف) یہ عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے)

سَالَفَہٗ۔ فی الامر: برابری کرنا ــــ ہ فی الارض: ساتھ ساتھ چلنا ــــ الجیشُ: آگے بڑھنا۔

تَسَلَّفَ واسْتَسْلَفَ۔ المالَ: قرض لینا تَسَلَّفَ الرجلُ: سلفہ کھانا (دیکھیے سلفہ)

تَسَالَفَ ۔ الرجلانِ: ہم زلف ہونا۔
یہ دونوں مرد سِلفان کہے جاتے ہیں۔
اِسْتَسْلَفَ ۔ المال: قرض لینا۔
اَلسِّلفُ ۔مہ ۔ توشہ دان۔ ج سُلُوف و
اَسْلُف۔
المِسلَف ۔ جِ ۔ سِلفُ الرَّجُلِ: ہم زلف
ج اَسلاف۔
السَّلَف ۔مہ۔ قرض ہر عمل صالح پیشگی
السَّلَف: گزشتہ آبا و اجداد۔ وَمَذاہبُ السَّلَفِ
متقدمین کے مذاہب۔ ج اَسلاف۔
السَّلِف ۔ جِ۔ ہم زلف۔ رَجُلٌ سَلِفٌ:
گزرا ہوا مرد۔ ج اَسلاف۔ اَرضٌ سَلِفَۃٌ: کم
درختوں والی زمین
السُّلَف ۔ چکور کا چوزہ۔ ج سِلفان و
سُلفان۔
السُّلفۃ ۔ ہر وہ چیز جس کو غذا سے پہلے
وقت گذاری کے لیے کھایا جائے کھانا جس
کو آنے والے کے لیے محفوظ رکھیں۔ جماعت
متقدمین۔ چرمی موزے کا استر جو باریک چمڑ
کا ہو۔ ج سُلَف۔ بیلنے سے ہموار کی ہوئی زمین
کہا جاتا ہے" جاءُوا اُسْلُفَۃً سُلْفَۃً" وہ یکے
بعد دیگرے آئے۔
السُّلاف والسُّلافۃ نچوڑنے سے
پہلے جو خود بخود بہے (یہ بہترین شراب ہے)۔
سُلافُ العسکر: مقدمۃ لشکر۔ سُلافۃ کل
شیءٍ عُصِرتہ: ہر نچوڑی ہوئی چیز کا ابتدائی
حصہ۔ ج سُلافات۔
الاُسْلُوفۃ ۔ دامادی۔ کہا جاتا ہے"بینہم
اُسْلُوفۃ" ان کے درمیان رشتہ داری ہے۔
السَّالِف ۔فا۔ گزرا ہوا۔ پیش رفتہ۔ تم کہتے
ہو" کَانَ ذٰلِکَ فِی سَالِفِ الاَیَّام" یہ گزشتہ
زمانہ میں تھا۔ ج سَلَف و سُلّاف۔
السَّالِفۃ ۔ گزری ہوئی۔ گردن کا وہ حصہ
جو بالی لٹکنے کی جگہ ہے۔ سالِفۃُ الفرسِ: گردن
کا اگلا حصہ۔ ج سَوالِف۔

السُّلُوف ۔ من الابل: گھاٹ پر جاتے ہوئے
آگے آگے رہنے والا اونٹ ۔۔۔ من الخیل: تیز
رفتار گھوڑا۔ سَہمٌ سُلُوفٌ: لمبا تیر۔ ج سُلُف
السَّلِیف ۔ پیشرو۔ جماعت متقدمین۔
ج سُلُوف۔
المُسْلِف ۔ من: بیس سالہ عورت۔
المِسْلَفۃ ۔ وہ اوزار جس کو زمین ہموار
کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں اور جس کا نام
ہینگا۔ پٹیلا۔ سراون ہے۔
المَسْلُوفۃ ۔ ہموار کی ہوئی زمین
السَّلْفَع ۔ دلیر و فراخ سینہ۔ دبیباک و
زبان دراز عورت۔
سَلَقَ (ن) سَلْقاً۔ البَیضَ او البقلَ:
انڈے یا سبزی ابالنا۔ جوش دینا۔ سَلَقَہ
بالکلام: بدزبانی سے تکلیف پہنچانا۔ قرآن
مجید میں ہے" سَلَقُوکُم بِاَلْسِنَۃٍ حِدَادٍ" تم کو وہ
لوگ تیز تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں۔۔۔
بالرمح: نیزہ مارنا۔۔۔ بالسوط: مار کر کھال
ادھیڑ دینا۔ سَلَقَ اللحمَ عَنِ العَظمِ: گوشت ہڈی
سے جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ الشیءَ بالماءِ الحار: گرم
پانی سے بال اون وغیرہ دور کرنا ۔۔۔ الدابۃَ
الراکبُ: باطن ران کو چھیل دینا ۔۔۔ المزادۃَ:
توشہ دان پر تیل ملنا ۔۔۔ البردُ النباتَ:
جلادینا ۔۔۔ الرجلَ: چت پچھاڑنا۔ تم کہتے ہو
"اَخَذتُہ فَسَلَقتُہ لِقَفَاہ" میں نے اس کو پکڑا
اور چت پچھاڑ دیا ۔۔۔ العودَ فی العروۃ: کسی
چیز کے دستے میں لکڑی لگانا ۔۔۔ القدمُ فی
الطریق: قدم کا راستے میں نشان ڈالنا۔
۔۔۔ الرجلُ: دیوار پر چڑھنا۔
سُلِقَ ۔ السلیقۃَ و علیہا: سلیقہ پر پیدا
کیا جانا۔
سَلَّقَ ۔ العودَ فی العروۃ: کسی چیز کے دستہ
میں لکڑی داخل کرنا۔ لگانا ۔۔۔ الرجلُ: مادہ
بھیڑیے کا شکار کرنا۔
تَسَلَّقَ ۔ چت سونا ۔۔۔ الجدار: دیوار
پر چڑھنا۔ دیوار پھاندنا ۔۔۔ علی فراشہ: درد
یا غم سے تڑپنا بے قرار ہونا۔
اِنْسَلَقَ ۔ اللسانُ: زبان کا چھل جانا۔
سَلْقَیَتہ سِلْقَاءً: چت لٹانا۔ سَلْقَیْتہ
بالرمح: نیزہ مارنا۔
اِسْتَلْقَی اِسْتِلْقَاءً و اِسْلَنْقَی اِسلِنقاءً
چت لیٹنا۔ اِفْتَعَلَ و افعنلی و افتعلی کے اوزان
ملحقات رباعی سے ہیں۔
السَّلْقُ ۔مہ (۔۔۔ والسَّلَق) زخم کا داغ۔
والسَّلَق: ہموار و عمدہ زمین۔ کشادہ راستہ۔ ج
اَسلاق و سُلقان و سِلقان۔
السِّلق ۔ چقندر۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بھیڑیا
ج سُلقان و سِلقان
السِّلقۃ ۔ مادہ بھیڑیا۔ ج سِلَق و سِلَق۔
السِّلقۃ: زبان دراز و بدزبان عورت۔ ٹڈی
جو کہ انڈے دے چکی ہو۔
السَّالِقۃ ۔ من النساء: دوہتڑ مارنے والی
واویلا کرنے والی عورت۔ ج سَوالِق۔
السُّلاق ۔ زبان کی جڑ کی پھنسیاں یا دانت
کی جڑوں کی خراش۔ پپوٹوں کی موٹائی سرخی
و زخم کے ساتھ۔
السَّلَاقۃ ۔ بدزبانی۔
السُّلَاقۃ ۔ دواؤں کا جوشاندہ۔
السَّلَائق ۔ راستہ پر قدم وغیرہ کے نشانات
السَّلُوقِیّ والسَّلاقی ۔ من الکلاب:
ایک خاص قسم کا شکاری کتا۔
السَّلُوقِیَّۃ ۔ السلوقی کا مونث۔ جہاز
کے کپتان کے بیٹھنے کی جگہ۔ السَّلُوقِیّۃ من
الدُّرُوع: وہ زرہیں جو یمن کے ایک علاقہ
سلوق کی جانب منسوب ہیں۔
السَّلَّاق ۔ اسم مبالغہ۔ خَطِیبٌ سَلَّاق
(مِسلَق و مِسلاق) بلیغ لکچرار۔
السُّلاق ۔ نصرانیوں کی ایک عید۔ (کلمہ
سریانیہ ہے)
السَّلِیق ۔ چھوٹے درختوں کے گرے ہوئے

پتے۔ چھتے کی لمبائی میں شہد کی ایک مقدار۔ سَلِیق الطَّرِیق: راستہ کا پہلو۔ ج سُلُق۔

السَّلِیقَۃ۔ طبیعت۔ ج سَلائِق۔ اُبالی ہوئی سبزی۔

السَّلِیقِیۃ۔ سلیقہ کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "فلان یَتکلم بالسَّلِیقِیَّۃ" وہ بغیر سیکھے ہوئے بالطبع گفتگو کرتا ہے۔ "اضطرب کلام العرب وغلبت السَّلِیقِیَّۃ" یعنی وہ لوگ سلیقہ سے گفتگو کرتے ہیں۔ بغیر اس کے کہ اعراب کا قصد کریں اور غلطی سے بچنے کا ارادہ کریں۔

السَّمْلَق۔ تیز رفتار اونٹنی۔

سَلْقَنَ۔ الفرسَ: دُبلا کرنا۔

اسِلْقِن۔ دُبلا کیا ہوا گھوڑا۔

السَّلْقَم۔ سخت جگہ۔ نرشتر مرغ۔

اسْلَنْقَعَ اِسْلِنْقاعاً۔ البرقُ: بجلی کا پراگندہ کوندنا ــــ الحصیٰ: کنکریوں کا تابش آفتاب سے گرم ہونا

السِّلِنْقاع۔ پراگندہ کوندنے والی بجلی

سَلْقَمَ سَلْقَمَۃً۔ دانت کرکرانا۔

السَّلْقَم۔ شیر۔ سخت ٹھوڑی اور لمبی ناک والا اونٹ۔

السِّلْقَامَۃ۔ مادہ بھیڑیا۔

السُّلاقِم۔ شیر۔

سَلَکَ (ن) سَلْکاً وسُلُوکاً۔ المکانَ: داخل ہونا ــــ الطریقَ: راستہ کی اتباع کرتے ہوئے چلنا (ــــ و اَسْلَکَ) الشیءَ فی الشیءِ: کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا۔ سَلَکَہُ المکان و اَسْلَکَہُ المکان وفیہ وعلیہ: کسی جگہ میں داخل کرنا۔ ومن کلام المولدین: سَلَکَ الغزلَ: سوت کو چرخہ پر چڑھانا۔

اِنْسَلَکَ۔ فی الشیء: کسی چیز میں داخل ہونا۔

السِّلْک۔ ڈوری۔ ج سُلُوک و اَسْلاک۔

السُّلَک۔ سنگخوار یا چکور کا چوزہ۔ مونث سُلَکَۃ ج سِلْکان۔

السِّلْکَۃ۔ سلائی کا دھاگا ج سِلَک ج اَسْلاک وسُلُوک

السُّلْکَیٰ۔ نیزہ کی سیدھی ضرب۔ اور کہا جاتا ہے "امرہم سُلْکیٰ" یعنی ان کا معاملہ ایک طریقہ پر ہے۔

المَسْلَک۔ راستہ ج مَسالِک۔

المَسْلَکَۃ۔ دھجی جو کپڑے کے کنارے پھاڑی جائے۔

المِسْلَکَۃ۔ چرخہ۔ (مولد)

المُسْلُک۔ نحیف ولاغر۔

سَلِمَ (س) سَلامَۃً وسَلاماً۔ من عیبٍ او آفۃٍ: نجات پانا۔ بری ہونا ــــ لہ المالُ: مخصوص ہونا۔ اور کہتے ہیں "لا بِذِی تَسْلَمُ ما کان کذا" یعنی نہیں قسم ہے اس ذات کی جو تمہیں محفوظ رکھتی ہے ایسا نہیں تھا۔ اور مخاطب کے تثنیہ وجمع تذکیر وتانیث کے لحاظ سے "بِذِی تَسْلَمانِ وتَسْلَمُونَ وتَسْلَمِینَ" استعمال کرتے ہیں۔ اور علیٰ ہذا القیاس "اِذْہَبْ بِذِی تَسْلَمُ" یعنی سلامتی کے ساتھ جاؤ۔

سَلَمَتْہُ (ن) سَلْماً۔ الحیۃُ: سانپ کا ڈسنا۔

سَلَمَ (ض) سَلْماً۔ الجلدَ: کھال کو سلم درخت کے پتوں سے دباغت دینا۔ ــــ الدلوَ: ڈول بنانے سے فارغ ہونا اور مضبوط وعمدہ بنانا۔

سَلَّمَہُ۔ وسَلَّمَ علیہ: السلام علیک کہنا۔ ــــ ومن الآفۃ: محفوظ رکھنا ــــ والی فلان: سپرد کردینا۔ سَلَّمَ بالامر: راضی ہونا ــــ الیہ: فرمانبردار ہونا ــــ الشیءَ: خالص کرنا۔ سَلَّمَہُ الشیءَ فتَسَلَّمَہُ: کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا اور اس کا قبول کرلینا

سالَمَہُ۔ مصالحت کرنا۔

اَسْلَمَ۔ فرمانبردار ہونا۔ دین اسلام اختیار کرنا۔ بیع سلم کرنا ــــ العدوَّ: دشمن کو چھوڑ دینا ــــ امرہ الی اللہ: سپرد کردینا اور تم کہتے ہو: "اَسْلَمْتُہُ وسَلَّمْتُہُ" جبکہ تم کسی کو چھوڑ دو اس وقت جبکہ کوئی شخص تکلیف پہنچانا چاہتا ہو۔

اُسْلِمَ۔ سانپ سے ڈسا جانا۔

تَسَلَّمَ۔ مسلمان بننا ــــ الشیءَ: قبضہ کرنا ــــ منہ: بیزار ہونا۔

تَسالَمَ۔ القومُ: باہم مصالحت وموافقت کرنا۔ تَسالَمَتِ الخیلُ: بغیر لڑے بھڑے ساتھ ساتھ چلنا۔

اِسْتَلَمَ۔ الحجرَ: چھونا (سَلِمۃ بمعنے پتھر سے ماخوذ ہے) بوسہ دینا۔ اور بسا اوقات پتھر کے علاوہ دوسری چیزوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ تم کہتے ہو "اِسْتَلَمْتُ یَدَہٗ" میں نے اس کے ہاتھ کو چھوا یا بوسہ دیا۔ ــــ الزرعُ: خوشہ نکلنا۔

اِسْتَسْلَمَ۔ فرمانبردار ہونا۔

تَمَسْلَمَ۔ مسلمان کہلانا۔ (یہ مسلم سے ماخوذ ہے جیسے مسکین سے تمسکن)

السَّلْمُ۔ مع۔ ایک گوشہ والا ڈول۔ ج اَسْلُم وسِلام سِلْم میں ایک لغت۔

السِّلْمُ۔ صلح کرنے والا کہا جاتا ہے۔ "انا سِلْمٌ لِمَن سالَمَنی وحَرْبٌ لِمَن حارَبَنی" میں صلح کرنے والوں کے لیے صلح جو اور لڑنے والوں کے لیے لڑاکا ہوں۔ قوم سِلْمٌ وسَلْمٌ: صلح کرنے والی قوم۔ سلامتی۔ اسلام۔

السَّلَمُ۔ سلامتی۔ تابعداری۔ قید۔ قیدی۔ ایک قسم کا کانٹے دار درخت جس کے پتوں سے دباغت دی جاتی ہے اور اسی سے ذو سَلَم نام رکھا گیا ہے۔ واحد (سَلَمَۃ)

السُّلَّم۔ سیڑھی۔ (مذکر ومونث) ج سَلالِم وسَلالِیم۔ وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخَذَہٗ سُلَّماً الی حاجتِہٖ" اس نے اس کو اپنی حاجت کے لیے وسیلہ بنایا۔

السَّلِمَۃ۔ پتھر ج سِلام۔ نازک ہاتھ پیروں والی عورت۔

سَتَهَ (ن) سَتْهًا - الرجلَ: پیچھے لگنا چوتڑ پر مارنا۔
السَّتْهُ والسِّتْهُ والسَّتَہ - سُرین ج اَسْتَاہ
الاَسْتَہ والسُّتَاهِی - بڑے سرین والا۔ ج سُتْہٌ وسُتْهَان وسَتَاهِی - مونث سَتْهَاء۔
سَتَا (ن) سَتْوًا - جلدی کرنا۔
اَسْتٰی وسَتّٰی - الثوبَ: کپڑا بننے کے لیے تانے کو پھیلانا۔
السَّتَا - تانا - بھلائی - کہا جاتا ہے "نال منہ ستًا" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔
الاُسْتِیُّ - تانا تنا ہوا کپڑا۔
سَتَاةٌ - الثوب: کپڑے کا تانا کہا جاتا ہے "ما انت لُحمۃ ولا سَتَاۃ" نہ تو لوبانا ہے اور نہ تانا یعنی نہ تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔
سَجَّ (ن) سَجًّا - پتلا پتلا پاخانہ کرنا — الحائطَ: دیوار لیپنا۔
السَّجَّۃ والسَّجَاجُ - بہت پانی والا دودھ
السُّجُج - لیپی ہوئی چھتیں - پاک نفوس
المِسَجَّۃ - لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔
السَّجْب - پرانی مشک - ج سُجُب۔
سِقَائٌ (سَاجِبٌ) خشک مشک - ج سَوَاجِب۔
سَجَحَتْ (ف) سَجْحًا - الحمامۃُ: کبوتر کا کوکو کرنا (— وسَجَّحَ) لہ بکلام: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔
سَجِحَ (س) سَجَحًا وسَجَاحَۃً - اعتدال کے ساتھ طول ہونا کم گوشت والا ہونا — الخدُّ: رخسارہ کا ملائم ہونا — خُلُقُہ: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فی عقلہ رجاحۃ وفی خلقہ سَجَاحَۃٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔
اَسْجَحَ - الوالی: معاف کرنا — الرجلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "اذا سألت فاسجح" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔
اِنْسَجَحَ - لہ بکذا: سخاوت وجوانمردی کیا جانا۔
السُّجُح - نرم آسان - کہا جاتا ہے "رجل سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ - اندازہ - کہا جاتا ہے "بیوتہم علی سُجُحٍ واحد" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (— والسُّجُحُ) راستہ کا درمیانی حصہ۔
السَّجِیح - نرم وآسان۔
السَّجِیحَۃ والسَّجِیجَۃ - عادت - فطرت - طبیعت - السَّجِیحَۃ: اندازہ - کہا جاتا ہے "رکب سَجِیحَۃَ رایہ" اس نے ایک رائے کو اپنے لیے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔
الاَسْجَح - خوبصورت متناسب اعضاء والا - مونث سَجْحَاءُ ج سُجْح۔
سَجَاحِ - بروزن قطامِ - نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔
السِّجَاح - سامنے - کہا جاتا ہے "جلست سِجَاحَ وجہہ" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔
السُّجَاح - فضاء آسمانی۔
المَسْجُوح والمَسْجُوحَۃ - عادت۔
سَجَدَ (ن) سُجُودًا - فروتنی سے جھکنا عبادت کے لیے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (سَاجِد) ج سُجَّد وسُجُود وصفت مونث (سَاجِدَۃ) ج سَاجِدَات وسَوَاجِد۔ کہا جاتا ہے "ہو سَاجِدُ المنخر" وہ پست وذلیل ہے۔ "وعینٌ ساجدۃٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "ونخلۃٌ ساجدۃٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔
سَجِدَتْ (س) سَجَدًا - رجلہ: پیر کا پھولنا۔
اَسْجَدَ - سر جھکانا — عینہ: نگاہ پست کرنا
الاَسْجَد - پھولے ہوئے پاؤں والا۔
السَّجَّاد - بہت سجدہ کرنے والا
السِّجْدَۃ - سجدہ کا کم۔
السَّجَّادَۃ والمِسْجَدَۃ - جائے نماز۔
المَسْجَد والمَسْجِد - سجدہ گاہ عبادتگاہ ج مَسَاجِد - المسجد الحرام: بیت اللہ شریف - المسجد الاقصیٰ: مسجد بیت المقدس - المسجدان: مکہ ومدینہ کی مسجدیں۔
المَسْجَد - آدمی کی پیشانی - ج مَسَاجِد۔
سَجَرَ (ن) سَجْرًا - التنورَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا — الماءُ النہرَ: پانی کا دریا کو بھرنا — البحرُ: سمندر کا جوش میں آنا — الماءُ فی حلقہ: پانی ٹپکانا — الکلبَ: گلے میں لکڑی باندھنا — الشیئَ: بھیجنا (— سَجْرًا وسُجُورًا) الناقۃُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّرَ - الماءَ: پانی جاری کرنا — التنورَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا — الناقۃُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔
سُجِّرَ - البحرُ: سمندر کا چڑھنا - بلند موجوں والا ہونا۔
سَاجَرَہٗ - مخلص دوست بننا۔
اِنْسَجَرَ - الاناءُ: برتن کا بھر جانا — الابلُ فی سیرہا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔
السَّجْر - مص - بادل کی گرج - بئر سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔
السُّجْرَۃ - پانی جو دریا کو بھر دے ج سُجَر (— والسَّجَر) فی العین: سرخی ملی ہوئی سپیدی
السَّاجِر - ف سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے وہ جگہ جس کو سیلاب آکر بھر دے۔
السَّاجُور - لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے - ج سَوَاجِیر - اور اسی سے ہے "سوجر الکلب" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی۔ اور کہا جاتا ہے "فی اعناقہم سواجیر" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔
المِسْجَر والمَسْجُور - تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔
السَّجِیر - مخلص دوست ج سُجَرَاء۔
الاَسْجَر - آنکھوں میں سرخی والا - مونث سَجْرَاء - خالص کیچڑ والا تالاب - شیر۔

شَعَر مُسْجَر و مَسْجُور: لٹکے ہوئے بال۔ المَسْجُور: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔

المَسْجُور۔ مفع۔ ساکن اور بھرا ہوا۔ خالی (ضد) زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ اللُؤلُؤ المَسْجُور: پروئے ہوئے موتی۔ لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔ لُؤلُؤةٌ مَسْجُورَة: بہت آبدار موتی۔

السَّجُورِیّ۔ بیوقوف۔

سَجِسَ (س) سَجَسًا۔ الماءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔ صفت (سَجْسٌ و سَجِسٌ و سَجِیْسٌ)

سَجَّسَ۔ المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار و خراب ہونا

التَّسْجِیْس۔ مص۔ فساد۔ گدلاپن۔ کہا جاتا ہے "لا آتِیکَ سَجِیْسَ اللَیَالِی" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤنگا

السَّجْسَج۔ زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت کہا جاتا ہے "یومٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔ و "ہواءٌ سَجْسَج" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔ و "رِیْحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ ج سَجَاسِج و سَجَاسِیج۔

سَجَعَ (ف) سَجْعًا۔ الخطیبُ: مقفّیٰ کلام بولنا۔ صفت (سَاجِع و سَجَّاع و سَجَّاعَة) ـــ الحَمَامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔ صفت (سَاجِعَة و سَجُوْع۔ ج سُجَّع و سَوَاجِع ـــ النَاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا اور یہ کمان کے لیے بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِکَ المَسْجَع" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجَّعَ۔ الخطیبُ و حمامۃُ: بمعنی سَجَعَ۔ (تشدید مبالغہ کے لیے ہے)

السَّاجِع۔ فا۔ گفتگو۔ رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔ وَجْہٌ سَاجِع: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔ نَاقَةٌ سَاجِعَة: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجْع۔ مقفّیٰ کلام۔ ج أَسْجَاع

السَّجْعَة والأُسْجُوعَة۔ قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ ج أَسَاجِیع۔

المَسْجَع۔ مقصد۔

سَجَفَ (ن) سَجْفًا و سَجَّفَ۔ البیتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجِفَ (س) سَجَفًا۔ پتلی کمر والا ہونا۔

أَسْجَفَ۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا ـــ البیتَ: مکان کا پردہ لٹکانا ـــ اللیلُ: تاریکی بڑھنا۔

السَّجْف والسِّجْف۔ ج سُجُوف و أَسْجَاف و (السِّجَاف والسَّجِیْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔ پردہ السِّجَاف: گوٹ۔ سنجاف۔ کہا جاتا ہے "أَرْخَی اللیلُ سُجُوفَہ" رات نے پردے ڈال لیے یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّجْفَة۔ رات کا ایک حصہ

السِّجَافَة۔ پردہ حجاب۔

سَجَلَ (ن) سَجْلًا۔ بہ: اوپر سے پھینکنا ـــ الماءَ: پانی گرانا ـــ الکتابَ: لگاتار پڑھنا۔

سَجَّلَ۔ بالشیءِ: اوپر سے پھینکنا۔ سَجَّلَ الرجلُ: عہدنامہ لکھنا ـــ الاوراقَ: کچہری اور محکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا ـــ القاضی علیہ: فیصلہ کرنا ـــ علیہ بکذا: مشہور کرنا ـــ لہ بمالہ: ثابت کرنا

سَاجَلَ مُسَاجَلَةً و سِجَالًا۔ مقابلہ کرنا۔ دوڑ یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔

أَسْجَلَ۔ بہت خیر والا ہونا ـــ ہ: بہت دینا ـــ الحوضَ: بھرنا ـــ الکلامَ: کلام کو بلا کسی قید کے بولنا ـــ الناسَ: چھوڑنا ـــ لہم الامرَ: لوگوں کے لیے کسی معاملہ کو مباح کر دینا۔ اور اسی سے ہے "ہٰذا مُسْجَل لہ ان شاء اخذہ وان شاء ترکہ" یہ اس کے لیے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ دے أَسْجَلَ الأَنعامَ فی الزرعِ: کھیت میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔

تَسَاجَلَا۔ باہم مقابلہ کرنا۔

اِنْسَجَلَ۔ اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ الماءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ گرا

السَّجْل۔ مص۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ڈول بھر عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج سِجَال و سُجُول۔ اور کہا جاتا ہے "الحربُ بینہم سِجَال" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السَّجْل: حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَعطاہ سَجْلًا من کذا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔

السِّجِلّ۔ معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔ تاکہ قاضی کے پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّات۔

السِّجِّیْل۔ کنکر۔

عین (سَجُوْل) بہت آنسو بہانے والی آنکھ

السَّجِیْل۔ حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَعطاہ سَجِیْلَہ من کذا" اس نے اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔ شیءٌ سَجِیْلٌ: بہت سخت چیز۔ ضَرْعٌ سَجِیْلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دلوٌ سَجِیْل و سَجِیْلَةٌ: بڑا ڈول۔ (نَاقَةٌ سَجْلَاء) بڑے تھنوں والی اونٹنی۔

السَّوْجَلَة والسَّوْجَل والسَّاجُوْل۔ شیشی کا غلاف۔ ج سَوَاجِیْل۔

المُسْجَل۔ مفع۔ ہر ایک کے لیے جائز۔ کہا جاتا ہے "فَعَلْنَاہ والدہرُ مُسْجَلٌ" ہم لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔

السِّجِلَّاط۔ چنبیلی۔

سَجَمَ (ن) سُجُوْمًا و سِجَامًا۔ الدمعُ: آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِم)

سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا و سُجُوْمًا۔ عن الامرِ: دیر کرنا۔ (ـــ (ض ن) سَجْمًا و سُجُوْمًا و سَجَمَانًا۔ العینُ او السحابُ الماءَ: آنکھ کا آنسو یا بادل کا

پانی بہانا۔
سَجَمَ سَجْمًا و سُجُومًا و تَسْجَامًا و اَسْجَمَ۔ الماءُ: پانی گرانا۔ اَسْجَمَتِ السَّحابۃُ: دیر تک برسانا۔
اِنْسَجَمَ۔ الماءُ: پانی گرنا۔ بہنا ــــ الکلامُ: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتِ۔ الدُّموعُ: آنسو بہنا۔ گرنا
السَّجَمُ۔ پانی۔ آنسو۔
عین (سَجُوم) آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج سُجُوم۔ ناقۃ (سَجُوم) ج سُجَّام: بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوم و مَسَاجِیم۔
مکانٌ (مَسْجُوم) بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَہٗ (ن) سَجْنًا۔ قید کرنا۔ سَجَنَ الھَمَّ: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَّنَ۔ الشیءَ: پھاڑنا۔
السِّجْنُ۔ قید خانہ۔ ج سُجُون۔
السَّجَّان۔ داروغہ جیل۔
السَّجِین۔ قیدی۔ ج سُجَنَاء و سَجْنَی۔ مونث سَجِین و سَجِینَۃ۔ ج سَجْنَی و سَجَائِن۔ ضَرْبٌ سِجِّینٌ: سخت مار جو مضروب کو زمین پر بٹھادے۔
المَسْجُون۔ مفعو۔ قیدی
السَّاجِنَۃ۔ السَّاجِن کا مونث۔ پہاڑ میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِن۔
السِّجِّین۔ ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں کفار و فجار کے اعمالنامے ہیں جہنم کی ایک وادی کا نام۔ برملا و علانیہ۔ کہا جاتا ہے "جاء سِجِّینًا" وہ برملا آیا۔ کھجور کے درخت کے ارد گرد کا گڑھا
السَّجَنْجَل۔ آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج سَجَاجِل۔
سَجَا یَسْجُو سَجْوًا و سُجُوًّا۔ اللیلُ: رات کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا ــــ الناقۃُ: لمبی آواز نکالنا۔
سَجَّی تَسْجِیَۃً۔ المیتَ: میت کو کپڑے سے ڈھکنا۔ اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَایِبَ اَخِیکَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
اَسْجَتْ اِسْجَاءً۔ الناقۃُ: اونٹنی کا زیادہ دودھ والی ہونا۔ اَسْجَی البحرُ: سمندر کی موجوں میں سکون ہونا ــــ الرجلُ: کسی چیز کو چھپانا
سَاجَاہٗ: کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "آتانا بالطعامِ فما سَاجَیْنَاہ" وہ ہمارے پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَّاجِی۔ فا۔ ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا جاتا ہے "عَیْنٌ سَاجِیَۃٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔ "لَیْلَۃٌ سَاجِیَۃٌ" سنسان رات۔ بہت تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
امرأۃ (سَجْوَاءُ) الطرفِ: جھکی ہوئی نگاہ والی عورت۔ ناقۃٌ سَجْوَاءُ: دوہنے کے وقت خاموش رہنے والی اونٹنی۔ ریحٌ سَجْوَاءُ: نرم ہوا
السَّجِیَّۃُ۔ طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِیَّات و سَجَایَا۔
سَحَّ (ن) سَحًّا۔ بہت موٹا ہونا ــــ الماءُ: پانی کو لگاتار بہت گرانا۔ اور اسی سے ہے "اِسْتَنْشَدْتُہٗ قصیدۃً فَسَحَّہَا عَلَیَّ سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس نے میرے سامنے لگاتار پڑھا ــــ ہ: مارنا۔ کہا جاتا ہے "سَحَّہٗ مِائَۃَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے (ــــ سَحًّا و سُحُوحًا) بہت بہنا۔
سَحَّتْ (ض) سُحُوحًا و سُحُوحَۃً۔ الشاۃُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (ساحّ و ساحّۃ) ج سِحَاح و سُحَاح۔
اِنْسَحَّ۔ اِبْطُ البعیرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل سے پسینہ بہنا۔
السَّحُّ و السُّحُّ۔ خشک متفرق کھجوریں۔
السَّحَاح۔ فضاء آسمانی۔
سَحَابَۃٌ (سَحُوحٌ) بہت بارش والا بادل۔
غارۃٌ (سَحَاحٌ) اچانک دشمن پر مصیبت لانے والی لوٹ۔
عَیْنٌ (سَحَّاحَۃٌ) بہت آنسوؤں والی آنکھ
فرسٌ (مِسَحٌّ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا
سَحَبَہٗ (ف) سَحْبًا۔ زمین پر گھسیٹنا ــــ الرجلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جاء یَسْحَبُ ذَیْلَہٗ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ۔ علیہ: ناز کرنا ــــ من الاکل و الشرب: بہت کھانا پینا ــــ فی حقِّ فلانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملالینا۔
اِنْسَحَبَ۔ گھسٹنا۔
السُّحْبَۃُ۔ آنکھ کا پردہ (ــــ والسُّحَابَۃ) تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَّحَاب۔ بادل۔ ج سُحُب۔ واحد (سَحَابَۃ) ج سَحَائِب۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَہٗ سَحَابَۃَ یَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس پورے دن اقامت کی۔
السَّحْبَل۔ کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ
سَحَتَ (ف) سَحْتًا و سَحَّتَ۔ حرام مال کمانا ــــ ہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح کرنا سَحَتَ الشحمَ عن اللحمِ: چربی کو گوشت سے علیحدہ کرنا ــــ وجہَ الارض: مٹانا۔
اَسْحَتَہٗ۔ خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ اَسْحَتَ تجارتَہٗ: تجارت میں حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ۔ مال ضائع ہونا
السَّحْت۔ مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب۔ اور کہا جاتا ہے "مالُہٗ و دَمُہٗ سُحْتٌ" اس کا مال یا خون اس شخص کے لیے جو ان کو معدوم کرے مباح ہے۔
السُّحْت و السُّحُت۔ ج م۔ ہر وہ کمائی جو خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار و ذم آئے جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات۔
مال (سُحْتٌ و سَحِیتٌ و مُسْحَتٌ و مَسْحُوتٌ) تلف شدہ مال۔ ہلاک شدہ مال۔
رجلٌ سُحْتٌ و سَحِیتٌ: بڑا پیٹو جو سیر نہ ہونے والا۔ عامٌ سُحْتٌ و ارضٌ سُحْتٌ

سال یا زمین
السُّحْتُوت والسِّحْتِیت۔ کم روغن اور زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُّحْتُوت والسَّحْتِیَ۔ پُرانا کپڑا۔
السَّحِیْتَة۔ سب کچھ بہالے جانے والا بادل۔ ج سَحَائِت۔
مَسْحُوتٌ۔ الجوف والمعدۃ: آسودہ نہ ہونے والا زیادہ بدہضمی ہونے والا۔ (ضد)
سَحَجَہٗ (ف) سَحْجًا وسَحَّجَہٗ: چھیلنا ـــــ الشیءَ بالشیءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوجٌ وسَحِیجٌ)
سَحَجَتْ۔ ندابۃ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ و انْسَحَجَ۔ چھلنا۔
السَّحَّاج۔ بہت چھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل کر رکھ دے۔
السَّحُوج والمِسْحَاج۔ بہت قسم کھانے والی عورت۔
المِسْحَج والمِسْحَاج۔ من الدواب: تیز چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ المِسْحَاج: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔ زمن مِسْحَاج: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل دے۔
السَّحْدُ د۔ بہت سرکش و نافرمان۔
سَحَرَہٗ (ف) سِحْرًا۔ دھوکا دینا۔ جادو کرنا۔ فریفتہ کرنا ـــــ ہ عن کذا: پھیرنا۔ دور کرنا۔ سحر عن الامر: کسی معاملہ سے دور ہونا ـــــ وسحر الفضۃَ: چاندی پر سونے کا جھول چڑھانا
سَحَرَہٗ (ف) سَحْرًا۔ پھیپھڑے پر مارنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُور وسَحِیر) ـــــ المطرُ الطینَ: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س) سَحَرًا۔ صبح سویرے آنا۔ ڈول وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔ صفت (سَحِر وسَحِیر)
سَحَّرَہٗ۔ جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ۔ صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ۔ سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ۔ صبح کے وقت میں داخل ہونا۔ یا صبح کے وقت نکلنا ـــــ الدیکُ: مرغ کا صبح کے وقت بانگ دینا۔
السِّحْرُ۔ مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی ضرورت ہو۔ ج اَسْحَار و سُحُور۔ السحر الکلامی: کلام کی لطافت جو جادو کا کام کرے اور خیالات کو پلٹ دے۔ اور اسی سے ہے "اِنَّ مِنَ البَیَانِ لَسِحْرًا"
السَّحَرَ۔ صبح سے کچھ پہلے۔ السَّحَرُ الاَعْلٰی: صبح کاذب۔ والسَّحَرُ الآخر: صبح صادق۔ السَّحَر: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَار۔
السَّحْرُ والسَّحَرُ والسُّحْرُ۔ پھیپھڑا۔ ج سُحُور و سُحُرٌ و اَسْحَار۔ اور کہا جاتا ہے "اِنْقَطَعَ مِنہُ سَحْرِیْ" میں اس سے ناامید ہو گیا۔ "انتفخ سَحْرُہٗ" وہ بزدل ہو گیا۔ گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ "مَاتَ فلانٌ بَیْنَ سَحْرِیْ ونَحْرِیْ" فلاں کا انتقال میرے سینہ سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔
السَّحَرِیُّ والسَّحَرِیَّۃ۔ صبح سے کچھ پہلے
السُّحْرَۃ۔ صبح کاذب۔
السُّحَارَۃ۔ پھیپھڑا ـــــ من الشاۃ: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔
السَّحُور۔ سحری وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔
السَّحِیْر۔ پیٹ کی بیماری والا ـــــ من الخیل: بڑے پیٹ والا گھوڑا
السَّحَّار۔ جادوگر۔
السَّاحِر۔ عالم۔ ج سَحَرَۃ و سُحَّار و سُحَّار و سَاحِرُوْنَ۔ مونث السَّاحِرَۃ۔ ج سَاحِرَات و سَوَاحِر۔
السَّوْحَر۔ بید کا درخت۔
السِّحَار والاِسْحَار والاِسْحَارَۃ۔ ایک قسم کی نباتات جو مویشیوں کو موٹا کرتی ہے۔
المُسَحَّر۔ وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔
المَسْحُورَۃ۔ مفع۔ خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔ عنز مَسْحُورَۃ: کم دودھ والی بھیڑ۔ ارض مَسْحُورَۃ: بنجر زمین۔
السَّحَّارَۃ۔ ایک قسم کی چیز جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
تَسَحْسَحَ۔ الماءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔
السَّحْسَح والسَّحْسَحَۃ۔ گھر کا صحن۔
السَّحْسَح والسُّحْسَاح من المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر پتھر وغیرہ کو بہا لیجائے
سَحَطَ (ف) سَحْطًا و مَسْحَطًا۔ جلدی ذبح کرنا ـــــ ہ الطعامُ: پھندا لگانا۔ سَحَطَ الشرابَ: پانی ملانا ـــــ السخلَ: بکری کے بچہ کو ماں کے ساتھ چھوڑنا
اِنْسَحَطَ۔ من یدہ: ہاتھ سے پھسل کر گرنا۔ ـــــ عن النخلۃ ونحوہا: لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اترنا۔
المَسْحَط۔ حلق۔
شاۃ (سَحِیط و سَحُوطَۃ) ذبح کی ہوئی بکری۔
سَحَفَ (ف) سَحْفًا۔ الشعرَ عن الجلد: بال کو کھال سے زائل کرنا ـــــ الراسَ: سر مونڈنا (ـــــ واَسْحَفَتِ) الریحُ السحابَ: ہوا کا بادلوں کو اڑا دینا۔ واَسْحَفَ السَّحْفَۃَ: پیٹھ کی چربی کھینچنا۔
السَّحْفَۃ۔ پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحَاف و سُحُف۔
السُّحَاف۔ سل کی بیماری۔
السَّحِیف۔ چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔

دودھ دوہنے کی آواز۔
السَّحِیْفَۃ۔ سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحَائِف۔
السَّحُوْف۔ سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لیجائے۔ نَاقَۃٌ سَحُوْفٌ: بے چربی والی اونٹنی اونٹنی جس کے تھن پلے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جَمَلٌ او نَاقَۃٌ سَحُوْفٌ: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔
مَسْحَف۔ الحَیَّۃ: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔
المِسْحَفَۃ۔ گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔
رجل (مَسْحُوْف) سل کی بیماری والا۔
ارض (مُسْحَفَۃ) باریک گھاس والی زمین
سَحَقَہٗ (ف) **سَحْقًا**۔ بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا ۔۔۔ ریحُ الارضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا ۔۔۔ الرأسَ: سر مونڈنا ۔۔۔ الشیءَ الشدیدَ۔ نرم کرنا ۔۔۔ القملۃَ: جوں کو مار ڈالنا ۔۔۔ الثوبَ: کپڑے کا پہنا و بوسیدہ کرنا ۔۔۔ العینُ دمعَھا: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَہُ اللّٰہُ" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔
سَحِقَ (س) و **سَحُقَ** (ک) **سُحْقًا**۔ دور ہونا
سَحُقَ (ک) **سُحُوْقَۃً** الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا ۔۔۔ النخلۃُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوْق) ج سُحُق
سَحَّقَ۔ بہت باریک پیسنا۔
اَسْحَقَہٗ۔ دور کرنا۔ ہلاک کرنا ۔۔۔ الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا ۔۔۔ خُفُّ البعیرِ: گھس جانا ۔۔۔ الضرعُ: دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا
اِنْسَحَقَ۔ باریک ہونا ۔۔۔ القلبُ: دل کا شکستہ ہونا ۔۔۔ الشیءُ: کشادہ ہونا، دور ہونا ۔۔۔ الثوبُ: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا

۔۔۔ الدلوُ: ڈول کا خالی ہو جانا۔
السَّحْق۔ مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ و سَحْقُ ثوبٍ" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سَحْقُ درہم" کھوٹا درہم۔ ج سُحُوْق۔
السُّحْق و السُّحُق۔ دوری۔ کہا جاتا ہے "سُحْقًا لہٗ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔
السَّحِیْق۔ دور۔ مِسْکٌ سَحِیْقٌ: باریک پسی ہوئی مشک
السَّوْحَق۔ لمبا۔ یا لمبا مرد۔
السَّحَاقَۃ۔ بہت پیسنے والا۔ امرأۃ سحاقۃ: عورت جس کی پستانیں لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔
السَّحِیْقَۃ۔ سحیق کا مونث۔ زور کی بارش جو ہر چیز کو بہا لیجائے ج سَحَائِق۔
دمع (مَسْحَق) بہتے ہوئے آنسو ج مَسَاحِق (نادر)، کہا جاتا ہے "جَرَتْ مِنْ عَیْنِہٖ مَسَاحِیْقُ الدُّمُوْعِ" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔
الاَسْحَق۔ دور۔
المِسْحَق۔ جس سے پیسا جائے
سَحَکَ (ف) **سَحْکًا**۔ پیسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔
سَحَلَ (ف) **سَحْلًا**۔ الشیءَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا ۔۔۔ رجلً: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ ۔۔۔ الغریمَ مائۃ درہم: قرضخواہ کو نقد ادا کرنا ۔۔۔ ہٗ مائۃ سوط: مارنا ۔۔۔ الثوبَ: کچے دھاگے سے بُننا ۔۔۔ الحبلَ: رسی کو اکہرا بٹنا
سَحَلَتْ سَحْلًا و سُحَالًا العینُ: رونا
سَحَلَ (ض) **سَحِیْلًا و سُحَالًا** البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔
سَاحَلَہٗ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ ساحلَ القومَ باولادہم: ساحل پر لانا۔
اُسْحِلَ۔ گالی خوردہ پانا۔

اِنْسَحَلَ۔ چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ ۔۔ بالکلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَتِ الدراہمُ: چمکدار ہونا۔
السَّحْل۔ مص۔ (السَّحَل) ج اَسْحَال سُحُوْل و سُحُل و (السَّحِیْل) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔
السَّاحِل۔ فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سواحل
السِّحَال۔ لگام۔
السُّحَلَۃ۔ چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہو گیا ہو۔
السُّحَالَۃ۔ چاندی سونے کا برادہ۔ گیہوں جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ
الاِسْحِل۔ ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔
الاَسَاحِل۔ پانی کی نالیاں۔
المِسْحَل۔ سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر چست ساقی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَہٗ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المُسْحَل: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب۔ چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا پرنالہ۔ بہت بارش جیسی آدمی۔ سخاوت و فیاضی گدھے کا کچہ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِل۔
السُّحَال و السَّحِیْل۔ ہنہناہٹ۔
شاب (مُسْحَلَان و مُسْحُلَانِیّ) لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مونث مُسْحَلَانَۃ و مُسْحُلَانِیَّۃ۔
المَسْحُوْل۔ مفع چھوٹا حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔
رجل (اِسْحَلَانُ اللحیۃ): لمبی داڑھی والا مرد امرأۃ (اِسْحَلَانِیَّۃ) لمبے قد والی خوبصورت عورت۔
السَّحْلَال۔ بڑے پیٹ والا۔
السُّحْلُوْت۔ بیباک عورت

سَحَمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحَماً۔ کالا ہونا۔ صفت اَسْحَمُ، مونث سَحْمَاء ج سُحْم
سَحَّمَ۔ وجہہ: چہرہ کالا کرنا۔
اَسْحَمَتِ۔ السماءُ: برسانا۔
السُّحَام والسَّحَام والسُّحْمَة۔ سیاہی
الاَسْحَم۔ سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھوں کو ڈبوتے تھے۔
السَّحَم۔ لوہا (— والسَّحِیمُ والاَسْحمان) ایک درخت کا نام۔
السَّحَمَة۔ لوہے کا ٹکڑا
السُّحُم۔ لوہار کے ہتھوڑے۔
سَحَنَ (ف) سَحْناً۔ الحجرَ: پتھر توڑنا — الخشبَۃَ: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا — الشیءَ: باریک پیسنا۔
سَاحَنَہ۔ ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ ساحنہ الشیءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا۔ (— وتَسَحَّنَہ) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ روغن کو دیکھنا۔
السَّحْنَة والسَّحَنَة والسَّحْنَاء والسَّحَنَاء ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔
المِسْحَنَة۔ پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِن۔
سَحَاہ یَسْحَاہ ویَسْحُوہ ویَسْحِیہ سَحْیاً چھیلنا — الطینَ: کھرچنا۔ صفت (ساحٍ) ج سُحَاۃ وسَاحُون مونث سَاحِیَۃ — الشعرَ: مونڈنا (— واَسْحَی اِسْحَاءً وسَحَّی تَسْحِیَۃً) الکتابَ: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔
اِسْتَحَی اِسْتِحَاءً۔ الشیءَ: چھیلنا — الشعرَ: مونڈنا۔ اِسْتَحَی منہ: شرم کرنا۔
السِّحَاءَۃ۔ من الکتاب: خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سَحَاءَۃ۔ السحاءۃ: دماغ کی جھلی۔ ج سُحِیّ۔
السَّحَاۃ۔ میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چمگادڑ۔ ج سُحِیّ۔

السِّحَایَۃ بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔
السَّاحِیَۃ۔ سیلاب۔ زور کی بارش۔
السَّحَّاء۔ بیلچہ بنانے والا
الاُسْحُوان۔ بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔
المِسْحَاۃ۔ بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاحٍ
سَخَتَ (ن) سَخْتاً۔ الجرادۃُ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا — فی السیر والحفر: دور تک جانا یا کھودنا۔
السَّخَاخ۔ نرم عمدہ زمین۔
سَخَا (ن) سَخَا النارَ تحتَ القدرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔
السَّخَب۔ شور۔
السِّخَاب۔ لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وجدتک وارث السِّخَاب" یعنی میں نے تم کو مانند بچہ کے نا سمجھ پایا۔ ج سُخُب۔
اِسْخَاتَّ اِسْخِیتَاتاً۔ الجرحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔
السَّخْت والسِّخِّیت۔ سخت
السُّخْت۔ کھردار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔
المَسْخُوت۔ تاباں۔ چمکیلا۔
السِّخْتِیت۔ بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔
السِّخْتِیَان والسَّخْتِیَان۔ دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
السَّخَاوِج۔ علی وزن الجمع: بے نشان اور بے پانی والی زمین
سَخَّدَ تَسْخِیداً۔ ورق الشجر: نمی پہنچنے سے ایک دوسرے سے درخت کے پتوں کا چپک جانا۔
السُّخْد۔ ورم۔ آماس۔
السُّخْد۔ زرد رنگ کا گدلا پانی جو رحم سے ولادت کے وقت نکلتا ہے۔
المُسَخَّد۔ دل تنگ زرد رنگ چہرہ پر ماس والا
شَبَابٌ (سَخْوَدٌ) نازونعمت کے ساتھ اچھی جوانی۔
السَّخْدُود۔ تیز فہم مرد۔
سَخَرَہ (ف) سِخْرِیّاً وسُخْرِیّاً وسُخْرَۃً وتَسْخِرَۃً واِسْتَسْخَرَہ۔ بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخَرَتْ (ف) سَخْراً۔ السفینۃُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (ساخرۃ) ج سَوَاخِر۔
سَخِرَ (س) سَخَراً وسَخْراً وسُخْراً وسُخُراً ومَسْخَراً وتَسْخَاراً واِسْتَسْخَرَ۔ بہ ومنہ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "انا اقولُ ہذا ولا اَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُّخْرَۃ۔ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار بیگاری۔ (— والسُّخْرِیَّۃ) ٹھٹھا۔
المَسْخَرَۃ۔ وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے (لغت عامیہ)
السَّخْسَخ۔ (السخاخ) عمدہ نرم زمین۔
سَخِطَ (س) سَخَطاً۔ الرجلَ وعلیہ: غضبناک ہونا — الشیءَ: ناپسند کرنا۔
اَسْخَطَہ۔ غضبناک کرنا۔
تَسَخَّطَہ۔ ناراض ہو کر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا — العطاءَ: کم سمجھنا۔
السُّخْط والسُّخُط والسَّخَط۔ ناراضی۔ اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوط۔ مفعو۔ ناپسندیدہ۔
المَسْخَط والمَسْخَطَۃ۔ سبب ناراضی ج مَسَاخِط۔
سَخُفَ (ک) سُخْفاً وسَخَافَۃً۔ کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغزلُ: باریک ہونا — السقاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَہ۔ کم عقل قرار دینا

مُساخفة - بیوقوفی میں مدد دینا۔
السُّخفة - والسَّخافة - لاغری - کمزوری کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا مِن سُخفَةِ عقلِکَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السَّخف - تنگ گزارہ کی زندگی (--- والسُّخف) کم عقلی۔
السَّخیف - کم عقل۔ ثوبٌ سَخیفٌ: باریک جھرجھرا کپڑا۔ رجلٌ سَخیفٌ - کمزور عقل والا۔ سَخیفُ العقل: ناقص عقل والا۔ رائی سَخیفٌ: کمزور رائے۔ سحابٌ سَخیفٌ: پتلا بادل۔
السَّخافة - ہر چیز کی کمزوری۔
ارض (مُسخِفة) کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَ (ف) سَخلًا - صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشیء: قریب سے لینا۔
سَخَّلَه - عیب لگانا۔ کمزور کرنا
اَسخَلَ - الامر: پیچھے کرنا۔
السَّخیل - ... من القوم: رذیل ج سُخَل و سُخلان۔
السَّخلة - بکری کا بچہ۔ ج سَخل و سِخال و سُخلان و سِخَلة۔
السُّخالة - چھوڑن۔ چھلکن۔
المَسخول - فرومایہ۔ ضعیف۔ مجہول۔ اور اسی سے ہے "کواکبُ مَسخولة" یعنی مجہول ستارے۔
سَخِمَ - اللحمُ: گوشت کا بدبودار ہونا --- الماءَ: پانی گرم کرنا --- الله وجهه: سیاہ رو کرنا --- ه بصدرہ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ - علیه: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السَّخَم - سیاہی۔
السُّخمة - سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُّخام - کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لیلٌ سُخامٌ: کالی رات (--- السُّخامی والسُّخامیة) خوشگوار شراب۔
الاَسخَم - کالا۔ مونث سَخماء ج سُخم۔

السُّخامی - کالا۔
السَّخیمة - کینہ۔ کہا جاتا ہے "سَلَلتُ سَخیمتَه باللطف والترضّی" میں نے اس کے کینہ کو لطف و رضامندی سے نکال لیا۔ پاخانہ۔ حدیث میں ہے "من سَلَّ سَخیمتَه علی طریقٍ فعلیه لعنةُ الله" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخائم۔
المُتَسَخِّم - مغم۔ کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) و سَخِنَ (س) و سَخُنَ (ک) سُخونة و سَخانة و سَخنًا و سُخنًا و سُخنة - گرم ہونا۔
سَخَنَه (ن) سَخنًا - بالضرب: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "ما اَسخَنَ ضربَه" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَت (س) سَخنًا و سُخونًا و سُخنةً - عینُه: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
اَسخَنَ و سَخَّنَ - الشیءَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسخَنَ عینَه وبِعَینِه" یعنی اس کو رلا دیا۔
السُّخن والسُّخنة والسَّخنة والسِّخنة والسَّخَنة والسُّخونة - گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَیکَ بالامر عند سُخنته" معاملہ کو اس کے ابتدا ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُّخن والسَّخنان والسُّخنان والسَّخنان - گرم۔
ماءٌ سَخینٌ گرم پانی۔ ضربٌ سَخینٌ: تکلیف دہ مار۔ السِّخّین: کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخاخین۔
السّاخن فا۔ گرم۔ ج سُخّان۔ مونث ساخنة۔ کہا جاتا ہے "لیلةٌ ساخنةٌ" گرم رات۔
السُّخاخین - گرم۔ کہا جاتا ہے "ماءٌ سُخاخین" گرم پانی (کلام عرب میں مُفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں ہے)
السَّخین - ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَّخینة - ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔

التَّساخین - ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں (جمع ہے جس کا واحد نہیں اور یا تَسخَن یا تَسخان واحد ہے)
المِسخَنة - ہانڈی۔ ج مَساخن۔
سَخا یَسخُو و سَخِیَ یَسخَی و سَخُوَ یَسخُو سَخا و سَخاء و سَخاوة و سُخُوًّا و سُخُوة - فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَخَت نفسی و بنفسی عن الشیء" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔
سَخا النارَ یَسخُوها و سَخوًا و یَسخاها سَخوًا و سَخیًا - راکھ نکال کر آگ جلانا --- القِدرَ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا --- الرجلُ: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔
تَساخی و تَسَخّی - بتکلف فیاض بننا۔
السَّخاوة - فیاضی۔ بخشش۔
السَّخاءة - ایک قسم کی سبزی۔ ج سَخاء۔
السَّخیّ - فیاض۔ ج اَسخیاء و سُخَواء۔ مونث سَخیّة ج سَخایا و سَخیّات۔
الارض (السَّخواء) کشادہ نرم زمین۔ ج سَخاوی و سَخاوَی۔
ارض (سَخاویة) نرم کشادہ زمین ج سَخاوی
مَسخی - النار: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تاکہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔
المِسخاة - چمچٹی۔ آگ کی کریدنی۔
سَدَّ (ن) سَدًّا - الاناءَ: برتن بند کرنا۔ --- الثلمةَ: رخنہ درست کرنا --- الباب: دروازہ بند کرنا۔
سَدَّ (س ض) سَدَدًا و سَدادًا - درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہو یَسِدُّ فی قوله" وہ ٹھیک بات کہتا ہے۔ "و قلتُ له سَدادًا من القول و سَدَدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کہی --- الشیءُ: سیدھا ہونا۔
سَدَّدَ - الرمحَ: سیدھا کرنا --- ه: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

اَسَدَّ۔ الشَّیْءُ: سیدھا ہونا۔۔۔ رَجُلٌ: راہ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا

تَسَدَّدَ۔ سیدھا ہونا۔۔۔ الشَّیْءُ: درست ہونا۔

اِنْسَدَّ و اِسْتَدَّ اِنْسِدَادًا و اِسْتِدَادًا بند ہونا۔

اِسْتَدَّ۔ الشَّیْءُ: درست ہونا۔

اَلسَّدُّ و السُّدُّ۔ ج اَسْدَاد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضُرِبَتْ علیہ الارضُ بالاَسْدَادِ" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہو گئے۔ والسَّدُّ ج اَسِدَّۃ: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسُّدُّ۔ ج سُدُود: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جراد سُدٌّ" یعنی ٹڈی دل۔ والسُّدُّ۔ ج سِدَدَۃ: وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی۔ سایہ۔

کلامٌ (سِدٌّ) صحیح و درست کلام۔

السَّدَد۔ مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السَّدَاد۔ مص۔ درستی و راستی۔ ہدایت

السِّدَاد۔ ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔

السِّدَادَۃ۔ ڈھکنا۔

السُّدَاد۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رجل (سَدَّاد) راہ راست پر رہنے والا مرد

السُّدَّۃ۔ دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سُدَد۔

عَیْنٌ (سَادَّۃ) اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ ج سُدُد۔

الاَسَدّ۔ ج سُدّ و (السَّدِید) ٹھیک درست حق کا قصد کرنے والا۔

المَسَدّ۔ بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سَدَّ مَسَدَّہ" یعنی قائم مقام۔

سَدَجَ (ن) سَدْجًا۔ بالشَّیْءِ: گمان کرنا (۔۔۔ و تَسَدَّجَ) جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سَدَّاج)

اِنْسَدَجَ۔ اوندھا گرنا۔

سَدَحَہُ (ف) سَدْحًا۔ ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا۔۔۔ النَّاقَۃَ: اونٹنی کو بٹھانا۔۔۔ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔ سَدَحَ بالمکان۔ اقامت کرنا (سَدَحَہُ و سَدَّحَہُ) قتل کرنا۔

اِنْسَدَحَ۔ چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔

السَّادِح۔ فا۔ مالدار۔ صاحب فراخی و ارزانی۔ مونث سَادِحَۃ۔ السَّادِحَۃ: گھٹاٹوپ بادل۔

السَّدِیح و المَسْدُوح۔ چت لیٹا ہوا۔

اِنْسَدَحَ۔ پھیلنا۔

سَدَرَ (ن ض) سَدْرًا و سُدُورًا۔ الشَّعَرَ: بال لٹکانا۔۔۔ الثَّوبَ: کپڑا پھاڑنا۔ لمبا لٹکانا۔۔۔ الرجلُ فی البلاد: جا کر واپس آنا۔

سَدِرَ (س) سَدَرًا و سَدَارَۃً۔ حیران ہونا۔ لاپرواہ ہونا۔۔۔ البعیرُ: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سَادِر) کہا جاتا ہے "تکلم سادرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

اِنْسَدَرَ۔ الشَّعرُ: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "اِنْسَدَرَ یَرْکُضُ" وہ آہستہ دوڑا نیچے اترنا اور ہمیشہ چلنا۔

تَسَدَّرَ۔ بِثَوبِہ: اوڑھ لینا۔

السِّدْر۔ بیر کا درخت۔ ج سُدُور۔

السِّدْرَۃ۔ بیر کا درخت۔ ج سِدْرَات و سِدَرَات و سِدِرَات و سِدَر۔ و سِدْرَۃُ المُنْتَہٰی" ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لیے منتہا ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔

السَّدِر۔ حیران۔ سمندر۔ نَاقَۃٌ سَدِرَۃٌ: بوڑھی اونٹنی۔

السَّدَار۔ پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔

السَّدَّار۔ بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔

السَّدِیر۔ تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِیرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔

الاَسْدَرَان۔ آنکھ کی دو رگیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جاء یضرب اَسْدَرَیْہِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔

سَدَسَ (ض) سَدْسًا۔ القومَ: چھٹا ہونا۔

سَدَسَ (ن) سَدْسًا۔ القومَ: چھٹا حصہ لینا۔

سَدَّسَ۔ الشَّیْءَ: چھ پہل بنانا۔

اَسْدَسَ۔ القومُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا۔۔۔ البعیرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔

السِّدْس۔ اونٹ کے لیے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ سِتّ کی اصل سِدْس ہے۔

السُّدُس و السُّدْس۔ چھٹا حصہ ج اَسْدَاس۔ اور کہا جاتا ہے "ہو یضرب اخماسًا لِاَسْدَاسٍ" وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔

السَّدَس۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ

السَّادِس۔ فا۔ چھٹا۔ مونث سادسۃ۔

السُّدَاسِیّ۔ چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنجبیل۔ کہا جاتا ہے "جاءوا سُدَاسَ" وہ لوگ چھ چھ ہو کر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے،

السُّنْدُس و السَّنْدُس۔ سبز رنگ کی چادر۔ السُّدْدُس: چراغ کی سیاہی۔

السَّدِیس۔ چھٹا حصہ۔ ج سُدُس چھ

سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔

المُسَدَّسُ: شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔ المُسَدَّس: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔

سَدَعَهُ (ف) سَدْعًا۔ ذبح کر کے پھیلانا ۔۔۔ الشیءَ بالشیءِ: ٹکرانا۔

سُدِعَ۔ رنج واذیت پہنچایا جانا۔

السَّدْعَةُ۔ رنج واذیت۔

المِسْدَعُ۔ اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔

سَدَفَ (ض) سَدْفًا۔ القومُ: تاریکی میں داخل ہونا ۔۔۔ الحجابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوف)

أَسْدَفَ۔ سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا ۔۔۔ القومُ: تاریکی میں داخل ہونا ۔۔۔ اللیلُ: تاریک ہونا۔ صفت (أَسْدَف) مونث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ ۔۔۔ الفجرُ: روشن ہونا ۔۔۔ السترَ: پردہ اٹھانا ۔۔۔ المرأةُ القناعَ: برقعہ ڈالنا۔ أَسْدَفَ عن کذا: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَسْدِفِ البابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ۔ تاکہ گھر میں روشنی ہوسکے۔

سَدَّفَهُ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

السَّدَفُ۔ تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج أَسْدَاف۔

السَّدُفُ۔ وجود جو دور سے دکھائی دے ج سُدُوف۔

السُّدْفَةُ والسَّدْفَةُ۔ تاریکی۔ روشنی (ضد) السُّدْفَةُ: دروازہ۔ دروازے کا چھجہ جو اس کو بارش سے بچائے۔

السَّدِيفُ۔ کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا ج سِدَاف وسَدَائِف۔

السِّدَافَةُ۔ پردہ۔

السَّذَق والسَّوذَق۔ سذق وسوذق کی تصحیف ہے۔

السِّيذَاق۔ ایک تنہ دار درخت کا نام جس کی چھال تیز جلتی ہے اور اس کی راکھ سے کتاں کے دھاگے کو سفید کرتے ہیں۔

سَدِكَ (س) سَدَكًا وسَدْكًا۔ بالامر: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِكٌ) ہے۔ کہا جاتا ہے "ہو سَدِكٌ بالرُّمح" بہت نیزہ مارنے والا ہے۔

سَدَلَ (ن ض) سَدْلًا وسُدُولًا۔ الشعرَ او الثوبَ: بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثوبَ: کپڑا پھاڑنا ۔۔۔ فی البلاد: جانا۔

سَدِلَ (س) سَدَلًا۔ خلقۃً جھکاؤ والا ہونا۔

تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ۔ لٹکنا۔

سَوْدَلَ۔ الرجلُ: لمبی مونچھوں والا ہونا

السِّدْلُ۔ ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔

(۔۔۔ والسُّدْلُ) پردہ ج أَسْدَال وأَسْدُل وسُدُول۔ کہا جاتا ہے "أَرْخَى اللیلُ سُدُولَہ" رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھا گئی۔

السَّدَلُ۔ جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فیہ سَدَلٌ إلى جانبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔

السَّدِيلُ۔ ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ ج سُدُل وأَسْدَال وسَدَائِل۔

شعر (مُسَدَّل) بہت لمبے بال۔

السَّوْدَلُ: مونچھ

سَدَمَ (ن) سَدْمًا۔ البابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔

سَدِمَ (س) سَدَمًا۔ ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا ۔۔۔ بالشیءِ: بہت خواہشمند ہونا۔ حریص ہونا ۔۔۔ الماءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔

سَدَّمَ۔ الماءَ طولُ عہدِہ: متغیر کر دینا۔

ماءٌ سَدْمٌ وسَدُمٌ وسَدِمٌ وسُدُمٌ۔ کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی۔ جمع کے لیے کہا جاتا ہے۔ میاہٌ سُدُمٌ وأَسْدَامٌ وسِدَامٌ۔ رجل سَدِمٌ: غضبناک مرد۔

السَّدَمُ۔ ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔

السَّدْمَانُ۔ ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "ہو سَدْمَانُ نَدْمَانُ"

سَدُومُ۔ سیدنا لوط علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی قوم کا گاؤں۔ بعض سذوم بالذال کہتے ہیں۔

السَّدِيمُ۔ ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا ۔۔۔ ج سُدُم: کہرا یا باریک کہرا۔

سَدَنَ (ن ض) سَدْنًا وسِدَانَةً۔ کعبہ یا بتخانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة۔ کہا جاتا ہے "ہو سَادِنُ فلانٍ وآذِنُہ" یعنی فلاں کا دربان ہے۔ سَدَنَ السترَ: پردہ لٹکانا۔

السِّدْنُ والسَّدَنُ ج أَسْدَان و (السِّدَان) پردہ۔

سِدَانَةُ۔ الکعبۃِ: کعبہ کی خدمت۔

السَّدِينُ۔ چربی۔ اون خون۔ پردہ۔

السَّدَانُ۔ نہائی۔ صحیح لفظ سندان ہے۔

سَدَا يَسْدُو سَدْوًا۔ بیدہ نحو الشیءِ: کسی چیز کی طرف ہاتھ بڑھانا ۔۔۔ الصبیُّ بالجوز: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ الناقۃُ فی المشیِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَہ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

أَسْدَى إِسْدَاءً۔ النخلُ: خلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً۔ بیدہ: ہاتھ بڑھانا

—— الصبیُّ بالجوزِ : اخروٹ سے کھیلنا ——
الفرسُ : پسینہ والا ہونا ۔
السَّادِیُ ۔ فا ۔ چھٹا مونث سَادِیَۃ ۔ ج
سَوَادٍ ۔ النُّوقُ السَّوَادِی : کشادہ قدم رکھنے والی
اونٹنیاں ۔
سَدِیَ یَسْدَی سَدًی ۔ البُسرُ : غلافِ
خرما کا ڈھیلا پڑنا ۔ صفت (سَدٍ) —— الارضُ :
زمین کا بہت نمناک ہونا —— اللیلۃُ : بہت
شبنم والی ہونا ۔ صفت (سَدِیَۃ)
سَدَی یَسْدِی سَدْیًا ۔ الثوبَ :
تانا تننا ۔
سَدَّی ۔ الثوبَ (تسدیۃ) تانا تننا ۔
—— الیہ : احسان کرنا —— معروفًا : بھلائی
کرنا —— الارضَ : نمناک کرنا ۔
اَسْدَی اِسْدَاءً ۔ الثوبَ : تانا تننا ۔
کہا جاتا ہے "اَتِمَّ ما اَسْدَیْتَ" یعنی جس احسان
کو تم نے شروع کیا ہے اُسے پورا کرو —— الیہ :
احسان کرنا —— الارضَ : نمناک کرنا ——
بینہما : اصلاح کرنا —— الامرَ : بیکار چھوڑنا
تَسَدَّی تَسَدِّیًا ۔ الشیءَ : سوار ہونا
چڑھنا ۔ اوپر سے پکڑنا —— الثوبَ : تانا تننا
السَّدَی ۔ تانا ۔ ج اَسْدِیَۃ ۔ نمی ۔ شبنم ۔
شہد ۔ بھلائی ۔ (—— والسَّداء) سبز کچی کھجور
السَّدَاۃُ ۔ من الثوب : تانا ۔ کہا جاتا ہے
"ما اَنْتَ بلُحْمَۃٍ ولا سَدَاۃٍ" یعنی تم سے نہ کچھ
نفع ہے نہ نقصان ۔
ابلٌ (سُدًی وسَدًی) بیکار چھوڑے ہوئے
اونٹ (واحد وجمع کے لیے) کہا جاتا ہے ۔
"ذَہَبَ کلامُہ سُدًی" اس کی گفتگو لغو و
بیکار گئی ۔
الاَسْدِیُّ والاُسْدِیُّ ۔ وہ کپڑا جس
کا تانا کیا گیا ہو ۔
المِسْدَاۃُ ۔ تانا تننے کا آلہ ۔
السَّذَابُ ۔ ایک بدبودار پودہ جس کے
پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں ۔

السُّذْبَۃ ۔ ایک قسم کا برتن ۔
السَّاذَج ۔ سادہ کا معرب ۔ ایک قسم کی
گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے ۔
تیزپات ۔
السَّذَاجَۃ ۔ سادگی ۔
السَّذَقُ ۔ سدہ کا معرب ۔ ایرانیوں کا
ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحراء و
بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے ۔
السَّوْذَقُ السَّیْذَاقُ والسَّیْذَقَانُ
والسَّیْذَقَانُ ۔ کنگن ۔ شکرا ۔ السَّوْذَقُ :
زنجیر کا حلقہ
السَّوْذَنِیقُ ۔ چست ۔ چالاک شکرہ ۔
السَّذَانِقُ والسَّوْذَنِیقُ والسَّوْذَانِقُ
شکرا ۔
سَرَّہٗ (ن) سُرُوْرًا و مَسَرَّۃً و سُرًّا و
سُرًّی و تَسِرَّۃً ۔ خوش کرنا ۔
سَرَّہٗ (ن) سَرًّا ۔ ناف میں نیزہ مارنا ——
الصبیَّ : بچے کا نال کاٹنا —— فلانًا : پھولوں
کا گلدستہ دے کر مبارکباد دینا ۔
سَرَّ (س) سَرًّا ۔ ناف میں درد ہونا ۔
سُرَّ سُرُوْرًا ۔ خوش ہونا ۔ صفت (مَسْرُوْر)
—— الصبیُّ : ولادت کے وقت نال کاٹا جانا
اَسَرَّہٗ اِسْرَارًا ۔ خوش کرنا ۔ اسرّ السرَّ : بھید
چھپانا ۔ بھید ظاہر کرنا (ضد) —— الیہ بکذا :
چپکے سے بیان کرنا —— الیہ بالمودّۃ و بالمودّۃ :
اپنی دوستی کو پہنچانا ۔
سَرَّرَہٗ ۔ خوش کرنا ۔ سَرَّرَ سُرِّیَّۃ : لونڈی سے
شادی کرانا ۔ اس میں ایک لغت تَسَرَّاہ بھی ہے
سَارَّہٗ ۔ پوشیدہ بات کرنا ۔ کان میں بات
کرنا ۔
تَسَرَّرَ ۔ لونڈی بنانا ۔ اس میں ایک لغت
تَسَرَّی بھی ہے جیسے تَظَنَّنَ میں تَظَنَّی ——
الثوبُ : کپڑے کا پھٹنا ۔
تَسَارَّ ۔ القومُ : باہم سرگوشی کرنا اور ایک
دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا ۔ کہا جاتا ہے ۔

"تَسَارّ زیدٌ الی ما تَسُرُّہ" یعنی جس سے تم کو مسرت
ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے ۔
اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا ۔ لونڈی کو ہمخوابی کے
لیے مخصوص کرنا —— عنہ : چھپنا —— القمرُ :
چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار
سے ماخوذ ہے) —— الشیءُ : چھپانے میں مبالغہ
کرنا —— الرجلُ : خوش ہونا —— الرجلُ : اپنے
بھید کو کسی سے ظاہر کرنا ۔
السَّارّ ۔ مع ۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی
کر کے خوش ہونے والا مرد ۔ اور اسی طرح "قومٌ
بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے
لوگ ۔
السِّرُّ ۔ ج اَسرار : بھید راز ۔ کہا جاتا ہے "صُدُورُ
الاَحرارِ قُبُورُ الاَسرارِ" احرار کے سینے بھید کے لیے
قبر ہیں ۔ "رجلٌ سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور
پر کرنے والا مرد ۔ "وفلانٌ سِرُّ ہذا الامرِ" فلاں
اس امر کا جاننے والا ہے ۔ السِّرُّ : طریقہ ۔ وسط ۔
وادی کا درمیان ۔ خالص چیز ۔ عمدہ و افضل
چیز ۔ پاک و عمدہ زمین ۔ قمری مہینہ کی پہلی
رات ۔ یا آخری رات ۔ یا درمیان مہینہ ۔ اصل
ہر چیز کا جوف و مغز ۔ ج اَسِرَّۃ جیسے قِنٌّ کی جمع
اَقِنَّۃ ۔
السِّرُّ والسُّرُّ ۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط ۔
ج اَسرار جج اَسارِیر ۔ الاَسارِیرُ : چہرہ کی
خوبیاں ۔
السُّرُّ ۔ نال جس کو دائی جنائی ولادت کے
وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے ۔ ج اَسِرَّۃ اور
سُرّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے ۔
السَّرَرُ والسُّرَرُ ۔ ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط
ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کاٹتی ہے
السِّرَرُ : قمری مہینے کی آخری رات ۔ کسی چیز کا
کھوکھلا ہونا ۔
السَّارَّۃ ۔ گلدستہ ۔
السُّرَّۃ ۔ نال جس کے ذریعہ سے جنین کے
پیٹ میں غذا پہنچتی ہے ۔ ناف ۔ ج سُرَرات و سُرَر

سُرَّۃُ الوَادِی: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔ سُرَّۃُ البَلَدِ: وسط شہر۔ سُرَّۃُ الحَوضِ: حوض کی تہ جہاں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ سُرَّۃُ الفَرَسِ: ایک ستارہ۔ اِمرَأۃٌ سُرَّۃٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

السُّرُودُ۔ خوشی۔

السُّرُورُ۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔

السَّرِیرُ۔ تخت۔ عموماً تخت شاہی کے لیے بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "زَالَ عَن سَرِیرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔ خوابگاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ کہا جاتا ہے "ضَرَبُوا أَسِرَّۃَ رُؤُوسِہِم" انہوں نے ان کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔ فراخی زندگانی۔ ٹیلہ پر کی ریت۔ ج أَسِرَّۃٌ و سُرُرٌ۔

السَّرِیرَۃُ۔ بھید۔ راز۔ وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔ نیت۔ کہا جاتا ہے "ہو طَیِّبُ السَّرِیرَۃِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ ج سَرَائِرُ۔

السُّرِّیَّۃُ۔ لونڈی جو ہمخوابی کے لیے مخصوص کی جائے۔ ج سَرَارِیُّ۔ اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرٌّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

السَّارُّ۔ بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

السَّرَّاءُ۔ خوشی۔ خوشحالی۔ کہا جاتا ہے۔ "ہو صَدِیقُہُم فِی السَّرَّاءِ والضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوشحالی و بدحالی میں دوست ہے۔ سنگریزہ والی زمین۔ أَرضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔ السَّرَّاءُ مجوف نالی۔

السِّرَارُ۔ ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ لکیریں ج أَسِرَّۃٌ۔ السِّرَارُ: قمری مہینے کی آخری رات۔

السَّرَارُ۔ خالص نسب۔ سَرَارُ الشَّہرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ سَرَارُ الوَادِی: وادی کی عمدہ جگہ۔

السَّرَارَۃُ۔ خالص نسب۔ وادی کا درمیان سَرَارَۃُ الشَّیءِ: عمدہ و خالص۔ ج سَرَار۔ السَّرَارَۃ: خلوص۔ کہا جاتا ہے "ہو بَیِّنُ السَّرَارَۃِ" وہ خلوص ہے جس کا خلوص ہونا ظاہر ہے۔ "و ہو فی سَرَارَۃٍ مِن عَیشِہٖ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

السَّارُورَاءُ۔ خوشی و خوشحالی۔

الأَسَرُّ۔ کھوکھلا چقماق — مِنَ الرِّجَالِ: اجنبی۔ زیادہ موٹا

المَسَرَّۃُ۔ مص۔ خوشی۔ نازبو کی شاخیں۔ ج مَسَارُّ۔

المِسَرَّۃُ۔ ایک جو نلدار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

المَسرُورُ۔ خوش۔ مونث مَسرُورَۃٌ۔

سَرَأَت (ف) سَرءًا و سَرَّأَت تَسرِئَۃً الجَرَادَۃُ أو السَّمَکَۃُ أو الضَّبَّۃُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا۔ — المَرأَۃُ: بہت اولاد والی ہو

أَسرَأَت۔ السَّمَکَۃُ: انڈے دینے والی ہونا

السَّرءُ و السِّرءُ و السَّرأَۃُ و السِّرأَۃُ ٹڈی مچھلی گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السَّرُوءُ۔ مِنَ السَّمَکِ و نَحوِہا: بہت انڈے والی۔ ج سُرُءٌ و سُرَّأٌ

أَرضٌ مَسرُوءَۃٌ: بہت ٹڈیوں والی زمین

سَرَبَ (ن) سُرُوبًا۔ المَاءُ: پانی کا جاری ہونا — الرَّجُلُ: کھسکتے چلے جانا — الإِبِلُ: چرنے کے لیے جانا۔ (— سَرَبًا) القِربَۃُ: مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا۔ الإِنَاءُ: برتن ٹپکنا — المَاءُ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا

سُرِبَ۔ ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے گھٹن لاحق ہونا۔ صفت مَسرُوبٌ۔

سَرَّبَ۔ الإِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا — إِلَی الأَشیَاءِ: ایک کے بعد ایک دینا — الحَافِرُ: دائیں بائیں کھودنا — القِربَۃَ: مشک میں پانی ڈالنا۔ (— وأَسرَبَ) المَاءَ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ۔ مِنَ المَاءِ: پانی سے بھرجانا — الوَحشُ فِی جُحرِہٖ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنسَرَبَ۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ — المَاءُ مِنَ الإِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا

السَّرَبُ۔ مص۔ جانور رجانب بلینہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخَلَّی السَّرَبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "خَلِّ لَہٗ سَرَبَہٗ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

السِّربُ۔ ہرنوں کا گلہ۔ پرندوں کی ڈار عورتوں کی جماعت۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ راستہ۔ دل۔ کہا جاتا ہے "فلان واسع السرب" فلاں کشادہ دل ہے۔ ج أَسرَابٌ۔

السَّرَبُ۔ وحشی جانور کا سوراخ۔ تہ خانہ نالی جس سے پانی آئے۔ مشک سے بہنے والا پانی۔ اور کہا جاتا ہے "طَرِیقٌ سَرِبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ ج أَسرَابٌ۔

السَّرِبُ۔ بہنے والا پانی۔ مَزَادَۃٌ سَرِبَۃٌ بہنے والی مشک۔

السَّرِبَۃُ۔ قریب کا سفر۔ مشک کی سیون

السُّربَۃُ۔ ہرن اونٹ وغیرہ کا ریوڑ طریقہ۔ انگور کی بیل کی قطار۔ کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ ج سُرَبٌ۔

السَّرَابُ۔ وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ جھوٹ اور مکروفریب کے لیے اس سے مثال دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "ہو أَخدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔

السَّارِبُ۔ فا۔ کھلم کھلا ظاہر۔ ظَبیَۃٌ سَارِبَۃٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن۔ (— والسَّرُوبُ) سیدھا جانے والا۔

المَسرَبُ۔ ج مَسَارِبُ: جانے کی جگہ۔

کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ وَمَسَارِجُ" وحشی جانوروں اور چوپایوں کے لیے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔ مَسْرَبُ الماءِ: پانی بہنے کی جگہ۔

المَسْرَبَة والمَسْرُبَة۔ چراگاہ۔ سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ آنسو نکلنے کی جگہ۔ دبر۔ ج مَسَارِبُ۔

المُنْسَرِب۔ بہت لمبا۔ تیز بہنے والا پانی۔

سَرْبَخَ۔ الرجلُ: خفیف وسبک ہونا آہستہ چلنا۔ دوپہر میں چلنا۔

السَّرْبَخ۔ کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے

قفر (سَرْبَاخ وَمُسَرْبَخٌ) بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔

مُسَرْبَطَة۔ لمبا پتلا خربزہ۔

سَرْبَلَہٗ۔ کرتا پہنانا۔

تَسَرْبَلَ: بالسربال: کرتا پہننا۔

السِّرْبَال۔ کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ ج سَرَابِیْل۔

السِّرْتَاج۔ بہت گھاس اُگانے والی نرم زمین۔

سَرَجَ (ن) سَرْجًا۔ جھوٹ بولنا ــــ المرأةُ شعرَہا: چوٹی بنانا

سَرِجَ (س) سَرَجًا۔ جھوٹ بولنا۔ خوبصورت چہرہ والا ہونا۔

سَرَّجَ۔ الشیءَ: خوبصورت بنانا۔ سَرَّجَہٗ اللہ: توفیق دینا۔ سَرَّجَ الشعرَ: چوٹی بنانا ــــ الحدیثَ: گھڑنا۔ کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَیَّ أُسْرُوجَۃً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔ وانہٗ لَیُسَرِّجُ الأَحَادِیْثَ تَسْرِیْجًا" وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔ عوام کہتے ہیں۔ "سَرَّجَ الثَّوْبَ" اس نے دور دور سلائی کی۔ اور صحیح شَرَّجَہٗ شین معجمہ سے ہے۔

أَسْرَجَ۔ الفرسَ: گھوڑے پر زین کسنا ــــ السراجَ: چراغ روشن کرنا۔

تَسَرَّجَ۔ علیہ: جھوٹا گمان کرنا۔

السَّرْج۔ زین۔ ج سُرُوج۔

السِّرَاج۔ چراغ۔ ج سُرُج۔ سِرَاجُ اللَّیْلِ جگنو۔

السِّیْرَج۔ تل کا تیل۔ اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔

السَّرَّاج۔ جھوٹا۔ زین ساز۔ و (السراجۃ) زین سازی کا پیشہ۔

السُّرَیْجِیَّات۔ سُرَیج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔

الأُسْرُوجَۃ۔ جھوٹ۔

المَسْرَجَۃ۔ چراغدان۔ ج مَسَارِج۔

المِسْرَجَۃ۔ چراغ۔ ج مَسَارِج۔

السَّرْجَم۔ لمبے قد والا۔

السِّرْجِن والسِّرْجِیْن والسِّرْجُون گوبر۔

سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا وسُرُوحًا۔ المواشی: جانوروں کا چرنے کے لیے جانا۔ ــــ السیلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا ــــ (سَرْحًا) المواشی: جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ سَرَحَہٗ: بھیجنا۔ سَرَحَ مَا فِی صَدْرِہٖ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

سَرِحَ (س) سَرَحًا۔ الرجلُ: کسی کا اپنے امور کے لیے نکلنا۔

سَرَّحَ۔ المواشیَ: جانوروں کو چرنے کے لیے چھوڑنا ــــ القومَ: آزاد کرنا چھوڑ دینا ــــ الزوجۃَ: طلاق دینا۔ اسم (السَّرَاح) ہے ــــ الیہ رسولاً: پیغامبر بھیجنا ــــ الامرَ: آسان کر دینا ــــ اللہُ فلانًا للخیرِ: بھلائی کی توفیق دینا۔ ــــ الشعرَ: کنگھا کرنا ــــ عنہ: کشادگی کر دینا

اِنْسَرَحَتِ۔ الدابۃُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا ــــ الرجلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ننگا ہونا۔

تَسَرَّحَ۔ من المکان: نکلنا ــــ عنہ: کشادگی کیا جانا ــــ الکتانُ: کتان کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔

السَّرْح۔ مص۔ جانور۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ ہر لمبا درخت۔ بے کانٹوں کا درخت۔ واحد (سَرْحۃ) ج سُرُوح۔

السَّرْحَۃ۔ جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو

خَیْلٌ (سُرُحٌ وناقۃ سُرُحٌ) تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ مِشْیَۃٌ سُرُحٌ: نرم چال۔ عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔

السِّرْحَان۔ بھیڑیا۔ شیر۔ حوض کا وسط۔ ج سَرَاحٍ وسَرَاحِیْ وسَرَاحِیْن۔ ذَنَبُ السِّرْحَانِ: فجر کاذب۔

السِّرْحَانَۃ۔ سرحان کا مونث۔

السَّرِیْح۔ من الامور: آسان۔ جلدی کیا ہوا جلدی۔ والسَّرِیْحُ مِنَ الخَیْلِ: ننگی پیٹھ کا گھوڑا۔

السَّرِیْحَۃ۔ تسمہ جس سے جوتہ وغیرہ سیا جائے کپڑے کا ٹکڑا۔ تنگ زمین کا روشن راستہ۔ ج سَرَائِح۔

السَّارِح۔ فا۔ چرواہا جو اونٹوں کو چلائے۔ جانور۔ مونث سَارِحَۃ۔ اور کہا جاتا ہے "مالہٗ سَارِحَۃٌ ولا رائحۃٌ" یعنی اُس کے پاس کچھ نہیں۔

المِسْرَح۔ ج مَسَارِح و (المِسْرَحۃ) کنگھی۔ بال یا کتان وغیرہ کے جدا جدا کرنے کا اوزار۔

المَسْرَح۔ چراگاہ۔ ج مَسَارِح۔

المُنْسَرِح۔ اوزان شعر کا ایک وزن (ــــ

السِّرْیَاح) مِنَ الخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ رجل سِرْیَاح: لمبا مرد۔ السِّرْیَاح: ٹڈی۔

السَّرَاح۔ تسریح کا اسم۔ کہا جاتا ہے "افعلہ فی سَرَاحٍ وَرَوَاحٍ" یعنی اس کو آسانی سے کرو۔

السُّرْحُوب۔ گیدڑ۔ لمبا متناسب الاعضاء ج سَرَاحِیْب۔

السِّرْحَال۔ بھیڑیا۔

سَرَدَ (ن ض) سَرْدًا وسِرَادًا۔ الجلدَ: چمڑے کو سینا ــــ الشیءَ: کسی چیز میں سوراخ کرنا ــــ الدرعَ: زرہ بننا ــــ الحدیثَ او

القراءةَ: اچھی طرح بیان کرنا یا پڑھنا۔ الصومَ: پے درپے روزے رکھنا۔ الکتابَ: جلدی سے پڑھنا۔

سَرَدَ و سَرِدَ (س) سَرْدًا۔ لگاتار روزے رکھنا۔

سَرَّدَ و اَسْرَدَ۔ الادیمَ ونحوہ: چمڑے وغیرہ میں سوراخ کرنا اور سینا۔ النخلُ: درخت خرما کا پانی نہ ملنے سے مرجھانا۔

تَسَرَّدَ۔ الدُّرُّ: موتیوں کا لڑی میں ترتیب وار ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَسَرَّدَ دمعُہ کما یَتَسَرَّدُ اللؤلؤُ" اس کے آنسو موتیوں کی طرح ترتیب وار ہیں۔

السَّرْد۔ مص۔ ہر زرہ اور حلقہ کے لیے اسم ہے۔ کہا جاتا ہے "نجومٌ سَرْدٌ"

السَّرَد۔ مص۔ لگاتار ہونا۔

السَّرَاد۔ پھل کو پانی نہ ملنے سے پژمردگی

السِّرَاد و السَّرِیْد و المِسْرَد۔ ستالی۔

المِسْرَد: زبان۔ دہرا سلا ہوا جوتہ۔

السَّارِد۔ موچی۔

السَّرَّاد۔ زرہ بنانے والا۔

المَسْرُوْد و المُسَرَّد و المَسْرُوْدَة۔ زرہ

السِّرْدَاب۔ تہ خانہ ج سَرَادِیْب۔

سَرْدَجَ۔ بیکار چھوڑنا۔

سَرْدَحَ۔ بیکار چھوڑنا۔

السِّرْدَاح و السِّرْدَاحَة۔ لمبی اونٹنی اور بقول بعض مضبوط پرگوشت اونٹنی۔

السِّرْدَاح: کیلے کے درختوں کا جھنڈ۔ واحد سِرْدَاحَة۔ اَرْضٌ سِرْدَاحَةٌ: ہموار زمین۔ دور کی زمین۔ ج سرادِح و سَرَادِیح۔

سَرْدَقَ۔ البیتَ: پردہ لگانا۔ شامیانہ لگانا۔ خیمہ لگانا۔

السُّرَادِق۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ بلند غبار یا دھواں جو کسی چیز کو محیط ہو۔ ج سُرَادِقَات۔

سَرِسَ (س) سَرَسًا۔ بدخلق ہونا۔ جہالت کے بعد دانا و ہوشیار رہنا۔

السَّرِیْس۔ عقلمند۔ زیرک۔ مقبوضہ چیز کا محافظ

سَرْسَرَ۔ الشفرةَ: دھار تیز کرنا۔

السُّرْسُوْر۔ زیرک۔ محبوب۔ خالص ساتھی کہا جاتا ہے "ہو سرسور مال" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔

السِّرْسَام۔ ایک دماغی بیماری کا نام۔

سَرَطَ (ن) و سَرِطَ (س) سَرْطًا و سَرَطَانًا و تَسَرَّطَ و اِسْتَرَطَ۔ الشیَٔ: نگلنا

اِنْسَرَطَ۔ الشرابُ فی حلقہ: حلق میں آسانی سے اترنا۔

السِّرَاط۔ واضح راستہ۔

السُّرَاط۔ من السیوف: بہت کاٹنے والی تلوار۔

السُّرَاطِیّ۔ بہت کاٹنے والی تلوار۔

(۔۔ والسُّرَط والسِّرْوَاط والسُّرَطَة والسَّرَّاط والسِّرْطِیط) جلدی نگلنے والا۔ بہت کھانے والا

السُّرُط: تیز چلنے والا۔

السُّرَیْطَی۔ اسم ہے سَرَطَ کا۔ نگلنا۔

السَّرَطَان۔ مص۔ کیکڑا۔ اور اس کا نام عقرب الماء بھی ہے اور عوام اس کو السَّلَطْعُون کہتے ہیں۔ السَّرَطَان: ایک برج آسمانی کا نام ایک پھوڑے کا نام جس میں کیکڑے کی ٹانگوں کی طرح رگیں دکھائی دیتی ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "فرسٌ سَرَطَانٌ او سَرَطَانُ الجَرْیِ" یعنی تیز دوڑنے والا گھوڑا

المَسْرَط و المِسْرَط۔ حلق۔ المِسْرَط: جلدی کھانے والا۔

سَرْطَعَ۔ گھبراہٹ کی وجہ سے تیز دوڑنا۔

السَّرْطَل و السَّرْطَم۔ بے ڈول۔ لمبا

السَّرْطَم و السِّرْطِم۔ بہت کھانیوالا۔

سَرِعَ (س) و سَرُعَ (ک) سُرْعَةً و سِرَعًا و سَرَعًا و سِرْعًا و سَرْعًا و سَرَاعَةً جلدی کرنا۔

سَارَعَ۔ الیہ: سبقت کرنا۔ فی الامر: کوشش کرنا۔

اَسْرَعَ۔ فی المشی: جلدی چلنا۔

تَسَارَعَ و تَسَرَّعَ۔ الی الامر: سبقت کرنا۔ جلدی کرنا۔ تَسَرَّعَ بالامر: سبقت کرنا۔

تَسَرَّعَ الامرُ: جلدی ہونا۔

السَّرْع و السِّرْع۔ انگور کی تازہ شاخ۔ ہر تر شاخ۔ ج سُرُوْع۔

سَرْعَانَ و سِرْعَانَ و سُرْعَانَ۔ اسم فعل مبنی بر فتحہ بمعنی اَسْرِعْ یعنی جلدی کرو۔ کہا جاتا ہے "سرعانَ القومُ" یعنی اے قوم جلدی کر۔ اور کبھی تعجب کے لیے آتا ہے۔ جیسے "لسرعانَ ما فعلتَ" یعنی تو نے کسقدر جلدی کی۔

سَرَعَانُ و سَرْعَانُ۔ القوم او الخیل: سب سے آگے کے لوگ یا گھوڑے۔ کہا جاتا ہے "جاء فی سَرَعَانِ الناس" وہ سب سے آگے کے لوگوں میں آیا۔

السَّرِیْع۔ جلد باز۔ ج سُرْعَان۔ مونث سَرِیْعَة۔ ج سِرَاع۔ اشعار کے اوزان میں ایک وزن۔

السَّرِع و السَّرْعَان۔ جلد باز۔ مونث سَرْعَی

الاَسَارِیْع۔ کمان کی لکیریں۔ کہا جاتا ہے "قوسٌ ذات اَسَارِیع" لکیروں والی کمان سفید جسم سرخ سر والے کیڑے واحد (اُسْرُوع و یُسْرُوع)

المِسْرَع و المِسْرَاع۔ خیر یا شر کی طرف جلدی لپکنے والا۔ ج مَسَارِع و مَسَارِیع

السُّرْعُوب۔ نیولا

سَرْعَفَ سَرْعَفَةً۔ الصبیَّ: بچے کی اچھی طرح پرورش کرنا۔

تَسَرْعَفَ۔ الصبیُّ: بچہ کا اچھی طرح پرورش پانا

السُّرْعُوف۔ نازک و سبک گوشت۔ مونث سُرْعُوفَة۔ السُّرْعُوفَة: لمبے قد کی نازک بدن عورت ٹڈی۔ کپڑے کو چاٹنے والا کیڑا۔

سَرِغَ (س) سَرْغًا۔ انگور کے گچھوں کو مع ڈنڈی کے کھانا۔

السَّرْغ ۔ انگور کی شاخ ۔ ج سُرُوغ ۔

سَرِفَتْ (ن) سَرَفًا ۔ السُّرْفَةُ الشجرةَ : کیڑے کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا ۔۔۔ الامُّ ولدَہا : ماں کا بچہ کو زیادہ دودھ پلا کر بیمار کرنا ۔

سَرِفَ (س) سَرَفًا ۔ الامرَ : بیکار چھوڑنا جاہل ہونا ۔ خطا کرنا ۔ کہا جاتا ہے "ما فی عطائہم مَنٌّ ولا سَرَفٌ" یعنی وہ لوگ داد و دہش کے موقعہ پر غلطی نہیں کرتے بایں طور کہ غیر مستحق کو دیدیں اور مستحق کو محروم کر دیں ۔ سَرِفَ القومَ : تجاوز کرنا ۔۔۔ الطعامُ : گھن لگنا ۔۔۔ الرجلُ بالخمرِ : شراب کا حریص ہونا ۔

أَسْرَفَ ۔ المالَ : فضول خرچی کرنا ۔۔۔ فی کذا : حد سے تجاوز کرنا ۔ زیادتی کرنا ۔ خطا کرنا جاہل ہونا ۔ غافل ہونا ۔ صفت (مُسْرِف)

السُّرْفَة ۔ گھن ۔ سرخ جسم اور کالے سر والا کیڑا جو چھوٹی لکڑیوں کو اپنے لعاب سے جوڑ کر گھر بناتا ہے اور اس میں داخل ہو کر مر جاتا ہے اسی سے مثال ہے "ہو اصنع من سُرْفَة" وہ سرفہ سے زیادہ کاریگر ہے ۔

السَّرَف ۔ حدِ اعتدال سے تجاوز کرنا ۔ زیادتی ۔ خطا ۔ کہا جاتا ہے "اکلہ سَرَفًا" اس نے جلدی سے کھایا ۔

السِّرَاف ۔ سرفہ (مذکورہ بالا کیڑا) کا درخت کے پتوں کو چاٹ جانا ۔

رجل (سَرِفُ) الفؤاد : غافل مرد ۔ سَرِفُ العقل : خراب یا کم عقل والا ۔

ارض (سَرِفَة) زمین جس میں سرفہ کیڑے بہت ہوں ۔

السُّرُوف ۔ سخت اور بڑا ۔

السُّرْنِيف ۔ انگور کی بیل کی قطار ۔

السَّرْفَج ۔ شیطان کا نام ۔

إِسْرَافِيل واسْرَافِين ۔ فرشتہ کا نام جو قیامت کو صور پھونکیگا ۔

سَرَقَ (ض) سَرَقًا وسَرْقًا وسَرَقَةً وسَرِقَةً وسَرْقَانًا ۔ منہ الشیءَ وسرقہ الشیءَ : چرانا ۔ کہا جاتا ہے "سَرَقُوا لَیْلًا مِنَ الشَّہْرِ" جبکہ اس رات میں عیش کے ساتھ رہیں ۔ "وسَرَقَتْنی عینی" میری آنکھ میرے اوپر غالب ہوئی ۔

سُرِقَ ۔ الرجلُ : کسی کے مال و متاع کا چوری ہو جانا ۔۔۔ صوتُہ : آواز پڑنا ۔ گلا بیٹھ جانا ۔ صفت مسروق الصوت ۔

سَرِقَ (س) سَرَقًا ۔ الشیءُ : پوشیدہ ہونا ۔ سَرِقَتْ مَفَاصِلُہ : جوڑوں کا سست ہو جانا

سَرَّقَہ ۔ چوری کی نسبت کرنا ۔ سَرَّقَ الشیءَ : چرانا ۔

سَارَقَہ ۔ النظرَ : ایک دوسرے کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا ۔ اس طرح پر کہ کسی اور کو علم نہ ہو ۔ سارَقَ النظرَ الیہ : کسی کو دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا ۔

تَسَرَّقَ ۔ تھوڑا تھوڑا چرانا ۔۔۔ النظرَ والسمعَ : چوری سے دیکھنا یا سننا ۔

إِنْسَرَقَ ۔ عنہ : جانے کے لیے پیچھے ہٹنا ۔ إِنْسَرَقَتْ مَفَاصِلُہ : جوڑوں کا سست ہو جانا ۔

إِسْتَرَقَ ۔ منہ الشیءَ : چرانا ۔۔۔ السمعَ : چھپ کر سننا ۔۔۔ الکاتبُ بعضَ الحِسَابَاتِ : چھپا لینا ۔ ظاہر نہ کرنا ۔

السَّرِقَة ۔ مص ۔ چرائی ہوئی چیز ۔

السَّارِق ۔ فا ۔ ج سَرَقَة وسُرَّاق وسَارِقُون مونث سَارِقَة ۔ السارِقَة : لوہے یا چمڑے کا طوق ۔ ج سَوَارِق ۔ السَّوَارِق : تالے کی زائد جھٹر ۔

السَّرَقَة ۔ مص ۔ حریر کا ٹکڑا ۔ ج سَرَق (یہ کلمہ اس معنی کے لحاظ سے فارسی ہے)

السَّرَّاق ۔ بہت چرانے والا ۔

السَّرُوق ۔ چور ۔ ج سُرُق ۔

السُّرَاقَة ۔ چرائی ہوئی چیز ۔

المُسْتَرِق ۔ فا ۔ ناقص کمزور ۔ مُسْتَرِق العُنُق : چھوٹی گردن والا ۔

السُّرْقُع ۔ ترش نبیذ ۔

السَّرْقِين والسِّرْقِين ۔ گوبر ۔ کھاد ۔

سَرِكَ (س) سَرَكًا ۔ قوت و توانائی کے بعد کمزور جسم والا ہونا ۔

سَرْوَكَ وتَسَرْوَكَ ۔ لاغری یا تھکن کی وجہ سے آہستہ چلنا

السَّرْكُوك ۔ لاغر اونٹ ۔

سَرْمَہ ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔

تَسَرْمَہ ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔

السُّرْم ۔ مستقیم آنت کا کنارہ ج اَسْرَام

السَّرَم ۔ دبر کا درد ۔

السُّرْمَان والسِّرْمَان ۔ زرد و سیاہ بھڑ

السَّرْمَد ۔ ہمیشہ ۔ لیل سرمد : لمبی رات

السَّرْمَدِی ۔ جس کی ابتدا و انتہا نہ ہو ۔

تَسَرْمَطَ ۔ الشعرُ : بال ہلکے اور کم ہونا ۔

السَّرْمَط والسُّرَامِط والسَّرَوْمَط والسُّرْمُط والسِّرْمِطِیط ۔ ہر ایک لمبی چیز ۔ السَّرَوْمَط : ہر کمبل وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے ۔ رَجُلٌ سَرَوْمَط : ہر چیز کو نگلنے والا مرد ۔

السَّرْمَق ۔ ایک گھاس کا نام

السَّرْنَدِی ۔ اپنے کاموں میں جلد باز مونث سرنداۃ ۔

السُّرْنُوف ۔ ایک شکاری پرندہ ۔

السَّرْنَاف ۔ لمبے قد والا ۔

السَّرْهَب ۔ بیوقوف ۔ بہت کھانے پینے والا

السَّرْهَبَة ۔ اچھے تن و توش کی اور لمبے قد والی عورت ۔

سَرْهَجَ سَرْهَجَةً ۔ سرکشی کرنا ۔۔۔ الحبلَ : رسی کو مضبوط بٹنا ۔

سَرْهَدَ ۔ السنامَ : کوہان کو کاٹنا ۔۔۔ الصبیَّ : بچہ کو اچھی خوراک کھلانا ۔

السَّرْهَد ۔ کوہان کی چربی ۔ ما سَرْهَدٌ : بہت پانی ۔

المُسَرْهَد ۔ مفع ۔ موٹا ۔

سَرْهَفَ ۔ الغذاءَ : غذا کو عمدہ بنانا ۔

—— الصبیّ: بچہ کو اچھی خوراک کھلانا۔

سَرَا یَسْرُوْ سَرْوًا۔ سَرَتِ الجرادۃُ: ٹڈی کا انڈے دینا (—— وسَرّیٰ تَسْرِیَۃً وأَسْرٰی إِسْرَاءً) الثوبَ عنہ: کپڑے اُتارنا۔

سَرَا یَسْرُوْ وسَرُوَ یَسْرُوْ وسَرِیَ یَسْرٰی سَرْوًا وسَرَاوَۃً وسَرًا وسَرَاءً۔ صاحب مروت وسخاوت ہونا

سُرِّیَ وانْسَرٰی اِنْسِرَاءً۔ عنہ الہمُّ: غم زائل ہونا۔ دور ہونا۔ سُرِیَ القومُ: سردار قوم کا مارا جانا۔

سَارَاہ مُسَارَاۃً۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

تَسَرّیٰ تَسَرِّیًا۔ تکلف مروت وسخاوت کرنا۔ لونڈی کو ہمخوابی کے لیے مقرر کرنا۔

اِسْتَرٰی اِسْتِرَاءً۔ اختیار کرنا۔ چننا۔ الموتُ القومَ: قوم کے سرداروں میں موت واقع ہونا۔

السَّرْوُ۔ مص فضل۔ مروت وسخاوت۔ ایک درخت کا نام۔ واحد (سَرْوَۃ) ابو السَّرْوِ: بخور۔

السَّرْوَۃ والسِّرْوَۃ والسُّرْوَۃ۔ چھوٹا تیر اور بقول بعض چوڑے پھل کا تیر۔ ج سِرًی و سُرًی۔ السِّرْوَۃ: ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔

السَّرَاۃ۔ پیٹھ۔ دن کی چڑھائی —— من الطریقِ: درمیانہ راہ۔ ج سَرَوَات۔ سَرَوَات القوم: سرداران قوم۔

السَّرِیّ۔ صاحب شرف ومروت یا صاحب مروت وسخاوت۔ شریف سخی سردار۔ ہر چیز میں کا عمدہ۔ ج سُرَوٰی وسُرَاۃ وسَرَاۃ وأَسْرِیَاء وسُرَوَاء مونث سَرِیَّۃ ج سَرِیَّات وسَرَایَا۔

سَرْوَلَہ۔ پائجامہ پہنانا۔

تَسَرْوَلَ۔ پائجامہ پہننا۔

السِّرْوَال والسِّرْوَالۃ والسِّرْوِیل۔ پائجامہ۔ ازار۔ کلمہ فارسی ہے اور مونث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے ج سَرَاوِیل۔

فرس (مُسَرْوَل) بازوؤں اور رانوں تک سفیدی والا گھوڑا۔

حمامۃٌ (مُسَرْوَلَۃ) ٹانگوں پر پروالا کبوتر۔

سَرٰی یَسْرِی سُرًی وسَرْیَۃً وسُرْیَۃً وسِرَایَۃً وسَرَیَانًا ومَسْرًی واِسْتَرٰی رات میں چلنا۔ صفت سَارٍ ج سُرَاۃ۔ وسَرٰی بہ: رات میں سفر کرانا وسَرٰی عرقُ الشجرۃ: درخت کی جڑ کا زمین کے نیچے چل پڑنا۔ سرَی الدمُ فی العروقِ: خون کا رگوں میں دوڑنا —— الہمُّ: غم زائل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "سَرٰی الجرحُ الی النفس" یعنی زخم نے اثر کیا یہاں تک کہ ہلاکت واقع ہوگئی۔

سُرِّیَ۔ عنہ: غصہ یا غم کا زائل ہونا

أَسْرٰی إِسْرَاءً۔ رات میں چلنا —— الرجلُ: کشادہ زمین کی طرف جانا۔

سَرّٰی۔ عنہ اور عن قلبہ: کسی سے غم دور کرنا —— قائدُ الجیش: کمانڈر کا دستہ فوج بھیجنا۔

سَارٰی۔ صاحبہ: ساتھ ساتھ رات میں چلنا۔

تَسَرّٰی وانْسَرٰی۔ دیکھیے مادہ س ر و

السُّرٰی والسَّرَیَان والسُّرْیَۃ۔ مصا۔ رات کا سفر۔ اور عرب کا قول "عند الصباح یحمدُ القومُ السُّرٰی" مثال ہے جو ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ مشقت برداشت کرنے میں راحت کی امید ہو۔ اِبْنُ السُّرٰی: رات کا مسافر۔

السِّرْیَۃ۔ ٹڈی کا بچہ جو ابھی کیڑے کی شکل کا ہو۔

السَّرَاۃ۔ ہر چیز کا بالائی حصہ۔ سَرَاۃُ الجبلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ سَرَاۃ الضحیٰ: ابتدائے وقت چاشت۔

السَّرَاء۔ ایک درخت جس سے کمان بنائی جاتی ہے۔ واحد (سَرَاءَۃ)

السَّرَّاء۔ رات میں بہت چلنے والا۔

السَّارِی۔ فا۔ ج سُرَاۃ (—— والسَّارِی والمُسْتَرِی) شیر۔

السَّارِیَۃ۔ ساری کا مونث۔ رات کو چلنے والی جماعت۔ رات کو آنے والا بادل۔ ستون —— عند الملاحین: مستول۔ ج سَوَارٍ

السَّرَایَۃ والسَّرَایَا۔ شاہی محل (کلمہ فارسیہ ہے)

السَّرِیّ۔ چھوٹی ندی۔ ج أَسْرِیَۃ وسُرْیَان

السَّرِیَّۃ۔ دستہ فوج۔ تیر کا چھوٹا اور گول پھل۔ ج سَرَایَا۔

السَّأْسَم والسِّیسَم والسَّیْسَب ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں۔

السَّیْسَبَان۔ ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول سفید ہوتے ہیں اور اس کا دانہ مثانہ کی پتھری کو توڑنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

الأَسْطّ۔ لمبی ٹانگوں والا مرد۔

السُّطُط۔ ظالم لوگ۔

سَطَأَ (ف) سَطْأً۔ الجاریۃَ: جماع کرنا

الأُسْطُبَّۃ۔ کتان کا وہ حصہ جو صاف کرنے کے وقت گرے۔

المَسْطَبَۃ والمِسْطَبَۃ۔ چبوترہ۔ نہائی کنکشاں۔ فقرا اور سائلین کے جمع ہونے کی جگہ۔ سرائے۔ ج مَسَاطِب (صاد کے ساتھ ابلغ ہے)

سَطَحَہ (ف) سَطْحًا۔ بچھانا۔ پچھاڑنا لٹانا۔ کہا جاتا ہے "ضربہ فسطحہ" اس نے اس کو مارتے مارتے بچھا دیا۔ (—— وسَطَّحَ) البیتَ: چھت کو ہموار کرنا۔ سَطَحَ وسَطَّحَ الناقۃَ: اونٹنی کو بٹھانا۔

تَسَطَّحَ۔ ہموار ہونا۔

اِنْسَطَحَ۔ بغیر کسی حرکت کے چت لیٹنا۔ پھیلنا۔

السَّطْحُ ۔مع۔ چھت۔ چوڑی چوٹی۔ ج سُطُوح۔
السَّطِيح ۔ پھیلا ہوا۔ کمزوری یا بیماری کی وجہ سے سُستی سے اُٹھنے والا۔ (۔۔۔ والسَّطِيحَة) توشہ دان۔
السُّطَّاح ۔ ایک قسم کی گھاس۔ زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ واحد (سُطَّاحَة)
المِسْطَح ۔ ہموار کرنے کا اوزار۔ بیلن خیمہ کا ستون۔ کھلیان۔ کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ۔ (۔۔۔ والمِسْطَاح) کھجور کی شاخوں کی چٹائی۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ الأَرْضَ لِي مَسَاطِحَ" میں نے زمین کو چراگاہ سے خالی دیکھا۔
أَنْفٌ (مُسَطَّحٌ) بہت پھیلی ہوئی ناک۔
المَسْطُوح ۔ مقتول لمبا پڑا ہوا۔
سَطَرَ (ن) سَطْرًا ۔ لکھنا ۔۔۔ ہ بالسیف: تلوار سے کاٹنا۔ سَطَرَ الرجلَ: پچھاڑنا۔
سَطَّرَ ۔ بے اصل باتیں جمع کرنا ۔۔۔ علیہ: گھڑی ہوئی باتیں بیان کرنا ۔۔۔ القرطاسَ: سیدھی سطر ہونے کے لیے لکیریں کھینچنا۔
أَسْطَرَ ۔ پڑھنے میں غلطی کرنا
اِسْتَطَرَ ۔ لکھنا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذَا مُسْتَطَرٌ" یہ لکھا ہوا ہے۔
السَّطْرُ والسَّطَر ۔ قطار۔ لکیر۔ کہا جاتا ہے "کتب سَطْرًا" و "غرس سَطْرًا و بنی سَطْرًا من بنائہ" ج أَسْطُر و سُطُور و أَسْطَار و جمع أَسَاطِير اور کہا جاتا ہے "ان ہٰذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الأَوَّلِينَ" یہ تو کچھ بھی نہیں صرف بے سند باتیں ہیں جو پہلے سے چلی آرہی ہیں۔ السطر: تحریر و کتابت۔ یک سالہ بکری۔
السُّطْرَة ۔ آرزو۔
السُّطُر ۔ چکنی چپڑی باتیں۔
الإِسْطَار والأُسْطَار والأُسْطُور و الأُسْطِير ۔ وایضاً بالہاء فی کلہا: ہر وہ چیز جو لکھی جائے۔ ج أَسَاطِير۔ الأُسْطُورَة و الأُسْطِيرَة: بے اصل بات۔
السَّاطِرُ والسَّطَّار ۔ قصاب
السَّاطُور ۔ گوشت کاٹنے کی چھری۔ ج سَوَاطِير۔
المَسْطَرَة والمِسْطَرَة ۔ لکیروں کے کھینچنے کا رولر۔ ج مَسَاطِر۔
المُسْطَار والمُسْطَارَة والمِسْطَار والمِسْطَارَة ۔ تیز شراب جو پینے والے کو پچھاڑ دے۔ شیرۂ انگور پکنے سے پہلے۔ بلند غبار۔
سَطَعَ (ف) سَطْعًا و سُطُوعًا و سَطِيعًا ۔ الغبارُ او الرائحۃُ والنورُ: غبار یا بو یا روشنی کا بلند ہونا پھیلنا اور اسی سے ہے۔ "سَطَعَتْ رَائِحَةُ المسک" یعنی مشک کی خوشبو پھیلی ۔۔۔ بیدیہ: تالی بجانا۔ تم کہتے ہو۔ "سَطَعَتْنِي رَائِحَةُ المِسْكِ" جبکہ مشک کی خوشبو تمہاری ناک میں پہنچے۔ (۔۔۔ سطعًا) راسَہٗ: گردن لمبی کرکے سر اُٹھانا ۔۔۔ البعیرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔
سَطِعَ (س) سَطَعًا ۔ دراز گردن ہونا۔ صفت (أَسْطَع) مونث (سَطْعَاء)
سَطَّعَہٗ ۔ بلند کرنا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا ۔۔۔ البعیرَ: گردن یا پہلو پر لمبا داغ لگانا۔
السَّاطِع ۔ مع۔ ہر وہ چیز جو بلند ہو اور پھیلے عام اس سے کہ غبار ہو یا روشنی یا بجلی
السَّطْع ۔ تالی۔ تالی بجانے یا تیر پھینکنے کی آواز۔
السِّطَاع ۔ لمبا اونٹ۔ خیمہ یا گھر کا سب سے لمبا ستون۔ اونٹ کی گردن یا پہلو میں لمبا داغ۔ ج سُطُع و أَسْطِعَة۔
السَّطِيع ۔ صبح۔ لمبا۔
المِسْطَع ۔ فصیح۔ خوش بیان۔ کہا جاتا ہے "خطیب مِسْطَع مِصْقَع" یعنی بلیغ مقرر۔
الأُسْطُقُس ۔ عنصر۔ ج أُسْطُقُسَّات۔
سَطَلَہٗ (ض ن) سَطْلًا ۔ الدواءُ: بدہوش کرنا۔
اِنْسَطَلَ واِسْتَطَلَ ۔ بدہوش ہونا (لغت عوام ہے) کہا جاتا ہے "جاء (يَسْتَطِيلُ) وہ تنہا آیا اس کے ساتھ کچھ نہ تھا۔
السَّاطِل ۔ من الغبار: بلند غبار۔
السَّطْل ۔ ایک تانبے کا برتن جس میں دستہ لگا ہوا ہوتا ہے جس کو پکڑ کر اُٹھاتے ہیں۔ ج أَسْطَال
وسطول۔ مرد دراز قامت۔
السَّيْطَل ۔ بمعنی سَطْل اور بقول بعض بمعنی طشت۔
الأُسْطُول ۔ جہازوں کا بیڑا۔ ج أَسَاطِيل (کلمہ عجمی ہے)
سَطَمَ (ن) سَطْمًا ۔ الباب: دروازہ بھیڑنا۔ بند کرنا۔
السِّطَام ۔ آگ کی کریلنی۔ شیشی کی ڈاٹ تلوار کی دھار۔
السَّطْم ۔ مع۔ تلوار کی دھار۔
السُّطُم ۔ جڑیں۔
الإِسْطَام ۔ آگ ہلانے کی کریلنی
الأُسْطُمّ والأُسْطُمَّة ۔ من کل شئ: درمیان۔ بڑا حصہ ۔۔۔ من البحر: سمندر کا بڑا حصہ۔ اور اسی سے ہے "دلیل کلما اُسْطُمَّۃ" رات کی تاریکی بہت بڑھ گئی۔ اُسْطُمَّۃ القوم: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ اشراف قوم۔ کہا جاتا ہے "ہو فی أُسْطُمَّةِ قومہ" وہ اپنی قوم کے درمیان میں ہے۔ ج أَسَاطِم۔
السَّاطِن ۔ خبیث۔ پلید۔
الأَسْطَان ۔ ایک پیتل کا برتن۔
الأُسْطُون ۔ من الجمال: لمبی گردن کا اونٹ۔
الأُسْطُوَانَة ۔ کھمبا۔ ستون۔ جانور کی ٹانگ۔ ج أَسَاطِين (کلمہ اجنبیہ ہے) کہا جاتا ہے "ہُمْ أَسَاطِينُ الزمان" وہ لوگ زمانہ کے یکتا ہیں۔ "أَسَاطِين مُسَطَّنَة" مضبوط کھمبے۔
المُسَطَّن ۔ لمبی ٹانگوں والا۔

السَّلام ۔مص۔ تسلیم کا اسم جیسے تکلیم سے کلام طاعت و فرمانبرداری کے لیے جھکنا۔ السلام: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اس لیے کہ باری تعالیٰ نقائص و عیوب وغیرہ سے پاک ہیں۔

دَارُ السَّلَامِ: جنت۔ مَدِینَۃُ السَّلَامِ: بغداد۔ نَہرُ السلام: دریائے دجلہ۔ (ـــ والسِلَام) ایک قسم کا کڑوا درخت۔ واحد (سَلَامَۃ و سِلَامَۃ)

السَّلَامَۃ ۔مص۔ عیوب و آفات سے پاکی۔

السُّلَامیٰ ۔ چھوٹی ہڈیوں میں سے ہر جوڑ دار ہڈی جیسے انگلیوں کی ہڈیاں۔ پھر توسعاً ہر ہڈی اور ہڈی کے جوڑوں پر اطلاق ہونے لگا۔ ج سُلَامِیَات۔

السَّلَامیٰ ۔ دکھنی ہوا۔

السُّلَیمَانی ۔ ایک قسم کا زہر جس کا جزو اعظم پارہ ہے۔

ابو سُلَیمَان ۔ گبریلا۔

ابو سَلْمیٰ ۔ گرگٹ۔

السَّالِم ۔فا۔ آنکھ اور ناک کے درمیان کی کھال۔

السَّلِیم ۔ ج سَلْمیٰ: ڈسا ہوا سخت زخمی جو قریب بہلاکت ہو (ان دونوں کو تفاؤلاً سلیم کہتے ہیں) ــــ ج سُلَمَاء: آفات سے محفوظ

الأَسْلَم ۔ آفات سے بہت محفوظ۔ مونث سُلمیٰ۔

الأُسَیلِم ۔ چھوٹی انگلی اور اس کے پاس والی انگلی کے درمیان کی ایک رگ۔

الإِسْلَام ۔مص۔ بغیر کسی پس و پیش کے امر و نہی کی فرمانبرداری کر لینا۔ مذہب اسلام اور کبھی مسلمانوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

المُسْلِم ۔ دین اسلام کا پیرو۔ ج مُسلِمون مونث مُسلِمَۃ۔ ج مُسلِمات۔

ارضٌ مَسْلُوْمَاءُ ۔ بہت درخت سلم والی زمین

السُّلْمُج ۔ تیر کا باریک پھل۔ ج سَلَامِج۔

اِسْلَهَبَّ ۔ الفرسُ: گھوڑے کا لمبا ہونا۔

السَّلْهَبُ ۔ لمبا۔ ج سَلَاهِب و سَلَاهِبَۃ۔

السَّلْهَبَۃ مِن النساء: بڑے ڈیل ڈول کی عورت۔

السِّلْحَابَۃ ۔ دلیر عورت۔

السَّلْهَج ۔ لمبا۔

اِسْلَهَمَّ اِسْلِهْمَامًا ۔ رنگ بدل جانا صفت (مُسْلَهِمٌّ)

السَّلْهَمُ ۔ لاغر۔ لمبا۔ بیماری کی وجہ سے ناتواں۔

سَلَا یَسْلُو سَلْوًا و سُلُوًّا و سُلْوَانًا و سَلِیَ یَسْلَی سُلِیًّا ۔ الشیءَ وعنہ: بھول جانا تسلی پانا۔ بے غم ہونا۔

اَسْلیٰ اِسْلَاءً ۔ القومُ: درندوں سے مامون ہونا۔ اَسْلَاہُ عن ہَمِّہٖ: بے غم کر دینا۔

سَلّیٰ تَسْلِیَۃً ۔ تبکلف تسلی ظاہر کرنا۔ تسلی پانا۔ کہا جاتا ہے "سَلَّاہُ و اَسْلَاہُ فَتَسَلّیٰ" اس نے اُسے تسلی دی اور اُسے تسلی حاصل ہو گئی۔ (ــــ و انْسَلیٰ) الہمُّ: غم زائل ہونا۔

اِسْتَلَت اِسْتِلَاءً ۔ الشاۃُ: موٹی ہونا۔

السُّلْوَۃ والسَّلْوَۃ ۔ تسلی۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ فِی سُلْوَۃٍ مِنَ العَیْشِ" وہ فراخی و فارغ البالی کی زندگی میں ہے۔ "اَعْطَیْتَنِی سُلْوَۃً مِن لَدُنْکَ" یعنی میں نے تجھ سے وہ چیز دیکھی جس سے مجھے تسلی ہو گئی۔

السُّلْوَان ۔مص۔ (ـــ والسُّلْوَانَۃ و السُّلْوَانَۃ) ایک قسم کا مہرہ جس کو تعویذ کے طور پر یا نظر بد سے بچنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

السَّلْوَیٰ ۔ شہد۔ باعث تسلی۔ لوا۔ واحد (سلواۃ)

المَسْلَاۃ ۔ ہر وہ مقام جہاں پر تسلی زیادہ ہو۔ ہر وہ چیز جو باعث تسلی ہو

المُسَلِّی ۔فا۔ گھڑ دوڑ کا تیسرا گھوڑا۔

سَلِیَتْ تَسْلیٰ سَلیً ۔ الشاۃُ: ٹوٹی ہوئی جیل والی ہونا۔ صفت (سَلْیَاء)

اَسْلَتِ ۔ الشاۃَ: بکری سے جیلی نکالنا۔

السَّلیٰ ۔ جیلی (وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اور اگر وہ پیٹ میں ٹوٹ جاتی ہے تو بچہ اور ماں دونوں مر جاتے ہیں) ج اَسْلَاء "اِنْقَطَعَ السَّلیٰ فِی البَطْنِ" اس وقت بولتے ہیں جبکہ سارے حیلے ختم ہو جائیں اور مصیبت بڑھ جائے "ہُوَ اَکَلَ السَّلَاءَ" وہ خسیس و کمینہ ہے۔

سَمَّہٗ (ن) سَمًّا ۔ زہر دینا۔ ــــ الطعامَ: کھانے میں زہر ڈالنا ــــ القارورۃَ: بند کرنا ــــ الشیءَ: درست کرنا ــــ بینہما: صلح کرانا ــــ الامرَ: آزمانا اور تہ تک پہنچنا۔ سَمَّ النعمۃَ الیہ: مخصوص کرنا۔ سَمَّ النعیمُ: سب کو عام ہونا

سَمَّتْ (ن) سُمُومًا ۔ الریحُ: جھلسنا۔

سُمَّ ۔ الیومُ: دن کا سخت گرم ہونا یا گرم ہوا والا ہونا ــــ النباتُ: باد سموم سے جھلسنا صفت (مسموم)

سَمَّمَ ۔ الطعامَ: کھانے میں زہر ڈالنا۔

اَسَمَّ اِسْمَامًا ۔ الیومُ: باد سموم چلنا۔

السُّمُّ والسَّمُّ والسِّمُّ ۔ سوئی کا ناکا۔ زہر ج سِمَام و سُمُوم۔ سَمُّ الحمار: کنیر۔ سَمُّ الفار: سنکھیا۔ سَمُّ السَّمَک ماہی زہرہ (ایک دوا کا نام) سَمٌّ سَاعَۃٌ: فوراً ہلاک کرنے والا زہر۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَ سَمَّ حَاجَتِہٖ" اُس نے اپنا مقصد حاصل کر لیا۔ السَّمّ: ہر وہ چیز جو سمندر سے نکلے مثل سنکھ گھونگا وغیرہ کے۔

السُّمَّۃ ۔ قرابت۔ کھجور کی چٹائی جس کو درخت خرما کے نیچے بچھا دیں تاکہ کھجوریں اُسی پر گریں۔ زینت کے لیے پروئی ہوئی کوڑیاں۔ ج سُمَم و سِمَام۔

سُمَیمَۃُ ۔ الشیءِ: کسی چیز کا زہریلا اثر۔

السَّمَّام ۔ ہلکا پھلکا تیز۔ ایک چھوٹا سا پرندہ واحد (سَمَّامَۃ)

السِّمَام والسُّمُوم مِن الانسان: منہ نتھنے کان۔ السَّمَام: بھیڑیا۔

السَّمُوم ۔ گرم ہوا۔ مونث۔ ج سَمَائِم۔

السَّمَامَۃ ۔ کالبد انسانی۔ تم کہتے ہو فلان بَہِیُّ السَّمَامَۃِ" فلاں خوبصورت بدن والا ہے

کھنڈرات۔ جھنڈا گھوڑے کی گردن کا خوبصورت

دائرہ۔ ابابیل کی مانند ایک پرندہ جس کے انڈوں کا حاصل ہونا غیر ممکن ہے اسی وجہ سے عرب کا قول ہے "کلفتنی بیض السمائم" تم نے مجھ کو تکلیف مالا یطاق دی۔ اور ایک قول بیض السمائم کا ہے۔ سمائم سمۃ کی جمع ہے جس کے معنی سرخ چیونٹی کے ہیں۔

السامّ۔ زہریلا۔

السامّۃ۔ سامّ کا مونث۔ خاص۔ کہا جاتا ہے "عرف ذلک السامّۃ والعامّۃ" اس کو خاص اور عام سب جانتے ہیں۔

سامّ ابرص وسمّ ابرص۔ چھپکلی۔ تثنیہ ساما ابرص۔ ج ابارص وسوامّ ابرص

یوم سامّ وسمیم ومسموم۔ گرم ہوا والا دن۔

الاسمّ۔ ناک۔ تنگ نتھنے والا۔

المسامّ۔ من الجلد: جسم کے باریک سوراخ اور بعض لوگ اس کو سمّ بمعنے سوراخ کی جمع قرار دیتے ہیں جیسے محاسن حسن کی جمع۔

اہل (المسمّۃ) خاص لوگ۔ رشتہ دار

سمأل۔ النحل: مکھی والا ہونا۔

اسمألّ اسمئلالاً۔ دبلا ہونا — الظل: کوتاہ ہونا۔

السمأل۔ سایہ۔

السموأل۔ سایہ۔ سر کے اوپر کی مکھی۔ ایک شخص کا نام جو وفائے عہد کے لیے ضرب المثل ہے۔

المسمئل۔ فا۔ پرانا کپڑا۔

سمت (ن ض) سمتاً۔ راستہ اختیار کرنا۔ راہ راست پر چلنا۔ گمان سے راستہ پر چلنا۔

سمت الشیء وسمت نحوہ: قصد کرنا اور اسی سے ہے "وہن الی البیت العتیق سوامت" وہ سب خانہ کعبہ کی جانب قصد کرنے والی ہیں۔ سمت لہم: رائے وتدبیر وطریقہ گفتگو کی رہنمائی کرنا۔

سمّت۔ راستہ اختیار کرنا — للعاطس: یرحمک اللہ کہہ کے دعا کرنا — علی الشیء: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا۔

سامتہ۔ مقابل ہونا

تسمّتہ۔ قصد کرنا۔

السمت۔ مص۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "خذ فی ہذا السمت" اس راستہ کو اختیار کرو ج سموت سمت الراس فی علم الہیئۃ: علم ہیئت کی اصطلاح میں کسی کھڑے ہوئے شخص کے سر کی سیدھ میں آسمان کا وہ نقطہ جس پر کرۂ ارض کے مرکز سے نکلا ہوا خط پہنچے سمت الراس کہلاتا ہے اور اس کے مقابل کو سمت القدم یا سمت الرجل کہتے ہیں۔ اور سمت کا لفظ اہل خیر و صلاح کی ہیئت کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے کہا جاتا ہے "ما احسن سمت فلان" اس کی ہیئت و حالت کس قدر اچھی ہے۔

سمج (ک) سماجۃ وسموجۃ۔ قبیح ہونا صفت (سمج وسمج وسمیج) ج سماج وسمجون وسمجاء وسماجی۔

سمّجہ۔ قبیح بنانا

استسمجہ۔ قبیح سمجھنا۔

سمجر سمجرۃ۔ اللبن: دودھ میں پانی زیادہ ملانا۔

سمح (ک) سماحاً وسموحاً وسماحۃ وسموحۃ وسمحاً وسماحاً۔ فیاض و سخی ہونا صفت (سمح وسمیح ومسمح ومسماح) ج سماح وسمحاء ومسامیح۔ تم کہتے ہو "رجال و نساء سماح وسمحاء ومسامیح"

سمح (ف) سماحۃ وسماحاً۔ بکذا: بخشش کرنا — لہ بالشیء: دینا — العود: لکڑی کا نرم ہونا — الناقۃ: اونٹنی کا مطیع و تیز رفتار ہونا۔

سمّح۔ نرم ہونا اور نرم برتاؤ کرنا — الرمح: نیزہ کو نرم کرنا — الرجل: آہستہ چلنا دوڑنا۔ بھاگنا۔

اسمح۔ الرجل: فیاض و سخی ہونا۔ اسمحت الدابۃ: سرکشی کے بعد نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "اسمحت قرونتہ" یعنی اس کا نفس تابع و فرمانبردار ہو گیا۔

سامحہ۔ فی الامر وبالامر: نرم برتاؤ کرنا۔ نرمی کرنا۔ مقصد میں موافقت کرنا — بذنبہ: درگزر کرنا۔

تسمّح وتسامح۔ فی کذا: نرمی برتنا۔

السماح۔ مص۔ بیع السماح: وہ بیع جس میں قیمت گھٹانے میں نرمی ہو۔ کہتے ہیں۔ "السماح رباح" یعنی معاملات میں نرمی نفع بخش ہوتی ہے۔

السماحۃ۔ مص۔ چمڑے کا خیمہ۔

السمحۃ۔ السمح کا مونث۔ ج سماح۔

المسمح۔ وسعت وفراخی۔

السمحج۔ دراز پشت گھوڑا یا گدھی۔ پتلی کمر اور سخت گوشت والا گھوڑا۔

السمحاق۔ سر کی ہڈی پر باریک جھلی۔

سماحیق۔ السماء: بادل کے پتلے ٹکڑے اور کہا جاتا ہے "علی ثرب الشاۃ سماحیق من الشحم" بکری کے اوجھ کی چادر پر چربی کی کچھ جھلی سی ہے۔

سمخ (ن) سمخاً۔ الزرع: کھیتی کا اگنا۔

سمخہ (ف سمخاً) کان کے سوراخ پر چوٹ لگا کر زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سمخنی بحدۃ صوتہ وکثرۃ کلامہ" اس نے آواز کی تیزی اور کثرت گفتگو سے میرے کان کو زخمی کر دیا۔

زرع حسن (السمخۃ) اچھی اگنے والی کھیتی۔

السماخ۔ کان کا سوراخ۔

سمد (ن) سموداً۔ حیران کھڑا ہونا۔ متحیر ہونا۔ گانا۔ تکبر سے سر اٹھانا اور سینہ تاننا — فی العمل: کوشش کرنا اور تکلیف اٹھانا۔ — الابل: اونٹ کا تیز چلنا (— سمداً) الرجل: قصد کرنا۔

سمّد۔ الارض: کھاد ڈالنا — الشعر:

بال کو جڑ سے مونڈنا ـــ الرجل: کھیل کود میں ڈالنا۔ غافل کر دینا۔

اِسْمَدَّ اِسْمِدَادًا و اِسْمَادَّ اِسْمِيدَادًا الرجل غصہ سے پھولنا ـــ یدہ: ہاتھ کا سوجنا ـــ الشیءُ: ضائع ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہو لک (سَمَدًا)" وہ تمہارے واسطے ہمیشہ کے لیے ہے

السِّمَاد۔ کھاد۔

السَّامِد۔ فا۔ وطب سامدٌ: بھری ہونے سے کھڑی مشک۔

اِسْمَدَرَّ اِسْمِدْرَارًا۔ نگاہ کمزور ہونا۔

السُّمَّدُور۔ آنکھ کا پردہ۔ بادشاہ (اس وجہ سے کہ اس کی طرف دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں)

السَّمادِیر۔ نشہ یا بیہوشی یا دوران سر کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری۔

السَّمَنْدَر و السَّمَنْدَل۔ ایک جانور جو پانی اور خشکی میں رہتا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ اس کے جسم پر کچھ ایسا مادہ ہوتا ہے جو آگ کو بجھا دیتا ہے اسی بنا پر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ جلتا نہیں۔

السَّمَيْدَع۔ فیاض سردار۔ شریف بہادر بھیڑیا۔ تلوار۔ ج سَمَادِع۔

السَّمِيد و السَّمِيذ۔ سفید آٹا۔

سَمَرَ (ن) سَمْرًا۔ العینَ: گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا ـــ سَمَرًا و سُمُورًا) رات میں قصہ گوئی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا افعلہ ما سَمَرَ السَّمِیر او ابن سَمِیر و ابنا سَمِیر" میں اس کو جب تک لوگ قصہ بیان کرتے رہیں گے نہیں کرونگا یعنی کبھی نہیں کرونگا۔

سَمَرَ (ن ض) سَمْرًا و سَمَّرَ اللبنَ: دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا ـــ الخمرَ: شراب پینا ـــ النباتَ: گھاس چرنا ـــ الباب وغیرہ: دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا ـــ السہمَ: تیر چلانا۔

سَمِرَ (س) و سَمُرَ (ک) سُمْرَةً اِسْمَرَّ اِسْمِرَارًا و اِسْمَارَّ اِسْمِيرَارًا۔ سفیدی سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونا۔ گندم گوں ہونا۔ صفت (اَسْمَر) مونث سَمْرَاء۔ ج سُمْر۔

سَامَرَہ۔ رات کو باتیں کرنا۔ رات کو قصہ گوئی کرنا۔

تَسَمَّرَ۔ میخ لگنے سے مضبوط ہونا۔

تَسَامَرَ القومُ: رات کو باہم باتیں کرنا

السَّمْر۔ مص۔ قوم سَمْرٌ: رات کو باتیں کرنے والے لوگ۔

السَّمَر۔ رات کو باتیں سنانے والا ـــ ج اَسْمَار: رات۔ رات کی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "لا آتیہ سَمَرًا" میں اس کے پاس رات کو نہیں آؤنگا۔ رات کی گفتگو۔ چاند کا سایہ۔ اور کبھی سمر قمر کے مقابلے میں بولتے ہیں جہاں سایہ ہو اس کو سمر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں۔ زمانہ۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ اور "حلفت بالسمر والقمر"، "لا آتیک السمر والقمر" "لا اکلمہ السمر والقمر" ان سب ترکیبوں میں مدة وجود السمر والقمر محذوف ہے مراد ہمیشگی ہے۔

السَّمَرَة۔ رات کی گفتگو۔

السَّمُر۔ ببول کا درخت۔ ج اَسْمُر واحد (سَمُرَة)

السَّامِر۔ فا۔ ج سُمَّر و سُمَّار۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ تم کہتے ہو "اَمْسَيْتُ البارحة فی سامر الحی" میں گزشتہ رات قبیلہ کی مجلس گفتگو میں تھا۔ (ـــ والسامرة) اسم جمع بمعنی رات کو باتیں کرنے والے۔

السَّامُور۔ ہیرا۔

السَّمَار۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

الاَسْمَر۔ نیزہ۔ ہرن کا دودھ۔ کہا جاتا ہے "عام اسمر" بغیر بارش کا خشک سال۔

الاَسْمَرَان۔ پانی اور گیہوں۔ پانی اور نیزہ

السَّمُور۔ تیز رفتار۔ اصیل اونٹنی۔

السَّمُّور۔ ایک جانور جو نیولے کے مشابہ اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور اس کی کھال سے بہت بیش قیمت پوستین طیار ہوتی ہے۔ اور رہا اوقات اس جانور کی کھال کو بھی سمور کہتے ہیں ج سَمَامِير

السَّمِير۔ رات کو باتیں سنانے والا۔ رات کا قصہ گو۔ زمانہ۔ ابنا سَمِیر: دن اور رات۔ کہا جاتا ہے "لا افعلہ سمیر اللیالی" میں اس کو کبھی نہیں کرونگا۔ اور کہا جاتا ہے "ابن سمیر" بے چاند کی رات۔

السِّمِّير۔ رات میں باتیں سنانے والا۔

المِسْمَار۔ کیل۔ میخ۔ اونٹوں کا بہتر رکھوالا ج مَسَامِیر۔

المُسَمَّر۔ کم گوشت مضبوط پٹھوں والا۔ مکدر زندگانی۔

السَّمْرَاء۔ اَسْمَر کا مونث۔ گیہوں۔ گیہوں کا آٹا جس سے بھوسی جدا نہ کی گئی ہو۔

السُّمَيْرِيَّة۔ ایک قسم کی کشتی۔

سَمْرُوت۔ السَّمْرُوت: لمبا۔ (السمرود) لمبا۔

السَّمَرْمَر۔ ایک قسم کا پرندہ جو ٹڈیوں کا بہت شکار کرتا ہے اور ٹڈیاں اس کی آواز سے بھاگتی ہیں۔ السَّمَرْمَرَة: بھوت۔

سَمْسَرَ سَمْسَرَةً۔ دلال ہونا

السِّمْسَار۔ دلال۔ چیز کا مالک و منتظم۔ سِمْسَار الارض: زمین کا ماہر۔ ج سَمَاسِرَة و سَمَاسِر و سَمَاسِير۔

السَّمْسَرَة۔ مص۔ دلالی کا پیشہ۔ دلالی کی اجرت۔

السِّمْسِق و السَّمْسَق و السُّمْسُق و السُّمْسُق چنبیلی۔ مرزنجوش۔

سَمْسَمَ۔ الثعلبُ: لومڑی کا دوڑنا ـــ الرجلُ: نرم چال چلنا۔

السَّمْسَم۔ لومڑی۔ بھیڑیا۔ زہر۔

السُّمْسُم۔ سرخ چیونٹی۔ چھوٹی چیونٹی۔ و (سُمْسُمَة) ہلکا پھلکا مرد۔ لطیف چیز۔

رجل (مُسَمْسَم) الوجہ: خالدار چہرے والا مرد

سَمَطَ (ن) سُمُوطًا۔ الرجلُ۔ چپ رہنا۔ ـــ علی الیمین: قسم کھانا ـــ اللبنُ: مٹھاس میں تغیر ہونا۔ صفت (سامط)

سَمَطَ (ن ض) سَمْطًا۔ الجدیَ: بکری کے بچہ کو بالوں سے صاف کرکے بھوننا

— الشئ: لٹکانا — السکین: چھری تیز کرنا کہا جاتا ہے "سَمَطتُ الرجلَ یمیناً علی حقی" میں نے مرد کو اپنے حق پر قسم کھلائی۔

سَمَّطَ - چپ رہنا — الشئ: لازم ہونا زین کے تسمہ سے لٹکانا — الشاعر: مسمط اشعار نظم کرنا (دیکھو مُسَمَّط) سَمَّطَ قصیدۃً فلان: کسی کے قصیدہ کے اشعار کے ہر ہر شعر کے مصرعوں میں اپنی جانب سے ایک مصرعہ بڑھانا۔

اَسْمَطَ - چپ ہونا۔

تَسَمَّطَ - الشئَ بہ: لٹکنا۔

السِمْط - لڑی جس میں مہرہ یا موتی پروئے ہوئے ہوں۔ زین کا تسمہ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ کہا جاتا ہے "علقہ بسموطِ سَرجِہ" اس نے اس چیز کو زین کے تسموں سے لٹکایا — من العِمامۃ: پگڑی کا شملہ۔ گلوبند (زیور) سے لمبا ہار۔ السِمْط من الثیاب: چادر کے نیچے نمایاں ہونے والا کپڑا — من الرمل: ریت کی لکیر۔ رَجُلٌ سِمْطٌ: ہلکا پھلکا چالاک مرد۔ ج سُمُوط۔

السَمْط - مم۔ فقیر۔

السُمُط - ادنی کپڑا

نعلٌ (سُمُط و اَسْمَاط) اکہرے چمڑے کا جوتہ۔ ناقۃ سُمُطٌ و اَسْمَاط: بے داغ کی اونٹنی سراویل اَسْمَاط: اکہرا پائجامہ۔

السامِط - فا۔ ماءٌ سامِطٌ: جوش دیا ہوا پانی جو کسی چیز سے بال وغیرہ صاف کر دے۔

السِمَاط - صف بستہ چیز۔ دسترخوان۔ سماط الطریق۔ راستہ کے دونوں جانب۔ سِمَاط القوم: قوم کی قطار۔ ج سُمُط اور کہا جاتا ہے "ہم علی سِماطٍ واحدٍ" وہ ایک نظام میں ہیں۔

السَمِیط بال صاف کر کے بھونا ہوا بکری کا بچہ۔ مرد بے حال۔ فقیر۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔ نعل سَمِیط: یک چمڑے کا جوتہ۔

السُمَیط۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔

المُسَمَّط - من الشعر: وہ شعر جو اجزاء عروضیہ پر ہو اور قافیہ کے حروف روی کے علاوہ دوسرے قافیہ پر ہو اور کہا جاتا ہے "حکمک مُسَمَّطاً" تمہارا حکم پورا کیا ہوا ہے۔ تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس کی تقدیر یہ ہے لک حکمک مُسَمَّطاً اور مسمطا حالیت کی وجہ سے منصوب ہے۔ وہو لک مُسَمَّطاً "وہ تمہارے لیے خوشگوار ہے۔ "خذ حکمک مسمطاً" تم اپنے حکم کو جاری کر دو جو رد نہیں ہوگا۔

السَمَیْطَر - ایک قسم کا پرندہ جس کی گردن لمبی ہوتی ہے اور ہمیشہ اتھلے پانی کے قریب دکھائی دیتا ہے۔

سَمِعَ (س) سَمْعاً و سِمْعاً و سَمَاعاً و سَمَاعۃً و سَمَاعِیَۃً و مَسْمَعاً - الصوت: سننا۔ صفت (سامِع) ج سُمّاع و سَمَعۃ و سامِعُون — لہ اللّٰہُ: قبول کرنا — منہ و لہ: دینا۔ — الیہ: کان لگانا۔ متوجہ ہونا۔

سَمَّعَہ - الصوتَ: سنانا۔ سَمَّعَ بہ: عیب کو پھیلانا۔ رسوا کرنا۔ بری باتیں سنانا اور گالی دینا۔ سَمَّعَ بکذا: کسی کے متعلق کوئی چیز پھیلانا — بفلان فی الناس: شہرت دینا۔

اَسْمَعَہ - سنانا۔ گالی دینا۔ ڈول میں رسی لگانا۔

تَسَمَّعَ و اِسْتَمَعَ - الرجلَ والیہ: کان لگانا۔

تَسَامَعَ - بہ الناس: کسی کے متعلق لوگوں کا ایک دوسرے سے سننا۔

اِسْتَمَعَ - لہ والیہ: کان لگانا۔

اِسْتَسْمَعَہ - سننا۔

اَلسَمْع - مم۔ سننے کا حاسہ۔ کان۔ سنی ہوئی بات۔ سنا ہوا ذکر۔ ج اَسْمَاع و اَسْمُع وجج اَسَامِع و اَسَامِیع۔ کہا جاتا ہے "ہو بین سَمْعِ الارضِ و بَصَرِہا" جبکہ کوئی نہ جانتا ہو کہ کہاں گیا۔ یا ایسی زمین میں ہو جہاں اس کو کوئی دیکھنے والا سننے والا نہ ہو۔ "القی نفسہ بین سمعِ الارضِ و بصرِہا" اس نے اپنے آپ کو ایسی جگہ میں ڈال دیا جہاں کوئی دیکھنے والا سننے والا نہیں۔ "سَمْعَکَ اِلَیَّ" میری بات سنو۔ میری طرف توجہ کرو۔ "سَمْعَ اُذُنِی فلاناً یقول ذلک" فلاں کو یہ کہتے ہوئے میرے کانوں نے سنا اور کہتے ہیں "سِمْعَ اذنی و سَمْعَۃَ اذنی و سِمْعَۃَ اذنی"

اُمّ السَمْع: دماغ۔

السِمْع - اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ سِمْعٌ" اچھی شہرت کا مرد۔ "وہذا امرٌ ذو سِمْعٍ" یہ سننے کے لائق ہے۔ اور جب کوئی آدمی کسی غیر پسندیدہ خبر کو سنتا ہے تو کہتا ہے "سِمْعاً لا بَلْغاً او سَمْعاً لا بَلْغاً" یعنی خدا کرے کہ سنی جائے اور پہنچے نہیں۔ السِمْع: بھیڑیے کا بچہ بجو سے۔ مونث (سِمْعَۃ) اس کی قوت سامعہ بہت تیز ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مثال ہے "ہو اسمع من سِمْعٍ"۔

السَمْعَۃ - سَمْع کا اسم مرۃ۔ اذن سَمْعَۃ: سننے والا کان۔ کہا جاتا ہے "فعلہ رِیاءً و سَمْعَۃً" اس نے یہ کام دکھلانے اور سنانے کے لیے کیا

السُمْعَۃ - شہرت۔ سنی ہوئی بات۔ کہا جاتا ہے "فعلہ رِیاءً و سُمْعَۃً" اس نے یہ کام دکھلانے اور سنانے کے لیے کیا۔

السَمَاع - مم۔ شہرت۔ گیت۔ اور اصطلاح میں سماع خلاف قیاس کو کہتے ہیں یعنی جس کو عرب سے سن کر استعمال کیا جائے اور اس پر قیاس نہ کیا جا سکے اور کہا جاتا ہے "ہذا امرٌ ذو سَمَاعٍ" یہ امر سننے کے قابل ہے۔ "قالوا ذالک سَمَاعَ اُذُنِی" لوگوں نے اس کو میرے سامنے کہا۔

سَمَاعِ - بروزن قطامِ اسم فعل بمعنی اِسْمَعْ

السَمَّاع - بہت سننے والا۔ فرمانبردار۔ جاسوس۔

السَمِیع - سننے والا۔ سنانے والا۔ اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ہے۔ سنی ہوئی بات ج سُمَعاء۔ اُمّ السَمِیع: دماغ۔ اذن سَمِیع و سَمِیعَۃ: سننے والا کان۔

السَّامِعَة - کان
السَّامِعَان دونوں کان -
اُذُنٌ سَمِعَةٌ وسَمْعَةٌ وسَمُوعٌ وسَمِيعٌ وسَمَّاعَةٌ سننے والا کان - السَّمَّاعَةُ : ایک آلہ کا نام جو سننے کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے -
التَّسْمِعَةُ - کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ تَسْمِعَتَكَ او تَسْمِعَةً لَكَ" میں نے اس کو کیا ہے تاکہ تم سن سکو
المَسْمَع - سننے کی جگہ - کہا جاتا ہے "ہو منی بمرأی ومَسْمَع" یا "ہو منی مرأی ومسمع" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتوں کو سن سکتا ہوں -
المِسْمَع والمِسْمَعَة - کان - ج مَسَامِع - ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے -
المُسْمِع - فا - قید -
المُسْمِعَة - گانے والی - کہا جاتا ہے "غنتہم مُسْمِعَةٌ"
المُسَمَّع - مف - قید کیا ہوا - (السَّمَعْمَع) شیطان خبیث -
سمعنَ السَّمْعَنَة والسِّمْعَنَة : بہت سننے والی
السَّمْعَج - میٹھا دودھ -
اِسْمَعَدَّ اِسْمِعْدَادًا - غصہ سے بھر جانا - اِسْمَعَدَّتْ اَنَامِلُهُ : سوجنا -
اِسْمَعَطَ - العجاجُ : غبار کا اوپر چڑھنا -
اِسْمَعَطَّ : سخت غضبناک ہونا -
اِسْمَغَدَّ اِسْمِغْدَادًا - الجرحُ : زخم کا سوجنا -
المُسْمَغِدّ - فا - پھولا ہوا - زور سے پکڑنے والا یہاں تک کہ انگلیاں سوج جائیں -
سَمَقَ (ن) سَمْقًا وسُمُوقًا - النباتُ : بلند ہونا - صفت (سامق وسَمِيق)
السُّمَاق - خالص - کہا جاتا ہے "اُحِبُّكَ حُبًّا سُمَاقًا" میں تم سے خالص محبت کرتا ہوں -
السُّمَّاق والسُّمُوق - ایک درخت جس کا پھل بہت کھٹا ہوتا ہے - پھل کو بھی کہتے ہیں - واحد سُمَّاقَة وسُمُوقَة)

السَّمِيق - ہل کا جوا -
السَّمَق - من الرجال : لمبا مرد -
اِسْمَقَرَّ اِسْمِقْرَارًا - الیومُ : بہت گرم ہونا
سَمَكَ (ن) سَمْكًا - الشیءَ : بلند کرنا - کہا جاتا ہے "سَمَكَ اللهُ السَّمَاءَ" اللہ نے آسمان کو بلند کیا -
سَمَكَ (ن) سَمْكًا وسُمُوكًا وسَمُكَ (ک) سَمَاكَةً - بلند ہونا -
سَمَّكَ - الشیءَ : کسی چیز کو دبیز بنانا -
تَسَمَّكَ - بلند ہونا -
اِسْتَسْمَكَ - الثیاب : کپڑوں میں سے لمبا اختیار کرنا - مچھلی کھانا -
السَّمْك - مص - چھت یا چھت کی دبازت ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد -
السَّمَك - مچھلی - ج سِمَاک وسُمُوک واَسْمَاک واحد (سَمَكَة)
السِّمَاك - چیز کے اٹھانے کا اوزار ج سُمُک - من الزور : ہنسلی سے ملی ہوئی پسلی -
السِّمَاكَان - دو روشن ستارے ایک کو السماک الرامح اور دوسرے کو السماک الاعزل کہتے ہیں -
السُّمَيْكَاء - ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے -
السَّمَّاك مچھیرا - مچھلی بیچنے والا -
السَّمِيك والمَسْمُوك - لمبا - المسموک من الخیل : مضبوط گھوڑا -
المِسْمَاك - خیمہ وغیرہ اٹھانے کی لکڑی -
المُسْمَكَات والمَسْمُوكَاتُ السبع - ساتوں آسمان -
سَمَلَ (ن) سَمْلًا - عینَہ : آنکھ پھوڑنا — الحوضَ : کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا — بینہم : صلح کرانا — الدلوُ : ڈول کا تھوڑا پانی نکالنا
سَمَلَ (ن) سُمُولًا وسُمُولَةً وسَمُلَ (ک) سَمَالَةً - الثوبُ : کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا صفت (سَمِل)
سَمَّلَ - الحوضُ : حوض کا تھوڑا پانی دینا
— الحوضَ : کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا - فلانا بالقول : نرمی سے بات کرنا
اَسْمَلَ - الثوبُ : کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا — بینہم : صلح کرانا -
تَسَمَّلَ - تھوڑا پانی پینا — النبیذَ : نبیذ کے پینے میں اصرار کرنا -
اِسْتَمَلَ - عینَہ : آنکھ پھوڑنا
السَّمَّال - آنکھوں کو پھوڑنے والا
السَّمِيل - پرانا و بوسیدہ کپڑا - ج اَسْمَال حوض کا بقیہ پانی
ثوبٌ (سَمَلٌ وسَمُول وسَمِيل) پرانا و بوسیدہ کپڑا
السَّمَال - پانی کے حوض کا کیڑا -
السَّمَلَة والسُّمْلَة - تھوڑا پانی - ج سَمَل و اَسْمَال وسِمَال وسُمُول -
السُّمْلَان - من الماء والنبیذ : پانی یا شراب کا بقیہ -
السَّوْمَل - پرانا و بوسیدہ کپڑا -
السَّوْمَلَة - چھوٹی پیالی -
السَّمَوْأَل - وسیع زمین - نرم مٹی والی زمین
سَمْلَجَ - اللبنَ فی حلقہ : آسانی سے نگلنا -
السَّمْلَج والسُّمَالِج - میٹھا دودھ -
السِّمْلَاخ والسُّمْلُوخ - کان کا سوراخ - کان کا میل -
السُّمَالِحِيّ - بے مزہ دودھ یا کھانا -
السَّمْلَع - بھیڑیا - بد اور خبیث کے لیے بھی بولتے ہیں -
السَّمْلَق - ہموار و بنجر زمین -
سَمِنَ (س) سِمَنًا وسَمَانَةً - موٹا ہونا - صفت (سامن سَمِين) ج سِمَان
سَمَنَ (ن) سَمْنًا وسَمَّنَ - الطعامَ : گھی ڈالنا - وسَمَّنَهُ : موٹا کرنا - سَمَنَ القومَ : گھی کا توشہ دینا - سَمَنَ لہ : بہت دینا -
اَسْمَنَ - موٹا ہونا - بہت گھی والا ہونا - موٹے جانوروں والا ہونا - موٹا جانور خریدنا - یا اس کا مالک ہونا یا اسے ہبہ کرنا -

— الفرس: گھوڑے کو موٹا کرنا — الخبز: روٹی گھی میں ترکرنا — الرجل: گھی کھلانا۔
تَسَمَّنَ۔ موٹا ہونا۔ بغیر شرافت کے مدعی شرافت ہونا۔
اِسْتَسْمَنَ۔ اپنے لیے گھی طلب کرنا — ہ: موٹا پانا یا سمجھنا۔ اور اسی سے مثال ہے۔ "اِسْتَسْمَنْتَ ذَا وَرَمٍ" تم نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا۔ اس موقع پر بولتے ہیں جبکہ کوئی شخص حقیقت واقعہ کے خلاف محض ظاہر سے دھوکا کھا جائے۔
السَّامِن۔ فا۔ بہت گھی والا (فاعل بمعنی ذا ہے باب تامر و لابن سے)
السَّمْن۔ مص۔ گھی۔ ج اَسْمُن و سُمُون و سُمْنان۔
السَّمَّان۔ گھی بیچنے والا۔
السَّمْنَة۔ گھی۔ یہ السمن سے خاص ہے۔
السُّمْنَة۔ موٹا کرنے والی ایک دوا۔ ایک قسم کی گھاس جس کے دانے فلفل کی طرح ہوتے ہیں اور اس کو عورتیں فربہی کے لیے استعمال کرتی ہیں۔
السَّمِين۔ موٹا — من الکلام: باموقع گفتگو۔
السَّمِينَة۔ السمین کا مونث۔ ج سِمَان۔
"اَرْضٌ سَمِينَةٌ": بغیر پتھر والی زمین۔
المُسْتَسْمِن۔ پیدائشی موٹا۔
طعامٌ (مُسْمِنَة) موٹا کرنے والی خوراک۔
السُّمَانَى۔ بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ۔ واحد وجمع دونوں کے لیے اور کہا گیا ہے کہ واحد (سُمَانَاة) ہے۔ ج سُمَانَيَات۔
السَّمَنْجُونِی۔ آسمانی رنگ والا۔ (جدید)
السَّمَنْد و السَّمَنْدَل والسَّنْدَل۔ ایک قسم کا پرندہ۔
سَمَهَ (ف) سُمُوهًا۔ مدہوش ہونا — الفرس: گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا
سَمَّهَ۔ الابل: بیکار چھوڑ دینا صفت مفعولی (مُسَمَّه)
السَّامِه۔ حیران۔ ج سُمَّه۔

السُّمْهَى۔ فضا آسمانی۔ ترمرے (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضا آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے) (— والسُّمَّهَى والسُّمَيْهَى والسُّمَيْهِى والسُّمَيْهَاء والسُّمَيْهَاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔
سَمْهَجَ۔ کلامہ: جھوٹ بولنا — الحبلَ: رسی مضبوط بٹنا — الشیءَ: چھوڑنا — الدراہمَ: رواج دینا — الیمینَ: قسم میں سختی کرنا۔
السَّمْهَج۔ جھوٹ۔
اِسْمَهَدَّ۔ السنامُ: کوہان کا بڑا ہونا۔
السَّمْهَد۔ خشک وسخت چیز۔
السَّمْهَد و السَّمَهْدَد۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔
اِسْمَهَرَّ۔ مضبوط وسخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا — الظلامُ: بہت اندھیرا ہونا
السَّمْهَرِیّ۔ مضبوط نیزہ۔ کہا جاتا ہے "رمح سَمْهَرِیّ و رماحٌ سَمْهَرِيَّة" قدٌ سَمْهَرِیٌّ: معتدل قد
سَمَا يَسْمُو سُمُوًّا۔ بلند ہونا — البصرُ: اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَوْتُ اِلَيْهِ بَصَرِی" اس کی طرف میں نے نگاہ اٹھائی و "سَمَا اِلَيْهِ بَصَرِی" اس کی طرف میری نگاہ اٹھی۔ "نفسہ تسمو الی معالی الامور" اس کا نفس بڑے بڑے امور کی طرف مائل ہے — ہ: بلند کرنا — القومُ: شکار کے لیے جانا (سَمَا يَسْمُو سُمُوًّا) الرجلَ زیدًا وبزیدٍ: نام رکھنا۔
سَمَّى۔ الرجلَ زیدًا او بزیدٍ: نام رکھنا — الشارعُ فی العمل: کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔
اَسْمَى۔ الشیءَ: بلند کرنا — الرجلَ زیدًا وبزیدٍ: نام رکھنا — ہ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ: روانہ کرنا۔
سَامَى مُسَامَاةً۔ الرجلَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا يُسَامَى" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تَسَامَى تَسَامِيًا۔ القومُ: باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا — علی الخیل: گھوڑے پر سوار ہونا۔
تَسَمَّى۔ نام پانا — الی و بالقوم: منسوب ہونا۔
اِسْتَمَى اِسْتِمَاءً۔ الصائدُ: شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا — ہ: کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر و صلاح معلوم کرنا۔
اِسْتَسْمَى اِسْتِسْمَاءً۔ نام پوچھنا۔
السَّامِی۔ فا۔ ج سامُون و سُمَاة۔ مونث سَامِيَة۔ ج سامیات و سَوَامٍ۔ کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سامی طرفہ" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السامی: شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری ج سُمَاة۔
السَّمَاء۔ آسمان۔ فضا وسیع جو زمین کو احاطہ کیے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش۔ بادل۔ گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَمَاوَات و سَمُوَات (الف کو صرف کتابت میں حذف کر کے) و سُمِیّ و سِمِیّ و اَسْمِيَة (— والسَّمَاوَة) گھر کا چھجہ۔ و سَمَاوَةُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا ڈھانچہ
السُّمَاء۔ اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "شَاعَ سُمَاءُہ" اس کی شہرت و نیکنامی پھیل گئی۔
الاِسْم والاُسْم۔ نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزہ وصل ہے۔ ج اسماء و اَسَامٍ و اَسَامِی و اَسْمَاوَات اور بسملہ میں ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَلَہ کے معنے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اسم الجلالۃ: باری تعالیٰ کا نام
السَّمُ والسِّمُ والسُّمُ۔ اسم کے لغات کہا جاتا ہے "ہٰذا سُمُہ" یعنی یہ اس کا نام ہے
السَّمِیّ۔ بلند ہونے والا۔ سَمِيُّك: ہمنام نظیر۔

السَّمَوِيّ ۔ اسم کی جانب منسوب ۔
المِسْمَاۃ ۔ شکاری کی اونی جراب ۔
المُسَمّٰی ۔ معنیٰ معین ۔ کہا جاتا ہے "ہو من سمی قومہ ومن مُسَمّاتہم" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے ۔
سَنَّ (ن) سَنّاً ۔ السکین : چھری تیز کرنا "ہذا مما یَسُنُّک علی طعام" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے ۔۔۔ الرمح : تیر پر پھل لگانا ۔۔۔ الاسنان : مسواک کرنا ۔۔۔ العقدۃ : گرہ کھولنا ۔۔۔ الابل : اونٹ کو تیز ہانکنا ۔۔۔ الرجل : کسی کو بھالا مارنا ۔ دانت سے کاٹنا ۔ دانت توڑنا ۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا ۔۔۔ الامر : ظاہر کرنا ۔ جاری کرنا ۔ آسان کرنا ۔ جاری کرنا ۔۔۔ الطریقۃ : طریقہ اختیار کرنا ۔۔۔ علیہم السنۃ : طریقہ مقرر کرنا ۔۔۔ الطین : مٹی کا برتن وغیرہ بنانا ۔۔۔ الشیء : تصویر بنانا ۔۔۔ الماء او التراب : پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا ۔۔۔ العین الدمع : آنکھ کا آنسو بہانا ۔۔۔ الامیر رعیتہ : بہتر انتظام کرنا ۔ کہا جاتا ہے ۔ "سن فلان طریقاً من الخیر" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی تھی ۔
سُنَّتِ ۔ الارض : زمین کا چرنے سے صاف ہونا ۔
سَنَّنَ ۔ السکین : چھری تیز کرنا ۔ صیقل کرنا ۔ ۔۔۔ الرمح : نیزے پر پھل لگانا ۔۔۔ الرمح الیہ : کسی کے سامنے نیزہ کرنا ۔۔۔ القول : اچھی گفتگو کرنا ۔۔۔ الاسنان : مسواک کرنا ۔
اَسَنَّ ۔ الرجل : بوڑھا ہونا ۔۔۔ الصبی : بچے کا دانت نکلنا ۔ اسن اللہ سنہ : دانت اگانا ۔۔۔ الماء : پانی گرانا ۔۔۔ الرمح : نیزے پر پھل لگانا ۔
اِسْتَنَّ ۔ الماء : پانی گرنا ۔۔۔ الطریق : راستہ واضح ہونا ۔۔۔ الفرس : گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا ۔۔۔ السراب : سراب کا چمکنا ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بہ الہوی حیث اراد" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گیا ۔۔۔ الرجل : دانتوں کو خلال کر کے صاف کرنا ۔ (۔۔۔ و تَسَنَّنَ) بسنتہ : عمل کرنا ۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بسیرۃ فلان" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی ۔ دَسْتَنَّ فی عَدْوِہ : اپنے رخ پر دوڑنا ۔
اِسْتَسَنَّ ۔ زیادہ عمر والا ہونا ۔۔۔ الطریقۃ : طریقہ اختیار کرنا ۔۔۔ الطریق : آمد و رفت والا ہونا ۔۔۔ العین : بہتے ہوئے آنسو والی ہونا ۔۔۔ بسیفہ : تلوار کو حرکت دینا ۔۔۔ بالشیء : تابعداری کرنا ۔
السِّنّ ۔ ج اَسْنَان وَاَسِنَّۃ وَاَسُنّ : دانت (مونث) درانتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ لہسن کا جوا ۔ قلم میں تراشنے کی جگہ ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ ۔ چربی ۔ اور اسی سے ہے "اعطوا السن حظہا من السن" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو ۔ ج اسنان : عمر (مونث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ وطُعِنَ فی سنہ" یعنی وہ بوڑھا ہو گیا "ہو حدیث السن" وہ نئی عمر کا ہے ۔ "ہو کبیر السن وکبرت سنہ" وہ بوڑھا ہے ۔ و "ہو سِنُّ فلان" وہ فلاں کا ہمعمر ہے ۔ "ولداہ سن ابنک واولاد اسنان بنیک" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہمعمر ہیں ۔
السَّنَن ۔ طریقہ ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ فلان علی سَنَنٍ واحد" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا ۔ "اِمْضِ علی سَنَنِک" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مرّ السہم فی سننہ" تیر سیدھا نکل گیا ادھر ادھر نہیں ہوا ۔ (۔۔۔ والسِّنَن والسُّنَن والسُّنُن) من الطریق : کشادہ راستہ ۔ بڑا راستہ ۔
السَّنَّۃ : سَنَّ کا اسم مرۃ ۔ مادہ ریچھ ۔ مادہ چیتا ۔
السُّنَّۃ ۔ خصلت ۔ طریقہ ۔ طبیعت ۔ شریعت ۔ چہرہ یا اس کا دائرہ ۔ ج سُنَن ۔
اہل السنۃ : وہ لوگ جو حضرت ابوبکر، عمر، عثمان رضی اللہ عنہم کی خلافت کے قائل ہیں ۔
السُّنِّیَّۃ ۔ اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سنت کی جانب منسوب ہے ۔ واحد (سُنِّیّ)
السِّنَّۃ ۔ دو سروں والا کلہاڑا ۔ "سِنَّۃ من الثوم" لہسن کا ایک جوا ۔
السِّنَان ۔ نیزے کا پھل ۔ ج اَسِنَّۃ ۔
السِّنَان : سان ۔ کہا جاتا ہے "سن سکینہ بالسنان" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا ۔
السَّنُّوْن ۔ منجن ۔
السَّنِیْن ۔ سان پر تیز کیا ہوا ۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے ۔ وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو "سنین المرء" ہمعمر ۔ مونث سنینۃ
السَّنِیْنَۃ : ایک طرز پر چلنے والی ہوا ۔ ریت کا بلند ٹیلہ ۔ ج سَنَائِن ۔
المِسَنّ ۔ سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے
المُسِنّ ۔ من الدواب : بڑی عمر والا جانور ج مَسَانّ ۔
المَسْنُوْن ۔ معنیٰ "حَمَأٌ مسنون" : بدبودار کیچڑ ۔ "رجل مسنون الوجہ" : چمکدار کتابی چہرے والا ۔ "مرو مسنون" : نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر ۔ "طریق (مُسْتَسَنّ وَمُسْتَنّ)" آمد و رفت والا راستہ ۔
مُسْتَنّ الطریق : راستہ کا نمایاں حصہ ۔
المُسْتَنّ : شیر ۔
السِّنَاب ۔ سخت برائی
السِّنَاب والسِّنَابَۃ ۔ لمبی پیٹھ اور پیٹ والا
السَّنِب ۔ بہت دوڑنے والا ۔
السَّنْب والسَّنْبَۃ والسَّنُبَۃ : زمانہ کا ایک حصہ ۔
السَّنُوْب والسَّنْبَاب والسِّنْبَاب و السَّنْبُوْت : غضبناک ۔ بہت شر والا ۔ غیبت کرنے والا ۔ جھوٹا ۔
السَّنْبَاء ۔ دبر ۔

السُّنْبَاذَج۔ سان کا پتھر۔ (جدید)

السَّنْبُوسَق والسَّنْبُوسَك سموسہ۔

السُّنْبُوق۔ ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔

السُّنْبُك۔ کھر کا کنارہ۔ والسُّنْبُك من السیف: اس کی تلوار کا کنارہ ۔۔۔ من بیضۃ الحدید: خود کا بالائی حصہ ۔۔۔ من المطر: ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سَنَابِك۔ کہا جاتا ہے "طلب الرزق فی سنابك الارض" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔

سَنْبَلَ۔ الزرعُ: خوشوں والی ہونا۔ ۔۔۔ الرجلُ ثوبہ: کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔

السُّنْبُل۔ من الزرعِ کالبر والشعیر: خوشہ بالی۔ واحد (سنبلۃ) ج سَنَابِل وسُنْبُلَات۔ ایک خوشبودار گھاس۔ السنبل الرومی: ایک خوشبودار بوٹی: والسُّنْبُلَۃ: آسمان کے ایک برج کا نام۔

أَسْنَتَ: القومُ: قحط زدہ ہونا۔

سَنَّتَ۔ القِدْرَ: ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔

سَانَتُوا۔ الارضَ: نباتات تلاش کرنا۔ عام (سَنِتٌ وسَنِیْت ومُسْنِتٌ) قحط سالی۔ رجلٌ سَنِتٌ: بے نفع مرد۔

السَّنُّوت والسِّنُّوت۔ زیرہ۔ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔

المُسْنِت: مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

السُّنْتُب۔ بدخلق۔

سَنَجَ (ن) سَنْجًا۔ الثوبَ: کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔

السِّنَاج۔ دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر۔ (۔۔۔ والسِّنِیْج) چراغ۔

سَنْجَۃ (دخیل)۔ المیزان: باٹ ج سَنَجَات

الشُّنْجَۃ: سیاہ سفید رنگ (ثوب مُسَنَّج) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔

السِّنْجَاب والسُّنْجَاب۔ چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دم بہت گپھے دار بالوں اور اوپر کو اٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔

السِّنْجَق۔ جھنڈا۔ ج سَنَاجِق۔ جدید

سَنَحَ (ف) سُنُحًا وسُنْحًا وسُنُوحًا للامرِ او للرأی: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔ ۔۔۔ لی الشعرُ: آسان ہونا ۔۔۔ بکذا: اشارہ سے سمجھانا ۔۔۔ الرجلَ عن رأیہ: رائے سے پھیر دینا ۔۔۔ بہ وعلیہ: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔ (۔۔۔ سُنُوحًا وسَانِح سِنَاحًا ومُسَانَحَۃ) الطیرُ او الظبیُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔

تَسَنَّحَ۔ من الریح: ہوا کی طرف پشت پھیرنا

تَسَنَّحَ واِسْتَسْنَحَ۔ عن کذا: کھود کرید کرنا۔

اَلسُّنْحُ۔ مص۔ برکت ۔۔۔ من الطریق: درمیانہ راہ۔

السَّانِح۔ فا۔ بائیں جانب سے آنے والا اور اس کے مقابلہ میں بارح ہے جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سانح" سے نیک شگون اور "بارح" سے بدشگون لیا کرتے تھے۔ اور اسی سے مثال ہے "من لی بالسانح بعد البارح" یعنی میرے لئے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

السَّنِیْح۔ بائیں جانب سے آنے والا موتی زیور۔ ج سُنُح۔

السِّنَخْنَخ۔ رات کو نہ سونے والا۔

سَنَخَ (ن) سُنُوخًا۔ فی العلم: راسخ ہونا

سَنِخَ (س) سَنَخًا۔ بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مونث سَنِخَۃ ۔۔۔ من الطعام: بہت کھانا ۔۔۔ الفم: دانتوں سے خالی ہونا ۔۔۔ اسنانہ: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِّنْخ۔ اصل ۔۔۔ من السن: دانت اگنے کی جگہ۔ ج اسناخ وسُنُوخ۔ سِنْخ النصل: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنخ الکلمۃ: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سَنخ الحمّٰی: بخار کی تیزی۔

السِّنخ۔ اونٹ۔

السَّنِخَۃ والسَّنَاخَۃ۔ بدبودار ہوا۔

سَنَدَ (ن)، سُنُودًا واِسْتَنَدَ و تَسَانَدَ۔ الیہ: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سَنَدَ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا۔ سند للاربعین: چالیس کے قریب ہونا۔ سَنَدَ ذنبُ الناقۃِ: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سَنَّدَ۔ سند (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا ۔۔۔ الشیءَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

سَانَدَ مُسَانَدَۃً وسِنَادًا۔ الشاعرُ فی شعرہ: شعر میں مختلف ردیف لانا ۔۔۔ الرجلَ: مدد کرنا ۔۔۔ ہ علی العمل: کفایت کرنا ۔۔۔ ہ الی الشیءِ: ٹیک لگانا۔

اَسْنَدَ۔ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا ۔۔۔ ہ فی الجبل: پہاڑ پر چڑھانا ۔۔۔ فی العدو: دوڑنے میں کوشش کرنا ۔۔۔ اسندہ الی الشیءِ: ٹیک لگانا۔

السَّنَد۔ ایک قسم کی چادر۔ سہارا۔ اور محدثین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سَنَدَات پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَسْنَاد۔

السَّنَدَۃ۔ ایک قسم کی نباتات۔

السِّنَاد۔ قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ ناقۃ سِنَاد: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی۔ قوی۔

الاِسْنَاد۔ مص۔ عند اہل المناظرۃ: حوالہ دینا ج اسانید والاسناد فی علم العربیۃ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زیدٌ قائمٌ وقام زیدٌ۔

السَّنْدَان (دخیل)۔ نہائی۔ اہرن۔ ج سَنَادِیْن۔

السِّنْدَان۔ بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّنْدَانَۃ۔ گدھی۔

السِّنْدِیَان۔ شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سندیانۃ) فارسی کلمہ ہے۔

المسنبل۔ بے پالک۔ مُنہ بولا بیٹا۔
المُسْنَدُ۔ من الحدیث: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسانِد و مَسانِید۔ المسند: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو حمیری استعمال کرتے تھے۔ مُنہ بولا بیٹا۔ زمانہ۔
المُسْنَد والمِسْنَد۔ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَسانِد۔ کہا جاتا ہے "خرج القومُ مَسانِدَ" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔
المُسْتَنَدُ۔ جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔
السِنْدَأْوُ والسِنْدَأْوَة۔ ہلکا۔ دلیر پیشقدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور بڑے جسم والا۔ السِنْدَأْوَة: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لیے باندھا جاتا ہے۔
جمع (سَنَداب) قوی اور سخت اونٹ۔
سَنْدَرَ۔ جلدی کرنا۔
السَنْدَرَة۔ مص۔ جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔ حضرت علیؓ کے قول "اَکِیلُکُم بالسیفِ کَیْلَ السَنْدَرَة" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔
السَنْدَرِیّ۔ دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط کمان۔ نیلگوں نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیمانہ۔ (۔۔۔ والسَنْدَر والسِنْدَر) دلیر۔
السِنْدَرُوس۔ ایک قسم کا گوند۔ یا کہربا کی مانند ایک معدنی چیز۔
السُنْدُس۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
السَنْدَل۔ ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا پائتابہ۔
سَنِرَ (س) سَنَرًا۔ بدخلق ہونا۔
السَنَوَّر۔ ایک ہتھیار۔ زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔
السِنَّوْر۔ بلی۔ سردار۔ دم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنانِیر۔
السُنَّار۔ بلی۔
سَنْسَنَتِ۔ الریحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔
السِنْسِن۔ پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سَناسِن۔ (۔۔۔ والسِنْسِنَة) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جاءت الریحُ سَناسِنَ" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔
سَنِطَ (ک)، سَناطَةً و سَنِطَ (س) سَنَطًا۔ کوسج یا کچی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِناط و سُناط و سَنُوط) ج سُنُط و اَسْناط۔
السِنْط۔ گٹا۔ پہنچا۔
السَنْطَبَة۔ بے ڈول لمبائی۔
السِنْطَاب۔ لہار کا ہتوڑا۔
السِنْطِیر والسَنْطُور۔ ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔
سَنْطَلَ۔ الرجلُ: سر جھکا کر چلنا۔
السَنْطَلَة۔ مص۔ لمبائی۔
السُنْطالة۔ سر جھکا کر سکون کی چال۔
السِنْطِیل۔ لمبا۔
المُسَنْطَل۔ مف۔ سست چال چلنے والا جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔
السَنْطَلِیل۔ لمبے قد والا۔
سَنَعَ (ن، ف)، و سَنُعَ (ک)، سَناعَةً و سُنُوعًا۔ حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِیع)، مونث سَنِیعَة۔
اَسْنَعَ۔ الغلامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا۔۔۔ الرجلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا۔۔۔ الشئَ: زیادہ کرنا۔
السِنْع۔ گٹے کے مقام کی باریکی۔ گٹے کا جوڑ۔ ج سِنَعَة و اَسْناع۔
السَنَع۔ خوبصورتی۔
الاَسْنَع۔ لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "ہذا اَسْنَعُ من ذاک" یہ اس سے افضل ہے۔ مونث سَنْعاء۔
السَنِیعَة۔ پہاڑی راستہ۔ ج سَنائِع۔
السُنْعُبَة۔ نیولا۔ اوپر والے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں ابھرا ہوا گوشت۔
سَنَفَ (ن ض)، سَنْفًا۔ البعیرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا۔۔۔ الناقةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا۔
اَسْنَفَ۔ البعیرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔ اَسْنَفَتِ الناقةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا۔۔۔ الریحُ: ہوا کا تیز چلنا۔۔۔ البرقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا۔۔۔ الامرَ: مضبوطی سے کرنا۔۔۔ البعیرَ: تنگ باندھنا۔
السَنْف۔ لکڑی جو پتوں سے خالی ہو۔ پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ ج سُنُوف۔
السِنْف۔ ایک تلخ دانہ جو گیہوں جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَة) ج سِنْف جج سِنَفَة۔
السِنِیف۔ بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ ج سُنُف و سُنْف و اَسْنِفَة۔
المُسْنِفَة۔ من السنین: خشک سال۔۔۔ من الاراضی: قحط زدہ زمین۔
سِناف۔ البعیرِ: اونٹ کا تنگ۔ ج سُنُف و سُنْف و اَسْنِفَة۔
السَنْفَتان والسُنْفَتان۔ دو لکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔
المِسْناف۔ وہ اونٹ جو کجاوہ کو ادھر ادھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ ج مَسانِیف۔
سَنِقَ (س)، سَنَقًا۔ بدہضمی ہونا (بقول بعض سَنِقَ صرف حیوانات کے لیے مخصوص ہے)
اَسْنَقَہُ۔ النعیمُ: ناز و نعمت والا ہونا۔ خوشحال ہونا۔
السُنْقُر والسُنْقُور۔ ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔
السُنُک۔ نمایاں راستے۔
السِنْکِسار والسِنْکْسار۔ عند النصرانیین:

نصرانیوں کے اولیا، وصالحین کے حالات کا
مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)
سَنِمَ (س) سَنَمًا۔ البعیرُ: بڑے کوہان والا
ہونا ۔۔۔ النبتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔
سَنَّمَ۔ الکلأُ البعیرَ: موٹے کوہان والا
کردینا ۔۔۔ الاناءَ: برتن بھرنا ۔۔۔ الشیَٔ:
بلند کرنا ۔۔۔ القبرَ: قبر کو کوہان نما کرنا ۔۔۔
المکیالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کردینا۔
اَسْنَمَ۔ الکلأُ البعیرَ: موٹے کوہان والا
کردینا ۔۔۔ الدُّخانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔
اَسْنَمَتِ النارُ: آگ سے لپٹ اٹھنا۔
تَسَنَّمَ۔ الناقۃَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا
۔۔۔ الشیَٔ: کسی چیز پر چڑھنا ۔۔۔ فلانًا:
غفلت میں پکڑ لینا ۔۔۔ ہ الشیبُ: بڑھاپا
پھیل جانا۔
السَّنِمُ۔ من الابل: بڑے کوہان والا اونٹ
۔۔۔ من النبات: زمین سے بلند شگوفے
والے پودے۔
السَّنامُ۔ کوہان۔ ج اَسْنِمَۃ۔ کہا جاتا ہے
"فلانٌ سَنامُ قومِہٖ" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔
سَنَمَۃُ۔ النبات: نباتات کے اوپر کا حصہ
جیسے بالی شگوفہ۔ رجلٌ (سَنِیْمٌ) عالی مرتبہ مرد۔
السَّنَمُ۔ گائے۔
التَّسْنِیْمُ۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔
المُسَنَّمُ۔ من الجمال: اونٹ جس پر سواری
نہ کیجائے
السِّنِمَّار۔ چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا
السَّنَمُّوْرَۃ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا
کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)
سَنِہَ (س) سَنَہًا۔ بہت برسوں والا
ہونا۔ صفت (سَنِہٌ) ۔۔۔ الطعامُ او الشرابُ:
بگڑ جانا۔ متغیر ہونا۔
سانَہَ۔ الرجلَ: سالانہ معاملہ کرنا۔ سانَہَتِ
النخلۃُ: ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔
تَسَنَّہَ۔ بہت برسوں والا ہونا ۔۔۔ الخبزُ:
بو دار ہونا ۔۔۔ عندہ: ایک سال تک اقامت
کرنا۔
السَّنْہاءُ۔ من النخل: ایک سال کے ناغہ سے
پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔
کہا جاتا ہے "سَنَۃٌ سَنْہاءُ" بغیر بارش و بغیر پیداوار
کا سال۔
سَنا یَسْنُو سَنْوًا و سَناوَۃً و سُنُوًّا و
سِنایَۃً۔ السحابُ الارضَ: بادل کا زمین کو
سیراب کرنا ۔۔۔ البرقُ: بجلی کوندنا ۔۔۔ البابَ:
دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النارُ: روشنی بلند ہونا
۔۔۔ السماءُ: برسنا۔ سَنا علی الدابۃِ: جانور پر
پانی لانا ۔۔۔ الدلوَ: ڈول کنوئیں سے کھینچنا۔
سانَیٰ سِناءً و مُسانَاۃً۔ الرجلَ: ایک
سال کے لیے معاہدہ کرنا یا اجرت پر رکھنا۔
تَسَنّٰی تَسَنِّیًا۔ الشیَٔ: چڑھنا۔ تَسَنَّتِ
العقدۃُ: گرہ کھلنا
السَّنَۃ۔ سال۔ ج سُنُوْن و سِنُوْن و سَنَوات
و سَنَہات۔ تصغیر سُنَیَّۃ و سُنَیْنَۃ و سُنَیْہَۃ۔ نسبت
کے لیے سَنَوِیّ و سَنَہِیّ۔
سَنَۃٌ سَنْواءُ۔ سخت سال۔
السَّنَاءُ۔ بجلی کی چمک۔ ایک دست آور
دوا کا نام۔
السانِی۔ ف۔ پانی لانے والا۔ ج سُناۃ
السانِیَۃ۔ رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں
سے پانی لایا جائے۔ ج سَوانٍ۔
المَسْنُوّ والمَسْنِیّ۔ رہٹ سے سیراب کی
ہوئی چیز۔
المُسَنّاۃ۔ بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّیات
و مُسَنِّیات۔ کہا جاتا ہے "عقدوا مُسَنّیاتٍ
لِحَبْسِ المیاہِ" انہوں نے پانی روکنے کے لیے
بند باندھا
سَنِیَ (س) سَنَاءً۔ بلند مرتبہ ہونا۔
سانیٰ مُساناۃً و سِناءً۔ الرجلَ:
خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔
کہا جاتا ہے "سانَیْتُہٗ حتّٰی اِسْتَخْرَجْتُ ما عِنْدَہٗ"
میں نے اس کے ساتھ نرمی کر کے جو کچھ اس کے
پاس تھا سب نکلوالیا۔
اَسْنٰی اِسْناءً۔ البرقُ: بجلی کا چمکنا۔
۔۔۔ النارَ: آگ روشن کرنا ۔۔۔ لہ الجائزۃَ:
بیش قیمت انعام دینا "جاوَرْتُہٗ فاَسْنٰی جِواری"
میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوس کا حق
ادا کردیا ۔۔۔ القومُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔
تَسَنّٰی۔ الامرُ: تیار ہونا ۔۔۔ الرجلُ: آسانی و
نرمی کرنا ۔۔۔ الشیٔ: متغیر ہونا ۔۔۔ القفلُ: تالا
کھلنا ۔۔۔ الرجلَ: راضی کرنا۔
السَّنٰی۔ بجلی۔ رشیم۔ ایک دست آور دوا کا
نام۔
السَّناءُ۔ مص بمعنی سنی۔ بلندی۔ روشنی۔
السَّنایا۔ شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا
ہے "رجلٌ سَنایا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)
السَّنِیّ۔ عالی مرتبہ۔ مونث سَنِیَّۃ۔
السِّنایَۃ۔ تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا
جاتا ہے "اَخَذْتُہٗ بِسِنایَتِہٖ" میں نے اس کو سارا
کا سارا لے لیا۔
السُّنُوْنُوْ۔ ابابیل۔ واحد سُنُوْنُوَۃ و سُنُوْنِیَۃ
سَہَبَ (ف) سَہْبًا۔ الشیَٔ: لینا۔
اَسْہَبَ۔ الکلامَ و فی الکلام: لمبی گفتگو کرنا
صفت (مُسْہِب و مُسْہَب) ثانی نادر ہے۔
۔۔۔ الرجلُ: بہت دینا۔ حریص و لالچی ہونا۔
۔۔۔ الفرسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔ اَسْہَبُوا
الدابۃَ: جانور کو چرنے کے لیے چھوڑ دینا۔
اُسْہِبَ مدہوش ہونا۔ عقل کھو دینا یا
زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے
رنگ بدل جانا۔ اَسْہَبَتِ البئرُ: زیادہ
گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (مُسْہَبَۃ
و مُسْہِبَۃ)
اِسْتَسْہَبَ۔ بہت دینا
السَّہْبُ۔ مع۔ بیابان ۔۔۔ من الخیل:
کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت
کہا جاتا ہے "لِمَضٰی سَہْبٌ من اللیل" رات کا کچھ

حصّہ گذر گیا۔
السَّهْب والسُّهُب من الارض: وسیع ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قطعوا سَهْبًا وسُهُبًا من الارض" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔
السَّهْبَل۔ دلاور۔
سَهَجَتِ (ف) سَهْجًا۔ الریحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا ـــ الریحُ الارضَ۔ ہوا کا زمین کو صاف کر دینا ـــ الطیبَ: خوشبو گھسنا ـــ القومُ لیلتَهم: تمام رات چلنا۔
السَّاهِج۔ ج سُهُج (و السَّيْهَج والسَّيْهُوج والسَّيْهُوج) من الاریاح: تیز ہوائیں
المَسْهَج۔ تیز ہوا کی گذرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے
المِسْهَج۔ ہر حق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔
سَهْجَرَ سَهْجَرَةً۔ ڈرتے ہوئے دوڑنا
سَهِدَ (س) سَهَدًا (و سُهْدًا) بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔
سَهَّدَهُ۔ بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَهَّدَهُ الهمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔
السُّهْد والسُّهَاد۔ بے خوابی۔
السُّهُد۔ کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ سُهُدٌ" کم سونے والا مرد "عینٌ سُهُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔
السَّهْدَة۔ بیداری اور کہا جاتا ہے "ما رأیتُ منهُ سَهْدَةً" میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔
السَّهْوَد۔ بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غلامٌ سَهْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "هو اسهدُ منك رأیا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔
المُسَهَّد۔ مفع۔ کم نیند والا۔
السَّهْدَم۔ بعید۔
سَهِرَ (س) سَهَرًا۔ ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (ساهِرٌ و سَهْرَان) اور کہا جاتا ہے

"لیلةٌ ساهرةٌ" جاگنے والی رات۔ سَهِرَ برقٌ: بجلی کا رات کو چمکنا
اَسْهَرَ۔ جاگتے رکھنا۔
ساهَرَهُ۔ اکٹھے جاگنا۔
السُّهَار۔ بیداری۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ سُهارُ العین" کم سونے والا مرد۔
السَّاهُور۔ بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہار۔ چاند۔ کہا جاتا ہے۔ "دخل القمرُ فی الساهور" یعنی چاند گہن میں آگیا۔ ساهُورُ عینِ الماء: چشمہ کا منبع۔ الساهُور: مہینے کے باقی نو دن
السَّهَّار والسُّهَرَة۔ بہت بیدار رہنے والا۔
الساهِرَة۔ الساهر کا مونث۔ زمین۔ اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔
الاَسْهَرَان۔ آنکھ کی دو رگیں۔ ناک کی دو رگیں۔
المِسْهَار۔ بیداری پر قادر۔
سَهِفَ (س) سَهَفًا۔ القتیلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔
سَهِفَ (س) سَهَفًا۔ بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔
اِسْتَهْفَهُ۔ خفیف سمجھنا۔
السَّاهِف۔ فا۔ ہلاک ہونے والا جس پر جان کندنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔ ساهِفُ الوجہ: متغیر چہرے والا۔
السَّهْف۔ مع۔ مچھلی کے سفنے۔
السُّهَاف۔ پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طعام (مَسْهَفَة) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رجلٌ مَسْهُوف: بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔
السَّهْوَق۔ بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنہ۔
السَّهْوَق۔ کشادہ قدم والا۔
سَهَكَتْ (ف) سَهْكًا۔ الریحُ: ہوا کا تیز چلنا ـــ الریحُ الترابَ عن وجهِ الارضِ: غبار اڑانا ـــ الشیءَ: کسی چیز کو گھسنا۔
سَهَكَتْ سُهُوكًا۔ الدابةُ: جانور کا آہستہ چال چلنا۔
سَهِكَ (س) سَهَكًا۔ بدبودار ہونا۔ صفت (سَهِك) کہا جاتا ہے "یدی سَهِكَةٌ من السمک" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے
السَّهَك والسُّهْكَة والسُّهُوكَة۔ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو
السَّهَكُ: لوہے کا زنگ۔
ریحٌ (ساهِكَة) بہت تیز ہوا۔ ج سَوَاهِک و ساهِكات۔ ریحٌ (سَهُوک و سَیْهَک و سَیْهُوک و مِسْهَكَة) بہت تیز ہوا۔
السَّیْهَك۔ غبار جس کو ہوا اڑائے۔
السَّهَّاك والمِسْهَك۔ ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔ المِسْهَك من الخیل: تیز رفتار گھوڑا۔
المَسْهَك والمَسْهَكَة۔ تیز ہوا کی گذرگاہ
سَهَلَ (ک) سُهُولَةً۔ المکانُ: نرم ہونا
سَهُلَ (ک) سُهُولةً و سَهَالَةً۔ الامرُ: آسان ہونا۔ صفت (سَهْلٌ و سَهِیلٌ)
سَهَّلَ۔ الامرَ لہ و علیہ: آسان کر دینا ـــ الموضعَ: نرم کر دینا۔
ساهَلَہُ مُساهَلَةً۔ نرم برتاؤ کرنا۔
اَسْهَلَ۔ پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اترنا ـــ الدواءُ: پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔ ـــ الرجلُ: لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا ـــ الامرَ: نرم پانا۔
اُسْهِلَ۔ الرجلُ: اسہال والا ہونا۔
تَسَهَّلَ۔ الامرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "ما تسهّل لی ان افعلہ" میرے لیے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔
تَساهَلَا۔ ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔ تساهَلَ الامرُ علیہ: آسان ہونا۔
اِسْتَسْهَلَ۔ المکانَ: نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔

اِسْتَسْهَلَهُ۔ آسان سمجھنا۔

السَّهْلُ۔ نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سُهُول وسُهُولَة۔ اور نسبت کے لیے (سُهْلِيّ) جیسے "بعیر سُهْلِيّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ۔ اور تم کہتے ہو "ارضٌ سَهْلَةٌ" "سَهْلُ الوجہ: کم گوشت والا چہرہ۔ سَهْلُ الخُلُق: نرم اخلاق والا۔ اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "اَهْلًا وسَهْلًا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا سخت زمین پر نہیں۔

السِّهْلَةُ والسِّهْلُ۔ ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہالاتا ہے۔ السَّهْلَةُ: اسہال۔

الاِسْهَال۔ عندالاطباء: دست آنا۔

السَّهُول۔ دست آور دوا۔

سُهَيْل۔ ایک روشن ستارہ جو بلاد عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گبریلے مرجاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔

وتنکر موتہم وانا سہیلٌ ۔ طلعتُ بموت اولاد الزنا

سَهَمَ (ن) وسَهُمَ (ک) سُهُومًا وسُهُومَةً لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا ___ وجهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سَهَمَهُ: قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔

سُهِمَ۔ لو کی لپیٹ لگنا۔

ساهَمَهُ۔ قرعہ اندازی کرنا۔

اَسْهَمَ۔ لهُ فی کذا: حصہ مقرر کرنا ___ بین القوم: قرعہ ڈالنا ___ فی الکلام: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِم مُسْهَم)

تَساهَمَ واسْتَهَمَ۔ القومُ: باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تساهموا الشیءَ: باہم تقسیم کرنا۔

السَّهْمُ۔ ج سِهام: قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سهم الرامی: ایک ستارہ ___ اَسْهُم و سُهْمَة وسُهْمان: حصہ۔ کہا جاتا ہے "اصابه فی القسمة سهمان" تقسیم میں اس کو دوہرا حصہ ملا۔

السُّهْمَةُ۔ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔

السُّهُمُ۔ آفتاب کی کرنیں۔ حرارت غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔

السَّاهِمَةُ۔ من النوق: دبلی پتلی اونٹنی۔

السَّهَامُ۔ لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی کڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

السُّهَامُ۔ دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

السَّهِيمُ۔ شریک۔ حصہ دار۔

المُسْهَمُ۔ لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔

المُسَهَّمَةُ۔ من الثیاب: دھاری دار کپڑا

المُسْهَمُ والمَسْهُوم۔ من الابل: سُهام بیماری والا اونٹ۔

السَّهُوم۔ عقاب۔

سَهَا يَسْهُو سَهْوًا وسُهُوًّا۔ فی الامر و عن الامر: غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (ساهٍ وسَهْوان) ___ الیہ: پست نگاہ سے دیکھنا۔

سَهُوَ يَسْهُو سَهاوَةً۔ الفرسُ: گھوڑے کا آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَهْو)

اَسْهَى۔ الرجلُ: سهوه بنانا (دیکھیے نیچے لفظ سهوة)

ساهَى۔ الرجلَ فی المعاشرة: نرمی کرنا۔ خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ___ ہ: غافل کرنا۔ استہزاء کرنا۔

سَهّاهُ۔ فریاں میں گرم کر کے خشک کرنا۔

السَّهْوُ۔ مص۔ سکون۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "افعلہ سَهْوًا رَهْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی و نرمی سے کرو۔ "ماءٌ سَهْوٌ" نتھرا ہوا صاف پانی۔ "جمل سَهْو" نرم تابعدار اونٹ "امر سَهْو" نرم کام۔ "ریح سَهْوٌ" نرم ہوا۔ ج سِهاءٌ۔

السُّهَى والسُّهَا۔ بنات نعش صغریٰ میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ۔ اور اسی سے مثل ہے "اُرِيها السُّهَى وتُرِينِي القمرَ" جو سوال از آسمان وجواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں۔

السَّهْوُ والسَّهْواءُ۔ رات کا ایک حصہ

السَّهْوَةُ۔ السهو کا مونث۔ سها کا اسم مرة ___ ج سِهاءٌ: کانس۔ مہتابی۔ طاقچہ۔ دو شندان۔ صحن کے سامنے کا پردہ۔ پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے۔ پتھر کی چٹان یا لکی نرم کمان۔

السَّاهِي۔ فا۔ کہا جاتا ہے "بعیر ساهٍ راهٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ۔ ج حالٌ سَواهٍ رَداهٍ

الاَسَاهِي۔ الوان۔ رنگ (اس کے لیے مفرد نہیں)

سَهْوَكَهُ۔ پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔

تَسَهْوَكَ۔ پچھاڑا جانا۔ ہلاک ہونا۔ پشت پھیرنا۔ نرم چلنا۔

ساءَ يَسُوءُ سَوَاءً۔ الشیءُ: قبیح ہونا۔ بُرا ہونا۔ کہا جاتا ہے "ساءَتْ سِيرَتُهُ" اس کی عادت بری ہے۔

ساءَ يَسُوءُ سَوْءًا وسُوءًا وسَواءً وسَواءَةً وسَوايَةً ومَساءً ومَساءَةً ومَسائِيَةً ومَسايَةً۔ الامرُ فلانًا: غمگین کرنا۔ مکروہ سلوک کرنا ___ بہ ظنًّا: بُرا گمان کرنا ___ ظنًّا: بُرا گمان کرنا۔

سَوَّأَهُ تَسْوِئَةً وتَسْوِيئًا۔ خراب کرنا بگاڑنا۔ سَوَّأَ عليه عَمَلَهُ: عیب لگانا۔ سرزنش کرنا

اَسَاءَ اِساءَةً۔ الشیءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا ___ الیہ: بُرا سلوک کرنا۔

اِسْتاءَ۔ غمگین ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَهُ فاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا۔

السُّوءُ۔ ساءَہ کا اسم۔ آفت۔ شر و فساد ج اَسْواءٌ

السَّوْءُ۔ مص۔ رَجُلُ سَوْءٍ و رَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد۔ والسَّوْءُ: فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔

السَّیِّیءُ۔ قبیح۔ بُرا۔ کہا جاتا ہے "ہو سَیِّیءُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے۔

السَّیِّئَۃُ۔ السَّیِّیءُ کا مونث۔ بُرائی۔ گناہ ج سَیِّئَات۔

السَّوْءَۃُ۔ فاحشہ۔ بُری عادت۔ شرمگاہ ج سَوْءَات۔

الاَسْوَأُ۔ اسم تفضیل مونث سُوْأیٰ۔ بُرا السُّوْأیٰ: جہنم کی آگ۔

السَّوْءَاءُ۔ بری عادت۔ بدشکل عورت۔

المَسَاءَۃُ۔ بُرا قول یا فعل۔ ج مَسَاوِیٌ المَسَاوِیٌ: بُرائیاں۔ عیوب۔ نقائص۔

السَّوْبَۃُ۔ دور کا سفر۔

السَّوْبِیَۃُ۔ گیہوں کی شراب

سَاجَ یَسُوْجُ سَوْجًا وسُوَاجًا و سَوَجَانًا۔ آہستہ آنا جانا۔

سَوَّجَ و سَیَّجَ۔ الکرمَ ونحوہ او علی الکرم انگور وغیرہ میں باڑ لگانا۔

السِّیَاجُ۔ دیوار، انگور وغیرہ کی باڑ۔ ج سِیَاجَات و اَسْوِجَۃ و سُوْجٌ۔

السَّاجُ۔ ساکھو کا درخت ج سِیجَان۔ واحد (ساجۃ) کشادہ گول چادر۔ کساء (مُسَوَّج) گول کیا ہوا کمبل۔

السَّاحَۃُ۔ گوشہ۔ کنارہ۔ مکانوں کے درمیان کا چوک۔ ج ساحٌ وسُوْحٌ وساحَات۔

سَاخَ یَسُوْخُ سَوْخًا وتَسَوَّخَ فی الطین: کیچڑ میں دھنس جانا۔ ساخ الشیءُ فی الماء: تہ نشیں ہونا (ساخت) بہم الارض سُیُوْخًا وسُؤُوخًا وسَوَخَانًا۔ نگل لینا۔

السَّوَاخُ والسُّوَّاخُ والسَّوَاخیٰ والسَّوَاخِیَۃُ بہت کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مُطِرنا حتی صارت الارض سُوَاخِیَ" ہمارے اوپر بارش ہوئی یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہوگئی۔ دبطحاء سُوَاخِیٌ" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔

سَادَ یَسُوْدُ سِیَادَۃً وسُوْدَدًا وسُوْدُدًا وسَیْدُوْدَۃً وسُوْدًا۔ شریف ہونا۔ بزرگ ہونا

۔۔۔ قومَہ: سردار ہونا ۔۔۔ ہ: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا۔ صفت (سائِد) ج سادۃ۔ جج سادات ۔۔۔ الرجلَ: کسی سے راز کی بات کہنا۔ (۔۔۔ سُوَادًا) الرجلُ: زرد کائی جمی ہوئی پانی کو پینا۔

سَوِدَ یَسْوَدُ سَوَدًا واسْوَدَّ اِسْوِدَادًا واسْوَادَّ اِسْوِیدَادًا۔ کالا ہونا۔

سَوَّدَ۔ دلیر ہونا ۔۔۔ ہ: سردار بنانا۔ ۔۔۔ الشیءَ: کالا کرنا ۔۔۔ الرجلُ: سرداروں کو قتل کرنا۔

سَاوَدَہُ۔ مکر و فریب کرنا۔ رات کے اندھیرے میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا۔ راز کی بات کہنا۔ ساوَدَ الاسد: شیر کو ہٹانا ہانکنا۔

اَسْوَدَتْ اِسْوَادًا واَسَادَتْ اِسَادَۃً المرأۃُ: کالا بیٹا جننا۔ سردار جننا۔

تَسَوَّدَ۔ نکاح کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔

اِسْتَادَ۔ القومَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا ۔۔۔ فی بنی فلاں: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔

السَّوْدُ۔ سیاہ پتھروں والا ہموار میدان۔ ج اَسْوَاد۔ ایک قطعہ کو (سَوْدَۃ) کہتے ہیں۔ السَّوْدَۃ: کھجور کے درختوں والی زمین۔

السُّوْدُ۔ مص۔ سرداری۔ ایک قسم کی نباتات

السَّوَادُ۔ سیاہی۔ وجود۔ تم کہتے ہو "رأیتُ سَوَادًا" میں نے وجود کو دیکھا۔ ج اَسْوِدَۃ جج اَسَاوِد۔ بہت مال۔ بہت تعداد۔ سَوَادُ البَلْدَۃ: شہر کے اردگرد کی آبادیاں۔ سَوَادُ اللیل: پوری رات۔ سَوَادُ الناس: عام لوگ سَوَادُ العسکر: اسلحہ و سامان فوج۔ سَوَادُ العین: آنکھ کا سیاہ حصہ۔ پتلی۔ سَوَادُ القلب: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوَادُ۔ رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔ رنگ کی زردی۔

السِّوَادُ۔ آواز۔

السَّوَادِیَۃُ والسُّوْدَانِیَۃُ۔ بھُجنگا۔

السُّوْدَانُ۔ سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔

السِّیْدُ۔ بھیڑیا۔ شیر۔ ج سِیْدَان السِّیْدَۃُ: مادہ بھیڑیا۔

السِّیْدَانَۃُ۔ بھیڑیا۔

السَّیِّدُ۔ سردار۔ تخفیفاً (سَیْد) بھی ایک لغت ہے۔ ج اَسْیَاد وسَادَۃ وسَیَائِد ۔۔۔ عند المسلمین: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں السیدان: حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما

السَّائِدُ ۃ۔ ج سَادَۃ۔ جج سادات۔

اَسْوَدُ۔ ج سُوْدٌ وسُوْدَانٌ مونث سَوْدَاءُ: کالا ۔۔۔ من العین: آنکھ کی پتلی ۔۔۔ من القوم: بزرگتر۔ کہا جاتا ہے "ہو اَسْوَدُ من فلانٍ" وہ فلاں سے بزرگتر ہے۔ تصغیر اُسَیْوِد و اُسَیِّد۔ الاَسْوَدَان: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔ والاسود: مونث اَسْوَدَۃ ج اَسَاوِد: بڑا کالا سانپ جس کو ڈنش بھی کہتے ہیں۔ السَّہْمُ الاَسْوَد: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ گویا بہت ہاتھوں کے پکڑنے کی وجہ سے کالا ہوگیا ہے) کہا جاتا ہے "فلاں اَسْوَدُ الکبدِ" فلاں دشمن ہے۔ وعلیٰ ہذا القیاس "ہم سُوْدُ الاکبادِ"

السَّوْدَاءُ والسُّوَیْدَاءُ۔ عند الاطباء: ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری الحبۃ السوداء: کلونجی۔ سوداء القلب وسُوَیْدَاؤہ: دل کا سیاہ نقطہ۔

السُّوْدَدُ والسُّوْدُدُ۔ مرتبہ بلند۔ سرداری مار (مَسْوَدَۃ)

المَسْوُوْدُ۔ مرض مالیخولیا کا بیمار۔

المُسَوَّدَۃُ والسَّوَادُ۔ عند الکتاب: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَیَّضَہ کہتے ہیں ۔۔۔ عند الطباعین: پروف (المُسَوَّدَۃ و

(المُسَوَّدَة) من الایام: سخت زمانہ، مصائب کے دن۔

السَّوْدَق والسَّوْذَق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَنِيق۔ شکرا یا شاہین۔

سَارَ يَسُوْرُ سَوْرًا۔ الحائطَ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا (—— سَوْرًا وسُؤُورًا) الیہ کودنا —— الشرابُ فی راسہ: شراب کا سر کو چکرانا۔

سَوَّرَ المدینۃَ: شہر پناہ بنانا —— المرأۃَ کنگن پہنانا —— الحائطَ: دیوار پر چڑھنا۔

سَاوَرَہٗ سِوَارًا ومُسَاوَرَۃً۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الحیۃُ الراکبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا —— الشرابُ: سر کو چکرانا۔

تَسَوَّرَ: کنگن پہننا —— الحائطَ وعلیہ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔

السُّوْر۔ شہر پناہ۔ ج اَسْوَار وسِیْرَان۔

السُّوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ سُوْرٌ مِنَ الاِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔

سُوْرِیَۃ وسُوْرِیَّۃ۔ ملک شام۔

السَّوْرَۃ۔ سَارَ کا اسم مرۃ۔

سَوْرَۃ۔ الخمرِ و(سُوَارُہا) شراب کی تیزی سَوْرَۃُ السلطان: بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَۃُ المجد: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَۃُ البرد: سردی کی تیزی۔

السُّوْرَۃ۔ مرتبہ کہا جاتا ہے "لہٗ عِنْدَکَ سُوْرَۃٌ" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "لہٗ سورۃ فی المجد" اس کے لیے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت کہا جاتا ہے "لہٗ علیک سُوْرَۃٌ" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی خوبصورت عمارت —— من الکتاب: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّؤْرَۃ بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَر و سُوْر وسُوْرَات وسُوَرَات۔

السِّوَار والسُّوَار والاُسْوَار: کنگن ج اَسْوِرَۃ واَسَاوِر واَسَاوِرَۃ وسُوُوْر۔

الاَسَاوِرَۃ: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آکر رہ پڑی تھی۔

السَّوَّار۔ وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہمنشین پر حملہ کرنے والا۔ کَلْبٌ سَوَّارٌ: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔ السَّوَّار: شیر۔

الاُسْوَار والاِسْوَار: گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیر انداز —— عند الفرس: فوجی افسر۔ ج اَسَاوِر واَسَاوِرَۃ۔

السُّوَارَی۔ بلندی۔

المِسْوَر والمِسْوَرَۃ چمڑے کا تکیہ ج مَسَاوِر۔

المُسَوَّر۔ کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔

مَلِکٌ مُسَوَّر: طاقتور بادشاہ۔

السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان۔ ایک دوا کا نام جنگلی سنگھاڑا۔

سَاسَ يَسُوْسُ سِيَاسَۃً۔ الدوابَّ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا —— القومَ: امور کی تدبیر و انتظام کرنا —— الامرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَۃ وسُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فلان مجرب قد ساس وسِیْسَ علیہ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔

سَاسَ يَسَاسُ وسَوِسَ يَسُوْسُ وسِيْسَ يَسَاسُ سَوْسًا وتَسَوَّسَ الطعامُ گھن پڑنا —— الشاۃُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا۔

سَوَّسَ۔ الطعامُ: گھن پڑنا —— لہٗ امرًا: مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فلانٌ امرَ القوم" فلاں قوم کے امور کا مالک بنا یا گیا۔

اَسَاسَ۔ الطعامُ: گھن پڑنا۔ اَسَاسَہٗ النَّاسُ: رئیس و سردار بنالینا۔ اَسَاسَتِ الشاۃُ: بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِیْس)

السَّاس۔ منتظم۔ دانت کی جڑ جس کو کیڑے نے کھالیا ہو۔ (اس کی اصل سائس ہے مثل ہار و ہائر و صاف و صائف کے)

السُّوْس: اون یا لکڑی کا کیڑا گھن۔ واحد (سُوْسَۃ) کسی چیز کا کھانے والا۔ السُّوْس: اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "الفصاحۃُ مِنْ سُوْسِہٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ میٹھی کا درخت

السَّوَس۔ ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔

السُّوَاس۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کردیتی ہے۔

السِّیَاسَۃ۔ مص۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السیاسۃُ المدنیۃ: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو

السُّوْسَن والسَّوْسَن والسُّوْسَان۔ ایک خوشبودار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَۃ) ج سَوَاسِن۔

سَاطَہٗ يَسُوْطُہٗ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا۔ —— الشیءَ: مخلوط کرنا —— الحربَ: لڑائی برپا کرنا —— الامرَ: تہ بالا کردینا۔ (—— سوطانا) نفسہٗ: جی کا متلانا۔

سَوَّطَ۔ الکراثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا —— الامرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا —— الحربَ: لڑائی برپا کرنا۔

اِسْتَوَطَ۔ الامرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

السَّوْط۔ کوڑا۔ چابک۔ ج اَسْوَاط وسِیَاط السَّوْط: حصہ۔ سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ اور کہا جاتا ہے۔ "ہما یَخَاطَیَانِ سَوْطًا وَاحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّیَاط گندنا کی شاخیں۔

السَّوَّاط۔ سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔

السَّوِیْط۔ گڈمڈ۔ ملا ہوا۔

المِسْوَاط۔ بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (—— والمِسْوَط) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔

المِسْیَاط۔ پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔

سَوطَر۔ دیکھیے سَیطَر۔

سَاعَ یَسُوعُ سَوعاً۔ ضائع ہونا۔

سَاعَتِ الابلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔

سَاوَعَہٗ مُسَاوَعَۃً وَسِوَاعاً۔ گھنٹہ بھر کے لیے معاملہ کرنا ــــ الرجلُ۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

اَسَاعَ اِسَاعَۃً۔ الشیَٔ: بیکار چھوڑنا ضائع کرنا۔

اَسْوَعَ اِسْوَاعاً۔ ایک گھنٹہ موخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔

السَّوعُ والسُّوَاعُ۔ رات کا ایک حصہ

السَّائِعُ۔ ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَۃٌ

السَّاعَۃُ۔ گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقضِنِی حَقّی السَّاعَۃَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدۃ) ج ساعات و ساع

السَّاعۃُ الرملیۃ: ریت گھڑی۔ الساعۃ الشمسیۃ: دھوپ گھڑی۔

سَاعَۃٌ سَوعاءُ۔ سخت وقت

السُّوَیعَۃُ۔ ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔

رجلٌ (مِسْیَاعٌ و مُسِیعٌ) للمال: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "ہو مِضْیَاعٌ مِسْیَاعٌ و مُضِیعٌ مُسِیعٌ"

السُّوَاعُ والسُّوَعاءُ۔ مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے "فی السُّوَعاءِ الوضوءُ"۔ السُّوَاعُ: ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی۔ اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔

المُسْوَعُ۔ جائز۔

سَاغَ (ن) سَوغاً وسَوَاغاً وسُوغاناً الامرُ: جائز ہونا۔ صفت (سائغ) ــــ الشرابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ و سَیِّغ و اَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِی الشَّرابُ"

سَاغَتْ بِہ الارضُ: دھنسا دینا

سَاغَ یَسُوغُ سَوغاً وسَاغَ یَسِیغُ سَیغاً۔ الشرابُ: خوشگوار کرنا۔ جید لغت (اساغہ) ہے۔

سَوَّغَ۔ الامرَ: جائز کرنا ــ لہٗ کذا: دینا کسی کے لیے خاص کر دینا۔

اَسَاغَ۔ الطعامَ او الشرابَ: خوشگوار بنانا۔ اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِی غُصَّتِی" یعنی مجھے مہلت دے۔

اَسْوَغَ اِسْوَاغاً۔ الصبیُّ اخاہ: ساتھ پیدا ہونا۔ یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مونث (سَوغٌ و سَوغَۃٌ و سَیِّغٌ) کہا جاتا ہے "ہٰذا سَوغُ ہٰذا و ہو اخوہٗ سَوغُہٗ و ہی اختہٗ سَوغَتُہٗ و ہو اخوہٗ سَیِّغُہٗ و ہی اختہٗ سَیِّغَتُہٗ" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔

اِسْتَسَاغَ۔ الشرابَ: خوشگوار پانا۔

السَّیِّغُ۔ من الشراب: خوشگوار شراب۔

السِّوَاغُ۔ حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "الماءُ سِوَاغُ الغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔

سَافَ یَسُوفُ وَیَسَافُ سَوفاً۔ المالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ یَسُوفُ سَوفاً۔ علیہ: صبر کرنا ــــ (واستاف اِستِیافاً) الشیَٔ: سونگھنا

سَوَّفَہٗ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا ــــ ہٗ الامرَ: پورا اختیار دینا۔

سَاوَفَہٗ مُسَاوَفَۃً۔ سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔ ٹالنا۔

اَسَافَ اِسَافَۃً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا مرنا۔ صفت (مُسِیف) اور اولاد کو (مُسَاف) کہتے ہیں۔ اَسَافَہُ اللہُ: ہلاک کرنا۔

سَوفَ۔ مبنی بر فتحہ: حرف استقبال ہے "س" سے اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَقتَاتُ السَّوفَ" فلاں آرزوؤں میں زندگی بسر کرتا ہے۔

السَّائِفَۃُ۔ باریک ریت اور ریتلی اور سخت زمین کے درمیان والی زمین۔

السَّوَافُ والسُّوَافُ۔ جانوروں کی بیماری و ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فی المالِ سَوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی۔ اور اسی سے مثل ہے "اَسَافَ حتّی مَا یَشتَکِی السَّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو جائے۔

السَّافُ والسَّافَۃُ۔ مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔ ج آسُف و سافات۔ کہا جاتا ہے "بَنیٰ سَافَیْنِ او ثلاثَ سافاتٍ" اس نے دو یا تین ردے رکھے۔ السافُ: ایک شکاری پرندہ

السَّافَۃُ والسُّوفَۃُ۔ ریتلی اور سخت زمین کے درمیان کی زمین۔ ج سُوف و سُوَف۔

المَسَافَۃُ والمَسَافُ۔ ج مَسَاوِف و (السِّیفَۃ) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "کَم مَسَافَۃُ ہٰذہِ الارضِ و مَسَافَتُہا و سِیفَتُہا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔ "وَبَینَہُم مَسَاوِفُ مَراحِلَ" ان کے درمیان بہت بعد ہے۔ المَسَافُ: ناک۔

المِسْیَافُ۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو

المُسْتَافُ۔ قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے کی جگہ۔

المُسَوِّفُ۔ فا۔ صابر۔ خودمختار۔

المُسَوَّفُ۔ عطردان۔

سَاقَ یَسُوقُ سَوقاً وسِیَاقاً وسِیَاقَۃً ومَسَاقاً واِستَاقَ اِستِیَاقاً۔ الماشیۃَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سائق) ج سَاقَۃ و سُوَّاق و سَائِقُون۔ صفت مفعولی (مَسُوقَۃ) اور کہا جاتا ہے "سَاقَہٗ سَاقَ غَیرِہٖ" اس نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔

سَاقَ الحدیثَ: بیان کرنا۔

سَاقَہٗ یَسُوقُہٗ سَوْقًا وسِیَاقًا۔ پنڈلی پر مارنا۔ سَاقَ اِلَیہِ المَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا۔ — مِنْ امْرَأتِہٖ: مہر دینا۔ — المَرِیضُ نَفْسَہٗ عِندَ المَوتِ وسِیقَ علی المجہول: جانکنی ہونا۔

سَوِقَ یَسْوَقُ سَوَقًا۔ اچھی اور پُر گوشت پنڈلی والا ہونا۔

سَوَّقَ۔ النَّبتُ: تنہ دار ہونا۔ — ہ الاَمرَ: مالک بنانا۔ — المَاشِیَۃَ: جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔

سَاوَقَہٗ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔

اَسَاقَہٗ اِسَاقَۃً واسْتَسَاقَہٗ اِسْتِسَاقَۃً۔ الماشیۃ: ہانکنے کے لیے دینا۔

تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔

تَسَاوَقَتِ۔ المَاشِیَۃُ: قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔

اِنْسَاقَ۔ ہانکا جانا۔ — الاِبِلُ: قطار میں چلنا۔

السَّاقُ۔ پنڈلی (مونث) ج سُوْق وسِیقَان واَسْوُق۔ سَاقُ الشَّجَرۃِ: درخت کا تنہ۔ سَاقُ الحَمَامِ وسَاقُ الغُرابِ: دو نباتات کے نام۔ سَاقُ حُرٍّ: نر قمری۔ کہا جاتا ہے "کَشَفَ الاَمرُ عَن سَاقِہٖ" یعنی معاملہ سخت ہو گیا۔ و "قَامَتِ الحَربُ عَلی سَاقٍ" یعنی جنگ سخت ہو گئی۔ "وَلَدَتِ المَرأۃُ ثَلاثَۃَ بَنِینَ عَلی سَاقٍ وَاحِدَۃٍ" عورت کے تین بیٹے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں کوئی لڑکی نہیں۔

السَّاقَۃُ۔ جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ فِی سَاقَۃِ الجَیشِ" فلاں لشکر کے پچھلے دستہ میں ہے۔

السُّوقُ۔ بازار۔ (مونث اور کبھی مذکر بھی استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق۔ سُوقُ الحَربِ: میدان جنگ۔

السَّوَقُ۔ پنڈلی کی لمبائی۔

السُّوقَۃُ۔ رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد جمع مذکر و مونث)

السَّیِّقُ۔ مِنَ السَّحابِ: بادل جس کو ہوا اُڑا دے۔

السَّیِّقَۃُ۔ جانور جس کو دشمن ہانک کر لیجائے کہا جاتا ہے "المَرءُ سَیِّقَۃُ القَدرِ" مرد تابع قضا و قدر ہے۔ السَّیِّقَۃُ: شکاری کی اوٹ ج سَیَائِقُ۔

السَّوِیقُ۔ ستو۔ ج اَسْوِقَۃ۔ شراب۔

السِّیَاقُ۔ مہ۔ عورت کا مہر۔ سِیَاقُ الکَلامِ: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَت ہٰذِہٖ العِبَارَۃُ فِی سِیَاقِ الکَلامِ" یعنی یہ عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔

السَّوَّاقُ۔ ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے والا۔

الاَسْوَقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ مونث سَوْقَاءُ ج سُوق۔

السُّوَّاقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا ہونے والا پودا۔

المِسْوَقُ۔ لکڑی جس سے جانوروں کو ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر شکار کو دھوکا دیں۔

المُنْسَاقُ۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔

سَاکَ یَسُوکُ سَوْکًا وسَوَّکَ۔ الشَّیءَ: رگڑنا۔ ملنا۔ اور اسی سے ہے "سَاکَ الاَسْنَانَ بِالعُودِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔

سَاکَ سِوَاکًا وتَسَاوَکَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔

تَسَوَّکَ تَسَوُّکًا واسْتَاکَ اِسْتِیَاکًا۔ مسواک کرنا۔

السِّوَاکُ۔ مہ۔ ج سُوُکٌ (المِسْوَاکُ) ج مَسَاوِیکُ۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک۔

سَالَ یَسَالُ سُؤالًا وسَوَالًا۔ سَأَلَ کا ایک لغت۔

سَوِلَ یَسْوَلُ سَوَلًا۔ ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَلُ مونث سَوْلاءُ ج سُوْل۔

سَوَّلَ۔ لہ الشَّیطانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کے کرنے کے لیے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا مِن تَسْوِیلاتِ الشَّیطانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ "سَوَّلَت لَہٗ نَفسُہٗ کَذا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔

تَسَوَّلَ۔ البَطنُ: ڈھیلا پڑنا۔

السُّوْلُ۔ السُّؤلُ کا مخفف۔

السُّوَلَۃُ۔ بہت پوچھنے والا۔

السَّوْلاءُ۔ اَسْوَلُ کا مونث۔ بڑا ڈول۔

السَّوِیلُ۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنا سَوِیلُکَ فِی ہٰذا الاَمرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔

سَامَ یَسُومُ سَوْمًا وسَوَامًا۔ السِّلعَۃَ: فروخت کے لیے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔ — المُشتَرِی السِّلعَۃَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِالسِّلعَۃِ کَذا وکَذا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔ سَامَتِ المَاشِیَۃُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔ سَامَہٗ الاَمرَ: تکلیف دینا۔ سَامَہٗ خَسْفًا: ذلیل کرنا۔ — الطَّیرُ عَلی الشَّیءِ: پرندہ کا منڈلانا۔ — الرِّیحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔ سَامَ النَّاقَۃَ عَلی الحَوضِ: اونٹنی کو حوض پر لیجانا۔

سَوَّمَہٗ۔ الاَمرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔ — ہ فِی مَا یَملِکُہٗ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا۔ — فُلانًا: کسی کو اس کے منشا پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے۔ "عَبدٌ وسُوِّمَ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو۔ — الخَیلَ: گھوڑوں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ — عَلَیہِم: لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا۔ — الفَرَسَ: گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا ومُسَاوَمَۃً۔ بالسِّلعَۃِ:

سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
تَسَاوَمَ۔ السِلْعَۃَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا
—— فی سِلْعَۃٍ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔
اَسَامَ اِسَامَۃً۔ الماشیۃ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا —— الیہ بصرہ: نظر ڈالنا۔
اِسْتَامَ۔ فلانًا بِسلعَۃٍ: قیمت دریافت کرنا —— بہا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔
تَسَوَّمَ۔ علامت لگانا۔
السَّامُ۔ موت۔ زہر کل۔ واحد (سَامَۃ) السَّامَۃ: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنویں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِیَم۔
السِیْمَۃ والسُّوْمَۃ والسِیْمَا والسِیْمیٰ علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے "فیہ سُوْمَۃ الصلاح وسِیْمَتہ" اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔
السِیْمیا والسِیْمِیَاء۔ علامت۔ خوبصورتی۔
السَّائِمُ۔ فا۔ خود سری سے چلنے والا چرواہا
السَّائِمَۃ والسَّوَام۔ چرنے والا اونٹ۔ جانور۔ ج سَوَائِم۔
السُّوَام۔ سم۔ ایک پرندہ۔
المَسَام۔ جلدی گذرنا۔
المَسَامَۃ۔ چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی
المُسَوَّم۔ خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخیل المُسَوَّمَۃ۔ چرائے ہوئے یا چھوٹے ہوئے گھوڑے۔
سَوِیَ یَسْوَی سِوًی۔ الرجلُ: درست کام والا ہونا۔
سَوّٰی۔ الشَّیءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ المُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقًا بنانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے اللّٰہ یُسَوِّی الاُمُور۔
—— وسَاوٰی بَیْنَہُمَا وتَسْوَاہ وسَاوَاہ بہ: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّیَتْ علیہ الارضُ" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کردیا گیا۔ وسَاوَی الشَّیءُ: برابر ہونا۔ سَاوَی الرجلُ قِرْنَہ: ہم مثل ہونا۔

قدر و قیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہذا لایُسَاوِی درہمًا" یہ ایک درہم کی برابر نہیں۔
اَسْوٰی اِسْوَاءً۔ رسوا ہونا۔ ذلیل ہونا درست امور والا ہونا —— الشیءَ: ہموار کرنا
—— اسواہ۔ برابر کرنا
تَسَوّٰی۔ ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بہ الارضُ" یعنی وہ ہلاک ہوگیا اور دفن کردیا گیا۔
تَسَاوَیَا۔ فی کذا: ہم مثل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔
اِسْتَوٰی۔ الشیءُ: معتدل و برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّیْتُ الشیءَ فَمَا اسْتَوٰی" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی —— الرجلُ: درست امور والا ہونا پوری جوانی کو پہنچنا —— علیہ غالب ہونا —— علی ظہر الدابۃ: جم کے بیٹھنا۔ "استوی علی سریر المُلک" کنایہ ہے کامل قبضہ و تصرف سے —— الی الشیءِ: قصد و ارادہ کرنا۔ استوت بہ الارضُ: ہلاک و مدفون ہونا۔ استوی الطعامُ: پک کر تیار ہونا۔
السَّوِیّ۔ سا۔ ارادہ۔
السَّوَاء۔ برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَہٗ" اس نے اس کے وسط میں مارا۔ "لقیتہ فی سواءِ النہار" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی۔ اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جاؤوا سواءَ زیدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مکان سواء وثوب سواء" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا۔ وسواء السبیل: سیدھا راستہ۔ وہذا درہم سواء یہ پورا درہم ہے۔ سواء الجبل: پہاڑ کی چوٹی اسواء: مثل مانند "ہما فی ہذا الامر سواء" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سواء کے سواءان بھی کہہ سکتے ہو۔ اور جمع کی صورت میں ہم سواء

یا ہم اَسواء اور خلاف قیاس "ہم سَوَاسِیَۃ و سَوَاسِیَۃ وسَوَاسِوَۃ" بھی کہہ سکتے ہو۔ ولیلۃ السواء: تیرہویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مررتُ برجلٍ سواءٌ والعدمُ" میں گذرا ایسے شخص پر ہو جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور جب سواء کے بعد ہمزۂ تسویہ ہو تو ام کا ہونا ضروری ہے چاہے وہ اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سواءٌ علیَّ أزیدٌ جاء ام عمرو" میرے لیے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ "وسواءٌ علیَّ أقمتَ ام قعدتَ" میرے لیے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو۔ اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزہ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف او کے ذریعہ ہوگا جیسے "سواءٌ علیَّ قمتَ او قعدتَ" اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف واؤ اور او دونوں سے جائز ہے جیسے "سواءٌ علیَّ قیامُک او قعودُک وقیامُک وقعودُک"
السِّوٰی والسُّوٰی۔ برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جاؤوا سوی زیدٍ" اور تم کہتے ہو "عندی رجلٌ سواک" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ "ومررتُ برجلٍ سِوًی والعدمُ" میں گذرا ایسے شخص پر ہو جس کا وجود و عدم برابر ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ہما علی حدٍ سوی" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔
السَّوِیّ۔ ہموار درست۔ برابر با انصاف مکان سَوِیٌّ: بیچ کی جگہ۔ غلامٌ سَوِیٌّ: بے عیب لڑکا۔ ج اَسْوِیَاء۔
السَّوِیَّۃ۔ السَّوِیّ کا مونث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "ہم علی سَوِیَّۃٍ فی ہذا الامر" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ "وقسمتُ بینہما بالسَّوِیَّۃ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کردیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَایَا۔
السِّیّ۔ بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "ہما سِیّان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مکان

سِیّ: ہموار جگہ۔ اور مونث کے لیے کہا جاتا ہے
"ما ہی بسِیّ لک وبیستِ المرأۃ لک بسِیّ وما لک
باسواء" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل
نہیں۔ اور "لا سِیَّما"۔ سِیّ اور مَا سے مرکب ہے
اور کلمۂ استثنا ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا
استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے اور "لا سِیَمَا"
تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے
اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت
ہے۔

الاَسْوٰی۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "ہذا المکان اسوی ہذہ الامکنۃ"

الاِسْتِوَاء۔ مص۔ درستی۔ اعتدال۔
(خط الاستواء) عند الجغرافیین: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَیَأَتْ وتَسَیَّأَتْ۔ النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بغیر دوہنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تسیأت علیّ الامور" میرے اوپر امور مختلف ہو گئے۔ "وتسیّأ فلان بحقی" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

اِنْسَیَأَ۔ اللبنُ: دودھ کا بغیر دوہنے کے بہنا۔

السَّیْءُ والسِّیْءُ۔ دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوہے ہوئے نکلے۔ ج سُیُوء۔

سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا۔ الماءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا ــــ الرجلُ: تیز چلنا۔ ــــ فی کلامہ ــــ بغیر غور و فکر کے بولنا۔ ــــ الدابۃ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَیَّبَہٗ۔ چھوڑ دینا ــــ العبدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

اِنْسَابَ انسیابًا۔ تیز چلنا۔ انسابت الحیۃُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔ ــــ فلان نحونا۔ لوٹنا۔

السَّیْب۔ مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُیُوب۔

السِّیْب۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُیُوب سیب (فارسی)

السَّیَاب والسَّیَّاب والسُّیَّاب
کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح اور بعضوں کے نزدیک بمعنی بُسر ہیں) واحد سَیَابَۃ وسَیَّابَۃ۔ السیابۃ: شراب۔

السِّیْبَان۔ صِئْبان کا محرف کلمہ ہے بمعنی جوں کے انڈے۔

السَّائِبَۃ۔ چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانہ جاہلیت میں نذر وغیرہ کے لیے چھوڑ جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا۔ اور گھاس پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔ ج سُیَّب وسوائب۔

سَیَّجَ۔ الکرمَ: انگور میں باڑ لگانا۔

السِّیَاج۔ دیوار۔ باڑ ج سیاجات واَسْوِجَۃ وسُوُج۔

السَّیْجَان۔ ایک قسم کی کھلی۔

سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا وسَیَحَانًا۔ الماءُ: پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت ماءٌ (سَیْح وسِیْح) کہا جاتا ہے "ہذہ الارض تُسقی بالماء سَیْحًا" اس زمین کی سیرابی بہتے ہوئے پانی سے ہے ــــ الظلُّ: پھرنا۔ ہٹ جانا (ــــ سَیْحًا وسَیَحَانًا وسِیَاحَۃً وسُیُوحًا) زمین میں عبادت کے لیے پھرنا۔ شہروں میں پھرنا صفت (سائح) ج سُیَّاح وسائحون۔

سَیَّحَ واَسَاحَ۔ بہانا۔ کہا جاتا ہے "سیّح تسییحًا کثیرًا" اس نے خوش بیانی سے گفتگو کی۔ اساح الفرسُ بذنبہ: گھوڑے کا دُم کو لٹکانا۔

اِنْسَاحَ۔ بطنُہ: پیٹ کا بڑا ہونا۔ موٹا ہونا ــــ الثوبُ: کپڑے کا پھٹنا ــــ بالُہ: کشادہ دل ہونا۔ انساحت الصخرۃ: چٹان کا پھٹ جانا

السَّیْح۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاریدار کمبل۔ ج سُیُوح واَسْیَاح۔

السَّائِحُ۔ مسجد میں رہنے والا روزہ دار

السَّیَّاح۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا

المِسْیَاح۔ برائی اور چغلی کو پھیلانے والا ج مَسَایِیح۔

المُسَیَّح۔ من الثیاب: دھاریدار کپڑا

سَاخَ یَسِیْخُ سَیْخًا وسَیَخَانًا۔ مضبوط ہونا۔ ساخت قدمُہ فی الطین: گارے میں پاؤں کا دھنس جانا۔

السِّیْخ۔ بڑی چھری۔ (فارسی)

السِّیَاخ۔ مٹی کی عمارت۔ ج سُیُوخ

سَارَ (ض) سَیْرًا وتَسْیَارًا ومَسِیْرًا ومَسِیْرَۃً وسَیْرُوْرَۃً۔ جانا۔ چلنا۔ سفر کرنا ــــ ہ وبہ: چلانا ــــ الدابۃ: جانور پر سوار ہونا ــــ السُّنَّۃَ: عمل کرنا۔ جیسے "و اوّل راضٍ سنۃً من یسیرہا" کسی سنت پر پہلا راضی ہونے والا وہ شخص ہے جو اس کے مطابق عمل کرے۔ کہا جاتا ہے "سِرْ عنک" یعنی غافل ہو جاؤ اور برداشت کرو۔ اس کی تقدیر یہ ہے "سِرْ ودَعْ عنک الشک و المِراءَ" سار الکلامُ او المثلُ فی الناس: مشہور ہونا۔

سَیَّرَ واَسَارَ۔ الرجلَ: چلانا ــــ الجلَّ عن ظہر الدابۃ: اتار دینا۔ سَیَّرَ الثوبَ او السہمَ: دھاری ڈالنا۔ سَیَّرَ المثلَ: لوگوں میں مشہور کرنا۔ سَیَّرَ سیرۃً: پہلے لوگوں کی باتیں بیان کرنا۔ سَیَّرَہٗ من بلدہ: جلاوطن کرنا نکال دینا۔

سَایَرَه ۔ ساتھ چلنا۔

تَسَیَّرَ ۔ الجلدُ: چھل جانا۔

تَسَایَرَا ۔ باہم مل کر چلنا ۔ تسایر عن وجہ الغضبُ: زائل ہونا۔

اِسْتَارَ اِسْتِیَارًا ۔ زاد راہ خریدنا ـــ بسیرۃ فلان: کسی کی سیرت وعادت پر چلنا

سَارُ ۔ الشئِ: تمام چیز۔ سائر میں ایک لغت ہے۔

السَّیْرُ ۔ تسمہ ۔ ج سُیُورٌ وسُیُورَۃٌ وأَسْیَارٌ

السِّیْرَۃُ ۔ سار کا اسم ۔ عادت ۔ طریقہ ۔ طرز زندگی ۔ ہیئت ۔ سیرۃ الرجل: سوانح عمری ۔ لوگوں کے ساتھ سلوک کی کیفیت ۔ کہا جاتا ہے "ہو حَسَنُ السِّیْرَۃِ" وہ اچھی عادت والا ہے ۔ اور اسی سے عرب کا قول ہے "من طابَتْ سَرِیْرَتُہٗ حُمِدَتْ سِیْرَتُہٗ" جس کا باطن اچھا ہوتا ہے اس کی عادت اچھی ہوتی ہے۔ ج سِیَرٌ ۔

السِّیَرَاءُ ۔ دھاریدار چادریں ۔ یا ایسی چادریں جن میں ریشم ملا ہوا ہو ۔ خالص سونا ۔ ایک قسم کی نباتات ۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا ۔ دل کا پردہ ۔ کھجور کی ٹہنی ۔

السَّائِرُ ۔ فا ۔ سائر الشئ: چیز کا بقیہ ۔ المثل السائر: مثل مشہور۔

السَّیَّارُ والسَّیُّوْرَۃُ والسَّیُوْرُ ۔ بہت چلنے والا۔

السَّیَّارَۃُ ۔ السیّار کا مونث ۔ قافلہ ۔ آفتاب کے گرد گھومنے والا ستارہ ۔ جیسے زحل، مشتری، مریخ، زمین، زہرہ، عطارد وغیرہ ۔ ج سیارات ۔ السیّارہ: موٹر کار۔

التَّسْیَارُ ۔ مص ۔ سیر کا مبالغہ

المَسُوْرُ ۔ مفع ۔ قیاس کے لحاظ سے مَسِیْر ہے مگر مصدر سے التباس کی وجہ سے بدل دیا گیا ۔ طَرِیْقٌ مَسُوْرٌ: آمدورفت والا راستہ

المَسِیْرَۃُ ۔ مص ۔ مسافت ۔ کہا جاتا ہے "بینہما مَسِیْرَۃُ یومٍ" ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔

المُسَیَّرُ ۔ من الثیاب: دھاریدار کپڑا۔

السِّیْرَجُ ۔ تل کا تیل۔

سَیِسَ یَسْیَسُ سَیَسًا ۔ الطعامُ: گھن پڑنا۔

سَاسَاہ ۔ شرم دلانا ۔ عار دلانا۔

السِّیْسُ ۔ جنبیلی کا پودہ۔

السِّیْسَاءُ ۔ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کی جگہ ۔ سِیْسَاءُ الظہر من الدواب: جانوروں کی پیٹھ پر سوار ہونے کی جگہ

سَیْطَرَ سَیْطَرَۃً وتَسَیْطَرَ ۔ نگہبان ہونا ۔ داروغہ ہونا۔

سَاعَ یَسِیْعُ سَیْعًا وسُیُوْعًا ۔ الشئُ: ضائع ہونا (ـــ وانْسَاعَ وتَسَیَّعَ ۔ الماءُ: پانی کا زمین پر ادھر ادھر بہنا ۔ انساع الجامدُ: جمی ہوئی چیز کا پگھلنا۔

سَیَّعَ ۔ الحائطَ بالطین: دیوار کا مٹی سے لیپنا ـــ الشئَ: تیل وغیرہ ملنا۔

أَسَاعَ ۔ الشئَ: ضائع کرنا۔

السَّیْعُ ۔ مص ۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی

السِّیَاعُ گارا ۔ کہگل۔

السُّیْعَاءُ والسِّیْعَاءُ ۔ رات کا حصہ کہا جاتا ہے "خرجتُ بعدَ سَیْعَاءٍ من اللیلِ" رات کا ایک حصہ گذر جانے کے بعد میں نکلا۔

المِسْیَعَۃُ ۔ کرنی کہگل کرنے کا اوزار

نَاقَۃٌ مِسْیَاعٌ ۔ بچہ کو چھوڑ کر چرنے کے لئے جانے والی اونٹنی۔

سَاغَ یَسِیْغُ سَیْغًا ۔ الشرابُ: خوشگوار ہونا۔

السَّیْغُ ۔ من الشراب: خوشگوار شراب

سَافَتْ تَسِیْفُ سَیْفًا ۔ الیدُ: ناخن کے ارد گرد کھٹنا۔

سَافَہٗ یَسِیْفُہٗ سَیْفًا ۔ تلوار سے مارنا

تَسَیَّفَہٗ: تلوار سے مارنا۔

سَایَفُوْا وتَسَایَفُوْا وِاسْتَافُوْا اِسْتِیَافًا باہم تلوار بازی کرنا ۔ واُسْتِیْفَ القومُ: تلوار سے مارا جانا ۔ واُسْتِیْفَ القومُ: تلوار سے مارا جانا۔

السَّیْفُ ۔ تلوار ۔ ج أَسْیَافٌ وسُیُوْفٌ وأَسْیُفٌ (مُسَیَّفٌ والسَّائِفُ) تلوار سے مسلح ۔ سَیْفُ الجبار تین ستاروں کے نام ۔ سَیْفُ الرباح: ایک قسم کی نباتات ۔

السَّیْفُ والسِّیْفُ ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی سی چونچ نیزہ کی مانند ہوتی ہے ۔ السِّیْفُ: سمندر کا کنارہ ۔ یا ہر چیز کا کنارہ ۔ ج أَسْیَافٌ وہ چیز جو کھجور کے درخت کی جڑ میں چپکی ہوئی ہوتی ہے۔

السَّیْفَانُ ۔ من الرجال: لمبا و پتلا مرد ۔ مونث سَیْفَانَۃٌ ۔ اور بقول بعض عورتوں ہی کے لیے مخصوص ہے۔

السَّیَّافُ ۔ شمشیر زن ۔ ج سَیَّافَۃٌ رجلٌ سَیَّافٌ: خون گرانے والا مرد ۔ سَیَّافُ الأمیرِ: جلاد۔

الأَسْیَافُ ۔ بارٹیاں

المَسَایِفُ ۔ خشک سال ۔ قحط کہا جاتا ہے "اصابتہم المسایف" ان کو قحط سالی لاحق ہوئی۔

المُسِیْفُ ۔ تلوار سے مسلح ۔ دلیر ۔ فقیر۔

المُسَیَّفُ ۔ من الدراہم: درہم جس کے کنارے نقش سے خالی ہوں ـــ من البرود: چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو ۔ یا تلوار کی مانند چوڑی دھاریاں ہوں۔

السِّیْکَاہ ۔ من موسیقی کا ایک راگ: جدید

سَالَ (ض) سَیْلًا وسَیَلَانًا ومَسِیْلًا ومَسَالًا ۔ الماءُ: بہنا ۔ سالت غُرَّۃُ الفرسِ: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔

أَسَالَ إِسَالَۃً وسَیَّلَ تَسْیِیْلًا ۔ الماءَ: جاری کرنا ۔ بہانا ۔ أَسَالَ الجامدَ: پگھلانا ۔ أَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ: لمبا کرنا۔

تَسَایَلَ ۔ القومُ: ہر طرف سے آنا۔

السَّائِلَۃ ۔ من غرر الخیل : گھوڑے کی کمک پیشانی کی سفیدی ۔ ج سوائل ۔
السَّیِّل ۔ مص۔ بہنے والا ۔ کہا جاتا ہے "ماء سیل" بہنے والا پانی ۔ السَّیْل : سیلاب ۔ ج سُیُول ۔
لسَیْلَۃ ۔ پانی بہنے کی جگہ ۔ سال کا اسم مرۃ
السَیَلَۃ ۔ پانی کا بہاؤ ۔
السَیْلَان ۔ ایک قیمتی پتھر ۔ تلوار کا وہ حصہ جو میان میں داخل ہو ۔ ج سَیَالِین ۔
السَّوَائِل ۔ من المعادن وغیرہا : بہنے والی چیزیں ۔
السَّیَال ۔ سفید بے کانٹوں والا ایک پودا (جب کانٹے کو توڑتے ہیں تو دودھ کی مانند نکلتا ہے) ۔ واحد سَیَالَۃ ۔
السَّیَّال ۔ زور سے بہنے والا ۔ مونث سَیَّالَۃ
السَّیَّال : ایک قسم کی مچھلی ۔
مَسِیْل ۔ الماء : پانی بہنے کی جگہ ج مَسَایِل ومُسُل وأَمْسِلَۃ ومُسْلَان
المَسَال ۔ من الوجہ : داڑھی نکلنے کی ایک جانب
السِّیْمُوْنِیَّۃ ۔ سیمون جادوگر کی طرف منسوب مال کے ذریعہ روحانی مراتب کے درجہ پر پہنچنے کی کوشش ۔
سِیَۃُ القوس : کمان کا سرا ۔ ج سِیَات

ش (٣٠)

الشُؤْبُوب ۔ بارش کی بوچھار ۔ دھوپ کی تیزی ۔ ہر چیز کی حد ۔ ہر چیز کی شدت ودفع ۔ آغاز حسن ۔ ج شَآبِیب ۔ کہا جاتا ہے "ہو حسن شآبیب الوجہ" اس کے چہرے کا آغاز حسن اچھا ہے ۔
الشَّئِیْت ۔ ٹھوکر کھانے والا گھوڑا ۔
شَأَجَہ یَشْأَجُہ ۔ الامر : غمگین کرنا ۔
شَئِزَ (س) شَأَزًا وشُؤُزَۃً شُؤَازًا ۔ المکان : سخت اور بلند ہونا ۔ ناہموار ہونا ۔ صفت (شَأَزٌ وشَئِزٌ) ۔ (۔۔۔ وشُئِزَ) بے آرام ہونا ۔ ڈرنا ۔
شَأَزَ (ن) شَأَزَ الجاریۃَ : جماع کرنا
أَشْأَزَہ ۔ رنجیدہ کرنا ۔ بے آرام کرنا ۔ ڈرانا ۔
أَشْأَزَ الرجلُ : عن کذا : بلند ہونا ۔
اِشْتَأَزَ ۔ بدکنا ۔
الشَّأْزَۃ ۔ اسم مرۃ ۔ خیلٌ شَأْزَۃ بھوڑا گھوڑا
المَشْئُوز والمَشْؤُوز ۔ بے آرام ۔ بے قرار خوفزدہ
شَئِسَ (س) شَأْسًا ۔ الشیءُ : سخت ہونا ۔۔۔ الرجلُ : مرض یا غم سے بے قرار ہونا ۔۔۔ المکانُ : سخت وسنگریزہ دار ہونا ۔ مکان (شَئِسٌ وشَأْسٌ) سخت وسنگریزہ والی جگہ ۔ ج شُئُس وشُؤُوس
شَأْشَأَ شَأْشَأَۃً وشَأْشَاءً ۔ الراعی بالغنم والحمیر وبہا : شأشأ یا شوشو کہہ کر ہانکنا ۔۔۔ النخلۃُ : درخت خرما میں گابھا لگنا ۔
تَشَأْشَأَ ۔ القومُ : متفرق ہونا ۔ بکھرنا ۔
الشَّأْشَأ ۔ مص ۔ ایک قسم کی ردی کھجور ۔ کھجور کے لمبے درخت
شَئِفَتْ (س) شَأَفًا ۔ الرجلُ : آبلہ پڑنا ۔ صفت (مَشْؤُوْفَۃ) شَئِفَتْ أَصَابِعُہ : مسخوں کے اردگرد پھٹنا ۔ (۔۔۔ شَأَفًا وشَآفَۃً) فلانًا ولفلانٍ : بغض رکھنا ۔
شُئِفَ ۔ خوف زدہ ہونا ۔ ڈرایا جانا ۔ صفت (مَشْؤُوف) شُئِفَتِ الرِّجْلُ : آبلہ پڑنا ۔
اِسْتَشْأَفَتِ ۔ القرحۃُ : خراب ہو کر جڑ پکڑ لینا ۔
شَأَفَ ۔ الجرحُ : زخم کی خرابی ۔
الشَّأْفَۃ ۔ جڑ ۔ تلوے کا زخم ۔ کہا جاتا ہے "استأصل شأفتہ" اس نے اسے جڑ سے کھودیا ۔ "وبینہم شأفۃ" اُن کے درمیان عداوت ہے ۔ "استأصل اللہ شأفتہم" اللہ تعالیٰ ان کی عداوت کو دور کرے ۔ شَأْفَۃُ الرجلِ : اہل وعیال ۔
رجل (شَأْفَۃ) معزز وبلند مرتبہ مرد ۔
شَأَمَ (ن) شَأْمًا ۔ القومَ وعلیہم : بدبختی ڈالنا ۔ صفت (شَائِم)
شُؤُمَ (ک) شَآمَۃً وشُئِمَ ۔ علیہم : منحوس ونامبارک ہونا ۔
شَأَمَہُمْ ۔ ملک شام کی طرف روانہ کرنا
شَاءَمَ مُشَاءَمَۃً ۔ بہ : بائیں طرف لینا ۔۔۔ الرجلُ : ملک شام میں آنا ۔
أَشْأَمَ ۔ ملک شام کا ارادہ کرنا ۔ ملک شام میں آنا ۔ سر اٹھائے ہوئے گزرنا ۔
تَشَاءَمَ وتَشَأَّمَ ۔ ملک شام کی جانب منسوب ہونا ۔ بائیں طرف ہونا ۔
تَشَاءَمَ واِسْتَشْأَمَ ۔ بہ : بدفالی کرنا ۔ بدشگون لینا ۔
الشُّؤْم ۔ نحوست ۔ کالے اونٹ ۔
الشَّام والشَّأْم ۔ ملک شام ۔
الشَّامِیّ والشَّامِی والشَّآمِیّ ۔ ملک شام کی جانب منسوب ۔
الشَّائِم ۔ ف ۔ نحوست لانے والا ۔
الشَّأْمَۃ والمَشْأَمَۃ : نحوست ۔
الشِّیْمَۃ والشِّیْمَۃ ۔ خلق ۔ طبیعت ۔ عادت ۔ ج شِیَم ۔
الأَشْأَم ۔ اسم تفضیل ۔ اور اسی سے ہے "أشأم کل امرئٍ بین لحییہ" ہر آدمی کی بدبختی لانے والی چیز اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے یعنی زبان ۔ بدبختی لانے والا ۔ مونث شُؤْمَی ۔ والید الشؤمی : بایاں ہاتھ ۔

الاشائم ۔ اشام کی جمع
المشوم والمشؤوم ۔ منحوس ۔ بدبخت ج مشائیم ۔
شأن (ف) شأنا ۔ صاحب عزت و مرتبہ ہونا ۔ کہا جاتا ہے "شأن شأنک" اس نے تمہارے ارادے جیسا ارادہ کیا ۔ "ما شان شانک" اس نے تمہارے کام کی پرواہ نہیں کی ۔ "واشأن شأنک" اپنی حالت پر رہو ۔
اشتأن ۔ شأنہ : کسی کے ارادے جیسا ارادہ کرنا ۔
الشأن ۔ ج شؤون وشئان وشئین : بڑے بڑے امور و احوال ۔ معاملہ ۔ حالت کہا جاتا ہے "من شانہ لذا ان یفعل کذا" اس کی طبیعت سے ہے کہ ایسا کرے ۔ "ما شانک" تمہارا کیا حال ہے؟ تمہارا کیا معاملہ ہے؟ ۔ ج شؤون وشؤون : سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ ۔ کہا جاتا ہے "بلغت الرائحۃ الی شؤون راسہ" خوشبو اس کے سر کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ تک پہنچ گئی ۔ پہاڑ کی مٹی کہ جس میں درخت اگیں ۔ ـــ شؤون واشؤن : رگ کہ جس سے آنسو جاری ہوں ۔ کہا جاتا ہے "فاضت شؤونہ" اس کی آنکھ کی رگیں جاری ہوگئیں ۔ الشؤون : حاجتیں ۔ کہا جاتا ہے "کلفنی شؤونک" اپنی حاجتوں کی خدمات میرے سپرد کرو ۔ شؤون الخمر : شراب کا اثر جو جسم کی رگوں میں سرایت کرے ۔
شأی یشأو شأوا و اشتأی اشتئاء ا ۔ القوم : آگے بڑھ جانا ۔ شأی التراب من البئر : کنوئیں سے مٹی نکالنا ۔
شاءی مشاءاۃ ۔ القوم : آگے بڑھنا ۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا ۔
تشاءی تشائیا ۔ القوم : ایک دوسرے سے آگے بڑھنا ۔ متفرق ہونا ۔ تشاءی ما بینہما فاصلہ پر ہونا ۔
الشأو ۔ مع ۔ ہدف ۔ غایت ۔ کہا جاتا ہے "فلان بعید الشأو" یعنی فلاں عالی ہمت ہے ۔ "عدا شأوا" وہ ایک چکر دوڑا ۔ الشأو : اونٹنی کی مہار ۔ اونٹنی کی مینگنیاں ۔ زنبیل کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی ۔
المشآۃ ۔ کنوئیں کی نکلی ہوئی مٹی ٹوکری جس سے کنوئیں سے مٹی نکالی جائے ۔ ج المشائی ۔
الشبأۃ ۔ تارے کی جھڑ
شبَّ (ض) شبابا وشبیبۃ ۔ الغلام : جوان ہونا ۔ کہتے ہیں "من شبّ الی دبّ" جوانی سے بڑھاپے تک ۔
شبّ (ن ض) شبیبا وشبابا و شبوبا ۔ الفرس : کھڑے اگلی ٹانگوں کو اٹھانا ۔ نشاط میں ہونا ۔ عرب کا مقولہ ہے "الجوہر یشبّ بعضہ بعضا" جوہر میں سے بعض بعض کے حسن کو بڑھا دیتا ہے ۔
شبّ (ن) شبّا وشبوبا ۔ النار : آگ روشن کرنا ۔ شبّت النار : آگ روشن ہونا ۔ ـــ الشیء : بلند ہونا ۔ بڑھنا ۔
شُبّ ۔ الشیء : زیادہ کیا جانا ۔ بلند کیا جانا ۔ شُبّت النار : روشن ہونا ۔ شُبّ (الشیء) : شے کی طرف سے معذر کیا جانا ۔
شبّب وتشبّب ۔ جوانی اور کھیل کود کے زمانہ کا ذکر کرنا ـــ الشاعر بالفتاۃ : عورتوں کے محاسن و اوصاف کو بیان کرنا ۔ شبّب قصیدۃ : عورتوں کے ذکر سے آراستہ و مزین کرنا ۔ کہا جاتا ہے "شبّب قصیدتہ بفلانۃ" شعراء کی عادت تھی کہ قصائد مدحیہ کی ابتدا میں تشبیب کیا کرتے پھر ہر چیز کی ابتدا کو تشبیب کہنے لگے اگرچہ ایام شباب کا ذکر نہ ہو ۔ شبّب الکتاب : کتاب شروع کرنا ۔ تشبّبت النار : آگ روشن ہونا ۔ بھڑکنا ۔
اشبّ ۔ الغلام : لڑکے کا جوان ہونا ۔ ـــ الرجل : جوان اولاد والا ہونا ـــ اللہ الغلام : لڑکے کو جوان کرنا ـــ الفرس : گھوڑے کو کدانا ـــ الثور : بیل کا بوڑھا ہونا ۔ صفت (مُشِبّ ومُشَبّ وشبب ومِشَبّ)
اُشِبّ ۔ لکذا : مقدر کیا جانا ۔
الشبّ ۔ پھٹکری کے مشابہ ایک معدنی نمک جس کا رنگ سفید اور بعض کا نیلگوں ہوتا ہے ۔ جوان ۔ شبّ اللیل : ایک قسم کی نباتات ۔
الشباب والشبیبۃ ۔ مص ۔ جوانی بلوغ سے تیس برس تک کا زمانہ ۔ ابتداء ۔ جیسے "شباب النہار" دن کی ابتداء ۔ الشباب بمعنی تشبیب ۔ کہا جاتا ہے "قصیدۃ حسنۃ الشباب" اچھی تشبیب والا قصیدہ ۔ اور شبیبہ کی جمع شبائب ۔
الشبوب ۔ عمدہ بنانے والا ۔ آراستہ کرنیوالا کہا جاتا ہے "ہذا شبوب لکذا" یہ اس کے حسن و قوت کو بڑھانے والا ہے ۔ مثلا "الخمار شبوب لوجہہا" اوڑھنی اس کے چہرے کی رونق کو بڑھا دیتی ہے ۔ (ـــ والشباب) جس سے آگ جلائی جائے ۔
الشبابۃ ۔ ایک قسم کی بانسری (مولدۃ) عوام اس کو منجیرہ کہتے ہیں ۔
الشابّ والشبّ ۔ جوان ۔ ج شباب و شبان وشببۃ ۔ مونث شابۃ وشبۃ ج شابات وشبات وشواب وشبائب ۔
المُشِبّ ۔ شیر ۔
المشبوب ۔ من الرجال : تیز خاطر مرد ۔ المشبوبان : زہرہ و مشتری ۔ نار مشبوبۃ : بھڑکائی ہوئی آگ (نار شابۃ نہیں بولتے)
الشبت ۔ سوئے کا ساگ ۔
شبث (س) شبثا وتشبّث ۔ بکذا : چمٹنا ۔ متعلق ہونا ۔
رجل شبثۃ ۔ اپنے مقابل کو چمٹنے والا ۔
الشبث ۔ ایک قسم کی ترکاری ۔

الشَّبَث۔ مکڑی۔ ایک قسم کا کیڑا جس کی ٹانگیں بہت ہوتی ہیں۔ ج اشباث و شبثان۔

(ص) شَبِثَ، چمٹنے والی طبیعت والا مرد۔

الشَّبَات والشُّبُوث۔ بڈھے سرسے والی سیخ ج شَبَابِیث۔

أَشْبَجَ۔ الباب: دروازہ بھیڑنا۔

الشَّبَج۔ بلند دروازہ۔ یا دروازہ۔ واحد شَبَجَة۔

شَبَحَ (ف) شَبْحًا۔ الشیءَ: پھاڑنا چیرنا ــ الجلدَ: کھونٹیوں سے کس کر پھیلانا ــ الرجلَ: گھسیٹنا ــ الداعی: دعا کے لیے ہاتھ پھیلانا ــ فلانًا له: کسی کے سامنے سیدھا کھڑا ہونا۔

شَبُحَ (ک) شَبَاحَةً۔ لمبے چوڑے بازوؤں والا ہونا۔

شَبَّحَ۔ بوڑھے ہونے کی وجہ سے ایک چیز کو دو دیکھنا ــ الشیءَ: پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔

تَشَبَّحَ۔ الحرباءُ علی العود: گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبَح والشَّبْح۔ شخص۔ بلند عمارت کا دروازہ۔ ج شُبُوح و أَشْبَاح۔ أَشْبَاحُ المال: نظر آنے والا مال جیسے اونٹ گائے بکری وغیرہ۔

الشِّبْحَة۔ تم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "نزعَ سقفَ بیتی شِبْحَةً شِبْحَةً" اس نے میرے گھر کی چھت سے ایک ایک کڑی نکال لی۔ ــ عند المولدین: گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی۔

الشَّبَحَان۔ لمبا۔

الشَّبَحَان۔ منقل کھیں کی دو لکڑیاں (دیکھیے مِنْقَلة)

الشَّبْخ۔ دودھ دوہنے کی آواز۔

الشِّبْدِع والشِّبْدِع والشِّبْدِعة۔ بچھو۔ مصیبت۔ زبان۔ ج شَبَادِع۔

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا۔ الثوبَ ونحوہ: بالشت سے ناپنا۔ شَبَرَہ مالًا: کسی کو مال دینا

شَبِرَ (س) شَبَرًا۔ الرجلُ: اکڑنا۔ اترانا۔

شَبَّرَ۔ الشیءَ: اندازہ کرنا ــ فلانًا: عظیم کرنا۔

أَشْبَرَ۔ فلانًا: فضیلت دینا ــ ہ مالًا: دینا ــ الرجلُ: لمبے قد کے بیٹوں والا ہونا۔ پستہ قد بیٹوں والا ہونا۔

تَشَابَرَ۔ الفریقانِ فی الحرب: ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ یہاں تک کہ ایک بالشت کا فاصلہ رہ جائے۔

تَشَبَّرَ۔ بڑا ہونا۔

الشَّبْر۔ مہر۔ کہا جاتا ہے "تزوّجها ولم یُعْطِها شَبْرًا" اس نے اس عورت سے نکاح کیا اور اس کو مہر نہیں دیا۔ نکاح۔ عمر۔ قد و قامت۔

الشِّبْر۔ عمر۔ بالشت۔ ج أَشْبَار۔ کہا جاتا ہے "ہو قصیرُ الشِّبْرِ" وہ قریب قریب قدم رکھنے والا ہے۔

الشَّبَر۔ عطیہ۔ خیر۔

الشِّبْرَة۔ قد و قامت (طویل ہو یا قصیر)

الشَّبْرَة۔ عطیہ۔

الشَّبُّور۔ بگل۔ ج شَبَابِیر و شَبُّورات۔ (کلمہ عبرانی ہے)۔

الشَّابُورَة۔ خلیج۔ کہر۔ (جدید)

شابِر۔ المیزان: چور۔

فلانٌ أَشْبَرُ منک: فلاں تم سے وسیع بالشت والا ہے۔

الأُشْبُور۔ ایک قسم کی مچھلی

المَشَابِر۔ نشیبی زمین سے گزرنے والے دریا جن میں ہر دو جانب کا پانی آتا ہو۔ واحد (مَشْبَر و مَشْبَرَة)

شَبْرَقَہ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شَبْرَقَ اللحمَ: پارچہ پارچہ کرنا۔ شَبْرَقَتِ الدابّةُ فی خطوها: جانور کا دور دور قدم رکھنا ــ البازی الصیدَ: نوچنا اور پھاڑنا ــ الثوبَ: پھاڑنا۔

الشَّبَارِق والشُّبَارِق۔ ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ شَبارِق و شُبارِق و شَبارِیق و شَبْرَق و شِبْراق" ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا کپڑا۔

الشِّبْرِق۔ بلی کا بچہ۔ ج شَبَارِق۔

الشِّبْرِقَة۔ کپڑے کا ٹکڑا۔

الشِّبْرَاق۔ من کل شیءٍ: سختی۔

ثوبٌ مُشَبْرَق۔ برا بنا ہوا کپڑا۔

الشَّبْرَم۔ پستہ قد۔

الشُّبْرُمَة۔ بلی۔

الشَّبْرَق۔ آسیب زدہ۔

تَشَبَّصَ۔ الشجرُ: آپس میں گتھا ہوا ہونا

الشَّبَص۔ درخت کے کانٹوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ سختی۔

شُبَاط۔ ترکی مہینہ۔ مطابق فروری۔

الشُّبُوط والشَّبُّوط۔ ایک قسم کی مچھلی جس کا سر چھوٹا اور درمیانی حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ ج شَبَابِیط۔

شَبِعَ (س) شَبْعًا و شِبَعًا۔ من الطعام: شکم سیر ہونا۔ تم کہتے ہو "شَبِعْتُ من ہذا الأمر و رَوِیتُ" جبکہ تم کسی معاملہ سے ملول ہو جاؤ

شَبُعَ (ک) شَبَاعَةً۔ عقلُہ: بہت عقل والا ہونا۔

شَبَّعَت۔ الغنمُ: آسودگی کے قریب ہونا

أَشْبَعَہ۔ کھلا کر شکم سیر کرنا ــ الشیءَ: زیادہ کرنا ــ الثوبَ من الصبغ: خوب گہرا رنگنا ــ الکلامَ: مکمل کہنا۔

تَشَبَّعَ۔ بتکلف شکم سیر ہونا ظاہر کرنا۔ بہت کھانا۔

الشِّبْع والشِّبَع۔ کھانے کی وہ مقدار جو سیر کر دے۔

الشُّبَاعَة۔ آسودگی کے بعد بچا ہوا کھانا۔

الشُّبْعَة۔ ایک مرتبہ پیٹ بھرنے کی مقدار۔

الشَّبْعَان۔ شکم سیر۔ مونث شَبْعَی و شَبْعَانَة۔

ج۔ شِبَاع و شَبَاعَی۔ کہا جاتا ہے "ہی شَبْعَی الذِرَاعِ" وہ پرگوشت بازو والی ہے۔ و "شَبْعَی الخَلْخَالِ او السِّوار او الدرع" یعنی موٹی۔

الشَّبْعَۃ۔ شکم سیر عورت۔

الشَّبِیع۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَبِیعُ الغَزْلِ" بہت سوت والا کپڑا۔ و "رَجُلٌ شَبِیعُ العَقْلِ" بہت عقل والا مرد۔ و "حَبْلٌ شَبِیعٌ" بہت لڑوں والی رسّی۔ ج شُبُعٌ۔

شَبِقَ (س) شَبَقاً۔ بہت شہوت والا ہونا۔ صفت (شَبِقٌ) مونث شَبِقَۃٌ ۔۔۔ من اللحمِ: گوشت کھانے سے بدہضمی ہونا۔

الشَّوبَق۔ بیلن۔ ج شَوَابِق (کلمہ فارسی ہے) مشہور شوبک ہے فتحہ شین اور کاف سے جوبک کا معرب ہے۔

شَبَکَتْ (ض) شَبْکاً۔ الامورُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ پیچیدہ ہونا۔ شَبَکَ عنہ: غافل کر دینا۔ (شَبَکَ و شَبَّکَ) الشیءَ: ایک دوسرے میں ملانا۔ تم کہتے ہو "شَبَکْتُ اَصَابِعِي بَعْضَهَا فِي بَعْضٍ" و "شَبَّکْتُ بَیْنَ اَصَابِعِي" میں نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا۔

اَشْبَکَ۔ القومُ: نزدیک نزدیک کنوئیں کھودنا۔ اَشْبَکَ المکانُ: قریب کنوئیں والی ہونا۔

شَابَکَ۔ بین الاصابعِ: انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کرنا۔

تَشَابَکَتِ۔ الامورُ: باہم مخلط ہونا۔

اِشْتَبَکَ و تَشَبَّکَ۔ مختلط ہونا بعض کا بعض میں داخل ہونا ۔۔۔ الکلامُ او الامورُ: پیچیدہ ہونا۔

الشَّبَکَۃ۔ شکاری کا جال۔ ج شَبَک و شِبَاک و شَبَکَات۔ الشَّبَکَۃ: بہت کنوئیں والی زمین۔ قریب قریب والے کنوئیں۔

الشُّبْکَۃ۔ قرابت۔

طریقٌ (شَابِکٌ) مشتبہ و پیچیدہ راستہ۔

ج شَوَابِک۔

الشَّبَّاک۔ جال بنانے والا۔

الشُّبَّاک۔ دریچی جس میں لکڑی یا لوہے کی چھڑیں لگی ہوئی ہوں۔ کھڑکی۔ ج شَبَابِیک

الشَّبَابِک: شکاری کا جال۔ شکاری۔ گویا کہ یہ شابک کی جمع ہے۔ جیسے قاری کی جمع قرار

الشَّبَائِک۔ جھگڑے۔

المُشَبَّک۔ ایک قسم کا کھانا

شَبَلَ (ن) شُبُولاً۔ الغلامُ: لڑکے کا ناز و نعمت میں بڑھنا اور جوان ہونا۔ صفت (شَابِل) ۔۔۔ فی بنی فلان: پرورش پانا

اَشْبَلَ۔ علیہ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَشْبَلَتِ المرأۃُ علی اولادِھا: شوہر کی وفات کے بعد بچوں کی دیکھ بھال کرنا اور نکاح نہ کرنا

الشِّبْل۔ شیر کا بچہ جب کہ شکار کرنے کے قابل ہو جائے۔ ج اَشْبَال و شِبَال و اَشْبُل و شُبُول۔ ابو الاشبال: شیر

لَبُؤۃ (مُشْبِل) بچوں والی شیرنی۔

مکان (مَشْبَل) بہت شیر کے بچوں والی جگہ۔

شَبَمَ (ن) شَبْماً و شَبَّمَ۔ الجدیَ: بکری کے بچہ کے منہ میں کھوپھنی لگانا۔

شَبِمَ (س) شَبَماً۔ الماءُ: پانی کا ٹھنڈا ہونا۔

الشَّبَم۔ سردی۔

الشَّبِم۔ صبح شام یا بھوک کے ساتھ صبح شام۔ ۔۔۔ الشَّبَم: ہتھیار۔ زہر۔ موت۔

الشِّبَام و الشِّبَامَۃ۔ لکڑی جو بکری کے بچہ کے منہ میں لگا دی جائے تاکہ دودھ نہ پیے۔

الشِّبَام: برقع کے دو دھاگے جن کو عورتیں پیچھے باندھ لیتی ہیں۔

المُشَبَّم۔ کھوپھنی لگا ہوا بکری کا بچہ۔ بھوکا

شَبَنَ (ن) شُبُناً۔ الغلامُ: لڑکے کا نازک اندام و پرگوشت ہونا ۔۔۔ شُبُوناً) الشیءُ: قریب ہونا۔

الشَّابِن من الغلمان: نازک اندام پرگوشت لڑکا۔

الشَّبِین و الاِشْبِین۔ دولہا کا خدمتگار

شَبِینَۃ و اِشْبِینَۃ: دلہن کی خدمتگار (کلمہ سریانیہ ہے)

الشَّبَانی و الشُّبَانِیّ و الشَّبَانِی۔ سرخ چہرے اور مونچھوں والا۔

شَبَّھَہُ۔ ایاہ و شَبَّھَہُ بہ: تشبیہ دینا۔ تمثیل دینا۔ شَبَّہَ علیہ الامرَ: مشتبہ کرنا۔ شُبِّہَ الشیءُ: مشکل ہونا۔

شُبِّہَ۔ علیہ الامرُ: مشتبہ کیا جانا۔

اَشْبَہَ و شَابَھَہُ۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ کہتے ہیں "فلانٌ اَشْبَہَ اُمَّہُ" فلاں اپنی ماں کے مشابہ ہے یعنی عورت کی مانند عاجز و ضعیف ہے۔

تَشَبَّہَ۔ بہ: مانند ہونا۔ عمل میں مشابہت کرنا

تَشَابَہَ۔ الرجلانِ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا ۔۔۔ الامرُ: متشابہ یعنی غیر محکم ہونا

اِشْتَبَھَا۔ ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ اِشْتَبَہَ فی الامرِ: صحیح ہونے میں شک کرنا ۔۔۔ الامرُ علیہ: پوشیدہ اور مشتبہ ہونا۔

الشِّبْہ و الشَّبَہ۔ مثل مانند۔ ج اَشْبَاہ، مشابہ جیسے (حسن و محاسن) شَبَہ: مشابہت ایک خاردار نباتات جس کے پھل سرخ ہوتے ہیں (الشِّبْہ و الشَّبَہ و الشَّبَھَان و الشُّبْھَان) پیتل

الشُّبْھَۃ۔ مثل التباس۔ شک جس میں حق و باطل یا حلال و حرام کا التباس ہو۔ ج شُبَہ و شُبُھَات۔

الشَّبِیہ۔ مثیل۔ ایک جیسے۔ ج شِبَاہ۔

المُشْتَبِہَۃ و المُتَشَابِہَۃ۔ من الامور: مشکل۔ جس میں التباس واقع ہو۔ کہا جاتا ہے "اِیَّاکَ و المُشْتَبِھَات" اپنے آپ کو امور مشکلہ سے بچاؤ۔

شَبَا یَشْبُو شُبُوّاً۔ الشیءُ: بلند ہونا۔ ۔۔۔ الفرسُ: گھوڑے کا دو ٹانگوں پر کھڑا ہونا۔ ۔۔۔ وجہُہُ: چہرے کا متغیر ہونے کے بعد چمکنا ۔۔۔ النارَ: آگ جلانا۔ روشن کرنا۔

اَشْبَی اِشْبَاءً۔ الرجلُ: دیا ۔۔۔ علیہ:

مہربان ہونا ـــــ ہ: تعظیم و اکرام کرنا۔ مصیبت میں ڈالنا ـــــ الشجرُ: مبا اور پیچیدہ ہونا۔ ـــــ الشیءَ وشبابا ـــــ الرجلُ: ذہین بچوں والا ہونا۔ صفت (مُشبی ومُشب) ـــــ للاولادُ اباہم: اولاد کا اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
الشَباة ـ نوزائیدہ بچھو یا زرد بچھو۔ دوڑانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا ـــــ من السیف: دھار بچھو کا ڈنک۔ ہر چیز کی حد۔ ج شَبا وشبوات بیوقوف مرد۔ کہا جاتا "ہذا رجل شباہ" یہ بیوقوف مرد ہے۔
شبوۃ ـ بچھو کے لیے علم ہے۔ اور علمیۃ تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ اور کبھی اس پر الف لام بھی آتا ہے۔
الشَّبو ـ دکھ۔ تکلیف۔
شَتَّ (ض) شَتّا وشَتاتا وشَتِیتا۔ متفرق ہونا (ـــــ وشَتَّتَ واَشَتَّ) الاشیاءَ: متفرق ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَشَتَّ بی قومی" میری قوم نے میرے کاموں کو پراگندہ کر دیا۔
تَشَتَّتَ وانْشَتَّ واسْتَشَتَّ ـ الشملُ: متفرق ہونا۔
الشَتُّ ـ مص۔ پراگندگی۔
امرٌ (شَتٌّ وشَتاتٌ) پراگندہ و متفرق کام۔ (مصدر سے وصف لایا گیا ہے) ج اَشتات کہا جاتا ہے "جاءوا اشتاتا" و "جاءوا شتات شتات" وہ لوگ متفرق متفرق ہو کر آئے نصب حالیت کی وجہ سے ہے
شَتّانَ ـ مبنی علی الفتح اور کبھی نون مکسور ہوتا ہے اسم فعل ہے بَعُدَ کے معنے میں۔ کہا جاتا ہے "شتان بینہما وما بینہما" "وما زیدٌ واخوہ" یعنی ان دونوں کے درمیان فرق ہے۔
الشَتِیت ـ مص۔ پراگندہ۔ متفرق۔ ج شَتّی جیسے مریض و مرضیٰ ثغرٌ شتیتٌ: چھدرے دانت۔
اُناس (شَتّی وشتوت) مختلف قبائل کے لوگ اشیاءُ شتی: مختلف چیزیں۔ اور کہا جاتا ہے "وقتوانی مرتی" وہ لوگ متفرق امور میں پڑ گئے۔
شَتَرَ (ن ض) شَتْرًا۔ الشیءَ: کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــــ الرجلَ: زخمی کرنا ـــــ العینَ: پلک الٹنا۔
شَتِرَ (س) شَتَرًا ـ کٹنا۔ نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا ہونا ـــــ ب: گالی دینا۔ (ـــــ وشُتِرَ) الٹی ہوئی پلک والا ہونا۔ یا نیچے کے ڈھیلے پلک والا ہونا۔
شَتَّرَ عینَہ: پلک الٹنا۔ گالی دینا۔ عیب لگانا۔ قبیح باتیں سنانا۔
اِنْشَتَرَتْ ـ عینُہ: الٹی ہوئی پلک والی ہونا
الشَتَر ـ مص۔ کٹنا۔ پلک کا الٹنا۔ عیب و نقص۔
الشُتْرہ ـ دو انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ
الشَتِیر ـ بہت عیب و برائی والا۔ بدخلق (اَشْتَر) الٹی ہوئی پلک والا پھٹی ہوئی پلک والا۔ نیچے کی ڈھیلی پلک والا نیچے کے پھٹے ہوئے ہونٹ والا۔ مونث شَتْراء ج شُتْر
الشُتُّورة ـ بڑے سرین کی عورت
شَتِعَ (س) شَتَعًا ـ بیماری یا بھوک کی وجہ سے گھبرا اٹھنا۔
شَتَغَہ (ض) شَتْغًا ـ روندنا۔ ذلیل کرنا۔
اَشْتَغَہ ـ تلف کرنا۔ ہلاک کرنا۔
المَشاتِغ ـ ہلاکتیں
شَتَمَہ (ن ض) شَتْمًا ومَشْتَمَۃً ومَشْتِمَۃً ومَشْتُمَۃً وتَشْتامًا ـ گالی دینا (ـــــ شَتْمًا) گالی دینے میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "شاتمہ فشتمہ" اس نے اس سے گالی دینے میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
شَتُمَ (ک) شَتامَۃً ـ بدصورت و کریہ المنظر ہونا۔ صفت (شَتِیم) الشَتِیم: غضبناک شیر۔
شَتَّمَہ ـ بہت گالی دینا۔
شاتَمَہ ـ باہم گالی گلوچ کرنا۔
تَشاتَمَ القومُ: ایک دوسرے کو گالی دینا
تَشَتَّمَ ـ گالی سننے کے درپے ہونا۔
الشَتامَۃ ـ مص۔ بدصورتی کے ساتھ بدن کی درشتی۔
الشَتِیمَۃ ـ گالی۔ ج شَتائِم۔
الشُتام والشُتامَۃ ـ برے چہرے والا بدخلق
الشَتّام والشَتّامَۃ ـ بہت گالی دینے والا۔ الشَتّامَۃ ـ شیر غضبناک۔
شَتَنَ (ن) شَتْنًا ـ الثوبَ: کپڑے کو بننا۔ صفت (شاتِن)
الشَتْن ـ مص۔ کہا جاتا ہے "رجل شَتِن الکف" سخت ہتھیلی والا مرد۔
الشَتُون ـ بننے والا۔
شَتا یَشْتُو شَتْوًا وشَتّی تَشْتِیَۃً وتَشَتّی تَشَتِّیًا ـ بالبلدِ: کسی شہر میں جاڑے میں قیام کرنا۔ شَتا وتَشَتّی للمکانَ: بزمانہ سرما قیام کرنا۔ شَتاہ: زمانہ سرما کے لیے کافی ہونا۔
شَتا یَشْتُو شَتْوًا وشَتِیَ واَشْتی ـ القومُ: موسم سرما میں داخل ہونا۔ موسم سرما میں قحط سالی کی تکلیف اٹھانا اور کہا جاتا ہے "ہذا شیءٌ یُشْتِینی" یہ زمانہ سرما میں میرے لیے کافی ہوگی۔ شَتا الشتاءُ: سردی پڑنا۔
شاتی مُشاتاۃً وشِتاءً ـ الرجلَ: جاڑے بھر کے لیے معاملہ کرنا۔
الشِتاء ـ مص۔ موسم سرما۔ ج اَشْتِیَۃ و شُتِیّ اور نسبت کے لیے (شَتْوِی وشَتَوِی) الشَتَوِیّ: جاڑے کی بارش۔ فاکہۃ الشتاءِ: آگ۔
الشَتاء والشِتاء ـ قحط۔
الشاتی والشَتْوَۃ ـ جاڑا۔ صاحب الشَتْوَۃ: وہ شخص جس کے پاس جاڑے میں پناہ لیں۔
الشَتِیّ ـ جاڑے کی بارش۔
المَشْتی والمَشْتاۃ ـ جاڑے کا زمانہ

یا جاڑے کی جگہ ۔ موسم سرما گزارنے کی جگہ ج المَشَاتِي ۔ کہا جاتا ہے ۔ ہٰذہ مَشَاتِينَا وَمَصَايِفُنَا و مَرَابِعُنَا " یہ ہمارے سرمائی و گرمائی و ربیعی منازل ہیں ۔

اَلشَّثُّ ۔ چھوٹے سیب کی طرح خوشبودار کڑوے مزے کے پھل کا ایک درخت جس میں کانٹے نہیں ہوتے اور اس کے پتوں کو چمڑے کی دباغت میں استعمال کرتے ہیں ۔ جنگلی اخروٹ ۔ شہد کی مکھیاں ۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹنے کے بعد کنگرہ کی مانند رہ جائے ۔ ج شِثَاث ۔ واحد (شَثَّة)

اَلشَّثُّ : ہر چیز کی بہت تعداد ۔

شَثِرَتْ (س) شَتَرًا ۔ عینہ : آنکھ موٹی ہونا

اَلشِّتْرُ ۔ پہاڑ کا کنارہ ۔ ج شُتُور ۔

قَنَاةٌ (شَتِرَةٌ) ۔ نیزہ کہ جس کے ٹکڑے ٹوٹنے کے وقت اُڑیں ۔

شَثِلَتْ (س) شَثَلًا وَشَثُلَتْ (ک) شُثُولَةً ۔ اَصَابِعُہ : موٹی ہونا ۔

شَثِلٌ ۔ الاَصَابِعِ : سخت اور موٹی انگلیوں والا ۔

قَدَمٌ (شَثْلَةٌ) ۔ موٹا اور سخت قدم ۔

شَثِنَ ۔ بمعنی شَثِلَ ۔

شَجَّ (ن ض) شَجًّا ۔ الرَّاسَ : زخمی کرنا ۔ توڑنا ۔ کہا جاتا ہے " فُلَانٌ يَشُجُّ مَرَّةً وَيَأْسُو مَرَّةً " فلاں کبھی غلطی کرتا ہے کبھی درست کرتا ہے ۔ شَجَّ المَفَازَةَ : بیابان طے کرنا ۔ ـــ المَرْكَبُ البَحْرَ : جہاز کا سمندر کو پھاڑنا ۔ ـــ الشَّرَابَ بِالمَاءِ ۔ ملونی کرنا ۔ کہا جاتا ہے " شَجَّ الاَرْضَ بِرَاحِلَتِهِ " یعنی بہت تیز چلایا ۔

شَجِجَ (س) شَجَجًا ۔ سر میں زخم یا نشان زخم والا ہونا ۔ صفت (اَشَجُّ وَشَجِيجٌ ج شَجْجَى ومَشْجُوجٌ وشَجِيجٌ) اَلشَّجِيجُ وَالشَّجُّ : میخ ۔ کھونٹی

شَجَّجَهُ ۔ سر کو بہت زخمی کرنا ۔ شَجَّجَ عَلَى الاَمْرِ : پختہ ارادہ کرنا ۔

شَاجَّ مُشَاجَّةً وَشِجَاجًا وَتَشَاجَّ ۔ القَوْمُ : ایک دوسرے کے سر کو زخمی کرنا ۔

اَلشَّجَاجُ ۔ فضائے آسمانی ۔

اَلشَّجَّةُ ۔ سر کا زخم ۔ ج شِجَاج ۔

اَلشَّاجُّ ۔ مع ۔ پیشانی میں زخم کا نشان

اَلشَّجَّاجُ ۔ سر کو بہت زخمی کرنے والا ۔

شَجَبَهُ (ن) شَجْبًا ۔ ہلاک کرنا ۔ غمگین کرنا کھینچ کر مشغول کرنا ۔ کہا جاتا ہے " اِنَّكَ لَتَشْجُبُنِي عَنْ حَاجَتِي " تو مجھ کو میری حاجت سے مشغول رکھتا ہے " شَجَبَ القِنِّينَةَ بِشِجَابٍ " اس نے شیشی میں ڈاٹ لگائی ۔

شَجَبَ (ن) شَجْبًا وشُجُوبًا وشَجِبَ (س) شَجَبًا ۔ ہلاک ہونا ۔ مرنا ۔ غمگین ہونا ۔ صفت (شَجِبٌ وَشَاجِبٌ) ـــ الشَّيْءُ : جانا ۔

شَجَبَ (ن) شَجِيبًا ۔ الغُرَابُ : کوّے کا جدائی کے لیے آواز کرنا ۔

اَشْجَبَهُ ۔ غمگین کرنا ۔

تَشَاجَبَ ۔ الشَّيْءُ : خلط ملط ہونا ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا ۔

تَشَجَّبَ ۔ غمگین ہونا ۔

اَلشَّجْبُ ۔ مع ۔ حاجت ۔ غم ۔ ستون خانہ مشک کہ جس کا نصف کاٹ کر ڈول بنالیں ج شُجُوب واَشْجَاب ۔

اَلشَّجَبُ ۔ مع ۔ رنج و تکلیف جو مرض یا قتال کی وجہ سے لاحق ہو ۔ ج شُجُوب ۔

اَلشَّاجِبُ ۔ بہت بک بک کرنے والا ـــ مِنَ الغِرْبَانِ : بہت کائیں کائیں کرنے والا کوّا ۔

اَلشِّجَابُ ۔ شیشی وغیرہ کی ڈاٹ ۔ ج شُجُب (ـــ وَالشَّجْبُ وَالمِشْجَبُ) لکڑی کا سٹینڈ جس پر کپڑے رکھے اور پھیلائے جاتے ہیں ۔

اَلشُّجُبَاءُ ۔ سک ۔

اَلشَّجْذَةُ ۔ نرم بارش ۔

اَلمُشْجَاذُ ۔ گوہیں ۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا ۔ الشَّيْءَ ۔ بدھن ۔ ـــ فلانًا : علیحدہ کرنا ۔ منع کرنا ۔ کہا جاتا ہے " مَا شَجَرَكَ عَنْ كَذَا " تم کو فلاں سے کس چیز نے روکا ـــ الرجلَ بالرمحِ : نیزہ مارنا ـــ قِدْرَهُ : لکڑی سے گھولنا ـــ الدابَّةَ : جانور کو ٹھہرانے کے لیے لگام سے مارنا یہاں تک کہ منہ کھول دے ـــ الشَّجَرَةَ : درخت کے بعض حصے کو پکڑنا ـــ البيتَ : ستون لگانا ـــ النباتَ : جھکی ہوئی ٹہنیوں کو اٹھانا ۔

شَجَرَ (ن) شَجْرًا وشُجُورًا ۔ بینہم امرٌ : مختلف فیہ ہونا اور کہا جاتا ہے " شَجَرَ ما بینہم " باہم جھگڑنا ۔

شَجِرَ (س) شَجَرًا ۔ الرجلُ : بہت جھگڑے والا ہونا ۔

شَجَّرَ ۔ النباتُ : درخت ہو جانا ـــ النخلَ : ٹوٹنے کے خوف سے خوشہ کو ٹہنی پر رکھنا ۔

شَاجَرَہ مُشَاجَرَةً ۔ جھگڑا کرنا ـــ الماشيةُ : گھاس وغیرہ ختم ہو جانے سے درخت کے پتوں پر گزارہ کرنا ـــ الماشيةَ : جانوروں کو درخت چرانا ۔

اَشْجَرَ ۔ المكانُ : درخت اگانا ۔

تَشَاجَرَ ۔ القومُ : باہم مخالفت کرنا ۔ باہم جھگڑا کرنا ۔ تَشَاجَرُوا بِالرِّمَاحِ : باہم نیزہ بازی کرنا ـــ الشيءُ : بعض کا بعض میں داخل ہونا ۔

اِنْشَجَرَ ۔ جلدی سے چھٹکارا پانا ـــ نومہ نیند کا دور ہونا ۔

اِشْتَجَرَ ۔ القومُ : باہم جھگڑنا ـــ الرجلُ آگے بڑھنا ۔ جلدی سے چھٹکارا پانا ۔ ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ کا سہارا دینا ۔ اور اسی سے ہے " بَاتَ مُرْتَفِقًا مُشْتَجِرًا " ـــ نومُہ : نیند کا دور ہونا ۔

اَلشَّجَرُ ۔ درخت ۔ ج اَشْجَار وشُجُرَاء ۔ واحد (شَجَرَة) ج شَجَرَات ۔ شَجَرَةُ النَّسَبِ : جس میں

سورت اعلیٰ سے لے کر اولاد در اولاد تک کا بیان ہو۔ الشجرة الملعونة: تھوہڑ کا درخت۔ شجرة الحیات او شجرة معرفة الخیر من الشر: وہ درخت جس کے پھل کھانے سے حضرت آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰة والسلام کو جنت میں اللہ تعالیٰ نے منع کیا تھا۔

الشَّجَر۔ درخت۔ شَجَر میں ایک لغت ہے۔

الشَّجْر۔ مذ۔ مختلف فیہ امر۔ ٹھوڑی یا دونوں جبڑوں کے درمیان کا حصہ۔ منہ کا وہ حصہ جو بند کرتے وقت ظاہر ہو۔ ج اَشْجَار و شُجُور و شِجَار۔ الحروف الشجریة: ش ض ج۔ اور بقول بعض۔ ش ج ق ک ی۔

الشَّجْرَة۔ اسم مرة۔ چاہ زنخداں۔

مَكَانٌ (شَجِر و شَجِير و اَشْجَر و مُشْجِر) درختوں والی یا بہت درختوں والی جگہ۔ مونث شَجِرَة و شَجِيرَة و شَجْرَاء و مُشْجِرَة۔

الشَّجْرَاء۔ گنجان درخت۔ گنجان درختوں والی زمین۔ اور اس کے مقابلہ میں مَرْدَاء ہے یعنی وہ زمین جس میں درخت نہ ہوں۔ اور اسی سے ہے "قطعت کل شجراء و مرداء" میں نے ہر قسم کی گنجان درختوں والی اور چٹیل زمین طے کی۔

الشِّجَار و الشَّجَار۔ ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ الشِّجار: دروازے کے پیچھے لگانے کی لکڑی۔ ٹھوکنی یعنی لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیے کنوئیں پر کی لکڑی۔ اونٹ کا داغ۔ ج شُجُر۔

الشَّجِير۔ تا زہ۔ اجنبی اونٹ یا آدمی۔ برا ساتھی۔

الشَّجَّار۔ درختوں کا ماہر۔ ج شَجَّارُون۔

الشَّوَاجِر۔ مشغول رکھنے والی چیزیں۔ موانع۔ رماحٌ شواجر: ایسے نیزے جن کے گھاؤ مختلف جگہ ہوں۔

المِشْجَر و المِشْجَرَة۔ ہودہ کی لکڑی۔ کھلے ہوئے سر کی چھوٹی پالکی۔ المَشْجَر: درخت کی جگہ۔ المِشْجَر: لکڑی کا اسٹینڈ جس پر کپڑے رکھے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ج مَشَاجِر۔

مكانٌ (مُشْجِر) بہت درختوں والی جگہ۔

ثوبٌ (مُشَجَّر) درخت کی طرح نقش و نگار سے مزین کپڑا۔ اہل چین کی تحریر کو بھی مشجر کہتے ہیں اس لیے کہ وہ بھی درخت کی طرح ہوتی ہے۔

شَجُعَ (ک) شَجَاعَةً۔ دلیر و بہادر ہونا۔

شَجَعَهٗ (ن) شَجْعًا۔ دلیری و بہادری میں غالب ہونا۔

شَجِعَ (س) شَجَعًا۔ لمبا ہونا۔ صفت (اَشْجَع) مونث شَجْعَاء۔

شَجَّعَهٗ۔ قوی دل بنانا۔ ــــ علی الامر: جرأت دلانا۔

شَاجَعَهٗ۔ دلیری میں مقابلہ کرنا۔

تَشَجَّعَ۔ بہادر بننا۔ بتکلف دلیری ظاہر کرنا۔

الشُّجَاع و الشَّجَاع و الشِّجَاع۔ دلیر۔ بہادر۔ جری۔ ج شُجْعَان و شِجْعَان و شِجَاع و شُجَعَاء و شَجَعَة و شِجْعَة و شَجْعَة و شِجَعَة۔

الشُّجَاع و الشِّجَاع: ایک قسم کا سانپ۔ ج شُجْعَان و شِجْعَان و اَشْجِعَة۔

رجلٌ (شُجْعَة و شُجُعَة) عاجز بزدل مرد۔ بے ڈول لمبا۔

الاَشْجَع۔ اسم تفضیل۔ بہادر۔ مونث شَجْعَاء ج شُجْع۔ شیر لمبا۔ آگے بڑھنے والا اونٹ۔ ایک قسم کا سانپ۔ زمانہ۔

الاَشْجَع و الاِشْجَع۔ انگلی کی جڑ جو ظاہر کف کے پیچھے سے ملی ہوتی ہے۔ یا ہتھیلی کی پشت کی رگ ج اَشَاجِع۔

الشَّجِع۔ بہادر۔ دیوانہ اونٹ۔ جملٌ شَجِعُ القوائم: جلدی قدم اٹھانے والا اونٹ۔

الشَّجِيع۔ دلیر۔ بہادر۔ ج شُجْعَان و شِجَاع و شُجَعَاء و اَشْجِعَة۔ مونث شَجِيعَة۔ ج شَجَائِع و شِجَاع و شُجُع۔

الشُّجُع۔ درخت کی جڑیں۔

الشَّجَاعَة۔ دلیری۔ بہادری۔ خوف کے وقت دل کی مضبوطی۔

المُشَجَّع۔ انتہائی پاگل۔

الشَّجْعَم۔ شیر۔ لمبا قد جسم انسان یا انسان کی گردن۔

الشَّجَعَة۔ ہلاکت۔

الشُّجُعُم۔ لمبی اور بڑی مصیبتیں۔

شَجِنَ (س) و شَجُنَ (ک) شَجَنًا و شُجُونًا۔ غمگین ہونا۔ صفت (شَاجِن)

شَجَنَهٗ (ن) شَجْنًا و شُجُونًا و شَجَنَه غمگین کرنا۔

شَجَنَتْ (ن) شُجُونًا۔ الحمامةُ: کبوتر کا غم کے ساتھ نوحہ کرنا۔

اَشْجَنَهٗ۔ غمگین کرنا۔ اَشْجَنَ الكرمُ: انگور کے درخت کا پیچیدہ اور الجھی ہوئی شاخوں والا ہونا۔

تَشَجَّنَ۔ حرکت کرنا۔ غمگین ہونا ــــ الامر: یاد کرنا ــــ الشجر: درخت کا گنجان ہونا۔

الشَّجْن۔ مذ۔ الشَّجَن ج شُجُون و (الشَّاجِنَة۔ ج شَوَاجِن۔ وادی کا راستہ۔ یا وادی کے بالائی حصہ کا راستہ۔

الشَّجَن۔ مذ۔ غم۔ اندوہ۔ خواہش نفس ج شُجُون و اَشْجَان۔ (الشَّجْن و الشِّجْنَة و الشَّجْنَة و الشُّجْنَة) الجھی ہوئی پیچیدہ ٹہنی۔ ہر چیز کی شاخ۔ کہتے ہیں "الحدیث ذو شجون" یعنی بات میں بات نکلتی ہے۔ الشِّجْنَة: پہاڑ کا شگاف۔ شِجْنَة و شُجْنَة کی جمع شِجَن و شُجَن و شِجْنَات و شَجَنَات و شُجُنَات۔

شَجَا (ن) شَجْوًا و اَشْجَى اِشْجَاءً۔ الرجلَ: غمگین کرنا۔ خوش کرنا (ضد) برانگیختہ کرنا۔ اَشْجَى الغريمَ او السائلَ: قرضخواہ یا سائل کو اس کی خواہش کے مطابق دینا۔

شَجِيَ (س) شَجًا۔ غمگین ہونا ــــ بالشَّجَا: حلق میں ہڈی پھنس جانے سے گھٹنا۔ اور اسی سے ہے "علیک بالکظم و ان شجیت"

بِالعَظمِ" اگر تمہارے حلق میں ہڈی پھنس جائے تو اپنے اوپر بردباری کو لازم جانو۔ شَجِيَ العَزِيمُ عنہ: جانا۔
تَشَاجَى۔ حزن وملال ظاہر کرنا۔
الشَّجَا۔ مص۔ ہڈی وغیرہ جو حلق میں پھنس جائے۔ غم۔ اندوہ۔
الشَّجْوُ۔ مص۔ غم اندوہ۔ حاجت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عِندِي شَجْوٌ" اس کی مجھ سے ایک حاجت ہے۔ گریہ وزاری کا ایک دور۔ کہا جاتا ہے بَكَى فلانٌ شَجْوَهُ" وبَكَت الحَمَامَةُ شَجْوَهَا"۔
الشَّجِي الشَّجِيّ۔ غمگین۔ فکرمند۔ مونث شَجِيَة وشَجِيَّة اور نسبت کے لیے (الشَّجَوِيّ) مَفَازَةٌ (شَجْوَاء) دشوار گزار بیابان۔
الشَّجَوْجَى والشَّجَوْجَاة۔ لگاتار ہوا الشَّجَوْجَى: بہت لمبا یا لمبا موٹی ہڈیوں والا موٹا فربہ گھوڑا۔
المَشْجُوّ۔ اندوہناک۔
شَحَّ (ن ض س) شُحًّا وشِحًّا وشُحُوحًا۔ بالشيء وعلى الشيء: بخل کرنا حرص کرنا۔
شَاحَّ۔ بالشيء على فلان: کسی سے کسی چیز کا بخل کرنا ـــ ہ: کسی سے جھگڑا کرنا۔ اسی سے ہے "لا مُشَاحَّةَ فِي الأَمْرِ" یعنی معاملہ بالکل صاف ہے اس میں کوئی مناقشہ اور جھگڑا نہیں۔
تَشَاحَّ۔ القومُ على الأمر وفيه: کسی چیز میں باہم بخل کرنا۔ تَشَاحُّوا على الشيء: اپنے لیے اختیار کرنے کا ارادہ کرنا۔ تَشَاحَّ الخصمانِ فِي الجَدَلِ: ہر ایک کا غالب ہونے کا ارادہ کرنا۔
الشُّحّ۔ مص۔ بخیل۔
الشَّحِيحُ۔ بخیل۔ حریص۔ ج شِحَاح و أَشِحَّة وأَشِحَّاء۔ مونث شَحِيحَة۔ ج شَحَائِح۔ اِبِل شَحَائِحُ: کم دودھ والی اونٹنیاں۔
الشَّحَاح۔ بخیل۔ حریص۔ الشَّحَاحُ من الأرض: وہ زمین جو بغیر زیادہ بارش کے پانی نہ بہائے۔ زَنْدٌ شَحَاحٌ: چقماق جو آگ نہ دے ۔ اَرضٌ شَحَاحٌ: تھوڑا پانی جو زمین کو نہ ڈھکے۔
شَحَبَ (ف ن) وشَحُبَ (ک) وشَحِبَ شُحُوبًا وشُحُوبًا۔ لَوْنُهُ: بھوک یا مرض وغیرہ کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
الشَّاحِب۔ فا۔ لاغر یا رنگ بدلا ہوا۔ اور کہا جاتا ہے "شَاحِبُ اللَّوْنِ" جیسے کہا جاتا ہے "شَاحِبُ الجِسْمِ"
شَحَتَ (ف) شَحْتًا۔ المُدْيَةَ: چھری تیز کرنا۔
شَحَجَ (ف ض) شَحِيجًا وشُحَاجًا وتَشْحَاجًا وتَشَاحَجَ۔ البغلُ والغرابُ: خچر کا ہنہنانا۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا۔
الشَّحَّاج والمِشْحَج والشَّاحِج۔ گورخر۔ بَنَاتُ شَحَّاجٍ وبَنَاتُ شَاحِجٍ: خچریں
الشُّحَاج۔ البغلِ والغرابِ و(الشَّحِيج) خچر یا کووں کی آواز۔
الشَّوَاحِج۔ کوے
شَحَذَ (ف) شَحْذًا۔ السكينَ ونحوهُ: چھری تیز کرنا۔ صفت مفعولی (شَحِيذ و مَشْحُوذ) ـــ ہ بِبَصَرِهِ: گھورنا ـــ ہ بعينه: نظر بد لگانا ـــ الجوعُ مَعِدَتَهُ: سخت بھوک لگنا ـــ فِي السُّؤَالِ: مانگنے میں بہت اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَشْحَذُ النَّاسَ" وہ لوگوں سے اصرار سے مانگتا ہے ـــ عليه: غضبناک ہونا ـــ الدَّابَّةَ: جانور کو تیز ہانکنا (ـــ وتَشَحَّذَهُ) ہٹانا۔ دھتکارنا و تَشَحَّذَ الرَّجُلُ: سوال کرنے میں اصرار کرنا۔
أَشْحَذَ۔ السكينَ: چھری تیز کرنا۔
شَاحَذَهُ۔ تلوار وغیرہ تیز کرنے میں مشابہت کرنا۔
الشَّحَّاذ۔ گداگر۔ سائل۔ ج شَحَّاذَة و (الشِّحَاذَة) گداگری کا پیشہ۔
الشَّحْذَان والشَّحَذَان۔ بھوکا۔ ہانکنے والا۔ ہلکا چلنے والا۔
رَجُلٌ شَحِذٌ ومِشْحَذٌ: تیز اور غصہ کے وقت طیش میں آنے والا۔
المِشْحَذ۔ چھری وغیرہ تیز کرنے کا سامان تیز ہانکنے والا۔
المِشْحَاذ۔ ٹیلہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج مَشَاحِيذ۔
المَشْحَذَة۔ وہ چیز جو باعث تیزی ہو کہا جاتا ہے "هَذَا الكَلَامُ مَشْحَذَةٌ لِلفَهْمِ" یہ کلام سمجھ کے لیے باعث تیزی ہے۔
شَحَرَ (ف) شَحْرًا۔ منہ کھولنا۔
الشَّحْر۔ مص۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بطن وادی۔ (ـــ والشِّحْر) کنارہ۔ ساحل۔ شَحْرُ عُمَانَ وشِحْرُ عُمَانَ: عمان اور عدن کے درمیان کا ساحل۔
الشِّحْرَة۔ تنگ ساحل۔
الشُّحْرُور۔ کالے رنگ کا چڑیا سے بڑا ایک خوش آواز پرندہ۔ ج شَحَارِير۔ اور اس کو (شُحْوُر) بھی کہا جاتا ہے۔
شَحِزَ (س) شَحَزًا۔ گھبرانا۔ ڈرنا۔
شَحَزَ (ف) شَحْزًا۔ جماع کرنا۔
شَحْشَحَ۔ البعيرُ: اونٹ کا آواز کو پھرانا ـــ الطائرُ: پرندہ کا جلدی سے اڑنا ـــ چوکنا رہنا ـــ الصُّرَدُ: آواز کرنا
الشَّحْشَح والشَّحْشَاح۔ بے برکت بخیل۔ بدخلق ہمیشگی کرنے والا۔ الشَّحْشَح: وسیع بیابان۔ بہادر مرد۔ غیرت دار خوش بیان لکچرار۔
الشَّحْشَحَان۔ بخیل۔ غیرت دار۔ لمبا۔
المُشَحْشِح والمُشَحْشَح۔ بے برکت
أَشْحَصَهُ۔ تھکانا ـــ من المكانِ و (شَحَّصَهُ) عنه: دور کرنا۔ ہٹانا۔ جلاوطن کرنا۔
الشَّحُوص۔ تھکن کی وجہ سے دبلی اونٹنی
شَحَطَ (ف) شَحْطًا وشَحَطًا وشُحُوطًا ومَشْحَطًا۔ الإناءَ: برتن بھرنا ـــ اللبنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا ـــ العقربُ الرجلَ: بچھو کا ڈسنا ـــ الطائرُ: پرندہ کا

بیٹ کرنا ۔ فذاً : سبقت لے جانا (۔۔
دشحط (س) شحطاً المکانُ : دور ہونا شحطا
دشحط الجمل ۔ اونٹ کو ذبح کرنا ۔
منحط ۔ بالدم : خون سے لتھڑنا ۔
تشحّط ۔ خون میں لتھیڑنا ۔
اشحطہ ۔ دور کرنا ۔
استحط ۔ بالدم : خون سے لتھڑنا ۔
الشحط ۔ سد خون میں لت پت ہونا
پرندہ کی بیٹ ۔ (۔۔ والمشحط) انگور کی
ٹہنیوں کو اٹھانے کا تھم ۔ عوام اس کو
(سُنُوک) کہتے ہیں ۔
منزلٌ (شاحِطٌ) دور کی منزل ۔
الشحاط ۔ دور ۔
شواحط ۔ الاودیۃ : دور کی وادیاں
الشوحطۃ ۔ لمبی گھوڑی ۔
شحک (ن) شحکاً ۔ الجدیَ : بکری
کے بچے کے منہ میں ٹھوکنی لگانا ۔
الشحاک ۔ ٹھوکنی جو بکری کے بچے کے
منہ میں لگائی جائے تاکہ دودھ نہ پیے
شحل ۔ الکرم : انگور کی بیل تراشنا ۔
کلمہ عامیہ ہے فصیح قضب ہے ۔
شحمہ (ف) شحماً ۔ چربی کھلانا ۔
شحُم (ک) شحامۃً ۔ بہت چربی دار
ہونا ۔ صفت (شَحِم)
شحِم (س) شحماً ۔ چربی کی خواہش
کرنا ۔ صفت (شَحِم)
شحمت (س ن) شحوماً ۔ الناقۃ :
لاغری کے بعد موٹی ہونا ۔
اشحم ۔ بہت چربی والا ہونا (۔۔ و
شحّم) القوم ۔ چربی کھلانا ۔
الشحم ۔ چربی ۔ ایک ٹکڑے کو (شحمۃ)
کہتے ہیں ۔ ج شحوم ۔
الشاحم والشحّام ۔ چربی بیچنے والا ۔
الشحّام : بہت چربی کھلانے والا ۔ کہا جاتا
ہے "رجل شاحمٌ لاحمٌ" چربی دار پر گوشت مرد
یا لوگوں کو بہت چربی کا گوشت کھلانے والا
الشحمۃ ۔ چربی کا ٹکڑا ۔ شحمۃ الارض :
کیچوا ۔ سانپ کی چھتری ۔ شحمۃ الارض و شحمۃ
الرمل : گرگٹ کی قسم کا ایک جانور جو زمین
یا ریت میں گھس کر رہتا ہے ۔۔ العین :
آنکھ کا ڈھیلا ۔ شحمۃ الاذن : کان کی لو ۔۔
شحمۃ الرمان : انار کے اندر کا باریک چھلکا
۔۔ المرج : خطمی ۔ اور امثال میں سے ہے
"ما کلُّ بیضاءَ شحمۃٌ ولا کلُّ سوداءَ تمرۃٌ" ہر
سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں
ہوتی ۔ اس موقع پر بولتے ہیں جب کسی
ایک صفت میں مشابہت اور بقیہ صفات
میں مغایرت ہو ۔
الشحِم ۔ تھوڑے رس کا انگور ۔ چربی
کا حریص ۔
الشحم ۔ اکڑ ۔
الشحیم ۔ موٹا ۔
الشحیم والشحیمۃ ۔ سریانیوں کے
فرائض نماز کی کتاب (کلمہ سریانیہ ہے)
المتشحم والمشحم ۔ گھر میں بہت
چربی رکھنے والا ۔
المشحم والمشحوم ۔ چربی کی بنی
ہوئی چیز
شحن (ف) شحناً ۔ السفینۃَ : کشتی پر
لادنا ۔۔ المدینۃَ بالخیل : بھرنا ۔۔ الرجلَ :
دھتکارنا ۔ دور کرنا ۔
شحن (ف ن) و شحِن (س) شحناً ۔
الکلابُ : کتوں کا دور تک جانا اور شکار نہ
کرنا ۔
شحِن (س) شحناً ۔ علیہ : کینہ رکھنا ۔
اشحن ۔ المکانَ : بھرنا ۔۔ السیفَ :
میان میں کرنا ۔ سونتنا (ضد) ۔۔ لرمیہم :
تیر مارنے کے لیے تیار کرنا ۔۔ الصبیُّ : رونے
کے لیے آمادہ ہونا ۔
شاحنہ ۔ بغض و عداوت رکھنا ۔ دشمنی
کرنا ۔
تشاحنوا ۔ ایک دوسرے سے بغض رکھنا
الشحناء ۔ بغض کینہ ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔
الشحنۃ ۔ عداوت ۔ دشمنی کشتی بھرنے
کی چیز ۔ شحنۃ البلد : پولیس ۔ کوتوال ۔ سواروں
کی جماعت کا ایک دستہ ۔ کہا جاتا ہے ۔
"بالبلد شحنۃٌ من الخیل" شہر میں سواروں
کی جماعت کا ایک دستہ ہے ۔ الشحنۃ :
چارپایوں کے لیے ایک دن رات کا چارہ
ج شحن ۔ مرکبٌ (شاحنٌ) بھری ہوئی سواری
المشاحن ۔ فا ۔ عدوٌّ مشاحنٌ : بہت
سخت دشمنی کرنے والا دشمن ۔
شحا یشحو و یشحا شحواً ۔ الرجلُ : منہ
کھولنا ۔۔ اللجامُ فمَ الفرسِ : کھولنا ۔
شحا الرجلُ : قدم کو دور دور رکھنا ۔۔ الفم
کھلنا ۔
اشحی ۔ فاہ : کھولنا
شحّی تشحیۃً ۔ فوہ : منہ کھلنا ۔
تشحّی ۔ علیہ : زبان درازی کرنا ۔
الشحاء ۔ وسیع کشادہ چوڑا
الشحو ۔ جوف ۔
الشحوۃ ۔ اسم مرۃ ۔ قدم ۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ
بعیدُ الشحوۃ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا
"رجلٌ بعیدُ الشحوۃِ فی مقاصدہ" اپنے مقاصد
میں عالی ہمت مرد ۔
الشحواء ۔ چوڑا کنواں
شحی یشحی شحیاً ۔ ایک لغت ہے شحا
واوی میں ۔
شخّ (ن) شخّاً ۔ پیشاب کرنا ۔۔ فی النوم :
خراٹے لینا ۔۔ اللبنُ : دوہنے کے وقت
آواز نکلنا ۔
شخب (ف ن) شخباً و شخباً ۔ اللبنَ :
دوہنا ۔۔ اللبنُ : بہنا ۔۔ اوداجُ القتیلِ
دماً : مقتول کی رگوں سے خون جاری ہونا
انشخب ۔ دوہا جانا ۔

الشخاب - تازہ دودھ۔
الشخب - مص - خون (ــ الشخب) دودھ کی دھار - واحد (الشخبة) ج شخاب۔
الاشخوب - تھن سے دودھ نکلنے کی آواز - ج اشاخیب۔
ودج (شخیب) خون پھینکنے والی رگ۔
الشنخاب والشنخوب والشنخوبة پہاڑ کی چوٹی - ج شناخیب۔
شخت (ک) شخوتة - دبلے جسم والا ہونا - صفت (شخت وشخیت) ج شخات - کہا جاتا ہے "ہو شخت الخلق" وہ دنی اخلاق والا ہے - "ہو شخت العطاء" وہ کم داد و دہش والا ہے "ہو شخت الجزارة" وہ باریک ٹانگوں والا ہے۔
شخته - الیہ: پہنچانا۔
الشخت والشخیت الشخیت و الشخبیت - بلند غبار
الشختور والشختورة - ڈونگی جس میں ایک ہی آدمی سوار ہو۔
شخر (ض) شخیرا - حلق یا ناک سے آواز نکالنا۔
شخر (ض) شخیرا و شخرا - الفرس او الحمار: گھوڑے کا ہنہنانا - یا گدھے کا رینکنا۔
شخر الحلس: کجاوہ باندھنے کے لیے جانور کی پیٹھ سے ٹاٹ یا کمبل اٹھانا ــ النخلة: ٹوٹنے کے خون سے کھجور کے گچھے کو ٹہنی پر رکھنا۔
الشخر - مص ــ من الشباب: ابتداء جوانی ــ من الرحل: کجاوے کے اگلے اور پچھلے حصہ کی درمیانی جگہ۔
الشخیر - مع - پہاڑ کا وہ حصہ جو قدموں سے لگ کر گرے۔
الشخیر - بہت خراٹے لینے والا۔
شخز (ن) شخزا - مضطرب ہونا ــ علیہ الامر: دشوار ہونا ــ ہ بالرمح: نیزہ مارنا ــ بینہم: اکسانا اور فساد ڈالنا
تشاخز - القوم: باہم بغض رکھنا۔
الشخز - مص - رنج و مشقت کی شدت
شخس (ف) شخسا - الرجل: مضطرب ہونا ــ الحمار: گدھے کا جمائی کے وقت منہ کھولنا۔
اشخس - الرجل و بہ: غیبت کرنا۔
اشخس لہ فی المنطق: گفتگو میں ترشروئی کرنا
شاخس - ام القوم: مختلف ہونا۔ ــ الحمار: نبید سونگھنے کے بعد سر اٹھا کر منہ کھولنا۔
تشاخس - الحمار: بمعنی شخس او شاخس ــ اسنانہ: بڑھاپے کی وجہ سے گر گر یا جھک کر بے ترتیب ہونا ــ امرہم: تباہ و پریشان ہونا۔
الشخیس - حکم کے خلاف کرنے والا - امر متفرق۔
شخشخ - بول: دور تک پیشاب کی دھار کرنا - صفت (شخشاخ) ــ شخشخت الناقة: بیٹھے ہوئے سینہ اٹھانا۔
الشخشخة - مص - ہتھیار کی جھنکار - کاغذ یا نئے کپڑے یا خشک چیز کی آواز۔
شخص (ف) شخوصا - الشیٔ: بلند ہونا ــ عن قومہ او من بلد الی بلد: جانا - کوچ کرنا ــ السہم: واپس آنا - لوٹنا ــ النجم: ستارہ کا طلوع ہونا ــ السہم: تیر کا نشانہ سے اوپر اوپر نکل جانا ــ الجرح: سوجنا و ورم کرنا ــ بصرہ: ٹکٹکی لگانا۔ ــ المیت بصرہ و ببصرہ: میت کی نگاہ کا کھلا رہ جانا۔
شخص - بہ: کسی امر کے لاحق ہونے سے بے قرار ہونا۔
شخص (ک) شخاصة - موٹا ہونا۔
شخص - الشیٔ: تعین کرنا - تمیز کرنا و اسی سے المبارک کے نزدیک شخیص مراغی کر
اشخص - بہ: بے آرام کرنا - بیقرار بنانا
اشخص الرجل: جانے کا وقت قریب ہونا ــ بہ: غیبت کرنا ــ لہ فی المنطق و شخص الیہ: گفتگو میں ترشروئی کرنا ــ ہ الی قومہ: واپس کرنا - لوٹانا ــ الرامی: نشانہ سے ہٹ کر بلند پڑنا یا ڈالنا (لازم و متعدی)
تشخص - معین ہونا - ممیز ہونا ــ لہ: کسی شخص کی صورت دکھائی دینا۔
تشاخصوا - باہم اختلاف کرنا۔
الشخص - جسم انسانی وغیرہ جو دور سے دکھائی دے - ج اشخص و اشخاص و شخوص۔
الشخیص - جسیم - مونث شخیصة بردار ــ من المنطق: ترشروئی سے گفتگو کرنے والا۔
الشخف - دودھ دوہنے کی آواز۔
الشخاف - دودھ۔
شخل (ف) شخلا - الشراب: صاف کرنا ــ الناقة: دوہنا۔
شاخلہ - خالص دوستی کرنا۔
الشخل والشخیل - خالص دوست
المشخل والمشخلة - چھلنا۔
المشخلبة - موتی کے مشابہ سفید مہرہ یک زیور کا نام جو درخت خرما کی چھال و مہرہ سے بنتے ہیں - اور کبھی اس لڑکی کو بھی مشخلبہ کہتے ہیں جو اس زیور کو استعمال کرے۔
شخم (ن) (س) و شخم (ک) شخوما و شخما و اشخم - الطعام او اللحم: بگڑنا - خراب ہونا - فاسد ہونا صفت (شخم) ــ الفم: منہ کا بدبودار ہونا - اشخم الرجل: رونے کے لیے تیار ہونا۔
شخم - الطعام: خراب کرنا۔

ـــ الطعامُ: خراب ہونا ـــ الفم: منہ کا بدبودار ہونا۔

إِشْخَامَّ ـ النبتُ: خشک و تر گھاس کا آپس میں مل جانا۔

شَعَرٌ أَشْخَمُ: سفید بال۔ رَوْضٌ أَشْخَمُ: بے نباتات کے باغ۔ عَامٌ أَشْخَمُ: خشک سال جس میں نہ پانی ہو نہ چراگاہ۔

الشُّخْمُ ـ وہ لوگ جن کی ناک خوشبو یا بدبو سے بند ہوگئی ہو۔

الشَّخْا ـ شورہ زار۔

شَدَّ (ض ن)، شَدًّا ـ الرجلُ: دوڑنا۔ ـــ النهارُ: بلند ہونا ـــ عضده: قوی کرنا ـــ الشیَ: مضبوط کرنا۔ باندھنا کسنا اور اسی سے ہے "شدُّ الرحال" اور یہ کنایہ ہے سفر سے ـــ علی یدہ: اعانت کرنا۔ تقویت پہنچانا۔ اور کہا جاتا ہے "لا املک شدًّا ولا ارخاءً" یعنی میں کسی چیز پر قادر نہیں۔

شَدَّ (ن ض)، شَدًّا وشَدَّةً و شُدُودًا ـ علی العدو: دشمن پر حملہ کرنا۔

شَدَّ (ض)، شِدَّةً ـ قوی ہونا۔

شَدَّدَہ ـ قوی کرنا۔ شَدَّدَ الضربَ: بہت مارنا ـــ علیہ: تنگی کرنا ـــ الحرفَ: تشدید لگانا ـــ الشیَ: مضبوط کرنا۔

شَادَّہُ ـ فی الامر: غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جھگڑنا۔ سختی کرنا۔

أَشَدَّ ـ عقل یا عمر کی پختگی کو پہنچنا۔ مضبوط چوپایہ والا ہونا۔

تَشَدَّدَ ـ قوی ہونا۔ کسی کام میں سختی کرنا

إِشْتَدَّ ـ قوی ہونا ـــ فی السیر: تیز دوڑنا ـــ علی قرنہ فی الحرب شدّۃً: حملہ کرنا۔ ـــ علیہ المرضُ: تیز ہونا۔ بڑھنا۔

تَشَادَّ ـ الشیُ: مضبوط ہونا۔

الشَّدُّ ـ مص ـ شدُّ النهار: دن چڑھنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "أتانا شدَّ النهار و فی شدِّ النهار" وہ دن چڑھنے کے وقت ہمارے پاس آیا۔ اور "شدُّ الرحال" کنایہ ہے سفر سے

الشَّدَّۃ ـ شدَّ کا اسم مرۃ۔ لڑائی کا حملہ

الشِّدَّۃ ـ اشتداد کا اسم ہے۔ سختی تنگی ج شِدَد ـ والشِّدَّۃ: مصیبت ـ ج شدائد۔ شِدَّۃُ الأرضِ: زمین کی سختی۔

الشُّدَّی ـ سختی۔

الشَّدِیدُ ـ بہادر۔ قوی۔ بلند۔ مضبوط بخیل۔ شیر ـ ج أشِدَّاء و شِدَاد و شُدُود۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ شدیدُ العینِ" ایسا شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو "مسکٌ شدیدُ الرائحۃِ" تیز خوشبو والا مشک۔

الشَّدِیدَۃ ـ الشدید کا مونث۔ ج شدائد۔ "الحروفُ الشدیدۃ" آٹھ ہیں جن کا مجموعہ "اجدت طبقک" ہے۔

الأَشَدّ والأَشُدّ ـ کہا جاتا ہے "فلانٌ بلغ أشُدَّہ" یعنی فلاں طاقت وقوت کے زمانہ کو پہنچ گیا اور یہ جمع ہے جس کا واحد نہیں یا واحد ہے جو جمع کے وزن پر ہے)

المِشَدّ ـ ایک قسم کا کپڑا جس کو عورت اپنی کمر پر باندھتی ہے۔

المُشِدّ ـ مضبوط چوپایوں والا۔

المُتَشَدِّد ـ فا ـ بخیل ـ امور میں سختی کرنے والا۔

شَدَحَ (ف)، شَدْحًا ـ موٹا ہونا۔ صفت (شادح)

إِنْشَدَحَ ـ ٹانگوں کو پھیلا کر چت لیٹنا۔

الشَّادِح ـ فا ـــ من الکلاءِ: وسیع سبزہ

الأَشْدَح ـ چوڑا۔

الشُّدْحَۃ والمُشْتَدَح ـ فراخی۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "لک عنہ شُدْحَۃٌ او مُشْتَدَحٌ" تمہارے لیے اس میں گنجائش ہے

شَدَخَ (ف)، شَدْخًا ـ اعتدال سے ہٹ جانا ـــ الرأسَ: سر توڑنا۔ کچلنا ـــ الفرسَ: گردن کٹنے کی جگہ پر مارنا۔ (شدخت غُرّۃُ الفرسِ شَدْخًا و شُدُوخًا: ماتھے کی سفیدی کا ناک تک پھیلنا۔ گھوڑے کو (اشدخ) کہتے ہیں۔

شَدَّخَ ـ الرأسَ: سر توڑنا۔ (تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

تَشَدَّخَ وانْشَدَخَ ـ الرأسُ: سر ٹوٹنا۔ کچلا جانا۔

الشَّدَخ ـ ناتمام بچہ جو آسانی سے گر جائے۔

الشَّدَخَۃ ـ من النبات: نرم و نازک تازہ نباتات۔

الشَّادِخ ـ فا ـ چھوٹا جبکہ نرم و نازک ہو۔ غلام شادخ: جوان لڑکا۔ أمرٌ شادخ: اعتدال سے ہٹا ہوا معاملہ۔

الشَّادِخَۃ ـ الشادخ کا مونث۔ گھوڑے کے ماتھے کی سفیدی جو ناک تک پھیلی ہوئی ہو

الأَشْدَخ ـ شیر ـــ من الخیل: ناک تک پھیلی ہوئی سفیدی والا گھوڑا۔ مونث شَدْخاء ج شُدْخ۔

المَشْدَخ ـ مفع ـ گردن کٹنے کی جگہ۔

الشَّادِر ـ تخت رواں۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان

شَدَفَہُ (ض)، شَدْفًا ـ ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا

شَدِفَ (س)، شَدَفًا ـ الفرسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا۔

أَشْدَفَ ـ اللیلُ: رات کا تاریک ہونا

تَشَادَفَ ـ جھکنا۔

الشَّدَف ـ مص ـ رخسارے کا جھکاؤ۔ اونٹ کے سر کی پیچیدگی۔ تاریکی۔ کالبد ج شُدُوف

الشَّدِف ـ لمبا جلدی کودنے والا۔

الشُّدْفَۃ ـ ٹکڑا (الشادوف) ڈولچی۔ چھاگل (جدید)

الأَشْدَف ـ رخسار کے جھکاؤ والا۔ نشاط کے ساتھ چلنے والا اونٹ۔ بڑے ڈیل ڈول کا گھوڑا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ مونث شَدْفاء ج شُدْف۔

شَدِقَ (س)، شَدَقًا ـ چوڑے جبڑے والا ہونا۔ صفت (أشدق) مونث (شدقاء) ج شُدْق

تَشَدَّقَ ۔ بتکلف فصاحت ظاہر کرنے کے لیے باچھیں کھولنا ۔۔ بالکلام وفیہ: بغیر احتیاط کے ہر قسم کی باتیں کرنا ۔ لوگوں کے ساتھ ٹھٹھا کرنا ۔

الشِّدْقُ والشَّدْقُ ۔ جبڑا ۔ شِدْقُ الوادی: وادی کا کنارہ ۔ ج اَشْداق و شُدُوق ۔

الاَشْدَقُ ۔ زبان آور ۔ بلیغ ۔

الشَّدْیَقُ ۔ من الوادی: کنارہ ج شُدُق

الشَّدْقَمُ والشُّدْقُمُ ۔ چوڑے جبڑے والا ۔ شیر ۔

الشِّدْیَاقُ ۔ عند النصاریٰ: کاہن سے ایک درجہ کم والا پادری ۔ ج شَدَاقِفَۃ (دخیل)

الشَّادِکُونَہ ۔ بستر ۔ مغنیہ (جدید)

الشُّوْدَکَان ۔ ہتھیار ۔ ہتھیار کا سامان

شَدَنَ (ن) شُدُوْنًا ۔ الظَّبْیُ: قوی ہونا اور ماں سے بے نیاز ہونا (تمام کھر دار اور سم والوں کے بچوں کے لیے مستعمل ہے)

اَشْدَنَتِ ۔ الظَّبْیَۃُ: قوی بچے والی ہونا ۔ صفت (مُشْدِن) ج مَشَادِن و مَشَادِین ۔

الشَّدَن ۔ ایک پودہ ہے جس کا پھول چنبیلی کے مانند ہوتا ہے ۔

الشَّادِن ۔ فا ۔ جب مطلق بولا جائے تو ہرن کا بچہ مراد ہوتا ہے ۔

شَدَہَ (ف) شَدْہًا ۔ الرأسَ: سر کچلنا ۔ شَدَہَ و اَشْدَہَ الرجلَ: دہشت میں ڈالنا ۔

شُدِہَ ۔ مدہوش ہونا ۔

اِنْشَدَہَ واِشْتَدَہَ ۔ متحیر ہونا ۔

الشُّدَاہُ والشُّدْہُ والشَّدْہُ و الشَّدَہُ ۔ حیرت ۔ دہشت ۔

المَشَادِہ ۔ مشاغل ۔ حیران و بے خود کردینے والے معاملات

شَدَا یَشْدُو شَدْوًا ۔ الرجلُ: گا کر شعر پڑھنا ۔۔ الابلَ: حدی گا کر ہانکنا ۔۔ الشعرَ: گانا اور سر نکالنا ۔۔ من العلم شیئًا: کچھ حاصل کرنا ۔ صفت (شادٍ) ج شُدَاۃ و شادُون ۔ شَدَاہ فلانًا او بفلانٍ: تشبیہ دینا ۔ شَدَا اَشْدَوَہ: وہ اس کی چال چلا ۔

اَشْدَی اِشْدَاءً ۔ گانے میں ماہر ہونا ۔

الشَّدَا ۔ بقیہ قوت ۔ گرمی ۔ کھجلی ۔۔ من الشیءِ: کسی چیز کی حد ۔ کنارہ ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ مِنْہُ شَدًا" اس نے اس میں سے تھوڑا سا لیا ۔ "ولم یبق من المریض الا شدا" جبکہ قریب الموت ہو جائے ۔

الشَّدْوُ ۔ مص ۔ بہت میں سے تھوڑا سا ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذُوا شَدْوًا مِنْ مَالِہٖ" انہوں نے اس کے بہت سے مال میں سے تھوڑا سا لیا ۔

الشِّیَادِ ۔ چپراسی ۔ (جدید)

شَذَّ (ن ض) شَذًّا و شُذُوذًا ۔ عن الجمہور او الجماعۃ: علیحدہ ہونا ۔ اکیلا ہونا ۔۔ القولُ: خلاف قیاس ہونا ۔۔ عن الاصول: مخالف قاعدہ ہونا ۔ صفت (شاذّ) ج شُذَّاذ و شَوَاذّ ۔ مونث شاذّۃ ۔ ج شَوَاذّ و الشُّذَّاذ من الناس: تھوڑے لوگ اور اسی سے ہے "جاءوا شُذَّاذًا" یعنی تھوڑے لوگ آئے ۔ وہ لوگ جو کسی قوم میں ہوں اور ان کے قبیلے سے نہ ہوں ۔ شُذَّاذ الآفاق: مسافر لوگ

شَذَّہٗ (ن)، شَذًّا و شَذَّذَہٗ ۔ شاذ کرنا

اَشَذَّ ۔ نادر بات کہنا ۔۔ الشیءَ: جدا کرنا ۔ شاذ کرنا ۔

الشُّذَّان والشَّذَّان ۔ متفرق کنکریاں وغیرہ ۔ شُذَّان الناس: متفرق لوگ ۔

شَذَبَ (ن ض) شَذْبًا و شَذَّبَ اللحیٰ و: چھال چھیلنا ۔۔ الشیءَ: کاٹنا ۔ شَذَبَ و شَذَّبَ الشجرَ: درخت کو چھانٹنا ۔۔ المالَ: بکھیرنا ۔ شَذَبَ عنہ: دفع کرنا ۔ ہٹانا ۔ شَذَبَہ: دھتکارنا ۔

تَشَذَّبَ ۔ ہٹنا ۔ دور ہونا ۔۔ القومُ: متفرق ہونا ۔

الشَّذَب ۔ درخت کے ٹکڑے ۔ متفرق لکڑیاں ۔ چھلکے ۔ سامان خانہ ۔ کھائی ہوئی گھاس کا بقیہ ۔ کہا جاتا ہے "فی الارض شَذَبٌ من الکلأ" "ومالہ الا شَذَبٌ من العسکر" ہر ایک بقیہ کے معنی میں ہے ج اَشْذاب

الشَّذَبَۃ ۔ درخت کی کاٹی ہوئی ٹہنی ۔

الشَّاذِب ۔ فا ۔ وطن سے دور ۔

الشَّوْذَب ۔ من الرجال: لمبا خوبصورت قد والا ۔ ہر چیز کا عمدہ حصہ ۔

المِشْذَب ۔ شاخ تراشی کا آلہ ۔

المُشَذَّب ۔ مفعو ۔ کانٹوں سے صاف کیا ہوا تنہ ۔ فرس مُشَذَّب ۔ لمبا گھوڑا جس میں گوشت زیادہ نہ ہو ۔

شَذَّرَ ۔ النظم: مہرہ لگا کر جدا کرنا ۔ کہا جاتا ہے "شَذَّرَ کلامہ بشعر" کلام میں شعر داخل کرنا ۔۔ بفلانٍ: بدنام کرنا ۔

تَشَذَّرَ ۔ برائی یا مقابلہ کے لیے طیار ہونا ۔ غضبناک ہونا ۔ سبک ہونا اور کام کے لیے چست ہونا ۔۔ ہ: دھمکانا ۔۔ القومُ: متفرق ہونا اور اپنی اپنی راہ لینا ۔۔ القومُ فی الحرب: حد سے گزرنا ۔

الشَّذْر ۔ سونے کا ٹکڑا جو کان سے نکالا جائے ۔ مہرہ جس سے لڑی میں موتیوں کو جدا کیا جائے ۔ چھوٹے موتی ۔ واحد (الشَّذْرَۃ) ج شَذَرات و شُذُور ۔ کہا جاتا ہے "تفرقوا شَذَرَ مَذَرَ و شِذَرَ مِذَرَ" وہ سب بکھر گئے اور ہر ایک نے اپنی راہ لی ۔

الشَّوْذَر ۔ چادر ۔ بے آستین کی قمیص ۔

رجلٌ (شِیْذَارۃ) صاحب غیرت مرد ۔

لِلتَّشْذِيْذِ۔ شیر۔
شَذَفَ (ن) شَذْفاً۔ کہا جاتا ہے
"مَا شَذَفْتُ مِنْهُ شَيْئاً" میں نے اس سے کچھ
حاصل نہیں کیا۔ اس کا استعمال صرف
نفی کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔
شَوْذَقَ شَوْذَقَۃً۔ انگلیوں سے پکڑنا
الشَّوْذَقُ۔ کنگن۔
الشَّيْذَقُ الشَّيْذَقَانُ الشَّوْذَانِقُ
شکرہ۔ یا شاہیں۔
الشِّذَامُ۔ بچھو اور بھڑ کا ڈنک۔ نمک
الشِّذْمَانُ۔ بھیڑیا۔
الشَّذْمَانَۃُ۔ تیز رفتار جوان اونٹنی
شَذَا يَشْذُو شَذْواً۔ مشک لگانا
۔۔ بالخبر: معلوم کر کے سمجھانا۔ (۔۔ وَأَشْذَى)
فلاناً: تکلیف دینا۔ وَأَشْذَاہُ عنہ: دور کرنا
ہٹانا۔
شَذَّى تَشْذِيَۃً۔ بالخبر: معلوم کر کے
سمجھانا۔
الشَّذْوُ۔ مص۔ مشک۔ مشک کی خوشبو۔
الشَّذَا۔ بو کی تیزی۔ تکلیف۔ برائی۔
نمک۔ کھجلی۔ مسواکوں کے درخت کا نام
لکڑی کے ٹکڑے۔ مکھی ایک قسم کی کشتی۔
بھوک کی تیزی۔
الشَّذَاۃُ۔ شذا کا واحد۔ ج شَذَوَات
قوت کا بقیہ۔ برائی چیز۔
شَرَّ (ن س) شَرًّا وشَرَارَۃً وشَرَراً۔
شریر ہونا۔ شرارت کرنا۔ صفت مذکر (شَرٌّ)
وصفت مونث (شَرَّۃٌ) ج اَشْرَار و شِرَار و
اَشِرَّاء۔
شَرَّ (ن) شَرًّا۔ اللحمَ او الثوبَ: گوشت
یا کپڑے کو خشک ہونے کے لیے دھوپ
میں ڈالنا ۔۔ فلاناً: برائی کی طرف نسبت
کرنا۔ لوگوں میں مشہور کرنا۔ دھتکارنا۔ اَشَرَّ
الشیءَ: ظاہر کرنا۔
شَارَّہٗ۔ جھگڑا کرنا۔

تَشَارًّا تَشَارًّا۔ باہم جھگڑنا۔
الشَّرُّ۔ مص۔ برائی۔ ج شُرُور۔ یہ ہر قسم کی
برائی اور خطا کے لیے اسم جامع ہے کہا جاتا
ہے "ہو شَرُّ النَّاسِ وہم شِرَارُہم او اَشْرَارُہم و اَشِرَّاءُ
وہی شَرَّۃٌ، وشُرَّى النساء" وہ لوگوں میں
بہت برا ہے اور اصل اس کی (اَشَرُّ) ہے۔
اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ ہمزہ کو کثرت استعمال
کی وجہ سے حذف کر دیا جاتا ہے جیسے خیر میں۔
الشِّرَّۃُ۔ برائی۔ تیزی۔ چستی۔ غضب۔ سبکی
لالچ۔ شِرَّۃُ الشَّبَابِ: جوانی کی چستی۔
الشَّرَّۃُ۔ مکروہ۔ کہا جاتا ہے "مَا قُلْتُ ذٰلِكَ
لِشَرِّكَ" میں نے تیرے مکروہ سمجھنے کی وجہ سے
اس کو نہیں کیا۔
الشَّرَرُ و الشَّرَارُ۔ آگ کی چنگاری جو اڑے
واحد (شَرَرَۃٌ وشَرَارَۃٌ)
الشَّرِيْرُ۔ شرارت کرنیوالا۔ ج اَشْرَار و
اشِرَّاء۔ مونث شَرِيْرَۃٌ۔ الشَّرِيْرُ: سمندر کا
کنارہ۔ ج اَشِرَّۃ۔
الشِّرِّيْرُ۔ بہت شرارت کرنیوالا۔ شیطان
کا لقب۔ ج شِرِّيْرُوْنَ۔
الإِشْرَارَۃُ۔ پنیر وغیرہ خشک کرنے کے
لیے چٹائی۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔ خشک
گوشت کا ٹکڑا۔ ج اَشَارِيْرُ۔
الشَّرِيْرَۃُ۔ بڑی سوئی۔
الشَّرَّانُ۔ بھنگا۔ مچھر کی مانند ایک کیڑا
جو انسان کے منہ کے سامنے اڑتا ہے اور کاٹتا
نہیں۔ واحد (شَرَّانَۃٌ)۔
شَرِبَ (س) شَرْباً وشُرْباً وشِرْباً
ومَشْرَباً وتَشْرَاباً۔ الماءَ: پینا۔ گھونٹ
لینا۔ سیراب ہونا۔ شَرِبَ السُّنْبُلُ الدَّقِيْقَ:
کنایہ ہے غلہ کی طیاری سے۔ اور کہا جاتا ہے
"اَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وشَرِبَ" یعنی ہلاک ہو گیا۔
"اَكَلَ فُلَانٌ مَالِيْ وشَرِبَہٗ" یعنی ختم کر دیا۔
شَرِبَ (س) شَرَباً۔ پیاسا ہونا۔ پیاسے یا
سیراب اونٹوں والا ہونا (ضد)۔ شَرِبَ بِہٖ:

کسی پر جھوٹ بولنا۔
شَرُبَ (ن) شَرَابَۃً۔ الكلامَ: سمجھنا۔
شَرَّبَہٗ۔ پانی پلانا۔ شَرَّبَ القِرْبَۃَ: نئی
مشک میں مٹی اور پانی ملنا تاکہ پانی خوشگوار
رہے ۔۔ قَصَبُ الزَّرْعِ: کھیتی کے ڈنٹھل
کا سیراب ہونا ۔۔ السُّنْبُلَ الدَّقِيْقُ: خوشہ کے
دانوں میں گودا اٹھنا۔
اَشْرَبَہٗ۔ پلانا۔ اَشْرَبَ الرَّجُلُ: پیاسا ہونا
پیاسے یا سیراب اونٹوں والا ہونا (ضد) ۔۔
اللونَ: گہرا رنگنا ۔۔ الثوبَ حُمْرَۃً: کپڑے کے
رنگ میں سرخی کو ملانا ۔۔ بہ: کسی پر جھوٹ بولنا
کہا جاتا ہے "اَشْرَبْتَنِيْ مَا لَمْ اَشْرَبْ" تو نے میرے
متعلق ایسی چیز کا دعوی کیا جس کو میں نے
نہیں کیا ۔۔ الابلَ: باندھنا ۔۔ وأُشْرِبَ
حُبَّ فلانٍ" اس کے دل میں فلاں کی محبت
جاگزیں ہو گئی۔
شَارَبَہٗ مُشَارَبَۃً وشِرَاباً۔ ساتھ پینا۔
تَشَارَبَا۔ ایک دوسرے کے ساتھ پینا۔
تَشَرَّبَ۔ الثوبُ العرقَ: جذب کرنا۔ چوسنا۔
اِسْتَشْرَبَ۔ لونُہ: تیز اور گہرا ہونا۔
اِشْرَأَبَّ۔ للشیء والیہ: گردن اٹھا کے دیکھنا
اسم (الشُّرَابِيْبَۃُ) جیسے اِطْمَأَنَّ سے طُمَأْنِيْنَۃ۔
الشَّرْبُ۔ مص۔ شارب اسم فاعل کی جمع۔
الشِّرْبُ۔ مص۔ پینے کا پانی۔ پانی کا حصہ
گھاٹ۔ پینے کا وقت۔ ج اَشْرَاب۔
الشَّرْبَۃُ۔ شَرِبَ کا اسم مرۃ۔ جو ایک مرتبہ
پیا جا سکے۔
الشُّرْبَۃُ۔ چہرے کی سرخی۔ کہا جاتا ہے
"فی وجہہ شُرْبَۃٌ من حُمْرَۃٍ" اس کے چہرہ میں سرخی
ہے۔ سیراب ہونے کی مقدار پانی۔
الشَّرَبَۃُ۔ بہت پینا۔ پیاس۔ گرمی کی شدت
ج شَرَبٌ وشَرَبَات۔
مَاءٌ شَرِبٌ وشَرِيْبٌ: پینے کے لائق پانی۔
الشِّرِّيْبُ۔ بہت پینے والا۔ پینے کا ساتھی جو
شخص تمہارے ساتھ مل کر پانی لائے یا تمہارے

ساتھ پلایا جائے۔ اونٹوں کو گھاٹ پر لانے میں ساتھی۔

الشَّرَبَّۃ۔ بے درخت کے گھاس والی زمین۔ وادی کنارہ۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا زَالَ فُلَانٌ عَلٰی شَرَبَّۃٍ وَاحِدَۃٍ" فلاں ہمیشہ ایک طریقہ پر رہا۔

الشَّرَاب۔ ہر ایک پینے کی چیز۔ ج اَشْرِبَۃ۔

الشَّرِبَۃ والشَّرُوب والشَّرَّاب والشِّرِّیب۔ بہت پینے والا۔

الشَّرَّابَۃ۔ شرّاب کا مونث ـــ عند المولدین: ترکی ٹوپی وغیرہ کا پھندنا ج شَرَارِیب۔ شَرَّابَۃُ الرَّاعِی: ایک پودہ کا نام۔

الشَّارِب۔ فا ج شَرْب (جیسے راکِبٌ جمع رَکْبٌ) جانوروں کی کمزوری۔ شَارِبُ الرجل: مونچھ۔ دونوں جانب کے اعتبار سے تثنیہ لاتے ہیں اور "شَارِبَا الرجل" کہتے ہیں اور اطراف واجزاء کے اعتبار سے جمع "شَوَارِبُ الرجل" بولتے ہیں۔ الشوارب: گردن کی رگیں۔ گردن میں پانی کے گزرنے کی جگہیں۔

الشَّارِبَۃ۔ الشارب کا مونث۔ ج شَارِبَات وشَوَارِب: دریا کے کنارے رہنے والی قوم۔

الشَّرُوب۔ پانی پینے والے۔

الشَّرَابِی۔ سقہ۔ بہشتی۔

المَشْرَب۔ پانی۔ پانی پینے کی جگہ۔ اور اب خواہش نفس اور میلان کے معنی میں مستعمل ہے جیسے "وافق الامر مَشْرَبَہٗ" معاملہ اس کی خواہش کے مطابق ہوگیا ج مَشَارِب۔

المَشْرُبَۃ والمَشْرَبَۃ۔ نرم زمین جو ہمیشہ سرسبز رہے، پینے پلانے کا کمرہ پینے کی جگہ۔ ج مَشَارِب۔ کہا جاتا ہے "طعام ذو مَشْرَبَۃٍ" پانی پلانے والا کھانا یعنی جو شخص اسے کھائے پانی زیادہ پیے۔

المِشْرَبَۃ۔ پانی پینے کا برتن۔ ج مَشَارِب

المَشْرُوب۔ مفع۔ ہر وہ چیز جو پی جائے۔

الشُّرَابِث۔ سخت ہتھیلی والا۔ شیر۔

الشُّرَاخ۔ پژمردہ سانپ کی چھتری۔

الشُّرْبُش۔ چھیچھڑا۔

شَرْبَقَ۔ الثوبَ۔ کپڑے ٹکڑے کرنا۔

الشَّرْبِین۔ سروکی مانند ایک درخت کا نام جس سے عمدہ قطران نکلتا ہے۔

شَرِثَتْ (س) شَرَثًا واشْرَثَتْ۔ یدہ۔ ہاتھ کا سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹنا۔ شَرِثَ رجلٌ: سردی کی وجہ سے سخت ہو کر پھٹے ہوئے ہاتھ والا ہونا۔ صفت (شَرِث) ـــ النعلُ: جوتے کا پھٹنا۔

الشَّرِث۔ ہر پرانی بوسیدہ چیز۔

الشَّرِث۔ من السیوف والاَسِنَّۃ: تیز تلوار و بھالا۔

الشَّرْثَۃ۔ پرانا جوتہ۔

شَرَجَ (ن) شَرْجًا۔ جھوٹ بولنا ـــ والشیءَ: جمع کرنا ـــ الشَّرِبَۃ بالماءِ: ملونی کرنا (ـــ وشَرَّجَ واَشْرَجَ) الحجارۃَ: پتھروں کو تہ بتہ لگا کر جمانا ـــ الخریطۃَ: کناروں کو ملا کر باندھنا۔ وشَرَّجَ الثوبَ: کپڑے میں لنگر ڈالنا۔ دور دور سینا۔ عوام سَرَّجَ کہتے ہیں۔ اَشْرَجَ صَدْرَہٗ علی کذا: کسی بات کو چھپانا۔

شَرِجَ۔ اللحمُ: چربی سے مخلوط ہونا۔

شَارَجَہٗ۔ مشابہ ہونا۔

تَشَارَجَ۔ الشیءُ فی الشیءِ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔

اِنْشَرَجَ۔ الشیءُ: دو ٹکڑوں میں پھٹنا۔

الشَّرْج۔ مص۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "ہذا شَرْجُ ذاک" یہ اس کے مثل ہے۔ "ہما شَرْجٌ واحدٌ" وہ دونوں ایک نوع کے ہیں۔ فرقہ۔ کہا جاتا ہے "اصبحوا فی الامر شَرْجَیْنِ" وہ کام میں دو فرقے ہو گئے۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ ج شِرَاج وشُرُوج۔

الشَّرْجَۃ۔ سنگستان سے نرم زمین کی طرف پانی بہنے کی جگہ۔ گڑھا جس میں کھال بچھادی جائے اور پانی ڈالا جائے۔ اور اس میں سے اونٹ پانی پئیں۔

الشَّرَج۔ وادی کی کشادہ جگہ۔ کاج (اس معنی کے لحاظ سے اسم جنس ہے) کمان کی پھٹن۔ ج اَشْرَاج۔

الشَّرِیج۔ مثیل۔ مانند۔ لکڑی کے دو برابر برابر کے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا۔ لکڑی جس سے دو کمانیں بنائی جائیں۔ قوس شَرِیج: پھٹی ہوئی کمان۔ ج شَرَائِج۔

الشَّرِیجَۃ۔ درخت خرما کی پتیوں سے بنی ہوئی ٹوکری۔ بانس کا ٹھاٹھر جو دوکان کے دروازہ پر لگایا جائے۔ پٹھا جس سے تیر کے پر کو جوڑیں۔ ج شَرَائِج۔

سَہْمٌ مُشَرَّج۔ تیر جس میں پر کو جوڑنے والا پٹھا لگا ہو۔

الشَّیْرَج۔ تل کا تیل۔ (دخیل)

الشَّرْجَب۔ اصیل گھوڑا۔ لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

الشَّرْجَان والشُّرْجُبَان۔ ایک قسم کا پودہ جس کا پھل بیگن کے مشابہ ہوتا ہے اور اس سے کھال کی دباغت کرتے ہیں۔

الشَّرْجَع۔ لمبا۔ نعش۔ تابوت میت۔ لمبی اونٹنی۔ چوکور لمبی لکڑی۔ تخت۔

المُشَرْجَع۔ لمبا کیا ہوا۔ بغیر کناروں کے ہتھوڑا۔ کہا جاتا ہے "مِطْرَقَۃٌ مُشَرْجَعَۃٌ" یعنی بغیر پہلو کے لمبا ہتھوڑا۔

شَرَحَ (ف) شَرْحًا۔ اللحمَ: لمبے ٹکڑے کاٹنا ـــ المسئلۃَ: مسئلہ کی باریکی کو کھول دینا اور بیان کرنا ـــ الکلامَ: سمجھانا ـــ الشیءَ: کھولنا کشادہ کرنا۔ حفاظت کرنا ـــ صَدْرَہٗ للشیءِ وبالشیءِ: خوش ہونا ـــ الی الشیءِ: رغبت ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلان یَشْرَحُ الی الدنیا" فلاں دنیا کی طرف رغبت ظاہر کرتا ہے۔

شَرَحَ الشیَٔ: کاٹ کر جُدا جُدا کرنا۔ اور
اسی سے علماء کے نزدیک اسم التشریح ہے
شَرَحَ قطعۃ اللحم: تہ پہ تہ چیرڈ ننا ۔۔۔
الشیَٔ: کھول ظاہر کرنا۔
اَنْشَرَحَ۔ صدرہ: خوش ہونا۔
اِنْشَرَحَ۔ کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَرَحَ
اللہُ صَدْرَہ لقبولِ الخیرِ فَانْشَرَحَ" اللہ نے
اس کے سینہ کو قبول خیر کے لیے کشادہ کر دیا
اور وہ کشادہ ہو گیا
الشَّرْحَۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا پارچہ
الشَّرِیْحُ والشَّرِیْحَۃ۔ گوشت کا ٹکڑا
۔ کے گوشت کا دراز ٹکڑا۔ ج شَرَائِحُ۔
الشَّارِحُ۔ فا۔ بیان کرنے والا۔ کھیت کی
پرندوں سے حفاظت کرنے والا۔
المَشْرُوحُ۔ مفع۔ سراب۔
المَشْرَحُ۔ اندام نہانی۔
الشَّرْحَبُ۔ لمبا۔
شَرْحَفَ۔ نہ: آمادۂ جنگ ہونا۔ جلدی کرنا
الشُّرْحُوف۔ دشمن پر حملہ کرنے کے لیے
آمادہ۔
الشِّرْحَاف۔ چوڑا پیکاں۔ چوڑے پھل والا
شَرَخَ (ن) شُرُوخًا۔ الصبیُّ: جوان
ہونا۔ صفت (شارخ) ج شَرْخٌ (جیسے
صاحب کی جمع صحب) ۔۔۔ شَرْخًا وشُرُوخًا
ناب البعیر: دانت نکلنا۔
الشَّرْخُ۔ مص۔ اصل۔ ابتداء جوانی۔
اول امر کسی چیز کا ابھرا ہوا کنارہ۔ مثل۔
ہم عمر۔ کہا جاتا ہے "ہو شرخی" وہ میرا ہم عمر
ہے۔ "ہما شرخان" وہ دونوں ایک جیسے ہیں
شَرْخَا الرحل: کجاوہ کا اگلا و پچھلا حصہ۔ کہا
جاتا ہے "فلان لا یزال بین شرخی رحلہ" یعنی
فلان ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہے۔ سادنٹ کی سال نہ
پیدایش ج شُرُوخ
الشُّرْخُوب۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج شَرَاخِیب
شَرَدَ (ن) شَرْدًا وشُرُودًا وشِرَادًا و

شِرَادًا۔ بدک کر بھاگنا ۔۔۔ علی اللہ: اطاعت
سے نکل جانا۔ صفت (شارِد) ج شُرَّد و (شُرُد)
ج شُرُد مونث شَارِدَۃ ج شَوَارِد و شُرَّد۔ و شوارد
اللغۃ: نوادر کلمات۔
شَرَّدَہ واَشْرَدَہ۔ دھتکارنا۔ بھگانا۔ کہا
جاتا ہے "فلان طَرِیْدٌ مُشَرَّدٌ" فلاں دھتکارا ہوا
بھگایا ہوا ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے "طَرِیْدٌ شَرِیْدٌ"۔
شَرَّدَ بِہِم: جماعت متفرق کر دینا۔ شَرَّدَ
بفلانٍ: لوگوں کو کسی کے عیوب سنانا۔
تَشَرَّدَ۔ القوم: جانا۔
الشَّرِیْد۔ دھتکارا ہوا۔
الشَّرِیْدَۃ۔ الشرید کا مونث۔ چیز کا بقیہ۔
ج۔ شَرَائِد۔
الشَّرْدَاح۔ موٹا ڈھیلے گوشت والا۔
شَرْذَ۔ الجمع: متفرق کرنا۔
الشِّرْذِمَۃ۔ لوگوں کی قلیل جماعت۔ ج
شَرَاذِم و شَرَاذِیم۔ ثیاب شَرَاذِم: پھٹے ہوئے کپڑے
شَرَزَہ (ن) شَرْزًا۔ کاٹنا۔ صفت (شارِز)
ج شُرَّاز۔
شَرَّزَہ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ گالی دینا۔ عذاب دینا
شَارَزَ۔ بدخلق ہونا ۔۔۔ الرجل: جھگڑا کرنا
دشمنی کرنا۔
اَشْرَزَہ۔ سختی و ہلاکت میں ڈالنا۔
الشَّرْز۔ مص۔ قوت۔ سختی و درستی۔ سخت و
درشت۔ جیسے "عذّبہ اللہ عذابًا شَرْزًا" اللہ اس
کو سخت عذاب دے۔
الشَّرْزَۃ۔ اسم مرۃ۔ ہلاکت۔ سختی۔
الشُّرَّاز شارز اسم فاعل کی جمع لوگوں کو
سخت عذاب دینے والے۔
الشِّیْرَاز۔ دہی جس میں سے پانی نکال دیا گیا ہو
ج شَوَارِیز و شَرَارِیز۔
المُشَارِز۔ فا۔ سخت۔ بدخلق۔
المُشْرَز۔ مفع۔ بندھا ہوا۔ سلائے ہوئے کنارہ والا
شَرِسَ (س) شَرَاسَۃ و شَرَسًا و شَرِیْسًا
بدخلق ہونا۔ صفت (شَرِس و شَرِیس و اَشْرَس)

شَرِسَتِ الماشیۃُ: کانٹے دار چھوٹے پودے
ہمیشہ کھانا۔
شَرَسَہ (ن) شَرْسًا۔ سخت کلامی سے جلانا
۔۔۔ الناقۃَ: لگام سے کھینچنا۔
شَارَسَہ مُشَارَسَۃ و شِرَاسًا۔ سخت
معاملگی کرنا۔
تَشَارَسَ۔ القومُ: باہم دشمنی کرنا۔
شَرِسَتْ (س) شَرَاسَۃ) الماشیۃُ:
خوب چرنا۔
الشَّرِس والشِّرْس مص (۔۔۔ والشَّرِس)
کانٹے دار چھوٹے پودے۔
الشَّرْسَاء۔ الشرس کا مونث۔ سفید پتیلا بلو
الشَّرِیْس۔ مص۔ بدنفس۔ بہت جھگڑالو۔
کہا جاتا ہے "لہ نفسٌ شَرِیْسَۃ" اس کے اندر
بدخلقی اور جھگڑا کرنے کی عادت ہے۔ کہا جاتا
ہے "ہو ذو شریس" وہ بدخلق ہے۔ "و قد لان
شریسہ" اس کی بدخلقی نرم پڑ گئی۔ شَرِیْس
الاکل: بہت کھانے والا۔ الشَّرِیْس: شیر۔
ایک بدمزہ پودہ۔
ارض (شَرِیْسَۃ و مُشْرِسَۃ) بہت کانٹے دار
چھوٹے پودوں والی زمین۔
الشِّرَاس۔ مص۔ سریش۔
شَرْسَفَ شَرْسَفَۃً۔ بدخلق ہونا۔
الشُّرْسُوف۔ پسلیوں کا وہ کنارہ جو پیٹ
کی جانب ہوتا ہے۔ بندھا ہوا اونٹ۔ سختی کی
ابتدا۔ مصیبت۔ ج شَرَاسِیف۔
شَرْشَرَ۔ الشیَٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا
کاٹ کر پھاڑنا ۔۔۔ السکین: چھری پتھر پر تیز
کرنا ۔۔۔ الماشیۃُ النباتَ: جانور کا گھاس چرنا
تَشَرْشَرَ۔ منہ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الشَّرْشَر۔ ایک قسم کی بیل جس میں کانٹے
نہیں ہوتے۔ واحد (شَرْشَرَۃ) شواء مُشَرْشَر:
بھنا ہوا گوشت جس سے چربی ٹپکتی ہو۔
الشِّرْشِرَۃ۔ ایک قسم کی گھاس۔ ہر چیز کا ٹکڑا
الشَّرَاشِر۔ نفس۔ تمام بدن۔ اور کہا جاتا ہے

القی علیہ شراشرہ ۰ اس نے اس سے محبت کی
یہاں تک کہ اپنے آپ کو ہلاک کر لیا - بوجھ
شراشر الذنب : دُم کے اطراف -
الشُرشُور - ایک پرندہ جس کو "چڑیش"
بھی کہتے ہیں - ج شراشیر -
شَرَصَہٗ (ن) شَرْصًا کھینچنا -
شَرَصَہٗ و شَرَّصَہٗ بکلامہ : گالی دینا
الشَّرص - مع - سختی - درشتی -
الشِّرص - کنپٹی کے پاس بال گرنے کی جگہ
ج شِرَاص شِرَصَة -
الشَّرِیصَة - خسارہ - ج شَرَائِص -
الشِرواص - ہر چیز کا موٹا اور نرم -
المِشراص - نشتر سے سر کا لوہا جس کو گدھے
کے مونڈھوں کے درمیان آہستہ آہستہ مارتے
تاکہ تیز چلے
المَشْرُوص - مغ - کٹا ہوا -
جَمَل شِرواص - موٹا اور نرم اونٹ -
شَرَطَ (ن ض) شَرْطًا - علیہ فی بیع ونحوہ :
شرط لگانا - الجلد : نشتر مارنا -
شَرِطَ (س) شَرَطًا - کسی بڑے معاملے
میں پھنسنا -
شَرَّطَ الجلد : نشتر لگانا - الشیئَ : باندھنا
شَارَطَهٗ - باہم شرط لگانا -
اَشْرَطَ الابلَ : اونٹ کو فروخت کرنے
کے لیے نشان لگا کر جدا کرنا - الیہ رسولًا :
جلدی ایلچی بھیجنا - نفسہ او مالہ فی امر :
پیش کرنا - نفسہ لکذا : طیار کرنا - آمادہ ہونا
- بالشیئ و فیہ : ہلکا سمجھنا اور شرط لگانا -
تَشَرَّطَ - فی العمل : اچھی طرح غور کرنا - اپنے اوپر
غیر ضروری شرطیں لگانا -
تَشَارَطَا - القوم : ایک دوسرے کے ساتھ
شرط لگانا - تشارطوا علی الشیئ : التزام شرط کرنا
اِشْتَرَطَ - لکذا : شرط لازم کرنا -
اِسْتَشْرَطَ المالُ : درستی کے بعد خراب ہونا
الشَّرط - مع - کسی چیز کا لازم کرنا ج شروط
کمینہ - بیع - ج شُرُط -
الشَّرَط - ن - علامت - ہر چیز کا اول - ہر
چھوٹی نالی - ردی مال - چھوٹے چھوٹے مال -
ج اشراط - الاشراط : رذیل لوگ - شریف لوگ
ضد - کہا جاتا ہے "ہو من شرط الناس من اشرافہم"
وہ رذیل یا شریف لوگوں میں سے ہے -
الشُّرْطَة - شرط جو تم لگاؤ - فوج کا پہلا
دستہ جو میدان جنگ میں آئے - شُرطَۃ کل
شیئ : عمدہ و بہترین - والشُرَطی الشُّرَط
کے واحد میں شرطہ کے معنی والی کے اعوان
و انصار لوگ - اور آج کل کے زمانہ میں کوتوال
کو کہتے ہیں اس وجہ سے کہ وہ ایسی علامت
لگاتے ہیں جس سے وہ پہچانے جاتے ہیں -
الشُّرَط - فوج کا پہلا دستہ جو میدان جنگ
میں حاضر ہو اور موت کے لیے تیار ہو -
الشَّرِیط - شرط - پوست خرما کی بنی ہوئی
رسی جس سے تخت وغیرہ کو باندھیں - ڈبیہ جس
میں عورت خوشبو وغیرہ رکھے - ج شُرُط
الشَّرِیطَة - شرط - پھٹے ہوئے کان والا
اونٹ - ج شرائط -
اَشْرَطُ الناس : رذیل آدمی -
المِشْرَط و المِشْرَاط و المِشْرَطَة - نشتر
ج مَشَارِط و مَشَارِیط
شَرَعَ (ف) شَرْعًا - للقوم : قانون بنانا -
شریعت جاری کرنا - بہ الطریقَ : ظاہر
کرنا - کہا جاتا ہے "شرع اللہ لنا کذا شرعة" یعنی
خدا نے ہمارے لیے بیان کر دیا - الرجل :
حق کو غالب کرنا اور باطل کو مٹانا -
البیتُ : گھر کا کھلے ہوئے راستہ پر ہونا -
- الباب الی الطریق : دروازہ کو کھلے ہوئے
راستہ کی جانب کرنا - الحبلَ : رسی کی گرہ
کو کھول کر دونوں کناروں کو کڑے وغیرہ میں ڈالنا
- الشیئَ : بہت بلند کرنا -
شَرَعَ (ف) شَرْعًا و شُرُوعًا - فی الماء :
پانی میں داخل ہونا یا منہ سے پینا -
- الوارِدُ : پانی کو منہ لگا کر پینا - الماشیةَ :
جانور کو پانی پر لیجانا - الامرَ : کام شروع کرنا -
- فی الامر : کام میں مشغول ہونا - الرمحَ
فشرعت ہی : نیزے کو کسی کی جانب سیدھا
کرنا اور سیدھا ہونا (لازمی و متعدی) -
الطریقُ : راستہ ظاہر ہونا - فلان : کسی کو
پانی پر لیجانا - فلان علینا : قریب ہونا اور
جھانکنا - شرع یضرب : مارنے لگنا (افعال
مقاربہ میں سے ہے)
شَرَّعَ و اَشْرَعَ - الطریقَ : راستہ ظاہر کرنا
- ہ فی الماء : پانی میں داخل کرنا - شَرَّعَ
الحبلَ : رسی کی گرہ کھولنا - شَرَّعَ السفینةَ :
کشتی میں بادبان لگانا - اشرع بابًا الی او علی
الطریق : راستہ کی طرف دروازہ کھولنا - اَشْرَعَ
علیہ الرمحَ : کسی کی جانب نیزہ سیدھا کرنا - اَشْرَعَ
الشیئَ : بہت بلند کرنا -
اِشْتَرَعَ الشریعةَ : قانون بنانا - شریعت
جاری کرنا
الشَّرع - مع - اللہ کے مقرر کردہ احکام - اور
کہا جاتا ہے "شرعک ما بلّغک المحلّ" یعنی تمہارے
لیے اتنا توشہ کافی ہے جو مقصد کی جگہ تک پہنچا
دے - اور یہ اس شخص سے کہتے ہیں جس کو
تھوڑے سے پر قناعت کرنے کے لیے برانگیختہ
کرنا ہو - الشِّرْعُ والشَّرَعُ : مثل - برابر -
کہا جاتا ہے "الناسُ فی ہذا شرعٌ واحدٌ" و "ہم
فی ہذا شرعٌ" یعنی لوگ اس میں برابر ہیں - الشِّرْع
جوتے کا تسمہ -
الشِّرْعَة والشَّرَعَة - تانت کہا جاتا ہے
"شرّبوا علی الشرع" انہوں نے تانت کو پکایا
الشرعة : نظا پرندے کے شکار کرنے کا جال -
شریعت - مثل - پانی کی طرف راستہ - عادت
ج شِرَع شُرُع و شِرَاع
الشِّرَاعَة - کشتی - ج اشرِعة -
الشَّرِیع - بہادر - عمدہ کتان - من اللیف :
درخت خرما کی چھال کے کاٹنے جو تخت ہو گئے ہوں -

الشَّرِيعَة - طریقہ ، اللہ کے مقرر کئے ہوئے احکام - جو گھٹ دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ ج شرائع - نہر الشریعۃ: دریائے اردن۔

الشَّارِع - اسم فاعل مونث شارعۃ - ج شُرَّع و شُرُوع و شوارع - کہا جاتا ہے "ابل شرع وشوارع" پانی میں داخل ہونے والے اونٹ - بیتٌ شارِع: وہ مکان جس کا دروازہ راستہ کی جانب ہو۔ والشارع - ج شوارع - سڑک - عام راستہ - رماحٌ شارعۃ و شوارع: کسی کی جانب سیدھے کیے ہوئے نیزے - الشوارع من النجوم: غروب کے قریب تارے۔

انفٌ اشرع - بہت لمبی والی ناک

الشِّرَاع - ہر وہ چیز جو بلند او لکڑی کی جائے بادبان - تانت جب تک کہ کمان پر لگی ہے - اونٹ کی گردن - کہا جاتا ہے "رجلٌ شراع الانف" لمبی ناک والا مرد - ج اشرعۃ و شُرُع۔

الشَّرَاعَة - دلیری

الشَّرَّاع - عمدہ کتان بیچنے والا۔

الشَّرعی - مطابق شریعت

الشِّرَاعِیّ - من الابل: لمبی گردن والا اونٹ

الشُّرَاعِیّ - من الرماح: لمبے نیزے ایک شخص کی جانب منسوب جس کا نام شراع تھا اور وہ نیزے بنایا کرتا تھا۔

تَثْنِیَةُ الاشتراع - توریت کا پانچواں باب

المَشْرَع والمَشْرَعۃ والمَشْرُعۃ - دریا کے کنارے رہنے والوں کے لیے گھاٹ - ج مشارع -

المُشَرَّع - من البیوت: بلند مکان۔

المَشْرُوع - سیدھا کیا ہوا جس کو شریعت جائز رکھے - والامرُ المشروع: وہ کام جس کو تم شروع کرو۔

شَرْعَبَ - الادیمَ: لمبا کاٹنا۔

الشَّرْعَب - لمبا۔

الشَّرْعَبِیّ - ایک قسم کی چادر - لمبا خوبصورت جسم والا۔

الشُّرْعُوب - ایک قسم کی گھاس۔

الشُّرْعَاف - زیر کھجور کے شگوفے کا پوست

الشُّرْعُوف - ایک قسم کی گھاس۔

الشُّرْغ والشَّرَغ - چھوٹا مینڈک۔

الشُّرْغُوف - ایک قسم کی گھاس - چھوٹا مینڈک۔

شَرَفَہ (ن) شَرْفًا - کسی سے عزت و مرتبہ میں غالب ہونا - صفت مفعولی (مشروف) ـــ الحائطَ: دیوار میں کنگرہ بنانا۔

شَرُفَ (ک) شَرَافَۃً و شَرَفًا دین یا دنیا میں بلند مرتبہ ہونا - صاحب عزت ہونا۔

(شَرُفَتِ النّاقۃُ شُرُوفًا) بوڑھی ہونا۔

شَرِفَ (س) شَرَفًا - بلند ہونا۔

شَارَفَہ - شرافت پر فخر کرنے میں مقابلہ کرنا - شارفَ المکانَ: چڑھنا ـــ الشیءَ: اوپر سے جھانکنا - قریب ہونا۔

شَرَّفَہ - تعظیم کرنا - بزرگی دینا - عزت کرنا - شرّفَ البیتَ: کنگرہ بنانا ـــ المکانَ: چڑھنا۔

أَشْرَفَ - الشیءُ: بلند ہونا - سیدھا کھڑا ہونا ـــ المکانَ: چڑھنا ـــ علیہ: اوپر سے جھانکنا ـــ لک الشیءُ: ممکن ہونا قدرت و طاقت میں ہونا ـــ علی الموتِ: قریب الموت ہونا ـــ علیہ: ڈرنا یا مہربانی کرنا - اَشرَفَتِ الخیلُ: تیز دوڑنا ـــ نفسُہ علی الشیءِ: حریص ہونا اور ہلاک ہونا۔

تَشَرَّفَ - البیتُ: کنگرے دار ہونا ـــ الرجلُ: عزت پانا ـــ بکذا: باعث عزت جاننا ـــ المکانَ: چڑھنا ـــ الشیءَ: ہاتھ سے آڑ کر کے کسی چیز کی طرف نظر اٹھا کے دیکھنا ـــ للشیءِ: جھانکنا ـــ علی الشیءِ: اوپر سے جھانکنا۔

تُشُرِّفَ - القومُ: ذی عزت لوگوں کا قتل کیا جانا۔

إِشْتَرَفَ - سیدھا کھڑا ہونا ـــ

إِسْتَشْرَفَ - سیدھا کھڑا ہونا ـــ الشیءَ: ہاتھ کا آڑ کر کے نظر اٹھا کر دیکھنا - اِستشرفہ حقہ: ظلم کرنا - حق مار لینا ـــ الشاۃَ: عیوب سے سالم لینے کے لیے دیکھ بھال کرنا

الشَّرَف - مص - عزت و بزرگی - شرافت ـــ بلند مکان - ناک - ج أشراف - شرفُ البعیرِ: کوہان - الشرف: شریف کہا جاتا ہے "ہو شرفُ قومہ و کرمُہم" وہ قوم کا شریف ہے

الشُّرْفَۃ - خاندانی شرافت۔

الشُّرْفَۃ - من القصر: کنگرہ - ج شُرَف - والشرفۃ من المال: عمدہ مال - اور کہا جاتا ہے "اُعِدُّ زیارتکم شُرْفَۃً" تمہاری ملاقات کو میں اپنے لیے باعث عزت سمجھتا ہوں۔

الشَّرَفَۃ - شرفات کا واحد - شرفات ان مثلث یا مربع برجیوں کو کہتے ہیں جو دیوار کے بالائی حصہ میں ہوتی ہیں۔

الشَّارِف - فاعل - عنقریب شرف حاصل کرنے والا - سہمٌ شارفٌ: پرانا تیر - دنٌّ شارفٌ: پرانی شراب کا مٹکا ـــ من النوق: بوڑھی اونٹنی - ج شُرَّف و شُرُف و شُرُوف و شُرْف

الشَّارِفَۃ - شارف کا مونث - بوڑھی اونٹنی - ج شارفات و شوارف۔

الشَّوَارِف - شراب کے برتن مٹکا وغیرہ

الشَّارُوف - جھاڑو۔

الشَّرِیف - شرف و عزت والا - ج شُرَفاء و اَشراف مونث شریفۃ - ج شرائف و شریفات - حارکٌ شریفٌ: بلند مونڈھا - اشرافُ الانسانِ: انسان کے ناک کان۔

الأَشْرَف - اسم تفضیل - چمگادڑ - قصر اَشرفُ مونث شرفاء - ج شُرْف: کنگورہ دار یا برجی والا محل - رجلٌ اشرفُ: بلند کاندھے والا مرد - منکبٌ اشرفُ: بلند مونڈھا۔

الشَّرْفَاءُ - اشرف کا مونث ـــ من الآذان: لمبا کان۔

المُشرِفُ مِن الاماکن : بلند جگہ۔
المُشرَفُ : جھانکنے کی جگہ۔ ج مَشارِف
مَشارِفُ الارض : زمین کی بلند جگہیں۔
المَشْرَفِیّ ۔ عرب کے ان دیہاتوں کی طرف منسوب جو مَشارِفُ الشام کے نام سے موسوم ہیں۔ اور اسی سے ہے السیوف للمشرفیۃ ۔ اور بقول بعض السیوف مشرفیۃ یمن کے ایک علاقہ کی طرف منسوب ہیں مَشارِفُ الشام کی طرف نہیں۔
المُستَشرِفُ بلند۔
شَرَقَ (ن) شَرْقًا ۔ الشاۃَ : بکری کے کان کو لمبائی میں چیرنا۔ صفت مفعولی (شرقاء) ـــــ شَرْء بکھیں توڑنا۔
شَرَقَتْ (ن) شَرْقًا و شُرُوقًا ۔ الشمسُ : آفتاب طلوع ہونا ـــــ النخلُ : درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔
شَرِقَ (س) شَرَقًا ۔ بریقہ : اچھو لگنا شَرِقَت عینہُ : آنکھ کا سُرخ ہونا ـــــ لونہُ : شرم کی وجہ سے سُرخ ہونا ـــــ الجرحُ بالدم : زخم کا خون سے بھرنا ـــــ الدمُ فی عینہ : آنکھ میں خون ظاہر ہونا ـــــ الموضعُ باہلہ : جگہ کا لوگوں سے بھر کر تنگ ہونا ـــــ الشمسُ : آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ـــــ الشیُٔ : مخلوط ہونا ـــــ الارضُ : پانی جاری ہونے کے ناقابل ہونا ـــــ الشاۃُ : لمبائی میں چرے ہوئے کان والی ہونا۔
شَرَّقَ : مشرق کی طرف متوجہ ہونا۔ چمکدار خوبصورت چہرے والا ہونا ـــــ اللحمَ : گوشت کے ٹکڑے کرنا اور دھوپ میں خشک کرنا ـــــ البناءَ : چونے وغیرہ سے لیپنا ـــــ الشیَٔ بالزعفران : کسی چیز کو زعفران سے رنگنا
اَشرَقَتِ الشمسُ : آفتاب کا طلوع ہونا۔ چمکنا۔ اَشرَقَ وجہُہ : چمکدار ہونا ـــــ المکانُ : سورج کی چمک سے روشن ہونا ـــــ الرجلُ : طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ اَشرَقَتِ الشمسُ المکانَ : روشن کرنا ـــــ الثوبَ فی الصبغ : گہرا رنگنا۔ اَشرَقَہ بریقہ : اچھو لگنا ـــــ النخلُ : درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا
تَشَرَّقَ : دھوپ میں بیٹھنا۔ دھوپ کھانا
اِنْشَرَقَتْ ۔ القوسُ : کمان کا پھٹنا۔
اِشْرَوْرَقَتْ اِشْرِیْراقًا ۔ العینُ بالدمع : آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سُرخ ہونا۔
الشَّرْقُ مص ۔ آفتاب ۔ آفتاب طلوع ہونے کی جگہ۔ پھٹن اور اسی سے ہے "ما دخل شرقَ فمی شیٌٔ" میرے منہ کے شگاف میں کچھ داخل نہیں ہوا۔ ج شُرُوق ۔ ر ـــــ (الشَّرَق) روشنی جو دروازے کی دراڑ سے داخل ہو۔
الشَّرَقُ مص ۔ آفتاب ۔
الشَّرْقَۃُ ۔ شَرِقَ کا اسم مرۃ ۔ تم کہتے ہو "اخذتہ شرقۃ کاد یموت منہا" اس کو اچھو لگ گیا جس سے وہ مرنے کے قریب ہو گیا جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ ـــــ والشَّرَقۃ : آفتاب جبکہ طلوع ہو
الشَّرِیْقُ ۔ آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ خوبصورت لڑکا۔ ج شُرُق ۔
التَّشْرِیْقُ مص ۔ ایام التشریق عید اضحی کے بعد تین دن اس لیے کہ ان دنوں میں قربانی کا گوشت خشک کیا جاتا ہے۔ التشریقُ : عید کی نماز اس لیے کہ طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
الشَّارِقُ ۔ فا ۔ آفتاب بوقت طلوع ۔ کہتے ہیں "لا اکلمک ما ذرّ شارق" میں تم سے گفتگو نہیں کروں گا جب تک آفتاب طلوع ہو۔ اور کبھی آفتاب کے علاوہ ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کا شرقی جانب ۔ ج شُرَّق ۔
الشَّارُوْقُ ۔ چونہ راکھ ملا ہوا۔
المَشْرِقُ والمَشْرَقُ والمَشْرُقُ ۔ طلوع آفتاب کی جگہ یا جہت ۔ ج مَشارِق
مَشْرِقَۃ والمَشْرَقۃ والمَشْرُقۃ و مِشْراق و مِشْرِیق ۔ جاڑے کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ مِشْرِیقُ الباب : دروازے کی دراڑ جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت روشنی پڑے۔
المُشَرِّقُ وہ شخص جس کی عادت ہو کہ دوسرے کو اچھو لگنے میں مبتلا کرے۔
المُشَرَّقُ ۔ وہ چونہ جو گچ سے بنتا ہو۔
الشِّقِرّاق و الشَّرَقْرَق و الشِّرِقْراق و شِقِرّاق ۔ ایک چھوٹا پرندہ جس کو اخیل بھی کہتے ہیں اور عوام اس کو شُقرُق کہتے ہیں
شَرِکَتْ (س) شَرَکًا النعلُ : تسمہ لٹکنا۔
شَرِکَہُ (س) شَرِکًا و شَرِکَۃً و شِرکۃ و شَرکۃ
شَرَّکَ ۔ النعلَ : جوتہ میں تسمہ لگانا۔
شَرَکَہُ فی امرٍ : کام میں شریک بنانا۔
اَشْرَکَ باللہ : شریک ٹھہرانا۔ شرک کرنا۔ صفت (مُشرِک و مُشرِکی) اور اسم (الشرک) ـــــ النعلَ : جوتہ میں تسمہ لگانا
شَارَکَہ و تَشَارَکا : باہم شریک ہونا۔
اِشْتَرَکَ الامرُ : مشتبہ ہونا۔ اشترک القومُ فی کذا : باہم شریک ہونا۔
الشِّرْکُ ۔ شَرِکَ و اَشرَکَ کا اسم۔ شریک حصہ۔ اور اسی سے ہے "بیع شرکہ من دارہ" اس کے گھر کا ایک حصہ بیچا گیا۔ ج اَشراک
الشِّرْکَۃُ مص ۔ شریک کا حصہ۔ دو یا دو سے زائد حصوں کا آپس میں اس طرح ملنا کہ ایک دوسرے سے ممتاز نہ ہوں۔ اور عقد پر بھی بولا جاتا ہے۔ اگرچہ اختلاط نہ ہو۔
الشَّرَکُ ۔ جال پھندا ۔ ج شُرُک اشراک راستہ پر جانوروں کے قدموں کے نشانات واحد (شَرَکَۃ)
الشِّرَاکُ جوتے کا تسمہ جو پشت قدم پر رہے ۔ زمین پر گھاس کی ایک پٹی ج شُرُک و شُرُک۔
الشَّرِکِیّ والشُّرَکِیّ تیز چال اور کہا جاتا ہے

"لطمہ لطمًا شَرَکِیًّا" اس نے اس کو جلدی جلدی پیاپے طمانچے مارے۔

شَرِیْک۔ ساجھی شریک ج شُرَکاء و اَشْرَاک۔ مونث شَرِیْکَۃ ج شَرَائِک۔

اَلْمُشَارِک۔ ساجھی۔ حصہ دار۔

مُشْتَرَک۔ معنٰی جس میں دو یا دو سے زائد شریک ہوں۔ کہا جاتا ہے "طریق مشترک ورائی مشترک وامر مشترک" لفظ مشترک: جس کے معانی بہت ہوں جیسے لفظ عین۔ ربح مشترک: عکسین وی کی طرح خود بخود بائیں کھینے والا

شَرَمَ (ض) شَرْمًا۔ الشیٔ: پھاڑنا۔ وَ اَنْفَہٗ: ناک کا بانسہ کاٹنا ــــ الشَّرِیْدَ: ثرید کو کناروں سے کھانا ــــ لِفُلَانٍ من مالہ: تھوڑا سا دینا۔

شَرِمَ (س) شَرَمًا۔ کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَم) مونث شَرْمَاء ج شُرْم

شَرَّمَہٗ۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا

تَشَرَّمَ وَ انْشَرَمَ۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تَشَرَّمَ الصَّیْدُ: شکار کا زخمی ہو کر بھاگنا

الشَّرِیْم۔ دانت نکے گوشہ کو چھیدنے والا نشتر۔

الشَّرْم۔ معنٰی کھاڑی سمندر کے پانی کا کوئی حصہ۔ ایک سمرہ درخت ج شُرُوْم۔

الشَّرَمَح۔ دبی و لمبا ج شَرَامِح و شَرَامِحَۃ۔

الشَّرْمَحِیّ۔ تو انا دلی

الشَّرْمَح۔ لمبا۔

شَرِنَ (س) شَرَنًا۔ چیونٹیوں کا پھٹنا

شَرِن۔ شکاف۔

الشَّرَنْبَث و الشُّرَابِث۔ موٹے اور سخت ہاتھوں والا شیر۔

الشَّرْنَق۔ ایک پرندہ۔

جمع و شَرْنَبَاۃ۔ سونی اور لمبی گردن والا اونٹ

الشَّرْنُوع۔ مینڈک

شَرْنَفَ۔ الزرعَ: کھیت کے بڑھتے ہوئے پتوں کو کاٹنا۔

الشِّرْنَاف۔ کھیتی کے بڑھتے ہوئے پتے جو کھیتی کے لیے مضر ہیں۔

الشَّرَنْفَخ۔ بڑے قدم والا۔

شَرْنَقَ۔ الشیٔ: کاٹنا۔

الشَّرَانِق۔ سانپ کی کینچلی جب وہ چھوڑ دے و الشَّرَانِق عند المولدین: ریشم کے کیڑے کا کویا واحد شَرْنَقَۃ۔ اس کو "فیالج" بھی کہتے ہیں جس کا واحد فیلجۃ ہے نیز "شرنق" کہتے ہیں جس کا واحد شرنقۃ ہے۔

شَرِہَ (س) شَرَہًا و شَرَاہَۃً۔ فی الشیٔ وعلیہ: بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِہ و شَرْہَان)

الشَّرْہَاء۔ من السنین: خشک سال۔

شَرْہَفَ۔ الصبیَّ: بچہ کو عمدہ غذا دینا

الشَّرْو والشِّرْو۔ شہد۔

الشِّرْوَال۔ سروال میں ایک لغت ہے بمعنی پائجامہ۔

شَرَی یَشْرِی شِرَاءً و شِرًی۔ الشیٔ: خریدنا بیچنا ــــ اللحمَ او الثوبَ: دھوپ میں خشک ہونے کے لیے ڈالنا ــــ نفسہ عن قومہ آگے بڑھ کر قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے سامنے قوم کی نمائندگی کرنا۔

ــــ ہ۔ بھنھارنا۔ عمگیں کرنا کہا جاتا ہے "فعل بہ ما شراہ" .... یعنی اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اس کو عمگین کیا ــــ اللہ فلانًا: پتی اچھلنے کی بیماری میں مبتلا کرنا۔

شَرِیَ یَشْرَی شَرًی ــــ البرقُ: بجلی کا چمکنا ــــ .... لذاتہ۔ بہت زیادہ ملنا ــــ الرجلُ: غضبناک ہونا .... کرنا ــــ الجلدُ: جسم پر پتی اچھلنا۔ صفت (شَرٍ) ــــ الشر بینہم: برائی پھیلنا ــــ الفرسُ فی سیرہ: تیز دوڑنا ــــ .... الفرسُ ... و الحبوبُ فی زمامہ کھینچنا۔

اَشْرَی۔ الزمامَ: حرکت دینا ــــ الشیٔ: جھکانا ــــ الحوضَ۔ حوض کو بھرنا ــــ البرقُ: بجلی کا تیز چمکنا ــــ بینہم: بھڑکانا ــــ القومُ: خارجی جیسا ہونا یعنی طاعت امام سے نکل جانا۔

شَرَّی۔ اللحمَ او الثوبَ ونحوہا: گوشت یا کپڑے کو دھوپ میں ڈالنا۔

شَارَی مُشَارَاۃً و شِرَاءً۔ الرجلَ: خرید و فروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

تَشَرَّی۔ خریدنا بیچنا

تَشَارَی تَشَارِیًا۔ الرجلان: باہم غضبناک ہونا

تَشَرَّی تَشَرِّیًا۔ متفرق ہونا خارجی سے ہونا۔

اِسْتَشْرَی اِسْتِشْرَاءً۔ الفرسُ فی سیرہ: تیز دوڑنا ــــ الرجلُ فی الامر: اصرار کرنا۔

اِسْتَشْرَتِ الامورُ: بڑا اور دشوار ہونا ــــ الرجلُ: غضبناک ہونا۔

اِشْرَوْرَی اِشْرِیْرَاءً۔ مضطرب ہونا۔

الشَّرْی۔ اندرائن۔ عرب کہا کرتے تھے "لفلانٍ طعمانِ اَرْیٌ و شَرْیٌ" یعنی فلاں میٹھا بھی ہے اور کڑوا بھی۔ سدرخت خرما جو بیج سے لگا ہو۔ واحد (شَرْیَۃ)

الشِّرَاء۔ ج اَشْرِیَۃ و (الشِّرَی) خرید و فروخت

الشَّرَاء۔ طرف۔ جانب۔

الشَّرَی۔ پتی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ۔ راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج اَشْرَاء کہا جاتا ہے "حلوا اشراء الحرم" وہ لوگ حرم کی طرف میں داخل ہوئے۔ الشری: فرات کی جانب شیروں کے رہنے کی ایک جگہ جس کو بطور مثال کے کہا کرتے ہیں۔ (ــــ والشَّرَاۃ) ردی مال یا عمدہ مال۔ کہا جاتا ہے "ابل شراۃ" یعنی عمدہ اونٹ۔

الشَّرِیّ۔ من الخیل: پسندیدہ۔ رفتار میں انتہا کو پہنچا ہوا

الشَرِیَّۃ۔ الشرِی کا مونث۔ طریقہ طبیعت
ردیل۔ وہ عورت جو ہمیشہ لڑکی جنے۔
الشَرَوِی۔ مثل۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع
مذکر مونث سب کے لیے مستعمل ہے۔ کہا
جاتا ہے "ہو وہی وہما وہم وہن شرواک"
یعنی تمہارے مثل ہیں۔ اور کہا جاتا ہے "انہ
لا یملک شَرْوَی نقیر" وہ نقیر کی برابر کسی
چیز کا مالک نہیں۔ نقیری کے لیے بطور
مثال کے بولا کرتے ہیں۔ اور نقیر اس گڑھے
کو کہتے ہیں جو کھجور کی گٹھلی میں ہوتا ہے۔
الشَرْیَان۔ ایک درخت جس کی لکڑی
سے کمان بناتے ہیں۔ اچھلنے والی رگ جس
میں خون دوڑتا ہے۔ ج شَرَایِین۔
الشِریَانات جسم کی باریک رگیں۔
الشَارِی۔ اسم فاعل۔ ج شُرَاۃ زمانہ
حال کے علماء اس کلمہ کو بجلی پر دلالت کے
لیے استعمال کرتے ہیں۔ الشُراۃ: خوارج
المُشتری۔ فا۔ خریدار۔ ایک سیارہ کا
نام۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَرْنَفَ۔ الزرعَ: کھیت کے بڑھے
ہوئے مضر پتوں کو کاٹنا۔
الشِرْنَاف کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے
جو مضر ہوں
شَزَّ (ض) شَزَازَۃً۔ بہت خشک ہونا
صفت (شَزٌّ و شَزِیزٌ)
شَزَبَ (ن) و شَزُبَ (ک) شَزْباً و شُزُوباً
کمزور ہونا یا لاغر و خشک ہونا۔ صفت شَازِب۔ کہا جاتا ہے "رجل شاحب شازب" رنگ بدلا
ہوا لاغر خشک مرد۔ ج شُزَّب و شَوَازِب
شَزَّبَ۔ الفرسَ: گھوڑے کو لاغر کرنا۔
چھریرا بنانا
تَشَازَبَ القومُ علی الماءِ و غیرہ: اپنے حصہ
کا منتظر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ہم متشازبون" وہ
لوگ اپنے حصہ کا انتظار کر رہے ہیں۔
الشَزْبَۃ۔ اسم مرۃ۔ کمان جو نئی ہو نہ

پرانی۔ الشَزِبَۃ من الاُتُن: دبلی پتلی گدھی۔
الشُزْبَۃ: صبر۔ کہا جاتا ہے "ضعفت
شُزْبَتُہ" اس کی ہمت کا موقع نکل گیا۔
الشَّزِیب لکڑی جس کی اصلاح ابھی نہ
ہوئی ہو۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ پرانی۔ ج شُزُب
الشوزب علامت
شَزَرَ (ض) شَزْراً۔ الرجلَ و الیہ: غصہ میں
ترچھی نظر سے دیکھنا۔ ۔۔۔ فلاناً: دائیں بائیں
نیزہ مارنا۔ نظر لگانا۔
شَزَرَ (ن) شَزْراً و اسْتَشْزَرَ الحبلَ:
رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ الحبلُ: رسی کا بٹ جانا۔
اِسْتَشْزَرَ الشیءَ: مضبوط کرنا ۔۔۔ الشیءُ: بلند ہونا۔
اَشْزَرَہٗ۔ اللہُ: ایسی مصیبت میں پھنسانا
جس سے رہائی ممکن نہ ہو۔
تَشَزَّرَ غضبناک ہونا ۔۔۔ للقتال: آمادہ جنگ ہونا
شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً دشمنی کرنا۔
الشَّزْرُ۔ مصدر۔ سوداری۔ کہا جاتا ہے
"غزل شَزْرٌ" الٹا بٹا ہوا سوت۔
الشَّزَرُ و الشُّزْرَۃ آنکھ کی سرخی۔
الاَشْزَرُ۔ سرخ۔ عین شزراء: غصہ
کی وجہ سے سرخ آنکھ۔
شَزَنَ (س) شَزَناً۔ الرجلُ: چست ہونا
تَشَزَّنَ۔ الشیءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا
۔۔۔ لہ فی الخصومۃ: جھگڑے میں سختی برتنا
۔۔۔ للسفر: سفر کی تیاری کرنا۔ سامان کرنا
(۔۔۔ تشزناً و تشزیناً) الرجلَ: پچھاڑنا۔
۔۔۔ الشاۃَ: ذبح کرنے کے لیے لٹانا۔
الشَّزْنُ۔ جوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزَنُ و الشَّزَنُ۔ سختی۔ جانب
دوری زمین کی سختی ۔۔۔ من العیش: زندگی
کی سختی۔ الشِزْن: جوسر وغیرہ کھیلنے کا مہرہ
الشُزُنَّۃ من النساء: بخیل عورت۔
الشُزُونۃ۔ سختی۔
شَزَا یَشْزُو شَزْواً۔ بلند ہونا۔
شَسَّ (ض) شُسُوساً۔ الشیءُ: خشک

ہونا۔
الشَّسُّ۔ ضعیف و خشک
الشَسِیس سوکھی زمین جو بہت پتھریلی ہو
[illegible] ج شِسَاس [illegible]
شَسَبَ (ض) شُسُوباً۔ شَسِبَ
شُسُوباً خشک و لاغر ہونا [illegible]
ج شُسُب۔
الشَسْب و الشَسِیب من القسی: کمان
جس کی لکڑی پتلی ہو۔
الشَشُوب من النوق: اونٹنی جس کا
بچہ سردی میں مرجائے اور پھر دودھ نہ دے
شَسَعَ (ف) شَسْعاً و شُسُوعاً المنزلُ:
دور ہونا۔ صفت (شاسِع)۔ ج شُسَّع،
[illegible] ۔۔۔ شسعاً و شسّع، شسّع:
النعلَ: جوتے کے لیے تسمہ بنانا
اَشْسَعَ۔ الشیءَ: دور کرنا
تَشَسَّعَ [illegible] جوتے کا
تسمہ ٹوٹنا ۔۔۔ الفرسُ: گھوڑے کے ثنایا و
رباعیہ دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔
[illegible]
الشِّسْع: جوتی کا تسمہ۔ کہا جاتا ہے "ادنی
من شسع" جوتی کے تسمہ سے بھی قریب۔
تنگ زمین کسی جگہ کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "نزل
بشسع من الوادی" وہ وادی کے کنارے پر
اترا۔ تھوڑا سا [illegible] اور کہا جاتا
ہے "ہو شِسْعُ مال" وہ مال کا انتظام کرنے والا
ہے۔ ج اَشْسَاع۔
شَسَفَ (ن) شُسُوفاً (ک) شُسُوفۃً
شَسَافَۃً و شُسَافۃً [illegible]
صفت (شاسِف و شَسِیف)
الشَّسْف خشک روٹی کی ٹکیہ
الشَّسَف کچی کھجور چیر کر خشک کی ہوئی
الشَّسِیف وہ شخص جو لاغری کی وجہ سے
خشک ہو گیا ہو۔
الشَّوشَب [illegible]

شَصَّتْ (س، ض) شُصُوصًا و
شِصَاصًا - النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت کم
دودھ والی ہونا — المعیشةُ: تنگ گزران
ہونا — الرجلُ: دور ہونا - کہا جاتا ہے "ما
ادری این شَصَّ" میں نہیں جانتا وہ کہاں گیا -
شَصَّہٗ (ن) شَصًّا و اَشَصَّہٗ عن کذا:
منع کرنا - دور کرنا - ہٹانا - اَشَصَّ الرجلُ: دور
چلا جانا - اَشَصَّتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا کم دودھ
والی ہونا - صفت شَصُوص - مُشِصّ نہیں کہتے
الشِّصّ - مشاق چور - ج شُصُوص -
(— و) الشَّصّ: مچھلی شکار کرنے کا کانٹا -
جس کو "بنسی" بھی کہتے ہیں - ج شُصُوص
الشَّصُوص من النوق والشیاه: کم
دودھ والی اونٹنی یا بکری - ج شَصَائص و
شَصَائص و شِصَاص - سنة شَصُوص:
خشک سال - کہا جاتا ہے "نفی اللّٰہ عنک
الشَّصائص" اللہ تمہاری سختیوں کو دور
کرے -
شَصَبَ (ن) شُصُوبًا و شَصِبَ (س)
شَصَبًا - العیشُ: تنگ گزران ہونا -
صفت (شَاصِب) — الامرُ: دشوار
ہونا — المکانُ: قحط زدہ ہونا -
شَصَبَ (ن) شَصْبًا - الشاةَ: بکری
کی کھال اتارنا -
اَشْصَبَ - اللہُ عیشَہٗ: تنگ گزران کرنا
الشِّصْب - سختی - قحط - خشک سالی - جمع
- اَشْصَاب -
الشَّصَب والشُّصْب - خشکی -
الشَّصِیْب - کھال اتری ہوئی بکری
مذ "شَصِیْب" دشوار و تنگ گزران - زندگی -
الشَّصِیْب - حصہ - مسافر -
الشَّصِیْبَة - سختی و خشک سالی -
کنوئیں کی گہرائی - ج شَصَائب - الشِّصَاب
پالان کی لکڑی -
الشَّصَّاب - قصاب

الشَّیْصَبَان - چیونٹا یا اس کا سوراخ
جنوں کا ایک قبیلہ - شیطان کا نام -
شَصَرَ (ن) شَصْرًا - الثوبَ: کپڑے کو
دور سینا - سگرانا — فلانًا بالرمح: کسی کو
نیزہ مارنا — ہ الثورُ: بیل کا سینگ مارنا
الشَّصَر - ہرن کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے
اور حرکت کرنے لگے - مونث شَصَرَة - ایک
چھوٹا پرندہ - ج اَشْصَار -
الشَّاصِر - فا - شَاصِر من الظباء: ہرن
کا بچہ جبکہ قوی ہو جائے اور حرکت کرنے
لگے - مونث شاصرة ج شَوَاصِر - الشَّاصِرَة:
درندوں کے لیے ایک جال -
الشَّوْصَر - من الظباء: ہرن کا بچہ جبکہ
قوی ہو جائے اور حرکت کرنے لگے -
الشِّصْیَر - کانٹے کی چبھن -
شَصَا یَشْصُو شُصُوًّا و شَصِیَ یَشْصَی
شَصْیًا - العبدُ: آنکھ کا پھر جانا — السحابُ:
: دل کا بلند ہونا — قِرْبَةٌ: مشک کا خوب
اچھی طرح بھر جانا — میتٌ: میت کے ہاتھ
پیروں کا اکڑ جانا - کہا جاتا ہے "شَصَا برجلہ"
اس نے اپنی ٹانگ اٹھائی -
اَشْصَی - بَصَرَہٗ: ٹکٹکی لگانا - نگاہ اٹھانا -
الشَّصُو - سختی - مسواک -
شَطَّ (ن، ض) شَطًّا و شُطُوطًا - دور ہونا
— فلانٌ: دور کرنا - ظلم کرنا
شَطَّ (ض) شَطَطًا - زیادتی کرنا - حق سے
دور ہو جانا — علیہ: ظلم کرنا
— فی سومہ: حد سے تجاوز کرنا
اَشَطَّ اِشْطَاطًا و شَطَّطَ تَشْطِیطًا
زیادتی کرنا - حد سے تجاوز کرنا - حق سے دور
جا پڑنا — علیہ: ظلم کرنا -
تَشَطَّطَ - زیادتی میں مبالغہ کرنا -
شَاطَّہٗ - زیادتی کرنے میں مقابلہ کرنا -
الشَّطّ - م - دریا یا سمندر کا کنارہ ج شُطُوط
و شُطَّان - کوہان کی ایک جانب - ج شُطُوط -

الشَّطَّة - اسم مرة - جاریة شَطَّة: سڈول
بدن والی لونڈی -
الشَّطَة والشَّطَاطَة و الشَّطَاط و
الشِّطَاط - دوری - الشَّطَاط و الشِّطَاط:
قد و قامت کی خوبصورتی اور اعتدال -
الشَّاطّ - فا - (ض) شَاطّ: سڈول بدن والا
مرد - مونث شَاطَّة -
شَطَأَ (ف) شَطْأً و شُطُوءًا - کنارہ پر
چلنا — الدابةَ بالحمل: جانور پر بوجھ لادنا
— فلانًا: مغلوب کرنا — الامُّ بالولد: بچہ
گرا دینا (— و اَشْطَأَ) الزرعُ: کھیتی میں
خوشہ نکلنا - اَشْطَأَ الشجرُ بغصونہ: درخت میں
ٹہنی نکلنا - اَشْطَأَ الرجلُ: زکام والا ہونا -
اشطأ الوادی: دونوں کناروں پر بہنا -
کہتے ہیں "لما لوادی کذا فوجدنا مُشْطِئًا" ہم
فلاں وادی کی طرف متوجہ ہوئے تو اس کو
دونوں کناروں سے بہتا ہوا پایا -
شَطَّأَ تَشْطِئَةً - النہرُ: دونوں کناروں
پر بہنا -
شَاطَأَہٗ - ایک دوسرے کے ساتھ دریا
کے کنارے پر چلنا
الشَّطْءُ - کنارہ - ج شُطُوء - (والشَّطْأَة)
کھیتی کے پتے یا خوشہ - درخت خرما کے پودے
— من الشجر: شاخیں جو درخت کی جڑ میں
نکل آئیں - ج اَشْطَاء -
الشُّطْأَة - زکام -
الشَّاطِئ - فا — من النہر: جانب - نیز
کہتے ہوئے [illegible] اس کی جمع نہیں آتی
— من البحر: کنارہ - ج شَوَاطِئ و شُطْآن -
شَطَبَ (ن) شَطْبًا - الشیءَ: لمبا کاٹنا یا چیرنا -
— ہ و شَطَبَ فوقہ: لکیر کھینچنا — الرجلُ:
دور ہونا — عنہ: اعراض کرنا - ہٹنا — الرمحُ
عن مقتلہ: نیزے کا خطا کرنا -
شَطَّبَہٗ - جسم میں عمل تشریح کرنا -
تَشَطَّبَ - کٹنا - (— و اِنْشَطَبَ) الماءُ و نحوہٗ: بہنا -

الشَّطْب ـ مذ ـ لمبا خوبصورت قد و قامت والا ـ درخت خرما کی تر و سبز شاخ ـ ج شُطُوب ـ

الشَّطْبَة ـ من النخل : کھجور کی سبز شاخ ـ تلوار ج شُطَب ـ لکیر جو غلط تحریر پر کھینچ دی جائے (ـــ والشَّطْبَة) بھی خوبصورت لڑکی ـ اچھے گوشت والا گھوڑا ـ

الشُّطْبَة و الشُّطَبَة و الشِّطْبَة ـ تلوار وغیرہ کے پھل کی دھاری ـ ج شُطَب ـ

الشَّطِيبَة ـ اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا جو لمبا کاٹ لیا گیا ہو ـ جیسے شَطَائِب ـ

الشَّطَائِب : مختلف فرقے ـ سختیاں ـ

سَيْفٌ مَشْطُوبٌ و مُشَطَّبٌ ، دھاری دار تلوار ـ رَجُلٌ مُشَطَّبٌ : وہ شخص جس کے چہرہ میں تلوار وغیرہ کی ضرب کا نشان ہو ـ

شَطَرَ (ن) شَطْرًا ـ الشَّيْءَ : دو برابر حصوں میں کرنا ـــ بَيْتَ الشِّعْرِ : شعر کا نصف حذف کرنا ـــ الناقۃ و الشاۃ : ایک جانب کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا ـ اور کہتے ہیں شطر شطرہ اس نے اس کی جانب کا قصد کیا ـ

شَطَرَتْ (ن) شُطُورًا ـ النَّاقَةُ : اونٹنی کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا ـ شَطَرَ بصرہ : اس طرح دیکھنا کہ تمہاری طرف بھی نظر رہے اور دوسرے کی جانب بھی ـــ الدارُ : دور ہونا (ـــ شَطَارَةً) شوخ و بیباک ہونا ـ چالاک و خبیث ہونا ـــ شُطُورًا و شُطُورة و شَطَارَةً) عنہم : جدا و بعید ہونا ـــ علی اَہلہ : خباثت اور کمینگی کی وجہ سے موافقت چھوڑ دینا ـ ـــ الیہم : متوجہ ہونا ـ

شَطُرَ (ک) شَطَارَةً : شوخ و بیباک ہونا چالاک و خبیث ہونا ـ (ـــ شُطُورَةً) الناقۃ : اونٹنی کے ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا یا ایک پستان خشک ہونا ـ

شَطَّرَ ـ الشَّيْءَ : دو حصوں میں تقسیم کرنا ـ ـــ الشِّعْرَ : شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھا دینا (مولّدہ) ـــ الناقۃ و بالناقۃ : اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا

شَاطَرَهُ ـ مالہ : آدھا آدھا تقسیم کر لینا ـــ فلانًا : کسی کے گھر کے متصل گھر والا ہونا ـــ الناقۃ : اونٹنی کے ایک طرف کے تھن کو دوہنا دوسرے کو چھوڑ دینا ـ

الشَّطْر ـ مذ ـ جز ـ نصف ـ اسی سے ہے "شطر بیت الشعر" شعر کا نصف واحد دوری جہت ـ جانب ـ اور اسی سے ہے "شطر شطرہ" وولی وجہک شطر مسجد اپنے چہرہ کو مسجد کی جانب پھیرو ـ ج اَشْطُر و شُطُور ـ ناقہ کے تھن کے دو حصے ہوتے ہیں دو اگلے اور دو پچھلے ـ ہر دو تھنوں کو شطر کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدَّهْرَ اَشْطُرَهُ" یعنی اس نے تجربہ کیا ، زمانہ کے خیر و شر کو وہ پہچان گیا ـ اور مثل عرب ہے کہ "احلب حلبا لک شطرہ" یہ ایسا عمل ہے جس میں فریقین کا نفع ہے ـ

الشَّطْرَة ـ اسم نوع ـ اور کہا جاتا ہے "ولدت فلانۃ شطرۃ" یعنی فلاں کی اولاد نصف مذکر اور نصف مونث ہے ـ

شَطْرَان ـ صرف نصف تک بھرا ہوا مونث شَطْرَى ـ

الشَّاطِر ـ فا ـ شوخ و بیباک ـ چالاک و خبیث ج شُطَّار ـ

الشَّطُور ـ من النعاج او النوق : بھیڑ یا اونٹنی جس کے ایک جانب کا تھن لمبا ہو ـ یا ایک جانب کا تھن خشک ہو گیا ہو ـ ثَوْبٌ شَطُورٌ ـ کپڑا جس کی ایک جانب دوسرے سے لمبی ہو ـ دارٌ شَطُور : دوسرے مکانوں سے علیحدہ مکان ـ

الشَّطِير ـ دور اکیلا ـ مسافر ـ اجنبی ـ ج شُطُر او شَطِير : آدھا ـ کہا جاتا ہے "ہذا شطرہ و شطیرہ" یہ اس کا آدھا ہے ـ جیسے کہا جاتا ہے "ہذا نصفہ و نصیفہ"

المَشْطُور ـ مفعو ـ چٹنی لگی ہوئی روٹی ـــ من رجز : فن عروض کی اصطلاح میں بحر رجز کے چھ اجزاء سے تین جز حذف کیا ہوا ـ

المُشَاطِر ـ ہمسایہ کہا جاتا ہے "ہم مُشَاطِرُونَا" ان کے گھر ہمارے گھر سے متصل ہیں ـ

الشِّطْرَنْج ـ ایک مشہور کھیل ہے ـ سنسکرت لفظ چترانگ کا معرب ـ اس میں چھ قسم کے مہروں سے کھیلتے ہیں جو شاہ ، وزیر ، فیل ، اسپ ، رخ اور پیدل کہلاتے ہیں ـ ج شطرنجات ـ

شَطَسَ (ن) شَطْسًا ـ فی الارض : سفر کرنا

الشَّطْس ـ مص ـ چالاکی ـ

الشُّطْس و الشُّطَسَة ـ مؤ لغت ـ دشمنی ضد و ـ

الشَّطِس ـ ہر حرف کو جاننے والا حکم کے خلاف چلنے والا ـ

شَطِعَ (س) شَطَعًا ـ الرجلُ : مریض وغیرہ کی وجہ سے گھبرا اٹھنا ـ

شَطَفَ (ن) شَطْفًا ـ الرجلُ : جانا اور دور ہونا ـــ عن الشَّيْءِ ، ہٹنا ـــ الثوب و غیرہ ، کپڑا وغیرہ دھونا ـ

سَهْمٌ شَاطِفٌ ، نشانہ سے خطا کرنے والا تیر ـ نِيَّةٌ شَطُوفٌ ، ارادہ بعیدہ بے پایاں

الشُّطْفَة ـ من الشَّيْءِ : ٹکڑا ـ ج شُطَف ـ

شَطَمَ (ن) شَطْمًا ـ امرأتہ : جماع کرنا

شَطَنَ (ن) شَطْنًا ـ مخالفت کرنا ـ دور کرنا ـ رسی سے باندھنا شطن فی الارض : داخل ہونا ـ (ـــ شُطُونًا) الدار : دور ہونا ـــ الرجلُ : حق وغیرہ سے دور ہونا ـ

اَشْطَنَهُ ـ دور کرنا ـ

شَيْطَنَ شَيْطَنَةً و تَشَيْطَنَ ـ شیطانی فعل کرنا

الشَّاطِن ـ فا ـ خبیث ـ حق سے دور ہونے والا ـ

الشَّطَن ۔رسّی ۔ج اَشطان ۔
بئرٌ شَطُون: زیادہ گہرا کنواں ۔ حَربٌ شَطُون:
بہت سخت جنگ ۔ نِیَّۃٌ شَطُون: ارادہ بعید
رُمحٌ شَطُونٌ: لمبا ٹیڑھا نیزہ ۔
الشَّاطِن ۔ دور ۔
الشَّیطان ۔ج شَیاطین: دیو ۔ ہر سرکش
و نافرمان (آدمی ہو یا جن یا جانور) اور اسی
سے ہے "شَیاطینُ العرب" عرب کے سرکش و
نافرمان لوگ ۔ سانپ ۔ شَیطانُ الفلاۃ ۔ اس
حُمّٰی یا الشیطان: ترمرے یعنی وہ چیز جو گرمی
کے دنوں میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا
میں معلوم ہوتی ہے ۔ اور کہا جاتا ہے "رکبہ شیطانہ"
یعنی وہ غضبناک ہوا ۔ "شَیاطینُ الرّمح" غصے
کا جوش ۔
المُشَطَّنَۃ ۔ اونٹ کے جوڑ کا داغ ۔
المُشَاطِن ۔ ڈول کو دو رسیوں سے
کھینچنے والا ۔
شَطِیَ (س) شَطًی ۔ المیت: میت کے
ہاتھ پیروں کا اکڑ جانا ۔
شَظّی تَشظیۃً ۔ الشاۃ: کھال اتارنا
اور گوشت کو جدا جدا کرنا
اِنشَظی ۔ الشیئ: پراگندہ و متفرق ہونا
شَظَّ (ن) شَظًّا ۔ الامر: دشوار ہونا ۔
سختی میں ڈالنا ۔ (ـــ و شَظَظ و شُظّ)
القومَ: پراگندہ و متفرق کرنا ۔ دھتکارنا ۔ شَظَّ
وَاَشَظَّ الجوالق: ٹیڑھے سرے کی لکڑی کو بورے
کے دونوں گوشوں میں باندھنا ۔
الشَّظّ ۔مص ۔ دن کا بقیہ ۔ج اَشظاظ ۔
الشِّظاظ ۔ ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے
کے دونوں گوشوں میں داخل ہو ۔ج اَشِظَّۃ
الشَّظِیظ ۔ بندھا ہوا بورا ۔ چری ہوئی
لکڑی ۔ج اَشظاظ ۔ کہا جاتا ہے "طاروا شَظاظًا
او شَظاظًا" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے ۔
شَظِفَ (س) شَظَفًا ۔ العیشُ: تنگ
گزران ہونا ۔ ـــ الرجلُ: تنگ زندگی والا ہونا ۔

صفت (شَظِفٌ) العیشُ ۔ شَظِفَت یدہ:
سخت اور کھردرا ہونا ۔ ـــ السہمُ: تیر کا
کھال اور گوشت کے درمیان داخل ہونا ۔
(ـــ و شَظُفَ (ک) شَظافۃً) الشجرُ: سخت
ہونا ۔ صفت (شَظِیف)
شَظَفَہ (ن) شَظْفًا ۔ عن کذا: منع کرنا ۔
روکنا ۔
الشَّظَف ۔مص ۔ج شِظاف و
(الشَّظاف) تنگی و سختی ۔
الشِّظاف دوری
الشَّظِف ۔مص ۔ لاٹھی کی پھٹن
۔ الشَّظِف ۔ خشک روٹی ۔ کھونٹی کی مانند
لکڑی کھپٹی ۔ج شَظِفٌ
الشَّظِف ۔ بدخلق ۔ بڑا جنگجو ۔ عودٌ شَظِف:
ٹوٹی ہوئی لکڑی ۔ اَرضٌ شَظِفۃ: سخت و
خشک زمین ۔
المَشظَف ۔ بے ارادہ تعویض کرنے والا ۔
الشَّنبَظَر و الشَّنبَظِی ۔ لمبا تاور
جوان (گھوڑا یا اونٹ یا آدمی) مونث
شَنبَظۃ ج شَناظِمۃ ۔ الشَّیظم: بوڑھا سہی ۔
شیر ۔
شَظِیَ (س) یَشظَی شَظًی پھٹنا ۔ ـــ القوم:
متفرق ہونا ۔
شَظی یَشظی شَظیًا ۔ الشاۃُ: خوب اچھی
طرح بھر جانا ۔ ـــ المیتُ: میت کے ہاتھ
پیروں کا اکڑ جانا ۔
شَظّی تَشظیۃً ۔ القومَ: متفرق کر دینا ۔
ـــ الفرسَ: گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا ۔
اَشظی ۔ ۔ گھٹنے کی باریک ہڈی پر مارنا ۔
تَشَظّی ۔ پھٹنا ۔ متفرق ہونا ۔ ـــ العودُ:
ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔
اِنشَظی ۔ پھٹنا ۔
الشَّظی ۔مص ۔ دست یا زانو کی پتلی اور چھوٹی
ہڈی ۔ یا ان میں کے چھوٹے چھوٹے پٹھے قوم
کے پیرو ۔ اجنبی لوگ جو قوم میں داخل ہو جائیں ۔

الشَّظِیَّۃ ۔ کمان پنڈلی کی ہڈی ۔ لکڑی ہڈی
وغیرہ کا ٹکڑا ۔ج شَظایا و شَظی
الشَّظِیَّۃ ۔ پتھر کا بڑا ٹکڑا جو پہاڑ سے ایک
طرف کو نکلا ہوا ہو ۔
شَعَّ (ض) شَعًّا و شَعاعًا ۔ الماءُ: بکھرنا ۔
پھیلنا ۔ (ـــ شَعًّا و شَعِیعًا) جلدی کرنا ۔
شَعَّ (ن) شَعًّا و شَعاعًا الماءَ: بکھیرنا
کہا جاتا ہے "شَعَّ الغارۃَ علیہم" ہر طرف سے لوٹ
ڈالنا ۔
اَشَعَّ اِشعاعًا ۔ الماءَ و نحوہ: بکھیرنا ۔ ـــ
الشمسُ: شعاع پھیلنا ۔ ـــ الزرعُ: کھیتی میں
خوشہ نکلنا ۔ ـــ السنبلُ: دانوں سے پُر ہونا ۔
اِنشَعَّ ۔ الذئبُ فی الغنم ۔ بھیڑیے کا بکریوں میں
تباہی ڈالنا
الشَّعّ ۔ مکڑی کا جالا ۔ شَعُّ الشمس: آفتاب
کی کرن ۔
الشُّعاع ۔ آفتاب کی کرن ۔ج اَشِعّۃ و شُعُع
و شِعاع
الشَّعاع ۔مص ۔ خون وغیرہ کا بکھرنا ۔ ہلکا سا ۔
ـــ من اللبن: زیادہ پانی ملا ہوا دودھ ۔ ہر
بکھری ہوئی چیز ۔ کہا جاتا ہے "ضربتُ بالعصا
علی الحائط فتطایرت شَعاعًا" میں نے لاٹھی
کو دیوار پر مارا جس کی وجہ سے لاٹھی کے چھپٹر
اڑ گئے ۔ "ذہبَ القومُ شَعاعًا" قوم بکھر گئی ۔
"طارَ قلبُہ شَعاعًا" اس کا دل غموں کی وجہ سے
پراگندہ ہو گیا ۔ "وطارت نفسُہ شَعاعًا" خوف
وغیرہ کی وجہ سے اس کا جی پراگندہ و پریشان
ہو گیا ۔
شَعاعُ السنبل و شَعاعۃ و شُعاعۃ
و شَعۃ: خوشہ کا خشک کانٹا جب تک کہ
خوشہ پر رہے ۔
الشَّعّ و الشَّعیع ۔ جلدی ۔ والشَّعّ من
کل شیئ: بکھری ہوئی ۔
شَعَبَ (ف) شَعبًا ۔ الشیئَ: جمع کرنا ۔ متفرق
کرنا ۔ درست کرنا ۔ بگاڑنا ۔ ضد ۔ پھاڑنا ۔

— الشیَٔ: ظاہر ہونا — القومُ: متفرق ہونا — الرجلُ: مرنا۔ شَعَبَتْہُ المَنِیَّۃُ: اچانک ہلاک کرنا — فلاناً: مشغول کرنا — اللجامُ الفرسَ: لگام کا گھوڑے کو روکنا اور دوسری طرف کو پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "اِشْعَبْ لی شُعْبَۃً من المال" یعنی مال میں سے ایک حصہ مجھ کو دو۔ شَعَبَ اِلَی القومِ: اپنے ساتھیوں کو چھوڑ کر قوم کی طرف مائل ہونا — الامیرُ رسولاً الی موضعِ کذا: پیغامبر بنا کر بھیجنا۔

شَعِبَ (س) شَعَباً۔ الرجلُ او الثورُ: کندھوں اور سینگوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔

شَعَّبَ واَشْعَبَ۔ عنہ: ہمیشہ کے لیے جدا ہونا۔ اَشْعَبَ الرجلُ: مرنا۔

شَاعَبَ۔ وشاعبتْ نفسُہ: مرنا۔ شاعبَ الحیوۃَ: ہلاک کرنا — صاحبَہ: دور ہونا۔

تَشَعَّبُوا: متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزرعُ: شاخوں والی ہونا — النہرُ: متفرق شاخیں نکلنا — عنہ: دور ہونا۔ تَشَعَّبَتْہم الفتنۃُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ الشجرۃِ: متفرق شاخیں پھیلنا — الشیُٔ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ۔ عنہ: دور ہونا — اغصانُ الشجرۃِ: جڑ سے شاخیں نکلنا — الطریقُ او النہرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرجلُ واِنْشَعَبَتْ نفسُہ: مرنا — الشیُٔ: درست ہونا۔ اِنْشَعَبَ بِالقولِ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشَّعْبُ۔ مع۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "ہما شَعْبانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُہُم" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوب

الشُّعُوبِیَّۃُ۔ وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد شُعُوبِیٌّ

الشِّعْبُ۔ پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ درہ۔ گروہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَاب اور کہتے ہیں "شَغَلَتْ شِعَابِی جدوای" یعنی اہل وعیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر احسان کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَبُ۔ مص۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَۃُ۔ فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَب وشِعَاب وشُعُبَات۔ شُعَبُ الدہرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعْبَۃُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کے لیے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ الیدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفرسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجسمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا رِجْلٍ: پاؤں کا اگلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "ہذہ مسألۃ کثیرۃ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَانُ۔ قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ ج شَعْبَانَات وشَعَابِیْن۔ کلمہ غیر منصرف ہے۔

شَعُوبُ۔ موت کے لیے علم ہے اور غیر منصرف ہے۔

الاَشْعَبُ۔ جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ پھیلے ہوئے سینگ والا۔ مونث شَعْبَاء ج شُعْب۔

الشَّعَّابُ۔ شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَۃ) ہے۔

الشَّعِیْبُ۔ کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج شُعُب۔

الشَّاعِبَانِ۔ دونوں کندھے۔

مَشْعَبٌ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "ہذا مَشْعَبُ الحقِ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب۔

المِشْعَبُ۔ سوراخ کرنے کا آلہ ج مَشَاعِب۔

المُشَعَّبُ۔ درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ۔ شعبدہ بازی کرنا۔ بازیگری کرنا

شَعِثَ (س) شَعَثاً۔ الامرُ: پراگندہ ہونا — شَعَثاً وشُعُوثَۃً۔ الشعرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا

شَعَّثَ۔ الشیَٔ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا — الخبزَ: خبر پہنچانا — من فلانٍ: چشم پوشی کرنا — منہ شیئاً: لے لینا۔ نکال لینا — عنہ: مدافعت کرنا — من الطعامِ: تھوڑا کھانا — الشاعرُ: شعر میں تشعیث جاری کرنا۔ (تشعیث علم عروض کی اصطلاح میں "فاعلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک کے حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے)

تَشَعَّثَ۔ پراگندہ ہونا۔ بکھرنا — من الطعامِ: تھوڑا کھانا — الشعرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا — الشعرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔

الاَشْعَثُ چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مونث شَعْثَاء ج شُعْث۔

الشَّعْثُ۔ پراگندگی معاملہ

الشَّعَثُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰہُ شَعَثَہُم" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔

الشَّعِثُ والشَّعْثَانُ۔ چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔

شَعَرَ (ن) شَعْراً وشَعَراً۔ الثوبَ: کپڑے میں بال بھرنا — الرجلُ: شعر کہنا — لفلانٍ: کسی کے لیے شعر کہنا۔

شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْراً وشَعْراً وشِعْرَی وشُعْرَی وشِعْرَی وشِعْرَۃً بتثلیث الشین وشُعُوراً وشُعُورَۃً ومَشْعُوراً ومَشْعُورَۃً ومَشْعُوراً د۔ بہ: جاننا۔ محسوس کرنا — لہ: سمجھنا

شَعِرَ (س) شَعَراً۔ زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔

شَعَرَ ۔ الجنینُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ۔۔۔ الثوبَ ونحوہ: کپڑے میں بال بھرنا۔

أَشْعَرَ ۔ الجنینُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ۔۔۔ الثوبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ۔۔۔ ہ الامرَ وبالامرِ: جتا دینا خبر دینا ۔۔۔ ہ الشعارَ: شعار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا اور کہا جاتا ہے "اشعرَ الھمُّ قلبی" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا ۔ اشعرہ بکذا: چپکانا ۔۔۔ القومُ: اپنے لیے خاص علامت مقرر کرنا ۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا ۔۔۔ امرَ فلان: مشہور کرنا ۔ الرجلَ: بُرے نام سے مشہور کرنا ۔۔۔ ہ فتنۃً: عذاب لینا۔

شَاعَرَہ فشعرہ ۔ شعروں میں غالب ہونے کے لیے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا

أُشْعِرَ ۔ الملکُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا

تَشَعَّرَ ۔ الجنینُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ ۔ بتکلف شاعر بننا۔

اِسْتَشْعَرَ ۔ الجنینُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ۔ الشعارَ: پہننا ۔۔۔ القومُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا ۔۔۔ بالثوب: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا کہا جاتا ہے "استشعر خوفَ اللہ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لیے شعار بنا لو

الشَّعْرُ والشَّعَرُ ۔ بال ۔ ج اشعار و شِعار و شُعُور ۔ واحد (شَعْرَۃ) ج شعرات ۔ شَعْرُ الغُول: ایک قسم کی نباتات۔

الشِّعْرُ ۔ مص ۔ کلام منظوم ۔ ج اشعار ۔ "لَیتَ شِعری فلاناً او لفلانٍ او لفلانٍ ما صنع" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِّعْرَۃ ۔ بال کا ایک ٹکڑا ۔۔۔ (الشِّعرۃ)

ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَّعِرُ والشَّعرانی ۔ بہت اور لمبے بال والا۔

الشَّعَارُ ۔ درختوں والی جگہ ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ میں درخت ۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس شعائرُ الحج: احکام حج و رسوم حج ۔ واحد (شعارۃ)

الشِّعَارُ ۔ مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقعہ پر ایک دوسرے کو پکاریں ۔ مولدین اس کو "سرّ اللیل" کہتے ہیں ۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت بدن کے بالوں سے متصل لباس گھوڑے کا جھول ۔ گردک ۔ گنجان درخت ج اشعرۃ و شُعُر ۔ شعائر الحج ۔ علامات و رسوم حج ۔ و شعائر المملکۃ: حکومت کے علامات واحد (شِعارۃ)

الشَّعِیرُ ۔ جو ۔ واحد (شَعِیرۃ) ج شعیرات اور شعیرۃ کا اطلاق اس پیمائش پر بھی ہوتا ہے جو خچر کے بالوں کے چھ بال کے برابر ہو ۔ نیز گوہانجنی جو آنکھ کے پلک کے کنارے پر ہوتی ہے

الشَّعِیرۃ ۔ علامت ۔ ج شعائر ۔ شعائرُ الحج: حج کے رسوم و علامات۔

الشَّعِیرِی ۔ شعیر کی جانب منسوب ۔ جو کا بیچنے والا۔

الأَشْعَرُ ۔ بہت اور لمبے بال والا ۔ مونث شعراء ج شُعر کہا جاتا ہے "فلان اشعر الرقبۃ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے ۔ الاشعر: ج اشاعر: جانور کے کھر کے گرداگرد کا چمڑا ۔ گوشت جو ناخن کے نیچے نکلے ۔ اور کہا جاتا ہے "ہذا البیتُ أشعرُ من ہذا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔

الشَّعْرَاءُ ۔ الاشعر کا مونث ۔ پوستین ۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت

(بھڑ) ایک قسم کا آڑو ۔ ایک شور قسم کا درخت ارض شعراء: بہت درختوں والی زمین ۔ رمال شعراء: نصی نامی گھاس اگانے والا ریگستان ۔ الشعراء من الدواہی: سخت مصیبتیں ج شُعر۔

الشَّاعِرُ ۔ تا شعر کہنے والا ۔ ج شعراء مونث شاعرۃ ج شواعر و شاعرات ۔ شعر شاعر: عمدہ شعر۔

الشِّعْرٰی ۔ ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔

الشُّعْرُورُ ۔ گھٹیا درجہ کا شاعر ۔ سب سے بہترین درجے کے شاعر کو خِنذِید اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَیعر اور اس سے بھی کم درجہ والے کو شُعرور کہتے ہیں ۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو متشاعر کہلاتا ہے۔ شعرور: چھوٹی ککڑی ۔ ج شعارِیر واحد (شُعرُورۃ)

المَشْعَرُ ۔ علامت ۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ ۔ ج مشاعر ۔ المشاعر: حواس۔

شَعْشَعَ ۔ الشرابَ: پانی ملانا ۔۔۔ الشیءَ: بعض کو بعض سے ملانا ۔ شعشعتِ الشمسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا ۔۔۔ الضوءُ: روشنی پھیلنا ۔ شعشع علیہم الخیلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔

تَشَعْشَعَ ۔ الشہرُ: مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔

الشَّعْشَعُ والشُّعشُع والشَّعشاع و الشَّعشَعان والشَّعشَعانی ۔ لمبا خوبصورت زیرک ۔ سبک رو ۔۔۔ والمُشَعشَع من الظل: ہلکا سایہ۔

شَعَفَہ (ف) شَعَفاً الحُبُّ: محبت کا دل پر غالب ہونا ۔۔۔ ہ بالقطران: قطران ملنا ۔۔۔ الشیءُ الشیءَ: غالب ہونا۔

شَعِفَ (س) شَعَفاً بفلانٍ و بحُبِّ فلانٍ:

شیفتہ و فریفتہ ہونا ـــ النّاقۃُ: اونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا۔ دیکھو لفظ شعف، صفت (شَعفاءُ)

شُعِفَ ـ بفلان: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔

الشَّعَفُ ـ مص ـ کوہان کی چوٹی ـ ایک بیماری جو اونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

الشَّعْفَۃُ ـ اسم مرۃ ـ بارش کی ایک بوند ہلکی بارش جو زمین کو تر کر دے۔

الشَّعَفَۃُ ـ پہاڑ کی چوٹی ـ سر کے بالوں کی لٹ شعفۃ القلب: دل کا سرا جو شہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے۔ وشعفۃ کل شیءٍ: ہر چیز کی چوٹی ـ ج شَعَفٌ و شُعُوفٌ و شِعافٌ و شَعَفاتٌ

الشُّعافُ محبت کی دیوانگی شیفتگی ـ فریفتگی

الشِّعافُ شیفتگی و فریفتگی

المَشْعُوفُ ـ محبت میں دیوانہ و شیفتہ

شَعَلَ (ف) شَعْلاً ـ النّارَ: آگ بھڑکانا

ـــ الامرَ: غور کرنا

شَعِلَ (س) شَعَلاً و اِشْعَلَ ـ الفرسُ: گھوڑے کی دم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔ صفت (شاعِلٌ و شَعِیلٌ و شَعَلُ)

شَعَّلَ ـ النّارَ: آگ بھڑکانا

اَشْعَلَ ـ النّارَ: آگ بھڑکانا ـــ ہ: غضبناک کرنا غصہ دلانا ـــ الجمعَ: متفرق کرنا ـــ الخیلَ فی الغارۃِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا ـــ المسقیَ: اچھی طرح سیراب کرنا

اَشْعَلَتِ القربۃُ: مشک کا متفرق ٹپکنا ـــ الطعنۃُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا ـــ العینُ: زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔

اِشْعَلَّ اشعِلالاً و اشعالَّ اِشْعِیلالاً ـ راسُ الرجلِ: کھڑے بال والا ہونا ـــ الفرسُ: گھوڑے کی دم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔

تَشَعَّلَتْ و اِشْتَعَلَتْ ـ النارُ: آگ بھڑکنا کہا جاتا ہے "اشتعل الراسُ شیباً" سر میں بالوں کو سفیدی پھیل گئی ـ واشتعل فلان وہ غصے سے بھڑک اٹھا۔

الشَّعَلُ ـ مص ـ غلامٌ شَعْلٌ: سبک تیز خاطر لڑکا۔

الشَّعَلُ ـ مص ـ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی ـ اور کبھی سر کے پچھلے حصے پر ہوتی ہے۔

الشُّعْلَۃُ ـ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی آگ کی بھڑک ـ آگ کا شعلہ ـ ج شُعَلٌ۔

الشَّعِیلُ ـ ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔

الشَّعِیلَۃُ ـ بھڑکی ہوئی آگ ـ جلتی ہوئی بتی ـ ج شُعُلٌ۔

اَشْعَلُ من الرأس: پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔

المِشْعَلُ و المِشْعالُ ـ چھننا چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے ج مَشاعِلُ و مشاعیلُ۔

المَشْعَلُ و مَشْعَلۃٌ قندیل ج مشاعل

المَشْعَلۃُ: آگ بھڑکانے کی جگہ۔

اشعلوا ... بھڑک ـ لوگوں کا گروہ ج شَعالیلُ کہا جاتا ہے "ذہبوا شعالیل" وہ لوگ متفرق ہو ہو کر چلے گئے۔

شَعَمَ (ف) شَعْماً ـ الرجلُ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَنَ ـ عدوَّہ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔

اِشْعانَّ و اِشْعَنَّ ـ شعرہ: چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا۔

الشَّعَنُ خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں ـ شعرٌ (مُشْعَنٌ) پراگندہ بال

الشَّعانِینُ ـ عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سعانین)

رجل (مُشْعانُّ) الراسِ: پراگندہ و بکھرے بالوں والا مرد۔

شَعْنَبَ ـ الکبشُ: سینگ نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا صفت (مُشَعْنَبٌ و مُشَعْنِبٌ)

شَعا یَشْعُو شُعُوّاً ـ الشعرُ: بالوں کا بکھرا ہونا۔

شَعِیَتْ تَشْعیٰ شَعیً ـ الغارۃُ: چاروں طرف لوٹ پڑنا ـ صفت (شَعْواءُ)

اَشْعیٰ ـ بہ: اہتمام کرنا ـــ القومُ الغارۃَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔

غارۃٌ (شَعْواءُ) پھیلی ہوئی لوٹ ـ شجرۃ شَعْواءُ: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت

الشّاعِی فا ـ دور ـ متفرق مشترک حصہ مونث شاعیۃ ج شَواعٍ ـ کہا جاتا ہے "جاءت الخیلُ شَواعِیَ و شَوائعَ" گھوڑے متفرق آئے

الشَّعْیُ ـ پراگندہ بالوں کا گچھا ـ واحد (شَعْوۃٌ)

شَعْوَذَ شَعْوَذَۃً ـ شعبدہ بازی کرنا ـ نظر بندی کرنا ـ بازیگری کرنا ـ صفت (مُشَعْوِذٌ و مُشَعْوَذٌ)

الطَّلَّاق والمِطْلَاق والمِطْلِیق بہت زیادہ طلاق دینے والا۔

المُطْلَق۔ خلاف مقید — من الخیل: وہ گھوڑا جس کے ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو۔

طَلَمَ (ن) طَلْمًا و طَلَّمَ الخبزۃَ: روٹی کو ہاتھ سے ہموار کرنا۔ طَلَمَ العرقَ عن جبینہ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

الطُّلْمۃ۔ روٹی پھیلانے کا تختہ۔

الطَّلَمۃ۔ دانتوں کا میل۔

الطُّلْمَۃ۔ روٹی ج طُلَم۔

المِطْلَمَۃ۔ بیلن۔ عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں۔

طَلْمَسَ۔ ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا — الکتابَ: مٹانا۔

اِطْلَمَسَّ اللیلُ: سخت تاریک ہونا

الطِّلْمِسَاء۔ تاریکی۔ بغیر کسی علامت کے زمین۔ پتلا پتلا بادل۔

طَلَہَ (ف) طَلْہًا الرجلُ فی البلاد: جانا۔ آہستہ چلنا۔

اِطَّلَہَ اِطِّلَاہًا۔ مطلع ہونا۔

الطَّلْہ۔ پتلا بادل۔

الطُّلْہَۃ۔ بقیہ مال۔

طَلَا یَطْلُو طَلْوًا۔ ٹانگ باندھنا۔

طَلَا یَطْلُو طَلَاوَۃً الرجلُ: دیر کرنا۔

اَطْلَتِ الوحشیۃُ: بچے والی ہونا۔

اِطْلَوْلَی اِطْلِیلَاءً اچھی گفتگو والا ہونا

الطَّلَاء والطَّلْو۔ ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت۔ ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلَاء و طِلَاء و طُلِیّ و طِلْیَان و طُلْیَان۔

الطِّلْو۔ بھیڑیا۔

الطِلوَةَ۔ جانوروں کا بچہ۔

الطُلوَةَ۔ صبح کی سپیدی۔

الطُلاَوَةَ والطَلاوَةَ والطِلاوَةَ۔ حُسن و رونق۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا کلام ما علیہ طلاوة" یعنی یہ ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔ منھ میں کھانے کا بقیہ۔ جادو۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی۔ الطُلاوَة: جو کسی چیز پر طلا کیا جائے۔

طَلَی یَطلِی طَلْیًا ہُ: ٹانگ باندھ کر رکھنا — البعیرَ القطرانَ او بالقطران۔ اونٹ پر قطران ملنا (دیکھیے القطران) — الشیَ: روکنا۔

طَلِیَ (س) طَلَی فوہ: دانتوں میں زردی ہونا — لسانُہٗ: زبان کا ثقیل ہونا۔

طَلّی تَطلِیَۃً۔ گانا — فلانًا: قید کرنا گالی دینا — البعیرَ القطران: اونٹ پر قطران ملنا (دیکھیے القطران) — الَلیلُ الآفاقَ: رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔

اَطلَی۔ کمزوری یا اور کسی وجہ سے گردن کا جھکنا۔

تَطَلّی۔ کھیل کود میں منہمک رہنا۔ (— واطّلی) بالقطران: قطران سے لت پت ہونا۔

الطَلِیُ۔ شخص۔ قطران ملا ہوا۔ سخت مریض ہرن کا بچہ جمع اَطلاء۔ خواہش۔ کہا جاتا ہے "قضی طَلاہ" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔

الطِلیُ۔ لذت۔

الطِلاءُ۔ قطران۔ انگور کا رس جس میں سے پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے۔ اور شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے۔ رسی جس سے ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں۔ (— والطُلاَیة) ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔

الطُلاَءُ۔ خون کے اوپر کی باریک جھلی۔

الطُلیُ۔ دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار

الطُلیَۃ والطُلاۃ۔ گردن جمع طُلیٌ۔

الطَلیُ۔ بکری کا چھوٹا بچہ جمع طُلیان (— والطِلیان) دانتوں کی زردی۔

المَطلِی والمِطلاءُ۔ تنگ نالہ جمع مَطالِی

المُطَلّی۔ دائم المرض۔ کمزور مریض۔ قیدی کہ جس کی رہائی کی امید نہو۔

طَمَّ (ن) طَمًّا وطُمُومًا الاِناءَ: برتن بھرنا — الشعرَ: بال کاٹنا یا گرہ لگانا — الماءُ: ڈھانپ لینا — الشیُ: زیادہ ہونا — الامرُ: بڑا ہونا۔

طَمَّ (ض ن) طَمًّا البئرَ: کنوئیں کو پاٹ دینا

طَمَّ (ض) طَمًّا وطَمِیمًا الفرسُ: گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔

طَمَّمَ وطَمْطَمَ وتَطَمْطَمَ الطائرُ: پرندہ کا ٹہنی پر اترنا

اَطَمَّ واستَطَمَّ الشعرُ بال کاٹنے کا وقت قریب ہونا۔

الطِمُّ۔ پانی۔ سمندر۔ عدد کثیر۔ عمدہ گھوڑا۔ تعجب۔ تعجب انگیز۔ کہا جاتا ہے "جاء بالطِمّ والرِمّ" یعنی بہت مال لایا۔

الطُمَّۃُ من الناسِ: جماعت۔ طُمَّۃُ القوم قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔

الطَمیمُ۔ آہستہ دوڑ۔ عمدہ گھوڑا۔ طَمیمُ الناس: مختلف قسم کے لوگ۔

فرسٌ طَمُومٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔

الطامّۃُ۔ بڑی مصیبت۔ قیامت۔

الاَطامیمُ ٹانگیں۔

طَمأَنَ۔ دیکھو مادہ "طمن"

طَمَثَ (ن ض) طَمْثًا الشیءَ: چھونا۔

طَمَثَتْ وطَمِثَتْ (ن ک) طَمْثًا المرأۃُ: حائضہ ہونا۔ صفت طامِثٌ۔

الطَمْثُ مص۔ میل کچیل۔ فساد۔ خون۔ حیض تہمت۔ کہا جاتا ہے "ما بفلان طَمْثٌ ریبۃٌ" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل نہیں۔

طَمَحَ (ف) طُمُحًا وطِماحًا وطُمُوحًا بصرُہٗ الیہ: نگاہ اٹھنا — ببصرِہٖ الیہ۔ بلندی کی جانب دیکھنا — بانفِہٖ: مغرور ہونا۔ ناک چڑھانا — بہٖ: لیجانا — فی الطلب: کوشش کرنا۔

طَمَحَتْ (ف) طِماحًا وطُمُوحًا الدابّۃُ جانور کا سرکش ہونا — المرأۃُ علی زوجِہا: عورت کا نافرمان ہونا۔ صفت طامح جمع طَوامِح۔

طَمَّحَ الفرسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اٹھانا — بالشیِ فی الہواءِ: پھینکنا۔

اَطمَحَ بصرَہٗ الیہ: نگاہ اٹھانا۔

بحرٌ طَمُوحُ الموجِ: بلند موج والا سمندر۔

طَمَحاتُ الدہرِ وطَمَحاتُہٗ مصائب۔

الطِماحُ: غرور۔ فخر۔

الطَمّاحُ: دور۔ حریص۔

طَمَخَ (ن) طَمْخًا بانفِہٖ: تکبر کرنا۔

طَمَرَ (ض) طَمْرًا الشیَ: دفن کرنا چھپانا (— طَمْرًا وطُمُورًا وطِمارًا وطَمَرانًا) کودنا۔ اچھلنا

طَمَرَ (ن) طُمُورًا۔ جانا۔ سفر کرنا۔

طَمَرَ (ن) طَمْرًا المطمورۃَ: کھتی بھرنا۔

(— وطَمِرَ (س) طَمَرًا) الجرحُ: سوج جانا۔ — الیدُ: ورم آجانا۔

طُمِرَ فی ضرسِہٖ: داڑھ میں درد ہونا۔

طَمَّرَ الشیَ: لپیٹنا اور دفن کرنا — البیتَ: پردہ لٹکانا۔

اِطّمَرَ علی فرسِہٖ: پیچھے سے کود کر سوار ہونا۔

الطِمْرُ: پرانا کپڑا۔ جو کسی چیز کا مالک نہو جمع اَطمار۔ کہا جاتا ہے "لاحتِ الشمسُ فی الاطمارِ" یعنی زرد رنگ کا ہو گیا اور اس کی کچھ روشنی جاتی رہی۔

الطِمِرُّ والطِمِرُّ والطِمْریرُ والطُمْرُورُ لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔

الطامِرُ: نا۔ پسو۔ جمع طَوامِر۔ کہا جاتا ہے "ہو طامِرُ بنُ طامِرٍ" وہ مجہول ہے یہ بھی نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔

الطُمْرُ: جہل نادانی۔

طُمْرَۃُ الشبابِ: ابتدائے شباب۔ عنفوان شباب۔

الطامُورُ و الطُّومار۔ صحیفہ جـ طوامیر کہا جاتا ہے "کُتُبٌ فی الطَّوَامِرِ والطَّوَامِیرِ"۔
الطِّمْرُ و الطِّمْطار۔ ستاروں کا دھاگا پرانے لباس والا۔ کہا جاتا ہے "ہو علی طِمْرارِ ابیہ" وہ صورت وسیرت میں اپنے باپ کے مشابہ ہے۔
المَطْمُورَۃُ۔ کھتی۔ قید۔
طَمَسَ (ن) طُمُوسًا۔ دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "لا ادری این طَمَسَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا — بعینہ: دور تک دیکھنا۔
طَمَسَ (ن ض) طَمْسًا وطُمُوسًا و تَطَمَّسَ و انْطَمَسَ مٹنا۔ طَمَسَ النجمُ اوالبصر ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ (ض) طَمْسًا الشیءَ: مٹانا۔ ہلاک کرنا۔ ڈھانپ لینا۔ جڑ کھود دینا — الغیمُ النجومَ بادل کا ستارے کی روشنی کو زائل کر دینا۔
طَمَسَ (ض) طَمَاسَۃً الشیءَ: اندازہ کرنا۔
رُبُوعٌ طَمَاسٌ۔ مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِیسُ والمَطْمُوسُ اندھا۔
طَمْطَمَ۔ وسط سمندر میں تیرنا۔
الطُّمْطَامُ۔ وسط سمندر۔
الطِّمْطِمُ والطِّمْطِمِیُّ والطُّمْطُمَانِیُّ زبان کی لکنت والا۔
طَمِعَ (س) طَمَعًا وطَمَاعًا وطَمَاعِیَۃً فی الشیءِ وبہ: لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ وطَمِعٌ و طَمُعٌ جـ طَمِعون وطُمَعاء واَطْماع وطَماعیٰ۔
طَمُعَ (ک) طَمَاعَۃً۔ بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَہ۔ لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْمَعَہ۔ لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّعَ لالچی ہونا۔ خواہشمند ہونا۔
الطَّمَعُ۔ وہ چیز جس کی خواہش کی جائے شکر کی تنخواہ جـ اَطْماع۔
الطَّمَاعَۃُ۔ خواہشمندی۔
الطَّمَّاعُ والمِطْمَاعُ۔ بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَعُ۔ جس کی خواہش کی جائے جـ مَطَامِع۔
المَطْمَعَۃُ۔ باعث طمع۔ لالچ پر اکسانے والی چیز۔
طَمِغَتْ (س) طَمَغًا عینُہ: آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا
طَمَلَ (ن) طَمْلًا الخبازُ الخبزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا — الثوبَ: کپڑے کو گہرا رنگنا — الدمُ السہمَ وغیرہ: خون کا تیر کو تھیڑنا — الراعی: چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ (س) و طَمُلَ طَمَلًا خون تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔ صفت طَمِیل۔
اَطْمَلَ الکتابَ: مٹا دینا۔
اِنْطَمَلَ الرجلُ: چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔
الطَّمْلُ۔ خمیر۔ گوندھا ہوا آٹا۔ مخلوق۔
الطِّمْلُ۔ بے وقوف۔ کمینہ۔ بدکار۔ بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پرواہ کرے۔ کالا کمبل۔ فقیر۔ بدحال بدشکل ہار۔ پرانا کپڑا۔ جـ طُمُول۔ (ــ والطَّمْلَۃ و الطُّمْلَۃ) گدلا پانی۔ کیچڑ۔
الطَّامِلُ خا۔ مرد بدکار جو اپنے فعل کی پرواہ نہ کرے۔
الطَّمِیلُ۔ گدلا پانی۔ گمنام۔ چٹائی۔ ہار تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔ بکری کا بچہ۔ سہم طمیل خون سے لت پت تیر۔ خبزٌ طَمِیلٌ: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطُّمُولُ۔ بدکار جو اپنے فعل کی پروا نہ کرے۔
الطُّمُولَۃُ۔ بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَۃُ۔ بیلن۔
طَمْاَنَ طَمْاَنَۃً وطَامَنَ ظہرہ: پیٹھ کو پست کرنا۔ جھکانا — الشیءَ: ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ۔ پست ہونا۔
اِطْمَاَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَانِینَۃً الیہ: آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔ پست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِطْمَاَنَّ عما کان یفعلہ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطِّمْن۔ ساکن جـ طُمُون۔
المُطْمَئِن۔ ساکن ـــ من الارضِ: نرم پست زمین۔
طَمَا یَطْمُو طُمُوًّا وطَمَی یَطْمِی طَمْیًا الماءُ: پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا — البحرُ: سمندر کا بھر جانا — النبتُ: نباتات کا طویل ہونا۔ بڑھنا — طَمَتْ ہِمَّتُہ: ہمت بلند ہونا۔ طَمَا بِہٖ الہمُّ اوالخوفُ: غم یا خوف کا سخت ہونا۔
طَنَّ (ض) طَنًّا وطَنِینًا وطَنْطَنَ الذبابُ اوالناقوسُ وشبہہ ذلک۔ بھنبھنانا۔ بجنا۔ آواز دینا۔ وطَنَّ فلانٌ: مرنا۔
اَطَنَّ۔ بجانا۔ آواز کرانا۔ اَطَنَّ الساقَ پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطُّنُّ جسم جـ اَطْنَان وطِنَان۔ بانس کا گٹھا۔ اور ایک بانس طُنَّۃ کہلاتا ہے۔ الطُّنّ دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔
الطَّنَّان۔ زیادہ بجنے والا۔ کہا جاتا ہے "لِفُلانٍ ذِکْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے "تِلکَ قَصِیدَۃٌ طَنَّانَۃٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔
الطِّنِّیُّ من الرجالِ: بڑے ڈیل ڈول کا
طَنَأَ (ف) طَنْأً وطَنِئَ (س) طَنَأً۔ شرم کرنا
اَطْنَأَ کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔
اَطْنَأَ اِلی الحوضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا۔
اَطْنَأَ الی البساطِ: بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا۔ کہا جاتا ہے "حیۃ لا تُطْنِیُٔ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مر جائے
الطِّنْءُ۔ بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "رُمِیَ فلانٌ فی طِنْئِہٖ" یعنی مرگیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔ خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا فرش۔ باغ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فلان بَعِیدُ الطِّنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل تہمت

طَنِبَ (س) طَنَباً الرمحُ: نیزے کا ٹیڑھا ہونا۔۔۔ الفرسُ: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَطْنَب مونث طَنْبَاء۔

طَنَّبَ الخیمۃَ: خیمہ لگانا۔۔۔ بالمکان: اقامت کرنا۔۔۔ الذئبُ: بھیڑیے کا بھونکنا۔۔۔ السقاء: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔

طَانَبَ القومَ: قوم کے خیموں کی رسی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسی ملانا۔

اَطْنَبَتِ الریحُ: ہوا کا غبار کو اڑانا۔۔۔ الابلُ: بعض اونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا۔۔۔ فی الوصف او العدو: مبالغہ کرنا

تَطَانَبَ القومُ: خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔

الطُّنُب۔ خیمہ کی لمبی رسی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت کی جڑ۔ ج اَطْنَاب و طِنَبَۃ۔ کہا جاتا "مدت الشمس اطنابہا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "تقضبت اطنابہا" یعنی غروب ہوا (ب۔ والاِطْنَابَۃ) کمان کے قبضہ پر باندھنے کا تسمہ ج اَطَانِیب۔ کہا جاتا ہے "خیلٌ اطانیب" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المَطْنَب۔ کندھا۔ مونڈھا ج مَطَانِب

المُطْنِب فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

جَیشٌ مِطْنَابٌ۔ بہت بڑا لشکر۔

الطُّنْبُور و الطِّنْبَار۔ ستار ج طَنَابِیر۔

طَنْبَلَ طَنْبَلَۃً الرجلُ: عقلمندی کے بعد بے وقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "کان بینہم طنبلۃ" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے۔

الطِّنْبَل۔ بے وقوف۔ کند ذہن۔

الطِّنْجَرَۃ۔ تانبے کی پتیلی۔

الطِّنْجِیرُ۔ کڑاہی۔ کنایہ از بزدل و کمینہ

طَنِخَ (س) طَنَخاً۔ بدہضمی ہونا۔ دل پر چربی غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخ و طَانِخ۔ طَنِخَت نفسُہ: جی کا بگڑنا۔

طَنَّخَہ و طَنْخَہ۔ بدہضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے "مرّ طنخ من اللیل" رات کا ایک حصہ گذر گیا۔

طَنَزَ (ن) طَنْزاً بہ: تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ القومُ: ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّاز۔ تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَۃ عند العامۃ: حق کا کوا۔ صحیح لفظ کُدعۃ ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَۃً الجرسُ والطستُ والذبابُ ونحوہا: جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا

طَنِفَ (س) طَنَفاً متہم ہونا۔۔۔ طَنَافَۃً و طُنُوفَۃً و طَنَفاً) باطن ہونا صفت طَنِف۔

طَنَّفَ متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجدارَ: دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کانس نکالنا۔ چھتا بنانا۔۔۔ نفسہ الی کذا: لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ القومُ: قوم پہاڑ پر چڑھ بیٹھنا

الطُّنُف و الطُّنْفُ و الطَّنَفُ و الطُّنَف پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی ابھری ہوئی چٹان۔ چھجہ۔ کانس۔ ج طُنُف و اَطْنَاف۔

المُطَنِّف۔ چھجہ یا کانس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

طَنْفَسَ۔ بدخلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا۔

الطِّنْفِس۔ ردی۔ بدشکل۔

الطُّنْفُسَۃ و الطِّنْفَسَۃ و الطِّنْفِسَۃ فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ ج طَنَافِس۔

الطَّنْو۔ بدکاری۔

الطِّنْو۔ فرش

طَنِیَ (س) طَنًی و اَطْنَی تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ و طَنِیٌّ۔۔۔ فی فجورہ او فسادہ: بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا۔۔۔ طَنِیَ اللدیغ من لدغ العقرب: بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔ اَطْنَاہ المرض: مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّی۔ تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَی۔ تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنَی۔ بدکاری و فساد۔

الطَّانِی فا۔ زناکار ج طُنَاۃ۔

طَہَرَ (ن) و طَہُرَ (ک) طُہْراً و طُہُوراً و طَہَارَۃً پاک ہونا۔ صفت طَاہِر ج اَطْہَار۔ طَہِر ج طَہِرُون و طَہِیر ج طَہَارَی۔ کہا جاتا ہے "رجل طاہر الثیاب" یعنی پاک دامن۔

طَہَرَ (ف) طَہْراً دور کرنا۔

طَہَّرَہ۔ پاک کرنا۔ طہّر الشیء بالماء: دھونا

تَطَہَّرَ و اِطَّہَّرَ میل کچیل سے پاک ہونا نہانا۔

الاَطْہَار۔ عورت کی پاکی کا زمانہ

الطَّہُور جس سے پاکی حاصل کی جائے

الطُّہْرَۃ۔ پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْہَر۔ موت کے بعد ایک مدت معینہ کے لیے ابرار و صالحین کے نفوس کے پاک کرنے کی جگہ۔ (کلمہ نصرانیہ)

المَطْہَرَۃ و المِطْہَرَۃ۔ لوٹا۔ طہارت حاصل کرنے کا مکان۔ کہا جاتا ہے "السواک مطہرۃ للفم" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے ج مَطَاہِر

المُطَہِّرَۃ۔ متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَہَسَ (ف) طَہْساً فی الارض: داخل ہونا اور گھسنا۔

طَہْطَہَ (ف) طَہْطَہَۃً العمل: کام کو بگاڑ دینا

اطْہَطَہَ السقاءُ: نرم ہونا ڈھیلا ہونا۔۔۔ فی الکلام: آسانی اور مدد والی سے کہنا۔۔۔ من مالہ طہفۃ: کچھ حصہ دینا۔

الطَّہْف۔ بھوسہ۔

الطُّہْف۔ پناہ۔

۔۔۔ طَہْفَۃ۔ نرم سکن۔

الطَّہْفَۃ من الشیء ٹکڑا۔

الطَّهَاف من السحاب: بلند بادل.

الطُّهَافَة. گیسو.

طَهَقَ (ف) طَهْقًا. تیز چلنا.

طَهَلَ وطَهِلَ (ف س) طَهْلًا وطَهَلًا و تَطَهَّلَ الماءُ: بدبودار ہونا. صفت طَاهِلٌ و طَهِلٌ.

اَطْهَلَت الارضُ: تھوڑی سی گھاس اُگانا

الطُّهْلَة. تھوڑی سی گھاس. بقیہ شے.

طَهَمَ الشیُ: موٹا ہونا — منہ: نفرت کرنا

تَطَهَّمَ الطعامَ: ناپسند کرنا. کہا جاتا ہے "فلان یتطہّم عنا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے.

المُطَهَّم. موٹا. کمزور. ہیکل اور خوش نما. اور اسی سے ہے "جوادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت عمدہ گھوڑا.

طَهَا يَطْهُو طَهْوًا. سفر کرنا. جانا.

طَهَا يَطْهُو ويَطْهَى طَهْوًا وطُهُوًّا وطُهِيًّا وطَهَايَةً اللحمَ: پکانا یا بھوننا.

اَطْهَى اِطْهَاءً. پکانے یا بھوننے میں ماہر ہونا.

الطَّهْو. کام.

الطَّهْي. تنکا.

الطُّهْي. گناہ. پکا ہوا.

الطَّهَى. سخت مار. پتلا بادل.

الطَّاهِي. خا. باورچی نانبائی. بھوننے والا. جمع طُهَاة وطُهِيّ مونث طَاهِيَةٌ جمع طَوَاهٍ و طاہیاتٌ.

الطِّهَايَة. پکانے کا پیشہ.

الطُّهَاوَة. دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی.

الطَّهَاءَة. بلند بادل

طَاءَ يَطَاءُ ويَطُوءُ طَوْءًا. آنا جانا — فی الارض: دور تک نکل جانا.

تَطَاءَتْ تَطَاءُوًا. الاسعارُ: بھاؤ کا گراں ہونا

الطَّاءَة. کیچڑ. چراگاہ میں دور نکل جانا.

کہا جاتا ہے "ما بالدار طُوئيّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں.

الطُّوب. پکی اینٹ. واحد طُوبَة.

الطَّوَّاب. خشت پز.

طَاحَ يَطُوحُ طَوْحًا. حیران ہونا. ہلاکت کے قریب ہونا — السہم: نشانہ سے خطا کرنا.

طَوَّحَهُ. حیران کرنا. آوارہ پھرانا طَوَّحَ بہ. خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا فضاء آسمانی میں پھینکنا. کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بہ طَوَائِحُ الزمن" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینکدیا.

طَوَّحَ تَطْوِيحًا وطَيَّحَ تَطْيِيحًا الشئَ: ضائع کرنا.

طَاوَحَهُ مُطَاوَحَةً. بکذا: ایک دوسرے پر پھینکنا.

اَطَاحَهُ. ہلاک کرنا. فنا کرنا. اَطَاحَ الشعرَ بال گرا دینا.

تَطَوَّحَ فی البلادِ: سرگرداں ہونا اور ادھر ادھر پھرنا — فی البئر: کنوئیں میں گرنا کہا جاتا ہے "نَامَ علی مَطِيَّتِهِ يَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمد و رفت رکھتا ہے.

تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا القومُ فلانًا بالامر او بالضرب: آپس میں تنازع کرنا. تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوَى فراق اور بعد نے اس کو پھینکدیا.

الطَّوَح. دور. بعید. کہا جاتا ہے "نِيَّة طَوَحٌ" دور کی نیت.

الطَّوَائِح. شدائد. مہلکات.

المَطَاوِح. ہلاکت کی جگہیں. واحد مَطَاحَة.

المِطْوَاح. لاٹھی.

طَاخَهُ يَطُوخُهُ طَوْخًا قول یا فعل کی تہمت لگانا. صفت طَوَّاخ.

طَادَ يَطُودُ طَوْدًا. ثابت رہنا.

طَوَّدَ وتَطَوَّدَ فی البلادِ: پھرنا. طَوَّدَ بہ ملک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا.

اِنْطَادَ. ہوا میں بلند ہونا.

الطَّوْد مہ. بڑا پہاڑ. ٹیلہ. جمع اَطْوَاد وطُوُودَة

المَطَادَة. دور دراز کا بیابان.

المَطَاوِد. خطرناک مقامات.

المُنْطَاد. بلند. غبارہ. جمع مَنَاطِيد.

طَارَ يَطُورُ طَوْرًا وطَوَرَانًا بفلان: قریب ہونا.

الطَّوْر. اندازہ و حد. کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهُ" یعنی حد سے بڑھ گیا. "وتَجَاوَزَ طَوْرَهُ" اندازہ سے تجاوز کر گیا. ہیئت. حال. باری. کہا جاتا ہے "اتيتہ طَوْرًا بعد طَوْرٍ" یعنی بار بار جمع اَطْوَار. اور کہا جاتا ہے "الناسُ اَطْوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں.

الطُّور. پہاڑ. مکان کے سامنے کا صحن. وہ چیز جو کسی چیز کے انداز پر ہو یا اس کے مقابل ہو.

الطَّوَار. وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو یا اس کے اندازہ پر ہو. (— والطِّوَار) مکان کے سامنے کا صحن. کہا جاتا ہے "ہذہ الدار علی طَوَارِ داری" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے.

الطُّورِيّ والطُّورَانِيّ. وحشی، پرندہ ہو یا آدمی. الطوری: اجنبی. کہا جاتا ہے "ما بالدار طُورِيّ او طُورَانِيّ" یعنی کوئی نہیں.

طَارَةُ المُنْخُلِ: چھلنی کا گھیرا. اور یہ محرف ہے صحیح الاطار ہے.

الطَّارَة والطار عند العامة: دائرۃ. دف

کہا جاتا ہے "لقی منہ الاَطْوَرِينَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی. اور مبالغہ کے ارادہ کو جمع سالم لایا جاتا ہے "بلغ فلان فی العلم اَطْوَرَيْهِ" فلاں علم کے دونوں حد اول و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا.

طَاسَ يَطُوسُ طَوْسًا الوجہُ: چہرے کا خوبصورت ہونا — الشیَ: روندنا.

طَوَّسَهُ. مزین کرنا. طَوَّسَ المُصَوِّرُ: مور کی شکل بنانا. طوّس بہ: لیجانا.

تَطَوَّسَ للحمامة: کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا. تَطَوَّسَتِ المرأةُ: آراستہ و مزین ہونا.

الطَّوَس: چاند۔

الطُّوَس: ایک مسہل دوا کا نام۔

الطَّاس: پانی پینے کا برتن۔ پیالہ جمع طَاسَات

الطَّاؤُوس الطَّاوُوس: مور تصغیر طُوَیس جمع اَطْوَاس وطَوَاوِیس۔

طَوَّشَ الرجلُ: ٹال مٹول کرنا۔۔۔ الذکر: آختہ کرنا۔

الطواشی: آختہ خصی جمع طَوَاشِیَۃ۔ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔

طَاعَ یَطُوعُ ویَطَاعُ طَوعاً لِفُلان: فرماں بردار ہونا۔ صفت طَائِع جمع طُوَّع وطَائِعُون کہا جاتا ہے "اَمَرَهٗ فَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقعہ پر باب افعال ہی کا استعمال بے بجر دے نہیں "لِسَانُہٗ لَایَطُوعُ بِکَذا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی "طَاعَ لَہٗ المرتع" یعنی چراگاہ اس کے لیے وسیع ہے۔

اَطَاعَہٗ اِطَاعَۃً وطَاعَۃً فرمانبردار ہونا

اَطَاعَ الشجرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَہٗ المرعیٰ واَطَاعَہٗ چراگاہ کا کشادہ ہونا

اِنْطَاعَ اِنطِیَاعاً لَہٗ: فرمانبردار ہونا۔

تَطَوَّعَ: بتکلف اطاعت کرنا تَطَوَّعَ فی الجُندِیَّۃِ: لشکر میں رضاکارانہ شامل ہوجانا۔۔۔ بالشی: تبرع کرنا۔۔۔ بالشی وللشی بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔۔۔ الشیَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَطَاوَعَ لِلامر: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔

اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَۃً الامرَ: طاقت رکھنا اور حذف تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِیعُ بھی کہا جاتا ہے۔

الطَّوَاعَۃ: طوع کا اسم مصدر ہے۔

الطَّوَاعِیَۃ: فرمانبرداری۔

الطَّاعُ والطَّوْعُ والطَّیِّعُ: فرمانبردار کہا جاتا ہے "ہو طَوْعُ یَدِکَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے۔ فَرَسٌ طَوْعُ العِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا "عَمِلَہٗ طَوْعاً" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔

المِطْوَاعُ والمِطْوَاعَۃ۔ فرمانبردار۔

المُطَّوِّعَۃ۔ رضاکارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔

المُتَطَوِّعُ المُطَّوِّعُ فرائض وواجبات کے علاوہ اعمال صالحہ کو بطور نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ یَطُوفُ طَوْفاً وطَوَافاً وطَوَفَاناً بالمکان وحولہ: گھومنا چکر لگانا۔۔۔ فی البلاد ملک میں پھرنا۔۔۔ بہ الخیال فی النوم: خواب میں نظر آنا۔

طَوَّفَہٗ تَطْوِیفاً وتَطْوَافاً گھومنا طَوَّفَ فی البلاد: ملک میں پھرنا۔

طَوَّفَ وتَطَوَّفَ واِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَۃً بالشی وحولہ: بہت چکر لگانا۔ طَوَّفَ النَّاسُ والجَرادُ آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔ اِسْتَطَافَہٗ: گھومنا چکر لگانا

اَطَافَ بالشی: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا قریب ہونا۔۔۔ علیہ وبہ: رات کو آنا۔۔۔ علیہ: گرد گھومنا۔

الطَّوْف: پانی پر تیرنے والی چیز گھنٹی

الطَّوْف: رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیدار جمع اَطْوَاف۔

الطَّاف: بہت زیادہ طواف کرنے والا

الطُّوفَان: سخت سیلاب۔ سخت بارش رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔۔۔ من کل شی: ہر چیز کا زیادہ۔

الطَّائِف نما۔ چوکیدار۔

الطَّائِفَۃ: مونث طائف۔ جماعت۔ گروہ ٹکڑا کسی چیز کا وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں جمع طَائِفَات طَوَائِف۔

الطَّوَّاف: بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ گھنٹی گھنٹی بنانے والا۔

المَطَاف: طواف کرنے کی جگہ۔

طَاقَ یَطُوقُ طَوْقاً وطَاقَۃً واَطَاقَ الشیَ قادر ہونا۔

اَطَاقَ علی الشیَ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَہٗ الشیَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَہٗ الطَّوقَ: طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَہٗ بالسیف وغیرہٖ" اس نے اسے تلوار باندھ دی۔

اِطَّوَّقَ وتَطَوَّقَ۔ طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔

الطاق: محراب طاقچہ جمع طاقات و طیقان الطَّاق: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا۔۔۔ الطَّائِق، پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ وطَائِقُ کل شی: احاطہ کرنے والا۔

الطَّوق: گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا۔ جمع اَطْوَاق۔

الطَّوق والطاقۃ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "ہذا فی طَوقِی" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لا تُحَمِّلْنا ما لا طَاقَۃَ لنا بہ" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لیے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ۔ اور عام لوگ روشندان کے معنے میں استعمال کرتے ہیں۔

المُطَوَّقَۃ: کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔

طَالَ یَطُولُ طُولاً لمبا ہونا۔۔۔ علیہ غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔

طَوَّلَہٗ: لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَہٗ: مہلت دینا ۔۔۔ لِلدَّابَّۃِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔

تَطَوَّلَ تَطَوُّلاً علیہ: احسان کرنا۔

اَطَالَہٗ واَطْوَلَہٗ اِطَالَۃً واِطْوَالاً: لمبا کرنا۔ اَطَالَتِ المراۃ: لمبے لمبے بچے جننا۔

طَاوَلَہٗ مُطَاوَلَۃً: ٹال مٹول کرنا لمبی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔

تَطَاوَلَ: دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا۔ تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا۔۔۔ علیہ العمر: بڑھنا۔ تَطَاوُلاً: ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔

اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَۃً: طویل ہونا۔۔۔ علیہ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا۔۔۔

علی عرضہ: بدنامی کی شہرت دینا. کہا جاتا ہے "استطالوا علی القوم" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا.

الطَّول. فضل. بخشش. قدرت. غنا.

الطُّول. لمبائی جہ أطوال.

الطِّيلة. عمر. کہا جاتا ہے "اطال اللہ طیلتہ" اللہ تعالے اس کی عمر کو طویل کرے. زمانہ بھر.

الطُّوَل. لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرند.

الطِّيَل الطِّوَل والطِّوال والطِّيال. زمانہ بھر.

الطائل الطائلة. قدرت. فضل. غنا کہا جاتا ہے "بينهم طائلة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے جہ طوائل "ہذا امر لا طائل فیہ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "ما ہو بطائل" او "ہو غیر طائل" یعنی گھٹیا ہے اور اس میں مذکر و مونث دونوں برابر ہیں.

الطَّويل. لمبا. جہ طِوال وطِيال مونث طويلة جہ طويلات. کہا جاتا ہے "فلان طويل الباع" یعنی سخی ہے "ہو قصير الباع" یعنی بخیل ہے.

الأطْوَل. اسم تفضیل جہ أطاول مونث طُولى جہ طُوَل. الطُّولى: بلند مرتبہ. والسبع الطُّوَل: سات بڑی بڑی سورتیں قرآن پاک کی.

الطُّوال. لمبا. مونث طُوالة.

الطُّوّال. بہت زیادہ لمبا.

المِطْوَل. رسی. جانور کا رسہ جہ مطاول

طَوى يَطْوي طَيًّا الثوبَ: کپڑے کو لپیٹنا — ہ اللہ عمرہ: موت دینا. کہا جاتا ہے "طوى فلانٌ وہو منشورٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے. طوى الحديثَ: بات چھپانا — کشحہ علی الامر: پوشیدہ کرنا. کہا جاتا ہے "طوى کشحہ عنی" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی. وطوى البلادَ: قطع مسافت کرنا — البئرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا. طوى الرجلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا — السیرُ فلانًا: لاغر کرنا.

طَوِيَ (س) طَوًى واطَّوى. بھوکا ہونا صفت طَيّان وطَوٍ وطاوٍ. مونث طَيّا وطَوِيَة وطاوِيَة.

تطوّت الحيّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا.

انطوى القومُ عليہ: اکٹھا ہونا — و (اطّوى) لپیٹا جانا.

الطَّوى. بھوک. مشک.

الطُّوى والطِّوى لپیٹی ہوئی چیز.

الطَّيّ. پیٹ. ضمن. کہا جاتا ہے "الغیّ فی طیّ قلبہ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے.

الطِّيّة. حاجت. ضمیر. نیت. لپیٹنے کی ہیئت. گوشہ. جہت. کہا جاتا ہے "مضى لطيّتہ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا. "لقيتہ بطيّات العراق" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی.

طاوي البطن: پتلے پیٹ والا.

الطاية. سطح. چھت. کھجور خشک کرنے کی جگہ. ریگستان میں بڑی چٹان. زمین کہ جس میں پتھر نہو. جہ طایات.

الطَّوِيّ. گیہوں کا بورا. رات کا حصہ جہ الأطواء (— والطَّوِيّة) من بنا ہوا کنواں.

الطَّوِيّة: نیت. ضمیر.

الأطواء. ٹڈی کی دم کی گرہ. واحد طَوى

المَطْوى. پیٹ. جہ مطاوٍ. مطاوي الحيّة: سانپ کی کنڈلی.

المِطْوى. جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے

طابَ يَطِيبُ طِيبًا وطابًا وطِيبةً وتَطْيابًا. لذیذ ہونا. میٹھا ہونا. اچھا اور عمدہ ہونا. طابت النفسُ بکذا: دل خوش ہونا. طاب عيشُہ: خوش عیش ہونا — عن الشیء نفسًا: خوشی سے چھوڑ دینا — الشیءَ: اچھا کرنا. طابت الأرضُ: گھاس اگانا.

طَيَّبَ الشیءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا. خوشبو لگانا. طیّب خاطرہ: تسکین دینا. مطمئن کر دینا

أطابَ إطابةً الشیءَ: اچھا کرنا. شیریں کلامی کرنا.

أطْيَبَ إطْيابًا الشیءَ: اچھا پانا.

طايَبَہ مُطايَبةً ہنسی مذاق کرنا. کھیل کود کرنا.

تَطَيَّبَ. خوشبو لگانا.

اِسْتَطابَ اِسْتِطابةً القومُ: شیریں پانی مانگنا (— واستطيب إستطيابًا) الشیءَ اچھا پانا.

الطاب. لذیذ. مزے دار.

الطِّيب. خوشبو. جہ أطياب وطُيوب حلال. کہا جاتا ہے "ہذا الطيبُ لك" یعنی یہ تمہارے لیے حلال ہے. ہر چیز سے افضل

المطابة. شراب. مدینہ منورہ کا لقب.

الطِّيبة. حلال. طيبة الخمر: صاف شراب کہا جاتا ہے "فعلت ذلك بطيبة" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا.

الطَّيّاب. بہت زیادہ پاکیزہ.

الأطْيَب. اسم تفضیل جہ أطايب مونث طُوبى جہ طوبيات.

الطُّوبى. رشک. سعادت. خیر.

الطَّيِّب پاکیزہ. اچھا. حلال. مونث طَيِّبة جہ طيبات وطُوبى. کہا جاتا ہے "کلمة طيبة" پاکیزہ کلمہ جس میں کوئی مکروہ بات نہو "بلدة طيبة" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو.

الأطايب والمطايب من الشیء: عمدہ اشیا.

شرابٌ مَطْيَبةٌ. عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو.

طاحَ يَطِيحُ طَيْحًا بمعنے طاحَ يَطُوحُ طَوْحًا یعنی ہلاک ہونا. سرگرداں پھرنا.

طَيَّحَہ: ہلاک کرنا — الشیءَ: ضائع کرنا.

اَطَاحَہٗ ہلاک کرنا.
تَطَایَحَ الشَّیْءُ: بکھرنا.
الطَّیْحَۃ. تباہی. کہا جاتا ہے "اصابتہم طَیْحَۃٌ" یعنی ایسے امور پیش آئے جس نے تفرقہ کرادی. "وطوّحتہم الطّیحات" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کر دیا.
طَاخَ یَطِیخُ طَیْخًا برے کام سے آلودہ ہونا. تکبر کرنا. باطل میں منہمک ہونا — الامرَ: کام کو بگاڑ دینا.
طَاخَہٗ وطَیَّخَہٗ: قبیح بات میں آلودہ کرنا طَیَّخَ اَصحابَہٗ: گالی دینا.
تَطَیَّخَ. برائی سے آلودہ ہونا.
الطَّیْخَۃ. فتنہ د — والطَّائِخُ والطَّیَّاخُ؛ بے برکت بے وقوف.
طَارَ یَطِیرُ طَیْرًا وطَیَرَانًا وطَیْرُورَۃً الطائرُ: پرندہ کا اڑنا — صِیتُہٗ: مشہور ہونا — الشعرُ: بال لمبے ہونا — بکذا: سابق ہونا — الی کذا: دوڑنا. کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُہٗ" وہ غضبناک ہوا. طیش میں آکر جلد بازی کرنا.
طَیَّرَہٗ وطَیَّرَ بِہٖ واَطَارَہٗ اِطَارَۃً و طَایَرَہٗ مُطَایَرَۃً. اڑانا. اَطَارَ وطَیَّرَ المالَ: تقسیم کرنا. طَیَّرَ نَوْمَہٗ: نیند اڑا دینا.
اِطَّیَّرَ وتَطَیَّرَ بالشیء ومنہ: بدفالی لینا.
تَطَایَرَ. متفرق ہونا — الشیء: لمبا ہونا — السحابُ فی السماء: بادل کا چاروں طرف گھر جانا.
اِنْطَارَ الشیءُ: پھٹنا.
اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَۃً الشیءُ: متفرق ہونا منتشر ہونا — الحائطُ: دیوار کا پھٹنا — السیفَ جلدی سے سونتنا — الطیرَ: پرندے کو اڑانا.
اُسْتُطِیرَ. خوفزدہ ہونا. جلدی سے لیجایا جانا — الصدعُ فی الحائطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا — الفرسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا.
الطَّائِرُ ج. پرندہ ج طَیْرٌ اور طُیُورٌ واَطْیَارٌ جمع الجمع

نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں. نصیب. روزی دماغ. کہا جاتا ہے "ہو میمونُ الطائرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے "بِسْرٍ علی الطائرِ المیمونِ" مبارک شگون پر سفر کرو. مسافر کے لیے دعا ہے؛ "ہو ساکنُ الطائرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فلانٍ" جب کہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے.
الطَّیْرُ. جمع طَائِرٌ اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تطیر کا بمعنے بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لا طَیْرَ الا طَیْرُ اللّٰہِ" جیسے لا امر الا امر اللّٰہ. اور طَیْرُ اللّٰہِ لا طَیْرُکَ جیسا صباحُ اللّٰہِ لا صباحُکَ. اور کہا جاتا ہے "کأنّ علی رؤوسہم الطیر" یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہیں اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چچڑی چنتا ہے جس سے اونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا. "وازجُرْ اَحْنَاءَ طَیْرِکَ" دور کر اپنی خفت وغصہ کو.
الطِّیَرَۃ الطِّیْرَۃ. بدشگون جس سے لیا جائے
الطَّیَرَۃ والطَّیْرُورَۃ طیش ہلکا پن. اوچھا پن. کہا جاتا ہے "ایاکَ وطَیَرَاتِ الشبابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ.
الطُّوَیْرُ. طیر کی تصغیر.
الطَّیَّارُ. منتشر ترازو کی زبان. سکہ تولنے کی ترازو.
الطَّیَّارُ والمُطَارُ من الخیل: تیز خاطر چست چالاک گھوڑا.
ارضٌ مُطَارَۃٌ. کثرت سے پرندوں والی زمین.
الطَّیَّارَۃ. مونث طیار. ہوائی جہاز.
المَطَارُ. اڑنے کی جگہ.
المُطَیَّرُ منہ. پھٹ ہوا. ٹوٹا ہوا. ایک قسم کی چادر

المُسْتَطِیرُ فا. پھیلنے والا کہا جاتا ہے "صبح مستطیر" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی بڑھاپا اور شر کے لیے مستعمل ہے.
طَاسَ یَطِیسُ طَیْسًا الشیءُ: زیادہ ہونا.
الطَّیْسُ. عدد کثیر نیز ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو. جیسے مچھلی. چیونٹی.
طَاشَ یَطِیشُ طَیْشًا. اوچھا ہونا. عقل زائل ہونا — السہمُ عن الغرضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا صفت طَائِشٌ.
اَطَاشَ اِطَاشَۃً السہمَ عن الغرضِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا.
الطَّیَّاشُ. بمعنے طائش. جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے
الطَّیْشَانُ. ہلکی. اوچھا پن
طَاعَ یَطِیعُ طَیْعًا بمعنے طَاعَ یَطُوعُ طَوْعًا.
طَافَ یَطِیفُ طَیْفًا ومَطَافًا الخیالُ: خواب میں خیال آنا طَیَّفَ تَطْیِیفًا واَطَافَ اِطَافَۃً وتَطَیَّفَ تَطَیُّفًا بہت پھرنا
الطَّیْفُ. خیال جو خواب میں آئے. غضب. جنون
الطِّیَافُ. رات کی تاریکی.
طَامَ یَطِیمُ طَیْمًا نیکوکار ہونا — اللّٰہُ فلانًا علی الخیر: اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا.
الطِّیَمَاءُ. جبلت طبیعت.
طَانَ یَطِینُ طَیْنًا وطَیَّنَ الحائطَ: دیوار کو گارے سے لیپنا. طَانَ الکتابَ: خط پر مہر لگانا طَانَہُ اللّٰہُ علی الخیرِ: اللہ کا خیر پر پیدا کرنا.
تَطَیَّنَ گارے سے لیپا جانا. گارے سے لتھڑنا. بت میں
الطِّینُ ج الطِّینَۃ گارا مٹی اور چونہ یا ریت جو ملا ہو
الطِّینَۃُ: گارے کا ایک حصہ خلقت جبلت. کہا جاتا ہے "ہو یابسُ الطینۃِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے "لطیفُ الطینۃِ" اس کی طبیعت نرم ہے.
مکانٌ طَانٌ. بہت گارے کی جگہ
الطِّیَانَۃ. گارا بنانے کا پیشہ.
الطَّیَّانُ. گارا بنانے والا.

ظ

ظَأَبَ (ف) ظَأْباً۔ نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا ــــ التیسُ: بکری کا میانا۔

ظَاءَبَہٗ مُظَاءَبَۃً۔ سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تزوّجا بالمظاءبۃ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔

تَظَاءَبَا۔ ہم زلف ہونا۔

الظَّأْب سہ۔ ہم زلف۔ ساڑھو جمع ظُؤُوب واَظْؤُب۔

ظَأَرَ (ف) ظَأْراً وظِئَاراً واَظْأَرَ اِظْآراً و ظَاءَرَ مُظَاءَرَۃً الناقۃَ اوالمرأۃَ علی ولد غیرہا مہربان کرانا۔ ظَأَرَت و اِظَّأَرَت مہربان ہونا اور صفت ظَؤُور وظَؤُورۃ جمع اَظْآر وظُؤَار۔ ظَأَرَہٗ الی کذا: مہربان کرانا۔ ظَأَرَ علی عدوہ حملہ کرنا۔ ظَأَرَہٗ وظَاءَرَہٗ واَظْأَرَہٗ علی کذا: مہربان کرنا۔ ظَأَرَہٗ علی الامر: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَأَرَ الرجلُ: دایہ بنانا۔ ظَاءَرَتِ المرأۃُ: دایہ گری کرنا

اِظَّأَرَ لولدہ ظِئْراً: لڑکے کے لیے دایہ مقرر کرنا۔

الظِّئْرُ۔ غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی جمع اَظْؤُر واَظْآر وظُؤُور وظُؤُورۃ وظُؤَار۔ ظِئْرُ القصرِ: ستون۔

الظِّئْرَۃ۔ تھونی۔ کھمبا۔

الظُّؤُوْرَۃ۔ دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَاءَمَہٗ مُظَاءَمَۃً وتَظَاءَمَا تَظَاءُماً ہم زلف بننا۔

الظَّأْم۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔

الظُّبَۃ۔ تلوار وغیرہ کی دھار جمع ظُبَات وظُبًی وظُبُون وظِبُون واَظْب۔

اَظْبَیَ المکانُ: بہت ہرنیوں والا ہونا

الظَّبْیُ: ہرن نر یا مادہ جمع ظِبَاء واَظْبٍ وظُبِیّ وظَبَیَات۔

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول "بہ داء الظبی" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اس لیے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اذا اتیتھم فاربض فی دارہم ظبیاً" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھیرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔

الظَّبْیَۃ۔ ہرنی۔ بکری۔ گائے عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ جمع ظِبَاء وظَبَیَات۔ الظَّبْیَۃ وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ

ارض مَظْبَاۃ۔ بہت ہرن والی سرزمین۔

ظَرَّ (ن) ظَرًّا مَظَرَّۃً۔ دھار دار پتھر توڑنا ــــ الناقۃَ: اونٹنی کو دھار دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَرَّ۔ دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا ــــ المکانُ: بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔

الظِّرُّ والظُّرَر والظُّرَرَۃ۔ پتھر۔ دھار دار پتھر جمع ظِرَّان وظُرَّان وظِرَار واَظِرَّۃ۔

الظِّرَّان۔ چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیاسلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے "العہد الظِّرّی والظِّرّانی" مذکورہ چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

ارض ظَرِیْرۃ ومَظَرَّۃ۔ بہت چقماق والی سرزمین۔ الظَّرِیْر: رہنمائی کا نشان جمع ظِرَار واَظِرَّۃ وظُرَّان۔

المِظَرَّۃ۔ چقماق جمع مَظَارّ۔

ظَرِبَ (س) ظَرَباً بکذا: چپکنا۔

الظَّرِب۔ ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ جمع ظِرَاب واَظْرُب۔

الظُّرُبّ من الرجال: چھوٹے قد کا موٹا۔

الظَّرِبَان والظَّرِبَاء۔ بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور جمع ظَرَابِیّ وظَرَابِیْن۔ کہا جاتا ہے "فسا بینہم الظربان" یعنی ان میں نااتفاقی ہوگئی۔

الظِّرْبِی والظِّرْبَاء۔ ظربان کے اسم جمع۔

الاَظْرَب۔ نواجذ کے پیچھے کے چار دانت اَظْرَابُ اللجام: لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَرْفاً وظَرَافَۃً۔ خوش شکل چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظَرِیْف۔ جمع ظُرَفَاء وظِرَاف وظُرُوف وظُرُف وظَرِیْفُوْن مونث ظَرِیْفَۃ جمع ظَرِیْفَات وظَرَائِف۔ ظَرُفَہٗ ظریف تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظارفنی فظرفتہ"

اَظْرَفَ۔ ظریف اولاد پیدا ہونا ــــ المتاعَ: برتن بنانا۔

تَظَرَّفَ وتَظَارَفَ۔ ظریف بننا۔

اِسْتَظْرَفَ۔ ظریف طلب کرنا ــــ ہ ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَّرْف۔ دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت برتن۔ کہا جاتا ہے "من الظرف جُوْدُ المُہْدِی بالظَّرْف" پہلا ظرف بمعنے دانائی اور دوسرا بمعنے برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے۔ اور عوام مشکیزہ کے معنے میں بھی استعمال کرتے ہیں۔ الظَّرْف: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظروف الزمان والمکان" اور کہا جاتا ہے "ہو نقی الظرف" یعنی وہ امین ہے "رایتہ بظرفہ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظُّرَاف والظُّرَّاف۔ ظریف جمع ظُرَفَاء وظُرَّافُون۔

المَظْرُوف سنم۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بعثتُ بالرسائل مظروفۃ"

ظَرِیَ (س) ظَرْیاً الماءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِیَ (س) ظَرْیَ الغلامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَیٰ اِظْرِیراءً۔ پیٹ پھولنا۔

الظَّارِی غا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظَّرَوْرِیُّ۔ زیرک عقلمند ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْناً وظَعَناً وظُعُوناً و مَظْعَناً۔ کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوا عَنْ دِیَارِہِمْ" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

اَظْعَنَ۔ کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ الہَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا

الظِّعَانُ والظَّعُونُ والظِّعَامُ۔ ہودہ باندھنے کی رسی

الظَّعُونُ الظَّعُونَۃُ۔ باربردار اونٹ ہودہ اٹھانے والا اونٹ جمع ظُعُن۔

الظَّعِینَۃُ۔ ہودہ جمع ظَعَائِن وظُعْن وظُعُن جمع اَظْعان وظُعُنات۔ بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "ہؤلاءِ ظَعَائِنُہٗ" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَانُ من الخیل والنوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اونٹنی۔

ظَفَرَہٗ (ض) ظَفْراً۔ چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَراً و اَظْفَرَ المطلوبَ وبہ وعلیہ کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَیْنُہٗ: ناخنہ ہونا آنکھ کی صفت ظَفِرَۃ اور شخص کی مَظْفُور۔

ظَفَّرَہٗ۔ کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشیءَ: کسی چیز میں ناخن چبھونا۔۔۔ الثوبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا ۔۔۔ الجلدَ: کھال کو ملنا ظَفَّرَہٗ واَظْفَرَہٗ بعدوِّہٖ دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتحمند کرانا۔ اَظْفَرَ فلاناً: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القومُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظُّفْرُ والظُّفُرُ والظِّفْرُ ناخن جمع اَظْفار جمع اَظَافِیر کہا جاتا ہے "مَا بَقِیَ فی الدارِ ظُفُرٌ" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا" ورایتہ بظُفُرِہٖ یعنی میں نے اسی کو دیکھا و "قلّم اظفارہ عن اذی الناس" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا وکسر اظفارہ فی فلان" یعنی غیبت کی ظُفُر القِطّ وظُفُر النسر وظُفُر العقاب" نباتات کی قسمیں۔

الظَّفَرُ والظَّفَرَۃُ۔ ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری)

الظَّفِرَۃُ: ظافر کی جمع ہے۔

الظَّفِرُ والظَّفِیرُ والظِّفِّیرُ۔ ہر معاملہ میں کامیاب۔

الاَظْفَرُ۔ لمبے چوڑے ناخن والا۔

الاَظْفَارُ۔ ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز اس کا واحد نہیں۔ اظفار الثوب۔ کپڑے کی شکنیں۔ الاظفار: نسر طائر کے آگے کے ستارے

المُظَفَّرُ والمِظْفَارُ ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلّاً وظُلُولاً یفعل کذا ہمیشہ رہنا تم کہہ سکتے ہو ظَلِلْتُ وظَلْتُ وظِلْتُ"

ظَلَّ ظَلالَۃً الیومُ: دن کا سایہ دار ہونا۔ الشیءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَہٗ سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بالسوطِ: دھمکانے کے لیے حرکت دینا۔

اَظَلَّ الیومُ: دن سایہ دار ہونا ۔۔۔ ہ سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الامرُ فلاناً پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے "اَظَلَّکَ الشَّہْرُ" یعنی مہینہ آگیا۔

تَظَلَّلَ بالشجرۃ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا

اِسْتَظَلَّ بالظِّلِّ۔ سایہ کے نیچے بیٹھنا۔ من الشیءِ: سایہ لینا۔۔۔ الکرمُ: انگور کی شاخ کا گھنا جانا ۔۔۔ العیونُ: چشمے کے پانی کا نیچے اتر جانا ۔۔۔ الشمسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِّلُّ۔ سایہ جمع ظِلَال واَظْلال وظُلُول عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ من اللیل۔ رات کا حصہ یا اس کی سیاہی ۔۔۔ من القیظ۔ گرمی کی شدت ۔۔۔ من الثوب: کپڑے کا دامن۔

ظِلُّ الشبابِ او الشتاءِ: جوانی یا جاڑے کی ابتدا۔ کہا جاتا ہے "بَقِیَ عندی ظِلَّ النہارِ" وہ میرے پاس تمام دن رہا۔ اور یہ اس لیے کہ ظل کا بقا و زوال شئے کے زوال و بقا پر موقوف ہے۔ "وہو فی ظِلِّہٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے و"مشیت علی ظِلِّی او انتعلت ظِلّی" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لیے میرا سایہ نہیں تھا و "کان ذلک الیوم اطول من ظِلِّ القناۃ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی بہت زیادہ طویل تھا عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔

فلان یُبَارِی ظِلَّہٗ راہب بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلاعِبُ ظِلِّہٖ او خاطف ظلہ ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَّلَلُ۔ درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظَّلَّۃُ۔ اسم مرۃ اقامت۔

الظُّلَّۃُ۔ تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس کی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار جمع ظُلَل وظِلال

الظَّلالُ والظِّلالُ والظِّلَّۃُ والظلا ہر سایہ دار۔ ظِلالُ البحرِ: سمندر کی موجیں

الظَّلِیلُ۔ سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَّلِیلَۃُ۔ مونث ظلیل۔ زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّۃُ والمَظَلَّۃُ۔ جس سے سایہ لیا جائے بڑا خیمہ۔ چھتری۔ جمع مَظَالّ۔ عیدُ المَظَالّ: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

یوم مُظِلٌّ سائے والا دن۔

ظَلْظَل۔ کشتیاں۔

ظَلَعَ (ف) ظَلْعاً البعیرُ۔ اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظالع ظلعت بہم الارض زمین تنگ ہونا۔

الظَّلْعُ۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ علی ظَلْعِکَ" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رک جاؤ۔ "لا یَرْقَأُ علی ظلعک

میں لیس بحرنہ امرک" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غمخوار ہوگا۔ "اِرْقَ على ظَلْعِكَ" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "ارقأ" کہا جاتا ہے۔ یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کر دو یا اتنی ہی تکلیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی و عاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لیے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَّلَعُ۔ لنگڑاپن۔

الظَّالِع ، جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مونث) اور مونث کے لیے ظَالِعَة بھی بولا جاتا ہے۔ ج ظُلَّع۔

الظُّلَّاع۔ جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہو۔

ظَلَفَهُ (ن) ظَلْفًا۔ کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نفسَہ عن الشئ: باز رکھنا۔

ظَلَفَ (ن ض) ظَلْفًا القومَ: قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَّفَ وظالَفَ مُظالَفَةً اثرہ: قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الارضُ: سخت ہونا — معیشۃُ فلان: تکلیف دہ ہونا — نفسُہ رک جانا۔

ظُلِفَ الرجلُ: سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَفَهُ عن کذا: دور کرنا۔ ظَلَّفَ علی کذا زیادہ کرنا۔

أَظْلَفَهُ۔ دور کرنا

اِظَّلَفَ وتَظَلَّفَ۔ سخت پتھریلی زمین میں بیٹھنا

الظِّلْف۔ پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوف و اَظْلاف۔ کہا جاتا ہے "جاء واعلی ظِلْفِہ" یعنی اس کے نشان قدم پر آئے۔ الظِّلْف: حاجت و تنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظَّلْف۔ باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے ذَہَبَ دمُہ ظَلْفًا وظَلَفًا وظَلِيفًا یعنی اس کا خون بیکار گیا

الظَّلَفُ و الظَّلِف۔ پانی کیچڑ سے بلند جگہ۔

رجلٌ ظَلِفُ النفسِ: اوصاف ذمیمہ سے پاک صاف۔

ارضٌ ظَلَفَةٌ وظَلِفَةٌ وظَلَفَةٌ۔ سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِيف بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلَف ظُلُف۔

رَجلٌ ظَلِيفُ النفسِ: اخلاق رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے اخذہ بِظَلَفِہ وبِظَلِيفِہ و بِظَلَفَتِہ وبِظَلِيفَتِہ۔ یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلْفَاء۔ ہموار لمبا پتھر۔

الأُظْلُوفَة۔ تیز پتھر والی زمین ج أظاليف

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا وظَلْمًا ومَظْلِمَةً بے موقع رکھنا — ہ: ظلم کرنا — ہ حقہٗ: گھٹانا — الارض: بے موقع کھودنا — الطریق: راستہ سے ہٹ جانا کہا جاتا ہے "ماظَلَمَكَ أن تفعل کذا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البعیر: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا۔ اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلْمًا و أظْلَمَ الليلُ: رات کا تاریک ہونا۔ أظْلَمَ اللهُ الليلَ: رات کو تاریک کرنا۔ أظْلَمَ الرجل: تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَهُ۔ ظلم کی طرف نسبت کرنا — ہ الحاکم: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تظلّم فلانٌ الی الحاکم من فلانٍ فظلّمہ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کر دی۔

تَظَلَّمَ منہ: ظلم کی شکایت کرنا — ہ حقہ گھٹا دینا — الرجل: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمتُہ فتظلّم" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظَالَمَ القومُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ و اِنْظَلَمَ۔ ظلم برداشت کرنا۔

الظَّلْم: برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوم۔

الظُّلْم بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا ظلم

الظَّلَم: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوم۔

ليلٌ ظَلِمٌ: بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَة الظُّلُمَة تاریکی ج ظُلَم وظُلْمات وظُلُمات وظُلَمات۔

الظُّلَم: قمری مہینے کی انیسویں بیسویں اکیسویں راتیں۔

الظُّلَامَة والمَظْلِمَة: ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لی جائے ج مَظَالِم۔

الظَّالِم ، ج ظَالِمُون وظَلَمَة وظُلَّام۔

الظَّلَام والظَّلْمَاء۔ تاریکی۔ ابتدائی رات لَيْلَة ظَلْمَاء: بہت تاریک رات۔ اور ليل ظلماء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے

الظِّلَام: ظلم بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ الیّ ظِلامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔

الظَّلَّام والظَّلِيم والظَّلُوم بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔

الظَّلِيم۔ مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمَان ظُلْمَان و أَظْلِمَة۔

الظَّلِيمَة۔ جو تم سے ظلماً لی جائے۔

امرٌ مُظْلِم۔ دشوار و مشکل کام۔

ظَمِئَ (س) ظَمْأً وظَمَأً وظَمَاءً وظَمَاءَةً سخت پیاسا ہونا — الیہ: مشتاق ہونا صفت مذکر ظَمِئٌ وظَامِئٌ وظَمْآن اور صفت مونث ظَمِئَة وظَامِئَة وظَمْأَى وظَمْآنَة۔ ج ظِمَاء۔ مذکر و مونث دونوں کے لیے۔

ظَمَّأَهُ و أظْمَأَهُ۔ پیاسا کرنا۔ دبلا کرنا۔

تَظَمَّأَ: پیاس پر صبر کرنا۔

الظِمْءُ: پیاس۔ جمع اَظْمَاء۔

الظَمَأُ الظَماء۔ پیاس۔

المِظْماءُ: سخت پیاس والا۔

المَظْمَأُ: پیاس لگانے والی جگہ۔

ظَمِیَ یَظْمیٰ ظَمیً۔ گندم گوں ہونا صفت اَظْمیٰ۔ مونث ظَمْیَاء جمع ظُمْی۔ شَفَةٌ ظَمْیَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَیْنٌ ظَمْیَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَةٌ ظَمْیَاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ ساقٌ ظَمْیَاءُ: کم گوشت والی پنڈلی۔

الظَمْیَاءُ: سیاہ اونٹنی۔

المُظْمِیُّ: وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔

ظَنَّ (ن) ظَنًّا۔ جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوا اَنْ لَا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف۔ اور گمان کے معنے میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَیْدًا صَاحِبَکَ" ظَنَّہٗ وَاَظَنَّہٗ وَاِظَّنَّہٗ وَاِظْطَنَّہٗ بکذا تہمت لگانا۔ اَظَنَّہُ الشَّیْءَ: وہم میں ڈالنا۔ اَظَنَّ بِہِ النَّاسَ: تہمت کے لیے پیش کرنا۔

تَظَنَّنَ وتَظَنّیٰ۔ گمان کرنا۔

الظَنّ: گمان۔ اور شک ویقین کے معنے میں بھی مستعمل ہے۔ جمع ظُنُوْن جمع اَظَانِیْن (خلاف قیاس)

الظِنَّۃ: تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِیْہِ ظِنَّۃٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ جمع ظِنَن و ظَنَائِن۔

الظَنَانَۃ: تہمت۔

الظَنَّان والظَنُوْن: بدگمان۔ رجل ظَنُوْن: کم حیلہ۔ کمزور جس پر بھروسہ نہ کیا جائے بئر ظنون: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَیْنٌ ظَنُوْن: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔ رَجُلٌ ظَنُوْن: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے

الظَنِیْن۔ متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس کو دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ جمع اَظِنَّاء۔

الاَظَنّ: خیال رکھے جانے کے لائق۔

نَفْسٌ ظَنَّاءُ: نفس متہم۔

مَظِنَّۃُ الشَّیءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو کہا جاتا ہے "فلانٌ مَظِنَّۃُ الخَیْرِ" "وفی المسألۃ مَظِنَّۃُ اِعْتِرَاضٍ"۔ جمع مَظَانّ۔

الظُنْبُوْب۔ قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ جمع ظَنَابِیْب۔ کہا جاتا ہے "قرع ظَنَابِیْبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا۔ "قَرَعَ لِھٰذَا الامر ظُنْبُوْبَہٗ وساقَہٗ" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَھَرَ (ف) ظُھُوْرًا۔ ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔ ظَھَرَہٗ ظَھْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَھَرَ عَلَیْہِ: فخر کرنا ـــ الشَّیْءَ وبہ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا ـــ الثوب ابرہ بنانا د ـــ ظَھْرًا وظُھُوْرًا البیتَ: مکان پر چڑھنا ـــ عَلَیْہِ: اعانت کرنا ـــ بفلانٍ وعلیہ: غالب ہونا ـــ علی السِّرِّ: بھید پر مطلع ہونا ـــ فلانٌ بحاجتی: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔

ظَھُرَ (ن) ظَھَارَۃً۔ مضبوط پیٹھ والا ہونا۔

ظَھِرَ (س) ظَھَرًا۔ پیٹھ میں شکایت ہونا صفت ظَھِر۔

اَظْھَرَ الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا ـــ الکتابَ: ازبر پڑھنا۔ اَظْھَرَہٗ علی عَدُوِّہٖ دشمن پر غالب کرانا ـــ ہٗ علی السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا ـــ بہ: مرتبہ بڑھانا۔ (ـــ و ظَھَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا

ظَھَّرَ و اِظَّھَرَ حاجتی: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈالنا۔ غافل ہونا۔

ظَاھَرَہٗ مُظَاھَرَۃً وظِھَارًا۔ مدد کرنا ظَاھَرَ بَیْنَ الثَّوْبَیْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔

تَظَاھَرَ۔ ظاہر ہونا ـــ بالشَّیءِ: ظاہر کرنا ـــ القومُ: ایک دوسرے سے دور ہونا ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَظْھَرَ: احتیاط کرنا ـــ الشَّیْءَ بچانے کے لیے پیٹھ پیچھے کرنا ـــ بہ: مدد طلب کرنا ـــ لَہٗ: تیاری کرنا ـــ علیہ چڑھنا غالب ہونا ـــ الدرسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔

الظَھْر: پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل جمع اَظْھُر وظُھُوْر وظُھْرَان۔ الظَھْر: باربرداری کا اونٹ مال کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِی طَرِیْقِ الظَھْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ قِدْرٌ ظَھْرٌ: پرانی ہانڈی۔ کہا جاتا ہے "قَرَاَہٗ عَلٰی ظَھْرِ قَلْبِہٖ او عَلٰی ظَھْرِ لِسَانِہٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے ازبر پڑھا۔ "وَاَعْطَاہُ عَنْ ظَھْرِ یَدٍ" یعنی بغیر بدلے کے دیا "ھو نَازِلٌ بَیْنَ ظَھْرَیْھِمْ وظَھْرَانَیْھِمْ وبَیْنَ اَظْھُرِھِمْ" وہ ان کے درمیان نازل ہوا "رَاَیْتُہٗ بَیْنَ ظَھْرَانَیِ اللَّیْلِ" یعنی میں نے اس کو عشا اور فجر کے درمیان دیکھا۔ "قَلَبَ لَہٗ ظَھْرَ المِجَنِّ" یعنی وہ اس کے لیے بدل گیا اور دشمنی کی "قَلَّبَ الاَمْرَ ظَھْرًا لِبَطْنٍ" اس نے معاملہ میں خوب غور کیا "قَتَلَہٗ ظَھْرًا" اس نے اسے اچانک مار ڈالا "ھُوَ یَاْکُلُ عَلٰی ظَھْرِ یَدِیْ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔ "لَا تَجْعَلْ حَاجَتِیْ بِظَھْرٍ" یعنی میری حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔

الظِھْرِیّ: اونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ جمع ظَھَارِیّ۔

الظُھْر: دن کے آدھے ہونے کا وقت جمع اَظْھَار۔

الظِھْرَۃ: مدد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِیْ ظِھْرِیَّۃً" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا اور بھول گیا۔

الظِھْرَۃ والظُھَّرَۃ: مددگار۔ الظُھْرَۃ پچھواڑا۔

الظُھْرَۃ: گھر کا سامان۔ کہا جاتا ہے

جَاءَنَا يَظْهَرِيَّةٍ يَظْهَرِيَّةٍ وَيَظْهَرِيَّةٍ ہمارے پاس
سع اپنی قوم کے آیا۔
الظَّهِيرُ۔ مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار
پیٹھ والا۔
الظَّهِيرَةُ۔ مونث ظہیر دن کے آدھے
ہونے کی حد جہ ظَهَائِرُ۔
الظُّهَارُ۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔
الظِّهَارَةُ۔ کپڑے کا ابرا۔
الظَّاهِرُ ما۔ باطن کا ضد۔ ظاہر البلد
بیرون شہر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ ظَاهِرًا" یعنی حفظ
بغیر کتاب کے پڑھا۔

الظَّاهِرَةُ۔ مونث ظاہر۔ من العُيُونِ
ابھری ہوئی آنکھ جہ ظَاهِرَات وظَوَاهِر۔ ظَاهِرَةُ
الرجل: کنبہ قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی
الظَّوَاهِرُ: بلند زمینیں۔
المَظْهَرُ۔ جائے ظہور۔
المُظْهَرُ ما۔ سواری والا۔
المُظَهَّرُ۔ قوی پیٹھ والا۔
الظَّوْءَةُ۔ بے وقوف۔
ظَافَهُ يَظُوفُهُ وَيَظَافُهُ ظَوْفًا۔ دھتکارنا۔
دفع کرنا۔
ظُوفُ الرَّقَبَةِ وظَافُهَا۔ گردن کی کھال کہا

جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِظُوفِ رَقَبَتِهِ أَوْ بِظَافِهَا" یعنی میں
نے اس کو تنہا چھوڑ دیا۔
أَظْوَى۔ بیوقوف ہونا۔
الظَّيَيَةُ۔ مردار جب سڑنا شروع ہو۔
الظَّيُّ والظَّيَّانُ۔ شہد۔ الظَّيَّانُ: جنگلی
چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے
کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔
المَظْيَاةُ والمَظْوَاةُ من الاراضی جنگلی
چنبیلی والی زمین
ظَيَّاهُ تَظْيِيئًا۔ غمگین کرنا۔
الظَّيَأَةُ۔ بے وقوف۔

ع

عَبَتَ (ن) عَبْتاً: تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا — الماءَ: جانوروں کی طرح منہ لگا کر پانی پینا عَبَتِ الدلوُ: ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (— عُبَاباً) البحرُ: موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا

تَعَبَّبَ النبیذَ: ڈگڈگا کے پینا

الأَعَبّ: فقیر۔ تنت ناک والا۔

العَبُّ مص۔ اولے۔ عَبُّ الشمسِ: آفتاب کی روشنی۔

العُبّ۔ آستین کا پلہ عُبَاب۔

العُبَب: اچھلنے والے پانی۔

العَبَاب: منہ لگا کر پانی پینا۔

العُبَاب: سیلاب کا چڑھاؤ عُبَابُ البحر موج۔ کہا جاتا ہے "جاؤُا بعُبابہم" سب آئے۔

العُبِّيَّة العِبِّيَّة: نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔

اليَعْبُوب: تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار۔ لمبا گھوڑا۔ بادل۔ ج يعابيب

عَبَأَ (ف) عبأً و عَبَأً تعبئةً و تعبيئاً المتاعَ: سامان کرنا — الجيشَ للحرب: لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ الی فلان ولہ: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا اعبأ بہ" مجھے اس کی پروا نہیں۔

اِعْتَبَأَ ما عنده: سب کچھ لے لینا۔

العِبْءُ: بوجھ۔ بوری۔ گٹھری ج اعباء (— والعَبْءُ) مثل نظیر ج اعبار۔

العَبَاءُ: جبہ۔ ج اعبئة۔

العَبَاءَة: جبہ۔

المَعْبَأ۔ راستہ۔

المِعْبَأ۔ حیض والی عورت کا چیتھڑا۔

عَبَتَ (ن) عَبْتاً یدہ: ہاتھ موڑنا۔

عَبَثَ (ض) عَبْثاً الشئَ بالشئ: ملانا۔

عَبِثَ (س) عَبَثاً۔ کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا — بالدِّينِ: حقارت کرنا۔ صفت عابِث و عبِثٌ

عِبِيثَةُ الناسِ: مختلف قسم کے لوگ۔

العَبَثُ: بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فعل ذلک عبثاً" اس نے یہ کام لغو کیا۔

العَبِيثُ: ایک قسم کا پھول۔

العَبَوْثَران والعَبَيْثَران: ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔

عَبَدَ (ن) عِبَادَةً و عُبُودَةً و عُبُودِيَّةً و مَعْبَداً و مَعْبَدَةً۔ اللہَ: ایک جاننا خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا پرستش کرنا کہا جاتا ہے "ما عَبَدَكَ عنی" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔

عَبُدَ (ک) عُبُودَةً و عُبُودِيَّةً۔ باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ (س) عَبَداً و عَبَدَةً علی فلان غضبناک ہونا — منہ: ناک چڑھانا — ما قالہ: انکار کرنا — علی نفسہ: ملامت کرنا — الرجلُ: نادم و پشیمان ہونا — ہ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا — علی الشئ: حریص ہونا۔ صفت عابدٌ و عَبِدٌ

عَبَّدَہ۔ فرمانبردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطریقَ: راستہ کو چلتا ہوا بنانا پامال کرنا — الرجلُ: جلدی کرنا۔ بھاگنا — البعیرَ: قطران ملنا (دیکھیے القطران) کہا جاتا ہے "عبّد یعبّد" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "ما عبّد ان فعل کذا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

اَعْبَدَہٗ الغلامَ: غلام کا مالک بنانا۔ اَعْبَدَ الغلامَ: غلام بنانا — القومُ: جمع ہونا

تَعَبَّدَ۔ عبادت کے لیے علیحدہ ہونا — ہ: اطاعت کے لیے بلانا غلام بنانا غلام جیسا برتاؤ کرنا۔

تَعَبَّدَ القومُ: متفرق ہونا۔

اِسْتَعْبَدَہٗ و اِعْتَبَدَہٗ۔ غلام بنانا

العَبْدُ۔ آدمی۔ غلام۔ ج عَبِيد و عِبَاد و عَبَدَة و عَبْدُون و اَعْبُد و عُبْدان و عِبْدان و عِبِدّان و اَعْبَاد و مَعْبَدَة و مَعْبُدآء و عِبِدّی و عُبُد و عُبُدٌ و مَعْبُوداء ج جمع اعابد و معابد و اعبدۃ

عَبْدٌ قِنٌّ و عَبْدُ قِنٍّ: خاندانی غلام۔

العَبْدِيَّة العُبُودَة والعُبُودِيَّة و التَّعْبِيدَة۔ فرمانبرداری۔ غلامی۔ دراہم عبدیۃ پرانے دراہم۔

العِبَاد: عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل نسبت کے لیے عِبَادِی۔

العَبَادِيد والعَبَابِيد: لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دور کے راستے۔ (ان کا واحد نہیں)

العابِدُ فا۔ خادم۔ ج عَبَدَة۔ عُبّاد عابدون مونث عابِدَة ج عابدات و عوابد۔

العَبَدَة: قوت۔ بقا۔ موٹاپا۔ زندگانی خوشبو پیسنے کا پتھر۔ خودداری۔

المَعْبَد: عبادت گاہ۔ ج معابد۔

المُتَعَبَّد: عبادت گاہ۔

المِعْبَد: کشتی۔ پھاوڑا۔ ج معابد

المُعَبَّد: مص۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ میخ۔ کھونٹی قطران ملا ہوا اونٹ۔ بعیر مُعبَّد: اونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو مونث مُعبَّدۃ۔ المُعَبَّدَة: تارکول ہوئی کشتی۔

عَبَرَ (ن) عَبْراً۔ غمگین ہونا اور آنسو بہانا — العینُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا — الکتابَ چپکے چپکے غور کرنا — الدراہمَ: کمیت و کیفیت دراہم کی دیکھنا (— عَبْراً و عُبُوراً) السبیلَ طے کرنا۔ مرنا۔ گذرنا — النہرَ والوادیَ: پار کرنا

عَبَرَ بِہِ الماءَ: گذرجانا (— عَبْراً وعِبَارَۃً) الرُّؤیا خواب کی تعبیر بیان کرنا

عَبِرَ (س) عَبَراً: آنسو بہانا۔ صفت مذکر ومونث عَابِر۔ عبرت حاصل کرنا۔ اور اسی کے عرب کا قول ہے "اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ یَعْبَرُ الدُّنْیَا ولا یَعْبُرُھَا" اے اللہ ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضامندی حاصل کیے جلدی مرتے نہیں۔

عَبَّرَ الرُّؤیا: خواب کی تعبیر بیان کرنا — عَمَّا فِی نَفْسِہٖ: دل کی بات ظاہر کرنا — عن کذا بولنا — عَبَّرَہٗ بالماءِ: پار کرانا — الدراہِمَ دراہم کی کمیت وکیفیت دیکھنا — بِہٖ: ہلاک کرنا — بِہِ الامرُ: دشوار ہونا۔

إِعْتَبَرَ الشَّیءَ: آزمانا۔ غور کرنا — منہ تعجب کرنا — بہ: نصیحت حاصل کرنا — الرجلَ: اعتبار کرنا۔

إِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا۔ غمگین ہونا — الدراہِمَ: کمیت وکیفیت معلوم کرنا۔ إِسْتَعْبَرَہٗ الرُّؤیا أوِ الدراہِمَ: تعبیر بیان کرانا دراہم کی کیفیت وکمیت پوچھنا — العَیْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔

العَابِرُ فا۔ گذرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا ج عَابِرُونَ وعُبَّار وعَبَرَۃ مونث عَابِرَۃٌ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَابِرَ سَبِیْلٍ" بغیر ٹھیرے ہوئے گذرتے ہوئے داخل ہوا۔

العَبَّارُ: مبالغہ عَابِر۔ خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

العَبْرُ العِبْرُ من الوادی: کونہ۔ کنارہ مجلس عَبْرٌ وعِبْرٌ: بہت آدمیوں والی مجلس۔ بَنَاتُ عِبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ اَبُوبَنَاتِ عِبْرٍ: جھوٹا۔

العُبْرُ: ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ نیز چلنے والا بادل عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (— و العُبْرُ) آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔

العَبْرُ والعِبْرُ والعُبْرُ: قوی مضبوط (مذکر مونث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فلان عِبْرٌ لکل عمل" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جمال عُبْرُ اَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اونٹ۔

العَبْرَۃُ: عبر کا اسم مرۃ۔ آنسو ج عَبْرٌ و عَبَرَات۔ غم۔

العِبْرَۃُ: نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لک بفلانٍ عِبْرَۃٌ" احوال وکیفیات میں غور وفکر۔ تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔

العِبَارَۃُ۔ اسم ہے عَبَّرَ کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فلان حَسَنُ العِبَارَۃِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے "ہذا عبارۃ عن کذا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

العَبِرُ مونث عَبِرَۃ۔ العَبْرَانُ مونث عَبْرَیٰ ج عَبَارَیٰ۔ آنسو بہانے والا۔ غمگین۔

العِبْرِیُّ والعِبْرَانِیُّ: یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔

العِبْرَانِیَّۃُ: یہودیوں کی زبان۔ یہودیت

العَقْل روحانی نور جس سے غیر محسوس چیزوں کا ادراک ہوتا ہے۔ دل دیت جمع عُقُول۔

العَقْلِیّ: عقل کی طرف نسبت۔ جس میں حس باطنی کو دخل نہ ہو۔

العُقْلَة۔ زبان کی روک۔

العُقْلَة۔ جس سے باندھا جائے جمع عُقَل۔

العِقَال۔ رسی جس سے اونٹ کے زانو کو باندھا جائے سر پر باندھنے کی رسی۔ العقال اونٹ یا بکری کی ایک سال کی زکوٰۃ۔ کہا جاتا ہے "ادیتُ عقالَ سنة" یعنی ایک سال کی زکوٰۃ میں نے ادا کر دی۔ عقالُ المِئِین: وہ شریف جو قید کیا جائے تو دو سو اونٹوں کا فدیہ ادا کرے۔

العَاقِل: سمجھدار جمع عُقلاء وعاقلون وعُقّال اور عورت کو بھی عاقل کہا جاتا ہے۔ العاقل۔ پہاڑی بکرا دیت کا ادا کرنے والا۔ جمع عَاقِلَة۔

العَاقِلَة بہت عاقل۔ سمجھنے کی قوت عاقلة الرجل باپ کی طرف کے رشتہ دار

العَقُول: سمجھدار قابض دوا۔

العَقِيل: معقول۔

العَاقُول: دریا کا بڑا حصہ موج۔ وادی یا نہر کا موڑ۔ بے نشان زمین مبہم امور جمع عَواقِیل۔

العُقّال۔ جانوروں کی ٹانگ کی بیماری۔

العَقِيلَة من النساء: شریف پردہ نشین عورت — من الابل: عمدہ قسم کے اونٹ — من القوم: سردار — من کل شیٔ: ہر چیز کا عمدہ حصہ۔ عقیلة البحر موتی جمع عَقَائِل۔

المَعْقِل۔ جائے پناہ۔ اونٹ باندھنے کی جگہ۔ بلند پہاڑ جمع مَعَاقِل۔

المَعْقُلَة۔ خون بہا۔ تاوان۔ کہا جاتا ہے "صار دمہ معقلة علی قومہ" یعنی اس کا خون تاوان ہو گیا جس کو وہ ہر سال ادا کرتے ہیں جمع مَعَاقِل۔

المَعْقُول۔ سمجھا ہوا عقل جمع مَعْقُولات۔ علم المعقولات: وہ علم جس میں عقلی چیزوں سے بحث کی جائے

عَقَمَتْ (ن) عَقْماً وعُقْماً وعَقُمَتْ (ک) عَقْماً وعَقِمَتْ (س) عَقَماً وعُقِمَتْ عَقْماً وعُقْماً المرأةُ او الرحمُ بانجھ ہونا صفت عَقِيمٌ عُقِمَتْ مَفَاصِلُہ: جوڑوں کا خشک ہونا۔

عَقِمَ (س) عَقَماً خاموش ہونا۔

عَقَمَ (ض) عَقْماً واَعْقَمَ وعَقَّمَ اللهُ المرأةَ بانجھ کرنا۔ عَقَّمَہ: خاموش کرنا۔ عَقَّمَ الشیٔ۔ جراثیم کو مار دینا

عَاقَمَہ مُعَاقَمَةً جھگڑا کرنا خصومت کرنا۔ گالی دینا۔

اِعْتَقَمَ اِلَیہ: آنا جانا — فی الامر: دخل دینا

العَقْم والعَقْمَة والعِقْمَة سرخ کپڑا۔ نقش و نگار کی ایک قسم۔

المرأةُ العَقِيم بانجھ عورت جمع عَقَائِم وعُقُم۔

الرجلُ العَقِيم بے اولاد مرد جمع عُقَماء وعِقام وعَقْمَی عَقْلٌ عَقِيمٌ: عقل جس میں کوئی خیر نہ ہو حربٌ عَقِيمٌ: سخت لڑائی کہا جاتا ہے "الدنيا عقيم" یعنی دنیا بے برکت ہے۔

حَرْبٌ عَقَامٌ وعُقَامٌ سخت لڑائی۔ داءٌ عُقَامٌ لاعلاج مرض یومٌ عَقَامٌ: سخت دن۔ العُقَام: بے اولاد۔ بدخلق

العَقِيمَةُ من الارحام: بانجھ۔ ج عَقَائِم۔

العُقْمِيّ والعِقْمِيّ من الكلام: پوشیدہ کلام العُقْمِيّ: خاندانی شرافت والا۔

المَعْقِم: ہڈیوں کا جوڑ، ریڑھ کی ہڈی کے مہرے ج مَعَاقِم۔ مَعَاقِمُ الخیل: گھوڑے کے جوڑ۔

المَعْقُوم من الرجال: بے اولاد۔

عَقَا يَعْقُو عَقْوًا واعْتَقَى اعْتِقَاءً۔ کنواں کھودنا اور ایک جانب سے سوت نکالنا عقا العَلَمُ جھنڈا بلند ہونا عَقَا الامر: مکروہ جاننا۔ فلانًا: روکنا اِعْتَقَى الرجلَ: رکن عَقَاهُ وعاقَهُ: روکنا۔

العَقْوَةُ گھر کا گرداگرد میدان۔ محلہ ج عِقَاء۔

عَقَى يَعْقِي عَقْيًا الامر: مکروہ جاننا۔ وعَقَى الولدُ: بچے کو پہلی بار پاخانہ ہونا عَقَّى الطائرُ: اڑنے میں بلند ہونا

أَعْقَى إِعْقَاءً: کڑوا ہونا۔ الشیءَ: مکروہ جاننا

العِقْيُ نوزائیدہ بچے کا پاخانہ ج أَعْقَاء۔

العِقْيَان۔ خالص سونا۔

عَكَّ (ن) عَكًّا اليومُ: سخت گرمی مع گھٹن کے ہونا۔ صفت عَكٌّ وعَكِيكٌ۔ عَكَّتْهُ الحُمَّى: لگاتار بخار ہونا۔ الرجلَ: حق کا ٹال مٹول کرنا۔ عَكَّهُ عن حاجته: باز رکھنا۔ ہ بالحجة: مغلوب کرنا۔ ہ بالامر او بالقول: بار بار بات کہہ کے تھکا دینا۔ ہ بالسوط کوڑے سے مارنا۔ ہ بشرٍ: بار بار کرنا۔ الکلامَ وضاحت کرنا۔

عَلَّثَ گرمی سے جوش مارنا۔ الرجلُ: سخت بخار چڑھنا۔

عَاكَّهُ علیہ۔ مائل کرانا۔

العَكَّةُ والعِكَّةُ والعُكَّةُ والعِكَاكُ والعَكِيكُ گھٹن کے ساتھ سخت گرمی۔ العَكَّةُ والعُكَّةُ۔ تیز بخار۔ گرم ریت۔ العُكَّةُ: گھی کا ڈبہ ج عُكَكٌ وعِكَاكٌ۔ اور اسی کی ہے سَمِنَ الصبي حتى صار كالعُكَّة بچہ موٹا ہوا یہاں تک کہ مانند ڈبے کے ہوگیا لَيْلَةٌ عَكَّةٌ: سخت گرمی والی رات۔ یومٌ عَكِيكٌ: سخت گرم دن ج عِكَاك

عَكَبَتْ (ن) عَكُوبًا الابلُ: اونٹوں کا بھیڑ کرنا۔ القدرُ۔ ہانڈی کا جوش مارنا۔ عَكَبَ الرجلُ ٹھہرنا

عَكِبَ (س) عَكَبًا موٹے ہونٹ اور جبڑے والا ہونا۔ سر کی قریب قریب انگلی والا ہونا صفت اَعْكَب مونث عَكْبَاء ج عُكْب۔

عَكِبَتِ النارُ: دھوئیں والی آگ ہونا۔

تَعَكَّبَتْ الهمومُ: تفکرات اور غموں کا ہجوم کرنا

اِعْتَكَبَ الغبارُ۔ غبار اٹھنا۔ الغبارَ: غبار اڑانا۔ المکانُ: غبار والا ہونا۔ الابلُ۔ کسی جگہ میں جمع ہونا اور غبار اڑانا۔

العَكَبُ والعَكُوبُ والعَاكُوبُ والعُكَاب غبار العُكَاب: دھواں۔ ہانڈی کی بھاپ۔

العَاكِب فا۔ بھیڑ۔ انبوہ ج عُكُوب۔

الاَعْكَبُ والعِكَابُ والعُكُبُ۔ عنکبوت یعنی مکڑی کا اسم جمع۔

العَكُوب غبار۔ ایک قسم کی خاردار سبزی جو کچی اور پکی دونوں طرح سے کھائی جاتی ہے۔

العُكْبِرُ۔ ایک چیز جس کو شہد کی مکھی اپنے بازو وغیرہ پر لگا کر لاتی ہے اور اس کو شہد کی جگہ میں رکھتی ہے۔

عَكْبَشَهُ: مضبوط باندھنا۔

تَعَكْبَشَ فیہ الغصنُ: ٹہنی کے کانٹے چبھنا۔

عَكَدَ (ض) عَكْدًا واعْتَكَدَ الیہ: پناہ لینا۔ عَكَدَ الامرُ فلانًا: ممکن ہونا۔

عَكِدَ (س) عَكَدًا الضبُّ: بجو کا موٹا ہونا صفت عَكِد۔

عَكِدَ بہ واعْتَكَدَهُ لازم ہونا۔

اِسْتَعْكَدَ الضبُّ: بجو کا موٹا ہونا۔ الماءُ: پانی کا جمع ہونا۔

عُكْدَةُ الشیء: چیز کا درمیان کہا جاتا ہے مَلَّكْتُكَ عُكْدَةَ ہذا الامر یعنی فلاں امر تمہارے لیے ثابت ہے

العُكْدَةُ دمغزہ کی ہڈی۔ قوت۔ گوہ کا سوراخ

عُكْدَةُ اللسانِ: زبان کی جڑ۔

عَكَرَ (ن) عَكْرًا وعُكُورًا علیہ: حملہ کرنا پھر بار بار مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے عَكَرَ علیہ الزمانُ بخیرٍ زمانہ اس پر خیر و برکت کے ساتھ مائل ہوا

عَكِرَ (س) عَكَرًا الماءُ ونحوہ: پانی کا گدلا ہونا۔ صفت عَكِر۔

عَكَّرَ واَعْكَرَ الماءَ: پانی کو گدلا کرنا۔ واَعْكَرَ اللیلُ رات کا سخت تاریک ہونا۔ اَعْكَرَ الرجلُ: مرد کا دوبارہ حملہ کرنا۔

اِعْتَكَرَ علیہ: حملہ کرنا۔ اللیلُ: رات کا سخت تاریک ہونا۔ المطرُ: سخت بارش ہونا۔ اِعْتَكَرَتِ الریحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔ وتَعَاكَرَ القومُ فی الحربِ: گھمسان کی جنگ کرنا۔

العَكَرُ: تلوار کا مورچہ۔ من کل شیء: تلچھٹ۔

العِكْرُ: اصل۔ جڑ۔ کہا جاتا ہے رَجَعَ فلانٌ الی عِكْرِهٖ یعنی فلاں اپنی اصل کی طرف لوٹ گیا۔ عادت۔

العَكْرَةُ والمَعْكَرُ: بھاگنے کے بعد دوبارہ حملہ۔

العَكَرَةُ: اونٹوں کا گلہ زبان کی جڑ ج عَكَر۔ اختلاط و التباس۔ کہا جاتا ہے وقعوا فی عَكَرَةٍ یعنی وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

العَكَّار۔ بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔

غلامٌ عُكْرُدٌ: موٹا تازہ لڑکا۔

العِكْرِشَةُ: خرگوش مادہ۔

عِكْرِمُ اللیل۔ رات کی تاریکی عِكْرِمَة معرفہ بحالت علم۔ اور العِكْرِمَة کبوتری یا مادہ قمری۔

عَكَزَ (ن) عَكْزًا الرمحَ: نیزہ گاڑنا۔ بالتی: راستہ بنانا۔ وعَكَزَ علی عُكَّازَتِہٖ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔

تَعَكَّزَ قوسَہ۔ کمان کو سہارا بنانا۔

عَكِزَ (س) عَكْزًا سکڑنا۔

عَكِزَ الرمحُ: نیزے میں پھل لگانا۔

العِكْزُ۔ بخیل بدخلق۔

العُكَّازُ والعُكَّازَةُ ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عَكَاكِيزُ وعُكَّازَات العُكَّازُ بل۔ شیر کا بچہ۔

عَكَسَ (ض) عَكْسًا الکلامَ ونحوہ: کلام کو الٹ دینا۔ الشیءَ آخر کو اول کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھٹکا دیکر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البعیرَ: اونٹ کو بکیل لگا کر رسی کو ٹانگ سے باندھ دینا۔ راس البعیر: اونٹ کے سر کو موڑنا۔ ہ عن الامر پھیر دینا ہٹا دینا۔ علی فلانٍ امرہ کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا۔

—الطعامَ: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔

عَكِسَ (س) عَكَساً: تنگ خو ہونا۔

عاكَسَ مُعاكَسَةً وعِكاساً الكلامَ: کلام کو پلٹ دینا— ہ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔

تعكَّسَ فی مشيته: رینگ کر چلنا۔

تَعاكَسَ واعْتَكَسَ وانْعَكَسَ: پلٹ جانا۔

اعتكس: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔

عكاسُ البعير: نکیل کی رسی جو اونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں

العكاس: نر مکڑی۔

العَكيس: دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے رسی جس سے اونٹ کو روکتے ہیں۔ درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس کو دوسرا درخت نکلتا ہے۔

العَكيسَةُ: بہت سے اونٹ۔ تاریک رات

عَكِشَ (س) عَكَشاً الشعرُ: بالوں کا پیچیدہ و درتہ بتہ ہونا— النبتُ: نباتات کا بہت ہونا اور اُلجھا ہوا ہونا۔

عَكَشَ (ض) عَكْشاً الشیَ: جمع کرنا صفت عَكِش صفت مفعولی مَعْكُوش— الرجلَ: مضبوط باندھنا — علیہ: حملہ کرنا۔

تعَكَّشَ الامرُ: دشوار ہونا— الشیُ: سکڑنا— الشعرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔

العَكِشُ من الشعر: پیچیدہ اور تہ بتہ بال بیکار و فضول آدمی شجرۃ عَكِشَۃ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔

العُكاش والعُكّاش والعُكاشَۃ والعَكّاشَۃ مکڑی یا مکڑی کا جا

عكصہ (ض) عكصاً عن حاجتہ: ہٹانا۔ پھیر دینا

عَكِصَ (س) عكصاً بدخو ہونا صفت عَكِص عَكِصَت الدابۃُ: سرکشی کرنا

تعكص بكذا علیہ: بخل کرنا۔

رملۃ عكصۃ دشوار گزار تودہ ریت

عكظہ (ض) عكظاً مغلوب کرنا فخر کو رد کر دینا روکنا۔— الشی: رگڑنا— الأدیمَ: چمڑے کو دباغت کے لیے رگڑنا عكظ بالشیَ: فخر کرنا۔ علظ و عكّظ عن حاجتہ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔

عاكَظَہ مُعاكَظَۃً: ٹالدینا۔

تعكَّظَ علیہ الامر: دشوار ہونا— القومُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

تعاكَظَ القومُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

العكِظ والعكبظ: چھوٹے قد والا۔

عُكاظ: عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار پڑھا کرتے تھے (مذکر و مونث ہے)

عَكَفَہ (ن ض) عَكْفاً عن الامر: منع کرنا— ہ علی الامر: کسی چیز پر روکے رکھنا۔— عَكْفاً وعُكُوفاً القومُ حولہ وبہ: گرد اگرد چکر لگانا عكف علی الامر: ہمیشہ لازم رہنا۔— و اِعتكَفَ و تَعكَّفَ فی المكان بند رہنا۔

عَكَّفَ الجوہرَ: تہ بتہ رکھنا۔— الشعرَ: بالوں کو گھنگریالا کرنا۔— ہ عن كذا: روکنا منع کرنا

عاكفہ مُعاكَفَۃً: لازم رہنا۔

العَكِف من الشعر: گھنگریالے بال۔

العاكف فا: مقیم ج عاكفون وعُكَّف وعُكوف شعرٌ مَعكوفٌ: کنگھی چوٹی کیے ہوئے بال۔

المُعكَّف مف: مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔

عَكَلَ (ن ض) عَكْلاً الشیَ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا۔ المتاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا— الرجلَ: بچھاڑنا — البعیرَ: اونٹ کو رسی سے بازو پاؤں ملا کر باندھنا عكل فی الامر: کوشش کرنا— فلانٌ: مرنا۔— و أعكَلَ و اِعتكَلَ علیہ: مشکل و مشتبہ ہونا۔ اِعتكل الرجلُ جدا ہونا— الثوران: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔

العُكل والعِكل لئیم۔ کمینہ ج أعكال۔

العاكل فا: بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُكَّل۔

العِكال: اونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔

المِعكَل: چرواہے کی سوٹی جس کو وہ درخت سے بنالیتا ہے ج معاكل۔

عَكَمَ (ض) عَكماً المتاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا — علیہ: حملہ کرنا— الرجلَ: انتظار کرنا— عن الامر: پیچھے ہٹنا— ہ عن زیارتہ: ہٹانا— البعیرَ اونٹ پر باندھنا— لازمہ كذا: قصد کرنا۔

عُكِمَ عنہ: ہٹایا جانا۔

عَكَمَتِ الابلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا۔

اَعكَمَہ: باندھنے میں مدد دینا۔ بندھوانا۔

عاكَمَہ مُعاكَمَۃً علی فلان: مدد کرنا۔

اِعتَكَمَ الشیُ: ڈھیر لگنا۔

العِكْم ج اَعكام وعُكوم العِكام ج عُكُم: گٹھری العِكم: بوری بنڈل گٹھر۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کہا جاتا ہے مالہ عكوم عن كذا یعنی اس کے لیے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں

المعكم: پر گوشت۔

تعكَّنَ البطنُ: موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا

العُكنَۃ: پیٹ کی سلوٹ ج عُكَن و اعكان درع ذات عُكَن: وسیع وکشادہ زرہ۔

العِكان گلا۔

العكناء من النوق او الشاء: موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔

العَكنان: بہت اونٹ۔ بہت شتر مرغ۔

عَكا یعكو عكواً ذنبَ الدابۃَ: جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا کہا جاتا ہے "فرس معكو" یعنی دم مڑا ہوا گھوڑا— ہ فی الحدید: قید کرنا اور باندھنا۔

عَكَتِ الابل: موٹا ہونا۔ عكا الضبُّ بذنبہ: گوہ کا اپنی دم کو موڑنا— الدخان: دھوئیں کا اوپر چڑھنا — علی قومہ: مائل ہونا— بازارہ: ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔

العَكوۃ والعُكوۃ: جانور کی دم کی جڑ زبان کی جڑ۔ ازار بند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العُكوۃ: تکلا ج عُكا و عِكاء۔

العكیُّ من البان الضان: ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔

الاعكی: سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔

مونث عکواء۔

عَکَى يَعْکِی عَکْياً وَعَکَیٰ أَعْکَیٰ. مرنا۔ عَکَى بإزاره: ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔ بالمکان اقامت کرنا صفت عاکٍ جمع عُکاۃ۔ أعکاہٗ: مضبوط باندھنا۔ عَکَى الدخان: دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔

عَلَّ (ن ض) عَلّاً وعَلَلاً وتَعِلَّةً دوسری مرتبہ پینا۔ ہٗ: دوسری مرتبہ پلانا۔ ہٗ ضرباً: لگاتار مارنا۔

عَلَّ عِلَّةً: مریض ہونا۔

عَلَّلَہٗ. بار بار پلانا۔ ہٗ بکذا: مشغول کرنا کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشیَٔ: علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا۔ الکلمۃَ: کلمہ کی تعلیل کی وجہ بیان کرنا۔ تعلیل کرنا۔ الثمرۃَ: بار بار پھل توڑنا۔ المال بہترین انتظام کرنا۔ ہٗ: علاج کرنا۔

أعَلَّ الرجلَ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔ ہ اللہُ بیمار کرنا۔ الکلمۃَ: تعلیل کرنا۔

تَعَلَّلَ. حجت ظاہر کرنا۔ بکذا: مشغول رہنا تَعَلَّلَتْ وتَعالَّتِ المرأۃُ من نفاسِها: نفاس سے پاک ہو جانا۔ تَعالَّ الصبیُّ ثَدْیَ اُمِّہٖ: بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔

اِعْتَلَّ. مریض ہونا۔ بالامر: مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اِعْتَلَّتِ الریحُ: نرم ہونا۔ ہ: بہتان لگانا۔ اُعْتُلَّتِ الکلمۃُ: حرف علت والا ہونا۔ الرجلُ: دوسری مرتبہ پینا۔ عنہ: اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔

العَلُّ: موٹا بڑا بکرا بڑی عمر کا لاغر بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت جمع أعلال

العَلَّۃ: بہلاوہ۔ سوکن جمع عَلّات۔ کہا جاتا ہے بنو علّات۔ یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولاد اخیاف کہتے ہیں۔

علَّ: لعل میں ایک لغت ہے۔

العِلَّۃ. بیماری۔ مشغول کر دینے والا واقعہ۔ اور اسی سے ہے "لا یَعْدَمُ مانعٌ عِلَّۃً" اس شخص کے لیے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الضمیر کے بچانے کے لیے منع کر دیتا ہے۔ عِلّۃُ الشیِٔ: سبب۔ جمع عِلّات وعِلَل جمع الجمع اعلال العِلّات: حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جریٰ علی علاتہ" یعنی ہر حال میں۔ یا باوجود مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والعلۃ فی العروض: وہ تغیر جو اشعار کے عروض و ضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حرف العلۃ: الف۔ واو۔ یا

العَلَل دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے "عَلَلٌ بعد نَهَلٍ" پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔

العُلالۃ والتعِلّۃ. بہلاوہ۔ العُلالۃ: پہلی مرتبہ دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ بقیہ دودھ نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی۔ دوڑ کے بعد دوڑ۔

العَلیل: مریض جمع أعِلّاء۔

المُعَلّ والمعلول: مریض۔

العَلیلۃ: مونث علیل۔ عورت جو بار بار خوشبو لگائے جمع عَلیلات وعَلائل۔

الیَعْلُول: سفید حوض پانی کا بلبلا سفید بادل تہ بہ تہ بادل بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ جمع یَعالیل۔ یا زائدہ ہے۔

عَلَبَ (ن) عَلْباً وعَلَّبَ الشیَٔ: کاٹنا۔ نشان لگانا خراش لگانا۔

عَلَبَ (ن) عَلْباً وعَلِبَ (س) عَلَباً سخت ہونا صفت عَلِب۔

عَلُبَ عَلِبَ (استعلب اللحمُ) سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السیفُ: دندانہ دار ہونا

العَلْب: مار کا نشان (ے والعِلْبُ العَلِب) سخت زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ سخت چیز جمع عُلُوب۔ کہا جاتا ہے "رجل عِلْبٌ" سخت ظالم آدمی۔

العُلْبَۃ: چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن جمع عِلاب عُلَب۔

العِلْبَۃ: درخت کی موٹی گرہ جمع عِلَب۔

العِلْباء. گردن کے پہلو کا پٹھا جمع عَلابِیّ کہا جاتا ہے "شَنِجَ عِلْباؤہ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلْثاً الشیَٔ: جمع کرنا۔ الشیَٔ بالشیِٔ ملانا کہا جاتا ہے عَلَثَ البُرَّ بالشعیر گیہوں کو جو میں ملا دیا۔ الزندُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

عَلِثَ (س) عَلَثاً القومُ: آپس میں گتھ کر لڑنا۔

تَعَلَّثَ بالذنوب: حیلہ کرنا مکر کرنا۔ بہ جمعنا۔ الشیَٔ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعْتَلَثَ. بغیر انتخاب کیے ہوئے لینا۔

العَلَث: گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (ے والعلیثۃ) گیہوں جو سے ملا ہوا۔

العُلاثۃ: دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز۔ ادھر ادھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

أعْلاثُ الزاد: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلیث: جو گیہوں کی روٹی۔

العَلِث والمعتلِث: جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَہٗ (ن) عَلْجاً. معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجاً. مضبوط ہونا۔

عالَجَہٗ مُعالَجۃً وعِلاجاً. مشق کرنا۔ المریض بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرملُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَعالَجَ علاج کرنا۔ القومُ: آپس میں جنگ کرنا

اِعْتَلَجَ القومُ: لڑائی کرنا کشتی کرنا۔ اِعْتَلَجَتِ الوحشُ: ایک دوسرے کو مارنا۔ الارضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا۔ الامواجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے اعتلجت الهمومُ فی صدرہ: غم اس کے سینے میں موج مارنے لگے۔ الرملُ: ریت کا جمع ہونا

اِسْتَعْلَجَ جلدُہٗ: کھال کا موٹا ہونا۔ فلان: داڑھی نکلنا۔

العِلْج: گدھا جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر۔ اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں جمع عُلوج و أعلاج وعِلَجۃ۔

رجل عَلِجٌ وعُلَجٌ وعَلَّجٌ وعُلَّجۃٌ مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔

العِلاج: دوا۔ مشق۔ دفاع

العَلَج چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

العَلُوج. پیغام۔ پیغامبر۔

العُلَّعَان: کانٹے دار درخت.
العَلجَم: لمبا اونٹ یا گدھا بہت پانی کا تالاب
العُلجُم والعُلجُوم: بہت سیاہ.
العُلجُوم: بہت کھجوروں والا باغ سمندر کی موج رات کی تاریکی نر مینڈک مینڈھا پہاڑی بکرا بوڑھا بیل. ایک سفید پرندہ. نر بطخ. نر شتر مرغ. بہت پانی. جماعتی لوگوں کی جماعت. ج عَلَاجِم.
عَلِدَ عَلَداً سخت و مضبوط ہونا. صفت عَلِد.
العَلَد: گردن کا پٹھا. ج اَعلَاد.
العَلَنْدَی والعُلَنْدَی من کل شی: سخت و موٹا ج عَلَانِد و عَلَادِی.
العَلَنْدَح من کل شی: سخت و موٹا.
العَلَنْدَس. بہت سخت. العَلَندسۃ مؤنث
العَلَنْدَمِی. پیٹو. بندہ شکم.
عَلِزَ (س) عَلَزاً و عَلَزَاناً بے چین ہونا. صفت عَلِز. عَلِزَ الی الشی: مائل ہونا. مشتاق ہونا — من کذا: بہ تکلف مریض بننا.
اَعلَزَہٗ. عاجز کرنا — ہ الوجعُ: بے چین کر دینا
عَلَسَ (ن) عَلسًا الماء: پینا — الابلُ: اونٹ کا کھانے کے لیے کچھ نہ پانا.
عَلَّسَ الداءُ: مرض کا سخت ہونا — الرجلُ شور مچانا. کہا جاتا ہے "مَا عَلَّسُوہ تَعلِیسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا.
العَلَس و العَلَاس و العَلُوس خوراک. کھانا
العَلَس. گیہوں کی ایک قسم مسور. ایک قسم کی چیونٹی. چچڑی.
المُعَلَّس. تجربہ کیا ہوا.
العِلَّوش. گیدڑ. بھیڑیا.
عَلِصَتِ التُّخمَۃُ فی مَعِدَتِہٖ: بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا.
عَالَصَہٗ عِلَاصًا. ایک دوسرے کو مارنا.
اِعتَلَصَ منہ شیئًا: تھوڑا سا لینا.
العُلْصَۃ. تھوڑا سا.
العِلَّوص. بدہضمی. اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے کہا جاتا ہے "رجل علوص" بدہضمی والا مرد.

عَلَضَہٗ (ض) عَلضًا الوتد ونحوہ: کھونٹی کو اکھیڑنے کے لیے ہلانا.
عَلَطَ (ن ض) عَلطًا و عَلَّطَ الناقۃ: اونٹنی پر داغ لگانا — ہٗ بشرٍّ: بدگوئی کرنا. عَلَّطَ البعیرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا.
تَعَلَّطَ القوسَ: تانت چڑھانا.
اِعتَلَطَ الرجلَ و بہ: جھگڑا کرنا.
اِعلَوَّطَ البعیرَ: اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا — الامرَ: بلا سوچے سمجھے داخل ہونا.
العُلُط من النوق: بے نشان و بے مہار اونٹنی ج اَعلَاط. اَعلَاط الکواکب: بے نام کے ستارے.
العُلْطَۃ. گردن کا پٹہ ج عُلَط.
العِلَاط. گردن کا پہلو آفتاب کی شعاع. لڑائی و جھگڑا. اونٹ کی گردن کی رسی ج اَعلِطَۃ و عُلُط — والاعلیط) اونٹ کی گردن کا نشان.
عَلَفَ (ض) عَلفًا و عَلَّفَ اَعلَفَ الدابۃَ: جانور کو چارہ دینا. عَلَفَ الرجلُ: بہت پینا.
اَعلَفَ و عَلَّفَ الطلعُ: پھلی نکلنا.
تَعَلَّفَ. چارہ ڈھونڈنا.
اِعتَلَفَتِ الدابۃُ: چارہ کھانا.
اِستَعلَفَتِ الدابۃُ: ہنہنا کر چارہ مانگنا.
العِلْف: بہت کھانے والا.
العَلِیف: چارہ ہی کھانے والا ج علائف
المَعلُوفَۃ: چارہ ہی کھانے والا.
العَلَف. چارہ ج عُلُوفَۃ و اَعلَاف و عِلَاف.
العَلَّاف: چارہ بیچنے والا ج عَلَّافَۃ.
العَلِیفَۃ. چارہ ہی کھانے والا جانور ج علائف
العَلُوفَۃ. چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد و جمع)
العُلُوفَۃ: چارہ ج عُلُف.
المَعلَف و المِعلَف تھان. چارہ کھانے کی جگہ ج مَعَالِف.
عُلَّف. ببول کی پھلی.
عَلفَطَ الشیَ بالشیِ: ملانا.
عَلَقَ (ن) عَلقًا و عُلُوقًا البعیر ونحوہ النبات و من النبات: اوپر اوپر سے چرنا — الصبیُّ: انگلیاں چوسنا — عَلقًا الرجلَ: گالی دینا — ہٗ بلسانہٖ: بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا.
عَلِقَتْ (س) عُلُوقًا المراۃُ و کل انثی بالولد حاملہ ہونا — الوحشُ بالحبالۃِ: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا — الدابۃُ: جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا — الشوکُ بالثوب: کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا (— عَلَقًا) الابلُ فی الوادی: چرنے کے لیے جانا.
عَلِقَ (س) عُلُوقًا و عِلقًا و عَلَقًا و عَلَاقَۃً فلانًا و عَلِقَ بہ: محبت کرنا — حُبُّہٗ بقلبہٖ: محبت کرنا کہا جاتا ہے "عَلِقَ منہ کل مَعلَقٍ" یعنی اس کو اس سے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہو گئی. عَلِقَ دمَ فلان: قتل کرنا. ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کے لیے "عَلِقَ مَعَالِقَہٗ" بولتے ہیں (— عِلقًا) امرہ: جاننا. عَلِقَ یفعلُ کذا: کرنے لگا.
عُلِقَ الرجلُ: گلے میں جونک لگایا جانا جس کو لگایا جائے اس کو مَعلُوق کہتے ہیں.
عَلَّقَ الشیَ بالشیِ و علیہ و منہ: لٹکانا — الامرَ: چمٹ جانا — البابَ: دروازہ بند کرنا — بابًا علی دارہٖ: دروازہ لگانا.
عَلِقَہٗ. دل کا مائل ہونا.
اَعلَقَ الرجلُ: جونک لگانا — القوسَ: کمان کو لٹکانے کے لیے علاقہ بنانا — الصائدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا — ظُفرَہٗ بالشی: ناخن چبھو دینا — الشیَ بالشیِ: لٹکا دینا.
تَعَلَّقَ الشی: لٹکانا — الشوکُ بالثوب کانٹے کا کپڑے سے الجھنا — الصیدُ بالحبالۃ شکار کا جال میں پھنسنا (— و اِعتَلَقَ) فلانًا و بہ: محبت کرنا.
العَلَق مص. اور کہا جاتا ہے "فی ثوبہٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے الجھنے سے پھٹن ہے (— والعِلق) ہر چیز کا نفیس. تھیلا. ج اَعلَاق و عُلُوق. کہا جاتا ہے "ہو علق علم" یعنی وہ علم کا شائق ہے.
العَلَق مص. خون. ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی.

لٹکائی ہوئی چیز درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَۃ

العِلْقَۃ: لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔

العُلْقَۃ: درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق جمع عُلَق۔ کہا جاتا ہے "لِی فِی ہٰذا المَالِ عُلْقَۃ" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ یَبْقَ عِنْدَہٗ عُلْقَۃ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔

العُلَق: موت۔ جماعت کثیرہ اشغال۔

العَلَاق: درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوے کے طور پر کھائیں۔

العَلَاقَۃ مص۔ دوستی دشمنی موت گذر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد تعلق۔ محبت جمع عَلَائِق۔ کہا جاتا ہے "لی فی ہٰذا الامر عَلَاقَۃ" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔

العِلَاقَۃ: ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز جمع عَلَائِق

العَلُوق: مصیبت۔ موت ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔

العَوْلَق: بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا بھوک دم۔

العَلِیق جانوروں کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔

العُلَّیق والعُلَّیقی: ایک قسم کی گھاس ہے جو درخت پر پنپتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔

التَّعْلِیقَۃ کتاب کا حاشیہ۔ جمع تَعَالِیق۔

المُعَلَّقَۃ مونث مُعَلَّق۔ وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا ہو

المُعَلَّقَات۔ زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔

المِعْلَق پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔

المِعْلَاق: ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے جمع مَعَالِیق رجل مِعْلَاق: جھگڑالو۔ عوام کے نزدیک مِعْلَاق کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے جگر دل پر ہوتا ہے اور فصیح مَنحَارَۃ ہے۔

عَلْقَمَ الشَّیءُ: کڑوا ہونا۔ — الطعامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا

العَلْقَم۔ اندرائن۔ حنظل ہر کڑوی چیز۔

عَلَکَ (ن ض) عَلْکًا العِلْکَ ونحوہ چبانا — نابیہ: دانت پیسنا۔

عَلَّکَ الجلدَ: کھال کی اچھی طرح سے دباغت کرنا — یدیہ علی مالہ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا

العِلْک ہر گوند جو چبایا جائے جمع عُلُوک و اعلاک۔ ایک ٹکڑے کو اعلکہ کہتے ہیں۔

العِلْکَۃ: وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔

العَلِک لیسدار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے

العَلِاک والعَلَّاک: جو چیز چبائی جائے

العَلَّاک بہت چبانے والا گوند بیچنے والا

عَلَمَہٗ (ن ض) عَلْمًا نشان لگانا عَلَمَ الشَفَۃ ہونٹ چیرنا۔

عَلِمَ (س) عِلْمًا رجل: حقیقت علم کو پا لینا — الشیَ: پہچاننا۔ یقین کرنا — الشیَ وبہ جاننا ادراک کرنا — الامر: مضبوط کرنا۔

عَلِمَ (س) عَلَمًا اوپر کا ہونٹ پھٹنا صفت اَعْلَم

عَلَّمَہٗ تَعْلِیمًا وعِلَّامًا الصنعۃ وغیرہا: سکھانا عَلَّمَ لِعَلَامَۃ: پہچاننے کے لیے علامت مقرر کرنا

اَعْلَمَہُ الامرَ وبالامر: جتا دینا اطلاع دینا

اَعْلَمَ الفرسَ: لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان گھوڑے پر لگانا — الثوب: کپڑے پر نشان بنانا نقش و نگار کرنا — نفسہ: لڑائی کی علامت لگانا — علی کذا من الکتب وغیرہ: علامت لگانا

عَالَمَہٗ علم میں غلبہ کرنا

تَعَلَّمَ سیکھنا — الامر۔ مضبوط کرنا اور تَعَلَّمْ صیغہ امر اِعْلَمْ کے معنے میں ہے۔

اِعْتَلَمَ للماءُ: پانی بہنا — الشیَ: جاننا — الخبرَ پانی میں پہچنا

تَعَالَمَ القومُ الشیَ: جاننا۔

اِسْتَعْلَمَ الخبرَ: خبر دریافت کرنا

العَلَم: کپڑے کا نقش جھنڈا قوم کا سردار جمع اَعْلَام۔ العَلَم: راستہ کا نشان۔ اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منارہ جمع اَعْلَام وعِلَام۔

العِلْم مص حقیقت شی کا ادراک یقین معرفت جمع عُلُوم۔

عَلَامَ: لِی حرف اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے الف حذف کر دیا گیا ہے۔

العَلَامَۃ: نشان۔ راستہ کا نشان۔ جمع عَلَام وعَلَامَات۔

العَالَم: ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ جمع عوالم وعَالَمُون وعَلَالِم۔

العَالِم فا۔ جمع عُلَّام وعَالِمُون۔ — والعَلِیم: موصوف بالعلم جمع عُلَمَاء۔

عَلَّامٌ وعَلَّامَۃ والعَلَّامَۃ مبالغہ کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔

العُلَام والعُلَّام: شکرہ۔ باز۔

العُلَامِیّ: سبک روح۔ تیز فہم۔

العَلُوم مص۔ عالم۔

الاَعْلَم اسم تفضیل وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہو مونث عَلْمَاء جمع عُلْم العَلَم: زرہ۔

الاُعْلُومَۃ۔ علامت جمع اَعَالِیم۔

العُلْمَۃ والعَلَمَۃ۔ اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔

العَیْلَم: سمندر۔ بہت پانی کا کنواں مینڈک موٹا نازک بدن (ن) — والعَیْلَام: نر بجو جمع عَیَالِم وعَیَالِیم۔

المَعْلَم راستہ کی نشانی معلم الشی: چیز کے پائے جانے کی جگہ جمع معالم کہا جاتا ہے "خَفِیَتْ مَعَالِمُ الطَّرِیقِ": راستہ کی نشانیاں مخفی ہو گئیں۔

المَعْلُومِیَّۃ: معلوم کی طرف نسبت

العِلْمَاد والعِلْمَادَۃ جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ جمع عَلَامِد وعَلَامِید۔

عَلَنَ (ن)، وعَلُنَ (ک)، وعَلِنَ (س)، عَلَناً و عَلَانِیَۃً وعُلُوْناً واعْتَلَن واستَعلَنَ الامر ظاہر ہونا صفت عَالِنٌ وعَلِنٌ وعَلِیْن.

عَالَنَ معالنۃً وعلاناً العداوۃ وبالعداوۃ کھلم کھلا دشمنی کرنا

عَالَنَہ واَعْلَنَہ الامر وبالامر وعَلَّنَہ الیہ ظاہر کرنا.

استَعلَن الامر وبالامر: ظاہر کرنے کے درپے ہونا.

العَلَانِیَۃ سہ کھلم کھلا. کہا جاتا ہے رجل عَلَانیۃ یعنی اس کا امر ظاہر ہے. جمع علانُون

العَلَانِی وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو جمع علانیُّون

العُلَنَۃ جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے.

عَلِہَ (س)، عَلَہاً منہمک ہونا متحیر ہونا دہشت زدہ ہونا. بھوکا ہونا. قابل ملامت ہونا گھبراہٹ سے آنا جانا. بدفطرت ہونا صفت مذکر عَلْہان جمع علاہ صفت مونث عَلْہی جمع علاہی.

العَلِہ: وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو وہ شخص جو متحیر ہو کر آئے جائے.

العَالِہ: شترمرغ. عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے مختلف قسم کے ارادے کرے

العَلَہ سہ برائی. غم

علا یعلو علواً: وعلی یعلی علاءً واستعلی الشئ او النہار بلند ہونا علا الرجل: غالب ہونا ــــ ہ بالسیف: تلوار سے مارنا ــــ المکان وبہ چڑھنا ــــ الدابۃ. جانور پر سوار ہونا علا فی الارض تکبر کرنا علا بہ: بلند کرنا ــــ الامر ولہ: طاقت رکھنا صفت عالٍ ــــ بالامر مستقل ہونا ــــ قرنہ ہمسر پر غالب آنا علت بہ الیمین عن فلان: کسی کا کلمہ کا ناموافق ہونا علاء علی فی المکارم: درجہ میں بلند ہونا. اِعلی الشئ: قوی ہونا غالب ہونا.

عَلَی واَعْلَی الشئ: چڑھنا.

عَلَّی واَعْلَی وعالی الشئ بلند کرنا علی الکتاب عنوان لکھنا علی واعلی المتاع عن الدابۃ: اتارنا علی اللہ فلاناً: اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا عالی الشئ وبہ: چڑھنا. کہا جاتا ہے عالِ عنی یعنی مجھ سے دور ہو.

تَعَلَّی الرجل: آہستہ آہستہ چڑھنا. تَعَلَّتِ المرأۃ من مرضہا صحت پانا.

تَعَالی. بلند ہونا. تَعَالَتِ المرأۃ من مرضہا صحت پانا. تعالَ: آجا (فعل امر)

اِستَعلی النہار: بلند ہونا ــــ ہ: غالب ہونا ــــ واعلولی الشئ: چڑھنا.

عَلُ اسم ہے بمعنی فوق. جب معرفہ ہو تو من علُ مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں من علٍ کہا جاتا ہے اور اتیتہ من عَلا بھی کہا جاتا ہے.

العَلاء والعُلی: بلندی. شرافت.

العَلِی والعَلَایَۃ بلند جگہ کہا جاتا ہے ہم علی القوم: یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں

علوا الشئ وعُلُوۃ وعِلوۃ وعُلَاوۃ بلندی کہا جاتا ہے اخذہ عُلواً یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا

العِلَاوَۃ من کل شئ ہر چیز میں سب زیادہ. بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے سر یا گردن کا اوپر کا حصہ جمع علاوی وعلاوی. کہا جاتا ہے اعطیتک الف دینار ودینار اعلاوۃ میں نے تجھ کو ہزار دینار دیے اور ایک دینار زائد دیا.

العَلَاۃ نہائی. بلند اونٹنی جمع علوات وعَلا

العَلِی: اللہ تعالی کے اسمائے حسنی میں سے ایک نام. بلند شریف سخت جمع عَلِیُّون وعِلیۃ. کہا جاتا ہے ہم علیۃ القوم یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں.

العِلِی: بلندی.

العَلَوِی: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی جانب نسبت جمع علویۃ

العُلِیَّۃ والعِلِیَّۃ: بالاخانہ جمع عَلَالِی کہا جاتا ہے ہو من عُلِیَّۃ قومہ وعِلِّیتہم وعِلیہم وعُلیہم یعنی وہ اپنی قوم میں صاحب رفعت وشرف ہے

العالی: رجلٌ عالی الکعب: شریف کہا جاتا ہے اتیتہ من عالٍ یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا.

العالیۃ. مونث عالی نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلی جمع عالیات وعوالٍ. العوالی نیزے. العوالی: مدینہ طیبہ کے اردگرد کے گاؤں. اور ان کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عالی وعُلوی کہتے ہیں عالیۃ الشئ: چیز کا بلند حصہ. عالیۃ الوادی وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے.

الاَعْلی اسم تفضیل: زیادہ بلند. کہا جاتا ہے ہو اعلی بہم عیناً یعنی وہ لوگوں کے احوال و کوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے مونث عُلیا جمع عُلی.

المُعتَلی: شیر.

العُلْیَا والعَلْیَا: ہر بلند جگہ. کہا جاتا ہے شفۃ عُلیاء وعَلیاء. العَلیاء: پہاڑ کی چوٹی آسمان

العِلِّیُّون: اعلی جنت کا نام. اور یہ جمع عِلِّی کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں. اور تونگر اور اہل شرافت کو اہل عِلِّیین کہتے ہیں. اور پست درجے کے لوگوں کو سِفلیُّون.

العِلیان العَلَیان موٹا لمبا. کہا جاتا ہے رجل علیان وامرأۃ علیان. بڑا بجو.

العِلیان والعِلِّیَّان: بلند آواز.

العُلیان: کتاب کا عنوان.

المَعلاۃ: شرف و بلندی جمع معالی

المُعلی: جوے کا ساتواں تیر.

الحروف المُستعلیۃ: خ ص ض ط ظ غ ق

عَلْوَنَ علونۃً وعَلوَاناً الکتاب: خط پر پتہ لکھنا.

عُلوانُ الکتاب: سرنامہ.

عَلِیَ یَعلَی عَلیاً وعُلِیّاً السطح: چڑھنا.

العُلی والعِلی والعُلیا والعَلیاء والعِلیان والعُلیان والعَلایۃ والعِلیۃ والعُلِی والعِلِیّ مادہ ع ل و میں ذکر ہو چکا.

علی: حروف جر میں سے ہے. مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے

(۱) استعلاء: جیسے حُمِلَ علی الدابۃ (جانور پر لادا گیا)

(۲) مصاحبت. جیسے بَذَلَ المالَ علی الفقر (مال کو باوجود فقر کے خرچ کیا)

(۳) مجاوزۃ یعنی عن جیسے رَضِیَ عَلَیہِ ای رضی عنہ یعنی وہ اس سے راضی ہوا۔
(۴) تعلیل جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِی (کس وجہ سے تم مجھ کو مارتے ہو)۔
(۵) ظرفیت جیسے دَخَلَ المَدِینَۃَ عَلٰی حِینِ غَفْلَۃٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہوا)۔
(۶) موافقت با جیسے اِرْکَبْ عَلَی اسْمِ اللّٰہِ (اللہ کے نام سے سوار ہو)
(۷) استدراک جیسے عَلٰی اَنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَیْرٌ مِّنَ البُعْدِ (لیکن گھر کا قرب دوری سے بہتر ہے۔)
(۸) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن کے بعد ہو جیسے اقام من علی جناح الہیکل (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَیَّ کذا وکذا یعنی مجھ کو اتنا دو۔ علیک زیدا یعنی زید کے ساتھ لازم رہو۔ علیک بکذا یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو۔ اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے۔

عَمَّ (ن) عُمُوماً الشیءُ: عام ہونا۔ المطرُ الارضَ بارش کا ساری زمین کو عام ہونا۔ عَمّاً القومَ بالعطیۃ سب کو شامل کرنا۔ عُمُومَۃً چچا ہونا۔

عُمَّ راسُہ عَمّاً وعُمُماً پگڑی پہنا جانا عُمِّمَ الرجلُ سردار بنایا جانا۔

اَعَمَّ: معزز چچوں والا ہونا۔

عَمَّمَہ: عمامہ کرنا — ہ: عمامہ بندھوانا۔ ہ الامرَ کسی امر کا قلادہ ڈالنا۔

اِعْتَمَّ وتَعَمَّمَ واِسْتَعَمَّ عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ النَّبَاتُ طویل ہوگیا "تَعَمَّمَتِ الآکامُ بالنبت" ٹیلے نباتات سے بھر گئے گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے۔ تَعَمَّمَہ: چچا کہہ کے پکارنا۔

اِسْتَعَمَّہ: چچا بنانا۔

العَمُّ مہ جماعت کثیرہ چچا جمع عُمُومَۃٌ واَعْمَام واَعْمُمٌ۔ اور نسبت کے لیے عَمِّیٌّ۔ ر — والعُمُّ لمبے لمبے کھجور کے درخت۔

العَمَّۃُ پھوپھی جمع عَمَّات۔

العِمَّۃُ عمامہ باندھنے کی ہیئت

رجل عَمِّیٌّ عام۔

العَمَمُ جسم کا کمال۔ جوانی اور مال وغیرہ کا کمال

العَمَمُ کثرت۔ اجتماع عامۃ کا اسم جمع ہر معاملہ کا عام وشامل رجل عَمَمٌ کامل العقل کامل الخیر کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فلان علی عَمَمِہٖ"۔

العُمُومُ مہ۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کے لیے عُمُومِیٌّ۔

العِمَامَۃُ پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے جمع عَمَائِم وعِمَام کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَہٗ" وہ خوش حال ہوگیا۔ العِمامۃ قحط کال۔ قیامت۔

العَامُّ سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص

العَامَّۃُ مونث عام۔ عامۃ الناس۔ عام لوگ جمع عَوَامّ کہا جاتا ہے جَاءَ القَومُ عَامَّۃً یعنی قوم سب کی ساری آئی۔

العَمِیمُ ہر وہ چیز جو اکٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا ہر چیز کا کامل۔ جمع عُمُمٌ۔

العَمِیمَۃُ من النساء: پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت نَخْلَۃٌ عَمِیمَۃٌ لمبا کھجور کا درخت۔ جمع عُمٌّ

الاَعَمُّ اسم تفضیل جماعت کثیرہ موٹا

المِعَمُّ مجیز۔ عام فیض والا۔

المُعَمَّمُ سردار جس کو قوم نے مقتدیٰ مان لیا ہو

العَمْبَرُ: عنبر۔

عَمَتَ (ض) عَمْتاً وعَمَّتَ الصوفَ اون کی بھونی بنانا عَمَتَہٗ: مغلوب کرنا۔ مقصد ہو شا دینا اور عصا وغیرہ لاٹھی سے مارنا۔

رجل عَمِیتٌ۔ ظریف دلاور۔ عالم زیرک

العَمِیتُ۔ نگہبان بچھڑا ظریف مدہوش وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے جمع عَمَائِت۔

العَمِیتَۃُ۔ اون کی بھونی جمع عَمَائِت وعُمُتٌ واَعْمِتَۃ۔

عَمَجَ (ن) عَمْجاً۔ پانی میں تیرنا — فی سیرہٖ دوڑنا (د — وتَعَمَّجَ السیلُ اوالحیۃُ: پیچدار ہونا۔

العَمَجُ والعُمَّجُ والعَوْمَجُ۔ سانپ۔

عَمَدَ (ض) عَمْداً السقفَ چھت میں ستون لگانا — للشیءِ والی الشیءِ قصد کرنا — الی الرجل کسی کا ارادہ کرنا — الشیءَ: گرانا — ہ۔ ستون ہو مانا — ہ المرضُ اوالامرُ دبلا کرنا تکلیف پہنچانا۔

(س — وعَمَّدَ) الولدَ: بپتسمہ دینا عَمَّدَ السیلَ: بند لگانا

عَمِدَ (س) عَمَداً علیہ: غضبناک ہونا — بہ: لازم ہونا — الثری: تر کرنا — بہٖ: عیب کرنا — فلان: درد مند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمِدَنِی الامرُ فَعَمِدْتُ" یعنی معاملے نے مجھے دردمند کر دیا اور میں درد مند ہوا۔

اَعْمَدَ الشیءَ: ستون لگانا۔

تَعَمَّدَ الامرَ: قصد کرنا — (اعتمد) بپتسمہ کرانا۔ اِعْتَمَدَ الحائطَ وعلی الحائطِ: دیوار پر ٹیک لگانا۔ اِعْتَمَدَہٗ واعْتَمَدَ علیہ: بھروسہ کرنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَدَ لیلتَہٗ: رات میں سوار ہو کر جانا۔

اِنْعَمَدَ الشیءُ: ستون کے بل کھڑا ہونا۔

العَمْدُ مہ۔ کہا جاتا ہے "فعلہ عَمْداً وعن عَمْدٍ" جان بوجھ کر کیا۔ "فَعَلَہٗ عَمْدَ عَیْنٍ وعَمْداً علی عَیْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔

العَمَدُ۔ وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَمَدُ الثَّرٰی" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔

العُمْدَۃُ جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے لشکر کا پیغام بر۔ جمع عُمَد۔

العِمَادُ جس کا سہارا لیا جائے جمع عُمُد وعَمَد بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمادۃ۔ اور یہ عَمَّدَ الولدَ (یعنی بپتسمہ دینا) سے اسم ہے۔ لشکر کا پیغام بر۔ اہل العماد: بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے "فلان طویلُ العِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لیے علامت ہے "ہو رفیعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے

العَمُودُ۔ ستون سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا جمع اَعْمِدَۃ وعُمُد وعَمَد۔ العمود: سردار لشکر کا پیغام بر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔ عَمُودُ البطن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضربہ علی عَمُودِ بطنہٖ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔ عَمُودُ المیزان ترازو کی ڈنڈی۔ عَمُودُ الصبح: صبح کی روشنی۔ عمودُ النسب

جو خط مستقیم پر سیدھ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامُوا عَلَى عُمُودِ رَأْيِهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں۔ أَہْلُ الْعَمُودِ وَأَہْلُ الْعَمَدِ: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔ العمود او الخط العُمُودِي عند المهندسين: وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویے برابر برابر نکلیں۔



ب ت عمود یا خط عمودی۔

العَامِدُ مؤنث عامدة۔ ليلة عامدة: لمبی رات۔

العَمِيدُ: سخت غمزدہ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِيدُ القَوْمِ: قوم کا سردار جمع عُمَدَاء۔ عَمِيدُ الأَمْرِ: قوام امر۔ عَمِيدُ الوَجَعِ: درد کا مقام۔ العميد: وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔

المَعْمُودِيَّةُ: بپتسمہ۔

العُمُدُّ والعُمُدَّانِيُّ: کامل ترین نوجوان

العَمَيْدَلُ: نازک بدن لڑکا۔

عَمَرَ (ن) عَمْرًا۔ المنزلُ بأهله: آباد ہونا — المنزلَ: آباد کرنا صفت مفعولی مَعْمُور — الدَّارَ: گھر تعمیر کرنا۔ اور اسم العِمَارَة ہے — بالمكانِ: اقامت کرنا — ہ اللہُ: زندہ رکھنا — عَمَارَةً اللهُ منزلَه: آباد کرنا۔

عَمِرَ (س) عُمْرًا و عَمَارَةً و عَمْرًا الرجلُ حياتَه: لازم پکڑنا۔ عمرته كذا: زندگی بھر کے لیے دینا — عَمْرًا و عَمَارَةً ربَّه: عبادت کرنا، خدمت کرنا، روزہ رکھنا نماز پڑھنا — عَمْرًا و عُمْرًا و عَمَارَةً و عُمُرًا (س) عَمْرًا و عُمْرًا و عَمَارَةً: لمبی عمر پانا۔ (ــ و عَمُرَ (ک) و عَمِرَ (س) عَمَارَةً) المالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔

عَمَّرَ و أَعْمَرَ المنزلَ: آباد کرنا۔ عَمَّرَهُ و أَعْمَرَهُ أرضًا: زندگی بھر کے لیے دیدینا۔ عُمِّرَ الرجلُ: لمبی زندگی پانا۔ عَمَّرَهُ اللهُ: زندہ رکھنا۔ عَمَّرَ الثوبَ: کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ أَعْمَرَكَ اللهَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا۔ أَعْمَرَهُ المكانَ: آباد کرنے کے لیے دینا۔ أَعْمَرَ الأرضَ: آباد پانا۔ أَعْمَرَ عليه: غنی کرنا۔

اِعْتَمَرَ المكانَ: قصد کرنا، زیارت کرنا، کہا جاتا ہے "جَاءَ فلانٌ مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لیے آیا "اِتَّخَذْنَا نَادِيًا مُعْتَمَرَةً" ہم نے ایک مجلس بنا لی جس میں بیٹھتے ہیں۔ اِعْتَمَرَ الرجلُ: پگڑی باندھنا۔

اِسْتَعْمَرَهُ فِي المكانِ: آباد کرنا جیسے اِسْتَعْمَرَ اللهُ عِبَادَهُ فِي الأَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔

العُمْرُ: زندگی جمع أَعْمَار۔ دین۔ اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِي" "وَلَعَمْرُ اللهِ و عَمْرَ اللهِ"۔ العَمْرُ: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ جمع عُمُور۔

العَمْرَانِ: حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔

العُمُرُ والعُمْرُ: زندگی، عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔ العُمُرُ: مسجد گرجا دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔

عُمَرُ: علم ہے اور علمیت و عدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے خلیفہ ثانی کا نام ہے۔ العُمَرَانِ: حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

عَمْرٌو علم ہے۔ اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفہ ثانی کے نام سے امتیاز کے لیے واؤ لگایا جاتا ہے۔ جمع عُمْرُون و أَعْمُر و عُمُور۔ أُمُّ عَمْرٍو: بجو کی کنیت

العُمْرَانُ: آبادی

العَمَرُ ہ۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال

العِمَرَةُ: ہر وہ چیز جو سر پہ رکھا جائے جیسے تاج پگڑی وغیرہ۔ أَبُو عَمْرَةَ: بھوک اور افلاس کی کنیت

العُمْرَةُ: آباد مکان کا ارادہ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروة کا نام۔ جمع عُمَر و عُمُرَات۔

العَمَارُ: سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے تھے۔

العَمَارَةُ ہ۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے پھولوں کا دستہ جو بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔ بڑا قبیلہ۔ قبیلہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔

العِمَارَةُ ہ۔ جس سے مکان کی آبادی ہو۔ چھوٹا قبیلہ۔

العُمَارَةُ: عمارت کی مزدوری

العُمْرَى: وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر کے لیے دیدیا جائے۔

مَكَانٌ عَمِيرٌ: آباد۔ ثَوْبٌ عَمِيرٌ: گف کپڑا۔

العَامِرُ ما۔ گھر کا رہنے والا جمع عُمَّار مؤنث عَامِرَة جمع عَوَامِر۔ مَكَانٌ عَامِرٌ: آباد جگہ۔ تم کہتے ہو "تَرَكْتُهُمْ عَامِرِينَ بمكانِ كذا": یعنی میں نے ان کو فلاں جگہ میں آباد چھوڑا۔ العَامِرُ: بجو کا بچہ۔ أُمُّ عَامِرٍ: بجو۔ عَوَامِرُ البُيُوتِ: سانپ وغیرہ۔ واحد عامر و عامرة۔

العَمِيرَةُ: شہد کا چھتہ۔ بڑا قبیلہ جمع عَمَائِر۔

العَمَّارُ: صیغہ مبالغہ۔ قوی الایمان۔ بردبار۔ صاحب وقار۔ موت تک امر و نہی پر قائم رہنے والا اچھی تعریف والا۔

العُمَّارُ: جنات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور یہ جمع ہے عامر کی

المَعْمَرُ: آباد۔ خوشحال جگہ۔

المُسْتَعْمَرَةُ: نوآبادی (مولدة)

العَيْمُورُ: بکری کا بچہ۔ چھوٹی بھیڑ جمع عَيَامِير

العَمَرَّدُ: ہر چیز کا لمبا۔ جوش۔ قوی سخت مزاج مرد۔ شیر نر۔ بھیڑیا۔

العَمَرَّسُ: مرد قوی۔ العُمْرُوسُ: بکری کا بچہ جمع عَمَارِيسُ۔

العَمَرَّطُ: چور، سرکش جمع عَمَارِط و عَمَارِيط و عَمَارِطَة۔

العَمَرُّطُ: جوان سبک دلیر بلا مصیبت

عَمَسَ (ن) عَمْسًا الكتابَ: مٹانا — الأمرَ دیدہ دانستہ جاہل بننا۔ عَمَسَ و أَعْمَسَ الشيءَ: چھپانا

عَمِسَ (س) و عَمُسَ (ک) عَمَسًا و عَمَاسًا و عُمُوسًا و عَمَاسَةً۔ اليومُ: سخت ہونا۔ تاریک ہونا

عَامَسَهُ مُعَامَسَةً: راز بتانا۔ تَعَمَّسَ: چھپانا۔

تَعَامَسَ تغافل کرنا — عنہ: نہ جانے والا ظاہر کرنا کہا جاتا ہے تَعَامَسَ عَلَیَّ یعنی اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو تہ میں رکھا.

العَمَسُ و العَمَاسُ العَمُوسُ العَمِیْسُ مشکل کام یَوْمٌ عَمَاسٌ سخت دن. حَرْبٌ عَمَاسٌ و عَمِیْسٌ سخت لڑائی لَیْلٌ عَمَاسٌ: بہت تاریک رات العماس قوی شیر مصیبت ج عُمُس و عُمْس

العَمُوْسُ و المُعَامِسُ: وہ شخص جو کاموں کو نادانوں کے مانند بے باکانہ کرے.

امر مُعَمَّسٌ: سخت کام

عَمِشَتْ (س) عَمَشًا عینہ. آنکھ کا کمزور ہونا. چندھا ہونا. صفت مذکر اَعْمَش صفت مونث عَمْشَاء ج عُمْش — فیہ الکلامُ: کلام کا اثر کرنا.

عَمَشَہٗ (ن) عَمْشًا. بلاقصد مارنا — الولدَ لڑکے کا ختنہ کرنا.

عَمَّشَ و تَعَامَشَ عن الشیٔ. غافل ہونا عَمَّشَ اللہ چندھے پن کو دور کرنا.

اِسْتَعْمَشَہٗ: بے وقوف جاننا.

العُمْشُوْش: انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ دانے کھا لیے گئے ہوں.

عَمَطَ (ن) عَمْطًا و اَعْمَطَ عِرْضَہٗ: عیب لگانا بے آبرو کرنا

عَمُقَ (ک) و عَمِقَ (س) عُمْقًا المکانُ او الطریقُ دور ہونا کشادہ اور لمبا ہونا صفت عَمِیْق ج عُمُق و عُمَق و عِمَاق

عَمُقَتْ (ک) عُمْقًا و عَمَاقَۃً البئرُ ونحوہا. گہرا ہونا صفت عَمِیْقَۃٌ ج عَمَائِق.

اَعْمَقَ و عَمَّقَ و اَعْمَقَ البئرَ: کنوئیں کو گہرا کرنا کہا جاتا ہے عَمَّقَ النظرَ فی الامور اس نے امور میں گہری نظر ڈالی.

تَعَمَّقَ فی الامر: معاملے کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا — فی کلامہ: خوب چرب زبانی سے گفتگو کرنا.

العَمْقُ و العُمْقُ و العُمُق گہرائی العَمْق و العُمْق جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو. ج اَعْمَاق.

العَمِیْق: حق دار تحقیق کہا جاتا ہے فیہ عَمِیْق یعنی اس کے بارے اس میں حق دار تحقیق ہے

العُمْقَۃ: برتن کی تہ میں گھی کا میل.

رجلٌ عَمِیْقُ الکلام. ایسا شخص جس کی بات بہت گہری ہو

عَمِلَ (س) عَمَلًا. کام کرنا. محنت کرنا — للامیر علی بلاد: عامل بننا. حاکم بننا — علی الصدقۃ صدقہ جمع کرنے کی کوشش کرنا — البرقُ بجلی کا لگاتار چمکنا. عملت الکلمۃُ فی الکلمۃ ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ میں اثر کرنا اعراب دینا.

عَمَّلَہٗ. عمل کی اجرت دینا — ہٗ علی البلدِ عامل بنانا حاکم بنانا. کہا جاتا ہے عُمِّلَ فلانٌ علیہم یعنی فلاں شخص ان کے اوپر حاکم بنایا گیا.

اَعْمَلَہٗ. عامل بنانا حاکم بنانا. اَعْمَلَ الرمحَ صدر نیزہ سے مارنا — [illegible] او الرای: استعمال کرنا — الکلمۃ فی الکلمۃ: کلمے کا دوسرے کلمے پر اثر کرانا — الرجلَ: اجرت دینا

عَامَلَہٗ مُعَامَلَۃً. عمل کی تکلیف دینا معاملہ کرنا.

تَعَمَّلَ لکذا: عمل کو برداشت کرنا — من اجل فلانٍ او فی حاجتہ: کوشش کرنا درپے ہونا.

تَعَامَلَ القومُ: بعض کا بعض کے ساتھ معاملہ کرنا.

اِعْتَمَلَ: کام میں مضطرب ہونا اثر قبول کرنا اپنے لیے کام کرنا.

اِسْتَعْمَلَہٗ عامل بنانا عمل کرنے کو کہنا استعمل الآلۃ: آلہ استعمال کرنا — الثوبَ. کپڑا استعمال کرنا. اُسْتُعْمِلَ فلانٌ: شاہی اعمال میں سے کسی عمل کے لیے مقرر ہونا.

العَمَل مص. ارادۂ فعل (ج — والعَامِلِیَّۃ) وہ جس پر عامل والی ہو ج. عُمَّال و اَعْمَال البلدِ: ملک کے مضافات.

العَمِل. کاریگر. پسندیدہ کاریگر. بَرْقٌ عَمِلٌ: لگاتار چمکنے والی بجلی

العَمِلَۃ مونث عمل: وہ جو کیا جائے

العِمْلَۃ: ایک مرتبہ کا عمل خیانت چوری

العِمْلَۃ: عمل کی ہیئت جو عمل کیا جائے.

(— و العُمْلَۃ) عمل کی اجرت. اور عوام اس کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں

العَامِل فا کام کرنے والا وہ شخص جو کسی کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو ج. عُمَّال و عَامِلُوْن و عَمَلَۃ ریس والی حاکم عَامِلُ الرمحِ نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ

العَامِلَۃ مونث عامل ج عَامِلَات و عَوَامِل عَامِلَۃُ الرمحِ نیزے کے پھل کے قریب کا حصہ

العَوَامِل: پاؤں کھیتی اور دائیں کرنے کے بیل

العَمَّال. صیغہ مبالغہ مونث عَمَّالَۃ.

العِمَالَۃ: عامل کا پیشہ. العِمَالَۃ العَمَالَۃ العُمَالَۃ عامل کی اجرت عوام کہتے ہیں العُمُوْلَۃ. کمیشن ایجنٹ

العَمُوْل مزدور

العَمِیْل عند التجار: ایجنٹ آڑھتی شریک عمل ج عُمَلَاء.

المَعْمَل کارخانہ. کام کرنے کی جگہ ج مَعَامِل.

المُعَامَلَات. کاروباری معاملات. احکام شرعیہ جن کا تعلق امور دنیوی سے ہو جیسے بیع و شراکے احکام.

المُسْتَعْمَل مفع: استعمال کیا ہوا.

الیَعْمَل و الیَعْمَلَۃ کام کرنے والا اونٹ. اونٹنی ج یَعَامِل یَعْمَلَات.

عَمَنَ (ض) و عَمِنَ (س) عَمْنًا بالمکان: اقامت کرنا.

عَمَّنَ و اَعْمَنَ الرجلُ. ملک عمان میں جانا کسی جگہ میں ہمیشہ رہنا.

العَمُوْن. اقامت کرنے والا ج عُمُن.

عَمِہَ و عَمَہَ (ف س) عَمَہًا و عُمُوْہًا و عُمُوْہِیَّۃً و عَمَہَانًا و تَعَامَہَ حیران ہونا گمراہی میں بھٹکنا صفت عَمِہ ج عَمِہُوْن و عَامِہ ج عُمَّہ.

عَمِہَ (س) عَمَہًا المکانُ: بے نشان و بے علامت ہونا صفت مذکر اَعْمَہ صفت مونث عَمْہَاء ج عُمْہ

عَمَّہَ فی ظلم فلان: ناحق ظلم کرنا.

العَمَہ مص. بصیرت کا فقدان.

عَمِیَ یَعْمیٰ عَمیً. اندھا ہونا. دل کا اندھا ہونا اور جاہل ہونا ــ عن الشی وعنہ: ہدایت نہ پانا ــ علیہ مشتبہ ہونا کہا جاتا ہے عُمِّیَتِ الاخبارُ عن فلانٍ یعنی پوشیدہ ہوگئیں.

عَمِیَ عَمایۃً. اصرار کرنا گمراہ ہونا.

عَمیٰ یَعْمِی عَمْیاً السحابُ: بہہ پڑنا ــ الموج جھاگ پھینکنا ــ فلانٌ: سخت گرمی میں آنا.

عَمّیٰ تَعْمِیَۃً المعنیٰ: معنی پوشیدہ رکھنا ــ و اَعْمیٰ الرجل: اندھا کرنا. اندھا پانا.

تَعَامیٰ. بتکلف اندھا بننا.

تَعَمّیٰ تَعَمِّیاً: اندھا ہونا.

اِعْتَمیٰ اِعْتِماءً الشیَ: چننا قصد کرنا.

العَمِیَّۃ والعُمِّیَّۃ والعَمَایۃ والعَماءُ ق: گمراہی. گمراہی پر اصرار.

العِمِیَّۃ والعُمِّیَّۃ: غرور، گمراہی.

العَمِی. اندھا ج عَمُون مونث عَمِیَۃ ج عَمِیات

الاَعْمیٰ: اندھا ج عُمْی وعُمْیان واَعْماء وعُماۃ مونث عَمْیاء. الاَعْمیٰ: جاہل. کہا جاتا ہے رجل عمی القلب: یعنی جاہل آدمی.

العَامِیَۃ: بہت گریہ وزاری کرنے والی عورت

العَماءُ: بلند بادل. موسلا دھار برسنے والا بادل

الاَعْمَیان: سیلاب و آتش زدگی.

المَعْمِیَۃ: بے نشان زمین ج مَعَامی.

مکان عَمِیٌّ واَعْمیٰ: ایسی جگہ جس میں ہدایت نہ ملے

العَامِیُ: وہ شخص جو اپنے راستے کو نہ دیکھتا ہو

المُعَمّیٰ منہ ــ من الکلام: چیستان پہیلی

عَنْ: حروف جر میں سے ہے اور معانی ذیل میں مستعمل ہے.

(۱) مجاوزۃ. جیسے تَرَحَّلْ عَنْ مَکَانٍ فِیہِ ضَیْمٌ: اس جگہ سے چل دے جہاں ظلم ہو (۲) بدل جیسے یوم لا تجزی نفسٌ عن نفسٍ شیئاً: وہ یوم جس میں کوئی نفس کسی نفس کا بدلہ نہیں دے گا (۳) تعلیل جیسے ما فعل ذٰلک الا عن اضطرار: اس نے اس کو مجبور ہوکر کیا (۴) بعد جیسے عن قلیل تری. تھوڑی دیر کے بعد تجھے معلوم ہوجائیگا (۵) استعلاء جیسے اٰحْبَبْتُ الاِحْسَانَ اِلیٰ الفُقَراءِ عَنْ کَثْرَۃِ الصَّلَاۃ. میں نے فقراء کے ساتھ اچھے سلوک کو کثرت نماز پر ترجیح دی اور کبھی اسم ہوکر جانب کے معنے میں آتا ہے اور اس وقت اس پر حرف جر داخل ہوتا ہے جیسے جلس مِن عن یسار الخَلِیفَۃ: خلیفہ کی بائیں جانب بیٹھا.

عَنَّ (ن ض) عَنّاً وعَنَناً وعُنُوناً واعْتَنَّ لہ الشی: سامنے ظاہر ہونا. پیش آنا. عنّ عن الشی اعراض کرنا. عنّ فلاناً: گالی دینا. عَنّ وعَنّنَ الکتاب عنوان لکھنا. وعَنَّیْتُ الکتاب ایک نون کو یا سے بدل کر بھی کہتے ہیں.

عَنّ وعَنَّنَ واَعَنَّ اللجامَ: لگام میں ڈوری لگانا

عَنّ واَعَنّ الفرسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا

عَانّہ مُعَانّۃً وعَنَاناً مقابلہ کرنا.

العَانّ فا. لمبی رسی. پھیلا ہوا بادل.

العَانّۃ. مونث العانّ. بادل.

العُنّۃ. رسی. اونٹ یا گھوڑوں کے بیچ لکڑی کا باڑہ. ہانڈی رکھنے کا چولھا.

العَنَان: بادل. والعَنَانۃ بادل کا ایک ٹکڑا. عَنَانُ السماء: آسمان کی بلندی عَنَانُ الدارِ گھر کا کنارہ. گھر کا گرداگرد.

العِنَان مص. لگام کی رسی ج اَعِنّۃ وعُنُن کہا جاتا ہے ہو قَصِیرُ العِنَان یعنی وہ بے خیر آدمی ہے رجلٌ طویلُ العنان" شریف آدمی و اَبِیّ العنان" خوددار. و استلا عنانہ" جب کہ اپنی کوشش کو پہنچ جائے ذلّ عنانہ یعنی تابع وفرماں بردار ہوگیا. و ہما یجریان فی عنانٍ" جبکہ دو فضیلت و خیر میں برابر ہوں و جری الفرسُ عِنَاناً" یعنی ایک چکر دوڑا. و کَبَا فِی عِنَانِہ یعنی اپنے چکر میں ٹھوکر کھا گیا و اَرْخِ من عِنَانِہ یعنی اس کو ڈھیل دیدو. و شرکۃ العِنَان: دو آدمیوں کا مخصوص مال میں شرکت کرنا. العِنَان: سامنے آنے والی چیز.

العَنَن: سامنے آنے والی چیز. کہا جاتا ہے عنانک ان تفعل کذا: انتہائی یہ ہے کہ تم ایسا کرو.

الاَعْنَان: درخت کے اطراف. اَعْنَانُ السماء آسمان کے اطراف افق

العَنّان. بہت سبقت لیجانے والا.

المِعَنّ: لایعنی امور میں دخل دینے والا خطیب مونث مِعَنّۃ.

المَعْنُون. مجنون. پاگل

عَنَّبَ الکرمُ: انگور کی بیل میں انگور آنا.

العِنَب: انگور ج اَعْنَاب ایک دانے کو عِنَبَۃ کہتے ہیں.

العَنّاب: انگور بیچنے والا. عِنَب الثعلب مکوے.

العُنَابُ والاَعْنَب: بڑی ناک والا.

العُنّاب: عناب. ایک دوا کا نام واحد عُنّابَۃ.

عَنْبَرَ الشیَ: عنبر سے خوشبودار کرنا.

العَنْبَر: ایک قسم کی خوشبو. زعفران ایک قسم کی بڑی مچھلی. ڈھال جو عنبر مچھلی کی کھال سے بنائی جاتی ہے ج عَنَابِر.

عُنْبُرُ الشتاء وعُنْبُرَتُہ: سردی کی شدت.

عَنْبَرَۃُ القِدر: پیاز.

العَنْبَرِیّ. عنبر سے معطر کی ہوئی شراب.

عَنِتَ (س) عَنَتاً. دشواری میں پڑنا مصیبت سے ہلاک ہونا گناہ کرنا ــ الشیٔ: خراب و فاسد ہونا ــ العظم: درستی کے بعد ٹوٹ جانا صفت عَنِت

عَنّتَہ: سختی کرنا. ایسی چیز لازم کرنا جس کا ادا کرنا دشوار ہو. عَنّت الشی العظم المجبور: درست شدہ ہڈی کو توڑ دینا عنّت فی الجبل: پہاڑ پر چڑھنا.

اَعْنَتَ الجابرُ الکسیرَ: جڑے ہوئے کو پھر توڑنا ٹوٹے ہوئے کی دیکھ بھال نہ کرنے کی وجہ سے فساد زیادہ ہونا ــ الراکبُ الدابۃَ: جانور پر سختی سے زیادہ لادنا ــ الرجلَ. ہلاکت میں ڈالنا.

تَعَنّتَہ. تکلیف پہنچانا. کسی کی لغزش کو ڈھونڈنا تعنّت الرجلَ وعلیہ فی السوال: بطریق تلبیس سوال کرنا.

العَنُوت: دشوار گذار ٹیلہ.

عَنْتَرَ عَنْتَرَةً. لڑائی میں بہادری کرنا. عنترہ بالرمح: نیزہ مارنا عَنْتَرَ الذُّبَّةُ: مکھی کا بھبھنانا.
العَنْتَرُ والعُنْتُرُ والعَنْتَرَ: مکھی نیلی مکھی. واحد عَنْتَرَةٌ.
عَنْتَلَ الشَّیَٔ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا.
العُنْتُل. سخت ضِباعٌ عَنَاتِل. شکار کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والے بجو.
العَنَثَةُ العَنْثَةُ العِنْثَةُ: حلی نام ایک قسم گ گھاس جبکہ وہ خشک اور سیاہ ہو جائے ج عِنَاث
العَنْثُوَةُ العُنْثُوَةُ: یعنی عَنَثَة ج عَنَاثِی.
العَثْنُوَة: ٹھوڑی کے بال.
عَنَجَ (ن ض) عَنْجًا واَعْنَجَ الشَّیَٔ: کھینچنا ــ الدلو ڈول کو رسی سے باندھنا.
العِنَاجُ: چمڑہ کا وہ رسی جس کو بڑے ڈول کے نیچے باندھتے ہیں ج اَعْنِجَۃ و عُنُج.
عُنُجُ الهودج: ہودے کے دروازے کا بازو
العُنْجُج: بڑا.
العُنْجُج: جنگلی ریحان.
العُنْجُوجُ: عمدہ گھوڑا. عمدہ اونٹ. اول جوانی ج عَنَاجِیج.
عَنْجَرَ عَنْجَرَةً: ہونٹوں سے سیٹی بجانا.
العُنْجُورَةُ: سیٹی کا غلاف.
العَنْجَرَةُ: بڑی موٹی سیپی. اکھڑ مرد.
عِنْدَ: ظرف مکان و ظرف زمان. جیسے وقفت عند الباب وسافرت عند مغیب الشمس اور من کے داخل کرنے کو مجرور ہوتا ہے جیسے اتیت من عنده.
عَنَدَ (ن ض) وعَنِدَ (س) وعَنُدَ (ک) عُنُودًا عن الطریق او القصد: تجاوز کرنا ہٹ جانا. مائل ہونا ــ الرجل: بیدہ و دانستہ حق کی مخالفت کرنا. صفت عَنِید ج عُنُد (ــ و اَعْنَدَ) العرق: رگ سے خون لگاتار بہنا اَعْنَدَ فلانا: مقابلہ کرنا.
عَنَدَ (ن) عُنُودًا عن اصحابه: سفر میں علیحدہ ہو جانا.
عَانَدَہٗ مُعَانَدَةً وعِنَادًا: علیحدہ ہونا. مقابلہ کرنا ــ الشیَٔ: لازم ہونا ــ الرجل: کسی کے جیسا کام کرنا.
تَعَانَدَ القومُ: بعض کا بعض کے ساتھ مخالفت کرنا.
اِسْتَعْنَدَ الفرسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا منہ زور ہونا ــ ذا القی: غالب ہونا ــ فلانا: قصد کرنا.
العانِد ما. میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنَّد عوانِد. کہا جاتا ہے طَعَنَه طَعْنًا عانِدًا اس نے اس کو دائیں بائیں سے نیزہ مارا. دم عانِدٌ: ایک جانب بہنے والا خون.
العِنْدُ: دل. معقول.
العَنَدُ: جانب. کہا جاتا ہے ہو یمشی وسطا لا عَنَدًا: وہ وسط میں چلتا ہے کنارہ میں نہیں.
العُنْدُ العِنْدُ العَنَدُ: گوشہ.
العَنُود: میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنُد. کہا جاتا ہے سحابۃ عنود: موسلا دھار برسنے والا بادل. عقبۃ عنود: دشوار گزار گھاٹی. رجل عنود کسی کے ساتھ نہیں بلکہ تنہا اترنے والا مرد.
عَنْدَلَ المطر: سخت بارش ہونا.
عَنْدَلَ عَنْدَلَةً الهزار: بلبل کا چہچہانا.
العَنْدَلِیْب: بلبل ج عَنَادِل.
العَنْدَم: دم الاخوین.
عَنَزَ (ن) عَنْزًا: نیزہ مارنا عَنَزَ واعْتَنَزَ واسْتَعْنَزَ عنه: علیحدہ ہونا اور ایک گوشہ میں اترنا.
اَعْنَزَ الشیَٔ: جھکانا.
تَعَنَّزَ: لوگوں سے علیحدہ ہونا.
العَنْزُ مہ. بکری. مادہ چکور. مادہ شکرہ. ہرنی. مادہ گدھ ج عِنَاز واَعْنُز وعُنُوز.
العَنْزَة: بکری.
العَنَزَة: ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو. عَنَزَةُ الفاس: پھاوڑے کی دھار ج عَنَز وعَنَزات.
العَنُوز والعَنِیز: مصیبت میں مبتلا.
عَنَسَ (ض) عَنْسًا العودَ: لکڑی کو جھکانا موڑنا
عَنَسَت (ن ض) وعَنِسَت (س) عُنُوسًا و عِنَاسًا وعَنَّسَت وعُنِّسَت واَعْنَسَت الجاریة لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد دیر تک بلا شادی کے رہنا. صفت عانِس ج عَوَانِس وعُنَّس وعُنْس و عُنُوس. عَنَسَ الرجلُ: بغیر نکاح کے بڑی عمر تک رہنا. صفت عانِس. اَعْنَسَ الشیَٔ: متغیر کرنا. اَعْنَسَ الشیبُ وجهَه: بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا. کہا جاتا ہے فلان لم تُعَنِّس السنُّ وجهَه یعنی فلاں کی عمر نے بڑھاپے کی طرف رخ نہیں کیا و عَنَّسَ الجاریةَ اهلُها: لڑکی کو اس کے گھر والوں نے نکاح کرنے سے روکے رکھا. صفت مُعَنَّسَة ج مُعَنَّسَات ومَعَانِس.
عَنِسَ (س) عَنَسًا: ہر وقت آئینہ میں دیکھنا
العَنْس مہ. عقاب. قوی اونٹنی ج عُنُس و عُنُوس.
العَنَّاس: آئینہ ج عُنُس.
عَنَشَ (ن ض) عَنْشًا العودَ: لکڑی کو موڑنا جھکانا ــ الرجل: تکلیف پہنچانا غضبناک کرنا.
عَانَشَہٗ مُعَانَشَةً وعِنَاشًا: لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا. معانقت کرنا.
اِعْتَنَشَہٗ. لڑائی میں ایک دوسرے کو لپٹ جانا. ظلم کرنا.
تَعَانَشَا: ایک دوسرے سے معانقہ کرنا.
تَعَنَّشَ المالَ: ہر طریقہ سے مال جمع کرنا.
الاَعْنَش: چھ انگلیوں والا. بھینگا.
العُنْصُر العُنْصَر: اصل. کہا جاتا ہے انه لکریم العنصر " وہ اصلا شریف ہے. حسب. ہمت. حاجت مصیبت. ہیولی. مادہ جسم بسیط. ج عناصر اور قدماء کے نزدیک عناصر چار تھے. آگ. پانی. ہوا. مٹی
عید العنصرة: نصرانیوں کی ایک عید ہے جو عید فصح کے پچاس دن کے بعد ہوتی ہے. اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر احکام شریعت کے نزول کی یادگار میں عید ہے.
العُنْصُل والعُنْصَل العُنْصُلاء والعُنْصَلاء: جنگلی پیاز جس کو بصل الفار بھی کہتے ہیں.
العَنْصُوَة والعِنْصُوَة والعُنْصُوَة والعِنْصِیَة والعِنْصَاة. متفرق تھوڑے سے بال یا گھاس وغیرہ. ج عناص

العُنظُبُ والعُنظُبانُ العُنظُوبُ. ایک قسم کی ٹڈی مونث عُنظُوبَۃ.
عَنظی بہ: ٹھٹھا کرنا، بری بات سنانا، گالی دینا
العُنظُوانُ والعِنظِیانُ: فحش بکنے والا. العنظوانُ ایک ترش قسم کی نباتات.
العُنظُوانَۃُ: واحد ہے عُنظُوان کی. مادہ ٹڈی جـ عُنظُوانات.
عَنعَنَ عَنعَنَۃً: ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا — الراوی: روایت کو عن فلان عن فلان کر بیان کرنا.
عَنُفَ (ک) عُنفًا وعَنافَۃً بالرجل وعلیہ: سختی کرنا صفت عَنیفٌ جـ عُنُفٌ.
عَنَّفَہٗ واعتَنَفَہٗ: سختی سے معاملہ کرنا. وعَنَّفَہٗ سختی سے جھڑکنا عتاب کرنا. اَعنَفَ الامرَ: سختی سے لینا
اِعتَنَفَ الامرَ: سختی سے لینا — الشیءَ: شروع کرنا — المجلسَ: مجلس سے پھر جانا.
العُنفُ والعِنفُ والعُنُفُ: سختی، سخت دلی
العُنفَۃُ والعُنُفَۃُ: ابتدا، شروع.
الاَعنَفُ: سختی سے پیش آنے والا.
عُنفُوانُ الشبابِ عُنفُوَّتُہٗ: ابتدائی جوانی
عُنفُوانُ الخمرِ: شراب کی تیزی.
المَعنَفَۃُ: سختی کا سبب.
تَعَنفَصَ: ڈینگ مارنا، شیخی بگھارنا.
العَنفَقَۃُ: داڑھی بچہ جـ عَنافِقُ.
عَنِقَ (س) عَنَقًا: لمبی گردن والا ہونا صفت اَعنَقُ.
عَنَّقَ طلعُ النخلِ: کھجور کے شگوفہ کا لمبا ہونا.
عَنَّقَہٗ: گردن پکڑنا. عَنَّقَ علیہ: چلنا اور گردن اٹھا کر دیکھنا.
عانَقَہٗ مُعانَقَۃً وعِناقًا: بغلگیر ہونا، گلے لگانا. عانَقَتِ الابلُ: تیز چلنا.
اَعنَقَ الزرعُ: کھیتی کا لمبا ہونا، خوشہ نکلنا — الکلبَ: کتے کے گردن میں پٹہ ڈالنا — النجمُ: ستارہ کا غروب ہونا. اَعنَقَتِ البلادُ: دور دور ہونا — الدابۃُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا — الریحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا.
غَدَا یغدُو غُدُوًّا۔ صبح کے وقت جانا۔ جانا اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

غَدَا یغدُو غدْوًا و غدوۃ و اغتَدَی۔ علیہ: سویرے آنا۔

غدِی یغدَی غَدًا و تغدّی۔ صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "ہل لک ان تتغدّی بہ قبل ان یتعشی بنا" یعنی کیا تیرے لئے یہ امکان ہے کہ ہم کو ہلاک کرنے سے پہلے اسکو ہلاک کرے۔

غَدّی۔ الرجل: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔

غادی مغاداۃً۔ الرجل: صبح کے وقت آنا۔

الغد۔ آئندہ کل۔ دور کا دن جسکا انتظار ہو نسبت کے لئے [غدیّ و غدویّ]

الغدوۃ۔ صبح۔ فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان دن کا ابتدائی حصہ ج غدی و غُدُوّ۔

الغداۃ۔ صبح۔ فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ۔ ج۔ غدوات کہا جاتا ہے "ہو ابن غداتین" یعنی وہ دو دن کا ہے۔

الغدیّۃ۔ بمعنی غدوۃ و غداۃ ج۔ غدایا و غدیّات۔

الغدیّۃ۔ غداۃ کی تصغیر۔

الغداء۔ صبح کا کھانا اور اسکے مقابل عشاء ہے ج اغدیۃ۔

الغادی۔ فا: شیر۔

الغادیۃ۔ مؤنث غادی۔ بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غواد و غادیات۔

الغدیان۔ صبح کا کھانا کھانیوالا مؤنث غدیا۔

المَغدی والمغداۃ۔ صبح کو جانے کی جگہیں۔

غَذّ (ن ض) غَذًّا۔ الشیءَ: کم کرنا۔ گھٹانا ـــ الجرحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

أغَذّ إغذاذًا۔ السیرَ و فی السیر: چلنے میں جلدی کرنا ـــ الجرحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔

الغاذّ۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے جس۔

الغذیذۃ۔ زخم کا خون۔ پیپ وغیرہ۔

غذَم (ن) غَذْمًا۔ لہ من المال بچاکی عمدہ مال دینا۔

ـــ وغذِم (س) غَذَمًا و تغذّم و اِغتذم الشیءَ: بہت حرص سے کھانا۔

أغذَم و تغذّم۔ الفصیل ما فی ضرع امہ: اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔

الغُذمۃُ۔ مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم۔

ـــ والغَذَمَۃ۔ بہت دودھ۔ ج غَذَم۔

بئرٌ غذیمۃ۔ وسیع کنواں۔

الغَذِم والمِغذام۔ بہت زیادہ کھانیوالا۔

غَذْمَرَ غَذْمَرۃً۔ غضبناک ہونا

ــــ الشئ: جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا
اٹکل سے بیچنا۔
تغذمر۔ فی المجلس: غصہ سے چلانا۔
الغذمرۃ۔ مص۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور
چیخ کا مخلوط ہونا ہونا۔ ج غذامیر۔
غذا یغذو غذوًا۔ الرجل بالطعام
خوراک دینا ــــ الطعامُ الصبیَّ: بچہ کو فائدہ
دینا اور کافی ہونا ــــ العرق: خون بہانا
ــــ الرجل، جلدی کرنا ــــ الفرس: تیز گذرنا۔
غذّی تغذیۃ۔ الرجل: غذا دینا۔ پرورش
کرنا۔ غذّی العرق، خون بہانا۔
تغذّی تغذّیًا و اغتذی اغتذاءً
خوراک کھانا۔
استغذی استغذاءً۔ الرجل:
سخت پھاڑنا۔
الغذاء: خوراک ج۔ اغذیۃ
الغاذی: فا۔ غاذی المال: مال کا
منتظم ج غذاۃ و غاذون مؤنث غاذیۃ ج غواذ
الاغذی۔ اسم تفضیل۔
الغذیّ۔ رحم کا بچہ (بکری کے لئے خاص ہے)
ج غذاء۔ جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغذویّ: رحم کا بچہ۔
الغذوان۔ بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غرّ ہ (ن)، غرًّا و غِرّۃً و غرورًا
دھوکا دینا۔ بیہودہ امید دلانا۔ کہا جاتا ہے
"ماغرّک بفلان"۔ یعنی تو نے اس پر دلیری
کیونکر کی؟ غرّ الماء، پانی گرانا۔
ــــ غرّ ہ اغرارًا۔ الطائر فرخہ: پرندہ
کا اپنے بچہ کو چوگا دینا ــــ الرجل: غرغر پرندہ
کھانا ــــ الراعی: اونٹ کو چرانا ــــ الماء
پانی کا نایاب ہونا۔
غرّ (ن)، غرًّا و غرارًا و غرارۃً (س)
غرارۃ۔ شریف ہونا ناتجربہ کار ہونا۔
غرّ (ض)، غرارًا و غرارۃً۔ تجربہ کے
باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔

غرَّ (س)، غَرًّا و غُرّۃً و غَرارۃً
الوجہ، خوبصورت سفید رنگ والا ہونا ــــ
الشئ: سفید ہونا۔
غرّر تغریرًا و تغرّۃً۔ بالشئ:
ہلاکت کے لئے پیش کرنا ــــ الطائر: پرندہ کا
اڑنے کیلئے پر پھیلانا ــــ القربۃ: مشک
بھرنا۔ غرّرت ثنیۃ الغلام: بچہ کے اگلے
دانت نکلنا۔
غارّت غرارًا و مغارّۃً۔ السوق:
بازار کا ماند پڑ جانا۔ غار اللقحۃ: کم کرنا۔ غارّت
الناقۃ: اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تغرّر۔ الفرس: گھوڑے کی پیشانی
سفید ہونا۔
اغترّ و استغرّ۔ بکذا۔ دھوکا کھانا
اغترہ و استغرہ۔ بے خبری میں آنا۔ و اغترہ:
بے خبری کا طالب ہونا۔
الغرّ۔ مص۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے
یا کھال کی شکن کہا جاتا ہے "طویت الثوب
علی غرّہ" یعنی میں نے کپڑے کو اسکے پہلی تہ
پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غرور۔
الغرّ و الغرار۔ تلوار کی دھار۔
الغرار: نیند وغیرہ کی کمی، کساد بازاری۔
اونٹنی کے دودھ کی کمی ج اغرّۃ کہا جاتا ہے
"اتانا علی غرار" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی
آیا۔ الغرار: تیر بنانے کا نمونہ اور اسی
سے ہے "ہم علی غرار واحد" یعنی وہ ایک
جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ولدت ثلاثۃ بنین علی غرار"
یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان
کوئی لڑکی نہیں۔
"لبث القوم غرار شہر" قوم ایک مہینہ
کی مدت ٹھہری رہی۔
الغرارۃ۔ غفلت۔ نوعمری کہا جاتا ہے
"کان ذلک فی غرارتی" یعنی یہ میری نوعمری کے
زمانہ میں تھا۔
الغرّۃ۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی

ــــ من کل شئ: ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ
ــــ من القوم: شریف ــــ من الرجل: چہرہ
روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے "قد بدت
غرّتہ" غلام۔ باندی۔ ج۔ غرر۔ الغرر: مہینہ
کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی دوسری تیسری
رات۔ عرب۔ مہینے کی تقسیم تین تین راتوں
سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غرر دوسری
تین راتوں کو نفل، اور اس کے بعد تسع
پھر عشر پھر بیض پھر درع پھر ظلم پھر
حنادس پھر دادیٔ پھر محاق کہتے ہے۔
الغرّ۔ ناتجربہ کار جوان مؤنث غرّۃ ج
اغرار۔
الغرّیٰ۔ اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغرّۃ۔ مص۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی
جماعت ج غرر۔
الغرّۃ۔ مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے
رنگ کا آبی پرندہ۔
الغرر۔ ہلاکت کے درپے کہا جاتا ہے۔
"انا غرر منک" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغرور۔ دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت
میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدنیا
الغرور"، ج عکبرہ کی دوائیں۔
الغرور۔ مص۔ بیہودہ باتیں۔
الغارّ۔ فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔
مؤنث غارۃ۔
الغرّار۔ بہت دھوکہ دینے والا
الغریرۃ۔ اچھی عادت اور اسی سے مثل
ہے "ادبر غریرہ و اقبل ہریرہ" یعنی اس کی
اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آگئی۔
اچھی زندگی۔ ج غرآن۔ ضامن۔ دھوکا زدہ
ناتجربہ کار جوان ج اغرّۃ و اغرّاء۔ مؤنث
غریرۃ ج غریرات و غرائر۔
الغریرُ۔ کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا
بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں
ہے "اسن من غریرۃ" اور اسکا نام یغرار و غرغر بھی ہے۔

الأغرّ. خوبصورت. ہر چیز کا سفید. فیاض سردار شریف ـــ من الایام: سخت گرم دن ـــ من الخیل: پیشانی پر سفیدی والا. مؤنث غرّاء ج غرّ وغرّان۔

الغَرَارة. بورا. تھیلا۔ ج۔ غرائر

الغَرَّان. پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے۔ اقبل الماءُ بغرّانه" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔

المُغَارّ. کم دودھ والی اونٹنی ج۔ مَغَاز کہا جاتا ہے" فلان مغار الکفّ" یعنی بخیل ہے

المغرُور۔ مفعو۔ فریب خوردہ۔

غَرَبَ (ن) غَرْبًا. جانا ـــ فلان عنّا: جدا ہونا. علیحدہ ہونا ـــ فی سفرہ: طویل سفر کرنا (ـــ غُرُوبًا) الرجل: دور ہونا ـــ النجم: ستارہ کا غائب ہونا. ڈوبنا۔

غَرُبَ (ن) غُرْبَةً وغَرْبًا وغَرَابَةً پردیسی ہونا. وطن سے علیحدہ ہونا۔

غَرُبَ (ک) غَرَابَةً۔ الکلام: مخفی ہونا پوشیدہ ہونا ـــ الشیء: غیر مانوس ہونا۔

غَرِبَ (س) غَرَبًا۔ لُو سے چہرہ کالا ہونا۔

غَرَّبَ۔ دور ہونا. وطن سے علیحدہ ہونا پچھم میں پہنچنا ـــ ہ: دور کرنا. علیحدہ کرنا مسافرت پر برانگیختہ کرنا. جلا وطن کرنا ـــ فی الارض: دور تک لے جانا۔

اغرَبَ۔ مغرب میں جانا. شہروں میں دور تک جانا. بُری حالت ہونا. عجیب چیز لانا. فصیح ہونا. نوادرات بیان کرنا ـــ فی الضحک ونحوہ: مبالغہ کرنا الحوض: حوض کو بھرنا ـــ الفرس فی جریہ: گھوڑے کا بہت دوڑنا ـــ الفرس: گھوڑے کو دوڑانا. یہاں تک کہ مر جائے ـــ ہ: علیحدہ کرنا اُغرِبَ و اُغرِبَ المریضُ: تکلیف زیادہ ہونا اُغرِبَ علیہ وبہ: بُرا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ۔ وطن سے علیحدہ ہونا. پچھم سے آنا۔

اغترَبَ. وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِسْتَغْرَبَ۔ الشیء: نادر پانا یا سمجھنا ـــ الدمع: آنسو بہنا۔

ـــ واُستَغْرِبَ۔ فی الضحک: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

الغَرْب. مص۔ پچھم. ہر چیز کا اول. دھار. نشاط. تیزی کہا جاتا ہے" انی اخاف علیک غربَ الشباب" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے بڑا ڈول. آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے آنسو. آنسو بہنے کی جگہ. آنکھ کا اگلا حصہ. آنکھ کا پچھلا حصہ. دوری. آنکھ کی پھنسی. گوشۂ چشم کا ورم. تھوک کی کثرت. تیز دوڑنے والا گھوڑا کہا جاتا ہے "سہم غرب" اضافت سے اور "سہم غَرَبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج۔ غروب۔

الغُرْبَة. دوری۔

الغَرَبُ۔ مص۔ سونا. چاندی. پیالہ شراب. پانی جو کنویں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے. کہا جاتا ہے. "سہمٌ غرب وسہمٌ غَرَبٌ" وہ تیر جسکا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بعینہ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔

الغُرَاب. کوّا. مختلف قسمیں ہیں غراب اسود ابقع زاغ۔ ج۔ اَغْرُب وغُرُبٌ وغربان واغربہ ج غرابین کہا جاتا ہے" طار غرابہ" یعنی بوڑھا ہو گیا کہ بال سفید ہو گئے "ارض لا یطیر غرابہا" یعنی سرسبز ہے۔ الغراب: اولہ وبرف. سر کا پچھلا حصہ ـــ من کل شیء: ہر چیز کی ابتدا اور دھار. جیسے غراب الفاس اور کوّے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دیجاتی ہے. کہا جاتا ہے" بکرت بکور الغراب" کوّے کی مانند صبح سویرے اٹھا "فلانٌ احذر من الغراب" فلاں کوّے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دون ھذا شیب الغراب" اس سے کم کوّے کی سیاہی ؛ اغربة العرب: عرب کے سیاہ لوگ. الغُراب: پرانی قسم کی ایک کشتی۔

الغُرَابَان. دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہیں۔

الغارِب. فا. کندھا. پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ. ہر چیز کا اعلیٰ حصہ. ج غوارب اور اسی سے ہے "غوارب الماء" بلند موجیں۔

الغَرِیب. مسافر. وطن سے دور اجنبی ج. غرباء. عجیب وغیر مانوس ـــ من الکلام: جسکا سمجھنا دشوار ہو. مؤنث. غریبۃ ج غرائب۔

الغُرُب: بمعنی غریب۔

المُغْرَب: صح. ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں. عنقاء (مُغْرِب ومُغْرِبۃ) دیکھئے لفظ "عنقا"

المَغْرِب. پچھم. آفتاب غروب ہونے کی جگہ. ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔

مَغْرِبَان۔ الشمس: آفتاب کے طلوع غروب کی جگہ۔

المَغْرِبِي. ممالک مغرب کی طرف منسوب ج مغاربۃ۔

الغِربِیب. سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے. کہا جاتا ہے "اسود غربیب"

غَرْبَلَ غَرْبَلَةً۔ الحنطة: گیہوں چھاننا ـــ البلد: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا ـــ فی الارض: جانا ـــ الشیء: ٹکڑے ٹکڑے کرنا. جدا جدا کرنا ـــ القوم: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

الغِربَال. چھلنی. دف. چھنگل خورد ج غرابیل۔

المُغَرْبَل. مفعو. گھٹیا. پھولا ہوا مقتول. زوال پذیر ملک۔

الغِرْبِیل. چھلنی. دف. چلغوزہ۔
غَرَثَ (س) غَرَثاً. بھوکا ہونا۔
صفت [غَرثان] ج غَرثیٰ وغراثیٰ وغِراث مؤنث
[غَرثیٰ] ج غِراث۔
غَرّثَ. الکلبَ: کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغَرِث والغارث. بھوکا
غَرِدَ (س) غَرَداً وغَرِدَ واَغرَدَ
وتغرّد۔ الطائرُ: پرندہ کا گانے میں آواز
بلند کرنا اور گٹکری کرنا اغرده الطائرُ: گا کر خوش
کرنا۔
استغرده. گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الاغرود والاغرودة. پرندہ کی
سریلی آواز ج آغاریْد۔
الغَرِد والغرد والغِرّید۔
گانے والا۔
غَرَزَ (ض) غَرْزاً۔ بالابرة ونحوہا:
سوئی وغیرہ چبھونا۔ غرز الابرة فی الشئ:
داخل کرنا ـــ الراکبُ رجلہ فی الغرز: رکاب
میں پاؤں ڈالنا ـــ عوداً بالارض: زمین میں
لکڑی گاڑنا۔ غرزت الجرادۃ: انڈا دینے کے
لئے زمین میں دم چبھونا۔ صفت [غارز وغارزة]
غَرّزَ. الابرة فی الشئ: داخل کرنا غرزت
الجرادة: انڈا دینے کے لئے زمین میں دم چبھونا ـــ
الغنم: بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوہنے سے
چھوڑ دینا۔
اَغرَزَ. الابرةَ بمعنے غرّز ـــ الوادی:
غرز نامی پودہ اگانا۔
ـــ فی الشئ: داخل ہونا۔ اغترز السیر:
روانگی قریب ہونا ـــ فلان السیر: روانگی کے
قریب ہونا۔ سوار ہونا ـــ الراکبُ رجلہ فی الغرز:
سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْز. مو. رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی
لکڑی ج غروز کہا جاتا ہے "الزم غرز
فلان" یعنی اس کے امر ونہی کی اطاعت کرو
"استمسک بغرزہ" مطلب یہ ہے کہ
اپنے آپ کو اس کے سپرد کردو۔
الغُرَیْز. ایک چھوٹی قسم کا پودا۔
الغَریزة. طبیعت ج غرائز۔
الغَارِز. ج. فا. اونٹنی جس کا دودھ کم ہوگیا
ہو۔ عیون [غوارز] نہ بہنے والے چشمے۔
التغریز. کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے
منتقل کرکے دوسری جگہ لگایا جائے ـ ج ـ
تغاریز۔
المغرز. گاڑنے کی جگہ ج ـ مغارز۔
غَرَسَ (ض) غرساً وغراسةً الشجر:
درخت کا پودا لگانا۔
اِنغرس. پودا اگنا۔
الغَرِیْس. مو. پودہ لگایا ہوا ـ ج ـ
غراس واغراس۔
الغِرس. پودہ. پانی جو رحم سے نکلے
چھوٹا کوا ج. اغراس۔
الغَریس. پودہ لگایا ہوا. بھیڑ۔
الغَریسة. کھجور کا پودا جو ابھی اگا ہو.
گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی
بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بھٹانے سے پھلدار
ہونے تک ـ ج ـ غرائس وغراس۔
الغِراس. پودہ. پودہ لگانے کا وقت
کہا جاتا ہے "ہذا زمن الغراس" جس طرح
کہا جاتا ہے "ہذا زمن الحصاد"۔
المغرِس. پودہ لگانے کی جگہ. ج
مغارس۔
الغِرش. من المسکوکات: ایک سکہ
ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے ج
غروش۔ [illegible]
غَرِضَ. (س) غرضاً. الیہ: مشتاق
ہونا. صفت [غَرِض] ـــ منہ: تنگدل
ہونا. ملول ہونا. خوف کرنا۔
غَرَضَ. (ض) غرضاً. الاناء: برتن
بھرنا. کم بھرنا ـــ الشئ: تازہ چننا. وقت
سے جلدی کرنا. روکنا. توڑنا اس طرح کہ
جدا نہ ہوئے [ـ غریضاً] لہ: تازہ دودھ
پلانا۔
غَرُضَ. (ک) غرضاً. اللحم: گوشت
تازہ ہونا صفت [غریض] ج آغاریض۔
غَرّضَ. فراج کرنا. تازہ گوشت کھانا.
ـــ الشئ: تازہ چننا ـــ فی سقائہ:
مشک میں نہ بھرنا. کہا جاتا ہے "فلان بحر
لا یغرض" یعنی فلاں آدمی سمندر کے
مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا. غرّض
فلاناً: نشانہ بنانا۔
اَغرَضَ. فلاناً: تنگدل کرنا ـــ الغرضَ:
نشانہ پر ٹھیک مارنا ـــ الاناء: برتن بھرنا۔
غارَضَ. الابلَ: اونٹوں کو تڑکے
گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرّضَ والغرض. الغصنُ: شاخ
کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اِغترضَ. الشئَ: کسی چیز کو اپنی غرض
بتانا. اغترض فلانٌ: جوان مرنا۔
الغارِض. فا. تڑکے پانی پر جانے
والا ہے. لمبی ناک کہا جاتا ہے "اتینہ غارضاً"
یعنی دن کے ابتدا میں۔
الغُرض. مو. وادی کی ناقص شاخ
ج. غُرضان وغرضان واغرض ـــ کجاوہ کا
تنگ ج اغراض وغروض۔
الغرضة. کجاوہ کا تنگ ج غُرض و
غُرَض۔
الغَرَض. مو. مطلوب. حاجت. قصد
کہا جاتا ہے "فہمت غرضک" میں نے تیرے
قصد کو سمجھ لیا. نشانہ جس پر گولی ماری
جائے ج اغراض۔
الغُرَیض. طرب انگیز گیت. بہترین
گویا. ہر سفید تازہ. بارش کا پانی. پانی جس
پر تڑکے آیا جائے. تازہ گوشت۔
الاغریض. شگوفہ. ہر سفید تر وتازہ
ج اغاریض۔

المَغرُض ۔ اونٹ کا تنگ ج مغارض ۔

المَغرُوض: مضمہ ۔ بارش کا پانی ۔

الغُرضُوف ۔ نرم ہڈی ۔ جیسے کان، ناک کی ج غراضیف ۔ الغرضوفان: دو لکڑیاں جو کجاوہ کے دائیں بائیں باندھی جاتی ہیں ۔

غَرغَرَ غَرغَرۃ ۔ غرغرہ کرنا غرغرت القدر: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا ۔ غَرغَرہ: ذبح کرنا ۔ غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا ــ الرجل: آواز گلوگیر نکالنا ۔ موت کے وقت خرخر کرنا ــ اللحم: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا ۔

تَغَرغَرَ ۔ بالماء او الدواء: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تغرغرت العین بالدمع" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی ۔

الغِرغِر: ایک قسم کی مرغی جسکو حبشی مرغی کہتے ہیں ۔ واحد [غرغرۃ]

الغُرغُور ۔ بمعنی الغریر (دیکھئے الغریر)

الغُرغُرۃ ۔ بوتا ۔ پیشانی کی سفیدی کہا جاتا ہے "فلان غرغرۃ" یعنی فلاں شریف ہے

غَرَفَ (ض) غَرفًا ۔ الشیٔ: کاٹنا ــ ناصیۃ: پیشانی کے بال کترنا ۔

ــ واغترف ۔ الماء بیدہ: پانی چلو لینا

تَغَرَّفَہ: کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا ۔

اِنغَرَفَ الشیٔ: کٹنا مڑنا اور ٹوٹنا ۔ العظم: ہڈی کا ٹوٹنا ــ فلان: مرنا ۔

الغَرَف ۔ مم ۔ [ـ والغرف] پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے ۔

الغِرفۃ ۔ چلو لینے کی ہیئت ۔ جوتی ۔ ج غِرَف ۔

الغُرفۃ: چلو ۔ ج غراف ــ کوٹھری کے اندر کوٹھری بالاخانہ ۔ بالوں کا گچھا ۔ ج غُرَفات وغُرُفات وغُرفات ۔ غُرَف ۔

الغارِفۃ ۔ مؤنث غارف اسم فاعل ــ من النوق: تیز دوڑنے والی اونٹنی ج غوارف

الغَرّاف ۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ ۔

الغَرّاف ۔ بہت چلو لینے والا النہر غراف: بہت پانی کی نہر غیثٌ غراف: بہت بارش ۔

الغَرُوف: من الآبار: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے ۔

الغَرِیف ۔ من الشجر: گھنا درخت ۔ بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی ۔

الغَرِیفۃ ۔ گھنا درخت ۔ جوتی ۔ تلوار کے تلے کے نچلے حصہ کا چمڑا ۔

المِغرَف ۔ تیز رفتار گھوڑا اور فارس مغرف بھی کہا جاتا ہے ۔ ج مَغارف

المِغرَفَۃ ۔ چمچہ ۔ ڈوئی ۔ ج مغارف

غَرِقَ (س) غَرَقًا ۔ فی الماء: ڈوبنا ۔ صفت [غرق و غارق و غریق] ج غَرقیٰ ۔ غَرِقَ فلانٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا ۔ مستغنی ہونا ۔

غَرَقَ (ن) غَرقًا ۔ من اللبن: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا ۔

اَغرَقَ ۔ فی الامر: مبالغہ کرنا

اَغرَقَہٗ وغَرَّقَہٗ ۔ ڈبو دینا اَغرَقَ وغرّق فی القوس: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا ۔ اغرق وغرق اللجام بالفضۃ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا کہا جاتا ہے "اغرق اعمالہ بالمعاصی" یعنی اپنے اعمال صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا ۔

غارَقَہٗ ۔ قریب ہونا ۔ کہا جاتا ہے "غارقتنی المنیۃ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی ۔

اِغتَرَقَ ۔ النفس: بہت ہانپنا ــ البعیر التصدیر: اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ ہو جانا ــ الفرس الخیل: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یغترق العین" یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا ۔

اِستَغرَقَ: الشیٔ: کل لے لینا ــ الغایۃ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا ــ فی النوم: گہری نیند سونا ــ فی الضحک: کھلکھلا کر ہنسنا ۔

اِغرَورَقَت ۔ العین: ڈبڈبا آنا ۔

الغُرقَۃ: دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق ۔

الغارِیقُون والاَغارِیقون: ایک پودہ کی جڑ ہے اور یہ زہر کے لئے تریاق ہے اور یہ دونوں کلمے دخیل ہیں ۔

غَرقَأَت ۔ الدجاجۃ بیضہا: مرغی کا کچا انڈا دینا ــ البیضۃ: کچا انڈا گرنا ۔

الغِرقِئ ۔ انڈے کی سفیدی کی جھلی ۔ انڈے کی سفیدی ۔

غَرِلَ (س) غَرَلًا ۔ الصبی: بچے کا غیر مختون ہونا ۔ صفت [اغرل] مؤنث غرلاء ۔ ج غُرل ۔

الغَرِل ۔ ڈھیلا ڈھالا آدمی ۔ بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ ۔

الاَغرَل ۔ ارزانی کا سال ۔ خوش عیش زندگی ۔

الغُرلَۃ ۔ چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں ۔

الغَرِیل: غبار ۔ تالاب جس میں کیچڑ ہی کیچڑ ہوں جس کو بہایا جا سکے ۔ خشک یا تر مٹی جسکو سیلاب بہا کر لائے اور سیلاب کے چلے جانے کے بعد زمین پر پھٹ پھٹ کر رہ جائے ۔ شیشی کے نیچے کی تلچھٹ ۔

غَرِمَ (س) غُرمًا وغَرامۃ ومَغرَمًا ۔ الدین ونحوہ: قرض وغیرہ ادا کرنا ــ فی التجارۃ: تجارت میں نقصان اٹھانا ۔

اَغرَمَہٗ وغَرَّمَہٗ ۔ الدین: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا ۔ کہا جاتا ہے "غرم السحاب"

یعنی بارش ہوئی۔
أُغْرِمَ بالشیٔ: بہت خواہشمند ہونا۔
تَغَرَّمَ۔ تاوان برداشت کرنا۔
اِغْتَرَمَ۔ تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔
الغَرَامَةُ والغُرْمُ۔ تاوان مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ضرر مشقت۔
الغَرَامُ۔ اشتیاق۔ محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنیوالا ہو۔ ہلاکت۔ عذاب۔
الغَرِيمُ۔ قرضخواہ۔ قرضدار۔ مخالف ج غرماء وغرام۔
المَغْرَمُ۔ تاوان۔ ج مغارم۔
الغرمُول۔ عضو تناسل
غَرِنَ (س) غَرَنًا۔ العجينُ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔
الغَرِنُ۔ کمزور۔
الغِرْيَنُ والغِرْيِن۔ تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہکر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بیوقوفی۔
الغُرْنَيق والغِرْنَيْق والغِرْنَوْق و الغُرَانِق۔ ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے۔ سفید خوبصورت جوان کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہا جاتا ہے "شابٌ غُرانِق وصبيةٌ غرانق وغرانقة" ج غرانِق وغرانيق وغرانقة۔
غَرَا يَغْرُو غَرْوًا۔ الرجلُ: تعجب کرنا ——— الجلد: سریش سے جوڑنا ——— الشحم قلبَهُ: چربی کا دل پر چھا جانا۔
غَرِيَ يَغْرَى غَرَاةً وغَرًا وغَرِي وغَرِيَ وأُغْرِيَ بكذا: بہت خواہشمند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِيَ الغديرُ: تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ——— فلانٌ: بہت زیادہ غضب ناک ہونا (——— غَرَاةً) به: چمٹنا۔ لازم ہونا۔
غَرَّى تغريةً۔ الشیٔ: سریش سے جوڑنا۔
أَغْرَى۔ الرجلَ بكذا: برانگیختہ کرنا۔ اُغْرِيَ العداوةَ بينهم: دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔
غَادَى غِرَاءً ومغاراةً فلانًا: سخت جھگڑا کرنا ——— بين الشيئين: ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔
الغَرَاءُ والغِرَاءُ۔ ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش ماہیٔ۔ الغِراءُ: خوبصورتی۔
الغَرَاءُ والغَرَوِيُّ۔ خواہشمندی کہا جاتا ہے "لاغَرْوَ ولاغَرْوَى من كذا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔
الغَرِيّ۔ خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔
الغَرِيَّان۔ دو مشہور عمارتیں جو حیرہ کے قریب تھیں۔
المِغْرَاة۔ سریش پگھلانے کا آلہ۔
غَرَّزَ (ن) غَرْزًا وأَغْرَزَ۔ بفلان: خاص کرنا ——— الإبل أو الصبي: اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کے لئے رنگی ہوئی اون لٹکانا۔
غَازَّهُ۔ مغازّةً۔ سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔
أَغَزَّ۔ الشجرُ: درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البقرةُ: گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔
تَغَازَّ۔ القومُ الشیٔ: آپس میں جھگڑا کرنا۔
الغَزّ۔ جنرا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد [غُزِّيّ]
غَزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَةً وغُزْرًا الماءُ وغيرهُ: پانی وغیرہ کثیر ہونا۔ غَزُرَتِ الناقةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
تَغَزَّرَ۔ الرجلُ: زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا
غَازَرَ واسْتَغْزَرَ۔ زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا۔
الغَزْرُ۔ مص۔ کھجور کے پتوں کی بکری ——— والغَزَارَة۔ کثرت۔
الغَزِيرُ۔ ہر چیز کا بہت۔ ج غزار۔
الغَزِيرَةُ۔ مؤنث غزیر ——— من النوق: بہت دودھ والی اونٹنی ——— من العيون: بہت آنسوؤں والی آنکھ ——— من الآبار والينابيع: بہت پانی والے کنویں اور چشمے ج غِزار۔
المِغْزَار۔ من الإبل: بہت دودھ والی اونٹنی۔ (مغزوز) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔
غَزَلَ (ض) غَزْلًا واغْتَزَلَ۔ الصوفَ: اون کاتنا۔
غَزِلَ (س) غَزَلًا۔ بالنساء: عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشقبازی کرنا۔ عورتوں کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔
غَازَلَ۔ المرأةَ: عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غازَلَ فلانٌ الاربعينَ من العمر" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہوگیا۔ "وهُوَ يُغازِلُ رغدًا من العيش" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔
أَغْزَلَتِ۔ الظبيةُ: ہرنی کا بچے والی ہونا ——— المرأةُ: عورت کا تکلا گھمانا۔
تَغَزَّلَ۔ فلانٌ: بتطف عشقبازی کرنا۔
تَغَازَلَ۔ القوم بعض کا بعض سے عشقبازی کرنا۔
الغَزْلُ۔ مص۔ کاتا ہوا۔
الغَزَلُ۔ مص۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔
الغَزَال۔ ہرن کا بچہ ج غِزلة وغِزلان وُمّ
الغزال۔ نام ایک نباتات کا
الغَزَالَة۔ غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غزالةُ الضحى وغزالاته: چاشت کی ابتداء
الغَزِلُ۔ عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشقبازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔
الغَازِلَة۔ کاتنے والی ج غُزَّل وغَوازِل۔
الغِزِّيل۔ عورتوں سے باتیں کرنے والا۔
الغَزَّال۔ بہت کاتنے والا
الأَغْزَل۔ غَزِلَ کا اسم تفضیل ——— من الحُمّى: بار بار آنے والا بخار۔
المِغْزَل والمُغْزَل والمَغْزِل۔ تکلا ج مغازل۔
أبو المَغَازِل۔ کلنگ
المُغَيْزِل۔ مغزل کی تصغیر چھوٹا تکلہ باریک رسی۔
غَزَا يَغْزُوهُ غَزْوًا۔ طلب کرنا۔ قصد کرنا

کہا جاتا ہے "عرفت ما یغزیٰ من ہذا الکلام" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔

——غزوًا و غزاوۃ و غزوانًا القوم: کسی قوم سے جنگ کے لئے چلنا جہاد کیلئے نکلنا۔

غزّی و اغزی۔ فلانًا: جہاد کیلئے بھیجا۔ جانا سامان دینا برانگیختہ کرنا —— ہ، مہلت دینا مطالبہ کو موخر کردینا۔

اِغتزی اِغتزاءً۔ فلانًا: قصد کرنا بہ: مخصوص کرنا۔

الغزوۃ۔ غزا کا اسم مرۃ۔ ج۔ غزوات۔

الغازی۔ فا ج غزاۃ وغزّی وغزّیٰ وغزّاء مونث غازیۃ ج غواز وغازیات۔

الغزاۃ۔ اسم ہے غزو کا ج غزوات

الغزوۃ جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔

المغزیٰ۔ جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مغاز

المغازی۔ غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔

امراۃ [مغزیۃ] عورت جسکا شوہر جہاد میں ہو۔—— اوناقۃ مغزیۃ: دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی۔

غسّ۔ (ن) غسًا۔ فی البلاد: داخل ہونا —— الکلام۔ کلام میں عیب لگانا —— ہ فی الماء: پانی میں غوطہ دینا —— الھرۃ: بلی کو ڈانٹنا اور غس کرنا۔

اِنغسّ۔ فی الماء: پانی میں ڈوبنا۔

الغِسّ۔ کمزور۔ نالائق۔

غسان۔ ایک یمنی قبیلہ تھا جو حوران کے چشمہ غسان پر فروکش تھا اسی وجہ سے اسکا یہ نام پڑگیا اور یہ لوگ ایک بہت بڑی حکومت کے مالک ہوگئے تھے جسکا آخری بادشاہ جبلہ بن ایہم تھا جو عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں مسلمان ہوکر مرتد ہوگیا۔

غسر (ن) غسرًا۔ علی الغریم: قرضدار پر سختی کرنا۔

تغسّر الغزل: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الجھا ہوا ہونا —— الامر: ملتبس ہونا مختلط ہونا۔ صفت (غسِر)

الغسر۔ جس چیز کو ہوا اڑا کر تالاب میں ڈالدے۔

اَغسف۔ تاریکی میں داخل ہونا۔

الغسف۔ تاریکی۔

غسق (ض) غسقًا و غسَقًا و غَسَقانًا و اَغسق۔ اللیل۔ رات کا تاریک ہونا اغسق الرجل: تاریکی میں داخل ہونا —— المؤذن: موذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔

غسق (ض) غُسُقًا و غسوقًا و غسِق (س) غسقانًا۔ الماء: پانی گرنا —— الغیم: بارش ہونا —— العین: آنکھ کا ڈبڈبانا اور تاریک ہونا۔

الغسَق۔ اول شب کی تاریکی۔

الغاسق۔ فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔

الغسَاق و الغسّاق۔ ٹھنڈا۔ بدبودار

غسل (ض) غَسلًا و غُسلًا۔ الشیءَ: پانی سے میل کچیل دور کرنا —— ہ: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ بہت جماع کرنا۔

غسّل۔ الشیء: دھونے میں مبالغہ کرنا بہت جماع کرنا۔

انغسل۔ دھلنا —— الشیءُ: بہنا۔

اغتسل۔ نہانا —— بالطیب: خوشبو لگانا —— الفرس: گھوڑے کو پسینہ آنا۔

الغُسل و الغُسُل۔ اسم ہے غسل سے۔

الغِسل و الغسل۔ ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اغسال۔

الغِسلۃ و الغسول و الغسّول۔ ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔

الغسالۃ۔ من الشیء: پانی جس سے دھویا جائے۔ دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔

الغسیل۔ نہلایا ہوا۔ ج غسلٰی و غسلاء مونث غسیلۃ ج غسائل۔

الغاسول۔ صابون اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔

الغسّال: اسم مبالغہ۔ مونث غسالۃ۔

المغسل والمغسِل۔ غسل خانہ ج مغاسل

المُغتسَل۔ غسلخانہ ج مغتسلات۔

المغتسَل: وہ پانی جس سے نہایا جائے۔

المِغسل۔ وہ چیز جس سے دھویا جائے۔

المِغسلۃ۔ وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔

غسلب۔ الشیءَ من فلان: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔

غسم (ن) غسمًا و اغسم۔ اللیل: رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غاسم)

الغسَم۔ سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔

الغسم والاغسام۔ آسمان پر بادل کے ٹکڑے۔

غسن (ن) غسنًا۔ الشیءُ: چبانا۔

غسانُ القلب و غسّانہٗ: دل کے انتہائی گوشے کہا جاتا ہے "علمت ان ذلک من غسان قلبک" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔

الغسّان و الغیسان۔ جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "ما انت من غسانہ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔

الغسّانی۔ بہت خوبصورت۔

الغُسنۃ و الغسنۃ۔ بالوں کا گچھا ج غُسَن و غُسُنات و غُسنات۔

الاغسان۔ لوگوں کے اخلاق و عادات پرانے کپڑے۔

الغیسانۃ۔ نرم و نازک عورت۔

غسا یغسو غسوًا و غسِی یغسیٰ غسی و اغسی

اللیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اغساهٔ اللیلُ:
تاریکی ڈالنا۔
الغَسَاۃُ۔ کچی کھجوریں۔ ج غَسَوات وغَسیً
شیخ [غاسٍ] پیر فانی۔
غَشَّہ (ن) غشًا و غشّہ۔ خلاف خیر
ظاہر کرنا اور خلافِ مصلحت کو مزیّن کرنا۔ دھوکا دینا۔
اغشّہ۔ دھوکے میں ڈالنا اغشّہ عن حاجتہ:
جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اغتشّ و استغشّ الرجل: خیانت
کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغشّ: دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت
دل کی سیاہی۔ ترش روئی ہر چیز کی کدورت۔
الغِشّ۔ دھوکا باز۔ ج غشّون۔
الغاشّ۔ دھوکا باز۔ ج غششۃ و غشّاش۔
الغَشَش۔ گدلا پانی۔
الغِشاش و الغَشاش: تاریکی کا
اول و آخر۔ قومٌ [غشاشۃ] دھوکہ باز لوگ
المغشوش۔ مفعم۔ غیر خالص۔ کہا جاتا
ہے لبنٌ مغشوشٌ غیر خالص پانی ملا ہوا
دودھ۔
الغَشَب۔ ظلم۔
الغشوب۔ شیر بیشہ۔
الغشارب۔ مرد دلاور۔
الغشفل۔ لومڑی۔
غَشَق (ن) غشقًا۔ نرم چیز کو کاٹنا۔
غشمہ (ن ض) غشمًا و تغشمہ: ظلم کرنا۔
غشم (ض) غشمًا الحاطبُ: لکڑی چننے
والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے
جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغاشم و الغشوم و الغشام
ظالم۔ غاصب۔
المغشم۔ خود رائے دلیر کہ جو چاہے
کرے۔ ظالم۔
الغشمشم۔ بمعنی مغشم۔ بہت ظلم
کرنیوالا۔

الغشمشۃ و الغشمشمیۃ دلیری
جرأت۔
غَشمَر غَشمرۃً۔ السیل: سیلاب آنا
۔۔۔ الرجل: حق یا باطل میں خود رائی کرنا اور
کوئی پرواہ نہ کرنا ۔۔۔ الامر: بے سوچ سمجھے
کام کرنا ۔۔۔ فلانا: ظلم کرنا۔
تغشمر۔ علیہ: غضبناک ہونا ۔۔۔ فلانا:
زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا تغشمر السیلُ او الجیشُ
سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغشمرۃ۔ مع۔ آواز ج غشامر۔
الغشمریۃ۔ ظلم۔
الغشمیر۔ سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے
"اخذہ بالغشمیر" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غشن (ن) غشنًا۔ چھڑی مارنا۔
تلوار مارنا۔
غشا یغشو غشوًا۔ فلانا: کسی کے
پاس آنا۔
غشی (س) غشاوۃً۔ الامر فلانا: مبتلا کرنا
۔۔۔ غشاء الفرس وغیرہ: سفید سر والا ہونا۔
غشی (س) غشیانًا۔ فلانا: کسی کے
پاس آنا ۔۔۔ ہ بالسوط: کوڑے سے مارنا۔
استغشی۔ ثوبہ و بثوبہ: ڈھانپ لینا
تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغشوۃ و الغشاوۃ۔ دونوں میں
غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغشوۃ ۔ غشا کا
اسم مرۃ۔
الاغشی۔ من الخیل وغیرہا: سارے جسم کے
خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غشواء۔
غشی یغشی غشیا و غشایۃ الامر
فلانا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غشی المرأۃ: جماع
کرنا ۔۔۔ المکان: آنا ۔۔۔ اللیلُ: رات کا
تاریک ہونا۔
غشی علیہ غشیًا و غشیًا و غشیانًا
بیہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مغشی علیہ
اغشی۔ الامر فلانا: نازل کرنا ڈھکوانا

۔۔۔ اللیل: رات کا تاریک ہونا ۔۔۔ اللہ علی
بصرہ: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اغشانی فلانا:
فلاں کے پاس آنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔
غشّی۔ الشیءَ۔ علی الشیءِ: ڈھانکنا غشّیتہ
الامر: میں نے اسکو کام سے ڈھانک دیا۔
تغشّی۔ ثوبہ: اپنے آپ کو ڈھکنا۔
۔۔۔ تغشّی المرأۃ: جماع کرنا تغشّاہ الامر: کام نے
اسکو ڈھانک لیا۔
استغشی۔ ثوبہ و بثوبہ: اپنے آپ کو
ڈھانک لینا۔
الغشاء۔ پردہ۔ ج اغشیۃ۔
الغِشایۃ و الغُشایۃ و الغِشیۃ
پردہ۔
الغُشیۃ و الغَشی و الغُشی ف
الغشیان۔ بیہوشی۔ غشی۔
الغاشیۃ۔ مؤنث غاشی۔ پردہ۔ دل
کا پردہ ج غواش مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی
بیماری کا نام۔ غاشیۃ فلان: خدام۔ ملاقاتی
دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغشیان۔ آنا۔
غصّ (س ن) غصصًا۔ بالطعام
والماء: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔
صفت [غاصّ و غصّان] ۔۔۔ المکانُ بہم:
بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غصّ۔ (ن) غصًّا۔ الشیءَ: قطع کرنا۔
اغصّہ۔ اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں
پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغصّ علینا الارض"
اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اغتصّ۔ المکان بہم: تنگ ہونا۔
الغصّۃ۔ جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ
ج غصص۔
غصبہ۔ (ض) غصبًا۔ علی الشیء: مجبور
ہونا ۔۔۔ الشیءَ: زبردستی لے لینا ۔۔۔
المرأۃَ: زنا بالجبر کرنا ۔۔۔ الجلد: کھال سے
بال اور اون دور کرنا۔ صفت [غاصب]

ج غاصبون وغصاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غصبہ مالہ اور کبھی مفعول اول میں من کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غصبت منہ مالہ"

اِغْتَصَبَ۔ الشیَٔ: ظلم وزبردستی سے لینا ــ المرأۃ: زنا بالجبر کرنا۔

غَاصَبَہ۔ ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا

لِغصب۔ مم چھینی ہوئی چیز۔

غَصَنَ۔ (ن) غَصنا۔ الغصن: ٹہنی کو کاٹنا ٹہنی کو کھینچنا ــ الشیَٔ: لینا ــ ہ عن حاجتہ: پھیرنا منع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ماغصنک عنی" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔

اَغْصَنَ وغَصَّنَ۔ العنقود: بڑے دانوں والا ہونا۔ اغصنت الشجرۃ: درخت کا شاخدار ہونا۔

الغصن: شاخ ج غصون واَغصان وغصنۃ۔

الغصنۃ۔ شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی

ثورٌ (اغصن) سفید دم کا بیل۔

غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا وغِضَاضًا وغضاضۃ۔ طرفہ ومن طرفہ او صوتہ: ومن صوتہ: نگاہ یا آواز پست کرنا۔ روکنا۔ ــ الغصن: شاخ کو بغیر جدا کئے ہوئے توڑنا ــ الشیٔ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "لا اغضک درہما" میں ایک درہم کم نہیں کروں گا ــ من فلان: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غض بصرہ" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا "غض طرفہ بفلان" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کرلی "وغض لی ساعۃ" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لئے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔

غَضَّ (س من) غضاضۃ ۔ ۔ ۔ و غضوضۃ النبات وغیرہ: نباتات کا تروتازہ ہونا صفت (غَضّ) ج غضاض۔

غَضَّضَ۔ تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ ونرم ونازک ہونا۔ ذلت وخواری لاحق ہونا۔

اِنْغَضَّ۔ الطرف: نگاہ کا بند ہونا۔

تَغَاضَضَ۔ عنہٗ: غفلت برتنا۔

الغَضَاضُ والغُضَاضُ۔ سر کا اگلا حصہ۔ یا چہرے کا اوپر کا حصہ۔

الغُضَّۃ۔ ذلت ونقصان ج غضض

الغضیضۃ والغضاضۃ۔ ج۔ غضائض: ذلت ونقصان۔

المَغَضَّۃ ج مغاض: ذلت ونقصان

الغض۔ مم۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شباب غض" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج غضاض۔

الغَضِیض۔ تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔ طرف غضیض پست نگاہ۔ ج اِغضاء واغِضّۃ مونث غضیضۃ۔ ج غضائض۔

غَضِبَ (س) غَضَبًا ومَغضَبۃً علیہ: غضب ناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغضبان) غضبی وغضوب وغضبانۃ ج غضبی وغضاب وغضابی وغضابی اور کہا جاتا ہے "غضب بفلان" یعنی فلاں کے لئے غضب ناک ہوگیا "وغضب من لاشی" یعنی بغیر کسی سبب کے غضب ناک ہوا۔

اَغضَبَہٗ وغاضَبَہٗ مغاضبۃً غضب پر برانگیختہ کرنا وغاضبتہ: ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غاضب فلانا: ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اغضبت العین: آنکھ کا تنکا وغیرہ نکالدینا۔

تغضّب واستغضب۔ علیہ: غضبناک ہونا۔

الغضبۃ۔ غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال سر کی کھال۔

الغضاب والغضاب۔ آنکھ کا تنکا۔

الغضابی۔ مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغضب والغضبۃ والغَضْبۃ والغضبۃ۔ غضب ناک۔

غَضَرَہٗ (ن ض) غَضْرًا۔ اللّٰہ: خوشحال کرنا آسودہ حال بنانا۔ غضر الرجل: کسی کو روکنا منع کرنا ــ الشیَٔ: کاٹنا۔

غَضِرَ (س) غَضَرًا وغضارۃً: آسودہ حال ہونا۔ بہت مالدار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا صفت (غضر)

غضر (ن) غضرا وتغضر بہٖ عنہ: تجاوز کرنا پھر جانا۔ غضر علیہ: مائل ہونا ــ بفلانٍ: من مالہ: مال میں سے کچھ دینا۔

اغتضر۔ جوان مرنا۔

الغَضَار۔ خالص چکنے والی مٹی۔ چکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں۔

الغَضَارۃ۔ مم۔ نعمت۔ آسودہ زندگی وسعت وآسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں خالص مٹی۔ بڑا پیالہ ج غضائر۔

الغضراء۔ من الارض: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو۔ اور قطاۃ ایک پرندہ ہے اس کو بھی غضراء کہتے ہیں۔ ج غضاری کہا جاتا ہے "ہم فی غضراء من العیش" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغاضِر۔ نا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو اپنی ضروریات کے لئے تڑکے جانے والا مونث (غاضرۃ)

الغضیر۔ نرم ونازک۔ سبز رنگ والا۔ ارض "غضیرۃ"۔ خالص مٹی والی زمین۔

المغضِر۔ صاحب نعمت وآسودہ حال ج مُغضِرون۔

المغضور۔ صاحب نعمت وآسودہ حال ج مغضورون ومغاضیر۔

الغضور: شیر بیشہ

الغضورۃ۔ پیرے چکنے والی مٹی۔

الغضروف : بمعنی غرضوف ۔
غضغض : الماء : پانی کم کر دینا ۔
۔۔۔ وتغضغض ۔ الماءُ : پانی کم ہونا پایاب ہونا ۔
غضف (ض) غضفا ۔ العود : لکڑی توڑنا ۔۔۔ الکلب اذنہ ۔ کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا ۔۔۔ الوسادۃ : تکیہ کو موڑنا دوہرا کرنا (۔۔۔ غضوفا) آسودہ حال ہونا ۔
غضف (س) غضفا ۔ اللیل : رات کا تاریک ہونا ۔ غضفت الاذن : خلقۃً ڈھیلا ہونا صفت (غضفاء) ج غضف ۔ غضف العیش : آسودہ ہونا ۔ صفت (اغضف و غاضف)
اغضف ۔ اللیل : رات کا تاریک ہونا ۔
۔۔۔ السحاب : بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا ۔
غضّف : الشیءَ : لٹکانا ۔
تغضّفت ۔ الجاریۃ : لچکنا ناز و انداز سے چلنا
الحیۃُ : کنڈلی مارنا ۔ اور کہا جاتا ہے ۔
تغضّفت الدنیا علیہ .. دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے ۔ تغضّف علیہ اللیل : رات کا آنا ۔۔۔ البئر : کنوئیں کا منہدم ہونا ۔
انغضفت ۔ البئر : کنوئیں کا گرنا انغضفت اذنہ : کان کا ٹوٹنا ۔۔۔ الضباب : کہر ۔ سے کا منہ بند ہونا ۔۔۔ القوم فی الغبار : قوم کا غبار میں داخل ہونا ۔
الغاضف ۔ فا خوشحال ۔ خوش عیش کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو ۔
الغضف ۔ درخت خرما کے مانند ایک درخت واحد (غضفۃ)
الغضفۃ ۔ سنگخوار کے مانند ایک پرندہ ۔
الاغضف ۔ لٹکے ہوئے کان کا کتا ۔ موٹے پیروں کا تبر ۔ تاریک رات " عیش اغضف : خوشحال زندگی ۔
الغضفر ۔ مرد سخت بدن سخت عادت والا
غضفر غضفرۃ ۔ بھاری ہونا ۔

الغضنفر ۔ شیر بیشہ ۔ مرد سخت بدن سخت عادت والا ۔
الغضافر ۔ شیر بیشہ ۔
اغضالّت اغضیلالاً ۔ الشجرۃ : درخت میں بہت شاخ اور پتے ہونا ۔
غضنہ (ن ض) غضنا عن کذا : منع کرنا روکنا ۔۔۔ ناقۃ : اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغضان) ہے ۔
اغضن ۔ السحاب : لگاتار بارش ہونا ۔
اغضنت علیہ الحمّی : تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا
۔۔۔ علیہ اللیل : رات کا تاریک ہونا ۔
غاضن مغاضنۃ ۔ عینہ : آنکھ کا جھپکانا ۔۔۔ المرأۃ : آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا ۔
غضّن ۔ الشیءَ : موڑنا شکن ڈالنا ۔
غضّنت السماء : لگاتار برسنا ۔۔۔ الناقۃُ : اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا ۔
تغضّن ۔ مڑنا ۔ شکن پڑنا ۔
الغضَن الغضْن ۔ کپڑے یا کھال کی شکن جھکن مشقت غضن العین : آنکھ کی ظاہری کھال ج غضون ۔ غضون الاذن : کان کی سلوٹ کہا جاتا ہے " رجل ذو غضون " پیشانی پر شکن والا آدمی " وکان الامر فی غضون ذلک " یعنی اس کے درمیان میں ۔
الغضنۃ الغضَنۃ ۔ باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے ۔
الغضین ۔ اونٹنی کا ناتمام بچہ
الاغضن ۔ خلقۃ ۔ تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سیکڑنے والا ۔
غضا یغضو غضواً ۔ اللیل : تاریک ہونا ۔۔۔ البعیر : اونٹ کا درخت غضا چرنا ۔ صفت (غاض)
۔۔۔ غضوّاً ۔ نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا صفت (غاض) مونث (غاضیۃ) ج غواض
غضی یغضی غضیً ۔ البعیر : درخت غضا کے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا صفت (غضٍ) مونث غضیۃ ج غضایا
غضیت الارض : بہت درخت والی ہونا ۔
اغضی اغضاء ۔ اللیل : رات کا تاریک ہونا ۔ صفت (غاض) خلاف قیاس ۔ اغضی عینہ : آنکھ بند کرنا ۔۔۔ علی الامر : خاموش رہنا ۔ صبر کرنا ۔ کہا جاتا ہے " اغضی عنہ طرفہ " اس سے اس نے نگاہ پھیرلی " و اغضی علی القذی " اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا ۔
تغاضی ۔ آنکھیں بند کر لینا ۔ عنہ : غفلت برتنا ۔
الغضا ۔ جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی ۔
واحد (غضاۃ) جھاڑی ۔ اہل الغضا : نجد کے رہنے والے ۔
الغاضیۃ ۔ غاضی کا مونث ۔ تاریک روشن کہا جاتا ہے " لیلۃ غاضیۃ : یعنی تاریک رات " نار غاضیۃ " یعنی روشن آگ ۔ الخ ج غواض ۔
الغضیاء ۔ غضا کے اگنے کی جگہ ۔ ارض غضیاء ۔ بہت درخت ۔ غضا والی زمین ۔
غط (ن ض) غطاً و اغط ۔ الشیء فی الماء : پانی میں ڈبونا غوطہ دینا ۔
غطّ (ن) غطّاً ۔ سخت نچوڑنا ۔
غطّ (ض) غطیطاً ۔ النائم : سونے والے کا خراٹے لینا ۔۔۔ البعیر : اونٹ کا بلبلانا ۔
تغاطّ ۔ الرجلان فی الماء : ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا ۔
الغط ۔ فی الماء ۔ پانی میں ڈوبنا ۔
الغطاط ۔ سنگخوار پرندے کی ایک قسم
۔۔۔ و الغطاط ۔ صبح کی ابتداء
غطر (ض) غطراً ۔ الرجل : چلنے میں بازو ہلانا ۔

غطرس غَطْرَسَةً۔ علی فلان: تکبر کرنا ــــ الرجلُ: اپنے ہم عمروں پر دست درازی کرنا ــ بالشئ: خودپسند ہونا ــــ ہ: غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ۔ ناز کرنا۔ تکبر کرنا ــ غضبناک ہونا۔ بخل کرنا۔
الغطرَسَ۔ متکبر۔ خودپسند۔ ج۔ غطارس۔
الغِطْرِیس۔ متکبر و خودپسند ج۔ غطاریس
غَطرس ۔ اللیل بصرہ: رات کا نگاہ کو تاریک کرنا ــــ بصرُہ: نگاہ تاریک ہونا ــــ الرجلُ: برائی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَفَ۔ ناز و انداز سے چلنا۔ تکبر کرنا
الغطرفة۔ تکبر۔
الغطراف و الغِطریف۔ سخی۔ سردار خوش طبع جوان خوبصورت۔ ج۔ غطارفۃ و غطاریف۔ الغِطریف: باز کا بچہ۔ مکھی۔
الغطروف و الغطروف۔ خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا۔ فی الماء: پانی میں غوطہ کھانا ــ ہ فی الماء: غوطہ دینا ــــ فی الاناء: برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَہ۔ فی الماء: پانی میں غوطہ دینا۔
تَغاطَسُوا۔ فی الماء: پانی میں ایکدوسرے کو غوطہ دینا۔ تغاطس الرجل: غفلت برتنا۔
الغاطِس۔ فا، لیلٌ غاطسٌ: تاریک رات
الغِطاس۔ عندالنصاری: نصرانیوں کی کی ایک عید۔
الغطّاس۔ مرغ دریا۔ تک غوطہ لگانیوالا ایک پرند جس کو غواص بھی کہتے ہیں۔
الغِطوس۔ لڑائیوں میں پیش قدمی کرنیوالا۔
المَغْطِس۔ غوطہ لگانیکی جگہ۔
المِغْطَس۔ بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں ج۔ مغاطس۔
غَطَشَ (ض) غَطْشًا۔ اللیل: رات کا تاریک ہونا صفت (غاطِشٌ و اَغْطَشَ

غَطَشَ (ض) غَطْشًا و غَطَشانًا۔ مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا۔ کمزور نظر والا ہونا صفت (اَغطش و غَطِش) مؤنث (غطشاء و غطشۃ) ج غُطش و غطشات۔
اَغطَشَ ۔ اللیل: رات تاریک ہونا ــــ اللہ اللیل: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَتْ۔ عینہ: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغاطَشَ۔ عنہ: اندھا بننا و غفلت برتنا۔
اِغطاش۔ کمزور نظر والا ہونا۔
اَلغطاش۔ رات کی تاریکی۔
الغطش۔ فی العین: سیلان اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فلاۃٌ اَغْطَشاء و غَطِیشٌ و غطشی چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو کہا جاتا ہے۔ فلاۃ غطشی و نحن کرمالھا غطشی " چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کے ریت کے مانند پیاسے تھے۔ لیلۃ غَطْشَاءُ تاریک رات
غَطْغَطَتْ غَطْغَطَۃً۔ القِدر: ہانڈی کا جوش مارنا ــــ النوم علی فلان: نیند کا غالب آنا۔
ــــ و تَغَطْغَطَ۔ البحرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا تَغَطْغَطَ الشئُ: بکھرنا۔ متفرق ہونا۔
الغَطَاغِط۔ بکری کے مادہ بچے واحد (غطغط)
الغَطْغَطَۃ۔ مم۔ سنگوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔
غَطِفَ (س) غَطَفًا۔ پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اغطف) مؤنث (غطفاء) ج غطف۔
الغَطَفَ۔ مم۔ وسعت عیش۔
الاغطف۔ من العیش: آسودہ زندگی۔
غَطَلَ (ن) غَطْلًا۔ السماءُ: بادل گھر کر آنا۔
اَغطل: بادل کی تاریکی تہ بتہ ہونا۔

غَطِلَ (س) غَطَلًا۔ اللیل: رات کا تاریک ہونا۔
غَیْطَلَ غَیْطَلَۃً۔ بہت مالدار ہونا۔ گائے بیل کی تجارت کرنا۔ شور کرنا۔
اِغْطالَّ اِغطیلالًا۔ یکے بعد دیگرے آنا اور ترتیب سے بیٹھنا۔
الغَیْطَل۔ بلی۔
الغَیطَلۃ۔ شور و غوغا۔ تاریکی۔ نعمت گھنا جھاڑی۔ نیل گائے۔ گائے۔ نیند کا غلبہ۔
الغیطول۔ تاریکی۔ شور و غوغا۔
الغطلس۔ بھیڑیا۔
الغِطَمّ۔ بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی جماعت کثیر۔
غَطمَطَ۔ البحرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا ــ القدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا السیلُ: آواز دینا۔
تَغَطمَطَ ۔ البحرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا ــ الصوت: آواز کا گلوگیر ہونا۔
بحرٌ (غطامط) بڑی موجوں والا سمندر
الغَطْمُطَم۔ بڑا سمندر
غطا یَغطو غطوًا و غطوًا۔ الشئَ: چھپانا ــــ الماءُ وغیرہ: بلند ہونا ــ اللیل: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپا لینا۔
غَطّٰی تَغطیۃً و اَغطٰی اغطاءً۔ الشئَ: چھپانا۔ اغطی الکرم: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔
تَغطّٰی و اِغتطٰی۔ چھپنا۔
الغطاء۔ پردہ۔ سرپوش ج۔ اغطیۃ۔
الغطایۃ۔ عورت کی کرتی۔
غَطٰی یغطی غطیًا و غُطِیًّا۔ اللیل: رات کا تاریک ہونا ــ الشباب: جوانی کا بھرپور ہونا ــــ الماءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غاطٍ) ــــ الشئَ و علی الشئَ: چھپانا۔
ــــ و اغطی۔ الشجرُ: درخت میں لمبی لمبی

شاخوں کا ہونا۔ أغطاه: چھپانا۔

الغاطية۔ مونث غاطی: انگور کی بیل۔

اغتفت وتغففت۔ الدابة: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اغتفت الدابةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اغتفت فسلانا: تھوڑا دینا۔

تغفّفَ۔ الاناءَ او الضرع: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔

الغَفّ۔ خشک شدہ پتے۔

الغُفّة۔ چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے گذارہ۔ غفةُ الاناء او الضرع: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغفةُ: چوہا۔

غَفَرَ۔ (ض) غفرًا۔ الشئ: ڈھانکنا ــــ الشيب بالخضاب: سفید بالوں کو خضاب سے چھپانا۔

ــــ غفرًا وغفيرًا وغفِيرةً وغفرانًا ومَغفِرةً وغفورًا۔ له الذنب: چھپانا اور معاف کردینا ــــ الامر: درست کرنا۔

غَفَرَ (ض) وغَفِرَ (س) غفرا وغفَرَ المريضُ: مریض کا دوبارہ بیمار ہونا۔ غفر وغفِر الجرح: زخم کا تازہ ہونا۔ غفر الثوب: کپڑے کا رؤیں دار ہونا۔

غَفَّرَ۔ الشئ: چھپانا ڈھانکنا ــــ الرجل: غفر الله له کہنا۔

أغفَرَه۔ چھپانا۔ اغفر رمث: گوند نکالنا

تَغَفَّرَ۔ گوند چننا۔

تَغَافَرُوا۔ ہر ایک کا دوسرے کے لئے مغفرت کی دعا کرنا۔

اغتَفَرَ۔ الله ذنبه: بخش دینا۔

أغفَارَ۔ الثوب: روئیں دار ہونا

إستَغفَرَ۔ الله الذنب ومن الذنب: بخشش طلب کرنا۔

الغفر والغفَر۔ رواں کپڑے کا الغفر: چھوٹی چھوٹی گھاس [الغفر و لغفر و الغُفَار] گردن وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے بال۔

الغفر والغفر۔ پہاڑی بکری کا بچہ ج غِفرة واغفار وغفور۔

الغَفَر: گائے کا بچہ۔

الغَفِر: گردن وغیرہ پر چھوٹے چھوٹے بال والا۔ کہا جاتا ہے رجل غفر عفر القفا وامراة غفرة الوجہ۔

الغِفَار۔ خسارہ پرشان۔

الغفرة۔ ڈھکنا۔ سرپوش کہا جاتا ہے۔ "غفر الشئُ اغفرته" اس نے مناسب طریقہ سے اصلاح کردی۔

الغِفَارَة۔ خود جسکو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے ٹکڑا کہ جس سے کمان کے گوشہ کو لپیٹتے ہیں چیتھڑا جس سے عورتیں اوڑھنی کو میل یا تیل وغیرہ سے بچاتی ہیں۔ ہر وہ چیز جس سے کسی چیز کو چھپائیں۔

الغفارة۔ لمبی چوڑی چادر جسکو علمائے یہود اوڑھتے تھے۔

الغافر: ف۔ ج غافرون وغفرة

الغَفُور۔ بہت بخشنے والا۔ مونث ومذکر دونوں کے لئے مستعمل ہے۔

الغفار۔ بہت بخشنے والا۔ مونث غفّارة

الغَفِير۔ مع۔ رواں۔ کہا جاتا ہے "جاؤا جمًّا غفيرا وجم الغفير والجم الغفير" یعنی جماعت آگئی جس میں شریف و رذیل سبھی قسم کے لوگ ہیں۔

المغفِرة۔ پہاڑی بکری بچہ والی ج مغفرات۔

المِغفر والمغفرة۔ خود جسکو فوجی ٹوپی کے نیچے پہنتا ہے۔ ج مغافر۔

المِغفر والمغفُر والمغفور۔ ایک قسم کا گوند جو بعض درختوں سے نکلتا ہے ج مغافر ومغافیر۔ "ارض مغفورة" وہ زمین جس میں یہ گوند بہت نکلتا ہو۔

الغوفر۔ خربوزہ کی ایک قسم

الغفش۔ آنکھ کا کیچڑ۔

غافصه غفاصًا ومغافصةً۔ اچانک جانا۔ چاپک پکڑ لینا

الغافصة۔ مصیبت زمانہ ج غوافص۔

غفقه۔ (ض) غفقًا بالسوط۔ کوڑے سے بہت مارنا۔ غَفَقَ علیه کسی پر اچانک آجانا۔ الرجلُ: اچانک پاس آجانا۔

غَفّقَة۔ کچھ تھوڑا سا سونا۔

غَفّق۔ اس طرح سونا کہ لوگوں کی باتیں سن رہا ہو

تَغَفّقَ۔ الشراب: تمام دن شراب پینا۔ یا تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پینا۔

إغتَفَقَ۔ بہ احاطہ کرنا۔

الغَفَق۔ مع۔ ہلکی بارش۔

المَغفِق۔ مرجع۔ لوٹنے کی جگہ۔

المنغفق۔ واپس ہونے اور مڑنے کی جگہ

غَفَلَ (ن)، غفولا وغفلة وغفلانًا عنه: غافل ہونا۔ بھول جانا چھوڑ دینا ــــ الشئ: چھپانا

غَفّلَه۔ غافل بنانا۔ غافل سمجھنا غفل الشئ: چھپانا۔

أغفَلَ۔ الشئ: چھوڑ دینا ــــ ه: غافل نام رکھنا۔ غافل سمجھنا ــــ الکتاب: نقطے نہ رکھنا ــــ ه: کام کے وقت کو پوچھنا۔ فرصت کا انتظار کرنا۔

غَافَلَه۔ وتَغَفّلَه واغتفله واستغفله: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ اغتفله: غافل سمجھنا۔

تَغَافَلَ۔ بتکلف غافل بننا۔ تغافل: غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تغافل عن الامر: غافل ہونا۔ بھول جانا۔

الغُفَل۔ مع۔ فراخی عیش۔ کہا جاتا ہے "ہو فی غفل من عیشه" وہ فراخی عیش میں ہے۔

الغُفُل۔ بے علامت بے حسب آدمی۔ ــــ من الشعر جس کا قائل معلوم نہ ہو ــــ من الارض: غیر آباد زمین ــــ من الرجال: ایسا آدمی جس سے نہ خیر کی توقع ہو نہ شر کا اندیشہ۔ من الکتب: جسکا مصنف معلوم نہ ہو ــــ من الشعراء: مجہول شاعر ج اغفال۔ "نعم اغفال" بے علامت چوپائے۔

الغافل۔ فا۔ ج غافلون وغفول وغفل۔

الغفلان۔ غافل۔

الغَفْلان۔ غافل غفلت ورزی میں بھری

المغفلت۔ اڑھی بچہ۔

المغفّل (مم) بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔

غَفَا يَغْفُو غَفْوًا وغُفُوًّا وغَفِيَ يَغْفَى غَفْيَةً وغُفِيًّا ۔ اونگھنا ۔ ہلکی نیند سونا ۔ کہا جاتا ہے اغفیت او غفیت کم بولا جاتا ہے

غفا الشیٔ : پانی پر تیرنا ۔

الغفوۃ ۔ غفا کا اسم مرۃ ۔ ہلکی نیند ۔

غَفَى يَغْفِي غَفْيًا واغْفَى ۔ الطعام : غلہ کو صاف کرنا ۔ واغفی الطعام : بہت کوڑا کرکٹ والا ہونا ۔ اغفی الرجل : کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا

الغفی ۔ الشیٔ : لوٹنا ۔

الغفی ۔ گیہوں کا چھلکن ۔

الغَفَاء ۔ گیہوں کا چھلکن ۔ درخت خرما کیلئے آفت جو غبار کے مانند ہوتی ہے اور میووں کو پکنے نہیں دیتا ۔

الغفیۃ ۔ بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھے ۔

الغفلاۃ ۔ آنکھ کی سفیدی ۔

غقَّ (ض) غقًّا وغقیقًا ۔ القار : تارکا جوش مارنا اور اسکی آواز کا سنائی دینا (دیکھئے قار)

— الصقر : شکرہ کا آواز کرنا ۔

غقُّ الماءِ وغَقیقُہ ۔ تنگ جگہ میں پانی کے داخل ہونے کی آواز ۔

الغَقَّاق ۔ اسم مبالغہ ۔

غلَّ (ن) غلًّا ۔ فی الشیٔ : داخل کرنا

غل المفازۃ : بیابان میں داخل ہونا — الشیٔ : چپکے سے لینا اور اپنے سامان میں ملا دینا

الماءُ بین الاشجار : پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا ۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا ۔

— غلولًا : خیانت کرنا — فی الشیٔ : داخل ہونا — فی البلاد : گھستے ہوئے چلے جانا ۔

غَلَّ (ن) غلًّا وغلل ۔ الغلالۃ : غلالہ پہننا (دیکھئے غلالہ) ، غلہ وغللہ : ہاتھ میں ہتھکڑی یا گلے میں طوق ڈالنا ۔

غَلَّ (ض) غِلًّا وغَلیلًا ۔ صدرہ : کینہ والا ہونا ۔ دھوکے فریب والا ہونا ۔

غُلَّ غُلَّۃ وغُلَّۃ ۔ سخت پیاسا ہونا ۔ صفت (غلیل ومغلول ومغل)

أَغَلَّ ۔ الرجل : خیانت کرنا ۔ اغلت الارض : غلہ والی ہونا ۔ غلہ پیدا کرنا — اغل البصر : تیز نظر کرنا ۔ اغلہ : خیانت کی طرف نسبت کرنا ۔

— علی عیالہ : بال بچوں کے لئے غلہ لانا —

الخطیبُ : خطیب کا اپنے کلام میں صواب کو نہ پہنچنا — الجازر فی الجلد : قصائی کا کچھ گوشت اور چربی کے ساتھ کھال کو کھینچنا ۔

اِنْغَلَّ وتَغَلَّلَ ۔ فی الشیٔ : داخل ہونا ۔

أَغْتَلَّ ۔ الضیعۃ : جائداد سے غلہ کو لینا ۔

— الثوب : کپڑے کو کپڑے کے نیچے پہننا

اغتَلَّ وتغَلَّلَ ۔ بالغالیۃ : غالیہ لگانا ۔

اسْتَغَلَّ ۔ الارض : زمین سے غلہ لینا —

عبدہ : غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا ۔

الغِلّ ۔ کینہ ۔ دھوکا فریب ۔

الغُلّ ۔ پیاس ۔ ہتھکڑی یا طوق ج اغلال وغلول کہا جاتا ہے "ھذا غلّ فی عُنُقِکَ" یعنی یہ تیرے لئے لازم ہے اور تجھے اس پر سزا ملیگی ۔

الغَلّۃ ۔ مکان کا کرایہ یا زمین کا ماحصل ج غلات وغلال ۔

الغُلّۃ ۔ سخت پیاس ۔ کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا ۔ گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں ۔ ج غُلَل ۔

الغَلَل ۔ پیاس ۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی چھننا (چائے وغیرہ چھلنے کا) گوشت جو کھال پر رہ جائے ج اغلال ۔

الغِلَالَۃ ۔ ہر وہ کپڑا جو کپڑے کے یا زرہ کے نیچے پہنا جائے مثلاً بنیان یا شلوکا وغیرہ ۔ زرہ کے دو حلقوں کو ملانے والی میخ ۔ ج غلائل گدی جسکو عورتیں سرین پر بڑا معلوم ہونے کے لئے باندھتی ہیں ۔

الغالیۃ ۔ ایک قسم کی مرکب خوشبو ۔

الغلیل ۔ سخت پیاسا ۔ سخت پیاس ۔ کینہ سوزش محبت یا سوزش غم ۔

الغَلیلۃ ۔ مؤنث غلیل ۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا ج غلائل ۔

المغلال ۔ بہت غلہ والا ۔

المغتل ۔ پیاسا ۔ کہا جاتا ہے "انا مغتل الیہ" یعنی میں اس کا مشتاق ہوں ۔

المغلات والمستغلات ۔ زمین کا ماحصل (بصورت کرایہ یا غلہ)

غَلَبَ الرجل وغلب علیہ ۔ (ض) غَلْبًا وغَلَبًا وغَلَبَۃً ومَغْلَبًا ومَغْلَبَۃً وغَلَبّی وغِلِبّی وغُلُبَّۃً وغَلَابِیَۃً واغتلبہ : غالب ہونا ۔ کہا جاتا ہے "غلب علیہ الکرم" کرم کا اسکے اوپر غلبہ ہوگیا گویا کہ وہ اس کی عادت ثانیہ ہے

غَلِبَ (س) غَلَبًا ۔ موٹی گردن والا ہونا ۔ صفت (اغلب) مؤنث غلباء ج غُلْبٌ ۔

غلّبہ ۔ غالب بنانا ۔

غَالَبَہ غِلَابًا ومغَالَبَۃً ۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا ۔

تَغَلَّبَ ۔ علی البلد : شہر پر زبردستی تسلط جمالینا ۔

تَغَالَبُوا ۔ علی البلد : شہر پر قابض ہونے کے لئے ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا ۔

اِغْلَوْلَبَ ۔ الشعبُ : گھنا ہونا — القوم : بہت ہونا ۔

اِسْتَغْلَبَ ۔ علیہ الضحکُ : تیز ہونا ۔ غالب آنا

الغَلَّاب ۔ بہت غالب ہونیوالا ۔ ج غلابون ۔

الغالِبُ ۔ فا ج غالبون وغلبۃ ۔ کہا جاتا ہے "ھذا یحدث غالبًا وفی الغالب" یہ اکثر احوال میں واقع ہوتا ہے ۔

الاَغْلَبُ ۔ اسم تفضیل ۔ اسی سے ہے "علی الاغلب وفی الاغلب" یعنی علی الاکثر وفی الاکثر ۔ الاغلب : شیر ۔

الغَلْبَاءِ ۔ مؤنث اغلب ۔ گھنے درختوں کا باغ بڑا و شاخ دار ۔ بہت عزیز خاندان ۔

الغُلُبَّۃ ۔ — من الرجال : جلد غالب آنے والا ۔

المُغَلَّب بمعنے بار بار مغلوب کیا ہوا۔
المَغْلَبَة ۔ مص بمعنے غلبہ کی جگہ
غَلَتَ (ن) غَلْتًا ۔ البیع او الشراء : فسخ کرنا
غَلِتَ (س) غَلَتًا ۔ غلطی کرنا حساب میں غلطی کے لئے اکثر استعمال ہوتا ہے۔
تَغَلَّتَہ و اِغْتَلَتَہ ۔ اچانک پکڑ لینا، غفلت میں پکڑ لینا
الغَلْتَة ۔ رات کا ابتدائی
غَلِثَ (س) غَلَثًا ۔ القومُ : سختی سے مقابلہ کرنا۔
— و اِغْتَلَثَ ۔ الزندُ چقماق سے آگ نہ نکلنا
غَلَثَ (ض) غَلْثًا ۔ الشیَٔ بالشیَٔ : ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا۔
الغَلَث ۔ مص ۔ غلہ کیساتھ ملا ہوا کوڑا کرکٹ
الغَلِثُ ۔ مجنون ۔ ج ۔ و المُغَالِث [سخت جنگ کرنے والا۔
المَغْلِث و الغَلِیث و المَغْلُوث ۔ من البرّ : وہ گیہوں جس میں کوڑا کرکٹ ملا ہوا ہو
غَلَجَ (ض) غَلْجًا و غَلَجَانًا ۔ الفرسُ برابر ایک رفتار پر چلنا۔
تَغَلَّجَ ۔ علیہ : ظلم کرنا۔
الغَلَج ۔ عمدہ چرائی
الاُغْلُوج ۔ نرم و نازک شاخ ج اَغَالِیج
غَلَسَ فی العمل : آخر رات کی تاریکی میں کام کرنا ۔ الماءَ : آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا۔
— و اَغْلَسَ ۔ آخر رات کی تاریکی میں چلنا۔
الغَلَس ۔ آخر رات کی تاریکی ج اَغْلَاس
غَلْصَمَہ (ن) غَلْصًا و غَلْصَمَۃً ۔ حلق کاٹنا ۔ حلق پکڑنا
الغَلْصَمَة ۔ مص سر اور گلے کے درمیان کا گوشت ۔ جماعت قوم سرداران قوم ج غَلَاصِم کہا جاتا ہے "ھو فی غَلْصَمَةٍ من قومہ" وہ اپنی قوم میں شریف و معزز ہے۔

غَلِطَ (س) غَلَطًا ۔ فی الامر غلطی کرنا ۔ صفت [غالط] اور صفت مفعولی [مَغْلُوط] فیہ
غَلَّطَہ ۔ غلطی کی نسبت کرنا
غَالَطَہ غِلَاطًا و مُغَالَطَةً و اَغْلَطَہ غلطی میں ڈالنا۔
تَغَالَطَ ۔ القومُ : ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا
المَغْلَطَة ۔ وہ مسائل مبہمہ جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے وہ چیز جسمیں غلطی کیجائے یا کثرت سے جسمیں غلطی واقع ہو ج مَغَالِیط ۔
الاُغْلُوطَة ۔ بمعنے مَغْلَطَة ج اُغْلُوطَات و اَغَالِیط
الغَلُوطَة ۔ بمعنے مَغْلَطَة ۔ کہا جاتا ہے ۔ هذه مسألة غَلُوطة ۔ یعنی یہ ایسا مسئلہ ہے جس میں بکثرت غلطی ہوتی ہے ۔
المِغْلَاط ۔ بہت غلطی کرنے والا۔
غَلَظَ (ن ض) و غَلُظَ ک ۔ غِلَظًا و غِلْظَةً و غُلْظَةً و غُلُظَةً و غِلَاظَةً موٹا ہونا گاڑھا ہونا سخت ہونا ۔ صفت [غَلِیظ ج غِلَاظ و [غالظ] ج غلاظ ۔ غَلُظَتِ السنبلةُ : خوشہ میں دانہ نکلنا ۔ الرجلُ : سخت و تندخو ہونا۔
غَلَّظَ ۔ گاڑھا کرنا ۔ غَلَّظَ الیمینَ : قسم کو موکد کرنا ۔ — علیہ الیمین قسم میں سختی کرنا ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ منہ میثاقًا غلیظًا" اس سے پختہ عہد لیا۔
اَغْلَظَ : المسافرُ : مسافر کا سخت زمین پر اترنا ۔ — الشیَٔ : غلیظ پانا ۔ — لہ فی القول : درشت کلامی کرنا سختی سے جھڑکنا۔
غَالَظَ مُغَالَظَةً ۔ دشمنی کرنا مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ ۔ گاڑھا ہونا موٹا ہونا سخت ہونا ۔ الشیَٔ : موٹا پانا۔
الغُلَاظ ۔ گاڑھا موٹا ۔ سخت
الغِلْظ ۔ سخت زمین۔
الغِلْظَة ۔ مص سختی ۔ گندگی ۔ موٹاپا ۔ بدخلقی کہا جاتا ہے "بینہم غِلْظَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ۔
غَلْغَلَ غَلْغَلَةً و تَغَلْغَلَ ۔ چلنے میں جلدی

کرنا ۔ غَلْغَلَ و تَغَلْغَلَ فی الشیَٔ : سختی سے داخل ہونا ۔ کہا جاتا ہے "غَلْغَلَ الیہ رسالةً" اس نے اسکی طرف ایک شہر سے دوسرے شہر میں پیغام پہنچایا ۔
رسالةٌ [مُغَلْغَلَة] ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجا ہوا پیغام
الغُلْغُل ۔ زمین میں گھسی ہوئی درخت کی جڑ ج غَلَاغِل
غَلَفَ (ن) غَلْفًا ۔ الشیَٔ : ڈھانکنا غلاف میں ڈالنا۔
غَلِفَ (س) غَلَفًا ۔ غیر مختون ہونا
غَلَّفَ ۔ الشیَٔ : غلاف میں ڈالنا ۔ ڈھانکنا چھپانا
اَغْلَفَ ۔ الشیَٔ : غلاف بنانا ۔ غلاف میں ڈالنا
تَغَلَّفَ و اِغْتَلَفَ ۔ غلاف میں ہونا ۔ تَغَلَّفَ الرجلُ : داڑھی میں غالیہ یعنی مرکب خوشبو لگانا ۔ اِغْتَلَفَ بالغالیة : غالیہ خوشبو لگانا۔
الغَلْف ۔ مص ۔ ایک درخت ہے دباغت کے کام میں آتا ہے ۔
الغُلْفَة ۔ ختنہ کا چمڑا جسکو ختنہ کرنیوالا کاٹتا ہے ج غُلَف ۔ الغُلْفَتَان ۔ مونچھوں کے دونوں کنارے ۔
الاَغْلَف ۔ غیر مختون ۔ کہا جاتا ہے "قَلْبٌ اَغْلَفُ" یعنی ایسا دل جو نہ محفوظ رکھے نہ سمجھے "عامٌ اَغْلَفُ" ارزانی کا سال
الغِلَاف ۔ وہ چیز جس میں کوئی چیز داخل کیجائے اور چھپائی جائے جیسے میان جزدان ج غُلُف و غُلْف
الغَلْفَاء ۔ اَغْلَفُ کا مونث ج غُلْف ۔ اَرْضٌ غَلْفَاء ۔ بغیر چری ہوئی زمین ۔ سَنَةٌ غَلْفَاء : ارزانی کا سال ۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا ۔ تنگدل ہونا ۔ زچ ہونا ۔ غضبناک ہونا ۔ بدخلق ہونا ۔ صفت [غَلِق] ۔
— الرهنُ فی ید المرتهن حق مرتہن ہونا اور یہ اس وقت جبکہ راہن رہن چھڑانے سے عاجز ہو جائے ۔
اَغْلَقَ و غَلَّقَ ۔ الباب : دروازہ بند کرنا اور نادر طریقہ پر بولا جاتا ہے ۔ غَلَقَ (ن) غَلْقًا

اور یہ اغلق میں ایک ردی لغت ہے۔
اُغْلِقَ۔ علیہ الامر: معاملہ کا مبہم ہونا۔ "اُغلق القاتل فی ید الولی: قاتل کو ولی کے قبضہ میں دیا جانا تاکہ جو چاہے فیصلہ کرے۔ کہا جاتا ہے اُغلق فلانٌ بجریرتہ" فلاں اپنے جرم کی وجہ سے جوالہ کیا گیا اور اسم [الغلاق] ہے۔
غَالَقَہٗ مُغَالَقَۃً۔ شرط لگانا۔
تَغَالَقَ۔ القوم: ایک دوسرے سے شرط لگانا
اِسْتَغْلَقَ۔ الباب: دروازہ کا کھلنا دشوار ہونا ___ الکلام علی فلان: گفتگو کا بند ہو جانا۔
الغَلَقَ۔ قفل۔ تالا۔ بڑا دروازہ ___ عند البنائین: معماروں کی اصطلاح میں غلق اس پتھر کو کہتے ہیں جو محراب یا قبہ کے بیچ میں لگایا جاتا ج اغلاق ج اغالیق۔
کلامٌ [غلق و مُغلق] مشکل کلام جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
بابٌ [غلق] بند دروازہ
المِغْلَقَ۔ جوئے کے فائدہ بخش تیروں میں سے ایک تیر ج مغالق۔
المِغْلَقُ والمغلاق والمُغْلوق قفل۔ تالا جس سے دروازہ بند کیا جائے۔ ج مغالیق۔
غَلِمَ (س) غَلَمًا وغُلْمَۃً واِغْتَلَمَ شہوت پرست ہونا صفت (غَلِم وغلیم ومغتلم) مؤنث غلمۃ وغلیم وغلیمۃ ومغتلمۃ۔ اغتلم الشراب: جوش مارنا۔ اغتلمت الامواج: تیز ہونا۔
الغُلَام۔ سبز خط۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور ج غلمان وغلمۃ واغلمۃ۔
الغلامۃ۔ غلام کا مؤنث۔ باندی۔ لونڈی
الغلومۃ والغلامیۃ والغلومیۃ نوجوانی۔
المُغْلِیم۔ تیز شہوت مرد۔
الغَیْلم۔ مذکر کچھوا۔ مینڈک کنوئیں میں پانی کا سوت۔ بالوں والا نوجوان کہا جاتا ہے۔ "ما فی الدار غَیْلَمٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

غَلَنَ (ن) غَلْنًا۔ الشباب: جوش پر ہونا۔
غُلْوَانُ۔ الشباب والامر: جوانی کی نشاط اور ابتدا۔
غَلَا یَغْلُو غُلُوًّا۔ زیادہ ہونا بلند ہونا النبتُ: نباتات کا گنجان اور بڑا ہونا بالدین: دین میں جوشیلا و پختہ ہونا۔
غَلَا غَلَاءً۔ السعر: بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت [غالٍ وغلیّ]
غَلَا یَغْلُو غَلْوًا وغُلُوًّا۔ السہم وبالسہم: تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا۔
غَالٰی غِلَاءً ومُغَالَاۃً۔ السہم وبالسہم: تیر کو انتہائی دور تک پھینکنا ___ فی الامر: مبالغہ کرنا۔ بالشیء: قیمت بڑھانا۔ گراں قیمت پر خریدنا و غالی الرجل: مقابلہ کرنا۔
اَغْلٰی الشیءَ: گراں پانا گراں قیمت پر خریدنا ___ السعر: بھاؤ گراں کرنا ___ الکرم: انگور سے پتے اتار دینا۔
اَغْلٰی وتَغَالٰی واِغْلَوْلٰی۔ الشجرُ: درخت کا گنجان اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلٰی۔ البعیرُ: اونٹ کا تیز چلنا
اِسْتَغْلٰی۔ الشیءَ: گراں پانا۔
الغَالِی۔ ثا۔ ج غلاۃ مؤنث غالیۃ ج غالیاتٌ وغوالٍ۔ الغالی: موٹا گوشت۔ کہا جاتا ہے "بعتُ بالغالی وبالغلی" یعنی میں نے گراں بیچا۔
الغَلَاء۔ مم۔ قیمت کی زیادتی ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ج اُغلیۃ۔
الغُلَوَاء والغلواء۔ حد سے گزرنا (___ و الغلوان) آغاز جوانی و نشاط جوانی کہا جاتا ہے۔ "خفض من غلوائک" یعنی اپنی سرکشی اور حد سے گذرنے کو پست کر ___ و "فعلہ فی غلواء شبابہ" اس نے اسکو اپنے آغاز جوانی میں کیا۔
الغَلْوَۃ۔ پاس تیر پرتاب ج غلوات وغلاء۔
المِغْلٰی والمغلاۃ۔ تیر جو انتہا تک پھینکا جائے۔ ج مغالٍ
غَلٰی یَغْلِی غَلْیًا وغلیانًا۔ جوش مارنا

غَلّٰی تغلیۃً واَغْلٰی اِغْلَاءً۔ القدر: ہانڈی کو جوش دینا ___ الرجل: دور سے اشارہ سے سلام کرنا۔
تَغَلّٰی۔ غالیہ (مرکب خوشبو) لگانا
الغَالِیَۃ۔ مرکب خوشبو ج غوالٍ
کمہ (س) کمہاً۔ اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا ـــ بصرہ: تاریک ہونا اور بینائی کو نا پید کرنا ـــ النہار: دن کا غبار والا ہونا ـــ الرجل: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اکمہ۔ مونث کمہاء ج کمہ۔ الاکمہ: اندھا۔ مادر زاد اندھا۔

تکمہ فی الارض: حیران پھرنا صفت کامہ ومتکمہ کہا جاتا ہے ذہبت ابلہ کمیہی۔ یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔

مکمہ العینین: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔

کمہل الرجل: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لیے باندھنا ـــ علینا: حق روکنا ـــ الحدیث: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا ـــ المال: جمع کرنا

تکمہل الشیء: جمع ہونا۔

اکمہل الرجل: سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔

کمی یکمی کمیاً واکمی۔ شہادتہ وغیرہا: چھپانا

کمی وکمی نفسہ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا

اکمی علی الامر: پکا ارادہ کرنا۔ اکمی المحارب: لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔ اکمی الرجل منزلہ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

تکمی الشیء: چھپنا ـــ الشیء: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تکمتہ الفتنۃ الناس: گھیر لینا۔

تکمی الجیش: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا ـــ القوم: بے ہوش ہونا۔ گھیر لینا۔

انکمی۔ پوشیدہ ہونا۔

اکتمی اکتماء۔ چھپنا۔

الکمی۔ بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش بھید کا محافظ۔ ج کماۃ واکماء۔

المتکمی۔ ہتھیار بند۔ دلیر۔

کن (ن) کناً وکنوناً وکنن واکن الشیء: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا ـــ العلم وغیرہ فی نفسہ: دل میں چھپانا۔

اکتن الرجل: چھپنا ـــ الشیء: سفید ہونا۔

ـــ المرأۃ: عورت کا شرم وحیا سے منہ چھپانا۔

ـــ الشیء: چھپانا۔

تکنی تکنیا۔ ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تکنن ہے)

استکن: چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔

الکن۔ ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی کی منزل گھر ج اکنان واکنۃ۔

الکنۃ: کن کا اسم مرۃ۔ بھو یا بھاوج۔ ج کنائن۔

الکنۃ۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سیڑھی۔

الکنۃ۔ چھجہ۔ انگنی۔ کوٹھری کے اندر چھوٹی کوٹھری۔ ج کنات وکنان۔

الکنان۔ چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی ج اکنۃ۔

الکنانۃ۔ ترکش۔ تیر دان۔ ج کنائن وکنانات

کانون الاول وکانون الثانی: رومی مہینے مطابق دسمبر جنوری۔

الکانون والکانونۃ۔ انگیٹھی۔ ج کوانین۔ وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے۔ وہ شخص جو

بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تاکہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الکَنِین۔ چھپا ہوا۔

المُستَکِنَّۃ۔ کینہ۔

کَنَبَ (ن) کُنُوباً الرجلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مالدار ہونا۔

کَنَبَ (ض) کَنْباً الشیَٔ فی جِرابِہٖ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

کَنِبَتْ (س) کَنَباً الیدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

اَکْنَبَ الشیُٔ والیدُ: سخت ہونا ــــ عَلَیہِ لِسانُہٗ: زبان رکنا ــــ عَلَیہِ بَطنُہٗ: سخت ہونا۔

الکانِبُ بہٖ: شکم سیر۔

الکَنَبُ بمعہ۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الکِنَابُ: خوشۂ خرما۔

الکَنِیبُ: خشک درخت۔

الکُنَبَّۃُ: ظالم خبیث۔

المِکْنَبُ والمُکْنِبُ۔ کھودنے والا جس کے ہاتھ عمل کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔ حافِر مِکْنَب و مُکْنِبٌ: سخت کھر۔

المُکَنْبِثُ: مرد پستہ قد سخت بدن والا۔

کَنْبَثَ و تَکَنْبَثَ الرجلُ: سکڑنا۔

رجل کُنْبُثٌ و کُنابِثٌ: گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الکُنْباثُ: گرنے والی ریت۔

وجہ کُنابِل۔ بدصورت چہرہ۔

رجل کُنابِن۔ مرد بدصورت۔

الکَنْبَرۃ۔ ناک کا موٹا سرا۔

الکِنْبارُ۔ ناریل کی رسی۔

تکنبش القومُ: خلط ملط ہونا۔

الکَنْبُوش والکُنْبُوش۔ عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ جمع۔ کنابیش (دخیل)

کَنَتَ (ن) کُنْتاً فی خلقہ: مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔

کَنِتَ (س) کَنَتاً السقاءُ: مشک کا لٹکنا اور سخت ہونا۔

اِکْتَنَتَ الرجلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقاءٌ کَنِیتٌ۔ پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

الکُنْتِیُّ: قوی مضبوط۔

کَنَأَتْ کَنْأَۃً اللحیۃُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔

رجل کَنَأُ اللحیۃ و کَنْأَوُھا۔ لمبی داڑھی والا مرد۔

کَنَدَ (ن) کُنُوداً النعمۃَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔

کَنَدَ (ن) کَنْداً الشیَٔ: کاٹنا۔

الکِنْدَۃ: پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔

الکَنِدُ: ناشکرا۔ (مذکر و مونث)

الکَنُودُ: ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا۔ (مذکر و مونث) اَرضٌ کَنُودٌ: کچھ نہ اُگانے والی زمین۔

الکَنّاد: ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔

الکَنْدَرُ: ایک خاردار درخت کا گوند مضبوط بناوٹ والا۔ اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتیانٌ کَنادِرُ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔

الکَنْدَرۃ: باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ سخت اونچی زمین۔

الکُنْدُرُ: بیر۔ (دخیل)

الکَنادِرِیُّ۔ ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں۔ اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔

الکِنّارۃ والکَنّارۃ۔ بربط یا ڈھول یا دف جمع۔ کنانیر و کنارات۔ الکِنارۃ: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔ (دخیل)

کَنَزَ (ض) کَنْزاً المالَ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا ــــ الرمحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا ــــ الشیَٔ فی وِعائِہٖ و الاَرضِ: برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا ــــ السقاءَ: مشک بھرنا ــــ کَنَزَ کَنازاً (وکِنازاً) التمرَ: خرما کو سردی کے زمانہ کے لیے ذخیرہ کر کے رکھنا۔

اِکْتَنَزَ: بھرنا۔ جمع ہونا ــــ اللحمُ: جمع ہونا اور سخت ہونا ــــ الشیُٔ فی الوعاءِ: برتن میں ہاتھ سے دبانا۔

تَکَنَّزَ لحمُہٗ: گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا گوشت کا گٹھا ہونا۔

الکَنْزُ بمعہ۔ ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ جمع کُنُوز۔ اور کہا جاتا ہے "شَدَّ کَنْزَ القِربۃِ" یعنی بھر دیا۔

رجل کَنِزُ اللحم و کَنِیزٌ و مَکْنُوزٌ و مُکْتَنِزٌ۔ بہت اور سخت گوشت والا۔ اور کہا جاتا ہے "کِتابٌ مُکْتَنِزٌ بالفوائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔

الکَنازُ: کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت

الکِنازُ: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جاریۃٌ او ناقۃٌ کِنازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ جمع کُنُزٌ و کِنازٌ۔

الکَنِیزُ: کھجوریں جو سردی کے زمانہ کے لیے جمع کی جائیں۔

الکَنّازُ: مال کے جمع کرنے میں مبالغہ کرنیوالا۔

المَکْنَزُ: جس میں ذخیرہ کیا جائے جمع مَکانِز۔

کَنَسَ (ن) کَنْساً وکَنَسَ البیتَ: گھر میں جھاڑو دینا اور کہا جاتا ہے "کَنَسَ فی وَجْہِ فُلانٍ" اس نے فلاں سے ٹھٹھا کیا "وَمَرّوا بِھِم فَکَنَسُوھُم" وہ ان کے اوپر گذرے اور ان کی جڑ مٹادی۔

کَنَسَ (ض) کُنُوساً وتَکَنَّسَ الظَّبْیُ: ہرن کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَ الرجلُ: خیمہ میں داخل ہونا۔ تَکَنَّسَتِ المراۃُ: عورت کا ہودہ میں داخل ہونا۔

اِکْتَنَسَتِ الظباءُ والبقرُ: ہرنیوں کا یا گائے کا جائے پناہ میں داخل ہونا۔

الکُناسَۃ۔ کوڑاکرکٹ۔ کوڑاکرکٹ کی جگہ۔
الکَنِیس۔ تو بڑا۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔
الکَنِیسۃ عند النصاریٰ: گرجا۔ اور نصاریٰ اپنے مذہب کے مومنین پر بھی بولتے ہیں۔ یہودیوں کی عبادت گاہ۔ ج۔ کَنائِس۔ الکَنِیسَۃ: خوبصورت عورت۔
الکِناس: ہرن کے پناہ لینے کی جگہ ج اَکْنِسَۃ وکُنُس۔
الکانِس: فا۔ ہرن جو اپنی پناہ کی جگہ میں داخل ہو ج کُنَّس وکُنُوس وکَوانِس "الجَوارِی الکُنَّس" ستارے یا نیل گائیں یا ہرنیاں۔
الکَنّاس: بھنگی۔ جھاڑو دینے والا۔
المِکْنَسۃ: جھاڑو۔ ج مَکانِس۔
المُکانِس: ہمیشہ پناہ گاہ میں رہنے والا
المَکْنَس: وحشی جانوروں کے گرمی کی وجہ سے چھپنے کی جگہ
کَنَشَ (ن) کَنْشًا الثوبَ: کپڑے کے کنارے بٹنا۔۔۔۔ المِسواکَ الخَشِنَ: مسواک کا سرا نرم کرنا۔
اَکْنَشَہٗ عن الامر: جلدی کرانا۔
الکُناشَۃ: بیاض جس میں مفید اور نادر باتیں لکھ لی جائیں۔
الکُناشات: جڑیں جس کی شاخیں پھوٹیں واحد کُناشَۃ۔
الکُنْشاءُ من الرِجال: چھوٹے چھوٹے گھنگھریالے بال والا بدصورت مرد۔
کَنَصَ: ٹھٹھا سے ناک کو حرکت دینا۔
الکُناص: قوی اونٹ گدھے وغیرہ۔
کَنَظَ (ن ض) کَنْظًا وتَکَنَّظَ الامرُ فلانًا: غمگین کرنا۔
الکُنْظَۃ: غم۔ بھینچ۔ دباؤ۔
کَنَعَ (ف) کُنُوعًا: سمٹنا۔۔۔۔ عن الامر: بزدل ہونا اور بھاگنا۔۔۔۔ النجمُ: ستارے کا غروب ہونے کی طرف مائل ہونا۔۔۔۔ اِلَیہِ: فروتنی کرنا اور نرم ہونا۔۔۔۔ فیہ: لالچ کرنا۔۔۔۔ باللّٰہ: اللہ کی قسم کھانا۔۔۔۔ الامرُ: قریب ہونا۔۔۔۔ المِسکُ بالثوبِ: مشک کا کپڑے سے چپکنا۔۔۔۔ العُقابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا۔۔۔۔ اَصابِعَہٗ: انگلیوں کو مار کر خشک کرنا۔
کَنِعَ (س) کَنَعًا۔ خشک ہونا۔ سکڑنا صفت کَنِع۔ وکُنِعَ الرجلُ: پچھاڑا جانا۔۔۔۔ الشیٔ: لازم ہونا اور ہمیشہ رہنا۔
کَنَّعَ الشیٔ: قبضہ کرنا۔۔۔۔ یدَہٗ: ہاتھ خشک کرنا اور شل کرنا۔۔۔۔ فلانًا بالسَیف: بند دست پر تلوار مارنا۔۔۔۔ عنہُ: علیحدہ ہونا
اَکْنَعَ۔ فروتنی کرنا۔ نرم ہونا۔ ذلت کے قریب پہنچنا۔ سوال کرنا۔۔۔۔ العُقابُ: عقاب کا ٹوٹ پڑنے کے لیے بازوؤں کو سمیٹنا۔۔۔۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔۔۔۔ الابلُ: اونٹوں کو قریب کرنا۔
تَکَنَّعَ: قلعہ بند ہونا۔۔۔۔ الاسیرُ فی قِدِّہٖ: تسمہ سے باندھا جانا۔۔۔۔ بہٖ: چمٹنا۔
اِکْتَنَعَ: حاضر ہونا۔ قریب ہونا۔۔۔۔ علیہِ: مہربان ہونا۔۔۔۔ القومُ: اکٹھا ہونا۔۔۔۔ فلانٌ منی: قریب ہونا۔
الکانِع: فا۔ وہ جو قریب ہو۔ جو جھکتا ہو جو بعض بعض سے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَنْفٌ کانِعٌ" چپٹی ناک۔ "اَسِیرٌ کانِعٌ" تسمہ سے بندھا ہوا قیدی "رَجُلٌ کانِعٌ" وہ شخص جو مع اہل وعیال کے تمہارے پاس آپڑے اور تمہارے فضل واحسان کا طامع ہو۔
الکَنِیع: سکڑا ہوا۔ راستہ سے ہٹا ہوا۔ ٹوٹے ہوئے ہاتھ والا۔۔۔۔ مِنَ الجُوعِ: سخت بھوک
الکُنالِع: مرض کی وجہ سے ہاتھ پیروں کا چھوٹا ہونا گویا کہ کٹا ہوا یا مڑا ہوا ہے۔
الاَکْنَع والمُکَنَّع والمُکْنَتِع۔ شل شدہ ہاتھ والا۔ والاَکْنَعُ مِنَ الاُمُورِ: ناقص۔ ادھورا۔ ج کُنْعٌ۔ یدٌ مُکْنَعَۃٌ: شل ہاتھ۔
المَکْنُوع: مفع۔ دونوں ہاتھ کٹا ہوا۔
الکَنْعَت: ایک قسم کی مچھلی۔
الکَنْعَد: ایک قسم کی دریائی مچھلی
الکَنْعَرَۃ: بڑے ڈیل ڈول کی اونٹنی۔ ج کَنَاعِر۔
کَنَفَ (ن) کَنْفًا الشیٔ: حفاظت کرنا۔ اپنے میں ملانا۔۔۔۔ الابلَ وللابلِ: اونٹوں کے لیے باڑہ بنانا۔۔۔۔ عنہُ: علیحدہ ہونا۔۔۔۔ الدارَ: گھر میں پاخانہ بنانا۔۔۔۔ یدَہٗ: پانی وغیرہ لینے کے لیے ہاتھوں کو ملانا۔۔۔۔ فلانًا عن الامر: روکنا۔
کَنَفَ و اَکْنَفَ و کانَفَ الرجلَ: مدد کرنا اعانت کرنا۔
کَنَّفَ الرجلَ: احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔
اِکْتَنَفَ۔ اونٹوں کے لیے باڑہ بنانا۔۔۔۔ (وتَکَنَّفَ) القومُ فلانًا: احاطہ کرنا۔ واِکْتَنَفَ القومُ: پاخانہ بنانا۔
الکِنْف: تاجر یا چرواہے کے سامان رکھنے کا برتن۔
الکَنَف۔ جانب۔ سایہ۔ پرندہ کا بازو ج اَکْناف۔ وکَنَفُ الانسان: پہلو۔ یا دونوں بازو اور سینہ۔ کہا جاتا ہے "اَنتَ فی کَنَفِ اللّٰہ" تم اللہ کے حفظ وامان میں ہو (۔۔۔۔ والکَنَفَۃ) گوشہ
الکَنِیف: پردہ۔ پردہ کرنے والا۔ ڈھال جانوروں کا باڑہ۔ پاخانہ۔ دروازہ کا چھجہ۔ ج کُنُف وکُنُف۔
الکانِفَۃ: روکنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ مُکْتَنِفُ اللِحیَۃِ: بڑی داڑھی والا مرد۔ دراز ریش مرد۔
الکَنَفْرَۃ: ناک کا بانسہ۔
رجلٌ کَنْفَلِیلُ اللِحیَۃ: بڑی داڑھی والا مرد لِحیَۃٌ کَنْفَلِیلَۃٌ: بڑی ڈاڑھی۔
کَنْکَنَ: گھر میں بیٹھنا۔ کاہلی کرنا۔ بھاگنا۔
الکِنَّمَۃ: زخم۔
اَکْنَہَ واکْتَنَہَ الشیٔ: حقیقت کو پہنچنا۔
الکُنْہ: اصل شی۔ حقیقت شے۔ جوہر شے غایت الکُنْہ: وقت۔

كَنَا يَكْنُو وكَنَى يَكْنِي كِنَايَةً بالشي عن كذا: کنایہ کرنا۔ لفظ بولنا اور اس کے غیر مدلول کا ارادہ کرنا۔ مثلاً تم کہو "زَيْدٌ كَثِيرُ الرَّمَادِ" اور مراد لو کہ زید کریم ہے۔ عَلَم کو کان اور لفظ کو مَكْنِيّ عنه کہتے ہیں
كَنَى يَكْنِي كُنْيَةً وكِنْيَةً وكَنَّى تَكْنِيَةً وأَكْنَى
إِكْنَاءً زيدًا أبا فلانٍ وكُنَاهُ وكَنَّاهُ بأبي فلانٍ: کنیت رکھنا۔
تَكَنَّى تَكَنِّيًا واكْتَنَى اِكْتِنَاءً بكذا: اپنی کنیت رکھنا۔ وتَكَنَّى الرجلُ: مشہور ہونے کے لیے اپنی کنیت بیان کرنا۔ چھپنا۔
الكُنْيَةُ والكِنْيَةُ والكُنْوَةُ والكِنْوَةُ: وہ نام جو کسی کی تعظیم یا علامت کے لیے بولا جائے۔ وہ نام جو اب ابن ام یا بنت سے شروع کیا جائے جمع كُنًى وكِنًى۔
الكِنَايَةُ: مص۔ اور اصطلاح میں کنایہ اس کو کہتے ہیں کہ شئی معین کو کسی ایسے لفظ سے تعبیر کیا جائے جس کی دلالت اس پر صریح نہ ہو اور ایسا کسی غرض کے لیے کرتے ہیں۔ مثلاً سامعین پر بات کو مبہم رکھنا۔
الكَانِي: فا۔ جمع كُنَاةٌ وكَانُونَ۔
الكَنِيُّ: ہم کنیت۔ کہا جاتا ہے "هو كَنِيَّه" یعنی دونوں کے لیے ایک کنیت ہے۔ جیسے تم کہتے ہو "هو سَمِيُّه" یعنی دونوں ہم نام ہیں۔
كَهَبَ (س) وكَهُبَ (ک) كَهَبًا وكُهُوبًا: سیاہی مائل بھورا ہونا۔ صفت كَاهِبٌ وأَكْهَبُ۔
اِكْهَابَّ اِكْهِيبَابًا لَوْنُه: رنگ متغیر ہونا۔
الكُهْبَةُ: سیاہی مائل بھورا رنگ۔
رجلٌ أَكْهَبُ اللَّوْنِ: متغیر رنگ والا۔
الكَهْبَلُ: پستہ قد۔
كَهَدَ (ف) كَهْدًا وكَهَدَانًا الحمارُ: گدھے کا دوڑنا ـــ الحمارَ: گدھے کو دوڑانا ـــ الرجلُ: تھکنا ـــ في الطلبِ: اصرار کرنا۔
أَكْهَدَ: تھکنا ـــ فلانًا: تھکانا۔
الكَهْدُ: مص۔ مشقت۔
الكَهْدَاءُ: باندی۔ لونڈی۔ کہا جاتا ہے "أَتَانٌ

كَهُودُ اليَدَيْنِ: تیز رفتار گدھی۔
الكَهْدَلُ: جوان موٹی عورت۔ بڑھیا۔ مکڑی نوجوان لڑکی۔
كَهَرَ (ف) كَهْرًا فلانًا: حقارت سے ترش روئی سے پیش آنا۔ جھڑکنا۔ قہر کرنا۔ خسروانہ تعلق کرنا ـــ النهارُ: دن کا بلند ہونا ـــ الرجلُ: ہنسنا ـــ الحرُّ: گرمی تیز ہونا۔
الكَهْوَرُ والكَهْوَرَةُ: ترش رو جو لوگوں کو جھڑکے جمع كَهَاوِرُ۔ الكُهْرُورَةُ: ترش روئی۔
كَهْرَبَ الشيَّ: قوت کہربائیہ بھرنا۔
الكَهْرَبَاءُ والكَهْرَبَا: ایک درخت کا گوند ہے کہ اس کو رگڑ دیا جاتا ہے تو تنکا وغیرہ کو کھینچ لیتا ہے (دخیل)۔ (اصل میں کاہ ربا تھا۔ یعنی گھاس کو کھینچنے والا۔ الكهربا: بجلی۔
الكَهْرَبَائِيَّةُ والكَهْرَبِيَّةُ: بجلی کی قوت۔
تَكَهَّفَ الجبلُ: غاروں والا ہونا۔
اِكْتَهَفَ: غار میں داخل ہونا۔
الكَهْفُ: کھوہ۔ غار۔ (غار اور کہف میں فرق یہ ہے کہ غار چھوٹا ہوتا ہے اور کہف وسیع) جائے پناہ۔ جمع كُهُوفٌ۔
الكَهْكَبُ: بیگن۔
الكَهْكَمُ والكَهْكَمَةُ: بیگن۔ عمر رسیدہ بڈھا خوفناک مرد۔
كَهْكَهَ: المقرورُ: سردی زدہ کا سانس سے ہاتھوں کا گرم کرنا ـــ الأسدُ والبعيرُ: کہکہ کی آواز نکالنا ـــ الشيَّ: گرم ہونا۔
تَكَهْكَهَ عنه: ضعیف وکمزور ہونا۔
الكَهْكَهَةُ: مص۔ گرمی۔ شیر یا اونٹ کی آواز کی نقل۔
الكَهْكَاهُ والكَهْكَاهَةُ: کمزور۔ خوفناک
كَهَلَ (ف) كُهُولًا وكَهُلَ (ک) كُهُولَةً: ادھیڑ عمر کا ہونا۔
كَاهَلَ مُكَاهَلَةً الرجلُ: شادی کرنا ادھیڑ عمر کا ہونا۔
اِكْتَهَلَ: ادھیڑ عمر کا ہونا ـــ وتَكَهَّلَ النباتُ:

پوری لمبائی کا ہونا۔
الكُهُولَةُ الكُهُولِيَّةُ: ادھیڑپن۔
الكَهْلُ: ادھیڑ عمر کا۔ تیس سے پچاس سال تک کی عمر والا۔ جمع كَهْلُونَ وكُهُولٌ وكِهَالٌ وكُهْلَانٌ وكُهَّلٌ۔
الكَهْلَةُ: کہل کا مونث جمع کہلات وکہلات
الكَاهِلُ: فا۔ گردن کے قریب پیٹھ کا بالائی حصہ جمع كَوَاهِلُ۔ كَاهِلُ القومِ: قوم کا معتمد۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ شَدِيدُ الكَاهِلِ" فلاں صاحب شوکت وقوت ہے۔
الكَهُولُ والكَهْوَلُ: مکڑی۔
الكَهْلُولُ: بہت ہنسنے والا۔ مرد فیاض۔
كَهَتَ (ف) كَهْتًا الشدائدُ فلانًا: خوف دلانا آگے بڑھنے سے بزدل بنانا۔
كَهِمَ (س) وكَهُمَ (ک) كَهَامَةً وكُهُومًا: کمزور ہونا ـــ السيفُ: کند ہونا۔
كَهُمَ (ک) وكَهَمَ (ف) كَهَامَةً وتَكَهَّمَ الرجلُ: لڑائی اور مدد سے سستی کرنا۔
أَكْهَمَ بَصَرُه: نگاہ کمزور ہونا۔
الكَهَامُ والكَهِيمُ: سست۔ عمر رسیدہ۔ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو۔ اور جمع کی صورت میں بھی "قومٌ كَهَامٌ" کہا جاتا ہے۔
كَهْمَسَ الرجلُ: چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اڑانا۔
الكَهْمَسُ: شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔
الكَهْمَلُ: ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
كَهَنَ (ف ن) كَهَانَةً وتَكَهَّنَ تَكَهُّنًا تَكْهِينًا لفلانٍ: غیب کی باتیں بتلانا۔
كَهُنَ (ک) كَهَانَةً: کاہن ہونا۔ یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
كَاهَنَ مُكَاهَنَةً: عطف کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الكِهَانَةُ: کاہن کا پیشہ۔

اَلکَهنُوت کاہن کا فریضہ کاہن کی تنخواہ کاہن کی [illegible]

اَلکَاهِن [illegible] غیب دانی کا دعویٰ ـــ عند الیہودی [illegible] ـــ عند النصاریٰ جو [illegible] کے درجہ پر ہو الکاہن: دوسرے کے کام میں مشغول اور کوشش کرنے والا۔

کَهِیَ [illegible] چہرے پر جھائیں والا ہونا۔ گندہ دہن ہونا بزدل و کمزور ہونا۔

کَاهیٰ مُکَاهَاةً الرجلَ: باہم فخر کرنا۔

اَکهیٰ: انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرم کرنا ـــ عن الطعام: باز رہنا۔

اِکتَهَاه اِکتِهَاءً: تعظیم و اجلال کرنا۔

الاَکهیٰ: چہرے میں جھائیں والا۔ گندہ دہن بزدل و کمزور۔ الاَکهیٰ: بے شگاف کا پتھر۔

الاکهاء: شترمار

کَاءَ یَکُوءُ کَوءًا وکَاؤًا عنہ: خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔

اَکَاءَ اِکَاءَةً واکاءةً: کسی کام پر اچانک پہنچنا۔ اور بخوف سے چھوڑ دینا۔

الکُکَاءُ والکاءةُ والکیءُ والکَیئَةُ: کمزور دل والا بزدل

کَبَ یَکُوبُ کَوبًا و کَتَاب: بے دستے کے کوزے پینا۔

کَوَّبَ الشیَ: [illegible] کوٹنا۔

الکُوب: بے دستے کا کوزہ۔ جمع اَکواب۔

الکُوبَۃ: فوت شدہ پر حسرت و افسوس

الکُوبَۃ: شطرنج نرد ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔

کَوِثَت الزرعُ: چار پانچ پتوں والی ہونا

الکُوث: جوتا

[illegible]

تَکَوثَرَ الغبارُ: [illegible] زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔

الکَوثَر: بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت [illegible]۔ جنت کی ایک نہر۔

الکَوثَلُ والکَوثَلُ: جہاز کا پچھلا حصہ۔

کَاحَہ یَکُوحُہ کَوحًا و کَوَحۃً و کَاوَحَہ مکاوحۃ و اَکاحَہ اِکاحۃً: لڑائی میں غالب آنا کَاحَ الشیَ: پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا کَوَّحَہ: غالب بنانا۔ کَوَّحَ فلانًا: ذلیل کرنا۔ [illegible] کَوَّحَ الزمامُ البعیرَ: مغلوب کرنا۔ کَاوَحَہ: گالی گلوچ کرنا۔ اَکَاحَہ: ہلاک کرنا۔

تَکَاوَحَ الرجلان: باہم جنگ وجدال کرنا۔

الکَاحُ والکِیحُ: دامن کوہ۔ جمع کُیُوح و اَکیاح کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلیٰ کُوحِہ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔

الکُوخ والکَاخ: جھونپڑی۔ اور اسی سے ہے کُوخُ الصابۃ: کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لیے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لیے بنایا کرتے ہیں جمع اَکواخ و کُوخان و کِیخان و کُوخَۃ۔

لَیلَۃٌ کَاخِیۃ: تاریک رات۔

الکَاخِیَۃ عند ارباب السیاسۃ: والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ جمع کَوَاخ۔ (دخیل)

کَادَہ یَکُودُہ کَودًا: روکنا۔ کَادَ بنفسہ: جان دینا۔

کَادَ یَکَادُ کَودًا و مَکَادًا و مَکَادَۃً: فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف اَن بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے "اَکَادُ اُخفِیہَا" یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اور "عرف ما یَکَادُ مِنہُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے۔ اور کَادَ کے عوض میں "کِید یفعل کذا" بھی [illegible] ہے۔ اور کبھی کَادَ زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لم یَکَد یَرَاہَا" معنی میں لم یرہا کے۔

کَیَّدَ الشیَ: جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔

کَوَادَ اِکوِیدَادًا: بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔

الکُودَۃ مٹی وغیرہ کا تودہ۔

المَکَادَۃ مص۔ کہا جاتا ہے "لا ہَمَّ لی ولا مَکَادَۃ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں

الکَودَن والکَودَنِی: غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی خچر ٹٹو۔ کودن کی جمع کوادن۔

کَوَذَ الازار: ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔

الکَاذَۃ: ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت

الکَاذِیّ: کیوڑہ۔

کَارَ یَکُورُ کَورًا العمامۃَ ونحوہا علی رأسہ: سر پر پگڑی باندھنا ـــ الارضَ: زمین کھودنا ـــ فی مشیتہ: تیز چلنا ـــ الحمال الکارۃ: گٹھری اٹھانا (ـــ کیارًا) الفرسُ ذنبَہ: گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔

کَوَّرَ العمامۃَ: سر پر پگڑی باندھنا ـــ ہ: پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا ـــ المتاعَ: تہ بتہ رکھنا ـــ اللہُ اللیلَ علی النہار: ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔

کُوِّرَت الشمسُ: آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔

اَکَارَ اِکَارَۃً علیہ: ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔

تَکَوَّرَ: گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔

اِکتَارَ اِکتِیَارًا: عمامہ باندھنا ـــ الفرسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا ـــ الشیُٔ: بعض کا بعض پر پلٹنا ـــ الرجلُ: تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا گرنا کہا جاتا ہے "کَوَّرَہ فَاکتَارَ" یعنی اس نے اسے پچھاڑا وہ گر گیا ـــ الرجلُ للرجلِ: گالی دینے کے لیے آمادہ ہونا۔

اِستَکَارَ اِستِکَارَۃً: تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔

الکَار: ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز جمع کارات۔

الکَور مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ جمع اَکوار۔ الکور: طبیعت

عادت. کہا جاتا ہے "لہ کور کریم" اس کی طبیعت اچھی ہے۔

الکُورُ. مٹی کی انگیٹھی. جمع اکوار واکؤر وکیران وکُوران. الکُور. بھڑوں کا چھتا. لوہار کی بھٹی.

(— والمکور) اونٹ کا کجاوہ. کجاوہ مع سامان.

الکارۃ من الثیاب. دھوبی کی کپڑوں کی گٹھری. غلہ کی ایک مقدار معلوم. جمع کارات.

الکُورۃ. ضلع. جمع کُوَر.

الکُوارۃ والکِوارۃ والکوّارۃ. شہد کی مکھیوں کے لیے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھر وندہ. شہد مع موم کے. الکِوارۃ: عمامہ. پگڑی. والکوارۃ: تیز دوڑ۔

المِکوَر والمِکوَرۃ. عمامہ.

المُکوَرّیٰ والمِکوَرّیٰ: فرومایہ. کمینہ چوڑے بدن کا پست قد.

کازَ یکوزُ کَوزًا. کوزے سے پینا — الشئ: جمع کرنا.

تکوّزَ القومُ: قوم کا اکٹھا ہونا.

اِکتازَ. کوزے سے پینا — الماءَ: کوزے سے لینا.

الکُوز. کوزہ. جمع اکواز وکیزان وکِوَزَۃ۔ (دخیل)

مُکَوَّزُ الرأسِ: لمبے سر والا.

کاسَ یکوسُ کَوسًا البعیرُ: ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا — فی السَّیر: آہستہ چلنا. کہا جاتا ہے "فلانٌ یکوسُ فی السیر" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے — علی رأسہ: سر کے بل الٹ پڑنا — فی البیع: قیمت گھٹانا. کہا جاتا ہے "لا تکُسنی یا فلان فی البیع" اے فلاں میرے لیے قیمت مت گھٹا — الحیۃُ: کنڈلی مارنا.

کاسَہٗ وأکاسَہٗ اِکاسۃً: پچھاڑنا.

کوّسَ الشئَ علی رأسہ: سرنگوں کرنا.

تکوّسَ الرجلُ: سرنگوں ہونا.

تکاوسَ لحمُہٗ: گوشت کا تہ بتہ ہونا — العشبُ: گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔

اِکتاسہ عن حاجتہ: روکنا.

الکاس: کأس کا مخفف. بمعنی پیالہ.

الکُوسُ مص. دریا کا تلاطم. ڈوبنے کے قریب ہونا.

الکُوسُ: ڈھول. ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں. جمع. کُوسات (دخیل)

لُمعۃ کَوساءُ خشک گھاس کا مٹھا. آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا. جمع کُوس. رمالٌ کُوسٌ: ریت تہ بتہ جما ہوا.

الکُوسیُّ من الخیل: چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا مونث کوسیّۃ.

المَکاس. سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ — المِکوس. جلی ہوئی پیر درست کرنے کی چھینی. ج [illegible]

کوِعَ وتکوّعَ الرجلُ: کوع ہونا.

الکوِعُ: صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا. کم دانتوں والا. آہستہ چلنے والا گھوڑا. جمع کُواع. الکوسج: ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے.

کاشَ یکوشُ کَوشًا عنہ: بہت گھبرانا. — الجاریۃَ: جماع کرنا.

کوِعَ (س) کَوَعًا. بڑے بند دست والا ہونا مڑے ہوئے بند دست والا ہونا. صفت اکوَعُ مونث کوعاء جمع کُوع.

کاعَ یکوعُ کَوعًا الکلبُ: گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا. زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا.

کوّعَہٗ بالسیف: تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا.

تکوّعَتْ یدُہٗ: بند دست کا ٹیڑھا ہونا.

الکاعُ والکُوعُ. انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ. جمع اکواع.

الکَوَعُ مص. بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن. پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ.

کافَ یکوفُ کَوفًا الادیمَ: چمڑے کے کنارے کو ملا کر سینا.

کوّفَ الادیمَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا — الشئَ: علیحدہ کرنا — الکافَ: حرف کاف لکھنا — الرجلُ: کوفہ میں آنا.

تکوّفَ القومُ تکوُّفًا وکَوفانًا علی غیرِ اتّفاقٍ جمع ہونا — الرجلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا.

الکُوفۃ: عراق کے ایک شہر کا نام. ریت کا گول سرخ ٹیلہ.

الکُوفیُّ. کوفہ کی جانب منسوب. اور اسی سے ہے خط کوفی.

الکُوفیّون. کوفہ کے نحوی حضرات.

الکُوفیّۃ: کوفی کا مونث. سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الکَفیّۃ کہتے ہیں.

الکُوفانُ والکَوفانُ والکُوَفانُ والکُوّفانُ: گول تودہ ریت. گول چیز. عزت وشوکت. بلندی مشقت. نرکل بانس. لکڑی کا جھنڈ اور کہا جاتا ہے "ظلّوا فی کُوفانٍ من امرہم" ان کا معاملہ گڑبڑ ہو گیا "ہم فی کُوفانٍ من ذلک" وہ لوگ اس سے عزت والے ہیں و حرکت کہا جاتا ہے الناسُ فی کُوَفیٍّ من امرہم:

کوکبَ الحدیدُ: چمک اٹھنا. چم چم کرنا.

الکوکبُ: ستارہ. تلوار. پانی. گرمی کی سختی لوہے کی چمک دمک. لمبی نباتات. سردار قوم شہسوار قوم. شیخ. قیدخانہ. ہتھیار بند. قریب البلوغ لڑکا. باغ کی کلی. فوج. بہار. آنکھ کا پھولا چیز کا بڑا حصہ. شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو زمین کا خط کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو. کوکبُ البئر: کنویں کا سوت. جمع کواکب کہا جاتا ہے "ذہبوا تحت کل کوکب" یعنی متفرق ہو گئے. ذہبوا ذو کواکب: سختیوں والا دن.

الکوکبۃ: ایک ستارہ. ایک کی جماعت

المُکَوکَبُ. آنکھ کے پھولے والا

کوکی کَوکَوۃً [illegible] تیز چلنے میں جھومنا

پستہ قد کا دوڑنا۔
الکَوْکاۃ والکَوَاکِیَۃ: پستہ قد۔
المُکَوْکی: بے برکت۔ کیکڑا۔
تَکَوَّلَ القومُ: اکٹھا ہونا ۔۔۔ وانْکَالَ (اِنْکِیَالاً) القومُ علیہ: مار پیٹ گالی گلوج کے لیے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
تَکَاوَلَ الرجلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔
الکَوْلانُ والکُوَلانُ۔ بردی نام کی ایک گھاس واحد کَوْلانَۃ۔
الاکْوَل: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اَکاوِل۔
الکَوَالِل: پستہ قد۔
کَامَ (ن) کَوْماً وکُوَمَۃً الجاریَۃَ: جماع کرنا ۔۔۔ الفرسُ وغیرہ: جفتی کرنا۔
کَوِمَت (س) کَوَماً الناقۃُ: اونٹنی کا بڑے کوہان والی ہونا۔
کَوَّمَ تَکْوِیماً الترابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا ۔۔۔ المَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا ۔۔۔ ثِیابَہٗ فی ثوبٍ واحدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔
اِکْتَامَ اِکْتِیَاماً الرجلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔
الکُوْمُ: اونٹوں کا گلہ۔ ج اَکْوَام۔ مٹی کا ڈھیر ج اَکْوَام وکُوْم۔
الاکْوَمُ: بلند۔ بڑے کوہان والا اونٹ۔ مونث کَوْمَاءُ ج کُوْم۔
کَانَ یَکُوْنُ کَوْناً وکِیَاناً وکَیْنُوْنَۃً الشَّیءُ: نوپید ہونا۔ وقوع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ کان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لیے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "کانَ زیدٌ قائماً" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے فقالَ اللہ لیکن نُوْرٌ فکان نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "کان اللہُ ولا شیءَ معہٗ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "ان کانَ ذوعُسْرَۃٍ فنَظِرَۃٌ اِلیٰ مَیْسَرَۃٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "ماشاءَ اللہُ کانَ" اور صَیّر کے معنی میں جیسے "ما کانَ لکم اَنْ تُنْبِتُوا شَجَرَھَا" اور استقبال کے معنی کے لیے جیسے "یَخافُوْنَ یوماً کانَ شرُّہٗ مستطیراً" اور زمانہ ماضی کے لیے جیسے "کانَ فی المدینۃِ تِسْعَۃُ رَھْطٍ" اور زمانہ حال کے لیے جیسے "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "کانَ اللہُ غَفُوْراً رَحِیْماً"
اور کہا جاتا ہے "صارَ اِلیٰ کانَ" یعنی مر گیا اور تثنیہ اور جمع میں کہا جاتا ہے "صارَا اِلیٰ کانا"۔ "صاروا اِلیٰ کانوا"
اور "کُنْتُ الکوفۃَ" یعنی میں کوفہ میں تھا "منازل اَقْفَرَتْ کانْ لم یَکُنْھا اَحَدٌ"، یعنی منازل خالی ہو گئیں گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ وکُنَّاہُم بمعنے کُنَّا لَھُمْ۔
کانَ یَکُوْنُ کَوْناً وکِیَاناً علی فلانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔
کَوَّنَ تَکْوِیْناً الشَّیءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔
تَکَوَّنَ: پیدا ہونا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔
اِکْتَانَ اِکْتِیَاناً بفلانٍ وعلیہ: ضامن ہونا ذمہ دار بننا۔
اِسْتَکَانَ اِسْتِکَانَۃً لفلانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔
الکَوْنُ مص۔ عالم وجود۔
الکَوْنِیّ: کون کی جانب منسوب۔
الکُوْنِیّ: عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔
الکِیَانُ مص۔ طبیعت۔ فطرت۔
الکِیَانَۃُ: ضمانت۔ کفالت۔
التَّکْوِیْنُ مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْرُ التَّکْوِیْن: بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔
الکائِنُ: فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔
الکائِنَۃُ: مونث کائن۔ حادثہ ج کائنات وکَوَائِن۔ الکائنات: موجودات۔
الکُنْتِیّ والکُنْتُنِیّ: بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "کُنْتُ فی شَبَابِی کذا وکذا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ کُنْتِیّاً" یعنی میں بڑی عمر والا ہو گیا ج کُنْتِیُّوْن وکُنْتُنِیُّوْن اور کُنْتُنِی میں نون وقایہ ہے تاکہ ضمہ ظاہر ہو جائے۔ جس طرح کہ مِنِّی میں فتحہ ظاہر ہونے کے لیے نون لاتے ہیں۔
المَکَانُ: کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اَمَاکِن واَمْکِنَۃ و اَمْکُن (اخیر نادر ہے)
المَکَانَۃُ: موضع۔ جگہ۔ مرتبہ ج مکانات۔
المَکِیْنُ: مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مَکِیْنٌ عندَ فلانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔
کہا جاتا ہے مَکُوْنٌ فیہ: یعنی موجود۔
کَوِهَ (س) کَوَهاً۔ متحیر ہونا۔
کاهَ یَکُوْهُ کَوْهاً الشَّیءَ: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔
کَوَّهَ النارَ: آگ بھڑکانا۔
تَکَوَّهَ علیہ الامرُ: پراگندہ و پریشان ہونا۔
کَوَّیٰ فی دارہٖ کُوَّۃً: روشن دان بنانا۔
تَکَوَّیٰ تَکَوِّیاً الرجلُ: تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔
الکَوُّ والکَوَّۃُ والکُوَّۃُ۔ روشندان ج کِوَاء وکُوًی وکَوَّات وکُوَّات۔ کُوَی النھرِ: دریا کے نالے۔
کَوَیٰ یَکْوِی کَیّاً فلاناً: لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ کَوَتِ العقربُ فلاناً: بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "کَوَانِی بِعَیْنِہٖ" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔
اَکْوَیٰ اِکْوَاءً۔ زبان سے تکلیف پہنچانا۔
کَاوَیٰ مُکَاوَاۃً۔ باہم گالی گلوج کرنا۔
اِکْتَوَیٰ: داغ لگنا ۔۔۔ الرجلُ: اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہوں۔
اِسْتَکْوَیٰ فلاناً: داغ لگانے کو کہنا ۔۔۔ الرجلُ: داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔
الکَیَّۃُ: کوی کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ
الکَوَّاءُ: اسم مبالغہ۔ بد زبان۔ بہت گالی بکنے والا۔
المِکْوَاۃُ: داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا

جمع مکاید۔

المِکْوَاۃُ والکاوِیاءُ: بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔

کَیْ۔ حرف تعلیل ہے فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر اَن کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے جَاءَ کَیْ یَسْئَلَ یعنی آیا تاکہ پوچھے اور استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "کَیْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔

وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے کَیْمَہ جیسا کہ لِمَہ کہا جاتا ہے اور ما مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "یُرَجَّی الفَتیٰ کَیْمَا یَضُرُّ وَیَنْفَعُ"

اور ان مصدریہ مقدرہ پر جو بادا خل ہوتا ہے جیسے جِئْتُکَ کَیْ تُکْرِمَنِی۔ میں تمہارے پاس اس لیے آیا کہ تم میرا اکرام کرو۔ اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جئتُ لِکَیْ تُکْرِمَنِی۔

کَاءَ یَکِیْءُ کَیْئاً عن الامرِ: اعراض کرنا۔

الکَاءُ والکَیْءُ والکَاءَۃُ والکَیْاءَۃُ۔ بزدل۔

کَیَّتَ الوِعَاءَ: برتن بھرنا ۔۔۔ الجِهَازَ: سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔

کَیْتَ وکَیْتَ: اور کبھی کَیْتِ وکَیْتِ مکسورا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قال فلان کَیْتَ وکَیْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا۔ اور کَیْتَ کَیْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

کَاحَ یَکِیْحُ کَیْحاً السَّیْفُ فیہ: تلوار کا اثر کرنا کہا جاتا ہے "مَا کَاحَ فِیْہِ السَّیْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔

اَکَاحَہٗ اِکَاحَۃً: ہلاک کرنا۔

الکَیِّخُ: موٹا۔ (مذکر و مونث) اَکْیَخُ اَکْیَخ: کھردرا موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے یَوْمٌ اَیْوَمُ

الکَیَخُ: سختی۔ موٹاپا۔

کَادَہٗ یَکِیْدُہٗ کَیْداً۔ مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ برا ارادہ کرنا ۔۔۔ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔ کَادَ لِفُلاَنٍ: حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ یَکِیْدُ لَکُمْ اَمْراً اَدْرِی مَاھُوَ" جب کہ وہ پھسلائے اور فریب دے "وَبَلَغُوا الاَمْرَ الَّذِی کَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا ۔۔۔ بِنَفْسِہٖ: جان دینا ۔۔۔ الشَّیْءَ: تیار کرنا ۔۔۔ الرَّجُلُ: قے کرنا۔

کَایَدَ مُکَایَدَۃً: مکر و فریب کرنا۔

تَکَایَدَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔

اِکْتَادَ اِکْتِیَاداً۔ حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔

الکَیْدُ: مص۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے جو کیا۔ کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ یَلْقَ کَیْداً" یعنی اس نے مقابلہ نہیں کیا "وَلاَ کَیْداً وَلاَ ھَمّاً" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔

الکَیَّادُ: بہت مکر کرنے والا۔

المَکِیْدَۃُ: اسم ہے کَیْد کا۔ مکر۔ دھوکا خباثت جمع مَکَایِد۔ کید کی نسبت جب اللہ تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے تو اس سے مراد مہلت دینی یا مکاروں کو ان کے فعل پر سزا دینی ہوتی ہے۔

کَارَ یَکِیْرُ کَیَاراً۔ الفَرَسُ: دوڑنے میں دم اٹھانا

اَکَارَ علیہ یضربہ: متوجہ ہونا۔

کَایَرَا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔

الکِیْرُ: لوہار کی بھٹی۔ جمع اَکْیَار وکِیَرَۃ۔

الکَیِّرُ: دوڑنے میں دم اٹھانے والا

کَاسَ یَکِیْسُ کَیْساً وکِیَاسَۃً الغُلاَمُ: زیرک ہونا۔ ذہین ہونا ۔۔۔ فلاناً: دانائی میں غالب آنا ۔۔۔ الجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔

کَیَّسَہٗ تَکْیِیْساً۔ زیرک و ذہین بنانا۔

کَایَسَہٗ مُکَایَسَۃً۔ دانائی میں مقابلہ کرنا ۔۔۔ ہٗ فی البیعِ: بیچنے میں مقابلہ کرنا۔

اَکَاسَ اِکَاسَۃً واَکْیَسَ اِکْیَاساً: ذہین اولاد والا ہونا۔

تَکَیَّسَ: دانائی ظاہر کرنا۔ بتکلف دانا بننا

الکَیْسُ: مص۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔ زیرکی۔ بخشش۔ جماعت۔ کاموں میں سنجیدگی۔

الکِیَاسَۃُ مص۔ جو چیز نافع ہو اس کے استخراج کی قدرت۔

الکِیْسُ: تھیلی۔ بٹوہ۔ جمع اَکْیَاس وکِیَسَۃ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے۔

الکَیِّسُ: دانا۔ سمجھدار۔ اچھی سمجھ بوجھ والا جمع اَکْیَاس وکَیْسیٰ مونث کَیِّسَۃ جمع کَیِّسَات۔

المُکَیَّسُ: سمجھدار۔

کَیْسَانُ: بغیر الف لام کے اسم ہے غدر کے لیے۔ جب کوئی بے وفائی کرے تو کہا جاتا ہے "رَکِبَ فُلاَنٌ کَیْسَانَ"۔

الاَکْیَسُ: اسم تفضیل۔ مونث کُیْسیٰ وکُوْسیٰ جمع کُیْس۔

المِکْیَاسُ مِنَ النِّسَاءِ: وہ عورت جو عقلمند بچوں کو جنے۔ جمع مَکَایِیْس۔

کَاصَ یَکِیْصُ کَیْصاً وکُیُوْصاً وکَیَصَاناً کسی چیز سے عاجز ہونا ۔۔۔ الطَّعَامَ: تنہا کھانا ۔۔۔ مِنَ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: بہت کھانا پینا ۔۔۔ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ یَکِیْصُ" جلدی کرتا ہوا گذرا۔ "وکِصْنَا عِنْدَہٗ مَاشِئْنَا" ہم نے اس کے پاس جو کچھ جی میں آیا کھایا۔

کَایَصَ مُکَایَصَۃً الامرَ او العملَ: مشق کرنا۔

الکَیِّصُ: مص۔ سخت بخیل۔ درشت خو۔ گٹھے ہوئے بدن کا پستہ قد۔

کَیِّصٌ وکَیْصیٰ وکِیْصیٰ وکُیُصیٰ۔ تنہا اترنے والا تنہا کھانیوالا اور کسی کا خیال نہ کرنے والا

الکَیِّصُ لکیصٌ من الرجال: مضبوط پٹھے والا۔

کَاعَ یَکِیْعُ کَیْعاً وکَیْعُوْعَۃً۔ عنہ: بزدل ہونا۔ خائف ہونا۔ صفت کَاعٌ وکَائِعٌ جمع کَاعَۃ۔

کَافَ یَکِیْفُ کَیْفاً الشَّیْءَ: کاٹنا۔

کَیَّفَ الشَّیْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کیفیت معلوم بنانا۔

تَکَیَّفَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ کسی کیفیت پر ہونا۔

انکاف انکیافا الشیَ: کٹنا۔

کَیفَ: اسم مبہم مبنی علی الفتحہ ہے اور اکثر اس کا استعمال استفہام کے لیے ہوتا ہے جیسے "کیف زید" اور کبھی شرط کے لیے آتا ہے کبھی ما لگاتے ہیں اور کبھی نہیں جیسے کیفما تصنع اصنع وکیف تصنع اصنع اور کہا جاتا ہے "کیف لی بفلان" اس کے جواب میں تم کہتے ہو کل الکیفِ جر کے ساتھ مثل دوسرے معربات کے اور فتحہ کے ساتھ اپنی حالت پر باقی رہتے ہوئے۔

کَیفِیَّۃُ الشیَ: صفت۔ حالت جمع کیفیات۔

الکِیفَۃ: کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے دامن کے اگلے حصہ میں پیوند لگائیں جمع کِیَف۔

الکیکۃ: انڈا جمع الکیاکی اور تصغیر کُیَیکۃ و کُیَیکَیَۃ۔

کالَ یکیل کَیلاً ومَکِیلاً ومَکالاً وکیَّلَ القمح وغیرہ۔ ناپنا۔ اور کبھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے کِلتُ زیداً الطعامَ" اور کبھی مفعول اول پر لام داخل ہوتا ہے جیسے کلتُ لزیدٍ الطعامَ۔ کالَ الدراہم: تولنا ـــ الشیَ بالشیَ: اندازہ کرنا اور کہا جاتا ہے "ہذا الطعام لا یکیلنی" یعنی اس پیمانہ کا غلہ میرے لیے کافی نہیں۔

کالَ یکیلُ کَیلاً الزندُ: چقماق کا بے آگ ہونا۔

کَیَّلَ القمحَ: گیہوں ناپنا ـــ الرجلُ: بزدل ہونا۔

کایَلَہ مُکایَلَۃً: دوسرے کے قول یا فعل کی مانند کہنا یا کرنا۔ گالی دینا اور بڑھ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "کایلتُ فلاناً" یعنی اس نے میرے لیے اور میں نے اس کے لیے ناپا۔ دونوں مُکایِلان کہے جائیں گے؛ "کایل الفرسُ فی الجریَ" یعنی ایک گھوڑے نے دوسرے گھوڑے کا دوڑنے میں مقابلہ کیا اور کہا جاتا ہے "کایلناہم صاعاً بصاعٍ" یعنی ہم نے ان کو پورا پورا بدلہ دیا۔

تَکَیَّلَ الرجلُ: میدان جنگ میں آخری صف میں کھڑا ہونا۔

تَکایَلا الرجلانِ: گالی اور کینہ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ ایک کا دوسرے کے لیے ناپنا۔

اِکتالَ اِکتیالاً منہ وعلیہ: اپنے لیے ناپنا۔

الکال: ایک ٹیڑھا سا آلہ ہے جو قلعہ کے گرانے میں کام آتا ہے۔

الکَیل مص۔ ناپنے کا آلہ۔ چنگاری جو چقماق سے گرے۔ جمع اَکیال۔

الکَیلَۃ: کال کا اسم مرۃ۔ ناپنے کا برتن ـــ فی بر الشام: دو مد کا پیمانہ۔ جمع کَیلات۔ اور عرب کے امثال میں سے ہے "احشفاً وسوءَ کِیلۃ" اس وقت بولا کرتے ہیں جب کہ دو بری باتوں کو کوئی جمع کرے۔ مراد یہ کہ بری کھجور بھی اور پھر اس پر بری تول بھی۔

الکِیلَۃ: کال کا اسم۔ اور اسم نوع۔

الکِیالَۃ: ناپنے کا پیشہ۔ ناپنے کی اجرت۔

الکَیّال: وہ شخص جو ناپنے کا پیشہ اختیار کرے

الکَیُّول۔ میدان جنگ کی آخری صف۔ اونچی زمین۔ بزدل (ـــ والکَیِّل) چنگاری جو چقماق سے جھڑے۔

المِکیَل والمِکیَلۃ جمع مَکایِل: المکایِیل جمع مَکاییل: جس سے ناپا جائے۔

المَکِیل والمَکیُول: ناپا ہوا۔

الکِیمیاء والکیمیا۔ اکسیر جس کے متعلق خیال تھا کہ اس سے سونا چاندی بن جایا کرتا ہے

علم الکیمیا۔ او الکیمیا عند القدماء: وہ علم ہے جس میں اس سے بحث کی جاتی ہے کہ کس طرح ایک معدنی چیز کو دوسرے کی طرف خصوصاً سونے کی طرف تبدیل کر سکتے ہیں۔ اور یا تمام امراض کے لیے دوا کا استنباط ـــ عند المتاخرین: وہ علم ہے جس میں اجسام کے طبائع وخواص سے بواسطہ حل وترکیب کے بحث ہو۔ اور نسبت کے وقت کیمی وکیموی کہتے ہیں جمع کیمیون وکیمیویون

کانَ یَکِینُ کَیناً لفلانٍ: فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

اَکانَہُ اِکانَۃً اللہُ: عاجز کر دینا۔ مطیع کرنا فرماں بردار بنانا۔

اِکتانَ اِکتیاناً: غمگین ہونا اور غم کو چھپانا

اِستَکانَ۔ کون کے مادہ میں مذکور ہے۔

الکَینَۃ: بیری۔ ضمانت۔

الکِینَۃ: بدبختی۔ ذلت حالت۔ کہا جاتا ہے "باتَ فلانٌ بکِینۃِ سوءٍ" یعنی اس نے بری حالت میں رات گذاری۔

الکِینا: کونین۔ (دخیل)

کاہَ یکیہ کَیہاً فلاناً: منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا

الکَیِّہ: وہ شخص جو اپنے حیلہ سے عاجز آ چکا ہو۔

ل

اللام۔ تین قسمیں ہیں۔

(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔

(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزیدٍ ولی اور مستغاث بیا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یا لَلّٰہِ و لک ولنا ولہ۔

یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والا کئی معنوں میں آتا ہے۔

(۱) اختصاص جیسے "الجنۃ للمؤمن" جنت مومن کے لیے خاص ہے۔

(۲) استحقاق جیسے "العزۃ للّٰہ" عزت کا مستحق اللہ کو ہی ہے۔

(۳) ملکیت جیسے "للّٰہ ما فی السمٰوٰتِ والارضِ" اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان و زمین میں ہیں۔

(۴) تبلیغ جیسے "قُلتُ لہ" و "فسّرتُ لہ" میں نے اس سے کہدیا میں نے اس سے بیان کر دیا۔

(۵) التعجب جیسے "ما اَشدَّ حُبَّ زیدٍ لِعمروٍ" زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے۔

(۶) قسم جیسے "للّٰہ لَا فعلنّ ہذا" قسم اللہ کی میں اس کو ضرور کروں گا۔

(۷) صیرورت جیسے "ولد الانسان للحیوۃ ابدیۃ" انسان ہمیشہ کی زندگی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ اور اس کو لام عاقبت اور لام المآل بھی کہتے ہیں۔

(۸) تعلیل جیسے "ویوم عقرتُ للعذاری مطیتی" اور اس دن کو یاد کرو جب کنواریوں کے لیے میں نے اپنی اونٹنی کو ذبح کیا۔

(۹) موافقت الی جیسے "بانّ ربکَ اَوحیٰ لھا"

(۱۰) موافقت علی جیسے "یخرّون للاذقان"

(۱۱) موافقت فی جیسے "ونضع الموازین القسط لیوم القیمۃ"

(۱۲) بمعنی عند جیسے "کتبتہ لخمسٍ خلون" پانچویں تاریخ کے گذرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔

(۱۳) موافقت بعد جیسے "اقم الصلوۃ لدلوک الشمس"

(۱۴) موافقت مع جیسے "فلما تفرقنا کانی ومالکا لطول اجتماع لم نبت معا"

(۱۵) موافقت من جیسے "سمعت لہ صراخا" میں نے اس سے چیخ سنی۔

(۱۶) موافقت عن جیسے "قال الذین کفروا للذین آمنوا لو کان خیرا ما سبقونا الیہ"

(۱۷) زائدہ جیسے "ضربتُ لزیدٍ" میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر ان سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور ان مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللام کی تاویل میں ہوتا ہے اور یہ یا تو تعلیل کے لیے ہوتا ہے جیسے "جئتک لتعلمنی" میں تیرے پاس اس لیے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے اور یا تاکید نفی کے لیے اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لام جحود کہتے ہیں جیسے "ما کان زید لیکرمک" زید ہرگز تیری تعظیم کے لیے نہ تھا۔

(۲) لام جازمہ۔ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے "لیحکمُ اللّٰہ" اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واو اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے "فلیستجیبوا لی ولیؤمنوا بی" اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے "ثم لیقضوا"

(۳) غیر عاملہ۔ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتدا ہے جیسے "لزید قائم" و "ان زیدا لقائم"

اور لام جواب بعد لو و لولا و قسم کے جیسے "لو قدم عُدنا" و "لولا زید لھلکت" و "واللّٰہ لزید کریم" اور لام زائدہ جیسے "اراک لشاتمی"۔

اور من جملہ انہیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کے لیے اسماء اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصل یہ ساکن ہوتا ہے جیسے "تلک" میں مگر ذلک میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔

لا۔ تین طرح پر ہے۔

(۱) نافیہ۔ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔

(الف) نفی جنس کے لیے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے "لا رجلَ فی الدار" گھر میں کوئی مرد نہیں۔ و "لا غلامَ رجلٍ حاضر" مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔

(ب) بمعنی لیس۔ اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لیے ہے جیسے "لا رجلٌ قائماً" مرد قائم نہیں۔ اور لا نفی جنس اور لا بمعنی لیس میں فرق یہ ہے کہ جب تم لا رجلَ فی الدار کہو گے تو اب اس کے بعد بل رجلین او رجال کہنا صحیح نہیں ہوگا اس لیے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کر دی گئی ہے بخلاف لا رجلٌ فی الدار کے کہ وہاں بل رجلین اور رجال کہنا صحیح ہوگا اس لیے لا بمعنی لیس صرف واحد کی نفی کرتا ہے ماسوا کی نہیں۔

(ج) لا نافیہ عطف کے لیے جیسے "جاء زید لا عمرو" زید آیا نہ کہ عمرو۔

(د) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے "اقام زید" تو تم اس کے جواب میں کہو "لا"

(۲) طلب ترک فعل کے لیے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے "لا تخف"۔

(۳) زائدہ۔ اور یہ تقویت معنی کے لیے ہوتا ہے حذف کر دینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے ما منعک

ان لاتقوم" بمعنی ما منعک ان تقوم۔

لَاتَ۔ حرف نفی ہے لیس کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے "ندم البغاۃ ولات ساعۃ مندم" بمعنی لات الساعۃ ساعۃ مندم یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔

المُلْتَئِبُ: سیدھا۔

اللَّازَوَرْدُ: لاجورد۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔

اللَّازَوَرْدِی: جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔

لَأَطَهُ (ف) **لَأْطاً**۔ اصرار سے کسی کام کے لیے کہنا۔ لَأَطَ علی فلانٍ: سختی کرنا۔ لَأَطَہ بسھمٍ: تیر مارنا۔ لَأَطَ فلانٌ فی مرورِہ: بغیر ادھر ادھر التفات کے تیز بھاگنا ـــ فلاناً: دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے ـــ ہ بالعصا: لاٹھی سے مارنا۔

لَأَظَهُ (ف) **لَأْظاً**۔ غمگین کرنا۔ دھتکارنا مقابلہ کرنا ـــ فلاناً فی التقاضی: تقاضا کرنے میں سختی و اصرار کرنا۔

لَأَفَ (ف) **لَأْفاً** الطعامَ: اچھی طرح سے کھانا۔

أَلْأَكَ **إِلْأَكَةً** الی فلانٍ: پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَلْكِنِی الی فلانٍ" یعنی میرا پیغام اسکو پہنچا دو (اصل الئک ہے)

إِسْتَلْأَكَ لہٗ: پیغام لیجانا۔

المَلْأَكُ والمَلْأَكَةُ: پیغام۔ پیغامبری

المَلْأَكُ والمَلَكُ۔ فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں جمع مَلَائِکَۃ و مَلَائِک و أَمْلَاک۔ اور مفرد مَلَاک اور جمع ملئکۃ بنائی جاتی ہے۔

لَأْلَأَ لَأْلَأَةً النجمُ او البرقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ لَأْلَأَتِ النارُ: آگ کا روشن ہونا۔ بھڑکنا۔ لَأْلَأَ الثورُ بذنبہٖ: بیل کا دم ہلانا۔ لَأْلَأَتِ النوائحُ: بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو الٹنا پلٹنا۔ لَأْلَأَ الدمعَ: آنسو بہانا۔

تَلَأْلَأَ النجمُ او البرقُ او النارُ: بمعنی لَأْلَأَ ـــ وَجْھُہٗ: چہرہ کا دمک اٹھنا۔

اللُّؤْلُؤُ: موتی۔ واحد لُؤْلُؤَۃ جمع لَآلِی۔

اللُّؤْلُئِی واللُّؤْلُؤَانِ۔ موتی کے رنگ کا۔

اللِّئَالَةُ: موتی فروشی کا پیشہ۔

اللَّأْلَاءُ: بہت زیادہ خوشی۔ لَأْلَاءُ السراج: چراغ کی روشنی (ـــ واللَّأَّالُ واللَّأْآء) موتی فروش۔

لَأَمَ (ف) **لَأْماً ولِئَاماً تَلْئِيماً** الرجلَ: کمینگی کی طرف نسبت کرنا ـــ السہمَ: تیر پر پر لگانا ـــ الجرحَ: زخم باندھنا۔ (ـــ لَأَمَ (ف) لَأْماً ولَأَّمَ تَلْئِيماً وأَلْأَمَ إِلْآماً) الشیءَ: درست کرنا، جمع کرنا اور باندھنا۔ أَلْأَمَ الرجلُ: کمینے بچوں کا باپ ہونا۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں۔

لَؤُمَ (ک) **لُؤْماً ومَلْأَمَةً ولَآمَةً**۔ دنی الاصل ہونا بخیل ہونا۔ ذلیل ہونا صفت لَئِیم جمع لِئَام و لُؤَمَاء۔

لَاءَمَ مُلَاءَمَةً الشیءَ: درست کرنا، جمع کرنا۔ لَاءَمَہُ الشیءَ: موافقت کرنا۔ لَاءَمَ بَیْنَ القومِ: صلح کرانا۔

تَلَأَّمَ وتَلَاءَمَ الشیءُ الفاسدُ: درست ہونا۔ تَلَأَّمَ لَأْمَۃً ای دِرْعاً: زرہ پہننا۔

اِلْتَأَمَ الفاسدُ: درست ہونا ـــ الشیءُ: ملنا اور چمٹ جانا ـــ الجرحُ: انگور بننا اور اچھا ہونا ـــ القومُ: اکٹھا ہونا ـــ الشیئانِ: متفق ہونا ـــ الفریقانِ: مصالحت کرنا۔

إِسْتَلْأَمَ إِسْتِلْآماً۔ زرہ پہننا۔ کمینوں میں شادی کرنا ـــ أصہاراً: کمینوں کو داماد بنانا ـــ الحجرَ الأسودَ: چومنا ـــ الابَ: کمینہ باپ والا ہونا۔

اللَّأْمُ مص۔ جمع لَأْمَۃ بمعنی زرہ۔ شخص سہم سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "شیءٌ لَأْمٌ" مجتمع چیز۔ "سہمٌ لَأْمٌ" پر لگا ہوا تیر۔

اللَّئِیمُ جمع الآم و لِئَام۔ و اللَّأْمَۃُ: مثل مانند۔

اللُّؤْمُ: لوگوں کے درمیان اتفاق۔ تلوار۔ شہد

اللُّأْمَۃُ: تین سے لے کے دس تک مردوں کی جماعت جمع لُؤَمَات۔ کہا جاتا ہے "ھو لُؤَامُہٗ"۔ وہ اس کی مانند ہے۔

اللُّؤَامُ: حاجت۔

اللَّأْمَۃُ: زرہ جمع لَأْم و لُؤَم۔

اللُّؤْمَۃُ: اوزار کاشت کاری۔ ہر نفیس چیز جس پر بخل کیا جائے۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا۔

اللَّئِیمُ: کمینہ بخیل۔ دنی الاصل۔ بہت زیادہ حریص۔ ذلیل۔ جمع لِئَام و لُؤَمَاء۔

المَلْأَمُ والمِلْأَمُ والمِلْآمُ: کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا۔ ندا کے موقع پر یا مَلْأَمُ یعنی یا لئیم کہا جاتا ہے۔

اللَّأْمَانُ واللُّؤْمَانُ المَلْأَمَانُ: دنی الطبع۔ اور یہ ندا کے لیے مخصوص ہے۔

المُلْأَمُ: زرہ پہننے والا۔ "رجلٌ مُلْأَمٌ" کمینگی کی طرف منسوب مرد۔

المُلْئِمُ: کمینہ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا۔

لَأَى يَلْأَى لَأْياً۔ دیر کرنا۔ رکنا۔

أَلْأَى إِلْآءً: سختی میں پڑنا۔

اِلْتَأَى اِلْتِئَاءً۔ دیر کرنا۔ تنگ گذران والا ہونا۔ مفلس ہونا۔

اللَّأْیُ واللَّأْیُ واللَّأْوَاءُ: سختی رنج و تکلیف۔ اللَّأَی: ڈھال جنگلی بیل۔ مونث لَآۃ۔ جمع أَلْآء۔

لَبَّ (ن) **لَبّاً** بالمکان: اقامت کرنا ـــ الدابۃَ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا ـــ اللوزۃَ: بادام توڑ کر گری نکالنا ـــ الرجلَ: سینہ پر مارنا۔

لَبِبَ (س) **لَبَباً ولَبّاً ولُبّاً ولَبَابَةً**۔

عقلمند ہونا. لبُب یلبُب بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے.

لَبَّ (ض س) لُبًّا ولَبَابَۃً: عقلمند ہونا. اورُ لَبِبْتَ ولَبُبْتَ تَلَبُّ بھی آیا ہے مگر باب فَعُل یفعَل سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے.

لَبَّبَ تَلْبِیبًا الحَبُّ: دانہ کا گودے دار ہونا — فلانًا: گریبان پکڑ کر کھینچنا — فی الامر: تردد کرنا.

اَلَبَّ بالمکان: اقامت کرنا — علی الامر: لازم ہونا — الدابۃ: جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا — السرج: زین کا تنگ بنانا — لہ الشئ: پیش آنا. اور کہا جاتا ہے "دارُ فُلانٍ تُلِبُّ داری" فلاں کا مکان میرے مکان کے متقابل ہے.

تَلَبَّبَ للقتال: مستعد ہونا. کمر کسنا — الرجلانِ: ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا.

اِسْتَلَبَّ زیدًا: عقل کی آزمائش کرنا.

اللَّبّ: قریبی مہربان. مونث لَبَّۃ جر لِباب. رجلٌ لَبٌّ علی الامر: کام سے لازم رہنے والا امرٌ اُمٌّ لَبَّۃٌ: مہربان ماں.

اللُّبّ: ہر چیز کا خالص. خالص عقل جو وہم وغیرہ کی آمیزش سے پاک ہو. یا تیز فہمی. اس لیے لُبّ پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لُبّ کا اطلاق ضروری نہیں. اللُّبّ: دل. زہر. جر اَلْبَاب واَلُبّ واَلْبُب (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے) اللُّبُّ من الجوز واللوز ونحو ذلک: بادام اخروٹ وغیرہ کی گری. جر لُبُوب.

اللَّبَّۃ. لَبَّ کا اسم مرۃ. سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ. شوہر کے ساتھ اچھی طرح گذر بسر کرنے والی عورت. جر لَبَّات.

اللَّبَب بمہ. سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ. سینہ کا اوپر کا حصہ. باریک ریت. گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ. جر اَلْبَاب. اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فی لَبَبٍ رَخِیٍّ" فلاں آسودہ حال ہے. اللَّبَب: دل. کہا جاتا ہے "ہو رَخِیُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے.

اللَّبَاب: تھوڑی گھاس. کہا جاتا ہے "لَبَابِ لَبَابِ" کوئی حرج نہیں.

اللُّبَاب: ہر چیز کا خالص. برگزیدہ. کہا جاتا ہے "فلان لُبَابُ قومہ وہم لُبَابُ قومہم وہی لُبَابُ قومہا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے "حَسَبٌ لُبَابٌ وعَیْشٌ لُبَابٌ" خالص حسب. خالص زندگی لُبَابُ الجَوْزِ ونحوہ: اخروٹ وغیرہ کی گری.

اللَّبَابَۃ: لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے.

اللَّبِیْب: عقلمند. جر اَلِبَّاء. مونث لَبِیْبَۃ جر لَبِیْبَات ولَبَائِب. رَجُلٌ لَبِیْبٌ: کام سے چمٹے رہنے والا سستی نہ کرنے والا.

بنات اَلْبُب. دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی ہیں کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّکَ مِنْ بَنَاتِ اَلْبُبِی" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں. اور اَلْبُب کی جمع اَلابب اور تصغیر اُلَیْبِب.

التَّلْبِیب بمہ. گریبان جر تَلَابِیب.

التَّلَبُّب: بہ تکلف عقل کا اظہار

الاُلْبُوب. بیر کی گٹھلی.

کہا جاتا ہے لَبَّیْک میں حاضر ہوں. میں موجود ہوں میں تمھاری طاعت پر قائم ہوں. تثنیہ تاکید کے لیے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے. اور اس کی اصل اَلَبَّ لَکَ اِلْبَابًا بعد اِلْبَابٍ ہے.

المَلْبُوب: جودت عقل سے متصف

المُتَلَبَّب: سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ.

لَبِیْبَۃ: بغیر آستینوں کی قمیص.

لَبَأَ (ف) لَبْأً. الشاۃَ: بکری کی پیوسی دوہنا. لَبَأَتِ الاُمُّ وَلَدَہَا: ماں کا بچے کو پیوسی پلانا. لَبَأَ الزَّرْعَ: پہلی بار پانی دینا (— والبّأ) القومَ: پیوسی کھلانا — اللِّبَأ: پیوسی تیار کرنا. اَلْبَأَتِ الشاۃُ: پیوسی اتارنا — الجدیُ: بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا. اَلْبَأَ القومُ: بہت پیوسی والا ہونا — الفَصِیْلَ: پیوسی پینے کے لیے تھن سے لگا دینا.

لَبَّأَتْ تَلْبِئَۃً. الشاۃُ: بکری کے تھن میں پیوسی اترنا. صفت مُلَبِّئٌ. لَبَّأ بالحج: لبیک اللہم لبیک کہنا مانند لبّی مُلَبِّی ناقص یائی کے. (اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

اِلْتَبَأَ. الشاۃَ: بکری سے پیوسی دوہنا — اللِّبَأ: پیوسی پینا (— واسْتَلْبَأَ) الجدیُ الشاۃَ: پیوسی پینا.

اللِّبَأ: پیوسی. کھیس.

اللَّبَأۃ واللَّبَاءۃ واللَّبْوءۃ واللَّبُوۃ واللَّبْوۃ واللِّبْوۃ واللَّبْنَۃ واللَّبَاۃ واللَّبُ: شیرنی جر لَبَآت ولُبَا ولُبُوء ولَبُوَات.

لَبَتَ (ن) لَبْتًا یدہ: ہاتھ اینٹھنا. مروڑنا — فلانًا: کسی کے سینہ، پیٹ، کمر پر لاٹھی سے مارنا.

لَبِثَ (س) لَبْثًا ولُبْثًا ولَبَثًا ولَبَاثًا ولُبَاثًا ولَبَاثَۃً ولُبْثَانًا ولَبِیْثَۃً. بالمکان: ٹھیرنا. اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مالبث ان فعل کذا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی.

لَبَّثَ واَلْبَثَ فلانًا فی المکان: ٹھیرانا. مقیم کرانا.

تَلَبَّثَ بالمکان: ٹھیرنا.

اِسْتَلْبَثَ: سست پانا. سست سمجھنا.

اللَّابِث واللَّبِث بالمکان: اقامت گزیں ٹھیرنے والا.

اللُّبْثَۃ: تھوڑی دیر.

اللَّبِیْثَۃ بمہ. مختلف قبائل کی جماعت جر لَبَائِث.

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بہ الارضَ: زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا. اور کہا جاتا ہے "لُبِجَ بالرجل او البعیر" یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا صفت لَبِیْج — ہ بالعصا: لاٹھی سے مارنا.

اللُّبْجَۃ واللَّبْجَۃ. شاخ دار لوہا جس کے

بھیڑیے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لِبَج ولُبج۔

اللِّبَاجہ: بیوقوف۔ کمزور عقل والا

لَبِجَ (س) لَبَجًا و لَبْجَۃً و اَلْبَجَ الرجلُ: بڈھا ہونا۔

اللَّبَجُ: بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فلانًا: مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا ـــ الرجلَ: پکڑنے کے لیے حیلہ کرنا ـــ الشیَ: لینا۔ ــ لُبُوخًا جسدہ: بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِیخ۔

لَابَخَہُ لِبَاخًا و مُلَابَخَۃً: باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مارپیٹ کرنا۔

تَلَبَّخَ: مشک لگانا۔

اللَّبَخُ: ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پتوں کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَۃ۔

اللَّبِیخُ: زیادہ گوشت والا۔

اللَّبِیخَۃ: مشک کا نافہ۔

لَبَدَ (ن) لُبُوْدًا بالمکان: اقامت کرنا ـــ القومُ بالرجل: لازم ہونا ـــ بالشیِٔ: چمٹنا ـــ الشیُٔ بالشیِٔ: گتھ جانا ـــ الثوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔

لَبِدَ (س) لَبَدًا بالمکان: اقامت کرنا۔

لَبَدَ (ض) لَبْدًا الصوفَ: اون دھنک کر پانی میں تر کرکے نمدہ بنانا ـــ الکساءَ: پیوند لگانا ـــ الشیُٔ: نمدہ جیسا ہونا ـــ المطرُ الارضَ: تر کرنا ـــ شعرَہ: لیس دار چیز یا گوند کو چپکانا۔

اَلْبَدَ بالارض: چمٹ جانا ـــ بالمکان: اقامت کرنا ـــ السرجَ: زین کے لیے نمدہ بنانا ـــ الفرسَ: گھوڑے پر نمدہ باندھنا ـــ الشیَ بالشیِٔ: چپکانا ـــ الرجلُ رأسَہ: دروازہ سے داخل ہونے کے وقت سر جھکانا ـــ الخرقَ: پیوند لگانا ـــ بصرُ المصلی: سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔

تَلَبَّدَ الصوفُ ونحوہ: نمدہ بننا ـــ الطائرُ بالارض: پرندہ کا زمین پر بیٹھنا ـــ الرجلُ: دیکھ کر معلوم کرنا۔ تَلَبَّدَتِ الارضُ بالمطر: بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔

اِلْتَبَدَ الورقُ ونحوہ: آپس میں چمٹنا ـــ الشجرۃُ: بہت پتوں والا ہونا۔

اللَّبَدُ: ج. نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مالہ سَبَدٌ ولا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

اللِّبْدُ: تہ بتہ شدہ بال۔

اللَّبِدُ واللُّبَدُ: جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے۔ اَبُو لُبَد: شیر۔

اللِّبْدُ: بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا نمدہ ج لُبُود و اَلْبَاد۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یجفّ لِبْدُہ" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

اللُّبَادَۃ: اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔

اللِّبْدَۃ: تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے ران کا اندرونی حصہ۔ ننڈی

اللُّبْدَۃ: تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ اللِّبْدَۃ واللُّبْدَۃ: شیر کے ایال۔ ج لِبَد و لُبَد و اَلْبَاد و لُبُود۔

اللَّابِدُ: شیر۔ کہا جاتا ہے "مالٌ لابِدٌ" یعنی بہت مال۔

اللَّبَّادُ: نمدے بنانے والا۔

اللَّبُودُ: چیچڑی۔

اللُّبَیْدُ: توبرہ۔ چھوٹا بورا۔ ج ـــ واللُّبَادَی واللُّبَادِیُّ واللُّبَّدَی: ایک قسم کا پرندہ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی پر چمٹا رہتا ہے۔ اللُّبَّدَی: جمع شدہ لوگ۔

المُلْبِدُ: زمین پر چپک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مُلْبِدٌ" ای فقیر مدقع یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔

المَلْبُود والمُلْبَدُ والمُلَبَّدُ: پیوند لگا ہوا۔

تَیْسٌ مُلَبَّدٌ: ٹھوس گوشت والا بکرا۔

لَبَزَہُ (ض) لَبْزًا: بہت سخت مارنا۔ برتنی بہت تیز کھانا توڑنا ـــ فلانًا: عیب لگانا۔ برا لقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَبَسَ (ض) لَبْسًا علیہ الامرَ: مشتبہ کر دینا گڑبڑ کر دینا۔

لَبَسَہُ (ن) لَبْسًا: شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسْتَنِیْ" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اس معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔

لَبِسَ (س) لُبْسًا الثوبَ: کپڑا پہننا ـــ فلانًا: مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اٹھانا ـــ فلانًا علی ما فیہ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ علی فی لک اُذُنِیْ" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا (وہیں) نے گفتگو نہیں کی۔ "لَبِسْتُ لِفلانٍ اُذُنِیْ" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔

لَبَّسَ علیہ الامرَ: خلط ملط کرنا ـــ الشیَٔ: عیب چھپانا۔

اَلْبَسَہُ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ـــ الثوبَ: کپڑا پہنانا۔

لَابَسَہُ: ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا۔

لَابَسَ الامرَ: ہمیشہ کرنا۔

تَلَبَّسَ بالامر وبالثوب: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا ـــ الطعامُ بالیدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بی الامرُ: تعلق ہونا ـــ علی الامرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّہٗ بِدَمِیْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی "وتَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا" عمدہ لباس پہننا۔

اِلْتَبَسَ عَلَیَّ الامرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا و اِلْتَبَسَ بِعَمَلِ کذا: ملانا۔ اِلْتَبَسَتْ بہ الخیلُ: لاحق ہونا۔

اللَّبْسُ واللُّبْسُ: اسم ہے الالتباس کا۔

اللَّبُوسَۃ واللَّبِیسَۃ: شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْسُ واللَّبَسُ: تاریکی کا ملنا۔

اللَّبَسُ: ایک قسم کا کپڑا۔

الملبس: لباس۔ جمع لُبُوس۔ لِبس الهودج ونحوه: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبس کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللِّبَاس: جو کپڑا پہنا جائے جمع لُبُس و اَلبِسَة شوہر و بیوی۔ مختلط ہونا۔ اجتماع۔ لِباسُ الزَّهر: کلی کا غلاف۔ لِباسُ التقوی: حیا۔ ستر عورت وغیرہ۔

اللِّبْسَة: ایک قسم کا کپڑا۔ لَبِسَ کا اسم نوع۔

اللَّبُوس: لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔

اللَّبِيس: کپڑا۔ قمیصٌ لَبِيسٌ: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔

التَّلْبِيس: سمہ۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء حقیقت۔

اللَّبَّاس: بہت لباس پہننے والا۔ بہت غلط ملط کرنے والا۔

المَلْبَس و المِلْبَس: لباس جمع مَلَابِس۔

المَلْبَس: رات۔

المُلَبَّس بضم ـــــ عند المولدين: بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔

لَبَطَ (ض، ن): لَبَطَ بِفُلَانٍ الأَرْضَ: زمین پر پٹک دینا، پچھاڑنا۔ لُبِطَ بہ: گرایا جانا۔ کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آجانے کی وجہ سے گر پڑنا زکام والا ہونا۔

لَبَطَ (ض) لَبْطًا و تَلَبَّطَ و التبط۔ البعیرُ او البغلُ: اونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا۔ دوڑنے میں لات پٹکنا۔ التبط و تَلَبَّطَ الرجلُ: زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا ـــــ فی الامر: کوشش کرنا۔ حیلہ کرنا

اللَّبْطَة۔ لَبَطَ کا اسم مرۃ۔ زکام۔

اللَّبَطَة۔ اِلتِبَاط کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔

الاَلْبَاط۔ کھالیں۔ واحد لَبَط۔

المَلْبُوط۔ مفعم۔ رجل ملبوط بہ: اپنے کام میں متحیر مرد۔

اللَّبَخ۔ ناکھاں۔

لَبَقَ (ن) لَبْقًا و لَبَّقَ الشیَٔ: نرم کرنا۔

لَبِقَ (س) لَبَقًا و لَبُقَ (ک) لَبَاقَةً۔ حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبِقَ و لَبُقَ الثوبُ ونحوه بفلان: چپکنا۔

اللَّبِق و اللَّبِيق نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مونث لَبِقَة و لَبِيقَة۔

لَبَكَ (ن) لَبْكًا و لَبَّكَ الامر و الشیَٔ: ملانا ـــــ الثرید: کھانے کے لیے جمع کرنا ـــــ القوم بین الشاء: بکریوں کو ملا دینا۔

لَبِكَ (س) لَبَكًا و التَبَكَ و تَلَبَّكَ الامرُ: گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

اَلْبَكَ۔ فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔

اللَّبَك و اللَّبَكَة: مخلوط چیز۔

امر لَبِكٌ و لَبِيكٌ: گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ۔

اللَّبَكَة: ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ۔

اللُّبَاكَة و اللَّبِيكَة۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "وقع فی لَبَكَةٍ و لَبِيكَةٍ" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔

لَبْلَبَتِ المراۃُ بولدها: عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا ـــــ الشاۃُ بولدها بعد الوضع: بکری کا بچے کو جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔ تَلَبْلَبَ القومُ: قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔

اللَّبْلَب و اللُّبْلُب: اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔

لَبَالِبُ الغنم: بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔

اللَّبْلَاب۔ عشق پیچہ۔

لَبِمَ (س) لَبَمًا۔ کندھوں کا مختلف ہونا۔

لَبَنَ (ن، ض) لَبْنًا الرجلَ: دودھ پلانا ـــــ فلانًا بالعصا: سخت لاٹھی مارنا۔ لَبَنَ (ض) لَبْنًا: الرجلُ: بہت کھانا۔

لَبِنَ (س) لَبَنًا الرجلُ: تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا ـــــ الشاۃُ: بکری کا دودھ والی ہونا۔

اَلْبَنَ القومُ: بہت دودھ والی ہونا صفت لابنون و مُلْبِنُون ـــــ الناقۃُ: تھن میں دودھ اترنا ـــــ الرجلُ: تلبینہ بنانا (دیکھیے تلبینہ)۔

لَبَّنَ۔ اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لیے مجلس بنانا ـــــ الشیَٔ: چوکور بنانا۔

تَلَبَّنَ الرجلُ: دیر کرنا۔

اِلتَبَنَ۔ اپنا دودھ چوسنا۔

اِسْتَلْبَنَ: دودھ طلب کرنا۔

اللَّبَن بمہ۔ دودھ۔ جمع اَلبان۔ تھوڑے سے کو لَبَنَة کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشجرۃِ: درخت کا دودھ۔

اللَّبِن و اللِّبِن و اللِّبْن: کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَة۔

اللَّبِن و اللَّبُون۔ دودھ کا خواہشمند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ القمیصِ: کرتے کی کلی۔ مجلسٌ لَبِنٌ: فیصلے کی مجلس۔

اللَّبَان: سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کے لیے ہوتا ہے۔

اللِّبَان: دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "هو اخوہ بِلِبَانِ اُمِّہ" اور بِلَبَنِ امہ نہیں کہا جاتا۔

اللُّبَان۔ صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام میں آتا ہے۔

اللُّبَانَة: حاجت۔ ضرورت۔ جمع لُبَانَات و لُبَان۔

لُبْنَان۔ ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔

اللَّابِن فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا دودھ پلانے والا۔ مونث لابِنَة جمع لابِنات و لَوابِن۔ اللَّوابِن: تھن۔

اللَّبُون و اللَّبُونَة۔ دودھ والی۔ جمع لِبان و لُبُن و لُبْن و لَبائِن۔ کہا جاتا ہے "کم لُبْنُ غنمک" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔

المَلْبِين: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ کا مونث لَبِينَة۔ کرتے کی کلی۔

اللُّبْنَی ایک درخت ہے جس سے شہد کی مانند دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے۔ عسل اللُّبْنَی: لُبنی درخت کا دودھ۔

اللَّبَّان و المُلَبِّن۔ اینٹیں بنانے والا۔

التَّلْبِين و التَّلْبِينَة۔ بھوسی دودھ شہد سے

بنا ہوا حریرہ۔

المِلْبَن: دودھ صاف کرنے کا چھننا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجائیں۔

المَلْبُون: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔

المِلْبَنَة: چمچہ۔

عُشْبٌ مَلْبَنَةٌ: زیادہ دودھ والی گھاس

اللَّبُوَة واللَّبْوَة۔ شیرنی (لبأ کے مادہ میں ذکر ہوچکا ہے)

لَبِيَ يَلْبَى لَبياً: من الطعام: بہت کھانا۔

لَبَّى يُلَبِّي الرجلَ: جواب دینا۔ لبیک کہنا۔ کہا جاتا ہے "بينهم المُلْتَبِيَة" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔

لَتَّ (ن) لتّاً الشيءَ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا ــــ السَّوِيقَ: ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا ــــ المائر الثياب وغيرها: تر کرنا۔ صفت لاتّ۔

لُتَّ فُلانٌ بفُلان: چمٹنا۔

أَلَتَّ الطائرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللاتّ واللاتَ۔ زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اللتّ ج۔ کلہاڑی بڑا کلہاڑا۔

اللُّتَات۔ درخت کی چھال جو باریک کی جائے کہا جاتا ہے "ما أبقى مني المرضُ إلّا لُتاتاً" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَأَ (ف) لَتْأً۔ فلاناً في صدره: دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَتَأَتْ به أُمُّه" اس کی ماں نے اس کو جنا ــــ ہ بحجر: پتھر مارنا۔ لَتَأَ إليه بعينه: گھورنا تیز نظر سے دیکھنا ــــ الشيءَ: کم کرنا ــــ الجاريةَ: جماع کرنا لَتَأَ: کوز کرنا۔

اللَّتِيءُ۔ ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْباً ولُتُوباً به: چپکنا ــــ فيه: ثابت رہنا ــــ في نحر الناقة: بھالا مارنا ــــ (ولَتَّبَ) السرجَ على الفرس: زین کسنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَتَّبَ عليه ثوبَه" جب کہ کپڑا پہنے اور اُتارا نہ جائے۔

أَلْتَبَ عليه الأمرَ: واجب کرنا۔

تَلاتَبَ القومُ: قوم کا باہم ملنا ــــ بالرماح: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

إلْتَتَبَ الثوبَ: کپڑا پہننا۔

اللاتِبُ: چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔

المِلْتَب: ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

المَلاتِب: پرانے کپڑے۔

لَتَحَهُ (ف) لَتْحاً: کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا ــــ ہ ببصره: نگاہ ڈالنا ــــ فلاناً: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا ــــ الجاريةَ: جماع کرنا لَتَحَہ بيده: ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتَحاً۔ بھوکا ہونا۔ صفت لَتْحان مؤنث لَتْحَى۔

رجل لَتِحٌ ولاتِحٌ ولُتّاحٌ ولُتَحَةٌ۔ چالاک۔ عقلمند ج لِتاح۔ کہا جاتا ہے "هو أَلْتَحُ شعراً منه" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَهُ (ف) لَتْخاً آلودہ کرنا ــــ الشيءَ: پھاڑنا۔

تَلَتَّخَ بالشيء: آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْداً فلاناً بيده: مکا مارنا۔

لَتَزَهُ (ض ن) لَتْزاً۔ مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ن) لَتْغاً۔ فلاناً: ڈسنا ــــ ہ بيده: ہاتھ سے مارنا

اللَّتْلَتَة: جھوٹی قسم۔

لَتَمَهُ (ن ض) لَتْماً۔ مارنا۔ نحضہ پر نیزہ مارنا۔

لَتَمَ بالسهم: تیر پھینکنا ــــ ہ بسهم: تیر مارنا ــــ فلانٌ بشفرة في لَبّة بعيره: اونٹ کے سینے پر چھری چلانا۔ لَتَمَتِ الحجارةُ رِجْلَ الماشي: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَّتَم: زخم۔

اللَّاتِن: مبتھا

اللَّتْنَة: بسی۔

اللَّتِي واللَّتِ واللَّتْ۔ الذي کا مونث ج اللاتي واللاتِ واللواتي واللواتِ واللوا واللائي واللاء واللاءات اور تثنیہ کے لیے اللَّتانِ واللَّتَيْنِ واللتا بغیر نون کے حالت رفعی میں واللتي حالت نصبی وجری میں۔

اللُّتَيَّا واللُّتَيّا۔ التي کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں اللُّتَيّان واللُّتَيّانِ اور جمع کے لیے اللُّتَيّات واللُّتَيّات۔ کہا جاتا ہے "وقع في اللتيا والتي" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وبعد اللتيا والتي صار كذا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا

لَثَّ (ن) لَثّاً وأَلَثَّ بالمكان: اقامت کرنا ــــ المطرُ: چند روز تک برسنا ــــ عليه: اصرار کرنا ولَثَّ الشجرُ: درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثّ۔ ج۔ تری۔

لَثَأَ (ف) لَثْأً الكلبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔

اللَّثَأُ: وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے۔

لَثَدَ (ض) لَثْداً المتاعَ: سامان تہ بہ تہ رکھنا

اللَّثَدَة۔ جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے

لَثَطَ (ض) لَثْطاً فلاناً: آہستہ آہستہ مارنا ــــ ہ: آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللِّثَعَة: دانت کی جڑوں کے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ

الأَلْثَع: ہکلا۔ مونث لَثْعاء ج لُثْع۔

لَثِغَ (س) لَثَغاً وتَلاثَغَ۔ ہکلا پن ہونا۔ صفت أَلْثَغ۔ مونث لَثْغاء ج لُثْغ۔

اللُّثْغَة: سین کی جگہ میں ثاء یا راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔

اللُّثْغَة: منہ۔

لَثِقَ (س) لَثَقاً اليومُ: بند ہوا والا اور نمناک ہونا ــــ المسافرُ: کیچڑ میں پڑنا ــــ ثيابُہ: کپڑوں کا تر ہونا ــــ الطائرُ: پروں کا تر ہونا۔ صفت لَثِق۔

لَثَقَ الشيءَ: خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔

أَلْثَقَ الشيءَ: تر کرنا۔

اِلْتَثَقَ وتَلَثَّقَ۔ تر ہونا۔

اللَثَقُ. تری. کیچڑ. گارا. کہا جاتا ہے "مَشَیْنَا فِی لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔
اللَثِقُ. چپکنے والی شئی۔ "یومٌ لَثِقٌ" بند ہوا اور نمناک دن۔
لَثْلَثَ المطرُ: بارش کا چند دن تک برسنا ـــ الرجلُ: کمزور ہونا ـــ علی فلانٍ: اصرار کرنا ـــ ہ عن کذا: منع کرنا۔ روکنا ـــ ہ فی التراب: لوٹ لگوانا۔ لَثْلَثَ البعیرَ: اونٹ کو تھکانا ـــ کلامَہٗ: صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَثْلِثُوا بنا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو۔ (ـــ و تَلَثْلَثَ) فی الامر: تردد کرنا۔ دیر کرنا ـــ بالمکانِ: اقامت کرنا۔ تَلَثْلَثَ فی التراب: مٹی میں لوٹ لگانا ـــ الغیمُ والسحابُ: بادلوں کا آنا جانا۔
اللَثْلَثُ واللَثْلاثُ واللَثْلاثۃُ و المُلَثْلِثُ. ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب کبھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کریگا تو کاہلی کر جائے۔
لَثَمَ (ض) ولَثِمَ (س) لَثْماً الفمَ او الوجہَ: بوسہ لینا۔
لَثَمَ (ض) لَثْماً انفَہٗ: ناک پر مکا مارنا ـــ الحجارۃُ خفَّ البعیرِ: ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا ـــ البعیرُ الحجارۃَ بخفہٖ: ٹھوکر سے توڑ دینا۔
لَثَمَ ولَثِمَ ولَثَّمَ وتَلَثَّمَ والتَثَمَ الرجلُ: ڈھاٹا باندھنا۔
لاثَمَہٗ: بوسہ لینا۔
تلاثَما: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔
اللَثْمُ مص: ناک اور اس کا ماحول۔
اللاثِمُ: فا۔ جمع لُثَّم۔
اللِثْمۃُ: بوسہ لینے کی ہیئت۔
اللَثْمۃُ: لَثَمَ کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔
اللِثامُ: ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے اردگرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ جمع لُثُم۔
لَثِیَ یَلْثَی لَثًی. تھوڑا پانی پینا ـــ القِدرُ: ہانڈی کو خوب چاٹنا (ـــ و اَلْثَی) الشجرُ السمرُ: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لَثِیَتِ الیدُ من طینٍ ونحوہٖ: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لَثِیَ الثوبُ: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔ الثَتِ الشجرۃُ ما حولہا: نمناک کرنا۔
تَلَثَّی والتَثَی گوند کا نکلنا۔ تَلَثَّی الشجرُ: گوند بہانا۔
اللَثَی مص۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لَثَی الثوبِ: کپڑے کا میل۔
اللِثَۃُ: مسوڑھا۔ جمع لِثًی ولِثات ولُثِیٌّ۔
اللَثِیُّ: نمناک۔ ثوبٌ لثٍ پسینہ سے تر اور میلا۔
اللَثِیُ: گوند کھانے کا حریص۔
اللَثاۃُ: حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔
الحروف اللِثَوِیَّۃُ. ثا۔ ذال۔ ظ۔
لَجَّ (ض س) لَجًّا ولَجاجاً ولَجاجۃً: جھگڑا کرنا۔ کسی چیز پر مداومت کرنا ـــ فی الامر: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا ـــ بہ الہمُّ ونحوہٗ: لازم رہنا ـــ علی فلانٍ فی المسألۃِ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔
لَجَّجَ والَجَّ القومُ: قوم کا پانی کے گہرے حصہ میں داخل ہونا۔ لَجَّجَتِ السفینۃُ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ اَلَجَّتِ الابلُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔
لاجَّ خصمَہٗ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔
تَلاجَّ واسْتَلَجَّ متاعَ فلانٍ: کسی کے سامان پر دعوی کرنا۔ اِسْتَلَجَّ بیمینہٖ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔
اِلْتَجَّ البحرُ: سمندر کا متلاطم ہونا ـــ الارضُ بالسراب: موج بیں ہونا ـــ الامرُ او الموجُ: معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا ـــ الظلامُ: اندھیرے کا گھٹا ٹوپ ہونا۔ اِلْتَجَّتِ الارضُ: زیادہ اونچی نباتات والی ہونا ـــ الاصواتُ. آوازوں کا مخلوط ہونا۔
اللُجُّ. پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ کہا جاتا ہے "فرسٌ ادہمُ لُجِّیٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔
اللُجَّۃُ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی کہا جاتا ہے "فلانٌ لُجَّۃٌ واسعۃٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ جمع لُجَجٌ ولُجٌّ ولِجاجٌ۔ اللُجَّۃُ. آئینہ۔
اللُجِّیُّ. لج کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بحرٌ لُجِّیٌّ" یعنی بحر بے پایاں۔ انتہائی سمندر۔
اللَجَّۃُ: لجّ کا اسم مرۃ۔ شور۔
اللَجاجۃُ واللَجوجُ واللُجُوجۃُ واللَجُوجۃُ و المِلْجاجُ. سخت جھگڑالو۔
المُلْتَجَّۃُ بہت سیاہ آنکھ۔ بہت دور زمین۔
لَجَأَ (ف) لَجَأً ولُجُوءاً ولَجِئَ (س) مَلْجَأً الی الحصنِ وغیرہٖ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔ لَجَأَ عن فلانٍ مالَہٗ: بعض ورثا کے لیے مال کر دینا ـــ والجَأَ فلاناً: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ لَجَّأَہٗ: بچانا۔ اَلْجَأَ امرَہٗ الی اللّٰہ: سپرد کرنا۔
تَلَجَّأَ الیہِ: سہارا لینا ـــ من القومِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔
اللَجَأُ مص. قلعہ۔ جائے پناہ۔ جمع اَلْجاء۔ وارث بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَأۃٌ ہے۔
التَلْجِئَۃُ ـــ عند الفقہاء: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔
المَلْجَأُ: جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ جمع مَلاجِئ۔
لَجِبَ (س) لَجَبَ البحرُ: سمندر کا جوش میں آنا ـــ القومُ. شور مچانا۔
لَجُبَتْ (ک) لُجُوبۃً ولَجَبَتِ الشاۃُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔ لَجَّبَہٗ بالسیفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اللَجَبُ مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بادل کی گرج۔ شور۔ کہا جاتا ہے "بحرٌ ذو لَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔
اللَجِبُ. شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جیشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج
اللَجْبۃُ واللَجَبۃُ واللُجْبۃُ واللِجْبۃُ واللُجَبۃُ

واللجبة کم دودھ والی بکری. زیادہ دودھ والی بکری۔ جـ لجاب ولجبات۔

الملجاب: تیر کہ جس میں پر لگا دیے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔

لجذ (ن) ولجذ (س) لجذاً ولجذاً الکلب الاناء: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا۔ (ـــ لجذاً) الرجل: لگنا۔ ایک دفعہ دیے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا ـــ الحمار: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا ـــ الماشیۃ الکلاء: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا ـــ من الشیٔ: تھوڑا سا لینا ـــ فلاناً: ہراشتعال کرنا۔ تم کہتے ہو "لجذنی علی کذا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔

لجف (ن) لجفاً۔ سخت مارنا۔

لجفت (س) لجفاً البئر: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لجفاء۔

لجف البئر: کنوئیں کو وسیع کرنا ـــ الشیٔ: جوانب سے کشادہ کرنا۔

تلجف البئر: جوانب سے کھودنا۔ تلجفت و التجفت البئر: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تلجف الوحش الکناس: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے ارد گرد کھودنا۔

اللجف جمع۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔ جـ الجاف۔

اللجاف: پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ جـ الجفۃ ولجف۔

اللجیفۃ: دروازے کے پہلو۔

بئر ملجفۃ۔ منہدم کنواں۔

لجلج لجلجۃ ولجلاجاً تتلانا ـــ فی صدرہ شیٔ: کھٹکنا۔ لجلج اللقمۃ فی فیہ: بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔ تلجلج بالشیٔ: سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تلجلج دارہ منہ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔

اللجلاج۔ توتلا۔ ہکلا۔

لجم (ن) لجماً الثوب: کپڑا سینا۔

الجم الدابۃ: چوپایہ کو لگام لگانا ـــ القدر: دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا ـــ الناقۃ: لگام سے داغ لگانا ـــ ہ عن حاجتہ: روکنا کہا جاتا ہے "تکلم فالجمتہ والقمتہ الحجر" اس نے گفتگو کی تو میں نے اسے بند کر دیا۔

الجم والتجم الماء فلاناً: پانی کا منھ تک پہنچنا

التجمت الدابۃ: لگام لگنا

استلجم فلاناً الفرس: لگام لگانے کو کہنا

اللجم: زمین نہ پست نہ بلند جـ الجام۔

(ـــ واللجم واللجم) گرگٹ۔ بیر بہوٹی۔ جانور جس کی بدفالی لیں۔ اللجم: فضاء آسمانی۔

اللجام۔ لگام جـ لجم ولجم والجمۃ۔ اونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جاء فلان وقد لفظ لجامہ" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا۔ اور عرب کے امثال میں سے کہ "اتبع الفرس لجامھا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کے لیے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اللجام۔ لگامیں بنانے والا۔

اللجام۔ جس سے بدشگونی لی جائے۔

الملجمۃ والملجم لگام دینے کی جگہ۔ اللجمۃ: لجم کا واحد۔ زمین کے لیے علم۔ لجمۃ الوادی: کنارہ وادی۔

اللجمۃ۔ مسطح پہاڑ۔ زمین کے لیے علم۔ لجمۃ الوادی: وادی کا کنارہ۔

المکیال الملجم۔ ڈھائی صاع کا پیمانہ۔

لجن (ن) لجناً ولجن ورق الشجر ونحوہ: پتوں کو کوٹ کر آٹا یا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔

لجن (ن) لجوناً ولجاناً البعیر: اونٹ کا اڑیل ہونا ـــ فی المشی: آہستہ چلنا۔

لجن (س) لجناً بہ: چمٹنا۔

تلجن الشیٔ۔ لیسدار ہونا ـــ راسہ: میلا ہونا ـــ القوم: پتے اور آٹا یا جو ملا کر چارہ بنانا

اللجن۔ میلا۔

اللجین۔ کٹے ہوئے پتے اور آٹا یا جو ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔

اللجنۃ۔ جماعت۔ پارٹی۔

اللجون من الجمال او النوق سست رفتار اونٹ یا اونٹنی۔

اللجین۔ چاندی۔ (تصغیر کے وزن پر مستعمل ہے)

اللجینیۃ: دراہم۔ (لجین کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)

الجئی الی غیر قومہ: غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔

لحت (ن ض) لحاً القرابۃ بینہا: رشتہ داری نزدیک ہونا۔

لحت (س) لحاً ولحاً العین: کیچڑ سے پلک کا چپکنا۔

الح فی السوال: سوال میں اصرار کرنا ـــ السحاب بالمطر: بادل کا لگاتار برسنا ـــ المطی: سواری کا تھک کر دیر کرنا ـــ القتب علی ظہر الدابۃ: پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا ـــ الجمل: اونٹ کا اڑیل ہونا۔

تلحح علیہ: مثل الح علیہ

اللح۔ مع۔ کہا جاتا ہے "ہو ابن عمی لحاً" وہ میرا قریبی چچازاد ہے۔ اور لحاً حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لیے اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "ہو ابن عم لح" جر کے ساتھ۔ اس لیے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مونث اور تثنیہ اور جمع۔

اللاحح۔ فا۔ مکان لاح ولحح: تنگ جگہ۔

الملحاح۔ بہت اصرار کرنے والا پالان جو پیٹھ کو زخمی کرے۔ سحاب ملحاح: لگاتار برسنے والا بادل۔

لحب (ف) لحباً الطریق: راستہ پر چلنا۔ راستہ کو واضح کرنا ـــ الشیٔ: اثر کرنا ـــ بفلان الارض: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا ـــ ہ بالسیف: تلوار سے مارنا ـــ اللحم: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا ـــ اللحم عن العظم: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ـــ الرجل: سیدھا چلنا یا تیز

چلنا کہا جاتا ہے "مَرَ يَلحبُ" ـــ لُحُوباً الطريقُ: راستہ کا واضح ہونا ـــ ظہرُ الفرسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ چلنا ہونا ـــ المرأة: جماع کرنا۔

لَحِبَ (س) لَحَباً الرجلُ: بڑھاپے کی وجہ سے دبلا ہونا ـــ لحمُ زیدٍ: لاغر ہونا۔

لَحَّبَ الشیَ: اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ـــ فلاناً: ذلیل کرنا ـــ ہُ بالسیفِ: تلوار سے مارنا۔

اِلتَحَبَ الطریقَ: راستہ پر چلنا۔

اللَّحبُ: مص (ـــ واللاحِبُ) کشادہ راستہ کہا جاتا ہے "طریقٌ لَحبٌ ولاحِبٌ" کشادہ راستہ

اللَّحِیبُ: پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔

المِلحَبُ: بہت گالی بکنے والا بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔

المَلحُوب مفعو۔ رجلٌ مَلحوب: لاغر مرد۔ طریقٌ مَلحوبٌ ولَحبٌ۔ واضح راستہ۔

لَحَتَ (ف) لَحتاً العصا: لاٹھی کو چھیلنا۔ ـــ فلاناً بالعصا: لاٹھی سے مارنا ـــ الرجلَ: سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لَحَتُوکُم کما یُلحتُ القضیبُ" انھوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔

اللَّحتُ: مص۔ خالص۔

اللُّحاتَۃ: اتاری ہوئی چھال۔

لَجَحَہ (ف) لَجحاً: مارنا ـــ ہ بعینہ: نظر بد لگانا ـــ لَجَّ الیہ: پناہ لینا۔

لَجِجَ (س) لَجَجاً السیفُ ونحوہ: تلوار کا میان میں چپٹ کر رہ جانا ـــ بالمکان: لازم پکڑنا۔ ـــ الشیُ: تنگ ہونا ـــ العینُ: کج ہونا صفت اَلجَجُ۔ لَجِجَت عینہُ: کیچڑ والی آنکھ ہونا۔

لَجَّجَ علیہ الخبرَ: غلط خبر دینا۔

اَلجَأَہُ الیہ: مجبور کرنا۔

اِلتَجَأَ الیہ: مائل ہونا ـــ الیہِ۔ مائل کرنا مجبور کرنا۔

تَلجَّجَ الامرَ علی فلانٍ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

اِستَلجَجَ الباب: دروازہ کا بند ہونا۔

اللَّجج مص۔ آنکھ کا گڑھا۔

اللُّجُج۔ آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ وکنارہ۔ جہ اَلجاج مکان لَجِجٌ۔ تنگ مکان۔

اللَّجَج۔ آنکھ کی کیچڑ۔

المُلتَجُ والمُلتَجَأ۔ جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے "ان فی الناس لَملجأً" لوگوں میں جائے پناہ ہے قفلٌ لُجَج: بند تالا۔

المَلاجِج تنگیاں۔

المَلاجِجُ۔ پہاڑ کے تنگ راستے۔

لَجوَجَ علیہ الامرَ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا

لَحَدَ (ف) لَحداً۔ المیتَ: میت کو دفن کرنا ـــ اللحدَ: کھودنا ـــ للمیتِ: بغلی قبر کھودنا ـــ السہمُ عن الہدفِ: نشانہ سے خطا کرنا ـــ الی فلانٍ: مائل ہونا ـــ فی الدینِ: بے دینی اختیار کرنا ـــ علیٰ فی شہادتہ: گنہگار ہونا۔

اَلحَدَ الحاداً۔ المیتَ: مردہ کو دفن کرنا۔ ـــ اللحدَ: کھودنا ـــ للمیتِ: بغلی قبر کھودنا۔ ـــ عن الدینِ: دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا جھگڑا کرنا۔ احکام خداوندی کو چھوڑنا۔ ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کرنا ـــ فی الحرمِ: محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا ـــ السہمُ الہدفَ: نشانہ کے ایک جانب میں لگنا ـــ بہ: عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لَاحَدَ مُلاحَدَۃً صاحبہ: ہر ایک کا یک دوسرے سے کجی برتنا۔

اِلتَحَدَ عن الدینِ: دین سے پھرنا ـــ الی کذا: مائل ہونا ـــ الی فلانٍ: پناہ لینا۔

اللَّحدُ واللُّحدُ۔ بغلی قبر۔ قبر۔ جہ اَلحادٌ ولُحودٌ۔

الالحاد۔ اَلحَدَ کا مصدر۔ کفر بے دینی۔

اللَّحُودُ: مائل ہونے والا۔

اللاحِدُ: فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قبرٌ لاحدٌ ومَلحودٌ" بغلی قبر۔

المُلحِدُ: فا۔ کافر۔ بے دین۔ جہ مَلاحِدۃٌ ومُلحِدُون الملاحدۃ: کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔

المَلحَدُ والمَلحُودُ: بغلی قبر۔ قبر۔

المُلحادۃ۔ دین میں بہت طعن کرنے والا۔

المُلتَحَدُ۔ جائے پناہ۔

لَحِزَ (س) لَحَزاً۔ بخیل ہونا۔ صفت لَحِزٌ ولَحِزٌ

لَحَزَہ (ف) لَحزاً: اصرار کرنا۔

تَلَحَّزَ: بخیل ہونا۔ کھٹی چیزوں کے کھانے کے لیے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لیے کمر کسنا ـــ عنہ: پیچھے ہٹنا۔

تَلاحَزَ القومُ: کلام میں مقابلہ کرنا ـــ الصبیانُ: اشعار کا نقل کرنا۔

المَلحَزُ۔ تنگ جگہ۔ جہ مَلاحِزُ۔ کہا جاتا ہے "وقعوا فی الملاحز" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔

المُتَلاحِزُ من الشجرِ: گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔

اللَّحِیزاءُ: ذخیرہ۔ خزانہ۔

لَحَسَ (ف) لَحساً الدودُ الصوفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا ـــ الجرادُ الخضرَ: ٹڈیوں کا سبزی کو چٹ کر جانا۔

لَحِسَ (س) لَحساً ولَحسۃً ولُحسۃً ومَلحساً القصعۃَ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ اور اسی سے مثل ہے "اسرعُ من لحسِ الکلبِ انفہ" یعنی کتا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔

لَحَّسَہ الشیَ: چٹانا۔

اَلحَسَ الماشیۃُ: تھوڑا سا چرانا۔ اَلحَسَت الارضُ: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔

اِلتَحَسَ منہ حقہ: حق لینا۔

اللَّحسُ مص۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی جہ لُحُوسٌ سنۃٌ لاحِسۃٌ: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "اصابتہم لَواحِسُ" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے کہ "ما لک عندی لُحسۃٌ" تمھارے لیے میرے پاس کوئی چیز

اللحوس. شہاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی.
المِلحوس: بدبخت. منحوس (ــــ و
الحوس والمنجس الملحس) لالچی جو ہر چیز کو لے
الملحس: بہادر.
اللحاس. بہت چاٹنے والا.
اللحاسۃ: لحاس کا مونث. شیرنی.
الملحسم: وادی کی تنگ نالی جمع لحاسم.
لحص (ف) لحصا فی الامر: مشغول ہونا
ــــ خبر فلان: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور
تھوڑا تھوڑا بیان کرنا.
لحّص خبرہ: جیسے لحصہ ــــ فی کذا:
سختی کرنا. تنگی کرنا ــــ ہ عن کذا: روکنا سست
کرنا ــــ الکتاب: پختہ کرنا.
اِلتحص الامر: معاملہ کا سخت ہونا. اِلتحصت
الابرۃ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا. اِلتحصہ الشیءُ:
مشغول ہونا ــــ و الی کذا: مجبور کرنا ــــ
البیضۃ ونحوہا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے
پینا ــــ ہ عن کذا: روکنا سست کرنا.
التحصت عینہ: کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا.
لحاصِ. مبنی بر کسرہ. سختی. مصیبت.
اللحص: اوپہے کے بہونے کی شکن.
اللحصاف: دوڑ. تیزی.
الملحیص. تنگ. سکڑا.
الملحص: جائے پناہ.
لحط (ف) لحطا. پانی چھڑکنا. زینت دینا
اَلحط الرجلُ: غضبناک ہونا.
لحظ (ف) لحظا و لحظانا فلانا و الی فلانٍ
بالعین: گوشہ چشم سے دیکھنا. انتظار کرنا ــــ
لحظا و لحظ تلحیظا) البعیرَ: اونٹ کو آنکھ کے نیچے
داغ کی علامت لگانا.
لاحظہ لحاظا و ملاحظۃ. انتظار کرنا
ایک دوسرے کو دیکھنا.
تلحظ الشیءُ: تنگ ہونا.
تلاحظت الاشیاءُ: ایک دوسرے
کے مشابہ ہونا. کہا جاتا ہے "احوالہم متلاحظۃ"
یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں.
اللحظ مع. آنکھ کا اندرونی حصہ جمع لحاظ و
الحاظ.
اللحاظ واللحاظ: کنپٹی کی جانب گوشہ چشم
آنکھ کے نیچے کا داغ. جمع لحظ. اللحاظ: گھر کا
صحن. ولحاظ السہم: تیر کے اوپر کا پر. لحاظ الریشۃ
: پر کا سفید نچلا حصہ.
اللحاظ: بہت سخت دیکھنے والا.
التلحیظ مع. آنکھ کے نیچے کا داغ.
اللاحظۃ: لاحظ کا مونث. آنکھ جمع لواحظ
اللحظۃ: لحظ کا اسم مرۃ جمع لحظات. کہا
جاتا ہے "جلستُ عندہ لحظۃ" میں اس کے پاس
ایک لمحہ بیٹھا.
اللحوظ: تنگ.
اللحیظ. شبیہ. نظیر.
الملحظ. دیکھنا. دیکھنے کی جگہ جمع ملاحظ
لحف (ف) لحفا. لحاف اوڑھانا ــــ
ہ الثوبَ: کپڑا پہنانا ــــ ذبحہ کفہ: مکا مارنا
ــــ ہ سہما: تیر مارنا ــــ النارَ الحطبَ:
آگ میں لکڑی ڈالنا. لحف الشیءَ: چاٹنا ــــ
عنہ اللحم: گوشت اتارنا. لحف القمر: چاند کا آخری
تین راتوں میں ہونا. لحف لحفۃً الرجلُ فی مالہ: کچھ
منع ہونا اور کہا جاتا ہے "لحفنی فضلَ لحافہ"
یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا.
لحّف ازارہ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا
اَلحف السائل: اصرار سے مانگنا ــــ
ہ الثوبَ: کپڑا پہنانا. دوسرے کے لیے لحاف
بنانا ــــ الرجلَ: دوسرے کے لیے لحاف خریدنا
ــــ ضیفہ: سرمایہ مہمان کے لیے بچھونا اور
لحاف مہیا کرنا ــــ شاربہ: مونچھ کاٹنے میں
مبالغہ کرنا ــــ بہ: نقصان پہنچانا ــــ
الظفرَ: جڑ سے ناخن کاٹنا ــــ الرجلُ: دامن کو
میں چلنا. تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا.
لاحفہ: مدد کرنا. ایک دوسرے کے لیے لازم
رہنا. کہا جاتا ہے "فلانٌ یصافح السیفَ ویلاحف
الحرف" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا
ہے.
تلحّف والتحف: اپنے لیے لحاف بنانا
ــــ باللحاف وغیرہ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا
اللحف: دامن کوہ.
اللحفۃ: لحف کا اسم نوع. لحاف اوڑھنے
والے کی حالت
اللحاف: رضائی. لحاف جمع لحف.
الملحف والملحفۃ: چادر. اوپر کا لباس.
جمع ملاحف.
لحِق (س) لحقا و لحاقا. فلانا و بفلانٍ: پالینا
آملنا. آپہنچنا ــــ الی قوم کذا: چمٹنا.
لحَق (س) لحوقا. الفرسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا
ــــ الثمنُ فلانا: قیمت لازم ہونا.
لاحقہ: پیچھے ہونا.
اَلحقہ: پالینا. آملنا ــــ ہ بفلانٍ: ملا دینا
لاحق کر دینا.
تلاحق: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا. تلاحقت
المطایا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا.
اِلتحق بہ: ملنا یا چمٹنا.
اِستلحقہ: اپنے خاندان میں ملانا. استلحق
الرجلُ: وادی کی نکلی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا.
اللحق: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے. پھل جو
پہلے پھل کے بعد ہو. جمع الحاق. اللحق: قوم جو اپنے
سے پہلی قوم کے ساتھ اس کے گزر جانے کے بعد لاحق
ہو. لحق الغنم: بکری کے بچے (ــــ و الملحق الشیءُ اور
تتمہ کتاب.
الالحاق: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی
خشک ہوجانے کے بعد زراعت کریں. مفرد
اللحق ہے.
اللحاق: کمان کا غلاف.
اللاحق: فا. پہلے پھل کے بعد کا پھل. ابو
لاحق: باز.
اللاحقۃ: لاحق کا مونث. پہلے پھل کے بعد کا
پھل. جمع لواحق.

اللَّوْبَجِيّ. باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ جس کی پیٹھ خیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
المِلْحاق: تیز تیر پھینکنے والی کمان، اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ سکیں
المُلْحَق: خاندان میں ملایا ہوا۔
لَحَكَ (ف) لَحْكًا و لاحَكَ و تَلاحَكَ الشّيءَ بالشّيءِ: چپکنا۔ تَلاحَكَ الشّيءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَلاحَكَ البُنْيانُ: عمارت کا مضبوط ہونا۔ و لَحَكَ الصّبيَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔
لُوحِكَتْ فَقارُ ظَهْرِه: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
لَحِكَ (س) لَحْكًا العَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اللُّحَكَة واللُّحَكاء۔ چھپکلی کی مانند ایک کیڑا جو ریت میں رہتا ہے۔
اللَّحِكُ: وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔
المَلاحِكُ۔ تنگیاں۔
لَحِجَ و تَلَحَّجَ القَوْمُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا
اللُّحْلُح: تنگ جگہ۔
المُلَحْلِح۔ قوم کا بڑا۔ سردار۔
لَحَمَ (ن) لَحْمًا الأمرَ: مضبوط کرنا۔ القَصّابُ العَظْمَ: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا ۔۔۔ ہ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا ۔۔۔ الصّائغُ الفِضّةَ: سنار کا چاندی کو درست کرنا۔
لَحَمَ (ف) گوشت کھلانا۔
لَحِمَ (س) لَحْمًا بالمكان: لازم ہو کے رہنا ۔۔۔ الصَّقْرُ ونحوہ۔ گوشت کا خواہشمند ہونا۔
لَحِمَ (س) لَحَمًا و لَحُمَ (ک) لَحامَةً۔ موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہشمند ہونا۔
لُحِمَ لَحْمًا۔ قتل کیا جانا۔ صفت لَحِيم۔
لاحَمَ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا۔ الشّيءَ بالشّيءِ: ملانا۔ لاحَمَ بين الشّيئين: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

أَلْحَمَ الثّوبَ: کپڑا بننا ۔۔۔ الشِّعْرَ: اشعار کہنا ۔۔۔ الزَّرْعُ: کھیتی میں دانہ بیٹھنا ۔۔۔ بين القومِ شرًّا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا ۔۔۔ الشّيءَ بالشّيءِ: ملانا ۔۔۔ ہ بَصَرَہ: تیز نظر سے دیکھنا گھورنا۔ أَلْحَمَ الرّجلَ: غمگین کرنا ۔۔۔ فلانًا الأرضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا ۔۔۔ ہ عِرْضَ فلانٍ: گالی دینے کا موقع دینا۔ أَلْحَمَتِ الدّابّةُ: ٹھہر جانا آگے نہ بڑھنا۔ أَلْحَمَ بالمكانِ: اقامت کرنا ۔۔۔ الرّجلُ: گھر میں بہت گوشت والا ہونا ۔۔۔ القومَ: گوشت کھلانا ۔۔۔ الشّيءَ: درست کرنا۔ أَلْحَمَہُ القتالُ: گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ أُلْحِمَ الرّجلُ: مرنا۔
تَلاحَمَ القومُ: باہم مقاتلہ کرنا۔ تَلاحَمَتِ الشَّجّةُ: انگور بند ہونا ۔۔۔ و التَحَمَ الشّيءُ: جڑ جانا اور درست ہونا۔ التَحَمَتِ الحربُ بينهم: گھمسان کی جنگ ہونا التَحَمَ الجُرْحُ للبُرْءِ: انگور بند ہونا۔
اِسْتَلْحَمَ الطّريقُ: راستہ کا کشادہ ہونا ۔۔۔ الطّريقَ أو الطَّرِيدةَ: پیچھے پڑنا ۔۔۔ الخَطْبُ فلانًا: مشغول کر دینا ۔۔۔ الزَّرْعُ: گنجان ہونا۔ اُسْتُلْحِمَ الرّجلُ: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔
اللَّحْمُ و اللَّحَمُ من جسم الحيوان: گوشت۔ ج لِحام و لُحوم و لُحْمان و لُحْم۔ لَحْمُ كلِّ شيءٍ: مغز۔ لَحْمُ البحرِ: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "أكل لحمي و رتع لحمي" یعنی میری غیبت کی۔
اللُّحْمَة: گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لُحْمَةُ الثّوبِ: کپڑے کا بانا۔
اللُّحْمَة: قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم۔
اللِّحام۔ جس سے پھٹن کو درست کیا جائے
اللَّحّام۔ گوشت بیچنے والا۔
اللّاحِم۔ گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو۔ بازٌ لاحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہشمند باز۔
اللَّحِم۔ جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہشمند۔ بازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہشمند باز۔ اللَّحِمُ: شیر۔

اللَّحِيم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "هذا لَحِيمُ ذاك" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔
المُلْحَم بفتح۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا حلیف۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔
المُلْحِم فا۔ گوشت کھلانے والا۔ یا جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔
المَلْحَمَة: گھمسان کی جنگ کا موقع ج مَلاحِم۔
المُتَلاحِم من الحِبال: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کہا جاتا ہے شَجّةٌ مُتَلاحِمَةٌ۔ زخم جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔
المُسْتَلْحِمُ فا۔ شیر۔
لَحَنَ (ف) لَحْنًا و لَحَنًا و لُحونًا و لَحانَةً و لَحانِيَةً في كلامه و في القراءة: اعرابی غلطی کرنا صفت لاحِن و لَحّان و لَحّانة ۔۔۔ لَحَنَ لفلانٍ: کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تاکہ وہ سمجھ سکے۔ صفت لاحِن۔ اور لَحّان نہیں کہا جاتا ۔۔۔ إليه: قصد کرنا۔ مائل ہونا ۔۔۔ قولَہ: سمجھنا۔
لَحِنَ (س) لَحَنًا الرّجلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا ۔۔۔ الكلامَ: سمجھنا۔
لَحَّنَہ: غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ لَحَّنَ في القراءة: خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔
لاحَنَ القومَ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا
أَلْحَنَ فلانًا القولَ فلَحِنَہ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔
اللَّحْن ج ۔۔۔ من الأصوات: موزوں آواز۔ ج أَلْحان و لُحون۔ صناعة الألحان: فن موسیقی لَحْنُ الكلام: مضمون کلام۔ اللَّحْنُ في الكلام: اعراب دینے کی غلطی۔
اللَّحَن۔ لغت۔ سمجھ۔
اللَّحِن: زیرک۔ سمجھ دار۔
اللّاحِن فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔
اللُّحَنَة: وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں
اللُّحَنَة: بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی

غلطی بہت پکڑے۔
اَلْاَلْحَنُ: بہت زیادہ سمجھ دار۔ خوش آوازی سے گانے والا یا پڑھنے والا۔
لَحَا یَلْحُو لَحْوًا و اَلْتَحَی اِلْتِحَاءً ا۔ الشجرۃَ: درخت کو چھیلنا۔ لحاہ۔ گالی دینا۔
اَلْمِلْحَی: لکڑی چھیلنے کا اوزار۔
لَحْوَجَ لَحْوَجَۃً علیہ الخبرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
لَحَی یَلْحِی لَحْیًا الشجرۃَ: درخت کو چھیلنا۔ ــــ فلانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔ صفت فاعلی لاحٍ۔ صفت مفعولی لَحِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "لحا اللہ فلانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔
لَاحَی لِحَاءً و مُلَاحَاۃً الرجلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "من لاحاک فقد عاداک" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی۔ ــــ فلانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
اَلْحَی اِلْحَاءً: قابل ملامت کام کرنا۔ ــــ العودُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔
تَلَحَّی تَلَحِّیًا: ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔
تَلَاحَی تَلَاحِیًا القومُ: باہم لعن کرنا باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا باہم جھگڑنا۔
اِلْتَحَی اِلْتِحَاءً: داڑھی اُگنا۔ داڑھی لٹکانا ــــ العودَ: لکڑی چھیلنا۔
اللَّحْی: جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْیَان: دونوں جبڑے۔ لَحْیَا الغدیر: تالاب کے دونوں کنارے۔ جمع اَلْحٍ و لُحِیٌّ۔
اللِّحَاءُ مع۔ لکڑی یا درخت کی چھال اور امثال عرب سے ہے "لاتدخل بین العصا و لحائہا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو۔ ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔
اللِّحْیَان: لمبی داڑھی والا۔ مونث لِحْیَانَۃ۔
اللِّحْیَۃ: داڑھی۔ جمع لِحًی و لُحًی اور نسبت کے لیے لِحَوِیٌّ۔ لحیۃ الحمار: پرسیاوشاں (نام ایک دوا کا)۔ لحیۃ التیس: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔
اللُّخْیَان: تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لُخْیَانَۃ۔
الْاَلْحَی و اللِّحْیَانِی: لمبی یا بڑی داڑھی والا۔
لَخَّہٗ (ن) لَخًّا: طمانچہ مارنا۔ ــــ الخبرَ: پوری خبر معلوم کرنا ــــ فی الکلام: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا ــــ ہٗ بالطیب: خوشبو لگانا ــــ فی الجبل: پہاڑ میں بچھاڑنا ــــ فی الحفر: کھودنے میں جھکنا۔
لَخِخَتْ لَخًّا و لَخِیْخًا و لَخِخَتْ (س) لَخَّا عینہٗ: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والی ہونا۔ صفت لَخَّۃ۔
اِلْتَخَّ الامرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ علیہ الامرُ: معاملہ ان کے اندر خلط ملط ہو گیا ــــ العشبُ: گھنی و گنجان ہونا۔
تَلَاخَّ الوادی: تنگ ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔
وادٍ لَاخٌّ: تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔
اللَّخَّۃ: ناک۔ امرأۃٌ لَخَّۃٌ: گندی بدبودار عورت۔
اصل لَخْوَخٌ: عیب دار اصل۔
سکران مُلْتَخٌّ: بدمست۔ ہوش و حواس زائل شدہ۔
وادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔
لَخَبَ (ن) لَخْبًا و لَاخَبَہٗ مُلَاخَبَۃً: طمانچہ مارنا ــــ الجاریۃَ: جماع کرنا۔
اللَّخْب: گوگل کا درخت۔ واحد لَخْبَۃ۔
المُلَخَّب: طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔
اللَّخْج: آنکھ کی بری کیچڑ۔
اللَّخْز: تیز چھری۔
لَخِصَ (س) لَخَصًا: اوپر کے موٹے پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عینہٗ: آنکھ کے اردگرد کا موٹا ہونا۔ شخص کی صفت اَلْخَص۔ آنکھ کی صفت لَخْصَاء۔ جمع لُخْص۔
لَخَّصَ الکلامَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لی خبرک" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو ــــ الشیءَ: خالص لینا۔
اللَّخْص مع۔ خلقۃً آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔
اللَّخْصَۃ: آنکھ کے اندر کا گوشت۔ جمع لِخَاص۔
الْاَلْخَص: ظاہر۔ مختصر۔
ضرعٌ لَخِصٌ: زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ و رجل لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد۔ اور کہا جاتا ہے "جفن لَخِصٌ" موٹا پپوٹا۔
المُلَخَّص منعم۔ کہا جاتا ہے "ہٰذا مُلَخَّصُ ما قالوہٗ" یہ لوگوں کے قول کا خلاصہ ہے۔
لَخَفَ (ف) لَخْفًا: زور سے مارنا۔
اللَّخْف مع۔ پتلے جھاگ۔
اللَّخْفَۃ: سفید باریک پتھر جمع لِخَاف۔
لَخَمَہٗ (ن) لَخْمًا: طمانچہ مارنا ــــ لَخَمَ الشیءَ: کاٹنا۔
لَخُمَ (ف) لَخَمًا الرجلُ: پُر گوشت چہرے والا ہونا۔
لَاخَمَہٗ لِخَامًا و مُلَاخَمَۃً: باہم طمانچہ بازی کرنا۔
اللَّخْمَۃ: سستی۔ افسردہ دلی۔
رجل لُخْمَۃ و لَخَمَۃ: افسردہ دل مرد۔ لئیم۔
اللَّخَمَۃ: سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔
اللِّخَام: ہذیان۔
لَخِنَ (س) لَخَنًا: بدبودار ہونا ــــ الرجلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ میں بدبو ہونا۔ صفت اَلْخَن۔ مونث لَخْنَاء۔ جمع لُخْن۔
لَخَّنَہٗ: یا ابن اللخناء کہنا۔
اللَّخَن مع۔ غیر مختون بچے کے قلفہ کی سپیدی۔
لَخَاہٗ یَلْخُوہٗ لَخْوًا: ناک میں دوائی چڑھانا۔
لَخَاہٗ یَلْخِیہِ لَخْیًا و اَلْخَاہٗ: مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔
لَخِیَ یَلْخَی لَخًی: ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا۔
لَاخَی لِخَاءً و مُلَاخَاۃً الرجلَ: دوستی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا ــــ فلانًا علی فلانٍ:

اُکسانا. بھڑکانا ـــــ بہ: چغلخوری کرنا.

اِلْتَخَّ اِلْتِخَاءً ـ الصَّبِيُّ: ترکردہ روٹی کھانا. اسم لخا ہے.

اللَّخَا واللَّخِیّ واللَّخَاءُ والمِلْخَیُ: جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے.

الأَلْخَی: بیہودہ سرا. بکواس کرنے والا ـــــ واللَّخِیُّ من الجمال: جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو.

اللَّخْوَاءُ: الألخی کا مونث. عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو.

لَدَّ (ن) لَدًّا ولَدَدًا ولَدَادًا ولَدَادَةً والدَّ الرجلَ: سخت جھگڑا کرنا. جھگڑا کرنا اور غالب ہونا. لَدَّہ عن الشی: منع کرنا. لادَّہ: مدافعت کرنا.

لَدَّ (ن) لَدًّا ولُدُودًا والَدَّ الرجلَ: منھ کے کنارے سے دوا پلانا. اِلْتَدَّ اللُّدُودَ: منھ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا اختیار کرنا. اِلْتَدَّہٗ: سخت جھگڑالو پانا. الدَّیہ: ثالث. کہا جاتا ہے "اَلْدَدْتُ بہ": میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی.

لَدَّ (س) لَدَدًا: بہت جھگڑالو ہونا. صفت الدّ. کہا جاتا ہے "ہو الدّ بین اللَّدَدِ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے.

لَدَّدَہٗ: حیران کرنا. لدّدبہ: بدنام کرنا.

تَلَدَّدَ: متحیر ہونا. دائیں بائیں دیکھنا ـــــ فی المکان: ٹھیرنا.

اِلْتَدَّ: منھ کے کنارے سے دوا پینا ـــــ من الشی: مائل ہونا. ٹیڑھا ہونا.

اللَّدُّ: مص. پورا.

اللَّدَدُ: مص. سخت جھگڑالو.

اللَّدُّ واللَّادُّ واللَّدُودُ والالدّ: بیل. ج الدّۃ والالدّ. مونث لَدَّاءُ. ج لِدَاءٌ ولُدٌّ والالندد والیَلَنْدَدُ: سخت جھگڑالو. اللَّدِیدُ واللُّدُودُ: دوا جو منھ کے کنارے سے ٹپکائی جائے. اللَّدِیدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے. ہر چیز کے دونوں جانب. کہا جاتا ہے: مالہ عنہ مُحْتَدٌّ ولا مُلْتَدٌّ. یعنی اس کے لیے کوئی چارہ نہیں.

المُتَلَدَّدُ: گردن.

لَدَحَہٗ (ف) لَدْحًا: پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی دینا.

لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشیَّ: چاٹنا ـــــ ہ بیدہ: مارنا ـــــ ہ بحجر: پتھر مارنا.

لَدَّسَ الخُفَّ: پیوند لگانا. درست کرنا.

أَلْدَسَتِ الارضُ: کچھ نباتات اُگانا.

اللِّدْسُ: سست و نرم.

اللَّدِیسُ: موٹا. ج الدَّاسُ.

المِلْدَسُ: گٹھلی توڑنے کا پتھر. ج ملادس.

لَدَغَہٗ (ف) لَدْغًا وتَلْدَاغًا: ڈسنا. کہا جاتا ہے "لدغہ بکلمۃ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا.

أَلْدَغَ العقربَ فلانًا: ڈسنے کے لیے بچھو چھوڑنا. بچھو سے ڈسوانا.

اللَّادِغُ: فا. مونث لادغۃ ج لُدَّغٌ.

اللَّدْغَۃُ: لدغ کا اسم مرۃ.

اللَّدَّاغُ: کاشانیا اس کا نوکیلا کنارہ.

اللُّدَّاغَۃُ من الرجال: طعن و تشنیع کرنے والا.

اللَّدِیغُ: ڈسا ہوا. (مذکر و مونث) ج لَدْغَی ولُدَغَاءُ. اور کہا جاتا ہے "ہم قوم لدغی ولدغاء" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں.

المِلْدَغُ: وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو.

لَدِکَ (س) لَدَکًا ولَدَکًا بہ: چپکنا.

لَدَمَہٗ (ض) لَدْمًا: طمانچہ مارنا. کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے ـــــ الخبز من المَلَّۃ: روٹی کو بھوبل سے نکالنا. (ـــــ ولَدَّمَ) الثوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا. درست کرنا.

أَلْدَمَتْ علیہ الحمّی: لگاتار بخار رہنا.

تَلَدَّمَ: بوسیدہ ہونا. پیوند لگانے کے قابل ہونا ـــــ الثوبَ: کپڑے میں پیوند لگانا.

اِلْتَدَمَ: پریشان و مضطرب ہونا. اِلْتَدَمَتِ النساءُ: نوحہ و ماتم میں منھ پر طمانچہ مارنا. الِتِدَامَۃ: مارنا اور پیٹنا.

اللَّدْمُ: مص. پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز.

اللَّدَمُ: عزت. قرابت.

اللَّادِمُ: فا. ج لَدَمٌ (کخادم وخدم)

اللِّدَامُ: پیوند.

اللَّدَّامُ: پیوند لگانے والا.

اللَّدِیمُ: من الثیاب: پیوند لگا ہوا کپڑا.

المِلْدَمُ: بے وقوف. بھسپھسا. پر گوشت ـــــ ام ملدم: بخار. (ـــــ والمِلْدَامُ) گٹھلی توڑنے کا پتھر.

لَدُنَ (ک) لَدَانَۃً ولُدُونَۃً: نرم ہونا. صفت لَدْنٌ. مونث لَدْنَۃٌ ج لُدْنٌ ولِدَانٌ. لَدُنَتْ أَخْلَاقُہٗ: نرم اخلاق ہونا.

لَدَّنَ الشیَّ: نرم کرنا ـــــ فی الامر: ٹھیرانا ـــــ لَدَّنَ ثوبہ: تر کرنا.

تَلَدَّنَ: ٹھیرنا ـــــ بالمکان: اقامت کرنا ـــــ علیہ: دیر لگانا. کہا جاتا ہے "تَلَدَّنْتُ علی راحلتی" جب کہ وہ نہ چلے.

اللَّدُونُ من الطعام: خراب گیہوں جس کی روٹی ابھی نہ پکے اور کہا جاتا ہے "ہو لَدْنُ الخلیقۃ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے.

لَدُنْ ولَدَنْ ولُدْنْ ولَدِنْ ولَدُ ولَدُنِ: عند کے معنی میں ظرف زمان و مکان ہے مگر عند سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص بھی ہے اور مبنی ہے. کہا جاتا ہے "لی الیہ لُدُنَّۃ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے.

اللَّدَی الِّدَاءُ: زیادہ ہم عمر والا ہونا.

لَدَی: ظرف مکان ہے مبنی ہے اور معنی میں لدن کے ہے.

اللِّدَۃُ: ہم عمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو. کہا جاتا ہے "ہو لِدَتِی" وہ میرا ہم عمر ہے. ج لِدَاتٌ ولِدُونَ. اللِّدَۃُ: وقت ولادت. (کلمہ کا مادہ ولد ہے جیسے عِدَۃ وعد سے.)

لَذَّ (س وض) لَذَاذًا ولَذَاذَۃً الشیُّ: خوش مزہ ہونا. مرغوب ہونا. لذیذ ہونا. صفت لَذٌّ ولَذِیذٌ.

لَذَّ (س) الَذَّ وتَلَذَّذَ والتَذَّ الشیَّ وبہ واستلذ الشیَّ: لذیذ پانا.

لَذَّذَہٗ: لذیذ بنانا۔

تَلَاذًّا۔ ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔

اللَّذُّ ج۔ لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔

الَالَذُّ: زیادہ لذیذ۔

اللَّذَّۃُ: خوشی۔ مزہ۔ حصول مرغوبات ج لَذَّات۔ شراب۔

اللَّذِیْذُ: مرغوب۔ مزیدار۔ شراب ج لُذٌّ ولِذَاذٌ۔

المَلَذُّ: لذت کی جگہ۔ ج مَلَاذّ۔

المَلَذَّۃُ۔ خواہش۔ ج مَلَذَّات۔

لَذَبَ (ن) لُذُوْبًا ولَاذَبَ مُلَاذَبَۃً بالمکان: اقامت کرنا۔

لَذَجَہٗ (ن) لَذْجًا۔ سوال میں اصرار کرنا لَذَجَ الماءَ: گھونٹ لگانا۔

لَذَعَ (ف) لَذْعًا۔ فلانًا بلسانہٖ: زبان سے تکلیف پہنچانا۔ لَذَعَتِ النارُ الشیءَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَذَعَ الحُبُّ قلبَہٗ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔ لَذَعَ البعیرَ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا۔ الرجلُ بذکائہٖ: جلدی سمجھنا۔ —— الطائرُ: پرندہ کا پھڑپھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔

تَلَذَّعَ: دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا تیز ذہن ہونا۔ تَلَذَّعَتِ النارُ: آگ بھڑکنا۔

اِلْتَذَعَ: درد میں سوزش ہونا۔

اللَّاذِعَۃُ: لاذع کا مونث ج لَوَاذِع۔ لَوَاذِعُ الکلام: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَعُوْذُ باللہِ مِنْ لَوَاذِعِہٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

اللَّذَّاعُ: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَذَّاعٌ لَذَّاعٌ" یعنی بڑا خلاف وعدہ۔ اس لیے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔

اللَّوْذَعُ واللَّوْذَعِیُّ: تیز ذہن۔ تیز خاطر فصیح۔

اللَّاذِقِیَّۃُ۔ شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لیے لَاذِقَانِیٌّ ولَاذِقِیٌّ۔

لَذْلَذَ: چست و پھرتیلا ہونا۔

اللَّذْلَاذُ: چست و پھرتیلا۔ بھیڑیا۔

لَذِمَہٗ (س) لَذْمًا۔ الشیءَ: تعجب میں ڈالنا بوسہ دینا۔

لَذِمَ (س) لَذْمًا بالمکان: چمٹے رہنا —— بالشیءِ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلْذَمَہٗ الشیءَ وبہٖ: حریص بنانا شیفتہ کرنا۔ —— ہٗ: بفلان: لازم کرنا۔ اَلْذَمَ بالمکان: ثابت رہنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْذِمْ بفلانٍ کرامتَکَ" یعنی ہمیشہ کرو۔

اُلْذِمَ بفلانٍ: فریفتہ کیا جانا۔

اللُّذَمَۃُ: گھر سے جدا نہ ہونے والا کسی چیز کے ساتھ ہمیشہ رہنے والا۔

رَجُلٌ لَذِمٌ ولُذَمٌ ومِلْذَمٌ بالشیءِ: چیز کا شوقین۔ المِلْذَم: بہادر۔

اللَّاذَنُ واللَّاذَنَۃُ۔ گوند کی ایک قسم۔

لَذِیَ یَلْذَیٰ لَذًی بالامر: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلَّذِیْ۔ اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ اَلَّذْ واَلَّذِ واَلَّذِیُّ واَلَّذِیِّ ولَذِیْ۔ مونث اَلَّتِیْ (مادہ ل ت ی میں ذکر ہوچکا) تثنیہ اللَّذَانِ اللّذا واللّذانّ ج اَلَّذِیْنَ واللَّاؤُوْن واللَّاؤُو۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ الذون حالت رفعی میں اور الذین حالت نصبی و جری میں۔ اور الذی کی تصغیر اللُّذَیّا اور تثنیہ کی اللُّذَیَّان اور جمع کی اللُّذَیُّوْن۔

لَزَّ (ن) لَزًّا ولَزَزًا ولِزَازًا۔ الشیءَ بالشیءِ: باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا —— الشیءُ بالشیءِ: ملنا —— القومُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَزَّہٗ بالرمحِ: نیزہ مارنا —— ہٗ الی کذا: مجبور کرنا۔

لَزَّ اللہُ فلانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔

لَازَّ لِزَازًا ومُلَازَّۃً۔ چمٹنا اور جھگڑے میں تنگ کرنا۔

اَلَزَّ الشیءَ: باندھنا اور چپٹانا۔

اِلْتَزَّ بہٖ: چمٹنا۔ ملنا۔

اللِّزُّ ج۔ دروازہ کا حلقہ۔

اللَّزَزُ واللِّزَازُ ج۔ دروازے کی بلی۔ سخت جھگڑا۔

اللِّزُّ: چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لِزُّ شَرٍّ ولَزِیْزُ شَرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔

عَیْشٌ لَزِزٌ: تنگ زندگی۔

اللَّزِیْزَۃُ۔ لزیز کا مونث ج لَزَائِز۔ اللَّزَائِزُ: سینہ کی ہڈیاں۔

المِلَزُّ: سخت جھگڑالو۔ (مذکر و مونث)

لَزَأَ (ف) لَزْأً ولَزْأً ولَزَأً: الاناءَ: برتن بھرنا —— الماشیۃَ: جانور کو سیر کرنا۔ لَزَأَ فلانًا: دینا کہا جاتا ہے "لَزَأَتْہٗ اُمُّہٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔

تَلَزَّأَ الاناءُ: برتن کا بھر جانا۔

لَزَبَ (ن) لُزُوْبًا۔ مضبوطی سے قائم رہنا۔ —— بہٖ: چمٹنا۔ لَزَبَتِ السنۃُ: خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔

لَزَبَتْہٗ (ض) لَزْبًا۔ العقربُ فلانًا: بچھو کا ڈسنا۔

لَزِبَ (س) لَزَبًا ولَزُبَ (ک) لَزْبًا ولُزُوْبًا الطینُ: چپکنے والی اور سخت ہونا۔ لَزِبَ الشیءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

تَلَازَبَ الشیءُ: تہ بتہ ہونا۔

اللَّزْبُ۔ تنگ راستہ۔

اللَّازِبُ: فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے "صَارَ الامرُ ضَرْبَۃَ لَازِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہوگیا۔ طِیْنٌ لَازِبٌ ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔

اللَّزِبُ: کم تھوڑا۔ ج لِزَاب۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ عَذْبٌ لَزِبٌ" اس کے نہ جوروسے نہ جاتا۔

اللَّزْبَۃُ: سختی۔ قحط۔ ج لِزَب ولَزَبَات۔ سَنَۃٌ لَزْبَۃٌ: سخت سال۔

المِلْزَاب۔ بڑا کنجوس۔ ج مَلَازِیْب۔

لَزِجَ (س) لَزَجًا ولُزُوْجًا۔ لیسدار ہونا چپکنے

والا ہونا۔ صفت لَزِج۔ لَزِجَ العَسَلُ بِاِصْبَعِهٖ: شہد کا انگلی میں چپکنا۔

تَلَزَّجَ: چپکنے والا ہونا ــــ البَقْلُ: نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا ــــ الدَّابَّةُ البَقْولَ: سبزی کے لیے جانا۔

اللُّزُوجَة: چپک چسپیدگی۔

رَجُلٌ لَزِجَة ولَزِجَة ولَزِيجَة: گمراہی پر رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔

لَزِقَ (س) لُزُوقًا والتَزَقَ بِهٖ: چپکنا ــــ لَزَقًا الرِّئَةُ بالجنب: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔

لَازَقَهٗ لِزَاقًا ومُلَازَقَةً۔ چپکانا۔

اَلْزَقَهٗ بِهٖ: چپکانا۔

لَزَّقَ الشَّیْءَ: چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔

اللِّزْق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ہو لِزْقِی اوبِلِزْقِی" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللِّزَاق: سم۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لیسی گوند وغیرہ۔ لِزَاقُ الذَّہَب ولِزَاقُ الحجر ولِزَاقُ الرخام: دواؤں کے نام۔ الِلزاق: جماع۔

اُذُنٌ لَزِقَة۔ کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو

اللَّزُوق واللَّازُوق: زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔

اللَّزِيق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ہو لَزِيقِی" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّزَيق: سمندری گھونگا۔

اللُّزَّق واللُّزَّيقَاء واللُّزَّيقَى: خودرو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔

المُلْزَق: خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔

لَزِكَ (س) لَزَكًا الجرحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا۔ اور یا صولب لزک دال مہملہ سے ہے۔

لَزِمَ (س) لُزُومًا ولَزْمًا ولِزَامًا ولَزَامًا ولَزَامَةً ولُزْمَةً ولُزْمَانًا الشَّیْءَ: لازم رہنا ــــ بَيْتَهٗ: گھر کو جدا نہ ہونا ــــ ہٗ المالُ: واجب ہونا ــــ الغَرِيمَ وبِهٖ: قرض دار کو چمٹے رہنا ــــ الامرُ: حکم واجب ہونا ــــ كَذَا عَنْ كَذَا: لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا (ــــ لَزْمًا) الشَّیْءَ: جدا کرنا۔ تمیز کرنا۔

لَازَمَهٗ لِزَامًا ومُلَازَمَةً: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا۔

اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّیْءَ: لازم کرنا ــــ ہ المالَ والعملَ او بالمال وبالعمل: واجب کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِی" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔

اِلْتَزَمَهٗ: بمعنے لَازَمَهٗ ــــ فلانًا: گردن پکڑنا ــــ العملَ والمالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا ــــ القَرْيَةَ او العُشْرَ او غيرهما: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)

اِسْتَلْزَمَ الشَّیْءَ: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔

اللِّزَام: بمعنی موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا فیصلہ۔ (ــــ واللَّزَام) فیصلہ کرنے والا۔

لَزَامِ بالبناء علی الکسر: لگاتار پیوستہ۔ کہا جاتا ہے ضربۃ لِزَام یعنی لگاتار مارا۔

المُلْتَزِمَة: جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔

اللُّزُومِيَّة۔ اسم ہے لزم سے۔

اللَّازِمُ فا۔ مونث لَازِمَة۔ جمع لَوَازِم کہا جاتا ہے "صار الامرُ ضربۃ لازم" جیسا کہا جاتا ہے "ضربۃ لازب"۔

المِلْزَم والمِلْزَمَة: لوہے یا لکڑی کا شکنجہ جمع مَلَازِم۔

المَلْزُوم: مفعو۔ لازم کیا ہوا۔

لَزَنَ (ن) لَزْنًا ولَزِنَ (س) لَزَنًا وتَلَازَنَ القومُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔

اللَّزَن: سم۔ سختی۔ عَيْشٌ لَزْنٌ: تنگ زندگی۔ ماءٌ لَزَن: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔ مکان لَزْنٌ ولَزِنٌ ومَلْزُونٌ: بھیڑ والی جگہ۔

اللَّزْنَة واللِّزْنَة: سختی۔ لَيْلَةٌ لَزْنَةٌ: بھوک سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ جمع لِزَن۔

زَمَانٌ اَلْزَن: سخت زمانہ۔

لَسَّ (ن) لَسًّا القَصْعَةَ: پیالہ چاٹنا۔

لَسَّتِ الدَّابَّةُ الكلاءَ: چوپایہ کا زبان کے اطراف سے چرنا ــــ الطعامَ: کھانا۔

اَلَسَّ المكانُ: ابتداءً نباتات کا نکلنا

اللُّسَاس واللُّسَّاس: ایک سخت اور کھردری گھاس۔ اللُّسَاس: ہریاول جس کو جانور چر نہ سکے۔ اور اطراف زبان سے چرے۔

اللُّسُس۔ ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔

لَسَبَهٗ (ض) لَسْبًا الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا لَسَبَهٗ بالسَّوط: کوڑے سے مارنا ــــ ہٗ بِلِسَانِهٖ: برا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔

لَسِبَ (س) لَسَبًا بِهٖ: چپکنا ــــ العَسَلَ: شہد چاٹنا۔

اَلْسَبَتِ الحَيَّةُ فلانًا: سانپ سے ڈسوانا۔

رَجُلٌ لَسَّابَةٌ لِلنَّاسِ: لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔ کہا جاتا ہے مَا تَرَكَ لَسُوبًا ولُسُوبًا یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔

لَسَدَ (ض) لَسْدًا ولَسِدَ (س) لَسَدًا الاناءَ: برتن چاٹنا ــــ العَسَلَ: شہد چاٹنا۔ ــــ اُمَّهٗ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

فَصِيلٌ مِلْسَد۔ بہت چاٹنے والا اونٹنی کا بچہ

لَسَعَهٗ (ف) لَسْعًا ڈسنا۔ اور کہا گیا ہے کہ لَسْع ڈنک سے ڈسنے کو اور لَدْغ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔ بچھو کے لیے تلسیع اور سانپ کے لیے تلدیغ کا استعمال ہے۔ لَسَعَ بِلِسَانِهٖ: عیب لگانا گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔ لَسَعَ فی الارض: جانا۔ سفر کرنا۔

اَلْسَعَ فلانًا عقربًا: بچھو سے ڈسوانا ــــ بَيْنَ القومِ: دشمنی ڈالنا بھڑکا دینا۔

لَسِعَ الرجلُ: خانہ نشین ہونا۔

اللَّسَّاع واللُّسَعَة: لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔

اللَّسِيع: ڈسا ہوا۔ جمع لَسْعَی ولُسَعَاء۔

اللَّسُوع: بہت سے شگاف۔

المِلْسَع: ماہر رہبر

المُلَسَّعَة: خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔

المُلَسِّعَة. مقیم جماعتیں۔

لَسِقَ (س) لَسُوقاً والتسق چپکنا۔

اَلْسَقَ. چپکانا۔

کہاجاتا ہے ہو لِسْقِی و لسیقی۔ وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَّسُوق. دواجو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔

المُلْتَسَق. خاندان میں ملایا ہوا۔ منھ بولا بیٹا

لَسَمَ (ن) لَسْماً. چکھنا۔ کہاجاتا ہے "مَا لَسَم لساناً" یعنی کچھ نہیں چکھا۔

لَسِمَ (س) لَسَماً. حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔

لَسِمَ لسوماً لازم ہونا۔

اَلْسَمَ کلاماً: سمجھانا۔ کلام سکھانا ــــــ ہ الطریقَ: راستہ اختیار کرانا۔ اُلْسِمَ و اِسْتَلْسَمَ الشیءَ: ڈھونڈھنا۔

لَسِنَ (س) لَسَناً. فصیح و بلیغ ہونا۔

لَسَنَ (ن) لَسْناً فلاناً: بہتر بیان والا ہونا۔ برائی سے یاد کرنا۔ گفتگو میں غالب آنا۔ لَسَنَتْهُ العقربُ: ڈسنا۔ ــــ وَلَسَّنَ الشیءَ: کنارہ کو زبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔ زبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔

لَاسَنَ مُلَاسَنَةً الرجلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔

اَلْسَنَ فلاناً قولاً اور رسالۃً: پہنچانا۔ کہاجاتا ہے "اَلْسِنِّي فلاناً و اَلْسِن لي فلاناً کذا و کذا" یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچادو۔

تَلَسَّنَ علی فلان: جھوٹ بولنا۔ افترا کرنا ــــ الجمرُ: چنگاری سے زبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔

اللِّسْن. زبان۔ لغت۔ گفتگو۔

اللَّسَن. فصاحت۔

اللِّسان: زبان (مذکر و مونث) مذکر اکثر استعمال ہوتا ہے جمع اَلْسِنَة و اَلْسُن و لُسُنٌ و لِسانات۔ لغت۔ پیغام۔ لسان العرب: عرب کی زبان۔ لسان القوم: قوم کا ترجمان۔ لِسانُ الحال: زبان حال۔ یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔ لِسانُ الصِّدق: اچھی شہرت۔ لِسانُ المیزان: ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔ لِسانُ النار: شعلہ۔ لسان الحمل ــــ الثور و ــــ الکلب و ــــ السبع و ــــ العصافیر: مختلف نباتات کے نام۔ والحروف اللسانیة: ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ کہاجاتا ہے "فلان ذو لسانین" یعنی فریبی، دغاباز۔ منافق۔ غیبت کرنے والا۔ و "السنة الناس علیه حسن" لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔

الْلَسِن. جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو ــــ والاَلْسَن: فصیح بلیغ۔ مونث لَسْناء۔ جمع لُسْنٌ۔

المِلْسَن فا. فصیح۔ بہت بولنے والا۔

المِلْسَن: پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگادیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھدیتے ہیں۔ جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ کو بند کردیتا ہے جس میں درندہ بند ہو جاتا ہے۔

المُلَسَّن: مفو۔ زبان کی طرح نوک دار بنایا ہوا۔

المُتَلَسِّن: فا۔ حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔

المَلْسُون: جھوٹا۔ باتونی کام چور۔ زبان بریدہ۔

لَسا یلسو لَسْواً تھوڑا کھانا۔

لَشَّہ (ن) لَشّاً. دھتکارنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اللَّشّ مص۔ ــ

لَشْلَشَ. گھبراہٹ کی وجہ سے جگہ وغیرہ کا کانپنا۔

اللَّشْلاش. گھبراہٹ کی وجہ سے جگہ وغیرہ کا کانپنے والا۔

لَشا یلشو لَشْواً. رفعت کے بعد خسیس ہونا

لَاشَی مُلاشاةً الشیءَ: لاشے کردینا۔ معدوم کردینا۔ (یہ لاشی سے بنایا گیا ہے)

تَلاشَی تَلاشیاً الشیءُ: معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔

التَّلاشی مص۔ اضمحلال۔

لَصَّ (س) لَصَصاً و لَصاصاً و لُصُوصِيَّة و لَصُوصِيَّة. چور ہونا۔

لَصَّ (ن) لَصّاً الباب: بند کرنا ــــ الشیءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔

لَصَّصَ البنیانَ: مضبوط بنانا۔ لغت کی رَصَّصَ میں۔

تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔

اللَّصّ واللِّصّ واللُّصّ چور جمع لُصُوص و اَلْصاص و لِصَصَة و لِصاص مونث لِصَّة جمع لِصّات و لَصائص۔

اللَّصَص مص۔ مونڈھوں کا یا داڑھ کا قریب قریب ہونا۔ اور یہ عیوب انسانی سے ہے۔

الاَلَصّ. قریب قریب مونڈھوں والا۔ قریب قریب داڑھوں والا۔

اللَّصّاء: الص کا مونث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کی ایک سینگ آگے اور دوسری پیچھے ہو۔ جمع لُصّ۔

المَلَصَّة. بہت چوروں والی سرزمین۔ اسم جمع بمعنے لصوص۔

لَصِبَ (س) لَصَباً الجلد باللحم: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا ــــ الخاتمُ فی الاِصبع: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا ــــ السیف فی الغمد: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔

اِلْتَصَبَ الشیءُ: تنگ ہونا۔

اللِّصْب. وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ جمع لُصوب و لِصاب۔

اللَّصِب. بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔

اللَّواصِب. گہرے تنگ کنوئیں۔ کہاجاتا ہے: سیف مِلْصاب۔ میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔

طریق مُلْتَصِبٌ. تنگ راستہ۔

اللِّصْت واللَّصْت واللُّصْت. چور۔ جمع۔ لُصُوت۔

لَصَغ (ف) **لُصُوغًا الجلدُ**: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔

لَصِف (س) **لَصَفًا الجلدُ**: کھال کا ہڈی پہ خشک ہونا اور چمٹنا۔

لَصَفَ (ن) **لَصْفًا الحِجارةَ**: ترتیب سے جوڑنا — **لَصَفًا ولَصِيفًا ولُصُوفًا** لونُہٗ: رنگ کا چمکنا

لَصِقَ (س) **لَصَقًا ولُصُوقًا والتصق** بالشئِ: چپکنا۔

أَلْصَقَ الشئَ بالشئِ: چپکانا — بعرقوب البعير: زخمی کرنا۔

لَاصَقَ مُلاصَقة۔ چپکانا۔

اللِصْق واللَصِيق۔ جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "ہو لِصقی وبِلِصقی ولَصِیقی" وہ میرے پہلو میں ہے۔

اللَصُوق: زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔

المُلْصَق بضم: خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مونث مُلصقۃ۔

لَصْلَصَ الوَتَدَ ونحوہ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا۔

لَصَا يَلْصُو لَصْوًا۔ المرأۃَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصاہ ولصا الیہ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔

لَصَى يَلْصِي لَصْيًا ولَصِيَ يَلْصَى لَصًى الیہ۔ تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصاہُ لَصْیًا: عیب لگانا۔ ولَصِیَ الرجلُ: گنہگار ہونا۔

اللَصاۃ۔ عیب

لَضْلَضَ لَضْلَضَة۔ دائیں بائیں بہت زیادہ التفات کرنا۔

اللَضْلاض: ماہر رہبر۔

لَضَمَہ (ن) **لَضْمًا**۔ سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔

لَضَا يَلْضُو لَضْوًا الرجلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔

لَطَّ (ض) **لَطًّا البابَ**: دروازہ بند کرنا — الشئَ: چھپانا — الستر: پردہ لٹکانا — الرجلُ حقہ وعن حقہ: حق کا انکار کر دینا — عنہ و علیہ الخبر: پوشیدہ رکھنا — بالامر: لازم ہونا — الشئَ بکذا: چمٹانا۔ لَطَّتِ الناقۃُ بذنبہا: اونٹنی کا دوڑنے میں دُم کو رانوں میں دبا لینا۔

لَطَّہ (ن) **لَطًّا بالعصا**: لاٹھی مارنا۔

أَلَطَّ علیہ الامرَ: چھپانا — الرجلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا — الغریمُ: حق روکنا — فلانًا: مدد کرنا۔ الَطَّ بالحجاب: پردہ لٹکانا (— وتَلَطَّطَ) حقَّ فلان: انکار کرنا۔ اور یہن طا کے اکٹھا ہونے کی وجہ سے تَلَطَّی حقہ بھی کہا جاتا ہے۔

اِلْتَطَّ۔ چھپنا — الشئَ: چھپانا۔ التطَّ بالمسک: مشک سے لت پت ہونا۔

اللَطّ مم۔ اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ جمع لطاط۔ اللِطّ: خصم۔

اللَطّۃ اللَطِيطۃ۔ سوپاں۔

اللَطَط۔ قرض خواہ کا حق روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا کھدر جانا۔ چہرہ پیچاننا۔

اللَطاط والمِلطاط۔ پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔

اللِطَاط۔ وادی کا کنارہ۔

اللاطّ فاط (— والثلیط) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔

الأَلَطّ: جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھا لیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔

المِلْطَاط: سمندر کا کنارہ۔ کشادہ رہگذر۔ گھر کا صحن۔ پلاستر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ وادی کا کنارہ۔

المَلْطُوط: مفعول۔ ترسٌ مَلْطوطٌ: اوندھی کی ہوئی ڈھال۔

لَطَأَ (ف) **لُطُوءًا ولَطِئَ لَطْأً** بالارض: زمین سے چمٹنا لَطَأَہٗ بالعصا: پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔

اللاطِئَۃ اچانک ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے

اللَطَأ بھیڑیا۔ شکاری۔

المِلْطَأ والمِلْطَأۃ: سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔

لَطَثَہ (ن) **لَطْثًا**۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ تھپڑ مارنا — ہ بحجر: پتھر مارنا۔ لَطَثَ الشئَ: تیغ کرنا — الشئَ: بگاڑنا۔ خراب کرنا — ہ الامرُ: دشوار ہونا۔

تَلاطَثَ الموجُ: موجوں کا ٹکرانا — القومُ: ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔

المَلاطِث۔ جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔

لَطَحَہ (ف) **لَطْحًا**: باطن کف دست سے مارنا تھپکی دینا۔ لطح بہ: زمین پر پٹک دینا۔

لَطَخَ (ف) **لَطْخًا ولَطَّخَ**۔ الشئَ بالمداد ونحوہ: آلودہ کرنا — ہ بشر: شر کی نسبت کرنا۔

تَلَطَّخَ: آلودہ ہونا — بامر قبیح: ملوث ہونا — بشر: برائی کا ارتکاب کرنا۔

اللَطْخ: مم۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "سمعت لَطْخًا من خبر" میں نے تھوڑی سی خبر سنی "وفی السماء لَطْخٌ من السحاب" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔

اللَطِخ۔ گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھڑی گئی ہو۔

اللَطُوخ: جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔

اللَطْخَۃ۔ بے وقوف۔ جمع لَطَخات

اللَطِيخ: بے وقوف۔

لَطَسَہ (ن) **لَطْسًا**۔ طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشئَ: سخت کوٹنا — ہ بحجر: پتھر مارنا — الشئَ: سخت روندنا — الحجرَ بالحجر: پتھر کو پتھر سے مارنا۔

لاطَسَہ مُلاطَسَۃ۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا

تَلاطَسَ الموجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا۔

المِلْطَس۔ جمع مَلاطِس۔ المِلطاس۔ جمع مَلاطیس: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت

اور بڑی کدال. پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ اوزنکا
کھر۔

لَطَعَ (ف) ولَطِعَ (س) لَطْعًا الشَّیَ بلسانہ: زبان سے چاٹنا۔ فلانًا: پیچھے سے لات مارنا۔ لَطَعَ الغرضَ: نشانہ لگانا۔ فلانًا بالعصا: لاٹھی مارنا — عینہ: آنکھ پر طمانچہ مارنا۔ الکلبُ او الذئبُ الماءَ: پینا۔ اسمہ: نام کو دیوان سے مٹادینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔ لَطَعَتِ البئرُ: کنوئیں کا پانی خشک ہوجانا۔ کہا جاتا ہے "لَطَعَ اِصْبَعَہ" یعنی مرگیا۔

لَطِعَ (س) لَطَعًا: دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلْطَعُ۔

تَلَطَّعَتِ الابلُ: اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔

اِلْتَطَعَ: برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا۔ — الشَّیَ: چاٹنا۔

اللُّطَعُ ہم. تالو۔ جمع اَلْطاع۔

اللَّطْعاءُ. الاَلْطَعُ کا مونث. دبلی پتلی. جمع لُطْع۔

اللَّطَعُ ہم. ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔

رجل لُطَعٌ: کمینہ آدمی۔

اللَّطَّاعُ: کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔

لَطَفَ (ن) لُطْفًا بفلانٍ ولفلانٍ: مہربانی کرنا — اللّٰہُ بالعبدِ ولہ: توفیق دینا. بچانا۔ — الشَّیَ: قریب ہونا۔

لَطُفَ (ک) لُطْفًا ولَطَافَۃً. باریک ہونا چھوٹا ہونا. صفت لَطِیف۔ کلامُہ: نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَطُفَ عنہ" چھوٹا ہونا و "لَطُفَ بہ" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔

لَطَّفَ الشَّیَ: نرم بنانا. باریک کرنا۔

لَاطَفَہ مُلَاطَفَۃً: بھلائی کرنا. نرمی برتنا نرم گفتگو کرنا۔

اَلْطَفَ السؤالَ: خوبصورتی سے سوال کرنا — ہ بکذا: تحفہ دینا. بھلائی کرنا. اَلْطَفَ الشَّیَ بجنبہ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

تَلَطَّفَ. خاکساری کرنا — بہ: حیلہ کر کے بھید دل کو معلوم کرنا — الامرَ و فی الامرِ: نرمی برتنا۔

تَلَاطَفَ القومُ: باہم میل ملاپ کرنا. تلاطفوا فی الامر: باہم نرمی برتنا۔

اِسْتَلْطَفَہ: لطیف پانا. اِسْتَلْطَفَ الشَّیَ بجنبہ: پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

اللَّطَفُ. بھلائی کرنا. تحفہ دینا. تحفہ. تھوڑا کھانا. جمع اَلْطاف. کہا جاتا ہے "ہؤلاء اَلْطافُ فُلانٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔

اللَّطَفَۃ: تحفہ. ہدیہ۔

اللُّطْفُ ہم — من قِبَلِ اللّٰہِ: توفیق و عصمت خداوندی جمع اَلْطاف۔

اللَّطِیفُ: باریک. نرم. پاکیزہ. مہربان. جمع لِطاف ولُطَفاء. اللطیف: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حُسنیٰ میں سے ہے. یعنی بندوں کے ساتھ بھلائی اور احسان کرنے والا. نیز باریک سے باریک امور کا جاننے والا. اللَّطِیفُ من الکلام: کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں — من الاجرام: نازک جسم۔

اللَّطَّافُ: بہت نرمی برتنے والا۔

اللَّطِیفَۃ: لطیف کا مونث. نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو. جمع لطائف۔

اللَّوَاطِفُ من الاضلاع: سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں۔

اللَّطْفانُ. مہربان. نرمی کرنے والا۔

التَّلْطِیفُ ہم — عند القراء: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔

لَطَمَہ (ض) لَطْمًا. تھپڑ مارنا — ہ بکذا: چپکانا. لَطَمَتِ الغرّۃُ الفرسَ: ایک جانب چہرہ پر سفید داغ ہونا۔

لَطِمَ الفرسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا. صفت لَطِیم (مذکر و مونث) جمع لُطُم. لُطِمَ الرجلُ: ظلم کیا جانا۔

لَطَّمَہ: زور سے تھپڑ مارنا. لَطَّمَ الکتابَ: خط پر مہر لگانا۔

لَاطَمَہ لِطَامًا و مُلَاطَمَۃً. تھپڑ مارنا. ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

تَلَطَّمَ وجہُہ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔

تَلَاطَمَتْ والْتَطَمَتِ الامواجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا — القومُ: باہم طمانچہ مارنا

اللَّطْمَۃ: لطم کا اسم مرۃ. جمع لَطَمات۔

اللَّطِیمُ: طمانچہ زدہ. ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا. میدان گھوڑ دوڑ کا نواں گھوڑا. مشک. جوان اونٹ. لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مرگئے ہوں۔

اللَّطِیمَۃ: مشک. مشک کا نافہ. عطر فروشوں کا بازار. جمع لَطَائِم۔

المَلْطَمُ: رخسارہ۔

المِلْطَمُ: بچھانے کا چمڑا۔

المَلْطِمُ. وہ موقع جہاں سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔

المُلَطَّمُ: مغم. لئیم و ناکس۔

لَطَهَہ (ن ض) لَطْهًا. تھپڑ مارنا۔

لَطَا یَلْطُو لَطْوًا. بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔

لَطِیَ یَلْطَی لَطْیًا الرجلُ: زمین سے چمٹنا۔

لَطِیَ یَلْطَی لَطًی الرجلُ: بوجھل کرنا — فلانًا بذلک: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔

تَلَطَّی تَلَطِّیًا علی العدوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔

اللَّطَاۃُ: زمین. جگہ. پیشانی یا پیشانی کا درمیانی حصہ. لَطَاۃُ الرجلِ: مرد کا سامان. کہا جاتا ہے "القَی بَلَطَاتِہ" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔

اللُّطَاۃُ: چور جو تم سے قریب ہوں۔

المَلْطَی والمِلْطَاۃُ: سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔

لَظَّہ (ن) لَظًّا و لَظِیظًا. لازم ہونا. اصرار کرنا. لَظَّ بالشَّیِ: چمٹے رہنا. لَظَّہ لَظًّا. دھتکارنا۔

لَاظَّہ لِظَاظًا ومُلَاظَّۃً فی الحرب: اصرار کرنا

أَلَظَّ. اصرار کرنا ___ المطر: لگاتار برسنا.
___ بالمکان: اقامت کرنا ___ بالشئ: چمٹے رہنا
اور جدا نہ ہونا.
تَلَاظَّ القومُ فی الحرب: ایک دوسرے کو
ہٹانا.
تَلَظَّظَتْ تَلَظُّظًا الحیۃُ: سخت غصہ سے سر
ہلانا.
اللَّظّ: سم. سخت عادت کا مرد. کہا جاتا ہے
"رجل لظّ کظّ" کظّ تابع مہمل ہے.
المِلَظَّۃ. پیغام.
المِلَظّ والمِلظاظ. سخت اصرار کرنے والا
اللظاظ. موذی جد.
تَلَظْلَظَتْ تَلَظْلُظَۃً الحیۃُ رأسہا: سانپ کا
سخت غصہ سے سر ہلانا.
تَلَظْلَظَتِ الحیۃُ: سانپ کا سخت غصہ سے
لہرانا.
اللَّظلاظ من الرجال: درشت خو بختی کرنے
والا. فصیح. یومٌ لظلاظ: گرم دن.
لَظِیَتْ تَلْظی لَظًی النارُ: آگ کا بھڑکنا
لَظّٰی تَلْظِیَۃً النارَ: آگ بھڑکانا.
تَلَظَّتْ والتَظَّتِ النارُ: آگ کا بھڑکنا
تَلَظّی والتَظّی فلان: غصہ سے بھڑک اٹھنا.
تَلَظَّتِ المفازۃُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا
تیز ہونا ___ الحیۃ من السم: پھنپھنانا.
اللَّظی سم: آگ یا آگ کی بھڑک.
لَظیٰ معرفۃً: دوزخ. کلمہ تانیث اور علمیت
کی وجہ سے غیر منصرف ہے.
اَلْعَ المکانُ: ابتدائی روئیدگی کو اُگانا.
تَلَعَّی اللُعاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا.
ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو
یاء سے بدل دیا گیا ہے)
اللُّعاع: ابتدائی روئیدگی واحد لُعاعۃ ہے
اور اسی سے ہے "انما الدنیا لُعاعۃ" یعنی دنیا ابتدائی
روئیدگی کے مانند ہے جس کے لیے بقا نہیں.
اللُّعاعۃ: کاسنی. ارزانی سال. دنیا. ایک
گھونٹ. لُعاعۃُ الاناء: برتن کا خالص حصہ اور
کہا جاتا ہے "ما بقی الا لُعاعۃ" یعنی صرف تھوڑا سا
باقی رہا. ج لُعاع.
اللَّعّاعۃ. بتکلف سُر نکالنے والا. کہا جاتا ہے
"مطرب لعّاعۃ"
اللَّعْلَعۃُ من النساء: خوب صورت پاک دامن
عورت.
عسلٌ مُتَلَعِّجٌ: شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے
تار نہ ٹوٹے.
لَعَبَ ولَعِبَ (س) لَعْبًا الصبیُّ: رال ٹپکانا
لَعِبَ (س) لَعِبًا ولِعْبًا ولَعِبًا وتَلْعابًا: کھیل
کرنا. مزاح کرنا. لذت وتفریح کے لیے کوئی فعل
کرنا. ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو.
___ بکذا: کھیل کی چیز بنانا ___ فی الامر: سبک
سمجھنا. لَعِبَتِ الریاحُ بالدیار: گھروں پر ہوائیں
قابض ہوگئیں. یعنی مکانات ویران وبرباد ہوگئے
لَعَّبَ بمعنے لَعِبَ.
اَلْعَبَ بمعنے لَعِبَ ___ ہ: کھلانا یا کھیل کی
چیز لانا ___ الصبیُّ: رال ٹپکانا.
لَاعَبَہ مُلاعَبَۃً: باہم کھیلنا عورتوں کے
ساتھ کھیل کود کرنا
تَلَاعَبَ وتَلَعَّبَ بمعنے لَعِبَ. کہا جاتا ہے
"لَعِبَتْ بہم الہمومُ وتَلَعَّبَتْ بہم" ان کے ساتھ
غموں نے کھیل کود کیا. یعنی ان پر غم واقع ہوئے.
اِسْتَلْعَبَتِ النخلۃُ: خرما باقی رہتے ہوئے
دوبارہ شگوفہ دار ہونا.
اللَّعْبَۃ: لَعِبَ کا اسم مرۃ.
اللِّعْبَۃ: لَعِبَ کا اسم نوع.
اللُّعْبَۃ: کھیل. کھیل کی باری. کہا جاتا ہے
"اُقْعُدْ حتی اَفْرُغَ من ہذہ اللُّعْبۃ" جب تک میں
اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو. جس سے
کھیلا جائے جیسے شطرنج گڑیا وغیرہ. بے وقوف
جس کا مذاق بنایا جائے. کہا جاتا ہے "رجلٌ لُعْبَۃ"
یعنی ایسا مرد جس سے کھیل وتفریح کیا جائے. ج
لُعَب.
الاُلْعُوبَۃ: کھیل
اللُّعاب: منہ کی رال. لُعابُ النحل: شہد
لُعابُ الحیۃ ونحوہا: سانپ وغیرہ کا زہر. لُعابُ
الشمس: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت
چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضا
میں اوپر سے نیچے اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اسی کو
مخاط الشیطان بھی کہتے ہیں. لُعابُ السفرجل ونحوہ:
ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی
جاتی ہے.
اللُّعابی: لُعاب کی جانب منسوب.
اللُّعابیۃ: پھلوں کا رس.
اللُّعَب: بہت کھیلنے والا.
اللَّعوب: ناز وانداز والی حسینہ. کہا جاتا
ہے "جاریۃٌ لَعوبٌ" ج لَواعِب ولَعائِب.
اللُّعَبَۃ واللَّعّاب واللِّعِّیب والتَّلْعاب و
التِّلْعاب والتَّلْعابۃ والتِّلْعابۃ والتِّلِعّاب
والتِّلِعّابۃ والتِّلْعِیبۃ والاُلْعُبان. بڑا
کھلاڑی. بڑا مذاق کرنے والا. اللَّعّاب: بازی گر
المَلْعَب: کھیل کی جگہ. ج مَلاعِب. مَلاعِب
الریاح: ہواؤں کی آمد ورفت کی جگہ. کہا جاتا ہے
"ترکتہ فی ملاعب الجن" میں نے اس کو گم نام جگہ
میں چھوڑ دیا.
المِلْعَبَۃ والمِلْعَبِیۃ: بے آستین کی قمیص کہ
جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں.
المُلاعِب: فا. مُلاعِبُ ظِلّہ: ایک پرندہ
ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے
ہوتے ہیں.
ثغرٌ مَلْعوب: رال بہانے والے دانت.
لَعِثَ (س) لَعَثًا: سست ہونا. صفت
اَلْعَثُ مونث لَعْثاء ج لُعْث.
لَعْثَمَ وتَلَعْثَمَ فی الامر: توقف کرنا. ٹھہرنا. غور
سے دیکھنا. ہٹ جانا. کہا جاتا ہے "سألتہ عن شیء
فما تَلَعْثَمَ" یعنی میں نے اس سے فلاں چیز کے متعلق
دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں تاخیر نہیں
کی. و "ما تَلَعْثَمَ عن شیء" نہ وہ پیچھے ہٹا اور نہ تاخیر کی.

لَعَجَ (ف) لَعجاً الضربُ فلاناً: تکلیف پہنچانا اور کمال میں سوزش ہونا ـــ الشیءُ فی صدرہ: کھٹکنا ـــ الحبُّ او الحزنُ فی قلبہ: گرمی پہونکنا.
لاعَجَہ مُلاعَجۃً الامرُ: سخت ہونا. دشوار ہونا.
اَلْعَجَ النارَ فی الحطب: آگ کو سلگانا.
اِلْتَعَجَ: غم سے جلنا.
اللاعِج فا. دل سوز محبت. ج لَوَاعِج.
اللَعِج. ہر جلانے والی چیز. مار کی تکلیف جلن
لَعْذَمَ فی الامر: دیر کرنا. توقف کرنا. تامل کرنا.
تَلَعْذَمَ عن الکلام: حیرت سے متردد ہونا. کہا جاتا ہے "قَرَأ فما تلعذم" اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھیرا اور نہ متردد ہوا. "ما تلعذمتُ شیئاً" ہم نے کچھ نہیں کھایا.
اللَعْذَمِیّ: لالچی.
لَعَزَ (ف) لَعزاً. ہنسانا اور مکا مارنا. لَعَزَتِ الناقۃُ فصیلَہا: بچے کو زبان سے چاٹنا ـــ المرأۃَ: جماع کرنا.
لَعَسَہ (ف) لَعساً. دانت سے کاٹنا.
لَعِسَ (س) لَعَساً. سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا. خوب صورت سیاہ ہونٹ والا ہونا. صفت اَلْعَس مونث لَعساء ج لُعْس. ولَعِسَتِ الشفۃُ: سیاہی مائل سرخ ہونا. بہترین سیاہ ہونا
اللُعْسَۃ. سیاہی مائل سرخ رنگ. کہا جاتا ہے: ما ذُقتُ لَعُوساً میں نے کچھ نہیں چکھا.
اللَعُوس: کم خوراک. حریص. بھیڑیا ج لُعُس
الاَلْعَس من النبات: گھان پودہ.
المُتَلَعِّس من الرجال: بہت کھاؤ.
لحم ملعوس. کچا سرخ گوشت.
تَلَعْسَمَ فی امرہ: دیر کرنا. توقف کرنا.
لَعِصَ (س) لَعَصاً الامرُ: دشوار ہونا ـــ الرجلُ فی الاکل والشرب: بہت حرص سے کھانا پینا. صفت لَعِص.
تَلَعَّصَ علینا: سختی کرنا ـــ الرجلُ: کھانے پینے میں بہت حریص ہونا.
لَعَضَہ (ف) لَعضاً بلسانہ: زبان سے لینا
اللَعْوَص: گیدڑ.
لَعَطَ (ف) لَعطاً دوڑنا. لَعَطَتِ الابلُ: گھروں کے ارد گرد چرنا ـــ ہ: گردن کے عرض میں داغ لگانا ـــ ہ بأبیاتٍ: اشعار میں ہجو کرنا ـــ ہ بسہمٍ او بعینٍ: تیر مارنا یا نظر بد لگانا ـــ ہ بحقّہ: ٹال مٹول کرنا ـــ الماشیۃُ النباتَ: جانور کا نباتات کو چرنا.
اَلْعَطَ الرجلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا.
اِلْتَعَطَتِ الابلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا اور گھروں کے ارد گرد ہی چرنا.
اللَعْط مع. واحد الالعاط. سیاہ یا زرد خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں.
اللُعْط: دیوار یا پہاڑ کا پہلو. لُعْطُ الرملِ: ریت کا گوشہ. لُعْطُ الجبل: دامن کوہ.
اللُعْطَۃ: اسم ہے لَعْط کا. سیاہی یا زردی کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں. بکری کے گردن کی سیاہی. شکرے کے چہرے کی تیرگی.
اللَعْطاء: گردن میں سیاہ داغ والی بکری.
المَلْعَط: گھروں کے ارد گرد کی چراگاہ ج ملاعط
المُلْعَطَۃ: فربہ دراز لڑکی.
اَلْعَفَ و تَلَعَّفَ الاسدُ او البعیرُ: شیر یا اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا. غضبناک ہونا اور حملہ کے لیے تیار ہونا.
لَعِقَ (س) لَعْقاً ولُعْقۃً ولَعْقۃً العسلَ ونحوہ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا. صفت لاعِق ج لَعَقَۃ. کہا جاتا ہے "لَعِقَ فلانٌ اِصْبَعَہ" یعنی مرگیا.
اَلْعَقَ ولَعَّقَ. چٹانا. اَلْعَقَ النساجُ الثوبَ: ہلکے کتانی کے دھاگے سے بننا.
اُلْتُعِقَ لونُہ: رنگ متغیر ہونا.
اللَعْقَۃ مع. اسم مرۃ. کہا جاتا ہے "فی الارض لعقۃ من ربیع" زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے.
اللُعْقَۃ مع. چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے چاٹنے کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا.
کہا جاتا ہے: رجلٌ وَعِقٌ لَعِقٌ یعنی لالچی مرد.
اللُعاق: چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے.
اللَعُوق: ہر وہ چیز جو چاٹی جا سکے جیسے شہد دوا وغیرہ. چٹنی. تھوڑا سا توشہ. کہا جاتا ہے "ما معنا الا لَعُوقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی سی چیز ہے.
المِلْعَقَۃ: چمچہ. ج ملاعق.
اللِعْقِط: بدزبان عورت.
لَعَلَّ. حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے. اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لعلّ الحبیبَ قادمٌ" اور خوف کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے "لعلّ الشدۃَ نازلۃٌ" اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جس کے حصول کا وثوق نہ ہو.
(مفردات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لعلّ جب باری تعالیٰ عز اسمہ کی طرف سے ہو تو وجوب کے معنی ہوتے ہیں. اور قرآن پاک کے بہت سے مواقع میں لعلّ کی تفسیر کَی سے کی گئی ہے)
اس کے لام اول کو حذف کرکے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لعلّما اضاءَ لک النارُ. اور اس کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے. کہا جاتا ہے لَعَلِّی اور لَعَلَّنِی بھی.
اللَعْل. ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر.
لَعْلَعَ العظمَ ونحوہ: ہڈی توڑنا ـــ الرعدُ: بادل کا گرجنا ـــ السرابُ: سراب کا چمکنا ـــ من الشیءِ: تنگ دل ہونا. رنج ہونا ـــ من الجوع: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا ـــ بالعاثر: پھسلنے والے سے "لَعْ" یا "لَعْلَع" یا لَعاً کہنا.
تَلَعْلَعَ. ٹوٹنا ـــ من الجوع: بلبلانا اور پیچ و تاب

ـــ الرجل: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا ـــ السراب: سراب کا چمکنا ـــ الکلب: کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا۔

اللعلع: سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت

اللعلاع۔ بزدل۔

عسل مُتَلَعلِعٌ۔ شہد جس میں لمبا تار نکلے۔

تَلَعلَمَ فی امرہ: دیر لگانا۔

اللعَم۔ لعاب دہن۔

لَعَمَظَ لَعمَظَۃً ولِعماظاً اللحمَ: ہڈی سے گوشت چچوڑنا۔

اللعمظ واللعموظ واللعموظۃ: بہت حریص وخواہشمند۔ جمع لعامظۃ ولعامیظ۔ الْعموظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنے والا۔

رجل لَعمظۃٌ۔ بہت حریص۔

اللعماظ۔ مع۔ ڈینگ مارنے والا۔

لَعَن (ف) لَعناً فلاناً: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔ لَعَنَ نفسَہ: علیَّ لعنۃُ اللہ کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا

لَعَنَہ تَلعِیناً۔ عذاب دینا۔

لاعَنَہ لِعاناً ومُلاعَنَۃً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا ـــ الحاکم بینہما: فیصلہ کرنا۔

اِلتَعَنَ۔ اپنے اوپر لعنت کرنا ـــ و (تلاعنَ) بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔

اللعن مع۔ "اَبَیتَ اللعنَ" زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کے لیے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو۔

اللَعنَۃُ: لَعَنَ کا اسم مرۃ۔ لعنت۔ عذاب جمع لِعان ولَعَنات۔

اللعانُ اللعانیۃ: اسم ہیں لعنت کے۔

اللاعِن فا۔ امرٌ لاعِنٌ: باعث لعنت۔

اللعّان: بہت لعنت کرنے والا۔

اللُعنَۃُ: جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔

اللُعَنَۃ: جو لوگوں پر بہت لعنت کرے جمع لُعَن۔

اللَعِین: لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا دھتکارا ہوا۔ بدبخت مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ شیطان۔ اُچکا۔ (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لیے کھڑا کیا جاتا ہے)

اللَعِینَۃ: بمعنے ملعون جیسے رہینۃ بمعنے مرہون۔

المَلعَنَۃ: پائخانہ۔ جمع مَلاعِن (ـــ و اللاعِنۃ) وسطرات

المَلعُون: مغم۔ جمع مَلاعین۔

تَلَعَّی العسلُ: شہد کا گاڑھا ہونا ـــ اللُعاعُ ای اول النبات: ہریاول نکلنا شروع ہونا۔

اَلعَتِ الارضُ: ہریاول والی زمین ہونا

اللَعو: بدخلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ جمع لِعاء۔

اللَعوَۃ: اللعو کا مونث۔ سرپستان کے ارد گرد کی سیاہی۔ لَعوَۃُ الجوع: بھوک کی تیزی (ـــ واللعاۃ) کتیا۔ کلبۃ او ذئبۃ لَعوَۃٌ۔ لالچی کتیا یا مادہ بھیڑیا۔ جمع لِعاء ولَعَوات۔

اللُعوَۃ: سرپستان کے ارد گرد کی سیاہی۔

اللاعی: جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے۔

اللاعِیَۃ: اللاعی کا مونث۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے۔

اللَعا: بہت حریص اور پھسلنے والے کے لیے کہا جاتا ہے: "لَعاً لک" یعنی خدا تمہیں اٹھائے اور "لا لَعاً لک" بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہ اٹھائے

الاَلعاء: انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ۔

لَعوَقَ۔ کام میں جلدی کرنا۔

اللَعوَق: کم عقل۔ بے وقوف۔

لَغَبَ (ف ن) ولَغُبَ (ک) لَغباً ولُغوباً ولُغُوباً ولَغِبَ (س) لَغَباً۔ بہت تھکنا۔

لَغَبَ (ف) لَغباً القومَ: جھوٹی بات کہنا۔ ـــ علیہم: فساد ڈالنا ـــ الکلبُ فی الاناء: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

لَغَّبَ واَلغَبَ وتَلَغَّبَ السیرُ فلاناً: بہت تھکا دینا۔ لَغَّبَ ابلَہ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے۔ تھکا ہوا پانا ـــ اَلغَبَ فلاناً: تھکا دینا۔ تَلَغَّبَ الانسانَ والحیوانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا۔ کہا جاتا ہے "تَلَغَّبَتہم الاسفارُ وتَلَغَّبَت بہم القِفارُ" یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا۔ میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے۔ تَلَغَّبَ سیرَ القومِ: قوم کے تھکنے تک چلتا رہا

وتَلَغَّبَ الدابۃَ: تھکا ہوا پانا۔

اللاغِب فا۔ کمزور۔ جمع لُغَّب۔ کہا جاتا ہے "اَتانا ساغباً لاغباً" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا۔

اللاغِبَۃ: اللاغب کا مونث جمع لَواغِب کہا جاتا ہے "ریاح لواغب" یعنی نرم ہوائیں۔

اللَغب اللَغوب۔ کمزور۔ بیوقوف۔ اللَغب: اگلے دانتوں کا مسوڑھا۔ کلام فاسد۔ کہا جاتا ہے "اَکفُف عنّا لَغبَک" یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو۔ سہمٌ لَغبٌ: خراب تراشا ہوا تیر۔

اللُغبُ واللَغَبُ واللَغِبُ واللَغِیبُ: خراب پر۔ اللَغَب: گردن کے بال کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِہ" یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا۔

اللُغاب۔ خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغابۃ واللَغوبَۃ۔ بیوقوفی۔ کمزوری۔

اللَغِیث: زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھانسنے کے لیے پھیلائیں۔ جو ملا ہوا گیہوں جو لوجی

اللُغثُون: ناک کا نتھنا۔ جمع لَغاثین

لَغَدَ (ف) لَغداً الابلَ العوائدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا ـــ عن کذا: روکنا ـــ فلاناً: کنارہ گردن کے گوشت پر مارنا۔

اللُغدُ جمع اَلغاد۔ واللُغدُودُ واللِغنِید جمع لَغادید: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کے حدود حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "مَلَعَ من ملاوغاد ضخم الالغاد"

المُتَلَغِّد: سخت غضبناک۔

اللَّغْذَمِیّ والمُتَلَغْذِم: بہت کھاؤ۔

لَغَزَ (ن) لَغْزاً الشَّیْءَ: چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا۔ — فی یَمِینِہٖ: قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا۔ — (والغزَ) الیربوعُ جحرہ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچدار کھودنا۔ لَغَّزَ وألْغَزَ فی الکلام والغزَ الکلامَ: کلام سربستہ کہنا۔ پیچدار بات کہنا۔

لَاغَزَہٗ مُلَاغَزَۃً: پہیلی میں گفتگو کرنا۔

اللُّغْزُ واللَّغَزُ واللُّغَزُ: چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔

اللُّغْزُ واللَّغَزُ واللُّغَزُ ج اَلْغَازٌ واللُّغَیْزاءُ واللُّغَّیْزیٰ والأُلْغُوزَۃُ من الکلام: چیستان معمہ پہیلی۔ الالغاز: پیچدار اور مشکل راستے۔

اللَّغَّازُ: لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔

المُلْغَزُ من الکلام: پیچیدہ و دشوار کلام۔

اللَّغْوَس: بھیڑیا۔ کھانے میں تیز مرد بہت فریبی چور۔ نرمی و نازکی کی وجہ سے لہلہانے والی گھاس۔

اللَّغْوَسَۃ: غیر محقق خبر۔

المُلَغْوَس: کچی جڑی۔

لَغَطَ (ف) لَغْطاً ولِغَاطاً وألْغَطَ ولَغَّطَ القومُ: شور کرنا۔

لَغَطَ (ف) لَغْطاً ولَغِیْطاً الحمامُ أو القَطَا: کبوتر یا قطا کا غٹرغوں کرنا۔

اللَّغْط مص۔ دروازے کے آگے کا صحن ا— واللَّغَط) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے ج اَلْغَاط۔

لَغِفَ (س) لَغْفاً الإناءَ: برتن چاٹنا۔ — الادام: سالن کو لقمہ بنانا۔

لَغَفَ (ف) لَغْفاً الرجلُ أو الاسدُ: مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔

لَاغَفَہٗ مُلَاغَفَۃً: بوسہ دینا۔ دستی کرنا

اَلْغَفَ: تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا۔ — فلاناً الإدامَ: سالن کا لقمہ نگلوانا — ہٗ: برا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَفَ علیہ: سخت سست باتیں کہنا۔

اللُّغْفَۃ: لقمہ۔

اللَّغِیْف: مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ ج لُغَفَاء۔

اللَّغِیْفَۃ: ایک قسم کا کھانا جس کو عصیدہ بھی کہتے ہیں۔

المُلْغَفَۃ: چوروں کا گروہ۔

اللَّخْلَغَۃ: کلام میں لکنت۔

لَغَمَ (ف) لَغْماً البعیرُ: جھاگ پھینکنا — ہٗ: منہ چومنا۔ — الرجلُ: غیر یقینی خبر دینا۔ (— ولَغَّمَ) فلاناً بالطیبِ: منہ پر خوشبو لگانا۔

لَغِمَ (س) لَغْماً ولَغَماً: غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔

اُلْغِمَ الذہبُ وما شابہہٗ من کل جوہر مذاب: سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَم۔

اِلْتَغَمَ الذہبُ: سونے کا پارہ سے ملنا۔

تَلَغَّمَ بالطیبِ: ناک اور منہ پر خوشبو لگانا۔ — القومُ بالکلام: گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا — الحُمُرُ بالعشبِ او بالشربِ: تر ہونٹوں والی ہونا۔

اللَّغَم: تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔

اللُّغَام: اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ لعاب۔

اللُّغْمَاء: سفید منہ والی بکری۔

اللَّغِیْم: بھید۔

المَلْغَم: ناک اور منہ اور ان دونوں کا ارد گرد ج مَلَاغِم۔

اِلْغَانَّ النبتُ: نباتات کا گنجان اور دراز ہونا — الارضُ: بہت گھاس والی زمین ہونا۔

اللَّغْن: جوانی کا جوش۔

لَغَا یَلْغُو لَغْواً بکذا: بولنا — الشیءُ: باطل ہونا — الرجلُ: محروم ہونا — عن الطریقِ: ہٹ جانا۔

لَغَا یَلْغُو لَغْواً ولَغَا یَلْغیٰ ولَغِیَ یَلْغیٰ لَغیً و لَغَایۃً ولاغِیَۃً ومَلْغَاۃً فی قولہٖ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔

لَغِیَ یَلْغیٰ لَغیً بالامر: مشتاق ہونا — بالماءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا — بالشیءِ: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا — الطیرُ باصواتہا: پرندوں کا سُر نکالنا۔ اور کہا جاتا ہے "ہم یلغون فی الحساب: وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں۔

لَاغَیٰ مُلَاغَاۃً الرجلَ: ہنسی مذاق کرنا۔

اَلْغَی الشیءَ: باطل کرنا — فلاناً: محروم کرنا

اِسْتَلْغَی فلاناً: گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔

اللَّغَا مص۔ آواز۔ بیہودہ۔ بیہودہ کلام وغیرہ

اللُّغَۃ: ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغیً ولُغَات ولُغُون اور نسبت کے لیے لُغَوِیّ۔ علم اللغۃ: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ کتب اللغۃ: فن لغت کی کتابیں۔ اھل اللغۃ: فن لغت کے ماہرین اور کبھی علم اللغۃ کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔

اللَّغْو: مص۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز کہا جاتا ہے "تکلم باللغو واشتغل باللغو" وہ بیہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا۔ قسم کھانے میں گناہ۔

اللَّاغِیَۃ مص۔ بیہودہ کلام وغیرہ۔ کلمۃ لاغیۃ: قبیح کلمہ۔

اللَّغَاۃ: آواز۔

اللَّغْوَی: قطا پرندہ کا شور۔ بیہودہ کلام وغیرہ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْوَاہُمْ ولا تَخَفْ طَغْوَاہُمْ" ان کے بیہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے خوف مت کرو۔

لَفَتَ (ن) لَفْتاً الشیءَ: لپیٹنا۔ ملانا۔ جمع کرنا۔ — المیتَ فی الکفانۃ: میت کو کفن میں لپیٹنا — الکتیبتین: دو لشکروں کو ملانا — فی الاکل: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بری طرح سے کھانا اور اسی سے کہ "اِنْ اکل لفت وان شرب شفت"

اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے۔ — الشئی بالشئی: چیز کو چیز سے ملانا جوڑنا — حَقَّہُ: حق کا انکار کرنا منع کرنا۔ لَفَّتِ الاَشْجَارُ: گنجان ہونا۔

لَفَّ (س) لَفًّا ولَفَفًا: پر گوشت رانوں والا ہونا صفت اَلَفّ مونث لَفَّاء جمع لُفّ۔

لَفَّفَ بمعنے لَفَّ۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔

لَافَّ الصقرُ الصیدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اسے پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَافَفْنَا القومَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔

اَلَفَّ الطائرُ رأسَہ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپا لینا — الرجلُ رأسَہ: جُبّے میں سر کو چھپا لینا

اِلْتَفَّ وتَلَفَّفَ فی ثوبہ: کپڑے میں لپٹنا — علیہ القوم: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النباتُ: گنجان ہونا — لِمَلی حَنَق: غضبناک ہو کر لپٹنا — الشئُ: گنجان ہونا۔

تَلَافَّ القومُ: باہم ملنا۔

اللَّفّ بسم۔ کہا جاتا ہے "جاءُ وا بِلَفِّہم ولَفِیفِہم" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔

اللِّفّ: پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم جو ادھر ادھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ جمع اَلْفَاف ولُفُوف۔ کہا جاتا ہے "جاءَ القومُ ومَن لَفَّ لِفَّہم اَلِفَّہُم، ولَفَّہُمْ" قوم آئی اور ان کے ساتھ ان کے لگے بندھے بھی آ گئے۔ وَجاءُ وا اَلْفَافًا "مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی۔ روضۃ لَفٌّ ولِفٌّ ولَفَّۃٌ ولِفَّۃٌ ولَفَّاء گنجان باغ

اللِّفَافَۃ: جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے۔ دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگرٹ (مولدۃ) جمع لَفَائِف۔

اللَّفَف: کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام سے بیکار ہو جاتا ہے کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا۔ جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔

اللَّفِیف۔ جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف رذیل فرماں بردار۔ نافرمان۔ قوی کمزور سبھی قسم کے ہوں۔ اور کہا جاتا ہے طَعَامٌ لَفِیفٌ "مخلوط کھانا" وہو لَفِیفُ فُلانٍ" وہ فلاں کا دوست ہے۔ وجَمْعٌ لَفِیفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔

اللَّفِیفَۃ: مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔ سگرٹ۔ جمع لَفَائِف۔

الاَلَفّ: بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابرووں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔ مونث لَفَّاء جمع لُفّ۔ فَخِذٌ لَفَّاء: موٹی ران۔

التَّلَافِیف: گنجان گھاس — من الاَمعاء و الدِّماغ فی اصطلاح الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپٹا ہوا۔

المِلَفّ والمِلْفَاف: چادر۔ لحاف۔ والمِلَفّ فی اصطلاح علماء الکہربائیۃ: جو کچھ تار لپیٹا جائے

المَلْفُوف بضم۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوفَۃ۔

لَفَأَ (ف) لَفْأً ولَفَأَ العُودَ: لکڑی چھیلنا — اللحمَ عن العظمِ: گوشت اتارنا — الریحُ السحابَ عن وجہِ الارضِ: بادلوں کو پراگندہ کر دینا۔ — فلانًا عن مُرَادِہ: رد کرنا۔ ہٹانا — ہٗ: غیبت کرنا — ہٗ حَقَّہٗ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا — ہٗ بالعصا: لاٹھی مارنا۔

لَفِئَ (س) لَفَأً الشئُ: باقی رہنا۔

اَلْفَأَ اِلْفَاءً الشئ: باقی رکھنا۔

اِلْتَفَأَ العُودَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔

اللَّفَاء: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔

اللَّفِیئَۃ: بغیر ہڈی کا گوشت کا ٹکڑا جمع لَفَایا ولَفِیْ۔

لَفَتَ (ض) لَفْتًا الشئَ: دائیں بائیں موڑنا۔ — رِدَاءَہٗ علی عُنُقِہٖ: چادر کو گردن پر موڑنا — فلانًا عن رأیہ: رائے سے پھیرنا — الرِّیشَ علی السَّہمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا — الرامی الماشیۃَ: مارنا اور اس کی پروا نہ کرنا کہ کس کو لگے — اللِّحَاءَ عن الشجرۃِ: درخت سے چھال اتارنا — الکلامَ: لاپروائی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَہٗ کَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔

لَفَّتَ الشئَ: موڑنا۔

اِلْتَفَتَ وتَلَفَّتَ الیہ: چہرہ پھیرنا۔ اِلْتَفَتَ بوجہِہٖ یَمْنَۃً او یَسْرَۃً: جھکنا۔

اللِّفْت بِشَلْغَم۔

اللِّفْت: چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بیوقوف عورت۔

اللَّفَت فی التَّیْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا — فی الانسان: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔

اللَّفَات: بے وقوف۔ سخت خو۔

اللُّفَتَۃ: جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا

الاَلْفَت: ایک پیچدار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بیوقوف۔ بھینگا۔ مونث لَفْتَاء۔ جمع لُفْتٌ۔

اللَّفُوت: سخت خو۔ چغلخور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بے قرار رہے عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھیرے۔

اللَّفِیتَۃ۔ ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔

المُتَلَفَّتَۃ۔ کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔

اِسْتَلْفَتَ۔ باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کے پہنچانے خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔

الاَلْفَث: بے وقوف۔

اَلْفَجَ: مفلس ہونا بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چپٹے رہنا — فلانٌ: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔

اللُّفْج: ذلت۔

المُلْفَج والمُسْتَلْفَج: مفلس۔ لاغری کی وجہ سے زمین سے چپٹنے والا۔ المُسْتَلْفَج: خوف کی وجہ کر پراگندہ دل۔

لَفَحَ (ف) لَفْحًا فلانًا بالسیفِ: تلوار مارنا۔ لَفَحَتْ (ف) لَفْحًا ولُفَاحًا۔ النارُ والسمومُ بِحَرِّہا فلانًا: جھلس دینا۔

نار لَفُوحٌ ولَافِحَۃٌ: جلانے والی آگ جو لوگ کہا جاتا ہے "اَصابَہٗ من الحرِّ لَفْحٌ ومن البردِ نَفْحٌ"

اللُّفَّاح۔ ایک قسم کا پودہ۔ واحد لُفَّاحَۃ۔

لَفَخَہٗ (ف) لَفْخًا ای ۔ وعلی راسہٖ: مارنا۔

اللفخ مص سارے سر پر مارنا۔

لَفَظَ (ض) ولفِظَ (س) لَفْظًا الشئَ وبالشئِ من فمہٖ: منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا صفت مفعولی لَفِیْظٌ وملفوظٌ ــــ البحرُ دابۃً: دریا کا کنارے پر پھینک دینا ــــ فلانٌ نفسَہٗ او عصبَہٗ: مرنا۔ عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ سے چمٹ کر خشک ہو جاتا ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَفَظَتْ الیْنا البلادُ اہلَہا" یعنی ہماری جانب نکال دیا۔ وجاء وقد لفظ لجامَہٗ یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا۔

(ــــ وتَلَفَّظَ) بالکلام: بولنا۔

اللَّفْظُ مص۔ کلمات جو بولے جائیں۔ کلام۔ جمع الفاظ۔

اللَّفْظَۃُ: لَفَظَ کا اسم مرۃ۔ کلمہ۔ جمع لَفَظات

اللافِظَۃُ: لافظ کا مونث۔ سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ۃ) مبالغہ کے لیے ہے جکی دنیا۔

لافِظَۃُ: سمندر۔ اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

اللُّفَاظُ: جو پھینکا جائے۔

اللِّفَاظُ: ترکاری۔

اللُّفَاظَۃُ۔ جو منہ سے پھینکا جائے۔ جو دسترخوان سے جھاڑا جائے۔ کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ۔ جمع لُفاظ ولُفاظات۔ کلام۔

اللَّفِیْظُ۔ پھینکی ہوئی چیز۔

اللَّفْظِیُّ۔ جس کا لفظ سے تعلق ہو۔

لَفَعَ (ف) لَفْعًا الشَّیْبُ راسَہٗ: سارے سر کا سفید ہونا۔ لفعتہ النارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔

لَفَّعَ۔ بمعنے لَفَعَ ــــ الغلامَ: اپنی جانب کھینچ کر بغل گیر ہونا ــــ فلانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے "لَفَّعَ راسَہٗ" جب کہ ڈھانپ لے۔

تَلَفَّعَ۔ بڑھاپا آنا۔ تلفّعتِ النارُ: شعلہ بھڑکنا ــــ الحربُ بالشرِ: سبھی کو گھیر لینا ــــ المالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا ــــ القومُ علی جیشِ العدوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا ــــ و(التفع) الرجلُ بالثوبِ والشجرُ بالورقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا۔ والتفعتِ الارضُ: سبزی سے ڈھک جانا۔

اِلْتَفَعَ لونُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اللِّفَاعُ: چادر یا کمبل۔ اونٹنی کے تھنوں میں سے اگلے تھن۔

اللِّفَاعَۃُ واللِّفْعَۃُ۔ قمیص کا پیوند۔

المِلْفَعَۃُ۔ چادر یا کمبل وغیرہ۔

لَفَقَ (ض) لَفْقًا الثوبَ: کپڑے کو دوہرا کرکے سینا ــــ الامرَ: طلب کرنا اور نہ پانا ــــ الصقرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔

لَفَّقَ الحدیثَ: باطل سے مزین کرنا ــــ الرجلُ: طلب کرنا اور نہ پانا ــــ الشقتینِ: دونوں سرے ملا کر سینا۔ اور کہا جاتا ہے "لَفَّقَ بینَ الثوبینِ" جب کہ دوہرا کرکے سیے۔

تَلَفَّقَ بہٖ: لاحق ہونا ــــ ما بینہم: درست ہونا۔

تَلافَقَ القومُ: معاملات درست ہونا۔

اللِّفْقُ: چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ۔ اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے۔ "ہما لِفْقان"۔

اللَّفَاقُ۔ مطلوب کو نہ پانے والا۔

اللِّفَاقُ: دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑ گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لفاق کہتے ہیں۔

اللَّفِیْكُ والاَلْفَكُ۔ بیوقوف۔ اللفیک: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

لَفْلَفَ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔ خوب اچھی طرح سے کھانا ــــ فی ثوبہٖ: کپڑے میں لپٹنا

تَلَفْلَفَ بثوبہٖ: کپڑے میں لپٹنا۔

اللَّفْلَفُ واللَّفْلافُ کمزور (ــــ والمُلَفْلَفُ) کلام میں عاجز و درماندہ۔

لَفَمَتِ (ض) لَفْمًا وتَلَفَّمَتْ واِلْتَفَمَتْ المرأۃُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔ ناک پر نقاب باندھنا۔ تَلَفَّمَ بعمامتہٖ: ڈھاٹا باندھنا۔ لَفَّمَتِ المرأۃُ فاہا: منہ پر نقاب ڈالنا۔ لَفَّمَہٗ: مضبوط باندھنا۔

اللِّفَامُ: ناک کے اوپر کا نقاب۔

لَفَا یلفو لَفْوًا فلانًا حقَّہٗ: حق کم کرنا ــــ اللحمَ عن العظمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔

اَلْفَاہُ اِلْفاءً: پانا۔

تَلافَی الامرَ: تدارک کرنا۔

اللَّفِیَّۃُ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ جمع لَفَایا۔

اللَّفَاءُ: شئ خسیس۔ حقیر۔ اور کہا جاتا ہے "رضی فلانٌ من الوفاءِ باللفاءِ" فلاں شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔

التَّلافِی مص۔ خون کا بدلہ حاصل کرنا۔

لَقَّ (ن) لَقًّا عینَہٗ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا صفت لاقٌّ۔ جمع لَقَقَۃٌ۔

اللَّقُّ مص۔ زمین میں شگاف۔ بلند زمین۔ بہت بولنے والا۔ ہر تنگ اور لمبی زمین۔

اللَّقَقَۃُ: لاقّ کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے۔ رجلٌ لَقّاقٌ بَقّاقٌ۔ بہت باتونی مرد۔

لَقَّبَ فلانًا بکذا: لقب دینا۔

لاقَبَہٗ: برے القاب سے گالی دینا۔

تَلَقَّبَ بکذا: لقب پانا۔

تَلاقَبَ القومُ: ایک دوسرے کو برے لقب سے گالی دینا۔

اللَّقَبُ: اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اول کے اعتبار سے مدح یا ذم کی طرف مشعر ہو۔ جمع اَلْقاب۔

لَقَحَ (ف) لَقْحًا النخلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

لَقِحَتْ (س) لَقْحًا ولَقَحًا ولَقاحًا النّاقۃُ ونحوہا: حاملہ ہونا۔ صفت لاقِحٌ ولَقُوْحٌ۔

(ــــ لَقْحًا) الحربُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا ــــ المرأۃُ او النخلۃُ: حاملہ ہونا۔

أَلْقَحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا
— الْفَحْلُ النَّاقَةَ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت
مفعولی مَلْقُوحَة۔ جمع مَلَاقِيح۔ أَلْقَحَ بَيْنَهُمْ شَرًّا:
فساد بھڑکا دینا۔ أَلْقَحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَ أَوِ السَّحَابَ:
باردار کرنا۔

لَقَّحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا
تَلَقَّحَتِ النَّاقَةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے
حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّحَ زَيْدٌ عَلَيَّ"
زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی —
يَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا
إِلْتَقَحَتِ الْأُنْثَى: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔
إِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو
مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔

اللَّقَاحُ۔ مص۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں
ڈالا جائے۔

اللِّقَاحُ: لَقُوح کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا
مادہ منویہ۔

اللَّقَحُ مص۔ حاملہ ہونا۔

اللُّقْحَةُ: دائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ جمع لُقَح
ولِقاح۔ اللَّقْحَةُ: نفس۔ جمع لِقَاح۔
اللِّقْحَةُ واللَّقْحَةُ۔ جمع لِقَح ولِقاح واللَّقُوحُ
جمع لِقَاح ولَقَائِح: بہت دودھ دینے والی اونٹنی
اللَّاقِحُ: فا۔ رِيحٌ لَاقِحٌ: وہ ہوا جس کو درخت
باردار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول
کرے۔ جمع لَوَاقِح۔

اللَّقُوحُ: وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرے
جمع لُقُح۔

اللَّوَاقِحُ والمَلَاقِحُ: حاملہ عورتیں۔ اللَّوَاقِحُ
مِنَ الرِّيَاحِ: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں
بارش لانے والی ہوائیں۔ اللَّوَاقِحُ: کوڑے۔

المَلَاقِحُ: حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح حاملہ
عورتیں واحد مُلْقَحَة۔

المُلَقَّحُ مفع۔ آزمودہ کار۔

المَلَاقِيحُ: مائیں۔ واحد مَلْقُوحَة۔ جنین
مادہ منویہ۔

لَقَزَهُ (ن)، لَقْزًا: مکا مارنا۔

لَقَسَهُ (ن ض)، لَقْسًا: عیب لگانا۔ صفت
لاقِس۔

لَقِسَتْ (س)، لَقَسًا نَفْسُ فُلَانٍ إِلَى الشَّيْءِ
: دل کھنچنا۔ مائل ہونا — نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: جی متلانا
صفت لَقِسَة۔ ولَقِسَ بامر: سمجھنا۔ صفت لَقِس

لَاقَسَ لِقَاسًا ومُلَاقَسَةً۔ ایک دوسرے
کو برا لقب دینا۔

تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ مِنَ الشَّيْءِ: تنگ ہونا۔

تَلَاقَسَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا

اللَّقَسُ واللَّاقِسُ۔ خارش۔

اللَّقِسُ۔ لوگوں کا مذاق اڑانے والا اور
برے القاب دینے والا۔ بدخلق۔ ہر چیز کا لالچی۔
جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔

الْمُلَاقِسُ: صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لَقِسٌ۔
پرانی مشک۔

لَقَصَ (ض)، لَقْصًا الشَّيْءُ جِلْدَهُ: کھال کو
جلانا۔

لَقِصَ (س)، لَقَصًا الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔
لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔

إِلْتَقَصَ الشَّيْءَ: لینا۔

اللَّقِصُ: تنگ۔ شرارت میں جلدی
کرنے والا۔ بہت باتونی۔

لَقَطَ (ن)، لَقْطًا الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا۔
— الْعِلْمَ مِنَ الْكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل
کرنا — الثَّوْبَ: پیوند لگانا — الطَّائِرُ الْحَبَّ
: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لَاقِطٌ ولَقَّاطٌ۔

لَاقَطَهُ لِقَاطًا ومُلَاقَطَةً۔ مقابل ہونا۔

لَاقَطَ الفَرَسَ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔

إِلْتَقَطَ الشَّيْءَ: بغیر قصد طلب کے مطلع ہونا
— الشَّيْءَ: زمین سے اٹھانا — اللِّقَاطَ: جمع
کرنا — وتَلَقَّطَ الشَّيْءَ: ادھر ادھر سے جمع کرنا۔

اللَّقَطُ: اٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا
بکھاوا۔ واحد لَقَطَة۔ لَقَطُ المَعْدِنِ: سونے وغیرہ
کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔
کہا جاتا ہے "فِي الْمَكَانِ لَقَطٌ لِمَاشِيَةٍ" یعنی مکان
میں جانور کے لیے تھوڑا سا چارہ ہے۔

اللَّقَطَةُ۔ ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے
جانور حریص ہوتے ہیں۔ جمع لَقَط۔

اللُّقْطَةُ واللُّقَطَةُ۔ وہ چیز جو تم کو راستہ
میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھا لو۔ یا وہ شے متروک
جس کا مالک معلوم نہ ہو۔

اللُّقَاطُ واللَّقَاطُ: خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے
والا اختطا چھوڑ دے اور لوگ اس کو چن لیں۔ پڑی
ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔

اللِّقَاطُ: گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔
اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان
میرے مکان کے مقابل ہے۔ "وَلَقِيتُهُ لِقَاطًا"
میں اس سے رودررو ملا۔

اللُّقَاطَةُ: گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی
بے قیمت چیز۔ جمع لُقَاط۔

اللَّاقِطُ فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا
آزاد کردہ غلام۔

اللَّاقِطَةُ۔ لاقط کا مونث۔ اور اسی سے مثل
ہے "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منہ سے
نکلے اس کے لیے کوئی نہ کوئی سننے والا ہی ہوتا ہے (حفاظت
زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللَّاقِطَةُ:
رذیل مرد یا عورت۔ لَاقِطَةُ الْحَصَى پرندہ کا سنگدانہ

اللَّقَّاطُ واللَّقَّاطَةُ: بہت اٹھانے والا۔

اللَّقِيطُ: اٹھایا ہوا۔ نومولود بچہ جو پھینکدیا
جائے۔

اللَّقِيطَةُ: لقیط کا مونث۔ رذیل مرد یا عورت
جمع لَقَائِط۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ لُقَيْطِي خُلَيْطِي: چغلی
کھانے کے لیے خبروں کے کھوج میں رہنے والا شخص

الْأَلْقَاطُ: آوارہ وادباش لوگ۔ کھوٹے
متفرق لوگ۔

المِلْقَطُ۔ سلسب۔ دھات کی کان۔
کہا جاتا ہے: يَا مُلْقَطَانُ یعنی اے بے وقوف۔
مونث مُلْقَطَانَة۔

المُلْقَط جس کو اٹھایا جائے۔ جیسے دہانا

موچنا۔ج ملاقط۔

المِلْقَاط: قلم نقش کرنے کا آلہ ملکڑی ج ملاقیط۔

المَلْقُوط: مغم۔ نومولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اٹھایا جائے۔ ج ملاقیط۔

لَقَعَ (ف) **لَقْعًا** الشئ۔ پھینکنا ــــ فلانا بعینہ: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْہُ الحَیَّۃُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَقَعَ فلانا: عیب لگانا ــــ لَقَعَہُ بالکلام: کلام میں غالب آنا۔

لَقَعَ (ف) **لَقَعَانًا**۔ تیز گذرنا ــــ (لَقْعًا) عیب دار ہونا۔

لاقَعَ فلانا بالکلام: کلام میں غالب آنا۔

تَلَقَّعَ بالکلام: بکواس کرنا۔

اُلْتُقِعَ لونُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اللُّقَاعُ واللُّقَّاعُ۔ سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقاعۃ ولُقّاعۃ۔

اللُّقَعَۃ اللُّقَاعَۃ واللُّقَّاع والتِلِقَّاع والتِلِقَّاعَۃ۔ بے وقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ بہت تعب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ہے: امرأۃ تِلِقّاع وتِلِقّاعَۃ: بیہودہ گو عورت۔

لَقِفَ (س) **لَقْفًا ولَقَفَانًا والْتَقَفَ** الشَّئَ جلدی سے لینا۔

لَقِفَ (س) **لَقَفًا** الحوضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ ــــ الحائطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَّفَہُ الشئَ: اچکنے کے لیے پھینکنا ــــ ہ الطعامَ: نگلوانا۔ لَقَّفَ الطعامَ: نگلنا ــــ الفرسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔

تَلَقَّفَ الشئَ: جلدی سے لینا ــــ الطعامَ: نگلنا ــــ الحائطُ او الحوضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ اور کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِن فیہ کذا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔

اللَّقَفُ مع۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج اَلْقاف۔ اللَّقَف: بمعنے اِلْتِقاف وتَلَقُّف یعنی جلدی سے لینا۔

اللَّقافَۃ: حذاقت۔ ہوشیاری۔

اللَّقْفُ واللَّقِفُ واللَّقِیفُ من الرجال: چست وزیرک۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ وثَقِفٌ لَقِفٌ وثَقِیفٌ لَقِیفٌ"۔

لَقْلَقَ۔ اللَّقْلاقُ: سارس کا آواز کرنا۔ لَقْلَقَتِ الحَیَّۃُ: سانپ کا زبان نکالنا لَقْلَقَ الشَّئَ: حرکت دینا

تَلَقْلَقَ الشَّئُ: ہلنا۔

اللَّقْلَقُ ج لَقالِق واللَّقْلاق: سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطنت کے ساتھ متصف ہے۔ اور اس کی کنیت "ابو حُدَیج" ہے۔

اللَّقْلَقُ: زبان۔

اللَّقْلاقُ: آواز۔ شور۔

اللَّقْلَقَۃ: سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت واضطراب ہو۔ اور کہا جاتا ہے "فی لسانہ لَقْلَقَۃ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے ج لَقالِق۔

حُروفُ اللَّقْلَقَۃ: ب، ج، د، ط، ق۔

طَرْفٌ مُلَقْلَقٌ۔ تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے

لَقَمَ (ن) **لَقْمًا** الطریقَ وغیرہ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔

لَقِمَ (س) **لَقْمًا** الطعامَ: جلدی کھانا ہڑپ کرنا۔

لَقَّمَہُ وأَلْقَمَہُ الطعامَ: لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَمَہُ الحجرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کر دیا۔

تَلَقَّمَ الشئَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا ــــ الماءُ فی بطنہ: پانی کا زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔

اِلْتَقَمَ الطعامَ: نگلنا کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ اُذُنَہٗ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔

اللَّقَمُ واللُّقَمُ: راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔

اللَّقْمَۃ: لَقَمَ کا اسم مرۃ۔

اللُّقْمَۃ: ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَم

اللَّقِیمُ: لقمہ۔

التِلِقّام والتِلِقّامَۃ والتِلِقَّم والتِلِقّامَۃ بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔

رَکِیَّۃٌ مُتَلَجِّمَۃ: بہت پانی والا کنواں۔

لَقُنَ (ک) **لَقانَۃً**۔ تیز فہم وذکی ہونا۔

لَقِنَ (س)۔ **لَقْنًا ولَقَنَۃً ولَقانَۃً ولَقانِیَۃً** وتَلَقَّنَ الکلامَ من فلانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔

لَقَّنَہُ الکلامَ: بالمشافہ سمجھانا۔

اَلْقَنَ الکلامَ: جلدی سے یاد کرنا۔

اللِّقْنُ: ستون۔ کنارہ۔

اللَّقانَۃ واللَّقانِیَۃ: بمعنی۔ زود فہمی۔

اللَّقِنُ۔ زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "ہو ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔

اللَّقَنُ: لگن۔ (دخیل)

اللَّواقِن۔ پیٹ کا نچلا حصہ۔

لَقا یَلْقُو لَقْوًا۔ فلانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔

لُقِیَ لَقْوًا۔ مبتلائے لقوہ ہونا۔

اللَّقْوَۃ۔ ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (ــــ واللِّقْوَۃ) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقاء والْقاء۔

المَلْقُوّ۔ لقوہ زدہ۔

لَقِیَ یَلْقَی لِقاءً ولِقاءَۃً ولِقایَۃً ولَقاءَۃً ولُقِیًّا ولُقْیانًا ولِقْیانًا ولِقْیانَۃً ولُقًی ولِقًی ولُقْیَۃً ولَقْیَۃً ولَقًی فلانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا ملاقات کرنا۔

لَقّی تَلْقِیَۃً فلانًا الشئَ: پھینکنا۔

لاقی لِقاءً ومُلاقاۃً الرجلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاقی بین طرفی القضیب" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملایا۔ اور کہا جاتا ہے "لوقی بینہما"

اَلْقَی الشئَ الی الارض: ڈال دینا ــــ الیہ القولَ وبالقول: پہنچانا ــــ علیہ القولَ: املاء کرانا۔ پہنچانا ــــ فیہ الشئَ: رکھنا ــــ عنہ الشئَ: ڈال دینا ــــ الیہ السمعَ: کان لگانا ــــ الیہ خیرًا: بہتر سلوک کرنا ــــ الیہ بالًا: پروا کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "اَلْقَیْتُ الیہ المَوَدَّۃَ وبالمَوَدَّۃِ"

میں نے اس سے بحث کی۔

تَلَقَّی الشَّیْءَ: ملنا۔ استقبال کرنا۔ — الشَّیْءَ منہ: سیکھنا۔ — تَلَقَّتِ المَرْأَۃُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ۔

اِلْتَقَی الشَّیْءَ: ملنا۔ — وتَلاقَی القَومُ: باہم ملنا۔ وتَلاقَوا: باہم جھگڑا کرنا۔

اِسْتَلْقَی علی قَفاہ: چت سونا۔

اللَّقَی: پھینکی ہوئی چیز۔ ج اَلْقاء۔

اللَّقْیَۃ، اللُّقْیَۃ مص۔ اللَّقْیَۃ: لَقِیَ کا اسم مرہ ج لُقًی۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُہ لُقًی کَثیرۃً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔ اللُّقَی: پرندے۔ درندے۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔

اللُّقْیا: لقاء کا اسم ہے۔

التِلْقاء: لقاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقاءَہٗ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ "فَعَلَ الاَمرَ مِن تِلْقاءِ نَفسِہٖ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کیے ہوئے کیا

اللَّقاۃ: راستہ کا درمیان۔

اللَّقِیّ: خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کے لیے ہوتا ہے۔ مونث لَقِیَّۃ۔ اللَّقِیّ: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "ہما لَقِیّانِ ولَقِیّانِ" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں۔ "وہو شَقِیّ لَقِیّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے

اللَّقّاء: خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

الاُلْقِیَّۃ: چیستان پہیلی۔ ج الالاقی۔ اللالاقی: سختیاں۔

المَلْقَی والمُلْتَقَی: ملنے کی جگہ۔

المَلاقِی۔ ملقی کی جمع۔ ملاقی الاَجفانِ: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔

التَلاقِی مص۔ یومُ التَلاقِی: قیامت کا دن۔

المُتَلاقِی فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن

المُلْقَی۔ چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہذا مُلْقَی الکُناساتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔ و "فِناءُ فُلانٍ مُلْقَی الرِحالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔

المُلْتَقِی والمُلْتَقَی والمُلَقِّی خیر یا شر کے لیے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فلانٌ مُلَقًّی" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُجاعُ مُوَقًّی والجَبانُ مُلَقًّی۔ کہا جاتا ہے "ہو جاری مُلاقِیّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔

لَكَأَہٗ (ن) لَكْأً کدی پر مکا مارنا۔ کھینچنا۔ لَكَأَ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا۔ — الشَّیْءَ: ملانا — الجِلْدَ: لک سے کھال رنگنا۔

اِلْتَكَّ الوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا۔ — العَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا۔ — فی کلامہ: غلطی کرنا۔ — فی حُجَّتِہٖ: دیر لگانا۔

اللِّكاك: بھیڑ۔ ازدحام۔ سخت گوشت والی اونٹنی ج لُكُكٌ لِكاك۔

اللَّكّ مص۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس کا گوند بناتے ہیں — عند حُسّاب المولدین: لاکھ ج الکاک ولکوک۔

اللَّكّ واللُّكّ۔ نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت و پر گوشت۔

اللَّكَّۃ: شدت۔

اللَّكّاء من الجلود: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لَكِّیّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔

اللِّكِيك: گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت۔ والاقران۔ ایک کمزور درخت ج لِكاك۔

المُلَكَّك: سخت موٹے گوشت والا۔

سَكْرانُ مُلْتَكّ: مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔

لَكَأَ (ف) لَكْأً بالسوط فلانًا: کوڑے سے مارنا — فلانًا: پچھاڑنا — بہ الاَرضَ: زمین پر پٹک دینا — الرجلَ دینہ او حقہ: دینا۔

لَكِیءَ (س) لَكَأً بالمکان: اقامت کرنا — بفلان: لازم ہونا چمٹنا۔

تَلَكَّأَ تَلَكُّؤًا عَلَیہِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا — عن الامر: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔

لَكَثَہٗ (ن) لَكْثًا بالسَّوطِ: کوڑے سے مارنا لَكَثَ فلانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

لَكِثَ (س) لَكَثًا البَعیرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا — الوَسَخُ علیہ وبہ: میل جمنا۔

اللَّكَث مص۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں نَاقَۃٌ لَكِثَۃٌ: موٹی اونٹنی۔

اللُّكاث: اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔

اللُّكاثِی: بہت سفید۔

اللَّكّاث: چونہ بنانے والا۔

لَكَحَہٗ (ف) لَكْحًا۔ مکا مارنا۔

لَكَدَہٗ (ن) لَكْدًا ہاتھ سے مار کر ہٹانا۔

لَكِدَ (س) لَكَدًا الوَسَخُ علی فلانٍ وبہ: میل جمنا چمٹنا۔ لَكِدَ الشَّعرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔ لاكَدَ الغُلُّ: طوق سے لگے رہنا — قَیدُہٗ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح سے نہ چل سکنا — فلانًا: لازم ہونا چمٹنا۔

تَلَكَّدَ فلانٌ: موٹے گوشت والا ہونا — الشَّیْءُ: چمٹنا — بہ او علیہ الوَسَخُ: میل کا جم جانا۔ — فلانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فلانًا وبفلانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَّكِد: بدخلق۔ بخیل۔

الاَلْكَد: کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

المِلْكَد: کوٹنے کا دستہ۔

لَكَزَہٗ (ن) لَكْزًا: مکا مارنا۔

لاكَزَہٗ: مکابازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

تَلاكَزا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

اللِّكاز: چیتھڑا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔

اللَّكِز: بخیل۔

الملکوز: ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔
لکس۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ شَکِسٌ لَکِسٌ یعنی
مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔
لَکَشَہٗ (ن) لَکْشًا: مکا مارنا۔
لَکَصَہٗ (ن) لَکْصًا: مکا مارنا
لَکَعَتْہٗ (ف) لَکْعًا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا
لَکَعَ الرَّجُلَ: سخت سست سنانا ـــ الولدُ:
بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے
"تَرَکْتُہٗ یَلْکَعُ" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔
لَکِعَ (س) لَکَعًا ولَکَاعَۃً: لئیم ہونا۔ بیوقوف
ہونا (ـــ لَکَعًا) عَلَیْہِ الوَسَخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا
ہے امرأۃٌ لَکَاعِ۔ مبنی علی الکسر: یعنی اے لئیمہ اور
ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔
رجلٌ لَکَاعٌ: لئیم و کمینہ مرد۔
اللُّکَاعَۃ: ایک قسم کا کانٹے دار پودا۔ جمع
لُکَاعٌ۔
اللُّکَعُ: پستہ قد۔
اللُّکَعُ: کمینہ۔ اور کہا جاتا ہے ندا کی صورت
میں یا لُکَعُ اور ندا، تثنیہ کی صورت میں یا ذوی
لُکَعٍ۔ اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔
اس لیے کہ کلمہ اَلْکَعُ سے معدول ہے۔ اللُکَعُ: غلام
بے وقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا
بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا۔ یا وہ گھوڑا جس کے دانت
گر گئے ہوں۔
اللَّکْعَۃ: کمینی۔ گھوڑی۔
الاَلْکَعُ: مونث لَکْعَاء جمع لُکْعٌ و اللَّکُوْعُ و
اللُّکَّعُ: کمینہ۔ الالکع: وہ گھوڑا جس کے دانت
گر گئے ہوں
الملکعانُ: کمینہ۔ مونث مَلْکَعَانَۃ
اللُّکَالِکُ: پستہ قد (ـــ واللُّکَالِک)
موٹا اونٹ۔
اللُّکَافُ: خوگیر۔
لَکَمَہٗ (ن) لَکْمًا: مکا مارنا ہٹانا۔ کہا جاتا
ہے "لَکَمَ السَّیْلُ عُرْضَ الجَبَلِ" سیلاب نے دامن کوہ
میں نشان چھوڑا۔

لَاکَمَہٗ مُلَاکَمَۃً: ایک دوسرے کو مکا مارنا۔
اِلْتَکَمَ: بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔
تَلَاکَمَا: ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔
اللُّکْمَۃ: گھونسا۔ مکا۔
رجل مِلْکَمٌ: بہت گھونسے مارنے والا۔
الملکوم: بفم۔ مظلوم۔
خُفٌّ لِکَامٌ و مِلْکَمٌ و مِلْکَمَۃٌ: سخت کھر جو پتھر کو
توڑ دے۔
الملکم: پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔
لَکِنَ (س) لَکَنًا و لُکْنَۃً و لُکُونَۃً و لُکُونِیَّۃً
الرجلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت اَلْکَنُ
مونث لَکْنَاء جمع لُکْن۔
تَلَاکَنَ فی کلامہ: ہنسانے کے لیے ہکلا کے
بولنا۔
اللُّکْنَۃ: جمع۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔
لٰکِنْ: اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت
میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو
قسمیں ہیں۔
(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخففہ ہو اس صورت میں عمل
باطل ہوتا ہے اور حرف ابتدا ہے دو جملوں پر
داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے
جیسے قام زید ولکن عمرو جالس۔
(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت
یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو
واو لانا ضروری ہے۔ اور اگر اس کے بعد مفرد ہو
تو واجب ہے کہ واو نہ آئے اور اس سے پہلے
نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے۔ جیسے "ماقام زید لکن
عمروٌ" و "لاتضرب زیدًا لکن عمرًا"
اللکنُ: لکن۔ جمع اَلْکَان۔ (دخیل)
لٰکِنَّ: اس کی اصل لاکنّ ہے۔ الف کتابت
میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اور یہ حروف
مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو
رفع دیتا ہے۔ اور استدراک یعنی دفع توہم کے لیے
آتا ہے۔ جیسے قامَ القومُ لکن زیدًا جالسٌ انہ
کبھی تاکید کے لیے۔ جیسے لوزارنی زیدٌ لاکرمتہ لکنہ

لم یجی پورے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لکن کو
تاکید ہو گئی۔
لَکِیَ یَلْکَی لَکًی بہ: مشتاق ہونا چمٹنا صفت
لَکِیٌّ۔ لَکِیَ بالمکان: اقامت کرنا۔
اللاکی: عیب جو۔ (لائک کا مقلوب ہے)
لَمْ: حرف جازم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی
منفی کے معنے میں کر دیتا ہے۔ جیسے لم یاکل اس نے
نہیں کھایا۔
اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی
رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "الم
اقل لک" کیا میں نے تم سے نہیں کہا۔ اور کبھی ہمزہ
اور لم کے درمیان واو اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے
افلم اقل لک اولم اقل لک۔
لمّا: تین صورتوں سے مستعمل ہے۔
(۱) لم کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی
میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق
ہے۔
(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِن لمّا
تَقُم نہیں کہا جائے گا۔ اور ان لم تقم کہنا جائز ہے
(ب) لمّا کے منفی میں استغراق ہے اور لم کے منفی
میں انقطاع جیسے لم یَکُنْ شیئًا مذکورًا۔ اور اسی وجہ
سے لم یکن ثم کان کہنا جائز ہے اور لما یکن ثم کان
نہیں کہہ سکتے۔
(ج) لمّا کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف
منفی لم کے۔
(د) لمّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لم کے۔
(ہ) لمّا کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے
جیسے "فجئت قبورہم بدءًا ولمّا" یعنی لمّا اکن بدءًا
قبل ذلک اور "وصلتُ إلی بغداد ولم" یعنی لم
اَدْخُلْہا کہنا جائز نہیں۔
(۲) لمّا ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل
ہوتا ہے۔ جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول کے
موقوف ہے جیسے لمّا جاءنی اکرمتہ۔ اور اس صورت
میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض
حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے

کہا ہے کہ یہ فعل کے لیے ظرف ہے جو خبر کے واقع ہونے سے واقع ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنے میں ظرف ہے۔

(۳) لما حرف استثناء ہے الا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "ان کل نفس لما علیہا حافظ" ان لوگوں کی قراءت میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظا پر داخل ہوتا ہے جیسے انشدک اللہ لما فعلت یعنی ما اسالک الا فعلک

لَمَّ (ن) لَمًّا الشیءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللہُ شعثَ فلانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف و پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لَمَّ بفلانٍ کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔

لُمَّ فلانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُوم

اَلَمَّ: چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا — الغلامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمّ۔ النخلۃ: پختگی کے قریب ہونا — بہ مرضٌ: مرض لاحق ہونا — بالقوم و علی القوم: آ کر اترنا — بالمعنی: سمجھ لینا — بالذنب: گناہ کرنا — الشیءَ: قریب ہونا — بالامر: غور نہ کرنا — بالطعام: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی کاد کے معنے میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "لم یفعل کذا" یعنے کاد یفعل کذا۔

اِلْتَمَّ فلانا: زیارت کرنا — بالقوم: آ کر اترنا۔

اللامّۃ: نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز۔ کہا جاتا ہے "اُعیذُہٗ من کلِّ ہامّۃٍ ولامّۃٍ" کہا جاتا ہے: ہو یزورنا لِمامًا۔ وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اللَّمّ: ہم۔ بے شمار جماعت۔

اللَّمَم: تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اللَّمَّا۔ ایک قسم کی مچھلی۔

اللَّمَّۃ۔ لَمَّ کا اسم مرۃ۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "اَصابتہٗ لَمّۃٌ من الجنّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّۃ: زمانہ۔ اور کہا جاتا ہے "لِلشیطانِ لَمّۃٌ" یعنی شیطان کے لیے قربت ہے۔

اللُّمَّۃ: ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لا تسافروا حتی تُصیبوا لُمّۃً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونث۔ (واحد و جمع)

اللِّمَّۃ: بالوں کی زلف جو کانوں کی لو سے متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَم و لِمام۔

المِلَمّ: ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے رجلٌ مِلَمّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ و رجل مِلَمٌّ معَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموماً ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا مرد۔

المُلِمّۃ: دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

المَلْمُوم جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

کتیبۃ مَلْمُومۃ۔ گنجان فوج۔ صخرۃ ملمومۃ: سخت گول چٹان۔

لَمَأَہٗ و لَمَأَ علیہ (ف) لَمْأً۔ ہاتھ ڈالنا — الشیءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا — بہ: مشتمل ہونا۔ اور کہا جاتا ہے "ما یَلْمَأُ فمُہٗ بکلمۃ" یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَأَ اللصُّ علی الشیءِ و بالشیءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لیجانا — علی حقّہ: حق کا انکار کرنا۔ المکان لا آلمأ [illegible] المکانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے کان بالارض مرعًی فہاجت الدوابُّ فالمأتہ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل پڑے — علی الشیءِ: مشتمل ہونا — بکانی الجنۃ: اپنے لیے خاص کر لینا کہا جاتا ہے "ما ادری این اَلْمَأَ من بلاد اللہ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّأَت تَلَمَّؤا الارضُ بہ و علیہ: گھیر لینا۔ تَلَمَّأَ والتَمَأَ بکانی الجنۃ و استماہٗ: اپنے لیے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اُلْتُمِئَ لونُ الرجل: رنگ متغیر ہونا۔

المَلْمُوءۃ۔ جگہ جو لی جائے۔ یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جائی۔

لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشیءَ: منہ کے اطراف سے کھانا — المرأۃَ: جماع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما لَمَجُوا ضیفَہم بشیءٍ" انھوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔

تَلَمَّجَ الرجلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "رأیتہٗ یتلمّج بالطعام" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اللَّمَاج واللُّمْجۃ۔ تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "ما تلمّجت عندہٗ بلَماجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

اللَّمِج واللَّمِیج۔ بہت کھانے والا۔ کہا جاتا ہے سَمِجٌ لَمِجٌ و سَمِیجٌ لَمِیجٌ۔ یعنی بہت برا

اللُّمْجَۃ۔ غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَج۔

المَلاَمِج۔ منہ کے ارد گرد۔

رمحٌ مَلْمَجٌ: نرم چکنا نیزہ۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا البصرُ: نگاہ اٹھنا — الرجلُ الشیءَ والی الشیءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحۃ ہے — الشیءَ بالبصر: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا و لَمَحَانًا و تَلْمَاحًا النجمُ او البرقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لامِح و لَمُوح و لَمّاح

لَامَحَہٗ: دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَّحَ تَلْمِیحًا الی الشیءِ: اشارہ کرنا

اَلْمَحَ الی فلانٍ: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا — الشیءَ: چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا — الرجلَ: دکھانا۔

اِلْتَمَحَہٗ۔ نظر خفیف سے دیکھنا۔

اُلْتُمِحَ بصرُہٗ: نگاہ جاتا رہنا۔

اللَّمْح: ہم۔ کہا جاتا ہے "لَاُرِیَنَّکَ لَمْحًا باصرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللَّمْحۃ: جلدی کی نگاہ۔ اسم ہے لمح کا۔ ملامح کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رأیتہٗ لمحۃَ البرق" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر جتنی دیر میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللامح فا۔ کہا جاتا ہے "ہو لامحٌ طَرْفُہٗ" یعنی وہ خود پسند ہے: ابیض لَمّاح۔ بہت زیادہ سفید

المَلامِح. مشابہ. چہرے کے خط وخال۔ لمحہ کی جمع. کہاجاتا ہے "فی فلان لَمحۃٌ مِن اَبیہِ او مَلامِح من اَبیہِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَحَخَہٗ (ف) لَحْخًا. طمانچہ مارنا.

لَاحَخَہٗ مُلاحَخَۃً ولِمَاخًا. ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا.

تَلَخَّخَ بکلام قبیح: بری گفتگو کرنا.

لَمَدَ لَہٗ (ن) لَمْدًا. فروتنی کرنا. انکساری کرنا

الالمد، الملدان. عاجز. ذلیل.

لَمَذَ (ن) لَمْذًا. منہ کے اطراف سے کھانا. (لمج میں ایک لغت ہے)

لِمَاذَا. کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ سے.

لَمَزَہٗ (ن ض) لَمْزًا. عیب لگانا. آنکھ سے اشارہ کرنا. ہٹانا. مارنا. لَمَزَہُ الشَّیبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا.

لَامَزَہٗ: اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا.

تَلَمَّزَہٗ: ڈھونڈھنا. تَلَمَّزَ فی السَّیر: دوڑنا

اللَّمّاز واللُّمَزَۃ: لوگوں کے عیوب نکالنے والا سامنے عیب بیان کرنے والا. اللَّمّاز: چغلخور۔

اللُّمَّاز: سامنے غیبت کرنے والے.

لَمَسَہٗ (ن ض) لَمْسًا. چھونا. لَمَسَ الشَّیئَ: طلب کرنا — الشَّیئُ: چھونے کے قابل ہونا — المَرأۃَ: جماع کرنا — زیدًا امرأۃً: نکاح کرا دینا کہاجاتا ہے "لَہٗ شُعاعٌ یکادُ یَلمَسُ البَصَرَ" اس کے لیے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوندھ کردے.

لَامَسَہٗ. ایک دوسرے کو چھونا. جماع کرنا.

اَلْمَسَ فُلانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا — زیدًا امراۃً: نکاح کرا دینا.

تَلَمَّسَ الشَّیئَ: بار بار طلب کرنا.

اِلْتَمَسَ الشَّیئَ مِن فُلانٍ: مانگنا. طلب کرنا.

اللُّماسَۃ واللَّماسَۃ. قریبی حاجت.

اللَّمْس ج م. حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت، رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے.

اللَّمِیس: نازک بدن عورت.

اللَّمُوس: منہ بولا بیٹا. یا جس کے حسب میں عیب ہو. کہاجاتا ہے کواہ لَمَاس اوکواہ المُتَلَمِّسَۃ یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا.

المُلامَسَۃ س م — فی البیع: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا.

المَلْمَس: چھونا. چھونے کی جگہ.

المَلْمُوس: منم. کہاجاتا ہے "اِکافٌ مَلمُوسُ الاَحناءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کردی گئی ہو

المَلْمُوسات: قوۃ لامسہ کے مدرکات. اوائل محسوسات.

المَلْمُوسَۃ: راستہ.

صَحِیفَۃُ المُتَلَمِّس: بدبختی کے لیے مثل ہے. اس لیے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو.

لَمَصَ (ن) لَمْصًا العَسَلَ وشِبْہَہٗ: شہد کو انگلی کے کنارے سے لینا اور چاٹنا — فلانًا: چٹکی لینا. نقل اتارنا. عیب لگانا. منہ چڑانا — الصَّبِیُّ: پیشاب کر دینا.

اَلْمَصَ الشَّجَرُ: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا.

اَلْمَصَ الکَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا.

اللَّمْص م م. لوگوں کی غیبت کرنا.

اللّامِص: انگور کی بیل کا محافظ.

اللَّمُوص: جھوٹا. فریبی. غیبت کرنے والا. چغل خور.

لَمَطَہٗ (ن) لَمْطًا بالرُّمح: نیزہ مارنا. لَمَطَ فلان: گھبرانا. مضطرب ہونا.

اِلْتَمَطَ بحقّی: حق مار لینا.

لَمَظَ (ن) لَمْظًا. کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا. کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا — فلانًا من حقہ: حق میں سے کچھ دینا — الماءَ: زبان کے کنارے سے چکھنا.

لَمَّظَہٗ من حقہ: حق میں سے کچھ دینا. کہاجاتا ہے "لَمِّظْ فُلانًا لُماظَۃً" تھوڑا سا چکھانا.

اَلْمَظَہٗ: ہونٹوں پر پانی ڈالنا. اَلْمَظَ علی فلان: غصہ دلانا. اَلْمَظَ فلانًا: آہستہ نیزہ مارنا — البعیرُ بذَنَبِہٖ: اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دم کو دبانا — الحاملُ القَوسَ: کمان پر تانت باندھنا

تَلَمَّظَ الرَّجلُ: کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا. کھانے کو منہ میں پھرانا. اور کہاجاتا ہے "تَلَمَّظَ بذِکرہٖ" یعنی عیب لگایا. تَلَمَّظَتِ الحَیّۃُ: سانپ کا زبان نکالنا.

اِلْتَمَظَ الشَّیئَ: جلدی سے منہ میں ڈالنا — الطعامَ: کھانا — بحقّہٖ: حق مار لینا — بالشَّیئِ: لپٹنا — بشَفَتَیہِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے.

اِلْمَظَّ الفرسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا.

اللُّماظ: تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے. کہاجاتا ہے "مَالَہٗ لُمَاظ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے. "وَمَا ذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا. و "کَبِرَ بِہٖ لَمَاظًا او لِماظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا.

اللَّماظَۃ: فصاحت. زبان کی روانی.

اللُّماظَۃ: منہ میں بقیہ کھانا. تھوڑی سی چیز کا بقیہ. کہاجاتا ہے "مَا الدُّنیا اِلّا لُماظَۃُ اَیّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے.

اللَّمَظ: گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی

اللُّمْظَۃ: گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی. دل کا سیاہ نقطہ. تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے سکیں.

الاَلْمَظ مِن الخَیل: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا.

التِّلِمّاظ: جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے. مونث تِلِمّاظَۃ. التِّلِمّاظَۃ: بیہودہ بکواس کرنے والی عورت.

مَلاغِظُ الاِنسان: منہ اور ہونٹ کا گرداگرد

المُتَلَمَّظ: تبسم کرنے کی جگہ.

لَمَعَ (ف) لَمْعًا ولَمَعانًا ولُمُوعًا ولَمِیعًا وتَلْماعًا

البرق وغیرہ: بجلی وغیرہ کا چمکنا. روشن ہونا ــــ ضَرعُ الناقۃِ: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا ــــ فلان بالشیٔ: لے جانا ــــ بیدہ او بثوبہ او بسیفہ: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا ــــ الطائرُ بجناحیہ: پرندہ کا بازو پھڑپھڑانا ــــ فلانٌ الباب: دروازے سے نکلنا.

اَلْمَعَتِ الشاۃُ بذنبہا: بکری کا دم اٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہوگئی. صفت مُلْمِعَۃ و مُلمِع ــــ الأنثیٰ: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا ــــ فلانٌ بالشیٔ وعلیہ: اچک لینا. چرانا. لیجانا. اَلمعتِ البلادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا. اَلمعَ الی فلان بثوبہ: کپڑے سے اشارہ کرنا. ــــ الفرسُ ونحوہا: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا ــــ الطائرُ بجناحیہ: پرندہ کا بازو کو پھڑپھڑانا.

لَمَّعَ النسجَ: مختلف رنگوں کا بننا.

تَلَمَّعَ الشیٔ واِلتَمَعَ: اچک لینا ــــ البرقُ وغیرہ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا. اِلتَمَعَ القومَ: لیجانا. اِلتُمِعَ واُلتُمِعَ لونُہ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا.

اللامِع: فا. جمع لُمَّع. کہا جاتا ہے "ما بالدار لامِعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں.

اللامِعَۃ: لامع کا مونث. بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے. جمع لوامع.

اللُّمعَۃ: گھاس کا خشک شدہ حصہ. لوگوں کی جماعت. تھوڑا سا گذارہ زندگی. کہا جاتا ہے "معہ لُمعَۃٌ من العیش" اس کے ساتھ تھوڑا سا گذارہ زندگی ہے جو اس کے لیے کفایت کر سکے ــــ من الجسد: جسم کے رنگ کی چمک. اور بقول بعض لمعۃ خاص کر بدن کا سیاہ حصہ. اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو. جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے جمع لُمَع و لِماع.

اللَمّاع: لامع کا اسم مبالغہ.

اللَمّاعَۃ: عقاب. میدان جس میں سراب چمکے. بچے کی چندیا جب تک نرم رہے.

اللَّموع: چمکنے والا. تیز جھپٹنے والا عقاب.

الاَلْمَعُ والالمعِیّ: تیز ذہن. تیز فہم.

الاَلمعِیّۃ: ذکاوت.

کہا جاتا ہے: ذہبت نفسہ لِماعًا. اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی.

التَّلمیع فی الخیل وغیرہا: جسم کے رنگ کے مخالف داغ جمع تلامیع. کہا جاتا ہے "فیہ تلمیع و تلامیع" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں.

مِلْمَعا الطائر: پرندہ کے دونوں بازو.

المُلَمَّع من الخیل وغیرہ: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا.

ارض مُلْمِعَۃ ومَلمَعَۃ ومُلمَعَۃ: زمین جس میں سراب چمکے.

خَدٌّ مُلَمَّع. چمکدار رخسارہ.

الیَلْمَع. بے بارش کی بجلی. سراب. کہا جاتا ہے "فلانٌ اکذبُ من یلمعٍ" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے. اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے. کہا جاتا ہے "انما ہو یلمعٌ" یعنی وہ جھوٹا ہے. جمع یلامع. والیلمع من السلاح: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ. جمع یلامع.

الیَلْمَعِیّ: ذہین. تیز فہم. جھوٹ سچ ملانے والا.

لَمَقَہ (ن) لَمقًا ولُموقًا. لکھنا. مٹانا. لَمَقَ عینَہ: آنکھ ملنا. کانی کرنا. لَمَقَ الیہ: دیکھنا ــــ الیہ ببصرہ: دیر تک دیکھنا.

تَلَمَّقَ: چکھنا.

اللَماق: چکھنے کی تھوڑی سی چیز. کہا جاتا ہے "ما ذقتُ لَماقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا. "ما بالارض لَماقٌ" زمین میں پراگاہ نہیں.

لَمَقُ الطریق: راستہ کا درمیان. کہا جاتا ہے "اَخذَ فی لَمَقِ الطریقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا.

الیَلْمَق. روئی دار قبا. (دخیل)

لَمَکَ (ن) لَمْکًا العجینَ: نرم گوندھنا.

تَلَمَّکَ البعیرُ: اونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا.

اللَماک: چکھنے کی چیز. صرف نفی ہی میں مستعمل ہے. کہا جاتا ہے "ما تَلَمَّکَ بِلَماکٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا.

اللُّماک واللَّماک واللُّمک: سرمہ.

المَلْمُوک: سرمہ لگایا ہوا.

الیَلْمَک: قوی جوان. مردوں ہی کے لیے خاص ہے. اور حرف یا زائد ہے.

تَلَمَّلَ بفمہ: کھانے کے بعد زبان کو ادھر ادھر پھرانا.

اللُّمال واللَّمال: سرمہ.

لَمْلَمَ الحجرَ: پتھر کو گول گھڑنا ــــ الشیٔ: جمع کرنا.

تَلَمْلَمَ: گول ہونا. جمع ہونا.

المُلَمْلَم: بہت جمع شدہ فوج.

المَلْمُوم: جماعت.

رجلٌ مُلَمْلَمٌ. وجملٌ مُلَمْلَمٌ: گٹھے بدن کا مرد اور اونٹ. شعرٌ مُلَمْلَم: تیل لگے ہوئے بال.

المُلَمْلَمَۃ: ململم کا مونث. ہاتھی کی سونڈ.

لَمَا یَلْمُو لَمْوًا الشیٔ: سب لے لینا.

اللُّمَۃ: جماعت. تین سے لیکر دس تک کے ساتھی. ہم عمر ہم شکل. پیروی کے لیے نمونہ. جمع لُمات.

لَمِیَ یَلْمَی لَمًی ولَمِیَ یَلْمیٰ لُمِیَّ الغلامُ: لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا. صفت مذکر اَلمیٰ. صفت مونث لمیاء.

اَلمیٰ الماءَ: الصَّ بکذا: چور کا چپکے سے لیجانا اڑا لیجانا.

تَلَمَّتِ الارضُ بہ وعلیہ: حاوی ہونا. مشتمل ہونا.

اَلتَمیٰ اِلتِماءً لونُہ: رنگ متغیر ہونا ــــ بہ: اپنے لیے خاص کرنا اور غالب ہونا.

اللمیٰ بتثلیث اللام: ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی.

الاَلمیٰ: گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا.

سَنَخٌ اَلْمَی: مضبوط وگندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمَی: گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمَی: گنجان سایہ دار درخت۔ غلامٌ اَلْمَی: سرد تھوک والا لڑکا۔ مونث لَمْیَاء۔ جمع لُمی۔ لِثَةٌ لَمْیَاء: کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔

لَنْ۔ مضارع کے حروف ناصبہ میں کے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ أَفْعَلَ المنکرَ ما بَقِیْتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکر ہرگز نہیں کروں گا۔ اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لن تزالوا لجا الفقیر" ہمیشہ فقیر کے جھار ہو۔

لَہَا (ن) لَہْوًا الشِّعرَ: نازک و مستحسن شعر کہنا۔

لَہِبَتْ (س) لَہَبًا ولَہَبًا ولَہِیْبًا ولُہَابًا ولَہَبًا النارُ: شعلہ بھڑکنا۔

لَہِبَ (س) لَہَبًا ولُہَابًا الرجلُ: پیاسا ہونا۔ صفت لَہْبان۔

لَہَبَ النارَ فَتَلَہَّبَتْ وأَلْہَبَہَا فالْتَہَبَتْ: آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہوکر بھڑک اٹھنا۔ اِلْتَہَبَ علیہ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فلان یَتَلَہَّبُ او یَلْتَہِبُ جوعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔

اَلْہَبَ النارَ: آگ بھڑکانا ۔۔۔ الفرسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا ۔۔۔ البرقُ: بجلی کا پیاپے کوندنا۔ اَلْہَبَ فی الکلام: جلدی سے کہہ گذرنا کہا جاتا ہے "الہبتہ للأمر" اس نے اس کو کام کے لیے اکسایا۔

اللُّہاب مص۔ پیاس

اللُّہَابَۃ: ایک قسم کی ملی جس میں پتھر رکھ کر بوجھ یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔

اللِّہْب۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ یا پہاڑ کی دراڑ۔ جمع اَلْہَاب ولُہُوب ولِہَابٌ لِسانہ

اللَّہَب مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار

اللَّہَبان مص۔ گرمی کی شدت۔ گرم: ن۔ پیاس

اللُّہْبَۃ: پیاس۔ خالص سفیدی۔

اللَّہِیب مص۔ آگ کی گرمی۔ المَلْہُوب۔ حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔

الأُلْہُوب: گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اڑے یا اس کے کھرے آگ نکلے۔

المِلْہَب: نہایت خوبصورت۔

المُلْہِب۔ تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔

المُلَہَّب من الثیاب: کم سرخی والا کپڑا۔

اللاہُوت: خداوندی۔ اور اس کی اصل لَاہٌ بمعنے الٰہ ہے واو اور تا کی زیادتی مبالغہ کے لیے ہے جیسے جبروت وملکوت میں۔ علم اللاہوت: عقائد متعلقہ ذات وصفات باری تعالیٰ کا علم۔ اللاہوتی: عقائد متعلقہ ذات وصفات باری کا عالم۔

لَہَثَ ولَہِثَ لَہْثًا ولُہَاثًا الکلبُ وغیرہ: کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔

لَہِثَ (س) لَہَثًا ولَہَثَانًا ولُہَاثًا الرجلُ: پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَہْثان۔ صفت مونث لَہْثَیٰ۔

اِلْتَہَثَ الکلبُ: کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا

اللُّہاث مص۔ پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "ہو یُقَاسی لُہَاثَ الموت" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔

اللُّہْثَۃ: تھکن۔ پیاس۔

لَہِجَ (س) لَہَجًا بالشیءِ: شیفتہ ہونا۔ صفت لَہِج ولاہج ۔۔۔ الفصیلُ اُمَّہ: چوسنا ۔۔۔ الفصیلُ بأُمِّہ: ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لاہِج۔

لَہَّجَ القومَ: کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔

اَلْہَجَ الرجلُ: دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا ۔۔۔ فلانًا بالشیءِ: فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا ۔۔۔ الفصیلَ: منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لیے ہے)

اُلْہِجَ بالشیءِ: شیفتہ و فریفتہ ہونا۔

اِلْہَاجَّ اِلْہِیجَاجًا الشیءُ: گڈمڈ ہونا۔ اِلْہَاجَّتْ عَیْنُہ: اونگھ آنا۔ اِلْہَاجَّ اللبنُ: دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔

اللَّہْجَۃ: زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان۔ کہا جاتا ہے "فلان فصیح اللہجۃ وصادق اللہجۃ"

اللُّہْجَۃ: کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔

المُلَہْوَج منہ۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام کرنے سے عاجز ہو۔

لَہْوَجَ الشیءَ: ملانا ۔۔۔ الامرَ: ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا ۔۔۔ الشِّواءَ: نیم پخت کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَہْوَج۔ اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ "حدیثٌ مُلَہْوَجٌ ورأیٌ مُلَہْوَجٌ" غیر محکم بات ورای۔

تَلَہْوَجَ الشیءَ: جلدی کرنا ۔۔۔ اللحمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔

تَلَہْجَمَ بالشیءِ: شیفتہ ہونا ۔۔۔ الطریقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔

اللَّہْجَم کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔

لَہَدَ لَہْدًا الحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا صفت مفعولی مَلْہُودٌ ولَہِیدٌ۔ لَہَدَ دابَّتَہ: چوپایہ کو تھکانا لاغر کرنا ۔۔۔ الشیءَ: کھانا یا چاٹنا ۔۔۔ فلانًا: ذلیل کر کے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں یا مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چھونا۔

لَہَّدَ فلانًا: بمعنے لَہَدَ اور تشدید تکثیر کے لیے ہے۔

اَلْہَدَ ہٗ: ظلم کرنا۔ اَلْہَدَ بہ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْہَدَ الی الارض: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا ۔۔۔ بفلانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔

اللُّہاد: ہچکی۔

اللَّہَد مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سست وناکارہ مرد۔

اللَّہِید: عاجز۔ تھکا ہوا۔

اللَّہِیدۃ۔ ایک نرم قسم کا حلوا۔

المُلَہَّد منہ۔ "رجل مُلَہَّد" کمزور و ذلیل۔ دروازوں سے دھتکارا ہوا۔

اللَّہْذَب۔ ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔

لَہْذَمَ ہٗ۔ کاٹنا۔

تَلَہْذَمَ ہٗ۔ کاٹنا۔ تَلَہْذَمَ الشیءَ: کھانا۔

اللَّهذَم تیز کاٹنے والا تلوار بھالا۔ دانت تیز ج لہاذِم ولَہاذِمَۃ

اللَّهاذِمَۃ: چوروں کی جماعت۔

لَهَزَ (ف) لَهزًا الشیٔ فلانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا ــــ القومَ: قوم میں مل جانا۔ لَہَزَہُ الشیبُ: بڑھاپا کا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْہوز۔ لَہَزَہُ بالرمح: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَہَزَ فلانًا: مکا مارنا۔ اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا ــــ الفصیلُ ضرعَ امہ: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔

لَهَزَہُ تَلْہیزًا: کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔

اللاهِز: فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گذار کردے۔ اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ تنگ گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو للہزان کہیں گے۔

اللَّهاز: چیتھڑا یا کپڑا جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔

اللَّهز: سخت۔

اللَّهزَۃ: کان کے نیچے جبڑے میں ابھری ہوئی ہڈی۔

المِلهز: کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔

المَلْهُوز: مفو۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔

لَهزَمَہ: جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَہزَمَ الشیبُ خدَّیہ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

اللِّهزِمَۃ: کان کے نیچے جبڑے کی ابھری ہوئی ہڈی ج لہازم۔

لَهَسَ (ف) لَهسًا الشیٔ: چاٹنا۔ لحس میں لغت ہے ــــ الصبیُّ ثدیَ اُمِّہِ: بے چوسے ہوئے چاٹنا ــــ علی الطعام: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔

لاهَسَ مُلاهَسَۃً علی الطعام: کھانے پر ہجوم کرنا ــــ القومَ الی الشیٔ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یُلاهِسُ بنی فلانٍ" جب کہ کھانے کے وقت پہنچ جائے۔

اللاهِس: جلد باز۔ چابکدست۔ ج لواہس۔

اللُّهاسُ اللُّهاسَۃ۔ تھوڑی خوراک۔

اللُّهسَۃ: چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مالکَ عندی لُہسۃٌ" تمہارے لیے میرے پاس کچھ نہیں۔

لَهسَمَ ما علی المائدۃ: دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا۔

اللَّهاسِم: وادی کی تنگ نالیاں۔ واحد لُہسُم۔

لَهَطَہُ (ف) لَهطًا: تھپڑ مارنا۔ لَہَطَ بسہم: تیر ملنا۔ لَہَطَ الثوبَ: کپڑا سینا ــــ بہ الارضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَہَطَتْ اُمُّہُ بہ: جننا۔

اللاهِط: فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا

لَهطَۃٌ من الخبر: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔

لَهِعَ (س) لَهَعًا ولَہاعَۃً الرجلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَہِعٌ ولَہِعٌ ولَہیعٌ ــــ فی الکلام: خوب بڑھ بڑھ کے باتیں کرنا۔

اللَّهاعَۃ: غفلت۔

اللَّهْبَع: کارگذاری میں تیز۔

اللَّهِیعَۃ: غفلت سستی، کاہلی۔ خرید فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔

لُهِفَ لَهفًا: ظلم کیا جانا۔

لَهِفَ (س) لَهَفًا علی مافات: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَہِفٌ ولَہیفٌ۔ لَہَّفَ فلانٌ نفسَہ او اُمَّہُ: وا لَہفاہ وا اَسَفاہ وا لہفاہ کہنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَہَّفَ اُمَّیْہِ" یعنی ابوہ۔ یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ دیا گیا ہے اس لیے کہ ماں کی ماتا مشہور ہے۔ اور کہا جاتا ہے "لَہِفتُ الیکَ تَلَہُّفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریاد رسی کی۔

اَلْهَفَ: حریص ہونا۔ نہایت خواہشمند ہونا۔

تَلَهَّفَ علیہ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔

اِلْتَهَفَتِ النارُ: آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَہَفَ فلانٌ: کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھنا

اللاهِف: فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مونث لاہفۃ ج لاہفٌ ولاہفۃ۔ اور کہا جاتا ہے "ہو لاہفُ القلبِ" وہ شکستہ دل ہے۔

اللاهِفَۃ۔ لاہف کا مونث ج لاہفات و لواہف۔

اللَّهف مص۔ یا لَہفَ فلانٍ: کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے۔ یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "یا لہفی علیک" "یا لہفَ ویا لہفا ویا لہف ارضی وسمائی علیک ویا لہفاہ" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔

اللَّهفان: افسوس کرنے والا۔ غم زدہ۔ مونث لَہفَی ج لَہافَی ولُہُف

اللَّهفَۃ: لَہَفَ کا اسم مرۃ۔ اور فوت شدہ کے افسوس کے لیے کہا جاتا ہے "یا لہفۃ ویا لہفتا ویا لہفتیاہ"۔

اللَّهُوف۔ مونا۔ لمبد افسوس کرنے والا۔ مونث اللہوفۃ۔

اللَّهیف۔ مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رجلٌ لَہیفُ القلبِ: سوختہ دل۔ ج لہاف۔

المَلْهُوف: غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا۔ رجلٌ مَلہوفُ القلبِ: سوختہ دل مرد۔

لَهِقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهَقًا ولَہَقًا الشیٔ: بہت سفید ہونا۔

تَلَهَّقَ الشیٔ: بہت سفید ہونا ــــ الرجلُ: زیادہ گفتگو کرنا۔

اللُّهاق: سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے: "ابیضُ لُہاقٌ او لِہاقٌ" بہت سفید "وبقرۃٌ لِہاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّهِق واللَّهَق۔ سفید بیل۔ سفید۔ مونث لَہِقَۃ ولَہَقَۃ۔ ج لَہِقات ولِہاق۔ کہا جاتا ہے۔ "ابیضُ لَہِقٌ ولَہَقٌ" بہت سفید۔

مُلَهَّقُ اللون: سفید رنگ والا۔

لَهلَہَ لَہلَہَۃً النساجُ الثوبَ: باریک بننا (ہلہل کا مقلوب ہے)

تَلَهلَہَ الثوبُ: باریک بنا ہوا ہونا ــــ الکلأُ: تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللُّهلُہَۃ من الثیابِ او الکلامِ او الشعرِ: ردی۔

یا گفتگو یا شعر۔

اللَّهْلَہُ۔ بدصورت۔ بلدٌ لُہْلُہٌ: کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ جمع لَہابِلُہ (۔۔۔ واللُّہْلُہَۃُ) کشادہ زمین۔

اللَّهْلَهَۃُ کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَہِمَ (س) لَہْماً ولَہِماً الشَّیَٔ: ایک ہی مرتبہ میں نگلنا ۔۔۔ الماءَ: گھونٹ لینا۔

اَلْہَمَہُ الشَّیَٔ: نگلوانا۔ اَلْہَمَ اللّٰہُ فلاناً خیراً: وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔

تَلَہَّمَ والْتَہَمَ الشَّیَٔ: ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (التہمہ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُہِمَ لونُہٗ: رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْہَمَ اللّٰہَ خیراً: اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْہِمُ اللّٰہَ الرَّشادَ" اللہ سے رشد و ہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔

اللُّہَامُ: بڑا لشکر۔

اللِّہْمُ: عمر رسیدہ۔ جمع لُہُومٌ۔

رجلٌ لِہَمٌ ولُہَمٌ۔ کماؤ۔ پیشو۔

اللُّہْمَۃُ: من السَّوِیقِ: ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللِّہَمُّ: بہت بخشش والا۔ بڑا دیالو۔ بڑا سمندر کماؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لِہَمٌّ: مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا جمع لِہَمُّون۔ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَہُومٌ۔ کماؤ مرد۔

اللُّہَیْمُ واُمُّ لُہَیْمٍ۔ موت۔ بخار۔ مصیبت۔

اللُّہَیْمُ: کشادہ دیگ۔

الاِلْہامُ مص۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْہَمُ والمُلْتَہِمُ من الرجال: کماؤ۔ پیشو۔

لَہْمَسَ مَا عَلَی المائدۃِ: دستر خوان کو سب کچھ کھالینا۔

اللُّہْمُومُ: بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی جمع لَہامِیمُ ولَہامِیمُ الناسِ: سخی لوگ۔

اللُّہْمِیمُ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَہَنَ القومَ وللقومِ: ناشتہ کھلانا۔ سفر کی واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْہَنَہُ: مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَہَّنَ الرجلُ: ناشتہ کھانا۔

اللُّہْنَۃُ۔ تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے جمع لُہَنٌ۔

لَہَا یَلْہُو لَہْواً الرجلُ: کھیلنا ۔۔۔ بہٖ: فریفتہ ہونا۔ (۔۔۔ لَہْواً ولُہُوّاً) المرأۃُ الی حدیثِ الرجلِ: مانوس ہونا۔ پسند کرنا (۔۔۔ لُہِیّاً ولِہْیَاناً) عن الشیٔ: غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَہِیَ یَلْہٰی لَہاً بکذا: محبت کرنا ۔۔۔ عنہ: تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْہَ لہٗ کما یَلْہٰی لک" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

لَہَّاہُ تَلْہِیَۃً عن کذا: غافل کردینا ۔۔۔ وبکذا: مشغول کرنا۔

لاہَاہُ مُلاہَاۃً۔ قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔ لاہی الشیَٔ: نزدیک ہونا ۔۔۔ الغلامُ: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔

اَلْہاہُ اِلْہاءً۔ اللعبُ عن کذا: غافل کرنا ۔۔۔ فلانٌ الشیَٔ: عاجزی سے چھوڑ دینا ۔۔۔ الرحی وفی الرحی وللرحی: چکی میں کول ڈالنا۔ اَلْہَی الرجلُ: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔

تَلَہّٰی تَلَہِّیاً بکذا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا ۔۔۔ بالشیٔ: مشغول ہونا۔

تَلاہٰی تَلاہِیاً بالملاہی: کھیل کود میں مشغول ہونا ۔۔۔ القومُ: باہم کھیلنا۔

اِلْتَہَی الرجلُ بالشیٔ: کھیلنا ۔۔۔ عنہ بغیرہ: مشغول ہونا۔

اِسْتَلْہٰی اِسْتِلْہاءً اصاحبَہٗ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا ۔۔۔ الشیَٔ: زیادہ لینا۔ نگلنا۔

اللُّہْوَۃُ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "ہم لُہاءُ مائۃ" وہ لوگ سو کی مقدار ہیں۔

اللَّہْوُ۔ کھیل کود۔ وہ چیز جس کو انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے ڈھول۔ فرزند۔

اللَّہَاۃُ: حلق کا کوا جمع لَہَوات ولَہَیَات ولُہِیّ ولِہِیّ ولَہاً ولِہاءٌ۔

اللَّہْوَۃُ۔ لہا کا اسم مرۃ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔

اللَّہْوَۃُ واللُّہْوَۃُ۔ پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ لپ بھر مال۔ جمع لُہًی۔

اللُّہْیَۃُ۔ عطیہ۔ یا بہتر و کثیر عطیہ۔

کہا جاتا ہے: فلانٌ لَہُوٌّ عن الخیرِ۔ فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔

اللَّہَوِیُّ۔ لہاۃ کی طرف منسوب۔ والحروف اللہویۃ ق و ک۔

الاُلْہُوَّۃُ والاُلْہِیَّۃُ والتَّلْہِیَۃُ۔ جس سے کھیل کود کیا جائے۔

المَلْہٰی کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ہذا مَلْہَی القومِ" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے۔ و "ہذا مَلْہَی الاٰثافِی" یہ پایہ دیگدان کی جگہ ہے۔

المِلْہٰی۔ کھیل کود کا آلہ۔ جمع مَلاہٍ۔

آلاتُ المَلاہِی۔ آلات موسیقی۔

لَہْوَجَ۔ مادہ ل ہ ج میں گذر چکا۔

لَہْوَقَ لَہْوَقَۃً وتَلَہْوَقَ الرجلُ: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا ۔۔۔ فی الفعلِ والکلامِ: ترک مبالغہ کرنا۔ رجلٌ لَہْوَقٌ۔ ڈینگ مارنے والا جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔

لو: یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔

(۱) زمانہ ماضی میں شرط کے لیے جیسے "لو جاءَنی لاکرمتُہ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو زمانہ ماضی کے ساتھ مقید کرنا تیسرے امتناع۔ اور اسی وجہ سے

بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزا منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لو کان زید حجرا کان جمادا"

(۲) زمانۂ مستقبل میں شرط کے لیے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "ولو تلتقی اصدائنا بعد موتنا" الخ۔
اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو کو ان کے معنے میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنے میں ہو جاتا ہے جیسے لو تقوم اقوم معنے لو قمت قمت۔

(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ ان کے مگر یہ نصب نہیں دیتا۔ اور اکثر وَدَّ یوَدُّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "وَدُّوا لو تاتیہم" وہ تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یود احدہم لو یعمر" ان میں ایک عمر دیے جانے کی تمنا کرتا ہے۔

(۴) یہ کہ تمنا کے لیے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لو تاتینی فتحدثنی" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔

(۵) عرض کے لیے مانند الا کے اس کا جواب بھی فا سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لو تنزل عندنا فتصیب خیرا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔

(۶) تقلیل کے لیے جیسے تصدقوا ولو بظلف محرق صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔

لابَ یلوبُ لوبا و لوابا و لوبانا الرجلُ او البعیرُ: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا پانی کے ارد گرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللوبُ اللُوبُ اللُؤوبُ و اللُواب۔

لوبہ تلویبا۔ ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھو ملاب)

الاب الابۃ الرجلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا

اللائب فاعل جمع لُوَّب و لُوب۔ کہا جاتا ہے "ابل لوب او نخل لوب و لوائب" پیاسے پانی سے دور۔

اللُواب: اسم۔ لعاب۔

اللُوبار واللُوبیاء واللوبیا۔ لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (ذیل)

اللُوبۃ: جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک شوری نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ جمع لُوب۔

اللُوب: گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔

اللابۃ: سنگلاخ سوختہ۔ جمع لابات و لاب۔

اللابۃ: کالے اونٹ جمع شدہ۔

الملاب۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے مشابہ ہے۔

الملَوَّب: مفع۔ پیچدار لوہا۔

اللَولَب: پیچ۔ پیچدار کیل۔ جمع لَوالِب

اللَولَبی: جو لولب کی ہیئت پر ہو۔

المُلَولَب: سرمہ کی سلائی۔

لاتَ یلوتُ لوتا الرجلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا۔۔۔ الخبرَ: خبر کو چھپانا۔۔۔ فلانا: حق گھٹانا

اللات: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

لات: حرف نفی ہے لیس کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموما مرفوع محذوف ہوتا ہے۔ جیسے "ولات حین مناص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "ولات الحین حین مناص"

لاثَ یلوثُ لوثا العمامۃَ علی راسہ: سر پر عمامہ لپیٹنا۔۔۔ الضبابُ بالجبل: کہرے کا پہاڑ کو ڈھانکنا۔۔۔ بفلان: پناہ لینا۔ لاث بہ الناس: اس کے گرد جمع ہونا۔۔۔ دارہ: ہمیشہ گھر میں رہنا۔۔۔ الشئَ: منہ میں چبانا۔۔۔ فی الامر: دیر کرنا۔۔۔ عن الحاجۃ: سستی کرنا۔۔۔ ثوبہ بالطین: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔۔۔ الشئَ: بھگا کر ملانا۔ لاث فلان: گھومنا۔ کہا جاتا ہے "لاث لوثا من الکلام" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔ "وما لاث فلان ان غلب فلانا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔

لَوِثَ یلوَثُ لوثا فی الامر: تاخیر کرنا۔

لوّثَ تلویثا الشئَ: بھگونا۔۔۔ الماءَ: گدلا کرنا۔۔۔ ثیابہ بالطین: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔۔۔ التبنَ بالقت: بھوسہ کو چارے میں ملانا۔۔۔ فلانا عن کذا: روکنا۔۔۔ الامرَ: مشتبہ کرنا۔

الاث الاثۃ مالہ بفلان: ودیعت رکھنا۔

الوثت الواثا الارضُ: خشک گھاس یا تر اگانا۔

تلوّث تلوّثا ثوبہ بالطین: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا۔۔۔ زید بعمرو: پناہ لینا اور نفع کی امید کر صحبت میں رہنا۔

التاث التیاثا علیہ الامرُ: پیچیدہ ہونا۔۔۔ بردائہ: لپٹنا۔۔۔ فی العمل: دیر کرنا۔۔۔ فی کلامہ: حجت سے عاجز رہنا۔۔۔ بالدم: خون سے لتھڑنا۔ آلودہ ہونا۔۔۔ البعیرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا۔۔۔ فلانا عن کذا: روکنا۔

اللائث فاعل نبات لائث: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔

الملتاث۔ پلیتمن۔

اللُواثۃ۔ پلیتمن۔ جماعت۔ وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔

اللَوث: اسم۔ قوت۔ برائی۔ زخم۔ کینہ کے مطالبہ۔ کمزور ثبوت۔

اللَوث: ڈھیل ڈھال۔

اللَیث: گنجان نباتات۔

اللَوثۃ: لاث کا اسم مرۃ۔ بیوقوفی۔

اللُوثۃ: ڈھیل ڈھال۔ تاخیر بیوقوفی۔ زبان میں رکاوٹ۔ اثر جنون۔ کہا جاتا ہے "بہ لوثۃ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔ گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رجل ذو لوثۃ" سست و کمزور مرد کہا جاتا ہے: نبات لیث۔ گنجان پودہ۔

اللُوَیثۃ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "ان المجلس لیجمع لویثۃ من الناس" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔

الالوث: ڈھیلا ڈھالا۔ قوی۔ سست۔ موٹی زبان والا۔ کمزور عقل والا۔ مونث لوثاء۔ جمع لُوث۔

المَلاَث والمِلْوَث. سردار شریف جس کی پناہ لی جائے. جو المَلاوث والمَلاوثة والمَلاویث. کہا جاتا ہے "ہم ملاوث" یعنی وہ اشراف ہیں "وانہ لنعم المَلاث للضیفان" وہ مہمانوں کے لیے بہترین جائے پناہ ہے.

المَلاثُ. مرکز. وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے

المُلَتَّث. موٹاپے کی وجہ سے سست.

دِیمَةٌ لَوثَاء. لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے.

لَاجَ یَلُوجُ لَوجًا الشیَ: منہ میں پھرانا.

لَاحَ یَلُوحُ لَوحًا الشیُ: ظاہر ہونا ـــ البرقُ: بجلی کا چمکنا ـــ النجمُ: ستارہ کا نکلنا ـــ الیہ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا ـــ الشیَ: دیکھنا. کہا جاتا ہے "لاحہ ببصرہٖ لَمحۃً" جب کہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہوجائے ـــ العطشُ او السفرُ فلانًا: متغیر کرنا. رنگ بدل دینا ـــ لَوحًا ولُوحًا ولُوَاحًا ولُوُوحًا ولَوَحَانًا) الرجلُ: پیاسا ہونا.

لَوَّحَ تَلوِیحًا: دور سے اشارہ کرنا. لَوَّحَ بسیفہٖ: تلوار چمکانا ـــ بثوبہٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا. کہا جاتا ہے "لَوَّحَ للکلبِ برغیفٍ فتبعہٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہولیا ـــ السفرُ او العطشُ فلانًا: چہرہ متغیر کر دینا ـــ الشیبُ فلانًا: سفید بالوں والا کر دینا ـــ فلانًا بالعصا او السیفِ او السوطِ والنبلِ: اٹھانا اور مارنا ـــ الشیَ بالنارِ: آگ سے گرم کرنا.

اَلَاحَ اِلاحۃً الشیُ: ظاہر ہونا ـــ البرقُ: بجلی چمکنا ـــ النجمُ: ستارے کا روشن ہونا ـــ بسیفہٖ او ثوبہٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا ـــ بحقہٖ: حق مار لینا ـــ فلانًا: ہلاک کرنا ـــ منہ: خوف کرنا پرہیز کرنا ـــ من القولِ: شرمانا ـــ علی الشیِ: اعتماد کرنا.

تَلَوَّحَ: ظاہر ہونا. واضح ہونا.

اِلتَاحَ اِلتِیَاحًا: پیاسا ہونا.

اِستَلَاحَ فی الامرِ اِستِلَاحًا: غور کرنا. اِشتَاحَ: پیاسا ہونا.

اللَّیَاحُ واللِّیَاحُ: صبح جیسی بیل. سفید. اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "ابیضُ لَیاحٌ او لِیاحٌ" خالص سفید.

اللائِحۃُ. لائح کا مونث. ظاہر ہونے والی. جو. لَوائِحُ. کہا جاتا ہے "نظرتُ الی لوائحِہٖ واَلواحِہٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل و صورت کو دیکھا. اللائحۃُ: رجسٹر جس میں حساب درج کیا جائے. (مولّد)

اللَّوحُ: تختی. ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا جو اَلواح. لوحُ الجسدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی. یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو. جو اَلواح جج. اَلَاوِیحُ. اَلواحُ السلاحِ: چمکدار ہتھیار.

اللُّوحُ: پیاس. فضائے آسمانی.

اِبلٌ لَوحَی. پیاسے اونٹ.

التَّلوِیحات: کتاب کے حواشی و نوٹ.

المُلتَاحُ: دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا.

المِلوَاحُ: لمبا. دبلا. جلد دبلی ہونے والی عورت بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا. آلہ جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لیے باندھ دیا جائے.

المِلوَاحُ والمِلوَحُ والمِلیَاحُ: جلدی پیاسا ہونے والا. جو مَلاوِیحُ. کہا جاتا ہے "اِبلٌ مَلاوِیحُ" جلدی پیاسے ہونے والے اونٹ.

حَجَرٌ مُلَوَّحٌ: آگ سے متغیر شدہ پتھر.

لَاخَہٗ یَلُوخُہٗ لَیخًا. ملانا.

اِلتَاخَ اِلتِیَاخًا: ملنا ـــ العجینُ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اٹھنا.

اللُّوَاخُ واللِّیَاخۃُ. مکھن دودھ سے ملا ہوا.

لَوِدَ یَلوَدُ لَوَدًا. سرکش ہونا. نافرمان ہونا.

الاَلوَدُ: سرکش. نافرمان. جو عدل کی طرف مائل نہ ہو. موٹی گردن. جو لُود.

لَاذَ یَلُوذُ لَوذًا ولَوَاذًا ولِوَاذًا ولُوَاذًا ولِیَاذًا. بالجبلِ: پہاڑ میں چھپنا. پناہ گیر ہونا ـــ بالقومِ: پناہ میں آنا ـــ الطریقُ بالدارِ: راستہ کا گھر سے متصل ہونا.

لَاوَذَ لِوَاذًا ومُلَاوَذَۃً بفلانٍ: پناہ میں آنا ـــ عنہ: فریب دینا ـــ فلانًا: مخالفت کرنا القومَ: مدارات کرنا ـــ القومُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا ـــ بالقومِ: گرد گھومنا

اَلَاذَ اِلَاذۃً بالجبلِ وبالقومِ: بمعنے لاذ ـــ الطریقُ بالدارِ: احاطہ کرنا اور متصل ہونا ـــ اَلَاذَتِ الدارُ بالطریقِ: گھر کا راستہ سے متصل ہونا.

اللَّوذُ: ج. پہاڑ کا کنارہ کہا جاتا ہے "انضمّ بلوذِ الجبلِ وبالوذِہٖ" اس نے پہاڑ کے کنارے پناہ لی. وادی کا موڑ. کہا جاتا ہے "نزلوا بلوذِ الوادی" وہ لوگ وادی کے گوشہ میں اترے. کہا جاتا ہے "فلانٌ یطوفُ فی اَلواذِ البلادِ" فلاں ملک کے اطراف میں پھرتا ہے "ہو بلوذِہٖ" وہ اس کے قریب ہے. جو اَلواذ.

لَوذَانُ الشیِ: جانب.

اللَّوذَانِیۃُ: قریب رہی.

اللاذۃُ. سرخ ریشمی کپڑا جو لاذ.

التَّلوَاذُ: اسم ہے بمعنے مُلاوذۃ. کہا جاتا ہے "لہم تَلواذٌ" یعنی بعض بعض کی پناہ لیتا ہے.

لِوَاذُ الشیِ: قریب قریب. کہا جاتا ہے "لی من الدراہم مائۃٌ او لِواذُہا" میرے پاس سو یا اس کے قریب قریب درہم ہیں.

المَلَاذُ: قلعہ. جائے پناہ.

المَلاوِذُ: ازاریں. واحد. مِلوَذ.

المَلُوذۃُ: جائے پناہ.

اللُّوب. گاڑھا دودھ. جو پھوسی اور پنیر کے درمیان ہو جس کو اہل شام قریشۃ کہتے ہیں.

لَازَ یَلُوزُ لَوزًا. الیہ: پناہ لینا ـــ منہ: رہائی پانا ـــ الشیَ: کھانا.

لَوَّزَ تَلوِیزًا. التمرَ: چھوارے میں بادام بھرنا.

اللَّوزُ: بادام. واحد. لوزۃ.

اللَّوزَۃُ: حلق میں کوے کے قریب کا گوشت اور وہ دو ہوتے ہیں. اللوزتان: سرین کے دو گوشے.

کہا جاتا ہے: انہ لَعَوزٌ لَوزٌ. یعنی وہ محتاج ہے. لوز تابع ہے.

اللَّوزِیّ. بادام کی شکل کا.

المَلاز. جائے پناہ.

ارض مَلازَۃ. بادام والی سرزمین.

المُلَوَّز: بادام سے بھری ہوئی کھجور. وَجہٌ مُلَوَّز حسین و ملیح چہرہ.

اللَّوزِینَج. ایک قسم کا حلوا. لوزینہ.

لاسَ یَلُوسُ لَوسًا الحلاوات وغیرہا کھانے دغو کیلئے مٹھائی وغیرہ ڈھونڈھنا صفت لائس ولَوُوس و لَوّاس و الَوَس ــــ الشیٔ: چکھنا ــــ الشیٔ فی فمہ: منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "ہو لا یَلُوسُ کذا" وہ اتنا نہیں دیتا.

اللُّوَاسَۃ: لقمہ.

اللُّوس: جمع لائس کی جیسے بازل: بُزل کھا کہا جاتا ہے: ما ذُقتُ لَوسًا و لَواسًا یعنی میں نے نہیں چکھا.

لاصَ یَلُوصُ لَوصًا. دروازے کی جھری کو دیکھنا ــــ عنہ: الگ ہونا. ہٹنا.

لَوَّصَ تَلوِیصًا. خالص شہد کھانا.

لاوَصَ مُلاوَصَۃً. دروازے کی جھری کو دیکھنا ــــ الیہ: اس طرح دیکھنا گویا کسی ارادہ کو فریب دے رہا ہے ــــ فُلانًا عن کذا: فریب دینا ــــ الشجرۃَ: درخت کو کلہاڑی سے کاٹنے کے ارادہ سے دائیں بائیں دیکھنا.

اَلاصَ اِلاصَۃً علی الشیٔ: گھمانا. چکر دینا. ارادہ کرنا. کہا جاتا ہے "ما اَلَصتُ اَن آخُذَ مِنہ شَیئًا" میں نے اس سے کچھ لینے کا ارادہ نہیں کیا.

اُلِیصَ الرجلُ: کنگھی زدہ ہونا.

تَلَوَّصَ تَلَوُّصًا: لپٹنا. لوٹ پوٹ ہونا.

اللُّوص مص. کان یا سینہ کا درد.

اللَّوَّاص. شہد خالص.

اللُّوصَۃ. پیٹھ کا درد.

المُلاوِص. چاپلوسی کرنے والا. فریبی.

لاطَ یَلُوطُ لَوطًا الحوضَ: حوض کو مٹی سے لیپنا ــــ الشیٔ بالشیٔ: چپکانا ــــ الانسانَ: مانا دھتکارنا. کہا جاتا ہے "لاطَ الشیٔ بقلبی" چیز میرے دل میں جم گئی ــــ فُلانًا بعینٍ: نظر بد لگانا ــــ فلانًا بسہمٍ: تیر مارنا ــــ فُلانًا بفُلانٍ: لاحق کرنا نسبت کرنا ــــ الشیٔ: چھپانا ــــ لاطَ فی الامر: اصرار کرنا ــــ زیدٌ ولِیاطۃً ولاوَطَ وتَلَوَّطَ: اغلام کرنا.

لَوَّطَ تَلوِیطًا بالطیب: خوشبو سے لت پت کرنا.

اِلتاطَ اِلتِیاطًا واستَلاطَ اِستِلاطَۃً. منہ بولا بیٹا بنانا.

اِلتاطَ حَوضًا: اپنے لیے حوض میں مٹی لگانا. کہا جاتا ہے "اِلتاطَ بقلبی" یعنی میرے دل میں جم گیا.

اللِّیاط: سود. بیاج.

اللَّوط: مص. چادر. پھر تیلا مرد. سود. چپکنے والی چیز. کہا جاتا ہے: انی لاجِدُ لہ فی قلبی لَوطًا میں اپنے دل میں اس کی پیوستہ محبت کو محسوس کرتا ہوں.

الاَلوَط: اسم تفضیل. کہا جاتا ہے "ہو اَلوَطُ بقلبی" وہ میرے دل کے ساتھ زیادہ چسپاں ہے.

المُستَلاط: منہ بولا بیٹا.

لاظَہ یَلُوظُہ لَوظًا. جیسے لاکَہ.

اِلتاظَتِ الحاجۃُ: دشوار ہونا.

المِلوَظ: کپی. یا کوڑا.

لاعَہ یَلُوعُہ لَوعًا. الحبُّ: بیمار کر دینا لاعَت الشمسُ فلانًا. رنگ بدل دینا ــــ لَوعًا ولُؤوعًا الرجلُ: بزدل یا لالچی اور بداخلاق ہونا.

لاعَ یَلُوعُ ویَلاعُ لَوعَۃً. گھبرانا. تنگ دل ہونا. یا مریض ہونا. غم یا عشق سے دل جلنا.

لَوَّعَہ تَلوِیعًا. الحبُّ: بیمار کر دینا. عوام کہتے ہیں "لَوَّعَ فُلانًا": یعنی عذاب دیا.

اَلاعَہ اِلاعَۃً الشمسُ: رنگ بدل دینا ــــ الثدیُ: پستان کے سرے کا کالا اور متغیر ہونا.

اِلتاعَ اِلتِیاعًا قلبُہ: دل کا غم یا عشق سے جل اٹھنا. کہا جاتا ہے: رجلٌ ہاعٌ لاعٌ وہاعٌ ولاعٌ. یعنی بزدل اور خائف اور مونث کے لیے "ہاعَۃ لاعَۃ".

اللّاعِ: خائف یا بزدل. مریض. جمع لاعون و لاعۃ و الواع.

اللّاعَۃ: اللاع کا مونث. تیز خاطر. جمع لاعات.

اللَّوعَۃ: لاعَ کا اسم مرۃ. غم یا عشق و محبت کی جلن. کہا جاتا ہے "فی قلبہ لَوعَۃ" اس کے دل میں سوزش ہے. پستان کے سرے کی سیاہی.

لافَ یَلُوفُ لَوفًا الطعامَ: کھانا یا چبانا. لافَتِ الدابۃُ الکلاءَ: چوپایہ کا سوکھی گھاس کھانا.

اللَّوف: مص ــــ من الکلاء او الطعام: غیر مرغوب گھاس یا کھانا.

اللُّوف: ایک قسم کا پودہ ہے جس کی جڑ میں جنگلی پیاز کی طرح نکلتی ہے. واحد لُوفَۃ.

اللُّوفی: ایک قسم کی نباتات ہے جو ہرنے اسہال کے لیے مجرب ہے.

اللَّیف: خشک گھاس. (اصل اس کی لَیوِف ہے)

اللُّوافَۃ: چلیتھن.

اللَّوّاف: شطرنجی ساز.

کہا جاتا ہے: کلاءٌ مَلُوف. بارش سے تر گھاس.

لاقَہ یَلُوقُہ لَوقًا نرم کرنا. لاقَ عَینَہ: آنکھ پر مارنا ــــ الدواۃَ: دوات میں روشنائی درست کرنا. کہا جاتا ہے: "ہو لا یَلُوقُ عندکَ" وہ تمہارے پاس نہیں ٹھیرتا ہے.

لَوَّقَ تَلوِیقًا. الطعامَ: گھی یا مکھن سے تیار کرنا.

اللُّوق: نرم کی ہوئی چیز.

اللُّوق: بے وقوفی.

اللَّوقَۃ: لاقَ کا اسم مرۃ. وقت. کہا جاتا ہے: ذہبَ فلانٌ لَوقَۃً. فلاں اسی وقت گیا.

کہا جاتا ہے: ما ذاقَ لَواقًا. اس نے کچھ نہیں چکھا.

اللُّوقَۃ والاَلوقَۃ. مکھن.

الاَلوَق. بے وقوف.

المِلوَق: دوافروش کا چمچہ. (مولدۃ)

لاکَ یَلُوکُ لَوکًا. اللقمۃَ: لقمہ کو آہستہ چبانا اور منہ میں پھرانا ــــ الفرسُ اللجامَ: چبانا اور کاٹنا کہا جاتا ہے "ہو یَلُوکُ اَعراضَ الناسِ" وہ لوگوں کی عیب گیری کرتا ہے "اَلِکنی الی فلان" میرا پیغام فلاں کو پہنچا دو (اصل اَلئِکنی ہے)

اللَّوَاسُ: چبانے کی چیز کہا جاتا ہے "ما ذاقَ لَوَاسًا"

اللَّوْلَاءُ: سختی و تکلیف. کہا جاتا ہے "وَقَعَ فی اللولاء" وہ سختی میں پڑا۔

لَوْلَا: حرف تحضیض و تندیم ہے تین طریقوں پر مستعمل ہے۔

(۱) دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں پہلا جملہ اسمیہ اور دوسرا فعلیہ ہوتا ہے اور اول کے وجود سے انتفاء ثانی پر دلالت کرتا ہے جیسے "لولا زیدٌ لاکرمتُک" اگر زید موجود نہ ہوتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔

اور جب لولا کے بعد ضمیر واقع ہو تو ضمیر مرفوع ہونا چاہیے جیسے "لولا انتم لکنا مؤمنین"

اور لولای لولاک لولاہ بہت کم سنا گیا ہے۔

(۲) اور تحضیض اور عرض کے لیے اس صورت میں مضارع کے ساتھ خاص ہے چاہے حقیقۃً ہو یا تاویلاً جیسے "لولا تستغفرون اللہ" کیوں تم اللہ سے استغفار نہیں کرتے۔

اور "لولا اخرتنی الی اجل قریب"

(۳) توبیخ اور تندیم کے لیے۔ اس صورت میں ماضی کے ساتھ خاص ہے جیسے "لولا جاءوا علیہ باربعۃ شہداء" اور اصل لولا کی لو ہے جو لا کے ساتھ مرکب ہے اور اس کے لیے جواب کا ہونا ضروری ہے۔ اور اس کے جواب میں لام اکثر آتا ہے مگر جب کہ منفی بلم ہو تو لام کا داخل ہونا ممتنع ہے۔

اللَّوْلَبُ: دیکھو مادہ "لوب"

لَوْلَى لَوْلَاةً: پشت پھیرنا. کہا جاتا ہے "لولا مدبرا"

لَامَهُ يَلُومُهُ لَوْمًا وَمَلَامًا وَمَلَامَةً فی کذا و علی کذا: ملامت کرنا. صفت فاعل لائم، صفت مفعولی ملوم۔

لِيمَ بہ: کاٹا جانا۔

لَوَّمَ تَلْوِيمًا: ملامت کرنا تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔ لَوَّمَ لامًا: حرف لام لکھنا۔

لَاوَمَهُ مُلَاوَمَةً ولِوَامًا: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

أَلَامَهُ إِلَامَةً: ملامت کرنا. صفت فاعل مُلِيمٌ اور صفت مفعولی مُلَام اور اسم الملامۃ جمع ملاوم. الامَ الرجلُ: مستحق ملامت فعل کرنا.

تَلَوَّمَ تَلَوُّمًا فی الامر: انتظار کرنا. دیر کرنا.

تَلَاوَمُوا: بعض کا بعض کو ملامت کرنا.

اِلْتَامَ اِلْتِيَامًا: ملامت قبول کرنا.

اِسْتَلَامَ اِسْتِلَامًا: مستحق ملامت ہونا — الی ضیفہ: اچھا سلوک نہ کرنا — ایسم: ایسا فعل کرنا جس پر لوگ ملامت کریں.

اللَّائِمُ فا. جمع لُوَّم ولُوَّام ولُيَّم.

اللَّائِمَةُ: لائم کا مؤنث. ملامت. کہا جاتا ہے "اَحَقُّ اللائمۃ" مستحق ملامت ہے. جمع لوائم.

اللَّامُ: خوف. وجود. نزدیکی. ہر چیز کا سخت حرف لام. جمع لامات.

اللَّوْمُ: مص. ملامت. خوف.

اللُّوْمُ: لُوَم کا تخفیف شدہ.

اللُّوَمُ: بہت ملامت.

اللَّوْمَى واللَّوْمَاء: ملامت.

اللَّامَةُ: خوف. کہا جاتا ہے "جاء بلامۃ" قابل ملامت فعل کیا.

اللُّوْمَةُ: جس کو لوگ ملامت کریں. انتظار کہا جاتا ہے "لی فیہ لومۃ" مجھے اس کا انتظار ہے.

اللُّوَمَةُ: جو لوگوں کو بہت ملامت کرے.

اللَّوَّامُ اللَّوَّامَةُ: بہت ملامت کرنے والا. النَّفْسُ اللَّوَّامَةُ: وہ نفس جو کسی غلطی کے ارتکاب پر ملامت کرے.

اللَّامِيُّ. لام کی جانب منسوب.

لَامِيَّةُ العجم: طغرائی کا قصیدہ لامیہ. لامیۃ العرب: شنفری کا قصیدہ لامیہ.

کہا جاتا ہے: انت الوم من فلان. تو فلاں کو زیادہ قابل ملامت ہے.

المُتَلَوِّمُ فا. برے فعل کی وجہ سے قابل ملامت. حاجت پوری کرنے کا منتظر.

لَوَّنَ تَلْوِينًا الشیءَ: رنگین کرنا — البسرُ: پختگی کا اثر ظاہر ہونا. کہا جاتا ہے "لون الشیب فیہ" بالوں میں سفیدی ظاہر ہوئی.

تَلَوَّنَ الشیءُ: رنگین ہونا. مختلف رنگ کا ہونا — الرجلُ: متلون مزاج ہونا.

اِلْوَنَّ اِلْوِنَانًا: بمعنے تلوّن.

اللَّوْنُ: جو ایک چیز کو دوسرے سے ممتاز کرنے رنگ. جمع اَلْوَان.

اللَّوْنُ: قسم. کہا جاتا ہے "عندہ لونٌ من الثیاب" اس کے پاس کپڑے کی ایک قسم ہے. "وتناول کذا وکذا لوناً من الطعام" اس نے فلاں فلاں قسم کے کھانے کھائے. اور کہا جاتا ہے "اتی بالوان من الحدیث" اس نے مختلف قسم کی باتیں کیں.

التَّلْوِينُ: مص. تفکہ اور تلذذ کے لیے مختلف قسم کے کھانے پیش کرنا. کلام میں ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کو اختیار کرنا.

المُتَلَوِّنُ: فا. جو ایک حالت و کیفیت پر قائم نہ رہے.

لَاهَ يَلُوهُ لَوْهًا ولَوَهَانًا وتَلَوَّهَ السرابُ: چمکنا.

اللَّاهَةُ: سانپ.

لَوْهُ السراب ولَوْهَتُہ ولُؤُوهَتُہ: سراب کی چمک.

لوَاہ (واویۃ العین اللام) یَلْوِیہ لَیًّا ولَیًّا و لِیَّانًا ولَیَّانًا دینہ وبدینہ: قرض میں ٹال مٹول کرنا — فلانا بحقہ: حق کا انکار کرنا.

لَوِیَ یَلْوَی لَوًی. القدحُ او الرملُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — النبتُ: نباتات کا خشک ہونا — المعدۃ او الظہرُ: معدہ کا درد والا ہونا. پیٹھ کا خمیدہ ہونا. صفت مذکر لَوٍ. صفت مؤنث لَوِیَۃ. لُوِیَتْ لَوًی: الحیۃ: سانپ کا کنڈلی مارنا.

لَاوَتْ مُلَاوَاةً ولِوَاءً. الحیۃُ الحیۃَ: سانپ کا سانپ پر لپٹنا.

اَلْوَى اِلْوَاءً القومُ: ریت کے موڑ پر پہنچنا — الرجلُ: خشک کھیتی والا ہونا. دوسرے کے لیے جو کھانا چھپا کر رکھا ہو اس کو کھانا. امیر کے جھنڈے کو بینا

— الامیرَ لِوَاءً: امیر کا کسی کے لیے جھنڈا نصب کرنا — البقلُ: سبزی کا مرجھانا — فلان: بہت تمناکرنا — بیدہ او بثوبہ: ہاتھ یا کپڑے سے اشارہ کرنا — بہ: لیجانا — بحق فلانٍ: حق کا انکار کرنا — بمانی الانار: اپنے لیے خاص کرنا — بہم الدہرُ ہلاک کرنا — بکلامہ: کلام میں تبدیلی کرنا — النبت: نباتات کا خشک ہونا — فلانٌ اللواءَ: بلند کرنا اور نصب کرنا۔

تلوّیٰ تلوّیاً الشیَ: مڑنا — البرقُ فی السحابِ: بجلی کا بادل میں پراگندہ چمکنا۔

تَلاوَوا تَلاوِیاً علی فلان: جمع ہونا۔ وتلاویا ایک دوسرے پر لپٹنا۔

التوی التواءً القدحُ اوالرملُ: تیر یا ریت کا ٹیڑھا ہونا — علیہ الامر: دشوار ہونا — الشیَ: مڑنا — لَوِیّۃ: دوسرے کے لیے کھانا چھپا کر رکھنا

اِستَلویٰ بہم الدہرُ: ہلاک کرنا۔

اللاوُون واللاوُو: الذین کی جمع۔

اللاوی: اسم فاعل۔ ج لاوون و لُواۃ۔

اللاوی: لاوی بن یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم علیہم السلام کی جانب منسوب

سفر اللاویین۔ موجودہ بائبل کی کتابوں میں سے ایک کتاب

اللِواء: جھنڈا۔ اور یہ رایت سے چھوٹا ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ لواء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ بڑے ہونے کی وجہ سے موڑ کے رکھا جاتا ہے اور ضرورت ہی کے وقت کھولا جاتا ہے۔ ج اَلوِیَۃ والویات۔ کہا جاتا ہے: بعثوا بالسواء واللواء۔

اللَّوٰی: مص۔ معدہ کا درد۔ پشت کی کجی۔ اللوٰی: بمعنے اللاتی جمع التی۔

اللَّوی۔ باطل باتیں۔

اللِّوی: ریت کا موڑ۔ یا ریت کی تنگ جگہ۔ ج الواء والوِیَۃ۔

الاَلْواء۔ وادی کے موڑ۔ مملکت کے اطراف

اللَّوّاء: ایک پرندہ۔

اللَّیّاء۔ مونث الوی۔ پانی کو دور جگہ۔

اللاوِیاء: ایک قسم کی گھاس داغ کرنے کا آلہ۔

اللَّوۃ۔ بدصورتی۔

اللَّوّۃ واللِیّۃ: عود جس کی دھونی دی جائے

اللِیّۃ: قرابتیں۔

اللات: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام

اللَّوِیّ: خشک گھاس۔ مرجھائی ہوئی گھاس۔

اللُّوِیّ: ایک درخت کا نام۔

اللَّوِیّۃ۔ دوسرے کے لیے چھپا کر رکھا ہوا کھانا۔ ج لَوایا۔

الاَلْویٰ: سخت جھگڑالو۔ سخت جنگجو۔ تنہا گوشہ نشین۔ مونث لَیّاء۔ الالوی من الطریق: دور کا غیر معروف راستہ۔ ٹیڑھا سینگ۔ خلقۃ مڑی ہوئی دُم۔ ج لُیّ بالضم۔ اور قیاس کے مطابق لِیّ کسرہ یاء کی مناسبت سے ہونا چاہیے۔ کہا جاتا ہے: رماہ اللہ بالاَلْوی اَلوی۔ خدا اس کو بڑی مصیبت میں مبتلا کرے۔

لَوٰی رواویۃ لعین یا یئۃ اللام ایلوِی لیّاً و لَوِیّاً ولُوِیّاً الحبلَ: رسی بٹنا۔ موڑنا — الغلامُ: لڑکے کا بیس سال کا ہونا — عن الامر: سستی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَوَتِ اللیالی کفَّہ علی العصا" یعنی بوڑھا بنا دیا ر — لَیّاً ولِیّاناً) امرہ عنّی: پوشیدہ رکھنا — سترہ: چھپانا — الحزنُ قلبَہٗ: پھیر دینا — علیہ: مڑنا یا انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "مرّ لایلوی علی احدٍ" وہ اس حال میں گذرا کہ نہ تو ٹھیرتا ہے نہ انتظار کرتا ہے — رأسہ اوبرأسہ: پھیرنا یا اعراض کرنا۔ لَوَتِ الناقۃ بذنبہا: حرکت دینا — فلاناً علی فلانٍ: فضیلت دینا۔ اور کہا جاتا ہے "فلانٌ لایلوی ظہرہٗ ..."

لَوّیٰ تَلوِیۃً۔ علیہ الامر: دشوار کرنا۔ کہا جاتا ہے "لوی اعناقَ الرجال" یعنی ان کے اوپر غالب ہوگیا

الوی الواءً۔ برأسہ: پھیرنا۔ الوت الناقۃ بذنبہا دم ہلانا۔

تَلَوّیٰ تلوّیاً والتَوَیٰ اِلتِواءً الحبلُ: رسی کا بٹ جانا۔

تَلَوَّتِ الحیۃُ: کنڈلی مارنا۔

اِلتَویٰ۔ الامرُ: دشوار ہونا — عن الامر: سستی کرنا۔

المَلاوِی۔ مڑے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے "سلکوا الملاوِیَ"

مُلتَوَیٰ۔ الوادی: وادی کا موڑ۔

اللَیّۃ: لَوَی کا اسم مرۃ۔ ج لَیّات

اَلیَاَتْ اِلیاءً۔ الناقۃُ: اونٹنی کا سست چلنا۔

لاتَہٗ یلیتُہٗ لَیتاً۔ عن کذا: روکنا۔ پھیرنا۔ لاتَ زیداً حقہٗ: حق کا گھٹانا۔

اَلاتَہٗ اِلاتۃً۔ عن کذا: روکنا۔ پھیرنا۔ کہا جاتا ہے "ما الاتَہٗ من عملہٖ شیئاً" اس نے اس کے عمل میں کچھ کم نہیں کیا۔

اللِیتُ: کنارہ گردن۔ تثنیہ لیتان۔ ج اَلیات

لاتَ: دیکھو ل اَت۔

لَیتَ۔ حرف تمنی ہے۔ مستحیل پر اکثر آتا ہے جیسے لَیتَ الشبابَ یعودُ۔ کاش جوانی لوٹتی۔ اور ممکن پر کم جیسے لیت العلیلَ یصحّ۔ کاش بیمار تندرست ہوتا اور یہ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور لیت کے ساتھ ما متصل ہوتا ہے۔ مگر پھر بھی اسماء ہی پر داخل ہوتا ہے اسی وجہ سے لیتما قام زید کہنا جائز نہیں۔ اور اس وقت عمل وابطال عمل دونوں جائز ہیں۔ عمل تو اختصاص بالاسماء کی وجہ سے اور ابطال عمل دوسرے حروف مشبہ بالفعل پر حمل کی وجہ سے۔ اور جب لیت کے ساتھ یاء متکلم متصل ہو تو لیتنی و لیتی دونوں کہا جاتا ہے۔ مگر لیتی نادر ہے۔

لَیِثَ لَیَثاً ولَیّثَ تَلَیّثاً۔ تَلَیّثَ الرجلُ: شیر جیسا ہونا۔

لایَثَہٗ مُلایَثۃً۔ شیر جیسا معاملہ کرنا۔ شیر کی صفت میں فخر کرنا۔

اِستَلیَثَ۔ شیر جیسا ہونا۔

اللایِث۔ شیر۔

اللَیث۔ شیر۔ ایک قسم کی مکڑی۔ قوت و شدت زبان آور بلیغ۔ ج لُیوث ومَلیَثۃ۔

اللَیثۃ۔ شیرنی۔ منسوط اونٹنی۔ ج لَیثات۔

الاَلْیَث. بہادر. مونث لَیثا. جمع لِیثٌ اور کہا جاتا ہے ہو الیث اصحابہ وہ اپنے ساتھیوں میں زیادہ قوی اور مضبوط ہے.

المِلْیَثُ مضبوط قوی.

المُلَیَّث: موٹا. خوار و ذلیل.

اللَیاد تھوڑی چیز. کہا جاتا ہے ترکتُ لہ لَیادًا میں نے اس کے لیے کچھ نہیں چھوڑا.

لاذ یلیذ لیذا: الرجلُ: پناہ لینا.

المَلِیذ: جائے پناہ.

لَیِسَ یَلْیَسُ لَیَسًا الرجلُ: دلیر، بہادر ہونا.

—— عنہ: غافل ہونا.

لَیْسَ. مختلف طریقے سے مستعمل ہے.

(۱) نفی حال کے لیے: بہ قرینہ سوحال کے علاوہ کی بھی نفی کرتا ہے. جیسے "لیس خلق اللہ مثلہ"

اور یہ ایسا فعل ہے جس کی گردان نہیں آتی. اس کا وزن فعِل ہے مگر عین کلمہ کو تخفیفا ساکن کر دیا گیا ہے.

اور یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے جیسے لیس زیدٌ قائمًا اور اس کی خبر کا اس کے اوپر مقدم کرنا جائز نہیں اور کبھی اس کے ذریعہ سے استثنا کیا جاتا ہے جیسے جاءنی القوم لیس زیدًا اس صورت میں اسم ضمیر مستتر ہے اور جو اسم کہ بعد میں واقع ہے وہ بنا بر خبریت کے منصوب ہے.

(۲) یہ کہ خبر مع الا کے ہو جیسے لیس الطیبُ الا المسکَ

(۳) یہ کہ جملہ فعلیہ پر داخل ہو یا مبتدا و خبر اور دونوں مرفوع ہوں اور اس صورت میں اسم ضمیر شان ہوگی اور جو جملہ کہ بعد میں واقع ہوگا وہ خبر ہوگا اور محلاً منصوب ہوگا.

جیسے لیس یقومُ زیدٌ. لیس زیدٌ قائمٌ.

اور لیس کی خبر میں تاکید نفی کے لیے باء داخل کرتے ہیں اس صورت میں خبر لفظا مجرور اور محلاً منصوب ہوتی ہے. جیسے لیس اللہ بظالم.

تَلَیَّسَ الرجلُ: صاحب قوت ہونا.

تَلَایَسَ الرجلُ تَلَایُسًا: نیک خو ہونا. —— عنہ: چشم پوشی کرنا.

الاَلْیَس: مذکر. بہادر اونٹ کہ جو کچھ لاد دیا جائے اٹھا لے. خانہ نشین شیر. بیکخو. مونث لَیسا جمع لِیس کہا جاتا ہے قوم لیسٌ اُوسٌ یعنی سخت قوم ذو ابلٍ لیس علی الحوض حوض

سے نہ جدا ہونے والا اونٹ.

المُلَایِس: سُست. دیر کرنے والا.

لاصَ یَلِیصُ لَیْصًا: یکسو ہونا —— الشیَّ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا.

اَلَاصَ اِلَاصَۃً الشیَّ: اکھیڑنے کے لیے ہلانا

—— فلانا عن کذا: پھسلانا.

لاطَ یَلِیطُ لَیْطًا. چمٹنا —— الشیُّ بقلبہ: محبوب ہونا. دل سے چپکنا. —— فُلانًا بفُلان: لاحق کرنا

—— اللہ فلانا: لعنت کرنا. کہا جاتا ہے "مایلیط بہ النعیم" یعنی نعمت اس کے لائق نہیں.

لَیَّطَ بہ تَلْیِیطًا. چپکانا.

اَلَاطَہٗ اِلَاطَۃً: چپکانا.

اللِیاط: گچ. پاخانہ. سود. رنگ

اللَیْط: مع. رنگ.

اللِیْط: رنگ، کھال. عادت. ہر چیز کا چھلکا. کہا جاتا ہے "اَتیتہٗ ولیطُ الشمسِ لم یُقشَر" یعنی میں اس کے پاس دن کے ابتدائی حصہ میں قبل اس کے آفتاب کی سرخی زائل ہو آیا.

اللِیطۃ: نرکل بانس وغیرہ کا چھلکا جو چمٹا رہتا ہے. کمان. تیر کا ڈنڈا. جمع لِیط ولِیاط و اَلیاط.

لاعَ یَلِیعُ لَیَعانًا. زچ ہونا. بزدل ہونا. گھبرانا.

—— لَوعۃ و لَیعۃ) الجوعُ فلانا: بھوک کا سوزش کیا مبتلا کرنا.

اَلَاعَ: زچ ہونا. تنگ دل ہونا.

ریحٌ لَیاعٌ: تیز یا گرم ہوا.

اللَیعۃ: لاع کا اسم مرۃ لیعۃ الجوع: بھوک کی سوزش.

لاغَہٗ یَلِیغُہٗ لَیْغًا الشیَّ: پھسلانا. لاغ الشیَّ: لینے کے لیے پھسلانا.

تَلَیَّغَ: بے وقوف ظاہر کرنا.

اللِیاغۃ: بیوقوف. کہا جاتا ہے رجل لیاغۃ: بے وقوف مرد.

اللَیغ: کامل بے وقوفی.

کہا جاتا ہے: طعامٌ سَیغٌ لَیغٌ. خوش گوار کھانا.

الاَلْیَغ. صاف گفتگو نہ کر سکنے والا. بیوقوف جمع

لُیغا. جمع لُیغ اور اسی سے مثل ہے "ذری بما عندک یا لیغاء" اے بیوقوف عورت جو کچھ تیرے دل میں ہے اس کو بیان کر.

لافَ یَلِیفُ لَیْفًا. الطعام: کھانا

لَیَّفَتْ تَلْیِیفًا. فَسِیلۃُ النخل: بہت اور موٹی چھال والا ہونا. لَیَّفَ فلانٌ اللیفَ: لیف کو بنانا

الْتَیَفَ فلانا: کسی کی کھال کو کھجور کے ریشے سے ملنا.

اللِیف: کھجور کے درخت کی چھال. واحد لیفۃ

اللِیفانی. کھجور کی چھال کے مشابہ.

لحیۃ لیفانیۃ. گھنی اور پھیلی ہوئی داڑھی.

المُلَیِّف: حمام میں کھجور کی چھال سے بدن کھلنے والا ملازم.

لاقَ الدَّواۃَ یَلِیقُہا لَیقًا ولَیقۃً. صوف ڈالنا. روشنائی درست کرنا. دوات کو مَلیقۃ کہتے ہیں. لاقت الدواۃُ: روشنائی کا صوف سے چمٹنا.

لاقَ یَلِیقُ لَیقًا ولِیاقۃً ولَیاقًا ولَیقانًا بفلان: پناہ لینا اور چمٹنا —— بہ الثوبُ: بدن کے مناسب ہونا. کہا جاتا ہے "مالقتْ بعدک بارضٍ" میں تیرے بعد کسی زمین میں نہیں رہا. "وہذا الامر لایلیق بک لایلیقک" یہ کام تمہارے مناسب نہیں اور کہا جاتا ہے "مایلیق ان تفعل کذا" تمہارے لیے یہ مناسب نہیں کہ تم ایسا کرو. "وفلانٌ لایلیقُ ببلدٍ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھیرتا.

لَیَّقَ الطعامَ: کھانے کو نرم کرنا —— الثریدَ بالسمن: زیادہ گھی ڈالنا.

اَلَاقَ الدواۃَ اِلَاقۃً. صوف ڈالنا اور روشنائی درست کرنا —— فلانا بنفسہ: اپنے ساتھ لگا لینا. کہا جاتا ہے "ما الاقتنی البصرۃ" یعنی میں بصرہ میں نہیں ٹھیرا. "وفلانٌ مایُلیقہ بلدٌ" فلاں کسی شہر میں نہیں ٹھیرتا. "وفلانٌ مایُلیق بیدہ شیئًا" یعنی فلاں کے ہاتھ میں کوئی چیز نہیں ٹھیرتی. "وہذا سیفٌ لایُلیق شیئًا" یعنی یہ ایسی تلوار ہے کہ ہر چیز کو کاٹ دیتی ہے

اِلْتاقَ اِلتیاقًا فلانٌ بفلان: دوستی کرنا —— لہ: چمٹنا —— الرجلُ: بے نیاز ہونا. اور کہا جاتا ہے "التاقَ قلبی بفلان" میرا دل فلاں کے ساتھ لگ گیا.

اِسْتَلَاقَہٗ بہ: چپکانا.

اللَّیَاق: چراگاہ. ثابت قدمی. مستقل مزاجی.

اللِّیَاق: آگ کا شعلہ.

اللِّیق: ایک سیاہ چیز ہے جس کو سرمہ میں ملاتے ہیں.

اللِّیَق: چھوٹے چھوٹے بادل کے ٹکڑے.

اللِّیقَۃ: اسم ہے لاقَ سے. دوات کا صوف دوات میں لگانے کی گُتّی. جمع لِیَق.

وجہ مُلْتَاق: خوب صورت و دل پسند چہرہ اور اصل مُلْتَاق ہے.

لَایَلَہٗ مُلَایَلَۃً: رات کے لیے اجرت پر لینا. اور کہا جاتا ہے "عَامَلَہٗ مُلَایَلَۃً" بیل ہی جیسے "عاملہ مُیَاوَمَۃً" یوم سے.

اَلْاَلَیَ القَوْمُ اِلْآلَۃً وَالْیَلُوا الیالا: رات میں داخل ہونا.

لَیْلٌ لَائِلٌ: لمبی کالی رات. مہینے کی کالی رات.

اللَّیْل: رات (مذکر و مونث) جمع اللَّیَالِی. یا کی زیادتی کے ساتھ خلاف قیاس. اور لَیَائِل بھی کہا گیا ہے.

اور کہا گیا ہے کہ لیل واحد معنی میں جمع کے ہے اور اس کا واحد لَیْلَۃ ہے جیسے تَمْر تَمْرَۃ. اور کہا گیا ہے کہ لیل مثل لیلۃ ہے جیسے کہ عَشی وعَشیۃ مگر فرق یہ ہے کہ لیل نہار کے مقابل ہے اور لیلۃ یوم کے.

اللَّیْلِی: لیل کی جانب منسوب. وہ شخص جو رات کو چلنا پسند کرے.

لَیْلَی الخَمر: شراب کا نشہ. اُمُّ لَیْلَی: کالی شراب.

لَیْلَۃٌ لَیْلَاءُ و لَیْلَی: سخت کالی طویل رات. جیسے لَیْلٌ لَائِلٌ.

اللَّیْلَۃ: رات. یا لیل کا واحد. جمع لَیْلات.

لَیْلٌ الیل و مُلَیَّلٌ: سخت کالی طویل رات مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے.

اللیم. صلح. شکل صورت میں مشابہ. کہا جاتا ہے "ہو لِیمہٗ" وہ اس کے شکل و صورت میں مشابہ ہے.

اللَّیمُون. لیمو. (دخیل)

لَانَ یَلِینُ لِینًا و لَیَانًا و لِینَۃً: نرم ہونا صفت لَیِّن و لَین. اور اسم اللیان بمعنے نرمی.

لَیَّنَ الشَّیَ تَلْیِینًا و الَانَہٗ اِلَانَۃً و الْیَنَہٗ اِلْیَانًا: نرم کرنا. کہا جاتا ہے. اَلَانَ لِلقَومِ جَنَاحَہٗ. اس نے قوم سے نرم برتاؤ کیا.

لَایَنَہٗ مُلَایَنَۃً و لِیَانًا: نرمی کرنا نرم برتاؤ کرنا. مداہنت کرنا.

تَلَیَّنَ الشَّیَ تَلَیُّنًا: نرم ہونا ــــ لِفُلَانٍ چاپلوسی کرنا.

اِسْتَلَانَ اِسْتِلَانَۃَ الشَّیَ: نرم سمجھنا. نرم پانا.

اللَّیَان ہم. آسودہ زندگی. کہا جاتا ہے ہو فی لَیَانٍ مِنَ العَیْشِ وہ آسودہ زندگی اور ناز و نعمت میں ہے.

اللَّیِّن: نرم. جمع لَیِّنُون. اور اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے مثل ہَیِّن لَیِّن.

اللِّین ہم. عجوہ کھجور کے علاوہ ہر ایک قسم کی کھجور کا درخت واحد لِینَۃٌ.

اللَّیْنَۃ: لَیِّن کا مونث. لان کا اسم مرۃ. تکیہ اور اس کو نرمی کی بنا پر لِینہ کہتے ہیں.

اللِّیْنَۃ ہم لان کا اسم نوع. کمزوری کا ڈھیلاپن.

اللَّیَانَۃ: نرمی.

اللَّیِّن: نرم. جمع لَیِّنُون. و اَلْیِنَاء.

الاَلْیَن: نرم. جمع اَلَاین. بہت نرم.

المَلْیَنَۃ: نرمی. کہا جاتا ہے انہ لَذُو مَلْیَنَۃ وہ نرمی و مہربانی والا ہے.

المُلَیِّن من الادویۃ. قبض کشا دوا.

اللَّیْنُوفَر و النَّیْلُوفَر: کنول کا پھول.

لَاہَ یَلِیہ لَیْہًا: چھپنا. بلند ہونا.

اللِّیوَان: ایوان. محل جو کشادہ ہو اور تین طرف سے گھرا ہوا ہو.

اللِّیَاء. بایۃ العین واللام ایک قسم کا سفید غلہ.

(ــــ واللَّیَاء) پانی سے دور جگہ.

م

م۔ حرف ہے جو جمع ذکور پر دلالت کرتا ہے جیسے "ذٰلکم بما کنتم تستکبرون فی الارض" اور کبھی حرف قسم ہوتا ہے اور لفظ اللہ کے ساتھ مخصوص ہے جیسے "م اللہ لافعلن" اور کبھی حروف جر کے بعد استفہام ہوتا ہے جیسے بم وعلامَ اور اصل میں یہ ما استفہامیہ ہے جس میں سے الف محذوف ہے۔ اور میم کی حرکت فتحہ کی باقی رہ گئی۔

ما۔ دو قسمیں ہیں۔ حرفیہ و اسمیہ۔

حرفیہ کی چند قسمیں ہیں۔

(۱) نافیہ۔ جیسے "ما ہٰذا بَشَرًا"

(۲) زائدہ جیسے "فبما رحمۃٍ من اللہ لِنتَ لہم"

(۳) کافہ جیسے "کانما یُساقون الی الموت"

(۴) مصدریہ جیسے "وضاقت علیہم الارض بما رحُبت"

(۵) مصدریہ ظرفیہ جیسے "واوصانی بالصلوٰۃ والزکوٰۃ ما دُمتُ حیًا"

اسمیہ کی قسمیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) استفہامیہ۔ اور اس سے غیر ذوی العقول کے متعلق سوال ہوتا ہے جیسے "ما عندکَ" تمہارے پاس کیا ہے۔ اور ذوی العقول کی صفات کے متعلق بھی سوال کیا جاتا ہے جیسے "ما زیدٌ" اس کے جواب میں مثلاً عاقل یا احمق کہا جائیگا۔

اور جب اس پر حرف جار داخل ہو تو الف محذوف ہوتا ہے اور فتحہ میم پر باقی رہتا ہے جیسے بِمَ و علامَ اور کبھی میم ساکن کیا جاتا ہے

(۲) موصولہ جیسے "ما عندکم ینفد وما عند اللہ باقٍ"

(۳) وہ جو جزا کے لیے ہو جیسے "ما تفعل افعل"

(۴) وہ جو تعجب کے لیے ہو جیسے "ما احسن زیدًا۔

(۵) وہ جو فعل کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جیسے "بلغنی ما صنعتَ"

(۶) وہ جو نکرہ ہو اور اس کے لیے صفت لازم ہے جیسے "مررتُ بما معجبٍ لک"

(۷) وہ جو ابہام کے لیے ہو جیسے "اعطنی کتابًا ما" یعنی کوئی کتاب مجھے دو۔ "جا۔ لامرٍ ما" کسی کام کے لیے آیا۔ اس کا نام ابہامیہ ہے۔ اور غسلتہ غسلًا نعما کی تقدیر غسلتہ نعم الغسل ہے۔

الماھیۃُ من الامر او الشئ: حقیقت۔ طبیعت قوام شئ یا ہر وہ چیز جو ما ہو کے جواب میں واقع ہو۔

الماء: دیکھیے موہ۔

مَؤُجَ (ک) مُؤُوجۃً: بے وقوف ہونا ــــ الماءُ: پانی کا کڑوا و کھاری ہونا۔

المأج: بے وقوف۔ مضطرب۔ اضطراب۔ کڑوا کھاری پانی۔

مَأَدَ (ف) مَأْدًا۔ النباتُ او الشجرُ: نباتات کا لہلہانا۔ تر و تازہ ہونا۔ جڑ میں پانی بہتا ہوا ہونا۔ نرم و نازک ہونا۔

اَمْأَدَ الریُّ النباتَ: نباتات کو تر و تازہ کرنا۔

اِمْتَأَدَ الخیرَ: بھلائی حاصل کرنا۔

المأْد والیَمْؤُود۔ تر و تازہ و نرم نازک۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ او غصنٌ مأدٌ و یمؤودٌ" "وجاریۃٌ مأدۃٌ و یمؤودۃٌ" نرم و نازک (مرد یا شاخ یا لڑکی)

المئید: نازک۔ ناز پروردہ۔

مَأَرَ (ف) مَأْرًا۔ السقاءَ: وسیع کرنا ــــ بین القوم: فساد کرا دینا۔ فساد پر اکسانا۔

مَئِرَ (س) مَأَرًا۔ الجرحُ: زخم کا خراب ہونا اور سوجنا ــــ علی فلانٍ: دشمنی سوچنا۔

اِمْتَأَرَ علی فلانٍ: کینہ کرنا۔

مَاءَرَہٗ مِئَارًا و مُمَاءَرۃً۔ مفاخرت کرنا ــــ فی فعلہ: برابری کرنا۔ مَاءَرَ بین القوم: فساد ڈالنا۔ فساد پر اکسانا۔

تَمَاءَرَ تَمَاؤُرًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

المئِر من الامور: سخت و دشوار۔ (ــــ و المئِر) فساد انگیز۔

المِئْرۃ: عداوت۔ چغلخوری۔ جمع مِئَر۔

امرٌ مئِیرٌ: سخت۔

مَأَسَ (ف) مَأْسًا علیہ: غضبناک ہونا ــــ بین القوم: فساد انگیزی کرنا ــــ الدبّاغ الجلدَ: چرم ساز کا کھال کو مُنڈانا ــــ و مَئِسَ (س) مَأَسًا) الجرحُ: زخم کا کشادہ ہونا۔

المأس: ج م۔ وہ شخص جو کسی کی نصیحت قبول نہ کرے۔

المائسُ المأْسُ المَؤُوسُ المِمْأَسُ و المِمْآس: چغل خور۔ فساد انگیز۔

مَأَشَہٗ (ف) مَأْشًا عنہ بلدًا: دفع کرنا۔ ہٹانا مَأَشَ المطرُ الارضَ: سیراب کرنا۔ مطر کو مَئِیش کہتے ہیں۔

مَئِقَ (س) مَأَقًا الصبیُّ: سسکی لینا۔ صفت مَئِقٌ ــــ الرجلُ: شدت غیظ سے رونے لگنا۔

اَمْأَقَ: سسکی لینا۔

اِمْتَأَقَ: سسکی لینا ــــ غضبُہٗ: سخت غضبناک ہونا ــــ الی البکاء: روانسا ہونا

المأْقُ والمُؤْقُ والمُوقُ ج آماقٌ و اَمْآقٌ و مَوَاقٍ و مآقٍ۔ و المُؤْقِیُ والمُوْقِیُ والمأْقِیُ۔ ج مَآقٍ: ناک کی طرف کا گوشۂ چشم۔ المُؤْقُ والمُوقُ من الارض: زمین کے پست کنارے جمع آماق

المأَق: زیادتی گریہ۔

المأقۃ: شرم و عار سے کراہت۔ شدۃ غضب حمیت۔

المئِق: جلدی رو پڑنے والا۔ اور اسی سے مثل ہے "انا تئِقٌ وانت مئِقٌ" دو مختلف مزاج لوگوں پر بولی جاتی ہے اس لیے کہ تئِق جلدی سے شرارت کرنے والے کو اور مئِق جلدی سے رونے والے کو کہتے ہیں۔

المأقۃ: سسکی۔ گریہ و زاری۔

المواقِیُ: ناک کی طرف سے آنکھ کے گوشے واحد ماقِیٌ۔

مَأَلَ وَمَئِلَ (ف س) وَمَؤُلَ (ک) مُؤُولَةً ومَآلَةً. موٹا ہونا. صفت مَئِل ومَآل. کہا جاتا ہے "جَاءَهُ أمرٌ مَا مَأَلَ لَهُ مَأْلًا" اس پر ایسا معاملہ آپڑا جس کے لیے وہ تیار نہیں تھا اور نہ اس کو اس کا علم تھا.

المَأْل: جائے پناہ.

المَأْلَة: باغ کچی. جمع مِئَال.

المُمْتَئِل: لمبا سیدھا مرد.

المَأْلَج: کرنی. کہگل کرنے کا آلہ جمع مَآلِج (دخیل) اس کے لیے فصیح عربی المَسِيعَة ہے.

مَأْمَأَت مَأْمَأَةً. الشَّاةُ أوِ الظَّبْيَةُ: بکری یا ہرن کا ممیانا.

مَأَنَ (ف) مَأْنًا. الرَّجُلَ: ناف پر مارنا. چوکنا رہنا بیزار کرنا ـــ القومَ: نان نفقہ برداشت کرنا اور مان بمعنی اجوف واوی سے بھی مستعمل ہے "أتَانِي مِنَ الأَمْرِ مَا مَأَنْتُ لَهُ أوْ مَا مَأَنْتُ مَأْنَهُ" مجھے یہ معاملہ پیش آیا اور میں نے اس کی پروا نہیں کی. اور نہ مجھے اس کا علم ہوا. "إِمْأَنْ مَأْنَكَ وَاشْأَنْ شَأْنَكَ" یعنی جو تمھیں اچھا معلوم ہو کرو. "دانا آتَانه"

مَأَّنَ تَمْئِينَةً: الشَّيءَ: تیار کرنا ـــ فلانًا: خبردار کرنا. جتانا (ـــ ومَارَنَ) في الأمرِ: غور کرنا سوچنا.

تَمَاءَنَ تَمَاؤُنًا الشَّيءُ: پرانا ہونا. کہنہ ہونا.

المَأْنَة: ناف. ناف کا گرداگرد. جمع مَأْنَات ومُؤُون. خلاف قیاس جیسے بَدْرَة وبُدُور (ـــ والمَأَن) کمر. المَأْن: کدال.

المُؤْنَة والمَؤُونَة: خوراک. سختی و بوجھ جمع مُؤَن.

المَئِنَّة: علامت.

المَمْأَنَة: سزاوار. لائق. مناسب. کہا جاتا ہے "هُوَ مَمْأَنَةٌ لِكَذَا" یعنی وہ اس کے مناسب ہے.

مَأَى يَمْؤُو مَأْوًا وَمُوَاءً. السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا.

مَأَى يَمْؤُو مَأْوًا. الجِلْدَ: کھال کو پھیلانے کے لیے کھینچنا ـــ بَيْنَهُم: فساد انگیزی کرنا.

تَمَأَّى تَمَئِّيًا الجِلْدُ: کھال کھنگر چوڑی ہونا ـــ الشَّرُّ بَيْنَهُم: فساد پھیلنا.

المَأْوَة: پست زمین جمع مَأْو.

مَأَى يَمْأَى مَأْيًا. الجِلْدَ: کھال کو کھینچنا ـــ القومَ: اپنے کو شامل کرکے سو پورا کرنا قوم کو مئیون کہتے ہیں ـــ بَيْنَهُم: فساد انگیزی کرنا ـــ في الأمرِ: مبالغہ کرنا ـــ الشَّجَرُ: درخت کا پتوں والا ہونا.

أَمْأَى إِمْآءً. القومُ: سو ہونا. صفت مُمْؤُون ـــ القومَ: اپنے آپ کو شامل کرکے سو پورا کرنا.

تَمَأَّى تَمَئِّيًا. السِّقَاءُ: کشادہ ہونا. پھٹنا ـــ الشَّرُّ بَيْنَ القَومِ: فساد پھیلنا.

المِائَة: سو. جمع مِئَات ومِئُون ومِئُون ومِئِي. اور نسبت کے لیے مِئَوِي. لفظ مائۃ میں الف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا. کہا جاتا ہے "شَارَطَهُ مُمَاءَاةً" یعنی اس نے سو کی شرط کی جیسے کہا جاتا ہے شَارَطَهُ مُؤَالَفَةً یعنی ہزار کی شرط کی.

مَتَّهُ (ن) مَتًّا. کھینچنا ـــ الحَبْلَ: رسی کو بغیر چرخی کے کھینچنا ـــ إلَى فُلانٍ بِقَرَابَةٍ: تعلق پیدا کرنا. کہا جاتا ہے "مَتَّتْ بَيْنَنَا رَحِمٌ مَاتَّةٌ" ہمارے درمیان قرابت قریبہ ہے ـــ هُ: قرابت ڈھونڈنا.

مَاتَّ فُلانًا: قرابت یاد دلانا.

المَاتَّة. جمع مَوَاتّ والمُتَات وسیلہ. قرابت. رشتہ داری.

مَتَأَهُ (ف) مَتْأً بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا.

مَتَحَ (ف) مَتْحًا المَاءَ: پانی نکالنا ـــ الدَّلْوَ وبِهَا: ڈول کھینچنا. صفت مَاتِح ومَتُوح ـــ فلانًا: مارنا. پھاڑنا ـــ الشَّيءُ: کھیڑنا ـــ الشَّجَرَةَ: کاٹنا ـــ الخَمْسِينَ: پچاس کے قریب ہونا.

مَتَّحَ ومَتَّخَ وامْتَتَحَ الجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین پر دم کو پٹکنا.

امْتَتَحَ الشَّيءَ: جڑ سے کھینچنا.

تَمَتَّحَتِ الإبِلُ في سَيْرِهَا: اچھا تیز ہوکر آرام میں

المَتُوح: پانی نکالنے والا. دور بِئْرٌ مَتُوحٌ: قریب پانی والا کنواں.

المَتَّاح. بہت لمبا. کہا جاتا ہے يَوْمٌ مَتَّاحٌ وفَرْسَخٌ مَتَّاحٌ.

مَتَخَ (ن ض) مَتْخًا. الشَّيءَ: اکھیڑنا. کاٹنا ـــ الجَرَادُ: ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین پر دم مارنا ـــ بِالدَّلْوِ: کھینچنا ـــ هُ بِالسَّهْمِ: تیر مارنا ـــ فلانًا: مارنا اور دور کرنا ـــ الشَّيءُ: بلند ہونا ـــ في الشَّيءِ: گڑنا ـــ بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا ـــ الشَّيءَ: بلند کرنا ـــ الخَمْسِينَ: پچاس کے قریب ہونا ـــ الجَارِيَةَ: جماع کرنا.

امْتَلَخَ الشَّيءَ: کھینچنا.

عُودٌ مِتْيَخٌ. نازک لمبی لکڑی.

المِتْيَخَة: چھڑی. لاٹھی. کوڑا.

مَتَدَ (ن) مُتُودًا بِالمَكانِ: اقامت کرنا.

مَتَرَ (ن) مَتْرًا. الشَّيءَ: کاٹنا ـــ الحَبْلَ: رسی کھینچنا ـــ بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا ـــ الجَارِيَةَ: جماع کرنا.

تَمَاتَرَ: گرنا. تَمَاتُرُ الشَّيءِ: کھینچنا.

امْتَتَرَ امْتِتَارًا. الحَبْلَ: رسی کھینچنا. اس کی اصل امْتَتَرَ ہے پہلی تا کو میم سے بدل دیا گیا ہے.

المِتْر: میٹر.

مَتَزَ (ن) مَتْزًا بِسَلْحِهِ: بیٹ کرنا.

مَتَسَ (ض) مَتْسًا الشَّيءَ: اکھیڑنے کے لیے جھکانا (ـــ ن) مَتْسًا) بِالعَيْسِ: پاخانہ کرنا.

مَتِشَتْ (س) مَتَشًا عَيْنُهُ: آنکھ کا بسبب یا بھوک کی وجہ سے چندھیا جانا. صفت أَمْتَش مونث مَتْشَاء جمع مُتْش.

مَتَشَ (ض) مَتْشًا الشَّيءَ: انگلیوں کو بکھیرنا جمع کرنا ـــ أَخْلافَ النَّاقَةِ: آہستہ آہستہ دوہنا.

المَتْشُ والمُتَشُ. جانوروں کے ناخن کی سوجن.

مَتَعَ (ف) مَتْعًا ومُتْعَةً. بِالشَّيءِ: لے جانا.

مَتَعَ (ف) مُتُوعًا الشَّيءُ: لمبا ہونا ـــ النَّهَارُ: دن کا بلند ہونا ـــ النَّبِيذُ: نبیذ کا سخت سرخ ہونا

ـــ الرجلُ : زیرک ہونا ـــ السرابُ : دن کے ابتدائی حصہ میں بلند ہونا ـــ الحبلُ : رسی کا مضبوط ہونا ـــ مَتْعاً و مُتُعاً بفلانٍ : جھوٹ بولنا ـــ مَتْعاً و مُتْعَةً بالشئ : لے جانا۔

مَتُعَ (ک) مَتاعَةً الرجلُ : زیرک ہونا۔

مَتَّعَ الشئَ : لمبا کرنا ـــ ہ اللہُ : طویل عمر دینا ـــ ہ اللہُ بکذا : مدت تک نفع اٹھانے دینا ـــ المرأۃَ المطلقۃَ : مطلقہ عورت کو متعہ دینا۔

أَمْتَعَہُ اللہُ بکذا : مدت تک نفع اٹھانے دینا اور کہا جاتا ہے "أَبقاکَ اللہُ و أَمتَعَ بکَ" یعنی اللہ تمہاری عمر دراز کرے۔ أَمتَعَ بمالہ : فائدہ اٹھانا ـــ عن کذا : بے نیاز ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَمتَعَنی بفراقِہ" اس نے اپنے فراق وجدائی کا سامان مجھے دیا۔

تَمَتَّعَ و استَمتَعَ بکذا و من کذا : مدت تک فائدہ اٹھانا ـــ بمالہ : آسودگی کے ساتھ زندگی بسر کرنا تمتّع : حج تمتع کرنا۔

المَتْع المَتَع : مکر۔

المُتْعَۃ : اسم ہے تمتیع کا۔ تھوڑا توشہ۔ تھوڑی خوراک۔ شکار یا کھانا جس سے فائدہ اٹھایا جائے کہا جاتا ہے "ابغِنی مُتعَۃً أعیشُ بہا" میرے لیے تھوڑی خوراک تلاش کر جس سے زندگی بسر کرسکوں المُتْعَۃ : مشکیزہ۔ ڈول۔ رسی۔ مُتعۃُ المرأۃِ : قمیص ازار چادر جو مطلقہ عورت کو دیا جائے اور اس کو مُتعۃُ الطلاق بھی کہتے ہیں۔

المَتاع : چاندی وسونے کے علاوہ سامان زندگی۔ ہر وہ چیز جس کو انسان پہنے یا بچھاوے ہر وہ چیز جس سے تھوڑا سا فائدہ اٹھایا جائے پھر فنا ہوجائے۔ کہا جاتا ہے "انما الحیوۃ الدنیا متاع" ج أَمْتِعَۃ۔ جج أَماتِع و أَماتیع۔

الماتِع فا۔ ہر چیز کا لمبا۔ ہر چیز کا عمدہ۔ نہایت عمدہ۔ بہت سرخ شراب وغیرہ۔ جھکی ہوئی ترازو مثلہ و جانچی ہوئی رسی۔ رجلٌ ماتِع : افعال خیر میں کامل۔

مَتَکَ (ن) مَتْکاً الشئَ : کاٹنا۔

مَاتَکَ مُماتَکَۃً فی البیع : بیع کی نہایت مرغوب

ہونا۔

تَمَتَّکَ الشرابَ : گھونٹ گھونٹ پینا۔

المَتْکُ و المُتْکُ و المُتُکُ۔ مکھی کی ناک۔ لیموں۔ سوسن۔ مَتکُ الذبابِ : مکھی کی بیٹ۔

مَتَلَ (ن) مَتْلاً الشئَ : ہلانا۔ زور سے ہلانا۔

مَتُنَ (ک) مَتانَۃً۔ مضبوط و قوی ہونا صفت مَتْنٌ و مَتینٌ۔

مَتَنَ (ن) مُتُوناً بالمکان : اقامت کرنا ـــ الرجلُ : قسم کھانا۔ سفر کرنا ـــ بفلانٍ : پورے دن ساتھ چلنا ـــ الشئَ : کھینچنا ـــ الکبشَ : مینڈھو کے بیضہ کو مع رگوں کے نکالنا ـــ ہ بالسوطِ : کوڑے سے بہت مارنا۔

مَتَنَ (ن و ض) مَتْناً و أَمْتَنَ۔ پیٹھ پر مارنا۔

مَتَّنَ الشئَ : مضبوط بنانا ـــ الدلوَ : ڈول کو مضبوط باندھنا ـــ الخیمۃَ : خیمہ کو مضبوط کسنا ـــ الطعامَ : مصالحہ سے عمدہ بنانا ـــ لمن سابَقَہ : آگے بڑھنے والے سے یہ کہنا کہ فلاں مقام پر آگے بڑھ جاؤ اور میں تم سے آکر مل جاؤں گا۔

ماتَنَ فلاناً : ٹالنا۔ بہت دور کردینا ـــ ہ فی الشعرِ : مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بینَہما مُماتَنَۃٌ" ان کے درمیان ہر چیز میں مقابلہ ہے۔ ماتَنَ الرجلُ : جیسا معاملہ اس کے ساتھ کیا گیا ہے ویسا ہی کرنا

تَماتَنَ الشاعِران فی الشعرِ : باہم مقابلہ کرنا۔

المَتْن مـ۔ پیٹھ (مذکر و مونث) مَتنُ الشئَ : چیز کا ظاہری حصہ۔ مَتنُ الأرضِ : زمین کا بلند و ہموار حصہ ـــ الطریقِ : راستہ کا وسط ـــ الکتابِ : کتاب کی اصل عبارت شرح و حاشیہ کے علاوہ ـــ اللغۃِ : لغت کے اصول و قواعد اور اس کے مفردات۔ کہا جاتا ہے "سارَ مَتنَ النہارِ" یعنی سارے دن چلتا رہا مَتنا الظہرِ : پیٹھ کے دونوں طرف کے پہلو۔ ج مِتان و مُتُون۔

المَتْنَۃ : سخت و بلند زمین۔ مَتْنَۃُ الظہرِ : پیٹھ کا پہلو۔ ج مِتان و مُتُون۔

المَتِین : مضبوط۔ قوی۔ کہا جاتا ہے "حبلٌ متینٌ" مضبوط رسی و رائٌ متینٌ : فی رایہ متانۃٌ

سنجیدہ رائے۔ اس کی رائے میں سنجیدگی ہے۔ اور متین اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ یعنی باری تعالیٰ قوی و غالب ہے اس کو افعال میں مشقت اور کلفت لاحق نہیں ہوتی۔ ج مِتان۔

المِتان۔ دو ستونوں کے درمیان کا فاصلہ ج مُتُن۔

التَّمْتِین ج (ـــ و التُّمتان) خیمہ کی رسیاں ج تَماتِین۔

الماتِن فا۔ متن کتاب کا لکھنے والا۔

سیرٌ مُماتِن : سفر بعید۔ کہا جاتا ہے "سارَ سیراً مُماتِناً" وہ تیز چلا۔

مَتِہَ (س) مَتَہاً۔ گمراہی میں مبتلا ہونا۔

مَتَہَ (ف) مَتْہاً۔ الدلوَ : ڈول کھینچنا۔

تَمَتَّہَ۔ حیران ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ بغیر خوبی کے وصف کا طالب ہونا۔ تکبر کرنا۔ بعید ہونا۔ مبالغہ کرنا۔ گمراہی اور بیہودہ باتوں میں مشغول ہونا۔

تَماتَہَ عن الشئِ : غفلت برتنا ـــ القومُ : دور ہونا۔

مَتا یَمْتُو مَتْواً الشئَ : کھینچنا۔ مَتاہ بالعصا : لاٹھی سے مارنا۔

أَمْتیٰ إمْتاءً : بری چال چلنا۔ زیادہ رزق والا ہونا۔ بڑی عمر والا ہونا۔

تَمَتّیٰ۔ لغت ہے تمطّی میں بمعنے انگڑائی لینا

مَتیٰ۔ اسم استفہام ہے زمانہ کے لیے۔ اسم شرط ہے جملہ شرطیہ کے دونوں فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "متیٰ أَضعِ العِمامۃَ تعرِفونی"

مَتیٰ یَمْتی مَتْیاً الشئَ : کھینچنا۔

مَثَّ (ن) مَثّاً العظمُ : ہڈی سے گودا بہہ جانا ـــ الزِقُّ و السِقاءُ : ٹپکنا ـــ الرجلُ : موٹاپے کی وجہ سے پسینہ آنا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ یَمُثُّ" جبکہ کوئی موٹا آدمی آئے اور اس کی کھال پر موٹائی کی وجہ سے کچھ تیل کا سا اثر معلوم ہو۔ مَثَّ یدَہ : رومال سے ہاتھ پونچھنا ـــ شارِبَہ : مونچھ کی چکناہٹ کو ہاتھ سے پونچھنا ـــ الجرحَ : زخم سے پیپ اور مادہ فاسد کو صاف کرنا ـــ الحدیثَ : بات پھیلانا

نَبتُ مَثَّاث. ترگھاس۔

مَثَجَ (ن) مَثجاً الشئَ: ملانا ــــ فلاناً: کھلانا ــــ البئرَ: کنواں صاف کرنا ــــ بالعطیۃِ: بخشش کرنا۔

مَثَدَ (ن) مَثداً بینَ الحجارۃِ: چھپ کر گھات میں بیٹھنا اور دیدبانی کرنا ــــ الرجلَ: دیدبان مقرر کرنا۔

الماثِد: فا. نگہبان. دیدبان۔

مَثَطَ (ن) مَثطاً. ہاتھ سے زمین میں کسی چیز کو گاڑنا۔

مَثَعَ (ن س ف) مَثعاً المرأۃُ: عورت کا بری چال چلنا۔

تَمَثَّعَ: بجو کا چلنا۔

المَثعاء: بدبودار بجو۔

مَثَلَ (ن) مُثُولاً فلاناً: مانند ہونا ــــ القمرُ: ظاہر ہونا. غائب ہونا ــــ الرجلُ: زمین سے چمٹنا. اپنی جگہ سے ہٹنا ــــ التمثالَ: مجسمے بنانا ــــ فلاناً بفلانٍ: مشابہت دینا۔

مَثَلَ (ن ض) مَثلاً و مُثلۃً بالرجلِ: عذاب دینا ــــ بالقتیلِ: مثلہ کرنا. ناک کان وغیرہ کاٹنا۔

مَثَلَ (ک ن) مُثُولاً بینَ یدَی فلانٍ: کسی کے سامنے کھڑا ہونا۔

مَثُلَ (ک) مَثالۃً. فضل ہونا۔

مَثَّلَ تمثیلاً الشئَ لفلانٍ: ہوبہو تصویر بنانا ــــ الحدیثَ وبالحدیثِ: بیان کرنا ــــ مَثَّلَ بفلانٍ: عذاب دینا ــــ بالقتیلِ: مثلہ کرنا ــــ المثالَ: نمونہ بنانا ــــ التماثیلَ: مجسمے بنانا ــــ تمثیلاً و تمثالاً الشئَ بالشئِ: مشابہت دینا۔

ماثَلَہ مماثلۃً: مشابہت دینا. ماثلہ بفلانٍ: تشبیہ دینا۔

أمثَلَہ: فلاناً بہ: مانند بنانا ــــ الحاکم فلاناً: قصاص میں قتل کرنا ــــ الحاکم فلاناً من فلانٍ: قصاص لینا۔

تَمَثَّلَ الحدیثَ وبالحدیثِ: بیان کرنا ــــ الشئَ: مثال کا تصور کرنا ــــ لہ الشئُ: تصور ہونا ــــ بالشئِ: مثال دینا. کہا جاتا ہے "ہذا البیتُ مَثَلٌ یُتَمَثَّلُ بہ" یہ شعر مثال ہے جس کی مثال دی جاتی ہے ــــ منہ: بدلہ لینا ــــ بینَ یدیہ: سامنے کھڑا ہونا. تمثل مثالاً: نمونہ بنانا ــــ بہ: مشابہ ہونا۔

اِمتَثَلَ المثلَ وبالمثلِ: بیان کرنا ــــ الامرَ: فرمانبرداری کرنا ــــ الشئَ: نمونہ پر بنانا ــــ الطریقۃَ: پیروی کرنا ــــ من القاتلِ: قصاص لینا۔

تَماثَلَ الشیئانِ: باہم مشابہ ہونا ــــ العلیلُ من علّتہ: بیمار کا اچھے ہونے کے قریب ہونا۔

المِثل: شبہ. نظیر. مشابہ. جمع أمثال (مذکر و مونث واحد تثنیہ جمع سبھی کے لیے آتا ہے) کہا جاتا ہے "ہو وہی وہما وہم وہن مثلہ" اور ہم امثالہم بھی بولا جاتا ہے۔ "وفلانٌ مُستَراد لمثلہ" یعنی اس کے مانند طلب کیا جاتا ہے اور اس پر عمل کیا جاتا ہے اور ایسا ہی "ہی مستراد لمثلہا"

المَثَل: مشابہ. نظیر. (لغت ہے مثل میں) صفت. بات. کہاوت (کہاوت کے الفاظ میں کسی قسم کا تغیر نہیں ہوتا) عبرت. دلیل. جمع أمثال۔

المُثلۃ: آفت. ناک کان کاٹنا. المثلۃ و المُثُلۃ: سزا. عذاب. المثلۃ: امم ماضیہ کی عبرتناک سزائیں. جمع مَثُلات۔

المِثال: مقدار. شبہ. قصاص. بستر. چیز. جمع أمثلۃ و مُثُل و مُثْل۔

المَثالۃ: فضیلت. اچھی حالت۔

الأُمثولۃ: شعر جو مثال میں پیش کیا جائے جمع أماثیل و اُمثولات۔

التِمثال: تصویر. مجسمہ. جمع تماثیل۔

المَثیل: شبیہ. نظیر. عمدہ جمع مُثُل۔

الماثِل: فا. جمع مُثَّل (جیسے خادم و خُدّم) ــــ من الرسوم: مٹا ہوا نشان. کہا جاتا ہے "بمثل ماثل"

الماثِلۃ: ماثل کا مونث. چراغدان. ڈیوٹ

الأمثَل. فضل. جمع أماثل و مُثُل. مونث مُثلیٰ. أماثلُ القومِ: قوم کے برگزیدہ لوگ. الطریقۃُ المُثلیٰ: اشبہ بالحق طریقہ. اور کہا جاتا ہے "المریضُ الیومَ أمثَلُ": مریض کی حالت آج اچھی ہے۔

مَثمَثَ مَثمَثَۃً و مِثماثاً بَقِیَ السمنُ ونحوہ: ٹپکنا اور اسم المثمات ــــ الفتیلۃَ: بتی کو اچھی طرح سے تر کر دینا ــــ أمرہم: خلط ملط کرنا ــــ الشئَ: ہلانا ــــ فلاناً: پانی میں غوطہ دینا

مَثِنَ (س) مَثَناً. مثانہ میں پیشاب نہ رکنا صفت أمثن و مَثِن. مونث مثناء و مَثِنۃ۔

مَثَنَ (ن ض) مَثناً الرجلَ: مثانہ پر مارنا۔

مُثِنَ مَثناً. مثانہ کی بیماری والا ہونا صفت ممثون و مَثین۔

المَثانۃ: پیشاب جمع ہونے کی جھلی. بچہ دانی جمع مثانات۔

مَجَّ (ن) مَجّاً الشرابَ او الشئَ وبہ من فمہ: کلی کرنا. اور بطور استعارہ کے کہا جاتا ہے "ہذا کلامٌ تمجّہ الاسماعُ" یعنی یہ ایسا کلام ہے جس کو کان سننا نہیں چاہتے۔

مَجَّجَ العنبُ: انگور کا پک کر میٹھا ہونا۔

أمَجَّ العودُ: لکڑی میں تری ہونا ــــ الفرسُ: دوڑنے لگنا ــــ الرجلُ: ملک میں پھرنا

اِنمَجَّ: ٹپکنا۔

المَجّ: مع. ماش کے دانے۔

الماجّ: فا. جس کی بوڑھاپے کی وجہ سے رال ٹپک رہی ہو. جمع مُجّاج و ماجّون۔

المَجاج: ٹہنی. شاخ۔

المُجاج: تھوک. ماش کے دانے. مُجاجُ النحل: شہد. مُجاجُ العنب: شراب مُجاجُ المزن: بارش. کہا جاتا ہے "خبز مُجاجاً": اس نے چپاتی روٹی پکائی۔

المُجاجۃ: تھوک. مُجاجۃ الشئ: نچوڑ۔

المَجَج: باچھوں کا ڈھیلا ہونا. انگوروں کی پختگی

المَجَّاجُ: بہت کلی کرنے والا۔ کاتب۔
المُجَّ: پتھر پر شہد کے نقطے۔
المَجَّة: مجّ کا اسمِ مرّۃ۔ کہا جاتا ہے "مابقی فی الاناء الا مجّة" برتن میں صرف کلی کے لائق پانی باقی رہا۔
المُجَّج: شہد کی مکھیاں۔ مست لڑکے۔
مَجَّرَ (ف) مَجْرًا و مُجورًا (س) مَجَرًا و مَجَرًّا (الرجل): تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ مجّ الدلو فی البئر: ڈول کو کنوئیں میں حرکت دینا۔
المَجَّار: متکبر۔
مَجَدَ (ن) مَجْدًا۔ بزرگوار ہونا ـــ فلانًا: بزرگی میں غالب ہونا ـــ الراعی الابل: چارے سے سیر کرنا۔
مَجَدَتْ (ن) مَجْدًا و مُجُودًا۔ الابلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا۔ صفت ماجدۃ جمع مَواجِد و مُجَّد و مُجُد۔
مَجُدَ (ک) مَجَادَةً بزرگوار ہونا۔ صفت ماجد و مجید جمع اَمْجاد۔
مَجَّدَ و اَمْجَدَ۔ فلانًا: تعظیم کرنا۔ تعریف کرنا بزرگی کی طرف نسبت کرنا ـــ العطاءَ: بہت بخشش کرنا ـــ بفلانٍ من کذا: زیادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَمْجَدَہٗ ذمًّا و سبًّا" اس نے اس کی بہت برائی کی بہت گالی دی "نزلوا بہم فامجدوہم قریً" وہ لوگ ان کے مہمان ہوئے اور انھوں نے خوب خاطر تواضع کی۔ اَمْجَدَتِ الابلُ: بہت چارہ والی چراگاہ میں چر کر سیر ہونا ـــ فلانٌ وَلَدَہٗ و لولدِہٖ: بہترین ماؤں کا انتخاب کرنا۔ کہا جاتا ہے "ہولاء قوم امجدہم ابوہم" یہ لوگ وہ قوم ہیں جن کے باپ نے بہترین ماؤں کا انتخاب کیا ہے۔ اَمْجَدَ و مَجَّدَ الراعی الابلَ: چارے سے سیر کرنا۔
ماجَدَہٗ مِجادًا و مُماجَدَۃً: بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
تَمَجَّدَ: بڑا بننا۔
تَماجَدَ: باہم فخر کرنا۔ بزرگی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "تماجدوا فیما بینہم" انھوں نے باہم فخر کیا۔

اِسْتَمْجَدَ: بزرگی طلب کرنا۔ عمدہ صفات میں ممتاز ہونا۔
المَجْدُ: مص۔ عزت۔ بلندی۔ بلند زمین۔ جمع اَمْجاد۔
المَاجِدُ: فا۔ بزرگی والا۔ اچھے اخلاق والا
شیٌ ماجدٌ: بہت چیز۔ مونث ماجدۃ جمع مَواجِد
الاَمْجَدُ: اسم تفضیل۔ جمع اَماجِد۔
المَجِیدِیّ: چاندی کا ایک سکہ۔ جو سلطان عبد المجید کی طرف منسوب ہے۔
مَجَرَ (ن) مَجْرًا: پیاسا ہونا۔
مَجِرَ (س) مَجَرًا من الماء ونحوہ: پیٹ بھرنا اور سیراب نہ ہونا۔
مَجِرَتْ و اَمْجَرَتِ الشاۃُ۔ پیٹ میں بچے کے بڑے ہونے کی وجہ سے لاغر اور بوجھل ہونا اور اٹھ نہ سکنا۔
ماجَرَ مِجارًا و مُماجَرَۃً و اَمْجَرَ فلانًا فی البیع: زیادہ لینا۔ سود لینا۔
المَجْرُ: مص۔ اونٹ، بکری کے پیٹ کا بچہ پیٹ کے بچہ کا خریدا جانا۔ بڑا لشکر۔ جوا۔ زیادتی اور سود۔ ہر چیز کا بہت۔ عقل۔
المَجَرُ: مص۔ ملک ہنگری۔ ملک ہنگری کے رہنے والے۔ سونے کے سکہ کی ایک قسم۔ بکری کے پیٹ میں بچہ کی بڑائی۔
شاۃٌ مَجِرَۃٌ: پیٹ میں بچہ کے بڑے ہونے کی وجہ سے دبلی بکری۔
الاَمْجَرُ: دبلے جسم بڑے پیٹ والا۔
المِجَار: اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
المُمْجِرُ من النساء: جوڑواں بچے جننے والی عورت۔ جمع مَماجِر۔
مَجَّسَہٗ: مجوسی بنانا۔
تَمَجَّسَ: مجوسی ہونا۔
المَجُوس: آتش پرست یا آفتاب پرست واحد مَجُوسیّ۔ اور مجوسی کا اطلاق کبھی جادوگر اور فلسفی پر بھی ہوتا ہے۔
المَجُوسِیَّۃ: المجوسی کا مونث۔ آتش پرستی یا آفتاب پرستی۔

المَاجُشُون: ایک قسم کی کشتی۔ رنگے ہوئے کپڑے۔
مَجَعَ (ن) مَجْعًا و مَجَعَۃً و اِمْتَجَعَ و تَمَجَّعَ: کھجوریں کھانا اور دودھ پینا۔
مَجِعَ (س) و مَجُعَ (ک) مَجَاعَۃً: مخول کرنا۔ بے شرم ہونا۔
ماجَعَہٗ مُماجَعَۃً: باہم مخول کرنا۔
مَجَّعَ تَمْجِیعًا: کھجور دودھ ملا ہوا کھلانا۔
اَمْجَعَ الفصیلَ: اونٹ کے بچے کو برتن سے دودھ پلانا۔
تَماجَعَا: باہم مخول کرنا۔
المَجْعُ و المَجِعُ و المُجَعَۃُ: جاہل۔ بیوقوف
المَجِعُ: مخول کرنے والا۔
المَجِعَۃُ و المِجَعَۃُ و المُجَعَۃُ و الماجِعَۃُ: مخول کرنے والی بے حیا عورت۔
المُجَعَۃُ و المَجَعَۃُ: جاہل عورت۔
المَجّاعُ و المَجّاعَۃُ و المُجّاعَۃُ: مخول کرنے والا۔ بے حیا۔
المَجِیعُ: کھجور، دودھ ملا ہوا کھانا۔
المُجَاعَۃُ۔ کھجور، دودھ ملے ہوئے کھانے کا بقیہ۔
مَجَلَتْ (ن) مَجْلًا و مُجُولًا و مَجِلَتْ (س) مَجَلًا و اَمْجَلَتْ۔ یدُہٗ: کام کرنے سے آبلہ پڑنا۔ (عوام تَقَبْقَبَتْ یدُہٗ کہتے ہیں۔ اَمْجَلَ العملُ یدَہٗ: آبلہ ڈالنا۔
تَمَجَّلَ رأسُہٗ قیحًا و دمًا: خون پیپ سے بھرنا۔
الماجِل: فا۔ پہاڑ کے دامن اور وادی کا پانی
المَجْلُ: مص۔ آبلہ۔
المَجْلَۃُ: آبلہ جمع مِجال و مَجَل (عوام تَقْبُوقَہ کہتے ہیں)
مَجْمَجَ الکتابَ: بے نقطہ اور بے اعراب کے لکھنا ـــ فی حدیثہٖ: صاف نہ بیان کرنا۔
المُجَامِجُ۔ ڈھیلا ڈھالا بہت موٹے گوشت والا۔

مَجَنَ (ن) مُجُوناً الشئُ: موٹا اور سخت ہونا۔ — مُجُوناً ومَجَانَۃً: مخول کرنا اور بے حیا ہونا صفت ماجن جمع مُجّان۔

تَمَاجَنَ: باہم مخول کرنا۔

تَمَجَّنَ: بتکلف مخول کرنا۔ مخول کرنے والے کا سا عمل کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَمَجَّنَ فی کلامہ" اس نے اپنی گفتگو میں مخول کیا۔

المَجّان: بہت مخول کرنے والا۔ بہت کافی کہا جاتا ہے "ماءٌ مَجّان" کافی اور بہت پانی۔ المَجّانُ: مفت۔ کہا جاتا ہے "اخذہ او فعلہ مجاناً" اس نے مفت لیا یا کیا۔ "وہذا الشئُ لک مَجّانٌ" یہ چیز تمہارے لیے مفت ہے۔

طریق مُمْجَنٌ: لمبا راستہ۔

المُماجِن: اونٹنی جو باوجود بہت جفتی ہونے کے حاملہ نہ ہو۔

المَنْجَنُون: رہٹ۔ بڑے ڈول کی چرخی۔ زنانہ جمع مَنَاجِین۔

مَحَّ (ف ن) مَحّاً ومُحُوحاً ومُحُوحَۃً وامَحَّ الثوبُ: کپڑے کا پرانا ہونا — الاثرُ: نشان کا مٹنا — الدارُ: گھر کا بے نشان ہونا۔

المَحُّ والماحّ: پرانا کپڑا۔

المُحُّ: خالص۔ (— والمُحَّۃ) انڈے کی زردی۔

المُحاح: بھوک۔

الامَحُّ: موٹا۔

المَحّاح: بڑا جھوٹا۔ صرف باتوں سے خوش کرنے والا۔

مَحُتَ (ک) مَحَاتَۃً الیومُ: دن کا گرم ہونا

مَحَتَ (ف) مَحْتاً فلاناً: غصہ کم کرنا۔

المَحْت: گرم دن۔ ہر چیز میں کا سخت عقلمند تیز خاطر۔ خالص۔ کہا جاتا ہے "ہو عربی مَحْتٌ بَحْتٌ" وہ خالص عربی ہے۔ جمع مُحَتاء ومُحُوت۔

مَحَجَ (ف) مَحْجاً الرجلُ: تیز چلنا — العودَ او اللحمَ: لکڑی یا گوشت چھیلنا — اللبنَ: دودھ بلونا — الجلدَ: کھال کو نرم کرنے کے لیے ملنا — الدلوَ: کنوئیں میں ڈول کو ہلانا — شیئاً عن شئ: پوچھنا — الریحُ الارضَ: غبار اڑا لیجانا — الجاریۃَ: جماع کرنا۔

مَحِجَ (س) مَحْجاً الرجلُ: جھوٹ بولنا۔

مَاحَجَہ مُحاجاۃً ومُماحَجَۃً: ٹال مٹول کرنا

المَحّاج: بڑا جھوٹا۔

المَحارۃ: ح و ر کو دیکھو۔

مَحَزَ (ف) مَحْزاً ومِحازاً الرجلُ: سینہ پر مکا مارنا — الجاریۃَ: جماع کرنا۔

مَحَسَ (ف) مَحْساً الجلدَ: نرم کرنے کے لیے کھال کو ملنا اور دباغت دینا۔

الامْحَس: ماہر دباغ۔

مَحَشَ (ف) مَحْشاً الجلدَ: گوشت سے کھال جدا کرنا — الطعامَ: بہت کھانا — السیلُ بمرّ علیہ: بہالے جانا — الجاریۃَ: جماع کرنا۔ (— مَحْشَۃً) وَجہَہ بالسیف: چہرہ پر تلوار مار کر کھال چھیل دینا (— وامْحَشَ) الحرُّ او النارُ الجلدَ: کھال کو جلانا۔

اِمْتَحَشَ: جلنا — فلانٌ غضباً: غصہ سے بھڑک اٹھنا — القمرُ: چاند کا غائب ہونا — والنارُ: آگ کا جلانا۔

المَحاش: گھر کا سامان۔

المِحاش: مختلف قبائل کے لوگ جو عہد و پیمان کرنے کے لیے آگ کے گرد جمع ہوں۔

المَحاش: جلا ہوا۔

سَنَۃٌ مَحُوش ومُمْتَحِشَۃٌ: خشک سال جو ہر چیز کو جلادے۔

مَحَصَ (ف) مَحْصاً الظبیُ فی عَدوِہ: ہرن کا تیز دوڑنا — المذبوحُ برجلہ: تڑپنا — بفلانٍ الارضَ: پٹک دینا — فلانٌ من فلانٍ: بھاگنا — البرقُ: بجلی کا چمکنا — اللہُ ما بک: زائل کرنا — الشئَ: ہر عیب سے پاک صاف کردینا — الذہبَ بالنار: پگھلا کر کھوٹ سے جدا کرنا — السنانَ: بھالے کو صیقل کرنا — الحبلَ: رسی مضبوط بٹنا۔

مَحَّصَ الشئَ: گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "مَحَّصَ اللہُ عن فلانٍ ذُنُوبَہ" اللہ تعالیٰ فلاں کو گناہوں سے پاک صاف کردے — اللحمَ: گوشت کو پٹھے سے صاف کرنا۔ ومَحَّصَہ عنہ: دور کرنا۔ صاف کرنا۔ مَحَّصَ الرجلَ: آزمائش کرنا۔

اَمْحَصَ من المرضِ: تندرست ہونا۔ امحصتِ الشمسُ: گہن سے نکلنا اور صاف ہونا۔ امحصہ عنہ: دور کرنا۔

تَمَحَّصَ الظلامُ: تاریکی چھٹ جانا۔

اِنْمَحَصَ الورمُ: ورم کا گھٹ جانا۔ انمحصتِ الشمسُ: آفتاب کا روشن ہونا — فلانٌ من شئ: نکل بھاگنا۔

اِمْتَحَصَ الظبیُ فی عَدوِہ: ہرن کا چھلانگیں مارنا۔

المَحِص من الحبال او الاوتار: نرم رسی یا تانت۔

المَحِصُ والمُمَحَّصُ والمَحِیصُ والمَحُوص من الخیل: مضبوط و قوی گھوڑا۔ المَحِیصُ والمَحِص من الاسنۃ: صیقل شدہ بھالے۔

المَحّاص: اسم مبالغہ۔ بَرقٌ مَحّاصٌ: چمکنے والی بجلی۔

الامْحَص: چھوٹے بچے سب کا مذ رسنے والا۔

مَحُضَ (ک) مُحُوضَۃً نسبُ الرجلِ ومَحُضَ الرجلُ فی نسبہ: خالص النسب ہونا۔

مَحِضَ (س) مَحَضاً وامتحضَ: خالص دودھ پینا۔

مَحَضَ (ف) مَحْضاً فلاناً الودَّ او النصحَ: خالص دوستی یا خیرخواہی کرنا — الرجلَ: خالص دودھ پلانا۔

اَمْحَضَ فلاناً الودَّ او الحدیثَ: خالص دوستی کرنا۔ راست گفتاری کرنا — لہ النصحَ: خالص خیرخواہی کرنا۔

ماحَضَہ الودَّ: خالص دوستی کرنا۔

اِمْتَحَضَ الرجلُ: خالص دودھ پینا۔

إستمحض خالص دودھ مانگنا۔

المحض بم۔ من اللبن ونحوہ: خالص جیسے دودھ کہا جاتا ہے "عربی محض" و "عربیۃ محضۃ" یعنی خالص النسب عربی۔ مصدر ہونے کی وجہ سے واحد تثنیہ جمع مذکر مونث سب کے لیے آتا ہے اور تانیث و تثنیہ وجمع بھی جائز ہے۔

المحض و الماحض: خالص دودھ کا خواہشمند اور کہا جاتا ہے "رجل ماحض" خالص دودھ والا جیسے لبن سے لابن یعنی دودھ والا۔

الامحوضۃ: خالص خیر خواہی۔

المحوض۔ خالص۔ مونث محوضۃ۔ کہا جاتا ہے "فضۃ محوضۃ" خالص چاندی۔

محط (ف) محطا و محط الوتر: درست و ہموار کرنے کے لیے تانت پر انگلی پھیرنا ___ السہم: تیر چلانا۔

امتحط البعیر: اونٹ کا دوڑنا ___ السیف: تلوار سونتنا ___ الرمح: نیزہ کھینچنا۔

عام ماحط: کم بارش کا سال۔

محق (ف) محقا الشیٔ: باطل کرنا مٹانا ___ اللہ الشیٔ: گھٹانا بے برکت کرنا ___ فلانا: ہلاک کرنا ___ الحر الشیٔ: جلانا۔

محق الرجل: موت کے قریب ہونا۔

محق الشیٔ: باطل کرنا۔ مٹانا۔

امحق المال: ہلاک ہونا ___ الرجل: مال میں بے برکتی والا ہونا ___ القمر: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتوں میں ہونا۔

تمحق و امحق و انمحق و امتحق: مضمحل ہونا باطل ہونا۔ مٹنا۔ و امحق الحر الشیٔ: جلانا ___ النبات: شدت گرمی سے خشک ہونا اور جلنا ___ الرجل: موت کے قریب ہونا ___ الشیٔ: بے برکت ہونا۔ و امتحق الہلال: چاند آخری مہینہ میں دکھلائی نہ دینا۔

المحق بم۔ کھجور کے قریب قریب لگے ہوئے پودے۔

المحقۃ: ہلاکت۔

المحاق والمحاق والمحاق۔ مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔

سنان محیق: باریک و تیز بھالا۔

الماحق: فا۔ ماحق الصیف: سخت گرمی۔ یوم ماحق: سخت گرم دن۔

الامحق: بے برکت۔

الممحقۃ: باعث بے برکتی۔

محک (ف) محکا و محک (س) محکا و امحک و تمحک الرجل: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بحث و تکرار میں جھگڑنا۔ صفت محک و ماحک و محکان

امحک الخصوم فلانا: غضبناک کرنا۔

ماحک مماحکۃ فلانا: جھگڑا کرنا۔

تماحک الخصمان: باہم جھگڑا کرنا۔

المتماحک۔ بداخلاق۔ جھگڑالو۔

محل (س) و محل (ف) محلا و محولا و محل (ک) محالۃ المکان: قحط زدہ ہونا۔ صفت ماحل

محل (ف) و محل (س) و محل (ک) محلا و محالا بہ الی الامیر: چغلخوری کرنا۔ صفت ماحل و محول و محال۔ محل بصاحبہ: بہتان رکھنا۔

محل فلانا: مضبوط کرنا ___ الشیٔ: لمبا کرنا۔

ماحلہ محالا و مماحلۃ: مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کے لیے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا ستانا۔ جھگڑا کرنا۔

امحل المکان: قحط زدہ ہونا۔ صفت ممحل۔ والارض ممحل و ممحلۃ: قحط زدہ زمین ___ المطر: بارش رکنا ___ القوم: قحط زدہ ہونا۔ صفت ممحلون ___ اللہ الارض: قحط زدہ کرنا۔

تمحل الشیٔ ولہ: حیلہ کرنا ___ لفلان حقہ: حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا ___ الدراہم: پرکھنا۔

تماحل القوم: باہم کید و مکر کرنا۔ تماحلت بہم الدار: دور ہونا۔

المحل: فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ جمع محول و امحال۔ کہا جاتا ہے "رجل محل": غیر مفید مرد۔

الماحل: فا۔ جھگڑالو کہا جاتا ہے "رایتہ ماحلا" میں نے اس کو متغیر اللون دیکھا۔

کہا جاتا ہے: ارض ماحل و محل و محلۃ و محول و محولۃ: قحط زدہ زمین۔ اور جمع کے لیے ارضون محل و محول۔

المحال: بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔

المحال: کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت و قوت ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔

المحالۃ۔ بڑی چرخی۔ اونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کنواں کھودیں۔ جمع محال اور محال کی جمع محل۔ اور کہا جاتا ہے "لامحالۃ" یعنی ضروری و لابدی۔

المحل: وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "رجل محل" یعنی حیلہ گر مکار۔

المحال۔ مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔

ارض محل و ممحلۃ: قحط زدہ زمین۔

المتماحل: بہت لمبا تیز گام رو یا اونٹ۔ کہا جاتا ہے "رجل متماحل": بہت لمبا تیز گام مرد و "رایتہ متماحلا" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔ فلاۃ متماحلۃ: دور کنارے والا میدان۔ فتنۃ متماحلۃ: ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔

ارض ممحال: قحط زدہ زمین۔

المحلۃ: دودھ کا مشکیزہ۔

محن (ف) محنا فلانا: آزمانا ___ ہ عشرین سوطا: کوڑے مارنا ___ الفضۃ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا اسم المحنۃ ہے ___ الثوب: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا ___ فلانا شیئا: دینا ___ البئر: کنوئیں کی صفائی کرنا ___ الناقۃ: اونٹنی کو چلا کر تھکانا ___ الجاریۃ: جماع کرنا ___ و محن الادیم: چمڑے کو نرم کرنا۔

امتحن الشیٔ: آزمائش کرنا ___ القول: غور کرنا سوچنا ___ الفضۃ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔

المَحْن: م. ہر چیز کا نرم. تمام دن چلنے یا کسی کام سے تھکن. کہا جاتا ہے "کان فی مَحن" وہ مشقت میں تھا. المَحْن: عطیہ.

المِحنۃ: آزمائش. ج مِحَن.

مَحَا یَمحُو ویَمحِی مَحواً ومَحیاً الشیءَ: مٹانا. صفت مفعولی مَحِیّ ومَمحُوّ. کہا جاتا ہے "محت الریحُ السحابَ والصبحُ اللیلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا.

امَّحَی یَمَّحِی مَحواً وامَّحَی وامتَحَی الشیءُ: مٹنا (امتحی، امّحی میں ایک ضعیف لغت ہے)

مَحَی مَحیاً من القوم: معافی کی درخواست کرنا.

المَحو: م. چاند کا سیاہ داغ.

المَحوۃ: محا کا اسم مرۃ. شرم و عار. بارش اس لیے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے. کہا جاتا ہے "اصابت الارضَ محوۃٌ" زمین پر بارش ہوئی. اور کہا جاتا ہے "ہبت محوۃ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ یعنی باد شمالی چلی.

المِحاۃ: میل صاف کرنے کا چیتھڑا.

محاہ یمحاہ ویمحیہ محیاً. مٹانا (لغت ہے محا وادی میں)

مَخَجَ (ف) مَخجاً ومَخَجَ ومَاخَجَ الدلوَ وبالدلو: بھرنے کے لیے ڈول ہلانا. مخ الجاریۃَ: جماع کرنا — الماءَ: حرکت دینا.

مَخَّخَ وتمخّخ وامتخّ العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا

اَمَخَّ العظمُ: گودے والی ہونا. اَمخّت الشاۃُ: موٹی ہونا — العودُ: لکڑی کا تر ہونا — الزرعُ: پر مغز ہونا.

المُخّ: ہڈی کا گودا. بھیجا. آنکھ کی چربی. خالص. ج مِخاخ ومِخَخَۃ. کہا جاتا ہے "لا اری لامرک مخّاً" میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں.

والمُخّۃ: گودے کا ٹکڑا. کہا جاتا ہے: ہولاء مخ القوم ومخۃ القوم یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں.

المَخ: نرم.

المُخاخۃ: ہڈی کا گودا جو چوسنے سے منہ میں آئے.

المُخیخ. گودے والی ہڈی. شاۃ مُخّۃ: گودے والی یعنی موٹی بکری. ج مِخاخ. ابل مَخائخ: عمدہ اونٹ. کہا جاتا ہے "لسان مخ" یعنی زبان آور اور قادر الکلام ہے.

مَخَرَت (ف ن) مَخراً ومُخوراً السفینۃُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا. مخر الارضَ: زمین کو کھیتی کرنے کے لیے کھودنا. اچھی کھیتی کے لیے پانی دینا — السابحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا. الذئبُ الشاۃَ: بھیڑیے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا.

مَخَرَ (ف) مَخراً البیتَ: عمدہ سامان لے لینا

اِمتَخَرَ وتمخّر واستمخر الریحَ: ہوا کی طرف پیٹھ کرنا. امتخر العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا — الشیءَ: اختیار کرنا.

المَخر: م. بنات مخر: پتلے سفید بادل.

المَخرۃ: مخر کا اسم مرۃ منہ کی بدبو — والمَخرۃ والمُخرۃ: پسند کی ہوئی چیز.

الماخرۃ: ماخر کا مونث. کشتی. ج مَواخِر.

الماخُور: بدکاروں کی مجلس. بدکاری کا اڈا. بدکاری کے اڈے کا متولی. ج مَواخِر و مَواخِیر.

مَخرَقَ مَخرَقۃً. جھوٹ گھڑنا.

المِخراق: گتکا. ج مَخارِیق.

مَخَسَ مَخساً: بہت ہلنا.

مَخَشَ مَخشاً: بہت ہلنا.

مَخَضَ (ن ف ض) مَخضاً اللبنَ: دودھ بلونا. مکھن نکالنا. صفت مفعولی مَخیض ومَمخوض — الشیءَ: بہت ہلانا — الرایَ: خوب غور کرنا — بالدلو: بھرنے کے لیے ڈول ہلانا — البئرَ بالدلو: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا

مَخِضَت (س) مَخاضاً ومِخاضاً ومَخِضت ومُخِضت وتمخّضت الحاملُ. دردزہ میں مبتلا ہونا. صفت ماخض. ج مُخَّض ومَواخِض.

اَمخَضَ اللبنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا — الرجلُ: قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا.

اِمتَخَضَ وتمخّض اللبنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا. مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا — الولدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا. تمخّضت السماءُ: برسنے کے قریب ہونا. تمخّض الدہرُ بالفتنۃ: فتنہ ظاہر کرنا. اور کہا جاتا ہے "تمخّضت اللیلۃُ عن صباحٍ سوءٍ" رات ختم ہو گئی اور اس کے بعد بری صبح آئی.

اِستمخض اللبنُ: دیر میں جمنے والا ہونا.

اِستمخضت الحاملُ: حاملہ کا دردزہ میں مبتلا ہونا.

المَخاض: دردزہ.

الاِمخاض: دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے.

المِمخض والمِمخضۃ: مشکیزہ. مکھن نکالنے کا برتن. ج مَماخض.

مَخَطَ (ف ن) مَخطاً الشیءَ: کھینچ کر لمبا کرنا — ہ م: تیز دوڑنا — الرجلُ فی الارض: تیز چلنا — الولدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا — غرسَ فلانٍ: پودے میں پانی دینا اور نگہبانی کرنا — السیفَ: تلوار سونتنا — المُخاطَ: رینٹ صاف کرنا — الصبیَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا — ہ بیدہ: مارنا — مَخطاً ومُخوطاً السہمُ: تیر کا پار ہونا. صفت ماخط.

مَخَّطَ الولدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا.

اَمخَطَ السہمَ: تیر کو پار کرنا.

اِمتَخَطَ الشیءَ: چھین لینا. اچک لینا — السیفَ: تلوار سونتنا.

اِمتَخَطَ وتمخّط: رینٹ صاف کرنا. و تمخّط الرجلُ: چلنے میں لڑکھڑانا.

المَخط م. رالھ. چھوٹا کپڑا.

المُخاط: رینٹ. ج اَمخِطۃ. مُخاط الشیطان: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مخاط الشمس ولعاب الشمس بھی کہتے ہیں.

المخاطی: رینٹ والا.

المخط: فیاض سردار. ج اَمخاط.

المخطة: مخط کا اسم مرۃ. ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔

المخل عند المولدین: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں. ج اَمخال و مُخُول.

الماخل: بھاگنے والا.

مَخمَخَ: گودا نکالنا.

مَخَنَ (ن) مَخنًا: رونا ۔۔۔ البئرَ: کنویں سے پانی نکالنا ۔۔۔ العودَ: لکڑی چھیلنا ۔۔۔ الجاریة: جماع کرنا.

مَخُنَ (ن) مَخَنًا و مُخُونًا: لمبا ہونا. صفت مَخِن و مُخن. مونث مَخِنَةٌ و مُخنَةٌ.

المَخِن: لمبا مرد.

المَخِنة: المخن کا مونث. گھر کا صحن.

مَخَی الرجلَ عن الامر: الگ کر دینا، دور کر دینا.

اَمخی اِمخاءً و امّخی اِمّخاءً و تمخّی و امتخی الیہ: عذر خواہی کرنا ۔۔۔ منہ: بیزار ہونا ۔۔۔ و مَخَی العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا.

مَدَّ (ن) مَدًّا الشیءَ و بالشیء: پھیلانا، کھینچنا ۔۔۔ اللّٰہُ عُمرَہ: عمر طویل کرنا ۔۔۔ من الدَّواة: قلم میں روشنائی لینا ۔۔۔ النهرُ او البحرُ: دریا یا سمندر کا چڑھنا. پانی زیادہ کرنا. (لازم و متعدی) کہا جاتا ہے "قلّ ماء رکیّتنا فمدّتها رکیة اخری" ہمارے کنویں کا پانی کم ہو گیا تو دوسرے کنویں نے اس کے پانی کو زیادہ کر دیا و "مدّ الوادی یمدّنی وادی کذا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے و "مدّ نظرہ الیہ" اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی. ۔۔۔ الارضَ: کھاد یا دوسری شی ڈالنا ۔۔۔ الحرفَ: کھینچ کر پڑھنا ۔۔۔ الابلَ: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا ۔۔۔ السراجَ بالسلیط: چراغ میں تیل ڈالنا ۔۔۔ فی السیر: گذرنا. مدّ و امدّ الجیش، مہلت دینا. اعانت کرنا. فریاد رسی کرنا ۔۔۔ فی غیّہ: گمراہی میں زیادتی کرنا ۔۔۔ الجند: فوج کی مدد کرنا ۔۔۔ النهارُ: دن کا چڑھنا. بلند ہونا ۔۔۔ الدواةَ: روشنائی ڈالنا. دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا. اور ایسا ہی مدّ القلم: قلم میں روشنائی لگانا. امدّ فی مشیتہ: نازو انداز سے چلنا. امدّ اللّٰہ فی الخیر: زیادہ کرنا ۔۔۔ اَجَلَہ: طویل کرنا اور موخر کرنا ۔۔۔ فلانًا بمال: دینا ۔۔۔ الکاتبَ: قلم میں ایک ڈوبا دینا ۔۔۔ البعیرَ: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا ۔۔۔ وامدّ الجرحُ: زخم میں پیپ ہونا.

مَدَّدَ الشیءَ: پھیلانا

مادّہ مِدادًا و مُمادّة: کھینچنا. ٹال مٹول کرنا مادّہ الثوبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا.

تمادّا الثوبَ: باہم مل کر کھینچنا.

تمدّد و امتدّ: پھیلنا. انگڑائی لینا. تمدّدوا الشیءَ بینهم: کھینچنا. اِمتدّ بهم السیرُ: طویل ہونا ۔۔۔ فی مشیتہ: نازو انداز سے چلنا ۔۔۔ الی الشیءِ: دیکھنا ۔۔۔ النهارُ: دن کا آدھا ہونا.

اِستمدّ القومُ الامیرَ علی العدوّ: مدد طلب کرنا ۔۔۔ من الدواة: روشنائی لینا.

المدّ مص. سیلاب ج مُدُود. منتہی. کہا جاتا ہے "بینی و بینہ قدر مدّ البصر" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے. دن کا بلند ہونا. کہا جاتا ہے "اَتیتہ مدّ النهار و مدّ الضحی" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا. مدّ البحر: دریا کا چڑھنا

المَدّ و المَدّة: حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت.

المُدّ: ایک پیمانہ جس کی مقدار اہل عراق کے نزدیک دو رطل اور اہل حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل.

المَدّة: مدّ کا اسم مرۃ. قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا.

المُدّة: زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر. غایت زمانی یا مکانی. کہا جاتا ہے "لهذه الامة والارض مدة" قلم کا ایک ڈوبا. ج مُدَد.

المِدّة: مدّ کا اسم نوع. پیپ.

المَدَد: مدد. فریاد رسی. کہا جاتا ہے "اَمدّہ بمَدَد" میں نے اس کو قوت پہنچائی میں نے اس کی اعانت کی.

المِدّان و الاِمِدّان: کھاری یا بہت سخت کھاری پانی. وہ زمین جہاں سے پانی رسے.

المِداد: روشنائی. گوبر یا کھاد. چراغ میں جو تیل ڈالا جائے. مثال و طریقہ. تم کہتے ہو "ہم علی مداد واحد" وہ ایک مثال پر ہیں "و سبحان اللّٰہ مداد السموات" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق.

المادّة. المادّ کا مونث. جس سے کسی چیز کی ترکیب و قوام ہو. المادّة الاولی: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوة ہو. ج مَوادّ. مادّات. موادّ اللغة: الفاظ لغت. موادّ العلم: مباحث علم.

المادّی: منسوب الی المادّة: دہری جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے.

الاُمدّة: تانا. الاُمدود: عادت.

المدید: کھینچا ہوا. لمبا. کہا جاتا ہے "قدّ مدید" لمبا قد. "فلان مدید القامة" فلاں لمبے قد کا ہے مونث مدیدة. مُدّة مدیدة: طویل مدت. ج مُدُد. چارہ. پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا. اوزان شعر میں سے ایک وزن.

المُدَیدة: تھوڑی سی مدت. مدت کی تصغیر.

المَمَدّ. مصدر میمی. چیز کے کھینچنے کی جگہ.

المُمتدّ: اوزان شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے. وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے.

الممدود مصو. مالٌ ممدودٌ: بہت مال.

الممدود فی علم الصرف: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء.

مَدَحَہ (ف) مَدحًا و مِدحةً: تعریف کرنا.

مادحہ. تعریف کرنا

تمادح. غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا. خود اپنی تعریف کرنا ۔۔۔ الرجلَ: تعریف کرنا ۔۔۔ الی الناس: اپنی تعریف چاہنا.

اِمْتَدَحَ فلانا: تعریف کرنا ــــ واِمْتَدَحَ وسیع ہونا۔

تَمَادَحَ القومُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔

المِدْحَةُ: اسم ہے مدح سے۔ تعریف جمع مِدَح۔

المَدِيحُ جمع مَدائِح۔ والأُمْدُوحة جمع أَمادِيح۔ تعریف۔

المَمادِح: تعریفیں۔

مَدَخَ (ف) مَدْخًا۔ بڑا ہونا ــــ فلانا: پوری مدد کرنا۔

مادَخَ۔ خیر یا شر میں مدد کرنا۔

تَمَدَّخَ۔ تکبر کرنا۔ تمدّخت الإبلُ: اونٹ کا پر گوشت اور چربی والا ہونا ــــ الناقةُ: اونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔

تَمادَخَ وامْتَدَخَ علیہ: ظلم کرنا۔ تمادخ عنہ: سستی و کاہلی کرنا۔

المادِخ والمَدِيخ والمِتْمِيخ: معظم و موقر۔

المُدْمُوخ والمُتَمادِخ: جلد باز۔

مَدَرَ (ن) مَدْرًا ومَدَّرَ المكانَ: مٹی سے لیپنا ــــ الحوضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا ــــ مَدَّرَ: بیٹ کرنا۔

مَدِرَ (س) مَدَرًا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔

تَمَدَّرَ۔ لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔

اِمْتَدَرَ المَدَرَ: ڈھیلا لینا۔

المَدَرُ: مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لیے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔

المَدَرَةُ۔ مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَةُ الرجل: مرد کا گھر۔ کہا جاتا ہے فلان سَيِّدُ مَدَرَتِه: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔

المَدَرِيّ۔ شہر کا رہنے والا۔

الأَمْدَر۔ بڑے پیٹ والا۔ بہت پائخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خاک آلود ہوگئے ہوں۔ مؤ: مَدْراء۔

المَدْراءُ۔ بڑے پیٹ والی۔ جمع مُدْر۔ بنو مَدْراء: شہر والے۔

مكانٌ مَدِيرٌ و مَمْدُورٌ: لیپی ہوئی جگہ۔

المَمْدَر کو المَمْدَرة: جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لیے جائیں۔

ابلٌ مُمْدَرَجٌ: موٹے اونٹ۔

مَدَسَ (ن) مَدْسًا الجلدَ ونحوه: کھال وغیرہ کو ملنا۔

مَدِشَتْ (س) مَدَشًا عينُه: بھوک وغیرہ چندھیانا ــــ يدُه: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت أَمْدَش۔ مؤنث مَدْشاء جمع مُدْش۔

مَدَشَ (ن) مَدْشًا من الطعام: تھوڑا سا کھانا ــــ لفلان من العطاء: کم کرنا۔

مَدَّشَ وأَمْدَشَ۔ دینا۔

رجلٌ مَدّاشُ اليدِ: چور۔

المَدْش: مص۔ تھوڑا عطیہ۔

المَدَش: مص۔ گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی پھٹن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بے وقوفی۔ اور کہا جاتا ہے "ما به مَدَشٌ أو ما به مَدْشَة" اس کو کوئی مرض نہیں

المَدِش: بے وقوف۔

المَدْعَة: ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔

المَدْعِيّ: نسب میں متہم۔

المِيدَع۔ سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔

مَدَقَ (ن) مَدْقًا الصخرةَ: چٹان توڑنا۔

المِدَقْس: ریشم۔

تَمَدَّلَ بالمِندِيل: سر پر رومال لپیٹنا۔ یا عمامہ باندھنا۔

المَدْل: کمینہ۔ جما ہوا دودھ۔

المِدْل: مرد کم گوشت لاغر بدن۔

المُدْلُوج: بازوبند۔ مَدْمَدَ۔ بھاگنا۔

مَدَنَ (ن) مُدُونًا بالمكان: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے) ــــ امدينة: شہر میں آنا۔

مَدَّنَ المدائنَ: شہر آباد کرنا۔

تَمَدَّنَ: شائستہ و مہذب ہونا۔

تَمَدْيَنَ: نازپروردہ ہونا۔

المَدِينَة: شہر۔ قصبہ۔ جمع مُدْن مُدُن و مَدائن

المدینة: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے یثرب تھا۔ مدینة السلام: بغداد۔

المَدائِن۔ بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کے لیے مَدائِنی۔

المَدْيَن۔ شیر۔

المَدان: ایک بت کا نام۔

مَدَهَ (ف) مَدْهًا: تعریف کرنا۔ صفت مادِه۔ جمع مُدَّه۔

تَمَدَّهَ الرجلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔

مادَى مُماداةً فلانا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے فلانٌ لا يُماديه أحدٌ فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔

أَمْدى إمداءً فلانًا: مہلت دینا۔ الرجلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔

تَمادَى في غيّه: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا ــــ في الأمر: انتہا کو پہنچنا ــــ بنا السفر: سفر کا طویل ہونا۔

المَدى والمَدْيَة والمِيداء: غایت۔ انتہا کہا جاتا ہے "بلغ مَدى الحياة ومَدْيتها وميداءها" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا۔ داري بِميداءِ دارِه میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔ مَدْيَةُ القوس: کمان کا وسط۔

المُدْيَة والمِدْيَة والمَدْيَة: بڑی چھری۔ جمع مُدًى ومِدًى ومُدْيات ومِدْيات۔

المُدْي: شام و مصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ صاع آتے ہیں جمع أَمْداء۔

المَدِيّ: جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہو گیا

الأَمذَی: اسم تفضیل. کہا جاتا ہے "فلان اَمذَی العرب" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معزز ہے۔

مُذ: دیکھو مُنذُ۔

مَذِجَ (س) مَذَجاً و تَمَذَّجَ الشیءُ: وسیع ہونا اور پھولنا۔ تَمَذَّجَ الإناءُ: برتن کا بھرنا ـــــ البِطِّیخُ: خربوزہ کا پختہ ہونا۔

مَذَّجَ تَمذِیجاً الشیءَ: وسیع کرنا۔

مَذِحَ (س) مَذَحاً۔ رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا صفت اَمذَح۔

تَمَذَّحَ الشیءَ: چوسنا۔

الأَمذَح: بدبودار۔

المَذَّاح: مہ۔ جنگلی انار کے پھول کا شہد۔

تَمَذَّخَ الرجلُ: چوسنا۔

المَذَخ: جنگلی انار کے پھول کا شہد

مَذِرَت (س) مَذَراً البیضةُ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مَذِرَة۔ عوام "مَوَّذَرَت البیضةُ اور صفت مُمَوَّذَرَة" کہتے ہیں۔ مَذِرَت نفسُہ او مِعدَتُہ: جی متلانا۔ یا معدہ بگڑنا ـــــ الرجلُ: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنا جانا۔

مَذَّرَ الشیءَ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

اَمذَرَتِ الدجاجةُ البیضةَ: گندا کرنا۔

تَمَذَّرَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔ تَمَذَّرَتِ البیضةُ: انڈے کا گندا ہونا ـــــ المعدةُ: بگڑنا ـــــ النفسُ: جی متلانا۔ تَمَذَّرَ اللبنُ: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "تفرَّقَ القومُ شَذَرَ مَذَرَ" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔

المَذِر: گندا۔ بگڑا ہوا۔ امرأةٌ مَذِرَةٌ: گندی عورت۔

الأَمذَر: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔

المِذَار من النساء: چغلخور زن۔

مَذرَقَ بہ: پھینکنا۔

مَذَعَ (ف) مَذعاً و مَذَعَ یمیناً: قسم کھانا

مَذَعَت المیاهُ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا۔ مَذَعَ لفلانٍ: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا ـــــ (مَذعاً) الضرعَ: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔

تَمَذَّعَ الشرابَ: آہستہ آہستہ پینا۔

المَذَّاع: جھوٹا۔ بے وفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔

مَذَقَ (ن) مَذقاً اللبنَ: دودھ میں پانی ملانا ـــــ فلاناً و لفلانٍ: پانی ملا ہوا دودھ پلانا ـــــ الوُدَّ: خالص دوستی نہ کرنا۔

اِمتَذَقَ و اِمَّذَقَ الشرابُ او اللبنُ: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔

لبنٌ مَذِقٌ و مَذِیقٌ و مُمَذَّقٌ۔ پانی ملا ہوا دودھ۔ رجلٌ مَذِقٌ: ملول و رنجیدہ مرد۔

المَذَّاق: غیر خالص دوستی کرنے والا۔

مَذَلَ (ن) مَذلاً و مِذالاً و مَذِلَ (س) مَذَلاً بسرِّہ: رنج ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا ـــــ و مَذُلَت (ک) مَذالةً نفسُہ بالشیءِ: فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مَذِیل۔ کہا جاتا ہے "مَذَلَ بمالہ و مَذَلَ بنفسِہ" اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مَذِلَت رِجلُہ: پاؤں کا سن ہونا۔

اَمذَلَ لہ۔ تنگ دل کرنا۔ رنج کرنا۔ اَمذَلَت رِجلُہ: پاؤں کا سن ہونا۔

اِمذَلَّ اِمذِلالاً: سست و ڈھیلا ہونا۔ اِمذَلَّت رِجلُہ: پاؤں کا سن ہونا۔

المَذَل مہ سستی ڈھیلا پن۔ اور کہا جاتا ہے "فلان مَذِلُ الیدِ او النفسِ" فلاں سخی و کریم ہے۔

المِذل: چھوٹے جسم والا۔

المَذِل و المَذِیل: بے قرار۔ رنج ہونے والا راز کو ظاہر کر دینے والا مَذِیل کی جمع مَذلَی۔ المَذِل والماذِل۔ وہ شخص جس کا دل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر دوسری چیز کی امید لگائے۔ کہا جاتا ہے "ہو مَذِیلُ المُہجَةِ" وہ اپنی روح کی سخاوت کرنے والا ہے۔

المَذلَة: کھجور کی گٹھلی۔ چٹان کا گڑھا۔

المُمذَل: جو بھید کے چھپانے سے رنج ہو جائے بہت بے حس پاؤں والا۔

مَذمَذَ مَذمَذَةً الرجلُ: جھوٹ بولنا۔

المَذمَاذ: بہت چلانے والا۔ باتونی۔ مؤنث مَذمَاذَة۔

مَذَی یَمذِی مَذیاً و مَذَّی الفرسَ: گھوڑے کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔

مَذَی یَمذِی و اَمذَی الرجلُ: مذی نکلنا۔ اَمذَی الفرسَ: گھوڑے کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِمذِ بعِنانِ فرسِکَ" یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔ اَمذَی الشرابَ: زیادہ پانی ملانا۔

المَذیُ: پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

المَذِی: حوض میں پانی بہنے کی جگہ ـــــ و المَذِی: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

الماذِیانات: پانی بہنے کی جگہ۔ یا وہ پیداوار جو پانی بہنے کی جگہ ہو۔

الماذِیُّ: شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتیار۔

الماذِیَّة: آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔

المَذیَة و المِذیَة: آئینہ۔ جمع مِذَاء و مَذیات۔

مَرَّ (ن) مَرّاً و مُروراً و مَمَرّاً: گزرنا۔ جانا۔ مَرَّہ و مَرَّ بہ و مَرَّ علیہ: گزرنا۔

مَرَّ (ن) مَرّاً البعیرَ: اونٹ کے رسی باندھنا

مُرَّ یُمَرُّ مَرّاً و مِرَّةً۔ بفلانٍ: صفرا کا غلبہ ہونا صفت مَمرور۔

مَرَّ (س ن) مَرارةً: کڑوا ہونا۔

مَرَّرَ الشیءَ: کڑوا کرنا۔ زمین پر پھیلانا۔

اَمَرَّ فلاناً بکذا: گزارنا ـــــ الحبلَ: رسی بٹنا اور اسی سے ہے "مازال فلانٌ یُمِرُّ علیہ" فلاں اس کے ساتھ لپٹتا رہا تا کہ اسے پٹک دے "و فلان ذو نقضٍ و اِمرارٍ" یعنی فلاں صاحب حل و عقد کہ اَمَرَّ الشیءُ: کڑوا ہونا ـــــ الشیءَ: کڑوا کرنا۔

أمَرَّه على الجسر: اس نے اسے پل پر سے گذارا — يده على الشئ: ہاتھ پھیرنا۔ اور کہا جاتا ہے "ما أمَرَّ فلان وما أحلى" یعنی فلان نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی "ما يُمِرّ وما يُحلي" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔

حادّه مرارًا ومُمارّة على الارض: کھینچنا — الرجلَ: پچھاڑنے کے لیے لپٹنا۔ ساتھ گذرنا۔

إمْتَرَّ به وعليه: گذرنا۔

تَمارَّ القومُ: بعض کا بعض کے ساتھ گذرنا

تَمارَّ ما بينهم: ایک دوسرے کے ساتھ بغض و دشمنی رکھنا۔ کہا جاتا ہے "هما يتمارّان" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

إستَمَرَّ: گذرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہمیشگی کرنا — به على كذا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا — الرجلُ: درست معاملہ ہونا — الشئَ: کڑوا پانا — بالشئ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

المَرّ: مص۔ رسی۔ پھاوڑی۔

المُرّ: کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرّ الصحاري: اندرائن۔

المَرّة: ایک بار۔ ج مَرّ ومِرار ومِرَر ومُرور ومَرّات

المِرّة: مص۔ وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسی کی لڑی جسم کی توانائی۔ ذہانت ج مِرَر۔ جج أمرار۔ صفرا یا سودا۔ ج مِرار۔ المُرّة: بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حبلٌ شديد المِرّة" مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ ذو مِرّة: لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

المُرّة: المُرّ کا مونث۔ کڑوی ج مَرائر بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرّ وأمرار۔ ابو مُرّة: کنیت ابلیس علیہ اللعن۔ کہا جاتا ہے "لقي منه المُرَّيَين" شر کو اور بڑے امر کو۔

المَرارة: پتا۔ ج مَرائر ومرارات۔ تلخی۔

المُرَّيراء: ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی

المارُورة: نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

المُرّيّ: سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

المَرار: ایک درخت ہے جس کو عوام المُرّير کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

المَرير والمَريرة: پختہ ارادہ — من الحبال: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ أمرٌ مَرير: مضبوط معاملہ رجلٌ مَرير: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "استمرّ مريرُه" یعنی ضعف کے بعد قوی ہو گیا و "استمرّت مريرته على كذا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔

المَريرة: عزت نفس۔ رسی کی لڑی۔ ج مرائر۔

الأمَرّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ أمَرّ عقدًا من فلان" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مونث مُرّى۔ الأمَرّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے) الأمَرّان: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند۔ کہا جاتا ہے "لقي منه الأمَرّين" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی

المَمَرّ: مص۔ گذرگاہ۔

المُمَرّ: مفع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسی۔

قِربة مُمَرّة: بھری ہوئی مشک۔

مَرَأ ومَرِئ (س) ومَرُؤ (ك) مَراءة الطعامُ: خوش گوار ہونا۔ اور "هنأني ومرأني الطعام" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر هنأني کے کہنا ہو تو أمرأني باب افعال سے کہا جائے گا۔

مَرَأ (ف) مَرْءًا۔ الرجلُ: کھانا۔ — وامرأ الطعامُ فلانًا: نافع و مفید ہونا۔

مَرِئ (س) مَرَءًا: بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤ (ك) مُروءة: صاحب مروت ہونا — مَراءة المكانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأه: کسی کو ہنیئا مریئا کہنا۔

تَمَرَّأ: بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا کہا جاتا ہے "فلان تمرّأ بنا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعہ مروت چاہتا ہے۔

إستَمْرَأ الطعامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا

المَرْء مثلثة الميم: مرد۔ ج رجال (من غير لفظه) اور مَرْءُون بھی سنا گیا ہے۔ اور نسبت کے لیے مَرَئي مونث مَرْأة ومَرْءة۔

اِمْرُؤٌ: مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جاء امرؤٌ ورأيت امرأً ومررت بامرئٍ اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مونث امرأة ج نساء ونسوة (من غير لفظها) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَيْءٌ ومُرَيْئة۔ اور امرئ پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور امرأة پر داخل ہونا نادر ہے۔

المَرْأة: مرأ کا اسم مرة۔ مَرِئ الطعام کا اسم۔

المُرُوءة: نخوت۔ کامل مردانگی مصباح میں ہے کہ مروءة ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں۔ اور کبھی ہمزہ کو واو سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوّة

المَرِيء: نرخرہ۔ ج مُرُؤ وأمرِئة صاحب مروت۔ کہا جاتا ہے "طعام مَرِيء" خوشگوار کھانا و "كلأ مَرِيء" بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "هنيئا مريئا" کھانے پینے والے کے لیے دعا یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

المَرِيئة: مَرِيء کا مونث۔ أرضٌ مَرِيئة: اچھی ہوا والی زمین۔

مَرَتَ (ن) مَرْتًا الشئَ: نرم و ڈھیلا کرنا۔

المَرْت: مص — (والمَرُوت) جنگل جس میں سبزی نہ ہو۔ اور کہا جاتا ہے "أرضٌ مَرْت" زمین سبزی سے خالی ج أمرات ومُروت وأمارِيت

رجلٌ مَرِت: مرد جس کی ابرؤوں پر بال نہ ہوں مَرِتُ الجسد: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں۔ غلامٌ مَرِتُ العذار: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔

أرضٌ مَمْروتة: زمین سبزی سے خالی۔

المَرُوتة: المرت کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن

مَرَثَ (ن) مَرْثًا الشئَ: نرم کرنا — الصبيُّ أصبعه: بچے کا انگلی چبانا — ثديَ امّه: چوسنا

— الرجلَ الرجلَ: مارنا — الدواء فی الماء: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التمر بیدہ فی الماء: بھگونا اور ریزہ ریزہ ہونے کے لیے ملانا۔

مَرِثَ (س) مَرَثًا علی الخصام: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِث و مُمَرِّث۔ جمع مَمَارِث۔

مَرَّثَ الثرید: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔

مَرِجَ (س) مَرَجًا الامرُ والعهدُ والامانةُ والدینُ: خراب ہونا۔ فاسد ہونا — الخاتم فی الاصبع: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔

مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدابةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کے لیے چھوڑنا۔ مَرَجَت الدابةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لسانہ فی اعراض الناس" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الکذب: جھوٹ میں ملوث ہونا — السلطانُ رعیتہ: فساد کرنے دینا۔

مَرَّجَ الامر: ضائع اور مضبوط نہ کرنا — الشیَٔ بالشیٔ: ملانا۔

اَمْرَجَ الدابةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا — الشیَٔ: ملانا — العهدَ: پورا نہ کرنا۔ اَمْرَجَتِ الناقةُ جنینَہا: اونٹنی کا بچہ دانی بستہ ہو جانے کے بعد گرا دینا۔

المَرْج مع چراگاہ۔ جمع مُرُوج۔

المارِج فا: بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔

المَرّاج: باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔

المَرْجان: چھوٹے موتی۔ واحد مرجانة۔ مونگا۔

المَرِیج: سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ جمع اَمْرِجة۔ اَمْرٌ مَرِیجٌ: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَہْمٌ مَرِیجٌ: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِیجٌ: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

المِمْراج: وہ شخص جس کے امور منظم نہ ہوں کہا جاتا ہے ناقةٌ مِمْرَاجٌ: وہ اونٹنی جس کو جنین گرا دینے کی عادت ہوئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَرَحًا و مَرَحَانًا الزرعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا — السحابُ: بادل کا برسانا۔ مَرِحَت عینُہ: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا۔ — العینُ بمائہا و قذاہا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرجلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِح جمع مَرْحَی و مَرَاحَی و مِمْرِیح جمع مَرَاحِین۔ کہا جاتا ہے "لامَرِحَ بعِرضِک" اپنی آبرو سے دریے نہ ہو۔

مَرَّحَ الجلدَ: کھال پر تیل ملنا — المزادةَ الجدیدةَ: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے — البُرَّ: گیہوں صاف کرنا — المُہرَ: بچھیرے کو سدھانا — الرجلُ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

اَمْرَحَ: اترانے پر برانگیختہ کرنا۔ اَمْرَحَ الکلاُ الفرسَ: نشاط میں ڈالنا۔

المِرَاح: نشاط و شادمانی۔ اترا ہٹ۔ خرام ناز۔

مَرَاحِ: کلمہ تعجب ہے جو تیرانداز کے لیے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے۔ اور اسی کے مانند ہے "مَرْحَیٰ"

المَرْحَیٰ: بڑی لڑائی۔ (مادہ رح ی سے)

المِرْحَة: مَرَحَ کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

المَرُوح: شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قوسٌ مَرُوحٌ: اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح والمِمْرَاح: چست۔ خوش و خرم۔ المِمْرَاح: بہت آنسوؤں والی آنکھ بہت جلد اگانے والی زمین۔

المُمَرَّح مفعو۔ کَرْمٌ مُمَرَّحٌ: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

المِمْراحة: بہت خوش و خرم کہا جاتا ہے "ہو تلعابة مِمْراحة" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش و خرم ہے۔

مَرْحَبَ فلانًا و بہ: مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا — اللہ فلانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا — ہ: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَرْخًا: مذاق کرنا — جسدَہ بالدہن: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَرَخًا۔ العرفجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخ۔

مَرَّخَہ: تیل ملنا۔ مَرَّخَ و اَمْرَخَ العجینَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بالدہن: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

المَرْخ مع۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوخ: مالش کرنے کی چیز۔

انتقح العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النقح بمہ۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل

النقیح: خالص ریت۔

التنقیح بمہ۔ خوبی معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نقخ (ف): نقخاً مارنا۔ نقخ دماغہ: توڑنا

انتقخ المخ من العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النُقاخ: ٹھنڈا صاف پانی۔ خیند آرام۔ امن۔ ونقاخ کل شی: خالص کہا جاتا ہے ہذا نقاخ العربیۃ یہ خالص عربیت ہے

نقد (ن) نقداً وتنقاداً الدراہم: ٹھیک پرکھنا۔ الکلام: کلام کے عیوب ومحاسن کو ظاہر کرنا نقد فلاناً ونقد لہ الثمن: نقد ادا کرنا۔ نقدہ درہماً: دینا۔ الطائر الفخ او الحب: چونچ مارنا۔ الرجل الشی ولی الشی بنظرہ: چپکے چپکے نظر ڈالنا چپکے چپکے گھورنا۔ نقدتہ الحیۃ: سانپ کا ڈسنا۔

نقِد (س) نقَداً الضرس والقرن: دانت یا سینگ کا

دنقوذ دہ ہیں صفت نقذ — الحافر: کھر کا گھس جانا۔ الجذع
تنقذا: کیڑوں کے کھانے سے کھوکھلا ہونا۔
اَنقَذَ الشجرُ: درخت میں پتے ہونا۔
ناقَذَہٗ مُناقَذَۃً: کسی معاملہ میں جھگڑا کرنا۔
تَنَقَّذَ الدراہمَ وغیرہا: دراہم وغیرہ پرکھنا۔
تَناقَذَ الدراہمَ: دراہم پرکھنا اور کھوٹا علیحدہ کرنا۔
اِنتَقَذَ الدراہمَ: نقد وصول کرنا۔ کھوٹا علیحدہ کرنا۔ الشعر
علی قائلہ: شعر کے عیوب ظاہر کرنا۔ الکلامَ: کلام کی تنقید کرنا عیوب
ومحاسن ظاہر کرنا۔ الارضۃُ الجذعَ: دیمک کا کھوکھلا کرنا۔ اِنتَقَذَ
الولدُ: لڑکے کا جوان ہونا۔
النَقدُ مص قیمت جو فوراً ادا کی جائے۔ درہم ج نُقود کہا جاتا
ہے درہم نقدٌ عمدہ کھرا درہم۔ النقدان: چاندی وسونا۔
النَقِدُ النَقَدُ کم گوشت الاو دیر سے جولان ہونے والا۔
النَقَدُ مص۔ بھیڑ کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرہ
بدشکل ہوتا ہے واحد نَقَدَۃ مذکر و مونث دونوں کیلئے ج نِقاد و نِقادۃ
النقدُ کمینے لوگ النقد من الصبیان: حقیر و ذلیل بچہ کہ جس پر
جوانی کا اثر ظاہر نہ ہو۔ النَقَدُ النُقدُ: ایک قسم کا درخت واحد نَقَدَۃ و نُقدَۃ
الناقِدُ فا۔ ج نَقَدَۃ و نُقّاد۔
اَنقَدُ الاَنقَدُ: سیہی۔ اور امثال عرب سے ہے بات بلیل
انقد یعنی وہ سویا نہیں اس لیے کہ سیہی پوری رات نہیں سوتا
الاَنقَدُ الاِنقَدان کچھوا۔
النَقّاد: دراہم وغیرہ کا پرکھنے والا۔ نقد (چھوٹی ٹانگ والی
بھیڑ کا چرواہا)
مِنقادُ الطائرِ: پرندے کی چونچ ج مَناقید۔
المُنتَقَدُ: مصدر میمی بمعنے انتقاد۔
نَقَذَ (ن) نَقذًا و نَقَذَ و اَنقَذَ فلانًا من کذا: نجات دینا چھڑانا
تَنَقَّذَہٗ و استَنقَذَہٗ من کذا: نجات دینا۔ چھڑانا۔
نَقِذَ (س) نَقَذًا: نجات پانا۔
النَقذُ مص۔ سلامتی چاہنے والے کی سلامتی کی دعا کے لیے کہا
جاتا ہے "نقذًا لک" اور اس کی اصل نقذک اللہ نقذًا ہے
یعنی اللہ تمہیں محفوظ رکھے۔
النَقَذُ مص چھڑایا ہوا۔ اور کہا جاتا ہے "مالہ شقذٌ
ولا نقذٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَقِیذُ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا۔
النَقیذَۃ: دشمن کے ہاتھ سے چھڑایا ہوا جیسے گھوڑا زرہ وغیرہ ج
نقائذ مارے جاتا ہے ہم نقیذۃ بُرَیب دشمنی سے چھڑایا ہوا ہے۔
الاَنقَذُ: سیہی۔
نَقَرَ (ن) نَقرًا: مارنا۔ نَقَرَ العودَ والدفَّ: سبط یا دف بجانا۔
فلانًا: عیب لگانا۔ الشیَٔ: چونچ سے سوراخ کرنا۔ الطائرُ البیضۃَ عن
الفرخ: پرندکا بچہ نکالنے کیلیے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نقر فی الحجر: پتھر پر
لکھنا۔ فی الناقور: بگل میں پھونکنا۔ الطائرُ الحبَّ: پرند کا ادھر
ادھر سے دانہ چگنا۔ الحجرَ والخشبَ: لکڑی یا پتھر کھودنا۔ نقرت الخیلُ
بحوافرہا: گھوڑوں کا کھروں سے کھودنا۔ نقر عن الامر: چھان بین کرنا۔ نقر
فلانًا: چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نقرت بالرجل
قوم میں سے کسی خاص کو بلانا۔ نقر السہمُ الہدفَ: تیر کا نشانہ پر لگنا اور
پار نہ ہونا اور کہا جاتا ہے رمی الرامی الغرض فنقرہ تیر پھینکنے والے
نے نشانہ پر تیر لگایا۔
نَقِرَ (س) نَقرًا علی فلان: غضبناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشاۃُ
نقرہ کی بیماری والی ہونا۔ نَقِرَ فلانٌ: فقیر ہونا۔
نَقَّرَ الطائرُ فی الموضع: انڈے دینے کیلیے نرم کرنا۔ خلان باسم
فلان: جماعت کے درمیان نام لیکر پکارنا۔ الشیَٔ وعن الشیَٔ: چھان بین
کرنا۔ علی فلان: عیب لگانا اور بری معلوم ہونے والی باتوں کا ذکر کرنا
— الطائرُ: پرند کا ادھر ادھر سے دانہ چگنا (تشدید مبالغہ کیلیے ہے)
ناقَرَہٗ مُناقَرَۃً و نِقارًا: گفتگو میں الٹ پھیر کرنا جھگڑا
کرنا۔ کہا جاتا ہے "بینہم مناقرۃ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔
اَنقَرَ عنہ: رکنا۔ کہا جاتا ہے "ضربہ فما انقر عنہ حتی قتلہ" اس نے
اسے مارا اور نہیں رکا یہاں تک کہ قتل کر دیا۔ و انقر الرجلُ: لنگڑا کر
آواز نکالنا۔ چٹکی بجانا۔
تَنَقَّرَ الشیَٔ: چھان بین کرنا۔ علی الاہل المالَ: بددعا کرنا
اور "رعی اللہ منکم و ذہب اللہ بمالکم" (اللہ تعالی مجھ کو تم سے راحت
دیں اور تمہارے مال کو ضائع کر دیں) کہنا۔
اِنتَقَرَہٗ پسند کرنا۔ اِنتَقَرَ الشیَٔ: چھان بین کرنا۔ اِنتَقَرَ و انتقر
قوم کے درمیان سے علیحدہ بلانا۔ القومَ و بالقوم: خاص خاص لوگوں
کو بلانا۔ انتقرت الخیلُ بحوافرہا نقرًا: گھروں سے کھودنا۔ انتقرت
السیولُ نقرًا: سیلاب کا گڑھے کر دینا۔ انتقر الشیَٔ: لکھنا
الناقِرُ فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج نَواقِر۔
الناقِرَۃ الناقر کا مونث۔ مصیبت۔ درست دلیل ج نَواقِر
اور کہا جاتا ہے "اتتنی عنہ نواقر" اس کی طرف سے مجھے تکلیف دہ باتیں پہنچیں۔ و
"اخطأت نواقرہ" یعنی وہ راستی پہ مستقیم نہیں رہا۔ و "بینہم ناقرۃ
و نقرۃ" ان کے درمیان جھگڑا ہے۔
الناقور: صور بگل۔ دل۔ ج نَواقِیر
النُقارَۃ: پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہ جائے۔ چونچ بھر اور کہا جاتا
ہے "ما ترک عندی نقارۃ الا انتقرہا" تیرے پاس جو کچھ تھا اس
نے سب کچھ لکھ لیا۔
النَقرُ مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کتابت۔
النُقرُ: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔
النَقِرُ: غضبناک۔ کہا جاتا ہے "ہو نقر علیک" وہ تمہارے اوپر
غضبناک ہے۔ نَقِرَہ کی بیماری میں مبتلا۔ اور کہا جاتا ہے "ما لہ موضع
کذا نقر" اس کیلیے فلاں جگہ میں پانی یا کنواں نہیں ہے۔
النَقَرُ مص۔ کہا جاتا ہے "اعوذ باللہ من العَقَر و النَقَر" میں لنگڑے پن
اور ضیاع مال سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔
النَقَرَی: عیب۔ اور یہ نَقَّرَ فعل کا اسم ہے۔ اور کہا جاتا ہے "دعوتہم
النقری" میں نے ان لوگوں کو خاص طور سے بلایا اور اس کے مقابلے
میں الجفلی ہے جس کے معنے دعوت عامہ کے ہیں۔ بنات النقری
وہ عورتیں جو ہر اس شخص کی عیب جوئی کریں جو ان کے سامنے سے گذرے
النُقرۃ نقر کا اسم مرہ کہا جاتا ہے "ما اثابہ نقرۃ" اس نے اس کو
کچھ بھی بدلہ نہیں دیا۔ "ما اغنی عنی نقرۃ" اس نے مجھ کو کچھ بھی فائدہ نہیں
دیا اور یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے۔
النِقرَۃ: گفتگو میں الٹ پھیر۔ اور جھگڑا۔
النُقرَۃ: جھوٹا گول گڑھا چاندی سونے کا پگھلایا ہوا ٹکڑا
آنکھ کا گڑھا۔ سرین کے وسط کا گڑھا۔ گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا
پرند کے انڈے دینے کی جگہ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا ج نُقَر و نِقار و
النَقِرَۃ النَقِر کا مونث۔ پست زمین میں بلند جگہ۔
النَقَرَۃ ایک قسم کی بیماری ہے جو بکریوں اور گایوں کی ٹانگ میں ہوتی
النَقّار اسم مبالغہ۔ امور اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔ پتھر
یا لکڑی میں کھدائی کا کام کرنے والا۔ رکاب یا لگام میں نقش و نگار کرنے والا
اس کے پیشہ کو النقارۃ کہتے ہیں۔ النقار: ایک چھوٹا سا پرند
جو درختوں پر چڑھتا ہے اور سوراخ کرکے کیڑے نکالتا ہے۔
النَقّارَۃ: النقار کا مونث۔
النَقیر: آواز۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ کھدا ہوا پتھر یا لکڑی کا تنہ جس کو
کھود کر سینی جیسی بناتے ہیں۔ لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں
نبیذ بناتے ہیں اور اس کی نبیذ تیز و تند ہوتی ہے۔ النقیر: اصلیت
کہا جاتا ہے "فلان کریم النقیر" فلاں شریف الاصل ہے۔ بت سے کتاج
ایک کالے رنگ کی مکھی ج اَنقِرَۃ۔
النَقیرَۃ: چھوٹی کشتی۔

الأُنقُور: کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

التَّنقِير مص۔ سیٹی بجانے کے مشابہ آواز۔

المِنقَر: کدال۔ چھینی۔ جمع مَنَاقِر۔

المَنقَر و المُنقُر: شراب بنانے کیلئے لکڑی کا کھدا ہوا برتن جمع مَنَاقِیر (خلاف قیاس)۔ تنگ منہ کا کنواں۔ یا بہت پانی والا گہرا کنواں۔ حوض۔

المُنقَرِبَۃ: کنسلہ ورو۔ کہا جاتا ہے ہو مُنقَر العین و مُنقَرَا وہ دھنسی ہوئی آنکھ والا ہے۔

المِنقَار: کدال۔ چونچ۔ المِنقار: چڑی موزہ کی نوک۔ مِنقار الدجاجۃ و منقار الغراب: دو ستاروں کے نام۔ و منقار الغراب: موڈھے کی ایک ہڈی جس کو اخرم بھی کہتے ہیں۔

نَقَرَ نَقَرَۃ فی المکان: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے مالک مُنتَقَر ذا کوئی تمہارے لیے ٹھہرانے والا نہیں۔

النِّقرِس: پیر کے جوڑوں کا آماس۔ ہلاکت بڑی مصیبت ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔ گلاب کے پھول جیسی ایک چیز جس کو عورتیں بنا کر سر میں لگاتی ہیں جمع نَقَارِس۔

النِّقرِیس: ماہر رہنما۔ طبیب حاذق۔

نَقَزَ (ن) نَقزًا و نَقَزَانًا و نِقَازًا الظبیُ: ہرن کا کودنا چھلانگ مارنا۔ صفت ناقز۔ نقزہ عنہم: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ نقزت الصبی اُمُّہ: بچے کا اچھالنا۔ نَقَّزَ فلانًا: کودانا۔

اَنقَزَ الرجلُ: ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ ردی مال جمع کرنا۔ نُقاز کی بیماری والے جانوروں کا مالک ہونا۔ اَنقَزَ عَدُوَّہ: دشمن کو فوراً قتل کر دینا ۔۔ عن الشیء: رکنا۔ باز رہنا۔

اِستَنقَزَتِ الشاۃُ: نُقاز کی بیماری والی ہونا۔ اِستَنقَزَ فلان فلانًا من مالہ: ردی مال دینا۔ اِستَنقَزَ لفلان من شرّ الابل: کسی کے لیے برے اونٹ پسند کرنا۔ کہا جاتا ہے اعطاہ ناقِزۃ و نواقِز: گھٹیا عطیہ۔

النَّاقِزۃ بمنا قِز کا مونث جمع نواقز۔ نواقز الدابۃ: چوپایہ کی ٹانگیں

النُّقَاز بالضم: طاعون کے مشابہ جانوروں کا ایک مرض

النَّقَز: خسیس مال۔ گھٹیا قسم کے لوگ۔

النُّقَز: کنواں۔

النَّقَز: لقب۔

النُّقَز لقب: گھٹیا مال رذیل و ادنیٰ درجہ کے لوگ واحد نُقَزۃ

النَّقِز: صاف میٹھا پانی

النُّقَّاز و النُّقَّازۃ: ایک قسم کا پرندہ چڑیوں کے بچے جمع نَقَاقِیز

المَنقُوز: نُقاز کی بیماری والا۔ مونث مَنقُوزۃ۔

نَقَسَ (ن) نَقسًا الناقوسَ بالخشبۃ: لکڑی سے ناقوس بجانا ۔۔ الناقوسُ: ناقوس بجنا ۔۔ المرأۃَ: جماع کرنا۔

نَقَسَ (ن) نُقُوسًا الشرابُ: کھٹا ہونا ۔۔ بین القوم: فساد ڈالنا

نَقِسَ (س) نَقَسًا عیب لگانا۔ تمسخر کرنا۔ نقست نفسہ: جی متلانا

نَقَّسَ فلانًا: لقب دینا ۔۔ الدواۃَ: دوات میں روشنائی ڈالنا

تَقَسَّمَ بالناقوس: ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔

نَاقَسَہ: عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے بینہما منافسۃ و مناقسۃ ان کے درمیان مفاخرت اور عیب گیری ہے۔

اِنتَقَسَ: ناقوس بجانا۔

النَّاقِس: کھٹا۔ کہا جاتا ہے لبن ناقس و شراب ناقس کھٹا دودھ یا کھٹی شراب۔

النَّقَس: ایک قسم کا ناقوس۔ کھجلی۔ جمع نُقُس۔ رجل نَقَسٌ لوگوں کی عیب گیری کرنے والا اور لقب رکھنے والا مرد۔

النِّقس: روشنائی۔ جمع أَنقَاس و أَنقُس۔

الأَنقَس: باندی بچہ۔ کھجلی والا۔

النَّقُوس: ایک قسم کی نباتات۔

النَّاقُوس: لکڑی یا لوہے کا بڑا ٹکڑا جس کو چھوٹے ٹکڑے سے بجاتے ہیں اور کبھی گھنٹہ کے لیے ناقوس کا کلمہ استعمال کرتے ہیں

المُنَاقَسَۃ: لقب دینا۔

نَقَشَ (ن) نَقشًا الشیءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا اور مزین کرنا ۔۔ العِذقَ: کھجور کے خوشہ کو پکانے کیلئے کانٹوں سے مارنا ۔۔ الشوکۃَ من رجلہ: پیر کا کانٹا نکالنا ۔۔ عریش الغنم: بکری کے باڑہ کو کنکر کانٹے وغیرہ سے پاک صاف کرنا ۔۔ من الشیء: نہایت صفائی کرنا ۔۔ فص الخاتم: انگوٹھی کے نگینہ پر نقش کرنا ۔۔ الشعر بالمنقاش: بال کو موچنے سے اکھیڑنا ۔۔ الرحی: چکی کے دندانے بنانا ۔۔ الجاریۃَ جماع کرنا اور کہا جاتا ہے ما نقش منہ شیئًا اس نے اس سے کچھ نہیں پایا

نَقَّشَ الشیءَ: مختلف رنگوں سے نقش و نگار کرنا۔

نَاقَشَہ الحسابَ فی الحساب: حساب کی تفصیل سختی سے لینا

نَاقَشَ فلانًا: جھگڑا کرنا۔

اِنتَقَشَ علی غریمہ: مقروض سے کم زیادہ وصول کر لینا۔ نقش کے کمانے پر مداومت کرنا۔ (دیکھیے لفظ اِنتَقَشَ)

تَنَقَّشَ جمیع حقہ من فلان: سارا وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔

اِنتَقَشَ الشوکۃَ: کانٹا پیر سے نکالنا۔ اور کبھی الانتقاش تو بکے لیے بطور استعارہ کے مستعمل ہوتا ہے ۔۔ الشیءَ: نکالنا ۔۔ من فلان جمیع حقہ سارا حق وصول کر لینا کچھ نہ چھوڑنا۔ اِنتَقَشَ فلانًا: پسند کرنا کہا جاتا ہے اِنتَقَشتُ لک مکذا اس نے تم کو فلاں چیز پسند کیا۔ و اِنتَقَشَ لنفسہ خادمًا و غیرہ: اس نے اپنے لیے خادم وغیرہ بنایا۔ اِستَنقَشَ فلانٌ: نگینہ پر کندہ کرنے کا حکم دینا ۔۔ علی نگینہ کذا: نقش کیے جانے کا حکم دینا

النِّقَاشَۃ: نقش و نگار کا پیشہ۔

النَّقش مص۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار از قسم تصویر وغیرہ جمع نُقُوش۔ النَّقش: خشک کھجور جس کو برتنوں میں رکھ کر پانی ڈالیں۔ کہا جاتا ہے دام علی اکل النقش اس نے نقش کے کھانے پر مداومت کی

النَّقَّاش: نقش و نگار کرنے والا

النَّقِیش: برتن میں متفرق سامان۔ نظیر کہا جاتا ہے ما لہ نقیش اس کی کوئی نظیر نہیں۔

المِنقَش و المِنقَاش: نقش و نگار کرنے کا آلہ۔ موچنا جمع مَنَاقِش و مَنَاقِیش۔ کہا جاتا ہے اخرجت حقی بالمناقیش مجھے اپنے حق کے وصول میں سخت کلفت ہوئی

المَنقُوش بضم۔ دینار۔ پکی کھجور جس کو پکنے کے لیے کانٹا ماریں۔

الشجۃ المُنَقِّشَۃ و المَنقُوشَۃ: زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔

نَقَصَ (ن) نَقصًا و مَنقَصًا و نُقصَانًا الشیءُ: کم ہونا۔ گھٹنا۔ نقصت الشیءَ: گھٹانا۔ نقصت زیدًا حقہ: حق کم کر دینا۔ گھٹا دینا۔

نَقُصَ (ک) نَقَاصَۃ الماءُ: پانی میٹھا خوشگوار ہونا۔

نَقَّصَ الشیءَ و اَنقَصَہ: گھٹانا۔

اِنتَقَصَ الشیءُ: گھٹنا ۔۔ الشیءَ: گھٹانا ۔۔ الرجلَ: عیب گیری کرنا۔ اِنتَقَصَہ حقہ حق کم کرنا۔

تَنَقَّصَ فلانًا: مذمت کرنا۔ نقص کی نسبت کرنا ۔۔ الشیءَ: تھوڑا تھوڑا لینا

تَنَاقَصَ الشیءُ: آہستہ آہستہ گھٹنا۔

اِستَنقَصَ الثمنَ: قیمت گھٹانے کے لیے کہنا۔ تھوڑا پانا ۔۔ الرجلَ: نقصان کی نسبت کرنا۔

النَّاقِص: دا درہم ناقص: کم وزن کا درہم جمع

ج نُقُص۔

النَّقْص: مص۔ یہ نقصان کے مانند ہے۔ مگر فرق یہ ہے کہ نقصان کا استعمال دین اور عقل میں نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "دخل علیہ نقصٌ فی دینہ وعقلہ" اور "دخل علیہ نقصان فی دینہ وعقلہ" نہیں کہا جاتا۔

النُّقْصان: مص کمی۔ کمی کہا جاتا ہے "نقصانہ کذا وکذا" اس کا نقصان اتنا اور اتنا ہے۔

النَّقِيْص: خوشگوار میٹھا پانی ہر عمدہ و خوشبودار چیز

النَّقِيْصَة: عیب گیری۔ بری خصلت ج نقائص۔

المَنْقَصَة: کمی۔ نقصان۔ ج مَنَاقِص

نَقَضَ (ن) نَقْضًا البناءَ: عمارت ڈھانا ۔۔۔ العظمَ: ہڈی توڑنا ۔۔۔ الحبلَ: رسی کھولنا ۔۔۔ العہدَ او الامرَ: مضبوطی کے بعد خراب کرنا اور کہا جاتا ہے "نقض فلانٌ وترہ" یعنی فلاں نے اپنا بدلہ لے لیا۔

نَقَضَ (ض) نَقْضًا المفصلُ او الاذیمُ ونحوہما "جوڑ یا چمڑے کا تڑتڑ کرنا

ناقَضَ مُناقَضَةً ونقاضًا قولہ الثانی قولہ الاول: مخالف ہونا۔

اَنْقَضَتِ العُقابُ: عقاب کا آواز نکالنا **اَنْقَضَ اَصابعہ**: انگلیاں چٹخانا ۔۔۔ الکماۃ وعن الکماۃ: سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا ۔۔۔ بالمعز: بکری کو بلانا ۔۔۔ الحملُ الظہرَ: بوجھل کرنا (ـــ ونَقَّضَ الکمءُ: سانپ کی چھتری کا زمین کو پھاڑنا۔ ونَقَّضَ الارضَ: مٹی علیحدہ کر دینا۔

تَنَقَّضَ الدمُ: خون ٹپکنا ۔۔۔ الجرحُ: زخم سے خون بہنا ۔۔۔ الحبلُ: رسی کا کھل جانا ۔۔۔ البیتُ: تڑکنا۔ تنقّضت عظامہ: ہڈیوں سے آواز نکلنا ۔۔۔ الارضُ عن الکماۃ: زمین کا پھٹنا۔

تَناقَضَ البناءُ او الحبلُ: عمارت کا ٹوٹنا یا رسی کا کھلنا ۔۔۔ القولان: ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔ تناقضا البیعَ: بیع کو باہم توڑنا۔

اِنْتَقَضَ البناءُ: عمارت کا تڑکنا ۔۔۔ الحبلُ: رسی کھلنا ۔۔۔ الجرحُ بعد برئہ: زخم کا خراب ہونا ۔۔۔ الامر بعد التیامہ: فاسد ہونا۔ بگڑنا۔ اِنْتَقَضَتِ الطہارۃُ: طہارت کا زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَقَضَ علیہ البلدُ" یعنی شہر والوں نے بغاوت کی۔

النُّقاضَة: بٹی ہوئی رسی کا جو حصہ کھول دیا جائے۔

النَّقْص: مص۔ مفاعلتن کا ساتواں حرف حذف کرنا اور پانچویں کو ساکن کرنا۔

النِّقْض: عمارت "ملبہ۔ کثرت سفر سے لاغر شدہ۔ خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔ زمین کی باریک تہ جو سانپ کی چھتری سے پھٹ جائے۔ ج اَنْقاض ونُقُوض۔

النُّقْض: عمارت کا جو حصہ ٹوٹ جائے ج انقاض ونقوض۔

النُّقَض: کشتی کا ایک پیچ۔

النَّقَض: خیمہ یا کمبل جو ادھیڑ کر دوبارہ کاتا جائے۔

النَّقْضَة: نقض کا اسم مرۃ۔

النِّقْضَة: نقض کا اسم نوع۔ کثرت سفر سے لاغر شدہ۔ کہا جاتا ہے "ناقۃ نِقْضَۃٌ": ج انقاض

النَّقِيْض: مخالف۔ کہا جاتا ہے "فلان ہو نقیضک" فلاں تمہارا مخالف ہے۔ مونث نقیضۃ النقیض من الادم والرحل والوتر والاصابع والاضلاع والمفاصل ونحوہا: آواز۔ النقیض: چوزے۔ بچھو مینڈک۔ عقاب شترمرغ کی آواز۔ نقیض السقف: چھت کی چرچراہٹ۔ نقیض کل شیٔ: ہر چیز کا رفع۔ مثلاً جب ہم کہیں کہ "کل انسان حیوان بالضرورۃ" تو اس کی نقیض انہ لیس کذلک ہوگی۔

النَّقِيْضان: دو چیزیں جن کا اجتماع ایک ہی جہت سے ممتنع ہو جیسے ایجاب وسلب۔

النَّقِيْضَة: پہاڑی راستہ۔ اسم ہے مناقضۃ والنقیضۃ فی الشعر: نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو کہا جاتا ہے "ہذہ القصیدۃ نقیضۃ قصیدۃ فلان" یہ قصیدہ فلاں کے قصیدہ کے جواب میں ہے اور اسی سے ہے نقائض جریر وفرزدق۔

التَّناقُض: مص۔ باہم مخالف ہونا۔ کہا جاتا ہے "فی کلامہ تناقض" یعنی اس کے کلام میں تخالف ہے۔ بعض کا بعض سے ابطال ہو جاتا ہے۔

نَقَطَ (ن) نَقْطًا الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا صفت فاعلی نقّاط اور صفت مفعولی منقوط۔ (ـــ ونقّط) بہ الزمانُ: زمانہ کا موافق ہونا۔ و نَقَّطَ الحرفَ: حرف پر نقطے لگانا۔ نقّط ثوبہ بالمداد او الزعفران: کپڑے کو روشنائی یا زعفران سے بوٹی دار بنانا۔

تَنَقَّطَ المکانُ: گھاس کے متفرق قطعے ہونا ۔۔۔ فلانٌ الخبزَ: آہستہ آہستہ لینا۔ تنقّطتُ الخبزَ: آہستہ آہستہ میں نے روٹی کھائی۔

النّاقِط: غلام کا غلام۔

النَّقْطَة: نقط کا اسم مرۃ۔

النُّقْطَة: نقطہ۔ فل اسٹاپ۔ ج نِقاط ونُقَط۔ کہا جاتا ہے "نقاط او نُقَط من الکلاء" گھاس کے متفرق ٹکڑے۔ "وما اختلفوا فی نقطۃ" یعنی انہوں نے پوری طرح موافقت کی۔ نقطۃ الدائرۃ: دائرہ کا مرکز۔

النَّقِيْط: غلام کا غلام۔

المَنْقُوط: مفر۔ المنقوط من الشعر: شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں۔ کتاب منقوط: کتاب جس میں اعراب لگے ہوئے ہوں

نَقَعَ (ف) نَقْعًا آواز بلند کرنا ۔۔۔ الجیبَ: گریبان پھاڑنا ۔۔۔ فلانًا: قتل کرنا ۔۔۔ ریقہ: تھوک منہ میں جمع کرنا ۔۔۔ الموت: زیادہ ہونا ۔۔۔ فلانًا بالشتم: بہت بری گالی دینا ۔۔۔ بالشراب: شفا پانا ۔۔۔ الدواء وغیرہ فی الماء: بھگونا ۔۔۔ الرجلُ: مہمانوں کے لیے جانور ذبح کرنا۔

نَقَعَ (ف) نُقُوعًا الصوتُ: آواز بلند ہونا

— الصارخ بصوتہ: لگاتار چلانا — العطش: ہمیشہ کرنا — من الماء ونحوہ: سیراب ہونا — السم فی انیاب الحیۃ: زہر کا سانپ کے دانتوں میں جمع ہونا۔ کہاجاتا ہے "ما نقعت بخبرہ" یعنی میں نے اس کی تصدیق نہیں کی۔

نَقَعَ ن، نقعا ونقوعا الماءُ فی بطن الوادی: پانی کا وادی میں جمع ہونا اور دیر تک ٹھیرنا — الماءُ العطش: پانی کا پیاس کو بجھانا۔

أَنْقَعَ الدواء وغیرہ فی الماء: بھگونا — الصارخ بصوتہ: لگاتار چلانا — الماءُ فلانا: سیراب کرنا — الماءُ: زرد ہونا اور رنگ بدل جانا — الرجل: مہمانی کے لیے جانور ذبح کرنا — الحیۃ السم فی انیابھا: سانپ کا زہر کو اپنے دانتوں میں جمع کرنا — لفلان شرا: دل میں چھپانا — المیت: میت کو دفن کرنا — العطش: پیاس کا بجھنا۔

إِنْتَقَعَ النقیعۃ: مہمانی کے لیے جانور ذبح کرنا — القوم نقیعۃ: تقسیم سے پہلے مال غنیمت کے کسی جانور کو ذبح کرنا۔

انْتُقِعَ لونُہ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے چہرہ کا رنگ بدل جانا۔

إِسْتَنْقَعَ الصوتُ: آواز بلند ہونا — الماءُ: پانی کا زرد اور متغیر ہونا — فلان فی النھر: نہر میں داخل ہونا اور ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے دیر تک ٹھیرنا — الماءُ فی الغدیر: پانی کا تالاب میں جمع ہونا۔

أُسْتُنْقِعَ لونُہ: رنگ بدل جانا — الشیٔ فی الماءِ: بھگو جانا۔

الناقع ج نُقَّع: سمّ ناقع: زہر قاتل۔ دواءٌ ناقع: مفید دوا۔ دمٌ ناقع: تازہ خون۔

النقع ج: جمع شدہ پانی۔ ج أنقُع۔ النقع: غبار، ج نِقاع ونقوع۔ والنقع: مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ کا نام — سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو — ہموار زمین۔ پانی رکنے کی جگہ ج نقاع و أنقُع۔ نقع البئر: پانی جو کنوئیں میں جمع ہو۔ کنوئیں کے پانی کی زیادتی۔

المِنْقاع: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

النُّقاعۃ: پانی وغیرہ جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

النقعاء: نرم و ہموار زمین۔ سنگستانی زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار۔ آواز۔ ج نِقاع۔

النَّقّاع: اسم مبالغہ: ایسے فضائل کا دعوی کرنے والا جو اس کے اندر نہ ہوں۔

النقوع: رنگ کہ جس میں خوشبو پڑی ہوئی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ وہ چیز جو پانی میں بھگوئی جائے کہاجاتا ہے "فلان نقوعُ أذنٍ" فلاں ہر چیز تسلیم کرلیتا ہے۔

النقیع: خشک انگور کی شراب جو پانی میں بھگو کر بنائی جائے۔ ہر وہ چیز جس میں خشک کھجور بھگوئی جائے۔ ٹھنڈا میٹھا پانی۔ بہت پانی والا کنواں ج أنقِعۃ۔ ج ج۔ مرد جس کی ماں غیر قوم کی ہو دواء نقیع: مفید دوا۔

النقیعۃ: کھانا جو سفر سے واپس آنے والے کے لیے تیار کیا جائے۔ جانور جو مہمانی کے لیے ذبح کیا جائے۔ ج نقائع۔ اور اسی سے ہے "الناس نقائع الموت"

الأنقع: اسم تفضیل۔ زیادہ پیاس بجھانے والا۔ اور اسی سے مثال ہے "الرشف أنقع" یعنی تھوڑا تھوڑا کر کے پینا پیاس کے لیے زیادہ بجھانے والا ہوتا ہے۔ جلد بازی کے ترک کی مثال دی جاتی ہے۔

الأنقوعۃ: ہر ایسی جگہ جہاں پانی بہ کر آئے۔ أنقوعۃ المیزاب: پرنالے میں پانی بہنے کی جگہ۔

المُسْتَنْقَع: پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب کی وہ جگہ جہاں پانی میں گھس کر آدمی غسل کرے۔

المَنْقَع: سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ پانی سے سیرابی ج مَناقِع۔

المِنْقَع: برتن جس میں کوئی چیز بھگوئی جائے۔

المُنْقَع: مشکا۔ پتھر کا چھوٹا برتن۔ ہر وہ چیز جو بھگوئی جائے۔ خالص دودھ کہ جس کو ٹھنڈا کریں اور پییں۔ سمّ مُنْقَع: زہر جس میں اور زہر ملاکر قوت بڑھادی گئی ہو۔ کہاجاتا ہے "فلان مُنْقَع" فلاں کی رائے سے تسلی ہوتی ہے۔

المُنْقُع: چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ کھجور ڈالتے ہیں اور بچہ کو کھلاتے ہیں۔

المِنْقَعۃ: خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن ج — والمنقعۃ بمعنی مُنقع۔

نَقَفَ (ن) نقفا ہامۃ الرجل: کھوپڑی توڑ دینا — فلانا: ہلکی ضرب مارنا — الفرخ البیضۃ: پرندہ کے بچے کا انڈے میں سوراخ کر کے نکلنا — الرمانۃ: انار چھیل کر دانے نکالنا — الحنظل ونحوہ: اندرائن توڑ کر دانہ نکالنا۔ صفت فاعل ناقف اور صفت مفعول نقیف ومنقوف — الشراب: صاف کرنا اور بقول بعض ملانا — عن الشیٔ: کھود کرید کرنا — نقفہ بظفرہ: ناخن سے مارنا۔

ناقفہ مناقفۃ ونقافا: سر پر تلوار مارنا

أنقف الجرادُ الوادی: انڈوں سے بھر دینا — فلانا العظم: ہڈی سے مغز نکالنے کے لیے دینا — وتنقف الحنظل: دانہ نکالنے کے لیے اندرائن توڑنا۔

إنتقف الشیٔ: نکالنا — الحنظل: دانہ نکالنے کے لیے اندرائن توڑنا۔

رجلٌ نقاف: دوراندیش مرد۔ کہاجاتا ہے "جاءانی نقاف واحد" وہ دونوں برابر برابر آئے کوئی آگے پیچھے نہیں تھا۔ اور نقاف اصل میں ان دو بچوں کو کہتے ہیں جو ایک ہی انڈے سے نکلیں۔ اور کہاجاتا ہے "الیوم قحاف وغدا نقاف" آج شراب نوشی کا دن ہے اور کل معاملہ کا۔

النِقف و النُقف: بچہ جس وقت کہ انڈے سے نکلے۔

النقفۃ: پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلہ پر چھوٹا سا گڑھا۔

النَقّاف: اصرار کے ساتھ سوال کرنے والا سوال کرنے میں حریص. لکڑی کا بہت چھیلنے والا رجلٌ نَقّافٌ: مرد دور اندیش.

النَقّافة: سوال کرنے میں حریص.

النَقِیف: تنہ جس کو دیمک نے کھالیا ہو ج. نُقُفٌ.

المِنْقاف: پرندے کی چونچ. ایک قسم کی کوڑی.

المَنْقُوف: مضمحل. زرد رو. دبلا پتلا. کمزور جذعٌ مَنْقُوفٌ: دیمک خوردہ تنہ. عَیْنان مَنْقُوفتان: سرخ آنکھیں.

نَقَلَ (ن) نَقْلاً الشیَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا ــــ الخُفَّ البعیرَ او الثوبَ او النعلَ: پیوند لگانا اور درست کرنا ــــ الکلامَ عن قائلہ: روایت کرنا ــــ الکتابَ: نقل کرنا ــــ الکتبَ الی لغة کذا: ترجمہ کرنا.

نَقَّلَ الشیَ: زیادہ منتقل کرنا ــــ الخُفَّ او الثوبَ: پیوند لگانا اور درست کرنا. تشدید مبالغہ کے لیے ہے. نَقَّلَت الشجّةُ العظمَ: زخم کا ہڈی کو توڑنا ــــ فلانٌ الضیفَ: مہمان کو نقل کھلانا (دیکھیے نَقْل)

ناقَلَ الفرسُ: جلدی جلدی ٹانگیں اٹھانا دوڑنے میں پتھروں سے بچنا. ناقَلتہ الحدیثَ: میں نے اس سے اور اس نے مجھ سے روایت کی. ناقَلَ الاقداحَ: ایک دوسرے سے لینا دینا. ناقَلتُ فلاناً: پینے میں کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا. ناقَلَ الشاعرُ الشاعرَ: ایک شاعر کا دوسرے شاعر سے مقابلہ کرنا.

أَنْقَلَ الخُفَّ او النعلَ: درست کرنا.

تَنَقَّلَ المکانَ الی آخر: منتقل ہونا. زیادہ منتقل ہونا ــــ الرجلُ: نُقل کھانا. (دیکھیے نُقل)

تَناقَلُوا الحدیثَ فیما بینہم: بعض کا بعض کو نقل کرنا.

إِنْتَقَلَ من مکانٍ الی آخر: منتقل ہونا ــــ فلانٌ الی رحمة اللہ او الی رضوانہ: مرنا. اِنْتَقَلَ الفرسُ: چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے پاؤں کی جگہ میں رکھنا.

الناقِل: ن. ج. ناقِلُون ونَقَلَة.

الناقِلَة: الناقل کا مونث. ج. نَواقِل. ونَواقِلُ الدہرِ: حوادث زمانہ. جو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلیں. الناقِلَةُ من الناسِ: وہ لوگ جن کی عادت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کی ہو. نَواقِلُ العرب: وہ لوگ جو ایک قبیلہ سے دوسرے قبیلہ کی طرف منتقل ہوں اور اسی کی طرف اپنی نسبت کریں.

النِقال: مصدر ناقَلَ. چھوٹے چھوٹے نیزے کے پھل واحد نَقَلَة. النِقال: اونٹ کا بغیر کسی کے خود پینا. کہا جاتا ہے "شَرِبَت الابلُ نِقالاً" اونٹ نے خود بخود پانی پیا.

النَقّال: اسم مبالغہ. وہ شخص جو چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرے. فَرَسٌ نَقّالٌ: تیز رفتار گھوڑا.

النَقْل: مص. پرانا جوتا یا موزہ. کہا جاتا ہے "نَعْلٌ نَقْلٌ وخُفٌّ نَقْلٌ" النَقْل والنُقْل: وہ چیز جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے جیسے پستہ سیب وغیرہ. ج. نُقُول ونُقُولات. مختصر راستہ. النَقْل عند اہل العربیة: ایک لفظ کو ایک معنی کے لیے وضع کر لینے کے بعد دوسرے معنی کے لیے وضع کرنا.

النِقْل: پرانا جوتا یا چرمی موزہ.

النَقَل: پرانا جوتا یا چرمی موزہ. ج. أَنْقال ونِقال. النَقَل: شور و شغب کے ساتھ جواب. تیر کا پر جو ایک تیر سے نکال کر دوسرے میں لگایا جائے. کہا جاتا ہے "لا تَرِشْ سہمی بِنَقَلٍ" تباہ شدہ مکان کا ملبہ. چھوٹے چھوٹے پتھر. مختصر راستہ.

مکانٌ نَقِلٌ: چھوٹے چھوٹے پتھر والی جگہ. رجلٌ نَقِلٌ: حاضر جواب. سخت جھگڑالو.

النَقْلَة: نَقْل کا اسم مرة. نِقال کا واحد.

النُقْلَة: اسم ہے بمعنے انتقال. چغلی. ج. نُقَل.

النِقْلَة: نَقْل کا اسم نوع. عورت جس کو کبر سنی کی وجہ سے پیغام نہ دیا جائے. ج. نِقَل.

النَقِیل: مسافر (مذکر و مونث) کہا جاتا ہے "رجلٌ نَقِیلٌ وامرأةٌ نَقِیلٌ" سیلاب جو بارش شدہ زمین سے خشک زمین میں آئے. کہا جاتا ہے "ہذا فرسٌ ذو نَقِیلٍ" یہ گھوڑا تیز رفتار ہے. النَقِیل: مختصر راستہ. جوتے.

النَقِیلَة: مسافر عورت. جوتہ یا چرمی موزہ کا پیوند. ج. نَقائِل ونَقِیل.

فرسٌ مُناقِلٌ ونَقّال ومِنْقَلٌ: تیز رفتار گھوڑا.

المَنْقَل: پہاڑی راستہ. مختصر راستہ. پرانا جوتا یا پرانا چرمی موزہ.

المَنْقَلَة: سفر کے منازل میں سے ایک منزل. ٹکڑا جو اونٹ کے کھر میں لگایا جائے. أرضٌ مَنْقَلَةٌ: چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین.

المِنْقَلَة: نقل مکانی کا آلہ. ج. مَناقِل والمِنْقَلَة عند المولدین: ایک قسم کا کھیل ہے جو ایک لمبی لکڑی سے بناتے ہیں اور اس میں چودہ گڑھے دو صف میں بناتے ہیں اور ہر گڑھے میں سات سات کنکریاں ڈالتے ہیں اور پھر اس کو گھماتے ہیں.

نَقَمَ (ض) ونَقِمَ (س) نَقْماً وتَنْقاماً من فلانٍ: سزا دینا ــــ الامرَ علی فلانٍ او من فلانٍ: عیب لگانا. بہت مکروہ جاننا. کہا جاتا ہے "نَقَمَ فلانٌ وِتْرَہ" یعنی بدلہ لیا. وما تَنْقِمُ منّا: نہیں طعن و تشنیع کرتے ہو تم ــــ نَقْماً الشیَ: جلدی کھانا.

نَقَّمَ تَنْقِیماً: بہت زیادہ مکروہ جاننا.

إِنْتَقَمَ منہ: سزا دینا.

النَقَم: م. راستہ کا وسط.

النَقِمَة والنِقْمَة والنَقْمَة: اسم ہے انتقام کا سزا. بدلہ. ج. نِقَم ونَقِم ونَقِمات.

النَّقِيمَۃ: بدل ہے نقیبہ سے۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ میمونُ النقیمۃ" فلاں پاک نفس ہے۔
نَقْنَقَ الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرٹر کرنا۔
نَقْنَقَتِ العینُ: آنکھ کا دھنس جانا۔
النِّقْنِق: نر شتر مرغ۔ جمع نَقَانِق۔
نَقِهَ (ف) نُقُوهًا ونَقِهَ (س) نَقَهًا فلانٌ من مرضہ: صحتیاب ہونا۔ اور ضعف باقی رہنا۔ صفت ناقِہ۔ جمع نُقَّہ۔ — نَقَهًا ونُقُوهًا ونَقَهَانًا الحدیثَ: سمجھنا۔ صفت نَقِہٌ وناقِہٌ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یفقہ ولا ینقہ" فلاں نہیں سمجھتا ہے۔
أَنْقَهَہ اللهُ من مرضہ: مرض سے عافیت دینا — فلانًا الحدیثَ: سمجھانا۔ اور کہا جاتا ہے کہ "أَنْقِهْ لی سمعَکَ" یعنی میری طرف کان لگا۔
اِنْتَقَہ من الحدیثِ: تسلی پانا — من مرضہ: مرض سے صحتیاب ہونا اور ضعف باقی رہنا۔
اِسْتَنْقَہَ: پوچھنا — الحدیثَ: سمجھنا
النَّقْهَۃ: نقہ کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "لہ فی کل عام مَرْضَۃٌ ونَقْهَۃٌ" اس کے لیے ہر سال میں ایک دفعہ مرض ایک دفعہ صحت ہے۔
نَقَا یَنْقُو نَقْوًا۔ العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا
نَقِیَ یَنْقَی نَقَاوَۃً ونَقَاءً ونَقَاءَۃً ونُقَاوَۃً ونَقَایَۃً۔ صاف ستھرا ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ خالص ہونا۔ صفت نَقِیّ۔
نَقَّاہ تَنْقِیَۃً وأَنْقَاہ إِنْقَاءً: صاف ستھرا کرنا۔ چننا۔ نَقَّی وأَنْقَی الطعامَ: غلہ کا کوڑا کرکٹ نکالنا۔ أَنْقَی البُرُّ: موٹا دانہ ہونا۔ أَنْقَتِ الإبلُ وغیرہا: موٹا ہونا۔ گودے دار ہونا۔ صفت مُنْقِیَۃ جمع مُنْقِیات۔ وأَنْقَی العودُ: لکڑی کا تر ہونا۔
اِنْتَقَاہ اِنْتِقَاءً: چننا۔ اِنْتَقَی العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
تَنَقَّاہ تَنَقِّیًا۔ چننا۔ تَنَقَّی العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نُقَاوَۃُ الشیءِ ونُقَاوَتُہ ونُقَایَتُہ ونَقَاتُہ عمدہ حصہ۔ خلاصہ۔ نُقاوہ کی جمع نُقاوی ونُقاء اور نُقایہ کی جمع نُقایا ونُقاء۔
نُقَاوَۃُ الطعامِ ونُقَاتُہ ونُقَایَتُہ ونُقَایَۃ: غلہ کا کوڑا کرکٹ۔ النَّقاۃ: ریت کا ٹیلہ جس پر کچھ نہ اُگے۔
النُّقَاوَۃ: ایک قسم کی نباتات جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں جمع نُقاوی۔
النَّقا: ریت کا محدب ٹیلہ۔ ثنی نَقَوانِ ونَقَیانِ جمع أَنْقاء ونُقِیّ ونُقْیان۔ بنات النقا: ایک قسم کا کیڑا جو ریت میں رہتا ہے اور اس کو شحمۃ النقا بھی کہا جاتا ہے۔
النَّقا والنَّقْو والنِّقْو۔ گودے دار ہڈی جمع أَنْقاء۔
النَّقْوَۃ: چیز کا عمدہ حصہ۔
النِّقَۃ: نقہ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "ثِقَۃٌ نِقَۃٌ" اور اس کی اصل نِقْو ہے لام کلمہ کو حذف کر دیا گیا ہے اور اس کے عوض میں تا لایا گیا ہے۔
النَّقِیّ: صاف ستھرا۔ جمع نِقاء وأَنْقِیاء ونُقَواء۔
الأَنْقَی: اسم تفضیل۔ مونث نُقْوَی۔ رجلٌ أَنْقَی: باریک لمبی ہڈیوں والا مرد۔ مونث نَقْواءُ۔ فَخِذٌ نَقْواءُ: باریک ہڈی کم گوشت والی ران۔
نَقَی یَنْقِی نَقْیًا العظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
نَقِیَہ یَنْقَاہ نَقَاءً۔ ملاقات کرنا۔
النِّقْی: ہڈی کا مغز۔ موٹائی کی وجہ سے آنکھ کی چربی۔ جمع أَنْقاء۔
النَّقِیَّۃ: کلمہ۔ کہا جاتا ہے "سمعتُ نقیۃَ حقٍّ" میں نے کلمہ حق سنا۔
النَّقِیّ: صاف ستھرا۔ جمع نِقاء وأَنْقِیاء ونُقَواء۔
النَّقِیَّۃ: النقی کا مونث۔ کلمہ۔ جمع نَقایا۔
المُنَقَّی والمُنْتَقَی۔ راستہ۔
نَکَّ (ن) نَکًّا۔ علی الغریمِ: قرضدار پر سختی ہونا — الأصلَ: درست کرنا۔
نَکَأَ (ف) نَکْأً القرحۃَ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا — العدوَّ وفی العدوِّ: قتل وخونریزی کرنا — فلانًا حقَّہ: کسی کا حق ادا کرنا۔
اِنْتَکَأَ اِنْتِکاءً حقہ من فلانٍ: حق وصول کرنا قبضہ کرنا۔ کہا جاتا ہے: "ہو نُکَاۃٌ نُکَأۃٌ" وہ اداء حق کو جلدی ادا کرتا ہے ٹالتا نہیں۔
نَکَبَ (ن) نَکْبًا ونُکُوبًا عنہ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا — نکبًا الشیءَ وبہ: ڈال دینا — الإناءَ: برتن سے سب کچھ بہا دینا — الکنانۃَ: ترکش سے سب کچھ بکھیر دینا۔ نَکَبَتِ الحجارۃُ رجلَہ: پتھر کا پیر کو زخمی کرنا — نکبًا ونَکَبًا الدہرُ فلانًا: مصیبت پہنچانا۔ نَکَبَتْ نُکُوبًا الریحُ: ہوا کا بے رخ چلنا۔
نَکُبَ (ن) نِکابۃً ونُکُوبًا فلانٌ عن قومہ: مددگار قابل بھروسہ ہونا۔
نَکِبَ (س) نَکَبًا عن الطریقِ: راستہ سے ہٹ جانا — البعیرُ: نکب بیماری والا ہونا — الرجلُ: بیمار کندھے والا ہونا۔
نُکِبَ: مصیبت زدہ ہونا۔
نَکَّبَ عن الطریقِ: راستہ سے ہٹ جانا الگ ہونا — الشیءَ: الگ کرنا۔ اور کہا جاتا ہے کہ "نَکَّبَہ الطریقَ ونَکَّبَ بہ الطریقَ ونَکَّبَ بہ عن الطریقِ" یعنی اس نے اسے راستہ سے ہٹا دیا۔
نَاکَبَہ: مونڈھے کے مقابل ہونا۔
تَنَکَّبَ عنہ: الگ ہونا۔ بچنا۔ گوشہ گیر ہونا کندھا پھیر کر دوسرے کی جانب متوجہ ہونا — علی الشیءِ: ٹیک لگانا — کنانتَہ وقوسَہ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا اور کہا جاتا ہے "تَنَکَّبْ عن وجہی" میرے سامنے سے ہٹ جاؤ۔
اِنْتَکَبَ الرجلُ کنانتَہ وقوسَہ: ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا۔
النَّکْب: مص۔ مصیبت۔ جمع نُکُوب۔
النَّکِب: وہ شخص جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو

النَّکَبُ بمعہ۔ کسی چیز میں تھوڑی سی کجی۔ ایک بیماری جو اونٹوں کے مونڈھے میں ہوتی ہے جس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے اور کچھ ٹیڑھا چلنے لگتا ہے۔

الأَنْکَبُ: جس کے پاس کمان نہ ہو۔ نکب کی بیماری والا اونٹ۔ جس کا ایک مونڈھا دوسرے سے بلند ہو۔ مرد ستمگار جفاکار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَنْکَبُ عَنِ الحَقِّ وَنَاکِبٌ عَنہُ" حق سے اعراض کرنے والا مرد۔

النَّکْبَاءُ: الأنکب کا مونث۔ ریح نکباء: خلاف رخ چلنے والی یا دو ہواؤں کے درمیان چلنے والی ہوا۔ جمع نُکْبٌ و نَکْبَاوَات۔ نُکُبُ ریاح چار ہیں۔ الأَزْیَبُ۔ صبا اور جنوب کے درمیان الصَّابِیَۃ۔ صبا اور شمال کے درمیان۔ اور اسکو نُکَیْبَاء بھی کہتے ہیں اور یہ تصغیر تعظیم کے لیے ہے اس لیے کہ عرب اس کو بہت ٹھنڈی سمجھتے تھے الجِرْبِیَاء۔ شمال اور دبور کے درمیان۔ اور الھَیْف جنوب اور دبور کے درمیان۔

النَّکْبَۃُ: نَکَبَ کا اسم مرۃ۔ مصیبت جمع نَکَبَات۔

النَّکَبَۃُ: غلہ کی غیر معین مقدار۔ جمع نُکَب۔

النَّکِیْبُ: کھر کا گرد اگرد۔

المِنْکَابُ: مرد ستمگار و جفاکار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِنْکَابٌ عَنِ الحَقِّ" حق سے روگردانی کرنے والا مرد۔

المَنْکِبُ۔ مونڈھا جمع مَنَاکِب۔ کہا جاتا ہے "تَشَابَہَتْ مِنْہُمُ المَنَاکِبُ وَالرُّؤُوْسُ" وہ سب مساوی ہیں کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں۔ اور کہا جاتا ہے "ہَزَّ مَنْکِبَہُ لِکَذَا" وہ فلاں چیز سے خوش ہوا۔ "وَفُلَانٌ یَمْشِیْ عَلٰی حَدِّ مَنْکِبٍ" فلاں مجھ سے کنارہ کش ہے۔ المَنْکِبُ: پہلو۔ گوشہ۔ کہا جاتا ہے "سِرْنَا فِیْ مَنْکِبٍ مِنَ الأَرْضِ اَوِ الجَبَلِ" ہم زمین یا پہاڑ کے پہلو میں چلے۔ المَنْکِبُ مِنَ القَومِ: چودھری۔ ج ۲۰۔ — من الارض: راستہ۔ بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشُوْا فِیْ مَنَاکِبِہَا" اس کی بلند جگہوں میں چلو۔ مَنْکِبُ الجَوْزَاءِ و مَنْکِبُ ذِی العِنَانِ و مَنْکِبُ الفَرَسِ: ستاروں کے نام

المَنَاکِبُ۔ مَنْکِب کی جمع — فی ریش الطائر: پرندہ کے بڑے پروں کے بعد چار پر (جمع ہے اس کا واحد نہیں)

المَنْکُوْبُ: بمعہ۔ مصیبت زدہ ر — و (النکیب) جس کا پاؤں پتھر لگنے سے زخمی ہو۔

نَکَتَ (ن) نَکْتًا الأَرْضَ بِقَضِیْبٍ أَوْ بِإِصْبَعِہِ: سوچ کی حالت میں چھڑی یا انگلی سے زمین کو کریدنا — النَّاسَ بِالحَصٰی: زمین پر کنکری پھینکنا — الفَرَسُ: گھوڑے کا اچھلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ الفَرَسُ یَنْکُتُ" گھوڑا اچھلتا ہوا گزرا — العَظْمَ: ہڈی کا گودا نکالنا — فلانا: سر کے بل گرانا۔ اور اسی کو ہے "لَأَنْکُتَنَّ بِکَ الأَرْضَ" میں تجھ کو زمین پر سر کے بل گرا دونگا — کِنَانَتَہُ: ترکش سے تیر بکھیر دینا۔

نَکَّتَ الرُّطَبُ: پکنا شروع ہونا — فی قولہ: نکتہ چینی کرنا۔

اِنْتَکَتَ: سر کے بل گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَکَتَہُ فَانْتَکَتَ" اس نے اسے سر کے بل گرایا وہ گر گیا۔

النُّکْتَۃُ۔ داغ۔ زمین میں کریدنے کا اثر۔ جمع نُکَت و نِکَات۔ النُّکْتَۃُ: آئینہ یا کھو اپنی شبیہ مشکل مسئلہ جو دقت نظر سے حاصل ہو۔ لطیفہ

النَّکَّاتُ۔ بڑا نکتہ چین۔ بڑا آہو گیر۔ وہ شخص جو اپنے کلام میں لطائف بیان کرے۔

النَّکِیْتُ: مطعون۔ وہ شخص جسے طعن و تشنیع کیا گیا ہو۔

المَنْکُوْتُ مفعہ: سر کے بل گرا ہوا۔

نَکَثَ (ن ض) نَکْثًا العَہْدَ اَوِ البَیْعَ: عہد کو توڑنا۔ بیع کو فسخ کرنا — الحَبْلَ اَوِ الکِسَاءَ: رسی یا کمبل ادھیڑنا — المِسْوَاکَ: مسواک کی کوچی بنانا۔

تَنَاکَثُوْا۔ عُہُوْدَہُمْ: آپس میں معاہدہ توڑ دینا

اِنْتَکَثَ الحَبْلُ وغیرہ: رسی وغیرہ کا ادھیڑا جانا — السِّوَاکُ: کوچی بننا — فُلَانٌ مِنْ حَاجَۃٍ إِلٰی أُخْرٰی: ایک کام سے ہٹ کر دوسرے میں لگنا۔

النُّکَاثُ: پھنسیاں جو اونٹ کے منہ میں نکلتی ہیں۔

النُّکَاثَۃُ: رسی کا ادھڑا ہوا کنارہ۔

النِّکْثُ: دوبارہ کاتنے کے لیے ادھیڑا ہوا کمبل یا خیمہ۔ جمع أَنْکَاث۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ أَنْکَاثٌ" ادھیڑی ہوئی رسی۔

النَّکِیْثُ۔ ادھیڑا ہوا۔ مونث نَکِیْثَۃ۔

النَّکِیْثَۃُ: نفس۔ طبیعت۔ قوت۔ پوری طاقت۔ مشکل کام جس میں لوگ اپنے عہد کو توڑ دیں اور کہا جاتا ہے "قَالَ قَوْلًا لَا نَکِیْثَۃَ فِیْہِ" اس نے ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی نہیں "وَصَرَفَ فِیْہِ نَکِیْثَتَہُ" اس نے اس میں پوری طاقت صرف کی "وَوَقَعُوا فِی النَّکِیْثَۃِ" وہ مشکل کام میں پڑ گئے۔ "وَہُوَ ذُوْ نَکِیْثَۃٍ حَسَنَۃٍ" وہ اچھی طبیعت والا ہے۔ جمع نَکَائِث۔

النَّکَّاثُ: بنے ہوئے کو پرانا ہونے کے بعد ادھیڑنے والا۔ کہا جاتا ہے: "بَعِیْرٌ مُنْتَکِثٌ" لاغر دبلا اونٹ۔

نَکَحَ (ف ض) نِکَاحًا وَنَکْحًا المَرْأَۃَ: عورت کی شادی کرنا۔ نَکَحَتِ المَرْأَۃُ: عورت کا شادی کرنا صفت نَاکِح و نَاکِحَۃ۔ نَکَحَ المَطَرُ الأَرْضَ: بارش کا زمین میں جذب ہونا — الدَّوَاءُ فُلَانًا: دوا کا کسی کے اندر اثر کرنا — النُّعَاسُ عَیْنَہُ: آنکھوں میں نیند کا غالب ہونا۔

أَنْکَحَہُ المَرْأَۃَ: شادی کرانا۔

تَنَاکَحُوْا: ایک دوسرے سے شادی کرنا۔

تَنَاکَحَتِ الأَشْجَارُ: درختوں کا آپس میں گتھ جانا۔

اِسْتَنْکَحَ الرَّجُلُ المَرْأَۃَ: شادی کرنا۔

— فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ: نکاح کرنا — النَّوْمُ عُیُوْنَہُمْ: نیند کا غالب آنا۔

المَنَاکِحُ۔ عورتیں۔

نَکَخَ (ف) نَکْخًا فُلَانًا فِیْ حَلْقِہِ: حلق میں مکا مارنا نیز مارنا۔

نَکَدَ (ن) نَکَدَ فُلَانًا حَاجَتَہٗ: محروم کر دینا
تھوڑا سا دینا۔ نَکَدَ الغُرَابُ: کوے کا بہت کاؤں
کاؤں کرنا ـــ النُّحُوم الرجلَ: کثرت سوال سے
تنگ دست بنا دینا۔ نُکِدَ الرجلُ: بہت سوال والا
اور کم داد و دہش والا ہونا۔

نَکِدَ (س) نَکِدَ العَیْشُ: تنگ ہونا ـــ
الرجلُ: تنگ گذران والا ہونا۔ نَکِدَتِ البِئْرُ بکنوئیں
میں کم پانی ہونا۔

نَکَّدَ عیشَہٗ: زندگی کو تنگ بنا دینا ـــ
فلانًا: مکدر زندگی والا کر دینا۔

نَاکَدَہٗ: سختی برتنا۔

أَنْکَدَہٗ: کم داد و دہش والا پانا۔

تَنَکَّدَ عیشُہٗ: مکدر ہونا

تَنَاکَدَا: باہم سختی برتنا۔

النَّاکِدُ فا۔ نَاقَۃٌ نَاکِدٌ: کم دودھ والی اونٹنی
وہ اونٹنی جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ جـ نُکُدٌ
رجل نَکِدٌ و نَکَدٌ و نُکُدٌ: دشوار خو۔ کم داد و
دہش والا۔ جـ أَنْکَادٌ و مَنَاکِیدُ۔

أَرْضُونَ نِکَادٌ۔ کم نباتات والی زمین۔

النُّکْدُ: بے دودھ والی اونٹنیاں بہت
دودھ والی اونٹنیاں (ضد) واحد نَکْدَاءُ۔

النَّکَدُ و النُّکْدُ: کم داد و دہش۔ ماءٌ نَکَدٌ: کم
پانی۔

الأَنْکَدُ: مرد دشوار خو۔ کم داد و دہش والا
مونث نَکْدَاءُ جـ نُکْدٌ۔ کہا جاتا ہے: جاءَ مُنْکِدًا
وہ آیا اس حال میں کہ اس کا آنا اچھا نہیں اور یا
یہ کہ خالی خولی آیا۔

عطاءٌ مُنَکَّدٌ و مَنْکُودٌ: تھوڑا عطیہ۔ رجلٌ
منکود: وہ مرد جس سے سوال میں اصرار کیا جائے

نَکِرَ (س) نَکَرًا و نُکْرًا و نُکُورًا و نَکِیرًا الأمرَ
ناواقف ہونا ـــ الرجلَ: نہ پہچاننا۔

نَکُرَ (ک) نَکَارَۃً الأمرُ: دشوار ہونا۔

نَکَّرَہٗ۔ دگرگوں کر دینا نَکَّرَ الاسمَ: نکرہ
بنانا۔

نَاکَرَہٗ مُنَاکَرَۃً مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دھوکا
دینا۔

أَنْکَرَہٗ۔ جاہل ہونا۔ أَنْکَرَ حقَّہٗ: ... انکار
کرنا۔ أنکر علیہ فِعلَہٗ: عیب لگانا اور منع کرنا

تَنَکَّرَ الرجلُ: اچھی حالت سے بدحال ہونا
دگرگوں ہونا ـــ لفلان: بدخلق ہونا ـــ لفلانٍ:
اجنبی ہونا۔

تَنَاکَرَ: دانستہ ناواقف بننا ـــ الأمرَ:
ناواقف ہونا ـــ القومُ: آپس میں دشمنی کرنا
اور ایک دوسرے کا انکار کرنا

اِسْتَنْکَرَ الأمرَ: ناواقف ہونا ـــ أمرًا
بجہلہ: غیر معلوم چیز کو پوچھنا۔

النَّکَارَۃُ مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی حالت

النَّکْرُ مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔

النُّکْرُ مص۔ چالاکی و تیز فہمی۔ برا کام بہت
برا کام۔

رجل نَکِرٌ و نَکُرٌ و نُکُرٌ: چالاک تیز فہم جـ
أَنْکَارٌ۔ امرأۃٌ نَکِرَۃٌ: چالاک سمجھدار عورت۔

النُّکُرُ: ناشناختہ سخت کام۔

النَّکْرَاءُ۔ چالاکی و تیز فہمی۔ ناشناختہ۔
مصیبت۔ کہا جاتا ہے "فلان ذو نَکْرَاءَ" فلاں
چالاک و عقلمند ہے۔ "أصابتہم من الدھر نَکْرَاءُ"
زمانے کی سختی ان پر واقع ہوئی۔

نَکْرَاءُ الدھرِ: زمانے کی سختی۔

النَّکِرَۃُ: انکار۔ ضد معرفہ خون یا پیپ کا
پھوڑا۔ جـ نَکِرَات۔

النُّکُورَۃُ۔ اسم ہے انکار کا جیسے "منقطع القناۃ"
کا۔

النَّکِیرُ: دگرگونی۔ امر نکیر: سخت کام۔ حصن
نکیر: مضبوط قلعہ۔

المُنْکَرُ مفم۔ خلاف مرضی خدا قول ہو یا
فعل اور اس کا ضد معروف ہے۔ جـ مُنْکَرَات و
مَنَاکِر۔ اور کہا جاتا ہے "رجلٌ مُنْکَرٌ" چالاک
تیز فہم مرد۔ جـ مُنْکَرُونَ و مَنَاکِیرُ۔

المَنْکُورُ مفم۔ مجہول۔ جـ مَنَاکِیرُ۔ المَنَاکِیرُ
خلاف مرضی خدا امور۔ کہا جاتا ہے "ھم یرکبون
المناکیر و المنکرات" یعنی وہ لوگ امور غیر پسندیدہ
میں مبتلا ہیں۔

المنکرُ عند النحاۃ: اسم نکرہ۔ ضد معرفہ۔

نَکَزَ (ن) نَکَزَ الحیۃُ فلانًا: سانپ کا
ڈسنا ـــ فلانًا: مار کر ہٹانا ـــ الشیءَ: چبھونا
ـــ الدابۃَ بعقبہ: ایڑ لگا کر ہانکنا ـــ نَکْزًا و
نُکُوزًا، الماءُ: پانی کا نیچے اتر جانا ـــ البحرُ: خشک
ہونا ـــ البئرُ: کنوئیں میں پانی کم ہونا یا ختم ہونا

نَکِزَتْ (س) نَکِزًا البئرُ: کنوئیں میں پانی
کم ہونا یا ختم ہونا۔ نکز البحرُ: گھٹنا۔

أَنْکَزَ البئرَ: کنوئیں کا پانی ختم کر دینا۔

النَّاکِزُ فا۔ بئرٌ ناکزٌ: کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا
ہو جـ نواکز۔

النِّکْزُ: رذیل لوگ۔ ہڈی میں باقی ماندہ مغز
ـــ (والمُنْکِزُ) خالی۔ کہا جاتا ہے "جاء نِکْزًا و مُنْکِزًا"
یعنی وہ خالی خولی آیا۔

بئرٌ نَکِزٌ۔ کم پانی والا کنواں۔

النَّکَّازُ: اسم مبالغہ۔ ایک بہت ہی خبیث
قسم کا سانپ جو منہ سے نہیں کاٹتا بلکہ ناک سے
پھنکار مار کر ہلاک کرتا ہے اور اتنا باریک ہوتا ہے
کہ اس کے سر اور دم میں تمیز نہیں ہوتی جـ نکاکیز و
نکازات۔

البئرُ النَّکُوزُ۔ کنواں جس کا پانی ختم ہو گیا ہو
جـ نُکُزٌ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ بِنَکْزَۃٍ من العیش":
فلاں تنگ زندگی میں ہے۔

نَکَسَہٗ (ن) نَکْسًا: اوندھا کر دینا۔ نکس
رأسَہٗ: ذلت سے سر جھکانا ـــ الطعامُ و غیرہٗ
داءَ المریضِ: کھانے وغیرہ کا مریض کے مرض کو
لوٹا دینا ـــ الخضابَ: بار بار لگانا۔ کہا جاتا ہے
"نکستُ فلانًا فی ذلک الأمرِ" میں نے فلاں کو اس
معاملہ میں پھر پھنسا دیا۔

نُکِسَ المریضُ: دوبارہ بیمار ہونا ـــ
الرجلُ: ضعیف و عاجز ہونا ـــ الرجلُ عن
نظرائہ: اپنے ہمجولیوں سے کوتاہی کرنا

نَکَّسَہٗ تَنْکِیسًا: اوندھا کرنا۔ نکس الفرسُ:

گھوڑوں سے نہ مل سکنا. صفت مُنکِس.
تَنَکَّسَ: اوندھا ہونا.
اِنتَکَسَ. سر کے بل گرانا — المریضُ: صحتیابی کے بعد دوبارہ بیمار ہوتا
النَاکِس: فا. سر جھکانے والا. مؤ. جمع نَوَاکِس (شاذ)
النُکَاس. صحتیابی کے بعد مرض کا عود کرنا.
النُکس: صحتیابی کے بعد مرض کا عود کرنا. گرنے کے بعد ابھی سیدھا نہیں ہوا تھا کہ پہلی دفعہ کے گرنے سے زیادہ زور سے گرنا. اور کہا جاتا ہے "تَعسًا لِفُلانٍ وَنُکسًا اَوْ وَنَکسًا" کلمات بددعا ہیں یعنی فلاں کے لیے ہلاکت و سرنگونی ہو.
النِکْس: تیر کہ جس کا سرا ٹوٹ گیا ہو اور اس کے اوپر کے حصے کو نیچے کر دیا گیا ہو. کمان کہ جس میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں. (اور یہ کمان میں عیب ہے)، کمزور و ہیچ و بے برکت مرد. پستہ قد. کرم و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا. جمع اَنکَاس.
النُکُس: بہت بوڑھے لوگ. واحد نَاکِسٌ
المُنَکِّس: فا. آہستہ چلنے والا گھوڑا جو اپنے سر کو نہ اٹھائے وہ گھوڑا جو گھوڑوں سے مل نہ سکے.
المَنکُوس: مفو. دوبارہ بیمار ہونے والا — مِنَ الاَولَادِ: پیدائش میں جس کے پیر پہلے نکلیں قَوسٌ مَنکُوسَةٌ: کمان کہ جس میں ٹہنی کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں.
نَکَشَ (ن ض) نَکشًا البِئرَ: کنوئیں کی کیچڑ تک نکال دینا — الشَیئَ: فنا کر دینا — الشَیئَ مِنَ الشَیئِ: فارغ ہو جانا.
اِنتَکَشَ البِئرَ: کنوئیں کو کیچڑ تک صاف کر دینا.
المِنکَش: معاملات میں خوب غور کرنے والا.
المِنکَاش: کنواں صاف کرنے کا آلہ. جمع مَنَاکِیش.
المَنکُوش: مفو. سَفَطٌ مَنکُوشٌ: ٹوکرا جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو.
نَکَصَ (ن ض) نَکصًا و نُکُوصًا و مَنکَصًا عَنِ الاَمرِ: رک جانا. صفت نَاکِصٌ. نَکَصَ عَلیٰ عَقِبَیهِ: پہلے کام سے ہٹ جانا. اس کا استعمال عمومًا خیر سے رجوع کے موقع پر ہوتا ہے اور شر سے نادر طور پر.
نَکَّصَهُ. ہٹا دینا.
اِنتَکَصَ الرجلُ: پچھلے پاؤں لوٹنا.
المَنکَص. مم. ہٹنے کی جگہ
نَکَظَ (ن) نَکظًا. بہت بھوکا ہونا — فلانًا عَن حَاجَتِهِ: جلدی کرانا.
نَکِظَ (س) نَکَظًا. اپنی ضرورت میں جلدی کرنا — لِلخُرُوجِ: نکلنے کے لیے جلدی کرنا — الرحیلُ: قریب ہونا.
نَکَّظَهُ عَن حَاجَتِهِ: جلدی کرانا. نَکَّظَ حَاجَتَهُ: دشوار کرنا.
اَنکَظَهُ عَن حَاجَتِهِ: جلدی کرانا.
تَنَکَّظَ الرَّجُلُ: سفر میں بدحال ہونا — عَلیٰ فُلانٍ: بخل کرنا — الاَمرُ عَلَیهِ: پیچیدہ ہونا.
النُکظُ والنَکَظُ والنُکظَةُ والنَکَظَةُ والمَنکَظَةُ: کوشش. سفر کی سختی. جلدی
نَکَعَهُ (ف) نَکعًا عَنِ الاَمرِ: جلدی کرانا یا رد کرنا — فلانًا: پاؤں کی پشت سے مارنا. — فُلانًا حَقَّهُ: حق روک دینا. — نَکعًا و نَکَعًا، الماشِیَةَ: مویشی کے تھن پر مار کر دودھ نکالنا — فُلانٌ عَنِ الحَاجَةِ: سستی کرنا. اور مانکع بمعنے ما زال افعال ناقصہ میں سے ہے و "ما اَدری اَینَ نَکَعَ" میں نہیں جانتا کہاں گیا.
نَکِعَ (س) نَکَعًا. چھلی ہوئی ناک والا ہونا.
نَکَّعَهُ عَن حَاجَتِهِ: ہٹا دینا. جلد بازی سے زندگی کو مکدر کر دینا.
اَنکَعَهُ. رد کرنا. دفع کرنا. تھکانا — عَنِ الاَمرِ: جلدی کرانا. ہٹانا. اُنکِعتُ فُلانًا بُغیَتَهُ: کسی کا مطلوب باوجود طلب کے فوت ہونا. کہا جاتا ہے "تَکَلَّمَ فَاَنکَعَهُ" اس نے گفتگو کر کے اسے خاموش کر دیا و "شَرِبَ فَاَنکَعَهُ" اس نے پیا یہاں تک کہ اس کی طبیعت مکدر ہو گئی.
النَکِیع: مرد سرخ فام چھلی ہوئی ناک والا کہا جاتا ہے "اَحمَرُ نَکِعٌ" یعنی بہت سرخی والا.
النُکَع: سرخ رنگ. مرد سیاہ. سرخی مائل.
نَکَعَةُ الاَنفِ: ناک کا کنارہ.
النُکَعَة: مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو. بے وقوف کہ جب کہیں بیٹھ جائے تو ٹلے نہیں.
النُکَعَة: ناک کا کنارہ. ایک سرخ رنگ کے درخت کا پھل. درخت قتاد کا گوند. مرد کی سرخی ملی ہوئی سیاہی.
الاَنکَع: مرد سرخ فام جس کی ناک چھل گئی ہو.
المُنکَع: پیچھے کو لوٹنے والا. انفٌ مُنکَعٌ: چپٹی ناک.
نَکَفَ (ن) نَکفًا عن کذا: ناک بھوں چڑھانا. باز رہنا. الگ ہونا. صفت نَاکِفٌ — فُلانٌ الغَیثَ: بارش منقطع ہونا. کہا جاتا ہے "ہٰذا غَیثٌ لَایُنکَفُ اَحَدٌ" یہ ایسی بارش ہے جس کے متعلق کوئی نہیں جانتا کہ اس کی انتہا کہاں ہے و "غَیثٌ لَایُنکَفُ" منقطع نہ ہونے والی بارش و "ہٰذا جَیشٌ اَو بَحرٌ لَایُنکَفُ" یہ لشکر غیر محدود ہے یا یہ سمندر اتھاہ ہے. نَکَفَ الدمعَ: رخسار پر سے انگلیوں سے پونچھنا.
نَکِفَ (س) نَکَفًا منہ او عنہ: ناک بھوں چڑھانا. باز رہنا. بیزار ہونا. نَکِفَتِ الیدُ: درد رسیدہ ہونا — الرجلُ: حلق کے درد کی وجہ سے جبڑے کے غدود کا گر جانا.
نَاکَفَهُ الکلامَ مُنَاکَفَةً: ترکی بہ ترکی جواب دینا.
اَنکَفَهُ. ننگ و عار سے پاک کرنا. انکفَ اللہُ

نَکَفَتِ الاِبِلُ: اونٹ کی ٹھوڑی کے نیچے غدود ظاہر ہونا.

تَنَاکَفُوا۔ الکلامَ: باہم باری باری گفتگو کرنا.

اِنْتَکَفَ البَیْتُ: منتقل کرنا۔ القومُ: ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا۔۔۔ اِلَیہِ: مائل ہونا. کہا جاتا ہے "اِنْتَکَفْتُ لَہُ فَضَرَبْتُہ" میں اس کے اوپر جھک پڑا اور میں نے اس کو مارا. ۔۔۔ الجبلُ: دری کا ادھڑنا۔۔۔ الرَّجلُ: بیزار ہونا۔۔۔ العَرَقَ عَنْ جَبِیْنِہ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا.

اِسْتَنْکَفَ الرَّجلُ: تکبر کرنا۔۔ من کذا: ننگ و عار یا غرور کی وجہ سے باز رہنا.

النُّکَاف. اونٹوں کے حلق کا مرض جس سے فوراً موت واقع ہو جاتی ہے.

النَّکَف جمع کان کی لَو کے قریب ٹھوڑی کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود. واحد نَکَفَة.

رجلٌ نِکَفٌ مرد جس سے ناک بھوں چڑھائی جائے.

النُّکُفَتَان والنَّکَفَتَان. داڑھی بچہ کے دائیں بائیں کے جبڑے. جمع نکفات

النَّکَفَة. کان کا درد.

المَنکُوف منہ. نُکاف زدہ اونٹ (دیکھیے نُکاف)

نَکَلَ (ض ن) نُکُوْلًا و نَکِلَ (س) نَکَلًا من کذا وعن کذا: پیچھے ہٹنا اور بزدلی کرنا. کہا جاتا ہے "نَکَلَ عَنِ العَدُوِّ وعَنِ الیمینِ وعَنِ الجوابِ" وہ دشمن سے پیچھے ہٹ گیا اور قسم و جواب سے باز رہا

نَکَلَ (ن) نَکْلَةً بفلانٍ. عبرتناک سزا دینا

نَکِلَ (س) نَکَلًا. سزا قبول کرنا.

نَکَّلَ بہ: مصیبت ڈالنا. عبرتناک سزا دینا

نَکَّلَہُ عن الشیءِ: باز رکھنا. یکسو کرنا.

اَنْکَلَ عنہ: ہٹانا. دفع کرنا.

النَّاکِل فا. بزدل کمزور.

النَّکَال. عقوبت. سزا. عبرتناک سزا.

النِّکْل: مضبوط بیڑی. جمع اَنکَال و نُکُوْل. لگام کا لوہا. محاورہ "فلانٌ نِکْلُ شَرٍّ" فلاں برائی کے لیے قید ہے. یعنی دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے.

النَّکَل: قوی مرد ہمسر پر غالب آنے والا مضبوط سدھا ہوا گھوڑا. کہا جاتا ہے "فلانٌ نَکَلُ شَرٍّ" فلاں دشمنوں کے لیے تازیانہ ہے.

النُّکْلَة. عبرتناک سزا کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِنُکْلَة" اس نے اس کو عبرتناک سزا دی.

المُنَکَّل: عبرتناک سزا.

المِنْکَل: سزا دینے کا سامان.

النَّکْمَة: سخت مصیبت

نَکْنَکَ نَکْنَکَةً الامرَ: درست کرنا۔۔۔ علی غَرِیْمِہ: سختی کرنا

نَکَہَ (ف س) نَکْہًا لِفُلانٍ وعلیہ: کسی کی ناک پر سانس لینا. نَکَہَتِ الشَّمسُ آفتاب کا سخت گرم ہونا.

نَکِہَ ونَکْہَۃً (س ف) نَکْہًا کسی کا منہ سونگھنا

نَکِہَ الرَّجُلُ: بدہضمی کی وجہ سے منہ کی بو کا بدل جانا

اِسْتَنْکَہَہُ: کسی کے منہ کی بو سونگھنا کسی کے منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا کہا جاتا ہے "اِسْتَنْکَہْتُ الرجلَ فَنَکَہَ فی وجہی" میں نے مرد کے منہ کی بو کو سونگھنا چاہا اس نے میرے منہ کے سامنے سانس لیا.

النَّکْہَة: نَکَہَ کا اسم مرۃ منہ کی بو.

نَکَی یَنْکِی نِکَایَةً العَدُوَّ وفی العَدُوِّ: قتل کرکے یا زخمی کرکے غالب آنا. صفت فاعلی ناکٍ اور صفت مفعولی مَنْکِی۔۔۔ القَرحةَ: زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیل ڈالنا.

نَکِیَ یَنْکَی نَکًی شکست کھانا مغلوب ہونا. مقہور ہونا.

النَّنْتَل: کمزور بڈھا.

نَمَّ (ن ض) نَمًّا الحدیثَ: چغلخوری کرنا۔۔۔ الحدیثُ: ظاہر ہونا۔۔۔ بین الناسِ: بھڑکانا۔۔۔ الکلامَ: جھوٹ سے آراستہ کرنا۔۔۔ الشیءُ: خوشبو پھیلنا نَمَّتِ الرِّیحُ: ہوا کا بو کو لانا

النَّامُّ: فا. جمع نُمَّام.

النَّامَّة: النَّامّ کا مونث جس. حرکت. زندگی کہا جاتا ہے "اَسْکَتَ اللہُ نَامَّتَہ" یعنی اللہ اسے موت دے.

النَّمّ: مص چغلخوری. جمع نُمُوْن واَنْمَام و نِمَم.

النَّمَّام. چغلخور. ایک خوشبودار قسم کی نباتات واحد نَمَّامَة.

النَّمَّة: نَمّ کا اسم مرۃ. نَمّ کا مونث. سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ. اور کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَمَّتَہ" میں نے اس کی حرکت سنی.

النِّمَّة: نَمّ کا اسم نوع. جوں.

النَّمِیّ. خیانت. عیب. دشمنی. طبیعت. انسان کا جوہر یا اصل. نَمِیُّ الرجلِ: مرد کی طبیعت کہا جاتا ہے "مَا فِی الدَّارِ نُمِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں.

النَّمِیَّة: نمی کا واحد. فاختہ. طبیعت.

النَّمُوْم: چغلخور.

النَّمِیْم والنَّمِیْمَة چغلخوری. حرکت. لکھنے کی آواز. لکھائی. گفتگو کی نرم آواز. جمع نَمَائِم

النَّمْنَم: چغلخوری.

المِنَمّ: چغلخور.

النَّمَّ والنَّمَأ: چھوٹی چھوٹی جوئیں.

نَمَرَ (ن) نَمْرًا فی الجبلِ: پہاڑ پر چڑھنا.

نَمِرَ (س) نَمَرًا الرجلُ: غضبناک و بدخلق ہونا۔۔۔ السحابُ: بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا

نَمَّرَ وتَنَمَّرَ: غضبناک ہونا. بدخلق ہونا.

نَمَّرَ وجہَہ تَنْمِیْرًا: ترش رو کر دینا.

اَنْمَرَ: صاف پانی پانا.

تَنَمَّرَ: عادت یا رنگ میں چیتے کے مشابہ ہونا۔۔۔ لِفلانٍ: بگڑنا. خفا ہونا. دھمکی دینا. دھمکی دینے میں آواز بلند کرنا

النَّامِرَة والنَّامُوْرَة: بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کے لیے ایک حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں.

النَّامُوْر. خون.

النَّمِر والنِّمْر والنَّمْر: چیتا. اور اس کی کنیت

ابر یا ابر دار ہو اور لاگ سفید ہے اور ان کے علاوہ اور بھی قسمیں ہیں۔ ج اَنْمُرٌ وَ اَنْمَارٌ و نُمُرٌ و نِمَارٌ و نِمَارَۃٌ و نُمُورٌ و نُمُورَۃٌ و نُمْرٌ۔ کہا جاتا ہے: لَبِسَ فُلَانٌ لِفُلَانٍ جِلْدَ النَّمِرِ: فلاں فلاں سے بگڑ گیا اور خفا ہوا۔

النَّمِیرُ: صاف پانی۔ خالص حسب۔ بہت — مِنَ الْمَاءِ: زود ہضم پانی خیر نما ہو یا نہ ہو۔ ج اَنْمَار۔

النَّمِرَۃُ: داغ کہا جاتا ہے: بِہٖ نَمِرَۃٌ مِنْ غَیْرِ، ج نَمِر۔

النَّمِرَۃُ: النمر کا مونث۔ مادہ چیتا۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو قریب قریب ہوں۔

النَّمِرَۃُ: بھیڑیے کو شکار کرنے کے لیے حلقہ دار لوہا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں۔ چتکبرا رنگ۔ دھاری دار چادر۔ اون کی چادر جس میں سیاہ و سفید دھاریاں ہوں ج نِمَار۔

النَّمِیرُ: صاف پانی خالص حسب۔ کہا جاتا ہے: مَاءٌ نَمِیرٌ و حَسَبٌ نَمِیرٌ۔ بہت — مِنَ الْمَاءِ: پانی جو گوارا ہو چاہے میٹھا ہو یا نہ ہو۔

الْاَنْمَرُ: سیاہ سپید داغ والا — مِنَ ... والغدا ... ان بادلوں کو بھی کہتے ہیں جو مختلف رنگ کے ہوں۔ مونث نَمْرَاءُ ج نُمْرٌ اور کہا جاتا ہے: اَسَدٌ اَنْمَرُ وہ شیر جس میں سفیدی اور سیاہی ہو۔

... مُنَمَّرٌ: کالے کالے نقطے والا کپڑا۔

النُّمْرُقُ و النُّمْرُقَۃُ و النِّمْرِقُ و النِّمْرِقَۃُ و النُّمُرُقُ و النُّمُرُقَۃُ: چھوٹا تکیہ۔ زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا۔ النُّمْرُقَۃُ: چھٹے پھٹے بادل۔

نَمَسَ (ن) نَمْسًا السِّرَّ: بھید چھپانا۔ — الرَّجُلَ: چپکے چپکے بات کرنا — بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

نَمِسَ (س) نَمَسًا السَّمْنُ وَ کُلُّ طِیبٍ وَ دُہْنٍ: گھی خوشبو اور تیل کا خراب ہونا۔ بگڑنا صفت نَمِسٌ۔

نَمَّسَ عَلَیْہِ الْاَمْرَ: ملتبس کرنا۔ خلط ملط کرنا — الشَّعْرُ: بالوں کا تیل لگنے سے میلا کچیلا ہونا

— السَّمْنُ اَوِ الْجُبْنُ: گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا۔ صفت مُنَمِّسٌ۔

نَامَسَ مُنَامَسَۃً الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنا — فُلَانًا: چپکے چپکے بات کرنا

اَنْمَسَ بَیْنَ الْقَوْمِ: فساد ڈالنا۔ بھڑکانا۔

تَنَمَّسَ الْاَمْرُ: ملتبس ہونا۔ خلط ملط ہونا — الصَّائِدُ: شکاری کا گھات میں بیٹھنے کی جگہ بنانا۔

اِنْمَسَّ اِنْمِسَاسًا الرَّجُلُ: چھپنا — فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا

النَّامُوسُ: رازدار۔ کہا جاتا ہے: فُلَانٌ نَامُوسُ الْاَمِیرِ: فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔ حاذق۔ چھوٹا۔ جھگڑو۔ شکاری کے گھات کی جگہ۔ راہب کی کوٹھڑی۔ جال۔ مکر و فریب۔ حیلہ۔ نہانی۔ چیونٹی کی شکل کا ایک مٹیالا جانور۔ شیر کی جھاڑی ج نَوَامِیسُ۔ النَّامُوسُ الْاَکْبَرُ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب۔ (دخیل)

النَّامُوسَۃُ: شیر کی جھاڑی۔ مچھر۔

النَّامُوسِیَّۃُ: مچھر دانی (دخیل)

النِّمْسُ: چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں ج نُمُوسٌ۔

النَّمَسُ: گھی و خوشبو کی خرابی۔ دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّمَسَۃُ: بدبو۔

النِّمَّاسُ: جھگڑو۔

الْاَنْمَسُ: مٹیالا۔ مونث نَمْسَاءُ ج نُمْسٌ

الْمُنَامِسُ: چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا

نَمْسَۃُ: ملک آسٹریا۔ (دخیل)

نَمْسَاوِیٌّ: آسٹریا کا باشندہ۔ (دخیل)

نَمَشَ (ن) نَمْشًا: چغلخوری کرنا۔ جھوٹ بولنا — الْکَلَامَ: جھوٹی بات بنانا — الْجَرَادُ الْاَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا — مِنَ الْاَرْضِ: بیہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔

نَمَّشَ (تفعیل) تَنْمِیشًا: منقش کرنا۔

نَمِشَ (س) نَمَشًا: داغدار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت نَمِشٌ و نَمْشٌ۔

نَمَّشَ فِی اُذُنِہٖ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا

اَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغلخوری کرنا۔ اور کہا جاتا ہے: اَنْمَشَ بَیْنَہُمْ یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔

النَّمْشُ مص: چکنی چپڑی گفتگو۔

النَّمَشُ مص: داغ دھاری نقش و نگار کے خطوط۔

النَّمِشُ: داغدار۔ دھاری دار۔ سَیْفٌ نَمِشٌ: دھاری دار تلوار۔ وَجْہٌ نَمِشٌ: داغدار چہرہ

الْاَنْمَشُ: داغدار۔ مونث نَمْشَاءُ ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاءُ: داغدار بکری۔

رَجُلٌ نَمُوشٌ: فسادانگیز مرد۔

نَمَصَ (ن) نَمْصًا الشَّعْرَ وَ النَّبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔

نَمَّصَ تَنْمِیصًا و تِنِمَّاصًا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا

اَنْمَصَ النَّبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اگنا۔

تَنَمَّصَتِ الْمَاشِیَۃُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا — الْمَرْاَۃُ: اکھیڑنے کے لیے پیشانی کے بال کو پکڑنا

الْمِنْمَاصُ: سوئی کا دھاگا۔

النِّمَاصُ: مینہ۔ ج نُمُصٌ و اَنْمِصَۃٌ۔

النَّمَصُ: روئیں کی طرح نرم و ملائم بال چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں۔

النَّمِیصُ: اکھڑا ہوا — مِنَ النَّبْتِ: وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے

الْمُنَمِّصُ الْمِنْمَاصُ: موچنا۔

نَمَطَ تَنْمِیطًا لِفُلَانٍ بِشَیْءٍ دَلَّ عَلَیْہِ: رہنمائی کرنا

أَنْمَطَ زيد الصلاة: کم دینا
النَّمَطُ: ایک قسم کی چادر. توشک کے مانند ایک برتن. طریقہ. روش. نوع کہا جاتا ہے "ہذا من نَمَطِ ہذا" یہ اس کی قسم سے ہے وما عنده نمط من العلم: اسے کسی قسم کا علم نہیں.
النَّمَطُ: ایک قسم کا اونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے. جمع أَنْماط ونِماط. اور نسبت کے لیے أنماطی و نَمَطی. النَّمَطُ: لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو.
الأَنْمَطُ: طریقہ
النَّمَغَةُ: پہاڑ کی چوٹی. مال کی کثرت. قوم کا بہترین حصہ. نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے
النَّمَاغَةُ: سر کا بالائی حصہ. نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے
نَمَقَ (ن) نَمْقًا عين فلان: آنکھ پر طمانچہ مارنا — الكتاب: لکھنا
